UNIVERSAL
LIBRARY

OU-234178

UNIVERSAL
LIBRARY

به عون صناع مکین و مکان و فضل و خلاق مین خلاز وزمان

الحمد للہ کہ صحیفۂ یادگار زمانہ و نسخۂ نادر یگانہ جامع حالات سلاطین زمن و بعض مشائخ ہند بخط خوش

یعنی

تاریخ فرشتہ اردو

جلد دوم

بکمال تصحیح و حرف زرکیش بخط انجاف متاقان فن سیر و داستان عام اردو زبان سلیس میں جلیہ ترجمہ سمین مع

مطبع نامی گرامی منشی نول کشور لکھنؤ میں طبع ہوا

اعلان — حق ترجمہ اس کتاب کا بحق نولکشور پریس محفوظ ہے۔ (اہتمام)

اطلاع - اِس مطبع مین ہر علم و فن کی کتب کا ذخیرہ سلسلہ وار فروخت کے لیے موجود ہی جسکی فہرست مطول ہر ایک شائق کو چھاپہ خانہ سے مل سکتی ہی جسکے معائنہ و ملاحظہ سے شائقان اصلی حالات کتب کے معلوم فرما سکتے ہین قیمت بھی ارزان ہی اس کتاب کے میٹل پیج کے تین صفحہ جو سادے ہین اُنمین بعض کتب تواریخ اُردو و فارسی کی درج کرتے ہین تاکہ جس فن کی یہ کتاب ہی اُس فن کی اور بھی کتب موجودہ کا رجحان سے قدردانون کو آگاہی کا مزید ذریعہ حاصل ہو

نام کتاب .	قیمت	نام کتاب	قیمت
اُردو تواریخ شاہانِ راجگان		عطائے سند متعلقہ ریاستہاے ہندوستان مولفہ سر چارلیس ایچیسن صاحب بہادر مترجمہ پنڈت کنھیالال کامل سات جلدون مین بتفصیل ذیل-	روپیہ
ارشاد الملوک - ترجمہ بزبان اُردو واسیح لارڈ اینسڈون صاحب بہادر لفٹنٹ گورنر مغربی و شمالی واودھ بالقابہ کاغذ سفید گندہ-	۳ روپ	جلد اول - عہدنامجات وغیرہ متعلقہ حصہ شرقی پریزیڈنسی بنگال مع آسام و برھما-	۱۰ روپ
ایضاً - ترجمہ بزبان اُردو واسیح لارڈ کرزن صاحب بہادر بالقابہ نواب گورنر جنرل کشور ہند ترجمہ کارنامہ کالون صاحب مشتمل بر حصہ یعنی مجموعہ ارشادات خاص و مختصر تذکرہ کارروایہاے انتظامی و علمی و ترقیات مقاصد کونسل آف ڈفرن فنڈ ممالک مغربی و شمالی واودھ عہد حکومت عالیجناب اسٹر کلیفٹ کالون صاحب بہادر بالقابہ کاغذ سفید	۴ روپ	جلد دوم - عہدنامجات وغیرہ متعلقہ ممالک مغربی و شمالی تا پنجاب مع نیپال-	۱۰ روپ
تاریخ ٹاڈ راجستان - مؤلفہ کرنیل جیمس ٹاڈ صاحب پولیٹکل ایجنٹ جسمین ریاستہاے راجپوتانہ کے صحیح حالات سنسکرت و عربی و انگریزی تاریخون سے جمع ہین بسہ پرستی صہ رانا بجن سنگھ صاحب بہادر والی اودیپور اُردو ترجمہ ہو کر طبع ہوئی جسکی قیمت سابق مین پچاس روپیہ تھی مشہور مقامات کے نقشے اور تصویرین بھی منقش ہین کامل دو جلد مین کاغذ سفید ولایتی-	۱۰ روپ	جلد سوم - عہدنامجات وغیرہ متوسط ہند	۱۰ روپ
تاریخ عہدنامجات واقرارنامجات - و		جلد چہارم - عہدنامجات وغیرہ متعلقہ ریاستہاے راجپوتانہ و مالوہ وغیرہ-	۱۰ روپ
		جلد پنجم - عہدنامجات وغیرہ متعلقہ پریزیڈنسی مدراس مع جزیرہ سیلون-	۱۰ روپ
		جلد ششم - عہدنامجات وغیرہ متعلقہ پریزیڈنسی بمبئی-	۱۰ روپ
		جلد ہفتم - عہدنامجات وغیرہ متعلقہ سندھ و دیگر ممالک ایشیائی بیرونی-	۱۰ روپ
		تاریخ بغاوت ہند یعنی بحار عظیم یعنے تاریخ غدر مترجمہ پنڈت کنھیالال-	۴ روپ
		ترجمہ سیر المتاخرین یعنی مرآۃ السلاطین تا شاہ عالم ہر سہ جلد یکجائی-	۸ روپ
		تواریخ راجگان اودھ مع تصاویر فوٹوگراف کاغذ سفید گندہ مجلد نقش و نگار نقرئی نہایت عمدہ	۵ روپ

فہرست مطالب مکمل تاریخ فرشتہ اُردو جلد دوم مع حالات حضرات مشائخ کرام

صفحہ	مطلب
۱	طبقۂ عادل شاہیہ بیجاپور
〃	یوسف عادل شاہ
۲۳	تذکرہ اسمٰعیل شاہ بن یوسف عادل شاہ
۴۵	ذکر ملو عادل شاہ بن اسمٰعیل
۴۶	ذکر اسمٰعیل عادل شاہ
۶۰	ذکر ابو المظفر علی عادل شاہ
۸۲	ذکر ابراہیم عادل شاہ ثانی خلد اللہ ملکہ
۹۲	کوچ کرنا عدالت پناہ کا ولایت نظام شاہ کی طرف
۹۴	توجہ عادل شاہ بقصد امداد
۹۹	برہان نظام شاہ کی بیوفائی
۱۰۳	فتنہ شاہزادۂ اسمٰعیل
۱۰۶	ذکر وزیر خوشخصال شاہ نواز خان
۱۰۷	بیان قتل ابراہیم نظام شاہ ثانی
۱۱۸	طبقۂ نظام شاہیہ
۱۳۲	برہان نظام شاہ بن شاہ بحری
۱۵۷	حسین نظام شاہ بن برہان
۱۷۱	مرتضیٰ نظام شاہ بن حسین
۱۹۹	میران حسین بن مرتضیٰ نظام شاہ
۲۰۲	اسمٰعیل بن برہان نظام شاہ ثانی
۲۰۵	برہان شاہ بن حسین شاہ
۲۱۲	ابراہیم نظام شاہ بن برہان
۲۱۴	احمد شاہ بن شاہ طاہر
۲۰	بہادر شاہ بن ابراہیم نظام شاہ ثانی
۲۲۴	مرتضیٰ نظام شاہ
۲۲۸	طبقۂ قطب شاہیہ
〃	قطب شاہ کی سلطنت
۲۳۰	جمشید قطب شاہ
۲۳۲	سلطان ابراہیم قطب شاہ
۲۳۵	محمد ولی قطب شاہ
۲۴۰	طبقۂ عمادیہ
〃	ذکر علاء الدین عماد الملک
۲۴۱	علاء الدین دریا عماد شاہ
〃	برہان عماد شاہ
〃	تفال خان کا نملیہ
۲۴۳	ذکر طبقہ بریدیہ
〃	بریدیہ کی حکومت
۲۴۴	علی بریدہ شاہ
۲۴۶	طبقۂ سلاطین گجرات
۲۴۷	سلطان مظفر گجراتی
۲۵۲	سلطان احمد شاہ گجراتی
۲۶۶	محمد شاہ بن سلطان احمد شاہ
۲۶۷	سلطان قطب الدین بن محمد شاہ
۲۷۱	سلطان داؤد شاہ
〃	سلطان محمود شاہ
۲۹۰	سلطان مظفر شاہ بن سلطان محمود
۳۰۱	شاہ سکندر
۳۰۳	سلطان محمد بن سلطان مظفر

صفحہ	مطالب
۳۰۵	سلطان بہادر بن سلطان مظفر
۳۲۲	سرفراز ہونا محمد شاہ فاروقی کا سلطنت گجرات پر
۳۲۳	سلطان محمود بن لطیف بن شاہ مظفر
۳۲۸	سلطان اور احمد شاہ گجراتی
〃	سلطان مظفر بن محمود شاہ
۳۳۸	بیان حکام مالوہ
۳۳۹	ہوشنگ بن دلاور خان غوری کی سلطنت
۳۵۱	محمد شاہ بن سلطان ہوشنگ غوری
۳۵۳	سلطان محمود خلجی
۳۷۴	سلطان غیاث الدین خلجی
۳۸۰	سلطان ناصر الدین خلجی
۳۸۷	سلطان محمود بن سلطان ناصر الدین
۴۰۰	زوال دولت خلجیہ
۴۰۵	بازبہادر کا تخت مالوہ پر بیٹھنا و گرفتار ہونا
۴۱۰	سلاطین فاروقیہ برہانپور
۴۱۲	نصیر خان فاروقی
۴۱۷	میران عادل خان فاروقی
۴۱۸	مبارک خان فاروقی
〃	عادل خان فاروقی
۴۱۹	داؤد خان فاروقی
۴۲۱	عادل خان فاروقی بن نصیر خان
۴۲۲	میران محمد شاہ فاروقی
۴۲۶	میران مبارک شاہ
۴۲۷	میران محمد شاہ
۴۲۹	میران راجہ علی خان فاروقی
۴۳۱	بہادر خان فاروقی

صفحہ	مطالب
۴۳۵	بیان احکام شرقی
〃	خلبہ محمد بختیار بر ولایت بہار
۴۴۰	سلطان فخر الدین
۴۴۱	علی مبارک الملقب بہ سلطان علاء الدین
〃	حاجی الیاس بنگرہ
۴۴۲	شاہ سکندر بن شاہ شمس الدین
۴۴۳	شاہ غیاث الدین
〃	سلطان السلاطین شاہ
〃	شمس الدین شاہ ثانی
〃	راجہ کانس غدار کی حکمرانی
۴۴۴	چنچل والد کانس
〃	سلطان احمد بن سلطان جلال الدین
〃	ناصر الدین غلام
۴۴۵	سلطان ناصر الدین بہنگرہ
〃	باربک شاہ
〃	یوسف شاہ
۴۴۶	سکندر شاہ
〃	فتح شاہ
〃	سلطان باربک
۴۴۸	ملک اندیل حبشی بخطاب فیروز شاہ
〃	محمود شاہ
〃	بدر حبشی مظفر شاہ
۴۵۰	شریف مکی سلطان علاء الدین
۴۵۱	نصیب شاہ
۴۵۲	سلیم خان بہادر شاہ
〃	سلیمان کرانی افغان
〃	بایزید افغان

صفحہ	مطلب
۴۵۳	داؤد خان افغان
۴۵۴	ذکر بادشاہان شرقی
〃	سلطان شرقی خواجہ جہان
۴۵۵	سلطان مبارک شرقی
〃	شاہ ابراہیم شرقی
۴۵۸	سلطان محمود شرقی
۴۶۱	سلطان محمد شاہ شرقی
۴۶۳	سلطان حسین شرقی
۴۶۶	مقالہ آٹھوان حکام سندھ
۴۷۱	ناصر الدین قباچہ
۴۷۶	بیان احوال سمنگان
۴۷۷	جام مانی بن جام جونا
〃	جام تماجی بن جام مانی
〃	جام صلاح الدین
۴۷۸	جام نظام الدین
〃	جام علی شیر بن نظام الدین
〃	جام کران بن جام تماجی
〃	جام تغلق بن اسکندر
۴۷۹	جام مبارک
〃	جام اسکندر بن جام فتح خان
〃	جام سنجر
〃	جام نظام الدین نندا
۴۸۰	جام فیروز بن جام نظام الدین
۴۸۱	شاہ بیگ ارغون کی سلطنت
۴۸۲	شاہ حسین
۴۸۴	عیسیٰ ترخان
〃	میرزا باقی

صفحہ	مطلب
۴۸۴	میرزا جانی
۴۸۶	سلطان محمود بھکری
۴۸۷	مقالہ نوان سلاطین ملتان
〃	شیخ یوسف ملتانی
۴۸۹	قطب الدین منکاہ
〃	شاہ حسین لنگاہ
۴۹۳	فیروز شاہ لنگاہ
۴۹۴	شاہ محمود لنگاہ
۴۹۷	شاہ حسین ثانی
۵۰۱	مقالہ دسوان سلاطین کشمیر
۵۰۶	فتوی علمائے ہندوستان
۵۰۸	سلطان شمس الدین
۵۰۹	شاہ جمشید
۵۱۰	سلطان علاء الدین
〃	شاہ شہاب الدین
۵۱۱	سلطان قطب الدین
۵۱۲	سلطان سکندر بت شکن
۵۱۴	سلطان علی شاہ
۵۱۵	سلطان زین العابدین
۵۲۴	حاجی خان کی شاہی
〃	شاہ حسن ولد شاہ حیدر
۵۲۶	محمد شاہ ولد حسن جان
۵۲۹	فتح شاہ بن آدم خان
۵۳۰	محمد شاہ کی دوبارہ حکومت
〃	فتح شاہ کی دوبارہ شاہی
〃	سلطان محمد شاہ کی تیسری حکومت
۵۳۲	ابراہیم شاہ

صفحہ	مطلب
۵۳۳	نازک شاہ
//	ذکر محمد شاہ
۵۳۵	سلطان شمس الدین
//	حکومت نازک شاہ دوبارہ
//	میرزا چند ترک کا تسلط
۵۴۰	نازک شاہ کی حکومت سہ بارہ
۵۴۲	ذکر ابراہیم شاہ
۵۴۳	اسمٰعیل شاہ
۵۴۴	حسیب شاہ
۵۴۶	غازی شاہ
۵۴۷	حسین شاہ
۵۵۰	علی شاہ
۵۵۲	یوسف شاہ
۵۵۸	مقالہ گیارھواں بیان اسلام حکام ملیبار
۵۶۸	مقالہ بارھواں شائخ ہندوستان کے حالات میں
۵۶۹	لمعہ خاندان چشتیہ
//	ذکر حضرت سلطان مشائخ خواجہ معین الدین محمد حسن سنجری معروف بہ چشتی
۵۷۵	ذکر سلطان العارفین خواجہ قطب الدین بختیار کاکی
۵۸۳	ذکر سلطان المشائخ حضرت شیخ فرید الدین مسعود گنج شکر
۵۹۷	ذکر سلطان الاولیا شیخ نظام الدین قدس سرہٗ

صفحہ	مطلب
۶۱۲	ذکر شیخ نصیر الدین محمود چراغ دہلی قدس سرہ
۶۱۴	شاہ منتخب الدین زرزری زربخش قدس سرہ
۶۱۵	شاہ برہان الدین قدس سرہ
۶۱۶	شیخ زین الدین قدس سرہٗ
//	شیخ نظام الدین ابوالمؤید قدس سرہ
۶۱۷	ذکر امیر خسرو دہلوی رح
۶۲۱	شیخ سلیم رح
۶۲۲	خاندان سہروردیہ ملتان
//	حضرت شیخ بہاء الدین ذکریا قدس سرہٗ
۶۳۳	شیخ صدر الدین قدس سرہ
۶۳۶	حضرت مولانا ابوالفتح رکن الدین قدس سرہ
۶۳۹	جناب سید جلال الدین بخاری قدس سرہ
۶۴۰	حضرت حسن افغان رحمۃ اللہ علیہ
۶۴۱	حضرت شیخ احمد رحمۃ اللہ علیہ
۶۴۲	مولانا حسام الدین رحمۃ اللہ علیہ
۶۴۴	مولانا علاء الدین رحمۃ اللہ علیہ
۶۴۶	شیخ وجیہ الدین سیاح
۶۴۸	مخدوم جہان سید جلال الدین حسین بخاری رح
۶۴۹	حضرت سید صدر الدین راجو رح
۶۵	جناب شیخ کبیر الدین اسمٰعیل رح
//	خاتمہ ذکر ہندوستان بطور جغرافیہ

۱۸۶

بعون صناع مکین و مکان و فضل خلاق حین ن زوزما

الحمد للہ کہ صحیفۂ یادگار زمانہ و نسخۂ نادر یگانہ جامع حالات سلاطین زمن و بعض مشائخ ہند بخط خوش

یعنی

ترجمہ تاریخ فرشتہ از اردو

جلد دوم

بکمال تصحیح و صرف زر کثیر بنظر انحاف مشتاقان فن سیر و افادۂ عام از اردو زبان سلیس میں ملیبہ ترجمہ عمدہ مین ملکر

مطبع نامی گرامی منشی نول کشور میں لکھنؤ طبع آراستہ ہوا

اعلان - حق ترجمہ اس کتاب کا بحق نولکشور پریس محفوظ ہے -



بسم اللہ الرحمن الرحیم

ذکر یوسف عادل شاہ کی سلطنت کا

سر دوسرایان محفل سخن وتازہ کنندگان داستان کہن گلشن اخبار گیتی پرور ان اور چمن آثار کشور ستانان سے خوشبو اس حکایت کی کہ حسن القصص ہو اس بے بضاعت کے مشام جان مین اسطرح پہونچا کر کے زمزمہ پیرا ہین شعر نخیل سپاہ کامگاران ✤ شاہنشہ جملہ شہریاران ✤ یعنے ابوالمظفر یوسف عادل شاہ ترکمان کہ فاتحہ کتاب اقبال اور غرہ سپہر اجلال خاندان عادل شاہیہ ہو اولاد سلاطین عظیم الشان روم سے مشہور بآل عثمان سے ہے خسرو ذی شان عالی تبار والا دودمان فیاض زمان ہو جب باپ اسکا سلطان مراد ۸۵۴ آٹھ سو چون ہجری مین اجل طبیعی کے سبب روم مین فوت ہوا اسکا بڑا بیٹا سلطان محمد بے مزاحمت تخت روم پر متمکن ہو کر بادشاہ کامگار توفیق آثار رہا نہایت فضلا اور علما پرور تھا حضرت مولانا عبدالرحمن جامی نے اسکی مدح مین قصائد موزون فرمائے ہین اسکے اجلاس کے بعد ارکان دولت واعیان حضرت متفق اللفظ والمعنی ہو کر کہنے لگے کہ ابتداے ایام سلطنت سلطان مراد مغفور مین ایک شخص نے ظہور کر کے دعوی کیا کہ مین مصطفے بن البدرم بایزید ہون اور تو یب تھا کہ اس سے فساد اور تزلزل ارکان دولت ال عثمان مین پڑے لہذا مناسب یہ ہے کہ ولیعہد کے سوا دو سر شخص اولاد ملوک سے بعید جات رہے تاکہ اس فساد کے سبب اور فتنے اور مفسدے پیدا نہو ون سلطان محمد لاچار ہو کر انکا شریک ہوا اور اپنے چھوٹے بھائی اعیانی مسمی یوسف کے قتل کا اشارہ فرمایا ارکان دولت حرم سرا کے دروازے پر آئے اور چاہا کہ شہزادہ یوسف کا گلا گھونٹ کر اسکا جنازہ خاص وعام کی اطلاع کے : اسسے باہر لیجاوین سلطان محمد کی والدہ نے جو محبت زیادہ تر اپنے چھوٹے فرزند سے رکھتی تھی از روے مکر انسے کہا کہ یہ لڑکا بیگناہ ہے مناسب یہ ہے کہ اسکے قتل سے باز آؤ اور اگر صلاح دولت اور صلحت ملکی مین ہرج واقع ہوتا ہو تو آج کی رات مجھے مہلت دو کہ اتنی دیر نظر بھر کر دیکھ لون کل تمھارے سپرد کرون ارکان دولت نے اور سلطان کی اسقدر مہلت پر مضائقہ نہ کر کے اس عفیفہ کا

سوال قبول اور منظور کیا اور اُس ضعیفہ نے خواجہ عماد الدین محمود گرجستانی تاجر ساکن ساوہ کو کہ ہمیشہ ایران سے تحف و نفائس روم مین لاکر اُسکی سرکار مین بیچتا تھا طلب کرکے اس سے یہ بات کہی کہ اگر چند غلام فروختنی تیری سرکار مین ہون میرے پاس لاتا تاجر نے عرض کی کہ میرے پاس پانچ غلام گرجی اور دو غلام جرکس موجود ہین پھر اُنھین حکم کے موافق حاضر کیا ایک اُن دو غلام جرکس سے کہ فی الجملہ شاہزادہ یوسف سے شباہت رکھتا تھا سوداگر سے مخفی خرید کرکے زر قیمت اُسکے حوالہ کیا اور خواجہ گرجستانی سے فرمایا کہ ایسا واقعہ پیش آیا ہے اگر تو حقوق چندین سالہ منظور رکھکر میری اعانت کرے تو مال و جواہر عالم سے تجھے مستغنی کرون یعنے یوسف کو تیرے سلک غلامون مین منتظم کرتی ہون اسوقت اسے بلباس غلامان ملبس کرکے بلاد عجم کیطرف روانہ ہو خواجہ مال کی طمع یا حقوق آشنائی کی رعایت سے اُس امر خطیر کا متعہد ہوا اور یوسف کو لیکر اُس رات کو اُس قافلہ کے ہمراہ جو بغداد کی طرف متوجہ تھا روانہ ہوا اور خداوند کارساز سے عہد کیا کہ اگر مین شاہزادہ کو سلامت لیکر عراق عجم کی سرحد پر پہونچون خمس مال زائران مرقد شیخ صفی قدس سرہ کو پہونچاؤن دوسرے دن جب اعیان و ارکان دولت سلطان محمد کے حرم سرا کے دروازہ پر آگہ طالب امر موعود ہوئے اُس ضعیفہ مدبرہ نے اُس جماعت سے ایک شخص کو جو مزید اعتقاد و اعتبار مین موصوف و معروف تھا اور اُس شب کو اُسے بوعید بزرگانہ اور بدل نقود و جواہر بیش اندازہ سے راضی کیا تھا اندر محل کے طلب کیا چنانچہ اُس شخص نے غلام مصنوعی کو ہلاک کیا اور برسم سلاطین اُس دیار کے اُسے دفن و کفن کرکے فوراً باہر لیگیا چونکہ وہ اعیان و ارکان سے تھا سب نے اس جنازہ کو شاہزادہ کا جنازہ یقین کرکے بالتجسس دفن کیا اور خواجہ عماد الدین محمود جب سرحد عجم مین پہونچا اور بیل کیطرف جاکر وہ نذر کہ اپنی خوشی سے عہد کی تھی وفا کرکے شاہزادہ کو بھی اُسکے مرید دنمین منسلک کیا اور وہان سے جب شہر ساوہ مین پہونچا شاہزادہ کو اخفاے راز کے بارہ مین سفارش بلیغ فرمائی اور اپنے فرزندون کے ہمراہ مکتب مین بھیجا دوسرے برس شاہزادہ کی والدہ بتیاب ہوئی اور فرزند کے تحقیق حال کیواسطے ایک اپنے معتمد کو ساوہ کیطرف روانہ کیا اُس شخص نے کیفیت فراغت اور آسودگی اور کسب کمالات شاہزادہ کا دریافت کرکے نو مہینے ساوہ مین مقیم رہا اُسکے بعد خط یوسف کے ہاتھ سے اُسکی والدہ کی دلجمعی کو لکھوا کر روم کی طرف روانہ ہوا اور اسکندریہ مین پہونچکر بیمار ہوگیا اور علالت کے سبب ڈیڑھ برس اُس مقام مین استقامت کی اور تیسرے برس خبر سلامتی فرزند اور مکتوب اُس کا اُسکی والدہ کے پاس پہونچایا وہ مخدومہ جہان لوازم شکر و سپاس بجالائی اور تصدقات اور نذرات ارباب استحقاق پر تقسیم کیے اور دایہ اور مرضعہ شاہزادہ یوسف کو معہ اُس کے فرزند غضنفر آقا اور دل شاد آقا کے مع جہاز و اسباب فراوان جیسا کہ کسی کو خبر نہودے ہمراہ اسی اول شخص کے بلدہ ساوہ کیطرف بھیجا ان دونون مین خواجہ عماد الدین محمود سفر ہندوستان کی طرف گیا تھا ابتخانہ اُس کے گفتار اور کردار غضنفر آقا اور اُس کی خواہر کے حقیقت حال پر آگاہ ہوئے یہ راز فاش ہوا اور رفتہ رفتہ یہ خبر حاکم ساوہ کو کہ ترکمان آق قویونلو سے تھا پہونچی طمع مال کرکے اور ایک تقریب اُٹھاکر چار سو تومان اُنسے لیے اور چونکہ شاہزادہ کو ابتداے حال مین سپہر بہبود کی گردش سے سولہ برس کے سن مین ایک سوناری کے لڑکے کی حمایت پر حاکم ساوہ کے متعلقین مین سے ایک شخص سے نزاع واقع ہوئی جس سے مضطر ہوا اور سفر اختیار کرکے بارہ قم مین پہنچا اور اپنے دل مین یہ مصمم کیا

کہ جب تک ساوہ کا حاکم معزول نہو وطن مالوف ساوہ مین مراجعت نکرونگا پھر کاشان اور اصفہان کی سیر کرکے شیراز گیا اور چندے باغات اور گلزار اس ملک فردوس آئین مین زمانہ عیش و نشاط مین گذرانا جب حاکم ساوہ کے عزل کی خبر سنکر چاہا کہ اپنے مرکز اصلی کی طرف معاودت کرے ناگاہ حضرت خضر علی نبینا وعلیہ السلام نے عالم رویا مین اس سے کلام محبت الیتام سے ہمزبان ہوکر یہ ارشاد فرمایا کہ تو حکم قضا و قدر کے موافق مسکن مانوس سے قطع تعلق کر اور رسا غراغز اور احبا کی جدائی کا نوش کرکے صعوبت سفر راحت انجام کا متحمل ہوکر عنان عزیمت ہندوستان کیطرف معطوف کر اور راہ سعادت فرجام کے نشیب و فراز سے ہراسان نہو زمام اختیار تمائل توفیق کے سپرد کر عنقریب زلیخاے مملکت جہان نہایت زینت سے تیرے ہم آغوش ہو اور سعادت دینی و دنیوی قرین روزگار رہو اس واسطے وہ نیر اوج اقبال یہ مژدہ دلنواز سنکر عزیمت سفر کے مرکب پر سوار ہوا اور بکمیت اندیشہ کو بادیہ تردد و تفرقہ سے باہر نکالا اور حضرت یوسف علیہ السلام کے مانند کنعان اور اخوان سے قطع نظر کرکے نقش وطن کا لوح خاطر سے یکقلم محو کیا اور سنہ ۱۰۶۸ آٹھ سو چونسٹھ ہجری مین سفر ہند کا عازم جازم ہوا اور بندر جرون المشہور بہ ہرموز کے راستہ سے قدم صدق کشتی مراد مین رکھکر حافظ حقیقی کی ضمانت اور حمایت سے تھوڑے عرصہ مین بے محنت طوفان آشوب نشان اور تلاطم دریاے بیکران کے کہ دریاے روان اس سے ڈرتے ہین ساحل بندر مصطفےٰ آباد دابل پر پہونچا اور ان دنون مین بندر مذکور اُس شاہ یوسف صورت ملک سیرت کے میامن قدوم سے بہشت برین کی طراوت رکھتا تھا اور طائر نشاط وخرمی اُس دیار فیض آثار کے فضاے روح آسا مین جلوہ گر تھی چنانچہ ایک روز کا ذکر ہے کہ وہ نیر سپہر نجتیاری خورشید انور کی طرح کاخ فلک منظر سے برآمد ہوکر اُس مکان جنت نشان کے اطراف واکناف مین کہ اسوقت مین بخضر آباد مشہور تھا نسیم چمنستان بگاہی کیطرح سیر فرماتا تھا ناگاہ ایک پیر خضر صفات خجستہ لقا کہ انوار مواہب سبحانی اُنکے چہرہ دلکشا سے ساطع اور لامع تھے سایہ التفات اُس خدایگان اعلی کے سر پر ڈالا اور ساتھ ایسے لطف کے کہ لطیف تر از نسیم سحر اور عطر پاش مشک اذفر سے تھا لوازم تفقد اور مراسم تفتیش حال بجالایا اور آب زلال کا جام کہ اُسکے عکس سے آغاز و انجام کا حال ظاہر اور ہویدا تھا عنایت فرمایا اور وہ متعطش بادیہ طلب لوازم دعا و ثنا مودی کرکے جب بجام لبریز عنایت کے پینے مین متوجہ ہوا وہ حیات بخش ارباب صفا یعنے خضر خجستہ لقا اسکی نظر جہان بین سے غائب ہوا دیدہ حیوری اُس کے مشاہدہ جمال جہان آرا سے محروم اور بے بہرہ رہے اور کلام صدق انجام مولوی معنوی ملک فہمی ظاہر ہوا **بیت** رقم کہ خار راز پاکشم محمل نہان گشت از نظرہ یک لحظہ غافل گشتم و صد سالہ راہم دور شد ۱۲ اور وہ مظہر ارادت قدسی اور مورد سروش سماوی مجدداً خضر علیہ السلام کے عواطف سے اختصاص پاکر رفاقت مین خواجہ عماد الدین محمود گرجستانی کے جو بندر مصطفےٰ آباد دابل مین طریقہ تجرید مین مشغول تھا روے توجہ احمد آباد بیدر کی طرف لایا اور چوگرجستان گیلان کے اعمال سے ہے قلیمی اور سابقہ آشنائی کے سبب درمیان خواجہ محمود گرجستانی اور خواجہ جہان کاوان گیلانی کے صداقت اور خصوصیت بہت تھی اور جناب یوسف بھی متمنی ہوا تھا عزم شریف سے اُسکے سترہ مرحلہ طی ہوئے تھے خواجہ عماد الدین محمود کی خدمت مین مکلف ہوا کہ اپنے دوست خواجہ جہان سے سفارش کرین کہ وہ یوسف کے مانند مجھے اپنی عبودیت مین منسوب کرکے بادشاہ کے سلک غلامونمین کہ ہمات انکے رواج اور رونق تمام رکھتے ہین منتظم فرمائین خواجہ نے اول اس معنی سے انکار کیا اور جب

مبالغہ اور تکرار اُسکی حد سے زیادہ گذری ناچار انگشت قبول آنکھون پر رکھی اور اس راز سے آصف جم اقتدار ملک التجار محمود کاوان المخاطب بخواجہ جہان کو مطلع کیا اور خواجہ نے جب یوسف مصر عزت کو اپنے روبرو طلب کیا اور اُسکی حسن صورت اور سیرت مشاہدہ کی اور اُسکی قابلیت اور خط وسواد اور موسیقی دانی اور آداب سپاہگری دریافت کرلی تو احوال اُسکا نظام شاہ بہمنی اور اُسکی والدہ مخدومہ جہان سے عرض کیا اور انھین دنون مین وہ غلام جرکس سرکار شاہی مین دراہم معدودہ کو فروخت کرکے زرشن خواجۂ عباد کو تسلیم فرمایا اسی طرح یہ واقعہ میرزا محمد سادی نے اپنے باپ غیاث الدین محمد وزیر یوسف عادل شاہ سے نقل کیا ہی اور جو کچھ نواب شاہ جمال الدین حسین بن شاہ حسن انجو سے روایت کی متقوی اور مصدق نقل مذکور ہی کہ جواہرہ نام ایک پیرزن نے کہ نسبت اُسکی مان کیطرف سے شاہان بہمنیہ سے اور باپ کی جانب سے شاہ نعمت اللہ ولی سے درست ہوتی تھی میرے والد سے یون نقل کی کہ مین آغاز شباب مین شہر احمد آباد بیدر مین مجلس مین بی بی ستی دختر یوسف عادل شاہ جو زوجۂ احمد شاہ کی تھی حاضر ہوئی چونکہ جشن طوے بزرگ درمیان مین تھا اکثر عورات شاہان بہمنیہ اُس انجمن مین فراہم ہوئین اور ایک مجلس عظیم منعقد ہوئی چونکہ قاعدہ زوجات سلاطین بہمنیہ کا جو خطاب ملکہ جہان پاتی تھین یہ تھا کہ چند عقد مروارید بزرگ ایک جا کرکے اور اُسپر قبہ طلا مرصع بجواہر نفیسہ نصب کرکے بروز جشن اور بروز متبرک اپنے فرق سر پر استوار کرتی تھین اسطرح سے کہ لڑیان موتون کی پیشانی اور بناگوش اور عقب سر پر آویزان ہوتی تھین اس واسطے بی بی ستی کہ خطاب ملکہ جہان یافتہ تھی اُس مجلس مین موتیون کی سراسری زیب فرق کرکے جمع عورات بلکہ شاہان بہمنیہ کی شہزادیون سے مقدم بیٹھتی تھی ایک عورت کہ خاندان بہمنیہ سے تھی جھنجھلا کے بولی سبحان اللہ یوسف عادل خان کی بیٹی کو یہ رتبہ حاصل ہوا کہ شاہزادیون پر ملکہ جہان بنکر تفوق ڈھونڈھے بی بی ستی نے جواب دیا کہ اگرچہ تم شاہزادیان ہو ہم بھی شاہزادی اولاد عظیم الشان روم سے ہین اور جو حکایت کہ قبل اس سے مرقوم ہوئی مفصل حضار مجلس کے روبرو بیان فرمائی کہ وہ اس سے آگاہ ہون جب یہ گفتگو ملکہ جہان بی بی ستی کی مجلس مین واقع ہوئی یہ خبر امیر قاسم برید کو پہونچی چونکہ سرکشی اُس کی عادت تھی کہا جو کچھ ملکہ جہان بی بی ستی فرماتی ہین اُس کو عرصہ قلیل گذرا ہی اور بہت قریب العہد ہی اور تحقیق کرنا اُس کا آسان ہی الغرض ایک شخص کو برسم تجارت و رسالت شاہان روم کے دربار مین بھیجا اور اُس نے وہان پہونچکر عورات کہن سال سرکار شاہی سے احوال تحقیق کیا ملکہ جہان بی بی ستی کا فرمانا ثابت اور متحقق ہوا اور وہ کہ یوسف عادل شاہ اور اسمٰعیل عادلشاہ رومیون کو بہت چاہتے تھے اور عزت رکھتے تھے یہ بھی ایک دلیل قوی اس روایت کی صحت مین ہی واللہ اعلم بالصواب اور یوسف عادل شاہ نے جو پرورش اور تربیت سادہ مین پائی تھی اُس وجہ سے مردم آگاہ کے درمیان یوسف عادلشاہ سادی شہرت رکھتا ہی اور ہندیان شکستہ زبان نے اُسے سوائی مشہور کیا ہی کس واسطے کہ سوائی زبان ہندی مین سوا آچار کو کہتے ہین چونکہ یوسف عادلشاہ باعتبار ولایت دشمنیہ کے حکام دکن پر چار حصہ پاؤ بالا زیادتی رکھتا تھا اسواسطے ساتھ اس لقب کے اُسنے شہرت پائی لیکن صحیح یہ ہی کہ سادہ کو ساتھ سوائی کے تحریف کیا ہی جیسا کہ نظام شاہیہ بحیر کو بہ بحری تحریف کیا ہی ہر تقدیر بعد دو تین مہینے کے ملک التجار محمود کاوان المخاطب بخواجۂ جہان نے مخدومہ جہان کی

اجازت سے یوسف عادل شاہ کو غزنیخان میر آخور یعنے داروغہ اصطبل کے جو ایک غلامان ترک اور معتبر اُس خاندان سے تھا سپرد کرکے اُس کے حق مین پوری سفارش کی اور غزنیخان نے کہ مرد پیر سال خوردہ تھا جمیع مہمات میر آخوری کو اُس سے رجوع کرکے خود بستہ آسودگی اور فراغت پر تکیہ کیا چنانچہ یوسف عادلخان امر ضروری اصطبل کے واسطے اکثر اوقات خود سلطان محمد شاہ بہمنی کے پاس جاکر عرض معروض کرتا تھا اور جب اُس عرصہ مین غزنیخان میر آخور فوت ہوا تو یوسف عادل خان ملک التجار محمود کاوان المخاطب بخواجہ جہان کی توجہ سے منصب سہ صدی پر فائز ہوکر اصطبل کی ریاست پر سربلند ہوا اور بعد چند عرصہ کے جب درمیان اُسکے اور بہمن متصدی میر آخوری کے موافقت نہ رہی اُس خدمت سے مستعفی ہوا اور نظام الملک ترک کے دربار مین کہ ترکون کے درمیان اُس سے کوئی بزرگتر نہ تھا داد و دوش کرنے لگا اور حسن سلوک سے یہ نوبت پہونچائی کہ نظام الملک نے اُس سے صیغہ اخوت پڑھا اور ایک لحظہ بغیر اُسکے زندگانی نکر سکتا تھا غرضکہ جس وقت نظام الملک ترک کو برار کا طرفدار کیا منصب یوسف عادلشاہ کا پانصدی پہونچایا اور خطاب عادلخان دلاکر اپنے ہمراہ برار لیگیا لیکن اُسکے بعد کہ نظام الملک ترک نے قلعہ کھرکہ کو سال بھر محاصرہ کرکے اس مقام کے راجہ کے تصرف سے برآوردہ کیا اور بروز فتح ایک راجپوت کے ہاتھ سے قتل ہوا یوسف عادلشاہ نے کمر شجاعت اور مردانگی کی استوار کرکے کفار کو چہجم کرکے چڑھ آئے تھے متفرق کیا اور قلعہ کا انتظام کرکے خود غنائم اور فیلون کو درگاہ مین لایا اس خدمت مستحسن سے امرای ہزاری مین داخل ہوا اور روز بروز اُسکا ستارہ اقبالمندی پر تھا یہانتک کہ امرای عظیم الشان مین محسوب ہوا اور بیجاپور کی طرفداری پر مقرر ہوکر لشکر خوب فراہم کیا اور بعد ارتحال سلطان محمد شاہ بہمنی اور برہم مرج ظاہر آنے تخت گاہ مین تربیت سپاہ مین زیادہ تر کوشش کرتا تھا اور اکثر مغلون اور ترکون پایہ تخت احمد آباد بیدر کو بواعید خسروانہ اپنے پاس بلواکر بمناصب ارجمند فائز کیا اور دن بدن قوت اور مکنت اُسکی زیادہ تر ہوتی جاتی تھی اور سنہ ۸۹۵ آٹھ سو پچانوے اور برد اتیے سنہ ۸۹۶ آٹھ سو چھیانوے بحر مین بمقتضای اَلسَّیفُ اَصدَقُ اَنبَاءً وَالکُتُبُ فی مَتنِ خطبہ بیجاپور کا اپنے نام پڑھکر چتر شاہی کو مرتفع کیا اور قریب پانچ ہزار ترک اور غریب کے اُسکی بادشاہی پر راضی اور شاکر ہوئے اور آنحضرت نے بہت قلعجات جو امرای سلطان محمود کے تصرف مین تھے بزور بازوے شجاعت مسخر اور مفتوح فرماکے اور آب بہور سے بیجاپور اور آب کشنہ سے رائچور تک اپنے حوزہ تصرف مین درلایا اور انھین دونون مین لفظ خانی کو مبدل کرکے اپنا نام عادلشاہ رکھا جیساکہ جو نورستہ شاخ کہ مراد فرزند ارجمند سے ہی اُس دوحہ جلال سے سرمارتی تھی اُسکو بھی عادلشاہ کہتے تھے اور جب وہ درخت بخت جوان عدالت نشان انار اللہ برہانہ گلشن شاہی مین سرسبز اور بلند بالا ہوکر بکمال قامت اُسکا جویبار فرمانروائی سے سیراب اور شاداب ہوا جمیع امرای دکنی جو احمد آباد بیدر سے خروج کے وقت اُس سے برگشتہ تھے پھر اُسکی خدمت مین مشرف ہوئے اور ایک جمعیت عظیم کے دستیاب ہونے سے نفع کلی اُسکی سرکار مین ظاہر آیا الغرض یوسف عادلشاہ کے خطبہ پڑھنے اور چتر سر پر بلند کرنے سے آتش رشک و حسد قاسم بیدر کے مجمر سینہ مین جو ہمیشہ بیجاپور کی شاہی کی فکر مین رہتا تھا شعلہ زن ہوئی اور تیمرآج بیدر امراج مشہور کو کہ وہ بھی شیوراے کی اولاد پر متسلط اور غالب ہوکر بادشاہی کے نام کے سوا اُن پر اطلاق نکرتا تھا نامہ لکھا کہ سلطان محمود شاہ بہمنی نے

قلعہ رایچور اور مدکل کو مع جمیع مضافات اُسکے تمھین پیشکش کیا تھا چاہیئے کہ تم لشکر بھیجکر مسخر کرو اور اسی طریق سے بہادر گیلانی کو جو بندر گووہ اور تمام دریا بار پر کہ سطلاح دکن مین اسے کوکن کہتے ہین مستولی ہوا تھا نامہ بھیجکر یوسف عادل شاہ کی ولایت کے تاخت و تاراج کی ترغیب کی چنانچہ ہمراج بعد پہونچنے نامہ راے زادہ کے مع لشکر بسیار و ملخ سے زیادہ تر قدم برداشتہ روانہ ہوا اور آب سمندر رہ سے عبور کرکے قلعہ رایچور اور مدکل پر قبضہ کیا اور اُسکی خرابی مین کوئی دقیقہ فروگذاشت نہ کیا اور بہادر گیلانی بھی فرصت جانکر قلعہ جام کھنڈی کو یوسف عادلشاہ کے تصرف سے برلایا اور اس عرصہ مین ایک جماعت نزدیکون سے کہ محرم اسرار تھے دشمنون کی خیال باطل اور اندیشہ ناصواب شاہ عدالت پناہ کے سمع مبارک مین پہونچا کر اضطراب کرنے لگے آنحضرت نے تأمل دیکر فرمایا کہ جو جمیع امورین ارواح مقدسہ حضرات ائمہ معصومین سلام اللہ علیہم اجمعین اور روح پرفتوح شیخ صفی سے استعانت طلب کرتا ہون اور طلب کرونگا یقین کہ اعدا پر مظفر اور منصور ہونگا پھر عہد کیا کہ اگر اس عقدہ مشکلہ سے نجات پاؤن خطبہ ائمہ اثنا عشر علیہم الصلوٰۃ والسلام پڑھکر مذہب شیعہ کو رواج دون اُس وقت حسن تدبیر سے قلعہ ایچور اور مدکل کا خیال دل سے برطرف کرکے ہمراج اور راے زادہ سے صلح کی اور انھون نے بھی دوسرے ممالک کے نہب و غارت سے ہاتھ کوتاہ کیا اور بیجاپور کیطرف روانہ ہوئے بہادر گیلانی کو جیرو قہر اپنے ممالک محروسہ سے نکالدیا اور باقتضاے وقت قلعہ جام کھنڈی کے ورثا سترداد نہوا بلکہ قاسم بریدی کی گوشمالی اور تادیب کا عازم ہوکر آٹھ ہزار سوار سے کہ انمین اکثر مغل اور ترک تھے احمد آباد بیدر کیطرف نہضت فرمائی قاسم بریدترک نے ملک احمد نظام الملک بحری سے تضرع و زاری کمک طلب کی اور ملک احمد نظام الملک بحری باتفاق خواجہ جہان دکنی حاکم پرندہ دار الخلافت کی طرف متوجہ ہوا قاسم بریدترک سلطان محمود شاہ بہمنی کو لیکر شہر سے برآمد ہوا اور ملک احمد نظام الملک بحری اور خواجہ جہان دکنی سے متفق ہوکر میمنہ اور میسرہ اور قلب آراستہ کرکے یوسف عادل شاہ کے لشکرگاہ کی طرف کہ دار الخلافت سے پانچ کوس پر تھا روانہ ہوا اور یوسف عادل شاہ بھی صف آرائی مین مصروف ہوکر میمنہ پر دریا خان کو اور میسرہ پر فتح الملک ترک کو مقرر کیا اور خود قلب مین پناہ لی اور غضنفر بیگ اپنے برادر رضاعی کو کہ ان دنون سادہ سے دکن مین آیا تھا ایک ہزار تیرانداز اُسکے حوالہ کرکے حکم کیا کہ جس طرف ملک کی ضرورت پڑے مدد کرے دریا خان اور یوسف عادل شاہ نے میسرہ اور قلب تیمور کو شکستہ کرکے ہزیمت دی اور ملک احمد نظام الملک بحری نے میسرہ یوسف عادل شاہ کی زیر و زبر کی اور فتح الملک زخمی ہوکر نکل گیا اور یوسف عادل شاہ قتال کی فکر مین ہوکر جا رہا تھا کہ ملک احمد نظام الملک بحری کے عقب روان ہوے اس درمیان غضنفر بیگ نے پہونچکر کہا کہ جنگ قاسم بریدترک سے تھی وہ معرکہ نہین ہم آپس مین جنگ کرنے مین خرابی کے سوا کچھ حاصل نہین ہی مناسب ہی کہ آپس مین صلح کرکے ابواب مصادقت مفتوح رکھیئے پھر طرفین سے آدمیون نے درمیان مین آکر صلح کروائی اور دونون سردار گھوڑے پر سوار ہوئے اور ایک دوسرے کو وداع کرکے اپنے مقر دولت کی طرف مراجعت کی لیکن حامی ناظم عادلنامہ نے جو وقائع ایام سرداری و بادشاہی اُس عدالت پناہ کا بطریق اجمال اپنی کتاب مین درج کیا ہی وہ یہ ہی کہ یہ جنگ لنڈرک کے حوالی مین واقع ہوئی اور ملک احمد نظام الملک بحری

اُس معرکہ مین نہ تھا اور خواجہ جہان دکنی اُس کی طرف سے سلطان محمود بہمنی کے ملازم رکاب تھا فتح شامل روزگار شاہ اور قاسم بریدتُرک کے ہوئی یوسف عادلشاہ نے بیجاپور مین جاکر ملک احمد نظام الملک بحری اور بہادر گیلانی سے مصالحہ کیا اس واسطے کہ تخت گاہ بیجانگر مین امراکے نفاق کرنے سے ہرج و مرج ظاہر ہوا تھا یوسف عادلشاہ بعزم انتقام کفار بیجانگر رایچور کی طرف روانہ ہوا اور اثنائے طی مسافت مین عشرت حلال اور فراغت بے زوال مین رغبت کی قریب دس روز اوقات شکار مین صرف فرمائی **بیت** شکار افگن و سرخوش و شاد کام ٭ ہمیگزد منزل بمنزل خرام ٭ اور اُسکے بعد کہ آب کشنہ کا ساحل تہمتنان صاحب نظر کے تیغ و سنان کی چمک سے رشک فلک اخضر ہوا اُس مقام مین منزل گاہ کرکے سراپردہ وسیع بسیط زمین پر کھینچے اور بارگاہ گردون رفعت اوج کیوان پر بلند کرکے ایک جہان دوسرا ظاہر کیا **نظم** جہان پر سراپردہ و بارگاہ ٭ گذشتہ سر خرگہ از اوج ماہ ٭ زبس خیمہ و خرگہ و سائبان ٭ زمین کردہ از آسمان روشنان ٭ اور اس دجلہ کے کنارہ بساط نشاط و طرب بچھاکر ساتھ گلعذاران سیہ اندام اور شمشاد قدان سبز فام ٭ **بیت** نازک بدنان سرو قامت ٭ دشوخی و دلبری قیامت ٭ ہر یک زنستے بخوشنگاری ٭ سرو و سمن و گل بہاری ٭ کے ساتھ اقداح شراب بیغش کے تجرع اور نغمات دلکش کے استماع مین رغبت کرکے فرمایا کہ سرود سرایان خوش الحان اور رقاصان عشرت نشان نے بآہنگ عود و قانون زمزمہ اس ترانہ کا جہان مین ڈالا **اشعار** خوش آن شہ کہ این بزم عشرت نہاد ٭ جہان رامے از ساغرِ دل بداد ٭ گل و لالہ را تا بود بوے و رنگ ٭ زمان را شتاب و زمین را درنگ ٭ زخش باد تابندہ چون آفتاب ٭ زتاج کے و تخت و افراسیاب ٭ مدام از مے لعل فرماندہی ٭ مبینا دکس جام خسروتہی ٭ اور اس عرصہ مین اُستاد زمان گیلانی کہ قانون نواز بے مثل و بے نظیر تھا اور استاد حسین قزوینی کہ ساز ندگی مین مہارت تمام رکھتا تھا انھون نے یہ نظم آغاز کی **شعر** بوے پیراہن یوسف زجہان گم شدہ بود ٭ عاقبت سر ز گریبان تو بیرون آورد ٭ یہ نغمہ دلکش جب کہ ساتھ نے و ساز کے گویّون نے گایا مقبول مزاج سلطان ہوا چھ ہزار ہون کہ عبارت تین سو ساٹھ تومان عراق سے ہی خزانۂ عامرۂ شاہی سے انعام پائے اور کثرت شرب مدام اور آب بازی علی الدوام اور اختلاط پریرویان گل اندام سے اُسکے مزاج نے انحراف مالا کلام پیدا کیا عارضۂ تپ و لرزہ اور سرفہ بہم پہونچا چنانچہ دو مہینے اُس نہر کے کنارے صاحب فراش ہوکر برآمد نہوا اور غضنفر بیگ دیوانخانہ مین بیٹھکر خلائق کے مہمات کے سرانجام مین مشغول رہتا تھا لوگون کو گمان اُسکی رحلت کا ہوا اور یہ خبر وحشت اثر اطراف و اکناف مین شائع ہوئی اور بیمار لوازم شادمانی پیش پہونچا کر اسطرف کے امراے کبار کی صلاح سے بیس ہزار سوار اور پیادہ اور اسی قدر فیل گردون وقار ہمراہ رکاب کرکے ۸۹۸ھ آٹھ سو اٹھانوے ہجری مین کوچ بر کوچ رایچور کیطرف روانہ ہوا غضنفر بیگ آغا اور تمام افسران سپاہ اسلام یہ خبر سنکر متوہم اور خائف ہوے اور صدق و اخلاص سے اُسکی ذات بابرکات کی صحت کے واسطے واہب العطایا سے مسئلت کی جب تیر دعا ہدف اجابت سے مقرون ہوا اُسی عرصہ مین صحت عاجل اور شفاے کامل حاصل ہوئی یوسف عادلشاہ شکر الٰہی کے سجدات بجالایا اور خزانہ کا دروازہ کھولکر بیس ہزار ہون علما و فضلا اور سادات مدینہ اور کربلا و نجف اشرف کہ جو اُسکے اُردو مین تھے تقسیم کرکے شکر دعا کے واسطے اہتمام فرمایا اور بیس ہزار ہون اور

خواجہ عبداللہ ہروی کو جو ولایت سے ایک کشتی مین اُس شہریار کے ہمراہ دکن مین آیا تھا سپرد فرمائے کہ سادہ مین جاکر وہان ایک مسجد بناکر کے اور ایک مینار نہایت رفیع اُس مسجد کے قریب تیار کرکے نہر آب اُس شہر مین در لایا الغرض ابتک وہ مسجد بہ مسجد غریبان مشہور ہی اُسکے بعد مخبرون نے یہ خبر سمع مبارک مین پہونچائی کہ تیمراج آب سمندرہ سے عبور کرکے کوچ متواترہ سے بسبیل استعجال آتا ہی اس واسطے شاہ صاحبقران نے دست ہمت دامن کرم حضرات ائمہ معصومین صلوات اللہ علیہم مین محکم کرکے سپاہ ظفر دستگاہ کے جائزہ اور بہادران قضا توامان کے مشاہدہ کا حکم دیا النظم شہنشاہ دیندار صاحبقران ؛ خدیو فلک قدر گیتی ستان ؛ بفرمود تا بر نشیند سپاہ ؛ درآید بآئین سوی عرصہ گاہ ؛ برآراستہ یکسر اسپ و سوار ؛ ہمہ با سلاح آنچہ آید بکار ؛ پھر امرائے عظام بہرام صولت اور احدیان کینہ کوش وافر شوکت کو اسپان تندخرام پر سوار کرکے صفوف حرب آراستہ کین اور سر سے پانون تک سم بادپایان کی فولاد اور آہن مین غرق کرکے میدان مین جولان کرنے لگے آٹھ ہزار سوار و دو اسپہ اور سہ اسپہ اور دو سو ہاتھی خرد و کلان شاہ فلک قدر کے منظور نظر ہوئے پھر غضنفر بیگ آغا اور میرزا جہانگیر اور حمید بیگ اور داؤد خان سے کہ امرائے صف شکن اور شمشیر زن تھے متوجہ ہوکر فرمایا کہ میرا دل گواہی دیتا ہی کہ بخشندہ بے منت کی توفیق سے ساتھ اس سپاہ جنگ جو تندخو کے لشکر روم پر حملہ لاکر جہہ مقصود دیکھوگے اور سد سکندری کو اس موکب گردون مراتب کے صدمہ سم سے توڑکر سپاہ زمین کو زیر و زبر کروگے پس سنا سب یہ ہی کہ ہم دشمن کا استقبال کرین اور رایات نصرت آیات کو اس طرف حرکت دے کر اعدا کو ہلاک کرکے خاک مذلت پر ڈالین مستعمان دولتخواہ نے سر اطاعت کا زمین پر رکھکر زبان جلادت اور سربازی کی تکلم مین کھولی اور اُن مین سے ایک بہادر جو شراب اخلاص سے بہ بست تھا ساتھ اس ترانہ کے مترنم ہوا النظم برانم کہ چون دشمن بدگھر پکند عزم ؛ زرم شہ دادگر ؛ بگرزگران سنگ و شمشیر تیز ؛ سر دوست اورا کنم ریز ریز ؛ اور دوسرا غازی کہ جادۂ عبودیت مستقیم تھا بلفواے اس کلام کے تکلم کیا النظم درآید اگر دشمن تیز چنگ ؛ بدریاے ہیجا بسان نہنگ ؛ ز اقبال شاہ شجاعت نژاد ؛ خدیو جہانگیر پاک اعتقاد ؛ بقلاب مردی زبونش کنم ؛ بضرب سنان غرق خونش کنم ؛ اور بادشاہ بعد جائزہ سپاہ بجناح استعجال حریفان کج اندیش کے لشکرگاہ کی طرف متوجہ ہوا اور تھوڑے فاصلہ پر اُنکے مقابل آیا زمین کو امرا پر قسمت کی تو طریق احتیاط اور ہوشیاری سے خندق کھودنے مین مشغول ہوئے اور شرائط ہوشیاری مرعی رکھکر بارہ روز وہان بسر لیگئے لیکن دوشنبہ کی غرہ رجب ۹۸۰ھ آٹھ سو اسی نوے ہجری مین طرفین سے فوج کشی ہوئی صفین آراستہ ہوئین مردان جنگ کی چار و ناچار مین دھوم ہوئی اب ہم مقابلہ اور مقاتلہ تک پہونچی قضا سلسلہ جنبان فتنہ خوابیدہ ہوئی دم نقد جان کی خریداری موت کی گرمبازاری ہوئی اور اس واقعہ مین کہ مخالفون کی دولت کا چراغ گل ہونے پر تھا مکان کو روشن کرتا تھا اور ابتداے حال مین غلبہ اور فیروزی نصیب اعدا ہوئی لشکر خدایگان جہان زلف بنفشہ سویون کی طرح باد صبحگاہ نرم سے درہم و برہم ہوا یک اجل فرمان کل نفس ذائقۃ الموت کا اردوے شاہ مین لیکر آیا پانسو بہادر شربت شہادت چکھکر خلد کی طرف راہی ہوئے آثار قیامت ظاہر ہوئے شعر چراغی کان فرزخواہد نشستن ؛ کند دیو وقت مردن خانہ روشن ؛ اُسوقت یوسف عادل شاہ اور غضنفر آغا اُسکے بھائی نے سوار ہوکر سپاہ کے کنارے جاکر توقف کیا

اور فرمایا تو قرنا اور سرنا پھوک کر نقارہ بجا دین الغرض اول میرزا جہانگیر قمی پانسو سوار مغل ہمراہ رکاب ہلال آسا مین اُس کے ہمراہ لیکر مستعد ہوا اس وقت داؤد خان سات سو نفر جوانان افغان اور راجپوت سے آیا فی الجملہ ایک جمعیت وقوع مین آئی یوسف عادل شاہ اندیشہ مین تھا کہ کیا تدبیر کرون اتنے مین سویکچ بہادر اوزبک جو سلحدارون کے سلک مین انتظام رکھتا تھا آپہونچا اور عرض پیرا ہوا کہ مین اثنائے جنگ مین مخالفون کے ہاتھ گرفتار ہوا چنانچہ گھوڑا اور ساز یراق میرا لیگئے اور مین سراسیمہ ہر طرف دوڑتا تھا ناگاہ اس دوا دوش مین ایک جوان خانہ زین سے جدا ہوا اور مین سرعت کرکے جا پہونچا اور اُسنے چاہا کہ مین زمین سے اُٹھکر خانہ زین پر متمکن ہون ادھر مین بجلی کی طرح جست کرکے گھوڑے کی پشت پر قائم ہوا اور بشتابی تمام معرکہ سے برآمد ہوکر حضرت کی قدمبوسی سے مشرف ہوا اب غنیم وضیع وشریف فتح اپنی نسبت قرار دے کر نہایت غفلت سے تاراج وغارت مین مشغول ہین اگر شاہ توکل بخدا کرکے اعدا پر حملہ آور ہوا امید قوی ہے کہ شب بلدائے حرمان نفوز خورشید فتح سے منور ہو یوسف عادلشاہ نے سویکچ بہادر کی راے رزین پر تحسین وآفرین بہت فرمائی اور اپنے عواطف سے اُسے قوی پشت کیا اور بلا توقف تین ہزار اور پانسو سوار مرد کارزار سے **شعر** ہمہ جنگ جو وہمہ نام دار ٭ چو شیران آشفتہ در کارزار ٭ طبل کوچ بجا کر لشکر خصم کی طرف متوجہ ہوا **شعر** روان شد سوے لشکر کینہ خواہ ٭ بہ نیرنگ اقبال عون الٰہ ٭ تیمراج نے جب اپنی افواج کو تاراج مین دیکھا اور خصم شیرافگن مقابل پہونچا فرصت سپاہ کی فراہمی اور گرد آوری کی ممکن نہوئی ناچار مع سات آٹھ ہزار سوار اور بہت پیادہ تفنگچی جرار اور تین سو فیل جو راے زادہ کی رکاب مین تھے سلطان کے مقابلہ اور مقاتلہ کیواسطے چلا یوسف مصر شجاعت اور جلادت نے بھی اُسے فرصت نہ دی شیر ببر کی طرح اُسکے قلب پر تاخت لایا اور دلیران زرخواہ چین جنگ جبین شجاعت پر ڈالکر بازو تیغ دسنان سے کھولے اور گھوڑون کی سم کے صدمہ سے غبار معرکہ کو مہر وماہ کے چہرہ کا نقاب کیا و بہرام خون آشام جو جلاد فلک مینا فام ہی انگشت بدندان ہوا اور شہسوار میدان افلاک جو تخت نشین ایوان اس نیلی حصار کا ہی آب وعرق دہشت مین غرق ہوا **نظم** برچرخ بردبا د فنا خاک معرکہ ٭ بر آب دادہ آب حیات آتش سنان ٭ پیکان چو عشق در حرم دل گرفت جا ٭ ہر جا کہ چو عقل قبۂ سر ساختہ مکان ٭ گہ تیر ہمچو غمزہ دلدار دلربائے ٭ گہ نیزہ ہمچو قامت جانان روان ستان ٭ بر کشتگان معرکہ بر رسم تعزیت ٭ چشم زرہ چو دیدۂ عشاق جانفشان ٭ ادھر سلطان عادل شاہ مثل شیر گرسنہ جس غول پر جاتا تھا لاشون کا ڈھیر نظر آتا تھا زخمی فرار ہوتے تھے ادھر تیمراج شیر غران کی طرح کف در دہان مستانہ وار قتل عام مین مصروف تھا خلاصہ یہ کہ وہ دونون شیر تا دیر سرگرم گیرودار رہے آخر کار نسیم عنایت مہب وما النصر الا من عند اللہ سلطان عدالت نشان کے پرچم رایت ظفر آیت پر چلی سعادت اقبال دوا سپہ موکب جاہ وجلال کے استقبال کو پہونچا اور خلعت فیروزی کا کارخانہ نیصر من یشاء اُسکے قامت قابلیت پر راست اور درست آیا اور زمانہ اس ترنم سے مترنم ہوا **نظم** چہ پرتوست کہ اقبال در جہان افگند ٭ چہ غلغلست کہ دولت بر آسمان افگند ٭ چہ منت ست کہ در گردن زمین وزمان ٭ طلوع رایت شاہنشہ جہان افگند ٭ دو سو ہاتھی اور ہزار گھوڑے اور تین لاکھ ہون اور جواہر آلات کے سوا اور بھی اسباب اور متاع نفیسہ اُسکے تصرف مین آیا علے زادہ

اور تیمراج بادل غمگین وحال اتبر بیجانگر کی طرف راہی ہوئے اور راے زادہ کہ تیر کا زخم جگر دوز سینہ مین رکھتا تھا
اثناے راہ مین فی النار ہوا اور تیمراج اُس ملک پر مسلط ہوا اور امراے دولتخواہ نے اُس سے روگردان ہوکر
علم مخالفت بلند کیا یوسف عادلشاہ فرصت پاکر عرصۂ قلیل مین قلعۂ مدکل اور رایچور کا کفار کے قبضہ سے
برآوردہ کرکے اپنے معتمدون کے سپرد کیا اور مظفر ومنصور ہوکر بیجاپور کیطرف معاودت فرمائی ملا محمد قاسم ہندوشاہ
کہتا ہے کہ مین نے شاہ میر بستور خان گردے سے کہ مرد کہن سال تھا اور اسمٰعیل عادل شاہ کی خدمت مین رہتا
تھا سنا ہے یوسف عادل شاہ کو جب بیجانگر کے راستہ مین شکست ہوئی ایک بلندی پر کہ وہان سے قریب تھی
جاکر پھر طبل جنگ پر چوب ماری اس صورت مین مردم پراگندہ اُسکے پاس فراہم ہوئے اور تین ہزار مرد غریب
اور ترک سے اُسکے نشان کے نیچے ظاہر آئے اُسوقت از روے حیلہ تیمراج کو یہ پیغام دیا کہ راے بیجانگر شاہ بزرگ
ہے اور مین اپنی جنگ سے پشیمان ہون اور اگر عذر تقصیر پذیر اکرے اور مجھے اپنے مسودون سے شمار کرکے یہ ملک
میرے سپرد فرماے ہمیشہ جادۂ اطاعت اور متابعت مین مستقیم رہونگا تیمراج نے فریب کھاکر یہ امر قبول کیا اور صلح
اور ایفاے عہد وپیمان کیواسطے راے زادہ کے اتفاق سے مع دو تین ہزار آدمی لشکر سے جدا ہوکر اور دریا کے کنارے
آنکر بیٹھا اور یوسف عادل شاہ مع چار سو آدمی انتخابی اُسکے پاس گیا اور مقصود سے کچھ گفتگو کی اور لوازم عذرخواہی
بجالایا اور راے زادہ کے پاس سے برخاست کی اور نفیر سہرکج یعنے کرنا ے کہ خاصہ اُسکی تھی اور روز جنگ کے
سوا اسے نہ بجاتے تھے آنحضرت کے حکم کے بموجب اسی وقت پچونکی جوان اور بہادر کہ اُسکے ہمراہ تھے اور ہر ایک
آپکو مثل فوج کے شمار کرتا تھا کرنا کی آواز سنکر سمجھے کہ آتش جنگ افروختہ ہوئی سب نے ایکبارگی دست بشمشیر ہوکر تیمراج
پر حملہ کیا جو کہ امراے بیجانگر یوسف عادل شاہ کے فریب سے غافل تھے ہر ایک چند ملازمین سے انکا ایک جگہ جمع ہوئے تھے
ناچار بنفس نفیس جنگ کے مرتکب ہوئے اور اپنے سینے سپر تیر بلاے صاحب ولی نعمت کیے اور راے زادہ کو مع
تیمراج بھاگنے کی ہدایت کی الغرض سترہ نفر بیجانگر کے امرا اور اعیان مملکت سے مقتول ہوئے اور شاہ عدالت پناہ نے
اُسدن چھ نفر دشمنون کو اپنے دست زبردست سے مجروح اور بے روح کیا اور اُسکے تمام ملازمون نے نہایت جوانمردی اور
بہادری سے جمعیت اعدا کو متفرق اور پریشان کیا اور جب کفار کو مہلت گردآوری کی نہ ملی تو اُنکا سب خزانہ اور گھوڑے اور
ہاتھی بندگان معدلت نشان کے ہاتھ آئے نظم ہمی تا بگردانی انگشتری ✤ جہان را دگرگون شود داوری ✤ یکے را برآری و
شاہی دہی ✤ دگر را بدریا بماہی دہی ✤ یکے را بزر ہمچو قارون کنی ✤ دگر را بناخن جگر خون کنی ✤ نہ با آنت مہر و نہ با اینت کین ✤ کہ
بہ دان تو ئی ای جہان آفرین ✤ اُسکے بعد اُسی مقام مین سو بیچک بہادر کو امارت دیکر خطاب بہادر خانی سے معزز اور سرفراز
فرمایا اور پچاس ہاتھی اور ایک لاکھ ہون اُسے بخشے اور تسخیر لو تخلیص قلعۂ مدکل اور رایچور پر مامور کیا اور سو بیچک بہادر نے
اُن ملعون کو حسن تدبیر اور قول دامان سے چالیس دن مین مسخر اور مفتوح کیا شاہ عدالت پناہ اس حدود سے کوچ کرکے
مرکز دولت کی طرف سوار ہوا اور چلنے اس نسیم فتح نامدار اور ہاتھ آئے خزانہ اور فیل واسپ بسیار راے بیجانگر سے سرنو
آوازہ ابہت اور شوکت شاہ فلک اقتدار کا صغار وکبار کے دل مین جاگزین ہوا اور اُسکے نہال اقبال نے نشوونما
تمام قبول کی وضیع وشریف اُسکی شاہی سے راضی اور شاکر ہوئے اور آنحضرت نے بیجانگریون کے غنائم سے دو دست
جامہ ملبوس بزرگ اطراف اُس کے قطعاے مرصع سے آراستہ تھے اور چار گھوڑے کہ زین ولجام مرصع رکھتے تھے اور

اُنکے ہاتھ اور پاؤن مین نعل زرین بستہ تعین شاہ محمود بہمنی کیواسطے بسم ہدیہ بھیجے اور اُسکے بعد بہادر گیلانی کے دفع کی فکر اور قلعۂ جام کھنڈی کے استخلاص مین ہو کر چاہتا تھا کہ رایات نصرت آیات کو نہضت فرماوے اس درمیان مین محمود گجراتی نے ایلچی تیز زبان خیرہ سر شاہ محمود بہمنی کے پاس بھیجا چونکہ بہادر گیلانی اور اُسکے آدمیون نے جہاز گجرات کو جو مکہ معظمہ کی طرف جاتا تھا از راہ مزاحمت بیجا اُسے روکا تھا لہذا بذریعہ ایلچی شکایت کی اور سخت پیغام کیا کہ اگر تمسے وہ قطاع الطریق یعنے رہزن دفع نہین ہوتے تو ہمین اطلاع کرو تو ہم ایک سردار کو بھیجکر نیست و نابود کرین اور شاہ محمود بہمنی قاسم بریدترک کی ہدایت کے بموجب عبدالملک شستری کو کہ مشاہیر اُس دولتخانہ سے تھا یوسف عادلشاہ کے پاس بھیجکر بہادر گیلانی کے دفع کے واسطے طالب کمک ہوا یوسف عادلشاہ منصوبہ خدا سے چاہتا تھا شاہ پر احسان کرکے پانچہزار سوار انتخابی بسرداری کمال خان دکنی نہایت سامان اور تجمل کے ساتھ شاہ کی مدد کو بھیجے اور اس سبب سے کہ بہادر گیلانی نے داعیہ یوسف عادل شاہ کا اپنے دل مین تصور کرکے جام کھنڈی کے اطراف مین نزول کیا تھا شاہ آب کشنہ سے عبور کرکے اس طرف متوجہ ہوا بہادر گیلانی تاب مقاومت نہ لاکر تلگوان کی طرف بھاگا اور شاہ محاصرہ مین مشغول ہوا اور بعد دو مہینے کے قلعہ کو بامان مسخر کیا اور چاہا کہ خواجہ جہان بہبہانی المخاطب بقطب الملک کے تفویض کرکے آگے بڑھے کہ قاسم بریدترک مانع آیا اور عرض کی کہ قلعہ یوسف عادل شاہ سے تعلق رکھتا ہی اولی یہ ہی کہ اُس کی خوشنودی مین کوشش کرکے اُسکے ملازمین کے سپرد کرین شاہ کو یہ بات طبیعت کے موافق پڑی قلعہ کمال خان دکنی کے سپرد کیا اور چونکہ بہادر گیلانی اس خوف سے کہ مبادا یوسف عادل شاہ دوسری طرف سے اُسکی ولایت مین در آوے قصبہ کنکر کی طرف آیا تھا شاہ اس طرف متوجہ ہوا بہادر گیلانی کلہر اور پنالہ مین پناہ لیگیا اور استعداد جنگ مین کوشش کی اُسکے بعد شاہ اس حدود مین گیا اور جنگ کا اتفاق پڑا اکثر لوگ بہادر گیلانی کے لشکر سے شاہ کی ملازمت مین آئے اور بہادر گیلانی کہ بارہ برس سے نقارہ بہادری کا بجاتا تھا سہلترین وجہ سے قتل ہوا سلطان بعد سیر سواحل دریاے کوکن بیجاپور کی حوالی مین پہونچا یوسف عادلشاہ نے غضنفر بیگ آقا کو مع ایک جماعت اعیان سے اُردوے شاہ مین بھیجکر التماس قدمبوس کی اور شاہ بمشورہ قاسم بریدترک اردو احمد آباد بیدر کی طرف روانہ کرکے خود تھوڑے آدمیون سے بیجاپور کی طرف متوجہ ہوا اور یوسف عادل شاہ استقبال کے واسطے چلا شاہ کو باعزاز و اکرام تمام شہر مین لایا دس روز تک قلعہ راک ارک بیجاپور مین کہ اُسی عرصہ مین کچ و سنگ سے بزودی تعمیر ہوا تھا عمارت گگن مین وارد کرکے ضیافت کا لائق حال شاہان کبار رہا ظہور مین پہونچائی اور بیس فیل کوہ تمثیل اور پچاس گھوڑے اور چار عنبر چہ مرصع اور بھی تحائف نفیس بر سم پیشکش نظر شاہ مین در لایا اور شاہ نے ایک فیل میانہ قبول کیا اور باقی واپس بھیجکر مخفی یہ پیغام کیا کہ یہ چیزین میرے پاس رہینگی قاسم بریدترک لیگا بہتر یہ ہی کہ بطریق امانت اپنے پاس نگاہ رکھین اور جب مجھے اُسکے تسلط سے رہا کرین تب مجھے تسلیم فرماوین یوسف عادل شاہ اگرچہ قاسم بریدترک کے دفع پر قادر تھا لیکن صلاح دولت اپنی اس مین نہ دیکھی جواب دیا کہ یہ کام بے اتفاق ملک احمد نظام الملک بحری اور فتح اللہ عماد الملک کے صورت پذیر نہین ہی آپ اپنے تختگاہ دولت کی طرف تشریف لیجاوین مین دونون کو متفق کرکے اسطرف آتا ہون اور آپ کے حسب منشا کا علاج کرتا ہون شاہ اس نوید سے بمقتضاے مصرعۂ ہذا مصرع گرچہ یقین نیست گمان ہم خوش است بسرور ہوا اور

یوسف عادل شاہ نے روز وداع پچیس ہزار ہون نقد پوشیدہ شاہ کو پہونچائے اور قاسم بریدترک اور قطب الملک ہمدانی کو ہر ایک لائق سے خرسند کرکے پھیرا اور سنہ ۹۰۱ نوسو ایک ہجری مین دستور دینار خواجہ سرا حبشی کہ حسن آباد گلبرگہ اور ساغر اور اتکرا ور الندراور کنجولی اور جمیع پرگنات اور قلعہ مابین آب بہیورہ اور تلنگ تصرف مین رکھتا تھا چاہکر خود بھی اورون کی طرح صاحب سکہ ہوے اسواسطے رابطہ آشنائی ملک احمد نظام الملک بحری کے ساتھ استوار کیا اور یہ پیغام دیا کہ فتح اللہ عماد الملک یوسف عادل شاہ کی کمک سے مملکت برار حیطۂ تصرف مین لاکر زمام شاہی اپنے قبضۂ اقتدار مین رکھتا ہی عجب نہین کہ یہ دوست صادق الاخلاص بھی تمھاری اعانت کے باعث منصب شاہی پر فائز ہوکر بلند آوازہ ہو چونکہ ملک حسن نظام الملک بحری نے دستور دینار کو اپنا فرزند کہا تھا اوسکی لازم جانکر اسکی اجازت دیدی اور دستور دینار نے خطبہ اس ولایت کا اپنے نام پڑھا اور بہت قصبات اور مواضع پر جو تحت دار الخلافت تھے متصرف ہوا اور قاسم برید ترک کے آدمیون کو اُس حدود سے باہر نکالا اور قاسم برید ترک نے مضطرب ہوکر شاہ کو اُسپر آمادہ کیا کہ یوسف عادل شاہ سے کمک طلب کرے یوسف عادل شاہ نے قبول کیا غضنفر بیگ آغا کو مع امراے معتمد مدد کے واسطے بھیجا اور شاہ کو لکھا کہ اگر مین بذات خود آتا ملک احمد نظام الملک بحری بھی دستور دینار کی کمک کو ضرور لشکر کش ہوتا اور قصہ طول پکڑتا آپ کسی طرح کا گمان نہ فرماوین اُس میان مین خبر پہونچی کہ خواجہ جہان دکنی کہ شجاعت اور مردانگی مین مشہور تھا ملک احمد نظام بحری کے فرمانے سے خلاصہ لشکر احمد نگر ہوکر بہ سرعت تمام آتا ہی اور ملک احمد نظام الملک بحری بھی سفر کی تیاری مین آمادہ ہی عند الضرورت خود بھی دستور دینار کی کمک کے لیے نہضت کریگا یوسف عادل شاہ نے صلاح اس مین دیکھی کہ خود بھی توجہ کرے چنانچہ جلد تاخت کرکے اپنے لشکر سے ملحق ہوا اور قاسم برید ترک کو تعجیل طلب کرکے باتفاق دستور دینار کے حرب مین مشغول ہوا اور دستور دینار آٹھ ہزار سوار خاصہ اپنے اور بارہ ہزار سوار ملک احمد نظام الملک بحری اور خواجہ جہان کے ہمراہ لیکر میدان حرب مین روانہ ہوا اور بہادرانہ آتش حرب کو مشتعل کیا لیکن بخت کی عدم مساعدت سے شکست کھاکر دستگیر ہوا اور قاسم ترک نے شاہ سے کہکر حکم اُسکے قتل کا حاصل کیا لیکن یوسف عادل شاہ نے قاسم برید ترک کی خواہش کے خلاف آدمی شاہ کی خدمت مین بھیجکر سفارش کی اور اُسے بحر فنا کے لطمہ سے بچاکر ساحل نجات پر لایا اور حسب عمل درآمد قدیم جاگیر احسن آباد گلبرگہ اسپر مقرر فرمائی پھر عازم مراجعت ہوا اور شاہ کی بغیر ملازمت بیجاپور کی طرف متوجہ ہوا شاہ اور دستور دینار بھی اپنے مساکن کی طرف روانہ ہوئے اور ملک احمد نظام الملک بحری کہ دستور دینار کی حمایت کیواسطے پرگنہ بیر کے اطراف مین پہونچا تھا وہ بھی اُس مقام سے احمد نگر کی طرف پلٹ گیا اور سنہ ۹۰۲ نوسو دو ہجری مین شاہ محمود بہمنی نے یوسف عادل شاہ کی دختر مسماۃ بی بی ستی کو جو طفل گہوارہ تھی اپنے فرزند شاہزادہ احمد کے واسطے خواستگاری کی اور اتفاق جشن وطوی کیواسطے بلدۂ حسن آباد گلبرگہ کو اختیار کیا شاہ اور عادل شاہ اس طرف روانہ ہوئے اور دستور دینار حضرات کے حسن آباد گلبرگہ کی توجہ سے متفکر اور متوہم ہوا اس وقت عادل شاہ نے مخفی شاہ کو پیغام بھیجا کہ دستور دینار کے پرگنون کے سبب میرے اور شاہ کے درمیان مین فاصلہ واقع ہوا ہی اگر آنحضرت بادشاہی قاسم برید کے دفع کا ارادہ دل مین رکھتے ہین تو مناسب ہی کہ وہ پرگنے میری جاگیر مین مقرر فرماوین تو بسبب اُس بہانہ کے ایک جماعت مردم عمائد سے وہان نگاہ رکھکر دست

کیوقت تاخت کردن اور قبل اُسکے کہ ملک احمد نظام الملک بحری خبردار ہو قاسم برید ترک کو درمیان سے اُٹھا دون اور جیسے ہی بادشاہ نے اجازت دی یوسف عادل شاہ اس محال پر قابض اور متصرف ہوا اور دستور دینار قاسم برید ترک کے پاس پناہ لیگیا اور قطب الملک ہمدانی جو اُس سفر مین ہمراہ تھا یوسف عادل شاہ سے متفق ہوا اور قاسم برید ترک خائف اور ہراسان ہوکر دستور دینار اور خواجہ جہان دکنی اور ایک جماعت امرائے ہند سے شاہ کی ترک رفاقت کرکے الندر کیطرف راہی ہوئے یوسف عادل شاہ قطب الملک ہمدانی کو ہمراہ رکاب لیکر اُنکے تدارک کو گیا اور حرب شدید اور معرکہ عظیم کے بعد غالب آیا اور امراء منہزم اور منکسر ہوکر اطراف مین مفرور ہوئے اور شاہ نے جنگ گاہ مین خالیچہ زربفت کا بچھا کر اور شاہ عدالت پناہ کا ہاتھ پکڑکر بیٹھنے کی تکلیف دی اور عدالت پناہ بعد مبالغہ اور تواضع اور انکسار شاہ کے ہمراہ ایک فرش پر متمکن ہوئے اور ہر قسم کے حرف و حکایت درمیان مین لائے آخر یہ قرار پایا کہ دوسرے برس باتفاق ملک احمد نظام الملک بحری اور فتح اللہ عماد الملک لشکر کھینچ کر ایکبار گی قاسم برید ترک کو متاصل کرین اور چونکہ ملک الیاس اُس جنگ مین مقتول ہوا تھا یوسف نے جاگیر و منصب اُسکا اُسکے بڑے بیٹے سیان محمد کے نام مقرر رکھا اور عین الملک خطاب دیا پھر لشکر سلطان کو وداع کرکے دار الخلافت بیجاپور مین آیا اور دوسرے برس دستور دینار کے اخراج کی عزیمت کرکے لشکر کش ہوا اور چونکہ ملک احمد نظام الملک بحری برق دباو کیطرح جلد دستور دینار کے کمک کو پہنچا یوسف عادل شاہ بیدر کے اطراف مین جاکر قطب الملک ہمدانی اور فتح اللہ عماد الملک سے مدد چاہی ملک احمد نظام الملک اس اندیشہ سے کہ جھگڑا طول نہووے فرش نزاع لپیٹ کر احمد نگر کیطرف گیا اور دوسرے برس یوسف عادل شاہ کی رائے رزین اور عقل دوربین نے یہ اقتضا کیا کہ ملک احمد نظام الملک بحری سے دوستی کی بنیاد ڈالکر توسیع ملک مین کوشش کرے اسواسطے ایلچی ملک احمد نظام الملک بحری کے پاس بھیجکر یہ لکھ بھیجا کہ مملکت دکن ایک سرائے محقر ہے ان تمام حکام کی گنجائش نہین ہمتی جبتک فرصت ہے تم پرندہ اور دولت آباد اور دہور اور کالنہ اور پونہ اور چاکنہ پر قابض ہوا اور مین دستور دینار اور عین الملک کی جاگیر پر متصرف ہون اور عماد الملک جاگیر خداوند خان حبشی کو اپنے خیل مین لاوے اور قطب الملک ہمدانی مملکت تلنگ کو حوزۂ تصرف مین رکھے اور تختگاہ بیدر مع قلیل مضافات اُسکی قاسم برید ترک کے متعلق ہووے اور کوئی شخص دوسرے کی اہانت اور حمایت نہ کرے اور ہمین کمال اتحاد اور یگانگی رکھتے رہین اب ناظرین احوال حکام دکن پر مخفی اور محتجب نہ رہے کہ جب دولت بہمنیہ مین تزلزل واقع ہوا تو صوبہ دارون نے اپنے استحکام اور تقویت مین کوشش کی اور جو شخص کہ جہان کا حاکم تھا اپنی گردآوری مین مصروف ہوا اور انا ولاغیرہ کا بیگانہ دوسرے کے حال پر متوجہ نہوتا تھا چنانچہ گیارہ نفر جداگانہ ایک مملکت کو اپنے قبضہ تصرف مین درلائے یوسف عادل شاہ بیجاپور کو اور ملک احمد نظام الملک بحری جنیر کو اور فتح اللہ عماد الملک برار کو اور قطب الملک ہمدانی تلنگ کو اور اُنکے علاوہ جانب غربی بیجاپور سے کنارے دریاے شور تک کے پرگنے بزرگ مثل مرج اور گلبرگہ اور کلہر اور قلعہ سنگین و متین مانند پالہ اور کودہ کو بہادر گیلانی اپنے تصرف مین درلایا تھا کہ بعد اُسکے مقتول ہونے کے شاہ محمود بہمنی کے حکم کے موجب ملک الیاس المخاطب بعین الملک مقرر ہوا اور اُسکے بعد اُسکے بڑے بیٹے سیان محمد کے نام کہ اُسنے بھی خطاب عین الملکی پایا تھا قرار پکڑا اور بیجاپور کیطرف جنوبی یعنی نہر سوارہ اور پائے تخت بیدر کے درمیانی

عمدہ عمدہ پرگنے مثل کنچولی اور الند واحسن آباد گلبرگہ اور بالکاہی اور بلی اور کھیر اور حیونی وغیرہ دستور دینار اپنے قبضہ قدرت مین دولایا اور ان دونون کو یوسف عادل شاہ نے درمیان سے دفع کرکے اس ولایت کو اپنی ولایت مین منتظم کیا چنانچہ آیندہ بیان آویگا اور ملک احمد نظام الملک بحری کے پہلو مین بھی دو شخص نے علم استقلال بلند کیا تھا ایک خواجہ جہان دکنی کہ قلعہ پرندہ اور شولاپور اور ولایت نواحی ان دو قلعہ کی اُس سے اور اُسکے بھائی زین خان سے متعلق تھی دوسرا زین الدین علی تاش کہ پونہ اور چاکنہ اور رہمار کونڈہ اور قلعہ دیدار اجپوری پر متصرف تھا اور قلعہ اور ولایت دولت آباد کو بھی دو بھائی ملک وجیہ اور ملک اشرف اپنے قبضہ مین رکھتے تھے اور حکمًا اس ولایت کو جیسا کہ عنقریب مذکور ہوگا ملک احمد نظام الملک بحری نے دفع کیا اور صوبہ برار مین بھی خداوند خان حبشی فتح اللہ عماد الملک کا شریک تھا اور مہکر اور توماراور کلم اور قلعہ ماہور تصرف مین رکھتا تھا اُسکو فتح اللہ عماد الملک نے مستاصل کیا اور پائے تخت بیدر مین قاسم بریدترک نے نہایت تسلط اور استقلال بہم پہونچایا تھا القصہ بعد رسل و رسائل اور قرار مدار بطریق مذکور یوسف عادل شاہ نے اولًا فرمان سیان محمد المخاطب بعین الملک کی طلب کو بھیجا اور چونکہ یوسف عادل شاہ ساتھ اُسکے کتابت نہین رکھتا تھا اس فرمان کے ورود سے نہایت شاد اور محظوظ ہوا اور کہنے لگا کہ اب میری خاطر جمع ہوئی اور مین نے جانا کہ آنحضرت نے مجھے اپنے دولتخواہون مین تصور فرماکر ساتھ ایسی عنایت کے سرفراز فرمایا ہی پھر قلعہ کودہ مین ایک ہفتہ لوازم شادمانی اور جشن کرکے بلاتوقف داہنہال چھ ہزار سوار مسلح اور مکمل ہمراہ لیکر بیجاپور کی طرف روانہ ہوا اور اس بتہ یوسف عادل شاہ نے اُسکا سلام بطرز سلاطین لیکر اُسکو ساتھ اسپان تازی نژاد اور خلعت خاص کے ممتاز کیا اور دستور دینار نے معاملہ دگرگون دیکھکر امیر بریدکو کہ انھین دنون اپنے باپ کے عہدہ پر قائم مقام ہوا تھا لکھا کہ سنت سنیہ پر عمل کرکے میری معاونت مین حتے المقدور کوشش فرمائے اس سبب سے امیر بریدنے تین ہزار سوار اُسکی کمک کے واسطے بھیجے اور دستور دینار نے بعزم مدافعت اور ممانعت نہر سمنورہ کے کنارے خیمہ اور خرگاہ برپا کیا اور خواجہ جہان دکنی کہ وہ بھی دستور دینار کی طرح داعیہ سرداری کا رکھتا تھا چاہتا تھا کہ ملک احمد نظام الملک بحری کے مظاہرت سے سلک فرمان روایون مین منسلک ہووے اور ان حضرات کے مشورہ سے آگاہ تھا اور ملک احمد نظام الملک بحری اور یوسف عادل شاہ سے رنجیدہ ہوکر باتفاق اپنے بھائی زین خان کے دستور دینار کی معاونت کو فرض جانتا تھا اور جب اُسنے دیکھا کہ ملک احمد نظام الملک بحری قلعہ دولت آباد کی تسخیر مین اور سلطان محمود شاہ گجراتی کے خرخشہ مین مشغول ہی فورًا بانخاطر جمع پانچہزار سوار لیکر دستور دینار کے پاس پہونچا اور وہ سپاہ فراہم ہونے سے نہایت مغرور ہوا اور زبان لاف وگذاف مین کھولی اور ہتھیار لشکر پر تقسیم کیے اور جب یہ خبر شاہ گردون اقتدار کے سمع مبارک مین پہونچی اسکو فتوحات غیر متناہی کا باعث جانکر ضیاے توجہ خاطر انور کی دفع اعداے ظلمت پیرا پر ڈالی اور باوجود وخورا ستعداد دشمن کے قصد مقاتلہ اور مجادلہ کا کیا اور جوانہ کار اسے بیجانگر سے دستیاب ہوا تھا بیدر بلغ سپاہ پر تقسیم کیا اور تاکید تمام مع لشکر ظفر اثر دستور دینار کے لشکرگاہ کیطرف روانہ ہوا اور غنیم کے لشکرگاہ سے پانچ فرسنج پر خیمہ وخرگاہ مرتفع کیا اور دوسرے دن فرمان قضاجریان کے موافق عساکر نصرت مظاہر نے نہایت

شوکت وشان سے بادپایان کوہ وقار پرسوار ہوکر آواز نقارہ اور کوبرکہ اور یرغو کے گنبد چرخ اخضر پر ڈالی اُس کے
بعد شہریار یوسف عذار اور مؤید تبائید کردگار بنفس نفیس توسن فتح وظفر پرسوار ہوا اور یمین ویسار لشکر فیروزی اثر
کو بغور ملاحظہ کرکے ان مین سے دو ہزار جوان تیرانداز اور دو ہزار سوار نیزہ باز تیغ گذار نظم گروہے ہمہ پر دل و
پہلوان پخالف شکار دمالک ستان ٭ توانا تن وزورمند ودلیر ٭ بہیکل بہ نیروچہ پیل وچہ شیر ٭ انمین سے ہرایک کو
چھانٹ کے قسم قسم کے تلطف اور مرحمت سے نوازش فرمایا اور اپنے بھائی غضنفر بیگ کو اس مقدمہ لشکر کا سردار
کرکے پیشتر روانہ کیا اور یہ حکم دیا کہ مخالف کے ایک فرسخ پر نزول کرکے خیمہ اور سراپردہ اور طناب طناب
کھینچکر اول ہاتھ محاربہ مین درلوزنہ کرکے بپائے عجلت اور قدم سرعت اُسکے مقابل نہ جائیو بلکہ ایک اپنے ملازم
کو جو وفور دانش مین اتصاف رکھتا ہو دستور دینار کے پاس بھیجکر اطاعت اور فرمان برداری کی ترغیب اور
تحریض کرنا اگر وہ بخت بلند کی ہدایت سے محمد عین الملک کیطرح سرہماری دولت روزافزون کے حلقہ مین لاوے
تو اس دولتخانہ سپہر نشانہ کی مسند امارت حشمت پر متمکن ہوکر سرآمد اوج عزت اور عظمت مین پہونچا دیگا اور اگر نادانی
اور بتہ کاری سے ہمارے پیغام سے سرتابی کرکے سرمہ نکبت کا دیدہ بصیرت مین کھینچے تو مثل خداوند خان
حبشی کے دیدۂ جہان بین اُسکا تیرہ تر شب یلدائے ہجر اور سیاہ تر تیرہ روزگار رفقر سے ہوگا غضنفر بیگ نے
گوہر کلام اُس خورشید احترام کا صدف ضمیر مین جاگزین کیا اور امتثال امر مین مبادرت کرکے جب اسطرف پہونچا
ایک دو فرسخ مخیم غنیم سے سراپردہ اجلال وتمکین کو بسیط زمین پر کھینچکر مراسم ارسال رسل ورسائل مین مشغول ہوا
اور چونکہ آئینہ دولت دستور دینار کا زنگ زدۂ نکبت تھا مشاہدہ چہرہ اقبال اور تمیز میان صواب وخطا سے محروم
اور بے بہرہ رہا اور جواب بیکار سے سلسلہ اپنی حشمت کا توڑکر فوراً آتش ناسازی اور ناہنجاری کی اشتعال مین
مشغول ہوکر منفذ صلح اور آشتی کا مسدود کیا اور چھ ہزار سوار مسلح اور مکمل شعر ہمہ تند وکینہ کش وتیز چنگ ٭
بہ نیروے شیر دلجاج پلنگ ٭ غضنفر بیگ کے مقابلہ اور مدافعہ کے واسطے روانہ کیے اور اس شیر بیشہ تہور
واقتدار نے اس اطوار کے مشاہدہ سے دریافت کیا کہ آگ ہندیون کی بغیر استعمال شمشیر آبدار ساکن نہوگی
اور سیلاب طغیان حبشیون کا بے حملہ مردان دلاور نہ گھٹیگا اسواسطے جواب سیاہ اشرار کا رجوع تیغ آبدار
اور سنان آتشبار سے کرکے نشان محاربہ اور مجادلہ کا بلند کیا نہنگ خدنگ نے کمین گاہ سے منھ کھولکر
شیوہ خونخواری ظاہر کیا اور اژدہاے سنان نے دندان زہرآلود سے طریق جفاکاری کا نمود اکیا۔

مثنوی زخون گشت روے زمین پرنگار ٭ زپیکان دل وجسم کیوان فگار ٭ سنان را دل زمہ زندان شدہ ٭
برامید ہا مرگ خندان شدہ ٭ زبس خون کہ ہرجاے پاشیدہ شد ٭ زمین ہمچو روے خراشیدہ شد ٭ بعد کشش
اور کوشش فراوان خندۂ تیغ ترکان غضنفر توان سے چہرہ فتح وفیروزی خندان ہوا اور گرد ادبار کی رخ
ارباب ظلمت سرشت پر بیٹھی کہ ہزیمت کو غنیمت جانکر دشت ادبار مین آوارہ ہوئے اور اکثر ہاتھی اور گھوڑے
اُنکے غضنفر بیگ کے ہاتھ آئے سپاہ ظفر پناہ غنائم بیشمار سے صاحب سامان اور متمول ہوئی اور مخبر اقبال
نے بجناح استعجال اس فتح کی خبر کرنی الحقیقت وپیشانجہ فتوحات تھی موقف عرض بارگاہ سلطان یوسف خسرو
نشان مین پہونچا کر اس کلام کے موافق متکلم ہوا قطعہ این مراتب کہ دیدۂ جزو لیست ٭ کاکلی ہنوز در قدرست ٭ باش تا صبح

دولت بدد پکین ہمہ از نتائج سحرست ۔ دوسرے دن جب شہنشاہ مشرق نے کمین گاہ افق سے نشان نمود بلند کیا اور تیغ رومی نے روسیاہ ہندی کا سر جدا کیا رایات نصرت آیات کو صبح مراد یوسف شاہی نے اس موقف سے بعزیمت محاربہ دستور دینار نہضت کی اور بعد وصول بمقصد میمنہ پر غضنفر بیگ اور میسرہ پر حیدر بیگ تبریزی اور مقدمہ پر میرزا جہانگیر بیگ قمی مقرر ہوا سلطان فیروزی نشان نے لیک فوج دلاوران صفدر اور صف شکنان دلاور کے ساتھ قلب مین قیام پکڑا اور اُسطرف دستور دینار نے بھی کثرت و اقرنی خیل وحشم پر مغرور ہوکر جبہ اور جوشن اور تمام آلات حرب سپاہ پر تقسیم کیے اور فیلان مست جابجا مقرر کیے اور عرابے توپ و تفنگ اور بان اور ضرب زن افواج کے آگے نصب کرکے بدستور و آئین ہند صفوف آراستہ کین طالبان نام و ننگ نے جانبین سے آتش جدال و قتال افروختہ کی اور دھوئین کی تاثیر سے کرۂ زمہریر کو جوش مین لائے اور شرارۂ سروش سے خرمن ماہ کو جلاکر جرم فلک کو پگھلایا **مثنوی** دو خیل از دو سو در خروش آمدند ۔ دو دریاے آتش بجوش آمدند ۔ چو گشت از دو سو لشکر آراستہ ۔ جہانے بہ پرخاش برخاستہ ۔ یلان رایت کین برافراختند ۔ گوزنان بسوزاندر انداختند ۔ میرزا جہانگیر نے جو سب سے آگے تھا بیشتر سب سے برق کے مانند اور صاعقہ کیطرح اعدا پر حملہ کرکے بہتون کا خرمن حیات باد فنا سے برباد کیا اسوقت غضنفر بیگ اور حیدر بیگ جرانغار و بیرانغار سے گھوڑے تازی نژاد جولان کرکے دشمنون پر حملہ آور ہوئے اور دونون طرف کی سپاہ ملکئی تن و سر جدا ہونے لگے تیر و شمشیر گرز و تبر چلنے لگے بہادرون نے جنگ عظیم کے ہنگامہ سے محشر بپا کیا میدان جانستان مین سیلاب خون روان تھا تیر و نیزہ سے دلاورون کا بدن گلگا رتھا ہر طرف لاشون کا انبار تھا **مثنوی** جہان درہم آویختند آن سپاہ ۔ کہ از گرد شد روے گیتی سیاہ ۔ ز بس قتل ردے زمین خون گرفت ۔ فلک اندران چہرہ رنگی نگفت ۔ عاقبت الامر تائیدات یزدانی اور نیروی دولت قاہرۂ سلیمانی سے دستور دینار معرکہ مین مقتول ہوا اُسکی سپاہ نے درہم برہم ہوکر راہ فرار نا پی اور فیلان کوہ پیکر معرکہ مین چھوڑے گلزار مملکت زاغ و زغن کے وجود سے پاک ہوا **مثنوی** خداداد فرصت شہنشاہ را ۔ بہزیمت درافتاد بدخواہ را ۔ چو بر دشمنان شاہ شد کامگار ۔ شد از خرمی کارا و چون نگار ۔ بشکر خدا روے بر خاک سود ۔ ز سیر وزی ازو در پاک بود ۔ غضنفر بیگ کہ زخم تیر کا پیشانی حیات پر رکھتا تھا باتفاق امرا و ارکان دولت دو زانو بیٹھکر مراسم تہنیت بجالایا اور نقود و افر و جواہر متکاثر اُسکے فرق ہمایون پر نثار کیا اور لوازم خدمتگاری بجالایا اور دعا و ثنا پیش پہونچایا اعلے حضرت عدالت پناہ نے اپنے بھائی کا مکان کے سر و چشم پر بوسہ دے کر آغوش مین لیا اور اپنے دست مبارک سے اُسکے زخم پر مرہم رکھکر معالجہ مین مشغول ہوا لیکن سود مند اور اثر پذیر نہوا موافق اس کلام معجز نظام کے اِذَا جَاءَ اَجَلُہُمْ لَا یَسْتَاْخِرُوْنَ سَاعَۃً وَّلَا یَسْتَقْدِمُوْنَ تین شبانہ روز کے بعد شربت شہادت چکھکر عالم باقی کی طرف خرامان ہوا غضنفر بیگ بروایتے برادر اعیانی یوسف عادل شاہ کا تھا اور بروایتے جیساکہ مذکور ہوا یوسف عادل شاہ کا برادر رضاعی ہوتا تھا روم سے سادہ مین آیا تھا قصہ کوتاہ شہریار نے بعد لوازم ماتم و عزا صبر و شکیب کرکے سایہ توجہ کا شعشعہ دنیوی پر ڈالا قلعہ حسن آباد گلبرگہ اور ساغر اور راہنگر اور تمام ممالک دستور دینار کے اپنے حوزۂ تصرف مین درلایا اور مردمان معتبر کے سپرد کرکے خود بدولت و سعادت نے سمت بیجاپور حفظہا اللہ عن الآفات

والفتور مراجعت فرمائی اور جب وہ بلدہ اس گل بوستان جہانبانی کے خاک قدوم سے رشک مشک ذفر اور غیرت عنبر تر ہوا بادشاہ نے عاطفت خسروانہ اعیان دولت ابد اتصال کے حال پر مبذول فرمائی چنانچہ میرزا جہانگیر قمی اور حیدر بیگ کو کہ اس معرکہ مین تردد ات مردانہ ظہور مین پہونچائے تھے مزید عنایت اور مرحمت سے اختصاص بخشا اور اُنکے پایۂ مدارج کو رفیع تر کیا اور بعد اس فتح کے یوسف عادل شاہ کا استقلال اور جہ اعلےٰ کو پہونچا جو کچھ سالہاے دراز سے اُسکی خاطر خاطر مین مرکوز تھا وقوع مین آیا اور سنہ ۹۰۸ نو سو آٹھ ہجری مین مجلس عظیم ترتیب دیکر میرزا جہانگیر قمی اور حیدر بیگ وغیرہ کو جو امراے شیعہ مذہب تھے اور سید احمد صدری اور دیگر علما کو جو وہی مذہب رکھتے تھے حاضر کیا اور اُنسے یہ بات کہی کہ جسوقت خضر علیہ السلام نے مجھے عالم رویا مین مژدۂ سلطنت پہونچایا تھا یہ ارشاد کیا کہ جسدم سلطنت ایک مملکت کی تجھے نصیب ہووے لازم ہی کہ ہمیشہ سادات اور محبان اہل بیت رسول آخر الزمان کو معزز اور مکرم رکھے اور ہمواره ہمت اپنی تقویت مذہب اثنا عشر علیہم الصلوٰۃ والسلام پر مصروف رکھے اسوقت مین نے خدا سے یہ عہد کیا تھا کہ جب ملک ملک بخش تعالیٰ وتقدس یہ دولت مجھے کرامت فرماوے مذہب شیعہ رواج دیکر منبر کے سرون کو ساتھ القاب ہمایون ائمہ اثنا عشر علیہم الصلوٰۃ والسلام کے مزین کرونگا اور اسی طرح سے جسدم کہ تیمراج اور بہادر گیلانی نے دو طرف سے آشوب اور غوغا مملکت مین ڈالا تھا قریب تھا کہ ملک بتصرفہ ہاتھ سے نکلجاوے چنانچہ اس امر کو اثر وفا تکرنے عہد سے جانکر مین نے ازسر نو واقف ضمائر سے عہد باندھا کہ بعد فراغت مہمات مذہب شیعہ کی ترویج مین کوشش کرونگا تم اس بارہ مین کیا کہتے ہو بعضے بولے مبارک ہی بسم اللہ اور کچھ لوگ شرائط حزم واحتیاط کی رعایت کرکے عرض پیرا ہوئے کہ بناے سلطنت تازہ واقع ہوئی ہی اور محمود شاہ بہمنی جو وارث ملک ہی ابھی زندہ اور سلامت ہی اور ملک احمد نظام الملک بحری اور فتح اللہ عماد الملک اور امیر بریدسنت وجماعت اور پاک اعتقاد ہین اور اس سرکار کے اکثر فسران سپاہ حنفی مذہب ہین مبادا فتنہ حادث ہووے کہ دست تدارک اُسکے دامن تک نہ پہونچے یوسف عادل شاہ بھی سرجیب تامل مین جھکا کر بولا کہ مین جس وقت عہد کو وفا کرون گا حافظ حقیقی میرا حامی اور مددگار رہوگا قضارا انھین دنون مین ایران سے خبر پہونچی کہ شاہ اسمٰعیل صفوی نے خطبہ بارہ امام علیہم الصلوٰۃ والسلام کا پڑھکر اُس مذہب کا رواج دیا ہی یہ خبر بہجت اثر سنکر زیادہ تر ساعی ہوا جمعہ کے دن ماہ ذی الحجہ سنہ مذکور مین مسجد جامع قلعہ اراک بیجاپور مین خود حاضر ہوا اور نقیب خان جو سادات عظیم الشان مدینہ سے تھا منبر پر گیا اور اول شروع کلمہ مین اشہدان علیًا ولی اللہ زیادہ کیا اُس کے بعد خطبہ تمام نامی دوازدہ امام علیہم الصلوٰۃ والسلام پڑھکر نام باقی صحابہ کے خطبہ سے برآوردہ کیے اور یہ وہ بادشاہ ہی کہ جس نے ہندوستان مین خطبہ دوازدہ امام علیہم السلام کا پڑھا اور مذہب شیعہ کو رواج دیا لیکن باوجود اس حال کے نہایت ضبط اور ہوشیاری سے جہال شیعہ کو یارا اور اندازہ دہ نہ تھا کہ صحابہ کرام حضرت خیر الانام کی نسبت صراحۃً یا کنایۃً تلفظ حقارت زبان پر جاری کرین عیاذا باللہ اور معاذ اللہ اس سبب سے نصب اہل سنت وجماعت اور شیعون کا زائل ہوا اور علماے مذہب جعفری اور فضلاے حضرات حنفی اور شافعی نے مثل شیر وشکر آپس مین شریک اور مخلوط ہوکر فرش بحث وتنازع کا لپیٹا اور اس بیت کے

مضمون پر عمل کیا شعر گر آن بہتر و ایں بہتر تراچہ ٭ چو حلقہ مائدہ بر در تراچہ ٭ اور مساجد اور معابد مین ہر ایک اپنے طرز و آئین کے موافق اپنے معبود کی عبادت مین مصروف ہوکر زبان اپنے مذہب کی فضیلت مین نہ کھولتے تھے اور اکابرین اور مشائخین اہل یقین اور عابدین سجادہ نشین اس بندوبست کے مشاہدہ سے انگشت تعجب منہ مین لیکر اس معنی کو گمان اعجاز خسروی عدالت پناہ پر فرماتے تھے اور مسودہ اس اوراق کو حالت تحریر مین ایک حکایت کہ اس مقام مین مناسب تھی یاد آئی درج کتاب کی منقول ہی کہ مولانا غیاث کمال کہ مرد دانا اور مورخ اور حکیم منش اور سرآمد معرکہ گیران فارس تھے مناقب خاندان طیبین مین قصائد غرا کہے چنانچہ اشعار اسکے اس مین مشہور ہین تعصب تشیع مین اپنے ابنائے جنس کے موافق نہین ہی اعتدال کی ہر باب مین رعایت کرتا تھا اور شیراز مین اپنے وقت کے میدان سعادت مین بساط ڈالکر سخن گوئی اور مناسب جوابی مین مشغول ہوتا تھا اور ادویہ مرکبہ فروخت کرتا تھا اور کتاب جاماسپ نامہ سے احکام سخن کہتا تھا اور اہل فارس اس سے ارادت صادق رکھتے تھے اور تمام امور مین رعایت اُسکی خاطر کی کرتے تھے ایک دن ابراہیم سلطان نے مولانا کو طلب کرکے استفسار فرمایا کہ کون مذہب بہتر اور افضل ہی جواب دیا ہی سلطان بادشاہ نہی محلسرا مین بیٹھا ہی اور وہ محل چند دروازہ رکھتا ہی جس دروازہ سے کہ داخل ہوگا سلطان کی زیارت سے مشرف ہوگا توجہ کرکہ لیاقت خدمت سلطان کی حاصل ہوا اور اس بارہ مین سوال نکر سلطان نے دوبارہ پوچھا کہ ہر مذہب کے متابعون اور ہر قوم سے کون افضل ہی کہا صالح ہر قوم اور ہر مذہب کا سلطان کو یہ بات پسند آئی اور مولانا کو انعام و اکرام لائق سے خوشدل فرمایا چنانچہ حضرت شیخ فریدالدین عطار نصیحت گہر بار اس بارہ مین فرماتے ہین قدس سرہ **مثنوی** الا اے در تعصب جانت رفتہ ٭ گناہ خلق در و یوانت رفتہ ٭ ولی از اہلی بر زرق و برمکر ٭ گرفتار علی گشتی و بوبکر ٭ گہے این یک بود نزد تو مقبول ٭ گہے آن یک بود از کار معزول ٭ گر این بہتر و آن بہتر تراچہ ٭ چو حلقہ ماندہ بر در تراچہ ٭ ہمہ عمر اندرین محنت نشستی ٭ ندانم تا خدا را کے پرستی ٭ یقین دانم کہ فردا پیش حلقہ ہمچو گردن مفتادو سہ فرقہ ٭ چگیم جملہ از زشت ارنگونید ٭ چو نیکو بنگری جویاے اویند ٭ الٰہی نفس کافر را زبون کن ٭ فضولی از دماغ ما برون کن ٭ دل ما را بخود مشغول گردان ٭ تعصب جوے را معزول گردان ٭ منقول ہی جب یوسف عادل شاہ نے خطبہ ائمہ معصومین علیہم الصلوٰۃ والسلام الی یوم القیام پڑھا اور مذہب شیعہ کو رواج دیا بہت امرا نے بمقتضاے الناس علی دین ملوکہم مذہب شیعہ اختیار کیا اور بعضے کہ سنی پاک اور بیباک تھے مانند میان محمد المخاطب بعین الملک اور دلاور خان حبشی اور محمد خان سیستانی نے اظہار نفرت اور کبیدورت کی قریب تھا کہ آتش فساد شعلہ زن ہو یوسف عادل شاہ نے برفق و ملایمت لکم دینکم ولی دین کے ذہن نشین کرکے و رفتنہ کہ مفتوح ہونے پر تھا مسدود کیا اور جو میان محمد المخاطب بعین الملک کی کثرت انواج سے متوہم تھا ابتداء ۹۰۶ نوسو نو ہجری مین اُسکو سپہ سالاری سے معزول کیا اور جاگیر قدیم اُس کی جو بہادر گیلانی کی بابت سے تھی تغیر کرکے اُسکے بالعوض پرگنہ ملکاپی اور نلگون دیکر امیران حنفی کو خبردار کیا کہ اپنی جاگیرات مین بطریق اپنے بانگ نماز کہتے رہین اور کوئی شخص اظہار شعار مذہب اہل سنت مین اس جماعت کا مزاحم نہوے لیکن باوجود اس نظم و نسق کے اعیان الحضرت نے حزم و ہوشیاری سے ہر ایک امر پنجہ اور ایک

سردار اور ایک منصبدار کو مقرر کیا تو اُنکے احوال سے واقف ہوکر تغیر و تطہیر امور عرض مین پہونچاتے رہین اور اُس عرصہ مین ملک احمد نظام الملک بحری اور امیر بریدکہ مذہب تسنن مین نہایت تعصب رکھتے تھے یوسف عادل شاہ کے اس معاملہ سے رنجیدہ ہوکر دونون نے اتفاق کرکے اُسکی ولایت پر لشکر کھینچا اور پہلے امیر بریدکے پرگنہ کنجولی اور بعضے قصبات اور پرگنات دستور دینار پر متصرف ہوا اور ملک احمد نظام الملک بحری نے آدمی بیجاپور کیطرف بھیجکر مردمان قلعہ تلدرگ کو کہ حصار کہنہ اور مہندم رکھتا تھا اور اس سے پیشتر دستور دینار کے تصرف مین تھا طلب کیا یوسف عادل شاہ باوجود اُسکے کہ بعضے افسران اپنی سپاہ سے مطمئن نہ تھا ملک کو بکلام درشت پیغام کرکے کنجولی کے اطراف مین جاکر اُسطرف کو جیسا کہ چاہیے ضبط کیا اور شاہ محمود شاہ بہمنی نے امیر بریدکی تعلیم کے واسطے آدمی اس طرف کے حکام کے پاس بھیجے اور قطب الملک ہمدانی اور فتح اللہ عماد الملک اور خداوندخان حبشی اور ملک احمد نظام الملک بحری سے مدد چاہی خداوندخان حبشی اور فتح اللہ عماد الملک جو ایک دوسرے سے خوف وہراس رکھتے تھے نہ آئے اور عذر خواہ ہوئے اور قطب الملک ہمدانی اگرچہ باطن مین مذہب شیعہ اور اس ملت کا رواج خدا سے چاہتا تھا اقتضاے وقت اور امراے تلنگ کے مکلف ہونے سے بلا توقف دو رنگ درگاہ شاہی کی طرف متوجہ ہوا ملک احمد نظام الملک بحری خواجہ جہان دکنی حاکم پرندہ اور زین خان حاکم قلعہ شولاپور کے باتفاق دس بارہ ہزار سوار اور توپخانہ بسیار لیکر احمد آباد بیدر کیطرف روانہ ہوا اور سلطان محمود شاہ بہمنی نے بھی مع لشکر تلنگ امیر بریدکے ہمراہ دارالملک سے نہضت فرمائی اور لشکر احمدنگر کے دو کوس پر فروکش ہوا اس صورت مین جب جمعیت عظیم بہم پہونچی یوسف عادل شاہ نے صحبت غلیظ دیکھکر اپنے فرزند شہزادہ اسمٰعیل کو جو پانچ برس کا تھا کمال خان دکنی اور بھی امراے معتمد کے ہمراہ کرکے مع فیل و خزانہ اور سازوسلب بیجاپور کیطرف بھیجا اور دریاخان اور فخرالملک ترک کو حسن آباد گلبرگہ کے ضبط کیواسطے تعین فرماکر خود مع عین الملک گنجائی اور چھ ہزار سوار جرار پرگنہ بیسر کیجانب متوجہ ہوا اور باندھنا اور جلانا شروع کیا ملک احمد نظام الملک بحری نے اپنی ولایت معرض تلف مین دیکھکر شاہ کو مع تمام لشکر ہمراہ لیکر کوچ بر کوچ یوسف عادل شاہ کے تعاقب مین مشغول ہوا یوسف عادل شاہ بہ تنگ اور عاجز ہوکر اول ولایت دولت آباد کیطرف گیا اور تاخت و تاراج کرکے وہان سے ولایت برار کیطرف روانہ ہوا اور فتح اللہ عماد الملک نے حضرات کے تعاقب سے اندیشہ کرکے کہا شاہ اور ملک احمد حنفی مذہب ہین لیکن دین کا بہانہ کرکے مجھے برباد کیا چاہتے ہین اور اسوقت مجھے بھی طاقت مقاومت شاہ کی نہین ہے اُس معاملہ مین صلاح یہ دیکھتا ہون کہ آپ اپنے کیے ہوئے سے پشیمان ہوکر مذہب روافض سے احتراز اور اجتناب کیجیے اور بسبب ظاہر مجھسے رنجیدہ ہوکر برہان پور کیطرف جائیے تو مین فرصت حاصل کرکے باتفاق قطب الملک ہمدانی کے اس معاملہ کی اصلاح کردون یوسف عادل شاہ کو فتح اللہ عماد الملک کی راے صائب پسند آئی اور بیجاپور مین اس مضمون کا پروانہ بھیجا کہ خطبہ اثنا عشر موقوف رکھکر چار یار کا خطبہ پڑھین اور خود بعنوان نجش فتح اللہ عماد الملک سے جدا ہوکر برہان پور گیا اور فتح اللہ عماد الملک نے ایک شخص کو اپنے اعزا مین سے ملک احمد نظام الملک بحری کے پاس بھیجکر پیغام کیا کہ امیر بریدکا داعیہ رکھتا ہے کہ یوسف عادل شاہ کو درمیان سے نکالکر ولایت بیجاپور پر خود متصرف ہووے اب کہ پانچ چھ فرسخ زمین کا مالک ہے اور سلطان کی پناہ مین خزانہ بہمنیہ کی مدد سے وہ کام کرتا ہے کہ کوئی شخص اُس تک احمد نہین سکتا

اگر شل بیجاپور اُسکو ایک ولایت نصیب ہو تو ہمین اور ہماری اولاد کو دکن مین رہنا ممکن نہوگا ہم مردم سپاہ کو اورون کے مذہب اور ملت سے کیا کام ہے قیامت کے دن ہر شخص اپنے اعمال مین گرفتار ہوگا باوجود اُس بات کے یوسف عادل شاہ نے میرے پاس مذہب باطل رفضہ سے استغفار کیا اور آدمی بیجاپور کی طرف بھیجکر ان کے شعار کی ممانعت کی ہے مین یہ صلاح دیکھتا ہون کہ لشکر کھینچا اور ایک دوسرے کو مدد کرنے کی شاہ کو تعلیم نہ کرین اور ہر ایک اپنے مسکون کی طرف راہی ہون ملک احمد نظام الملک بحری اور قطب الملک ہمدانی فتح اللہ عماد الملک کے صوابدید سے کہ ریش سفید اُس جماعت مین تھا آدھی رات کو کوچ کرکے اپنے ممالک کی طرف روانہ ہوئے جب صبح ہوئی شاہزادہ اور امیر بربد زمانہ کی شعبدہ بازی سے بہت حیران رہے اور فتح اللہ عماد الملک کے پاس آدمی بھیجکر بیجاپور کی تسخیر کے واسطے طلب معاونت کی اور اُنھون نے چند روز لیت ولعل مین رکھکر پوشیدہ یوسف عادل شاہ کو پیغام دیا کہ وقت معاودت ہے یوسف عادل شاہ میدان صاف دیکھکر بہ سرعت تمام فتح اللہ عماد الملک کے پاس آپہونچا پھر دونون سردار فوج آراستہ کرکے جنگ شاہ اور امیر بربد کے واسطے متوجہ اور آمادہ ہوئے اور یہ احمال اور اثقال چھوڑکر اور اقبال سے قطع نظر کرکے احمد آباد بیدر کی طرف راہی ہوئے اور یوسف عادل شاہ نے اُردوے شاہ کو غارت کیا اور فتح اللہ عماد الملک کو رخصت کرکے بیجاپور مین آیا اور پھر بدستور سابق خطبہ اثنا عشریہ پڑھوا کر تقویت اور رواج مین اُس مذہب کے کوشش کی اور عین الملک کنعانی اور کمال خان دکنی اور فتح الملک ترک کو بانواع الطاف سرفراز کرکے پایہ اُن کے جاہ وحشم کا بلند کیا اور بتعجیل تمام سید احمد بہردی کو مع تحف وتبرکات اور عریضہ مشتمل تہنیت اور مبارکباد اور نبی براخلاص اور خطبہ خوانی اثنا عشری شاہ اسمٰعیل صفوی کی درگاہ مین روانہ کیا اور عدل وداد اور آبادی ملک مین مشغول ہوکر کسی طرف سوار نہوا مگر دو مرتبہ ایکبار شکار چیتل اور سینہ گاؤ کے اندا پور کے اطراف مین گیا اور دو تین مہینے اوقات سیر وشکار مین صرف کرکے داد عیش ونشاط کی دی اور حافظ حقیقی کی ضمانت مین بلدہ بیجاپور کی طرف معاودت فرمائی اور دوبارہ بندر گووہ کی طرف نہضت کرکے لوازم عزا بجالایا اور بیان اس سخن کا یہ کہ آخر ۹۱۵ھ نوسو پندرہ ہجری مین کفار نصارا بندر گووہ کی طرف بے خبر وکیف ما اتفق پہونچے جب وہان کے حاکم کو غافل پایا قلعہ مین درآئے اور بہت مسلمانون کو قتل کیا اور یہ خبر جب یوسف عادل شاہ کو پہونچی مع دو تین ہزار مرد خاصہ خیل اور دکنی اور غریب بیجاپور سے تاخت فرما کر پانچوین دن فجر کو قلعہ گووہ مین اچانک پہونچکر بہت عیسائیون کو کہ محافظت قلعہ کے دروازہ کی کرتے تھے سب کو تہ تیغ کرکے قلعہ مین داخل ہوا اور نصاری کہ نہایت غافل تھے بیدار ہوکر جس شخص نے فرصت پائی کشتی مین سوار ہوکر بھاگا اور جسکی اجل پہونچی تھی غازیون کی تیغ اسلام سے ہلاک ہوئے دوسری مرتبہ وہ محال مسلمانون کے تصرف مین درآیا شاہ عدالت پناہ نے قلعہ کو آدمیون معتمد کے سپرد کرکے مرکز دولت کی طرف نہضت کی اُسکے بعد بائیس برس اور دو مہینے باستقلال تمام سلطنت کرکے زمانہ حصول کام دل مین گذارنا آخر شہر بیجاپور مین مرض سوء القنیہ مین گرفتار ہوکر ۹۱۶ھ نوسو سولہ ہجری مین اس زندان فانی سے ریاض جاودانی کی طرف انتقال کیا اور جنازہ اُسکا حسب وصیت سلطانیہ قصبہ کرکی مین لیجاکر شیخ جلال المشہور بشیخ چندا کے مزار کے پہلو مین کہ اُنسے ارادت صادق رکھتا تھا مدفون کیا اور عمر عادل شاہ کی پچپن برس

کی تھی والبقاء للملک المعبود اس مصرعہ سے تاریخ اُس کے وفات کی دریافت ہوئی ہے تاریخ بگفتا مژدہ شہنشاہ عادل ۔ اور تاریخ نظام الدین احمد حسینی مین مرقوم ہے کہ ابتداے سنہ ۹۰۶ نو سو چھ ہجری مین دست تصنا نے اُسکے سجل حیات کو لپیٹا ظاہر یہ روایت صحیح نہین ضعیف ہے اور بیان اول اقوی ہے واللہ اعلم عند اللہ اور بنسبت شیخ جلال الدین مشہور شیخ چند الامام زین العابدین کی طرف مسطور پر ہے جلال بن جہان بن حضر بن محمد بن احمد بن یحیی بن محمد بن حسین بن سراج الدین بن شرف الدین بن زید ابوالحسن بن عبداللہ بن محمد بن عمر بن یحیی بن جرمین بن زید ابوالحسن بن علی بن حسین اصغر بن زین العابدین علیہ السلام اور شیخ چند اشیعہ مذہب تھا اس واسطے عادل شاہ ان سے محبت اور الفت رکھتا بلکہ پیری اور مریدی کے لوازم درمیان مین تھے اسوقت مین اولاد شیخ چندا کی مملکت دکن مین بکثرت ہے لیکن بعضے انمین شیعہ مذہب اور بعضے حنفی مذہب ہین واللہ قادر علی الہدایۃ والرشاد الیہ میدا و المعاد بلدہ احمد نگر مین کہ دارالخلافت نظام شاہیہ ہے ایک مجموعہ بخط شاہ طاہر علیہ الغفران اس خاکسار بیمقدار کی نظر سے گذرا اسمین لکھا تھا کہ جس وقت مین التہاب نائرۂ غضب شاہی کے توہم سے جلاوطن ہوکر دریاے بے زنہار سے بندر گووہ مین پہونچا سید ہردی کے ساتھ کہ مرد کہن سال تھا اور عمر عزیز مملکت دکن مین خدمت یوسف عادل شاہ اور اسمٰعیل عادل شاہ مین صرف کی تھی مین نے ملاقات کی ایک مرد وجیہ اور خوش محاورہ اور فنون علوم سے ماہر اور صاحب وقوف تھا اور ان دونون بادشاہ عالیجاہ کے عہد مین منصب صدارت پر مغرز اور مکرم تھا اور مین جبتک بندر گووہ مین مقیم رہا وہ بزرگوار نقل حکایات رنگین اور لطیفہاے تمکین کے سبب زنگ کلفت واندوہ کا آئینہ ضمیر سے صاف کرتا تھا ایک روز مین نے سنا کہ وہ فرماتا تھا یوسف عادل شاہ زمانہ کا بہت تجربہ کار تھا اور انواع حسنات مین کہ مراد سخاوت و شجاعت و عدالت وعلم وغیرہ سے ہے موصوف و معروف تھا خط نستعلیق خوب لکھتا تھا اور علم عروض و قافیہ مین وقوف تمام رکھتا تھا اور علم موسیقی مین کمال حصول تھا بڑے بڑے قوال کلاونت اُسکے روبرو منہ نہ کھولتے تھے دھرپد خیال بیتہ خوب گاتا تھا طنبور عود ستار طبلہ ایسا بجایا کہ پکھاوج کو شرمایا اہل فن سے باعزاز و اکرام پیش آتا تھا اور اسی محفل مین شعر قدما کا ہمیشہ حرف بحرف پڑھتا تھا اور وہ کبھی خود بھی شعر کہتا تھا اور امور طرب کو مع مقتضات امور شاہی اور ملک ستانی کے جمع رکھتا تھا اور ایک لحظہ احوال مملکت اور صلاح رعایا اور فلاح برایا سے غافل نہ رہتا تھا اور ہمیشہ ارکان دولت کی عدل و داد و امانت و دیانت پر تعریف کرتا تھا چنانچہ انھین اس صفات کے سبب خواہش خیر خواہی مشتہر ہوئی اور گلزار مملکت نے صفائی اور طراوت تمام قبول کی اور صولت و شوکت و حشمت مین ابناے روزگار سے ممتاز اور مستثنی تھا اور حسن و جمال مین ایسا مرتبہ حاصل تھا کہ پیری اور ریش سفیدی کے ایام مین لوگ اطراف و جوانب دکن سے بیجاپور مین آن کر اُسکے آئینہ رخسار سے مثال کو مشاہدہ کرکے تبارک اللہ احسن الخالقین پڑھتے تھے اور جس روز سوار ہوتا تھا خلقت شوق دیدمین سراہ ہجوم کرکے ایستادہ ہوتی تھی اور اُسکے نظارہ جمال باکمال مین حیران اور مشدوہ رہکر زبان حال سے کہتی تھی رباعی ای رہزن کاروان زہد و پرہیز ۔ بدعت نہ دوستی تعصبی آمیز ۔ در کوے تو از ہجوم نظارگیان ۔ نے جاے ستادن است و نی راہ گریز ۔ اور اپنے عہد معدلت مہد مین بہتمالت نامہ بھیجکر ایران اور توران اور عربستان اور روم و شام سے مردم ارباب تنبل و کمال صفات باطن ستودہ خصال فاضل و ہنرمند اور جوانان شجاع اور کاردان کو کہ تیغ زبان جنکی تفسیر ہے

فتح و نصرت اور نوک سنان جنگی جانستان اعدا اور پاسبان دین دولت ہوا اپنے پاس بلاتا تھا اور اس قدر رعایت مبذول فرماتا تھا کہ ہر ایک راضی اور شاکر ہو کر اُسکے سایہ حمایت مین زندگانی بسر کرتا تھا الغرض قلعہ رک بیجاپور کہ اول عمارت اسکی گلی تھی منہدم کر کے سنگ و آہک سے تیار کی اور یہی مجموعہ مسطورہ مین بخط شاہ طاہر نظر سے گذرا کہ یوسف عادل شاہ کا جب ایام گیتی ستانی مین پرگنہ اندالپور کے اطراف مین گذر ہوا یہ خبر پہونچی کہ مکٹ راؤ مرہٹہ اور اُسکا بھائی کہ امرائے شاہ محمود شاہ بہمنی سے تھے مع گروہ رعایا لشکر کے صدمہ سے فلان کوہستان مین پناہ لیگئے ہین اسواسطے دو ہزار سوار اور پانچ ہزار پیادہ شاہ کے حکم کے موافق اس جماعت کی طرف متوجہ ہوئے اور جب اُنھون نے جادۂ اطاعت مین قدم نرکھا سیاہ سلطانی نے ناچار ہو کر دست تسلط اور غلبہ کا دراز کیا اور اسباب اور اموال اُنکا تاراج کر کے اُنکے اہل و عیال کو کہ عبارت مردون اور عورتون اور بچون سے ہی اسیر کیا اور آتش قہر و غضب سے اُنکے مکانات سوختہ اور افروختہ کیے اور از انجملہ خواہر مکٹ راؤ مرہٹہ کہ نہایت زیرک اور عاقلہ اور جمیلہ تھی اسیرون کی سلک مین منتظم ہوئی اور یوسف عادل شاہ نے اُس جمیلہ کو کہ سولہ برس کا سن رکھتی تھی اپنے شبستان مین لیجا کر دعوت اسلام کی اور پونجی خاتون نام رکھا اور بشریعت غرا کے مطابق اسے اپنے عقد نکاح مین درلایا اور وہاب العطایا نے اُس یوسف خورشید لقا کو اس مخدرہ مستورہ سے جو زلیخاے سراپردہ سعادت اور مریم حرم عصمت تھی چار فرزند سعادتمند کراست فرمائے ایک بیٹا شہزادہ اسمٰعیل اور تین بیٹیان ایک مریم سلطان برہان نظام شاہ کی منکوحہ دوسری خدیجہ سلطان شیخ علاء الدین عماد الملک کی زوجہ تیسرے بی بی ستی جو شاہ محمود بہمنی کے فرزند کے حبالۂ نکاح مین انتظام رکھتی تھی اور یہ اشعار اسی کے نتایج افکار سے ہین غزل تا بار غم عشق کشد قافلۂ ما ✽ گلہا شگفد ہر طرف از مرحلۂ ما ✽ باآنکہ بجان باتو نکردیم بخیلے ✽ پیش دگران ہر چہ کردی گلۂ ما ✽ تنہا لب بلب آمد و بر بارۂ عشقت ✽ رفتیم کہ شد ہادی راہ آبلۂ ما ✽ ما مسئلہ فقہ ندانیم چہ یوسف ✽ آسان شدہ از عشق بتان مسئلۂ ما ایضاً گر واسی بدر دل ناتوان من ✽ کی بر دو بمرگ کسان رشک جان من ✽ در دل خود از نکنم کار مشکل است ✽ ظاہر کہ سیکند تو در و نہان من ✽ باآنکہ صد رہم بخفا آمود تیغے کشیدۂ زپے امتحان من ✽ ای گل رسیدہ است بگوش تو قصہ ام ✽ بلبل بخواند وقت سحر داستان من ✽ گو یا کہ بلبلان چمن نقل کردہ اند ✽ چرنی ز بیوفائی گل از زبان من ✽ یوسف بزاری دل من گوش کس نکرد ✽ کو بخت آنکہ گوش کند نکتہ دان من ✽ ایضاً مرا زبادۂ جامی فراغ یعنی چہ ✽ سبو سبو خم خم ایاغ یعنی چہ رباعی دوشینہ بر آستان یار از سر درد ✽ می مالیدم سر و دو دست و رخ زرد ✽ بر حلقۂ در دوست زدم گفت چرا ✽ بیہودہ بود کوفتن آہن سرد ✽ ولہ ای آمدہ دیدن بخت وقت صبوح ✽ آثار ہزار گونہ اسباب فتوح ✽ انوار نکوئی از رخت میتابد ✽ زان روست کہ رویت شدہ آئینہ روح ✽ ایضاً آنکس کہ علم بہ نیکنامی افراشت ✽ در مزرع دہر تخم نیکوئی کاشت ✽ نیکو نامان زندہ جاوید اند ✽ مردآنکہ بمرد و نام نیکو نگذاشت ✽ یوسف عادل شاہ نے بائیس برس اور دو مہینے سلطنت کی

تذکرہ اسمٰعیل شاہ بن یوسف عادل شاہ کی سلطنت کا

جب مسند جاہ و جلال فرد شوکت یوسف عادل شاہ سے خالی ہوئی اور ایسی ساعت مین کہ مسعود فلک اُس کی سعادت کے سبب توسل ڈھونڈھتا تھا اور ایسے طالع مین کہ وقت ثبات و قرار اُس سے استعارہ کرتا تھا

تاج شاہی نے فرق فرقدسائے نوبخش مہر و ماہ ابوالفتح اسمٰعیل عادل شاہ سے شرف و منزلت پائی پایۂ تخت نے یمن قدم عرش فرسائی سکے سے سر فخر کا افلاک کی بلندی پر بلند کیا اورنشستان سلطنت اور ایوان خلافت اُس صاحب ذی شوکت و صولت کے وجود فائض الجود کے انوار سے نورانی ہوا اور اُسکے عہد مین بذل و احسان نے خوب رواج پایا اور اُسنے بھی خاطر خواہ رعیت سے محصول اور گردن کشان دہر سے خراج پایا **شنوی** بآئین و رسم فریدون و جم ٭ بایوان شاہنشہی زد علم ٭ برآمد سر سروران بر سریر ٭ کہ بر آسمان آفتاب منیر ٭ برسم کیان تاج و تخت بھی ٭ برآراست باکاخ شاہنشہی ٭ جو کہ اسمٰعیل عادل شاہ مغربی مین کہ ابھی معارج بلوغ پر ترقی نفرمائی تھی مسند خلافت پر جلوہ گر ہوا خرد سالی کے سبب مہمات سلطنت مین نہ مشغول ہو سکا اختیار امور مملکت اور رعایت جمہور رعیت کمالخان دکنی سر نوبت کو مفوض ہوا اور کمال خان امرائے کبار سلطان محمود بہمنی سے تھا یوسف عادل شاہ اُسے بعہد پیمان اور دلاسا دے کر اپنے پاس لایا اور منصب سر نوبت پر سرفراز کیا اور تیمراج کی جنگ مین جب اُسنے نہایت شجاعت اور مردانگی ظہور مین پہونچائی امیران بزرگ مین منتظم ہوا اور روز بروز اُس کا مرتبہ بڑھتا گیا اور خاقان غفران پناہ نے مرض الموت مین امر وکالت بھی اُسکے منصب سابق پر اضافہ فرمایا دریاخان اور فخرالملک اور میرزا جہانگیر اور حیدر بیگ امرا کو اُسکی موافقت اور مصادقت کے بارہ مین بمبالغہ تمام وصیت فرمائی امرائے مذکور نے اس سبب سے آنحضرت کی وفات کے بعد اُسے بزرگ جانا اور مہمات ملکی اور مالی اُس سے رجوع کرکے مطلق العنان کیا کمال خان نے ابتدا و حال مین افعال و اعمال نیک اختیار کرکے خوب نیکنامی سے حکومت کی اور خطبہ خلفاے راشدین رضی اللہ عنہم اجمعین کے نام پڑھا اور مذہب شیعہ کے طریق اور آئین یک قلم موقوف اور برطرف کیے اور خاص و عام کے جذب قلوب اور امرائے صاحب احتشام کی تعظیم و تکریم مین کوئی دقیقہ فروگذاشت نہ کیا اور خاندان نظام شاہیہ اور عماد شاہیہ اور قطب شاہیہ اور بریدشاہیہ سے طریق مدارا اختیار کرکے باتفاق اُمرا جیسا کہ شرط مردم عاقل و دانا ہی امور شاہی کے انتظام مین آپ کو معاف نرکھا اور فرنگیون کے ساتھ جو بعد مراجعت یوسف عادل شاہ قلعہ گوہ کو محاصرہ کرکے وہان کے تھانہ دار کو نقود و فراوان دیکر موافق کرکے قلعہ مذکور کو مفتوح کیا تھا اس شرط پر صلح کی کہ فقط قلعہ پر اکتفا کرکے اس حدود کے قریات اور قصبات سے مزاحم نہوون اسی تاریخ سے اس کتاب کی تحریر تک وہ قلعہ نصاری کے تصرف مین ہی اور نصاری اپنے عہد و شرط کی وفا پر ثابت قدم اور راسخ دم ہین سلطنت عادل شاہیہ کے اطراف مین مزاحمت اور تشویش نہین پہونچاتے ہین کمال خان حکام اطراف سے اور عیسائیون سے مطمئن ہوکر بفراغبال امور وکالت مین مشغول ہوا جب دوسرے برس دریاخان اور فخرالملک نے خانۂ تن کو روح سے خالی اور کنج قبر کو اپنے قالب بیجان سے بھرا اُنکی جاگیرین درمحال لے کر اپنے فرزندونکو تفویض کرکے ہر ایک کیواسطے درگاہ پیدا کی اور میرزا جہانگیر اور حیدر بیگ کے بھی چند پرگنہ برآوردہ کرکے اپنے اعوان و انصار کی جانب رجوع کیے اور جو شخص فوت ہوتا تھا یا کسی گناہ مین متہم ہوتا تھا اُسکی جاگیر اپنے عزیزونکو دیتا تھا چنانچہ تھوڑے عرصہ مین ایک مکنت اور قوت بہم پہونچائی کہ قلم پندار سے نقش فرمانروائی کا اپنے صفحۂ خاطر پر کھینچا مرغ حیات اُسکے نشیمن دماغ مین بمنصہ سرداری اور گردن فرازی کا رکھا اور زاغ سیاہ بخت اُسکی آرزو کا ہواے شاہی مین پرواز کرنے لگا تمام اثاثہ دولت کا اپنے بال و پر کے نیچے ورلایا اور اس عرصہ مین سلطان دکن کے امرا اس روش کو خوب جانتے تھے کسواسطے کہ ان سنہ اثنین

یہ حرکت حکام عظام دکن پر مبارک نہ آئی نفرے اپنے ملی نعمتوں پر تسلط ہوتے تھے اور آہستہ آہستہ فرمانروائی کی باگ اپنے قبضۂ اختیار مین لاتے تھے چنانچہ اول ان مین سے وہ شخص کہ جس نے یہ طریقہ اختیار کیا تیراج تھا کہ شیو راے راجہ بیجانگر کے بیٹے پر غلبہ پیدا کرکے جب وہ حد بلوغ کو پہونچا اُسکو زہر سے ہلاک کیا اُسکے چھوٹے بھائی کو اپنی دولت کا دست نگر کیا اور بعد انہزام یوسف عادل شاہ اُسے بھی درمیان سے دفع کرکے اکثر امرا کو اپنا مطیع اور فرمانبردار کیا اور رزمانہ حسب دلخواہ بسر لیگیا اور اسی طرح سے جیسا مذکور ہوا قاسم بریدتر اور دوسرے امرانے سلطان محمود بہمنی کو ہلاک کرکے بتدریج تمام سکہ اور خطبہ کو تغیر دے کر اپنے نام جاری کیا پس جو کہ یہ امر کمال خان دکنی نے اپنی آنکھ سے مشاہدہ کرکے تعلیم پائی تھی جسوقت کہ اسباب شوکت اور حشمت اُسکے پاس فراہم ہوا اور امیر قاسم برید ترک سے متوسل اور ہواخواہ ہوکر یہ پیغام دیا کہ اس تمھارے مخلص پیرایا نے استعداد شاہی حاصل کی ہے اب کہ احمد نگر مین طفل خردسال تخت پر بیٹھا اور فتح اللہ عماد شاہ والی برار بمقتضاے جوانی عیش و طرب مین مشغول ہے لازم ہے کہ اس مخلص کی اعانت کرکے سلک حکام دکن مین منتظم کرین اور بندہ کو اپنا فرمان بُرار تصور فرماکر اپنی توسیع ولایت مین بھی کوشش کرین کہ فرصت اس سے بہتر ہاتھ نہ آئیگی امیر قاسم برید ترک کہ مدت دراز سے اس ذکر مین تھا اس امر مین شریک ہوا اور بعد لوازم عہد و پیمان یون مقرر ہوا کہ امیر قاسم برید ترک ولایت دستور و بنار کو لیوے اور باقی ولایت بیجاپور کمال خان دکنی سردار سرنوبت اپنے قبضہ تصرف مین لاوے اسمٰعیل عادل شاہ کو محول بلکہ بے روح کرے اور قلعہ شولاپور جو زین خان برادر خواجہ جہان دکنی رکھتا ہے اسپر بھی کمال خان دکنی قابض اور دخیل ہووے اس صورت مین مقصود کو آغاز کرکے امیر قاسم برید ترک نے شاہ محمود شاہ بہمنی کو محبوس کیا اور لشکر آراستہ کرکے احسن آباد گلبرگہ کیطرف روانہ ہوا اور کمال خان دکنی نے بھی اسمٰعیل عادل شاہ کو مع اُسکی والدہ مسماۃ یوجی کو قلعہ ارک بیجاپور مین قید کرکے اُنکی محافظت اپنے فرزندون کے متعلق کی اور خود باعظمت و شوکت تمام شولاپور کی طرف سوار ہوا اور بعد وصول و محاصرہ جب تین مہینے کی مدت اُسپر گذری اور ملک احمد نظام الملک بحری اور خواجہ جہان دکنی سے کمک نہ پہونچی زین خان نے جان اور مال سے امان چاہی قلعہ کو مع ساڑھے پانچ پتہ اُسے سپرد کیا اور قصہ ساڑھے پانچ پتہ کا یون ہے کہ جب امراے دکن نے شاہ احمد آباد بیدر پر خروج کیا اور ہر ایک ایک ولایت پر متصرف ہوئے گیارہ پتہ کہ عبارت گیارہ پرگنہ سے ہے خواجہ جہان دکنی حاکم بزرہ کے تصرف مین آئے اور اُسکے بھائی زین خان نے جو قلعہ شولاپور کا حاکم تھا شہر احمد آباد بیدر مین جاکر اسقدر کوشش اور تردد کیا کہ فرمان شاہ محمود شاہ بہمنی کا بحقوی اُسکے کہ قلعہ شولاپور اور نصف ولایت کہ خواجہ جہان دکنی کے تصرف مین ہے ساتھ اسکے متعلق ہووے حاصل کیا لیکن خواجہ جہان دکنی نے احمد نظام بحری کی حمایت سے نصف ولایت نہ دی دی قلعہ اُسکے تصرف مین رہا اور احمد نظام شاہ بحری کے مرنے کے بعد یوسف عادل شاہ نے زین خان کی کمک کی اور شاہ کے فرمان کے بموجب ساڑھے پانچ پتہ یعنے پرگنے خواجہ جہان دکنی سے لیے لیکن اُن پرگنون کے واسطے کہ تین لاکھ ہون اُنکا حاصل تھا نزاع و فساد پر آمادہ ہوا چنانچہ نظام شاہیہ اور عادل شاہیہ کے درمیان اکثر خشونت اور منازعت واقع ہوئی القصہ امیر قاسم برید ترک نے قلعہ نصرت آباد وساغر اور اتنکر اور جمیع قرایا اور قصبات نرسپھواڑہ کے اُس پار کے حکام عادل شاہ کے تصرف سے برآوردہ کرکے قلعہ احسن آباد گلبرگہ محاصرہ مین رکھا اور خبر فتح شولاپور سنکر تہنیت نامہ

تاج شاہی نے فرق فرقدسای نوبخش مہر دماہ ابوالفتح اسمٰعیل عادل شاہ سے شرف و منزلت پائی پایۂ تخت نے یمن قدم عرش فرسائی سکے سے سر فخر کا افلاک کی بلندی پر بلند کیا اور شبستان سلطنت اور ایوان خلافت اُس صاحب ذی شوکت وصولت کے وجود فائض الجود کے انوار سے نورانی ہوا اور اُسکے عہد مین بذل و احسان نے خوب رواج پایا اور اُسنے بھی خاطر خواہ رعیت سے محصول اور گردن کشان دہر سے خراج پایا **مثنوی** بآئین و رسم فریدون و جم ۔ بایوان شاہنشہی زد علم ۔ برآمد سر سروران بر سریر ۔ کہ بر آسمان آفتاب منیر ۔ برسم کیان تاج و تخت بھی ۔ برآراست باکاخ شاہنشہی ۔ جو کہ اسمٰعیل عادل شاہ منصہ سی مین کہ ابھی معارج بلوغ پر ترقی نفرمائی تھی مسند خلافت پر جلوہ گر ہوا خردسالی کے سبب مہمات سلطنت مین نہ مشغول ہو سکا اختیار امور مملکت اور رعایت جمہور رعیت کمال خان دکنی سر نوبت کو مفوض ہوا اور کمال خان امرائے کبار سلطان محمود بہمنی سے تھا یوسف عادل شاہ اُسے بعہد و پیمان اور دلاسا دے کر اپنے پاس لایا اور منصب سر نوبت پر سرفراز کیا اور تیمراج کی جنگ مین جب اُسنے نہایت شجاعت اور مردانگی ظہور مین پہونچائی امیران بزرگ مین منتظم ہوا اور روز بروز اُس کا مرتبہ بڑھتا گیا اور خاقان غفران پناہ نے مرض الموت مین امر وکالت بھی اُسکے منصب سابق پر اضافہ فرمایا دریا خان اور فخر الملک اور میرزا جہانگیر اور حیدر بیگ امرا کو اُسکی موافقت اور مصادقت کے بارہ مین بمبالغہ تمام وصیت فرمائی امرائے مذکور نے اس سبب سے آنحضرت کی وفات کے بعد اُسے بزرگ جانا اور مہمات ملکی اور مالی اُس سے رجوع کر کے مطلق العنان کیا کمال خان نے ابتداء حال مین افعال و اعمال نیک اختیار کر کے خوب نیکنامی سے حکومت کی اور خطبہ خلفاے راشدین رضی اللہ عنہم اجمعین کے نام پڑھا اور مذہب شیعہ کے طریق اور آئین یک قلم موقوف اور برطرف کیے اور خاص و عام کے جذب قلوب اور امرائے صاحب احتشام کی تعظیم و تکریم مین کوئی دقیقہ فروگذاشت نہ کیا اور خاندان نظام شاہیہ اور عماد شاہیہ اور قطب شاہیہ اور برید شاہیہ سے طریق مدارا اختیار کر کے باتفاق اُمرا جیسا کہ شرط مردم عاقل و دانا ہی امور شاہی کے انتظام مین آپ کو معاف نرکھا اور فرنگیون کے ساتھ جو بعد مراجعت یوسف عادل شاہ قلعہ گوہ کو محاصرہ کر کے وہان کے تھانہ دار کو نقود فراوان دیکر موافق کر کے قلعہ مذکور کو مفتوح کیا تھا اس شرط پر صلح کی کہ فقط قلعہ پر اکتفا کر کے اس حدود کے قریات اور قصبات سے مزاحم نہوین اس تاریخ سے اس کتاب کی تحریر تک وہ قلعہ نصاری کے تصرف مین ہی اور نصاری اپنے عہد و شرط کی وفا پر ثابت قدم اور راسخ دم ہین سلطنت عادل شاہیہ کے اطراف مین مزاحمت اور تشویش نہین پہونچاتے ہین کمال خان حکام اطراف سے اور عیسائیون سے مطمئن ہو کر بفراغبال امور وکالت مین مشغول ہوا جب دوسرے برس دریا خان اور فخر الملک نے خانۂ تن کو روح سے خالی اور گنج قبر کو اپنے قالب بیجان سے بھرا اُنکی جاگیرین درمحال لے کر اپنے فرزندونکو تفویض کر کے ہر ایک کو اسطے درگاہ پیدا کی اور میرزا جہانگیر اور حیدر بیگ کے بھی چند پرگنہ برآوردہ کر کے اپنے اعوان و انصار کی جانب رجوع کیے اور جو شخص فوت ہوتا تھا یا کسی گناہ مین متہم ہوتا تھا اُسکی جاگیر اپنے عزیزونکو دیتا تھا چنانچہ تھوڑے عرصہ مین ایک مکنت اور قوت بہم پہونچائی کہ قلم سپیدار سے نقش فرمانروائی کا اپنے صفحۂ خاطر پر کھینچا مرغ حیات اُسکے نے آشیان دماغ مین بمنصہ سرداری اور گردن فرازی کا رکھا اور نزاع سیاہ بخت اُسکی آرزو کا ہواے شاہی مین پرواز کرنے لگا تمام اثاثہ دولت کا اپنے بال و پر کے نیچے ورلایا اور اس عرصہ مین سلطان دکن کے امرا اس روش کو خوب جانتے تھے کسواسطے کہ ان سنوات مین

یہ حرکت حکام عظام دکن پر مبارک نہ آئی نفسے اپنے ولی نعمتون پر تسلط ہوتے تھے اور آہستہ آہستہ فرمانروائی کی بانگ اپنے قبضۂ اختیار مین لاتے تھے چنانچہ اول اُن مین سے وہ شخص کہ جس نے یہ طریقہ اختیار کیا تیمراج تھا کہ شیوراے راجہ بیجانگر کے بیٹے پر غلبہ پیدا کرکے جب وہ حد بلوغ کو پہونچا اُسکو زہر سے ہلاک کیا اُسکے چھوٹے بھائی کو اپنی دولت کا دست نگر کیا اور بعد انہزام یوسف عادل شاہ اُسے بھی درمیان سے دفع کرکے اکثر امراکو اپنا مطیع اور فرمانبردار کیا اور زمانہ حسب دلخواہ بسر لیگیا اور اسی طرح سے جیسا مذکور ہوا قاسم بریدتُرک اور دوسرے امرانے سلطان محمود بہمنی کو ہلاک کرکے بتدریج تمام سکہ اور خطبہ کو تغیر دے کر اپنے نام جاری کیا پس جو کہ یہ امر کمال خان دکنی نے اپنی آنکھ سے مشاہدہ کرکے تعلیم پائی تھی جسوقت کہ اسباب شوکت اور حشمت اُسکے پاس فراہم ہوا اور امیر قاسم بریدتُرک سے متوسل اور ہمداستان ہوکر یہ پیغام دیا کہ اس تمہارے مخلص بیریا نے استعداد شاہی حاصل کی ہے اب کہ احمد نگر مین طفل خردسال تخت پر بیٹھا اور فتح اللہ عمار شاہ والی برار بمقتضاے جوانی عیش و طرب مین مشغول ہے لازم ہے کہ اس مخلص کی اعانت کرکے سلک حکام دکن مین منتظم کرین اور بندہ کو اپنا فرمان بُرار تصور فرماکر اپنی توسیع ولایت مین بھی کوشش کرین کہ فرصت اس سے بہتر ہاتھ نہ آئیگی امیر قاسم بریدتُرک کہ مدت دراز سے اس ذکر مین تھا اس امر مین شریک ہوا اور بعد لوازم عہد و پیمان یون مقرر ہوا کہ امیر قاسم بریدتُرک ولایت دستور و دینار کو لیوے اور باقی ولایت بیجاپور کمال خان دکنی سردار سرنوبت اپنے قبضہ تصرف مین لاوے اسمٰعیل عادل شاہ کو محول بلکہ بے روح کرے اور قلعہ شولاپور جو زین خان برادر خواجہ جہان دکنی رکھتا ہے اسپر بھی کمالخان دکنی قابض اور دخیل ہووے اس صورت مین مقصود کو آغاز کرکے امیر قاسم بریدتُرک نے شاہ محمود شاہ بہمنی کو محبوس کیا اور لشکر آراستہ کرکے احسن آباد گلبرگہ کیطرف روانہ ہوا اور کمال خان دکنی نے بھی اسمٰعیل عادل شاہ کو مع اُسکی والدہ مسماۃ پونجی کو قلعہ ارک بیجاپور مین قید کرکے اُنکی محافظت اپنے فرزندون کے متعلق کی اور خود باعظمت و شوکت تمام شولاپور کی طرف سوار ہوا اور بعد وصول و محاصرہ جب تین مہینے کی مدت اُسپر گذری اور ملک احمد نظام الملک بحری اور خواجہ جہان دکنی سے کمک نہ پہونچی زین خان نے جان اور مال سے امان چاہی قلعہ کو مع ساڑھے پانچ پتہ اُسے سپرد کیا اور قصہ ساڑھے پانچ پتہ کا یون ہے کہ جب امراے دکن نے شاہ احمد آباد بیدر پر خروج کیا اور ہر ایک ایک ولایت پر متصرف ہوئے گیارہ پتہ کہ عبارت گیارہ پرگنہ سے ہے خواجہ جہان دکنی حاکم برندہ کے تصرف مین آئے اور اُسکے بھائی زین خان نے جو قلعہ شولاپور کا حاکم تھا شہر احمد آباد بیدر مین جاکر اسقدر کوشش اور تردد کیا کہ فرمان شاہ محمود شاہ بہمنی کا محتوی اُسکے کہ قلعہ شولاپور اور نصف ولایت کہ خواجہ جہان دکنی کے تصرف مین ہے ساتھ اسکے متعلق ہووے حاصل کیا لیکن خواجہ جہان دکنی نے احمد نظام بحری کی حمایت سے نصف ولایت نہ دی دی قلعہ اُسکے تصرف مین رہا اور احمد نظام شاہ بحری کے مرنے کے بعد یوسف عادل شاہ نے زین خان کی کمک کی اور شاہ کے فرمان کے بموجب ساڑھے پانچ پتہ یعنے پرگنے خواجہ جہان دکنی سے لیے لیکن اُن پرگنون کے واسطے کہ تین لاکھ ہون اُنکا حاصل تھا نزاع و فساد پر آمادہ ہوا چنانچہ نظام شاہیہ اور عادل شاہیہ کے درمیان اکثر خشونت اور منازعت واقع ہوئی القصہ امیر قاسم بریدتُرک نے قلعہ نصرت آباد و ساغر اور اتبکر اور جمیع قرایا اور قصبات نہر بھیرہ کے اُس پار کے حکام عادل شاہ کے تصرف سے برآوردہ کرکے قلعہ احسن آباد گلبرگہ محاصرہ مین رکھا اور خبر فتح شولاپور سنکر تہنیت نامہ

کمال خان دکنی کو لکھا اور اُسکو بسبب اس کارنمایان کے استقلال اور غلبہ حد سے زیادہ تر ہوا اور نہایت کبر اور غرور مین آنکر بیجاپور کیطرف سعادوت کی اور ایک دفعہ اسمٰعیل عادل شاہ کو مکان سے برآوردہ کرکے خلائق کو اُسکے سلام کو طلب کرکے از سر نو اپنے احکام مین کوشش کی اور امرائے مغل کو دفعۃً معزول کیا اور تین ہزار خانہ سیل مغل سے تین سو بحال رکھے اور باقی کو نوکری سے برطرف کیا اور یہ حکم نافذ کیا کہ اگر تمام مغلونمین سے ایک ہفتہ کے بعد اس شہر مین نظر آویگا جان وال اُسکا تلف ہوگا اسواسطے مغل مضطرب اور پریشان ہوکر اطراف وجوانب مین متفرق ہوئے اور کمالخان دکنی کی جب سب طرف سے خاطر جمع ہوئی اور کسی طرف کوئی دشمن اور مزاحم نرہا و دلتفتہ نظام شاہیہ کی تخلیع کی اور اپنی نام آوری کی زیادتی کے واسطے رقم ایک کوسہ چنہ کی یعنے جو شخص کہ ہزاری تھا اسکا نامہ ہزاری رکھا اور حکم کیا کہ گورہ راوت نگاہ رکھین اور گورہ راوت دکن کی اصطلاح مین اس لشکر کو کہتے ہین کہ اسپ سوار ہو اگرچہ مرکب برای نام ہی گھوڑا ہو اور ابتک یہ رسم دکن مین شائع ہی الغرض ہزار گھوڑے مین ایسا دو سو گھوڑا نہین نکلتا ہی کہ معرکے کے دن کام آوے اور کمال خان دکنی نے غرۂ صفر نو سو انتیس ہجری مین بیس ہزار سوار دکنی اور حبشی کا جائزہ لیا اور اپنے اعوان وانصار کو متفق کرکے تخت شاہی کے جلوس کے بارہ مین مشورہ کیا سب متفق اللفظ کہنے لگے کہ کوئی مانع نہین ہی اس امر مین جس قدر کوشش کیجاوے بہتر ہی پھر کمال خان دکنی نے طالع شناسون کو طلب کرکے ساعت جلوس کا احوال اور مآل پوچھا انھون نے بغور وتامل بیان کیا کہ اوضاع اجرام فلکی سے ایسا معلوم ہوتا ہی کہ آپ پر پندرہ دن اس مہینے کے نہایت کڑے ہین لازم کہ اتنے روز اپنی محافظت مین کمال کوشش فرمایئے اور سولھوین دن بمہینت وسعادت تخت دکن پر اجلاس کیجیے کمالخان دکنی یہ خبر سنکر سخت مخوف اور وحشت ناک ہوا اور اپنے دل مین اندیشہ کیا کہ کوئی مکان محفوظ تر اور محکم تر قلعہ ارک سے نہین ہی بہتر یہ ہی کہ وہان جاکر ایسے مکان مین استقامت کرون کہ ایام نحوست آخر ہون الغرض شہر بیجاپور کا انتظام اپنے آدمیون سے رجوع کرکے خود اس گمان سے کہ تقدیر سبحانی انسانی تدبیر سے رفع ہووے قلعہ ارک مین ایک محوطہ محکم اپنی سکونت کے واسطے اختیار کیا اور تپ اور دردسر کا بہانہ کرکے حکم کیا کہ خاص وعام شہری اور دیہی ان چند روز مین کوئی شخص میرے احوال کا مزاحم نہو میرے فرزند صفدر خان کے پاس جاوین اور یہ خبر کہ کمال خان دکنی اس مہینے کی سولھوین تاریخ تخت پر اجلاس کرکے اسمٰعیل عادل شاہ کو درمیان سے اُٹھاویگا مشہور ہوئی خواتین محل عادل شاہی نہایت محزون اور غمگین ہوئین لیکن جو کہ مشیت ایزدی کو اس سلسلہ علیہ کو قائم رکھنا تھا بوبجی خاتون مادر اسمٰعیل عادل شاہ کو یہ تدبیر سوجھی کہ یوسف ترک یعنے اپنے بیٹے اسمٰعیل کے کوکا کو بلاکر یہ بات کہی کہ اے یوسف مین تجھے کوکا نہین جانتی تو ہر دلعزیز ہی اور تجھے خوب معلوم ہی کیا غلام کیا آقا زیست کی چاہ سب کو ہوتی ہی اور درس دار فانی مین کوئی ہمیشہ نرہا اور نرہیگا تقدیر کی تدبیر اور قضاے آسمانی سے چارہ نہین اور چارنا چار حیات مستعار قابض ارواح کو سونپنی ہی اور سراے ناپایدار گذشتنی اور گذاشتنی ہی لہذا تجھسے یہ توقع رکھتی ہون کہ عنایت پروردگار کا امیدوار ہوکر مردانہ ہمت کا کمر جان پر باندھ اور جان جانے کا مطلق خیال نہ کرکے کمال خان دکنی سے جو نہایت غدار ہی اُسکے خون سے خاک کو رنگین کر یوسف ترک نے زمین خدمت کو لب ادب سے بوسہ دیکر التماس کی کہ کوئی سعادت اس سے بہتر نہین ہی کاش عوض مین ایک جان کے ہزار جان رکھتا وہ سب آپ کی راہ مین صرف کرتا لیکن یہ امر سب پر روشن اور ہویدا ہی کہ چنا سو رما بھاڑ نہین توڑتا ایک مرد بیس ہزار دکنی اور

حبشی کا کچھ نہین کرسکتا یہ ضعیف ایسے دشمن قوی سے کیونکر عہدہ برا ہوگا پونجی خاتون نے فرمایا کہ اگر تو حافظ حقیقی کی حفظ وحمایت پر توکل کرے اور اپنے صاحب کی جان نثاری پر آمادہ ہوکر جان ستعار کے خیال سے کر آخر مرنا ہی درگذرے تو اُسکے فضل سے امید قوی ہی کہ اُسے احسن وجہ سے دفع کرسکیگا یوسف ترک نے کہا مین یقین جانتا ہون کہ عیاذاً باللہ جس روز کہ کمالخان کو تخت پر اجلاس سیر ہوگا مجھے فوراً قتل کریگا کونسی سعادت اُسکے برابر ہوگی کہ جان نثار اپنی جان صاحب پر فدا کرے اور نام اپنا وفادارونکی سلک مین ثبت کرکے زندہ جاوید ہو اب آپ اُسکے دفع کا طریق بتائین تو بے تامل سربازی اور جان نثاری مین قیام کرکے مثل گوسفند کے اس اسمٰعیل کی قربانی ہوجاؤن پونجی خاتون نے کہا کہ ایک پیرزال حرم سرا کہ کمال خان سے نہایت الفت رکھتی ہی بلکہ مہربان کیجیے اور دوست جانی ہی اور اُس کی طرف سے ہمیشہ حرم مین رہکر ہمارے اخبار خوبی اوکلی ہر روزہ اسے پہونچاتی ہی کمالخان کے پاس عیادت اور احوال پرسی کیواسطے جاتی ہون اور تجھے اُسکے ہمراہ کرکے اسے ایسا مطیع کرتی ہون کہ وہ تجھے خود دلاسا دیکر اپنے ہاتھ سے بیڑا استمالت کا دیوے لیکن تجھے لازم ہی کہ بیڑا اٹھاکر جوہر حیات اپنا اپنے مالک پر نثار کرکے قدم جرأت بڑھاوے اور خنجر سیہ شگاف سے اُسکا شکم زنبور کے چھتہ کی طرح شبک اور سوراخ سوراخ کرے یوسف نے یہ امر قبول کیا اور پونجی خاتون نے پیرزال معہودہ کو بلایا اور از روے دلسوزی اور شفقت کمال خان کی نسبت کلمات مہرانگیز زبان پر لاکر فرمایا کہ یوسف عادل شاہ کے بعد وفات مین متفکر اور اندیشہ ناک رہتی تھی کہ میرا بیٹا اسمٰعیل خردسال ہی اور زمانہ کے تجربون سے عاری اور غافل ہی مبادا کہ یہ ملک بھی احمد شاہ بحری کو منتقل ہووے اور اس دیار کے امرا سے نامدار سے کون ہی کہ باگ اس سلطنت کی اپنے کف اقتدار مین لاکر رعیت کی حراست اور حفظ ناموس اس دولت کی ہمت کریگا مگر جس وقت سے کہ زمام انتظام ونسق امور ممالک کمال خان دکنی کے قبضہ مین درآئی خاطر نے اس دغدغہ سے نجات پائی ہی اور اوقات نہایت خوشی سے بسر ہوتی ہی اب ان دو تین روز کے عرصہ مین سنا جاتا ہی کہ اُس خان والاشان کا مزاج شریف اور عنصر لطیف نے کہ تجھے اپنے فرزند صلبی اور بطنی سے نہایت درجہ بہتر اور عزیز تر ہی اعتدال سے انحراف کیا ہی اس سبب سے طبیعت کو تشویش اور بیقراری بہم پہونچی ہی چاہیئے کہ مبلغ بارہ ہزار ہون لیجا اور اُسکے فرق پر نثار کرکے محتاجون اور فقیرون کو پہونچا جب پیرزال راہی ہوئی اور چند قدم گئی سے پھر طلب کرکے یہ کہا کہ مدت سے یوسف ترک کو کا ارادہ حج کا رکھتا ہی اور کہتا ہی کہ جب تک خان رفیع المکان اپنی خوشی اور رغبت سے مجھے رخصت نہ دیگا میرا حج قبول نہوگا اُسے بھی اپنے ہمراہ لیجا اور خان کو سطرح فہمائش کرنا کہ وہ اپنے دست مبارک سے اسے پان کہ معظمہ کی رخصت کا عطا فرماوے اور پروانہ اپنی مہر سے لطف کرے کہ حاکم بندر واہل مصطفےٰ آباد مانع نہوویں اور اُسے منزل مقصود کیطرف روانہ کرے اس خدمت کیواسطے زرخطیر پیرزال کو عطا کرکے یوسف ترک کو اُسکے ہمراہ روانہ کیا اور وہ خرد وشادان کمال خان کی خدمت مین چلی اور جب باتین مشفقانہ خاتون جہان کی مذکورین اور مبلغ مسطور تصدق کرکے ارادہ حج یوسف کو کا اُسکے سمع مین پہونچایا کمال خان دکنی خاتون کے لطف وتوجہ سے نہایت محظوظ اور مسرور ہوا بے شک وشبہہ اپنے تئین خداوند تاج وتخت اس مملکت کا سمجھا اور پونجی خاتون کی خوشدلی کیواسطے یوسف ترک کو کا کو مجلس خلوت مین طلب کرکے کہا اے یوسف مین تجھے بہت دوست رکھتا ہون جو تو نے نیت خیر کی ہی تجھے منع نہین رسکتا جلد حج سے فارغ ہوکر اپنے تئین خدمت مین پہونچا نا کہ تجھے جملہ امراے کبار سے کردون یوسف

ترک کو کانے بھی دلی نعمت کی صلاح وقت کے واسطے اپنی لسانی اور خوش بیانی سے کمال خان کو ملتفت کرکے
مطلق غافل کیا کمال خان نے از راہ مرحمت اپنے پاس بلایا کہ بیڑہ پان کا اپنے ہاتھ سے دون یوسف ترک کو کا جیسا کہ داب
مردم دکن ہی پان بزرگون کا بطریق ادب اس چادر پر کہ دوش پر رکھتے ہین لیتے ہین ہاتھ نیچے اس چادر کے کہ روش پر رکھتا تھا
لیگیا اور جسوقت کہ وہ پان دینے لگا ایک ہاتھ سے خنجر کھینچکر از روے بیدلی ایسا اُسکے سینے پر مارا کہ مقابل سے آیا اور صحن
مکان کو اس غدار کے خون سے لالہ زار کرکے صاعقہ دشنہ آبدار سے آگ اُسکے خرمن حیات مین ڈالی شعر گوزن گوہ گرگردن
دراز است ۔ کمند جاہ را باز دفراز است ۔ مادر کمالخان نے جب اس حال سے اطلاع پائی عجوزہ کو اس گمان سے کہ مصرع
ای بانصیبا ہین ہمہ آوردہ تست ۔ اُس ضعیفہ اور یوسف ترک کو اُسی ساعت قصاص مین پہونچایا اور اپنے آدمیون کو تعاقب اصحاب
سے مانع ہوئی اور کمال خان کو زمدون کی طرح قصر کے غرفہ مین تخت پر بٹھا کر خیل وحشم خاص کو زیر قصر ایستادہ کیا جیسا کہ رسم
ہند ہی اور ایک کو محرمون سے اپنے فرزند صفدر خان کی طلب کو بھیجا اور جب وہ آیا اور اپنے باپ کی نعش دیکھی
چاہا کہ فریاد کرے ہاتھ اُسکے منہ پر رکھکر منع کیا اور کہا وقت شور کرنے اور نوحہ کرنیکا نہین ہی چاہیے کہ مردانہ ٹیکا جد و جہد
استوار کرکے تیغ انتقام سے خون اسمٰعیل عادل شاہ اور اُسکی والدہ کا خاک ہلاک پر گرا کر اپنے باپ کے عوض تخت شاہی
پر جلوہ گر ہو اور نام ونشان خاندان عادل شاہ کا روے زمین پر نہچھوڑ صفدر خان باوجود اُسکے کہ پچیس برس کا جوان تھا
ہلرسان ہوکر بولا اُسی وقت ہمارے آدمی اس معاملہ سے واقف ہوکر متفرق ہونگے کیونکر انتقام میسر ہوگا بہتر یہ ہی کہ اس خبر کے
انتشار اور لشکر کے پریشان ہونے سے پیشتر ہم اس قلعہ سے برآمد ہوکر کسی طرف روانہ ہوین اُسکی مان نے اسے سرزنش
اور ملامت کرکے کہا جس قدر آدمی کہ مین قلعہ مین رکھتی ہون اعدا کے دفع کیواسطے کافی ہین تمھین حکم کرکہ قلعہ کا دروازہ
بند کرین اور تو قلعہ سے برآمد ہوکر اپنے متعلقون اور ہواخواہون کو پیغام پہونچا کہ خان والاشان نے اسمٰعیل عادل شاہ
کا سر طلب فرمایا ہی مین تعمیل حکم کو جاتا ہون پھر بہیئت مجموعی جاکر اور محاصرہ کرکے اپنے باپ کا انتقام لے چنانچہ اُسکے
بموجب حکم ہوا کہ کمال خان کے انصار قلعہ کا دروازہ بند کرین اور آدمی مستعد ہوین کہ خان والاشان نے اسمٰعیل
عادل شاہ کے قتل وحبس کا حکم صادر فرمایا ہی اور بیبی خاتون کو یہ گمان ہوا کہ یوسف ترک کو کا سے وہ کام مین نہ پڑا اور
کمالخان دکنی حقیقت حال پر مطلع ہوکر درپی خلش ہمارے ہی پھر خاتون نے مردانہ اور خسروانہ ہمت اُسکے مدافعہ پر
مصروف کرکے خواجہ صندل خواجہ سرا کو ایک جماعت کے پاس جو دیوانخانہ مین چوکی اور پہرہ رکھتی تھی بھیجا کہ اُس محل کے
دروازہ پر طلب کیا اور اتفاقات حسنہ سے اُسدن اُنمین سے مغل کی جنکا حال مذکور ہوا چوکی اور پہرہ کی باری تھی اور دو سو یا
تین سو دکنی اور حبشی بھی تھے لیکن جو جمیع اہل دربار ادنی اور اعلی کمال خان دکنی کے مطیع اور فرمان بردار تھے صفدر خان
انھین اپنا معاند ومعاون سمجھکر اُنکی فکر اور دفع مین نہ پڑا تھا القصہ بیبی خاتون نے پس پردہ آنکر آواز بلند فرمایا کہ کمالخان دکنی
چاہتا ہی کہ عادل شاہ کو ہلاک کرکے خود امر شاہی کا منتظم اور متصدی ہو اسصورت مین جو شخص نمک حلالی کو منظور رکھے
وہ محل مین آن کر حتی المقدور اعدا کے دفع مین مشغول ہووے اور دشمنون اور غداردن کی کثرت سے نہ اندیشہ کرے
کہ عنقریب وہ جماعت کفران نعمت کے وبال سے متفرق اور پریشان ہوگی اور جس شخص کو اپنی جان عزیز ہو اور دولت
عظمی پر فائز ہونیکی اسے پروا نہو وہ مختار ہی جہان چاہے جاوے الغرض دو سو سوار ریجاس مغل اور سترہ نفر حبشی ودکنی نے
جانسپاری اختیار کی اور ازروے صدق وارادت جس اخلاص عبودیت شاہی مین مشغول ہوے اور بیانیق نے بیوفائی کی خاک بسر پروا نکرکے [illegible]

شریک ہوئے اور پونجی خاتون اور دلشاد آغا بھی اسمٰعیل عادل شاہ کی کہ یوسف عادل شاہ کے آخر عہد مین دکن مین آئی تھی لباس مردانہ پہنکر اور تیر وکمان ہاتھ مین لے کر شہزادہ کے ہمراہ لگن محل کی پشت بام پر کہ بہت بلند تھا برآمد ہوئین اور مغلون کو بھی بام پر طلب کیے کہ خسروانہ سے قوی دل کیا اس درمیان مین صفدر خان مع جمعیت عظیم آپہونچا اور آدمیون کو دروازہ توڑنے پر مامور کیا جب مغل تیراندازی اور خواتین سنگ اندازی مین مشغول ہوئین غوغا اور آشوب عظیم قلعہ کے درمیان برپا ہوا اور عین گیرودار مین مصطفےٰ آغا رومی کہ قدیم سے برج اور بارہ کی محافظت کرتا تھا اور کمال خان دکنی ان لوگون کو جز وضعیف جانکر اُنکے قلع اور قمع کی کوشش نہ کرتا تھا مع پچاس تفنگچی دکنی لگن محل کے عقب آیا اور خواتین نے انھین دعاے خیر کرکے رسیان نیچے لٹکائین تو اُسکے سہارے بام پر چڑھ آئے اور جنگ صعب کے باعث آثار رستخیز ظاہر ہوئے اور جب مبحث حرب نے طول کھینچا اور بندوق کی آواز مادر صفدر خان کے گوش زد ہوئی اس خوف سے کہ مبادا میرے نورعین صفدر خان کو چشم زخم پہونچے کمال خان دکنی کی طرف سے پیغام بھیجا کہ بے تقریب آدمیون کا خون نکرین اول تو مین کلان طلب کرکے عمارت کو ڈھادین اُسکے بعد بفراغ خاطر محل مین درآوین اور خرد و بزرگ اونی اور اعلیٰ کو تیغ کے گھاٹ اتارین الغرض مادر صفدر خان کے اشارہ کے بموجب جنگ موقوف ہوئی اور بہادرون کو تو پہاے کلان کے لانیکے واسطے کہ اس قلعہ مین تھین مقرر کیا اور اپنی سپاہ کو جو شہر مین تھی حکم کیا کہ مسلح ہوکر قلعہ مین ایستادہ ہو تو دوسرا شخص اسمٰعیل عادل شاہ کی کمک کو نہ پہونچے خواتین دشمنون کا مشورہ و ریاضت کرکے آپس مین کہنے لگین کہ اگر توپون کے لانے سے پیشتر تدبیر سے کام بنجاوے خوب ہے پھر رائے صواب اندیش سے یہ قرار پایا کہ مغلون کو بام کی پس پشت پوشیدہ کرین شاید کہ صفدر خان مغلون کے فرار کا گمان کرکے توپ پہونچنے سے قبل آگے بڑھے اور غیب کے سربہ سے اُن کا شر نعمتون کا کام تمام ہووے اور وہ تدبیر تقدیر کے موافق آئی اور صفدر خان سہل ترین وجہ سے مقتول ہوا اور شروع اس محل کی یون ہے کہ جب مغل خواتین کے شورہ کے بموجب پوشیدہ ہوکے صفدر خان اور اُسکے ہواخواہ مغلون کے فرار کا گمان کرکے بیتابانہ لگن محل کیطرف بہیئت مجموعی روانہ ہوئے اور جب کوئی شخص اُنکا مانع نہوا تیغ و تیر و تبر سے لگن محل کا دروازہ توڑنا شروع کیا اور وہ شیرزن عورتین صاحب حوصلہ خاموش رہین یہان تک کہ دشمنون نے دلجمعی سے دروازہ توڑا اور صفدر خان مع امراے معتبر خوشدلی اور خوشحالی سے محل کے اندر داخل ہوئے اور دوسرے پھاٹک کے توڑنے مین مصروف ہوئے اُسوقت مغل خواتین کے حکم کے موافق نعرۂ تکبیر اللہ اللہ بلند کرکے چارون طرف تیر و تفنگ و سنگ مارنے لگے جو کہ وہ مقام نہایت کوتاہ تھا دشمن کیطرف کے مرد عمدہ بہت مارے گئے اور اُسی دار و گیر اور کشمکش مین قضارا ایک قاصد تیز سراسری پیام اجل لے کر صفدر خان کی آنکھ مین دہشتناک لگا ہرچند زخم کاری نہ تھا لیکن اس مصرع کے مطابق ع صید را چون اجل آید سوصیاد رود سراسیمہ اور بدحواس ہوکر اُس دیوار کے نیچے کہ اسمٰعیل عادل شاہ اسپر ایستادہ تھا پناہ لیگیا اور پونجی خاتون یعنے والدہ اسمٰعیل عادل شاہ دوسری طرف ایستادہ تھی اور بہادرون کو ترغیب جنگ کرتی تھی صفدر خان کو پہچانا اور اپنے فرزند ارجمند کو اشارہ کیا کہ تجھ گران اس سنگدل کے سر پر سلطان کرے اسمٰعیل عادل شاہ باوجود اس معرکہ کے کہ آتش حرب افروختہ تھی ہوش و حواس بجا رکھا اپنی والدہ کی فہائش کے بموجب وہ پتھر اپنے دست زبردست سے مارا اور خدا کی قدرت سے وہ پتھر صفدر خان کے

سر پر ایسا لگا کہ اُسکے صدمہ سے اسکا مقرباش پاش ہوا اور آن واحد مین تڑپ کر مر گیا اور باقی مخالفون نے جب اپنے سردار کو مقتول دیکھا کمال خان کے مکان کی طرف روانہ ہوے اور جب اُسے بھی مذبوح خنجر پایا بلا توقف قلعہ کا دروازہ کھول کر راہ فرار ناپی اور مغلان و فاکیش نے برآمد ہوکر صفدر خان اور کمال خان دکنی سر نوبت کا سر تن سے جدا کیا اور تاج سنان کر کے شہر مین پھرایا اور یہ منادی کی بیت کہ ہر کو بود دشمن شہریار ۔ بدین گونہ بیند سزا انجام کار ۔ اور امراے عمدہ مثل عین الملک اور جہانیان کہ کمال خان دکنی کے ساتھ رابطۂ خویشی اور پیوند کیا تھا اس حالت کے مشاہدہ سے کہ ہرگز انکے دل مین نہ گذرتی تھی ہراسان ہوئے اور مال و اسباب سے قطع نظر کر کے بسرعت تمام اس مملکت سے بھاگ گئے اور اسمٰعیل عادل شاہ نے اُسی دن یوسف ترک جوانمرد و جانسپار کی لاش بادل پاش پاش اس روش اور آئین سے کہ بہتر اس سے نہ تھی غسل و کفن دے کر تابوت صندلی مین رکھی اور خود بھی گریبان چاک سرور و آغشتہ بخاک کر کے پیادہ پا تابوت کے آگے روتا چلا اور مبلغ دس ہزار ہون کہ بوبی خاتون نے خیرات کے واسطے بھیجے تھے اور دس ہزار ہون جو خواجین نے ہمراہ کیے تھے اور خود بھی بیس ہزار ہون سے زیادہ براے کار خیر فقرا و مساکین کو پہونچائے پھر اسے پیوند زمین کر کے اُسکی قبر پر خیمہ شاہانہ ایستادہ کیا اُسکے بعد گنبد عالی اُسکی قبر پر تعمیر فرما کر مجاورون کے وظیفے مقرر کیے اور قریب شام بادل ناکام قلعہ کی طرف بازگشت کی مدۃ الحیوٰۃ ہر مہینے اُسکی ترویح روح کے واسطے مبالغ کثیر مستحقون کو دیتا تھا اور ہر سال یعنے اُسکے روز قتل ایکبار اُسکی قبر پر جاتا تھا منقول ہے کہ دوسرے دن اسمٰعیل عادل شاہ نے تخت دکن پر قدم رکھکر بار عام کیا اور خلائق نے لوازم نثار و ایثار پیش پہونچا یا نشان بلاغت نشان نے کہ خبکا سر دفتر خواجہ غیاث الدین شیرازی تھا کلک لطائف نگار سے نامجات مشعر استیصال کمالخان دکنی سر نوبت اور اُسکے متعلقون کی خوشترین عبارت سے تحریر کیے اور ساڈنی سوار تیز رفتار کے ذریعہ سے شاہان اطراف دکن کو پہونچائے اور غلغلہ دشمن گذاری کا بسیط عالم مین ڈالا اور کمالخان مقتول کے متعلق جو اسیر ہوئے تھے بوبی خاتون نے اُس تدبیر کے سبب کہ اُس سے وقوع مین آئی تھی اُسکے قتل سے درگذر کر کے اس عورت پر نہایت رعایت فرمائی اور حکم دیا کہ دوسرے ملک مین چلی جاوے اور ایک جماعت اُسکے ہمراہ کی کہ کوئی شخص اثناے راہ مین مزاحمت نہ پہونچاوے اور رنجمیون کو کہ از روے مہارت ایسا حکم کمال خان کے بارہ مین دیا تھا خلعت و زر دیکر مغرز و مکرم کیا اور جن لوگون نے کہ اس واقعہ ہولناک مین ہمراہی کی تھی علی قدر مراتب ہر ایک کو نوازش فرمائی اور منصب اور جاگیر لائق عطا کی اور از انجملہ خوش کلدی آقا اور سکندر آقاے رومی اور مصطفےٰ آقا اور مقرب خان گرداور مظفر خان رودباری اور خواجہ غیاث الدین کاشی اور محمد حسین طرانی کو سلحداری کے پایہ سے بمرتبۂ امارت ترقی کر کے اُنکے رایات شوکت بلند کیے اور میرزا جہانگیر قمی اور حیدر بیگ اور سویکیک بہادر اور امراے سلحدار کو جو کمال خان دکنی کی جور و جفا کی شدت سے گجرات اور خاندیس اور احمد نگر اور برار اور تلنگ کی طرف بھاگ گئے تھے استمالت نامہ بھیجکر مراجعت اور معاودت کی تحریص و ترغیب کی اور خسرو ترک جو اصل مین آزاد لاری تھا مصلحۃً اپنے تئین غلامان شاہی کے سلک مین لکھوایا تھا بخطاب اسد خان منصب امارت پر سربلند کیا اور نلگوان مع مضافات اُسکے جاگیر مقرر فرمائی اور یوسف جو غلامان گرجی مین منسلک تھا کوتوال دیوان ہوا اور چونکہ اُس حادثۂ عظمیٰ مین عہد کیا تھا کہ بعد فتح مغل کے سوا کسی کو نوکر نہ رکھونگا لہذا تاکید عہد کو وفا کر کے عمال محال اور کارگذارونکو حکم ہوا کہ ہماری دولت مغل کی سعی کی بدولت ہے اور تعلق اُنسے رکھتی ہے دکنی اور ترکی اور مغل زادہ

ملازم نکر دبارہ برس یہ حکم جاری رہا تغیر اور تبدیلی نے اسمین راہ پائی آخر خود مغلون نے اتفاق کرکے اپنے فرزندون کی ملازمی کی درخواست کی اور وہ منظور اور قبول ہوئی حکم ہوا کہ راجپوت اور افغانون کو بھی نوکر رکھو لیکن حبشی اور دکنی کسی طور سے ملازم نہونے پاوین اور وہ قاعدہ پسندیدہ ابراہیم عادل شاہ کی سلطنت تک جاری اور مستمر رہا اور کسی کی یہ مجال اور قدرت نہ تھی کہ دکنی اور حبشی کو سپاہ کے درمیان ملازم کرتا عدالت پناہ نے ایسے لشکر کی قوت سے کثر راؤن اور زمینداروں کو مقہور کیا بلکہ سلطان محمود بہمنی اور امیر برید کو کہ پچیس ہزار سوار لیکر بیجاپور آیا تھا شکست دیکر نشان فتح وفیروزی بلند کیا اور حقیقت اس امر کی یہ ہے کہ امیر برید کمال خان دکنی کی حین حیات مین جیسا کہ بیان ہو بہت سے ممالک اس بادشاہ کے تصرف مین لایا تھا بعد قتل کمالخان میرزا جہانگیر احمدنگر سے پلٹ کر شہنشاہ کی ملازمت مین حاضر ہوا اور احسن آباد کی جاگیر سے سرفراز ہوا اور اُسنے امیر برید کے سپاہیونکو قریب چار سو آدمیون کے ضرب تیر وشمشیر سے ہلاک کیا اور قلعۂ نصرت آباد اور ساغر اور راتبکر کو مفتوح کرکے اس حد ود کو جیسا کہ چاہیے مخالفان دولت ابد اتصال کے ہاتھ سے برآوردہ کرلیا اور امیر برید کے بھائیون کو بھی جو شجاعت مین مشاہیر کن سے تھے تہ تیغ بیدریغ کرکے اپنی ولایت بسہولت تمام متخلص کی اور امیر قاسم برید یہ خبر سنکر مثل مار زخم خوردہ پیچ وتاب مین پڑا اور فریب سے شاہ محمود بہمنی کی زبانی خود نامجات والیان دکن کو لکھکر استمداد الحاج ومبالغہ کیا کہ برہان نظام شاہ بحری اور سلطان قلی قطب شاہ اور علاء الدین عماد شاہ نے لشکر اسکی کمک کے واسطے مقرر کیا اور امیر قاسم برید ترک لشکر کمکی کو فراہم کرکے سنہ ۹۲۰ نوسو بیس ہجری مین بیجاپور کی طرف متوجہ ہوا اُس ولایت کی خرابی مین کوئی دقیقہ فروگذاشت نہ کیا اور جو شاہ محمود بہمنی بھی امیر قاسم برید ترک کے ہمراہ تھا اسمٰعیل عادل شاہ نے صلاح مقابلہ مین ندیکھی دم بخود رہا یہانتک کہ وہ الیہ پور مین جو یوسف عادل شاہ کا آباد کیا ہوا بیجاپور کے قریب واقع ہے پہونچا اور ارادہ اُسکے محاصرہ کا کیا اسمٰعیل عادل شاہ بارہ ہزار سوار کہ اس مین اکثر مغل تھے ہمراہ لیکر شہر سے برآمد ہوا اور جانبین سے لشکر آمادۂ شور وشر ہوا فردوسی بیابان چو دریاے خون شد درست ۔ کہ گفتی زروے زمین لالہ رست ۔ چنان شد زبس کشتگان روے دشت ۔ کہ پوینده راراہ وشوار گشت ۔ غرضکہ بعد جنگ صعب اور حرب سخت امیر قاسم برید ترک اور جمیع لشکر کمکی کو ہزیمت ہوئی اور شاہ محمود شاہ بہمنی اور شاہزادہ احمد فرزند اسکا جو تلاطم افواج مین گھوڑے سے جدا ہو کر گرفتار رہے تھے اسمٰعیل عادل شاہ نے از روے تواضع چند راس اسپ مع ساز مرصع اور پالکی خاص حاضر کرکے انھین سوار کرکے چاہا کہ بیجاپور مین لاکر امیر قاسم برید ترک سے نجات دیوے شاہ نے یہ امر قبول نہ کیا اور شہر مین نہ آیا اور شہر کے باہر جاکر ایک مقام مین فروکش ہوا اور اپنے اعضا کے معالجہ اور تدادی مین کہ پشت اسپ سے جدا ہونے کے وقت مجروح ہوگئے تھے مشغول ہوا اور بعد تندرست ہونے کے پیام کیا کہ بی بی ستی کو جو شاہزادہ احمد کے عقد ازدواج مین ہے لوازم جشن بجالاکر سپرد کرنا چاہیے شہریار نے اس امر کو قبول کرکے اقرار کیا کہ احسن آباد گلبرگہ مین کہ مزار سید محمد گیسو دراز ہے جاکر شرائط عروسی بجالاوین پھر شاہ اور وہ حضرت باتفاق یکدیگر احسن آباد گلبرگہ کی طرف روانہ ہوئے اور وہان پہونچکر آئین شہریار جشن شادی عروسی ترتیب دیکر بی بی ستی کو شاہزادہ احمد شاہ کے سپرد فرمایا اُس وقت اسمٰعیل عادل شاہ نے پانچ ہزار مغل شاہ کے ہمراہ رکاب کیے اور وہ حضرت بشوکت وتجمل تمام احمد آباد بیدر کی طرف سوار ہوئے اور امیر قاسم برید ترک اس خوف سے کہ شاہ نے اسمٰعیل عادل شاہ سے موافقت کی ہے اور پانچ ہزار سوار

میرے دفع کے واسطے ہمراہ لاتا ہے اسباب شاہی اور خزانہ اُٹھا کر اپنے قلعہ کی طرف روانہ ہوا اور شاہ بفراغ خاطر
واطمینان وافر اُس بلدہ مین بے دغدغہ محافظان اور ہیم موکلان چند روز شراب پینے اور رنڈی نچانے اور
نغمہ سننے مین مشغول ہوا اور داد لاقیدی کی دی اور اُس کے بعد لشکر اسمٰعیل عادل شاہ نے رخصت لے کر
ظاہر احمد آباد بیدر سے کوچ کیا امیر قاسم برید ترک چار ہزار سوار سے تاخت کر کے فجر کو وہان پہونچا اور چونکہ
اہل شہر اور دروازہ کے محافظ جانتے تھے کہ شاہ اور شاہزادہ شاہی کی لیاقت نہین رکھتے اور اُن سے
انتظام مملکت نہوگا اس واسطے کہ بادشاہ کو مستی اور بیہوشی حرام ہے خلق خدا کی حفاظت اسکا کام ہے غضب کی جا ہے کہ
جب نگہبان کو اپنی نگہبانی کی حاجت ہووے تو جنکا یہ محافظ ہے اُنکی کیا حالت ہوگی یہ سوچکر بلا توقف شہر کا دروازہ
کھول دیا اور امیر قاسم برید ترک کو شہر مین در لائے اور امیر مذکور نے بدستور سابق جا بجا اپنے مردم معتبر مقرر کیے
اُسکے بعد اپنے کام مین مشغول ہوا اور علی الصباح شاہ محمود شاہ بہمنی کا نثار اترا ہوشیار ہوا تو احوال دگرگون دیکھا
لیکن اس سبب سے کہ امرا کے تسلط اور غلبہ کا خوگر تھا چندان آزردہ نہوا اور امیر قاسم برید کا دست نگر ہو کر اسباب
عیش وعشرت پر قانع ہوا اور سنوات سابق مین جو ایلچی شاہ جمجاہ شاہ اسمٰعیل صفوی مملکت ایران کے ہندی شاہون
کے پاس آئے تھے تیمراج رائے بیجانگر اور شاہ گجرات نے اُنکی تعظیم وتکریم کر کے ایلچیون کو با تحف وہدایاے فراوان
بصد اعزاز واکرام ولایت کی طرف روانہ کیا اور شاہ محمود شاہ بہمنی بھی ایلچی شاہ کو بعزت وحرمت شہر مین لایا اور رعایت
شاہانہ کر کے چاہتا تھا کہ حسب دلخواہ رخصت کرے لیکن امیر قاسم برید ترک نے مذہب کی مخالفت کے سبب مانع
آنکر ایلچی کو قریب دو سال رخصت نہ کیا اسواسطے ایلچی نے عاجز اور بہ تنگ آکر اسمٰعیل عادل شاہ کو غائبانہ شکایت نامہ
لکھا اور آنحضرت نے شاہ محمود شاہ بہمنی اور امیر قاسم برید ترک کو پیغام دیا کہ شاہ ایران کے ایلچی کو اس سے زیادہ تر
نگاہ رکھنا حسن ادب سے بعید ہے چاہیے کہ اُسکی رعایت خاطر مین کوشش کر کے منزل مقصود کو روانہ کرین اور
معرض توقف مین نہ ڈالین امیر قاسم برید ترک نے اس پیام سے نہایت شدت سمجھکر ایلچی کو رخصت کیا اور وہ فوراً
بیجاپور کی طرف گیا اور اسمٰعیل شاہ لوازم استقبال بجا لایا والیہ پور مین اس سے ملاقات کی اور خلعت فاخرہ زر دوجواہر اُس کی
لیاقت سے زیادہ مرحمت فرمایا اور اتحاد مذہب کے سبب بندر مصطفےٰ آباد داہل سے بادشاہ عالیجاہ کی درگاہ مین رخصت
کیا اور اس شہنشاہ دین پناہ نے حقیقت حال پر مطلع ہو کر ابراہیم بیگ ترکمان کو معتمدان درگاہ سے تھا مع کمر بند وشمشیر مرصع
اور تحف ایران اسمٰعیل عادل شاہ کے پاس بھیجا اور مکتوب جو اُسکے مصحوب تھا اسمین یہ مندرج تھا مجد السلطنۃ والحشمۃ و
الشوکۃ والاقبال اسمٰعیل عادل شاہ لفظ وخطاب شاہی سے کہ بادشاہ عجم کی زبان پر جاری ہوے تھے نہایت شاد ہوا
اور یہ فرمایا اب شاہی ہمارے خاندان مین آئی اور ایلچی کو اس اعزاز واکرام سے کہ زبان خوش بیان اُس کی صفت
سے عاجز ہے بیجاپور مین لایا اور نقارہ شادیانہ کا بجایا اور لباس کی موافقت کے واسطے حکم فرمایا کہ جملہ سپاہ مغل زادہ
تاج سرخ دوازدہ ترک سر پر رکھین اور جو شخص تاج نہ پہنے وہ در بار مین میرے مجرے اور سلام کو نہ آنے
پاوے اور بارہ بکریان اُس سے جرمانہ لیوین اگر وہ شخص اسپر بھی باز نہ آوے تو اس کی سزا یہ ہے کہ سر بازار
اُسکی دستار سر سے اُتارین اور بازاری اُسکی نسبت کلام سخت زبان پر لاوین اس سبب سے کسی کو سپاہیان
اسلام سے یارانہ تھا کہ بدون تاج شہر مین پھرے اور یہ بھی حکم کیا کہ روز جمعہ اور عیدین اور تمام ایام متبرک مین

منبرون پر شاہ آسمیل صفوی کے واسطے فاتحہ سلامتی کا پڑھتے رہین اور یہ حکم ستر برس آخر عہد علی عادل شاہ تک جاری رہا اور ارباب دکن کا اتفاق ہو کہ آسمیل عادل شاہ مدار امور کا عقل پر رکھتا تھا اس سبب سے کبھی فریب اور بازی نہ کھائی جمیع معارک مین مظفر اور منصور رہا مگر جنگ کفار کنہر مین بوجہ مستی شراب کے کیونکہ عقاب شراب کے پنجہ مین طائر عقل زبون ہو جاتا ہو چنانچہ نشہ مین ایسا امر بس نا بادشاہ عاقل سے ظاہر ہوا جو عقل سے بہت بعید تھا و افتقان احوال شاہان ضیا نارا مدبر ہا نہم سے ایسا گوش نہ ہوا کہ جب یوسف عادل شاہ نے تیغ قہر و سیاست سے شیاطین کفار کنہر مغلوب اور منکوب کر کے ولایت میان دو آب کو عبدہ اصنام کے تصرف سے برآوردہ کر کے قلعہ رایچور اور مدکل کو مسخر اور مفتوح کیا مدت دراز تک سا کنان بس حدود کے بیجا نگریون کی مزاحمت بیجا سے امین اور مصئون رہے لیکن بعد از قوت یوسف عادل شاہ کہ خبر تمرد کمال خان دکنی سر سر نوبت اور لشکر کشی امیر قاسم بریدترک کے انتشار پایا نہراج نے قلعہ رایچور اور مدکل کو جیسا کہ گذرا محاصرہ کیا اور ساتھ عہد اور امان کے متصرف ہوا اور جو کہ لشکر آسمیل عادل شاہ کا کمال خان دکنی سر سر نوبت سے برآکندہ ہوا اور نفران معتد سے کوئی نرہا لہذا ۹۳۷ھ نو سو سائیس ہجری تک اُسکے استخلاص کے گرد نہ پھرا اور خلل مین اسکی نہ پڑا اور اُسکے بعد کہ امرا اطراف و جوانب سے اُسکی درگاہ مین حاضر ہوئے ممالک کو امیر قاسم بریدترک کے آدمیون سے برآوردہ کیا اور خسرو عدالت شعار نے عین موسم برسات مین قلعہ رایچور اور مدکل کی استرداد کے واسطے دار الخلافت بیجاپور کیطرف نہضت فرمائی اور نہراج یہ خبر سنکر بلشکر قلیل بلبور تاخت اسطرف متوجہ ہوا اور آب کشنہ کے کنارے نزول کیا اور تھوڑے عرصہ مین اقصاے بلاد کنہر اس حدود کے راجہ کہ غائبانہ اسکی اطاعت کرنے حاضر ہوتے تھے لیکن اُس معرکہ مین تمام مطیع اور فرمان بردار ہوئے اور افواج کثیر اور جم غفیر اُسکے شریک ہوئی غرضکہ جمعیت اُسکی پچاس ہزار سوار اور تین لاکھ پیادہ سے بھی متجاوز ہوئی اور آسمیل عادل شاہ نہراج کی تاخت اور دریا کے گھاٹون پر قبضہ کرنے اور قرب جوار کے راجاؤن کے اتفاق سے کہ ساتھ اس کافر اکفر کے یکدل و یکزبان ہوئے تھے چاہتا تھا کہ اُس سال فتح عزیمت کر کے اور وقت پر خصر کرے لیکن جو سلمان سفر مہیا کر کے سراپردہ باہر ایستادہ کیے تھے اور بعضے مقربون کی تحریص و ترغیب کرنے سے لاعلاج ہو کر اس طرف روانہ ہوا اور مع سات ہزار سوار تاج پوشش کہ اکثر غریب تھے لب آب دشمن کے اُردو کے مقابل سراپردہ خسروی اوج فلک پر بلند کیا اور چند روز خرگاہ شاہانہ مین بستر استراحت پر مکلف کر کے مقابلہ اور مجادلہ کو معرض تواقل اور تساہل مین ڈالا اور حسبوقت کہ باران ترشح کرتا تھا چند ساغر مے گلگون سے لبریز کر کے پیتا تھا اس درمیان مین ایک ندیم کہ ذوق مے اُسمین چند پیالہ شراب کے پیکر سرخوش تھا اُسنے بس پردہ سے یہ بیت با آواز موزون و دلکش پڑھی بیت خیز و در کاسہ زر آب طرنبالک انداز ؎ پیش ازان دم کہ شود کاسہ سر خاک انداز ؎ شاہ فوراً پردہ تردد سے خاطر کو برآوردہ کر کے بزم عیش و عشرت کی آراستگی مین جازم اور حازم ہوا اور حکم اقتباس کے بموجب پری پیکران گل اندام فتنہ خرام غنچہ دہن عرق جوانی سے تر بتر دلیری مین چالاک شوخی و عشوہ گری مین بیباک کہ طرز دلربائی سے لیلیان ہوش دوش عقل سے لیجا رہین اور کانبوالیان شہرہ آفاق گانے مین مشاق خوش آواز نغمہ پرداز انسان تو کیا فرشتہ انکی دام محبت مین ہوش حواس نذر کرے اور ندیمان ظرافت شعار خوانچی بساط مین جمع ہوئے جب تجرع اقداح طرف حد سے گذرا اور پیمانہ کیفیت نشاط کا

سرشار ہو آنحضرت نے فکر عبور دریاے مواج مین مستانہ وار قدم ڈال کر ارکان دولت سے استفسار فرمایا کہ سپاہ و لشکر کے بنانے مین اسقدر رونگ کا کیا سبب ہی انھون نے عرض کی کہ تین سو سیر چرم گوفتہ موجود ہی اور مابقی چند روز مین تیار ہو کر موجود ہونگے جہانبان عدالت نشان نے نشاکی ترنگ اور شراب کی مستی مین دریا کے عبور پر ہمت مصروف فرمائی اور فیل بابک زا پر کہ مست تھا سوار ہوا اور بغیر اسکے کہ کسی کو اپنے مافی الضمیر سے مطلع کرے تفرج آب اور گل گشت کے بہانہ دریا کے کنارے گیا اور جو کہ اکثر بروز جنگ اُس فیل پر سوار ہوتا تھا سپاہ اسلام مضطرب ہو کر سوار ہوئی اور یون ہی سر اُٹھائے چلی گئی جب ایک فرسخ لشکر خصم کے مقابل سے دور ہوا اکبارگی اظہار ارادہ کر کے حکم دیا کہ آدمی فیلون پر سوار ہو کر عبور کرین اور گھوڑون کو ان سبدون مین کہ چمڑے سے مڑھکر تیار کیے ہین اُتارین اور جو عقل باور نکرتی تھی کہ فیل اس آب تہا مین کیونکر گذر کرینگا لوگ حیران ہوے اور کسی نے ہاتھی پانی مین نہ ڈالا اسمعیل عادل شاہ کہ عنان عقل کف اختیار سے دی تھی اعراض ہو کر بولا کہ وہ بھی فریبون کو دجلہ بغداد سے بے زورق گشتی لیگیا تھا مجھے بھی اُسکی پیروی درکار ہی جو فضل خدا یار ہی تو یہ بیڑا پار ہی یہ کہکر شاہ نے اپنے ہاتھی کو سب سے پیشتر پانی مین ڈالا اور اقبال بلند شاہانہ سے آب پایاب ہو گیا حافظ حقیقی نے صحیح وسالم اس بحر خار سے پار اُتارا اور ہاتھی بھی کہ اُنکے عدد دو سو سے کم نہ تھے اس لجۂ گرداب تلاطم سے پار ہوئے اور جسقدر آدمی اور گھوڑے سبدون مین بٹھائے دو دفعہ عبور کر کے پھر جاتے تھے کہ اور آدمی بھی عبور کرین اس درمیان مین افواج خنیم کی نمودار ہوئی اور جوانان اور بہادران مغل جو دریا سے عبور کر چکے تھے اسپان تازی تژاد پر سوار ہوئے اور صفوف جدال آراستہ کین لیکن اہل اسلام دہ ہزار اور جمعیت کفار تیس ہزار سوار اور دو لاکھ پیادے سے کم نہ تھے باوجود اُسکے جو اسمعیل عادل شاہ نائرہ حرب کے اشتعال مین مصر اور مجد تھا مغل جنگ مین یکدل ہو کر محاربہ مین مشغول ہوئے تلوار چلنے لگی اور ہزارہا جوان دشمنون کی طرف کے بے ریوع کر کے خاک ذلت پر ڈالے اور کثرت سے سپہ سالار اسے بیجا نگر کو قربت فنا چکھایا غازیون نے بہادری اور پہلوانی مین کوئی دقیقہ فروگذاشت نہ کیا آخر کو صدمۂ توپ اور ضرب زن اور بندوق وغیرہ آلات آتشباری سے عاجز ہوئے ایک ہزار پانسو غازی درجۂ شہادت کو پہونچے اور بقیۃ السیف سراسیمہ عنان تاب ہوئے جو کہ ناؤ بیڑا نہ رکھتے تھے ہیبہ کا سلسلہ ٹوٹ گیا جی چھوٹ گیا نا چار سوار و پیادہ نے فراہم ہو کر بامید نجات گھوڑے اُس بحر خار مین ڈالے نہنگ اجل کے منھ مین چلے اسطرف ترسون بہادر اور ابراہیم بیگ کہ ردیف اسمعیل عادل شاہ تھے خوہی نخواہی اُسکے قبیل کو سر کرکے پھیر کر پانی کیطرف روانہ ہوئے جو کہ وہ پانی پایاب تھا اسمعیل عادل شاہ اور سات جوان تا جپوش کے سوا باقی ہاتھی اور راکب کو سب تمام بحر فنا مین غرق ہوئے اور ایسا حادثہ عظیم کتب تواریخ مین کمتر مطالعہ ہوا کہ کوئی بادشاہ اپنے لشکر سے طمطراق عبور کر ایسے دشمن قوی سے مقابل ہو اور جمیع دولتخواہون کو بحر فنا مین غرق کر کے خود بھی بمحنت و مشقت تمام ساحل نجات کو پہونچے

بیت

بہ بین یک جرعہ دریا ش سراسر ۔ کہ طوفے ہست از بحر خرابی

شاہ نے طریق مشورت ہندخان لاری سے کہ سابقہ کسی تقریب کے اس سے پیشتر حرف اُسکا مذکور ہوا تھا دریان مین لاکر صلاح دولت استفسار کیا اسد خان لاری نے مین خدمت کو بوسہ دے کر عرض پیرا ہوا کہ جو ایسا واقعہ عظیم پیش آیا اور قدم عقل نے لغزش کھائی عنان عزیمت از انحلافت بجانب بیجاپور کی طرف معطوف کرین اسواسطے کہ رائے بیجانگر بشوکت و کثرت خیل و حشم تمام رایان ہندوستان سے ممتاز ہی اور شاہان بہمنیہ

باوجود وسعت مملکت اور بسط ولایت ازروے کمال حزم وہوشیاری اُس نواح کے لشکر کے ساتھ مقابلہ کے واسطے اقدام نہین کرتے تھے اور مخلصان گیرنگ اور دولتخواہان یکجہت یہ صلاح دیکھتے ہین کہ شاہ برہان نظام الملک بحری سے ابواب مصادقت مفتوح رکھکر نسبت خویشی اور پیوندگی درمیان مین لاوے اور بعد موافقت یکدیگر امیر قاسم بریدترک کو کہ محرک سلسلہ فتنہ وفساد ہو اُسکی تادیب اور تنبیہ کرکے قلعۂ رایچور اور مدکل کی تسخیر مین کوشش کرین اور کفار غدار سے سہلترین وجوہ سے انتقام لین الغرض شاہ کو یہ تقریر دلپذیر پسند آئی اور قسم کھائی کہ جبتک کہ تسخیر کنگرۂ قلعۂ رایچور اور مدکل پر نہ ڈالون مجلس شراب ونشاط مجھپر حرام ہو اور ثقات راویون سے مین نے سنا ہو کہ آنحضرت نے اپنے عہد پر وفا کی اور جبتک قلعۂ رایچور اور مدکل فتح نہوا شراب اور اکل کباب کی طرف رغبت نفرمائی اور انقضاے ایام حیات مستعار تک ایسا نہ کیا کہ اُس حریف بدخو کا مغلوب ہوکر اثر مستی کا اس سے ظاہر ہوے اور اُسی چند روز کے عرصہ مین خسرو دکن نے اسد خان لاری کی فہمائش (یعنی تیز کرنے) کے بموجب ساحل آب کنسنہ سے کوچ کیا اور اپنے مقر خلافت مین داخل ہوا اور اسد خان لاری کو سپہ سالاری کا خلعت مرحمت فرمایا اور اضافہ منصب وجاہ سے بھی سرفراز کرکے پایہ اُسکی امارت کا بہت بلند کیا اور اُسکی صلاح کے موافق برہان نظام شاہ بحری سے بنیاد مرعاوقت ڈال کر سید احمد ہروی کو کہ قبل اس سے برسم رسالت ایران کی طرف گیا تھا قواعد وداد واتحاد کے استحکام کے واسطے بلدہ احمدنگر مین بھیجا اور اس سبب سے کہ شاہ طاہر علیہ الرحمۃ سیادت پناہ کے ساتھ سابق سے شغف اور رابطۂ آشنائی رکھتا تھا اُسکے قدوم کو اعزاز واکرام سے مقرون رکھکر باتفاق ارکان دولت اُس دولتخانہ کے برہان نظام شاہ بحری کے حکم کے موافق استقبال کو گیا اور رسوم عرفی بجا لاکر باحسن وجہ برہان نظام شاہ کی ملاقات سے مشرف ہوا اور بعد چند روز کے کہ دونون شاہ کے درمیان مین رسل ورسائل متواتر ہوئے پھر شاہ طاہر اور اسد خان ہروی صدر کی سعی کے سبب قصبہ صدلاپور مین کہ اب شولاپور مشہور ہو دونون سریر آراے دکن آپسمین ملاقی ہوئے قواعد اتحاد اور دوستی مین کوئی دقیقہ فروگذاشت نہ کیا اور ماہ رجب کی چوتھی شب سنہ ۹۳۰ نوسو تیس ہجری مین حضرت قدسی اثر شاہ طاہر نے دائرہ شاہ عدالت پناہ مین تشریف ارزانی فرمائی اور مجلس ہمایون کو رشک فردوس برین کیا اور وہ خسرو فریدون فر اُس وزبا تفاق اپنے خلف الصدق شاہزادۂ ملوخان کی محلسرا سے چند قدم رنجہ فرماکر مراسم استقبال بجا لایا اور لوازم ضیافت بھی خوب ترین وجہ سے پیش پہونچا کر زبان مبارک سے فرمایا کہ جسوقت ایک الیچیون یا خلفاے تمھارے سے مجھ ایسے درویش کے مکان پر تشریف شریف ارزانی فرماوے کیا سلوک کرنا چاہیے تا حقوق محبت اور مہربانی کا ظہور ہو شاہ مقام فروتنی مین ہوا اور کلام محبت التیام بیان کرکے عدالت پناہ کی خاطر عاطر کا باعث تشفی ہوا اور اُسی وقت اسی مجلس مین حرف وصلت اور پیوند کا درمیان مین لایا اور جو وہ حرف مین مدعا اور مطلب تھا عدالت پناہ نے قبول کرکے شاہ کو مسرور اور خوشوقت کیا پھر طرفین سے وہ جو آئین بادشاہی اور طریق فرمانروائی ہے اُسی طرح سے جشن شادی کو ترتیب دیکر خلوت نشین سرا پردۂ عظمت مریم سلطانی بنت یوسف عادل شاہ کو شریعت مصطفوی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے موافق دختر تابندۂ جہانداری برہان نظام بحری سے ہمقران کیا اور جانبین سے بانواع تحف وہدایا امر مواصلت اور مراودت عمل مین آئے اور دوستی اور یگانگی کے بارہ مین عہد وپیمان درمیان مین لائے اور فائز المرام واز مظلم اپنے منزل کی طرف مراجعت کی لیکن جو قرار پایا تھا کہ شولاپور اور بارہ پانچ پرگنہ زین خان برادر خواجہ کہنی کے کہ تمام خان

اور ہمدری

دکنی نے لیے تھے مریم سلطانی کو جاگیر دیوین جب اسمعیل عادل شاہ نے نہ دی اور بیت ولعل کیا اُس قرابت نے کچھ اثر پیدا نہ کیا بلکہ منجر بدشمنی ہوئی دوسرے برس برہان نظام شاہ باتفاق علاء الدین عماد شاہ والی برار سمع فوج جرار بعزم رزم نکلا اور شولاپور مین پہونچکر قلعہ کا محاصرہ کیا اور ایلچی بھیجکر امیر قاسم بریدترک کو بھی اپنی کمک کی دلالت کی اسمعیل عادل شاہ باوجود اُسکے کہ جانتا تھا کہ دونون بادشاہ چالیس ہزار سوار آدمودہ کار ہمراہ رکاب رکھتے ہین قادر ذوالجلال کے افضال پر توکل کرکے بس ہزار قدرانداز ترکش بند اسفندیار خو ہمراہ لیکر غنیمون کے مدافعہ کو آپہونچا اور جب دونون غنیمون سے کوئی حرب پر آمادہ نہوا اُردوے غنیم کے دو کوس کے فاصلہ پر چالیس روز تک فروکش رہا اور جب اکتالیسوین دن امیر قاسم بریدترک برہان نظام شاہ بحری کی کمک کو پہونچا اُسی دن نظام شاہ بحری صف آرا ہوکر قلب مین مقیم ہوا اور میمنہ پر علاء الدین عماد شاہ کو اور میسرہ پر امیر قاسم بریدکو مقرر کیا اور اسمعیل عادل شاہ نے بھی میدان نبرد مین جولان ہوکر سہدخان لاری کو علاء الدین عماد شاہ کے مواجہہ کو اور ترسون بہادر کو امیر قاسم برید کے مقابلہ کو مامور فرمایا اور خود دلاوران نامدار سے قلب مین قائم ہوا اور خوش کلدی آقا کو سمع ہزار جوان تیرانداز جمل دامنی طرف اور مصطفے آقا کو ہزار سوار سے بائین طرف مقرر کرکے یہ حکم دیا کہ جس طرف فوج غنیم غلبہ کرے تم مدد کرو جب صف کارزار طرفین سے تیار ہوئی طرفین کے بہادر حملہ آور ہوئے فوج لگی تلوار چلنے لگی ثنوی بر آمد خرد شیدن گیر و دار ✦ در آمد بزمناوآن روزگار ✦ زخون یلان خاک آغشتہ شد ✦ تو گفتی زمین ارغوان گشتہ شد پہلے سہدخان نفس نفیس شیر ژیان اور ہیر دمان کے مانند غلام الدین عماد شاہ پر بطور تاخت آیا اور وہ تاب جنگ نہ لایا بھاگ کر برار مین دم لیا اور ترسون بہادر نے بجلہ شیر انہ امیر قاسم بریدترک پر عرصۂ جنگ تنگ کیا اُسکا بھی پاے ثبات زمین سے ہلگیا پسپا ہوکر بیدر کی طرف راہی ہوا لیکن اب تک اسمعیل عادل شاہ و نظام شاہ بحری گرم وغا تھے کہ ناگاہ مصطفے آقا اور خوش کلدی آقا دونون پہلوان سمع تیر اندازان چابک دست بر آمد ہوئے اور نظام بحری کو حلقہ مین خطاب کار کی طرح گھیر کر تیر باران کرنے لگے وہ بھی تاب جنگ نہ لایا پاے معرکہ سے ہٹا اور اسد خان لاری کو غالب تعاقب کرکے اُسکا صلم دولت اپنے قبضہ مین لایا اور چالیس ہاتھی اور توپخانہ عادل شاہ کے اقبالیون کے ہاتھ آیا بنگاہ لٹ گئے اور یہ اول جنگ تھی جو خاندان عادل شاہیہ اور نظام شاہیہ کے درمیان واقع ہوئی اور قلعہ شولاپور ساڑھے پانچ برگنہ جو اسمعیل عادل شاہ نے مریم سلطانی بنت یوسف عادل شاہ کو دینے کا اقرار کیا تھا یہی باعث نزاع تھا پھر اسمعیل عادل شاہ وہان سے بافتح وظفر مع فوج ولشکر بلدۂ بیجاپور کی طرف روانہ ہوا اور دار الخلافت مین شاہ کے حلم کے موافق ایک مہینا کامل جشن عظیم رہا صحبت دل پسند رہی صداے عیش و طرب تا گوش زہرہ و مشتری بلند رہی پھر شہریار والا تبار قدردان مخلوط نامہ اراکان دولت وزیر و امیر پہلوانان و سپہ سالار نامی کو خلعتہاے فاخرہ سے ممتاز کرکے زر و جواہر نثار کیا ہر ایک کا زیادہ اقتدار کیا اور اسد خان لاری کو با پنج فیل کوہ پیکر و چھ ہاتھی خرد خلعت کے علاوہ جو برہان نظام شاہ بحری کی لوٹ مین آئے تھے مرحمت فرماکے اور کل مشاہرہ کی تنخواہ اور مرسومات مضاعف کرکے خوشدل کیا اور برہان نظام شاہ بحری کہ بادشاہ غیور تھا سنہ ۹۳۳ نو سو تینتیس ہجری مین عماد شاہ سے لڑا اور اُسے شکست دیکر نہایت خفت اور غرور سے امیر قاسم بریدترک کو ہمراہ لیکر بقصد تسخیر ولایت سابق بیجاپور کی طرف متوجہ ہوا ادھر سے یہ خبر سنتے ہی اسمعیل عادل شاہ لشکر خونخوار لیکر اُسکے مقابلہ کو چلا کس اہ

ڈھوئی تھی کہ فوج غنیم سے جنگ عظیم ہوئی اس مرتبہ بھی حریف دغاشعار یعنی برہان نظام شاہ بحری پشت معرکہ مین دیکر فرار ہوا اور خواجہ جہان دکنی اور بعضے امرائے اُسکے دستگیر ہوئے اور اسدخان لاری نے حوالی پرندہ تک پیچھا کرکے بیس ہاتھی نامی کہ ایک انمین سے فیل تخت برہان نظام شاہ بحری کا تھا دستیاب کئے اور اسمٰعیل عادل شاہ نے ان تمام فیل کو سوائے فیل تخت کے کہ آلہ بخش اُسکا نام رکھا تھا اسدخان لاری کو امداد فرمائے اور اسے زبان مبارک سے فرزند کہا اور اُس سال کہ ۹۲۴ نو سو چونتیس ہجری تھے اسمٰعیل عادل شاہ نے اسدخان لاری کی ہدایت سے علاء الدین عماد شاہ والی برار سے قصبہ اوجان مین ملاقات کی اور اپنی چھوٹی ہمشیرہ جو مساۃ خدیجہ سلطان تھی اُسکے ساتھ منسوب کی اور عہد و میثاق دوستی اور یگانگی کے درمیان مین لاکر ہر ایک اپنے مقر دولت کی طرف روانہ ہوئے اور سنہ ۹۳۵ نو سو پینتیس ہجری مین بہادر شاہ گجراتی کہ احوال اُسکا اپنے مقام مین مذکور ہوگا برہان نظام شاہ بحری کی ولایت پر مستولی ہوا اور اسمٰعیل عادل شاہ نے حسب الالتماس برہان نظام شاہ بحری چھ ہزار سوار اور دس لاکھ ہون امیر قاسم بریدترک کے ہمراہ برہان نظام شاہ بحری کی مدد کیواسطے ارسال فرمائے بعد از روانگی بہادر شاہ گجراتی کے مملکت دکن سے جب لشکر مذکور بیجاپور کی طرف آگیا اسمٰعیل عادل شاہ کی سمع مبارک مین پہونچا یا گیا کہ امیر قاسم بریدترک اُن امرا کو جو آپ کی رفاقت مین تھے اور اب برہان نظام شاہ بحری کی مدد کیواسطے نامزد ہین تعصبی تکلیف دیتا تھا کہ میری اطاعت کرو تو ہم تم بیجاپور جاکر اسمٰعیل عادل شاہ کو مقید کرین اور ولایت کو برادرانہ تقسیم کرین یہ سنکر اسمٰعیل عادل شاہ نے امیر قاسم بریدترک کی تادیب پر ہمت مصروف فرمائی اور سنہ ۹۳۶ نو سو چھتیس ہجری مین ایلچی کاروان برہان نظام شاہ بحری کے پاس بھیجکر یہ پیغام کیا کہ امیر قاسم بریدترک کی بے ادبی اور کم مروتی نے حد سے تجاوز کیا اور آپ بھی خوب جانتے ہین کہ اُسنے کہ سلطان قلی قطب شاہ اور بیجانگر کے راجا اُن سے دسازش کرکیا فساد برپا کیے اور بیخلاص طرح دے کر اُسکے گناہ معاف کرتا ہا لیکن اندنون ہمین رائے صورت پیدا ہے اُسکے دفع شر پر کہ داعیات عقلی اور مہمات شرعی سے دعازم و جازم ہوئی ہر کہ اسطے کہ بیچارے کے ساتھ ملائمت اور سانپ کے ساتھ نرمی کرنا عقل سے بعید ہر قطعہ نہ کند اندر زمانہ تو یہ ہرگز با سنگدل و مدانش نہ کنی کہ با مار ترک زخم زدن ہ تا نکوئی بینی بر پسندانش ہ اگر اے دوستان اخلاص گزین کی اس امر مین شریک ہو کر رخصت تادیب کرے تنبیہ اُسکی احسن وجہ سے کی جاوے جو برہان نظام شاہ بحری اس عرضداشت اسمٰعیل عادل شاہ کے احسان اور امداد کے باعث شرمندہ تھا اور ابھی بہادر شاہ گجراتی کے خرخشہ سے مطمئن نہ تھا اسطے دم موافقت سے مارکر کہا کہ جو شے عدالت پناہ کی خوشنودی اور خیر اندیشی کی موجب ہو بے یقین کہ غرض مدعائے مہمان صادق الوداد وہی ہوگی ایلچی یہ جواب باصواب سنکر مسرور اور متبسم ہوئے اور نہایت اعزاز و اکرام سے رخصت انصراف پائی اور ملازمت مین پہونچکر شنیدہ و دیدہ کو مشروحاً مسامع فیض مجامع مین پہونچایا اور اسمٰعیل عادل شاہ فرصت غنیمت شمار کرکے بلا توقف دس ہزار سوار انتخاب ہمراہ رکاب لیکر احمد آباد بیدر کی طرف روانہ ہوا اور میر قاسم بریدترک کہ بڑھاپے کے سبب آنکھون سے کم دیکھتا تھا تمامی جمعیت کے بہ مشورہ کہ اُسکا وزیر تھا قلعہ کی محافظت اپنے بڑے بیٹے علی بریدار اور دوسرے فرزندان کے رجوع کرکے خود کسیطرف روانہ ہوا اور اسمٰعیل عادل شاہ نے احمد آباد بیدر مین پہونچکر قلعہ کو خاطر دار احاطہ فرمایا اور اہلی تنخیہ برہنہ تن مصروف کر

مورچے اور لقب چاروں طرف سے پہونچائے اور امیر قاسم برید ترک کے اعوان کہ شجاعت و بہادری مین مشہور تھے شہر سے برآمد ہوکر اعلام مدافعہ اور مجادلہ کے بلند کرتے تھے اور جو کہ قلعہ کی پناہ مین تھے لڑ بھڑکر سلامت نکلجاتے تھے اور جب خبر قریب پہونچنے لشکر سلطان قلی قطب شاہ کہ اُنکی کمک کو آیا تھا پہونچی امیر قاسم برید کے فرزند پھول کر جامہ سے باہر ہوئے اور از راہ خیرگی پانچ ہزار دکنی کو مسلح اور مکمل کیا اور قلعہ سے برآمد ہوکر صف قتال آراستہ کی منقول ہے کہ خاتون یعنی امیر قاسم برید ترک کی زوجہ جو علی برید کی والدہ تھی اُسکے تین بھائی تھے ہر ایک آپکو لشکر کے برابر تصور کرتے تھے ایک میرزا جہانگیر کی لڑائی مین مارا گیا اور دو بھائی زندہ تھے اُسنے فوج کے سامنے آن کر اسمٰعیل عادل شاہ سے مبارزت طلب کرتے تھے اور کہتے تھے کہ مردی و مردانگی وہ ہے کہ عمرو و زید کی بے اعانت دشمن سے لڑے اسمٰعیل عادل شاہ اس طعنہ سے طیش مین آیا بلکہ شعلۂ غضب سے افروختہ ہوکے لال ہوگیا اور بنفس نفیس خود عزم رزم کیا اور اسد خان لاری اور دیگر مقربون کے منع کرنے سے ممنوع نہو لشکر کو جمع کرکے باخاطر پریشان میدان وغا کی طرف روانہ ہوا اور وہ دونون مرگ رسیدہ خود سر باری باری میدان جانستان مین عدالت پناہ کے مقابل آئے اور کچھ دیر اپنا کرتب اور شجاعت جانبازون کو دکھاکر اپنی خاک ہستی کو باد فنا سے برباد کیا دوست و دشمن بآواز بلند یون ثناخوان تھے کہ اس تاجدار نے آن دونون خودسرون کو سر میدان کسطرح مار لیا الغرض اسمٰعیل عادل شاہ فرمان خرامان اپنے لشکر مین آیا اسد خان لاری اور بھی امرا نے اُسکی رکاب کو بوسہ دیکر زر و جواہر نثار کیا اس درمیان مین ایک طرف سے افواج سلطان قلی قطب شاہ کی نمودار ہوئی اسمٰعیل عادل شاہ نے اسد خان لاری کو اُسکے مقابلہ کو مامور کیا اور سید حسن عرب کو امیر قاسم برید ترک کی سپاہ کے مواجہہ کا امر قرار پایا اسد خان لاری ایک ہزار اور پانسو سوار مثل لیکر برق لامع کی طرح قطب شاہیون پر حملہ آور ہوا اُن کے خرمن جمعیت کو متفرق اور پریشان کیا اور پھر بلا توقف سید حسن عرب کی مدد کو پہونچکر تیغ یمانی سے چار سو مردون کی مرافشانی کی اور شکست دیکر قلعہ کے دروازہ تک پسپا کیا اور اسمٰعیل عادل شاہ نے بعد اس فتح کے اسد خان لاری کو آغوش عاطفت مین لے کر عنایات گوناگون سے ممتاز کیا اور زر و مال سے بے نیاز کیا اور قلعہ کے محاصرہ کے بارہ مین زیادہ تر اہتمام کرکے دخواہ خروج کی راہ مسدود کی امیر برید یہ اخبار سنکر مضطرب اور بیقرار ہوا اور علاء الدین عماد شاہ سے متوسل ہوکر اپنے بھانجے محمود خان کو اُسکے پاس بھیجکر التماس قدوم کی تاکہ شفیع تقصیرات ماضی و حال ہووے اور علاء الدین اس سبب سے کہ مادری اور مامور اُسکے قبضہ سے برآوردہ ہوا تھا اپنے کام مین حیران تھا امیر قاسم برید ترک کی طلب کو اسمٰعیل عادل شاہ کی ملاقات کا وسیلہ کرکے بسبیل تعجیل احمد آباد بیدر کی طرف متوجہ ہوا اور اسمٰعیل عادل شاہ کی استرضائے خاطر کے واسطے اُسکے قلعہ اودگیر مین نہ گیا اور لشکر عادل شاہیہ سے ایک فرسخ کے فاصلہ پر فروکش ہوا اسمٰعیل عادل شاہ ایک جماعت مخصوص سے اُسکے اُردو مین گیا اور لوازم تہنیت قدوم بجالائے اور علاء الدین عماد شاہ نے بھی فتح کی مبارکباد دے کر معروض کیا کہ غرض و مطلب اصلی اس یورش سے حصول ملاقات آنحضرت ہے لیکن شناعت گناہ امیر قاسم برید ترک اندازہ سے باہر ہے عدالت پناہ نے فرمایا جو اس معرکہ مین اکثر بہادران قدیمی کام آئے ہین جنکے خون کا نہ لون آپ صلح کی تکلیف نکرین جب علاء الدین عماد شاہ نے

عدالت پناہ کو اس بارہ مین مصر اور مجد بایا پھر دوبارہ اس مقدمہ کا تذکرہ نہ کیا اور اسمٰعیل عادل شاہ نے ایک ہفتہ اپنے دائرہ مین اُسے مہمان کیا اور دعوت کا سامان کرکے جشن عالی ترتیب دیا پیشکش لائق گذرانے امیر قاسم برید ترک نے جب سنا کہ اسمٰعیل عادل شاہ نے علاء الدین عماد شاہ کے ملتمس مین دست رد مار مضطرب ہو کر اودگیر سے ایلغار کرکے گرد راہ سے علاء الدین عماد شاہ کے مکان پر گیا اور کہا جو مین نے ہاتھ توسل کا تیرے دامن مین مارا ہے وظیفہ حمایت کا یہ ہے کہ جسطور سے ممکن اور میسر ہووے حرف صلح کا درمیان مین لاکر میرے فرزندون اور متعلقون کو محاصرہ سے نجات دے علاء الدین عماد شاہ نے جواب دیا کہ امر صلح بغیر اُسکے کہ قلعہ احمد آباد بیدر اسمٰعیل عادل شاہ کے سپرد کرے صورت پذیر نہین ہے امیر قاسم برید ترک کو یہ امر ناگوار ہوا اپنے لشکر گاہ مین جو ایک فرسخ لشکر علاء الدین عماد شاہ سے تھا گیا اور دشمن قوی سے اندیشہ کرکے عیش و طرب مین مشغول ہوا اور آدمی اُسکے کہ صعوبت سفر سے خستہ اور عاجز ہوئے تھے استراحت مین مصروف ہوئے چند لوگون کے سوا پاسبانی مین قیام نکرتے تھے اور وہ بھی بمقتضاے الناس علی دین ملوکہم فراغت و عشرت مین مشغول ہوئے قضارا جب اُسکو خبر وصول امیر قاسم برید ترک کی اسمٰعیل عادل شاہ کی سمع مبارک مین پہونچی وہ رات ظلمت سرشت ایسی تھی کہ زنگی سیہ فام تیرگی اُس سے استعارہ کرتا اور آواز گرج کی دہشت سے راہ سامعہ گم کرتی تھی اسد خان لاری کو ساتھ ایک جماعت بخت تر کے فیجون کے واسطے تعینات کیا اسد خان لاری جب امیر قاسم برید ترک کی اردو کے اطراف مین پہونچا اور آواز ایک متنفس کی اُسکے گوش زد ہوئی عطف عنان کرکے آدمیون کو دست اندازی سے منع کیا چند جاسوس خبر لینے کے واسطے بھیجے اور اُنھون نے آکر خبر پہونچائی کہ کوئی شخص لوازم حفظ و ہوشیاری مین قیام نہین رکھتا اور امیر قاسم برید ترک اور اُسکے پاسبان مست و مدہوش پڑے ہین اور چند دستار اور تلوارین امیر قاسم برید ترک کے دربار سے اپنے صدق قول کے واسطے اُٹھا لائے اسد خان لاری نے لشکر اپنا فوج فوج کے کنارے ٹھہرا کر کے فرمایا کہ جبتک لشکر خصم مین شور و ہنگامہ برپا نہو دے تم ہرگز حملہ آور نہو نا دم نجود رہنا یکمرتبہ خود پہنچیں جوان بیدل دیگر بان لیکر پیادہ پا مع پچاس پیادہ جرار دربار قاسم برید ترک کی طرف متوجہ ہوا دیکھا کہ بعضین شراب اور جام مدام ہر طرف افتادہ ہین اور پاسبان حریف ہر ایک ساتھ وضع غیر کرکے کثرت بنگ اور بوزہ اور شراب سے خواب غفلت مین بدست ہین اسد خان لاری نے اُس قسم کے متواران کا قتل کرنا مروت سے بعید جانکر کچھ پیادہ اُن پر مقرر کیے اور یہ حکم دیا کہ جو شخص اُن مین سے ہوشیار ہو کر سرکشی کرے اُسکا سر تیغ بیدریغ سے جدا کرکے خاک مذلت پر ڈالین اور خود مع جماعت دلاوران اس خیال سے پیشتر روانہ ہوا کہ امیر قاسم برید ترک کے سرا پردہ مین جاکر اگر ممکن ہو اُسے زندہ دستگیر کردن یا اُسے تہ تیغ کرکے سر اُس کا جدا کردن یہ کہکر اسد خان امیر قاسم برید کے خیمہ مین در آیا دہان کے مرد و زن کو باہر کی جماعت سے بھی سو درجہ بدتر پایا یعنے کیا دیکھتا ہے کہ سر حلقہ رندان جہان امیر قاسم برید ترک مکان کے گوشہ مین چارپائی پر کہ جسے صطلاح دکن پلنگ کہتے ہین مست و مدہوش سوتا ہے اور ارباب نشاط اور بعضے لوگون نے شراب کی کثرت سے قے کی ہے اور کچھ لوگ بے سر و پا ایک ایک وضع پر افتادہ ہین اسد خان لاری نے اپنے یارون سے کہا کہ قتل کرنا ایسے آدمیون کا آسان ہے مگر بہتر یہ ہے کہ ہم اسے اسی وضع سے مع پلنگ اُٹھاکر بادشاہ کے روبرو لیجاوین

اور کسی متنفس کو نہ ستاوین پھر چارپائی اس پیرین رسیدہ اور گرگ باران دیدہ اور غافل کارروان کی اُٹھاکر باہر لائے اس درمیان مین ایک چراغون مین سے کہ جسے دکن مین پوئی والا کہتے ہین اور پاسبانی اور حراست ساتھ اُنکے متعلق رہتی ہی اُسنے ہوشیار ہوکر چاہا کہ شور مچاؤن اسدخان لاری نے چابکدستی سے ایسا حربہ اُسکے رسید کیا کہ سر اُسکا تن سے جدا ہوا الغرض یہ جب اپنی فوج مین پہونچے ظاہر ہوا کہ ابھی شب دو پہر باقی ہی اگر ہم قتل و تاراج مین مشغول ہونگے مسلمان و کافرمین تمیز نہوگی صبح تک ایک جماعت کثیر اہل اسلام سے ضائع ہوگی اب کہ گوہر مقصود دستیاب ہوگیا مناسب یہ ہی کہ شبخون کی فتح عزیمت کرکے اس صید کو خداوندجہان کی خدمت مین لیجاوین سبھون نے یہ رائے پسند کی اور امیر قاسم بریدترک کی چارپائی کے ساتھ روانہ ہوئے ابھی نصف راہ طے ہوئی تھی کہ جناب خواب مستی سے ہوشیار ہوے اور آپکو عجیب حال مین دیکھا لشکر جن کا خیال کرکے ظرف فریاد بلند کی اسدخان لاری اُسکے روبرو آیا اور تسلی دینے کے بعد یکلر زبان پر لایا کہ سیاہ جن نہین بندہ اسدخان لاری ہی اور تمام سرگذشت آغاز سے انجام تک بیان کی پھر زبان سرزنش اور ملامت مین کھولی کہ دشمن کے جوار مین رہنا اور ایسے سن و سال مین اس کثرت اور رسوائی سے شراب پینا کیا معنے رکھتا ہی امیر قاسم بریدترک خجالت اور شرمندگی کے سوا جواب ندے سکا خاموش ہوا پھر اُسے لیکر صبح کے وقت اسمعیل عادل شاہ کی ملازمت سے شرف یاب ہوکر ساتھ تحسین اور آفرین کے معزز اور مفخر ہوا اور اسمعیل عادل شاہ نے امیر قاسم بریدترک سے استفسار فرمایا کہ اس کروفساد کا کیا سبب تھا امیر قاسم بریدترک نے ہرگز جواب ندیا اور سر جھکا لیا اور اسمعیل عادل شاہ نے اُسے اسدخان لاری کے سپرد کرکے فرمایا کہ اُسے بارعام کے وقت حاضر کرنا اور جب دوسرے دن اسمعیل عادل شاہ نے مجلس عالی ترتیب دی اسدخان لاری شاہ عالی کے موافق امیر قاسم بریدترک کو طوق و زنجیر مین مسلسل اور مطوق کرکے حضرت کے روبرو لایا اور اسمعیل عادل شاہ نے اُسے دوساعت دھوپ مین ایستادہ کیا اور مصنفات متقدمین اور متاخرین مین ایسا واقعہ عجیب کہ صاحب سکہ خطبہ کو خواگاہ کے اندر سے اس حال خراب سے اُٹھالیجاوین اور خیل وخشم اُسکا کمال غفلت سے اُسکے کام نہ آوے بہت کم نظر آیا بیت چنین عجائب حالی بسا لہاے دراز، نہ گوش دہر شنیدہ نہ چشم دوران دیدہ اور جو کہ اسمعیل عادل شاہ نہایت اُس سے آزردہ تھا اُسکے قتل کا اشارہ فرمایا اور جب جلاد تلوار کھینچکر مرگ ناگہان کی طرح آیا وہ سنے عجز وزاری سے یہ عذر بادشاہ سے کیا کہ یوسف عادل شاہ جم نشان کے عہد سے خسرو گیتی ستان کے زمانہ تک مجھسے بے ادبی اور جسارت بہت واقع ہوئین اب مین اپنے گناہ کا معترف ہوکر اپنے وجوب قتل پر گواہی دیتا ہون اگر حضرت سلیمان مکان جان کی امان دے تو قلعہ احمد آباد بیدر کمند تسخیر کسی صاحب توقیر کی اُسکے شرفات پر پڑی ہی مع خزائن و دفائن سپرد کرتا ہون اسمعیل عادل شاہ نے بمقتضاے العفو زکوٰۃ الظفر اُس کی حاجت روا کی اور امیر قاسم بریدترک نے آدمی اپنے فرزندون کے پاس بھیجکر انھین قلعہ سپرد کرنے کی تکلیف کی اُنھون نے یہ جواب دیا کہ تو پیر و سالخوردہ ہوا اور تیرا آفتاب عمر موت و فنا کے قریب پہونچا ہی چندروز معدود کے واسطے ایسا قلعہ ہاتھ سے دینا عقل و راندیش سے بہت بعید ہی اور اس جملہ سے انکا مطلب یہ تھا کہ دفع الوقتی کیجیے گھڑی مین گھڑیال ہوتا ہی جو خدا چاہتا ہی وہ ہوتا ہی اور مشتاب اس آدمی کے ایک معتمد مخفی بھیجا کہ اگر اوضاع اور اطوار سے مفہوم ہو کہ باپ کی نجات بغیر تسلیم قلعہ ممکن نہین ہی

لازم ہی کہ پدر بزرگوار کی تسلی کرکے متعہد تفویض قلعہ ہونا اور خبردار اُسے کسی طرح کا صدمہ نہ پہونچنے پاوے وہ مرد اُنکا اضطرار سمجھکر منزل مقصود کی طرف راہی ہوا اور جب وہان پہونچا امیر قاسم بریدترک کو پیغام کیا کہ علی برید اور تیرے اور فرزندون نے مجھے بھیجا ہی اگر کام این و آن سے برآمد ہو تو متعہد تفویض حصار کے ہونا کہ ہم نہین چاہتے کہ کسی طور کا آسیب تجھے پہونچے امیر قاسم بریدترک باطن مین مطمئن ہوا اور بحسب ظاہر اپنے بیٹون کی شکایت کی اور جسوقت کو مجدداً پھر اُسکے قتل کا حکم صادر ہوا اور ایک فیل مست کو لائے کہ تا اُسے اُسکے دست و پا کے نیچے ڈال کر پامال کرین امیر قاسم بریدترک نے بعجز و زاری یہ التماس کی کہ مجھے اس حال سے فلان برج کے مقابل کہ میرے فرزندون کا نشیمن ہی لیجا کر ایستادہ کرو تو مین خود اصالتاً اُنسے گفتگو کرکے اس مقدمہ کو فیصلہ کرون اور جب ایسا کیا اُسکے بیٹون نے باپ کو برہنہ سر اور ہاتھ پس پشت بندھے دیکھے بولے ہم ایک شرط سے قلعہ سپرد کرتے ہین کہ اسد خان لاری آن کر فلان دروازہ کے باہر ایستادہ ہوئے اور ہمسے کہدے کہ کوئی شخص متعرض تمھارے زن و فرزند کے حال سے نہوگا اور خواجہ سرا اور عورت کی قسم سے بھی تمھاری تفتیش مین نہ بھیجینگے جبھی ہم مال ذر سے باہر لیجاوین اور جو کچھ زر و زیور اور پوشش ہماری ہی معاف کرین تو ہم بھی قلعہ خالی کر دیتے ہین اسمعیل عادلشاہ نے اُنکی عرض پذیرائی کی اور اسد خان لاری کو حکم کیا کہ قلعہ کے دروازہ پر جاکر بیٹھے خبردار کوئی شخص ہماری فوج کا قاسم بریدترک کے اہل و عیال سے متعرض نہونے پاوے یہ حکم سنتے ہی علی برید نے جواہر نفیسہ اور مرصع آلات شاہان بہمنیہ اور نقود احمر یعنے طلائی عورتون کے سپرد کیا تو زیر برقع چھپا کر نکلوا دین اور اسمعیل عادلشاہ اُسی دن قلعہ مین داخل ہوا اور شکر الٰہی بجا لاکر شاہان بہمنیہ کی مسند پر جلوہ گر ہوا اسوقت شاہزادہ ملوخان و ابراہیم خان کو اسد خان لاری کے ہمراہ علاء الدین عمادشاہ کے پاس بھیجکر التماس قدوم کی اور جب وہ نہ آیا پھر ایک ساعت کے بعد شاہزادہ عبداللہ اور علی کو علاء الدین عمادشاہ کی طلب مین روانہ کیا علاء الدین عمادشاہ نے اُسکی ملتمس قبول فرمائی اور شہزادون کے ہمراہ جب اس مقام سپہر احتشام کے قریب پہونچا صاحبقران کشورستان نے دروازہ تک استقبال فرمایا اور مجلس اُنسی کو اُسکے وجود فائز الجود سے زیب و زینت بخشی اور اس بادشاہ کے حضور تمام ذخیرہ اور قلعہ کا خزانہ جواہر اور مروارید اور ظروف طلائی اور نقرہ اور صحنہاے فغفوری اور بھی آمشہ اور امتعہ اور بارہ لاکھ ہون نقد از روے کمیتی علاء الدین عمادشاہ کے ملاحظہ مین در لایا کہ جو شی خوش اور پسند آوے اُسے قبول فرمایئے اُسنے ہاتھ بڑھا کر ایک عنبر چہ مرصع اُٹھایا اُسکے بعد اسمعیل عادل شاہ نے اسد خان لاری کو حکم کیا کہ نقد و جنس و مال سے تین لاکھ ہون علاء الدین عمادشاہ کے ملازمون کو تسلیم کر اور ایک لاکھ ہون ملوخان اور لوخان اور ابراہیم خان اور عبداللہ خان شاہزادون کو دیوے اور خود بھی انکے موافق لیوے اور پچاس ہزار ہون سید علی عقیل کو سپرد کرے کہ نجف اشرف اور کربلاے معلے اور مشہد مقدس مین جاکر زائرون کو تقسیم کرے اور پچاس ہزار ہون سید احمد ہروی کو دے کہ اہل علم و فضل اردو اور شہر بیجاپور کو پہونچا دے اور علاوہ اُسکے بارہ ہزار ہون مساکین پر قسمت کیے اور مابقی سپاہ پر تقسیم کرکے ایک جبا اور ایک دینار خزانہ مین نگاہ نکلا اور ہاتھ اور دامن جھاڑکر اس مجلس کو برخاست کیا منقول ہی کہ مولانا شہیدی شاعر قمی کو جو کمال علم و فضل مین تالیف و توصیف سے مستغنی [illegible] دنون گجرات سے آیا تھا اور شعر شاعری کے

سبب آنحضرت سے نہایت تقرب پیدا کیا تھا اس روز بادشاہ نے اسکو حکم کیا کہ خزانہ مین جا اور جسقدر کہ تجھسے اٹھایا جاوے لیجا جو کہ مولانا رنج راہ اور صعوبت سے فی الجملہ کسلمند اور ناتوان تھا اُسنے عرض کی کہ مجھ مین اس روز کہ گجرات سے اس درگاہ کی طرف متوجہ ہوا تھا آج سے دوچند قوت تھی اگر شایگن پرورنکتہ فہم از راہ ذرہ پروری بعد روز چند کے کہ مخیف مین وہی توانائی عود کرے اس خدمت روح پرور پر سرفراز فرماوے عواطف خسروانی سے بعید نہ ہوگا شاہ نے لب تبسم شیرین سے کھولے اور فرمایا تو نے یہ مصرع نہین سنا مصرع کہ آفتاست در تاخیر وطالب رازیان دارد ٭ چاہیے کہ دو مرتبہ خزانہ مین جا اور جس قدر بتیرے ہاتھ سے اُٹھایا جاوے تقصیر اور کوتاہی نہ کر جب یہ حکم کہ مولانا کا عین دعا تھا نافذ ہوا سر عبودیت زمین پر رکھ کر شگفتہ وخندان دربار سے اُٹھا اور دو مرتبہ خزانہ مین جاکر پچیس ہزار ہون طلائی اُٹھا لایا جب خان نے یہ خبر بادشاہ کے سمع ہمایون مین پہونچائی فرمایا مولانا سچ کہتا تھا کہ مین قوت نہین رکھتا اس مقولہ سے آنحضرت کی نزاکت طبع اور قوت کلام اور فیاضی ارباب ادراک پر واضح اور لائح ہی کسواسطے کہ اس کلام سے عدالت پناہ کی خوش طبعی اور عالی ہمتی دونون ثابت ہوتے ہین اور اُس مجلس مین کہ شاہ کا دریاے سخاوت موجزن تھا شاہ علاء الدین عماد شاہ کی سفارش سے امیر قاسم بریدتوک کے تقصیر معاف فرمائے اور اُسے اپنے امرا کی سلک مین منتظم کیا اور ولایت کلیان اور رادگیر اور اُسکے جمیع پرگنات قدیم تخت احمد آباد بیدر کے سوا اُسکی جاگیر کے واسطے مسلم اور مرفوع القلم رکھے لیکن سلطان اس مشروط کے کہ معہ تین ہزار سوار ملازم رکاب ہوکر رایچور اور مدکل کو کفار بیجانگر کے قبضۂ تصرف سے برآوردہ کرے اور قلعۂ ماہور کو بھی محاصرہ مفتوح کرکے علاء الدین عماد شاہ کے سپرد کرے پھر دونون شاہ احمد آباد بیدر کیطرف سوار ہوئے اور اسد خان لاری کی تجویز سے احمد آباد بیدر مصطفے خان شیرازی کے تفویض ہوا اور جو کہ ان دونون مین تبراج قضاے الٰہی سے فوت ہوا تھا اور بیجانگر کے راؤن نے رام راج پسر تبراج کے جادہ اطاعت سے قدم باہر رکھا تھا اور اُنکی سرکشی سے بیجانگر مین آتش فتنہ وفساد شعلہ زن ہوئی ممکن حضرت نے فرصت غنیمت جانکر اب کشنہ سے عبور کیا اور قلعۂ رایچور اور مدکل کو جو ستر برس سے کفار کے تصرف مین تھے تین مہینے محاصرہ کرکے مفتوح کیے اور اسمعیل عادل شاہ نے مجلس عظیم ترتیب دیکر بزم آراستہ کی اور عہد پورا کرکے جام مرصع لعل فام کے تجرع کی رغبت کی اور اسد خان لاری کو بھی اسدن اپنے پاس رخصت جلوس فرمائی اور دو تین جام بے دغدغہ نوش کرکے اپنے ہاتھ سے اُسے دیے اور علاء الدین عماد شاہ اور اسد خان لاری کی حسب التماس امیر قاسم بریدتوک کو بھی مجلس بزم مین داخل کیا اور عادلشاہ نے اُسے بھی اپنا ہمکاسہ اور ہم پیالہ کرکے فرمایا کہ مضمون رابعہم کلہم کا ظاہر ہوا علاء الدین عماد شاہ جو کہ طالبعلم تھا ہنسا اور امیر قاسم بریدتوک اگرچہ مطلب اصلی کو نہ پہونچا تھا لیکن علاء الدین عماد شاہ کے ہنسنے سے متنبہ ہوا اور متغیر ہوکر اشک اپنی آنکھون مین بھر لایا اور اسمعیل عادل شاہ نے متاثر ہوکر ازرہ تلطف اُس سے یہ فرمایا انشاء اللہ تعالی بیجاپور پہونچنے کے بعد احمد آباد بیدر کو بھی تجھے ازانی فرماؤنگا پھر ایک مہینہ کامل اس اطراف مین استقامت کرکے جمیع مہمات کو بخوبی انجام دیکر عزم مراجعت بلند کیا اور جب یہ خبر نوید بہار بادشاہ گجراتی حدود دکن کیطرف متواتر ہوئی مہمات قلعہ ماہور موقوف رکھکر علاء الدین عماد شاہ کو برار کیطرف روانہ کیا اور عدالت پناہ بیجاپور کیطرف

رونق افزا ہوئے اور احمد آباد بیدر امیر قاسم برید ترک کو اس شرط پر مرحمت فرمایا کہ قلعہ کلیان اور قندھار اہالیان سرکار کے سپرد کرے منقول ہے کہ اس سفر مین اسمٰعیل عادلشاہ علاء الدین عادلشاہ کے مکان پر تشریف لیگیا اور اُسنے فرط محبت سے جشن کا سرانجام کیا اور چند خوان پراز جواہر نذر گذرانے اُسکے بعد اسمٰعیل عادل شاہ نے بھی اُسے ضیافت کی تکلیف دی اور جب چند روز کے بعد علاء الدین عادشاہ اسمٰعیل عادلشاہ کا مہمان ہوا آنحضرت بارہ ہزار سوار مغل و واسپہ اور تمام یراق اسکی نظر مین در لائے اور یہ فرمایا کہ جو کچھ مدت سلطنت مین مین نے حاصل کیا ہے اور مجھے میراث پہونچا ہے یہ ہے اور یہ جماعت کہ ہر ایک انمین کا شجاعت و مردانگی سے رستم کو نظر مین نہین لاتا ہے ورزان عہدہ تر سمجھتا ہے جو منظور نظر ہو پیشکش کردن علاء الدین عادشاہ نے محظوظ ہو کر تحسین و آفرین کی اور کہا اگر مجھے بھی ایسے جواہر نفیسہ یعنے لشکر جرار دستیاب ہوتا قلعہ ماہور ہاتھ سے نہ کھوتا اور ۹۳۶ھ نو سو اڑتیس ہجری مین امیر برید نے جب کنجیان قلعون اور مکانون کی نہ بھیجین عدالت پناہ قلعہ کلیان اور قندھار کی تسخیر پر شیر نر کی طرح آمادہ ہوا اور سراپردہ اور خرگاہ بیجاپور سے روانہ کیے اور امیر قاسم برید ترک نے ایلچی برہان نظام شاہ بحری کے پاس بھیجکر طالب مدد و حمایت ہوا برہان نظام شاہ نے ایلچی بیجاپور بھیجکر التماس کی کہ جو امیر برید اس سفر مین مخلص پر بہت حقوق رکھتا ہے اُسطرف کی لشکر کشی کا خیال نفرمائیں دوستون کو رہین احسان فرمائین عدالت پناہ نے جواب دیا کہ جسوقت آپ قلعہ ماہور کے لینے کی فکر مین تھے ہمسے کبھی ایسے التماس وقوع مین نہ آئے تھے خیر ہمنے آپ کا کہنا پذیرا کیا اور حسب الاشارہ بیدر کی عزیمت فسخ کی لیکن جو ابتدائے موسم زمستان ہے اور خانہ نشینی مطلوب نہین ہے سیر حواشی مملکت خصوص تلدرک اور شولاپور کی دل مین مصمم ہوئی ہے مناسب یہ ہے کہ ادھر سے حدآن برادر کی عنوان دیکر تصور نہ کرے خوف و ہراس کو ساتھ اپنے راہ نہ دیوین اور اپنے حال پر بحال رہین برہان نظام شاہ بحری نے کہ سلطان بہادر شاہ گجراتی کے سبب سے نہایت مطمئن تھا اور اُس سے خطاب شاہی اور چتر پایا تھا پیغام دیا کہ بہادر شاہ گجراتی نے مملکت برار اور احمد آباد بیدر وغیرہ مجھسے رجوع کی ہے سزاوار دولت یہ ہے کہ ہمارے کہنے سے تخلف نکرین اور حال و استقبل کو ماضی کی طرح خیال نہ کرکے گوشہ نشینی اور سلامتی کو بہترین امور جانین اور یہ پیغام اُسوقت عدالت پناہ کو پہونچا کہ بیجاپور سے نہضت فرما کر بہمن علی مین رونق افزا تھے حضرت بمجرد اطلاع پیغام مذکور نماز مغرب اور عشا پڑھ کر سوار ہوئے اور دوسرے دن قریب شام بیجاپور سو سوار مغل اور چالیس پیادہ لیکر آب تلدرک کے ساحل پر کہ اس قلعہ کے زیر دامن گذرتی ہے وارد ہوئے اور برہان نظام شاہ کے ایلچی کو رخصت کرکے اعلام کیا کہ جو کچھ ہمارا حق تھا ہم بجالائے اب اُس کے منتظر ہین کہ اپنی عنایت ظاہر کیجیے یعنے جیسا کہ چند مرتبہ میدان جنگ مین جولانی کی تھی اس دفعہ بھی معرکہ مین چلکر دریاے پر جوش و خروش تیغ و سنان ہنر دون کی سیر کیجیے برہان نظام شاہ بحری نے جو کچھ خزانہ مین رکھتا تھا صرف لشکر کرکے پچیس ہزار سوار فراہم کیے اور توپخانہ خوب مہیا کرکے باتفاق امیر قاسم برید ترک بگمان جبر شکستہاے سابق کوچ بر کوچ اسمٰعیل عادلشاہ کی سرحد کیطرف متوجہ ہوا اور اسمٰعیل عادلشاہ بھی زرہ جوشن و خفتان پہنکر مثل نہنگ بحرو غاور یاے آہن مین غوطہ لگا کر باہر آیا رخش پر گستوان ڈالکر سوار ہوا اور بارہ ہزار سوار بھی اُسکے ہمراہ تیار ہوئے اور لبسواری اسد خان لاری صفوف حرب آراستہ ہوئین الغرض ادھر سے مبارزان عادل شاہیہ اور اُدھر سے دلاوران نظام شاہیہ نے جنگ مین ہمت کی اور ایسا معرکہ

وقوع مین آیا کہ جنگہاے سابق اُسکے مقابل یازیچہ تھین ابیات چنان گشتہ درحرب بے اختیار ٭ کہ دست فتادہ نماندے زکار ٭ فتادے چو دست ازتن خشمناک ٭ زغیرت گرفتے گریبان خاک ٭ چو ازتن فتادی سر مرد کین ٭ زاعراض کندے بدندان زمین ٭ بدانگونہ شد آدمی خوار وزار ٭ کہ خاک ازجسد اگرفتے کنار ٭ زمین بود ازتیغ کین قطع وصل ٭ نمی شد بہم تا رخور شید وصل ٭ خلاصہ یہ کہ جبتک آشیان ترکش دلیران مین طائر تیز پرواز تیر کا نشان رہا زاغ کمان ہواے دست بہادرون سے جدا نہ ہوا اور جب تک زبان تیغ ننگان دریاے ہیجا مین نہنگ آسا سراسر دندان تھی کف شیران بیشۂ شجاعت مین دار وگیر کے سوا خن سنج نہوئی ۔ ابیات تیر جان یافتہ زوصل کمان ٭ تیغ بارید خون زہجر نیام ٭ آن نشستہ چو نور در احداق ٭ این روان ہمچو روح در اجسام ٭ آخر الامر جیسا کہ رسم زمانہ ہی کہ ایک غالب اور دوسرا مغلوب ہوتا ہی نسیم فتح وظفر اسمعیل عادل شاہ کے پرچم پر چلی خورشید خان نظام شاہی معرکہ مین قتل ہوا اور برہان نظام شاہ بحری بحال پریشان احمد نگر کی طرف راہی ہوا اثاثہ شاہی یعنے توپخانہ اور ہاتھی اور بھی ساز وسامان اسمعیل عادل شاہ فیروز جنگ کے تصرف مین آیا اور پھر اسمعیل عادل شاہ اور برہان نظام شاہ بحری کے درمیان کبھی جنگ واقع ہوئی بلکہ ایک جماعت اکابر سے متوسط ہوکر لوازم صلح درمیان مین لائی اور سرحد پر آپسمین ملاقات کرکے یہ مقرر کیا کہ ولایت پرسلطان قلی قطب شاہ اور برہان نظام شاہ بحری اور علاء الدین عماد شاہ متصرف ہون اور آپسمین یکدل رہین اور اسمعیل عادل شاہ امیر قاسم بریدترک سے موافقت کرکے سنہ ۹۴۳ نو چالیس ہجری مین اُسکے ہمراہ تلنگ کی طرف روانہ ہوا اور پہلے قلعہ تلکنڈہ کو جو قلاع تلنگ مشہورہ سے اور سرحد پر واقع ہی محاصرہ کیا اور سلطان قلی قطب شاہ مراعات حزم کرکے میدان مقابلہ اور مقاتلہ مین نہ آیا اور گلکندہ سے جو اُسکا دارالملک تھا حرکت نہ کی لیکن اپنے لشکر سے سوار اور پیادہ بہت اہالی حصار کی مدد کے واسطے مامور کیے اور اسدخان لاری اور اہالی تلنگ کے درمیان جنگ واقع ہوئی ہر مرتبہ اسدخان لاری تائید ایزدی سے مظفر ومنصور ہوا اور اہالی قلعہ مایوس ہوکر قریب تھا کہ حصار سپرد کرین ناگاہ قادر بیچون کے حکم کے موافق اس ملک کی آب وہوا کی تاثیر سے اسمعیل عادل شاہ بیمار ہوا اور مواد فاسدہ نے اُسکے قلعہ بدن کو محاصرہ کیا اور اعتدال مین عنصر کے فرق آیا سر بالین ضعف وناتوانی پر رکھا اور اسدخان لاری اور امیر قاسم بریدکو جو ممالک تلنگ کی نہب وغارت مین قیام کرتے تھے طلب کرکے کہا کہ اس حدود کی آب وہوا مجھے موافق نہین مین چاہتا ہون تمھین تسخیر قلاع تلنگ کے واسطے مقرر کرکے شہر احسن آباد گلبرگہ کی طرف جاؤن اور بعد حصول صحت پھر عنان عزیمت اسطرف معطوف کردون انھون نے یہ امر قبول کرکے یہ تجویز کی کہ دوسرے دن صبح کے وقت شاہ پالکی مین سوار ہوکر اسطرف روانہ ہوا وہ وقت صبح روز چہارشنبہ ماہ صفر کی سولھوین تاریخ سنہ ۹۴۱ تو سو اکتالیس ہجری مین جوار ایزدی مین واصل ہوا اور اسدخان لاری نے اُسکی خبر فوت مخفی رکھکر لاش اُسکی بسواری پالکی رات کیوقت قصبہ کوکی مین روانہ کی اور اُسکے باپ کے پہلو مین دفن کیا اور جب دور دراز سطح گذرے اسدخان لاری کہ مرد پیر سال درجہاندیدہ تھا امیر قاسم بریدترک اور تمام معتمدون کو طلب کرکے قضیہ ناگزیر سے آگاہی بخشی اور جو کہ شہزادہ ابراہیم اپنے بڑے بھائی ملوخان کی پادشاہی سے راضی نہ تھا اور بہت سے امرا درپردہ اُسکے شریک تھے اسدخان لاری نے مملکت بیگانہ مین صلاح عدم تعین جانشینی دیکھکر

پوشیدہ ہر ایک شاہزادہ کو پیغام دیا کہ جو ساعت خوب نہین ہو احسن آباد گلبرگہ جا کر سید محمد گیسو دراز کی روح سے ہمت طلب کر کے تخت مورونی پر جلوس کرو اور اُنھون نے جب یہ امر قبول کیا قلعہ گولکندہ سے کوچ کر کے دونون شاہزادون کو بتدبیر چکمت احسن آباد گلبرگہ مین پہونچایا اور بادصف اُسکے کہ خود بھی ابراہیم کی شاہی پر راغب تر اور مائل تر تھا لیکن جو ملو خان بڑا بیٹا تھا اور عدالت پناہ نے اُسے ولیعہد کیا تھا چاہا کہ اس شاہزادہ ناخردمند کو چاربالش سلطنت پر متمکن کیا اور ابراہیم کو قلعہ مرج مین محبوس کیا اور امیر سید احمد ہروی سے منقول ہو کہ اسمعیل عادل شاہ حلیم اور کریم اور سخی تھا اُسکی عالی ہمتی سے دخل اور خرچ مملکت وفا نکرتا تھا اور طریقہ عفو اور اغماض کو دوست رکھتا تھا اور کھانے اور پہننے مین کوشش کرتا تھا اور کلام محش کبھی اُسکی زبان سے ہماری نہوتا تھا اور ہمیشہ علما اور فضلا اور شعرا سے صحبت رکھتا تھا اور اُن کی رعایتین اپنے ذمہ ہمت پر واجب جانتا اور علم موسیقی اور شعر مین مہارت رکھتا اور شعر مین وفائی تخلص کرتا تھا اور کسی سلاطین دکن نے اس متانت اور لطافت سے کلام موزون نہین کیا اور یہ اشعار اُسی کے یادگار ہین غزل دل خوبان زقید مہر آزاد است بیداری ٭ مدار دلبری برجور و بیداد است بیداری ٭ مرا صد محنت از عشق تو بر دل میرسد ہر دم دل ویران عاشق محنت آباد است بیداری ٭ زعشق قامت سروسہی را ماند پا در گل ٭ دلش صد پارہ و زبار دل آزاد است بیداری ٭ زہجرت آتشے دارم بدل کز ہر تسکینش ٭ نصیحتہاے سرد زاہدان باد است بیداری ٭ دل ریشم وفائی آنچنان خوکردہ بایترش ٭ کہ بیگانش بجائے مرہم افتاد است بیداری ٭ ولہ شب ہجر جز گریہ کارے ندارم ٭ بجز دیدۂ اشکبارے ندارم ٭ شبے نگذرد کز فراق تو چون شمع ٭ پُراز شبنم حسرت کنارے ندارم ٭ من وعشق دربندی وکوی ملامت ٭ براہ سلامت گذارے ندارم ٭ ازان باعشق حوالہ فتم وفائی ٭ کہ غیر از غش غمگساری ندارم ٭ ولہ دل برلفش حکایتے دارد ٭ از شب غم شکایتے دارد ٭ تا کی آزار دل طلبی ٭ بیوفائی نہایتے دارد ٭ خون دل نخورم ز غصہ کہ یار ٭ با رقیبان عنایتے دارد ٭ دل سخنش ز آہ من شنود ٭ آہ عاشق سرایتے دارد ٭ ہی وفائی نازل از تمش ٭ کہ تم تیز غایتے دارد

ذکر ملو عادل شاہ بن اسمعیل عادل شاہ کی شاہی کا

جو اسمعیل عادل شاہ نے اعیان سلطنت سے وصیت کی تھی کہ ملو خان عادلشاہ کو میرا جانشین کرنا بالضرورت اسد خان لاری نے اُسے تخت دکن پر جلوہ گر کیا اور اُسکی دادی بوبی خاتون کو اُسکی خبرداری کے بارہ مین نصیحت کر کے خود تلنگو ان کی طرف کہ اسکی جاگیر تھی چلا گیا ملو عادل شاہ میدان خالی دیکھ کر شرب خمر اور راگ سننے مین مشغول ہوا بلکہ جو قریب بلوغ تھا وہ امر کہ لازمہ اُسکا سفاہت ہو اُس سے وقوع مین آتے تھے اور شب و روز لہو ولعب اور ہزل و بازی اور اُن کامون مین جو مناسب بادشاہون کو نہ تھے مصروف رہتا تھا یہانتک کہ خلائق اُس مملکت کی اُس سے متنفر ہوئی اور علاوہ اسکے بمصداق زادونی الطنبور نغمۃ کے لڑکون صاحب حسن و جمال کے مذاق مین مشغوف ہوا اور کام اس انتہا کو پہونچا کہ بزرگون اور متقیون کے لڑکون کو خوبی نجومی مکانون سے کچھ منگواتا تھا یہانتک کہ یوسف ترک کوتوال جو امراے کلان تاجپوش سے تھا اُسکے فرزند کو جبراً طلب کیا جب وہ مانع آیا ملو عادل شاہ نے طیش مین آکر حکم کیا کہ کچھ لوگ بطور تاخت جاوین اور اُسکے بیٹے کو بقہر تمام پکڑ لاوین اور یوسف شحنہ دیون کی باتوقف گردن مارین یوسف شحنہ کہ امراے تاجپوش سے تھا

ملوخان کے آدمیون کو زدوکوب کرکے اور اپنے اہل وعیال کو لیکر علانیہ شہر سے برآمد ہوا اور قصبہ کھورین کہ اُسکی جاگیر تھی پناہ لیکر بلوائی ہوا اور اکثر اہل ناموس نے اُسکی رفاقت کی اور جان دینے پر آمادہ ہوئے بوبخی خاتون والدہ اسمعیل عادل شاہ نے بھی اُسکے اوضاع اور اطوار ناشائستہ سے نہایت آزردہ اور دل گرفتہ ہوکر یہ تجویز کی کہ ملو عادل شاہ کو معزول کرکے شاہزادہ ابراہیم کو تخت پر منصوب کریں پھر یوسف شحنہ دیوان کو پوشیدہ یہ پیغام بھیجا کہ ملو عادل جہانداری اور فرمانروائی کے قابل نہین ہی چاہیے کہ اسے موقوف کرکے شاہزادہ ابراہیم کو بجاے اُسکے بحال کرے یوسف شحنہ دیوان نے ایک اپنے محرم کو نلگاوان مین اسدخان لاری کے پاس بھیجکر حقیقت حال اعلام کی اسدخان لاری نے جواب دیا کہ مین اُسکے اطوار ناپسندیدہ سے بیجاپور کا رہنا ترک کرکے یہان بیٹھا رہا ہون جو خلقت تمام ملو عادل شاہ کے افعال سے متنفر ہوکے اُسکی سلطنت سے راضی نہین ہی نہ سزاوار یہ ہے کہ دودمان عادلشاہی کی صلاح دولت منظور رکھکر جو کچھ مہد علیا بوبخی خاتون فرماوے اُسکے فرمان واجب الاذعان سے تجاوز نہ کرے یوسف شحنہ دیوان اسدخان لاری کی تجویز سے مطمئن ہوا اور بوبخی خاتون کے آدمیون کو مقتضی المرام رخصت کیا اور اس ملقبس زمانی کے اشارہ کے موافق روز موعود کو دوسو سوار تاجپوش لیکر بیجاپور مین داخل ہوا اور بیدرنگ قلعہ ارک مین جاکر قلعہ دار کو جو بقدم ممانعت پیش آیا تھا اُسکے گاوے خشک کو شمشیر آبدار سے سیراب کیا اور ملو عادلشاہ کو مقید کرکے بوبخی خاتون کے فرمانے کے بموجب اسکو مع اُسکے بھائی انوخان کے معزول کیا اور شہزادہ ابراہیم کو بجاے اُسکے منصوب کیا بیت چو دیر افگند افسری از سرے ۔ نہند آسمان بر سر دیگرے ۔ (اندھاسا)

اور ملو عادلشاہ کی مدت سلطنت چھ مہینے اور چند روز تھی

ذکر ابراہیم عادل شاہ بن اسمعیل عادل شاہ کی فرمانروائی کا

محرران اخبار اور مدبران وقائع نگار ابو نصر ابراہیم عادلشاہ کا قضایا یون بیان کرتے ہین کہ وہ بادشاہ بہت شجاع اور مردانہ تھا اور نہایت تہور سے جوشن بیباکی کا زیب تن کرکے سیل تند کی طرح لشکیہ فراز سے اندیشہ نہین کرتا تھا آوازہ اُسکے قہر وعبرت کا عام خلق کے مانند تمام آفاق مین منتشر ہوا اور جسوقت سے کہ کنجیان ابواب شاہی کی اُس کے ہاتھ آئین مدت الجوزۃ افراسیاب کے مانند لشکر کشی اور صفہ آرائی مین مشغول ہوا اور اُسکے ضبط وسیاست اور کمال عقل سے بذل واحسان نے خوب رواج پایا اور اُسنے بھی گردن کشان دہر اور رعایا سے بخوبی خراج پایا بیت ملک را گر قرار خواہی داد ۔ تیغ را بیقرار باید کرد ۔ اور اتفاقاً ہاسا جاتا ہی کہ یہ شاہ اپنی مدت سلطنت مین نظام شاہیہ وغیرہ سے دس مرتبہ لڑا اور جنگ صعب وہر کہ سخت کا اتفاق پڑا اور جمیع معرکون مین بنفس نفیس موجود ہوکر لوازم شجاعت اور جلادت مین کوئی دقیقہ فروگذاشت نفرمایا لیکن جو کہ سہم نصرت اسکے درجہ طالع مین نہ تھا کسی حرب مین سواے جنگ قصبۂ درخان کے ہم آغوش فتح وفیروزی نہوا اور یہ خاندان عادل شاہیہ سے وہ بادشاہ ہی کہ جسنے اپنے باپ ودادا کے مذہب سے برگشتہ ہوکر اسامی ائمہ اثنا عشر علیہم السلام خطبہ سے برآوردہ کرکے حضرت امام ابوحنیفہ کے مذہب کو رواج دیا اور طائفہ امامیہ کا شعار برطرف کرکے تاج سرخ بارہ کنگرہ کا کہ اُس زمانہ مین سپاہ شیعہ کی وردی اور علامت تھی اُس تاجدار نے بیک قلم موقوف کیا اور اُسکے حکم کی تہدید سے کوئی سر پر رکھتا تھا اور امراے

غریب سے اسد خان لاری اور خوش کلدی آقائے رومی اور شجاعت خان گرد کے سوا سب کو برطرف کرکے امارت سے معزول کیا دکنی اور حبشی اُنکے عوض نصب کیے اور مثل خاندان نظام شاہیہ اور عادشاہیہ کے کورہ رادت بہم پہونچانے اسلیے ارکان دولت نے تمام تین ہزار غریب نوکر خاص سے جو ہمیشہ ملازم رکاب رہتے تھے چار سو کو بحال رکھکر باقی کو رخصت کیا اور یہ پراگندہ ہوکر گجرات اور دکن اور احمد نگر کی طرف روانہ ہوئے اور دفتر فارسی برطرف کرکے ہندوی کیا اور برہمنون کو صاحب دخل کرکے ابراہیم عادلشاہیہ کے تمام ضوابط اور دستور العمل درہم اور قلم انداز کیے اور رام راج والی بیجانگر نے مخفی آدمی بھیجکر اکثر مغلون کو باستمالت تمام اپنے پاس لایا اور اُنکی رضامندی اور دلجوئی کے واسطے بیجانگر مین مسجدین نئی تعمیر کرواکین اور خود ہر روز دربار مین اجلاس کرکے مصحف عزیز اپنے پہلو مین کرسی اور رحل پر رکھکر اُنسے کہتا تھا کہ تم مصحف اقدس کی تلاوت مین مشغول رہو اور مجھسے سروکار نرکھو اور ابراہیم عادل شاہ نے دوسرے برس بیجانگر کی طرف چڑھائی کی اور ظفر منصور ہوکر معاودت فرمائی شرح اسکی یون ہے کہ جب شیورائے والی بیجانگر کہ سات سو برس سے فرمانروائی اُسکے سلسلہ مین تھی فوت ہوا اور اسکا فرزند قائم مقام ہوا اور عین جوانی مین وہ بھی ملک عدم کیطرف راہی ہوا اور قصر فرمانروائی اپنے چھوٹے بھائی کے واسطے چھوڑا اور اُسنے بھی ابھی گلزار شاہی سے گل عشرت نہ چنا تھا کہ زمانے نے بہت اُس کی فنا پر تعین کی اور اُسکا فرزند جو بقول سہ ماہہ تھا ولیعہد ہوا تیراج جو امرائے عمدہ سے تھا زمام اختیار کف اقتدار مین لایا سنہ ۹۶۸ آٹھ سو نوے ہجری سے سنہ ۹۳۵ ہجری تک باقتدار بسر کی اور جب صاحب تخت حد رشد اور تمیز کو پہونچا تھا اُسے زہر سے ہلاک کرکے دوسرا لڑکا وارثان مملکت سے تخت پر متمکن کرتا تھا آخرش تیراج کا بھی پیالہ نہ حیات آب فنا سے لبریز ہوکر دست قضا سے ٹوٹا اور اُسکی مسند پر رام راج قائم ہوا اور شیورائے کی پوتی اپنے عقد مین لایا اور اس نسبت اور وصلت سے اُس کا استقلال حد سے گذرا اور ارادہ کیا کہ خود متکفل مہمات شاہی ہو اور جب سرداروں اور بزرگون نے انحراف کرکے اسپر بورش کیا تو رام راج نے ایک طفل کو جو اُس خاندان سے تھا تخت پر بٹھایا اور خالو اُس لڑکے کا موسوم بحوج نرسل راج جو شائبہ جنون سے خالی نہ تھا اور اُسکے ہم سے بھی یہی معنے مستفاد ہوتے ہین اسکو منصب امارت پر پہونچا کر اور عہد و پیمان لیکر اُس لڑکے کی پرورش اُس سے رجوع کی اور خود رامراج نے اپنی تدبیر سے امرائے سرکش کو دفع کرکے اُنکا نام و نشان بچھوڑا اور اپنے ایک غلام کو قوی کرکے بلدہ بیجانگر اور رائے زادہ اُسکے سپرد کیا اور خود اُن راجاؤن کے استیصال کے واسطے جو اُسکی شاہی کے مانع تھے مع سپاہ آراستہ ممالک کے اطراف مین متوجہ ہوا اور اُنمین سے چند راجاؤن کو مستاصل کرکے ایک قلعہ اس نواح کا محاصرہ کیا اور جب مدت محاصرہ نے طول کھینچا اور جو زر کہ ہمراہ رکھتا تھا مصروف ہوا اسواسطے اپنے غلام سے پچاس ہزار ہون طلب کیے جب غلام نے زر و انزہ خزانہ کا کھولا اور نظر اُسکی گنج اور جواہر بیشمار پر پڑی خود سر فتنہ خود کو علم بغاوت کا بلند کیا اور راج رائے کے پوتے کو مکان سے برآوردہ کرکے بھوج نرسل راج کو ساتھ اپنے متفق کرکے خیل و حشم فراہم کرنے مین مشغول ہوا اور جو امرا کہ رام راج سے خائف تھے بسرعت تمام وارث ملک سے پیوستہ ہوئے اور جمعیت عظیم بیجانگر مین بہم پہونچی لیکن بھوج نرسل راج اس غلام کو اس بہانہ سے کہ رام راج کا یار ہوگیا ہے اور محل اعتماد نہین ہے قتل کرکے خود قوی ہوا اور رام راج نے بھیجا

طولانی اور فساد عظیم دیکھکر صلح کے واسطے ایک جماعت راؤن کی متوسط کی اور اُنھون نے تجویز کرکے ایسا مقرر کیا کہ پائے تخت بیجانگر راے زادہ کے زیر نگین رہے اور وہ ولایت کہ بالفعل رام راج اپنے تصرف مین رکھتا ہو اسکے قبضہ مین رہے الغرض رام راج دم بخود ہوا اور جمیع راے اپنے علاقہ کیطرف روانہ ہوئے خاوے ناہربان دیوانے کے دلمین سرداری کے ارادہ نے خطور کیا رایت استبداد بلند کرکے اپنے بھانجے کو ہلاک کرکے مسند شاہی پر قدم رکھا اور جب مے غرور و نخوت سے مبہوت ہوکر خرد و بزرگ کے ساتھ بدمعاشی شروع کی انجام اُسکا یہ ہوا کہ امرانے اُس سے متنفر ہوکر رام راج سے ابواب دوستی مفتوح کیئے اور التماس قدوم کی بہوج نرسل راج اس امر سے مطلع ہوا ایک ایلچی مع چھ لاکھ ہون نقد مع تحف دیگر ابراہیم عادل شاہ کی خدمت مین روانہ کیا اور التماس کمک کی اور عہد کیا کہ ہر منزل پر لاکھ ہون پیشکش کرونگا اور ابراہیم عادل شاہ ۹۴۳ھ نوسو بیالیس ہجری مین بیجانگر کیطرف روانہ ہوا اور رام راج نے سبب لشکر کشی ابراہیم عادل شاہ معلوم کرکے جنگ تدبیر کا دامن مکر و تزویر مین مستحکم کیا اور ایک نامہ مشعر بر اطاعت و پشیمانی کردہ خود سے بہوج نرسل راج کے پاس بھیجکر پیغام دیا کہ اگر سپاہ اسلام اس مرزبوم مین قدم رکھیگی اُنکے مرکبون کے صدمہ سم سے ہماری مملکت اور معاہد منہدم اور مسمار ہوجاوینگے اور شاہان بہمنیہ کے عہد کے موافق اطفال اور دختران شریف اسیر اور دستگیر ہونگے مناسب یہ ہو کہ ایلچی معتبر اور معتمد ابراہیم عادل شاہ کے پاس بھیجکر التماس مراجعت کیجیے کہ یہ بندہ من بعد جادہ انقیاد اور فرمانبرداری پر مستقیم ہوگا بہوج نرسل راج جو زیور عقل و دانش سے عاری تھا دام فریب مین آیا اور عہد و میثاق بطریق کفرہ فجرہ جو پیش ہو پنچا تھا جو اکیس لاکھ ہون نقد ابراہیم عادل شاہ کی خدمت مین بھیجکر التماس معاودت کی جو ابراہیم عادل شاہ کو غرض بہوج نرسل راج کی رفاہیت سے تھی زر نقد وصول کرکے مراجعت فرمائی مگر ہنوز آب کشنہ سے عبور نہ کیا تھا کہ رام راج اور تمامی امرا نقض عہد کرکے بسرعت باد و برق بیجانگر کی طرف روانہ ہوئے اور خیل و حشم درونی کو جو شہر کی محافظت مین قیام کرتے تھے بعضون کو بطمع اور بعضون کو تہدید بہوج نرسل راج سے منحرف کیا اور ایسا مقرر کیا کہ اُسکو گرفتار کرکے ہمارے سپرد کرین تو راے زادہ کے قصاص مین اُسے ہلاک کرین مصورت مین جو عنان کام دست اختیار بہوج نرسل راج سے نکلگئی تھی راہ فرار مسدود دیکھکر فرمایا تو جمیع گھوڑونکو پی اور ہاتھیون کو اندھا کیا اور جو ہرات از قسم یاقوت اور الماس اور زبرجد اور موتی وغیرہ جو خزانون کا اندوختہ تھا چکیون سے پیسکر خاک مین ملایا اور جیسوقت دربانون نے دروازہ کھولا اور رام راج کو شہر مین در لائے بہوج نرسل راج خنجر اپنے سینہ پر کینہ پر مار کر جہنم واصل ہوا اور مضمون کان لم یکن ہویدا ہوا ہان بیچ ہر بیت نگہبانی ملک و دولت بلاست ✤ گہ آباد شاہست نماش گہ راست ✤ پھر رام راج بلا منازعت تخت بیجانگر پر متمکن ہوا اور علم استقلال کا بلند کیا اور ابراہیم عادل شاہ نے حقیقت حال دریافت کرکے اسد خان لاری کو مع تمامی لشکر قلعہ اودنی کے تسخیر کے واسطے رخصت کیا اس درمیان مین تنگنا دری بھائی رام راج کا اسد خان لاری کے مدافعہ کیواسطے مع سوار و پیادہ بمیشا مامور ہوا اسد خان لاری نے ہاتھ محاصرہ کو تباہ کرکے استقبال کیا اور حرب صعب کے بعد اسد خان لاری نے باگ مرکہ سے پھیری اور کفار نے سات فرسخ تعاقب کیا اُسکے بعد زمانہ نے ہندوی سیہ فام کیطرح جامہ خم نیلگون فلک مین ڈال کر رایات عباسی بلند کیا اور تنگنا دری ایک گروہ لشکر منکسر اور مہزم مین فرد کش ہوکر بمنتہی عجب و تکبر پر سوار شیر مبنیہ ہیجا یعنے اسد خان لاری چار ہزار

جوان جبہ پوش سخت کوش ابیات ہمہ شیر مردان کار آزمائے ٭ دلیر و عدو بند کشور کشائے ٭ بگاہ وغا ہر یکے صفدری ٭ از ایشان یکے در عدو لشکرے ٭ یکہ کرد دوتے تنکنا ڈری پرشخون مارا و ہر کفار بقدر طاقت دست و پا مار کر مدافعہ مین مشغول ہوے اور آخر ضرب تیر سندان گذار اسلامیون سے قرار کو فرار پر اختیار کرکے راہ ہزیمت ناپی ابیات بنا بر غنودن چنان بخیر ٭ کہ ناگاہ سیلے در آید بسر ٭ بجائے نخسپد عقاب دلیر ٭ کہ آبے توان جست اورا بزیر ٭ پھر تمام ہاتھی بجانگریون کے اور زن و فرزند تنکنا ڈری کے اسد خان لاری کے ہاتھ آئے اسد خان نے اسی مقام پر پڑاؤ ڈال دیا اور تنکنا ڈری اپنے پراگندہ سوار اور پیادے جمع کرکے چھ فرسخ پر اسد خان لاری سے فردکش ہوا اور عریضہ مشتمل بر کیفیت واقعہ اور ملک کی استدعا مین رام راج کے پاس ارسال کیا اُسنے در جواب لکھا کہ مجھے ابھی اطراف کے راؤن سے اطمینان کلی حاصل نہین ہوا چاہیے کہ جس طور سے میسر ہووے اسد خان لاری سے صلح کرکے اپنے زن و فرزند کو رہا کر چنانچہ تنکنا ڈری نے اسد خان لاری کو صلح کا پیام دیا اور اسد خان لاری نے ابراہیم عادل شاہ کو اعلام کرکے اشارہ کے موافق صلح قبول کی اور باشوکت و عظمت تمام بیجاپور کی طرف معاودت فرمائی اور ابراہیم عادل شاہ نے گھوڑے اور ہاتھی تنکنا ڈری کے جو اسد خان لاری نے گذرانے تھے اُسے بخشے اور پایہ اُسکے رتبہ اور جاہ کا افزون کیا اور یوسف شحنہ دیوان کہ منصب وکالت اور میر جملگی پر مخصوص ہوا تھا اُسنے رشک و حسد سے خلوت مین عرض کیا کہ اسد خان لاری مذہب کے اتحاد کے سبب برہان نظام شاہ بحری سے اخلاص زیادہ رکھتا ہی اور چاہتا ہی کہ قلعہ نلگوان اُسے دیکر اُسکا حلقہ بندگی اپنے زیب گوش کرے ابراہیم عادل شاہ نے بلا تحقیق صدق و کذب حاسد کی بات کو باور کرکے اسد خان لاری کے عزل کے بارے مین مشورہ کیا یوسف ترک شحنہ دیوان نے جواب دیا کہ اُسے آپ بہ بہانۂ جشن ختنہ شاہزادہ علی نلگوان سے طلب کیجیے جب وہ حاضر ہووے مقید کرکے دل اُسکے دغدغہ سے پاک کیجیے اور یہ مشورہ فاش ہوا اسد خان لاری نے محافظت مین کوشش کی اور جس وقت کہ فرمان طلب صادر ہوا وہ بیماری کا بہانہ کرکے نہ آیا ابراہیم عادل شاہ نے یوسف ترک شحنہ دیوان کی تعلیم کے سبب اسد خان لاری کے مخصوصونکو مخفی زر دینے پر راضی کیا لیکن مثل ہی کہ جسے خدا رکھے اُسے کون مارے یہ تدبیر بھی راست نہ آئی آخر کو یہ تجویز ہوئی کہ یوسف ترک شحنہ دیوان کو نلگوان کے جوار مین جاگیر دین اور میر جملگی سے معاف رکھکر جاگیر کی طرف رخصت فرماوین تو بوقت فرصت حکمت عملی سے اُسے اسیر اور دستگیر کرے اسد خان لاری کہ مرد جہاندیدہ تھا غفلت برطرف کرکے ہوشیار رہتا تھا یہانتک کہ ایک روز باغ کی سیر کو نلگوان سے چھ فرسخ پر واقع تھا کچھ لوگ ہمراہ لیکر بہ سرعت تمام سوار ہوا اور ایک غلامان حبشی کو مامور کیا کہ چار سو آدمی ہمراہ لیکر آوے اور مخبرون نے یوسف ترک شحنہ دیوان کو خبر تنہا سوار ہونے اسد خان لاری کی پہونچائی اور وہ دو ہزار سوار لے کر اسد خان لاری کی گرفتاری کو بسبیل استعجال گرم عنان ہوا اور باغ کے اطراف مین پہونچکر جنگ کا نشان بلند کیا اور اسد خان لاری نے بھی دشمن کے مدافعہ مین ہمت مصروف کی طرفین سے مقابلہ ہوا دونون طرف کی فوج مل گئی تن و سرین جدائی ہونے لگی ابیات سیاست در آمد بگردون زنی ٭ ز چشم جہان دور شد روشنی ٭ غبار زمین بہ ہوا رانبشت ٭ جنان سلامت برون شد ز دست ٭ چنان گرم گشت آتش کارزار ٭ کہ از لعل اسپان بر آمد شرار ٭ یوسف ترک شحنہ دیوان نے اسد خان لاری کے حملون کی برداشت کرکے لوازم ستیز و آویز مین تقصیر نہ کی اس صورت مین

جنگ عظیم اور معرکہ شدید واقع ہوا بہت آدمیون نے قالب جوہر جان سے خالی کیا بیت زبس کشتہ افتاد بر روے دشت ہ فلک گفت بس بس کہ از حد گذشت ہ آخر الامر اسد خان لاری بعد از جنگ صاحب فائق آیا یوسف ترک شحنہ دیوان شکست فاحش کھا کر مفرور ہوا اور ابراہیم عادل شاہ نے دیکھا کہ صحبت نے اور رنگ پیدا کیا اظہار التفات کیواسطے یوسف ترک شحنہ دیوان کو مقید کر کے اسد خان لاری کے پاس بھیجکر پیغام دیا کہ اسکی بے ادبی سے ہماری طبیعت بہت آزردہ ہی مناسب ہی کہ وہ معتمد الدولہ اسے سزا کو پہونچا دے اسد خان لاری نے کہ اس معاملہ سے خبر رکھتا تھا یہ جواب لکھا کہ تقصیر بندہ ہی سے واقع ہوئی امیدوار عفو ہی اور یوسف ترک شحنہ دیوان کو اسپ و خلعت دیکر رخصت کیا اور جب یہ قصہ بوالعجب برہان نظام شاہ بحری کے گوش زد ہوا از روے تدبیر اپنی مجلس مین مکرر ذکر کیا کہ اسد خان لاری نے قولنامہ ہمسے طلب کر کے تعہد کیا ہی کہ ولایت عادل شاہیہ مسخر کر کے ہمارے سپرد کرے اگر مین اس وقت لشکر کشی کردن آسانی سے وہ ولایت تصرف مین آوے اور ان دنون مین کہ ۹۴۷ نو سو سینتالیس ہجری تھے امیر برید ترک سے موافقت کر کے احمد نگر سے روانہ ہوا اور پرندہ کے اطراف مین امیر قاسم برید ترک اور خواجہ جہان دکنی اُس سے ملحق ہو کر آگے بڑھے اور زین خان والے ساڑھے پانچ پتے جو شولاپور کے تحت تھے مردم عادل شاہی کے تصرف سے برآوردہ کر کے خواجہ جہان دکنی کے سپرد کیے اور جب برہان نظام شاہ نلگوان کے حوالی مین پہونچا اسد خان لاری باوجود اُسکے کہ اس معنی سے بالکل آشنا نہ تھا از راجیف کے اقتشار سے خوف زدہ ہو کر لاچار چھ ہزار سوار لیکر برہان نظام شاہ کا شریک ہوا اور اُسنے قوی پشت ہو کر نہب و غارت کی آگ مملکت عادل شاہیہ مین روشن کی اور ابراہیم عادل شاہ تاب مقابلہ کی نہ لاکر حسن آباد گلبرگہ کی طرف راہی ہوا اور اسد خان لاری شعبدہ بازی سے تسخیر ہوا علی محمد بخشی کو علاء الدین عماد شاہ کے پاس برار کیطرف بھیجا اور حقیقت حال قلمی کر کے پیام کیا کہ اگر وہ جناب برسم اعانت ابراہیم عادل شاہ کے قدم رنجہ فرما دین بندہ بھی خدمت مین حاضر ہو کر عرض کریگا کہ اس پیر غلام کے گناہون کے شفیع ہووین اس درمیان مین نامہ ابراہیم عادل شاہ کا بھی پہونچا علاء الدین عماد شاہ روانہ ہوا اور برہان نظام شاہ کو قلعہ ارک بیجاپور کو محاصرہ رکھتا تھا اس شہر کے مکانون مین آگ لگا کر بقصد جنگ باتفاق امیر قاسم برید ترک گلبرگہ کی طرف متوجہ ہوا اسد خان لاری اثناے راہ مین اُنکی ترک رفاقت کر کے اپنی فوج لیکر علاء الدین عماد شاہ سے جا ملا اور یہ کلام کیا کہ یوسف ترک شحنہ دیوان نے از راہ خود غرضی عدالت پناہ سے عرض کیا کہ یہ بندہ یعنے اسد خان لاری داغ عصیان جبہہ اخلاص پر رکھکر چاہتا ہی کہ برہان نظام شاہ کا ملازم ہووے اور مزاج الحضرت کا مجھسے ایکبارگی منحرف ہوا اور مین اس فکر مین تھا کہ کسی طرح سے منظنہ اس قضیہ کا خاطر اشرف سے دور کردن کہ ناگاہ برہان نظام شاہ اور امیر قاسم برید ترک بہ تعجیل حوالی نلگوان مین آئے اس سبب سے خاص و عام کو یقین ہوا کہ یوسف ترک شحنہ دیوان کا کہنا سچ ہی کہ یہ اُسی کی تحریک سے آئے اس واسطے دریاے حیرت مین غوطہ کھا کر اپنی جاگیر کی حفاظت کیواسطے زمانہ سازی کر کے چند روز اُنسے پیوستہ رہا اب خدمت مین حاضر آن کر جو کہ صدق اور حق ہی گذارش کیا امیدوار ہون کہ عدالت پناہ کی پانبوسی کو مجھے لیجا کر قلم عفو میرے جریدہ اعمال پر کھچوائین اگر معرض قبول مین آوے زہے سعادت والا نہ بندگان عدالت پناہ مالک و مختار ہین میری نسبت جو سیاست چاہین تجویز فرمادین تو میری جزا اور سزا پہونچنے سے اوروں کو عبرت ہوگی خلاصہ یہ کہ علاء الدین عماد شاہ اُسی روز بے سابقہ تمہید مقدمہ اسد خان لاری کو ہمراہ لیکر ابراہیم عادل شاہ کے

دائرۂ دولت پر گیا اور اس طرح سے حقیقت حال واقعی بیان کی کہ اسد خان لاری کی بیرحمی اور اعداکاکار و فریب بالکل
و براہین ثابت اور متحقق ہوا اُسی وقت عدالت پناہ نے اسد خان لاری کو آغوش عاطفت مین کھینچکر اُس کا منصب
وجاہ افزون کیا اور اُسکے اور علاء الدین عماد شاہ کی صوابدید کے بموجب برہان نظام شاہ اور امیر قاسم بریدترک
کی حرب کا عازم ہوا اور وہ طاقت مقاومت نہ لاکر پرگنہ تیر کی طرف روانہ ہوے اور ابراہیم عادل شاہ اور
علاء الدین عماد شاہ نے بھی اُس مقام مین صلاح توقف نہ دیکھی بالاگھاٹ دولت آباد کی سمت متوجہ ہوے
ابراہیم عادل شاہ اور علاء الدین عماد شاہ نے کوئی دقیقہ قتل وغارت مین فروگذاشت نہ کیا اور انھین دنون مین
قاسم بریدترک قضاے الٰہی سے فوت ہوا اور بالاگھاٹ دولت آباد مین مدفون ہوا اور جناب قدسی منزلت
شاہ طاہر متوسط ہوکر اس طور طالب صلح ہوئے کہ برہان نظام ساڑھے پانچ پرگنہ شولاپور ابراہیم عادل شاہ
کو دے کر پھر فتنہ و فساد کے گرد نہ پھرے اور صلح کے بعد ہر ایک نے اپنے مقام مین مراجعت کی اور دوسرے
برس کہ ۹۵۵ نوسو پچاس ہجری تھے ابراہیم عادل شاہ علاء الدین عماد شاہ کی بیٹی مسماۃ رابعہ سلطان کو
اپنے عقد مین در لایا اور برہان نظام شاہ بحری نے کہ بادشاہ غیرت دار تھا ساڑھے پانچ پرگنہ کی استرداد کے سبب
سے اپنے اوپر استراحت اور آرام حرام کیا اور جو اُن سنوات مین درمیان ابراہیم عادل شاہ اور علاء الدین
عماد شاہ کے غبار کلفت بلند ہوا برہان نظام شاہ نے فرصت پاکر رام راج اور جمشید قلی قطب شاہ کو خوشامد
درآمد سے اپنی موافقت مین راغب کیا اور باتفاق علی برید اور خواجہ جہان دکنی ولایت ابراہیم عادل شاہ کیطرف
متوجہ ہوا اور اُن ساڑھے پانچ پرگنہ پر متصرف ہوکر قلعہ شولاپور کو بھی محاصرہ کرکے ولایت سرحد سے بہت خراب
اور ویران کیے اور چند مرتبہ ابراہیم عادل شاہ کے لشکر کو کہ اُسکے مدافعہ کے واسطے قیام کیا تھا شکست دیکر متفرق
کیا اور جمشید قلی قطب شاہ نے بھی برہان نظام شاہ کی تحریک کے سبب اُسطرف سے لشکر ولایت بیجاپور پر کھینچا اور
پرگنہ کاکنی مین ایک قلعہ نہایت سنگین تعمیر کرکے ولایت گلبرگہ تک قابض و دخیل ہوا اُسکے بعد قلعہ اتکور کو بھی محاصرہ کیا
اور اسی طرح سے رام راج نے برہان نظام شاہ کی ہدایت کے موافق اپنے بھائی تکنا وڑی کو مع سپاہ گران
قلعہ رایچور کی تسخیر کے واسطے تعین فرمایا ابراہیم عادل شاہ اپنی زورق مملکت کو چار موجہ بلا مین دیکھکر بحر حیرت مین
غوطہ زن ہوا اور اسد خان لاری کو تنگوان سے طلب کرکے اُس سے صلاح کی اُسنے بعد تامل و غور یہ جواب دیا کہ ہمارا
حقیقی دشمن برہان نظام شاہ ہے اور دیگر اعدا اُسکے طفیل سے اس مملکت کے متعرض ہوے ہین اول فتنہ برہان
نظام شاہ کی تدبیر و علاج چاہیے کرنا پھر اور دشمنون کے دفع مین مشغول ہونا چاہیے اور علاج برہان نظام شاہ
کا یہ ہے کہ ساڑھے پانچ پرگنہ جو مایۂ نزاع ہین اُسے واگذاشت کرین اُسکے بعد نامہ فرد تنی اور تواضع سے رام راج
کو کہ بادشاہ عظیم الشان ہے اور دوسرے راؤن اسطرف کو لکھکر مع تحف و ہدایاے نفیسہ مصحوب ایلچیان
لسان شیرین زبان بھیجین اس لیے کہ کفار کرناٹک تھوڑی تواضع مین خوش ہوکر دم دوستی کا مارین گے خصوصاً رام راج
کہ جس نے اب تک اپنی مملکت مصفا نہین کی ہے اور دیگر راجہ اُس سے منازعت اور مخاصمت رکھتے ہین مصالحہ
کریگا اور جس وقت انکا خرخشہ برطرف ہووے جمشید قلی قطب شاہ کا دفع کرنا میرے ذمہ ہے ابراہیم عادل شاہ
نے اسد خان لاری کی تدبیر پسند کرکے اُس پر عمل کیا اور جو تجویز کہ اسد خان لاری نے کی تھی

ہر طرح مہمات بکفایت تمام انجام ہوئے اُسوقت عادل شاہ نے باطمینان تمام جمشید قلی قطب شاہ کے اندفاع فساد کو اپنے ذمہ ہمت پر لازم و ملزوم جان کر اسد خان لاری کو مع لشکر فیروزی اثر اُسکی طرف رخصت کیا اسد خان لاری نے پہلے قلعہ کانکی کو جو جمشید قلی قطب شاہ کا ساختہ تھا محاصرہ کرکے حین سرما ہین بحیر و قہر مفتوح کیا اور اُسے بیخ و بن سے کھود اکر اُسکا نشان باقی نہ رکھا پھر ابتکر کی طرف متوجہ ہوا اور جمشید قلی قطب شاہ نے مقابلہ مین فائدہ نہ دیکھا ولایت تلنگ کی طرف کوچ کر گیا اور اسد خان لاری نے تعاقب کرکے دو مرتبہ افواج قطب شاہی کو کہ اُسکے مدافعہ کے واسطے مقرر کی تھی پسپا کیا اور قلعہ گلکنڈہ مین جمشید قلی قطب شاہ مضطر ہوکر خود مرتکب جنگ ہوا اور حرب نہایت سخت واقع ہوئی شکست لشکر تلنگ پر پڑی ابیات سعادت بہ بخشایش داورست ۔ نہ در چنگ بازوے زور آورست ۔ کلید ظفر چون نیفتد بدست ۔ ببازو در فتح نتوان شکست ۔ منقول ہے کہ اُس دن بحسب اتفاق جمشید قلی قطب شاہ اور اسد خان لاری سے مقابلہ ہوا اور تلوارین کھینچکر جھپٹے بجلی سی دونون لشکر کی آنکھ مین چمک جاتی تھی جو ایک نے خالی دی تو دوسرے نے سپر پر روکی عجب چستی اور چالاکی سے لڑتے تھے قضارا ایک زخم کاری جمشید قلی قطب شاہ کے چہرہ پر لگا اسد خان لاری منظفر ہوا اور جمشید قلی قطب شاہ مادام الحیات اُس زخم سے اکل و شرب کے وقت ایذا اُٹھاتا تھا پھر اسد خان لاری فتحیاب ہوکر عالما خاتما بیجاپور مین آیا اور مہمات ممالک حسب دلخواہ ساختہ اور پرداختہ ہوے ابراہیم عادل شاہ لشکر کشی کے وغدغہ سے فارغ البال ہوا امرا کو جاگیرون کی طرف رخصت کیا اور ۹۵۱ھ نو اکاون ہجری مین برہان نظام شاہ رام راج کی تحریک سے احسن آباد گلبرگہ کی تسخیر کے واسطے عازم ہوا اور بہ سبیل استعجال پہونچکر اُسے محاصرہ کیا یہ خبر سنتے ہی ابراہیم عادل شاہ بھی فوج بے حساب جمع کرکے بشوکت و عظمت اُس طرف روانہ ہوا اور دریاے بھیورہ کے ساحل پر پہونچا جو سپاہ برہان نظام شاہ لب دریا پر حائل اور سنگراہ تھی تین مہینے تک عبور میسر نہ ہوا یہان تک کہ ابراہیم عادل شاہ تنگ آن کر آخر برسات مین جبرا اور قہرا اُس بحر زخار سے پار اُترا اور فریقین ترتیب سپاہ مین مشغول ہوئے جنگ صعب کا اتفاق پڑا لیکن بعد اشتعال نائرۂ قتال بخلاف ہمہ سال ابراہیم عادل شاہ منظفر و منصور ہوا برہان نظام شاہ فیل جنگی کو پیکر اور گھوڑے سبک چست رفتار بادصرصر چھوڑکر منہزم ہوا اور ابراہیم عادل شاہ بعد اس فتح غیبی کے اپنی تنگ ظرفی کے باعث بادۂ نخوت سے اُبل چلا اور نوبت یہ پہونچی کہ ہنگام مے نوشی اور شراب کی کیفیت مین برہان نظام شاہ کے ایلچیون سے کلام درشت کرتا تھا اور باتین ناملائم برہان نظام شاہ کی نسبت زبان پر لاتا تھا اور اندک تقصیر پر ارباب دخل اور مقربون کو باندھتا تھا اور قتل کرتا تھا اور ۹۵۲ھ نو سو باون ہجری مین جب برہان نظام شاہ لشکر علی برید کی ولایت پر بھیجکر قلعہ اوسہ اور قندھار اور اودگیر کی تسخیر مین مشغول ہوا علی برید نے قلعہ کلیان ابراہیم عادل شاہ کو دے کر کمک طلب کی ابراہیم عادل شاہ مثل ہاروت و ماروت بادۂ نخوت سے بہوت ہوکر اُسکی مدد کو روانہ ہوا اور چھ مہینے کے عرصہ مین دو مرتبہ برہان نظام شاہ سے لڑا ہر مرتبہ شکست فاحش پائی اخانہ شاہی غنیم کے ہاتھ لگا اسپر بھی جور و ظلم و بدعت سے دباز آیا وہ دونون شکست مقربون اور نزدیکون اور ارباب دخل کی دورنگی سے تصور کرکے تین مہینے کے عرصہ مین چالیس برہمن اور ستر مسلمان کو بلا جرم قتل کیا خلائق

اُسکے اوضاع سے متنفر اور خائف ہوئی سب نے اسپر اتفاق کیا کہ اُسکے بھائی شہزادۂ عبداللہ کو تخت پر بٹھاوین اور یہ خبر پیشتر اس ارادہ سے کہ چیرتوت سے فعل مین آوے اُسکے گوش زد ہوئی بازار سیاست گرم کیا اور خلق کثیر کو تہ تیغ دو دم کرکے سرد کیا اور شہزادہ بجرِ قلیل بھاگ کر بندر گووہ کی طرف جاکر عیسائیون کے پاس پناہ لے گیا اور اُنھون نے بھی اُس کی عزت و حرمت مین کوشش کی اور ان دنون مین ابراہیم عادل شاہ بیصدور قصور اسد خان لاری سے بدگمان ہوا اور یہ شبہ تین اُس کے نفاق سے جان کر رسم پروانہ التفات اور رسیوہ بھیجنے کی یکقلم موقوف فرمائی اور اسد خان لاری کہ نلگوان مین تھا اُس نے اپنی ہمت اس پر مصروف کی کہ نقد اخلاص کو اپنے خداوند نعمت کی محک نظر مین پورا ثابت کرے لہذا ایک جماعت کے ہمراہ نوزبخیر فیل مست جو ہنر جنگ مین ہوشیار تھے اور اسی قدر گھوڑے تازی اور اُسکے سوا اور بھی تحف و نفائس بھیجکر یہ عریضہ اپنے خط زیبا نما سے تحریر کیا کہ ای سلیمان سریر سعادت و اقبال ذای سکندر سند غزو جلال **بیت** چہ شد چہ شد کہ بدنیسان رمیدہ ازمن ✤ چہ کردہ ام چہ شنیدی چہ دیدۂ ازمن ✤ سبب اس بے عنایتی کا کیا ہی اور باعث اس کم التفاتی کا کون ہے **بیت** گر گناہے کردہ ام اینک سر و تیغ و کفن ✤ ورنہ بموجب نشاید دوستان آزردنی ✤ جو کچھ ارباب غرض نے اس بندہ کی تقصیرات سے سمع اقدس مین پہونچائے ہین مین ایک کو سوا اقرار کرتا ہون لیکن اس تہمت سے خبر نہین رکھتا اور حضرت یوسف علیہ السلام کے بھیڑیے کے مانند بے گناہ ہون نہ یہ کلمہ میری زبان پر گذرا اور نہ یہ امر بندہ کے عقیدے اور دل مین جاگزین ہوا ہی تو قف کرنا اس حصن حصین مین اور نہ حاضر ہونا خدمت بابرکت مین دفع مضرت اعدا ہی اور اس معنی کو کوتاہ نظر آدمی اور کچھ سمجھکر رقم حرامخواری کی اس پیر غلام کے چہرے پر کھینچتے ہین اگر مراحم اور عواطف بیدریغ شاہنشاہی شامل حال پر اختلال ہووے تو اعدا کی مخذولی اور شرمندگی کے واسطے بوسہ دینے پایۂ سریر خلافت مسیر مین سعادت اندوز ہون اور یہ دو بیت کہ طبعزاد اُس کے ہین عریضہ کے اختتام پر ثبت کین **ابیات** بیک ماہ با تحفہ و پیشکش ✤ شتابم بدان بارگہ شادو خوش ✤ بیایم بہ بندم بخدمت کمر ✤ نہم چون قلم بر خط شاہ سر ✤ ابراہیم عادل شاہ از سر نو مقام التفات مین ہوکر چاہتا تھا کہ اُسکے متعلقین کو باحسن وجہ نلگون مین روانہ کرے کہ ناگاہ شاہزادہ عبداللہ کے فساد نے سر گریبان ملک سے نکالا اور یہ مقدمہ معرض تعویق مین رہا اور شہزادہ عبداللہ کے قصہ کا یون بیان ہی کہ جب وہ برادر نامہربان کے جلا و غضب کے خوف سے بندر گووہ کی طرف مفرور ہوا فرنگیون نے اُسے مقام محفوظ مین بٹھایا اور اُسکے اعزاز و تکریم مین نہایت کوشش کی بعد ایک مدت کے بعضے مردمان بیجاپور کے اغوا سے برہان نظام شاہ بحری اور جمشید قلی قطب شاہ کی نسبت دروازہ خصوصیت کے مفتوح کرکے التماس کمک کی یہ دونون شاہ کہ ابراہیم عادل شاہ کے اوضاع اور اسد خان لاری اور بھی امرا کی رنجش خاطر سے آگاہی رکھتے تھے ابراہیم عادل شاہ کے عزل اور شہزادہ عبداللہ کے نصب پر متفق ہوئے اور اپنے موضع سے حرکت کرکے ولایت بیجاپور کی طرف گئے اور فرنگیون کے پاس آدمی بھیجکر پیام کیا کہ شہزادہ عبداللہ کو اس طرف رخصت کرین تو ہم اُسے بیجاپور کے تخت پر بٹھاوین فرنگی اس امر پر راضی ہوئے اور عبداللہ کے فرق پر چتر بلند کیا اور برہان نظام شاہ اور جمشید قلی قطب شاہ نے ایلچی اسد خان لاری کے پاس بھیجکر یہ پیغام دیا کہ جو ابراہیم عادل شاہ کی بے ہنجاری حد سے گذری اور وہ معتمد الیہ بھی اُس سے رنجیدہ ہی ہم لوگ چاہتے ہین کہ

شاہزادہ عبداللہ کو بجاے اُسکے نصب کرین اور وہ خان والاشان اُسکی اتالیقی مین ممتاز رہے مناسب ہی کہ نلگوان سے جلد آپ کو ہمارے پاس پہونچاوے اسدخان لاری نے برہان نظام شاہ کے ایلچی سے درشتی کرکے کہا اگر ایلچی کشی مذموم نہوتی تو مین زخم تیغ سیاست سے تیرا سر کاٹتا برہان نظام شاہ اسدخان لاری کی اہانت سے مایوس ہوا اور اسی عرصہ مین اسدخان لاری کی بیماری کی خبر پہونچی تیمہا نام ایک برہمن کو مخفی مع زرخطیر نلگوان کی طرف بھیجا تاکہ اہل حصار سے مراقفت وموافقت کرکے ایسا کرے کہ اسدخان لاری کے فوت کیبعد قلعہ برہان نظام شاہ کے سپرد کرین اور اسدخان لاری بحالت بیماری اہل قلعہ کے ارادہ پر واقف ہوا اُس برہمن کو جو ایک رعایا کے مکان مین پوشیدہ تھا دستیاب کرکے مع ستر آدمی اُسکے اعوان سے کہ جنھون نے روپیہ لیکر قلعہ دینے کا اقبال کیا تھا تہ تیغ کیا اور یہ امر جب جمیع مردم اور افسران سپاہ پر ظاہر ہوا کہ اسدخان لاری ابراہیم عادل شاہ کا دولتخواہ ہی شہزادہ کے پاس جانے کی فسخ عزیمت کی اور شاہزادہ کی جمعیت جو بندر کووہ کے اطراف مین تھی یہ خبر سنتے ہی شاہزادہ سے جدا ہوکر متفرق اور پریشان ہوئی اور اسدخان لاری نے جب دیکھا کہ یہ مرض الموت ہی اور سلطان طبیعت کو قوت دشمن مرض کے دافعہ کی نرہی اپنے ہاتھ سے عریضہ ابراہیم عادل شاہ کو لکھا اور التماس قدوم مین یہ بیت درج کی بیت چو باد صبح گذر کن سوحدیقہ انس ؛ جو سرو ناز قدم رنجہ کن درین گلزار ؛ ابراہیم عادل شاہ صلاح دولت اُسکی ملتمس کی اجابت مین دیکھکر بتاریخ غرہ ماہ محرم سنہ ۹۵۶ نوسو چھپن ہجری مین بسبیل استعجال روانہ ہوا اور اثناے راہ مین خبر رحلت اسدخان لاری کی سنکر اُسی شب اپنے تئین نلگوان مین پہونچایا اور بازماندون کو امر بصبر کرکے تمام مہمات اور متروکات پر متصرف ہوا اور نصارا نے جب دیکھا کہ شاہزادہ کی جمعیت پریشان ہوئی اُسکو پھیر کر بندر کووہ کی طرف لیگئے اور بادشاہ نے بھی اپنے مقر کی طرف معاودت فرمائی اسدخان لاری وفور فراست اور کاردانی مین انصاف تمام رکھتا تھا اور ضبط وربط دخل وعقد مہمات مین نشان بے مثالی بلند کرتا تھا اور رایان ہیجانگر اور شاہان دیگر اُس سے طریق مصادقت اور ملائمت کہ عبارت رسل ورسائل اور تحف وہدایا سے ہی جاری رکھتے تھے اور اسباب جاہ ومکنت اور زر وجواہر اسقدر اُسکی سرکار مین جمع ہوا تھا کہ محاسبان سریع الحساب اُسکے حساب وشمار سے عاجز تھے چنانچہ سو من برنج اور پچاس گوسفند اور ایک سو مرغ اُسکا شبانہ تھا اور اُس کے مختراعات سے مثل قباو خفتو زین دکن مین شہرت تمام رکھتا ہی اور وہ اول شخص ہی کہ زین پشت فیل پر رکھی اور لگام اُسکی سر پر کرکے بے گچک تحریک انگشت پاے فیل کو مطیع کرکے راہ پر لایا لیکن جو وہ حیوان سرکش ہی اور دہانہ آہنی سے جیسا کہ چاہیے اطاعت نہین کرتا تھا اس اختراع نے شہرت نپائی منسوخ ہوئی اور یہ بھی منقول ہی کہ ابراہیم عادل شاہ اپنی بیٹی بانی بی بی کو علی برید کے نکاح مین در لایا اور علی برید کو اس خویشی سے ساتھ اپنے متفق کیا اور برہان نظام شاہ نے چند ایلچی لسان چرب زبان رام راج کے پاس بھیجے اور تحف وہدایا کے ارسال سے بناے مصادقت ڈالی اور اسطرف سے رام راج نے بھی ہدیہ بھیجکر طریق اتحاد کو جاری رکھا اور حالت پناہ یہ اخبار سنکر برہان نظام شاہ کے ایلچیون سے کہ بیجاپور مین تھے گونہ شکایت درمیان مین لایا اور یہ ہراسان ہوکر بیجانگر کیطرف بھاگے اور وہان پہونچکر رام راج سے عرض پیرا ہوئے کہ جو ابراہیم عادل شاہ بسبب دوستی برہان نظام شاہ بحری ساتھون کفار کے قاصد ہمارے بقتل کا تھا نہایت کوشش سے ہمنے اپنے تئین اس دیار مین پہونچایا رام راج کہ کافر غیور وعظیم الشان

(دنبہ خوان ایک وقت کا ۱۲)

تھا اس اوضاع سے ناراض ہوا اور برہان نظام شاہ بحری کو پیغام بھیجا کہ علی بریدنے باپ کے خلاف ابراہیم عادل شاہ کی دوستی تمھاری دوستی پر قبول کی ہے مناسب یہ ہے کہ تادیب اسکی اپنی وجہ ہمت کرکے قلعہ کلیان اپنے حوزۂ تصرف مین درلاوین اس صورت مین برہان نظام شاہ بحری کہ اس وقت کا منتظر تھا اس کی صلاح کے موجب قلعہ کلیان کی تسخیر کیواسطے لشکر آراستہ ہوا اور شوکت وحدت کے ساتھ کوچ متواترہ کرکے قلعہ کو محاصرہ کیا ابراہیم عادل شاہ نے بھی بقصد استخلاص اہالیان قلعہ بیجاپور نہضت فرمائی اور برہان نظام شاہ کے لشکرگاہ کے دو کوس پر خیمہ و خرگاہ بلند کرکے فروکش ہوا جب برہان نظام شاہ نے ترک محاصرہ نکیا اور حرب مین بھی مشغول ہوا تو ابراہیم عادل شاہ نے اپنے لشکرگاہ کے گرداگرد ایک دیوار کھچوائی اور امرائے ترک کو کہ تاخت و تاراج مین بے نظیر تھے برہان نظام شاہ بحری کے اردو پر مقرر کیا جس سے قحط عظیم ان لوگون مین واقع ہوا اور آدمی نہایت مضطرب اور بیقرار ہوے چنانچہ اکثر عقلا کی راے اسپر قرار پائی کہ گھوڑے ہماری سواری کے نہایت ضعیف اور لاغر ہوئے ہین اور مرکوب بھی مقابلہ کی قوت نہین رکھتے لازم ہے کہ احمدنگر کا راستہ لین مگر تقدیری امور بطور دیگر تھے چنانچہ تفصیل اسکی واقعات نظام شاہیہ مین سمت گزارش پاوے مگی خلاصہ یہ کہ صبح عید رمضان کو کہ مردم عادل شاہیہ نہایت غفلت کی ضعف زبونی مین لوازم عید مین مشغول تھے کہ ناگاہ سید عین الملک وغیرہ امرائے نظام شاہیہ عادل شاہ کے خیمہ و خرگاہ پر تاخت لاکر جدال و قتال مین مشغول ہوے یہ سراسیمہ اور بدحواس ہوکر بھاگے جو ابراہیم شاہ اسدم عمل عید مین مشغول تھا فرصت پوشاک پہننے کی نہ پائی سراپردہ سے نکل بھاگا اور برہان نظام شاہ بحری نے اسی روز افواج آراستہ کرکے قلعہ کلیان کیطرف عزیمت کی اور قسم کھائی کہ اگر اہل قلعہ اسی وقت قلعہ میرے سپرد نہ کرینگے تمام مرد بزرگ کو قتل کرونگا اہل قلعہ نے کہ ابراہیم عادل شاہ کی شکست سے بیدل ہوے تھے امان لیکر قلعہ تسلیم کیا اور برہان نظام شاہ بحری کو تین عید مین ایک دن مین حاصل ہوئین اور ابراہیم عادل شاہ نے کہ فیل اور توپخانہ کے تاراج ہونے سے اعراض تھا مالک نظام شاہیہ مین داخل ہوکر چار لاکھ ہون تحصیل کیے اور جسقدر کہ ممکن ہو سکا اسکی ویرانی اور خرابی مین تقصیر اور کوتاہی نہ کی اور اچانک بطور ایغار قلعہ پرندہ مین پہونچا اور دروازہ کشادہ دیکھکر یکبارگی قلعہ مین در آیا اور مردم خواجہ جہان دکنی کے تصرف سے برآوردہ کیا اور اس حصن حصین کو ایک دکنی معتبر کو جو بہادری مین مشہور تھا تفویض کرکے بیجاپور کی طرف گیا اور یہ خبر کلیان کے اطراف مین منتشر ہوکر برہان نظام شاہ بحری اور خواجہ دکنی کو پہونچی تو عازم استرداد ہوے اور جب قلعہ پرندہ سے بیس کوس دوری پر پہونچے وہ بہادر دکنی قلعہ چھوڑکر ایسا بھاگا کہ بیجاپور تک کسی مقام مین مڑکر نہ دیکھا اور شاہ جمال الدین آنجو سے جو معاصر برہان نظام شاہ بحری تھا اس دکنی بہادر کا سبب فرار یون سنا گیا کہ جب خبر توجہ برہان نظام شاہ بحری کی اسے پہونچی ہراس بقیاس اسپر مستولی ہوا اور فکر گریز اپنے دل مین کرکے کسی کو اپنے مافی الضمیر مطلع نہ کیا یہان تک کہ ایک شب کو اپنے محل مین سوتا تھا مچھڑی کی آواز کو خیال صداے نفیر برہان نظام شاہ بحری سمجھکر بے تحاشا سراسیمہ دروازہ کھولکر راہ فرار پائی مردم قلعہ بھی اسے ایسا مضطرب دیکھکر اسکے نشان قدم پر دوڑے اور قلعہ کو خالی چھوڑا ابراہیم عادل شاہ نے اس دکنی دافر تہور و جرأت کی گردن ماری اور قلعہ کلیان کے استخلاص کی فکر مین ہوا اور برہان نظام شاہ بحری کو جب یہ ارادہ معلوم ہوا تو ایک مقرب کو رام راج کے پاس بھیجکر ابراہیم عادل شاہ کے ارادہ پر اطلاع دی بعد گفت و شنود ایسا مقرر ہوا کہ رایچور کے اطراف مین ملاقات کرکے جو کچھ صلاح وقت

ہوئی مل مین لاوین پھر ۹۵۹ھ نوسو اُنسٹھ ہجری مین رام راج مع سپاہ بسیار رایچور کیطرف متوجہ ہوا اور برہان نظام شاہ بحری بھی مع خیل وحشم ولایت ابراہیم عادل شاہ کے درمیان سے گزر کر راے بیجانگر سے ملاقی ہوا اور یہ تجویز ہوئی کہ رام راج قلعہ رایچور اور مدکل لیکر برہان شاہ کو شولاپور پر قابض کرے پھر دونون بادشاہون نے اول قلعہ رایچور کو محاصرہ کر کے ایک مدت کے بعد بہ امان فتح کیا اور جب اہالیان حصار مدکل نے یہ خبر سنی تو کنجی بھی رام راج کے پاس بھیجی اسنے قلعون کو مردم معتبر کے سپرد کر کے اپنے چھوٹے بھائی کو مع لشکر گران برہان نظام شاہ بحری کے ہمراہ کیا کہ قلعہ شولاپور کو بھی فتح کر کے اسکے سپرد کرین اور رام راج اپنی دار الخلافت کی طرف راہی ہوا اور برہان نظام شاہ بحری بیجانگر کی معاونت کے باعث قوی پشت ہوا اور کوچ بر کوچ آن کر قلعہ کو محاصرہ کیا اور توپ قیامت آشوب کی ضرب سے برج وبارہ کو شکستہ کر کے مسخر کیا اور پھر تعمیر کر کے اپنے ایک معتمد کے سپرد کیا اور احمد نگر کی طرف روانہ ہوا پھر نظام شاہ بحری کی وفات کے بعد ارکان دولت اور اعیان مملکت کی سعی اور کوشش سے ابراہیم عادل شاہ اور حسین نظام شاہ کے درمیان ابواب صداقت اور اخلاص کے کشادہ ہوے اور سرحدین ملاقات کی اور لوازم عہد وپیمان کو موے کر کے مستقر حکومت کیطرف معاودت فرمائی لیکن چند روز کے بعد آثار محبت مخصومت سے مبدل ہوئے اور خواجہ جہان دکنی کی تحریک اور سلسلہ جنبانی کے باعث کہ آمدون حسین نظام شاہ کے خوف سے بھاگ کر بیجاپور آیا تھا ابراہیم عادل شاہ قلعہ شولاپور کے استخلاص کی فکر مین پڑا اور رام راج سے دوستی اور موافقت کی بنیاد ڈالی اور سیف عین الملک سپہ سالار برہان نظام شاہ بحری حسین نظام سے متوہم ہوکر برہان عماد شاہ کے پاس ولایت برار مین گیا تھا اسکو حسن تدبیر سے وعدہ ہاے دلفریب پیش کیے اور اسد خان لاری کی جاگیر اسے سپرد کر کے بخطاب والقاب سیف الدولۃ القاہرہ عضد السلطنۃ الباہرہ امیر الامرا سیف عین الملک دیکر ممتاز فرمایا اور ولایت بان اور مائین اور تنکری اور راے باغ جاگیر دیگر زر نقد بھی عنایت کیا اور اسی عرصہ مین حسکی اور خواجہ جہان دکنی کی صلاح سے چتر شاہی شاہزادہ علی بن برہان نظام شاہ بحری کے سر پر کہ اُسکے پاس پناہ لیگیا تھا مرتفع کیا اور یہ ارادہ کیا کہ پہلے اُسے تخت احمد نگر پر متمکن کرے بعد اُسکے شولاپور کی تسخیر مین مشغول ہووے پھر سپاہ زر منواہ بیجاپور سے رخصت کر کے شاہزادہ علی کو مع دو ہزار سوار نظام شاہی کے جو اسی عرصہ مین حسین شاہ بحری کے سطوت اور غضب سے مفرور ہو کے بیجاپور آئے تھے سرحد کیطرف اپنی روانگی سے پیشتر روانہ کیا اور زاد مشتمل مواعید اکابر واشراف احمد نگر کے پاس بھیجکر انھین شاہزادہ علی کی شاہی قبول کرنے کے واسطے ترغیب کی جب کسی نے مردم نظام شاہی سے شاہزادہ علی کی طرف میل اور رغبت نہ کی حسین نظام شاہ بحری یہ خبر سنکر مع لشکر گنگی برہان عماد شاہ کی سرحد کی سمت متوجہ ہوا ابراہیم عادل شاہ نے بخلاف عادت سرگنج کھول کر تخمیناً چھ لاکھ ہون سپاہ پر قسمت کیے اور سیف عین الملک کے استظہار کے سبب تدوروحوب گرم کرنے مین عازم وجازم ہوکر بکوچ متواترہ سرحد کی جانب متوجہ ہوا اور میدان شولاپور مین جانبین سے صفوف مصاف آراستہ ہوئین میمنہ پر عین الملک کنعانی اور رانکس خان کو مقرر کر کے میسرہ پر زخان وامام الملک کے سپرد کی اور خود مع لشکر خاصۂ خیل قلب مین قیام کیا اور سیف عین الملک کو مقدمہ یعنے ہراول کیا اور حسین نظام شاہ بحری نے بھی جیسا کہ اُسکے وقائع مین مذکور ہوگا افواج کو ترتیب دیکر خان زمان اور بحری خان اور اخلاص خان کو مع لشکر برہان نظام شاہ ہراول کیا اور آتشبازی کے عراقے پیش لشکر جا بجا قاعدہ سے نصب کیے اور سیف عین الملک اظہار شجاعت اور مجرا سے خدمت کیواسطے بسرعت تمام دشمن کیطرف روانہ ہوا

اور حملہ اول مین تو پخانہ نظام شاہی پر متصرف ہوا اور ہراول کو جو عمدہ لشکر غنیم تھا اُسے درہم برہم کرکے فوج قلب مین پہونچا اور حسین نظام شاہ بحری کے مع لشکر خاصہ اور فیل نامے ابراہیم عادل شاہ کی حرب پر آمادہ ہوا تھا بجلدی تمامتر تلوار علم کرکے سیف عین الملک پر حملہ آور ہوا اور فوج جانبین اس چمک سے لڑنے لگی کہ آنکھ خیرہ ہوتی تھی اور مثل اُس کے جنگ صعب اس زمانہ مین واقع نہوئی تھی ظہور مین آئی فوج طرفین جان سے سیر ہوئی نہ شمشیر ہوئی قریب تھا کہ افواج قلب نظام شاہی متزلزل ہو کر متفرق ہووے کہ ناگاہ بعضے امرائے نظام شاہیہ سے مثل رستم خان دکنی اور جہانگیر خان حبشی اور غضنفر خان شیرازی کے جو میسرہ ابراہیم عادل شاہ کے ساتھ جنگ کرکے منہزم ہوئے تھے نشان نظام شاہی برپا دیکھکر گرد آوری اپنی کی اور اپنے صاحب کی مدد کے لیے عین ستیزاور آویز مین پہونچے جب کہ سیف عین الملک نے دیکھا کہ اور افواج نظام شاہیہ کمک کو آئی اور ابراہیم عادل شاہ کی طرف سے کمک نہین پہونچتی ہے بالضرورت حسب عادت اپنی کہ جس وقت دشمن کا غلبہ مشاہدہ کرتا تھا پیادہ پا معرکہ مین ایستادہ ہوتا تھا پاے ثبات زمین کین مین گڑا دیا تو بہادران فدائی کو معلوم ہو کہ سردار ارادہ بھاگنے کا نہین رکھتا ہے مالک پر فدا ہو کر حق نمک ادا کرین یا لڑائی فتح کرین اُسوقت بھی گھوڑے سے اُتر کر میدان نبرد مین ایستادہ ہوا تھا کہ دفعۃً ایک کوتاہ نظر نے ابراہیم عادل شاہ کو یہ خبر پہونچائی کہ مین نے عین معرکہ مین دیکھا کہ سیف عین الملک نے گھوڑے سے اُتر کر حسین نظام شاہ کو کہ اُسکا قدیم صاحب ہے سلام کیا اُسکے بعد اپنی سرخروئی کے واسطے اُسکے ہاتھ سے بیڑہ پان کا اِس شرط پر لیا ہے کہ تجھے گرفتار کرکے اُسکے سپرد کرے ابراہیم عادل شاہ نے بدون اُسکے کہ تحقیق کرکے آدمی بھیجے اور اس امر کی تحقیق صدق وکذب مین کوشش کرے بتیابانہ گھوڑا پھیر کر راہ بیجاپور کی لی سیف عین الملک نے جو تنہا اپنے سپاہیان خاصہ سے افواج نظام شاہیہ سے مقابلہ اور مقاتلہ اختیار کیا تھا اور یقین تھا کہ فتحیاب ہو ابراہیم عادل شاہ کی خبر فرار سنکر اُسنے بھی جنگ سے ہاتھ روکا اور اپنے خواہرزادہ صلابت خان کو کہ زخم کاری اُٹھاکر گھوڑے سے جدا ہوا تھا پارچہ مین لپیٹ کر اس ارادہ سے ابراہیم عادل شاہ کے پیچھے دوڑا کہ اُسکو بیجاپور کی روانگی سے مانع آن کر شکست کی درستی مین کوشش کرے جب ابراہیم عادل شاہ کی نظر سیف عین الملک کے علم پر پڑی اس گمان سے کہ یہ یقیناً میرے پکڑنے کو آتا ہے برحاس ہو کر گھوڑا خاصہ کا سرپٹ پھینکا اور بیجاپور تک اُسکی باگ نہ روکی اُسکے بعد سیف عین الملک بلدۂ بیجاپور مین پہونچکر ایک اپنے معتمد کو عدالت پناہ کی خدمت مین بھیجکر عرض پیرا ہوا کہ خیر سگال اسباب اور مال چھوڑکر مع اسپ دلچی خانہ بدوش بیک بینی ودوگوش آیا اور خیمہ وخرگاہ نہین رکھتا کہ اُسکے سایہ مین بسر کرے اگر خزانہ عامرہ سے کچھ اعانت ہووے کہ اپنا سامان درست کرکے ملازمت مین حاضر ہووے عدالت شاہی سے بعید نہوگا عدالت پناہ جو اس شکست کو اُسکی شومی اور سخن نشنوی اور بیش روی سے جانتا تھا عطا کا دروازہ اُسکے منہ پر بند کرکے فرمایا ہمین ایسا نوکر بے اعتدال درکار نہین ہے جس طرف تجھے منظور ہو جا سیف عین الملک نے جو جان نثاری کے سوا کچھ تقصیر نہ کی تھی متحیر ہو کر پیغام بھیجا کہ مین نے از روے صدق واخلاص ٹپکا خدمت گاری اور جان سپاری کا کر جان پر باندھ کر چھ سو عزیز اور ہمقوم اپنے فرق مبارک پر نثار کرکے دریغ مال واسباب سے نہ کیا دوسرے دروازے پر جانے کی تمنا نہین رکھتا بیت جز آستان تو ام در جہان پناہے نیست ۔ سر مرا بجز ین در جاے گاہی نیست ۔ اس صورت مین اگر عدالت پناہ چاہین یا نچاہین ہم چاکر اور غلام ہین

دوسری سرکارین نہ جاوینگے اور جو اس پیغام اخلاص اشتمال نے بھی رائحہ سرکشی کا ابراہیم عادل شاہ کے دماغ مظلمہ مین پہونچایا ایلچی کو طمانچہ مارکر دربار سے نکالدیا اور سیف عین الملک نے مایوس ہوکر اپنے اصحاب حل وعقد سے مشورہ کیا مرتضیٰ خان انجو اور میرزا بیگ سیستانی اور عالم خان اور فتح اللہ خان نے متفق اللفظ و المعنی ہوکر جواب دیا کہ اس شاہ کی خدمت مین دوبارہ عرض والتماس کا یارا نرہا صلاح وقت یہ ہی کہ ولایت مان مین جاکر محصول خریف کا معرض وصول مین لاوین اور سازوسلب اپنا درست کرین جب لشکر عادل شاہی ہمارے استیصال کیواسطے مامور ہوے جس طرف مناسب جانین روانہ ہووین سیف عین الملک کو یہ راے پسند آئی اسی دن بیجاپور سے کوچ کیا اور ابراہیم عادل شاہ نے اس حال سے مطلع ہوکر ایک سردار کو مع پانچ ہزار سوار اُسکے دفع اور اخراج کیواسطے مقرر کیا اور جب وہ نہر ولایت مان کے کنارے پہونچا صلابت خان ملا اجازت سیف عین الملک مسلح ہوکر اُس سے آتش کارزار افروختہ کرکے عدالت پناہ کی فوج کو بحال ابتر ہزیمت دیکر اُس کے فیل واسپ پر متصرف ہوا اور سیف عین الملک قوی تر ہوکر دندان طمع فصل ربیع پر بھی مارا اور پرگنات جاگیر کے سوا ولایت مرج وکلہر وغیرہ پر قابض ودخیل ہوا ابراہیم عادل شاہ نے دوبارہ اُسکے قلع وقمع کی فکر مین دس ہزار سوار و پیادہ آراستہ کرکے دلاور خان حبشی کے ہمراہ جو آخر مین وکیل السلطنت ابراہیم عادل شاہ ثانی ہوا تھا تعین فرمائے اُس مرتبہ سیف عین الملک اور صلابت خان بعزم جنگ افواج آراستہ کرکے حسن آباد گلبرگہ کے نواح مین دلاور خان جنگجو سے دوبدو ہوئے اور خوب تلوار چلی طرفین کے بہادرون نے جانبازی کا کوئی مقدمہ اُٹھا نہ رکھا آخر کو دلاور خان مجروح ہونے سے لاچار ہوا سیل خون اُس کے سرورو سے جاری ہوئی پھر میدان کین مین ٹھہرنے کی تاب نہ لایا پانون قرار کا جگہ سے ہلگیا راہ فرارنا پی سب فوج درہم وبرہم ہوگئی دلاور خان ایک جمعیت سے بھاگا جاتا تھا سیف عین الملک نے مع فوج چار کوس تک تعاقب کیا عادل شاہی کے بہت لوگون کو مرکب حیات سے خاک ممات پر ڈالا اور اسقدر اسباب اور اموال اور اسپ وفیل وشتر دستیاب کرکے مالامال ہوا کہ شکستگی اور نقصان اپنا جیسا کہ چاہیے ہی درست کرکے قوی حال ہوا اور فوج وحشم تازہ فراہم کرکے پانچہزار سوار خوب دواسپہ وسہ اسپہ اور فیل اور توپخانہ بہم پہونچایا ابراہیم عادل شاہ نے تیسری مرتبہ پچیس ہزار سوار مرتب کرکے فیل وتوپخانہ جنگی ہمراہ لیکر خود اُسکے دفع کے واسطے سوار ہوا جب نہر ولایت مان پر پہونچا دیکھا کہ سیف عین الملک اپنی سپاہ آراستہ کرکے قصبہ مان مین مقیم ہی اور نہین بھاگتا چند روز دریا کے کنارے توقف کیا اور سیف عین الملک کہ لشکر کو فراہم لاکر بھاگنے پر مستعد ہوا تھا بادشاہ کے توقف واقامت سے اپنے تئین صاحب وجود جانکر فسخ عزیمت کی اور شیر نر کی طرح جنگ پر آمادہ ہوکر تین روز پیہم اور متواتر افواج آراستہ کرکے ابراہیم عادل شاہ کے لشکرگاہ کی طرف آتا تھا اور پلٹ جاتا تھا اس پریشانی سے لشکر عادل شاہی کے وضیع وشریف تینون دن مسلح اور مکمل ہوکر صبح سے شام تک گھوڑون کی پیٹھ پر سوار رہتے تھے رات کو خستہ اور کوفتہ ہوکر خیمہ وخرگاہ کی طرف جاتے تھے جب چوتھے دن سیف عین الملک صفون کو آراستہ کرکے متوجہ ہوا مردم عادل شاہی اسدن کو بھی روزہاے سابق کی طرح تصور کرکے اپنے مقام سے نہ ہلے ہر چند قراول کہتے تھے کہ اب سیف عین الملک مع فوج آپہونچا کوئی شخص گھوڑے پر سوار نہوتا تھا اور ہتھیار اور سازنہ باندھتا تھا کہ ناگاہ میدان کے کنارے سے نشان لشکر سیف عین الملک کے

نمودار ہوئے ابراہیم عادل شاہ نے ناچار ہو کر بغیر اُسکے کہ حزم و احتیاط کرکے فوج کو آراستہ کرے دشمن کی طرف روانہ ہوا اور سیف عین الملک نے اُسکے مقابلہ اور مقاتلہ سے ہراسان ہو کر مشیرون سے مصلحت پوچھی سب کی یہ راے ہوئی کہ جس فوج کے ساتھ چتر بادشاہی ہو اُس سے مقابلہ نکرنا چاہیے مرتضی خان انجو کہ سید پر غرور تھا اور سیف عین الملک مریدون کے مانند اُس سے سلوک کرتا تھا وہ بولا کہ چتر لڑتا نہین اسکا ملاحظہ بجا ہے اس شگون کو فال نیک سمجھکر بعزم زرم گھوڑے جولان کیے اور پانچہزار سوار ایک جگہ جمع کرکے فوج عادل شاہی کے میمنہ اور میسرہ کو نظر غور سے دیکھا جس مقام مین کہ چتر نمایان تھا حملہ آور ہوا اور مؤلف کتاب نے میرزا بیگ سپاہی سے جو اس معرکہ مین شریک تھا سنا کہ جب سیف عین الملک نے گھوڑا جولان کیا پانچہزار جوانان یکدل اُسکے ہمراہ تھے ایک مرتبہ گھوڑون کو جلوے کرا ابراہیم عادل شاہ کی فوج خاصہ کی طرف متوجہ ہوئے اور اہالی قلب اس حملہ کی تاب نہ لاکر بھاگ گئے اور ابراہیم عادل شاہ نے بیجاپور پہونچکر قلعہ مین دم لیا اور چتر اور فیل اور توپخانہ اور اثاثہ شاہی کہ اُسکے ہمراہ تھا سیف عین الملک کو نصیب ہوا اور فلک کی نیرنگی سے خلل فاحش اُسکے دولت مین ظاہر آیا اور وہ موضع نوردہ مین کہ بیجاپور سے دو کوس ہے نزول کرکے اکثر ولایت عادل شاہ پر متصرف ہوا اور فوج ہمراہی اُسکی ہر روز شہر کے باہر تاخت لاکر انواع مزاحمت پہونچاتی تھی اور غلہ اور آذوقہ متحصنون کا بند کیا چاہتی تھی عادل شاہ نے اُسکے سوا اور علاج نہ دیکھا کہ رام راج کو اپنا شریک مدد و معاون کرکے اس فساد کے ثمرہ کو بھادے آخر اُسے سات لاکھ ہون بھیجکر کمک طلب کی رام راج نے اپنے بھائی تنکنا دری کو لشکر انبوہ کا سپہ سالار کرکے دفع اعدا کے واسطے روانہ کیا سیف عین الملک نے اسد خان لاری کی تقلید کرکے چاہا کہ لشکر بیجانگر پر شبخون مارون اور تنکنا دری نے یہ امر دریافت کرکے تاکیدًا اپنی فوج کو حکم دیا کہ سب خرد و بزرگ ہوشیار ہو کر ہر ایک ایک چوب ساڑھے دس گز کی لانبی بہم پہونچا کر اُسکے سر پر گودڑ تیل مین چپ کرکے لپیٹین اور رات کے وقت جب غوغا بلند ہووے سب کو ایکبارگی روشن کرین سیف عین الملک اس تدبیر سے غافل ہو کر دہ ہزار مرد اہل نبرد اپنے لشکر سے انتخاب کرکے باتفاق صلابت خان شبخون مہم آمادہ ہوا اور جب بیجاپور سے تین کوس پر بیجانگر کی فوج پر شبخون لیگیا اور مارا مار اُنکے اُردو مین در آیا سبھون نے بہ تبع مذکور اپنی مشعل روشن کرکے شب تیرہ کو روز انور کے مانند کر دیا ایک نے دوسرے کو پہچانا اپنا بیگانہ نظر آنے لگا اُسوقت بیجانگر کے پیادون نے چارون طرف سے ہجوم کرکے ضرب چوب و سنگ تیر و تفنگ سے طرفۃ العین مین تخمینًا ہزار جوان ہلاک کیے سیف عین الملک اور صلابت خان نے بصد محنت اس سیل فنا اور غرقاب بلا سے برآمد ہو کر راہ فرار نامی اور سراسیمگی سے اپنے لشکرگاہ کا راستہ بھولکر اور طرف جا پڑے اس سبب سے اُسکی تمام فوج متفرق ہو گئی جدھر سینگ سمائے ادھر راہی ہوئے دو سو آدمیون سے زیادہ اُسکے ہمراہ نرہے اور جب تین پہر رات گذری اور سیف عین الملک پیدا نہوا خبر اُسکے قتل ہونے کی منتشر ہوئی اُسکے لشکر کے اعلے ادنے بیدل ہو کر گانوڑ ہے کے جب طباشیر صبح نے انتشار کیا عین الملک وہان پہونچا اور اپنے اُردو سے نشان نپایا تخمین آدمیون کو ہمراہ لیکر دشت ادبار کی طرف آوارہ ہوا اور مان کے راستہ سے ولایت نظام شاہیہ کی طرف نکل گیا توفیق الٰہی سے انجام حال و مآل اُسکا قضایاے نظام شاہیہ کے ضمن مین مذکور ہوگا اور ابراہیم عادل شاہ تخمین دونون مین امراض متقضادہ یعنے

ناسور معدہ و بواسیر و زلق الامعا اور تپ مطبقہ اور دوران سر مین گرفتار ہوا بہت اطبائے ہند کہ اُسکے معتمد علیہ تھے جب کسی کا معالجہ اثر پذیر نہوتا تو اُسکو مار ڈالتا اور آخر کو یہ نوبت پہونچی کہ اُسکے جملہ اطبا نے ولایت سے جلا وطنی اختیار کی اور عطارون نے اپنا پیشہ ترک کر کے دوکانین بند کین اور اُسکی بیماری نے دو برس کا عرصہ کھینچا اور شہور ۹۶۵ھ سنہ نوسو پینسٹھ ہجری مین برحمت حق واصل ہوا چنانچہ بعد تجہیز و تکفین جنازہ اُسکا قصبہ کوکی احاطہ شیخ جنید جدری مین لیجاکر اسکے باپ دادا کے پہلو مین مدفون کیا اور اس سے دو فرزند اور دو بیٹیان باقی رہین ایک فرزند علی کہ ولیعہد ہوا اور دوسرا فرزند طماسپ کہ ابراہیم عادل شاہ ثانی لقب اُسکا ہی بیٹیان باقی بی بی زوجہ علی برید اور ہدیہ سلطان منکوحہ نظام شاہ

بحری مدت اُسکی سلطنت کی چوبیس سال اور چند ماہ تھے

ذکر ابوالمظفر علی عادل شاہ بن ابراہیم عادل شاہ بن اسمٰعیل عادل شاہ کی جہانداری کا

راویان اخبار و حاکیان آثار ارقام اقلام عنبرین قام سے مشام ارباب دانش و بینش کو یون معطر کرتے ہین کہ علی عادل شاہ عہد طفلی سے حدت ذہن اور جودت فہم اور شوخی طبع مین موصوف تھا اور جب تمیز ہوکر سن رشد کو پہونچا اُسکا باپ ابراہیم عادل شاہ شکر و سپاس بجالایا کہ معبود حقیقی نے مجھے توفیق عطا فرمائی کہ اپنے جد و پدر کے مذہب سے بیزار ہوکر دین حق یعنے مذہب امام اعظم ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ جو عابد اور زاہد اور عارف اور خائف اور کثیر السکوت یعنے بہت کم سخن اور دائم الشکر تھے اختیار کیا اور شعار روافض برطرف کر کے اُس سے ایک اثر نہ چھوڑا علی عادل شاہ کہ اُس مجلس مین حاضر تھا شوخی طبع سے آپ کو ضبط نہ کر سکا عرض کیا ہوا جو دین آبا کا ترک پسندیدہ ہی تو لازم ہی کہ تمام بنی آدم ایسا کرین ابراہیم عادل شاہ نے غیظ مین آن کر استفسار فرمایا کہ تیرا کیا مذہب ہی اُس نے جواب دیا کہ اب مذہب سلطان رکھتا ہون آیندہ عالم الغیب عالم و دانا ہی ابراہیم عادل شاہ اُس کی ہمزبانی اور اس جواب کی طلاقت لسانی سے سمجھا کہ علی عادل شاہ شیعہ ہی اور یہ اثر خواجہ عنایت اللہ شیرازی معلم کی تعلیم و تفہیم سے تصور کر کے علمائے ہند سے فتوی لیکر اُس مسکین کو قتل کیا اور ملا فتح اللہ شیرازی المشہور بنجاری کو علی عادل شاہ کی تعلیم و تادیب کیواسطے کہ حد شباب کو پہونچا تھا مقرر کیا تضارا وہ بھی مذہب تشیع رکھتا تھا اور زمانے کے ملاحظہ سے آپ کو حنفی مذہب ظاہر کرتا تھا اس واسطے علی عادل شاہ اُسکو معزز اور گرامی ترجمان سے رکھکر اُسکی تعظیم و تکریم مین کوشش کرتا تھا اتفاقاً اُن دنون مین ایک جماعت مقربان ابراہیم عادل شاہ نے برہان نظام شاہ بحری کے ساتھ مخفی ہمزبان ہوکر یہ تجویز کی کہ ابراہیم عادل شاہ کو چاشنی گیر کے ہاتھ سے مسموم کر کے اُسکے بھائی شاہزادہ عبداللہ کو جانشین کرین اور خطبہ بنام ائمہ اثنا عشر پڑھین اور چاشنی گیر کو سُنی پاک اعتقاد تھا برہان نظام شاہ بحری کے ارادہ سے مطلع ہوکر ہاتھ موافقت سے کھینچا اور جب یہ خبر عدالت پناہ کے سمع مبارک مین پہونچی اور آنحضرت کو معلوم ہوا کہ ابتدا مین خوان سالار بھی اس امر مین شریک تھا سب کو سزا دی اور ہر چند بیجا می بھائی کی عدالت پناہ پر واضح تھی اس پر بھی واہمہ غالب ہوا اور جس وقت عدالت پناہ قلعہ پنالہ کی تفرج کے واسطے تشریف لائے وہ مع مال خطیر بھاگ کر بندر گوہ کی طرف گیا اور جو علی عادل شاہ کا آغاز شباب تھا ابراہیم عادل شاہ اُس سے بھی

متوہم ہوئے اور اُسے مع سلم قلعہ مرج کی طرف بھیجکر سکندر خان قلعہ دار کو اُسکی محافظت کی تاکید کے بارہ مین حکمنامہ تحریر فرمایا اور یہ بھی حکم تھا کہ رہ افضی کے ساتھ اختلاط اور ارتباط نکرنے پاوے مگر حسن اتفاق سے وہ اور اُسکا داماد کامل خان دکنی کہ اسمعیل عادل شاہ کے نمک پروردہ اور شیعہ مذہب تھے بذل وجان کوشش کرکے ٹیکا خدمت اور عبودیت علی عادل شاہ کا کمر ہمت پر باندھکر اُسکی استرضای خاطر مین کوشش کرتے تھے اور جب ابراہیم عادل شاہ صاحب فرش ہوا اور دور و نزدیک کے آدمیون کو معلوم ہوا کہ یہ مرض مرض موت ہی علی عادل شاہ خود بہر نماز کے وقت منبر پر جاکر اذان بطریق شیعہ کہتا تھا اور گاہی کامل خان دکنی کو مامور کرتا تھا کہ بدین صورت ساتھ موذنی کے قیام کرے اور ابراہیم عادل شاہ حالت بیماری اور شدت مرض مین وہ اخبار وحشت آثار سُنکر چاہتا تھا کہ چھوٹے بیٹے شاہزادہ طہماسپ کو اپنا جانشین کرے جب اُسے دریافت ہوا کہ بڑے تو بڑے چھوٹے سبحان اللہ وہ بھی اُس سے سو درجہ زیادہ شیعہ گری کا دم بھرتا ہی نہایت غمگین ہوا اور فرمایا کہ مین عمداً عنان اختیار ایک خلق کی رافضی کے ہاتھ مین سونپون اُسے بھی قلعہ نلگوان مین بھیجکر محبوس کیا اور مہمات شاہی قادریون کی تقدیر کے حوالہ کئے اور جب اصحاب عقل وتمیز ابراہیم عادل شاہ کی زندگی سے مایوس ہوئے محمد کشور خان کو بعضے پرگنون کی تحصیل اس سے رجوع تھی مع زرخطیر علی عادل شاہ کی طرف روانہ ہوا اور سکندر خان کو لکھا کہ ابراہیم عادل شاہ کا خورشید حیات لب بام ہی احتمال کلی رکھتا ہے کہ بعضے مردم دولتخانہ اور جاگیردار حوالی و حواشی حصار نلگوان سے شاہزادہ طہماسپ کے ساتھ گرویدہ ہونے سے فتنہ قوی حادث ہووے لازم کہ تلے عادل شاہ کے فرق پر چتر بلند کرکے قلعہ سے باہر بھیج تو قصبہ مرج مین مقام کرے اور خلقت اس سے رجوع کرے اور جس وقت ابراہیم عادل شاہ کا پیمانۂ حیات آب فنا سے لبریز ہوکر ٹوٹے اور یہ خبر تحقیق اُسکے گوش زد ہووے مع لشکر سعادت واقبال دارالملک کی طرف توجہ فرماوے سکندر خان کو یہ بات پسند آئی چتر اور آفتاب گیر اور لوازم شاہی ہمراہ پہونچاکر کامل خان دکنی نے اپنے داماد کو ملازم رکاب کرکے قلعہ سے برآمد کیا اور کشور خان تحصیلدار نے بلا توقف شرف ملازمت حاصل کرکے زرکثیر پیشکش کیا اور خلعت سپہ سالاری سے سرفراز ہوا اور از روے دانائی آدمیون کی دعوت کی اور کامل خان دکنی منصب امارت پر مخصوص ہوا اس اخبار کے انتشار سے لشکر بیجاپور کے اطراف کا بسرعت تمام شہزادہ کی خدمت فیض موہبت مین حاضر ہوا اور دارالسلطنت کے بھی لاکھون آدمی مجلسی یعنے درباری اور خاصہ خیل بتعجیل اس سے جاملے اور جب تین دنون مین ابراہیم عادل شاہ اس سراے فانی سے کوچ کرکے دارالبقا کی طرف راہی ہوا علی عادل شاہ بسبیل استعجال بیجاپور مین رونق افزا ہوا اور اشراف واعیان ملازمت کے واسطے حاضر ہوئے اور بعد نثار واثیار علی عادل شاہ کو محمد کشور خان کے باغ مین کہ بیجاپور سے ایک کوس پر ہی لیجاکر تخت پر متمکن کیا اہالی اور موالی اور سادات وقضات لوازم تہنیت بجالائے من بعد اُس ساعت سعید مین کہ نجومیون نے اختیار کی تھی بیجاپور مین قدم رنجہ فرمایا اور اپنے آبا اور اجداد کے تخت پر جلوہ گر ہوا اور بیرون شہر جس مقام مین کہ اول اجلاس فرمایا تھا ایک قصبہ احداث فرمایا اور اُسکا نام فتاپور رکھا اور اپنے اجداد عالیجاہ یوسف واسمعیل عادل شاہ کے شیوہ پسندیدہ پر عمل کرکے روز جلوس کو خطبہ بنام ائمہ اثنا عشر سلام اللہ علیہم الے یوم المحشر پڑھا اور لفظ علی ولی اللہ مساجد اور معابد کے کلمات اذان مین داخل کی اور ایرانیون کے واسطے وظائف یعنی یومیہ

مقرر کرکے فرمایا کہ مساجد اور کوچہ و بازار مین بارعام کیوقت بے اندیشہ اپنے کام مین باواز بلند مشغول رہین اور سادات اور علما اور فضلا کو گرامی رکھکر اُنکے واسطے بھی راتب معین کیا اور ہمگی ہمت مردمان خوب کی گرد آوری مین کہ مراد دانشمندان ذی عقول اور مرد میدان کارزار اور معقول سے ہے مصروف کی تا خلل انتظام مین نہو اور تھوڑے عرصہ مین ایران اور توران اور تمام اقالیم سبعہ سے مرد باکمال متدین اُسکے دربار مین تشریف لائے اور بیجاپور رشک ربع مسکون ہوا اور علی عادل شاہ نے وہ گنج کہ اسے ارث پہونچا تھا اور اس مین ڈیڑھ کرور رہون تھے عرصۂ قلیل مین سادات و مومنین غربا اور مساکین شہری اور دیہی اعالی و ادانی پر خرچ کیا اور سب اسکے خوان مائدہ فیض کا پس خوردہ لیگئے الحق سحاب کرم اُس بحر عطا کا شب و روز کہ دامنہ کے کشت زار تمنا پر رساب کی آرزو کا کانسہ اُس سخاوت پیشہ کی عطا سے لبریز ہوا رسم سوال و آزو احتیاج جہان سے دور ہوئی کان سائل کی صدا کے مشتاق اور دیدہ صورت گدا دیکھنے کے ندیدہ ہوئے عدل کو یہ رواج دیا اور رعیت سے یون رعایت کی کہ حاصل مملکت نے ترقی اور افزونی قبول کی اور ستیزہ کو بدترین صفات جان کر شاہان دکن اور رعایا کے ساتھ مدارا اور مواسات کا طریق جاری رکھا اور حسن تدبیر سے قلعہ رایچور اور مدکل اور وزیکل اور کلیانی اور شولاپور اور اودنی اور دھارور چندر کوٹی مع اور پرگنات کثیر کہ کسی زمانہ مین بیکاپور سے آگے شاہان اسلام سے مسخر اور مفتوح نہوئے تھے حکمت علمی سے بے تعب و مشقت اُنپر متصرف ہوکر دائرۂ مملک کو وسیع تر کیا اور اُس جناب نے کافیہ اور متوسط اور چند کتاب دیگر علم کلام اور منطق اور حکمت مین استاد سے درس کی تھین اور اکثر علوم کے مسائل سے آشنائی رکھتا تھا اور خط نسخ اور ثلث اور رقاع خوب لکھتا تھا اور نوشتونکے ذیل مین اپنا نام اس نہج سے مرقوم کرتا تھا کتبہ علی صوفی قلندر اور یہ شاہ درویش صفت تھا اور صاحب مشرب اور صوفی منش اور خوش طبع اور صاف نظر اور عاشقی کے ذوق سے بھی باخبر تھا اور اہل حقیقت سے صحبت رکھتا تھا اور ہمیشہ ماہرویان زہرہ جبین اور سادہ عذاران مہرآئین سے اپنی مجلس منور اور مزین کرتا تھا اور ساتھ اس بیت کے مترنم ہوتا تھا بیت مائیم و ہمین زمزمۂ عشق فغانے ۔ پیداست کہ دیگر بچہ خرسند توان بود

اور ابتدائے سنہ جلوس مین جب اُسے منظور ہوا کہ قلعہ شولاپور اور کلیان کو نظام شاہ کے ہاتھ سے برآوردہ کرے محمد کشور خان اور شاہ بوتراب شیرازی کو بسمع رسالت رام راج کے پاس بھیجکر بساط اتحاد اور یگانگی کی بچھائی اور محمد حسین صدیقی صفہانی کو احمد نگر مین روانہ کرکے یگانگی اور موافقت کے بارہ مین کوشش کی اور رام راج بھی سرگریبان دوستی سے برآوردہ کرکے ایلچیون کے اعزاز و تکریم مین مصروف ہوا اور اپنے ایک مقرب کو تہنیت اور مبارکباد جلوس کیواسطے اُنکے ہمراہ کرکے مقتضی المرام رخصت کیا اور حسین نظام شاہ بحری ایلچی کے ساتھ حسن التفات اور عنایات سے بیش نہ آیا اور کسی کو تہنیت کے واسطے نہ بھیجا بلکہ خبر الطبہ رام راج سنکر اور مقصد سمجھکر اظہار رنجش اور کدورت کی علی عادل شاہ اس سبب سے کہ ہمیشہ ہمت تدارک پران خللون کے جو اُسکے باپ کے عہد مین واقع ہوئی تھین مصروف رکھتا تھا زیادہ تر رام راج سے طریقہ آشنائی جاری کیا یہان تک کہ جب اس عرصہ مین ایک میٹا رام راج کا کہ نہایت تعلق اور محبت اس سے رکھتا تھا فوت ہوا خود بہ نفس نفیس محمد کشور خان کی صلاح و ہدایت سے جرات اور دلیری کرکے اُسکے عزا پرسی کے واسطے سوار ہمراہ لیکر کہ اُن مین ایک محمد کشور خان تھا بیجانگر کی طرف روانہ ہوا اور یکایک رام راج کی مجلس مین حاضر ہو کر لوازم عزا اور پرسش بجالایا اور ایک خلعت فاخرہ کہ لے گیا تھا اُسے پہنا کر لباس ماتمی تبدیل کروایا اور

رام راج کی زوجہ جو اچیو رائے کی نسل سے تھی اُسنے بھی علی عادل شاہ سے پردہ نکیا اسے اپنا فرزند کہا اور تین روز تک رام راج نے انواع ضیافت اور مہمانی پیش پہونچائے اور اُسکی اعانت اور امداد کے بارہ مین تعہد کیا اور جو رام راج نے روز وداع شرائط مشایعت مین قیام نہ کیا اپنے بھائیون اور اپنے قریبون کو اس امر پر مامور کیا تھا آنحضرت نہایت آزردہ اور دلگیر ہوئے اُسکا انتقام اپنے ذمہ ہمت پر فرض شمار کیا لیکن باقتضائے وقت ظاہر نہ کرکے فرصت کا منتظر تھا یہانتک کہ ۹۷۳ھ ہجری مین اپنا کام درست کرکے بیجاپور کی طرف معاودت کی اور حسین نظام شاہ کو یہ پیغام کیا کہ تمام عالم پر روشن اور ہویدا ہی کہ قلعہ شولاپور کلیانی اس خاندان سے تعلق رکھتا تھا اور جب بحسب تقدیر ابراہیم عادل شاہ کے عہد مین اس سرکار مین اختلال کلی بہم پہونچا وہ دونون قلعہ نظام شاہیہ کے تصرف مین در آئے اگر آپ کو محبت اور دوستی مدام رکھنی مدنظر ہو تو قلعہ شولاپور اور کلیانی کو واپس دیوین اور جو دونون کا دنیا دشوار ہو کلیانی کے خیال سے گذر کر اس مخلص کو ممنون فرماوین اور شاہ حسین انجو کہ حسین نظام شاہ بحری کے مصاحبین سے تھا ہر چند سعی کی کہ قلعہ کلیانی عدالت پناہ کو دیکر آتش نزاع ساکن کرین سود مند نہوئی بلکہ روز بروز نائرہ فتنہ و فساد افروختہ تر ہوتی تھی آخر کو یہ نوبت پہونچی کہ علی عادل شاہ نے سید علی الہمی کو مجددًا احمد نگر بھیجکر نامہ لکھا مضمون اُسکا یہ ہی کہ جدال و قتال اور تساہل و تغافل اس امور رکیک کی نسبت شیوہ شاہان عاقل نہین ہی اگر انجام امور پر خیال کرکے دونون قلعہ مخلص کے سپرد کرین بنیاد دوستی اور اتحاد قائم رہے اور نہین یقین سمجھین کہ ہماری افواج بحر موج کی نہضت سے بہت خرابیان رعایا اور برایا کے شامل حال ہونگی اور فتنہ عظیم برپا ہوگا **ابیات** چنان کار خود راہحکمت رواج ✤ بدہ تا نباشد بجنگ احتیاج ✤ بہ حکمت توان کار را ساختن ✤ کہ بر کوہ نتوان فرس تاختن ✤ بسے مصلحتہاست در خسروی ✤ کہ گردد ازان دین و دولت قوی ✤ حسین نظام شاہ بحری اس پیغام سے آشفتہ ہوا اور کلام درشت کہ ذکر اُسکا خوب نہین زبان پر لایا علی عادل شاہ بھی ناراض ہوا اور اپنے علم کو کہ زرد تھا بروش نظام شاہیہ سبز کرکے یہ پیغام دیا کہ اگر مجھسے ممکن ہو سکے اپنا نشان جو نصرت کی نشانی ہی مجھسے لے کس واسطے کہ دکن مین دستور ہی کہ ایک کے نشان کو دوسرا استعمال نہین کرتا مگر وہی شخص ہو اس حیلہ سے لڑنا چاہے اور حسین نظام شاہ بحری نشان سبز کے سبب کہ اختصاص نظام شاہیہ سے رکھتا تھا پریشان خاطر ہوکر سرکشی پر آمادہ ہوا اور علی عادل شاہ نے بھی ۹۷۴ھ نو سو چھتر ہجری مین رام راج کو اپنی مدد کے واسطے بلایا اور باتفاق اُس کے احمد نگر کی طرف نہضت کی اور مضمون اذا دخلوا قریۃ افسدوہا وقوع مین آیا پرندہ سے جنیر تک اور احمد نگر سے دولت آباد تک آبادی کا اثر باقی نرہا اور کفار بیجانگر نے جو سالہاے دراز سے اس منصوبہ مین تھے دست ظلم دراز کرکے وہان کے باشندون کے کا نشۂ عیش مین خاک کدورت ڈالی اور مساجد اور مصاحف کو جلایا کوئی دقیقہ ظلم و ستم کا فروگذاشت نہ کیا حسین نظام شاہ بحری قوت مقابلہ اپنے سے مفقود دیکھکر قاسم بیگ حکیم اور شاہ جعفر برادر شاہ طاہر اور شاہ حسین انجو اور بعلی عیان دولت کی صلاح اور مشورہ سے پٹن کی طرف روانہ ہوا اور قلعہ کلیانی علی عادل شاہ کے سپرد کرکے اُس سال منازعت کی شطرنج لپیٹی اس کے بعد علی عادل شاہ اور رام راج اپنے دار الملک کی طرف روانہ ہوئے اور حسین نظام شاہ بحری نے انھین دنون مین جشن شادی کرکے بی بی جمال کو قطب الملک کے سپرد کیا

علے عادل شاہ نے ناچار پھر محمد کشور خان اور شاہ ابو تراب شیرازی کو بیجانگر بھیجکر رام راج سے استعانت کی اور جب وہ بلا تامل پچاس ہزار سوار اور دو لاکھ پیادے لے کر بیجاپور کی طرف راہی ہوا پھر دونوں باتفاق منزل مقصود کی طرف روانہ ہوئے **ابیات** ز لشکر جہان آنچنان گشت پر ٭ کہ از تنگی بجسم بشکست در ٭ ز بسیاری لشکر بے ہراس ٭ ز عالم برافتاد رسم قیاس ٭ اور جب قلعہ کلیانی کے اطراف مین پہونچے ابراہیم قطب شاہ نے شیوہ ستودہ مروم خوش طبع کا ہاتھ سے نہ دیا کوئی دقیقہ مردی اور مردمی سے فروگذاشت نہ کیا یعنی باوجود عہد و پیمان آدھی رات کو کوچ کر کے رام راج اور علی عادل شاہ سے جا ملا حسین نظام شاہ بحری صبح کو خواب سے بیدار ہوا جب ابراہیم قطب شاہ کو اپنے پہلو مین نہ دیکھا صلاح توقف مین نہ دیکھی بسرعت تمام تا احمد نگر کی سمت روانہ ہوا اور عدالت پناہ تعاقب مین تا راج کنان اُس بلدہ کے اطراف مین پہونچے حسین نظام شاہ تخت گاہ کے قلعہ کو ذخیرہ اور آذوقہ اور مردان کار آزمودہ سے استحکام دے کر خبر کی طرف راہی ہوا اور شاہان مذکور احمد آباد کے محاصرہ مین مشغول ہوئے اور بہت امیرون کو اطراف و جوانب مین بھیجکر آبادی کا اثر قریون اور شہرون مین نہ چھوڑا اور کفار بیجانگر نے بھی قلع اور قمع اور عمارات کے سوخت کرنے مین تقصیر نہ کی انواع فساد ظہور مین لائے اور خانۂ خدا مین بندۂ اصنام بت پرستی مین مشغول ہوئے اور گھوڑے باندھے اسپر بھی باز نہ آئے اور مقتضاے چوبی مساجد کو آگ دیکر خاک سیاہ کیا **ابیات** ہمہ شہر و بازار احمد نگر ٭ بسان صدیئہ قہر زیر و زبر ٭ ہمہ کشتہ شد طعمۂ چار پاے ٭ تماندہ اندران مرز چیزے بجاے ٭ اور جب بارش شروع ہوئی کیچڑ کی کثرت سے قلت وصول غلہ اور آذوقہ ہوئی اور تنگی معاش اُردوے ظفر قرین مین بہم پہونچی اور قطب شاہ مخفی نظام شاہ کیطرف رعایت کر کے غلہ اور جمیع ما یحتاج قلعہ بندون کو پہونچاتا تھا اور استمالت دیگر تہیہ چاہتا تھا کہ محصورین شکستہ خاطر اور بدحواس ہوین علی عادل شاہ نے ان امرون کو بدلائل و براہین دریافت کر کے رام راج سے کہا کہ احمد نگر کے محاصرہ مین بہت طول ہے البتہ شولاپور کا لینا آسان ہے اس بارہ مین بہت فہمائش کی اور جسطور کہ ممکن ہو سکا اُس موضع سے باتفاق کوچ کیا اور جب پانچ منزل راہ طی ہوئی کشور خان نے کفار بیجانگر کی تعدی بیجا اور غلبۂ مشاہدہ کر کے عدالت دستگاہ سے کہا کہ محاصرہ قلعہ شولاپور اس وقت مناسب نہین ہے کس واسطے اگر مفتوح ہوگا یقین ہے کہ رام راج اسمین طمع کر کے ہمکو دخل نہ دیگا بلکہ طمع اور ممالک مین بھی کر کے فتنہ عظیم برپا کریگا بہتر یہ ہے کہ فسخ عزیمت کرین اور صبح کو ملدرک مین جا کر قلعہ نہایت استحکام سے تیار کر کے اُسکے استظہار سے بتدریج و آہستگی تمام قلعۂ شولاپور کو مفتوح کرین علی عادل شاہ کو یہ بات پسند آئی اور جسطور سے بن پڑا رام راج کو ملدرک کی طرف لیگیا اور اُس مقام مین کہ زمانہ سابق مین نل پسر بادشاہ مندر و نے قلعہ تیار کیا تھا جسکے کچھ آثار و علامات اب بھی ظاہر تھے رائے ظالم کی رائے سے بنیاد قلعہ کی ڈالی اور موسم برسات مین دیوارین اُسکی گچ اور پتھر سے تیار کروائین اور اُسکا نام شاہ درگ رکھا پھر تینون بادشاہ اُس مین رخصت ہوئے قطب شاہ اور رام راج اپنے ممالک کی طرف روانہ ہوئے عدالت پناہ بیجاپور کی طرف تشریف لائے لیکن رام راج بے ابتہاج نے اُسی سال بمقتضاے اندرونی بہم دیرینہ طغیانہم لعینہون پردہ شقاوت اپنے دیدۂ بصیرت پر ڈالکر کافران ظالم کی طرح میدان طغیان مین مرکب عدوان کو جولان دیا اور شجرۂ دولت کو اپنے تیشۂ وما ظلمناہم ولکن کانوا انفسہم یظلمون سے قطع کیا اور چند امر کہ شاہ عدالت پناہ کی طبیعت کے خلاف بلکہ موجب نفرت تھے ظہور مین پہونچائے **بیت** دہقان سالخوردہ چہ خوش گفت با پسر

کای نور چشم من بجز از کشتہ ندروی ٭ عنقریب ماورایام نے سزا اُسکے اعمال ناشائستہ کی اُسکے آغوش مین رکھی اور جیسا کہ چاہیے روے زمین کو ارباب شک وظلام کے خون سے دریاے جیحون کیا **ابیات** گراز کوہ پرسی بیانی جواب ٭ کہ شاخ خطا میوہ ندہد صواب ٭ شرانگیز مردم سوے شر روند ٭ چو کژدم کہ درخانہ کمتر رود ٭ بد اندیش مردم بجز بد ندید ٭ بیقاده عاجز تراز خود ندید ٭ قصہ کوتاہ تفصیل اس مجمل کی اس بیچ سے مرقوم ہوتی ہو کہ جب پہلی مرتبہ علی عادل شاہ حسین نظام شاہ کی جھگڑے سے بہ تنگ آیا نا چار رام راج کو طلب کرکے یہ شرط اُس سے کی کہ کفار بیجانگر عداوت دینی کے سبب اہالی اسلام کو مضرت جانی نہ پہونچائین اور اُنھین دستگیر اور گرفتار نکرین اور مساجد اور معابد ویران اور مسمار نہونے پاوین اور مومنون کے ننگ وناموس کے متعرض نہوین لیکن خلاف اُسکے ظہور مین آیا کفار نابکار نے بلدۂ احمد نگر مین جاکر مسلمانون کی تخریب وتعذیب وہتک حرمت مین کوئی دقیقہ نامرعی نچھوڑا مسجدون مین بت پرستی کرتے تھے اسپر یہ راگ لائے کہ سر وو بجاکر بھجن گانے لگے اور عدالت پناہ یہ خبر سنکر نہایت رنجیدہ ہوتے تھے چونکہ قدرت ممانعت کی نرکھتے تھے طرح دیتے تھے اور علاوہ اُسکے راے بیجانگر اُس سفر سے مراجعت کرکے شاہان اسلام کو جزو ضعیف سمجھکر انکے ایلچیون کو اپنے دربار مین آنے نہ دیتا تھا اور جو کبھی بر سر عنایت ہوتا تھا اُنسے ملاقات کرتا تھا اور بخلاف عادت رخصت جلوس نہ دیتا تھا اور جب کبھی سوار ہوتا تھا گھوڑے کو تازیانۂ تکبر اور تجبر مارکر اُنھین ہمراہ رکاب پیادہ پا اردلی مین دوڑاتا تھا اور بعد انتظار بسیار حکم سواری دیتا تھا اور ماورائے اُسکے جب دوسری مرتبہ احمد نگر سے کوچ کرکے نلدرک کی طرف متوجہ ہوئے تو اُسکے خاص وعام اُردو کے مسلمانون سے بمزاج وتمسخر پیش آتے تھے اور استہزا کرکے بنظر حقارت دیکھتے تھے اور جب تہندہ کے اطراف مین پہونچا از راہ نفسانیت ممالک عادل شاہیہ وقطب شاہیہ کے لینے کی نیت کرکے تنگنا وڑی کو مع لشکر بیشمار کہ محاسب وہم اور نخشبی گمان جسکے حصر واحصار سے عاجز تھے دونون بادشاہ کی ولایت تسخیر کرنے کے واسطے مامور کیا اور یہ دونون بادشاہ اس وقت نظام شاہ کو دشمن جانتے تھے اور طاقت تنگنا وڑی کے مقاومت کی نرکھتے تھے ناچار ہوکر ہر ایک نے کچھ اپنی ولایت سے اُسے نذر کرکے نہایت فروتنی سے صلح کی چنانچہ علی عادل شاہ نے ولایت ابتکار اور باکری کو دیکر صلح کی اور ابراہیم قطب شاہ نے قلعہ کوپل کندہ اور پانگل اور وکتور تنگنا وڑی کے سپرد کرکے اس حیلہ سے اپنے تمام ولایت نگاہ رکھی اور جب رام راج نے شاہان اسلام پر تفوق اور غلبہ جیسا کہ چاہیئے بہم پہونچایا تھا ویسائی نے قلعۂ پورکل موسوم پونکتی مین اعلام حرامخواری اور بغاوت بلند کیے اور چونکہ مکان اُس کا قلعہ مین تھا مہمانی اور جشن کے بہانہ ایک جماعت کثیر اپنے اعوان وانصار کو اس مین لیجاکر اُس جماعت کی حمایت سے اور بعضی فوج قلعہ کے موافقت سے تھانہ دار کو قتل کیا اور قلعہ پر متصرف ہوا اور عدالت پناہ نے بیجانگر کے قرب وجوار اور رام راج کے توہم کے سبب استرداد اور استخلاص اُس حصار کا معرض توقف اور التوا مین ڈالکر سکوت اختیار کیا اور دوسرے سال جب قصبہ نورکل مین قلعہ شاہ درگ المشہور بنلدرک کہ کچ وسنگ سے نہایت مستحکم اور برج وبارہ اُسکا مثل عروج اقبال خسروان عالی مقدار سر بامج فلک کھینچے ہوئے تھا اور گہرائی اُسکے خندق کی خردمندون کے اندیشہ وقت پیشہ کے مانند گاؤ ماہی ارض کے قریب پہونچی تھی پورا تبار ہوگیا تو شہریار عدالت آئین عازم انتقام ہوکر بمقتضاے آیۂ کریمہ الذین ہاجروا وجاہدوا فی سبیل اللہ باموالہم وانفسہم اعظم درجۃ عند اللہ تمام ہمت والا نہمت جہاد کفار

بیجانگر پر مصروف فرمائی اور ارکان دولت اور راعیان مملکت کو بلاکر بطبق وشاورہم فی الامر انجمن مشورہ کی منعقد
کی ابیات خدیو جہانگیر لشکر شکن ٭ پے مشورت ساخت یک انجمن ٭ زدرج سخن بر سر سخنوران ٭ بدست زبان
شد جواہر فشان ٭ سخن راند زاندازۂ کارخویش ٭ زپیروزی خویش وپیکار خویش ٭ کہ تا چند بدخواہ ناامتمید ٭ شتابد
سوم نسخہ سوئے چون بمقصد امید ٭ بہ بینیم تدبیر این کار چیست ٭ کہ بر کار بیفکر باید گریست ٭ الغرض خردمندان صاحب رائے
اور وزرائے عقدہ کشائے مثل محمد کشور خان اور شاہ ابوتراب شیرازی کے کہ متصربان دولت اور محرمان امر
مشورت سے تھے عرض پیرا ہوئے کہ رائے جہان کشائے حقائق انجلائے مکمل نسخۂ قضا وقدر اور نعم البدل
جام جہان نما ہی عرض بعضے مقدمات کی حاجت نہیں ہی لیکن جو حکم جہان مطاع سے تجاوز کرنا سوءالادب ہی اگر
حکم اشرف شرف اصدار پاوے جو کچھ مناسب ہی مسامع قدسی جمع مین پہونچادین کہ جو کچھ کفار بیجانگر کے دفع کے
بارہ مین اور اُنکے نہال دولت کے قلع وقمع مین خاطر نصرت مظاہر مین پہونچا ہی عین صلاح وصواب ہی لیکن یہ امر
بدون اتفاق شاہان اسلام دکن متعذر ہی کس واسطے کہ رام راج مزید لشکر اور وفور حشم مین اختصاص
رکھتا ہی اور زر حاصل اُسکی مملکت کا کہ ساٹھ بندر اور بہت قلعون اور بلاد پر ہی بارہ کرور ہون تخمیناً خزانہ عامرہ مین داخل
ہوتا ہی اور صولت اور سطوت اُسکے تمام دلون مین سمائی ہی ایسے شخص سے تنہا مجادلہ کرنا ضرر کے سوا نفع نہ بخشیگا
لازم کہ حسین نظام شاہ بحری کو اپنا موافق کرین اور بساط خصومت درمیان سے لپیٹین علی عادل شاہ نے
زبان اہل رائے کی تحسین وآفرین مین گویائی اور محمد کشور خان کو اس امر مین سے مختار کیا اور اُسنے پہلے ایک ایلچی
علی عادل شاہ کی طرف سے ابراہیم قطب شاہ کے پاس بھیجکر اظہار رائی بضمیر کیا اور وہ بھی کفار بیجانگر کے ہاتھ سے نہایت
رنجیدہ تھا متعہد ہوا کہ درمیان علی عادل شاہ اور حسین نظام شاہ کے متوسط ہوکر آپس مین دوستی یکرنگ پیدا کرادیگا اور قلعہ
شولاپور کو کہ موجب نزاع ہی حسن تدبیر سے علی عادل شاہ کے متعلق کریگا پھر مصطفےٰ خان اردستانی کو کہ سید صحیح النسب اور
اُس دولتخانہ کا رکن عظیم تھا بیجاپور کی طرف بھیجا کہ اگر علی عادل شاہ اُس بارہ مین جو پیغام کیا ہی پورا مستعد ہو تو وہان سے
احمدنگر جاکر تمہید مقدمات دوستی مین مشغول ہووے چنانچہ مصطفےٰ خان اردستانی علی عادل شاہ کے دربار مین حاضر
ہوکر ملازمت سے شرفیاب ہوا اور جب اُسے مصر اور مجدد دیکھا احمدنگر کی طرف روانہ ہوا اور حسین نظام شاہ بحری سے
ملتمس ہوا کہ شاہان بہمنیہ کے عہد مین تمام عرصۂ دکن جولانگاہ سمند ایک دولتمند تھا کبھی اہالی اسلام غالب ہوتے
تھے اور کبھی کفار بیجانگر استیلا پاتے تھے اکثر سلاطین بہمنیہ بساط منازعت بقائی چن کر ساتھ اُس جماعت
کے مواسا اور مدارکرتے تھے اب کہ ولایت دکن چند آدمیون پر منقسم ہوئی ہی طریق عقل وہ ہی کہ سلاطین اسلام
متحد ہوکر طریق موافقت اور اتحاد جاری رکھین تو ساحت سلطنت دشمن قوی کے آسیب سے محفوظ رہے
اور دست تغلب اور غلبہ رائے بیجانگر کا کہ جمیع راجہاے کرناٹک اُس کے مطیع اور فرمانبردار ہین دامن
ممالک اسلام سے کوتاہ ہووے اور رعیت کہ دوائع بدائع خالق ہی رام راج کی شر سے کہ نہایت
قوی اور دلیر ہی اور اس ولایت مین مکرر آنکر نہایت خیرہ ہوا ہی محفوظ رہے اور مسلمانون کے مکانون کو اس سے
زیادہ تر نشیمن گاہ کافران نکرنا چاہیے حسین نظام شاہ بحری سید مغربی الیہ کی راست گوئی سے نہایت محظوظ ہوا
اور اُسکی رائے پسندیدہ پر ثناخوان ہوا اور سید مغربی الیہ نے باتفاق قاسم بیگ حکیم تبریزی اور ملا عنایت اللہ

قانیی کہ اعیان احمدنگر سے تھے حرف وصلت اور خویشی مذکور کرکے یون مقرر کیا کہ حسین نظام شاہ بحری اپنی صبیہ چاند بی بی سلطانہ کو علی عادل شاہ کے عقد ازدواج مین در لاوے اور قلعہ شولاپور اُس کے سپرد کرے اور علے عادل شاہ اپنے بہن ہدیہ سلطانہ کو شہزادہ مرتضی بڑے بیٹے نظام شاہ بحری سے منعقد کرکے بساط یکجہتی بچھاوے اُسوقت تینون بادشاہ مسلمان رام راج بے ابتہاج کے سر پر فوج کش ہودین اور توفیق جہاد رشید الانتقام اُسے مسند عجب وتکبر سے اُتارین اور ملا عنایت اللہ نے ہمراہ مصطفے خان اردستانی برسم رسالت بیجاپور مین آن کر عہد وپیمان کو بسوگند ہاے مغلظہ موکد اور مشید کیا اور ایک تاریخ مین دونون طرف سے جشن اور شادی کا فرش مفروش ہوا اور احمدنگر تک آئین تکلفات آئینہ بند کیا اور اُس جشن دلکشا مین قامت ارزوے ہر کامجوی نے نخلعت ہر گونہ اور مقاصد ومطالب کی آرائش پاکردامان آرزومندون کے حجلۂ خاطر مین عروس مقاصد کنارین آئے **ابیات** فرو ریخت چون قطرہ زابر بہار ٭ زر وگوہر ولولوے شاہوار ٭ زلبس گوہر وزر کہ افشاندہ شد ٭ زبر چیدنش دست ہا ماندہ شد ٭ اور جب سامان میزبانی اُن دو بلدہ مین انجام کو پہونچا چاند بی بی سلطانہ بیت الشرف بیجاپور مین داخل ہوئین قران السعدین حاصل ہوا اور ہدیہ سلطانہ نے ساحت احمدنگر کو ساتھ نور موفور السرور اپنے کے منور کیا قران زہرہ اور مشتری ہوا بعدہ علی عال شاہ استرداد پرگنہ انبکر اور باکری اور استخلاص قلعہ رایچور اور مدکل کی فکر مین ہوا اور ایلچی رام راج کے پاس بھیجکر بحال مذکور طلب کیے رام راج نے ایلچی سے درشتی کی اور اسے دربار سے نکال دیا اور علی عادل شاہ نے اُس کافر مغرور کے استیصال مین کوشش فرمائی اور حسین نظام شاہ بحری اور ابراہیم قطب شاہ اور علی بریدکے اتفاق سے نشان عزیمت جہاد بلند کیا چنانچہ ۹۷۲ نو سو بہتر ہجری مین بحسب وعدہ بیجاپور کے حوالی مین چارون بادشاہون نے آپس مین ملاقات کی اور ۵ جمادی الاول سنہ مذکور مین گیسوے رایت فتح آیت کو دست توفیق سے شانہ ظفر کرکے اور رخے نصرت آئینہ شمشیر مین بشاطگی تخت بلند مشاہدہ فرماکر باتفاق اس مقام سے کوچ کیا **ابیات** سران سپہ رایت افراشتند ٭ رواں رو بعالم درانداختند ٭ زلشکر کہ عرضش بفرسنگ بود ٭ بیابان بخچیر برتنگ بود ٭ ہمہ روے صحرا شدہ نوبہار ٭ زرنگین علمہاے گوہر نگار ٭ اور بعد طے مراحل اور قطع منازل جب بالنگونہ مین جولب دریاے کشنہ واقع ہے محل نزول لشکر اسلامیون کا ہوا چونکہ وہ حدود علی عادل شاہ سے تعلق رکھتے تھے آنحضرت یعنے علی عادل شاہ نے ان دو بادشاہون کا میزبان ہوکر دلداری کی ضیافت اور ساز وسامان کی مددگاری کی اور جمیع ممالک محروسہ مین فرامین صادر فرمائے کہ ضروریات سفر لشکرگاہ مین برابر گاتارلاتے رہین کہ اہل لشکر کسی شی کی تکلیف نہ کھینچین اور جب راے بیجانگر اتفاق سلاطین نامور اور توجہ لشکر نصرت اثر سے آگاہ ہوا کسی طور کا ہراس اور حرف فروتنی کا زبان پر نہ لایا بلکہ انکی جنگ طلبی کا کھیل اور سہلترین امور سمجھکر اول اپنے چھوٹے بھائی تمراج کو بیس ہزار سوار اور پانسو فیل اور ایک لاکھ پیادہ جرار سے بجلدی تمام بھیجا کہ آب کشنہ کے کنارے جاکر راہ عبور یعنے گھاٹ مسدود کرے اور اُسکے بعد اپنے منجھلے بھائی تنگنا دری کو بہ حشمت وشوکت تمام رخصت کیا جب اُنھون نے لب آب پر تاخت ہوکر ممانعت عبور اہل اسلام کرلی من بعد رام راج خود بھی اطراف کے راجاؤن کو ہمراہ لے کر مع لشکر کثیر وجم غفیر مثل اژدہاے آتش فشان وسیلاب دریاے جوشان **بیت** گرایند عفریت آشوبناک ٭ شتابندہ چون اژدہا بر ہلاک ٭ روانہ ہوا اور نہر کشنہ کے کنارے ذکیش ہوا اور

جب کفار بیجانگر نے جس مقام مین کہ راہ عبور اور مرور جنود اسلام متصور اور ممکن تھی اسطریق سے بند کردی کہ عقل در اندیش اندیشۂ عبور سے عاجز تھی تو شاہان اسلام نے ایک جماعت کو تعین کیا کہ بالاے آب تیس چالیس کوس تک جاکر گھاٹ تلاش کرین اور اُس جماعت نے بعد تجسس بسیار عرض کی کہ اس دریا کے گھاٹ دو تین مقام مین واقع ہین مگر جو گھاٹ کہ وہان کا پانی پایاب اور بہت کم ہی ارابہ و لشکر سہلترین وجہ سے عبور کرسکتا ہی وہ یہی گھاٹ تھا جس کے مقابل کفار نے قبضہ کرکے ایک دیوار بطور دمدمہ کھینچی ہی اور قسم قسم کی توپ اور ضرب زن اُس پر نصب کی ہین شاہان اسلام نے عبور کے بارہ مین انجمن ترتیب دی اور اپنے غواص عقل کو بھی بحر اندیشہ مین غوطہ زن کرکے یہ گوہر خیالی دستیاب کیا یعنے یہ تحویز ہوئی کہ ایک گھاٹ کی دستیابی کا آوازہ مشہور کرکے اُس مقام سے دو تین کوچ پیچھے پڑا کرین اور جب کفار فریب کھاکر سد راہ ہونے کے واسطے کوچ کرین سلاطین اسلام اُس گھاٹ کی عزیمت کہ جسکے واسطے نہضت فرمائی ہی فسخ کرکے بعجلت تمام مثل سحاب معاودت کرکے اُس گھاٹ سے جہان سے کوچ کیا تھا عبور کرین اور میدان جنگ کی طرف روانہ ہوین خلاصہ یہ کہ بطریق مذکور تین کوچ متواتر کرکے ساحل آب طے کیا کفار اس توہم سے کہ مبادا دشمن دوسرے گھاٹ سے عبور کرے اُس مقام سے رجعت کرکے بسرعت تمام دریا کے اُس طرف اسلامیون کے مقابل روانہ ہوئے اور جو کہ ارادہ ازلی اور مشیت لم یزلی المزاج کی زوال دولت سے متعلق تھی شرائط حزم و احتیاط ہاتھ سے دیکر ایک جماعت کو اس گھاٹ کی ضبط کیواسطے مقرر نہ کیا اور شاہان اسلام نے بھی تیر تدبیر کو ہدف مراد پر دیکھکر عنان مراجعت گھاٹ اصلی کیطرف منعطف کی اور بطور تاخت تین روز کی راہ ایک روز مین طے کی اور ابھی لشکر رام راج وہان نہ پہونچا تھا کہ اُنھون نے باسپیدہ داری باری ایک جماعت قلیل ہمراہ لے کر نہر کشنہ سے عبور کیا اور اُسکے بعد تمام لشکر اسلام اُنکے پیچھے پہونچا اور دوسرے دن علی الصباح رام راج کیطرف کہ پانچ کوس پر تھا روانہ ہوکر نزول کیا اور اس تدبیر سے اگرچہ خوف کفار کے دلونپر غالب ہوا تھا مگر کچھ علاج نہ رکھتے تھے تمام رات اپنی افواج کو آراستہ اور مسلح کرکے اُردو کے آگے ایستادہ کیا اور شاہان اسلام دوسرے دن بارہ امام کا علم برپا کرکے صفہاے باصفا کی آراستگی مین مشغول ہوئے میمنہ پر علی عادل شاہ اور میسرہ پر علی برید اور ابراہیم قطب شاہ اور قلب مین حسین نظام شاہ بحری نے قیام کیا آرا بے آتشبازی کی زنجیرون سے استوار ہوئے اور فیلان مست جو جنگ مین ہوشیار تھے جابجا قاعدے اور دستور سے ایستادہ کیے اور متوکلا علی اللہ الاکبر اور متوسلا بالنبی خیر البشر والائمہ اثنی عشر اس ہیئت اور ہیبت سے کہ زہرۂ فلک اُسکے دیکھنے سے آب ہوتا تھا اور بہرام خون آشام اضطراب مین پڑتا تھا سپاہ اعدا کی طرف روانہ ہوئے صداے طبل جنگی اور آواز کرنا و رنگی اور غریو کوس و کورکے سے غلغلہ گنبد گردون مین ڈالا ابیات زغرین کوس قالب تہی ✤ درآمد بسر موے را فربہی ✤ زبس تیز آوازی نالے زرد ✤ بگوش صدف سفتہ می شد گہر ✤ زمین گفتی از یک دگر میدرید ✤ سر افیل صور قیامت دمید ✤ اور دوسری طرف راے بیجاپور بھی سران سپاہ کو بلاکر بانواع عنایت و شفقت پیش آیا تو رخانہ کا دروازہ کھلواکر ہتھیار جمیل و چشم پر تقسیم کیے اور لشکر کی آراستگی مین مصروف ہوا میمنہ نجراج کے سپرد کرکے ابراہیم قطب شاہ کے مقابل ایستادہ کیا اور میسرہ تنگنا وڑی کے تفویض کرکے علی عادل شاہ کے مواجہہ مین مقرر فرمایا اور خود قلب مین قرار پکڑا اور نظام شاہ بحری کا مقابلہ اختیار کیا دو ہزار ہاتھی اور ایکہزار

آرایہ تو نچانہ جا بجا قاعدہ اور ترتیب کے ساتھ نگاہ رکھا اور جس وقت کہ شہسوار مضمار فلک نے قدم دائرۂ نصف النہار مین رکھا یعنے آفتاب وسط آسمان مین آیا راے بجانگر سنگاسن مرصع مین بیٹھکر میدان جانستان کی طرف روانہ ہوا ہر چند اس کے مقربون نے گھوڑے پر سوار ہونے کے واسطے عرض کی نہایت عجب وغرور سے قبول نہ کیا اور فرمایا لڑکون کے کھیل مین گھوڑے کی سواری کی احتیاج نہین ہے ابھی یہ جماعت بھاگ کھڑی ہوگی القصہ دونون طرف کے بہادر ایک اہل خیر اور دوسرے اہل شر تیغ وتیر ونیزہ سے ایک دوسرے کو ہلاک کرنے لگے کبھی غازی تیغ یمانی سے کفار کی سرافشانی کرتے تھے اور گاہے مشرک سنان اژدھا نشان سے شرایط جانستانی بجالاتے تھے اور نہایت جاہلیت سے رام جھنڈے جسارت کے بلند کرکے تیغ زہر آلود سے لوازم خونخواری وقوع مین پہونچاتے تھے ابیات بجنبش درآمد دولشکر بگوکوہ + کزین جنبش آمد زمین راستوہ + برآمد زقلب دولشکر خروش + رسید آسمانرا قیامت بگوش + بجنبش درآمد دو دریاے خون + شد از موج آبش زمین لالہ گون + زمین کو بساطے مدآراستہ + غبارے شد از ہماے برخاستہ + زبس تیر باران کہ آمد بجوش + فگند ابر بارانی خود زدوش + زمرغان چوبین فولاد دم + شدہ راہ پرماہ وخورشید گم + زنرغار پولاد پران خدنگ + گرہ بستہ خون در دل خارہ سنگ + کمان کج ابرو زمژگان تیر + زپستان جوشن برآورد شیر + چو ہندے بازیگر گرم خیز + معلق زنان تیغ ہندی تیز + بجانگر کے پیادے صفوف کے آگے ایستادہ ہوکر جوانان کے طائر روح کے شکار کے واسطے تخمیناً پچاس ہزار بان اور بندوق اور توپ اور ضرب زن ہر مرتبہ سر کرتے تھے اور سوار اُن کے جو اکثر گروہ راج بندر سے تھے تیغ ہندی غلاف بیباکی سے برآوردہ کرکے اور سپر بہادری کی سر پر کھینچکر حملہاے مردانہ کرتے تھے آخر کو یہ نوبت پہونچائی کہ قریب تھا چشم زخم لشکر اسلام کو پہونچے کہ دفعتہً رام راج بادشاہ غیور نظام شاہ کے مساعی جمیلہ اور ثبات قدم کی برکت سے ایک مرد نظام شاہیہ کے ہاتھ مین گرفتار ہوا شرح اُسکی بسطور پر ہے کہ ناگاہ رام راج نے جب جنگ مسلمانون کی اپنے تصور خیالی کے برخلاف مشاہدہ کی گھبراکر سنگاسن سے اُتر آیا اور کرسی مربع پر بیٹھکر شامیانے محمل سرخ وزرد وزرنوزی کہ جس مین چارون طرف بند مروارید ناسفتہ اور گنبد طلائی عنبر آگین نصب کیے تھے مرتفع کیے اور حکم کیا کہ دو جانب اُسکے زرسرخ وسفید اور اشیاے مرصع اور مروارید ڈھیر ہو اور اثناے جنگ مین جو وقت تنگ تھا زر پیما اور پیمانہ اور ترازو مین ناپ کر امرا اور رئوساے قیمت کرکے یہ بشارت دی کہ جو شخص آثار شجاعت اور مردانگی ظہور مین پہونچاکر منظور ومنصور میرے پاس آوے اُس کو طباق طلا اور ڈوبے اقسام جواہر سے مملو عنایت کرکے سرفراز اور ممتاز فرماؤنگا اس بشارت کے سنتے ہی حشرات دکن نہایت محظوظ اور خوش وقت ہوئے نمراج اور ترنگنا ڈری اور تمام امراے کفار دربار متفق ہوکر ایکبارگی افواج اسلام پر حملہ آور ہوئے اور اس مرتبہ مقدمہ اور میمنہ اور میسرہ اسلامیون کے متفرق اور پریشان ہوئے ہنگامہ قیامت کا ظاہر ہوا اور سلاطین اسلام فتح سے مایوس اور مشوش ہوئے لیکن حق سبحانہ تعالے نے حسین نظام شاہ بحری کے دل مین صبر عطا کیا اور اُس نے پاے ثبات زمین کین مین گڑدیا یا باوجود اُسکے کہ اُسکے بھی یمین ویسار مین کوئی نہ رہا تھا اور کفار ہر ایکبار ہزار ہا ہزار بان اور تفنگ اور تیر چپ وراست سے سر کرکے بڑھ آتے تھے اصلا تزلزل کو اپنے دل مین راہ نہ دے کر اپنے مقام سے جنبش نہ کی اور جو بعضے امراے شکستہ اور مجرد کشور خان کہ مقدمہ لشکر عادل شاہی تھے

نشان اُس کا اپنے مقام پر برباد دیکھکر اُسکی خدمت مین حاضر ہوئے اور حسین نظام شاہ بحری نے حکم دیا کہ توپ جس کا نام میدان ملک تھا پیسون سے بھر کر مارو اور متعاقب اُنکے خود بقصد شہادت گرم عنان ہوا اور متواتر رام راج کی فوج خاصہ پر حملہ کر کے اُسکے سلک جمعیت کو متفرق کیا چنانچہ رام راج کر سن اس کا اسی برس کا تھا سراسیمہ اور بدحواس ہو کر پھر سنگاسن مین جا بیٹھا اور اس درمیان مین ایک ہاتھی مست فیلبان نظام شاہی سے جو غلام علی نام رکھتا تھا رام راج کی سنگاسن کے قریب پہونچا اور ایک جماعت کو پامال کیا اور کہار سنگاسن کو مع رام راج زمین پر پھینک کر بدحواس بھاگے اور جو جنگ مغلوبہ بھی ہر شخص اپنے حال مین مبتلا تھا کسی نے اُسکی طرف التفات نہ کی اور رام راج کا ایک برہمن جو سالہاے دراز سے اُسکا نمکخوار تھا سنگاسن کے پاس رہا اسوقت فیلبان کی نظر جو اُس مست ہاتھی پر سوار تھا رام راج کے سنگاسن پر جا پڑی اُسنے اُسکی طمع سے ہاتھی اسطرف بڑھایا اور وہ برہمن کہ راہ راج کی خدمت مین تھا گمان لیگیا کہ یہ فیل مست سنگاسن اُٹھانے کا قصد رکھتا ہی اسواسطے از روے عجز انکسار پیش آیا اور بزبان عجز فریاد کی کہ یہ راجا ہی گھوڑا اُسکی سواری کے واسطے لاکہ یہ تجھے امراے عظیم الشان کریگا فیلبان نے جب نام رام راج کا سنا سنگاسن مرصع سے قطع نظر کر کے ہاتھی کی سونڈ سے اُس گوہر مقصود کو دستیاب کیا اور بعجلت تمام رومی خان کے پاس جو توپخانہ نظام شاہیہ کا سرگروہ تھا پہونچایا اور رومی خان نے بلا توقف اُسے حسین نظام شاہ کی خدمت مین حاضر کیا اس تاجدار نے تیغ بیدریغ سے فوراً اُسکا سر تن سے جدا کر کے نیزے پر چڑھایا کفار بیجانگر کو جو قتل ہونا رام راج کا محقق ہوا بدیدہ گریان دل بریان راہ ہزیمت نا پی ابیات سرکشتہ راچون زنند دیگ شاہ ✤ بہ برہ دند بر نیزہ تا زرمگاہ ✤ ہزیران لشکر پس آن دلیر ✤ ہمہ حملہ گردند چون نرہ شیر ✤ بہندو غزیواندر افتاد پاک ✤ فگندند بیسر تن اندر نجاک ✤ کلاہ و کمر ہا نیند اختند ✤ غرو شیدن و یہ پرداختند ✤ فگندند بنجوق دکوس نبرد ✤ گریزان برفتند پرخون و گرد ✤ بہادران اہل اسلام نے کفار کے لشکر پر ہزیمت خوردہ کا پیچھا کیا اور تیغ بیانی سے اسقدر مشرکون کی سراشانی کی کہ اُن تیرہ بختون کے خون سے زمین نے رنگ لعل رمانی قبول کیا اور بروایت مشہور عدد کشتون کے تین لاکھ پہونچے تھے اور بقول صحیح لاکھ کافر کے قریب اصل معرکہ اور تعاقب کیوقت تہ شمشیر ہو کر قتیل ہوئے جیسا کہ مقام جنگ سے بلدہ انا کندی تک جو دس کوس بیجانگر سے ہی جا بجا لاشین پڑی تھین دامن صحرا کفار کے جسد سے ملوث تھا اور مال وافر اور خزانہ بیشمار از زر و جواہر اور تیغین یمانی اور کمانین دمشقی و نیزہ خطی اور اسپ و شتر اور خیمہ و خرگاہ اور کنیز و غلام اسقدر غنیمت عسکر نصرت مآثر کے ہاتھ آئے کہ بحر و کان کے مانند مستغنی اور بے نیاز ہوئے دولت اسلام بڑھی اور شوکت کفار گھٹی ابیات سریر و سراپردہ و تاج و تخت ✤ پنجندان کزان برتوانند سخت ✤ جواہر نہ چندان کہ آن را دبیر ✤ درآرد بانگشت یاد ضمیر ✤ بلورین بلقہا و خوانہاے لعل ✤ ظرائف کشادہ ز البرز سود و لعل ✤ ہمہ تازی اسپان یازین زر ✤ غلامان موزون زرین کمر ✤ نورد ملوکانہ بیش از شمار ✤ شتر بار زرینہ بیش از ہزار ✤ دگر جنس ہائے کہ باشد غریب ✤ وزو مخزن و خانہ یابد نصیب ✤ سلاح و سلب راقیاسے نبود ✤ پذیرندہ راز و سیاسے نبود ✤ غنی گشت لشکر زبس خواستہ ✤ سراسر سپہ گشت آراستہ ✤ اور سلاطین دین پناہ اسلام نے حضرت باری کی شکرگذاری مین جبین عجز فرسا زمین نیاز پر گھسی اور فرمان واجب الاذعان صادر ہوئے کہ فیل کے سوا

رام راج پچیس وقت قتل رام راج سے حرف نہایت کہ جیم ہی ساقط ہووے تاریخ قتل رام راج کہ اعداد اُسکے نوسو بہترہین برآمد ہوا ور منقول ہی کہ اُسی عرصہ مین جب نظام شاہ بحری فوت ہوا اُسکا بیٹا مرتضےٰ نظام شاہ بحری ولیعہد ہوا علی عادل شاہ فرصت وقت دیکھکر اناکندی کی طرف فوج کش ہوا اور نیت اُسکی یہ تھی کہ تمراج ولد رام راج کی تقویت کرکے ملکندہ کی حکومت پر اختصاص دیوے اور اناکندی کو مستاصل کرکے بیجانگر پر متصرف ہووے اور تنگنا ڈھری نے اُس ارادہ پر واقف ہوکر مرتضی نظام شاہ بحری اور اُسکی والدہ خونزہ ہمایون کو لکھا کہ اس مملکت کو حسین نظام شاہ بحری نے مجھے بخشا تھا مگر اب علے عادل شاہ طمع اُسکے لینے کی کرتا ہی امیدوار ہون کہ اپنے اس دست گرفتہ کے مقام حمایت مین ہوکر اس بلا سے نجات دیوین خونزہ ہمایون ملاعنایت اللہ کی صلاح سے مرتضی نظام شاہ بحری کو ہمراہ لیکر بیجاپور کی طرف مع لشکر متوجہ ہوئی اور دہان پہونچکر محاصرہ کیا علی عادل شاہ ناچار اناکندی سے پلٹ کر بیجاپور آیا اور اُس بلدہ کے باہر باہم چند مرتبہ جنگ واقع ہوئی مرتضی نظام شاہ بحری احمدنگر گیا اور دوسری برس کہ ۹۷۴ھ نوسو چوہتر ہجری تھے خونزہ ہمایون کی التماس کے بموجب علی عادل شاہ نے نظام شاہ کے ساتھ متعہد ہوکر لشکر ولایت برار پر کھینچا اور اُس حدود کو خراب کرکے موسم برسات مین بیجاپور کی طرف معاودت فرمائی اور اُس شہر مین ایک قلعہ کچ اور پتھر سے بنا کیا اور محمد کشور خان کے اہتمام سے تین برس کے عرصہ مین تیار ہوا اور جو کہ خونزہ ہمایون کی حکومت اور اُسکے بھائیونکی بے اعتدالی سے رونق بارہ نظام شاہیہ برطرف ہوئی تھی علی عادل شاہ کو تسخیر بعضے ممالک نظام شاہیہ کی ہوس دماغ مین جاگزین ہوئی محمد کشور خان کو عہدہ اسد خان لاری اور وہ علم کہ جسپر شیر شرزہ کیصورت منقش تھی عنایت فرمایا اور ۹۷۵ھ نوسو پچہتر ہجری مین بیس ہزار سوار لیکر سرحد نظام شاہیہ کیطرف تعین فرمایا اور محمد کشور خان نے اپنے کوکب بخت کو اوج مین دیکھکر بعضے پرگنات سرحد قصبہ گچ تک کہ قریب پرگنہ بیسر ہی متصرف ہوا اور امرائے نظام شاہی کو کہ اُسکے مدافعہ کیواسطے آئے تھے قلعہ مذکور مین شکست دیکر متفرق کیا اور اس مقام مین پرگنات کے انتظام کے واسطے قلعہ نہایت سنگین بنا کیا اور وہ قلعہ تھوڑے عرصہ مین انجام کو پہونچا اور نام اسکا دارور رکھا اور محمد کشور خان نے اس حصار کو توپ اور ضرب زن اور بان اور بندوق سے آراستہ کیا پھر دو برس کا محصول اس مملکت سے تحصیل کرکے دیگر قلاع اور بقلاع کے تسخیر کی عزیمت کی کہ ناگاہ مرتضی نظام شاہ بحری مان کے غلبہ کے طرف سے خاطر جمع کرکے ۹۸۰ھ نوسو اسی ہجری مین اُسکی مضرت دفع کرنے مین متوجہ ہوا اور محمد کشور خان نے اُس بادشاہ کے مقاومت پر ہمت مصروف کرکے برج اور بارہ قلعہ کو آلات و ادوات آتشبازی سے مستحکم کیا اور باتفاق عین الملک اور انکس خان اور نور خان کہ علی عادل شاہ نے اُسکی مدد کو بھیجا تھا اسباب جنگ کے تہیہ مین مشغول ہوا لیکن وہ جماعت نہایت نامردی اور بیدلی سے یا نہایت نفاق سے کہ محمد کشور خان کی نسبت رکھتی تھی بلا جنگ بھاگ کر متفرق ہوئی اور محمد کشور خان کو پیغام کیا کہ جوہین تاب حرب مرتضےٰ نظام شاہ بحری نہین ہم احمدنگر جاکر خلل پائے تخت نظام شاہیہ مین ڈالتے ہین تاکہ مرتضےٰ نظام شاہ بحری مضطرب ہوکر قلعہ دارور سے دست بردار ہووے اور ہمارے پیچھے ڈورے اور مرتضےٰ نظام شاہ اول محمد کشور خان کا دفع کرنا اور اُس کے قلعہ کی تسخیر اولی جانکر اُسطرف متوجہ ہوا اور محمد کشور خان نے فوج قلیل سے علم مدافعہ بلند کیا چونکہ مرتضی نظام شاہ بحری قسم

کھائی تھی کہ جبتک مین قلعہ مفتوح نہ کرونگا پانون رکاب سے نہ نکالونگا اس واسطے گرد راہ سے قلعہ پر تاخت کی اور باوجود اسکے کہ ہر مرتبہ کئی ہزار بان اور بندوقی اور ضرب زن یکبارگی قلعہ سے سر ہوتے تھے کچھ آسیب اور کسی طرح کا صدمہ اُس شاہ مرتضوی خصال کو نہ پہونچا کام اہالی قلعہ پر تنگ ہوا اور اس وقت کہ بہادران مغل نظام شاہی مردم حصار پر تیر باران کرتے تھے ناگاہ ایک تیر شست قضا سے چھوٹ کر دریچہ کی راہ سے محمد کشور خان کے مقتل پر کہ تماشاے جنگ کرتا تھا پہونچا اُسکے صدمہ سے جانبر نہوا دار البقا کا راستہ لیا اور جب اسکے ہمراہیون نے اپنے سردار کو مقتول دیکھا عقب قلعہ کا دروازہ کھول کر راہ فرار نا پی اور قلعہ لیا سنگین اور باسامان بسہلترین وجہ علی عادل شاہ کے قبضہ سے برآوردہ ہوا اور ماونا اُسکے اور بھی پرگنہا لیان عادل شاہیہ کے تصرف سے نکلگئے اور خواجہ میرک و بیر اصفہانی نے کہ اُس دولتخانہ مین خطاب چنگیز خان پایا تھا سرگروہ امراے نظام شاہی ہوکر عین الملک اور نور خان کے تعاقب اور دار گیر کے لیے احمد نگر کی طرف روانہ ہوا چنانچہ اُس نواح مین فریقین مے تلاقی حاصل کی جنگ نہایت سخت واقع ہوئی اور خواجہ میرک و بیر اصفہانی فتح و ظفر سے مخصوص ہوا اور عین الملک اُس بھوک پیاس مین برچھے کے پھل کھاکر اور آب دم شمشیر پیکر زلیست سے سیر ہوکر خواب مرگ مین سویا اور نور خان زندہ دستگیر ہوا پھر نصف لشکر بحال ابتر بیجاپور مین آیا اور اُس سال چشم زخم عظیم لشکر عادل شاہیہ کو پہونچا اور یہ تمام کوشش اور سعی برباد اور ضائع ہوئی اور اسی طریق سے اُنھین سنوات مین علی عادل شاہ نے بقصد استخلاص قلعہ کووہ واخراج نصارے فوج کشی کرکے بہت فوج صنائع کی اور محروم و ناکام معاودت کی من بعد شاہ ابوالحسن ولد شاہ طاہر علیہ الرحمۃ کی ہدایت سے قلعہ اودنی کی تسخیر کے واسطے عازم ہوا اور وہ ایسا قلعہ تھا کہ شاہان جہنہ کی کبھی کمند اُس حصن حصین کے شرفات پر نہ پڑی الغرض انکس خان کو آٹھ ہزار سوار اور پیادہ اور توپخانہ کثیر سے اس طرف رخصت کیا والی اس قلعہ کا ایک امراے کبار رام راج سے تھا اور اُسنے اُسکے بعد سکہ اس مملکت کا اپنے نام جاری کیا تھا اور اطاعت وارث مملکت کی نہ کرتا تھا اُسکے مدافعہ مین مشغول ہوا اور چند مرتبہ اُس نے انکس خان سے میدان داری کی جب مغلوب ہوا غلہ اور اذوقہ قلعہ مین فراہم کرکے قلعہ بند ہوا اور جب ایام محاصرہ نے طول کھینچا امان طلب کرکے قلعہ تفویض کیا اور وہ قلعہ ایک قلہ کوہ رفیع اور وسیع پر واقع تھا جس مین چشمہ ہاے آب خوشگوار اور عمارات سپہر اطوار بہت ہین اور شیو راے کے آبا اور اجداد مین سے جس نے جب قدم تخت بیجانگر پر رکھا شاہان اسلام کے خوف اور ملاحظہ سے درپی اُسکی مضبوطی اور استحکام کے ہوئے تھے ہر ایک نے ایک حصار اس حصار کے گرد اگرد کھینچا تھا چنانچہ گیارہ قلعہ ایک دوسرے کے دور مین بہم پہونچے تھے تسخیر اُسکے دمدمہ کی سرنگ اور توپ سے نظر عقل مین بعید کھلائی دیتی تھی اور طول ایام مین اُسکا محاصرہ منحصر تھا القصہ علی عادل شاہ اس قلعہ کے مفتوح ہونے سے نہایت محظوظ ہوا اُسکے بعد اور قلعون کے تسخیر کی عزیمت کی کیونکہ ابوالحسن اور خواجہ میرک دبیر اصفہانی المخاطب بہ چنگیز خان کی سعی کے باعث مرتضے نظام شاہ بحری سے سرحد مین ملاقات کی اور یہ قرار پایا کہ مرتضی نظام شاہ بحری ولایت برار پر متصرف ہوے اور علے عادل شاہ ممالک بیجانگر سے اُس مقدار کہ ولایت برار کے برابر ہو حوزہ تسخیر مین لاوے تو بامقتضاے وسعت اور کشادگی ولایت ایک دوسرے پر زیادہ نہ رہے اس کے بعد عدالت پناہ نے سنہ ۹۸۱ نو

اکاسی ہجری مین قلعہ تورکل کی استرداد کے واسطے جو قرات رام راج شقاوت نتاج مین عدالت پناہ کے کارندہ کے قبضہ سے برآوردہ ہوکر ایک سپاہی کے تصرف مین تھا پیش نہاد ہمت کرکے پانچ مہینے اُس قلعہ کا محاصرہ کرکے کام متحصنون پر تنگ کیا اُس دار و گیر مین توپ کان شاہی ٹوٹ گئی اہل قلعہ اس امر کو شگون نیک سمجھکر مسرور ہوئے اور بقاے قلعہ کی امید بہم پہونچائی علی عادل شاہ نے توپ کی شکستگی ابوالحسن کی سازش سے تصور کرکے اُسے معزول کیا اور مصطفی خان ازدستانی کو جو رام راج کے قتل کے بعد عدالت پناہ کا ملازم ہوا تھا امیر جملہ اور وکیل سلطنت کرکے مہمات مملکت کلی اور جزوی ساتھ اُسکے رجوع فرمایا مصطفے خان نے قلعہ کے لینے مین مساعی جمیلہ مبذول رکھکر دو مہینے کے عرصہ مین متحصنون کو اس قدر عاجز اور پریشان کیا کہ وہ خود بخود امان کے طالب ہوئے اور جب اُنھون نے عجز و انکسار بہت کیا اس شرط پر اُنکی درخواست قبول کی ونیکتی اور بسائی اور اُسکے فرزندون اور بھائیون کو مقید کرکے حوالہ کرین مردم قلعہ نے اتفاق کرکے ونیکنی اور اُسکے متعلقون کو خان مشارالیہ کے سپرد کیا اور خود اپنے مال و اسباب اور اہل و عیال کو لیکر قلعہ سے نکلگئے عدالت پناہ نے ونیکتی کو مع متعلقین بانواع عقوبت ہلاک کیا اور قلعہ اپنے کارندۂ معتمد کے سپرد کرکے مصطفے خان کی صلاح سے قلعہ دار ورکے واسطے عازم ہوا اور وہ قلعہ بھی مشاہیر قلاع کرناٹک سے ہے اور اُس عرصہ مین رام راج کے ایک امرا کے کفرہ کے قبضہ مین تھا ہر سال کچھ ہاتھی تنکنا وری ولد نیمراج کو دیکر قوت اور شوکت بہم پہونچائی تھی اور جب عدالت پناہ نے وہان نزول اقبال فرمایا چھ مہینے اوقات شریف اُسکے محاصرہ مین صرف فرمائے مصطفے خان کی حسن سعی سے وہ قلعہ بھی بقبول امان مسخر اور مفتوح کیا اور سات مہینے وہان استقامت فرمائی اور اطراف و اکناف کو خس و خاشاک باغیون سے پاک کیا بت پرستونکا کھانا پانی حرام کرکے بہرکیف اپنا مطیع اور رام کیا اُسکے بعد مصطفے خان کی تجویز و رایات ظفر آیات بعزم تسخیر حصار بیکاپور جنبش مین لاکر بعظمت و شوکت تمام سمت رواں ہوا اور مسمی بلب وزیر جو رام راج کا تبولدار تھا اُسکے مرنے پر قلعہ بیکاپور پر غلبہ پایا اور قلعہ راے درگ اور چندر کوٹی و گردراور وغیرہ اُسکے اور بھی قلعہ اُس کے تحت حکومت مین تھے وہ بادشاہ کی خبر توجہ سنکر مجبوری اور لاچاری سے قلعہ مین متحصن ہوا اور اپنے فرزند کو مع ایک ہزار سوار اور دس ہزار پیادہ جنگل اور کوہستان کی طرف بھیجا کہ ہنگام فرصت آکر دوے اہل اسلام کے پس و پیش تاخت کرکے رسد غلہ اور آذوقہ یکقلم بند کرے اور تنکنا وری ولد نیمراج کو عریضہ اس مضمون کا لکھکر امان کی طرف بھیجا کہ مین ولی نعمت کی مخالفت اور عداوت سے نادم اور پشیمان ہون اور اپنے گناہ کا مقر اور معترف ہون اس وقت کہ شاہ اسلام عازم تسخیر بیکاپور ہوا اگر وہ خداوند نعمت میرے رقوم جرائم کو اپنے صفحۂ خاطر عاطر سے محو فرماکے بنفس نفیس اس نحیف کی امداد کے لیے قدم رنجہ فرماوین یا کسی امراے کبار کو کمک کیواسطے مامور کرین یقین ہے دست برد سپاہ اسلام سے محفوظ اور مصئون رہونگا اور عہد کرتا ہون کہ آیندہ جادۂ اطاعت اور فرمانبرداری مین ثابت اور راسخ ہوکر گردن طوق فرمان سے نہ پھیرونگا اور ہر سال اس قدر مال بلا عذر خزانہ مین داخل اور روانہ کرونگا تنکنا وری نے جواب دیا کہ تیرے تمرد اور سرکشی کی شامت سے کہ تو مقربان اور معتمدان درگاہ رام راج سے تھا اکثر امرا اس دولتخانہ کو مخالفت اور سرکشی کا دعوی ہوا جمیع ممالک پر متصرف ہوئے ہین اور شاہان اسلام نے کہ بلکنڈہ نرسی اور چندا گری کو مجھے معاف اور مرفوع القلم کیا ہے مین خود اُسکے انتظام اور بندوبست سے عاجز ہون اور تو خوب

جاننا ہو کہ زر سرخ سفید اور جواہر زواہر کے صرف کرنے سے صلح ہوتی ہو لازم کہ بخل سے کنارہ کش ہو کر اس بارہ مین تقصیر نہ کرے اور جو صلح کسی وجہ سے ممکن نہو لائق یہ ہو کہ جس تدبیر سے ہو سکے اطراف و جوانب کے راجاؤن کو راضی اور مسرور کرکے ایسا کر کہ تیرے فرزند کے ساتھ متفق ہو کر وقت بیوقت مسلمانون کے لشکر گاہ کو آتش تاخت اور غارت سے اُن کی زندگی تنگ کرین اور راتون کو مردمان جان نثار کو چورون کی طرح اُس کے معسکر یعنے فرودگاہ مین بھیجین کہ جس ناطق یا صامت کو پاوین زخم کٹار سے بے روح کرین اور مین نے اس مقدمہ مین فرمان راجاؤن کے نام جو تیرے ہمسایہ ہین ترقیم کیے ہین اگر سمع قبول سے اصغا کرین اور تیری اعانت اور مدد مین کوشش فرماوین فہو المراد گویا ایک یہ کام اپنے واسطے عمل لاوین گے کیونکہ یقین ہو بعد برآورد ہونے قلعہ بیکاپور اور قلعے بھی سہلترین وجہ سے مسخر ارباب اسلام ہونگے اس جواب سے بلب وزیر کو یاس اور نا امیدی تمام نے منہ دکھایا لیکن ضرورت کے باعث اپنے وارث مملکت کے فرمانے پر عمل کرکے راے قلعہ جرہ اور چندر کوٹی اور بھی قلعہ اورنکو ساتھ اپنے متفق کیا تو ہمراہ اُسکے فرزند کے بہ نہج مذکور عمل مین لاتے اس سبب سے عدالت پناہ کی اُردو مین قحط غلہ ظاہر ہوا اور ہر شب کو فریاد برپا ہوتی تھی کہ چورون نے فلان فلان کو قتل کیا اور پیادہ کرناٹک کی جان کو کچھ عزیز نہین سمجھتے تھے ایک متاع محقر جانتے تھے جمع اشیاے قلیل برہنہ ہو جاتے تھے اور اس غرض سے کہ گرفتاری کے وقت کسیکا ہاتھ اُنکے بدن پر قرار نہ پکڑے روغن لغزندہ ملتے تھے اور جس جگہ موقع پاتے تھے ڈاکہ زنون کی طرح تاخت لاکر گھوڑا اور آدمی جو کچھ اُنکے سامنے آتا تھا تہ تیغ کرتے تھے اُسکے بعد راہ فرار ناپتے تھے اور ہر چند اُردو کے لوگ اُنکی گرفتاری مین سعی کرتے تھے کہ اُنکی شر کو دفع کرین میسر نہوتا تھا اور یہ بھی مشہور ہو کہ اُس نواح کے آدمی ساحر ہین اور جسوقت خاک مسان پر پھینکی جہان ہنود کا مرگھٹا ہوتا ہو اور مردے پھونکتے ہین افسون پڑھکر اُس خاک مسان کو جس مکان یا خیمہ مین چھڑکتے ہین اُسکی تاثیر سے آدمی وہان کے مردون کیطرح نہایت غافل سوتے ہین کہ اپنے تن بدن کا ہوش نہین رکھتے اور اگر احیاناً بیدار ہووین اور چورونکو دیکھین جبتک کہ وہ موجود اور حاضر رہین اُٹھنے کی طاقت اور تکلم کی قدرت نہین رکھتے القصہ صحبت عجیب ظہور مین آئی قریب تھا کہ لشکر اسلام کوچ کرکے مراجعت کرے مصطفےٰ خان مانع آیا اور چورون اور قحط کے علاج مین مصروف ہوا امراے برگی کہ گھر بیباک اور شجاع تھے ابراہیم عادل شاہ کے زمانہ سے علی عادل شاہ کے عہد معدلت مہد تک صدر امارت پر تکیہ زن تھے اور عدد اُنکے سوارون کے چھ ہزار کو پہونچتے تھے مامور کیا کہ لشکر کفار کے مقابل ہو کر ایسا تدارک کرین کہ وہ اہل اسلام کے راستون مین سنگ راہ ہو کر مزاحمت نہ پہونچاوین اور آٹھ ہزار پیادہ جرار لشکر گاہ کے گرد بفاصلہ ایک گز بٹھا کر حکم کیا کہ بقدر طاقت بشری لشکر کی محافظت مین قیام کرین اور اگر احیاناً جو تھین غافل کرکے اپنے تئین لشکر گاہ مین پہونچاوین جو ہین کہ شور و غوغا برپا ہووے تم متنبہ ہو کر اُنکے سد راہ ہونا اور جس شخص کو دیکھنا کہ وہ لشکر گاہ کے حلقہ سے قدم باہر رکھتا ہو اُسے بلا توقف قتل کرنا اس سبب سے کوئی شخص رات کے وقت قدم فرودگاہ سے باہر نہ رکھتا تھا اور جو کبھی چور پیادہ ہاے لشکر کو غافل کرکے لشکر گاہ مین در آتے تھے اور شور و غوغا بلند ہوتا تھا چور بقصد فرار اُردو سے باہر جاتے تھے تو پیادہ پہرہ دار اُنپر حملہ آور ہو کر تیغ سیاست سے قتل کرتے تھے اور اس تدبیر سے چورون کا شر بالکلیہ دفع ہوا اور لشکر کفار کے تہی صدمہ سے نجات پائی اور صد غلہ اور تمام

ضروریات لشکر بافراط اطراف وجوانب سے جاری ہوئے اور ہر شے جو رسد بند ہونے سے گران تھی نہایت ارزان ہوئی اور ایک برس کامل امرائے برکی اور پسر بلب وزیر اور بھی راجاؤن سے معرکہ سخت واقع رہا اور آدمی طرفین سے بہت مارے گئے اور اہل اسلام باطمینان تمام قلعہ کو محاصرہ کرکے ہر روز بلا ناغہ مقابلہ اور مقاتلہ مین مصروف ہوکر ابواب دخول وخروج کے مسدود کرنے مین تقصیر نکرتے تھے اور اہل قلعہ بھی آلات انتشاری کے استعمال مین کوئی دقیقہ نامرعی نچھوڑتے تھے اور کمال مردی اور مردانگی سے مدافعہ مین مشغول ہوتے تھے قضارا اسی درمیان مین پسر بلب وزیر اجل طبیعی کے پہونچنے سے دوسرے عالم مین کوچ کرگیا یہ سانحہ اہل قلعہ کی دلشکنی کا موجب ہوا اور بلب وزیر جوان بیٹے کے مرنے سے نہایت محزون اور ملول ہوا اور جو کہ ایام محاصرہ نے ایک سال اور تین مہینے کا عرصہ کھینچا ذخیرہ غلہ اور مایحتاج بشری صرف ہوگیا تھا اس سبب سے رائے اُس نواح کے جوگمک کو آئے تھے عاجز آئے ہر ایک اپنے مقر یعنے راج کی طرف روانہ ہوئے اہل حصار شاہ عدالت پناہ سے جان ومال واہل وعیال کی امان طلب کرکے استمالت نامہ کے طالب ہوئے اور آنحضرت نے اُنکی التماس قبول فرمائی اور عہد نامہ اُنکے حسب مدعا تحریر کرکے اُنکے پاس ارسال کیا اور جس روز کہ اہل قلعہ سے برآمد ہوا چاہتے تھے ازدحام عوام کے دفع کیواسطے مصطفےٰ خان مع لشکر خاصہ قلعہ کے قریب ایستادہ ہوا تاکہ باطمینان تمام بلب وزیر اور جمیع مردم حصار مع اسباب واموال واہل وعیال برآمد ہوکر کرناٹک کیطرف روانہ ہون اور شاہ عادل لقب مع ایک جماعت امرا اور مخصوصون سے قلعہ مین داخل ہوا اور مؤذنون نے بانگ محمدی بطریق مذہب امامیہ آواز بلند شروع کی اور اسی دن بڑے بتخانہ کو توڑکر عدالت پناہ اور مصطفےٰ خان نے ثواب اخروی کے واسطے اپنے ہاتھ سے نقشہ مسجد کا درست کرکے پتھر زمین پر رکھے اور بعد اس کام کے مصطفےٰ خان بلرتب زیادہ اول سے سرفراز ہوکر بخلعت خاص کہ اسد خان اور کشو خان کے سوا اور کسی شخص نے پنایا تھا مشرف ہوا اور بہت پرگنے اور تعلقے اُس حدود کے اُسکی جاگیر کیواسطے تقرر ہوئے اور مہمات سلطنت مین بھی استقلال بہم پہونچایا اور علی عادل شاہ کہ عیش ودست اور آرام طلب تھا ہمیشہ اوقات مصاحبت اور صحبت گلرخون اور سادہ عذارون مین بسر کرکے مدام مے خوشگوار کے تجرع مین اقدام کرتا تھا واسطے ضبط امور ملکی اور مالی معہ اشرف ہمایون کہ ہمیشہ زیب انگشت مبارک تھی مصطفےٰ خان کے حوالہ کرکے حکم کیا کہ مہمات سلطنت کلی اور جزوی کو اپنی رائے صائب کے موافق سرانجام کرے اور کسی امر کو موقوف اور معول سیرے حکم پر نہ رکھے اور بعد چار مہینے کے مملکت بیکاپور جیسا کہ چاہیے بالیان سرکار کے قبضہ تصرف مین آئی اور اعیان ولایت اور رعایا نے زین پوش اطاعت اور فرمان برداری کا دوش پر رکھا اور اسکی بادشاہی پر بدل راضی ہوئے اور خود بدولت واقبال قلعہ مین استقامت فرما کر عیش ونشاط مین مشغول ہوئے مصطفےٰ خان کو مع بیس ہزار سوار اور پیادہ اور توپخانہ اور توزخانہ اور اسباب جہانگیری دیکر قلعہ جرہ اور چندر کوٹی کی تسخیر کیواسطے نامزد فرمایا وہ خلاصہ اولاً مصطفوی قلعون مذکورہ کی طرف متوجہ ہوا جب قلعہ جرہ کے حوالی مین پہونچا اُسکے نایک والی وہان کا تضرع وزاری پیش آیا اور باج وخراج قبول کیا بلکہ وہ ایام سابق سے کہ بھی قلعہ بیکاپور فتح نہوا تھا اپنے ایلچی مصطفےٰ خان کے پاس بھیجکر بارسال تحف وہدایا ابواب اخلاص وآشنائی مفتوح رکھتا تھا التماس اُس کی پذیرا کرکے بار جزیہ اور خراج کا اُس کی گردن پر رکھا اور اس قلعہ کی تسخیر سے دست کش ہوکر چندر کوٹی کی طرف روانہ ہوا وہان کا راجہ باستحکام قلعہ اور جنگل کی انبوہی پر مغرور ہوکر سرکشی سے پیش آیا مصطفےٰ خان اور جمیع اشراف اور اعیان لوازم محاصرہ مین مشغول ہوکر امرائے برکی کو

مثل سابق لشکر کفار کے مقابلہ کے واسطے کہ اطراف سے چندر کوٹی کی حمایت اور اعانت کو آتے تھے مامور کیا اور بسعی موفورہ چودہ مہینے مین مغلوب کرکے قلعہ کو کہ جو اُس وقت تک کبھی اہل اسلام نے فتح نہ کیا تھا ۹۸۳ھ نوسو تراسی ہجری مین لوگا کر لیا اور عریضہ مشتمل بر فتح عدالت پناہ کی خدمت مین بھیجکر یہ بیت اُس مین درج کی بیت ہر دم رسد از عطاے داور ۔ فتح دگر و فتوح دیگر ۔ عدالت پناہ کو رغبت اُس قلعہ کی تفرج کی ہوئی بیجاپور سے اُس طرف عنان عزیمت منعطف فرمائی اور وہان بھی نزول اقبال اور حلول اجلال فرماکے چند مدت عیش و عشرت مین بسر کرکے جوانان سبز و ملیح کرناٹک سے مخلوظ ہوا اور بعد تین برس اور چند روز علم معاودت بلند کرکے منظفر اور منصور بلدۂ بیجاپور کیطرف تشریف شریف ارزانی فرمائی اور اسی طریق سے ہر خاص اپنی مصطفےٰ خان کے قبضہ مین چھوڑی اور اُسے قلعہ چندر کوٹی مین سرحد کی محافظت کے واسطے معین کرکے حکم فرمایا کہ جس وقت فرمان واجب الاذعان اہلکاران سرکاری کا مزین بدستخط ہو پہنچے بیجاپور سے چندر کوٹی کی طرف بھیجین اگر مضمون اُس کا مصطفےٰ خان کے پسند آوے اور وہ جناب تجویز کرے مہر بادشاہ اور اپنی اُس پر ثبت کرکے دارالملک بھیجے ورنہ موقوف اور معطل رکھے اور دوسرے سال عرض داشت مصطفےٰ خان کی اس مضمون سے پایہ سریر خلافت مصیر مین پہونچی کہ قدیم الایام مین قلعہ چندر کوٹی ایک پہاڑ پر واقع ہوا تھا اُسکے منہدم ہونے کے بعد رایان بدرائے نے قلعہ مذکور کو دامن کوہ مین مسطح پر تیار کیا اس بارہ مین دو تجویز صلاح یہ دیکھتا ہون کہ آنحضرت تشریف لاکر بالائے کوہ کو ملاحظہ کرین اگر معقول و پسند طبع اشرف پڑے پہاڑ پر اُس قلعہ کی تیاری کا حکم صادر فرماوین ورنہ اُس کی تیاری موقوف کرین علی عادل شاہ یہ سنتے ہی جریدہ مع ایک جماعت مخصوصان اور کچھ لوگ خاصہ خیل سے بطرف روانہ ہوے اور جو کچھ کہ مصطفےٰ خان نے پیغام دیا تھا مزاج اشرف کے موافق آیا حکم کیا کہ قلعہ روے زمین کو مسمار کرکے پہاڑ پر ایک حصار سنگین اور مستحکم تیار کیا جاوے اور مجدداً قلعہ بیجاپور کی سیر کی اور جمیع دمات اس نواح کے بدستور قدیم مصطفےٰ خان سے رجوع کرکے قلعہ نلگوان کے راستہ سے عنان معاودت دارالسلطنت بیجاپور کی طرف منعطف کی مصطفےٰ خان طریق دولتخواہی جاری رکھکر ایک برس کے عرصہ مین قلعہ کی طیاری سے فارغ ہوا بعد عدالت پناہ اُس کے حسب التماس دوبارہ بیجاپور سے اُس قلعہ کی سیر کے واسطے سوار ہوا اور مصطفےٰ خان کی خدمات شائستہ خاطر ہمایون کی پسند پڑین اور اُن دنون مین مصطفےٰ خان نے سنکر نایک راے قلعہ کردر کو کہ قرب جوار چندر گری ہے آدمی بھیجکر اطاعت اور فرمانبرداری کی دعوت کی اور اُس نے زوال مملکت اپنی سے ڈرکر وہ بات دل کی اور عدالت پناہ کی پاے بوس سے مشرف ہوا اور آنحضرت سے اپنی ولایت کی تفرج کی التماس کی علی عادل شاہ اپنا لشکر چندر کوٹی مین مامور کرکے باتفاق مصطفےٰ خان مع پانچ چھ ہزار سوار کردر کی طرف روانہ فرمائے اور وہ قلعہ ایک کوہستان پر واقع تھا اور اُسکے اطراف مین جنگل نہایت گنجان محیط تھا اور راہ اُس کے دخول و خروج کی نہایت تنگ اور دشوار گذار تھی کہ اکثر مقام مین ایک سوار سے زیادہ نہین جا سکتا تھا اُس واسطے اس موضع ہولناک مین اکثر لوگ دلگیر ہوکر مراجعت کے خواہان ہوے اور عدالت پناہ نے خلائق کی خواہش کے موافق وہ قلعہ سنکر نایک کو عنایت فرماکر چندر کوٹی کی طرف معاودت کی لیکن مصطفےٰ خان نے مقام خواہی مین ہوکر سنکر نایک سے تخلیہ مین یہ بات کہی کہ عدالت پناہ تیرا قلعہ اور ولایت اور دوسرے

ہمہ وریات لشکر بافراط اطراف وجوانب سے جاری ہوئے اور ہر شے جو رسد بند ہونے سے گران تھی نہایت ارزان ہوئی اور ایک برس کامل امرائے برکی اور پسر بلب وزیر اور بھی راجاؤن سے معرکہ سخت واقع رہا اور آدمی طرفین سے بہت مارے گئے اور اہل اسلام باطمینان تمام قلعہ کو محاصرہ کرکے ہر روز بلا ناغہ مقابلہ اور مقاتلہ مین مصروف ہوکر ابواب دخول وخروج کے مسدود کرنے مین تقصیر نکرتے تھے اور اہل قلعہ بھی آلات انتشابازی کے استعمال مین کوئی دقیقہ نامرعی نچھوڑتے تھے اور کمال مردی اور مردانگی سے مدافعہ مین مشغول ہوتے تھے قضارا اسی درمیان مین پسر بلب زیر اجل طبیعی کے سپرد کرنے سے دوسرے عالم مین کوچ کرگیا یہ سانحہ اہل قلعہ کی دلشکنی کا موجب ہوا اور بلب وزیر جوان بیٹے کے مرنے سے نہایت محزون اور ملول ہوا اور جملہ ایام محاصرہ نے ایک سال اور تین مہینے کا عرصہ کھینچا ذخیرہ غلہ اور مایحتاج بشری صرف ہوگیا تھا اس سبب سے رائے اس نواح کے جنگلک کو آئے تھے عاجز آئے ہر ایک اپنے مقر یعنے راج کی طرف روانہ ہوئے اہل حصار شاہ عدالت پناہ سے جان ومال واہل وعیال کی امان طلب کرکے استمالت نامہ کے طالب ہوئے اور آنحضرت نے انکی التماس قبول فرمائی اور عہد نامہ انکے حسب مدعا تحریر کرکے انکے پاس ارسال کیا اور جس روز کہ اہل قلعہ سے برآمد ہوا چاہتے تھے ازدحام عوام کے دفع کیواسطے مصطفےٰ خان مع لشکر خاصہ قلعہ کے قریب ایستادہ ہوا تاکہ باطمینان تمام بلب وزیر اور جمیع مردم حصار مع اسباب واموال واہل وعیال برآمد ہوکر برناٹک کیطرف روانہ ہون اور شاہ عادل لقب مع ایک جماعت امرا اور مخصوصون سے قلعہ مین داخل ہوا اور مؤذنون نے بانگ محمدی بطریق مذہب امامیہ باواز بلند شروع کی اور اسی دن بڑے بتخانہ کو توڑ کر عدالت پناہ اور مصطفےٰ خان نے ثواب اخروی کے واسطے اپنے ہاتھ سے نقشہ مسجد کا درست کرکے بنیاد زمین پر رکھے اور بعد اس فتح کے مصطفےٰ خان بلارتب زیادہ اول سے سرفراز ہوکر بخلعت خاص کہ اسد خان اور کشو خان کے سوا اور کسی شخص نے پایا تھا مشرف ہوا اور بہت پرگنے اور قصبے اس حدود کے اسکی جاگیر کیواسطے مقرر ہوئے اور مہمات سلطنت مین بھی استقلال بہم پہونچایا اور علی عادل شاہ کہ عیش دست اور آرام طلب تھا ہمیشہ اوقات مصاحبت اور صحبت گذرانون اور سادہ عذارون مین بسر کرکے مدام مے خوشگوار کے تجرع مین اقدام کرتا تھا واسطے ضبط امور ملکی اور مالی معاشرف ہمایون کہ ہمیشہ زیب انگشت مبارک تھی مصطفےٰ خان کے حوالہ کرکے حکم کیا کہ مہمات سلطنت کلی وجزوی کو اپنی رائے صائب کے موافق سرانجام کرے اور کسی امر کو موقوف اور محول نہ رکھے اور بعد چار مہینے کے مملکت بیکاپور جیسا کہ چاہیے باطمینان سرکار کے قبضہ تصرف مین آئی اور اعیان ولایت اور رعایا نے زین پوش اطاعت اور فرمان برداری کا دوش پر رکھا اور اسکی بادشاہی پر بدل راضی ہوئے اور خود بدولت واقبال قلعہ مین استقامت فرماکر عیش ونشاط مین مشغول ہوئے مصطفےٰ خان کو مع بیس ہزار سوار اور پیادہ اور توپخانہ اور قورخانہ اور اسباب جہانگیری دیکر قلعہ جرہ اور چندر کوٹی کی تسخیر کیواسطے نامزد فرمایا وہ خلاصہ احوال مصطفوی قلعون مذکورہ کی طرف متوجہ ہوا جب قلعہ جرہ کے حوالی مین پہونچا اوسکے نائک والی وہان کا تبضرع وزاری پیش آیا اور باج وخراج قبول کیا بلکہ وہ ایام سابق سے کبھی قلعہ بیکاپور مین نہ گیا تھا اپنے ایلچی مصطفےٰ خان کے پاس بھیجکر بارسال تحف وہدایا ابواب اخلاص واشنائی مفتوح رکھتا تھا التماس اوس کی پذیرا کرکے بار جزیہ اور خراج کا اوس کی گردن پر رکھا اور اس قلعہ کی تسخیر سے دست کش ہوکر چندر کوٹی کی طرف روانہ ہوا وہان کا راجہ بتحکام قلعہ اور جنگل کی انبوہی پر مغرور ہوکر سرکشی سے پیش آیا مصطفےٰ خان اور جمیع اشراف اور اعیان لوازم محاصرہ مین مشغول ہوکر امرائے برکی کو

مثل سابق لشکر کفار کے مقابلہ کے واسطے کہ اطراف سے چندر کوٹی کی حمایت اور اعانت کو آتے تھے مامور کیا اور بسعی موفورہ چودہ مہینے مین مغلوب کرکے قلعہ کو کہ جو اُس وقت تک کبھی اہل اسلام نے فتح نہ کیا تھا ۹۸۳ھ نوسو تراسی ہجری مین طوعاً وکرہاً لیا اور عرائضہ مشتمل بر فتح عدالت پناہ کی خدمت مین بھیجکر یہ بیت اُس مین درج کی بیت ہر دم رسد از عطائے داور ۔ فتح دگر و فتوح دیگر ۔ عدالت پناہ کو رغبت اُس قلعہ کی تفرج کی ہوئی بیجاپور سے اُس طرف عنان عزیمت منعطف فرمائی اور وہان بھی نزول اقبال اور حلول اجلال فرماکے چند مدت عیش و عشرت مین بسر کرکے جوانان سبز و ملیح کو بانمک سے محظوظ ہوا اور بعد تین برس اور چند روز علم معاودت بلند کرکے مظفر اور منصور بلدۂ بیجاپور کیطرف تشریف شریف ارزانی فرمائی اور اسی طریق سے ہر خاص اپنی مصطفےٰ خان کے قبضہ مین چھوڑی اور اُسے قلعہ چندر کوٹی مین سرحد کی محافظت کے واسطے معین کرکے حکم فرمایا کہ جس وقت فرمان واجب الاذعان اہلکاران سرکاری کا مزین بدستخط پہونچے بیجاپور سے چندر کوٹی کی طرف بھیجین اگر مضمون اُس کا مصطفےٰ خان کے پسند آوے اور وہ جناب تجویز کرے ہر بادشاہ اور اپنی اُس پر ثبت کرکے دارالملک بھیجے ورنہ موقوف اور معطل رکھے اور دوسرے سال عرض داشت مصطفےٰ خان کی اس مضمون سے پایہ سریر خلافت مصیر مین پہونچی کہ قدیم الایام مین قلعہ چندر کوٹی ایک پہاڑ پر واقع ہوا تھا اُسکے منہدم ہونے کے بعد راجایان بدرائے نے قلعہ مذکور کو دامن کوہ مین مسطح پر تیار کیا اس بارہ مین دو لتخواہ صلاح یہ دیکھتا ہے کہ آنحضرت تشریف لاکر بالائے کوہ کو ملاحظہ کرین اگر معقول و پسند طبع اشرف پڑے پہاڑ پر اُس قلعہ کی تیاری کا حکم صادر فرماوین وگرنہ اُس کی تیاری موقوف کرین علی عادل شاہ یہ سنتے ہی جریدہ مع ایک جماعت مخصوصان اور کچھ لوگ خاصہ خیل سے اسطرف روانہ ہوے اور جو کچھ کہ مصطفےٰ خان نے پیغام دیا تھا مزاج اشرف کے موافق آیا حکم کیا کہ قلعہ روے زمین کو مسمار کرکے پہاڑ پر ایک حصار سنگین اور مستحکم تیار کیا جاوے اور مجدداً قلعہ بیجاپور کی سیر کی اور جمیع مہمات اس نواح کے بدستور قدیم مصطفےٰ خان سے رجوع کرکے قلعہ نلگوان کے راستہ سے عنان معاودت دارالسلطنت بیجاپور کی طرف منعطف کی مصطفےٰ خان طریق دولتخواہی جاری رکھکر ایک برس کے عرصہ مین قلعہ کی طیاری سے فارغ ہوا اور عدالت پناہ اُس کے حسب التماس دوبارہ بیجاپور سے اُس قلعہ کی سیر کے واسطے سوار ہوا اور مصطفےٰ خان کی خدمات شائستہ خاطر ہمایون کی پسند پڑین اور اُن دنون مین مصطفےٰ خان نے سنکر نایک راے قلعہ کرور کو کہ قرب جوار چندر کوٹی ہے آدمی بھیجکر اطاعت اور فرمانبرداری کی دعوت کی اور اُس نے زوال مملکت اپنی سے ٹورکر وہ بات قبول کی اور عدالت پناہ کی پاے بوس سے مشرف ہوا اور آنحضرت سے اپنی ولایت کی تفرج کی التماس کی علی عادل شاہ اپنا لشکر چندر کوٹی مین مامور کرکے باتفاق مصطفےٰ خان مع پانچ چھ ہزار سوار کرور کی طرف روانہ ہوئے اور وہ قلعہ ایک کوہستان پر واقع تھا اور اُسکے اطراف مین جنگل نہایت گنجان محیط تھا اور راہ اُس کے دخول و خروج کی نہایت تنگ اور دشوار گذار تھی کہ اکثر مقام مین ایک سوار سے زیادہ نہین جاسکتا تھا اُس واسطے اس موضع ہولناک مین اکثر لوگ دلگیر ہوکر مراجعت کے خواہان ہوے اور عدالت پناہ نے خلائق کی عوض کے موافق وہ قلعہ سنکر نایک کو عنایت فرماکر چندر کوٹی کی طرف معاودت کی لیکن مصطفےٰ خان نے مقام دولتخواہی مین ہوکر سنکر نایک سے تخلیہ مین یہ بات کہی کہ عدالت پناہ تیرا قلعہ اور ولایت اور دوسرے

راجاؤن کے بھی ممالک جو تیرے قرب وجوار مین ہین لینے کی فکر مین عازم وجازم ہی اور بالفعل مین نے بہت سعی اور کوشش سے آنحضرت کو تیری ولایت سے پھیرا ہی اگر تجھے اپنی سلامتی اور بہبودی مدنظر ہو تجھے لازم کہ تمام راجاؤن سے اتفاق کرکے باج وخراج قبول کرو مین حضرت سے التماس کرکے اُن ممالک اور قلعون کی تسخیر کی فکر سے باز رکھون سنکر نایک نے یہ کلام سنکر دائرۂ اطاعت مین قدم رکھا اور سب نایک حاکم قلعہ جرہ اور بہرہ دیوے راے قلعہ کنارآب اور جلوی نے کہ وہ بھی ایک قامہ ہاے سواحل دریاے عمان سے تھا راے بندر باسلور اور باکلور اور بادکلا سب کو فہمائش کرکے بادشاہ کی اطاعت کے واسطے ترغیب کی اُن سب نے سنکر نایک کے کہنے سے تجاوز نہ کیا اور بعجز وانکسار عدالت پناہ کی خدمت مین حاضر ہوئے اور سات لاکھ اور پچاس ہزار ہون بعنوان پیشکش نذر گذرانے اور سرکار شاہی سے یہ مقرر ہوا کہ از سنب نایک اور سنکر نایک اور بہرہ دیوی اور راے سندر باسلور اور بھی راجہ آپس مین متفق ہوکر ہر سال تین لاکھ اور پچاس ہزار ہون نقد خزانۂ عامرہ مین داخل کرتے رہین پھر ہر ایک خلعتہاے فاخرہ سے سرفراز اور مطمئن ہوکر اپنے اپنے دارالراج کی طرف روانہ ہوئے اور عدالت پناہ کی مدت العمر تک تین لاکھ اور پچاس ہزار ہون مصطفےٰ خان کی معرفت خزانہ مین داخل کرتے رہے اور علاوہ اُسکے ہر سال پوشیدہ تیس ہزار ہون نقد اور مروارید اور یاقوت اور زبرجد اور تمام جواہر اور وہ چیز کہ گنجائش رکھتی تھی مصطفےٰ خان کو دے کر سلامتی اور نجات اپنی اُسکی عنایت اور توجہ مین جانتے تھے منقول ہی اُس وقت کہ راجہ اور راے اُس طرف کے علی عادل شاہ کی خدمت مین آئے اور وداع نجالت وسپ وقبا اور ٹپکا اور شمشیر مرصع سے اختصاص پایا اور بہرہ دیوی اور جلوی کے واسطے وہ خلعت کہ عورتون کے واسطے مخصوص ہی لائے وہ عورتین شیر صولت اُس خلعت کے قبول سے انکار کرکے عرض پیرا ہوئین کہ ہم اگرچہ بصورت زن ہین لیکن مملکت کو بضرب شمشیر کرلازمہ مردونکا ہی تصرف مین رکھتے ہین آنحضرت اس کلام سے نہایت محظوظ ہوئے اور اُنکی تعریف کی اور اسی وقت ٹپکا اور شمشیر مرصع اور گھوڑا تازی اور خلعت مردانہ عنایت فرمایا چنانچہ وہ دونون رانی سالہاے دراز اور قرنہاے بیشمار سے بطنًا بعد بطنٍ اُس دیار کی حکومت کرتی رہین اور رسم اُس ملک کی آج تک یون ہی کہ عورتین بادشاہ اور شوہر اُنکے سلک امرا اور خدمتگارون مین منتظم ہوکر مہمات مالی اور ملکی مین دخل نہین کرتے ہین اور ہر روز عوام الناس کے موافق ٹپکا خدمت کا کمر جان مین باندھتے ہین اور درمیان شوہرون اور تمام خدمتگارون کے کچھ فرق نہین ہوتا ہی الغرض جب کہ اُس طرف کے راؤن نے بار خراج اپنی گردن پر رکھا علی عادل شاہ نے نیدری پنڈت کو کہ اُس دولتخانہ کے بہامنہ معتبر سے تھا اس طرف کا دیوان کیا اور مصطفےٰ خان کو صاحب اختیار اُس صوبہ کا کرکے وہ تمام ممالک اُس کی جاگیر مین تفویض فرمائے منصب وکالت اور امیر جملگی افضل خان شیرازی کو دیکر دوبارہ بیجاپور کی طرف مراجعت کی اور مصطفےٰ خان نے اس سبب سے کہ ہمیشہ رایات خیر خواہی بلند کرکے کشور کشائی کی فکر مین رہتا تھا بعد ضبط اُس حدود کے اپنے ایک معتمد کو کہ اُسے علی خان کہتے تھے عدالت پناہ کی خدمت مین بھیجا اور بلابندہ کی تسخیر کو واسطے کہ دارالملک راے کرناٹک ہوا تھا ترغیب اور تحریض کی اور اس سبب سے کہ یہ التماس عین مراد آنحضرت کی تھی حضار لشکر کو واسطے حکم دیکر نہایت تجمل وراجلال سے بیجانگر کیطرف نہضت فرمائی اور اودنی کی سیر کرکے پھر وہانسے واپس ہوا اور اُسکے بعد مصطفےٰ خان مع لشکر کرناٹک اور امراے بیکاپور کے اطراف مین ساتھ اُسکے ملحق ہوکر بکوچ متواترہ بلابندہ

کی طرف متوجہ ہوا اور تنکنا دری تاب مقابلہ شاہ اسلام نہ لایا قلعہ بلکنڈہ کو مردم معتبر کے سپرد کرکے خود بسرعت تمام تر با خزانہ
وفیل واثاثہ سلطنت بلدہ چندرکری کے سمت روانہ ہوا اور علی عادل شاہ بلکنڈہ مین پہونچا اول اطراف قلعہ اور شہر
امرا پر قسمت کیے اسکے بعد ہر ایک کو مورچون پر تعین فرمایا اور بعد تین مہینے کے مردمان حصاری غلہ اور آذوقہ
کے فقدان سے طالب عہد اور امان ہوکر قلعہ تسلیم کرنے پر آمادہ تھے کہ تنکنا دری اس امر سے واقف ہوا اور
از روے اضطرار آٹھ لاکھ ہون اور پانچ ہاتھی ہندیا ہیم نایک کے واسطے کہ امراے کبار برکی سے تھا بھیجکر یہ
التماس کی کہ اپنے ولی نعمت سے علم مخالفت بلند کرے ہندیا ہیم نایک نے زر کی طمع سے قدم بادیہ حرامخوری مین رکھکر
مع چار ہزار سوار اپنے مورچہ سے کوچ کیا اور اُردوے شاہی کے اطراف وجوانب مین مزاحمت پہونچاکر باہر نکل
گیا دوسرے دن ہندیا ہیم نایک کے اشارہ کے موافق چار نفر اور بھی امراے کبار برکی نے نشان غدر اور بغاوت
کا بلند کیا اور پانچہزار سوار لیکر اپنے تئین ساتھ اُسکے ملحق کیا اور وہ جماعت کہ تاخت اور دزدی مین بے نظیر تھی تاخت و
تاراج شروع کرکے اطراف وجوانب مین ڈاکہ مارنے لگے غلہ اور علف اُردوے شاہی سے اُٹھا لیجاتے تھے
اور راتون کو چوری مین تقصیر نکرتے تھے اسواسطے علی عادل شاہ اور مصطفےٰ خان ترک نے محاصرہ کو مناسب درصواب
سمجھکر انکا دفع کرنا واجب جانا اور جب لشکر کوچ کرکے بیکاپور کے اطراف مین پہونچا عدالت پناہ نے مصطفےٰ خان کو اس حدود
کے انتظام کیواسطے بیکاپور مین مقرر فرمایا اور خود بدولت واقبال نے ۹۸۶ھ نوسو چھیاسی ہجری مین بلدہ بیجاپور کی طرف
مراجعت فرمائی جب یہ خبر سمع مبارک مین پہونچی کہ امراے برکی از روے سرکشی اپنی جاگیر پر جو بیجانگر کی سرحد مین
تھی متصرف ہوئے ہین اور قدم بادیہ اطاعت مین نہین رکھتے ہین مرتضیٰ خان انجو کو کہ جو بعد قتل ہونے سیف
عین الملک اُسکے عہد مین ملازمت کے واسطے حاضر ہوا تھا اور خلعت امارت سے سرفرازی پائی تھی اسکو برکیون
کی ولایات سے جاگیر دیکر تین ہزار سوار تیر انداز اور چند امراے دکنی اور حبشی سے کفار برکی کے دفع کے واسطے نامزد فرمایا
چنانچہ مرتضیٰ خان اور برکیون کے درمیان ایکسال مین کئی مرتبہ جنگ واقع ہوئی غالب مغلوب سے متمیز نہوتا تھا اور طرفین
سے بہت آدمی مقتول ہوئے اور یہ معرکہ مفروغ نہوتا تھا آخر الامر مصطفےٰ خان نے کہ قلعہ بیکاپور مین استقامت رکھتا تھا
علی خان کو عدالت پناہ کی خدمت مین بھیجکر پیغام زبانی کیا کہ لشکر کو چورونکے مقابل بھیجنا اور خراب کرنا ہوشیاری سے
بعید ہے مناسب یہ ہے کہ انھین بلطائف الحیل بیجانگر مین طلب کرین اور اُسوقت جو کچھ شائستہ اور سزاوار ہو انھین
سزا پہونچا وین علی عادل شاہ نے یہ راے پسند کی اسو پنڈت برہمن اور بھی مردمان معتمد کو بھیجا اور متواتر چورون
کے پاس بھیجا کہ جس طور سے ممکن ہو انھین ولا سا دے کر بیجاپور کیطرف راغب کرین ہندیا ہیم نایک کو یہ امر
عقل کے موافق نہ آیا ایک انجمن شورہ کے واسطے ترتیب دی اور جب راے اور ہوج سیل نایک اور دونا نایک
اور تمنا نایک اور دیگر سردار متعوم اپنے جو عدہ امراے برکی تھے اُنکو حاضر کرکے کہا کہ ہم لوگون نے اُس زمانہ مین کہ
بلکنڈہ اور تمام ممالک کرناٹک کے مسخر ہوچکے تھے اور قریب تھا کہ سلطنت رام راج کی خاندان سے علی عادل شاہ
کی طرف انتقال کرے مخالفت کی اور ہم نے آنحضرت کو ایسی دولت سے محروم کیا اب محال ہے کہ ایسا جرم عظیم
بادشاہ کی خاطر دریا مقاطعہ سے محو ہوا اور بے ذریعہ کسی خدمت کے ہمکو منظور عنایت ہون اور جاگیر قدیم پاوین یقین
ہے کہ مسلمان ہمین فریب دیکر چاہتے ہین کہ بیجاپور لیجاکر انتقام لین امراے مذکور نے یہ بات قبول نہ کی اور بیجاپور کے

چلنے پر آمادہ ہوئے اور ہندو یا ہیم نایک نے انکی رفاقت ترک کر کے بلدہ بلکنڈہ کیطرف جاکر تنکناوری کی نوکری اختیار کی اور اول جوت راے نے بیجاپور جاکر خلعت امارت سے اختصاص پایا اور اس خبر کے انتشار ہونے سے اور بھی امرا قول و شرط درمیان مین لاکر بیجاپور کی طرف روانہ ہوئے اور جب سب ایک جگہ فراہم ہوے علی عادل شاہ نے اس بیت کے مضمون پر بیت سنگ در دست و مار بر سر سنگ + نی زدانش بود سکون و درنگ آتش غضب افروختہ کی ایک روز جوت راے کی نمکین نکال کر ہوج مل نایک اور دیونایک اور تمنایک کو انواع عقوبت سے ہلاک کیا اور لاشین انکی چھتروں پر رکھکر تمام شہر مین پھرائین اور اس جماعت کے شر و فساد سے فارغ ہوکر ماہ شوال ۹۸۸ھ نوسو اٹھاسی ہجری مین آنحضرت نے کہ اولد تھے اپنے بھائی شاہزادہ ابراہیم بن شاہ طہماسپ کو دلیعہد کیا اور امرا اور ارکان دولت سے فرمایا کہ میرے بعد تمھارا یہ بادشاہ ہی اور اسی سنہ مین جشن عالی ترتیب دیکر سنت خلیل اللہ کے موافق شاہزادہ عالیان کا ختنہ کیا منقول ہی کہ شب ختنہ مین جیسا کہ رسم و کن ہی شہزادہ عالیان کو پوشاک سرخ پہناکر شہر کی گشت کے واسطے قلعہ کے باہر لائے اور آتشبازی کے کوکرون و رائش اور درختون اور تصویرون مین کہ دو طرفہ شاہ بازار مین جابجا رکھے تھے آگ لگی مردم تماشائی سے سات سو آدمی کے قریب جلکر مرگئے اور حافظ حقیقی کے فضل و کرم سے شاہزادہ عالیان کو کہ اُس کی سواری مابین بازار پہونچی تھی کسی طرح کا صدمہ اور گزند نہ پہونچا چنانچہ اُسی روز سے صاحبقرانی اُس بادشاہ صاحب اقبال کی خاص و عام پر ظاہر اور باہر ہوئی اور بعد از فتح قلاع اور گوشمال امراے برکی اور حبشی اور ختنہ شاہزادہ عالیان کے شاہ عدل پرور کبھی مسند طرب پر رونق افزا ہوکر فروغ لالہ عذاران آفتاب وش اور شعاع جام شراب بیش سے بزم عشرت کو منور کرتا تھا اور کبھی بہ سیر عدالت پر جلوہ گر ہوکر تنگدستان وادی جور و ظلم کو چشمہ سار عدل و انصاف سے سیراب کرتا تھا ابیات کشیدے بادشاہ ہفت اورنگ + گے در بزم عشرت جام گلرنگ بہ نشستی گاہ بر تخت عدالت + پئے تادیب ارباب ضلالت + بنائے عدل را آباد کردے + دل غمدیدگان را شاد کردے + اور وہ باوجود اتصاف جمیع صفات حمیدہ اور خصال پسندیدہ کثیر المباشرت تھا لہذا بوجہ صحیح الوجہ ملیح الذار کے ساتھ انس کمال اور میل تمام رکھتا تھا اس واسطے علی بریدکے پاس آدمی بھیجکر پیغام کیا کہ مین سنتا ہون آپ کے پاس دو خواجہ سرا صاحب جمال ہین مناسب ہی کہ از راہ اخلاص دلی ان دونون کو بسبیل ستمجال ہمارے پاس روانہ کیجیے ملک بریدنے روز غدر و بہانہ مین بسر لے گیا یہان تک کہ مرتضے نظام شاہ نے ملکی طمع سے ایک فوج اُس پر تعین کی ملک بریدنے متحصن ہوکر التجا عدالت پناہ سے کی اُس نے ہزار سوار اُسکی کمک کو بھیجکر مرتضی نظام شاہ کے شر سے نجات بخشی امیر بریدنے عدالت پناہ کا یہ احسان عظیم اپنے اوپر دیکھ لیا اور جب عدالت پناہ کو ان خواجہ سراؤن کیطرف حد سے زیادہ رغبت اور مائل دیکھا ناچار دونون خواجہ سراکو احمد آباد بیدر سے بیجاپور کیطرف روانہ کیا اور جب منزل مقصود مین پہونچے اور سمجھے کہ یہین اس کام کیواسطے بلایا ہی ایک اُن دو خواجہ سرا سے کہ بزرگ تر اور بہتر تھا اس نے یہ کلمہ کہا کہ قراول یعنی زیر جامہ کے درمیان ایک قرولی پوشیدہ کی اور شہریار کو بعد ملاقات امیدوار وصال کرکے بملائمت و چاپلوسی بیش از بیش یکگام شب پڑدالا اور بعد از انتظار بسیار جب روز عمر اُسکا آخر ہوا اور رجہان نے لباس ماتمی پہنا عدالت پناہ باتفاق خواجہ سرا حجرہ خالی از اغیار مین داخل ہوا اور جب طالب وصال ہوا اُس نس کٹے نے قرولی مذکور سے اس شاہ خجستہ انجام کو بدرجہ شہادت

فائز کیا اور روزگار رقتہ انگیز کے مانند دروازہ جور وظلم کا کھولکر ایک عالم کو کہ اُسکے ظل دولت مین آسائش رکھتے تھے عیش و عشرت سے محروم کیا ابیات در لغا کہ آن شاہ عالی نژاد + کہ در عدل مثلش بگیتی نزاد + بہ تیغ ستم نقد جان برفشاند + از و غیر افسانہ چیزے نماند + بجز خاک خوبان درین دشت نیست + بجز خون شاہان زمین طشت نیست + جہان با ہمہ زینت و زیب او + نیرزد بدین رنج و آسیب او + چنین ست آئین گردندہ دہر + کہ بخشد بر غبت ستاند بقہر + اور یہ حادثہ عظمی اور واقعہ کبرے بیسوین ماہ صفر شب پنجشنبہ سنہ ۹۸۸ نوسو اٹھاسی ہجری مین واقع ہوا تھا اور ملا محمد رضائی مشہدی المتخلص برضائی نے مرثیہ اور تاریخ شہادت اس شاہ کامگار کی اس نہج سے سلک نظم مین منتظم کی ہی قطعہ آہ کہ دست اجل در چمن عدل و داد + نخل فتوت بکند شاخ مردت برید + بر فلک خسروی گشت ازین ماجرا + مہر کرم مختفی ماہ سخا ناپدید + خسرو عادل لقب شاہ علی نام آنکہ + ظلم بدوران او کس نہ شنید و ندید + وقت وداع جہان تا نرود تلخ کام + از کف ساقی دہر شہد شہادت چشید + سنتے و دران غیب از پے تاریخ آن + بر سر دفتر نوشت شاہ جہان شد شہید + تمام اعیان دولت اور ارکان حضرت اور کافہ سیاہ و رعیت اور گروہ حشم و خدم اور ازواج محترم اُس ماتم مین گریبان چاک اور بیتاب تھے اور دست حسرت سے خاک سر پر اڑاتے تھے اور خونناب چشم کو خاک رہگذر مین ملاتے تھے ہر ایک اس نشتر غم کی خلش سے بیتاب تھا سہ اسر ماتم کا سامان تھا شاہ فتح اللہ شیرازی کہ فضل اور اعلم علماے عصر تھا اور شاہ ابو القاسم آنجو اور مرتضے خان آنجو جو آنحضرت کے انیس و جلیس تھے اور میر شمس الدین محمد صدر جہان اصفہانی اور سادات و علما جو اطراف و اکناف جہان سے اُس دولتخانہ مین اُسکے عہد مین جمع ہوے تھے خسرو شہید کی میت کی تجہیز و تکفین مین مشغول ہوئے آخر کار آئین شاہان رفیع المقدار غسل و کفن دے کر تابوت مین رکھا اور صندوق نعش اُٹھا کر زربفت کی چادر سبز اُس پر ڈالی اور شامیانہ اس پر کھینچا دہنے بائین سیاہ بالباس سیاہ تلوارین کھینچے بحال زبون نشان سب سرنگون اور فوج کے سردار خنجر گذار پوشاک نیلگون پہنکر اشک فشان نوحہ زنان چاک گریبان جنازہ کے ساتھ ہوئے اور منظرہ جو شہر بیجانگر مین واقع ہی اور بروضہ علی شہرت رکھتا ہی اُس مین پیوند زمین کیا اور موافق آیہ کریمہ ان اللہ یغفر الذنوب جمیعا مغفرت و آمرزش پہنکر اُس کے طائر روح پرفتوح نے حظائر قدس مین آشیانہ کیا رباعی گویند بخشر گفتہ خواہد بود + وان یار عزیز تند خواہد بود + از خیر محض خیر نکوئی ناید + خوش باش کہ عاقبت نکو خواہد بود + اور دوسرے دن شہریار جوان بخت ابراہیم عادل شاہ کو کہ تخت بیجاپور اُس کے یمن قدوم سعادت لزوم سے قرین سپہر اعظم ہوا تھا تخت پر جلوہ گر کیا اور اُس شاہ عدالت پناہ نے اُن دونون خواجہ سرا کو ایک کو بطور قصاص اور دوسرے کو طراللباب بجزا و سزا پہونچا کر خاک ہستی اُنکی ساتھ صرصر فنا کے برباد کی فردوسی دو بدخواہ را زندہ بردار کرد + سر خواجہ کش را نگونسار کرد + چو خون خدا و ند ریزد کسے + در آنش بنا شد گیتی بسے + اور اس تاریخ بلدہ بیجاپور مین مسجد جامع اور تالاب شاہپور اور آب کا پنج جو تمام مردم شہر پر وقف ہی اور عہد مین اُس شاہ شہید کے کشور خان کے اہتمام سے اتمام کو پہونچی تھی یادگار رہین سخاوت اُس غفران پناہ کی ساتھ اُس حد کے تھی کہ جب ابراہیم عادل شاہ برحمت حق واصل ہوا ایک کرور ہون طلائی سے زیادہ خزانہ مین تھے

اور دیگر امتعہ نفیسہ اور جواہر کا کچھ اندازہ نہ تھا جب آنحضرت نے سریر جہانبانی کو اپنے وجود باجود سے زینت بخشی تو یہ تمام اندوختہ مع تمام آمدنی جو اُسکے عہد مین بہم پہونچی تھی بالتمام مردم ایران وتوان دعربستان وروم اور اقالیم سبعہ کہ اُسکے دربار مین حاضر ہوتے تھے اُنپر اور اہل عالم پر بنسیان کے مانند در نشان کیا اور جس وقت وہ عالم فنا سے دار البقا کی طرف متوجہ ہوا زر کر نا ملک کے سوا جو آخر سلطنت مین مصطفےٰ خان اردستانی کے مساعی جمیلہ سے خزانہ مین داخل ہوا تھا اُسکے سوا کچھ نہ تھا بلکہ اُس مین سے بھی مبلغہاے کلی مساکین اور مستحقین پر صرف ہو گئے تھے اور علی عادل شاہ کے عہد فرخندہ مہد مین دو مرتبہ ایلچی اکبر بادشاہ کا بیجاپور مین آیا ایک دفعہ حکیم علی گیلانی اور دوسری مرتبہ حکیم عین الملک شیرازی) چنانچہ استقبال کرکے دونون کو باعزاز واکرام خراون شہر مین لائے اور حکیم علی کو مع تحف و ہدایا اور پیشکش فراوان رخصت فرمایا اور حکیم عین الملک ابھی بیجاپور مین تھا کہ آنحضرت شہر شہادت نوش فرماکر روضۂ رضوان مین داخل ہوئے اُسنے بدون تحف وہدایا اکبر شاہ کے دربار کی طرف معاودت کی

ذکر جلوس خسرو سکندر دستگاہ جمشید بارگاہ ابراہیم عادل شاہ ثانی خلد اللہ ملکہ کا تخت بیجاپور پر

بیت رقم سنج این نقش خط الست + نمونہ چنین دار دار نقشبند + کہ جب دست قضا وقدر نے نقاب سیاہ شب بیسوین ماہ مذکور کو روے رخسار گیتی سے اُٹھایا یعنے نیر اعظم سپہر زنگاری مین جلوہ گر ہوا یعنے شب گزری سحر نمایان ہوئی رباعی چو صبح در بر گردون کشید کسوت نور + جہان کشا وزرخ پردۂ شب دیجور + زفیض چشمۂ خورشید کرد دست قضا + غبار ظلمت شب از سواد گیتی دور + ارکان دولت اور اعیان مملکت وزیر وامیر وپہلوان وسپہ سالار نامی جوان شریا صفت مجتمع ہوئے انجمن فیض سرشت مثل چمن بہشت کے آراستہ کی سریر کامرانی اور تخت جہانبانی پر جواہر اور موتی آبدار اور لولوے شاہوار افشان ہوئے ایوان شاہی کو ہر قسم کے لطائف اور ظرائف سے سجا اُس وقت بیت بہ نیک طالع وفرخندہ روز وفرخ فال + بسعد اختر ویمون زمان وخرم حال + اعظم اعدل صاعد مصاعد دین ودولت عارج معارج شوکت وحشمت اردشیر صولت نوشیروان معدلت یوسف طلعت حاتم ہمت فریدون منزلت سکندر حشم داراعزم بہرام زرم پرویز بزم زیب دہ اریکۂ جہانبانی رونق بوستان ظل سبحانی شہریار نوجوان سلطان ابن سلطان ابن سلطان ابو المظفر ابراہیم عادل شاہ بن طہماسپ شاہ بن شاہ ابراہیم عادل شاہ کہ سائبان زرین طناب اُس کے جاہ وجلال کا دامن آخر الزمان تک افراشتہ اور بلند رہے شبستان سلطنت اور سرابستان خلافت سے بارگاہ شوکت کی طرف خرامان ہوا اور بادشاہان عالی مقدار کے مانند سریر سلطنت پر باجاہ وحشم جلوہ گر ہوا اور قصر دولت اور کاخ مملکت کو ضیاے چہرۂ دلفروز سے منور اور روشن کیا اور سب کو کہ مثل قسمت چمکا اطاعت اور فرمان برداری کا کمر جان پر باندھکر مثل آب سرزمین عبودیت پر رکھکر بساط شاہی کے حاشیہ پر پاے ادب سے کھڑے تھے خلعتہاے فاخرہ سے سرفراز کیا باوجود صغر سن کہ مدارج اور مراحل عمر شریف اُس کے نو درجے طے ہوئے تھے یعنے کل نو برس کا سن تھا ابھی آنحضرت عشرہ کامل یعنے دس برس کے نہوئے تھے ہر ایک دولت خواہ کو بعبارت شافی اور تقریر مفید ترقوی پشت اور فرمانبردار کیا وکند نظر عنایت

اور التفات سے خاص و عام کے دلون کو صید فرمایا فیض سحاب انعام اُسکے سے کشت زار جہانیان کے نہایت سبز اور شاداب ہوئے **بیت** آن مژدہ کہ اقبال ہمید او وفاشد + وان کام کہ ایام بجوست بر آمد + امرا و ارکان دولت نے عقد جواہر اور زر سرخ و سفید فرق ہمایون پر نثار کرکے لوازم شکر و سپاس اہب الموہب ادا کیا اور خطباے واجب التعظیم خطبہ کو نام ولقب بادشاہ جم بارگاہ سے بلند آوازہ کرکے غلغلہ تہنیت اور مبارکباد کا ذروۂ سپہر مقصود سے گذرانا اہالی دار السلطنت بیجاپور نے نہایت سرور سے دکاکین اور دیوارون کو دیباے ہفت رنگ اور اقسام اقمشہ سے زیب و زینت بخشی **بیت** گذرہا را عبیر آلود کردند + گلاب افشان و مشک اندود کردند + اور جیسا کہ ملک ہند کا دستور ہی گائین اور بکریان اور ٹوکرے ست نجے کے مملو فرق ہمایون پر تصدق کرکے مراسم نثار و ایثار بجالائے اور جبین نیاز آستان بارگاہ جہان پناہ پر گھسکر دعا و ثنا مین لب کھولے **ابیات** کرشاہا بقاے تو جاوید باد + لواے تو برتر ز خورشید باد + سزد تختگاہت قضاے سپہر + منور بانوار رخسار مہر + ہمان بہ کہ سیر مہ و خور مدام + موافق بحکمت بود صبح و شام + سزد گر ملک بمن تازیین + سلاطین ایران و توران زمین + بخدمت بہ بندند پیشت کمر + نہ پیچد کس از طوق فرمانت سر + اور اُس وقت کہ دم بدم غنچہ سلطنت و اقبال اُسکے نسیم مکارم اخلاق کے چلنے سے مثل گل نو بہار شگفتہ اور خندان ہوتے تھے اور گلزار برکات و سکنات سے عالم عالم بے امیدواری مشام جان مین پہونچتی تھی ہمیشہ خاطر فیض مقاطر اُسکی سواری اور نیزہ بازی بلکہ جمیع آلات حرب و ضرب و سپاہگری کی طرف مائل رہتے تھے ایک ساعت لہو و لعب کی طرف کہ مقتضاے عالم طفلی ہی نہ مشغول ہوکر ہمیشہ اوقات شریف کو تحصیل سعادات اور کسب حسنات مثل تلاوت قرآن اور مشق خط مین صرف کرتا تھا اور بے آمیزش تکلف و تناگستری وہ شہنشاہ خورشید عذار کہ سبب تالیف اس کتاب کا ذکر واقعات اُسکا ہی اگر شب تار پر سایہ ڈالے آفتاب و مہتاب کی نور بخشی سے صبح نشور تک مستغنی ہووے اور اگر زلف مشکبو اُسکی سے ایک نصیبہ گلستان کو پہونچے عطر بیزی صبا سے بے نیاز ہووے، چشم عدل اُس کی حافظ و نگہبان کام جہانیان ہی اور دال دولت اُسکا فتح و فیروزی کی رہبری کا نشانہ ہی کسیرے داد گستر اُس کے انصاف بنیایت سے غاشیہ بردوش اور حاتم سخا پرور اُسکے جود بے نہایت سے حلقہ در گوش اور اُسکے رعب عدالت سے فتنہ خوابیدہ چونک کر بھاگ جاے اور اُسکے حفظ کی برکات سے بادصرصر ایکبار چراغ مردہ روشن کرنے سے عیسوی دم ہوجاوے اور اُس کے قدمون کی برکت سے بسیط خاک مس کائنات کیواسطے اکسیر شیم ہی **ابیات** دران قسمت کہ بخشہا نمودند + دو ابراہیم را زینت فزودند + یکے دولت سراے دین بیارست + یکے شد کار ملک از عدل او راست + از و گشت آتش سوزندہ ریحان + وزین نارستم شد نور احسان + ازان شد خانۂ دیر پر نور + وزین ملک سلیمان گشت معمور + شکست آن یک بت آزر بجستی + وزین یک دین احمد را درستی جس شخص نے دساوس شیطانی سے نہال خلاف کو آب دیا سر پر ہوا و ہوس کو اپنے بر باد دیا اور جس نے اطاعت سے سر و تن راستی مین دیا شاخ شجر نے اُسکے مثل طوبے آفات دہر سے گزند بنایا مطیع درگاہ نے مثل ماہ سر بر اوج سپہر بلند کیا اور مخالف بارگاہ ماہ نخشب کی طرح حضیض چاہ فنا مین پڑا خیاط قضا و قدر نے خلعت باہجت و اللہ یوتی الملک من یشاء اس کے قامت قابلیت پر آراستہ کیا اور علم دولت اُس کا

کتبہ انا فتحنا لک فتحا مبینا سے پیراستہ ہوا دائمی بخت بلند کی ہمدمی سے سیارون کے بادشاہ کو مطیع کیا اور اقبال بلند کی دستیاری کے باعث سرمہ چشم دولت مین کھینچا درخت امید اُس کا ہر وقت ثمر غیر مکرر سے بار ور اور بوستان حشمت اُس کا ہر لحظہ گلہاے تازہ تر سے معطر ہے سلاطین اطراف رعب حسام خون آشام اُس کے سے قدم جرأت میدان نبرد سے کھینچکر عجز و انکسار سے پیش آئے اور گردن کشان اکناف اُس کی آستان آسمان شان پر پناہ لیکر عبودیت اور بندگی مین سرگرم ہوئے امیدواری بجناب کبریاے باری تعالے و تقدس یہ ہی کہ جو تحفہ دولت کا کہ کارخانہ لنصرن اللہ سے ہی چہرہ کشا ہوا اور جو عطیہ سعادت کا کہ مسندوما النصر الا من عند اللہ پر جلوہ نما ہوا اس مین سے سب سے بڑا اور پورا حصہ بجناب جلالت مآب سلطان عالم کہ قبلہ امیدواران اور کعبہ آرزومندون کا ہی پہونچتا رہے اور انقراض ایام عالم تک کسی طور کا نقص اور فتور قصر بقصور و قواعد مضبوط خلافت و حشمت مین نازل نہو **نظم** جہان تا جہان آفرین آفرید ۔ چنین بادشاہے نیامد پدید ۔ ہمہ سودمندی زکردار اوست ۔ خور و ماہ روشن ز دیدار اوست **ایضاً** جہان زندہ باین صاحبقران ست ۔ درین شک نیست کو جان جہانست ۔ جز این یکسر ندارد شخص عالم ۔ مباد اگر سرش موے شود کم ۔

آغاز واقعات خسرو عدالت آئین یعنے ابراہیم عادل شاہ ثانی

مستخبران احوال عالم کے طبائع آفتاب شعاع پر روشن اور ہویدا ہو کہ جب فرق مبارک اعلے حضرت بادشاہی لازال اقبالہ نے آوان طفلی مین بتاج وہاج انا جعلناک خلیفۃ فے الارض اختصاص پایا اور ایالت اقلیم عالم اور کفالت مصالح بنی آدم پر مقرر ہوئے صغر سنی کے باعث سلطنت کا اہتمام اور رعیت کا انتظام نہ کر سکے ابتداے جلوس مین چند امراے معتمد حسب نوبت ظلم و تعدی سے ایک دوسرے پر غالب آنکر باگ حل و عقد سلطنت کی اپنے قبضۂ اقتدار مین لائے ذکر انکا جو لائق درج کتب و تواریخ ہی کیست خوشخرام قلم میدان بیان مین جولان ہو کر قدرے حالات اور واقعات اوائل ایام جلوس سے بہ سبیل اختصار یون مرقوم خامہ سخن گذار کرتا ہی کہ کامل خان دکنی جو امراے کبار اس دولتخانہ سے تھا اور جیسا کہ سابق مین مذکور ہوا قلعہ مرچ مین شاہ غفران پناہ علی عادل شاہ کی نسبت نہایت اخلاص ظاہر کر کے محرمان امور سلطنت سے ہوا وہی اس وقت بھی امور مہمات ملکی اور مالی پر غالب ہوا اور اپنے معتمدان و متعلقان کو بادشاہ کی خدمت اور محافظت کیواسطے مقرر کیا اور تھانہ دار قلعون پر بھی اپنی جانب سے نصب کیے اور سلوک مستحسن ہمیشہ اختیار کیے اور بادشاہ کی پرورش و پرداخت چاندبی بی زوجہ علی عادل شاہ کے متعلق کی اور تمام اشراف مملکت کو فراہین استمالت بھیجکر اُن کی تسلی خاطر مین کوشش کی اور ہر روز سواے چارشنبہ اور جمعہ کے چاشت کے وقت آنحضرت کو حرم سراے طلب کر کے سریر کامرانی پر بآئین بادشاہان عظام اور خسروان والا مقام متمکن کرتا تھا اور بار عام دیتا کہ خاص و عام قدمبوسی اور سلام کے شرف سے مشرف ہوتے تھے اور اُس جم جاہ کے حضور مہمات سلطنت فیصل ہوتے تھے ہر ناکام کامیاب ہو کر اپنے مطلب کو پہونچتا تھا اور رعب عدل کے سبب کسی

سے کسی کو صدمہ نہین پہونچتا تھا اور جب دو مہینے اس صورت سے منقضی ہوئے کامل خان اس مصرع کے موافق مصرع بوئے نسیم بادہ بس مستانرا ۔ شراب استقلال دو روزہ کے استشمام سے بیخود اور مغرور ہوکر چاندبی بی کی نسبت بے ادبی اور بدنامی دینے پر آمادہ ہوا اور وہ عفیفہ دوران اور معصومۂ زمان آتش غضب و انتقام افروختہ کرکے درپی اُس کی تضییع اور بربادی کی ہوئی اور حاجی کشور خان ولد کمال خان کو جو امرائے معتبر اُس درگاہ سے تھا پوشیدہ پیغام کیا کہ کامل خان منصب جلیل القدر وکالت کے لائق نہین ہے صلاح یہ دیکھتی ہون کہ تسلط اس کا دفع کرو تو مین وہ منصب تیرے تفویض کرون لازم ہی کہ جس طور ممکن ہو اُسے درمیان سے دفع کر اور تاخیر اور اہمال اُس کی قوت کی زیادتی کا سبب ہی حاجی کشور خان اس حکم اور بشارت کے سبب قوی پشت ہوا اور تھوڑے مردم اشراف کو ساتھ اپنے متفق کیا چار سو سوار جرار مسلح اور تیار ہمراہ لیکر اس وقت کہ کامل خان سبز محل مین بیٹھکر کچہری کرتا تھا دفعۃً داخل ہوا اور دروازہ اندر سے بندکرکے تھانہ دار کو قید کیا اُس کے بعد سبز محل کی طرف متوجہ ہوا اور کامل خان کہ بازی روزگار سے غافل تھا اس ماجرے سے آگاہ ہوکر سراسیمہ اور بدحواس حرم سرا کی طرف اس امید سے روانہ ہوا کہ چاندبی بی سلطان میری حمایت کریگی تضارا ایک جماعت خواجہ سراؤن سے جو وہان حاضر تھی اور سلطانہ اُسکے دم مصاحبت کا مارتی تھی اسکے پاس آئی اور اُسکے کان مین کہنے لگی کہ یہ امر چاندبی بی سلطان کی تحریک کے سبب واقع ہوا اُسکے پاس جانا خلاف عقل ہی کامل خان بحر تفکر مین غوطہ زن ہوا اور جو جانتا تھا کہ دروازہ دشمن کے قبضے مین ہی عمارات شاہی کے پیچھے سے آپ کو دیوار قلعہ پر پہونچایا اور آتش فتنہ جانسوز کے گمان سے مضطرب اور حیران ہوکر ایک خندق مین کہ اُس مین پانی تھا کود پڑا اور پیر کر اُسکے کنارے پہونچا اور اس سبب سے کہ اُسکی زیست مین قدرے مہلت تھی کسی مردم شہر نے اُسے نہ پہچانا کامل خان باغ دروازہ امام پر جو خندق قلعہ ارک کے کنارے واقع ہی آیا درختون کی پناہ مین بسرعت باد سریع السیر اپنے تین حصار شہر مین کہ بلندی اُسکی بارہ گز شرعی کے قریب ہی پہونچایا اور بے امداد دوسرے کے قلعہ کی دیوار سے اترنے کی تدبیر کی دستار اور پٹکا اور شال دوش انداز اپنی کو ایک دوسرے مین گرہ دیکر بطریق کمند کنگرے پر مضبوط باندھی اور اُسکے سہارے سے اتر آیا اُسوقت تک بھی کوئی اس تک نہ پہونچا اور وہ پیادہ پا اور سراسیمہ اپنے مکان پر جو شہر کے باہر تھا گیا اور بھاگنے پر آمادہ ہوا اور حاجی کشور خان وغیرہ جو ایسی دلیری کا اُس سے گمان نہ رکھتے تھے ایک ساعت تک اس عمارت قلعہ اور جاہاے تاریک مین شرائط تفحص بجالایا اور آخر کو جب معلوم ہوا کہ کامل خان دکنی جان کے خوف سے آپ کو حصار قلعہ سے شہر کے نیچے گراکر سلامت اپنے مکان کی طرف گیا ہی سب نے اتفاق کرکے ایک جماعت کثیر اُسکی جستجو اور گرفتاری کے واسطے نامزد کی کامل خان اس ماجرے سے مطلع ہوا کچھ جواہر اور زر نقد لیکر باتفاق سات یا آٹھ آدمیون کے احمد نگر کیطرف مفرور ہوا ابھی دو کوس راہ طے نہوئی تھی کہ کشور خان کے آدمیون کے ہاتھ اسیر اور دستگیر ہوا اور اُن لوگون نے اس توہم سے کہ مبادا اُسکے سپاہی یا ہوا خواہ تاخت لاکر اسے ہمارے ہاتھ سے رہا کرین فوراً سر اس کا تن سے جدا کرکے تمام مال و جواہر اُسکا تاراج کیا ایک اثر اس سے باقی نہ رکھا سچ ہی مصرع قضائے آسمانست این و دیگرگون نخواہد شد ۔ حاجی کشور خان نے بعد اس معاملہ کے روش کامل خان کی اختیار کی چاندبی بی سلطان

کی معاونت اور التفات کے سبب باگ امور سلطنت کے بندوبست کی اپنے قبضہ اقتدار مین لایا اور رایات استقلال بلند کرکے نہایت غلبہ اور تسلط کے ساتھ مہمات دولتخانہ مین مشغول ہوا اور اس عرصہ مین ہزار ملک ترک سر سر نوبت مرتضےٰ نظام شاہ کا پندرہ ہزار سوار انتخاب ہمراہ رکاب لیکر بقصد تسخیر بعضے پرگنات سرحد عادل شاہ کے احمد نگر سے کوچ پر کوچ روانہ ہوا اور حاجی کشور خان نے کیفیت نظام شاہ کے ارادہ کی بادشاہ کے عرض مین پہونچائی اور حکم کے موافق عین الملک کنعانی اور چند بیر اور انکسن خان اور امرائے حبشی کو مثل اخلاص خان ودلاور خان کے برائے مدافعہ سپاہ نظام شاہ روانہ کیا ان لوگون نے شاہ درک پہونچکر بعد چند روز آرام کے یکایک نقارہ جنگ بجاکر غنیم نظام شاہی پر جو پانچ کوس تھا تاخت کی ہزار ملک نظام شاہی نے بھی مقابلہ کیا لیکن بعد سخت جنگ کے مجروح ہوکر منہزم ہوا اور خزانہ وخیمہ وہاشمی گھوڑے عادل شاہیون کے ہاتھ آئے یہ اول فتح تھی تب سے اب تک کہ عمر شریف چھتیس ۳۶ سال کی ہوئی ہے ہر بار بہ معرکہ مین ابراہیم عادل شاہ ثانی کو فتح نصیب ہوتی رہی جب امرا کا فتحنامہ پہونچا تو بیجاپور مین خوشی کا نقارہ تین رات دن بجتا رہا تمام شہر مین شیرینی تقسیم ہوئی پھر کوار خان نے چاند بی بی کے حکم سے امرا لشکر کو خلعت وشمشیر مرصع وگھوڑے مع زین ولگام مرصع ارسال کیے بعد چند روز کے لشکر خان نے بدون اجازت چاند بی بی کے فرمان بھیجا کہ جو ہاتھی لشکر نظام شاہ سے قریب سو کے حاصل ہوئے ہین بھیجدو امرا نے ناخوش ہوکر باہم مشورہ کیا بعض نے اصلاح دی کہ چاند سلطانہ کو عریضہ بھیجکر استدعا کرو کہ سید مصطفےٰ خان کو بیکاپور سے طلب کرکے سربراہ کارکرین اور بعض نے کہا کہ ابھی ٹھہرو چونکہ سید مصطفےٰ اسپہ سالار نظام شاہی احمد نگر سے شکست کی تلافی کے لیے متوجہ ہی پہلے اس سے مصاف ہوجاوے تب خود بیجاپور چلکر دولتخانہ کا انتظام اپنے ہاتھ مین لین یہ خبر مشہور ہوگئی اور لشکر خان نے مرسے مصطفےٰ خان کے قتل کا فرمان لکھکر اپنے پاس سے مہر بادشاہی ثبت کرکے ایک پردیسی امین خان کو دیا کہ سید نورالدین محمد مشہدی کے پاس لیجاوے حالانکہ اس مشہدی کو خود سید مصطفےٰ خان نے تربیت کرکے بیکاپور کے نواح مین جاگیر دلوائی تھی لیکن دینا نے اس کو اندھا کردیا فرمان اس نے بسر وچشم قبول کیا جس کا مضمون یہ تھا کہ اگر تو مصطفےٰ خان کو قتل کرڈالے تو اُس کا منصب وجاگیر تجھے عطا ہو چنانچہ نورالدین نے لطائف الحیل سے محمد امین مذکور کو قلعہ بیکاپور مین بھیجا اور اس کے ساتھ ایک فرمان لکھدیا کہ بادشاہی حکم سے اگر تم لوگ اپنی جان کی بہتری چاہتے ہو تو مصطفےٰ خان کو قتل کرکے بادشاہی مناصب وجاگیرات حاصل کرو ورنہ مصطفےٰ خان خود چاہتا ہی کہ تم سب کو قتل کرکے قلعہ وصوبہ راجہ کرنایک کو دیدے محمد امین شام کو قلعہ کے دروازہ پر پہونچا اور کہا کہ ضروری فرمان بنام مصطفےٰ خان لایا ہون مصطفےٰ خان نے اس کو قلعہ مین بلایا اور عمدہ مکان مین مہمان کیا رات مین امین مکار نے راجہ ورانی اپنے ساتھ متفق کیے صبح کو سید مصطفےٰ خان بعد نماز ورد وظیفہ مین مشغول تھا کہ ناگاہ ان لوگون نے زہ کمان سے اس سید بزرگوار کو شہید کیا کہتے ہین کہ بیکاپور مین ایک منجم نہایت بوڑھا تھا اس نے راجہ بیکاپور سے کہا تھا کہ بیس برس بعد سید مصطفےٰ خان اس کو فتح کرے گا

چنانچہ جب فتح ہوا تو مصطفےٰ خان نے لشکر تعجب کیا اور بلوا کر اپنا زایچہ پوچھا اس نے سخت اصرار کے بعد کہا کہ فلان سال ارکان بیجاپور مین سے ایک کے فریب سے تو اس قلعہ مین مارا جائیگا اور وہ شخص بھی تلنگ کو بھاگے گا اور وہان قتل ہوگا - چنانچہ جب لشکر خان کی فتنہ پردازی سے مصطفےٰ خان مارے گئے اور چاند سلطانہ کو یہ حال کھلا تو اس محترمہ نے قاتلون پر لعنت و نفرین کی کیونکہ بیگم ہمیشہ سادات کی تعظیم و تکریم و محبت مین راسخ تھی لشکر خان بڑا مکار تھا اس نے مشہور کر دیا کہ چاند سلطانہ ہمیشہ یہان کی خبرین اپنے بھائی مرتضےٰ نظام شاہ بحری کو لکھا کرتی ہے کہ وہ موقع پاکر لشکر کشی کرین اور مشورہ طے کر لیا کہ جب تک نظام شاہ کا معاملہ طے نہو چاند سلطانہ کو قلعہ ستارہ مین نظر بند رکھین چونکہ بادشاہ بوجہ کم سنی کے گونہ مجبور تھا لشکر خان نے اپنی طرف سے لونڈیون کو رشوت دیکر بہکایا اور تدبیر چاند سلطانہ کو محل سرا سے نکالکر پالکی مین قلعہ ستارہ بھیجدیا اور کمال استقلال سے مغرور ہوا اور اپنے معتمد علیہ میاندوی دکنی کو سپہ سالار لشکر کر کے بہت سے ہاتھی گھوڑون سمیت قلعہ شاہ درگ مین سرحد پر بھیجا - امرائے دکنی و حبشی یہ خبر سنکر بہت عزت سے استقبال کر کے اس کو لشکر گاہ مین لائے - میان بدو نے جو مرد مدبر کار آزمودہ تھا بہت سے وعدہ وعید کر کے عین الملک کنعانی و انکس خان کو جو زبردست امرا مین تھے لشکر خان کا شریک بنا کر باقی امرا کے دفع کرنے کی فکر مین ہوا لشکر خان نے بادشاہی مہر سے ایک فرمان بنام بدو خان تیار کر کے روانہ کیا کہ بادشاہ عالیجاہ کو صحیح خبر ملی ہے کہ امرائے لشکر بدعہدی سے لشکر احمد نگر کے مقابلہ مین تساہل کرتے ہین بہرصورت ان کو مقید کر کے قلعہ شاہ درگ مین مقید کرے اور ان کے ہاتھی گھوڑے روانہ درگاہ کرے اور خود قلعہ کی حفاظت مین پوری احتیاط رکھے - میان بدو نے چاہا کہ اول اخلاص خان و حمید خان کو ضیافت کے بہانہ سے مقید کرے لیکن وہ لوگ ہوشیار ہو گئے اور فوراً معتمد امرائے حبشی سے مشورت کر کے یہ راے قرار دی کہ فی الفور اخلاص خان سامان ضیافت مہیا کر کے اخلاص و عقیدت سے میان بدو کو بلا دے اور مقید کر کے فوراً بیجاپور جا کر لشکر خان کو بھی دور کر کے مع سپہ سالار یہان آکر لشکر نظام شاہی کو دفع کرین اخلاص خان نے اپنے یہان تولد فرزند کی خوشی کا جلسہ کیا اور میان بدو کے پیشکش کے لیے عمدہ تحائف منتخب کیے اور عریضۂ قدوم بھیجا اور آخر میان بدو مع خواص کے قلعہ مین مقید ہوا اور امرا نے اُسی روز بیجاپور کی طرف کوچ کیا اور انکس خان و عین الملک بھی اپنی اپنی جاگیرون کو چلدیے اور لشکر خان نے بظاہر بے پروائی کی اور بادشاہ کو اپنے یہان لیجا کر جشن عظیم کیا اور بہت سے اموال نفیس پیش کیے تاکہ اس کی ہیبت قائم ہو مگر کچھ نہوا جب وہ بازار سے گزرا تو بڑھیون و لونڈیون سب نے اس پر لعنت کی کہ یہ وہی یزید ہے جس نے اولاد رسول صلعم مین سے مصطفےٰ خان کو ہلاک کیا اور علے عادل شاہ کی بیگم حضرت چاند سلطانہ کو اہانت کے ساتھ ستارہ بھیجا - کشور خان سمجھ گیا کہ خاص و عام اس سے بیزار ہین جب اس نے سنا کہ امرائے حبشی ایک منزل پر آگئے ہین تو بادشاہ کو شکار کے لیے باہر لے گیا اور کلاغ باغ کے پاس دم بھر توقف کر کے بادشاہ سے عرض کیا کہ

ہوا بہت گرم ہے حضور واپس جاویں اور بندہ کو اجازت ہو کہ شاہ پور ہو کر حضور میں حاضر ہو بادشاہ قلعہ میں چلا گیا اور وہ بدبخت عمدہ خزائن شاہی لیے ہوئے مع چار سو مسلح سواروں کے گھر یا چھوڑ گرا حمد نگر کی طرف فرار کیا چونکہ وہ لوگ بھی سخت ناخوش تھے سیدھا گولکنڈہ کی طرف قطب شاہیہ کی خدمت کے لیے روانہ ہوا لیکن وہاں پہونچنے سے پہلے ایک اردستانی نے بعوض خون مصطفےٰ خان اُس کو خنجر سے ہلاک کیا اور منجم بیکا پوری کا زائچہ ٹھیک ہوا۔ لشکر کے امرا اس کے بھاگنے سے مطلع ہو کر بشوکت تمام داخل بیجاپور ہو کر بادشاہ کی ملازمت حاصل کی اور اخلاص خان حبشی منصب وکالت پر مقرر ہو کر مختار مال و مالک ہوا اور فی الفور چاند سلطانہ کو اعزاز سے بلا کر بدستور سابق بادشاہ کی پرورش ان کے سپرد کی اور سلطانہ کے کہنے سے پیشوائی کی خدمت موافق عہد عادل شاہ کے فضلی خان شیرازی کے سپرد کی اور اس کے مخلص خیر خواہ بہمن پنڈت کو مستوفی الممالک بنایا چونکہ چاند سلطانہ کو پردیسیوں کی طرف توجہ خاص تھی اخلاص خان نے محض اس توہم سے کہ مبادا منصب وکالت سے معزول ہو افضل خان اور پنڈت کو ناحق قتل کیا اور افضل التاخرین شاہ فتح اللہ شیرازی و شاہ ابوالقاسم و مرتضےٰ خان آنجو کو مع دیگر اکابر و اشراف کے جو بیجاپور سے پردیسی تھے بیجاپور سے نکال دیا اور حمید خان دولا ور خان کے اتفاق سے مہمات سلطنت سرانجام دینے لگا اور عین الملک کو جاگیر سے طلب کیا وہ فوراً روانہ ہو کر قریب پہونچا تو ان امرا ثلثہ نے اس کی تکریم کر کے استقبال کیا اس نے ان کو قلیل جماعت پا کر گرفتار کر لیا اور پا بزنجیر کر کے دو تین دن بعد شہر میں داخل ہو کر قلعہ کے دروازہ آلپور سے چند قدم بڑھا تھا کہ مخبروں نے اس کو خبر دی کہ بادشاہی علاقوں نے دستور خان تھانہ دار قلعہ کو اس گمان پر کہ عین الملک سے متفق ہے قید کر لیا اور ارک کا دروازہ بند کر کے مستعد جنگ ہیں عین الملک خوف کھا کر الٹا پھرا اور سراسیمہ ہو کر قیدی امرا سے بھی غافل ہوا جو ہاتھیوں پر لدے ہوئے ساتھ تھے اور ہنوز قیدیوں کا ہاتھی شہر کے باہر نہوا تھا کہ غلامان شاہی میں سے مقصود خان مع ایک جماعت کے پہونچا اور قیدیوں کو چھین کر ان کی بیڑیاں کاٹ دیں اور بادشاہ کی خدمت میں لے گیا اور عین الملک اپنی جاگیر کو چل دیا اور حبشیوں نے بدستور تسلط کر لیا لیکن عین الملک نے اکثر امرا کو اپنا ساتھی بنا لیا اس وجہ سے دارالسلطنت بیجاپور میں ہرج مرج پیدا ہوا بہزاد الملک نظام شاہی جو بعد شکست کے چند منزل ہٹ گیا تھا اس موقع پر سید مرتضےٰ امیر الامرا امرائے برار کو ساتھ لے کر شاہ درک کیطرف لوٹا اور ۹۸۹ھ نو سو نواسی ہجری میں ابراہیم قطب شاہ بادشاہ تلنگ کے مرنے پر اُس کا صغیر عمر کا بڑا بیٹا محمد قلی قطب شاہ تخت نشین ہوا اور امرائے بزرگ کے صوابدید سے مرتضیٰ نظام شاہ سے دوستی میں یہ رائے قرار دی کہ بہزاد الملک و سید مرتضےٰ کی مدد کر کے پہلے قلعہ شاہ درک فتح کر کے ان کے حوالہ کرے پھر قلعہ گلبرگہ فتح کر کے خود متصرف ہو بنابرین سب نے جا کر قلعہ شاہ درک کا محاصرہ کیا اس مضبوط قلعہ کا محافظ محمد قاسم پردیسی تھا اس نے دلیرانہ مدافعہ میں ہر روز نظام شاہی و قطب شاہی جماعت میں سے بہت لوگوں کو معدوم کرنا شروع کیا اور جب انھوں نے اس کو وعدۂ فتح

سے اس کو پھسلایا تو اُس نے یہی عذر کیا کہ اگر آج مین بے وفائی کرون تو کل آپ کو مجھ پر کیا اعتماد ہوگا جب چار ماہ طول محاصرہ مین بہت کار آمد فوج ماری گئی تو قطب شاہ نے میرزا اصفہانی کو جو باعث محاصرہ وجنگ تھا ملامت کی بہزاد الملک وسید مرتضےٰ بھی بہ تنگ تھے آخر سب نے اتفاق کیا ایسی تکلیف چلکر دارالحکومتہ بیجاپور فتح کرنے مین اُٹھانا مناسب ہی لہذا بیجاپور کی طرف کوچ کیا اور چالیس ہزار سوار سے راہ مین غارت وقتل وظلم کرتے ہوئے بیجاپور پہونچے وہان سوائے دو تین ہزار سوار خاصہ خیل کے فوج نہ تھی ناچار امرائے حبشی نے قلعہ بندی کی اور فرمان شاہی کے بموجب عین الملک وآنکس خان اگرچہ ساٹھ ہزار سوار سے آکر دروازہ اللہ پور پر اُترے تاہم روزانہ جنگ مین دشمنون کا غلبہ تھا اور بارش کی کثرت سے بیس گز دیوار قلعہ بھی گر پڑی اور حبشیون کی عداوت سے عین الملک وآنکس خان بھی سید مرتضےٰ سے مل گئے اور اشراف بیجاپور بھی نہ آتے تھے لہذا حبشی امرا نے چاند سلطانہ سے عرض کیا کہ حضور ہم کو اپنے آقا کی خیر خواہی مدنظر ہے چونکہ ہم لوگ حبشی غلام ہین لوگ عار کرتے ہین آپ کسی نجیب کو امیر الامرا وکیل شاہی کرین تاکہ یہ فتنہ دفع ہو چاند سلطانہ نے شاہ ابوالحسن ولد شاہ طاہر کو میر جملہ مقرر کیا انھون نے اول قاصد چالاک امرائے برکی پاس بھیجے جو علی عادل شاہ کے زمانہ مین کرناٹک چلے گئے تھے اور دوم عاقل آدمی سید مرتضےٰ پاس بھیجے جو خاندان شاہ طاہر کے معتقد تھے خلاصہ پیام یہ کہ فرمان شاہی پر بیشمار فوجین پہونچ جاوین گی اور سوائے خونریزی کے نتیجہ سوائے خسارہ کے نہ نکلے گا بالخصوص جب امرائے برکی پہونچے تو آپ کا سلامت بچ جانا محال ہی سید مرتضےٰ درپردہ چاہتا تھا کہ بہزاد الملک وقطب شاہ کی مراد پوری نہو اُس نے اول تو عین الملک وآنکس خان کو اس موقع پر بے وفائی کرکے اپنے آپ کو بے اعتبار کرنے پر ملامت کی جس سے وہ واپس جاکر الہ پور دروازہ پر قائم اور شاہ ابوالحسن کے مطیع ہوئے اور دوم ہزار حیلہ سے اس روز حملہ روکا کہ راتون رات بیجاپوریون نے دیوار درست کرلی اور بعد ازان اطراف سے فوجین وامرائے برکی بھی آگئے اور تاخت وتاراج سے دشمنون کا غلہ ورسد بند کیا آخر خصوم پشیمان ہوکر بغیر صلح کے متفرق ہوئے اور نظام شاہیہ تو تاراج وغارت کرتے ہوئے احمد نگر چلدیے اور محمد قلی قطب شاہ نے راہ مین امیر سید رفیع الدین استرآبادی کو مصطفےٰ خان خطاب دے کر بعض اطراف عادل شاہیہ پر مقرر کیا جس نے وہان جاکر حسب دلخواہ مراد پائی لیکن ابراہیم عادل شاہ ثانی نے دلاور خان واخلاص خان حبشی کو مع فوج ولاور وفیلان کوہ پیکر اس پر مقرر کیا دونون سردار نے سخت جنگ کے بعد فوج قطب شاہی کو بھگا دیا اور غنیمت بے شمار حاصل کی ازانجملہ ایک سو پندرہ ہاتھی ہاتھ آئے - یہ سب اللہ تعالےٰ کی عنایت ہی کہ دشمنون کی چالیس ہزار فوج نے بیجاپور کو ایسی حالت مین محاصرہ کیا کہ وہان فقط دو تین ہزار سوار تھے اور آخر ایک سال کے بعد بدون کچھ حاصل کیے ہوئے بھاگ گئے بلکہ آگے اپنا اثاثہ سلطنت دے گئے - دلاور خان نے فتح حاصل کرنے کے بعد منصب وکالت ومیر جملگی کی ہوس کرکے حیدر خان تھانہ دار قلعہ ارک کو مارا اور سپہ

قسم کے نذرانہ کے ساتھ عمدہ وعدے کیے اور حسن آباد اس امید پر جلد روانہ ہو کر قصبہ الاپور مین اُترا اور اخلاص خان کے پاس اپنے معتمد لوگ بھیجکر اس قدر اخلاص و خوشامد دچاپلوسی کی باتین کین کہ وہ غافل ہو کر اس کو جزر حقیر سمجھا اور کہلا بھیجا کہ موقع و محل دیکھکر حضور شاہی مین تمھاری عرضداشت پیش کرونگا کہ قدمبوسی حاصل کر سکو۔ دلاور خان اس کو اپنی خوش نصیبی جانکر منتظر وقت ہوا اور جاسوس مقرر کیے چنانچہ ایک روز اخلاص خان دیوانداری کے بعد گھر جا کر خواب استراحت بلکہ غفلت مین سو گیا۔ دلاور خان اس خفتہ بخت کا حال سنتے ہی اپنے فرزندون و سات سو سوار و پندرہ جنگ آزمودہ ہاتھیون سے شہر مین داخل ہو کر نہایت تیزی سے قلعہ ارک کے دروازہ پر پہونچا اور حیدر خان نے موافق مواضعہ کے دروازہ کھولکر ارک مین داخل کر لیا۔ دلاور خان نے فی الفور شاہی قدمبوسی حاصل کر کے جا بجا قلعہ مین بندوبست کر لیا اور توپین چڑھا دین۔ اخلاص خان نے بیدار ہو کر جب سُنا تو فوراً چار ہزار سوار جنگی لیکر ارک پر چڑھ آیا اور اس کی افواج نے حملہ کرنے مین نہایت جانبازی و دلیری دکھلائی لیکن توپ کے فائرین اخلاص کے بہت سے مخلص زخمی ہو کر پسپا ہوتے اور مارے جاتے الغرض شام تک پچاس ساٹھ دلیران نامی مارے گئے اور اندر والون مین سے فقط ایک مارا گیا۔ رات کو اخلاص خان واپس ہوا اور بلبل خان حبشی کو جو پہلے مصطفےٰ خان کا ملازم تھا قلعہ کے محاصرہ و آمد و شد کی راہین بند کرنے پر مامور کیا اس نے ایک ماہ تک اس بارہ مین ایسا انتظام کیا کہ دوست و دشمن تعریف کرتے۔ آخر دلاور خان نے خلیل خان کو اور اس کے ذریعہ سے بلبل خان بلکہ سب خاصہ خیل کو ملا لیا اور دلاور خان کی دلاوری بڑھگئی۔ اخلاص خان نے دوسرونکو محاصرہ پر مقرر کیا اور اپنے مکان ہی پر دیوانی مقرر کی لیکن دلاور خان مع بلبل خان کے اکثر اوقات قلعہ سے نکل کر اخلاصیون کو بھگا کر غلہ و روغن وغیرہ ضروریات سب اندر لے جاتے تھے اور اہل قلعہ آرام و رفاہیت سے بسر کرتے القصہ چار ماہ تک یہی شورش رہی اور اس عرصہ مین اکثر اوقات بیجاپور کے کوچہ و بازارین طرفین کے توپ و تفنگ سے رعایا کی خانہ ویرانی ہوتی تھی آخر لوگون نے تنگ ہو کر بلبل خان کی کوشش سے اخلاص خان کو تنہا چھوڑ کر اپنی اپنی جاگیرون کی راہ لی تب بھی اخلاص خان بجاپور اپنے گھر مین بآرام بیٹھا رہا اور دلاور خان نے کچھ لوگ بھیجکر اس کو گرفتار کر لیا اور چشم مروت بند کر کے بے توقف اس کی آنکھین نکلوا لین اور جمشید خان حبشی کو چند روز ذخیل رکھا آخر اس کو بھی محبوس کیا اور امرائے کبار کو اپنے خویشی کے رشتہ سے ہوا خواہ بنا لیا اور بیٹون کو تربیت کر کے ہر ایک کو ایک عمدہ خدمت شاہی پر مقرر کر کے بزرگ مرتبہ بنایا۔ بڑا بیٹا محمد خان حضور شاہی کو قرآن و گلستان بوستان پڑھانے پر مقرر ہوا اور کمال خان امرائے بزرگ سے ہو کر بادشاہ کے ساتھ چوگان بازی و لعب مین شریک ہوتا اور تیسرا بیٹا خیریت خان بھی امیر بزرگ ہو کر بادشاہ کی حفاظت پر مقرر ہوا اور چوتھا عبد القادر باوجود منصب امارت کے تھانہ دار قلعہ ارک بھی مقرر ہوا لیکن چونکہ کم عمر تھا دلاور خان نے اُس کی طرف سے اپنے معتمد علیہ رومی خان کو جو دکنی تھا مقرر کیا اور قریب ایک لاکھ پردیسی و ساٹھ ہزار دکنی جن

سے خطرہ خصومت رکھتا تھا مطرود کیا یا ہلاک کیا اور شاہ ابوالحسن جو اخلاص خان کے حکم سے ایک قلعہ مین محبوس تھا مکحول بلکہ ہلاک کیا وحاجی نورسرا پردہ دار کو بھی معزول و موقوف کیا اور چاندبی بی سلطانہ کا دست تصرف ملک و مال سے بالکلیہ موقوف کیا اور غالب خان تھانہ دار قلعہ اودنی کو حکمت و تدبیر سے مغلوب کرکے عبرت کے لیے اندھا کردیا اور مذہب امامیہ موقوف کرکے مذہب اہل السنۃ والجماعۃ رواج دیا اور سنہ ۹۹۰ھ نوسو نوے سے اٹھانوے تک کمال امن و اطمینان سے مہمات بادشاہی سرانجام دیتا رہا۔ اس کے وقت کے مختصر وقائع یہ ہین کہ اس نے بلبل خان کو افواج جرار کے ساتھ خراج بلیبار وصول کرنے کو روانہ کیا۔ ارسب نایک حاکم جرہ حاضر ہوکر بلبل خان کے ساتھ ہوا اور سنکر نایک کو قلعہ کرور مین محاصرہ کیا۔ اتفاق سے ایک رات قلعہ والون نے بلبل خان کو دو مورچال کے درمیان گرفتار کرلیا اور قلعہ مین لے جاکر پابہ زنجیر کیا اور لشکر نالے اس حادثہ سے متفرق ہوگئے بلبل خان بہت متحیر ہوا اتفاق سے ایک گھسیارا موافق ہوگیا جس نے پہلے والے موکلون کو بھی ملا دیا اور ان دونون پانچ چھ روز متواتر بارش سے قلعہ مین کیچڑ ہوگئی سنکر نایک حاکم قلعہ نے حکم دیا کہ گائے بھینسین باہر دھوپ مین لے جاؤ۔ گھسیارون نے گھاس کے گٹھے بھی سر پر رکھے۔ بلبل خان نے موافق گھسیارے سے کہا کہ مجھے گھاس کے گٹھے مین باندھکر باہر نکال دے۔ گھسیارے و موکلون نے اس قوی الجثہ کو غنچہ بناکر دن دھاڑے قلعہ سے باہر نکالا اور صحرا مین پہونچکر گھسیارے دو تین موکلون کے ہمراہ ہوا کی طرح بھاگ کر سرحد عادل شاہی مین دم لیا اور گھوڑے پر سوار ہوکر قلعہ بیجاپور پہونچکر دلاور خان کو سب حال لکھکر لشکر مانگا دلاور خان نے اس سال یہ کام متوقف رکھا اور پہلے خاندان نظام شاہیہ سے صلح و صفائی کا ارادہ کیا اور صلابت خان ترک وکیل السلطنۃ نظام شاہی کی وساطت سے یہ کام پورا ہوا چنانچہ سنہ ۹۹۲ھ نوسو بیانوے ہجری مین مرتضےٰ نظام شاہ نے محبت آمیز خط ابراہیم عادل شاہ ثانی کو لکھا اور ان کی بہن خدیجہ سلطان کی جن کو راجہ جیو کہا کرتے تھے خواستگاری اپنے فرزند میران حسین کے واسطے کی اور اسی سال قاسم بیگ حکیم اور مرزا محمد تقی نظیری و دیگر اشراف و اعیان احمدنگر قریب چار سو کے کمال تجمل سے بیجاپور مین اس غرض سے آئے کہ عقد کے بعد عروس کو لے جاوین چنانچہ چار مہینہ طرفین سے جشن شاہانہ رہے اور بعد عقد کے خدیجہ سلطان کو ہمراہ چاندبی بی سلطان کے جو اپنے بھائی مرتضےٰ نظام شاہ کے دیکھنے کی آرزومند تھین احمدنگر روانہ کیا اور جب عمائد احمدنگر خلعتہا مرصع و گھوڑے مع زین و لگام مرصع و نقود کثیرہ سے مالامال ہوگئے تو احمدنگر کی طرف کوچ کیا اور وہان پہونچکر بعد جشن دو عوتون کے شاہزادی موصوفہ کو شاہزادہ موصوف کے سپرد کیا اور وہان سے بیجاپوری بھی خلعتون و انعام سے مالامال واپس آئے۔ پھر بادشاہ عدالت پناہ ابراہیم عادل شاہ ثانی نے محمد قلی قطب شاہ کی بہن سے عقد کا قصد کیا اور دلاور خان مدارالمہام نے انتظام کرکے ملک التجار خواجہ علی شیرازی و خاصہ خیل امرا کو مع سامان عظیم کے بھاگ نگر بھیجا وہان بھی خوشی سے استقبال ہوکر مراسم جشن کے

بعد عقد ہو گیا چونکہ اس امر مین نظام شاہ سے استصواب غیر ضروری سمجھ کر نہین لیا گیا تھا صلابت خان وکیل السلطنۃ نے قطب شاہ کو دوستانہ شکایت نامہ بھیجدیا۔ محمد قلی قطب شاہ مخدرہ عظمی کے بھیجنے مین متامل ہوا۔ جب یہ خبر ابراہیم عادل شاہ کو پہونچی تو غصہ ہو کر افواج طلب کین۔ چونکہ یہ اول سواری تھی دلاور خان وکیل وامراء وعوام نے ہر قدم پر زر و جواہر نثار کیا اور عادل شاہ نے اول نظام کی طرف جاکر قلعہ اوتیر محاصرہ کیا۔ ان دنون نظام شاہ خلوت نشین تھا۔ یہ خبر سنکر دریافت کیا کہ کیا معاملہ ہے جب صلابت خان کا معاملہ ظاہر ہوا تو نظام شاہ نے اس کو برسر مجمع خوار کیا اور وکالت سے موقوف کرکے قاسم بیگ حکیم کو مدار المہام کر دیا اس نے عذر خواہی مین عرائض لکھے اور عادل شاہ نے بھی نظام شاہ کی آدمیت دیکھکر عذر کیا اور کوچ کرکے بھاگ نگر کی طرف کوچ کیا محمد قلی قطب شاہ نے فی الفور ملکہ جہان کا رخصتی سامان کرکے ڈولا روانہ کیا۔ عادل شاہ نے پہلے ارکان دولت کو استقبال کے لیے روانہ کیا پھر خود آدھ کوس استقبال کیا اور حوالی کلیان سے شکار کرتا ہوا شاہ درک گیا وہان مصطفے خان نے سامان جشن شاہانہ کیا اور موافق تاریخ عملہ نجوم وہان زفاف تمام ہوا اور بادشاہ نے قطب شاہیون کو انواع خلعت وانعام سے مالامال کرکے رخصت کیا اور مدار المہام دلاور خان وغیرہ نے بھی خلعت وانعام پایا اور مصطفے خان نے بھی خلعت مرصع واسپ مع سامان مرصع و بارہ ہزار اشرفی نقد وغیرہ انعام پایا اور بادشاہ نے بیجاپور مین آرام پایا اور ملکہ جہان سے اس وقت ایک لڑکا و دو لڑکیان زندہ موجود ہین

ذکر کوچ کرنا عدالت پناہ کا ولایت نظام شاہ کیطرف

جب مرتضے نظام شاہ نے وکالت قاسم بیگ حکیم کو سپرد کی اور وہ مرد سلیم الطبع کم آزار تھا مفسدون نے جماعت کرکے غلبہ کر لیا اور مرتضے نظام شاہ اپنی دیوانگی مین گوشہ نشین تھا۔ مفسدون نے اول اس کو ابھار کر قاسم بیگ وغیرہ اعیان درگاہ کو طرح طرح کے گناہون سے متہم کیا اور خود بڑے بڑے عہدون پر پہونچے اور مرتضے نظام شاہ کو بھڑکایا کہ اپنے بیٹے میران حسین کو قتل کرے اس نے اسمعیل خان دکنی کو اس کام پر مامور کیا۔ یہ خبر مرزا خان ولد سلطان حسین سبزواری کو پہونچی جو بجاے قاسم بیگ کے اُن دنون مدار المہام تھا اور مفسدون سے تنگ آگیا تھا اس کو اس خبر سے سخت اضطراب ہوا اور سوچا کہ اس بادشاہ دیوانہ کو معزول کرکے میران حسین کو بادشاہ کرے لیکن بدون اتفاق عادل شاہیہ کے اس کا پورا ہونا دشوار تھا لہذا اپنا معتمد دلاور خان کے پاس بھیجا اس نے بادشاہ سے عرض کیا بادشاہ نے خاندان نظام شاہی کی بربادی پر افسوس کرکے فورًا مع افواج کوچ کیا اور سنہ ۹۹۶ نو سو چھیانوے ہجری مین سرحد نظام شاہی مین داخل ہوئے میرزا خان نے بھی امرا کو متفق کرکے (چنانچہ بیان ہوگا) احمد نگر سے قلعہ دولت آباد کی طرف توجہ کی جہان شاہزادہ میران حسین مقید تھا اور قلعہ سے شاہزادہ کو نکالکر بادشاہ کیا اور وہان سے احمد نگر کی طرف

کوچ کیا اور میران حسین نے احمد نگر پہونچکر گوشہ نشین باپ کو قلعہ مین مقید کیا اور خود تخت سلطنت پر بیٹھا اور ابراہیم عادل شاہ نے مبارکباد کے واسطے آدمی بھیجے اور قصد تھا کہ ملاقات کرکے اپنی ہمشیرہ کو دیکھکر بیجاپور چلے جاوین کہ ناگاہ یہ خبر پہونچی کہ میران حسین بے حمیت بدبخت نے کمال بے عقلی بلکہ بے دینی سے بزرگوار باپ گوشہ نشین کو ہلاک کر دیا کیونکہ دولت آباد سے چلتے وقت مرزا خان وغیرہ جماعت نے اس سے کہا تھا کہ جب تک تیرا باپ زندہ ہے تیری سلطنت قائم نہ رہے گی اور میران حسین نے بدون مشورہ عادل شاہ کے پدر بزرگوار کو ہلاک کر ڈالا۔ عادل شاہ اس خبر سے نہایت آزردہ ہوا اور ملاقات کا ارادہ چھوڑکر ایک بیباک شخص کو بطور ایلچی بھیجکر پیام دیا کہ اس طرف لشکر لانے سے صرف یہ غرض تھی کہ تیری زندگی محفوظ رہے بلکہ تو تخت نشین ہو جاوے اور مرتضےٰ نظام شاہ کو جو گوشہ نشین تھے آرام کے ساتھ کسی قلعہ مین محفوظ رکھا جاوے اب سنا جاتا ہے کہ تم نے اپنی بد انجامی و غضب خداوندی سے بے خوف ہوکر پدر بزرگوار کو قتل کیا۔ یہ امر نہایت قبیح ہے اگر تم کو اُن کی طرف سے اس قدر زیادہ وہم تھا تو بہتر تھا کہ انکو میرے حوالہ کرتے کہ مین اُن کی گوشہ نشینی و عبادت کا پورا اہتمام کرتا اور تم بے خوف رہتے یا زیادہ سے زیادہ یہ کہ ان کو آنکھون سے معذور کرتے اب تعین جانو کہ باپ کو مار ڈالنا کسی کو سزاوار نہین ہو خصوص بادشاہون کو لہذا مین بدون ملاقات کے پلٹا جاتا ہون اور ملنا نہین چاہتا کیونکہ تم نے اپنے آپ کو بادشاہ جبار عزوجل کے انتقام کے لیے پیش کیا ہے۔ الغرض وہان سے کوچ کرکے بیجاپور مین داخل ہوا۔ چونکہ رایان ملیبار نے مصطفےٰ احسان اردستانی کی شہادت کے بعد خراج مقبولہ بالکل ادا نہین کیا تھا اسی سال بلبل خان حبشی کو دس ہزار سوار سے روانہ کیا کہ تین سال کا خراج اکتیس لاکھ پچاس ہزار ہون اُن سے وصول کرے اور قلعجات مفتوح کرکے قبضہ مین لاوے بلبل خان اودھر روانہ ہوا اور یہان ہنوز سال پورا نہوا تھا کہ میران حسین مارا گیا اور جمال خان مہدوی نے اس دولت پر مسلط ہوکر مذہب مہدویہ جاری کیا۔ عادل شاہ نے دلاور خان کی رائے سے ۹۹۷ھ نوسو ستانوے ہجری مین افواج موجودہ کو لے کر احمد نگر کی طرف کوچ کیا اور متعدد فرامین بنام بلبل خان روانہ کیے کہ وہان کے معاملات معطل چھوڑکر جس طرح ممکن ہو مجھ سے پہلے قلعہ شاہ درک پر پہونچنے کی کوشش کرے۔ بادشاہ جب شاہ درک پر پہونچا تو ایک ماہ تک انتظار کیا اور بلبل خان نہ آیا اور زیادہ توقف مین جمال خان قوی ہوتا تھا لہذا موجودہ فوج سے آگے بڑھا۔ جمال خان بھی پندرہ ہزار سوار اور توپخانہ بیشمار لے کر اسمٰعیل نظام شاہ بحری کے ساتھ سرحد پر آکر دشوار گزار مقام مین مورچہ قائم کیا چونکہ برسات قریب تھی کبھی کبھی بارش ہو جاتی تھی طرفین سے جنگ مین تاخیر ہوئی آخر جمال خان نے بیس روز بعد لوگونکو بھیجکر صلح کی درخواست کی عادل شاہ نے بہ نظر مصلحت قبول کیا اس شرط سے کہ ہمشیرہ عزیزہ خدیجہ سلطان کی پالکی مع نعل بہای بھیجے۔ جمال خان نے پالکی مع کچھ ہزار ہون بھیجدی۔ جس روز وہان سے کوچ تھا بلبل خان مع لشکر جرار و خزانہ کثیر حاضر ہوا باوجودیکہ قلیل زمانہ مین اپنی شجاعت سے اتنا خزانہ

لایا اور سرکشون کو مطیع کیا امیدوار تھا کہ اس کی خدمت قبول ہوگی لیکن دلاور خان کی ناراضی وعداوت سے کچھ نہواحتی کہ خراج نقد کے عوض جو اموال واشیا لائے تھے دس ہزار کی چیز ایک ہزار مین اندازہ کی گئی اور باقی کو ان راجاؤن سے جو بلبل خان کے ساتھ آئے تھے مطالبہ کیا گیا۔ تاکہ بلبل خان کی اہانت ہو لیکن قرائن سے بلبل خان کو معلوم ہوا کہ بادشاہ کو میری طرف نظر التفات ہے تا آنکہ ایک روز دلاور خان بادشاہ کے حضور مین دیوانداری کرتا تھا اتنے مین بلبل خان حاضر ہوا اور مورچل لیکر بادشاہ پر ہلانے لگے دلاور خان نے بنظر حقارت اس کو دیکھکر کہا کہ جس بادشاہ کے حکم سے فلک ستر تابی نہین کرسکتا تو نے کیونکر نافرمانی کی۔ بلبل خان نے کہا کہ خاکپاے بادشاہ کی قسم کہ مین نے ستر تابی نہین کی اور نہ اختیاری طریقہ سے اس ملک مین چند روزہ توقف کیا مجھے کیا مجال تھی کہ ایسا کرتا لیکن بموجب فرمان مین نے کرناٹک پہونچکر وہان کے راجاؤن کو مقہور کیا اور وہ خراج حاضر کرتے جاتے تھے اگر اس زمانہ مین کوچ کرتا تو ممالک بادشاہی کا انتظام وفوج کا نظام مختل ہوتا اور یہ خزانہ حاصل نہوتا اور خود اہل اسلام ان جنگلون مین مشقت اُٹھاتے تھے لیکن تم سے البتہ تعجب ہے کہ جب تم جانتے تھے کہ بغیر میرے ساتھی لشکر کے تم کچھ نہ کرسکوگے تو کیون بادشاہ کو تکلیف دیکر بیگانہ ملک مین جا پہونچے اگر پندرہ روز اور بھی شاہ درک مین ٹھہرتے تو مین پہونچ جاتا تب اگر داخل ہوتے تو امید تھی کہ اکثر قلعے مفتوح ہوجاتے باین ہمہ اپنے قصور کا اقرار کرتا ہون اور امیدوار ہون کہ اس قدر جرم پر بادشاہ خطابخش اس بندہ کو مواخذہ نہ فرماوینگے۔ دلاور خان نے وہان اس توہم سے کہ مبادا امرار سے موافق ہوکر فتنہ برپا کرے بادشاہ سے عرض کیا کہ حضور چونکہ یہ بندگان باخلاص سے ہی امید ہی کہ بادشاہ کرم فرماوین چنانچہ بادشاہ نے اس کو خلعت دیا اور بعد دربار کے دلاور خان نے بلبل خان کا ہاتھ پکڑکے محبت کا اظہار کیا کہ مین نے تجھ کو بیٹا کہا ہی اور بظاہر اس لیے سخت گیری کی کہ لوگ نکتہ چینی نکرین اور اسب نایک کے لڑکے دراجاؤن سب کو خلعتین دیکر عزت سے رخصت کیا جس سے بلبل خان غافل ہوا اور بیجاپور پہونچکر کینہ کشی کے لیے ناحق بلبل خان کو گناہون مین متہم کرکے قید کیا اور آخر آنکھون سے معذور کردیا بادشاہ کو نہایت ناگوار ہوا۔ اور نتیجہ ظلم بھی

جلد دلاور خان کو پہونچا ۞

ذکر توجہ عادل شاہ بقصد امداد برہان نظام شاہ وجنگ دلاور خان باجمالخان

جب میران حسین مارے گئے تو اسمٰعیل برہان شاہ حسین نظام شاہ کا پوتا تخت پر بیٹھا جمال خان مہدوی نے منسلط ہوکر اراذل داوباش کو جو اس سے موافق تھے بڑے مدارج پر ترقی دی اور انتظام درہم برہم ہوکر فتنہ وغم کا ہجوم ہوا۔ قصہ یہ کہ مرتضےٰ نظام شاہ کے عہد مین برہان شاہ اس کی قید سے بھاگ کر جلال الدین محمد اکبر بادشاہ کی خدمت مین جاکر رہنے لگا۔ جب اس کو اپنے بیٹے اسمٰعیل بن برہان کے جلوس کی خبر پہونچی تو چاہا کہ بادشاہ دہلی کا لشکر لاکر ملک موروثی

چھین لے۔ آخر کچھ سوچکر بادشاہ سے عرض کی کہ اگر مین شاہی لشکر لیکر جاؤن گا تو امرائے نظام شاہی مجھ سے بھڑک کر پاس نہ آوین گے اگر حکم ہو تو تنہا جاکر سب کو ملائمت سے مطیع کرون بادشاہ نے رخصت دی اس شرط سے کہ ممالک موروثی حاصل ہونے پر مملکت برار جس کو تغال خان نے ۹۸۱ھ نو سو اکیاسی ہجری مین بندگان حضور کو پیشکش کیا تھا بدستور پیشکش کرے برہان شاہ نے خوشی یا ناخوشی سے اس کو منظور کیا اور روانہ ہوکر پرگنہ ہندیا مین جو سرحد دکن ہے فروکش ہوا اور یہی پرگنہ بادشاہ کی طرف سے اس کی جاگیر تھا اور راجہ علی خان والی اسیر و برہان پور کی رائے سے اول خواجہ نظام استرآبادی کو قلندرانہ صورت مین امرائے برار کے پاس بھیجکر ان کو فرمانبرداری کی دعوت دی وطرح طرح کے مواعید وعہد وقسم سے مطمئن کیا۔ بعض نے اطاعت کی اور بعض منحرف ہوئے اور اطاعت کرنے والون مین جہانگیر خان حبشی تھا کہ سرحد برار پر خاندیس کے پاس جاگیر رکھتا تھا اور مہدویہ مذہب سے جلکر جمال حسنان کی بربادی چاہتا تھا اور اس نے اول خواجہ کے ہاتھ عرض داشت بھیجی پھر اپنے لواحق مین سے ایک معتمد کے ہاتھ عمدہ تحفہ بھیجے اور ہر ایک عرضداشت مین تشریف لانے پر اصرار کیا برہان نظام شاہ چند آدمیون سے برار پہونچا لیکن جہانگیر خان سے ملاقات کے روز اتفاقاً یا بوجہ نفاق کے طرفین سے جنگ ہوگئی اور برہان نظام شاہ بحال تباہ پھر ہندیا مین واپس آیا اور راجہ علی خان سے بذریعہ تحریر حالات کے مشورہ طلب کیا اس نے لکھا کہ اگر بادشاہ دہلی سے مدد مانگوگے تو سلاطین دکن سب منحرف ہوکر جمال خان کے ساتھی ہوکر جنگ کو طول دین گے اور انجام معلوم نہین اور میرے پاس اس قدر لشکر نہین کہ تنہا جمال خان کو دفع کرسکون سب سے بہتر یہ ہے کہ ابراہیم عادل شاہ سے مدد مانگو اور کام ٹھیک ہوجائے گا۔ برہان نظام شاہ نے یہی طریقہ اختیار کیا اور مکتوبات محبت اسلوب بطرز خوب عادل شاہ کو بھیجکر اپنی طرف مہربان کرلیا اور راقم الحروف محمد قاسم فرشتہ کو لکھا کہ مین نے دشمنون کے خطرہ سے احتیاط کرکے یہ مکاتیب بڑی حفاظت سے بھیجے ہین تاکہ وہ وفا کیش خوش اسلوبی سے ان کو بنظر اقدس عادل شاہ پیش کرکے جواب باصواب جلد روانہ کرے چونکہ مدار کار دلاور خان پر تھا مین نے ایلچیون کو دلاور خان کی خدمت مین پیش کیا اور دلاور خان نے عمدہ طریقہ سے حضور شاہی مین پیش کیے بادشاہ نے امداد کا اقرار فرمایا اور فی الفور افواج فراہم ہونیکا فرمان اطراف مین روانہ فرمایا اور ربیع الاول ۹۹۸ھ نو سو اٹھانوے ہجری مین شاہ ورک کی طرف توجہ فرمائی اور وہان پہونچکر اشراف واعیان برار کو لکھا کہ ہمت ملوکانہ اس پر مصروف ہے کہ عالی جناب برہان شاہ کو تخت احمد نگر پر متمکن کرکے اُن کے جاہل بیٹے اسمٰعیل کو موقوف کردون تم بھی میرے اشارہ سے انحراف نہ کرکے برہان شاہ سے متفق ومطیع ہوجاؤ۔ اس عرصہ مین برہان شاہ و راجہ علیخان کے قاصدون نے حاضر ہوکر خطوط پیش کیے خلاصہ یہ کہ حضرت کی لشکر کشی سے دوست دل سے متفق ہوئے اور دشمن تنگدل ہین لیکن احمد نگر کے جاسوس پیہم آئے کہ جمال خان اسمٰعیل نظام شاہ کو لے کر برار کی طرف آتا ہے اس وجہ سے

امرائے برار مین سے بعضے متردد و متحیر ہین اگر آنحضرت دو تین منزل بڑھ آوین تو امرائے برار خوش دلی سے اس خیر خواہ سے مل جاوین۔ عادل شاہ نے منظور فرما کر ارسنگ کا قصد کیا اور برہان شاہ و راجہ علی خان کو لکھا کہ ہم نے دوستون کے کہنے کے موافق کیا اور آپ بھی سرحد برار پر آجاوین اور امرائے احمد نگر کو ملاوین امید ہے کہ جمال خان کو چھوڑ کر آپ سے مل جاوین گے۔ جمال خان کو ان معاملات کی خبر پہونچ گئی اس نے دلیرانہ طرفین کا مقابلہ ٹھان لیا اور سید امجد الملک مہدوی سرلشکر برار کو لکھا کہ سلاطین اطراف دو وجہ سے میرا استیصال چاہتے ہین ایک دینوی لالچ اور دوم مذہب مہدویہ کا برباد کرنا اب جوانمردی کی شرط یہ ہے کہ امرائے برار کو ہر طرح دلاسا دیکر مطمئن کرو اور سرحد برار پر جمکر برہان شاہ کو وہان آنے سے روکو اور اگر راجہ علی خان اس سے مل جاوے تو اسمٰعیل نظام شاہ کی خیر خواہی ملحوظ رکھکر میدان جدال مین کمی نکرنا کیونکہ جہان تک ممکن ہے مین دلاور خان عادل شاہی سے صلح کرکے جلد تمھاری مدد کو پہونچتا ہون پھر دلاور خان کو مصالحہ کے لیے ہر طرح کی چاپلوسی کے ساتھ مبالغہ سے لکھا اور جب کچھ فائدہ نہوا تو نظام شاہی خزانہ کھولکر دلیر لوگون پر تقسیم کرنا شروع کیا اور عمدہ جنگی لشکر فراہم کرکے اسمٰعیل نظام شاہ کے ساتھ بقصد جنگ دلاور خان روانہ ہوا اور ارسنگ سے سات کوس پر اترکر دوبارہ بہت فروتنی و الحاح کے ساتھ دلاور خان کو صلح کے بارہ مین لکھا دلاور خان نے دوبارہ نامنظور کیا۔ اس عرصہ مین چند خوشامدخوارون نے دلاور خان سے کہا کہ جمال خان ہراسان ہوکر جایا چاہتا ہے کہ مہدویون کی قلیل جماعت سے بھاگ کرنا یک دون کے جنگل مین گھس رہے۔ دلاور خان نے بدبختی سے اس کو یقین کرلیا اور عزم مصمم کرلیا کہ امرائے کبار کی جماعت لیکر جمال خان پر حملہ آور ہوکر اس کو گرفتار کرلے۔ اتنے مین آہنگ خان حبشی لشکر جمال خان سے جدا ہوکر عادل شاہ کے لشکر مین آیا اور عادل شاہ کی اجازت سے رخصت پائی کہ برہان نظام شاہ سے مل جاوے۔ جمال خان نے مضطرب ہوکر خیال کیا کہ شاید امرار روز بروز جدا ہوکر دشمن سے ملتے جاوین گے لہذا وہان سے کوچ کرکے پہاڑون و نالون کے درمیان قلب جگہ مین اترا تاکہ لشکر کو ضبط مین رکھے دلاور خان یہ خبر سنکر فرار سنگرفی الفور بدون اجازت عادل شاہ کے اور بدون تقسیم ہتھیارون کے افواج لے کر روانہ ہوا۔ جب قریب پہونچا تو دریافت کیا کہ یہ سب خیمہ و خرگاہ کیسے نظر آتے ہین بعض نے کہا کہ لشکر عادل شاہیہ ہے اور بعض نے کہا کہ نظام شاہیہ ہے اتنے مین دوسرے جاسوس آئے اور اصل حال بیان کیا تب بھی دلاور خان نے باوجود پشیمانی کے ہٹ باقی رکھی اور اسی موقع پر عادل شاہ کے آدمی نے آکر کہا کہ آج جنگ موقوف کرو۔ لہذا انتظام کے شروع کرنا۔ دلاور خان نے ہاتھیون وغیرہ پر مغرور ہوکر بادشاہی آدمی سے عذر خواہی کرکے عرض کیا کہ حضور مطمئن رہین ابھی جمال خان کو باندھکر حضور مین لاتا ہون اور امرائے برکی کو حکم دیا کہ جاؤ اور نظام شاہی لشکر کی پشت پر رہو خزانہ باہر نہ جانے پاوے اور مہدویہ کو قتل کرنے مین دریغ نہ کرنا۔ جمال خان نے یہ حال دیکھکر سوائے شمشیر خونریز کے کہین پناہ نہ دیکھی قلیل جماعت اور امرائے مہدویہ کو جو شجاع و بہادر تھے ہمراہ لے کر میدان مین آیا اور لڑائی بہت تیزی سے شروع ہوئی امرائے کبار

مثل عین الملک و آنکن خان و عالم خان وغیرہ جن کو معلوم تھا کہ حضرت بادشاہ کو دل مین دلاور خان سے رنجش ہی اول تو بلبل خان کو اندھا کرنے سے تھی اور اب بغیر اجازت جنگ کرنے سے زیادہ ہوگئی ہی اس لیے عین لڑائی مین شکست کی صورت بنا کر بھاگے اور دلاور خان کو دشمنون کے نرغہ مین چھوڑا۔ دلاور خان نے باوجود اس کے قلب لشکر سے جمال خان پر حملہ کر کے بھگا دیا اور عوام لشکری لوٹ پر ٹوٹ پڑے اور جمال خان جو اسمٰعیل نظام شاہ کے ساتھ کھڑا تھا موقع پاکر دلاور خان پر ٹوٹ پڑا اس وقت دلاور خان کے پاس فقط دو سو سوار تھے۔ سمجھا کہ ٹھہرنا موت ہی ناچار مع سات ساتھیون کے جن مین یہ راقم الحروف بھی تھا بھاگا۔ راہ مین سنا کہ عین الملک و عالم خان فلان راہ سے ارسنگ جاتے ہین تاکہ بادشاہ کی خدمت مین پہونچکر تجھے برباد کرین۔ دلاور خان سنتے ہی کوچ بہ کوچ نہایت جلدی کے ساتھ دوسرے راستہ سے بادشاہ کی حضوری مین پہونچ گیا اور راہ مین قریب تین ہزار شکست یافتہ کے اس سے مل گئے تھے اور وار ارسنگ مین دشمن کے خوف سے نہ ٹھہرا بادشاہ کی رکاب مین شاہ درک کی طرف روانہ ہوکر صبح کو وہان پہونچ گیا۔ جمال خان کو ناامیدی مین ایسی فتح و غنیمت و ہاتھی میسر ہوئے اس نے وار ارسنگ کی طرف کوچ کیا اور راقم الحروف بوجہ زخمون کے بادشاہ کے ہمراہ جانے سے معذور ہوکر قصبہ ارسنگ مین ٹھہر گیا تھا مہدویون کے قبضہ مین پڑا اور لطائف الحیل سے چھوٹا۔ چونکہ جمال خان کو یہ خبر پہونچی کہ راجہ علے خان و امرائے برار نے امجد الملک کو گرفتار کیا اور سب برہان نظام شاہ سے مل گئے ہین ناچار وار ارسنگ سے جلد کوچ کر کے برار کی طرف روانہ ہوا تاکہ برہان نظام شاہ سے لڑے۔ راجہ علے خان و برہان نظام شاہ اس کی توجہ کا حال سنکر بہت پریشان ہوئے اور سید امجد الملک مہدویہ کو مقید کر کے قلعہ اسیر مین بھیجا اور بہت جلدی کے ساتھ جمال خان کے تعاقب کے لیے عادل شاہ کی خدمت مین خطوط بھیجے۔ عادل شاہ وہان سے روانہ ہوکر قصبہ پاٹری تک جو اسّی کوس ہی تعاقب کیا تب بھی جمال خان تک آٹھ روز کا فاصلہ تھا ناچار عادل شاہ نے امرائے برکی کو آٹھ ہزار کی جمعیت سے روانہ کیا تاکہ تاخت کر کے جمال خان کا رسد و غلہ بند کرین اور راتون کو چھاپہ ماریں اور بادشاہ نے خود ایک جھیل کے کنارے جس کا پانی بہت صاف و ہوا دلکش و باغات پر فضا تھی توقف کیا اور چاہا کہ چند روز یہان توقف فرماوے دلاور خان پر نخوست سوار تھی کوشش کی کہ دوسرے روز ضرور کوچ ہو اور کات روہنگیر کے مقام سے پہلے کہین توقف نہو۔ یہ ارادہ بالکل بادشاہ کے شوق سے الٹا تھا بادشاہ کو سخت غم ہوا اور بالکلیہ عزم کر لیا کہ دلاور خان کے قبضہ سے نجات پاوین لیکن چونکہ امرائے خاصہ خیل بالکلیہ دلاور خان کے تابع تھے تشویش و تفکر ہوا آخر دو خدمتگار ہندو جو مدت دراز سے ملازم درگاہ تھے ان سے خفیہ پیام کا ذمہ لیا اور وہ دونون امیر الامرا عین الملک کنعانی کے پاس پہونچے اور یہ پیام دیا کہ بادشاہ دلاور خان کے تسلط سے سخت پریشان ہین آخر یہ رائے ٹھہری کہ جب دلاور خان خواب غفلت مین ہو سوار ہوکر عین الملک آنکس خان کی مستعد فوج مین آجاوین۔ بادشاہ نے چودھوین رجب ۹۹۸ھ نو سو اٹھانوے ہجری کی شب کو اپنے غلام کفشدار خان کو حکم دیا کہ خاصہ گھوڑا

حاضر کرے اس نے جلو دار سے طلب کیا جلو دار نے کہا کہ بغیر حکم دلاور خان کے کبھی نہ دونگا نقشدار خان نے فوراً اُس کے طمانچہ مارا اور جب جلو دار سے ممکن نہوا کہ دلاور خان تک خبر پہونچاوے ناچار واپس ہوکر گھوڑے حاضر کیے بادشاہ مع غلامون کے سوار ہوکر باہر نکلا - الیاس خان بادشاہی دایہ کا بیٹا پہرہ پر تھا دوڑکر رکاب چومی اور سواری کا سبب پوچھا بادشاہ نے کہا کہ بات کرنے کا موقع نہین ہے اپنے ساتھیون کو لے کر ساتھ آؤ وہ قریب ایک سو سوارون کے ساتھ ہوا اور صحیح سالم لشکر سے نکلکر عین الملک وآنکس خان کے قریب پہونچا وہ لوگ مع افواج کی پابوسی مین حاضر ہوئے جب یہ خبر پھیلی تو خاصہ خیل ومجلسی وپہرہ والے سب سوار ہوکر خدمت مین پہونچ گئے اور یہ راقم بھی انھین مین شامل تھا الغرض تین ہزار آدمی جمع ہوگئے بادشاہی طالع کے قوت سے اس رات امر غریب یہ تھا کہ دلاور خان جس کی عمر اسّی برس سے زائد تھی اس رات اپنی معشوقہ کے وصل سے غافل تھا - یہ ایک دکنی عورت جس کے حسن وجمال کا شہرہ سنکر غائبانہ عاشق ہوا تھا اور اتفاق سے اسی رات ساتھ آئی تھی لہذا کسی کو مجال نتھی کہ اسکے وصل مین مخل ہو یہانتک کہ بادشاہ کے چلے جانے کے بعد مقربین نے بڑی مشکل سے اس کو آگاہ کیا اور وہ فوراً پانچ چھ ہزار سوار وفیلان بے شمار کے اپنے بیٹون کو ساتھ لیے قریب پہونچا اس کا خیال غلط نہ تھا کہ اس کے دبدبہ وشوکت سے سب خائف ہوکر مطیع ہوجاوین گے - چنانچہ مشہور ہے کہ عین الملک وغیرہ نے اس سے کہلا بھیجا تھا کہ بادشاہ جب اتفاقیہ یہان آئے تو ناچار ہم سب حاضر ہوئے اب تم شوق سے لے جاؤ ہم متعرض نہون گے اگرچہ ظاہر مین بادشاہ سے یہ کہا تھا کہ ہم لوگ اس کے دفع کرنے کے واسطے مستعد ہین دلاور خان نے فوج وغیرہ کو کچھ فاصلہ سے چھوڑا اور پانچ سو سوار وچار نامی ہاتھی لے کر حضرت بادشاہ کے پاس آیا اور اسی طرح سوار یہ عرض کیا کہ بادشاہ کو رات مین سواری مناسب نتھی بہتر یہ کہ حضرت اپنے سراپردہ مین معاودت فرماوین - بادشاہ نے غصہ مین کہا کہ کوئی ہے کہ اس بے ادب کو سزا دے کہ ناگاہ خاصہ خیل مین سے اوک خان نے بجلی کی طرح گھوڑا اچمکا کر دلاور خان کو تلوار ماری اگرچہ کچھ اثر نہوا لیکن دلاور خان نے گھوڑا پیچھے ہٹایا اوک خان نے چاہا کہ دوسرا وار کرے لیکن تلوار کی چمک سے دلاور خان کا گھوڑا الف ہوا اور وہ گر پڑا اور ہاتھی بان نے اسکی خیرخواہی کرکے ہاتھی بیچ مین ڈال دیا کہ دلاور خان سوار ہوکر اپنی فوج مین مل گیا اور چاہا کہ لڑائی شروع کردن لیکن فوج والے بوجہ غضب ورعب بادشاہی کے اس کو چھوڑکر منتشر ہوگئے - وہ متحیر وپریشان ہوکر بھاگا اور کمال خان جو دار ارسنگ کی جانب بھاگا تھا گرفتار ہوکر مارا گیا اور دلاور خان نے بیٹون کے ساتھ بھاگ کر احمد آباد بیدر مین دم لیا - بادشاہ نے عین الملک وغیرہ کو استمالت کے طور پر امان دے کر عہدہ وعدہ سے مطمئن کیا باوجودیکہ انکا قصور تم نے پہلے سن لیا - الغرض بادشاہ اپنے سراپردہ مین آیا اور خاص خیرخواہون کو طرح طرح کے الطاف سے سرفراز کیا - اس عرصہ مین عجیب لطیفہ واقع ہوا کہ دلاور خان نے مذہب شیعہ کا شعار موقوف کردیا تھا - خدام درگاہ نے خیال کیا کہ بادشاہ

کے والد طہماسپ شاہ اور چچا علی عادل شاہ دونون شیعہ تھے ضرور بادشاہ بھی شیعہ ہوگا لہذا بہت سے سنی خدام نے ظہر کے اذان کے وقت تشیع کا اظہار کرکے اذان مین اشہد ان علیا ولی اللہ زیادہ کرنے مین اصرار کیا۔ بادشاہ یہ سنکر غصہ ہوا اور جو لوگ اس کا باعث تھے اُن کو گرفتار کیا لیکن جب یہ واقعہ عرض کیا تو ہنسکر فرمایا کہ ہم اس کلمہ کو بصدق دل سنتے ہین کہتے ہین لیکن شیعہ کا شعار قرار دیکر نہین کہتے۔ آخر بادشاہ نے اُن کے قصور معاف کیے اور بہت دنون تک ہنسی سے ان لوگون کو مصلحتی شیعہ کے لقب سے یاد کرتے رہے۔ اب تک بیجاپور مین حضرات خلفاے راشدین رضی اللہ عنہم اجمعین کا خطبہ جاری ہے اور ائمہ اطہار علیہم السلام کا نام بھی یوسف عادل شاہ کے زمانہ کی طرح مذکور ہوتا ہے۔ اتنے مین جمال خان کے مارے جانے اور برہان شاہ کے فتح کی خبر پہونچی تو بادشاہ عادل نے تہنیت نامہ برہان نظام شاہ کو روانہ کرکے بیجاپور کی طرف کوچ فرمایا اور وہان پہونچکر بساط عدل و داد مبسوط فرمائی اور زمانہ سابق کے خلل دور کیے

برہان نظام شاہ کی بیوفائی اور اپنے اعمال کا بدل پانا

دلاور خان حبشی احمدآباد بیدر سے بھی بھاگ کر احمدنگر مین برہان نظام شاہ کی خدمت مین پہونچکر مسند امارت پر ممتاز ہوا اور چند ہی روز مین برہان شاہ کو وساوس دلائل سے جمع دلائی کہ قلعہ شاہ درگ اور شولاپور مسخر کرکے ممالک نظام شاہ کا ضمیمہ کرسکتا ہون اور یکایک دولت عظیم سے محروم ہوکر ایسا دیوانہ و مسلوب العقل ہوگیا تھا کہ برہان شاہ کی مجلس مین بیہودہ باتین نسبت بدولت عادل شاہیہ اس سے سرزد ہوتی تھین اور مخبرون کے ذریعہ سے عادل شاہ کو پہونچتی تھین بادشاہ عدالت پناہ ایسے امور اپنی نسبت برہان شاہ سے بہت بعید سمجھتے اور بجا نہ تھا کیونکہ حقوق اعانت و استمداد بہت تھے لیکن برہان شاہ کی بیوفائی بعض امور سے ظاہر بھی ہوگئی چنانچہ شروع سنہ ۱۰۰۱ ایک ہزار مین بادشاہ کے یہان ایلچی پیدا ہوا اور اس کے مامون محمد قلی قطب شاہ نے سونے کا پالنا وغیرہ مع مبارکباد روانہ کیا لیکن برہان شاہ نے زبانی تہنیت بھی نہ بھیجی باوجود اس کے عادل شاہ نے بلا عنایت الیہ چہرمی کو احمدنگر بھیجکر پیغام دیا کہ دلاور خان اس درگاہ کے غلامون سے ہے آپ کی دوستی و محبت کا مقتضا یہ تھا کہ اس کو مع اُن تاکیدون کے جو جمال خان نے اس سے حاصل کیے تھے یہان روانہ فرماتے کہ بناے دوستی مستحکم ہوتی۔ برہان شاہ نے بجاے مروت کے پوری کدورت اس طرح ظاہر کی کہ عین برسات مین دلاور خان کی تحریک سے فوجین لے کر جمادی الثانی سنہ ۱۰۰۱ ایک ہزار مین عملداری عادل شاہیہ مین داخل ہوکر قتل و غارت کرنا شروع کیا۔ عادل شاہ نے یہ اخبار سنکر فرمایا کہ مجھے امید ہے کہ بیوفا و عہدشکن بدون میری تلوار کے اپنے کیفر کردار کو پہونچے گا۔ مین پھر بھی چند روز تحمل کرتا ہون شاید نادم ہوکر اپنی اصلاح کرے ورنہ آخر مین یہی نتیجہ ہے۔ برہان شاہ جب حوالی منگلسہ تک پہونچا اور ادھر سے کوئی متعرض نہوا تو وہ خائف ہوا کہ شاید حیلہ یہ ہے کہ ملک کے درمیان لاکر مجھے گھیرلین لہذا واپسی

کا قصد کیا لیکن دلاور خان کے بہکانے سے پھر ستیزہ روئی اختیار کی اور بیجاپور سے تیس کوس دریاے بیورہ کے کنارے ایک قلعہ بنانے کے لیے ٹھہرا۔ اب بھی عادل شاہ نے مقابلہ کا قصد نہ فرمایا اور امرا کسی قدر متحیر ہوئے بادشاہ نے فرمایا کہ برہان شاہ اس برسات مین قلعہ بنانے کی کلفت مین مشغول ہی مجھے امید ہی کہ وہ طفلانہ گھروندا بناکر آخر اپنے ہاتھ سے مٹا دیگا اور سواے تکلیف و محنت کے کچھ نہ پاوے گا اور خود عیش و عشرت مین مصروف رہا۔ امرا عادل شاہی بھی متحیر و متفکر تھے اُدھر برہان شاہ نے مجلس مشورت مین پوچھا کہ آخر ابراہیم عادل شاہ کیون خاموش ہین بعض نے کہا کہ نوجوانی مین عیش پرستی سے غفلت ہی بعض نے کہا کہ امراے کبار پر اطمینان نہین ہی۔ اسی عرصہ مین دلاور خان کے خاص فرستادہ حاضر ہوے اور دلاور خان کی طرف سے عرض کیا کہ حضور کی خاموشی سے دشمن دلیر ہو گئے ہین جہان تک جلد ممکن ہی تدارک فرمایا جاوے تو بہتر ہے۔ بادشاہ نے فرمایا کہ اس مدت تک مین نے خیر خواہون کی قدر نہ جانی اب معلوم ہوا کہ بدون اس معتمد کے سلطنت کو رونق نہوگی چاہیئے کہ ماجراے گذشتہ کو جو اہل غرض کے فریب سے واقع ہوا تھا فراموش کرکے خیر خواہی مین ثابت قدم رہے اور یہان آکر اپنا شغل سابق اختیار کرے۔ دلاور خان اس پیام سے پھول کی طرح کھل گیا لیکن احتیاط کرکے ایک معتمد کو بھیجا کہ اگر حضرت عہد فرماوین کہ مجھے جان و مال کا آسیب نہ پہونچاوین تو بسر و چشم حاضر ہون بادشاہ نے اپنے ایک معتمد سے کچھ کہا پھر عہد نامہ ظاہر کیا اور عہد نامہ بھیجدیا۔ دلاور خان اپنے بڑے بیٹے محمد خان کو ساتھ لے کر برہان شاہ سے بالحاح تمام رخصت حاصل کرکے اس امید پر دوڑا کہ پھر بادشاہ کو معطل کرکے سلطنت کی کنجی اپنے ہاتھ مین لاؤن گا۔ بادشاہ آخر روز دربار سے پورے جلوس کے ساتھ قلعہ ارک جاتا تھا کہ دلاور خان نے حاضر ہوکر رکاب چومی اور پیادہ روانہ ہوا۔ بادشاہ نے الیاس خان کو اشارہ فرمایا کہ دلاور خان کو سوار کرکے ساتھ لاؤ۔ جب قلعہ مین پہونچا اور محصور ہوگیا تو وہ شخص جس سے بادشاہ نے کچھ کہا تھا بہت تیزی سے بڑھا کہ الیاس خان سے لے کر دلاور خان کی آنکھ مین سلائی پھیرے دلاور خان نے بہت عاجزی و الحاح کے ساتھ الیاس خان سے کہا کہ بادشاہ سے عرض کرے کہ مین آپ کے عہد پر اطمینان کرکے حاضر ہوا ہون بادشاہ نے کہا کہ مین اپنے عہد کے خلاف نہین کرتا کہ تجھے بعد عہد کے جان و مال کا ضرر پہونچاؤن یہ شخص کمال البتہ ایسا کرتا ہی۔ آخر دلاور خان قلعہ ستارہ مین قید ہوا اور چھٹے سال وہان انتقال کیا۔ اب بادشاہ نے افواج طلب کین اور اول امرا برکی کو چھ سات ہزار سوار سے روانہ کیا کہ ولایت محفوظ رکھین اور لشکر نظام شاہیہ کو رسد سے تنگ کرین پھر رومی خان کو دس ہزار سوار سے پھر الیاس خان کو تین ہزار خاصہ خیل سے روانہ کیا۔ برہان شاہ نے امراے برکی پر کئی بار فوج بھیجی اور ہر بار شکست کھائی۔ آخر خود تاخت کی چونکہ اُن کو مقابلہ کی طاقت نہ تھی پریشان ہوکر دریاے بیورہ پہونچے اور اس کو بایاب پاکر پار اُترے رومی خان دکنی و الیاس خان سے مل گئے اتفاق سے اُسی وقت سیلاب عظیم آگیا اور برہان شاہ

پار نہو سکا لوٹ گیا اور اس اثنا مین لشکر نظام شاہ مین قحط پھیلا اکثر سپاہی بے قوت ہو گئے اور اس پر دوبارہ پھیلنے سے بہت لوگ مرے چنانچہ لشکر مین سے بہت آدمی و ہاتھی گھوڑے ضائع ہو گئے تو ناچار ہو کر دو تین منزل اپنے سرحد کی طرف چلا گیا اور قلعہ جدید جو ابھی پورا نہ تھا اسد خان گجراتی ترک کو مع سامان استحکام سپرد کیا جب اس کے پاس سامان وغلہ کافی پہونچ گیا اور وبا بین بھی سکون ہوا تو برہان شاہ نے قلعہ شولاپور کے محاصرہ کا عزم کیا۔ عادل شاہ نے امرائے مذکور کو لکھا کہ دریائے بیورہ عبور کر کے برہان شاہ کو مانع ہون۔ برہان شاہ نے تورنگ خان دکنی کو خلاصہ لشکر کے ساتھ مقابلہ کو بھیجا اور جنگ شدید کے بعد تورنگ خان سپہ سالار اعنما دخان سوشتری کے ہاتھ سے مارا گیا اور اسی حالت مین سہیل خان نے بھی حملہ کیا اور امرائے نظام شاہیہ شکست کھا کر خستہ و مجروح بمشکل تمام برہان شاہ سے ملحق ہوئے اور امرائے عادل شاہ نے سو بڑے ہاتھی و چار سو گھوڑے و چار سو فوجی گرفتار فی الفور بیجاپور روانہ کیے اور وہان سے خلعت و شمشیر و کمر مرصع و انواع عاطفت سے مسرور ہوئے نظام شاہیہ مدت کے سفر و تکالیف سے دل برداشتہ ہو کر بھاگنے لگے بلکہ امرائے دکنی و حبشی نے چاہا کہ برہان شاہ کو اتار کر اُن کے بیٹے اسمٰعیل کو قید سے رہا کر کے تخت پر بٹھا دین بلکہ یوسف خواجہ سرائے و کامل خان دکنی نے برہان شاہ کے قتل کا قصد کیا لیکن بادشاہ نے آگاہ ہو کر اُن کو دفع کیا اور تختگاہ احمد نگر کی طرف مراجعت کے ارادہ سے اپنی سرحدی قضبہ کرور مالیان کی طرف کوچ کیا۔ رومی خان و الیاس خان نے مع امرائے برکی تعاقب کیا اور ہر طرف سے مزاحمت پہونچا کر تنگ کیا۔ برہان شاہ اپنے آنے و قلعہ بنانے و ہنگامہ اُٹھانے سے نادم ہو کر جان گیا کہ بدون صلح کے احمد نگر تک پہونچنا دشوار ہی باوجود اس کے انجام اچھا نہو گا لہذا قصبہ مذکور کے باہر قیام کر کے صلح کی خواستگاری کی عادل شاہ نے ابتدا مین توقف کیا اور ایک مہینہ تک تغافل مین ڈال دیا برہان شاہ نے وسائل پیدا کیے حتی کہ محمد قلی قطب شاہ نے مصطفےٰ خان استرآبادی کو و راجہ علے خان نے خواجہ عبدالسلام تونی کو التماس صلح کے لیے بھیجا اور بہت الحاح و ابرام کیا تو عادل شاہ نے فرمایا کہ بے وجہ برہان شاہ نے ہماری سرحد مین داخل ہو کر حد سے زیادہ رعایا پر ظلم و ستم کیا آخر ہم نے امرائے مین سے ایک جماعت کو بھیجا کہ یہ مضرت دفع ہو گئی اور وجہ نزاع فقط دلاور خان حبشی اور ہاتھی تھے وہ بزور و حکمت ہم کو پہونچ گئے خیر ہم بھی اس ماجرائے ناگوار کو نابودہ سمجھ کر صلح قبول کرتے ہین مگر اس شرط سے کہ جو قلعہ جدید بنایا ہی خود ہی اپنے ہاتھون مسمار کرین مصرع ہم تو پہلے بھی نہ فا پر رہے اور اب بھی ہین۔ مصطفےٰ خان نے عرض کیا کہ اعیان درگاہ مین سے کسی کو ارسال فرمایا جاوے کہ اس کے سامنے عہد و قسم درمیان مین آوے۔ بادشاہ نے عاقل فاضل شاہ نواز خان کو جن کا کچھ حال آوے گا روانہ فرمایا۔ برہان شاہ نے مجلس آراستہ کر کے شاہ نواز خان سے ملاقات کی چونکہ وکلائے راجہائے دکن وغیرہ موجود تھے چاہا کہ پہلے شاہ نواز خان صلح کا ذکر کرے تاکہ میری طرف سے قبول پایا جاوے۔ شاہ نواز خان سمجھ گیا اور ملاقات مین حرف صلح کا مطلق ذکر نکیا

آخر مصطفےٰ خان وخواجہ عبد السلام جو بطریق رعایت درمیان مین پڑے تھے صاف بول اُٹھے کہ اعلیٰحضرت برہان نظام شاہ کی اصلی غرض یہ کہ فرمانروایان سابق کے طریقہ پر صلح وصفا درمیان مین جاری ہو شاہ نواز خان نے کہا کہ تمام عالم جانتا ہی کہ بادشاہ عدالت پناہ کی دوستی کا پھل بہت خوشگوار اور دشمنی بیابان محنت کا خارزار ہی مخالفون کو دوست سمجھنا اور ایسے سیاہ رو اور سیہ بختون کے کہنے سے دوستون پر لشکرکشی کرنا مذہب مروت ودور اندیشی سے بعید ہی لیکن الحمد اللہ کہ ہنوز عدالت پناہ کا دل صاف ہی دوستی کا تار نہین ٹوٹا ہی اگر چند امور ناصرضیہ کے وقوع سے کچھ کراہت کا ظہور ہوا ہی تو تھوڑی سعی وکوشش سے اس کی اصلاح وصفائی ممکن ہی۔ حضار مجلس برخان والاشان کی عجیب تقریر سے حیرت چھا گئی اور اُنھون نے عادل شاہ کے دولت اقبال کا اندازہ کیا کہ کس کی درگاہ مین ایسے عقلاے روزگار جمع ہین اور سب نے احتیاط واتفاق سے قرار دیا کہ برہان شاہ منگلسرہ جاکر قلعہ مذکور منہدم کرکے احمد نگر مراجعت فرماوین چنانچہ برہان شاہ نے وہان پہونچکر اپنے ہاتھ سے اس کی ایک اینٹ منہدم کی پھر تمام لشکر نے دم بھر مین قلعہ وزمین برابر کردی اور برہان شاہ نے احمد نگر کی طرف کوچ کیا اور قلعہ پرندہ سے شاہ نواز خان کو خلعت وکمر سے سرفراز کرکے رخصت دی اور وہ بیجاپور پہونچکر کمال تقرب سے سرفراز ہوا۔ اسی سال ہزار مین بادشاہ نے میر خان حبشی کو اخلاص خان خطاب امارت سے سرفراز کیا اور غایت امانت سے امیر مذکور آج تک کہ سنہ ایک ہزار اٹھارہ ہجری ہی عزت سے قائم ہی۔ راقم الحروف نے پہلے لکھا تھا کہ سید مصطفےٰ خان نے قلعہ بیجاپور وچند رکوٹ مسخر کرکے سنکر نائک دارسب نائک وکنک نائک وتنگنا وڑی وبہرہ دیوی وکھنڈی پر وغیرہ کو باج وخراج پر مطیع کیا تھا بعد شہادت مصطفےٰ خان کے معطل ہوا پھر بلبل خان نے مطیع کرکے سالہاے باقیہ کا کچھ خراج وصول کیا تھا کہ نظام شاہیہ کے فساد سے ادھورا چھوڑا۔ سنہ ۱۰۰۱ ایک ہزار دو ہجری مین بادشاہ نے منجھن خان ولد بزرگ کمال خان بن کشور خان لاری کو لشکر کثیر کا سپہ سالار کرکے بلیار روانہ فرمایا۔ اس نے وہان پہونچکر اول اُن راجاؤن کے پاس ایلچی بھیجا کہ فرمانبرداری بہتر ہی ورنہ جان کا خطر سب نے اطاعت قبول کی چونکہ سب سے پہلی سب سے بڑے راجہ کنک نائک نے حاضر ہوکر سرفرازی پائی تھی تو باقیون کو خوف ہوا کہ مبادا وہ اپنی کثیر فوج سے ہم کو گرفتار کرلے سب نے اتفاق کرکے بیس ہزار فوج لے کر دشوار گزار پہاڑون مین حصار اختیار کیا۔ منجھن خان نے عقلمندی سے پہاڑون مین جانا خلاف مصلحت دیکھکر ارسب نائک کے قلعہ چرہ کی طرف کوچ کیا تب وہ لوگ مضطرب ہوکر پہاڑون کو چھوڑکر پہاڑی تنگ راستہ پر مزاحم ہوئے اور آخر بعد تین روز کی جنگ کے متفرق اپنے اپنے قلعہ مین متحصن ہوئے اور ارسب نائک نے عاجز ہوکر دو بڑے ہاتھی اور بہت سے اموال ونفائس بطریق خراج ادا کیے اور دوائمی اطاعت قبول کرکے ساتھ ہوگیا اور انھین دو تین ماہ مین تنگنا وڑی کا قلعہ میوری مفتوح ہوا اور بیس ہاتھیون کے قریب ہاتھ آئے اور رفتہ رفتہ تمام ملک مفتوح ہوجاتا کہ ناگاہ فتنہ نلگون کی خبر آئی اور بلیاریون نے عجب وحام

کیا اور بادشاہ کے فرمان سے منجھن خان نے وہان کا معاملہ معطل چھوڑکر بیجاپور کی طرف کوچ کیا ۔

ذکر فتنہ شاہزادۂ اسمٰعیل بن طہماسپ واس کا فرو ہونا ۔ علی عادل شاہ

نے وفات کے وقت اپنے بھائی طہماسپ کے بیٹے ابراہیم بن طہماسپ عادل شاہ ثانی کو تخت نشین کرنے کی وصیت کی تھی جس پر عمل کیا گیا ۔ چھوٹا بھائی اسمٰعیل بن طہماسپ بچپن مین بادشاہ کے زیر سایہ پرورش پاتا رہا جب بڑا ہوا تو دستور کے موافق دلاور خان نے قلعہ نلگوان مین مقید و محبوس کیا ۔ جب دلاور خان کا تسلط دور ہوا تو بادشاہ نیک نہاد نے نلگوان مین آدمی بھیجکر بھائی کی تسلی کی کہ ہرچند اشتیاق دیدار بہت ہی مگر بمجبوری نہین بلا سکتا بالفعل باتون سے زنجیر دور کی جاوے اور قلعہ رسیج مین جہان پھول بوئے دو درختون کی بہت کثرت ہی اور مقام پر فضا اور عمارات عالیہ وہان خوشی کے ساتھ عیش کے جملہ سامان مہیا کر دیے جاتے ہین بعیش و عشرت بسر کرین آیندہ حسب موقع انشاء اللہ تعالے سے ساتھ رہنا نصیب ہونا ممکن ہی اور وہان کے قلعہ دار وغیرہ کو پے تاکید لکھا کہ برادر بجان برابر کو ہر طرح کا آرام و آسائش و خوشی و خرمی پہونچاوین لہذا سوائے قلعہ سے باہر جانے کے تمام اقسام عیش مہیا تھے اور بادشاہ ستودہ خصال متواتر طرح طرح کی سوغات و نفائس سے مسرور فرماتا تھا حتی کہ ایک مرتبہ اس ولایت سے بہتیرہ انبہ جس سے بہتر انبہ نہین ہوتے اول پھل اترے اور بادشاہ کے لیے لائے تھے بادشاہ نے واپس کیے کہ پہلے جاکر میرے عزیز بھائی کو کھلاؤ پھر جو پھل اترین وہ مجھے پہونچانا ۔ بے شبہہ بادشاہ کی نیک نہادی کے واسطے یہ نمونہ بہت کافی ہی اور لحاظ حق قرابت و مروت اور کمال انسانی اس سے واضح مگران تمام احسانات و خوبیون کا عوض اُس بھائی کی طرف سے یہ ہوا کہ اُس نے وہان کے قلعہ دار وغیرہ کو ملایا اور بہت سے اہلے بیجاپور کو بھی وعدہاے مرغوب سے اپنی طرف کرکے سا تورین رمضان سنہ ۱۰۰۲ ایک ہزار دو ہجری مین بیجاپور مروت و محبت و احسانکے بیوفائی و نمکحرامی و بدخواہی کا جھنڈا اُٹھایا یہ سمجھ کہان کہ سلطنت عطیۂ حضرت ذوالجلال والاکرام ہی بدون اس کے تمام سعی بے سود ہی یہ بھی نہ سمجھا کہ بادشاہ عدالت شعار کے ساتھ کفران نعمت کا نتیجہ خواری و دنیا و آخرت ہی جب یہ خبر تحقیق ہوگئی تب بھی بادشاہ نیک نہاد نے معتمدان بارگاہ مین سے حضرت شاہ نور عالم کو جو حضرت شیخ المشائخ قطب العالم شیخ حنبید بغدادی قدس سرہٗ کی اولاد مین تھے مع نصیحت نامہ کے برادر نامہربانکے پاس بھیجا کہ شاید راہ راست پر آجاوے مگر شاہزادہ اسمٰعیل نے جواب سخت دیا اور شاہ نور عالم کو مقید کیا اور اپنے معتمد شاہ برہان نظام شاہ کے پاس بھیجکر مدد چاہی ۔ برہان شاہ تو عہد شکنی کو عین صواب سمجھتا اور ایسے سوانح خدا سے چاہتا تھا فوراً امداد کا اقرار کرکے لکھا کہ امراے بیجاپور کو بھی بہر صورت متفق کر و خصوص عین الملک کنعانی کو جس کی جاگیر نلگوان کے قریب ہی ۔ شہزادۂ اسمٰعیل نے خوش ہوکر اول ہیگری مین عین الملک سے رابطہ پیدا کرکے میر آنکس خان کو بھی متفق کر لیا اور نلگوان مین اپنے نام کا خطبہ و سکہ جاری کیا ۔ عین الملک منافق نے بظاہر بادشاہ کے عرائض مین خیر خواہی کا اظہار کیا اور باطن مین شاہزادۂ اسمٰعیل سے متفق تھا

بادشاہ نے جب شاہ نورعالم کے مقید ہونے کی خبر سنی تو غضبناک ہوکر الیاس خان کو پانچ چھ ہزار سوار سے تلنگوان فتح کرنے کے لیے روانہ فرمایا جس نے سخت محاصرہ کیا چونکہ عین الملک نے ظاہری نفاق سے دھوکا دیا تھا بادشاہ نے اس کی فوج بھی محاصرہ کے لیے طلب کی اور یہ لوگ اپنے مورچال کی طرف سے ہر قسم کا غلہ و رسد قلعہ مین بھیجتے تھے۔ بادشاہ نے یہ خبر سنکر عین الملک کو طلب فرمایا عین الملک نے دربار کے کفار کو اموال خطیر سے موافق کرلیا جو اکثر اوقات اس کی خیر خواہی کا ذکر کرتے تھے بادشاہ کو شک پڑگیا اور چاہا کہ عین الملک کی تالیف قلبی کرے چنانچہ مجلس عام مین اس کو خطاب و انعام سے سرفراز کرکے رخصت دی اس کو ملک نے تمام حقوق و انعام نابود کرکے شہزادہ اسمٰعیل سے اتفاق کرنے مین زیادہ اصرار کیا آخر یہ خبر فاش ہوگئی اتفاق سے حیاتخان کوتوال بیجاپور وغیرہ الیاس خان پاس پہونچانے گیا تھا واپسی مین پرگنہ ہیکری سے گزرا اور عین الملک سے سخت گفتگو کے ساتھ پیش آیا اور اس کو حرام خور کہا تاکہ وہ خوف کھاکر زر نقد سے موہاۃ کرے اس نے اخفاء سے مایوس ہوکر حیات خان کو قید کیا اور علانیہ باغی ہوگیا اور حکام مستلاع و پرگنات کے نام خطوط لکھکر شہزادہ اسمٰعیل کے خیر خواہی پر مائل کیا اور اکثر موافق بھی ہوئے اور عین الملک نے برہان شاہ کے حضور مین بھی عریضہ بھیجکر یہان کے امرا کا اتفاق عرض کیا اور درخواست کی کہ اگر حضور کی امداد سے شہزادہ اسمٰعیل تخت نشین ہون تو قلعہ شولاپور و شاہ درک ملازمان حضور کے نذر کرینگے اور اس کا عہد نامہ مہری بھی بھیجدیا۔ برہان شاہ نے عہد و پیمان توڑکر افواج طلب کین اور احمدنگر سے کوچ کیا۔ عین الملک خوشی مین پھولا اور اپنا لشکر بھی جمع کیا اور امرائے مستلاع بھی راہ صواب سے منحرف ہوئے اور مملکت بیجاپور مین عجب شورش پیدا ہوگئی اور اس شورش مین کفار ملیبار نے ملک قلعہ چندرکوٹی دوبارہ چھین لیا اور بیکاپور تک مزاحم ہوئے اور یکایک الیاس خان نے بھی محاصرہ چھوڑکر ہر اس کی حالت مین بیجاپور مین قدم رکھا جس سے عجب اضطراب دارالسلطنت مین پھیلا قریب تھا کہ فتنہ سخت پیدا ہو۔ بادشاہ نے اس وقت غضب شاہی کو تحریک دی اور رومی خان والیاس خان کو جن پر درپردہ بغاوت کا شبہ تھا قید سخت مین ڈالا اور فوراً افواج کے طلب مین فرمان بھیجے چنانچہ سب سے پہلے عالم خان دکنی پہونچکر قدمبوس ہوا اور افواج نے برابر آنا شروع کیا ادھر عین الملک نے میدان خالی پاکر آنکس خان کے موافقت سے دس ہزار سوار و بیس ہزار پیادے جمع کیے اور تلنگوان پہونچکر شاہزادہ کے سر پر سبز چتر بلند کیا اور برہان شاہ نظام کے آنے کا انتظار نہ کیا۔ بادشاہ عادل نے سنہ ۱۰۰۳ ایک ہزار تین ہجری ربیع الاول مین حمید خان حبشی کو سردار فوج کرکے امرا مخلص کے ساتھ تلنگوان روانہ کیا اور بہت سے امور حکمت سمجھا دئے جب حمید خان قریب پہونچا تو عین الملک کے آدمیون نے آکر حمید خان کو شہزادہ اسمٰعیل سے موافقت کرنے پر راغب کیا۔ حمید خان نے بادشاہ عادل کے سمجھانے کے مطابق ان لوگون کی بہت تعظیم و تکریم کی اور اچھے سلوک کے ساتھ اسی وقت اُن کو رخصت کیا اور پیغام دیا کہ ہم درحقیقت حضور سے لڑنے

نہین آتے بلکہ تہ دل سے حضور کی قدمبوسی مقصود ہی اور امیدوار ہین کہ حضور دیر نہ کرین اور جلد باہر شریف لاکر ہم لوگون کے سر پر اپنا سایہ مبارک ڈالین یقین ہی کہ اصلی مقصود بدون زحمت و مشقت کے حاصل ہو جاوے۔ بادشاہ عادل کا اقبال دیکھکر عین الملک جیسا گرگ باران دیدہ احتیاط و دور اندیشی سے غافل ہوکر برہان شاہ کے آنے کا انتظار نہ کیا اور فوراً شاہزادہ کو قلعہ سے باہر لایا اور کچھ دور چلکر ایک مسطح میدان مین حمید خان وامرا کی ملاقات کے واسطے اہتمام کیا کہ میدان صاف کرکے فرش بچھاوین اور سقے آب پاشی کرین اور خود پانون کے طبق و عطریات و خلعتون کی تیاری مین مصروف ہوا۔ عین الملک کا بیٹا عالی خان جو ہمیشہ باپ کو بادشاہ کی حرانخوری و بے وفائی سے منع کرتا تھا حمید خان کے جواب وطریقہ سے فریب سمجھا اور ہر چند باپ کو معقول دلائل سے سمجھانا چاہا اُس نے نادانی خیال کرکے سماعت نہ کی۔ سولھوین ربیع الاول روز جمعہ کو سقے آب پاشی کرچکے اور قالین بچھ گئے اور شاہزادہ نے محض بے پروائی سے جلوس فرماکر شراب اڑانی شروع کی اور عین الملک یون ہی نشہ غرور مین سرمست تھا کہ ناگاہ حمید خان نے نزدیک ہوکر توپخانہ کو حکم دیا اور اس ہوان وھار مین عین الملک نے شاہزادۂ مست کو سوار کرکے چاہا کہ اپنی فوج سے دار و گیر کرے کہ ناگاہ سہیل خان خواجہ سرا نے یمنہ سے حملہ کرکے اس کی جماعت توڑ دی اور عین الملک تلوار کھاکر گرا تو سہیل خان نے اس کا سر کاٹ کر نیزہ پر بلند کیا شاہزادہ اسمٰعیل نے چاہا کہ علی خان و آنکس خان کے فوج مین پہونچکر برہان شاہ سے ملحق ہوجاوے مگر نشہ شراب سے زمین پر گرا اور حمید خان کے سوارون نے فی الفور گرفتار کرلیا اور خانجی بن شجاعت خان نے بیجاپور سے پہونچکر اس کو مستقر اصلی تک پہونچا دیا اور جب عین الملک کا سر بیجاپور آیا تو خرد و بزرگ خوش ہوئے اور چند روز بطور عبرت لٹکایا گیا آخر بڑی توپ مین رکھکر اڑا دیگئی اور حمید خان و سہیل خان و اعتماد خان سوشتری حاضر حضور رہکر انعامات و خطابات وغیرہ سے سرفراز ہوئے اور عالم خان بھی خطاب مصطفیٰ خان سے مخاطب و دہ ہزاری سپہ سالار ہوا اور برہان شاہ اس واقعہ سے متحیر و نہایت نادم و خجل ہوکر احمد نگر واپس گیا۔ یہ واقعہ اہل عبرت کے لیے قدرت حق عزوجل کے آیات صنعت پر کافی دلیل تھا کیونکہ شہزادہ اسمٰعیل کی بغاوت مین عمدہ امرا و اکثر حکام اطراف متفق تھے اور بغاوت کفار علاوہ اور تمام رعایاے ممالک کا حیرت و اضطراب اور دارالملک کی رسد کا انسداد کچھ ایسے طور سے اسباب ظاہر جمع ہوئے تھے کہ اکثر اہل عقل کے نزدیک معاملہ بہت خطرناک نظر آتا تھا اور اس مین تو کسی کو بھی شک نہ تھا کہ فتنہ و آشوب دور ہونے کے لیے زمانہ درکار ہی حالانکہ شاہزادہ اسمٰعیل مین سواے مستی و شہوت پرستی کے عمدہ خصائل متوہم تھے حضرت مالک الملک تعالیٰ و تقدس نے ایک دم مین تمام اسباب فتنہ و فساد سوخت کردیے اور اس بادشاہ پاک اعتقاد کے واسطے مزید یقین ہوگیا۔ یہ واقعہ نمونہ اس حالت کا تھا جو آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم کی وفات شریف کے اوقات مین عرب کے درمیان ظاہر تھا اور بفضلہ تعالیٰ بہت جلد صاف ہوگیا

ذکر وزیر خوشخصال شاہ نواز خان بھیمال

جاننا چاہیے کہ خواجہ علاء الدین محمد شیرازی اپنے عہد کے معارف و مشاہیر سے تھے اُن کے تین بیٹون مین سے خواجہ سعد الدین عنایت اللہ حسن اخلاق و فنون حکمت و ریاضی وغیرہ مین فائق ہوئے ابتدائے عمر مین جناب سید فتح اللہ شیرازی کی خدمت مین انواع علوم حاصل کیے اور جب علی عادل شاہ نے مال خطیر سید موصوف کے پاس بھیجکر بیجاپور مین آنے کی درخواست کی تو خواجہ سعد الدین نے بھی آنجناب کی رفاقت مین سیر کا قصد فرمایا اور بیجاپور و برہان پور و سند و واوجین و آگرہ و دہلی و لاہور وغیرہ سیر کرکے وطن مالوف کی طرف مراجعت کی اور حج کے قصد سے بغداد و زیارات نجف اشرف و کربلائے معلے سے فارغ ہوکر عراق کی راہ سے مکہ معظمہ مین حج ادا کیا اور وہان سے مدینہ طیبہ پہونچکر بعد ادائے زیارت وطن کی طرف رجوع کیا اور چندے آرام کے بعد ملا شکیبی شاعر خواجہ عنایت اردستانی کی رفاقت مین پھر سیر دکن کا قصد فرمایا اور بندر جیول سے اترکر چندے وہان کے متنزہات سے مسرور رہکر دار السلطنت بیجاپور آئے اور سلطان ابو المظفر ابراہیم عادل شاہ نے قدر شناسی فرماکر خطاب عنایت خان و جاگیر لائق سے سرفراز فرمایا۔ یہ دلاور خان کا زمانہ تھا پھر روز بروز ترقی پاکر ندیم مجلس شاہی ہوے اور سنہ ۱۰۰۰ ایک ہزار ہجری مین معتمد سلطنت ہوکر برہان نظام شاہ سے صلح کرنے اور اُن کے ہاتھون قلعہ ساختہ توڑوانے مین نامور ہوئے پھر محمد قلی قطب شاہ کے پاس بھاگ نگر مین جس کو حیدر آباد نام کیا گیا ہی بطور رسالت گئے اور کام بخوبی انجام دیکھ بیجاپور آئے۔ جب بغاوت شاہزادہ اسمٰعیل شروع ہوئی اور بادشاہ عادل کے اکثر حواشی بھی منافقانہ طریقہ سے باغیون سے موافق ہوگئے تو شاہ نواز خان نے ذاتی شرافت سے پروانہ صفت خورشید سلطنت کی حفاظت مین سرگرم رہے اپنے اوپر خواب و خور حرام کرلیا اور نہایت عقلمندی سے جس کو منحرف پایا دفع کیا اور جس کو خیر خواہ پایا تقرب دیا یہان تک کہ بفضل الٰہی سبحانہ و تعالے وہ فتنہ دفع ہوا چونکہ یہ کمینہ راقم الحروف بھی بصدق دل حضرت بادشاہ کا مخلص خیر خواہ تھا امید باتوفیر نے مجھے بھی ذرہ دار آفتاب سلطنت تک پہونچایا حتے کہ حضرت شاہی نے خاص زبان مبارک سے فرمایا کہ یہ تاریخ روضۃ الصفا کا نسخہ ہی سیاق تاریخ مین پسندیدہ ہوا اسی طرح تو بھی شاہان ہندوستان کی تاریخ جو صدق و صفائی کے ساتھ دروغگوئی و مداحی سے خالی ہو اس زمانہ تک مجلد علٰحدہ مین تحریر کیونکہ کسی نے ہندوستان کی ایسی تاریخ نہین لکھی سوائے نظام الدین بدخشی کے وہ بھی مختصر بہت ہے بندے نے بعد زمین بوسی اس خدمت مین سعی کی اور چند اجزا بھی حضور مین پیش ہوکر پسند ہوگئے۔ الحق کہ بادشاہ جمجاہ مین وہ تمام خوبیان موجود ہین جو شاہان بزرگ کو سزاوار ہین اس مین کچھ بھی مبالغہ و مداحی نہین ہی افسوس کہ اس زمانہ والے مفسدون مین خود لیاقت نہین کہ رحمت الٰہی سے سرفراز ہون ورنہ یہی بادشاہ ہفت اقلیم ہونے کا سزاوار تھا جب بغاوت شاہزادہ اسمٰعیل بٹ گئی تو بادشاہ عادل نے

مدت کا خیال پورا کرنے کی طرف توجہ کی یعنے شاہی دیوان مین عیب تمام ہی کہ برہمن صاحب دیوان ہون جن کو شیطانی انسان کا قدیمی لقب ہی لہذا بادشاہ نے شاہ نواز خان کو وزیر الممالک کا خلعت عنایت فرمایا اور چند روز مین اس کا ثمرہ تمام لوگون پر ایسا ظاہر ہوا کہ مدتون کے خسارات و بیرونقی پر حسرت سے انگلیان کاٹتے تھے کہ شیاطین الانس کس قدر تقلب و تصرف سے سلطنت بیرونق کرتے رہے ہین - پھر سنہ ۱۰۱۰ ایک ہزار دس ہجری مین وزیر الممالک کے یہان فرزند ارجمند میرزا علاء الدولہ کا قدم مبارک بساط وجود پر آیا اور مولانا فہیمی نے قصیدہ عزاے تہنیت سنایا اور سب قسم کے لوگون نے علی قدر مراتب انعام پایا چونکہ بادشاہ عادل نے خان موصوف کی قدر افزائی کا قصد فرمایا تھا تو خان موصوف نے نہایت عمدہ تکلف سے اس وسیع عمارت مین جو کچھ دنون پہلے حسب الحکم شاہی تیار کی تھی نثار قدوم کا اہتمام کیا جس کے ملاحظہ و طریق آداب سے شاہ والاجاہ بہت محظوظ ہوے اور خان موصوف کی جاگیر و انعام و احترام مین زیادہ فرمایا اس موقع پر مولانا ملک قمی و مولانا ظہوری و مولانا حیدر کاشی نے قصائد و انواع اشعار سے رونق مجلس کو دوبالا کر دیا - خان بلند مکان کے بڑے بھائی خواجہ معین الدین محمد بھی طلاقت و فصاحت مین ممتاز تھے بعد تقرب شاہ نواز خان کے شیراز سے حضور شاہی مین حاضر ہوکر خلعت و جاگیر سے سرفراز ہوئے لیکن نزدیک زمانہ مین جہان فانی چھوڑ کر ملک جاودانی کی راہ لی اور بادشاہ عادل نے بجنسہ ان کی جاگیر اُن کے چار سالہ فرزند محمد ظریف کے نام بحال رکھی جو عم بزرگوار کی تربیت مین کسب کمالات سے ممتاز ہوئے اور چھوٹے بھائی خواجہ ہدایت اللہ بھی بڑے بھائی کی وفات سنکر بطور تعزیت بیجاپور آئے اور بعد رسوم تعزیت کے واپسی کا قصد کیا تو خان والاشان نے شیراز کی مسجد اتابکی کی مرمت کے لیے جو مندرس تھی سالانہ زر خطیر ان کے حوالہ فرمایا اب تک اسی کام مین مشغول ہین و للہ الحمد و المنہ

بیان قتل ابراہیم شاہ ثانی اور غلبہ سپاہ عدالت پناہ بفضل و کرم ربانی

الحمد للہ علے احسانہ کہ اس خاندان رفیع الشان مین نوبت خلافت اور جہانداری کی ایسے شہریار ذی شوکت عدالت قرین کو پہونچی کہ قوائم ارکان اسکے بصنعت کانہم نبیان مرصوص کے مخصوص ہی اور مسند سلطنت اور تاجداری ایسے سلطان عظمت آیت کو واصل ہوئی کہ بارگاہ عرش اشتباہ اُسکی بمنقبت وَمَن دَخَلَہٗ کَانَ آمِنًا کے منصوص ہی صورت ہر مامول کی قبل اسکے کہ نقشبند خیال اُسکا صفحۂ خاطر پر کھینچے بقدر سرعت لمح خطے صحراے ظہور مین خرامان ہووے اور تشریف موہبت کہ خلعت خانہ وَلِلّٰہِ خَزَائِنُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ مین فراہم ہی قامت اقبال اُس کا ہر روز اُس کے حاصل کرنے مین مشرف ہووے اور ماہچہ اعلام ظفر غلام اُسکے نے کہ جسکی شان و صفت مین کانتہا کو کُبٌ دُرِّیٌّ یُّوْقَدُ مِنْ شَجَرَۃٍ مُّبٰرَکَۃٍ زیبا ہی جس دیار پر پرتو ڈالا ہر دنگاہ ظلماتی دہان کے باشندون کا منور ہوا اور صحیفہ حسام فیروزی انجام اُسکا کہ مصداق یکا دسنا برقہ یذہب بالابصار ہی جس مقام مین کہ باتقام نیام سے باہر آیا سر مخالفون کے گوے میدان ہوئے ذوالفقار کی طرح چمکنے

مین برق چلنے مین باد فنا ہی آوازہ اُسکی سطوت کا اکناف مشرقین مین واصل ہوا اور صیت کشورکشائی اور دشمن کشی کا اطراف خافقین مین متواصل ہوا جو شخص کہ تند باد قہر اسکی سے نیچے گرا پھر قدم اسکا مرکب مرام پر نہ پہونچا جس شخص نے اسکے حلقہ اطاعت سے سر باہر کیا باد یہ ہلاکت مین ہدف تیر محنت ہوا دلیل اس معنی کی تحقیق اور برہان اس دعوی کے تصدیق واقعہ ارکان دولت ابراہیم نظام شاہ بن برہان ہی کہ تفصیل اُسکی مولف خامۂ مشاطہ شیرین کار سے چہرۂ عروس روزگار پر لکھتا ہی اور قدرے اقبال شاہجہان کا نظر جہانیان مین جلوہ گر کرکے مرقوم خامۂ زرنگار کرتا ہی کہ جب بادشاہ جہان مطاع نے حصار نلگوان کو سرکشان بیتفکر کے قبضۂ تغلب سے برآوردہ کرکے بہت معاندان دولت قاہرہ کے دفع پر مصروف کی بعضے امرائے درگاہ کو کہ سرگرم بیان طغیان سے برلائے تھے منصب ایالت اور ریاست سے معزول اور محبوس کرکے خاطر ذرد خانگی اور مارآستین سے مطمئن فرمائی چونکہ حرکات اور سکنات برہان نظام شاہ سے غبار کلفت خدایگان اعلی کے گوشۂ دل مین جاگزین تھا اسلیے ہمیشہ خیال اسکی تلافی اور انتقام کا کہ خصلت پسندیدہ سلاطین صاحب تمکین سے ہی اُس کے گرد پھرتا تھا لیکن اغماض بھی جو اوصاف سلاطین عالی مقدار سے ہی مانع الضمیر کو مانع ہوتا تھا اور نہین چاہتا تھا کہ مادۂ فتنہ و فساد ہیجان کرکے سفک دماء زمہ رین پہونچے کہ ناگاہ اس حال کے خلال مین برہان شاہ نے شاہزادہ اسمٰعیل کے فریب مین سنگ جفا کا عہد و پیمان کے شیشہ پر مارکر ایسا چور کیا کہ ہرگز وہ اصلاح اور درستی کے قابل نہ ہا کسواسطے کہ جب خبر شہزادہ کے خروج کی احمد نگر کی طرف پہونچی اس کی اعانت کے واسطے قصد الشکر جمع کرکے بجبیل نلگوان کی طرف روانہ ہوا لیکن حوالی قلعہ پرندہ مین خبر قتل ہونے عین الملک اور گرفتاری شاہزادہ سنکر اپنے سوار ہونے سے پشیمان ہوا اور اپنا پس سر پھیرکر احمد نگر گیا اور جو اُس وقت مین قلعہ چندر کوٹی کہ علی عادل شاہ نے مصطفے خان اردستانی کی مساعی جمیلہ اور مساعی اخلاص سے مسخر کیا تھا ابراہیم عادل شاہ کے قبضۂ قدرت سے برآوردہ ہوکر کفار کرناٹک کے تصرف مین آیا تھا اور راے بیجانگر نے کہ اُس وقت بلکنڈہ کو دار الراج بنایا تھا اسکو یقین تھا کہ عدالت پناہ پر خاش پر آمادہ ہوکر حدود مین بیشک فوج کش ہوگا اور قلعہ چندر کوٹی کے سبب کہ ایک راجہ نے لیا ہی اُس کی ولایت مین بھی گزند پہونچاویگا اس سبب سے محزون اور ملول ہوا اور عالی شاہ پسر عین الملک نے کہ بعد قتل ہونے اپنے باپ کے معرکہ سے بھاگ کر بناہ ساتھ اُسکے لے گیا تھا کہا علاج اس کا اس پر منحصر ہی کہ اتفاق کرکے تم اس طرف سے چند قلعہ ممالک عادل شاہ پر متصرف ہو اور اودھر سے برہان نظام شاہ بھی کچھ علاقہ فتح کرلے تاکہ اُس کے تسلط اور غلبہ مین تخفیف ہوے اور اُس سمت سے دلجمعی ہو راے بلکنڈہ نے یہ راے پسند کرکے برہان شاہ کے پاس پیغام بھیجا کہ غلبہ اور تسلط عدالت پناہ کا حد سے زیادہ تر ہے اور خوف اس بات کا ہی کہ خدانخواستہ اس کی سپاہ کے سبب سلاطین اور حکام دکن کو مضرت پہونچے اس بارہ مین فکر واقعی کرکے وہ کام کرین کہ اس اندیشہ سے نجات حاصل ہو برہان نظام شاہ کہ مشتاق اس صحبت کا تھا اس امر مین شریک ہوا اور یہ تجویز کی کہ رام راج قلعہ بیکاپور اور مدّس پر متصرف ہووے اور خود قلعہ شولاپور اور شاہ درگ کو حوزۂ تسخیر مین لاوے اور برہان شاہ نے

مقدمات سابق مثل تیار کرنے اور توڑنے قلعہ منکلیسر اور حوالی پرندہ سے بے نیل مقصود نہایت خجالت اور ندامت سے بہ احمد نگر کو مراجعت کرنا مطلق فراموش کرکے لشکر کشی پر آمادہ ہوا اور مرتضیٰ خان انجو کو سپہ سالار کرکے ماہ جمادی الاول کی پہلی تاریخ ۱۰۰۳ھ ایک ہزار تین ہجری مین بارہ ہزار سوار مسلح اور جرار مملکت عالم پناہ کی طرف نامزد فرمائے تاکہ ممالک سرحد کو تاخت وتاراج کرکے شاہ درگ اور شولاپور کو مفتوح کرین اور راے بلکنڈہ بھی فرصت پاکر بعضے قلاع سرحد کرناٹک صاحبقران کے اہلکارون کے تصرف سے برآورد کرے مصرع زہے تصور باطل زہے خیال محال + مرتضیٰ خان اور تمام امراے نظام شاہ بعد طی مسافت جب قلعہ پرندہ مین پہونچے اور دریافت کیا کہ اب تک راے بیجانگر نے بادشاہ عدالت گستر کی آتش غضب کے خوف سے اپنے مسکن سے قدم باہر نہین رکھا اندیشناک ہوکر اس مقام مین توقف کیا لیکن انکے قراول وتاراجیان نے سرحد کے قریون اور قصبات پر تاخت کرکے مزاحمت بیجا پہونچائی اور یہ خبر عدالت پناہ کے سمع مبارک مین پہونچی امراے سرحد کے نام فرمان واجب الاذعان مخالفون کی تنبیہ اور گوشمالی کے بارہ مین صادر فرمائے اور اطمینان دلون مین انوبک بہادر جو سلک امراے عظام نظام شاہی مین منتظم تھا اس نے عدالت پناہ کی دلالت مین آن کر نشان جسارت بلند کیا تھا لیکن امراے عادل شاہی کی دست برد سے شربت ہلاک چکھا اس لیے رعب اور ہراس نظام شاہیون کے دل پر غالب ہوا اور اس حالت نے متوطنان بلدۂ احمد نگر تک سرایت کی چنانچہ ماہ جمادی الثانی کے اواخر مین کمال غصہ اور غیظ سے برہان نظام شاہ کا مزاج وہاج طریق اعتدال سے منحرف ہوا تپ محرق عارض ہوئی یہانتک کہ رجب المرجب کی نوین تاریخ کو وہ مرض ساتھ اسہال خونی کے منجر ہوا اس خبر کے انتشار سے ایک شورش عظیم اسکے لشکر مین جو قلعہ پرندہ کے قریب نازل ہوا تھا برپا ہوئی اور اخلاص خان حبشی زادہ کہ غلامان ودودمان نظام شاہیہ سے تھا اور اس لشکر مین اس سے کوئی شخص بزرگ تر اور صاحب شوکت نہ تھا اسنے تمام امراے حبشی اور دکنی سے اتفاق کرکے سر گریبان کینہ سے نکالا اور چاہا کہ بطور جمال خان کے عداوت جبلی کے باعث مرتضیٰ خان اور تمام غریبون کے قتل وغارت مین مشغول ہوکر کچھ اثر اُن کے آثار سے باقی نرکھون اس درمیان مین امراے غریب اسکے کید وغدر سے واقف ہوکر باتفاق اپنے اپنے خیمے کے سوار ہوئے مرتضیٰ خان اور احمد خان قزلباش اور بعضے اور اعزہ سے بتعجیل تمام احمد نگر کی طرف روانہ ہوئے اور خلیفہ عرب اور قزلباش خان نے مع ایک جماعت کثیر غریبان کے ولایت عدالت دستگاہ مین پناہ لاکر حبشی اور دکنی کے دست ظلم سے پناہ پائی اور اس اخبار کدورت آثار کے سننے سے برہان شاہ کے مرض نے ترقی پکڑی جیسا کہ مفصل اپنے مقام مین مذکور ہوگا اور آخر اس سراے پرخرخشہ سے دار البقا کی طرف ارتحال کیا اور اسکا بیٹا ابراہیم نظام شاہ باپ کا قائم مقام ہوا اور میان منجو دکنی پیشوا اور وکیل السلطنت ہوا لیکن امراے حبشی زادہ کہ جو فتنہ وفساد بدرجہ اعلی رکھتے تھے اس قدر خبیث سے کہ ابراہیم نظام شاہ کی والدہ حبشیہ تھی مقرب اور مصاحب اور ندیم اسکے ہوئے اور میان منجو چونکہ بعلاج تھا اس علت کو اپنی حالت پر چھوڑ کر خاموش ہوا اور اسوقت حبشیون اور دکنیون کو تاندیش نے اسقدر تحدث کہ خرابی سلطنت اور ویرانی مملکت کے موجب ہون اختیار کیے اور پاپون اپنی حد سے باہر رکھکر اپیان

عادل شاہی کی نسبت کہ اس دربار مین تھے شرائط تعظیم و تکریم کما حقہ بجا نہ لاتے اور دم حریفی اور ہمسری کا مار کر نشان تکبر اور نخوت کے بلند کیے اور اعمال ناشایستہ بلا تامل اُنسے سرزد ہوتے تھے اور ابواب خشونت اور وحشت کے ساعت بساعت مفتوح ہوتے تھے اور یہ بات سلطان عدالت گستر کے مزاج کے موافق نہ پڑی اور سبب از دیاد کدورت سابقہ برہان نظام شاہ ہوئی اور اُنھین دنون مین شہنشاہ کی راے کہ کیفیت عواقب امور پیشین کے علم الیقین کے طور سے جانتی ہی اور مقادیر اشیا کی کلیت قبل از وجود ساتھ عین الیقین کے دیکھتی ہی یون مقتضی ہوئی کہ مفسدون کی تنبیہ اور تادیب کیواسطے پانون رکاب ظفر انتساب مین لاوے اور ارباب نخوت کو پائمال خشم و قہر کرے اس واسطے منجمان برجیس فطنت عطارد ذکا کو طلب کر کے استفسار فرمایا اُنھون نے بعد از تعمق انظار اور تدقیق افکار آثار و انظار ثوابت و سیارین طالع سرطان کو کہ خانۂ ماہ تابان اور اعداکے دفع و رفع کے واسطے شایان ہی اختیار کیا اعیان دولت اور ارکان سلطنت نے بادشاہ کے حکم کے موافق اس ساعت مین جو ارباب تنجیم نے قرار دی تھی خیمہ و خرگاہ و پیشخانہ اور بارگاہ بہمن علی کی طرف بھیجا اور نقارہاے حربی سے آسمان و زمین مین غلغلہ ڈالا **بیت** بر آمد ز کوس و زکر کہ غریو ہ زیم آب شد زہرہ زہ دیو + اور اُسکے پیچھے صاحبقران سلیمان مکان نے پاے فتح و ظفر سریر سلطنت سے رکاب نصرت انتما مین رکھکر خانہ زین کو رشک نگارخانہ چین کیا گویا شبد نیز سبک خیز اُسکا ایک تند باد ہے جس پر سلیمان زمان مطلق العنان ہی یا ایک آتشین عنصر ہی ابراہیم دوران اُس پر ہی نہین نہین فلک الافلاک ہی کہ ایک دن مین آفتاب عالمتاب کو مشرق سے مغرب کی طرف پہونچائے اور ایسا تیز تگ ہی کہ ایک دم مین ابلق دہر کو عرصۂ شتاب مین شہمات کرے **مثنوی** بنازم بآن رخش آگندہ ران + کہ فربہ شد از وصف او داستان + نہنگ بحار و پلنگ جبال + ہوا را عقاب و زمین را غزال + گہ پویہ باد و گہ قطرہ آب + بگوان چون ورنگ و سبک چون شتاب + بالجملہ اول روز مین بیسوین ماہ شعبان سنہ مذکور کو موکب منصور نے بہمن علی مین نزول اجلال فرمایا اور اطراف و اکناف اُس مقام کے مضرب خیام عساکر بہرام انتقام ہوئے اور باہیچہ علم فرقدسای اُس ظل اللہ کا ذروۂ مہر و ماہ پر پہونچا امرا اور افسران سپاہ اُس مقام مین شاہ جم جاہ کی ملازمت مین مشرف ہوئے اور سب بجلعت کمربند و خنجر مرصع اور اسپان تازی و عراقی سرفراز ہوئے رایات نصرت آیات کو اس مقام سے شاہ درک کی طرف متحرک فرمایا **بیت** بہ نیل و خشم شاہ گردون غراز + روان شد زجا ہیچ عمر و دراز عزم یہ تھا کہ اگر ساکنان احمد نگر اب بھی بخلاف ازمنۂ ماضی طریق عناد و فساد سے منحرف ہوکر صمیم قلب مستقیم سے اخلاص و دوستی اختیار کرین اور ایک جماعت صاحب فہم و فراست کو درگاہ مین بھیجکر زبان معذرت اور استغفار مین کھولین تو سپاہ بہرام انتقام کے تعرض سے مصئون اور محفوظ رہین اور اگر شامت اعمال بدبخت نامساعد سے شاہراہ اطاعت اور متابعت سے منحرف ہوکر بادیۂ ضلالت اور گمراہی سے باہر نہ آوین ساتھ تیغ قہر و سیاست کے نوازش پاکر گرداب محنت و غرقاب مصیبت مین گرفتار ہوین اور جو قصد و ارادہ شہنشاہ زمان کا یہی تھا نا چار عنان شبدیز جہان نورد گردون خرام کو روکے ہوئے سرزمین ایک فرسخ کم و بیش راہ کرتا تھا اور کبھی ایسا بھی اتفاق ہوتا تھا کہ جو کہین زمین خوش آئین نظر آتی تھی پانچ چھ

روز وہان مقام کرتا تھا کہ شایدارکان دولت نظام شاہیہ اپنے کیے ہوئے سے پشیمان ہوکر سلامت اور موافقت رجوع ہووین اور مکارم اخلاق خسروانہ کہ بہانہ طلب تھے سر جرایم سے گذر کر شراب عفو وبخشش سے ان کے جام راحت انجام کو لبریز کرین لیکن افواج شقاوت اور بدبختی نے انھین پیش پس سے ایسا محاصرہ نہ کیا تھا کہ مقدمات سلامتی خاطر تخوت مآثر مین لاکر نظر غور کو کام فرماتے یا ارباب دانش کے ارشاد کو گوش ہوش مین جگہ دیکر انکے کہنے پر عمل کرتے الغرض اُسکے بعد رایات نصرت آیات خسرو والاگہر بعد طی مراحل ومنازل قصبہ شاہ درک مین پہونچے سرابردۂ عظمت وشہریاری زردہ سماک اور قبۂ افلاک مین بلند ہوا وہ خطہ ایسا تھا کہ ہوا اس سرزمین کی فرح افزا اور پر بہار تھی اور مقام دلچسپ وچشمہاے آب روان اور پھولون کی کثرت سے صحرا نمونہ گلستان اور قسم قسم کے گل اور ریاحین شگفتہ اور خندان رہتے تھے اس پر غبار موکب جہان پیما سے غالیہ بیز ین گیا یعنے اس مکان جنت نشان مین توقف کیا وزیر وامیر جوانان وپیر جو ہمصحبت اور مشیر تھے اُن سے فرمایا کہ صحبت بزم کو بہت عرصہ ہوا اب چندے بساط عیش ونشاط بسوط ہووے غرضکہ جشن کی تیاری ہوئی چند بے شراب کباب ناچ گانا جلسہ بے تکلفانہ رہا تقدمات لشکرکشی اور دشمن گدازی پردہ تاخیر مین رہے اس درمیان مین اخلاص خان مولد اور بعضے امراے دیگر نے کہ ابراہیم نظام شاہ ثانی کے دور کو محاصرہ کیے تھے اپنی کثرت جمعیت پر مغرور ہوکر اسباب قتال وجدال کے تہیہ مین اشتغال کیا اور صورت امید ہاے باطل اور آرزوہاے لاطائل لوح خیال پر نقش کرکے بنقش تصورات محال صفحۂ دماغ باطل اندیش پر کھینچے اور بے تامل وتفکر اپنے نفس سرکش کے حکم پر اپنی باگ ہوا وہوس کے ہاتھون مین سپرد کرکے خزانے بیقیاس اور گھوڑے اور ہتھیار بیشمار سپاہ پر تقسیم کیے اور ابراہیم نظام شاہ کی ملازمت مین جس کو ایسے امور مین چندان اختیار نہ تھا قدم راہ جسارت مین رکھا اور بتہ ادالی مین سراسیمہ اور مبہوت جہل مین حیرت زدہ ہوکر طی منازل اور قطع مراحل کرنے لگے غرضکہ تیس ہزار سوار جرار اور توپے ضرب زن بیشمار اور فیلان پانذار راژدہاکر دار لیکر بسرعت تمام سر حد بادشاہ سپہر احتشام کیوان غلام مین پہونچے اور خیال محال اور سودا ے فاسد کے باعث آغاز شیطنت کرکے مکر وفریب کا پیشہ کیا اور بطریق برہان شاہ رایان بیجانگر کو جو ہمیشہ آنحضرت کے خراج گذار رہتے واسطے تاخت وتاراج قصبات اور پرگنات سرحد اودنی وغیرہ کے ترغیب وتحریض کی اور یہ امر زیادہ ترصاحقران کے موجب خشم وقہر کا ہوا آخر کو حضرت نے زبان فیض ترجمان سے یہ ارشاد کیا کہ حسب ونسب بھی اعتبار تمام رکھتا ہے ہرچند ہم اس یورش مین ساتھ نرمی اور مدارا کے پیش آتے ہین رگ حمیت غلامان حبشی اور دکنی کی انکو لہین چھوڑتی کہ خشونت وجلادت چھوڑکر راہ مصالحہ اور ادب سے پیش آوین اب ہمارے ذمہ ہمت پر واجب ولازم ہوا کہ انکی خودرائی اور ستیزہ کاری کی جزا وسزا انکے آغوش مین رکھین اور بے ادبون کو گوشمال واجبی دیکر عزیمت خسروانہ دشمنون کے دفع پر تعین کرین پھر بعد اس قرارداد کے فرمان واجب الاذعان یون صادر کیا کہ امرا اور افسران سپاہ افواج آراستہ کرکے نہایت تجمل وحشمت سے میدان عرض مین آوین اور خیل خاصہ سلاحدار اور حوالہ ار مسلح اور مکمل ہوکر کمال عظمت وشوکت سے صف آرا ہووین چنانچہ ذیقعدہ کی اٹھارھوین تاریخ سنہ ایک ہزار تین ہجری مین صبح سعادت کے وقت

کہ فراشان کارخانہ ایجاد و تکوین نے شامیانہ زرین طناب آفتاب کو میدان سپہر لاجوردی مین بلند کیا اور اُسکے فروغ انوار سے جہان بوقلمون کو منور کیا تھا شہنشاہ جم جاہ جوان بخت اس قصر پر جو قصبہ شاہ درک کے باہر واقع تھا برآمد ہوا اور ابواب احسان خلائق کے چہرہ پر مفتوح کرکے فوجون کا سلام لیا اور افواج عساکر منصورہ کو ملاحظہ فرمایا اور کمی بیشی اور دیگر کیفیت لشکر ظفر اثر خاطر قدسی مآثر مین لاکر انکے اجرائے مطالب اور انجاح مآرب کا حکم فرمایا سپاہ تمام نیزہ دار اور شمشیر بدن فرق سے نعل مرکب تک غرق دریائے آہن کہ میدان جانستان مین جان و مال سے دریغ نہ کرین اور تیغ آبدار اور پیکان آتشبار سے خاک معرکہ اعدا کی آنکھون مین ڈالین اور بعد جائزہ کے منادی غیب نے ندائے فرح افزا اِنَّ تَسْتَفْتِحُوا فَقَدْ جَآءَكُمُ الْفَتْحُ گوش ہوش مین سنائی نظم سپاہی بحر موج و سیل قطار سپاہے ابر سیر و کوہ دیدار ۔ سپاہے از شمار افتر افزون ۔ سپاہے از حساب عقد بیرون ۔ پھر حمید خان اور شجاعت خان کو مع تیس ہزار سوار تیغ گزار نظام شاہ کے مقابلہ اور مقاتلہ کے واسطے نامزد فرمایا اور تمام حجت اور الزام کے واسطے حمید خان اور شجاعت خان سے متواتر یہ فہمائش کی کہ جبتک دشمن علم حسارت اور سبقت میدان کین مین نہ بلند کرین تم بھی تمہید حرب مین ساعی نہونا اور نظام شاہ کی ولایت مین مزاحمت نہ پہونچانا اور جب وہ ہماری مملکت مین داخل ہوکر جنگ پر آمادہ ہوون اور صف جدال آراستہ کرین مناسب ہے کہ تم بھی رایت اژدہا پیکر عادل شاہی کو جو بنقش اِنَّ جُنْدَنَا لَهُمُ الْغَالِبُوْنَ کے آراستہ ہے مرتفع کرو اور ہمارے فرزین بند اقبال عالمگیر کے ساتھ محفوظ ہوکر فیل ورخ کی قدرت سے دشمن دغل کو پیادون سے کنایہ اصحاب شہات دیکر شطرنج مین عرقاب کو دہان تو یہ مذکور تھا کہ ناگاہ امرائے نظام شاہی نے مخالصت ہاتھ سے نہ دیکر محاربہ اور مقاتلہ مین کہ انجام اسکا پردہ غیب مین مستور ہے میل و رغبت کی اور فیصلہ اس یورش کا بعہدۂ شمشیر آبدار اور قطع اس مبحث کا محاکمۂ خنجر گذار کی طرف رجوع کرکے غرہ ماہ ذی الحجہ کو اس بادشاہ قضا قدرت کی سرحد مملکت مین قدم رکھا اور جیسا کہ دستور حرب نظام شاہی تھا حصار اپنی توپ اور ضرب زن سے گرداگرد لشکر کے آراستہ کیا اور ارابے زنجیر اور ریسمان سے مضبوط اور مربوط کیے اور قلب و جناح درست کرکے حرب پر آمادہ ہوئے جب یہ خبر حمید خان کے گوش زد ہوئی چشم شجاع مین آثار خشم نمود ہوئے اور جبین پر چین شجاعت ظاہر کرکے ترتیب سپاہ اور صف جنگ گاہ کی آراستگی مین توجہ فرمائی میمنہ پر سپہ سالار خان خواجہ سرا اور عنبر خان حبشی کو اور میسرہ پر شجاعت خان اور شرزہ خان کو مقرر کیا اور آپ پہلوانان آزمودہ کار کو بعد شوکت و شان ہمراہ رکاب ظفر انتساب لیکر قلب مین قائم ہوا اور مقصود خان شحنہ فیل کو جو غلامان گرجی سے تھا مع فیلان کوہ پیکر کے قول کے آگے مامور کیا القصہ اس کلام کا یہ انجام ہوا کہ طرفین سے فوج کشی ہوئی اور مہم مقابلہ اور مقاتلہ تک پہونچی بعد حصول تقارب پیک اجل فرمان کل نفس ذائقۃ الموت لایا قاصد جانستان سنان حصار ابدان کے اقدام اور ثقب حصن حصین جان کیواسطے دمبدم روان ہوا اور پیک برق آسا رعد صدا یعنے توپ اور ضرب زن کا گولہ اساس حیات کے انہدام کے لیے میدان کین مین متردد ہوا اور بعد فراغ استعمال آلات آتشبازی مبارزان جرار خونخوار مرکب مردانگی کو بہمیز ستیز جولان کرکے ایک دوسرے پر حملہ آور ہوئے اور نیزہائے خطی سے کہ مثل غمزہ سبز عذاران ہند فتنہ انگیز اور مانند مژگان عاشقان ستمند خونریز تھے ایک

دوسرے پر حملہ آور ہو کر چشمے خون کے جسمون سے بہائے اور بساط سنقش اور فرش پلون عرصۂ جنگ پر کھینچکر نشان شجاعت کے بلند کیے دشت نبرد گلزار ہو گیا جدھر رخ کیا لاشون کا انبار دیکھا **مثنوی** نبرد آزمایان آہن گسل پر از خشم سینہ پر از کینہ دل ۔ چو آتش بشوریدگی گشتہ گرم ۔ نہ مہر و وفا و نہ آزرم و شرم ۔ ہوا اور اُسکے بعد کہ دود و لہاے سوختہ استعمال الآت آتشبازی سے میدان سپہر زنگاری تاریک ہوا اور شعاع رماح اور عکس مشاعل سلاح سے فضاے معرکہ پر از برق ہو اقلب و میسرہ کی فوج عادل شاہی نے بہ محض حکمت الٰہی شکست پائی اور ایک جماعت کثیر دو اسپہ صحراے ناگزیر فنا کیطرف روانہ ہوئی اور بعضون نے خستہ اور مجروح ہو کر وادی انہزام کا راستہ لیا اور انثی ہاتھی معرکہ مین چھوڑ گئے لیکن یہ معنی کہ فتح ہو کر اعلام ظفر انجام سپاہ عادل شاہیہ کا مرتفع ہوا لیان اس کلام کا یہ ہی کہ ہنگامہ کارزار کی عین گرمی مین دود آتشبازی اور غبار سے میدان ستیز تاریک تر ہوا چونکہ ہوا مخالفون کی جانب سے چلنے لگی صفوف میسرہ خدایگان عالی دود بارود کے سبب نہایت تیرہ و تار ہوئین جوانون اور بہادرون کا اس روز سیاہ کے پیش آنے سے جی چھوٹ گیا رشتہ امید فتح ٹوٹ گیا مجال توقف نرہی جنگ کر کے متفرق ہوئے کسی نے مقابلہ نہ کیا صفوف میسرہ کا میدان مصاف صاف ہو گیا امراے نظام شاہی اس سمتے کو فتح پر حمل کر کے ایکبارگی حملہ آور ہوئے فوج قلب اور اکثر افواج میمنہ عادل شاہی صفوف میسرہ کے مانند متفرق اور پریشان ہوئی لشکر نظام شاہی مفرورون کے تعاقب مین مشغول ہوا اور ابراہیم نظام شاہ اس مقام سے کہ اپنے لشکرگاہ کے عقب الآت حرب و ضرب سے بچنے کے واسطے اختیار کیا تھا مشاہدہ تفرقہ فوج عدالت پناہ سے یقین فتح کر کے نہایت حضور اور سرور سے مرکب کو جولان کر کے چند لوگون سے آگے بڑھا اور سہیل خان اور عنبر خان اور تھوڑے امراے میمنہ عادل شاہی کہ اب تک جدال و قتال مین نہ مشغول ہو کر کنارے ایستادہ تھے نظام شاہیہ کا چتر و علم پہچانکر اُسکی فوج کی طرف متوجہ ہوئے اور مقصود خان ترک بھی انثی فیل کوہ تمثیل جو بدمست اور جنگ مین ہوشیار تھے لیکر ساتھ انکے ملحق ہوا ایک جماعت جو ملازم رکاب بہرام نظام شاہ تھی یک زبان ہو کر بولی کہ عدد ہماری جمعیت کا پانسو کو نہین پہونچتا ہی اور جمعیت غنیم کی ہزار مرد سے متجاوز معلوم ہوتی ہی صلاح یہ ہی کہ ہم معرکہ سے کنارہ کر کے اسقدر توقف کرین کہ ہمارے امرا فراہم ہوون ابراہیم نظام شاہ کہ جوش شباب سے سرخوش تھا اور نشہ شراب کی بدمستی اس پر طرہ مزید تھا دو تنخواہون اور مقربون کی عرض پذیر انکر کے ارشاد کیا کہ میرے چھوٹے بھائی اسمٰعیل نے جنگ دلاور خان مین منہ نہ پھیرا مین سہیل خان نس کٹے خواجہ سرا سے کیونکہ پہلوتہی کرونگا یہ کہکر تلوار غلاف سے کھینچکر اور دس بارہ ہاتھی مست اور کچھ آدمی ہمراہ لیکر فوج شاہی پر حملہ کیا اور بقدر امکان تردد کر کے داد مردی و مردانگی دی ناگاہ زمانہ کے رسم و عادت کے موافق کمین قضا اور کمان قدر سے ایک حربہ متقل پر نظام شاہ بحری کے ہونچا اُس کے صدمہ سے جان برنہوا نقد حیات خازن بہشت کے سپرد کی **بیت** دمے چند بشمر دو نا چیز شد ۔ زمانہ بخندید کو نیز شد ۔ مقربان درگاہ نظامیہ بصد تلاش لاش اپنے بادشاہ کی جو غلامان حبشی کی شامت ستیز سے خاک ہلاک پر افتادہ تھی اُٹھا کر با دل بریان و دیدۂ گریان احمد نگر کی طرف روانہ ہوئے اور اس خبر کے شائع ہونے سے کہ نہال حیات ابراہیم نظام شاہ بحری کا با د حوادث کے صدمہ سے چمن زندگانی مین

لوٹ گیا ہی تمامی امرائے حبشی اور دکنی احمد نگر کے چوتاراج مین مشغول تھے بمصداق لایستطیعون حیلۃ و لا یہتدون سبیلا ہو کر سلسلۂ اُنکی جمعیت کا ٹوٹا اور اسقدر خوف و ہراس چھایا کہ کوئی مقابلہ کو پھر نہ آیا لڑائی موقوف ہوئی اور نہایت محنت اور مشقت سے نیم جان اپنی دوڑ دھوپ کر میدان قتال کے باہر لے گئے اور توپخانہ اور فیلخانہ خاص نظام شاہیہ غارت کر لے دولتخانہ اپنے صاحب کا ضائع اور برباد کیا اور یہ فتح ساتھ دیگر فتوحات عادل شاہی کی سلک مین منتظم ہوئی زمانہ تہنیت گذار ساتھ اس نظم کے مترنم ہوا مثنوی زمان تا زمان از سپہر بلند + بفتح و ظفر باش فیروزمند + ہمہ شب کہ مہ طوف گردون کند ۔ چراغ تراروغن قرون کند + ہمہ روز خورشید باتاج زر + بپائین تخت تو بندد کمر ۔ اُس وقت جو امر نا درقوع مین آیا تھا مولف بذریعہ قلم خجستہ رقم اس کتاب مین درج کرتا ہی وہ یہ ہی کہ جب امرائے قلب و میسرہ نے قدم دائرہ ثبات اور تہور سے باہر رکھا بہت سپاہی جس طرح کہ عادت مفرورون کی ہی بخیال تعاقب سپاہ غنیم سراسیمہ اور بدحواس ہو کر ایسا بھاگے کہ قلعۂ شاہ درگ تک کسی نے مڑکر نہ دیکھا اور متفق اللفظ والمعنے نواب شاہ نواز خان سے یون نقل کی کہ کل عصر کے وقت سپاہ طرفین ملکئی بازار گیرو دار نے رواج پایا اور باد تند کے چلنے اور بارودت کے دھوین کی کثرت سے چشم عقل خیرہ اور میدان نیرو تیرہ ہوا اور سپاہ عدالت پناہ کو اُسکے سبب سے ایسا صدمہ پہونچا کہ چند امرا نے اس ورطۂ ہولناک سے نجات پائی اور اکثر اُن مین کے نقد حیات ہاتھ سے کھو بیٹھے اور ایک ہاتھی کے سوا کہ وہ بھی رضوان ترک غلام کی مردی و مردانگی سے معرکہ سے برآوردہ ہوا ہی تمام ہاتھی معرض تلف و غارت مین آئے یہ تقریر ہو ہی رہی تھی کہ چند مخبر گرد اره سے پہونچے اُنھون نے بھی مفرورون کے موافق خبر پہونچائی اور اس اخبار کے انتشار سے کہ صبح تاریخ تیسری ماہ مذکور تک پھیلے رہے تمام آدمی متوحش اور پریشان ہوئے اور آشوب شدید اور ولولۂ عظیم عدالت پناہ کی اردو مین واقع ہوا لیکن سلطان صافی ضمیر بے شبہہ و نظیر کہ آسمان قدر اس کا مثل مدارج فلک الافلاک کے رفیع اور سپہر سریر اسکا مثل سریر سپہر کے وسیع تھا روی نیاز خاک عاجزی پر رکھکر بزبان تضرع و زاری درگاہ ملک متعال سے ظفر اور برتری مسئلت کی اور اس امر مین خاص و عام کے ساتھ مخالفت کر کے منفرد ہوا اور کسی وجہ سے اس قول کی صحت اختیار نفرمائی اور جس روز کہ تمام مقرب اور اہل دربار حاضر تھے حضار مجلس کیطرف متوجہ ہو کر فرمایا کہ جو کچھ نقوش لوح محفوظ نے میرے آئینہ دل پر عکس ڈالا ہی اسکے برخلاف ہی جو مفرورون اور مجزون نے موقف عرض مین پہونچایا ہی عنقریب اقبال شاہی بشارت فتح و نصرت کہ درباریان اس دربار فلک اساس سے ہی سمع اولیائے دولت روز افزون مین پہونچا دیگا اور گل مراد چمن اخلاص مخلصان مین شگفتہ اور شجر بے ثمر زندگانی اعدا سموم ہموم سے زار و نزار ہوگا ابھی یہ کلام صدق انجام درمیان مین تھا اور مقربان مجلس اختصاص پہل تسلی اور تسکین کے حضرت کے نہال کلام سے چنتے تھے کہ نواب عرش آستان یعنے شاہ نواز خان محفل خلد مشاکل سلطان زمان مین حاضر ہوا اور زمین خدمت کو لب ادب سے بوسہ دیکر یون ثنا خوان ہوا ابیات گیتی ز فر دولت فرمان دہ جہان + ماند بعرصۂ ارم و روضۂ جنان + در ہر طرف کہ چشم کنی جلوۂ نظرہ در ہر طرف کہ گوش نہی مژدہ امان + تا شیر دولت روز افزون اور مساعدت بخت

رہنمون سے رایت فتح آیت سر آسمان پر گھستا ہی اور آفتاب خنجر سپاہ ستارۂ اقبال سے ہر روز ایک مملکت مفتوح کرتا ہی یعنی اسی دم جاسوسان تمر سرعت فلک سیر لشکر ظفر اثر سے پہونچے اور زبان بشارت نصرت وفیروزی مین کھولکر یون عرض پیرا ہوئے کہ ابراہیم نظام شاہ نے میدان جان ستان مین شہد شہادت چکھا فیلخانہ اور توپخانہ مع جمیع کارخانجات سپاہ بحر جوش رعد خروش کے تحت وتصرف مین آیا ہی حضار مجلس صفائی باطن خورشید سیما من بادشاہ سے تعجب مین رہے زبان ثنا اور دعا مین کھولی مضمون ان ابیات کا باواز بلند سنانے لگے **ابیات** ای شہریار وقت وشہنشاہ روزگار ٭ جاوید باش درکنف لطف کردگار ٭ اجرام رام ونجبت بکام وفلک غلام ٭ دولت مطیع وچرخ مساعد زمانہ یار ٭ اور باوجود اس جدال وقتال کے کہ اکثر عمائد انصار عالی حضرت سلیمانی کام آئے تھے بمقتضاے رحمدلی اور مراحم ذاتی ابراہیم شاہ کے قتل ہونے سے متاثر اور غمگین ہوکر حکم قضا شیم صادر فرمایا کہ کوئی امراے فیروزجنگ اور سپاہ قیامت آہنگ مین سے نظام شاہ کی حدود مملکت کی تخریب مین پیشقدمی نہ کرے اور رعایاے سرحد کی بھی مزاحم اور متعرض نہووے اور نیز توقف اور مقام اس اطراف مین موجب از دیاد رعب دہر اس مملکت نظام شاہیہ ہی لازم کہ بمجرد ورود فرمان رایات دولت واقبال کو متحرک کرکے آستان خلافت آشیان کی تقبیل کو متوجہ ہووین پھر اواخر ماہ مذکور مین تمام امرا منظفر ومنصور ہوکر شاہ درک مین بپایۂ سریر احتشام حاضر ہوئے علی قدر مراتب ہر ایک نے بنوازش ومرحمت شاہی اختصاص حاصل کیا اور سہیل خان اور عنبر خان کہ ہنگام دار وگیر اور زمان زرم وپیکار مین نہایت جوانمردی اور مردانگی ظہور مین پہونچائی تھی منظور نظر عاطفت ہوکر ازدیاد مناصب وتفویض ولایت مین از سر نو سرفراز اور ممتاز ہوئے پھر سلطان سپہر احتشام نے مقتضی المرام ہوکر عنان ہمت طراز دار الخلافت بیجاپور کی طرف کہ آیۂ بلدۃ طیبۃ ورب غفور اسکے صفحہ پر مسطور ہی معطوف فرمائی اثنائے راہ مین جب سلخ ماہ ذی الحجہ کو آب نہر بیورہ سے عبور کیا سید الشہید الشہید کربلائی کے نور عین حضرت امام حسین علیہ السلام کے شرائط عزاداری مین مشغول ہوکر مقام فرمایا مخبران بادشاہی نے حد کرناٹک سے بذریعہ خان عنایت نشان شاہ نواز خان یہ اخبار حضرت ظل الٰہی کے مسامع قدسی جوامع مین پہونچائے کہ چند نفر رایان کفرہ فجرہ نے امراے نظام شاہی کی تحریک کے سبب قلعہ اودنی کے اطراف مین جاکر لوازم محاصرہ پیش پہونچایا ہی اور اس سبب سے کہ وہ حدود ابطال رجال سے خالی ہی اور کوئی ایسا نہین ہی کہ متعرض اس جماعت کے احوال کا ہووے اس وجہ سے ابواب دخول وخروج مسدود ہوئے اور اہالی قلعہ تنگی آذوقہ اور علف سے محنت کھینچتے ہین سلطان عدالت گستر نے یہ خبر سنتے ہی فورًا حکم صادر فرمایا کہ اسی وقت ایک جماعت امراے عظام مع جنود ظفر ارتسام عنان شبدیز خونخرام اعداے دولت قاہرہ کی سرکوبی اور بامالی کے واسطے منعطف کرکے اس طرف روانہ ہووے اور تمشیر آبدار الماس فعل سے سر دشمنان بدبخت کے تن سے جدا کرکے ایسی آتش جانسوز اس جماعت مقہور کے خرمن مرز بوم مین افروختہ کرے کہ قیامت تک اسکے خار ظلم کا صدمہ کسی کے کف پا مین نہ پہونچے اور بعد روانگی سپاہ ظفر انتساب اور فراغ ماتم سید الشہدا علیہ السلام اور لوازم عاشورا محرم الحرام سلطان صاحبقران نیک اعتقاد بذی بیورہ کے ساحل

سے کوچ فرما کر دار السلطنت کی طرف روانہ ہوئے اور اعیان دولت اور اشراف شہر نے خاقان منصور کی توجہ سے کہ ہمیشہ گل اقبال اسکا باغ دولت مین شگفتہ اور خندان رہے واقف ہوکر برج وبارہ کو آراستہ وپیراستہ کیا اور تمامی وکالین اور دیوارون کو دیباے چینی اور مخمل فرنگی اور تمامی دغیرہ سے پوشش کرکے عجیب وغریب اشیا نظر خلائق مین جلوہ گر کیے سلطان عاقبت محمود ماہ محرم الحرام کی تیرھوین تاریخ سنہ ۸۰۱ ایک ہزار چار ہجری مین کہ اختر شناسان حکمت نے اضطرلاب فکرت سے اختیار کی تھی نظام شاہی ہاتھی شاہرخ نام پر سوار ہوکر ساتھ اس شوکت اور حشمت کے کہ گردون گردان باوجود اس کے کہ برسون خاک کے کرہ پر پھرا ویسا تجمل عینک سہر وماہ سے نہ دیکھا مقرر عز وجلال کیطرف خرامان ہوکر بمصداق السلطان فی البلد کالروح فی الجسد ظہور مین لایا اور دار الخلافت کی ہوا اس کے شدید زکے سم غبار سے عنبر بیز ہوئی اس روز فیروز مین عنقاے قاف سلطنت واقبال نے نیل فلک شکوہ پر سوار دولت ہوکر دروازہ نور سے تختگاہ کی جانب توجہ فرمائی امرا اور ارکان دولت اور مقربان حضرت وزیر وامیر وپہلوان دسپہ سالار نامی جوان پیادہ رکاب ظفر انتساب مین یمین ویسار جاتے تھے از دحام خلائق اور تماشائیون کا دروازہ مذکور سے اندر کے دروازہ تک اس کثرت سے تھا کہ کندھے سے کندھا چھلتا تھا بلکہ باوسبک سیر کا عبور اس سے دشوار تھا **مثنوی** دران روز از کثرت خاص وعام ۔ زبسیاری از دحام انام ۔ دران راہ راہ نفس بستہ شد ۔ زحمل خلائق زمین خستہ شد ۔ بادشاہ ظفر قرین بآئین شہریاران صاحب تمکین قلعہ ارک کی اس عمارت مین کہ معمار ہمت نے اسکی بنا کی تھی مع گروہ اصحاب ملاحت وطائفہ ارباب صباحت بزم عیش وعشرت مین ساغر کی نوازش کے تجرع اور نغمات چنگ وراغانی کے سماع مین مشغول ہوا اور وہ عمارت قریب روضۂ ملامغربی واقع ہے کہ سیاح سیاہ پوش مردمک دیدہ نے کسی سواد مین مثل اسکا نہ دیکھا اور جاسوس تیز گوش ہوش نے کسی اقلیم مین نظیر اُسکا نہ سنا اُسکے دست ارتفاع نے جوزا کا کمربند کھولا اور پاے احترام اُسکا بارگاہ کیوان پر پہونچا فیض بخشی اور خوش ہوائی مین افسانہ روزگار رہوا اور جان پروری اور دلکشائی مین ضرب المثل اقطار ہوا صفاے فضا اُسکے روضہ ارم کی طرح فرح افزا ہے اور نسیم مشک بیز اُسکی طرہ محبوب کے مانند عنبر سارہے **قطعہ** چنین بناے ہمایون فلک ندید بچشم ۔ چنان عمارت عالی جہان ندارد یاد ۔ نخست بار گہ آمال بازگردرش ۔ دوم ری زخلد بروے جہانیان بکشاد ۔ اور بعد فراغ لوازم سور وسرور بساط عدالت بچھا کر دروازہ انصاف اور داد پروری کا روے خلائق پر کھولا اور شرائط جہانداری مین مصروف ہوکر یا ایہا الذین آمنوا ادخلوا فی السلم کافۃ کی ندا گوش عالم اور عالمیان مین پہونچائی اور اسوقت جاسوسان نجستہ مقال نے یہ بشارت مسامع جاہ وجلال مین گذرانی کہ کفرہ بیجانگر جو معاندان اطراف کی ترغیب اور مفسدان اکناف کی تحریک کے باعث طریق عصیان مین قدم رکھکر چاہتے تھے کہ کمند تسخیر قلعہ اودنی کے شرفات پر ڈال کر حبل حبل گردن مقصود مین لپیٹین اُسوقت امراے عظیم الشان کے قرب وصول سے جو آب نہر بیورہ کے ساحل سے نامزد ہوئے تھے آگاہی پاکر مضمون آیہ کریمہ یقول الانسان یومئذ این المفر اپنے حسب حال کیا اور گریز کو ستیز پر اور فرار کو قرار پر اختیار کرکے باگ عزیمت اپنے مساکن اور مواطن کیطرف معطوف کی اور کچھ لوگ اس جماعت سے جو اسیر سیاہ ظفر قرین ہوئے تھے سرکے

بازگردرش

تن سے جدا کر کے درک اسفل کی طرف روانہ کیے عزۂ محرم الحرام ۱۰۰۱ ایک ہزار پانچ ہجری مین کہ سپہ سالار مشہور اور صاحب لوائے دہور ہی ہاتف غیبی نے پس پردہ لاریبی سے غلغلہ تہنیت اور مبارک باد کا گوش اہل ہوش مین پہونچایا کہ محض لطف بے انتہاے یزدانی اور عنایت نا متناہی سبحانی سے سیادت مرتبت رفیع منزلت میر محمد صالح ہمدانی نے اس دیار مین تشریف شریف ارزانی فرمائی ہی کہ ساکنان صوامع ملکوت اور کروبیان جبروت اُسکے رشک قدم سے پیچ و تاب مین ہین اور نفوس کواکب سماوی نے اسکے انوار جمال کے روبرو کاسۂ کجکول ہلال کو گدائی کے واسطے متبرک دیا اور چند موے مشکبوے سید کائنات خلاصہ موجودات مفخر عالمیان و تتمہ دور زمان احمد مجتبےٰ محمد مصطفےٰ صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم مصحوب اُسکے ہین اعلی حضرت سلیمانی یہ خبر فرحت اثر سنکر نہایت محفوظ اور مسرور ہوئے اور حمد و سپاس خداوند جہان بجالاکر نہایت تعظیم اور تکریم سے ان بزرگوار کی ملاقات بابرکات کی سعادت حاصل کر کے موے مبارک حضرت رسالت پناہ صلعم کی شرف زیارت سے اختصاص پایا جس سے حسن اعتقاد اور صفائی نیت اس بادشاہ عیسیٰ سیرت یوسف صورت کی خاص و عام پر ظاہر ہوئی کس واسطے کہ بعضے سلاطین کہ ہمعصر اس خاقان سکندر شان کے تھے ہر چند کوشش کی مگر زیارت اس جوہر لطیف سے سرفراز نہوئے کیونکہ موہاے مبارک ایک چاندی کے ڈبہ مین تھے جو سب طرف سے بالکل بند تھا اس مین کہین سوراخ نہ تھا جب بادشاہ صافی عقیدت نہایت تمنا سے سر کو قدم بنا کر موے مبارک کی زیارت کے لیے حاضر ہوا اور سونے چاندی کی انگیٹھیون مین عود و عنبر سلگایا اور تمام ادب سے حضرت سرور عالم صلے اللہ علیہ وسلم کی روح پاک پر تحفہ درود و سلام پہونچایا تو خود بخود موے مبارک نے برآمد ہو کر ہزارون انوار سے مالا مال فرمایا اور بادشاہ عالیجاہ کو یہ فخر کامل حاصل ہوا اور خلائق نے یہ معجزہ مشاہدہ کیا۔ بادشاہ نے میر محمد صالح کو انعامات بے اندازہ سے غریق بحر احسان فرمایا جب ماہ محرم الحرام مین بادشاہ نے عزاداری کی تو حضرت سیدہ مغزی الیہ کو پیام دیا کہ مین نے حضرت کے جد امجد کی عزاداری قائم کی ہی اگر حضرت قدم رنجہ فرماوین تو ہم لوگون کا شرف ہی حضرت سیدہ نے قدم رنجہ فرمایا اور بادشاہ نے دور سے استقبال کر کے پاکیزہ مکان مین اُتارا اور شکر قدوم مین زر و جواہر عرض کیے اور امرا کو قطعی حکم دیا کہ ہر وقت حاضر رہین ہر فرمائش کی تعمیل کرین اور اکثر اوقات خود بھی مع نذر زر و جواہر حاضر ہوتا۔ بعد ختم ماہ محرم بادشاہ نے عرض کیا کہ حضرت جو کچھ مدعا ارشاد فرماوین بسر و چشم تعمیل ہو حضرت سید مغزی الیہ نے بعد دعا و ثنا کے فرمایا کہ عمر اسّی برس ہو چکی آرزو یہی ہے کہ اماکن متبرکہ کی زیارت ہو اور حج کے بعد اسی دیار نورانی مین زاد آخرت پورا ہو بادشاہ نے خزائن ضروری کے ساتھ شاہی جہاز والے کو بھی حکم فرمایا کہ طرح سامان سفر کما ینبغی درست کر کے بآرام پہونچاوین سلالہ آل خیر المرسلین میر محمد صالح نے بوقت رخصت خوشی سے دو موے مبارک بادشاہ کو دیے جو زرین ڈبہ مین ہین ہر شب جمعہ انکی زیارت فرماتا ہی اور ان کی برکات سے بادشاہ کے اقبال و دولت مین روز افزون ترقی ہی



نظام الملک بحری

روضہ تیسرا بیان مین سلاطین شہر احمد نگر کے جو نظام شاہیہ مشہور و معروف ہین

آرایندگان چمن اخبار و سرایندگان انجمن اسرار پوشیدہ اور مخفی نرہے کہ احمد شاہ بحری بیٹا ملک نائب نظام الملک بحری کا تھا اور ملک نائب برہمنان بیجانگر کی اولاد سے تھا اُسکا اسم اصلی تیماہت اور اُسکے باپ کا نام بھیرو تھا اور سلطان احمد شاہ بہمنی کے عہد فرخندہ مہد مین وہ ولایت بیجانگر مین مسلمانونکے ہاتھ اسیر ہوا تھا اور بعد شرف اسلام موسوم بملک حسن ہوکر غلامان بادشاہی کے سلک مین منتظم ہوا سلطان احمد شاہ نے جب اُسے صاحب اوراک اور قابل دیکھا اپنے خلف الصدق محمد شاہ کو مرحمت فرمایا اور اُسکے ہمراہ مکتب بھیجا اور اُسنے سواد خط فارسی بھی تھوڑے عرصہ مین بہم پہونچایا اور مشہور بہ ملک حسن بہربو ہوا لیکن سلطان محمد شاہ بچپن مین بہربو اچھی طرح نہ بول سکتا تو ہمیشہ ملک حسن بحری اپنی زبان مبارک سے فرماتا اسوجہ سے خاص و عام مین بحری لقب ہوا اور محمد شاہ نے اپنے عہد سلطنت مین اُسے تربیت کرکے معتمدین سے گردانا اور ماہی مراتب عطا کرکے بحری نام کی مناسبت سے داروغگی تمام جانوران شکاری کی کہ باصطلاح مغول مین قوش بیگی کہتے ہین اُسے تفویض فرمائی اور اس تقریب کے باعث اُسکی عزت و شوکت افزون ہوئی اور رفتہ رفتہ خطاب نظام الملک بحری ملا اور وزیر اعظم خواجہ جہان کاوان کے التفات سے صوبہ دار تلنگ ہوگیا اور راجمندری اور کندبیل کا علاقہ مع مضافات جاگیر پایا باگ اس حدود کے حل و عقد اور قبض و بسط کی اُس نکے قبضۂ اقتدار اور اختیار مین در آئی اور بعد مقتول ہونے خواجہ جہان کاوان کے اُس کا قائم مقام ہوکر خطاب ملک نائب اور منصب سرلشکری سے بھی سرفراز ہوا اور بعد ارتحال سلطان محمد شاہ حسب وصیت اُسکے وکیل سلطنت اسکے فرزند سلطان محمود کا ہوکر جاگیر بیر مع دیگر پرگنات کے پائی اور جو

پرگنات دولت آباد کے متعلق تھے تحت جنیر کیے اور پرگنات اضافہ اپنے فرزند ملک احمد کو دیے اور خواجہ جہان کے التفات سے وہ بھی منصبدار رہا تھا اس کو جنیر کی طرف بھیجا وہ جنیر مین حاکم مسند نشین ہوا اور رحل اقامت ڈالکر علاقہ کے بندوبست مین مشغول ہوا اور ہر چند ملک نائب نظام الملک بحری فرامین حاصل کرکے بھیجتا تھا کہ قلعہ بیر اور جوندا بھی قلعہ ملک احمد کے تصرف مین چھوڑ دیے جاوین ایک جماعت مرہٹون سے کہ خواجہ جہان کا وان نے اُن پر اعتماد کرکے وہ قلعے انھین سپرد کیے تھے ان فرامین کے مضامین پر عمل نہ کرتے تھے اور یہ جواب دیتے تھے کہ جس وقت ہمارا خداوند نعمت سلطان محمود بہمنی سن رشد اور تمیز کو پہونچکر صاحب اختیار ملک و مال ہوگا ہم اُسکے حلقۂ اطاعت مین قدم رکھینگے اور قلعے بھی اس کے سپرد کرینگے لیکن ملک احمد کہ صاحب داعیہ تھا ہمت اُن قلعون کی تسخیر پر مصروف کرکے پہلے عنان عزیمت قلعہ سیر کی تسخیر پر معطوف فرمائی اور اسکا محاصرہ کیا اور وہ قلعہ ایک قلۂ کوہ پر واقع تھا اور نہایت ارتفاع سے بام ایوان اُسکا فلک کیوان پر کہ چرخ ششم سے مراد ہی پہونچا اور عقاب بلند پرواز نے اُسکے فراز پر پہونچنے سے پر حرص کاٹے قطعہ کسے ندید فرازش مگر بچشم ضمیر کسے نرفتہ نشیبش مگر بپای گمان ۞ ملوک را رسیدن آن گسستہ امید + عقاب گاہ عروجش فگندہ بال زان اہالی حصار نے جب کام اپنے اوپر تنگ دیکھا اور کوئی شخص اُنکی مدد کو نہ پہونچا بعد چھ مہینے کے تیغ و کفن گلے مین ڈال کر مع کلید قلعہ اُسکی ملازمت کے واسطے روانہ ہوئے اور ملک احمد کی سیاہ نجوم کے مانند برج حصار مین داخل ہوئی اور جب معلوم کیا کہ بعد شہادت خواجہ جہان پانچ برس کا محصول مرہٹے اور کوکن کا اس قلعہ مین جمع ہی تمام روپیہ ملک احمد کے ملاحظہ مین گذرانا اس سبب سے ملک احمد کی مہمات مین رواج اور رونق ظاہر ہوئی اور امرا اور سپاہیون کے دل بذل نقود سے شاد اور محظوظ کیے اور اسی عرصہ مین قلعہ جوندہ والماکر و تنکی و ترولی و کنڈہا و پورندر و تورپ و جیوڑن و گھرد رک و مرنجن و ماہولی و پالی کو جبراً اور قہراً مفتوح کرکے تمام کوکن پر قابض و دخیل ہوا اور دندراج پوری کی تسخیر کی فکر مین تھا کہ خبر قتل اپنے والد ملک نائب کی سنکر بلدۂ جنیر کیطرف معاودت فرمائی اور خطاب اپنے باپ کا اپنے اوپر اطلاق کرکے موسوم و مشہور باحمد نظام الملک بحری ہوا اور ہر چند اس جناب نے لفظ شاہ اپنے اوپر اطلاق نہ کی لیکن شہرت اُسکی دکن مین باحمد نظام شاہ ہوئی اسواسطے فقیر حقیر محمد قاسم فرشتہ جو مصنف اصل کتاب ہی اسے باحمد نظام شاہ بحری یاد کرکے مرقوم خامۂ تحقیق کرتا ہی کہ بعد پہونچنے بلدۂ جنیر اپنے باپ کی ماتم داری سے فارغ ہوکر پرتو التفات سپاہ و رعیت کے حال پر ڈالا اور عرصۂ قلیل مین قصبہ بیر اور سیوگا اور رتپن وغیرہ مین ایسا ضبط کیا کہ خوف تزلزل سے مقناطیس نے اسکی مملکت مین جذب آہن کے تعرض سے اعراض کیا اور کہربا نے ہاتھ دامن کاہ کی کشش و تصرف سے کھینچا خلاصہ یہ کہ ہر چیز سے ایذا و ظلم دور ہوا اور اس سبب سے کہ آغاز شباب مین کندبیل اور راجمندری کے راجہ دریا نام سے اور بھی کفار اس حدود سے جنگہاے عظیم کے باعث اُسکی شجاعت اور مردانگی عالمگیر ہوئی تھی ہر چند سلطان محمود امرا و منصبداران اور سلحداران کو اُس کے دفع تسلط اور غلبہ کے واسطے نامزد فرماتا تھا ہرگز قبول نہ کرتے تھے بعضے عدم قوت و قدرت سے طرح دیتے تھے اور بعضے دور اندیشی اور عاقبت بینی سے پینہ در گوش اور خموش رہتے تھے چنانچہ سلطان محمود نے قاسم برید کی تحریک سے چند مرتبہ فرمان بنام مجلس رفیع

یوسف عادل خان صادر فرمایا کہ باتفاق مخدوم خواجہ جہان دکنی اور زین الدین علی طالس حاکم جاکنہ جنیر کی طرف جاکر آب سیاست سے احمد نظام شاہ کی آتش فتنہ کو ساکن کرے اس جناب نے معذرت کرکے اُسکے قبول سے انکار کیا بلکہ احمد نظام شاہ کے پاس اپنا ایلچی ماتم پرسی کے بہانہ بھیجکر یہ پیغام دیا کہ اُس حدود کی ضبط و حفظ مین تقصیر نہ کرے اور اپنا لشکر قلعہ اندرپور سے جو زین الدین علی طالس کی مدد کیواسطے بھیجا تھا بلوالیا اور اس حصار کو بھی احمد نظام شاہ کے تفویض کیا اور اظہار دوستی اور مصادقت مین کوئی دقیقہ تھوڑا نہ چھوڑا عماد الملک سے بھی قوی پشت کیا اور احمد نظام شاہ نے ظریف الملک افغان کو امیر الامرا کیا اور نصیر الملک گجراتی کو امیر جملہ بنایا اور زین الدین علی طالس کے پاس آدمی بھیجکر پیغام دیا کہ جو حق ہمسایگی منظور نظر عاطفت و رافت ہے اور زین اس بزرگوار کو صفت سخاوت مین ابر مطیر اور شجاعت و مردانگی مین برہمہ شمشیر جانتا ہون مناسب یہ ہے کہ رقم بیگانگی صفحہ خاطر سے محو کرکے حرف گذشتہ کو الماضی لایذکر سمجھین اور آپ کو اس دولت خداداد مین شریک کرین زین الدین علی نے یہ مقدمہ قبول کرکے اطاعت اور فرمانبرداری ظاہر کی لیکن چونکہ شیخ مودی عرب نے جسکا خطاب بہادر الزمان تھا اور مردانگی اور نبرد و جنگی مین تمام امرا سے امتیاز رکھتا تھا احمد نظام شاہ کے دفع اور اخراج کا بیڑا اُٹھایا اور بارہ ہزار سوار انتخاب ہمراہ رکاب لیکر جنیر کیطرف متوجہ ہوا اور قلعۂ پرندہ کے قریب پہونچا تو زین الدین علی طالس نے فسخ عزیمت کی اور رائے کو تغیر و تبدل دیکر ارادہ کیا کہ مع جمعیت اپنی اس سے جا ملے اس درمیانمین احمد نظام شاہ شیخ مودی کے قرب وصول سے آگاہ ہوا اور اپنے اہل و عیال کو قلعہ سیرمین بھیجکر حرب و ضرب و ترکتاز کیواسطے جریدہ شیخ کے مقابلہ کو روانہ ہوا اور جب شیخ مودی کے اردو کی اطراف مین پہونچا اپنی قلت سپاہ اور کثرت لشکر خصم دیکھکر صف جنگ سے محترز اور مجتنب ہوا اور غنیم کی فرودگاہ سے چار فرسخ کے فاصلہ پر فروکش ہوا اور لوازم ہوشیاری مین بدرجہ نہایت کوشش کی اور جب زین الدین علی کے اوضاع و اطوار سے یقین حاصل ہوا کہ کمین فرصت مین ہے اور چاہتا ہے کہ موقع وقت دیکھکر شیخ مودی عرب سے ملحق ہو اسواسطے لشکر نصیر الملک اور زین الملک کے حوالہ کرکے خود مع جماعت سلحداران خاصہ اور کچھ لوگ منصبداران سے کہ انھین اس دولتخانہ مین حوالدار کہتے تھے شکار کے بہانہ اُردو سے سوار ہوا اور قصبہ جاکنہ پر کہ مقام زین الدین کا تھا تاخت لیگیا اور رات کیوقت کہ کوئی شخص محافظت مین مشغول نہ تھا پہونچا اور زینہ ہائے چوبی کہ اس کام کیواسطے ہمراہ رکھتا تھا قلعہ کی دیوارون پر نصب کرکے سب آدمیون سے پیشتر سترہ سپاہی ہمراہ لیکر قلعہ مین در آیا اُسکے بعد لشکر بھی سوار ہوکر چار طرف قلعہ کے فروکش ہوا اور جو یہ جماعت مسلح اور مکمل اور اہل قلعہ یعنے متحصن غافل اور خواب آلودہ تھے زین الدین علی اور اُسکے ہمراہی کہ سات سو مرد تیر انداز بلکہ قدر انداز تھے متقوتل ہوئے اور قلعہ جاکنہ مفتوح ہوا اور جب یہ خبر منتشر ہوئی نصیر الملک نے بھی اپنے دل مین ارادہ کیا کہ جب تک احمد نظام شاہ مراجعت کرے مین بھی شیخ مودی پر دست برد کرکے کارنمایان بجالاؤن پس ایک جماعت قلیل کہ عدد اُسکے تین ہزار سے بھی کم تھے ہمراہ لے کر شیخ کی اُردو کی طرف متوجہ ہوا جب ایک کوس پر پہونچا شیخ مودی واقف ہوا ایک جماعت کو مقابلہ اور مقاتلہ کے واسطے بھیجا اور بعد از جنگ صعب شیخ مودی کے لوگ شکست کھاکر بھاگ گئے اور پھر اسی روز جب دوسری مرتبہ شیخ مودی نے لشکر بھیجا شکست پائی اُسکے بعد شیخ مودی ناچار ہوکر خود سوار ہوا نصیر الملک جو اُن دو فتح کے سبب نہایت مغرور تھا مع لشکر خستہ و مجروح اس کا بھی صفتا با

اختیار کیا لیکن شکست فاش پاکر بحال خراب ظریف الملک کے پاس گیا اور احمد نظام شاہ نے جاکنہ سے مراجعت کی جب احوال اس نہج سے دیکھا سکارم اخلاق سے نصیر الملک کے مکان پر گیا اور بغایت التفات سے مرہم اُس کے زخمون پر رکھکر اُسے کلفت اور خستگی سے نجات بخشی اور بعد چند روز کے خیمہ و خرگاہ اُسی مقام مین چھوڑکر لشکر جرار آزمودہ کار لیکر آدھی رات کو خصم کیطرف تاخت کرکے شبخون مارا اور سلسلہ اُنکی جمعیت کا توڑکر متفرق اور پریشان کیا اور شیخ مودی عرب مع جماعت کثیر عرب اور دکنی اور حبشی کے مقتول ہوا اور خیمہ و خرگاہ اور ساز و سلب اُسکا موجب زیادتی اسباب مکنت نظام شاہ ہوا پھر احمد نظام شاہ نے منصور و مظفر ہوکر خوش و دوستکام جنیر کی طرف معاودت فرمائی اور ایک لحظہ سیاہ درعیت سے غافل نہوا اور سلطان محمود اس خبر سے نہایت پریشان اور آشفتہ ہوا اور عظمۃ الملک وبیر کو مع اُٹھارہ امراے نامدار اور لشکر جرار معرکہ گذار جنیر پر نامزد کیا احمد نظام شاہ مع سپاہ جنیر سے برآمد ہوکر قادر آباد کے کوہستان مین فروکش ہوا اور جسوقت کہ لشکر سلطان گھاٹ میری مین پہونچا احمد نظام شاہ نے تین ہزار مرد اہل نبرد انتخاب کرکے قادر آباد کی طرف سے احمد آباد بیدر کی طرف تاخت کی اور رات کو بحالت بیخبری اس نواح مین پہونچا جو کہ ایک دربان کو جو شہر کے پھاٹک پر مامور تھا موافق کیا تھا اُسنے رات کو دروازہ کھولدیا اور اُسے شہر مین داخل کیا اور احمد نظام شاہ نائب کے مکان کی طرف جو سوکل تھا روانہ ہوا اور جاتے ہی اُس کے اہل و عیال اور اس کے باپ کے متعلقون کو پالکیون مین بٹھاکر ایک جماعت مردم معتبر سے جنیر کی سمت روانہ کیا اور خود تمام رات شہر کے کوچہ اور محلّون مین گشت کرکے امراے نامزد کے زن و فرزند کو ہر ایک مقام سے دستیاب کرکے صبح کے قریب شہر سے برآمد ہوا اور قصبہ بیر کے راستہ سے قلعہ پرندہ کی طرف متوجہ ہوا اور امرا کے زن و فرزند کی حفظ ناموس مین نہایت کوشش کی اور امراے نامزد قریب گھاٹ میری کے خبر توجہ نظام شاہ بیدر کی طرف سنکر اُس کے پیچھے روانہ ہوئے اور قصبہ بیر کے اطراف کے قریب جاکر پیغام دیا کہ اس سبب سے کہ تونے ہماری حفظ ناموس مین کوشش کرکے اپنے فرزندون کے مانند نگاہ رکھا ہی ہم تیرے ممنون احسان بلکہ فرمانبردار ہین لیکن شرط مردی مقتضی اسکی نہین ہی کہ بطریق چورون اور بدمعاشون کے تو ہمارے مقابلہ سے بھاگ کر احوال مستورات کا متعرض ہووے اور وہ امر کہ جو گبر و نصاریٰ کے کیش مین درست نہین ہی مرتکب اُسکا ہووے احمد نظام شاہ کو یہ بات ناگوار معلوم ہوئی اسی وقت اُنکے اہل و عیال کو نہایت اعزاز و تکریم سے اُنکے پاس بھیجا اور خود کوچ کرکے قلعہ پرندہ کی طرف گیا اس درمیان مین فرمان سلطان محمود کا امرا کے نام نہایت ملامت سے بھرا ہوا صادر ہوا مضمون اُسکا یہ تھا کہ ملک احمد نظام الملک بحری بحری شکاری کے مانند پرواز کرتا ہی اور تم اُسکے خوف و نہیب سے آشیان خیمہ و خرگاہ مین بھاگ کر مرغ جان کو اُسکے چنگل کے آسیب سے بچاتے ہو اگر تلافی اور تدارک کرکے اس باغی کو گرفتار کرکے درگاہ مین لاؤ فہا نہین تو یقین جانو کہ غضب و قہر شاہانہ مین گرفتار ہوکر اپنے باپ دادا کی آبرو چند مدت کی ضائع اور برباد کروگے اُنھون نے فرمان کے مضمون پر اطلاع پاکر مقام بیر مین قیام کیا اور فرمان کے جواب مین تحریر کیا کہ ہم لوگ آدمی سپاہی ہین اور ہمارا کام تلوار مارنا اور دشمن کا سنکوب اور مستاصل کرنا ہی اگر دشمن کے احوال سے ہوشیاری مین غفلت واقع ہوئی وہ عظمۃ الملک وبیر کیجانب سے ہی ہمکا قائم مقام اگر دوسرا افسر مقرر ہووے حضرت کے میامن اقبال

عدو مال سے دشمن کا دفع وجہ احسن سے ظہور مین پہونچیگا سلطان محمود نے عظمت الملک کو درگاہ مین طلب کیا اور جہانگیر خان کو تلنگ کے علاقہ سے مع تین ہزار سوار کو لاس سے طلب کرکے خلعت سرشکری مشرف کیا اور بجاے عظمۃ الملک جنیر کی طرف روانہ کیا جہانگیر خان کہ مشاہیر درگاہ سے تھا اور اس سے کارہاے خوب نمایان سرزد ہوے تھے شجاعت اور حسن تدبیر مین وحید و فرید دکن تھا تمام امرا مستظہر ہوکر بکوچ متواترہ برندہ کیطرف متوجہ ہوئے اور مخدوم خواجہ جہان قلعہ برندہ مین در آیا اور اپنے فرزند اعظم خان کو احمد نظام شاہ کے ہمراہ کیا اور وہ حرب مین صلاح ندیکھکر پٹن کی طرف گیا اور فتح اللہ عماد الملک کے پاس آدمی بھیجکر صورت واقعہ ظاہر کی اور جب اس سے توجہ نپائی اور جہانگیر خان پٹن کے اطراف مین پہونچا احمد نظام شاہ نے وہان سے کوچ کرکے عزیمت جنیر کی طرف کی اس کے بعد جیور کی گھاٹی پر چڑھکر اس قصبہ کے پہاڑون مین در آیا اسی روز نصیر الملک گجراتی مع لشکر کہ قادر آباد مین رہا تھا مع خزانہ اور غلہ اور آذوقہ اور سامان ضروری بکثرت تمام لیکر ساتھ اُسکے ملحق ہوا اور سرگھاٹی جیور کو مسدود کرکے ان پہاڑون مین استقامت کی جہانگیر خان نے جب سنا کہ گھاٹی جیور کی نظام شاہیہ کے قبضۂ اختیار مین ہے ٹیکا نور گھاٹ سے ٹیکاپور مین پہونچکر احمد نظام شاہ کے سر راہ پر من لشکر فروکش ہوا اور دونون لشکرون کے درمیان چھ فرسنگ کا فاصلہ تھا قریب ایک مہینے کے مقابل ایک دوسرے کے مقیم رہے اور جو موسم برسات تھا نہایت دشواری احمد نظام شاہ کے سراغ مین اُٹھائی آخر کو عیش و عشرت مین مشغول ہوکر فرش غفلت بچھایا اور رطب و یابس کی ساغرنوشی اور نغمات دلکش کے استماع مین مصروف ہوئے اور تنعیم کے وجود کو ہرگز خیال مین نہ لائے معدوم سمجھے **مثنوی** چو شد دیدۂ بخت آن قوم تار ۔ ہوس پود کرد ند و پندار تار ۔ گلیم سیہ بہر خود بافتند ۔ ز خ از دانش و حزم برتافتند ۔ اور جب خبر بخبری اُس گروہ کی احمد نظام شاہ کو پہونچی ماہ رجب کی تیسری رات ۹۶۵ھ آٹھ سو پچاسوے ہجری مین اعظم خان کے ہمراہ صبح کے وقت کوہستان قصبۂ جیور سے سوار ہوا اور گھوڑے کو ایسا گرم عنان کیا کہ علی الصباح ٹیکاپور مین پہونچا اور ایکبارگی حوادث زمانہ کے مانند اپنہ تاخت لایا اور کسی کو مجال پیکار و قتال نہ دی بعضے خواب مستی مین دار البقا کی طرف راہی ہوئے اور بعضون نے جب آنکھ کھولی دیدہ و دانستہ نقد حیات مستعار پیک اجل کے سپرد کرکے عدم آباد کی طرف سفری ہوئے جہانگیر خان اور سید اسحق اور سید لطف اللہ اور نظام خان اور فتح اللہ خان کہ امرا سے تھے قتیل ہوئے اور باقی انکے سوا دستگیر ہوئے اور احمد نظام شاہ نے انھین بھینسون پر سوار کرکے کپڑے انکے زانو تک پارہ پارہ کرکے اپنے اُردو مین پھرایا اور جان کی امان دیکر دار الملک کیطرف روانہ کیا اور مین نے شاہ جمال الدین حسین آنجو سے جن کا تھوڑا احوال خیر مآل وقائع مرتضیٰ نظام شاہ مین تحریر ہوگا سنا ہے کہ اس جنگ نے بجنگ بلاغ شہرت پائی اسلیے کہ قصبۂ ٹیکاپور کے قریب جس مقام مین کہ صورت فتح ظہور مین آئی تھی احمد نظام شاہ نے ایک باغ بنا کرکے موسوم بباغ نظام کیا اور اُس کے دور مین چار دیوار بزرگ کھینچکر ایک عمارت زیبا تیار کی اور تھوڑے عرصہ مین وہ عمارت رشک ارم ذات العماد ہوئی احمد نظام شاہ اور سبکی جمیع اولاد نے اُس کو اپنے اوپر مبارک جان کر اس مین قلعہ تیار کرکے اپنا مسکن اختیار کیا الغرض احمد نظام شاہ نے اُس فتح کے شکرانہ مین قصبہ جیور کو اس وقت کے مشائخ اور علما پر وقف فرمایا اور ان کی تعظیم و تکریم مین مبالغہ کیا پھر منظفر اور منصور ہوکر جنیر کی طرف گیا اور بے دغدغہ کسی مانع اور بے وجود کسی مزاحم کے مسند جہانبانی پر متمکن ہوا اور اسی سال یوسف عادلخانی صلاح سے

سلطان محمود کا نام خطبہ سے محو کیا اور چتر سفید کہ اس وقت مین نشان بادشاہ دہلی اور گجرات اور مندو کا تھا اپنے فرق پر قائم کیا لیکن جب خواجہ جہان اور بہت امرائے دکن جو اس کے ساتھ طریق مصاحبت رکھتے تھے چتر اور خطبہ کے اظہار کے سبب سے رنجیدہ ہوئے اور کہنے لگے کہ بموجودگی سلطان محمود بہمنی کے چتر سر پر لگانا اور خطبہ اپنے نام پڑھنا نہایت بے ادبی ہی تو نظام شاہ نے کہ زیور عقل و دانش سے آراستہ تھا ملائمت کو مستحسن جانکر خطبہ کو موقوف رکھا اور اپنے افسران سپاہ کو طلب کرکے فرمایا کہ جو کچھ تم کہو عین صواب اور محض صلاح ہی خطبہ مین نے موقوف کیا لیکن چتر کہ جو سبب ازالہ آسیب حرارت آفتاب ہی اور علامت سلطنت اس مین ملحوظ نہین ہی اُس کا تغیر مناسب نہین دکھائی دیتا ہی اُنھون نے جواب دیا اگر ایسا ہی مضائقہ نہین آپ شوق سے چتر لگا دین بشرطیکہ اور لوگ بھی اسی غرض سے چتر لگا دین احمد نظام شاہ نے لاچار ہو کر رخصت عام فرمائی اور چتر عام سے پہچان کیواسطے ایک پارچہ سرخ چتر نظام شاہی پر نصب کیا اور عوام الناس کی چھتری بالکل سفید قرار دی اور رفتہ رفتہ دولتخانہ عادل شاہیہ اور عماد شاہیہ اور قطب شاہیہ اور بریدشاہیہ مین اسیطور کا چتر شائع ہوا اور ابتک کہ تاریخ ہجری ایک ہزار اٹھارہ سال کو پہونچی ہے سلطان اور گدا دکن کے چتر سر پر لگاتے ہین کسیکو ممانعت نہین ہی بخلاف سائر بلاد ہند کہ بادشاہ کے سوا دوسرے کی مجال نہین کہ چتر اپنے سر پر بلند کرے اور جب مخدوم جہان اور اعظم خان اور امرائے دیگر کو بھی یہ چتر کی دولت کہ بادشاہون کے واسطے مخصوص تھی پہونچی شرمندہ اس کے احسان کے ہوئے اور بعد دو مہینے کے غائب اور حاضر نے اُس سے اتفاق کرکے خطبہ کی التماس کی اور جب اُن لوگون نے مکرر مبالغہ اور اصرار کیا آنحضرت نے کہ راغب اس امر کے تھے منت عظیم اُن پر رکھکر اپنا خطبہ جاری کیا اور بہمت تسخیر دندار اجپورے مین جو کہ دکن کے قلاع متین سے ہی اور بندر رجپول کے حوالی مین واقع ہی مصروف رہی اور نفس نفیس اس طرف جاکر دو مہینے اور بقولے ایک سال بحاصرہ کیا اور آخر کو صلح سے لے لیا اُس کے بعد قلعہ دولت آباد کی تسخیر کی عزیمت اُس کے فضاے دل مین جلوہ گر ہوئی وقت بے وقت اس اندیشہ مین رہتا تھا اور جو یقین تھا کہ وہ قلعہ بزور نہ لے سکون گا اس قلعہ کے والیون کے ساتھ کہ مسمیان ملک وجیہ اور ملک اشرف تھے طریق مدارا اور احسان سے ابواب لطف اور ملائمت مفتوح کیے **مثنوی** شنیدم ز دانائے فرہنگ دوست ؎ کہ در کار ہا رفق و نرمی نکوست ؎ بہ نرمی جو کاری تواں برد پیش ؎ درشتی مجوئید زاندازہ پیش ؎ کہتے ہین ملک وجیہ اور ملک اشرف دونون بھائی حقیقی تھے اور آپس مین کمال محبت اور اخلاص رکھتے تھے ابتدا مین خواجہ جہان کا وان کے ملازمون مین انتظام رکھتے تھے اور اس کی شہادت کے بعد سلطان محمود کے سلحداروں مین منتظم ہوکر زمانہ بسر کرتے تھے آخر مین ملک نائب نظام الملک اُنکی تربیت کا درپے ہوا اور جملہ امرا سے کرکے ملک وجیہ کو قلعہ دولت آباد کا تھانہ دار اور ملک اشرف کو حاکم ولایت کیا اور اُنھون نے اس نواح کی ضبط مین مساعی جمیلہ کرکے متمردان اور رہزنان دولت آباد کو جو تمام جہانمین مشہور اور معروف تھے حرف غلط کیطرح معدوم کیا اور سرحد سلطان پور و ندربار اور بالکلانہ گجرات تک ایسا صاف کیا کہ تاجر وغیرہ بفراغ خاطر آمد و شد کرنے لگے اس کارگذاری اور نیکنامی سے حکومت کی کہ رعیت اُن سے راضی اور شاکر ہوئی اور ولایت خوب آباد اور معمور ہوئی ایک امرائے مرہٹہ نے سلطنت بہمنیہ مین خلل دیکھکر قلعہ کالنہ در کو

بہ تغلب لیا تھا وہ بھی ساتھ انکے سرگریبان موافقت سے برلایا اور رہنمائی سے محترز اور مجتنب ہوا اور دونون بھائی ملک نائب کا حق تربیت منظور رکھکر احمد نظام شاہ کے ساتھ طریق دوستی جاری رکھتے تھے اُس نے بھی اُن کے ساتھ بعد فتح باغ نظام و ذمدار اج پوری اپنی بہن بی بی زنیب کو ملک وجیہ کے ساتھ جو اہل علم و صلاح سے تھا سلک ازدواج مین کھینچا اور بناے مصادقت کو بموصلت مضبوط کیا حق سبحانہ تعالی نے سال اول مین اس عفیفہ سے ایک فرزند نرینہ کرامت فرمایا وجیہ الدین اُسکا نام احمد شاہ رکھتا تھا بی بی زنیب نے جواب دیا کہ عہد طفلی مین ماں باپ مجھے کمال محبت سے موتی کہتے تھے اگر تم بھی اس فرزند کو ساتھ اس اسم کے موسوم کرو خوب ہوگا ملک وجیہ نے اُسکا نام موتی رکھا اور اس دُر مکنون کی ولادت سے اُسکی شوکت اور آبرو افزون ہوئی لیکن ملک اشرف کی دیگ حسد جوش مین آئی اپنے بڑے بھائی کے قتل مین مصر ہوا اسواسطے کہ وہ اس فکر و اندیشہ مین تھا کہ مین ملک وجیہ کے بعد از فوت دولت آباد اور انتورا و دیگر برگنات اور قلاع اس حد و دور کہ جو اِس سے تعلق رکھتے ہین قابض ہو کر صاحب خطبہ و چتر ہونگا اسوقت کہ ملک نائب وجیہ کو احمد نظام شاہ کے ساتھ یہ نسبت بہم پہونچی اور ایک فرزند زنیب سے متولد ہوا اپنے ارادہ مین خلل متشاہدہ کرکے نسبت اخوت کو بعداوت مبدل کیا اور فرصت کے وقت لشکر قلعہ کی امداد و اعانت سے بھائی کو قتل کیا اور اُسکے طفل معصوم کو بھی مسموم مرگ کیا اور حکومت دولت آباد مین باستقلال مشغول ہوا اور حکام برہان پور اور برار کی نسبت ابواب محبت اور وداد مفتوح کیئے اور سلطان محمد دکھنی سے بھی طریقہ اخلاص جاری رکھکر کبھی کبھی ارسال عرائض اور تحف سے آپ کو ساتھ اُسکے منسوب کرتا تھا لیکن جب زنیب نے بعد از قتل شوہر اور فرزند خبیر کی طرف جاکر دست تظلم اپنے بھائی کے دامن مین مضبوط کیا احمد نظام شاہ نے اُسے دلاسا دیکر ۹۹۰ھ آٹھ سو ننانوے ہجری مین مع لشکر و جمعیت دولت آباد کی تسخیر کے ارادہ خبیر سے نہضت فرمائی اور جب ٹیکا پور کے اطراف مین پہونچا نظام پور کے باغ مین وارد ہوا چند روز بقصد استراحت عیش و عشرت مین مشغول ہوا اتفاقی قاسم بریدی کے میان تاج الدین دکنی اور ولورس پنڈت اُسکے پاس حاضر ہوے اور یہ گزارش کی کہ یوسف عادل خان نے ہمارے اخراج کے واسطے ٹیکا کو مشش کا کمر ہمت پر باندھکر دار السلطنت محمد آباد بیدر کو محاصرہ کیا ہے اگر وہ جناب اس وقت مین محاصرہ دولت آباد کی فکر خاطر عاطر سے محو کرکے اپنے محب اور مخلص کی معاونت کے واسطے اس طرف توجہ فرماوین نیازمند تا مدت العمر طریق یکجہتی اور اخلاص مین سرگرم ہو کر ممنون احسان اور رہین منت ہوگا بلکہ مخلص بھی یوسف عادل خان کی طرف سے مطمئن ہو کر دولت آباد کی تسخیر مین آپکا ممد و معاون ہو کر جانسپاری مین دریغ نکریگا احمد نظام شاہ نے اُسکا سوال پذیرا کرکے دولت آباد کی عزیمت فسخ کی اور محمد آباد بیدر کیطرف گیا اور جیسا کہ واقعات سلطان محمود مین مذکور و مسطور ہوا معاملات کو مفروغ کیا اور اُسی دن دولت آباد کیطرف جاکر محاصرہ مین مشغول ہوا اور بعد دو مہینے کے اس قلعہ سپہر اساس کو بنظر تامل و غور ملاحظہ فرمایا جب جانا کہ تسخیر اسکی جہد و قہر سے نہایت مشکل و دشوار ہے وہان سے کوچ کرکے خبیر کیطرف متوجہ ہوا در اثنائے طی طریق مین جب قصبہ ٹیکا رین پہونچا اُسکی راے مقتضی اس کی ہوئی کہ وہ مقام جو دولت آباد اور خبیر کے درمیان ہے اس مین ایک شہر بناکر کے دار الملک بناوے اور ہر سال ہنگام درو فصل خریف و ربیع دولت آباد مین لشکر بھیجکر تاخت و تاراج کرے شاید مردم دردئی قوت لایموت سے عاجز ہو کر طالب امان ہوویں اور قلعہ سپہر

کرین پھر شہور سنہ ۹۰۰ نوسو ہجری مین ایسی ساعت مین کہ نجومیون نے اختیار کی تھی باغ نظام کے مقابل دو نہرین کی ساحل پر ایک شہر کی بنیاد ڈالی اور جو کہ سمع مبارک اُس فریدون منش مین پہونچا تھا کہ وجہ تسمیہ احمد آباد گجرات کی جو آباد کردہ احمد شاہ گجراتی ہی صورت اُسکی یہ تھی کہ اسم بادشاہ اور نام وزیر کفایت دستگاہ اور قاضی شریعت پناہ کا احمد تھا اور اتفاقات حسنہ سے بعینہ وہ صورت اس شہر کے بنا کے وقت بھی عکس پذیر ہوئی اس سبب سے احمد نگر نام رکھا کس واسطے کہ نام شہر یار کا احمد تھا اور نام اصلی مسند عالی نصیر الملک گجراتی اور نام قاضی معسکر بھی احمد تھا جو کہ اس جناب کو اُس شہر کی تعمیر کی جلدی اور اہتمام تھا عرصہ قلیل مین تمام امرا و منصبداران اور سلحداران نے اُسکی تیاری مین توجہ کی اور دو تین برس کی مدت مین ایسا آباد اور معمور ہوا کہ دعوی برابری اور ہمسری کا بغداد اور مصر سے کیا اور جیسا کہ مقرر ہوا تھا ہر سال دو مرتبہ فصلین مذکورین مین لشکر نظام شاہی دولت آباد پر تاخت کرکے زراعت کی خرابی اور پامالی اور تاراج غلہ اور آتش افروزی مساکن و منازل رعایا مین تقصیر نکرتے تھے اور مضمون عالیہا ساقلہا ظہور مین پہونچاتے تھے اور وقائع نظام شاہیہ مین جسکو سید علی سمنانی نے برہان نظام شاہ ثانی کے عہد مین لکھنا شروع کیا تھا اور توفیق اتمام نہ پاکر فوت ہوا اس مین یون مرقوم ہی کہ جب غلغلہ دولت اور طنطنہ حشمت نظام شاہ بحری کا حکام دور و نزدیک کے گوش زد ہوا عادل خان بن مبارک خان فاروقی والی برہانپور نے ابواب خصوصیت اور اتحاد مفتوح کیے اور قریب دو ہزار سوار کے اُسکی کمک کیواسطے مقرر کئے کہ ہمیشہ سفر دولت آباد مین ہمراہ ہو کر اُسکی تسخیر مین کوشش کرین اور بسیطور سے فتح اللہ اور عماد الملک کے ساتھ بھی بنیاد دوستی قائم کرکے اپنے باپ داود کے خلاف روش سلطان محمود گجراتی کیساتھ علم مخالفت بلند کیا اور وہ مال کہ ہر سال سلطان گجرات کے خزانہ عامرہ مین بھیجتا تھا اُسے بتکلیم موقوف کیا سلطان محمود نے سنہ ۹۰۵ نوسو پانچ ہجری مین سیر ولایت کے بہانہ نہضت فرمائی اور ملک اشرف حاکم دولت آباد نے خبر پاکر ایلچی سلطان محمود کو نہایت دست مین بھیجے اور احمد نظام شاہ بحری کے تسلط اور قلعہ کے محاصرہ کرنے اور خرابی ولایت سے شکایت کرکے التماس قدوم میمنت لزوم کیا سلطان محمود دفعۃً قلعہ دولت آباد کی طمع کے سبب ایک لشکر عظیم فراہم لاکر دکن کیطرف متوجہ ہوا اور یہ تجویز کی کہ پہلے عادل خان فاروقی کی تنبیہ اور گوشمالی کرے اُسکے بعد دولت آباد پر تاخت کرے جب حوالی سلطان پور اور ندربار مین پہونچے عادل خان فاروقی نے مضطرب اور سراسیمہ ہوکر احمد نظام شاہ بحری سے التماس کمک اور ترک محاصرہ دولت آباد کیا احمد نظام شاہ بحری پندرہ ہزار سوار مستعد رزم و پیکار لیکر برہانپور کیطرف گیا اور بعد طی مراحل اور قطع منازل جب شہر برہان پور خیمہ گاہ لشکر فیروزی اثر ہوا اور عماد الملک بھی فوج برار لیکر کمک کو پہونچا سلطان احمد نصیر الملک گجراتی نے سلطان گجرات سے جو قلعہ اسیر کے اطراف مین وارد ہوے تھے نظام شاہ کے حکم کے موافق ابواب رسل و رسائل مفتوح کیے اور بعد چند روز کے ایک اہل گجرات کو کہ سلطان محمود کی خدمت مین بمزید تقرب ممتاز تھا لکھا کہ ہر چند بندہ تقدیر کے موافق اس سلطان گردون اقتدار کی ملازمت مین ہی لیکن جو مولد اور منشا بندہ کا گجرات ہی دولتخواہی والی خطہ کی اپنے اوپر فرض جانتا ہی تعجب ہی کہ سلطان کشورستان امور جزوی کیواسطے بنفس نفیس مرتکب ایسی مہمات شاقہ ہوتے ہین حاکم برہان پور کہ لشکر اور جمعیت مین برابری ایک امراے سلطان سے نہین کرسکتا ہی اُسکے ساتھ مستعد پیکار و مقابلہ ہوے ہین بخصوص اس وقت مین کہ جم جاہ جوان بخت دکن مع سپاہ صف شکن اُسکی معاونت اور مظاہرت کو آیا ہی اگر وہ جناب از روے اخلاص اور دولتخواہی سلطان کی عرض مین پہونچاوین اور مضمون کم من فئۃ قلیلۃ حضرت کے ذہن نشین اور خاطر نشان کرکے

فرش منازعت کو لپیٹیں تو بہتر کہ صلاح و دولت اس مین متصور ہی کس واسطے کہ فتح اور شکست کا مختار خدا ہی اور بقدر اگر نصرت نصیب سلطان ہوے خلقت کہیگی کہ سلطان محمود جنود نامعدود سے لشکر قلیل پر غالب ہوا اور اگر قضیہ منعکس ہووے یہ کہیگی اور بیعزتی انقراض زمانہ یعنی روز قیامت تک اس سلسلہ عالیہ مین رہیگی وہ شخص نوشتہ نظام الملک کا بجنبہ سلطان کے ملاحظہ مین ورلایا آنحضرت صلح اور جنگ مین متردد ہوے احمد نظام شاہ نے ایک فیلبان کو جو سلطان گجرات کے فیل بحری سال کی محافظت مین قیام کرتا تھا زر کثیر دیکر اس امر پر راضی کیا کہ اس شب تا پر مین کہ سلطان اور سپاہ خیمہ و خرگاہ مین باستراحت مشغول ہو دین اُس فیل فلک نظیر کی زنجیر کہ نہایت مست اور بے اعتدال ہی پانوٹن سے کاٹکر اُردو مین چھوڑ دینا اور اُس شب موعود مین نظام شاہ بحری نے پانچہزار پیادہ توپچی کماندار اور بازدار اور پانچہزار سوار کہ تمام تیراندار تھے گجراتیون کے اُردو کیطرف روانہ کیے کہ کمین گاہ مین بیٹھین جسوقت شور و غوغا لشکرگاہ مین ظاہر آوے تو اطراف و جوانب سے برآمد ہوکر تیر و تفنگ و بان سے ہلاکی اُس قوم مین مصروف ہون اور اُنھون نے اُسکے فرمانے پر عمل کیا جب لشکر گجرات کے حوالی مین پہونچے اور اُردو کے اطراف و اکناف مین مخفی ہوئے اُسکے بعد کہ دو پہر رات آئی تھی فیلبان نمک حرام نے فیل بحری سال کو چھوڑ دیا اُس اژدہائے دمان کے حملہ آور ہونے سے شور و فریاد معسکر کا غلغلہ اوج فلک البروج پر پہونچا پیادے اور سوار کمین سے برآمد ہوئے اور اطراف و جوانب سے نقارہاے حربی پر چوب زنی ہوئی صدا نے سہمگی گنبد گردون کو ہلا دیا اور بارش تیر و تفنگ مین مشغول ہوے اور جو سلطان محمود اور امرا اُسکے لشکر دکن اور خاندیس سے ایسی جرأت محال جانتے تھے اور کمی بخوت اور تکبر سے سرخوش ہوکر خواب غفلت مین سوتے تھے اس ہنگامہ اور غوغا سے ہشیار ہوکر سراسیمہ سواری کے تہیہ مین ہوے اور سلطان محمود نے جو سنا تھا کہ نظام شاہ نے چارہزار سوار بہادر دکنی کہ عمدہ لشکر سلاطین بہمنیہ سے تھے بلطف و احسان اُنھین اپنے خیل خاصہ مین جمع کیا ہی اور مجالس اور محافل مین کہتا ہی کہ مین ان چارہزار آدمی سے مسلح ہوکر میدان جنگ مین سلطان محمود کے علم و چتر پر حملہ آور ہونگا خدا جسے چاہے فتحیاب کرکے سرافرازی بخشے اور جسے چاہے شکست دیکر خاک ندلت پر ڈالے یہ بات بھی اُسکے دل مین ذہن نشین تھی اور اُس شب کو یہ بھی مشہور ہوا تھا کہ احمد نظام شاہ بحری چارہزار سوار جرار شبخون کے واسطے ہمراہ لایا ہی اور چاہتا ہی کہ سراپردہ خاص پر تاخت لاکر خرابی اور مضرت پہونچادے اس سبب سے سلطان محمود سوار ہوا اور دس بارہ نفر پیادے سراپردہ سے برآمد ہوئے اور دفعتہً وہ فیل بحری سال سراپردہ شاہی کے عقب آیا اور چند شقہ سراپردہ شاہی پارہ پارہ کیے صدائے شیون و غوغا اہل حرم سے بلند ہوئی سلطان محمود کو یقین ہو کہ احمد نظام شاہ خیمہ اور سراپردہ پر تاخت لایا ہی پھر بلا توقف کچھ لوگ اپنے ہمراہ لیکر اردو سے نکل گیا اور جب تین سو یا چار سو آدمی اُسکے پاس جمع ہوئے اور شور ہنگامہ لحظہ بلحظہ ازدیاد ہوتا تھا راہ فرار نا پی اور بسرعت تمام تین کوس راہ طے کی جب امراے گجرات مع فوج ہاے آراستہ جنگ مین مشغول ہوے اور دکنی مراجعت کرکے اپنے اُردو مین چلے گئے اعیان لشکر بہیئت مجموعی سمار کباو کیواسطے دربار شاہی مین گئے اور جب سلطان کو اپنے مقام پر نہ پایا اور سمجھے کہ کیا معاملہ واقع ہوا ہی سب اتفاق کرکے تعفن اور تغیر منزل کے بہانہ سے لشکر کو کوچ کرکے اُسکے پیچھے گئے سلطان محمود دکنیونکے مکر سے واقف ہوا جو اُس رات کو صلاح مراجعت مین ندیکھی اُسی مقام مین قیام کیا اور احمد نظام شاہ بحری نے تیر تدبیر ہدف مراد پر نہ پایا صبح کو باتفاق عادل خان اور عماد الملک اپنے مقام سے کوچ کیا اور اس مقام مین جہان سلطان نے نزول کیا تھا وارد ہوا

اور وہ امر جو کسی کے خیال مین نہ تھا وقوع مین آیا **بیت** کار ہا راست کند عاقل کامل بہ سخن تا کہ بعد لشکر جوار نیشتوقا اسکے بعد طرفین سے ایلچیون نے آکر تشیب و فراز سمجھایا حرف صلح دونون بادشاہون کے درمیان آیا صلح پر راضی ہوئے پھر اپنے اپنے مقرر اور مسکن کی طرف روانہ ہوئے اور قرائن سے ایسا معلوم ہوتا ہی کہ کچھ لحاظ کرکے اس واقعہ کے شرح و بسط مین نہین کوشش کی ہی واللہ اعلم بالصواب منقول ہی کہ احمد نظام شاہ نے برہانپور سے مراجعت کی اور بسرعت تمام دولت آباد مین پہونچا اور اب کی مرتبہ بقہر و غضب لشکر کو محاصرہ کیواسطے مامور کیا اور خود بالاگھاٹ پر جو تیلوہ کے قریب ہی عیش و عشرت مین مشغول ہوا اسوقت ایک جماعت باغبانون نے چند ڈالی انبہ لاکر عرض کیا کہ قبل اسکے جسکو سات برس کا عرصہ منقضی ہوا کہ حضرت بادشاہ اس قلعہ کی تسخیر کے واسطے اس حدود مین تشریف لائے تھے اور اس مقام مین فروکش ہوکر انبہ ہائے لذیذ نوش فرمائے تھے اُسکی چند گٹھلیان یہان افتادہ تھین موسم برسات مین وہ سرسبز ہوئین اور غلامون نے اُسکی محافظت مین کوشش کی اور حضرت کے اقبال سے وہ درخت پر ثمر ہوئے یہ چند ڈالیان تھین پودھونکی ہین احمد نظام شاہ نے اپنے دل مین کہا کہ یہ علامت قوت طالع اور فتح حصار کی ہی ملک اشرف نے جب احمد نظام شاہ کی ہمت فتح حصار مین مصروف دیکھی سلطان محمود گجراتی کو عریضہ بھیجکر پھر تسلط اور غلبہ احمد نظام شاہ اور محاصرہ کرنے قلعہ دولت آباد کے شکایت کی اور پیام دیا کہ یہ قلعہ اُس شاہ جم جاہ سے علاقہ رکھتا ہی اگر ایکبار اور اسطرف قدم رنجہ فرماکر اس دولتخواہ کو اس بحری خصال کے چنگ غضب سے رہائی بخشین خطبہ اس حدود کا آپکے نام جاری ہوئے اور سال بسال باج و خراج خزانہ عامرہ مین داخل کرونگا سلطان محمود یہی چاہتا تھا کہ انفعال گریز سے برآمد ہوکر اُس مخالفت کا تدارک کرے اور اہل دکن کہ بعد شجون مذکور اُسے سلطان محمود بیکرہ کہتے تھے اُنکو تادیب اور گوشمال دیوے اسواسطے التماس اُسکی پذیرا فرمائی اور بحشمت و شوکت تمام دولت آباد کی طرف سوار ہوا اور جب آب ٹپن کے ساحل پر پہونچا احمد نظام شاہ بحری ترک محاصرہ کرکے احمد نگر کی طرف روانہ ہوا اور ملک اشرف نے ضیق محاصرہ سے نجات پائی سلطان قطب کی مسجد مین جاکر خطبہ سلطان محمود کے نام پڑھا اور اُردوے شاہ مین جاکر تحف و ہدایا اور نقود بطور وافر پیشکش گذرانا اور خراج ہر سال کا قبول کرکے سلطان کو اپنے سے راضی کیا اور سلطان محمود نے اس سال فرصت پاکر خراج کئی برس کا عادل خان سے لیا اور اپنے مقر کی طرف متوجہ ہوا اور احمد نظام شاہ بحری یہ خبر سنکر بھی باز نہ آیا اور آخر سال مذکور مین پھر بہ تیز پروازی بحری و شتاب روی عقاب دولت آباد کی طرف روانہ ہوا اور جو اہل قلعہ ملک اشرف سے بوجہ خطبہ پڑھنے بنام سلطان گجرات اور اُسکی ملاقات کرنے سے متنفر تھے احمد نظام شاہ کے پاس عرائض باین مضمون بھیجین کہ ہم تیرے بندگان فرمانبردار سے ہین اور ہم تجھے اپنا ولی نعمت جانتے ہین اور تیرے معتقد اور دولتخواہ ہین جلد اسطرف تشریف لا اور ہماری جانفشانی اور جانسپاری مشاہدہ فرما احمد نظام شاہ آب گنگ کے کنارے اہل قلعہ کے مضامین عرائض پر مطلع ہوا اور اسی شب کو دو تین ہزار سوار جریدہ لیکر دولت آباد مین داخل ہوا اور قلعہ کو محاصرہ کیا قضارا ملک اشرف لشکر قلعہ کے ارادہ پر کہ اچانک موم مرہٹہ تھے واقف ہوکر غم و غصہ سے بیمار ہوا اور پانچ چھ روز کے عرصہ مین ہادم اللذات کو عادم الآمال ہی اُس کے سر پر دواسپہ تاخت لایا اور کوکب عمر کو اُسکے افق مغرب مین پہونچایا بعد اس سانحہ کے تمام اہل قلعہ جو قلعہ بند تھے بغ کلید قلعہ احمد نظام شاہ بحری کی ملازمت کیواسطے حاضر ہوئے اور کنجی قلعہ کی نذر کرکے

مبارکباد دی احمد نظام شاہ نے اُس گروہ پر نہایت نوازش فرمائی اور قلعہ کی سیر کی اور جا بجا کہ قلعہ مرمت طلب تھا اُسے مرمت کیا اور اپنے مرومان معتمد کے سپرد کرکے مظفر و منصور احمد نگر کیطرف مراجعت فرمائی اور ساعت سعید اور طالع فرخندہ مین بباغ نظام کہ اُسے مبارک جانکر اپنا مسکن کیا تھا ایک قلعہ سنگین تیار کیا اور اسکے اندر ایک عمارت عالیہ احداث فرمائی اور تصاویر دلکش نقش آئینہ جلب سُرخ و زرد سے اسے آراستہ کیا اور اُن سنوات مین اپنی عالی ہمت سے احمد نظام شاہ نے قلعہ شور اور اُسکے سوا اور بھی قلعہ ہائے اس اطراف کے مسخر اور منفتح کیے اور راجہ قلعہ کالنہ اور بجلانہ سے پیشکش لیکر اور اپنا مالگذار کرکے مسند حکومت احمد نگر پر متمکن ہوا اور سنہ ۹۱۳ھ نوسو تیرہ ہجری مین داؤد خان فاروقی کے مرنے کے بعد برہان پور مین بادشاہ تعین کرنے کے بارہ مین درمیان امرا اور اشراف مملکت کے اختلاف ہوا اور ملک حسام الدین مغل نے جو اُس دولت خانہ کے عمائد سے تھا ایلچی احمد نظام شاہ کے پاس بھیجکر خان زادہ عالم خان کو جو حکام اسیر کے نواسون مین سے تھا اور احمد نگر مین زمانہ بسر کرتا تھا طلب کیا اور اپنی دعما الملک حاکم کاویل کی رائے سے اسکو بادشاہ بنایا اور سلطان محمود بکیرہ گجراتی نے عادل خان بن حسن خان فاروقی کو کہ نواسہ اُسکا تھا چاہا کہ اُسے برہانپور کی مسند حکومت پر متمکن کردن اُسکے بعد لشکر فراہم کرکے خاندیس کی طرف متوجہ ہوا ملک حسام الدین مغل نے نظام شاہ اور عما الملک سے اعانت طلب کی یہ لشکر بیشمار ہمراہ رکاب لیکر برہانپور کیطرف روانہ ہوئے اور جو ملک لاون نے کہ وہ بھی اعیان ولایت خاندیس سے تھا ملک حسام الدین کے ساتھ اعلام مخالفت بلند کیے اس وجہ سے خلل فاحش مہمات مین اُس حدود کے ظاہر ہوے اور سلطان محمود بھی حوالی تالیز مین پہونچا اور ہزار سوار ملک حسام الدین کی مدد کیواسطے مقرر کئے اور دونون باتفاق برہانپور سے کوچ کرکے کاویل کی سمت گئے اور بعد چند روز کے جب اُنکے لشکر کو برہان پور مین توقف میسر نہوا ملک حسام الدین کے بے رخصت کاویل کیطرف راہی ہوئے نظام شاہ نے احوال ایسا دیکھکر عماد الملک کو وداع کیا اور خود دولت آباد مین گیا اور خانزادہ عالم خان خاندیس سے بھاگ کر پھر نظام شاہ کی ملازمت مین حاضر ہوا اور نظام شاہ بعد ازمراجعت سلطان محمود بسمت گجرات عالم خان کو ہمراہ لیکر اپنی سرحد مین بیٹھا اور ایک مکتوب ایلچی کے مصحوب سلطان محمود کے پاس باین مضمون بھیجا کہ جو خانزادہ عالم خان اسطرف التجا لایا متوقع اس امر کا ہو کہ قدرے ولایت آسیر اور برہانپور ساتھ اُسکے عنایت فرماوین سلطان محمود کہ اُسکی بے ادبی ہائے سابق سے آزردہ تھا اور عادل خان نے بھی اُسکی شکایت متواتر لکھی تھی ایلچی سے درشتی کرکے فرمایا غلام زادہ سلطان بہینہ کی کیا مجال کہ سلاطین کو کتابت کرے اور پاؤن اپنے کملی سے آگے بڑھاوے اگر اپنے اوضاع ناپسندیدہ سے نادم اور تائب نہوگا عنقریب گوشمال پاویگا احمد نظام شاہ اس سے زیادہ جرأت کو موجب خسارت سمجھکر خانزادہ عالم خان کو ہمراہ لیکر بسبیل تعجیل احمد نگر کیطرف روانہ ہوا اور احمد نظام شاہ کے جب مدارج اور مطالب حسب دلخواہ ساختہ اور پرداختہ ہوے فلک تفرقہ پرداز اپنے کام مین مشغول ہوا یعنی امل نصیر الملک کہ رکن دولت اُسکا تھا فوت ہوا اور بجائے اُسکے مکمل خان حبشی مامور ہوا اور بعد دو تین مہینے کے بادشاہ کو بھی سخت بیماری عارض ہوئی زندگی سے مایوس ہوکر امرا اور وزرا کو اپنے پاس بلایا اور شاہزادہ جوان بخت کامگار شیخ برہان کو جو سات برس کا تھا ولیعہد کیا اعیان اور ارکان سلطنت سے اسکی اطاعت اور فرمانبرداری کے بارہ مین عہد اور بیعت لی اور سنہ ۹۱۴ھ نوسو چودہ ہجری مین

بمقتضائے یاایتہا النفس المطمئنہ ارجعی الی ربک راضیۃ مرضیۃ داعی اجل کو لبیک اجابت فرمایا یعنی اس دار نا پائدار سے رحلت کی **نظم** شد آن لحظہ ہول قیامت عیان ٭ بگردون برآمد نفیر فغان ٭ شد از درد غم چشمہا سیل باز ٭ چو باران کہ بارد بوقت بہار ٭ فلک را ز بس نالہ کرگشت گوش ٭ ز نوحہ زمین و زمان ذر خروش ٭ اگرچہ خصال حمیدہ اور فضائل پسندیدہ اس شہریار کے اُس سے افزون تر ہین کہ قلم مشکین رقم اسکے بیان مین زبان آوری کرے لیکن مورخین کی عادت کے موافق اُسکی شمہ تحریر مین مبادرت کرتا ہی کہ جملہ خصال اس شہریار سے کہ عبارت عفت و صلاح و پرہیزگاری و فلاح سے ہی یہ ہین کہ سواری کیوقت شہر و بازار مین کبھی واہنے اور بائین التفات نہین فرماتا تھا ایک ندیم گستاخ نے سوال کیا کہ عدم التفات خداوندی اطراف وجہات کی طرف کیون ہی آنحضرت نے فرمایا کہ بادشاہ کی عین سواری کے وقت اکثر مرد و عورت بادشاہ کی زیارت اور تماشائے جلوس کے واسطے آتے ہین اس سبب سے ڈرتا ہون کہ میری نظر عورت نامحرم پر نہ پڑے کہ وبال اسکا عائد روزگار ہوگا **بیت** ہزار آفرین از جہان آفرین ٭ بران شاہ باداش و دادو دین ٭ دوسرے یہ کہ اوائل سلطنت وجہانبانی مین کہ ایام شباب و جوانی آنحضرت کا تھا قلعہ کاویل کی تسخیر کے واسطے کہ جہاد باندھکر مقرر دولت سے حرکت فرمائی اور بعد طی مسافت محاصرہ مین مشغول ہوا اور تائیدات یزدانی سے اُسے مفتوح کیا جملہ اسیران اُس قلعہ سے ایک جاریہ تھی کہ حسن و دلبری مین ماہ و مشتری سے ہمسری و برابری کا دعوی کرتی تھی اور لطافت اور نوزگستری مین حور و پری سے برتری ڈھونڈھتی اپنی ضیائے رخ سے طلیعہ صبح کو دامن دامن گل صباحت بخشتی تھی اور اُسکے بالونکی سیاہی ساقہ لشکر شام کو چمن چمن سنبل اور ریاحین دیتی تھی اور زلف پرخم اُسکی تیرہ قامت کو پرچم تھی اور ابروے مقوس اُسکے منشور جمال کیلیے بعینہ طغرا معلوم ہوتے تھے ملا جامی نے گویا یہ شعر ملکہ تمام غزل اُسی کے سراپا مین تصنیف فرمائی تھی **شعر** یارب این طاق ست یا محراب یاتوس قزح ٭ یا ہلال عیدیا ابروے ماہ ماست این ٭ **مثنوی** پری دخت و پری بگذار ماہے ٭ بزیر مقنعہ صاحب کلاہے ٭ شب افروزے چو مہتاب جوانی ٭ سیہ چشمے چو آب زندگانی ٭ دو شکر چون عقیق آب دادہ ٭ دو گیسو چون کمند تاب دادہ ٭ خمار آلودہ چشم نیم بازش ٭ جہانے نیم گشت از نیم نازش ٭ ملک نصیر الملک وزیر کی جو مین نظر اُس پری کے آئینہ رخسار پر پڑی صبر و قرار قرار ہوا ضبط و تحمل سینہ سے دور ہوا نشاط محبت مین چور ہوا صورت تصویر سکتے کے عالم مین حیران رہگیا **مثنوی** نہ دل میدادش از دلبر گرفتن ٭ نہ تبوانستش اندر برگرفتن ٭ چو مید ید اندران محراب دیدہ ٭ حجاب دیدہ می شد آب دیدہ ٭ کچھ دیر کے بعد دل بیقرار کو سنبھال کر یہ کہا سبحان اللہ عجب اسرار نظر آیا ہی کہ جس سے دل مضطر سیماب وش بیقرار و تہ و بالا ہی اس آفت ناگہانی سے بچنا اولی تر ہی دام الفت کا گرفتار زندگی بھر نہین چھوٹتا یہ سوچکر اُس دلبر بنظیر کو سلطان جم جاہ کی خدمت مین لے گیا اور اُسکی نظر کیمیا اثر مین در لایا اور بوقت فرصت یہ عرض کی کہ قلعہ کاویل کے جملہ اسیرون مین یہ عورت جمیلہ ہی مین نے اس در ناسفتہ کو محض ظل سبحانی کیواسطے در جلک حجاب مین نقطہ موہوم کی طرح نامحرمون سے مستور رکھا ہی اگر حکم ہووے شبستان خاص مین داخل کرون شہریار کا اس خبر کی استماع از نسیم سے غنچہ دل شگفتہ ہوا نصیر الملک سے نہایت راضی ہوا و تحسین اور آفرین فرمائی جب شہنشاہ تخت گاہ چارم اس ایوان نیلگون طارم سے خلوت خانہ مغرب کی طرف روانہ ہوا اور سپہر دوار نے چادر سرمئی زرنگار شب سر پر ڈالی نصیر الملک نے اُس دلبر شیرین ادا پری اطوار دل آرام کو عیش منزل مین جلوہ گر کیا اور شہریار کا مگاہ تخت جہانبانی

سے شبستان کامرانی کی طرف متوجہ ہوا قبل اس سے کہ لب روح بخش اس مایہ ناز و دلستانی سے قوت جان و کامرانی حاصل کرے اپنی شرف ہمزبانی سے سرفراز کرکے استفسار فرمایا کہ تو کس قوم سے ہی اور کس شخص سے پیوند نسبت رکھتی ہی یا گل ناشگفتہ کیطرح بیخار ہی یہ سنکر وہ عرض پیرا ہوئی کہ اے میری جان بادشاہ پر فدا ہو جیو مین فلان قبیلہ سے ہون اور مان اور باپ اور شوہر میرا بالفعل مجلس شاہی مین محبوس ہی آنحضرت نے کمال عفت و پرہیزگاری سے لفظ شوہر استماع کرکے بے تجرع اقداح مدام آتش نفس امارہ کہ مراد شہوت سے ہی ساکن کرکے فرمایا کہ تو خاطر جمع رکھ مین تیرے پدر و مادر و شوہر کو زندان مصیبت سے رہائی دیکر تجھے اُنکے سپرد کرونگا وہ زہرہ جبین زمین خدمت کو لب ادب سے بوسہ دیکر شاہ کی دعا و ثنا بجالائی اور فجر کو جب کہ نصیر الملک خدمت مین حاضر ہوا اور تہنیت اور مبارکباد دی وہ یوسف زمان اُسکا کنایہ سمجھے اور مسکراکر فرمایا کہ وہ عورت ہمارے شرف فرش لازم المعاش سے محروم و ناکام ہی پس نے اُس سے اُسکے وارثون کی تفویض کا وعدہ کیا ہی نصیر الملک نے حکم کے موافق اُسکے مان باپ شوہر کو حاضر کیا حضرت نے انھین انعام و اکرام سے سرافراز فرمایا اُسکے بعد اس حوروش کو اُنکے سپرد کیا اور زنا کے وبال سے نجات پائی تیسرے اس بادشاہ کے خصائل سے یہ ہی کہ اگر احیانا کوئی سپاہی معرکہ رزم مین لوازم شجاعت اور شرائط جلادت کو فروگذاشت کرکے پسپا ہوتا آنحضرت واقف ہوکر عمداً اُس سپاہی کو بعد از فتح ہنگام نوازش اول اُسکو بمرحمت خلعت سرفراز فرماتا تھا بعدہ اور دونکے حال پر جنھون نے لوازم تہور مین کوئی دقیقہ فروگذاشت نہ کیا مشغول ہوتا تھا ایک وقت ایک ہمنشین کسی سپاہی کی نسبت ایسا حال مشاہدہ کرکے گستاخانہ عرض گذار ہوا کہ سبب ایسے التفات کا ایسے جوان کے حال پر جس نے معرکہ مین گریز ستیز پر اختیار کی تھی کیون ہی بادشاہ نے ارشاد فرمایا کہ سبب اِسکا اور وقت معلوم ہوگا شرح کی احتیاج نہین قضارا اُنھین دنون مین اُس شہریار نے سلطان محمود بہمنی کی کمک کے واسطے لشکرکشی کی اور دونون نے باتفاق یوسف عادل شاہ کا تعاقب کیا اور حوالی بلگن مین ایک فوج عادل شاہ کی سلطان کے طلیعہ سے مقابل ہوکر شکستہ ہوئی اور جو طلیعہ کے پیچھے افواج نظام شاہ تھی انھون نے مقابلہ اور مواجہہ عادلشاہ کا اختیار کیا اول جو شخص کہ اُس جماعت پر حملہ آور ہوا وہی جوان تھا نظام شاہ نے پھر اُسپر نوازش فرمائی اور ندیم سے فرمایا بادشاہ میر شکار ہین اور جوانون کو صید خصم کیواسطے اسطور سے پہچانتے و بناتے ہین اسی طرح جنگ و دُول کا طریقہ اُس ملک دکن مین یادگار ہی کیونکہ بادشاہ علم شمشیر بازی خوب جانتا تھا اور اس فن سے نہایت رغبت رکھتا تھا اور رسم قدیم ہی کہ ہر زمانہ والے اپنے بادشاہ کے پسندیدہ ہنر کے طالب ہوتے ہین اس زمانے کے خرد و بزرگ اکثر اپنی اوقات اسمین صرف کرتے تھے اور بجائے مکتب خانہ کہ قاعدہ بلاد اسلام ہی احمد نگر کے تمام محلات مین درزش خانہ اور اکھاڑے شمشیر بازی کی کسرت کیواسطے تیار کیے گئے تھے اور بہتر اس سے کسی امر کو نہین جانتے تھے اور ہر ایک مجلس اور انجمن مین اُسکے سوا اور چرچا نکو رہتا تھا یہانتک کہ بازار شمشیر بازی نے رونق اور رواج تمام بہم پہونچایا جیسا کہ مقتضا آب و ہوا سے فتنہ خیز دکن ہی ہر شخص زبان لاف و گذاف کھولکر دعوی انا ولاغیرے کا کرتا اور دوسرے کو اس فن مین مسلم رکھتا اور ہر امر پر جوانون مین خشونت اور نزاع پہونچی مرافعہ احمد نظام شاہ کے پاس لے گئے اور اُس جناب نے حکم صادر کیا کہ مدعی اور مدعا علیہ ہمارے سامنے شمشیر بازی کرین جو شخص پہلے وار حریف پر کرے وہ بہتر ہی الغرض ہر روز جوان اس بارہ مین مدعی ہوکر جماعت جماعت دیوان عام مین حاضر ہوکر بادشاہ کے حضور شمشیر بازی

کرتے تھے اور رفتہ رفتہ یہ نوبت پہونچی کہ دو تین جوان ہر روز در دولت پر قتل ہوتے تھے اور اُنکے وارث لاش انکی اُٹھا لیجاتے تھے اُسکے بعد وہ بزرگوار اس امر سے متنفر ہوا اور یہ مقرر کیا کہ ہمارے سامنے یہ امر واقع نہووے بلکہ قلعہ کے دروازہ کے آگے جو کالا چبوترہ ہے وہان یہ امتحان ہوا کرے اور ہوادار درمیان ان دونوں شخص کے کہ آپس مین مدعی ہین دخل نکرین وہ حسب دلخواہ آپس مین تلوارین کھینچکر شمشیر بازی کرین آخران مین سے ایک غالب اور دوسرا مغلوب ہوگا اور جو شخص ہوس جنگ کرکے مقتول ہووے اُسکے قصاص کی پرسش نہووے اور یہ بدعت دکن کے مسلمانونکو پسند ہوئی اور جلد بوسیلہ سلاطین جمیع بلاد دکن مین سرایت کرکے شائع اور رائج ہوئی اور برائی اس عمل بد کی دلون سے محو ہوئی کہ اب تک طالبعلم اور مشائخ اور ملوک اور اُمرا اور خوانین مملکت دکن کے اس یک یکی یعنی ڈوئل پر عمل کرتے ہین اور اُسکو حیثیت اور قابلیت عظیم جانتے ہین اور اُنکے فرزندون مین اگر یہ امتحان فرو فرو نکرین شجاعون کے جرگہ مین شمار نہووین اور سرزنش کرین اور راقم حروف محمد قاسم فرشتہ نے بلدہ بیجاپور مین سنہ ۱۰۰۱ ایک ہزار دس ہجری مین اپنی آنکھونسے بالمشافہہ دیکھا ہے کہ سید مرتضےٰ اور سید حسن دونون بھائی سید صحیح النسب اور ریش سفید رکھتے تھے اور ابراہیم عادل شاہ کے درباریون مین معزز تھے اور تمام آدمی انھین جملہ مردم معتول دکن سے شمار کرتے تھے چنانچہ ان دونون سے ساتھ تین آدمیون ریش سفید دکن کے کہ وہ بھی مردم روشناس سے تھے ایک امر سہل کے واسطے بازار مین تکرار ہوئی پہلے سید مرتضےٰ کا بیٹا جو بیس برس کا جوان تھا اپنے باپ کی حمایت پر ایک دکنی کے مقابل جاکر قتل ہوا جب سید مرتضیٰ نے اپنے دلبند کو مقتول دیکھا جہان اُسکی نظر مین تیرہ ہوگیا خود دوسرے دکنی کی جنگ مین مشغول ہوا اور وہ بھی مثل اپنے بیٹے کے ملک عدم کی طرف راہی ہوا جسدم حسین نے اپنے بھائی اور بھتیجے کو اس حال سے مشاہدہ کیا اُسنے تیسرے دکنی سے سامنا کیا اور گرد فنا کی اپنے چہرہ پر ملی ابھی لاش ان تینون سید مردہ کی بیجاپور کے بازار سے نہ اُٹھی تھی کہ وہ تینون دکنی کہ مقتولون کے ہاتھ سے نہایت زخمی اور چور ہوگئے تھے اُنھون نے بھی جان قابض ارواح کے سپرد کی اور ایک لحظہ مین بلا عداوت سابق چھ خانوادہ ماتم مین بیٹھے اور ہلاکی انکے خاندان سے ظہور مین آئی فی الواقع مسلمانان دکن کی شمشیر اندازی اور یکیکی مین بے نظیر اور بے مثل ہین اور جب تک کوئی شخص اس فن مین کمال حاصل نکرے ان لوگون سے بشمشیر مقابل نہین ہوسکتا ہے خلاصہ اس تقریر کا یہ ہے کہ جو اکثر آدمی دکن کے روے زمین پر ورزش شمشیر کرتے ہین گھوڑے کی سواری اور تیراندازی اور نیزہ بازی اور چوگان بازی سے عاری اور عاطل ہین اسواسطے جنگ مخالف مین عاجز مطلق ہوکر زبون تر ہوتے ہین اور خانہ جنگی اور کوچہ و بازار مین شیر درندہ اور مردانہ ہین اور جمیع سلاطین دکن جنون نے بعد انقراض دولت شاہان بہمنیہ کے اس مملکت مین حکومت کی ہے کسی شخص نے اس فعل شنیع کے دفع مین کوشش نہ کی مگر عہد معدلت مہد حضرت صاحبقران ابراہیم عادل شاہ ثانی مین خانہ جنگی مین جو باصطلاح دکن یکیک کہتے ہین تخفیف تمام ہوئی اور امید قوی ہے کہ یہ عمل زشت جو کسی مملکت اور عہد مین مروج نہ تھا بادشاہان کامل اور حاکمان عادل کی برکات کے سبب بالکل زائل ہوا اور وہ مملکت بھی مثل بہشت ایسے لوث کی جنابت سے پاک ہوا اور سیطرح سے خدیو زمان ابراہیم عادل شاہ ثانی نے ولایت بیجاپور مین کہ مراد کرہ زمین سے ہے تاکید تمام کرکے یک یک یعنے خانہ جنگی کو تخفیف تمام دی اور محمد قلی قطب شاہ نے بھی تلنگانہ مین اس امر کی ممانعت فرمائی امید ہے کہ نام یک یک معدوم ہووے اور

احمد نظام شاہ کی مدت حکومت انیس سال تھی

ذکر بادشاہی برہان نظام شاہ بن احمد شاہ بحری کا ✤

برہان نظام شاہ بحری مروج مذہب اثنا عشری سات سال تخت احمد نگر پر متمکن رہا **فیض خاوند** اسکی تاریخ جلوس ہوئی اور مکمل خان دکنی کہ مرد عاقل اور مدبر اور شجاع تھا احمد نظام شاہ کے عہد کے موافق منصب پیشوائی اور امیر جملگی پر مخصوص ہوا اور اُسکا فرزند میان جمال الدین بخطاب عزیز ملکی و منصب سرنوبتی پر معزز اور محترم ہوا اور اس دولتخانہ کو باپ بیٹے نے اپنے تصرف مین لاکر امور مالی اور ملکی مین نہایت استقلال پہونچایا تین برس تک زمانہ اُنسے موافق رہا جبکہ عزیز الملک سرنوبت باوہ نخوت سے مبہوت ہوا اور غرور اور بے اعتدالی اسکی اندازہ سے باہر ہوئی وزرائے صاحب شوکت مثل رومی خان اور شیر خان ازروے حسد اُسکی پیشوائی اور سرنوبتی سے آزردہ اور دلگیر ہوئے ہر چند تدبیرین اور سعی اور کوشش اُسکے اخراج کے بارے مین کین پیش نگئین جب سبطرف سے عاجز اور مایوس ہوئے اُسوقت ایک عورات حرم سے بی بی عائشہ نام کو جو برہان نظام شاہ کی مرضعہ یعنی دودھ پلائی تھی اور کمال اعتبار رکھتی تھی اُس سے تمہید خصوصیت اور آشنائی کی کرکے یون مقرر کیا کہ بوقت فرصت راجا جیو بھائی کہترین برہان شاہ کو قلعہ سے برآوردہ کرکے مخیمین تسلیم کرے تاکہ اُسے تخت سلطنت پر منصوب کرکے برہان شاہ کو معزول کرین اور مکمل خان اور عزیز الملک کے تسلط سے نجات پاوین بی بی عائشہ نے ایک روز انھین دنون مین دوپہر کیوقت راجا جیو کو کہ طفل چار سالہ تھا لڑکیون کی پوشاک پہنا کر پالکی پر سوار کیا اور شہر کا راستہ لیا اور والدہ نظام شاہ نے اُسیوقت بحسب اتفاق اس فرزند دلبند کو یاد کیا اور جب محل مین دستیاب نہوا غلغلہ عظیم مردم درونی اور بیرونی مین ظاہر آیا اور بعضے بولے شاید ان حوضہاے پر آب مین گر پڑا ہو پس ایک جماعت حوضہاے پر آب مین کود کر تلاش مین مشغول ہوئی اور بعضے بی بی عائشہ کے پیچھے شہر کیطرف روانہ ہوے ابھی رومی خان کے مکان پر نہ پہونچی تھی کہ وہ جماعت وسط شہر مین اُسکے پاس پہونچی اور اُسے مع راجہ جیو قلعہ مین در لائی اور جو بی بی عائشہ آپکو بجاے جدہ ماجدہ برہان شاہ سمجھتی تھی اور راجہ جیو کو کبھی کبھی اپنے مکان مین لیجاتی تھی اور ایک دو دن اپنے مکان مین رکھتی تھی بہانہ کیا کہ مین اسوقت راجہ جیو کو اپنے مکان پر لیے جاتی تھی لیکن بعد چند روز کے جب یہ راز فاش ہوا اور سب آدمیون نے جانا کہ یہ کام امرا کی تحریک سے ہوا ہے اسواسطے مکمل خان برہان شاہ اور راجہ جیو کی محافظت مین نہایت کوشش کرتا تھا اور ایک لحظہ خبردار ایسے بیخبر نہین رہتا تھا اور برہان شاہ کی تربیت اور پرورش مین بمقدار اہتمام بجا لایا کہ دس برس کی عمر مین کافیہ اور متوسط کو باستحقاق پڑھا اور خط نسخ خوب لکھا اور مرتضی نظام شاہ کے عہد مین کتب خانہ مین رسالہ علم اخلاق اور سلوک بادشاہان مین بخط نسخ پاکیزہ مؤلف کی نظر سے گذرا کہ اُسکے خاتمہ مین یہ عبارت مرقوم تھی کاتبہ شیخ برہان بن ملک احمد نظام الملک الملقب من الحضرۃ البحری اوجسوقت کہ مکمل خان اور امراے ثلثہ کے درمیان عداوت اوخصومت حد سے گذری اُنھون نے لاچار ہوکر پانچ چھ وزیرون سے اتفاق کیا اور رات کو احمد نگر سے برآمد ہوکر آٹھ ہزار سوار ہمراہ لیکر برار کیطرف روانہ ہوئے اور علاء الدین عماد الملک کے دربار مین پہونچے تمہیدات زبانی سے احمد نگر کی تسخیر کی سہل ترین تدبیر اُنھا سکی عماد الملک نے ارباب غرض کے کہنے سے فریب کھایا اور فوج جمع کرکے کاویل سے ایلچپور کیطرف متوجہ ہوا اور نظام شاہ کی سرحد پر پہونچکر قصبات اور پرگنات پر قابض ہوا مکمل خان نے یہ خبر سنکر اُس فساد کے دفع کے واسطے سپاہ ظفر دستگاہ فراہم کی اور برہان نظام شاہ کی ملازمت مین اور خواجہ جہان دکنی حاکم پرندہ کو ہمراہ لیکر مع فوج گران بصد شوکت

وشان عماد الملک کے مقابلہ کو چلا اور قصبہ رانوری کے حوالی مین شہور ۹۱۶ھ نو سو سولہ ہجری مین فریقین کا سامنا ہوا دونون سپاہ رزم خواہ نے میمنہ اور میسرہ اور قلب اور ساقہ اور کمین گاہ آراستہ کی اور کمل خان نے اس روز برہان شاہ کو صغر سنی کے سبب آفرخان غلام ترک کو جو اتابک اسکا تھا ردیف کر کے قلب مین قائم کیا اور خود بانزدہ شہامت کھولکر جنگ مین مشغول ہوا کوس حربی اور نقارہ جنگی کی صدا بلند ہوئی نالہ نفیر و کرنا گنبد فلک پر پہونچا جوش و خروش نے گوش چرخ آبنوس کے کر کئے اور زمانہ جفا کار اس دار و گیر کے مشاہدہ سے ایسا ہراسان ہوا چاہا کہ آپ کو چنبر فلک سے باہر ڈالے اور بہرام خون آشام نے بہادران کیوان مقام کے خوف صمصام سے حصار سپہر چنبر سے قدم آگے رکھے اور روزگار مردم آزار نے گویا ایکبارگی غبار نیستی کا چہرۂ ہستی پر چھڑکا اور دست قضا نے رشتہ حیات کا تنات کا توڑا دونون طرف کی سپاہ ملگئی تلوار چلنے لگی سر و تن جدا ہونے لگے جنگ عظیم ہوئی ہنگامہ محشر بپا ہوا صحرا مین سیل خون روان ہوئی **مثنوی** زبار یدن تیغ آتش نشان ٭ ہمی شد برون از تن کشتہ جان ٭ درآمد چنان در غان در غان کوس کمین ٭ کہ چون نبض مے جست از جاز مین ٭ ز غرندین کوس غیرت سروش ٭ تہور ہمی ریخت در دل ز کوس ٭ فتادند برہم ز بس کشتگان ٭ بدان پوش شد ابرۂ آسمان ٭ اور جو کارخانہ قضا و قدر مین طبل ظفر برہان دین و دولت کے نام بجا تھا اور رقم شکست عماد الملک کے چہرہ حال پر کھچی تھی بعد کشش اور کوشش فراوان راکب کام سے اور مرکوب تردد سے باز رہے عماد الملک اور تمام امرا نے باگ معرکہ سے موڑی ایسے بدحواس ہوکر بھاگے کہ کسی مقام مین توقف نہ کیا اور مال و منال اور گھوڑے اور ہاتھی اُنکے نظام شاہ کے حوزۂ تصرف مین آئے اور ممالک برار بہت خراب اور ویران ہوئے کمل خان نے نظام شاہ کو لیکر تعاقب کیا اور ولایت برار کے درمیان مین درآیا عماد الملک سلامتی فرار مین منحصر جانکر برہانپور کیطرف گیا وہان کے حاکم نے ایک جماعت علما اور مشائخ کے ذریعہ سے درمیان اُنکے صلح کروائی اور ہر ایک اپنے اپنے مقر کیطرف روانہ ہوئے منقول ہی ایک اجداد نظام شاہیہ سے کلکرنی پاتری تھا کسی سبب سے جلاوطن ہوکر ولایت بیجانگر کیطرف گیا اور اُس حدود مین بود و باش اختیار کی تھی جب سلطنت اُسکے خانوادہ مین پہونچی سب بیجانگر سے احمد نگر کی طرف رجوع ہوئے اور اشتیاق وطن غالب آیا اور کمل خان نے برہان شاہ کی طرف سے عماد الملک کو لکھا کہ جو پرگنہ پاتری تم سے تعلق رکھتا ہی وہ ہماری سرحد مین واقع ہی مقتضائے دوستی یہ ہی کہ وہ پرگنہ واگذاشت کر کے ہمارے متعلق کرین اور اُس کے عوض اور پرگنہ کہ جسکا حاصل اُس سے زیادہ تر ہو ہم سے لیکر اپنے قبض و تصرف مین لاوین عماد الملک نے یہ امر قبول نکیا چونکہ جانتا تھا کہ آخر کو اس امر پر نزاع ہوگی اسواسطے اس پرگنہ مین احتیاطاً ایک قلعہ جدید بنا کیا کمل خان نے پیغام دیا کہ اس قلعہ کا ایسے مقام پر تیار ہونا موجب نزاع ہی کہ اکثر اوقات تمھارے آدمیون سے ہماری سرحد مین مزاحمت اور تشویش پہونچیگی مناسب یہ ہی کہ اسے موقوف رکھین عماد الملک نے کچھ اُسکی پروا نہ کی قلعہ تیار کر کے بطمینان تمام اپنے دارالملک کیطرف مراجعت کی اور زمانہ کی بازی سے غافل ہوا ناگاہ کمل خان بالاگھاٹ اور دولت آباد اور منازل بیاورہ کی سیر کے بہانہ لشکر جمع لاکر ۹۲۴ھ نو سو چوبیس ہجری مین برہان نظام شاہ کے ہمراہ رکاب چند منزل دولت آباد کیطرف روانہ ہوا اور ایکبارگی باگ موڑ کر پاتری پر بطور تاخت فوج کش ہوا اور قلعہ کو گھیر کر آتش جنگ افروختہ کی اور بہادران قلعہ کشا نے خندق سے عبور کر کے بعضون نے کندون کے سہارے مثل دعائے مستجاب قلعہ کی دیوار و کنگرہ پر عروج کیا اور بعضے زینہ لگا کر موذنون کی طرح منارہ پر چڑھے اور متحصنون کو زبردستی اور

پیشدستی سے زیر کرکے قلعہ کو مفتوح کیا اور ولایت پاتری پر متصرف ہوا سیان محمد غوری نے کہ اس قلعہ کے فتح مین اور مجاہدون سے زیادہ تر کوشش اور مردانگی ظہور مین پہونچائی تھی بخطاب کامل خان سرفرازی پائی اور ضبط اُس قلعہ اور اس حدود کا اس سے متعلق ہوا اور نظام شاہ نے اس مرتبہ بھی مظفر اور منصور ہوکر احمد نگر کی طرف معاودت فرمائی جو ابھی سرو نوخیز بوستان سلطنت اور گل گلزار دولت تھا بمقتضاے جوانی ایک لولی آمنہ نام پر عاشق ہوا اور قمری اور فاختہ کے مانند اُسکے قد بالا کی شوق زیارت مین حلقۂ اطاعت گلے مین ڈالکر کوکرنے لگا اور جذبہ عشق سے اُسے حبالۂ نکاح مین لاکر افضل حرم کیا اور اُسکے طفیل سے شرب خمر کیطرف رغبت کی مکمل خان کہ مرد کامل اور عاقل تھا تخت کے سامنے مودب کھڑا ہوا اور زمین کو لب ادب سے بوسہ دیکر انگشتری وکالت اور وزارت کی اُسے سپرد کرکے عرض پیرا ہوا کہ اس عرصہ مین حضرت ظل سبحانی صغیر سن تھے یہ ناچیز غلام حسب مقدور خدمات مرجوعہ بہر نوع میامن اقبال بادشاہی سے پیش پہونچاتا تھا بہ افضال الٰہی سے خود بدولت و اقبال مہمات سلطنت کو انجام بخوبی تمام پہونچا سکتے ہین اپنے اس غلام کو اس امر سے معذور فرمائین بیت رسمی ست کہ مالکان تحریر ۔ آزاد کنند بندۂ پیر ۔ برہان شاہ نے بعد مبالغہ افزون اُسے معذور رکھا اور مکمل خان کے ایک فرزند کو امراے کبار کرکے منصب پیشوائی شیخ جعفر دکنی ساکن قصبہ بنکاپور کو ارزانی فرمایا مکمل خان اپنے مکانین گوشہ نشین ہوا اور کبھی کبھی اپنے عزیزون اور فرزندونکی تکلیف دہی کے باعث روز ہاے عید اور ایام متبرک دربار مین آتا تھا اور بادشاہ کو مجرا و سلام کرکے بعد ایکساعت کے اپنے مکان کو بازگشت کرتا تھا اور کسی وجہ سے مقدمات دنیوی مین دخل نکرکے اپنے حال مین مشغول رہتا تھا یہانتک کہ بجوار رحمت الٰہی واصل ہوا اور سنہ ۹۲۸ نوسو اٹھائیس ہجری مین شاہ طاہر بمقتضاے وقت احمد نگر مین تشریف لائے اور حضور کے سلک مجلسیان مین منتظم ہوے اور مذہب مہدویہ نے کہ اسوقت مین رواج تمام پیدا کیا تھا برہان شاہ نے اپنی بیٹی ایک مشائخ کو جو مذہب مہدویہ رکھتا تھا دی تھی شاہ طاہر کے قدوم میمنت لزوم کی برکت سے وہ مذہب مستاصل ہوا اور وہ جماعت دربار کی آمد و شد سے ممنوع ہوئی اور آنحضرت اس وصلت سے پشیمان ہوئے اور علماے پاے تخت کو سرزنش بہت فرمائی کہ جیسا شاہ طاہر نے بطلان اس مذہب کا بدلائل و براہین قاطعہ میرے ذہن نشین کیا تمنے کس واسطے ایسا نہ کیا اور سنہ ۹۳۰ نوسو تیس ہجری مین برہان نظام شاہ اور اسمٰعیل عادل شاہ نے شاہ طاہر کی سعی کے سبب قلعہ شولاپور مین ملاقات کی اور ارکان دولت طرفین بی بی مریم دختر یوسف عادل شاہ کو برہان شاہ کے عقد ازدواج مین لاے اور جشن شادی کا آراستہ ہوا اس واسطے کہ اسد خان نلگوانی وغیرہ متعہد ہوئے تھے کہ ہم قلعہ شولاپور بی بی مریم کے جہیز مین دینگے اس واسطے برہان شاہ نے اُس قلعہ کا مطالبہ کیا اور اسمٰعیل عادل شاہ نے جوابدیا کہ مجھے اس امر سے خبر نہین ہے اگر بعضے نفر یعنی ملازمین نادانستگی سے کوئی حرف زبان پر لادین اسکا اعتبار نکرنا چاہیے برہان شاہ نے شاہ طاہر کے مشورہ کے سبب دوبارہ اس مقولہ کا تذکرہ نہ کیا اور احمد نگر مین آیا اور بی بی آمنہ والدہ جسین نظام شاہ جب بی بی مریم کے ساتھ ناہمواری اور بے اعتدالی سے پیش آئی اور ایک مدت اسیطور پر گذری اور یہ خبر اسمٰعیل عادل شاہ کو پہونچی نظام شاہ کے سفیرون سے جو بیجاپور مین تھے یہ فرمایا کہ طوائف یعنی تیرا کو سلاطین کے فرزندون پر یون بسلطا کرنا خرم اور اصالت سے بعید ہے اور یہ بات جب برہان شاہ کے سمع مبارک مین پہونچی قضیہ نے طول کھینچا اور اُسی عرصہ مین شاہ طاہر کو امیر برید کے پاس اور طاہر دستر آبادی کو عماد الملک کے پاس طرفداری کے واسطے بھیجا

اور انھین ساتھ اپنے متفق کر کے سنہ ۹۳۱ نو سو اکتیس ہجری مین باتفاق اس جماعت کے مع تیس ہزار سوار اور توپخانہ بسیار قلعہ شولاپور کی تسخیر کے واسطے روانہ ہوا اور اسمعیل عادل شاہ نے نو ہزار سوار تیر انداز معرکہ گذار ہمراہ رکاب لیکر اُسکے مقابلہ کو عزیمت کی اور سرحد مین فریقین سے مقابلہ ہوا اور ایسی جنگ کہ طبیعت اُسکے تصور سے خوف کھاوے وقوع مین آئی پہلے علاء الدین عماد الملک نے اسد خان بلکوانی کے حملہ سے شکست پائی اور بلا توقف کاویل کیطرف بھاگا اور برہان شاہ پر اثنائے جنگ مین کثرت تردد اور گرمی ازدحام فوج سے تشنگی غالب آئی بیہوش ہوا اور خورشید نام غلام ترک جو اُسکا آبدار تھا اُسنے گلاب چھڑکا جب ہوش مین آیا غلامان ترک حبشی نے شاہ طاہر کی صلاح سے ہتھیار اُسکے بدن سے جُدا کئے اور پالکی مین اُسے ڈالکر احمد نگر کی طرف روانہ ہوئے اور سنہ ۹۳۳ نو سو تینتیس ہجری مین عماد شاہ نے اسمعیل عادل شاہ کی تحریک سے ہمراہی سلطان قلی قطب شاہ کے قلعہ پاتری کو نظام شاہیہ کے تصرف سے برآوردہ کیا اور برہان شاہ نے مخدوم خواجہ دکنی اور امیر بریدکی رفاقت سے مع لشکر آراستہ و پیراستہ پاتری کی سمت نہضت فرمائی اور دو مہینے کے عرصہ مین توپ اور ضرب زن صاعقہ آثار کی ضرب سے قلعہ کی بنیاد مین خلل ڈالکر مفتوح کیا اور قلعہ کو بیخ و بنیاد سے کھودکر پرگنہ پاتری پر دوبارہ متصرف ہوا محمد قاسم فرشتہ کہتا ہے کہ مین نے براہمہ معتبر دولتخانۂ نظام شاہ سے سنا ہے کہ سلطنت نظام شاہ بحری سے چند سال ادھر اجداد نظام شاہیہ براہمہ پرگنہ پاتری سے تھے اور کسی تقریب کے سبب تغیر مکان یعنی جلا وطن ہوکر ولایت بیجانگر کیطرف گئے تھے اور اس حدود مین جیسا کہ مذکور ہوا بسر لیجاتے تھے جب ملک حسن نظام الملک کے اقبال نے یاری کی اور اہل دول ہوا ملک احمد نے چتر سلطنت اپنے سر پر بلند کیا خویشاوند کے بہانہ بیجانگر سے احمد نگر مین آئے اور یہ باتین ہمیشہ سلطان کے سمع مبارک مین پہونچاتے تھے کہ فلان قریہ قلعہ پاتری سے قدیم الایام مین ہمارے باپ دادا سے تعلق رکھتا تھا بعد چندے ملک احمد نے عماد الملک کے پاس یہ پیغام کیا کہ جو ہمین پرگنہ پاتری کے ساتھ ایسی نسبت ہے مقتضائے یاری اور اخلاص یہ ہے کہ وہ پرگنہ ہماری طرف رجوع کرے دوسرا پرگنہ کہ محصول اُس کا اُس سے کہین زیادہ ہو بالعوض اُسکے ہمارے ممالک محروسہ سے لیوین عماد الملک نے یہ امر قبول نہ کیا اور یہ مبحث درمیان مین تھی کہ تقریبات چند برہان شاہ اُس پرگنہ کو اپنے قبضہ مین درلایا اور وہ موضع مورث اپنے بھانمنہ اور اپنے قرابتیون کو جو ئیس کفرہ فجرہ تھے بطریق انعام عنایت فرمایا اور عہد غلبہ لشکر جلال الدین محمد اکبر بادشاہ تک بطناً بعد بطن وہ قریہ اُنکے تعلق مین رہا پھر دہان سے لاہور کیطرف راہی ہوا وہ قلعہ بھی جو ابن خداوند خان حبشی کے تصرف مین تھا مسخر کرکے ایلچپور کی تسخیر کا عازم ہوا عماد الملک تاب برابری کی نہ لایا بدستور سابق برہانپور کی طرف روانہ ہوا اور سلطان محمد شاہ فاروقی مقام اعانت اور کمک مین ہوکر باتفاق متوجہ جنگ نظام شاہ اور امیر برید ہوئے اور فریقین مین بعد قرب وصول جنگ شدید واقع ہوئی عماد الملک اور محمد شاہ بحال ابتر و پریشان برہانپور کیطرف بھاگے نظام شاہ تین سو ہاتھی اور خیمہ اور خرگاہ بلکہ تمام کارخانجات سلطنت پر متصرف ہوا اور اکثر ممالک برار کو اپنے قبضۂ قدرت مین لایا عماد الملک اور محمد شاہ نے احوال اس طرح معاینہ کرکے آدمی معتبر مع تحف فراوان سلطان بہادر بادشاہ گجرات کے پاس بھیجکر اعانت طلب کی سلطان بہادر اُن کی امداد کو فتوحات غیبی تصور کرکے مع خزانہ اور لشکر بعدد سنہ ۹۳۵ نو سو پینتیس ہجری مین دربار اور سلطان پور کے راستہ سے دکن کی طرف متوجہ ہوا اور برہان نظام شاہ نے مضطرب ہوکر اول رسل و رسائل شاہ طاہر کے لکھے ہوئے مشتمل تہنیت جلوس اور اظہار اخلاص اور اعتقاد دہلی مین

بابر شاہ کے پاس ارسال کئے اور اس مین یہ فقرہ درج کیا کہ لطائف عواطف الٰہی سے امید واثق ہی کہ عنقریب مخبران اقبال مژدہ توجہ جنود و لشکر ظفر قرین سعادت قران واسطے خراج اعادی اس حدود کے کمبختون کے مسامع مین پہونچادین اور مبشران مسرت رسان بشارت قتل جبار الحق و زہق الباطل اس دیار کے اطراف واکناف مین منتشر کرین تاکہ منتظران امیدوار اور معتقدان خدمتگار باقبال تمام استقبال کرکے فائز المرام ہووین اور اسی طور سے چند مکتوب متضمن طلب اعانت اسمعیل عادل شاہ اور سلطان قلی قطب شاہ کے پاس روانہ کئے سلطان قلی جو جنگ کفار مین مشغول تھا یہ بہانہ کرکے متعذر ہوا اور اسمعیل عادل شاہ نے چھ ہزار سوار عرب اور غریب زادہ اپنے لشکر سے انتخاب کرکے امیر برید کے ہمراہ جو آپ کو منجملہ امرائے عادل شاہی سے جانتا تھا برہان شاہ کی مدد کیواسطے مع خزانہ موفورہ اور ساز و یراق سفر روانہ فرمایا اور سلطان بہادر استخلاص قلعہ ماہور اور پاتری کے واسطے ولایت برار کے درمیان آنکر اس ملک کے لینے کی طمع کرکے چند روز سے مقیم تھا عماد الملک اپنی زوال مملکت کے اندیشہ سے عرض پیرا ہوا کہ یہ ولایت بندگان صمیمی سے تعلق رکھتی ہی اگر قدم آگے بڑھاکر برہان شاہ کو مستاصل کرکے قدرے اس ولایت سے بندہ کو عنایت فرماوین تو اپنے زن و فرزند قلعہ کاویل سے وہان بھیجکر یہ تمام ولایت حضور کے سپرد کرکے ہمیشہ ملازم رکاب رہونگا سلطان بہادر نے اسکی عرض قبول کی اور نظام شاہ کے اُردو کیطرف جو کوہستان بیرین اقامت رکھتا تھا متوجہ ہوا اور امیر برید چھ ہزار سوار عادل شاہیہ اور تین ہزار سوار اپنے خیل خاصہ سے لیکر مقابلہ کیواسطے عازم ہوا اور ماہین قصبہ ٹپین اور بیر اثنائے کوچ مین افواج گجراتیون پر تاخت کی اور تخمیناً دو تین ہزار سوار تہ تیغ بیدریغ کرکے مال واسباب و ساز و سلب بسیار مع ستر اونٹ محمول خزانہ گجرات قبضہ مین لایا سلطان بہادر اس احوال کے مشاہدہ سے نہایت برہم ہوا اور جس مقام مین کہ یہ خبر اُسے پہونچی تھی وہین مقام کیا اور خداوند خان وزیر کو مع بیس ہزار سوار جرار تدارک انتقام کے واسطے نامزد کیا اور امیر برید نے محاربہ اُس لشکر عظیم کا سانحہ اپنے قرار دیا اور اُن کے مقابل آیا اور قبل اسکے کہ بہادران طرفین کارزار مین مصروف ہون دونون لشکر ایک دوسرے کیطرف متوجہ ہوکر ایک مین ملگئے گلاب دکن نے گلاب گجرات کو شکست دی قصہ یون ہوا کہ امیر برید اور امرائے عادل شاہ نے دل ظفر پر باندھا اور مقصد کے امیدوار ہوئے اور بعد آراستگی صفوف حرب امیر برید نے پشت معرکہ پر دیکر کمین گاہ مین گیا جب لشکر گجرات نے تاخت و تاراج شروع کی امیر برید یکبارگی کمین گاہ سے برآمد ہوا اور بہ ضربہائے شمشیر خونخوار ایک دم مین انکے لشکر کو زیر و زبر کیا من بعد سلطان بہادر نے بیس ہزار سوار دیگر عماد الملک اور خداوند خان کے ہمراہ رکاب بھیجے برہان شاہ اور امیر برید اور خواجہ جہان نے اُس لشکر کے مقابلہ کی تاب اپنے مین نہ دیکھی بجناح استعجال پرندہ کی طرف روانہ ہوئے اور وہان بھی گجراتیون کے تعاقب سے اقامت میسر نہوئی جنیر کی سمت مفر و رہوے اور اسوقت برہان شاہ کی والدہ جو بیٹی ایک اکابر استرآباد سے تھی قضاے الٰہی سے فوت ہوئی اس بلدہ مین اُسے بیوند زمین کیا اور سلطان بہادر نے احمد نگر مین داخل ہوکر باغ نظام شاہ مین نزول فرمایا اور امرا اور منصب دار احمد نگر کے مکانون مین وارد ہوئے سلطان بہادر نے حکم کیا کہ تیس اور چونہ جو باغ نظام شاہ مین بعضی عمارت کی تعمیر کے واسطے موجود اور مہیا ہی اُسے باغ کے باہر لیجاکر ایک چبوترہ وسیع اور رفیع جنگ فیل کے تماشے کیواسطے تیار کرین اور سلطان چالیس روز از صبح تا شام اجلاس کرکے سلام خلائق کا لیتا تھا اور ہاتھی اور بہرن اور اونٹ اور بھی دیگر حیوانات کی لڑائی کا تماشا کرتا تھا اور چاہتا تھا کہ چند روز یہان اقامت کرون

لیکن امرائے نظام شاہ جریدہ ہوکر نہین چاہتے تھے کہ کسی طرف سے غلہ اور ماکیتاج بفراغت گجراتیون کے اردو مین پہونچے چنانچہ اس درمیان مین دکنیون کی مزاحمت کے سبب نہ پہونچے آذوقہ سے ایک تحمط ظاہر ہوا اور بہت آدمی اور ہاتھی اور گھوڑے ہلاک ہوئے خداوند خان اور امرائے کبار گجرات نے بادشاہ سے عرض کی کہ اگر شاہنشاہ کو داعیہ تسخیر اس ولایت کا مرکوز خاطر ہی صلاح دولت یہ ہی کہ اول قلعہ دولت آباد کو کہ برسر راہ گجرات ہی مفتوح اور مسخر کرین اسکے بعد احمد نگر کیطرف مراجعت کرکے دیگر قلعجات اور بقاع کی تسخیر مین کوشش فرماوین سلطان بہادر نے انکی عرض قبول کی لیکن کوچ کرنے مین تاخیر رکھتا تھا اس درمیان مین ایک خواب مہیب دیکھا کہ باغ نظام شاہ مین ایک جماعت دیوون کی نہایت مہیب و بدشکل کہ بعضے اپنے ہاتھون مین انگیٹھیان آگ کی اور بعضے پہاڑ اور سنگ کلان اٹھا کر اسکے پلنگ کی طرف متوجہ ہوکر چاہتے ہین کہ اسپر ڈال دین وہ گھبرا کر خواب سے بیدار ہوا اور ایک جماعت عقلا سے جو اسکے مقرب تھی یہ واقعہ بیان کیا انھون نے یہ جواب دیا کہ اس مقام مین نظام شاہ کے عہد مین ایک جنگ عظیم واقع ہوئی ہی اور کفار اور ایک جماعت کثیر مسلمانون کی عین مستی مین مقتول ہوئی ہی اور انکی ارواح کو جو عروج عالم علوی میسر نہین ہے اس جہان سفلی مین خاص اس مقام مین متوطن رہتے ہین اور بصورت شیاطین متشکل ہوتے ہین احتمال رکھتا ہی کہ یہ خواب اسی کے آثار سے ہو سلطان نے اسی شب کو اس مکان سے نقل کرکے کالا چبوترہ کے قریب خیمہ اور خرگاہ مین استراحت فرمائی اور بعد دو تین روز کے دولت آباد کی طرف متوجہ ہوا بعد از وصول عماد الملک برار نے امرائے گجرات کو قلعہ کے محاصرہ کے واسطے مامور کیا اور خود بدولت واقبال محمد شاہ فاروقی کے ساتھ بالاگھاٹ دولت آباد مین نزول کیا برہان شاہ نے ایلچی اسمٰعیل عادل شاہ کے پاس بھیجکر پیغام کیا کہ وہ برادر امداد کے بارہ مین جو کچھ شرط مروت اور یاری تھی بجالائے ہین لیکن جب تک بہ نفس نفیس اس طرف متوجہ نہون گے اس ورطہ سے رہائی میسر نہوگی عادل شاہ نے جواب دیا کہ کفار بیجانگر رائچور کے اطراف مین بیٹھکر کمین گاہ مین جویائے فرصت ہین جس وقت مین بیجاپور سے حرکت کرونگا وہ لئیم آب کشنہ سے عبور کرکے اس مملکت کو تاخت و تاراج کرین گے اب مین نے پانسو بہادر مسلح دو اسپہ حیدر ملک قزوینی کے ہمراہ کمک سابق کے علاوہ روانہ کیے ہین امید ہی کہ آپ فتح و فیروزی سے مسرور اور محظوظ ہونگے برہان شاہ عادل شاہ کے آنے سے مایوس ہوکر اپنے کام مین حیران ہوا اور دوسرا سبب حیرانی کا یہ تھا کہ رعیت اور سپاہ شیخ جعفر کی پیشوائی سے آزردہ اور دلگیر تھی لہذا اسے منصب سے معزول کیا اور سمی کانو نرسی برہمن کو جو عقل و فراست اور امانت اور دیانت مین اتصاف تمام رکھتا تھا خلعت پیشوائی سے مفتخر اور مباہی کیا اور اسکے بہ مشورہ جنیر سے احمد نگر کیطرف آیا اور اپنے بقدر قدرت و امکان لشکر فراہم کرکے سبیل استعجال باتفاق لشکر دکن نہایت خرم و ہوشیاری سے دولت آباد کی طرف متوجہ ہوا اور سلطان بہادر کے لشکر کے اطراف مین پہونچکر چار کوس لشکر گجرات کے فاصلہ پر کوہستان کے درمیان فروکش ہوا اور رات و دن لوازم ہوشیاری مین تقصیر نہ کی اور قریب مین ماہ لشکر سلطان بہادر کے مقابل مین مقیم رہا اور دکنی گجراتیون کے حوالی مین تاخت کرتے تھے آخر دانت جگر مین گڑو کر فوج کے ادنی اور اعلی کارزار پر مستعد ہوے اور اعلام جسارت بلند کئے سلطان بہادر نے اس معاملہ سے اطلاع پائی اور امیر بریدہ شجاعت اور جوانمردی مین مشہور و معروف تھا اپنی باری کے دن مسلح اور مکمل ہوکر بطریق ایام سابق بہ بہانہ مانع آنے رسد غلہ وغیرہ سلطان کے لشکر گاہ کیطرف متوجہ ہوا اور لشکر عادل شاہی کی مدد سے قوی پشت ہوکر بے اجازت نظام شاہ کے فوج آراستہ کرکے مرتکب جنگ صف اعدا ہوا اور جب یہ خبر دکنیون کے اردو مین منتشر ہوئی برہان شاہ

کہ شجاعت اور بیباکی امیر بریدکی بخوبی تمام جانتا تھا فوراً استعدہ قتال ہوکر امیر بریدکے بعد روانہ ہوا جسوقت آتش جنگ شعلہ زن تھی اور امیر بریدا ور بہادران عادل شاہی حرب مین مشغول تھے کہ نظام شاہ نے پہونچکر حملہ کرکے گجراتیونکو منہزم کیا سلطان بہادر نے جب نظام شاہ کے پہونچنے سے خبر پائی خداوندخان اور عضدالملک اور صفدرخان اور اکثر امرائے کامان کو اُن کے مدافعہ کیواسطے بھیجا اور وہ جماعت جب اپنی فوج کے ہمراہ متوجہ قتال ہوئی اور عالم خان سیواتی جو عمدہ سرداران احمدنگر سے تھا حملہ اول مین مارا گیا برہان شاہ اور امیر بریدنے صلاح توقف مین نہ دیکھی باگ معرکہ سے پھیری اور بھاگ کر کوہستان مین پناہ لی اور جب سمجھے کہ لشکریان گجرات مردمیدان ہین ہم ان کے مقابل نہین ٹھہر سکتے تو کانونرسی کے کہنے سے آدمی میران محمد شاہ اور عمادالملک کے پاس بھیجکر طالب صلح ہوئے اور وعدہ واپس دینے فیلان اور قلاع کے اپنے ساتھ ملالیا میران محمد شاہ اور عمادالملک دونون مل کر خداوندخان گجراتی کے پاس گئے جو وزیر سلیم النفس اور نیک اندیش خلائق تھا اور کہنے لگے کہ ہمارا مقصد یہ تھا کہ سلطانکی سرحدین پہونچکر پاتری اور باہور نظام شاہ کے قبضہ سے برآورد کرین اور خطبہ برار اور احمدنگر کا سلطان کے نام پڑھکر ہر سال تحف وہدایا اُسکے واسطے ارسال رکھین لانکہ سلطان مطیع اس ملک کی کرکے چاہتا ہی کہ ہمارے ہاتھ سے انتزاع کرے خداوندخان نے کہا یہ وہ کام ہی کہ تمنے آپ کیا ہی جسوقت تمام حکام وکن کیمہت اور یک زبان ہوکر اپنے درمیان سے منازعت دور کرینگے مقرون بصواب ہوگا میران محمد شاہ اور عمادالملک نے مطلب سمجھکر مجلس برخاست کی پہلے عمادالملک نے اپنے مورچہ سے غلہ اور آذوقہ بہت قلعہ دولت آباد مین منجھن خان کے پاس بھیجا جب خسرو انجم یعنے آفتاب برج سرطان کی طرف روانہ ہوا موسم وہ ہوا کہ خیمہ اور سائبان سنجابی سحاب کے بلند ہودین اور بارش کے سبب سے راہ آمد وشد دشوار ہووے عمادالملک خیمہ اور خرگاہ اپنے مقام پر چھوڑکر آدھی رات کو ایلچپور کیطرف چلاگیا سلطان بہادر نے محمد شاہ فاروقی اور ارکان دولت کو بلاکر مراجعت اور توقف کے بارہ مین مشورہ فرمایا سبھون نے التماس کی کہ اُسکے بعد برسات کی طغیانی کے سبب ندی بتتی اور دیگر دریاؤن کے پرآب ہونے سے غلہ اور آذوقہ ممالک گجرات اور خاندیس سے نہ پہونچیگا اور احتمال کلی رکھتا ہی کہ سلاطین دکن بھی بالضرورت باتفاق متوجہ ہودین اور جھگڑا طول ہووے صلاح دولت اسمین ہی کہ یہ ملک نظام شاہ اور عمادشاہ پر مقرر رکھکر اُنکو ساتھ اطاعت اور فرمان برداری کے اختصاص بخشین پھر برہان شاہ اور عمادشاہ نے تجویز میران محمد شاہ خطبہ بنام سلطان بہادر پڑھکر حاجیون کو مع تحف وتحائف بھیجا اور آتش منازعت ساکن ہوئی اور سلطان بہادر گجرات کی طرف کوچ کرگیا اور برہان شاہ احمدنگر مین آیا اور میران محمد شاہ نے پیغام کیا کہ وعدہ کو وفا کرو اور قلعہ پاتری اور ماہور مع فیلان عمادالملک کو واپس دو برہان شاہ نے تیس ہاتھی جو جنگ رانوری مین میران محمد شاہ سے لیے تھے مع تحف وہدایائے نفیسہ اُسکے واسطے بھیجے اور عمادالملک کو نیست وہست کا کچھ جواب نہ دیا میران محمد شاہ نے جب اپنا مقصد حاصل نہ دیکھا دوبارہ عمادالملک کی طرف سے اُسنے تحریک کی اور برہان شاہ کے ساتھ ابواب خصوصیت واتحاد اول سے زیادہ تر مفتوح کیے برہان شاہ نے دوسرے برس شاہ طاہر کو مع اشیاء نفیسہ اور چند فیل نامی اور گھوڑے تازی برسم رسالت سلطان بہادر کے پاس گجرات بھیجے لیکن اُسنے شاہ طاہر سے ملاقات نہ کی اور معرض توقف مین ڈالا اور میران محمد شاہ کو لکھا کہ مین نے یون سنا ہی کہ برہان الملک نے ایک مرتبہ سے زیادہ میرا نام خطبہ مین مذکور نہین کیا ہی میران محمد شاہ مقام صلاح مین ہوا اور درجواب لکھا کہ برہان الملک مخلص اور یک جہت تھا راہی اگر اُس سے کوئی امر خلاف عہد واقع ہوا ہو معاف رکھین اور اُس کے ایلچی کو حسب الالتماس بندہ

شرف ملازمت سے مشرف فرماوین سلطان بہادر نے سراسری ملاقات شاہ طاہر سے کی اور اُسکی تعظیم و تکریم مین توجہ نفرمائی پھر خداوندخان نے اُس جناب کی دانشمندی اور سجادہ نشینی سے آگاہ ہوکر تدارک مافات کے واسطے ایک مجلس عظیم آراستہ کی اور اپنے ایک مقرب کو شاہ طاہر کی طلب کو بھیجا جسوقت کہ حاضر ہوا تمام علما اور اکابر سے بالاتر جگہ دیکر کہا کہ اگر ہم سے آپ کے ملازمون کی نسبت کسی طرح کی تقصیر واقع ہوئی ہو مواخذہ نفرماوین کسواسطے کہ مجلس اول مین آپ کے مرتبہ کے لائق ہم نے سلوک نہ کیا لیکن اس مجلس مین آپ کی فراخورشان کے موافق لوازم اعزاز و اکرام بجالائین گے منقول ہی کہ جمیع علمائے گجرات اور خاندیس کہ اُس مجمع مین حاضر تھے ہرایک اپنے کو اعلم علمائے شیعہ سے جانتا تھا تقدم یعنی بالانشینی شاہ طاہر سے رشک لیگئے اور دیگ حسد کو جوش مین لائے اور کلمات ناشایستہ زبان پر جاری کرکے پیچ و تاب کھانے لگے سلطان بہادر نے خداوندخان کو حکم فرمایا کہ اہل فضل کو اپنی محفل مین جمع کرکے شاہ طاہر سے صحبت علم رکھے جب مجلس منعقد ہوئی اور تمام علما شاہ صاحب کے حالات سے واقف ہوئے اُنکی مولویت اور فضیلت کے بے اختیار مقر اور معترف ہوئے اور اپنی بے اعتدالی سے نادم اور پشیمان ہوئے اور یہ امر جب سلطان بہادر کے سمع مبارک مین پہنچا تو اُس جناب کے احترام و اعزاز مین حد سے زیادہ تر کوشش کی اور بعد تین مہینے کے رخصت انصراف ارزانی فرمائی اور سنہ ۹۳۷ نو سو سینتیس ہجری مین جب سلطان بہادر سلاطین خلجیہ پر مسلط ہوا اور ولایت مندو اپنے تصرف مین درلایا برہان شاہ زیادہ تر سلطان بہادر کی شوکت سے متوہم ہوا اور شاہ طاہر کو پھر ہمراہ نرسیو برہمن کے فتح کی سبار کباد کے واسطے روانہ کیا قضارا جس وقت کہ برہان پور مین پہونچا سلطان بہادر بھی اُس بلدہ مین آیا میران محمد شاہ نے شاہ طاہر کی ملاقات سے سلطان کو بخوبی تمام محظوظ کرکے اخلاص نظام شاہ کا بدلائل و براہین خاطرنشان کیا اور کہا صلاح دولت اُس مین دیکھتا ہون کہ شاہ کی تقویت کرکے اپنا مخلص کرین سلطان بہادر جو بادشاہ صاحب داعیہ تھا اور فکرہاے دوراز کار کو اپنے دل مین راہ دیتا تھا یعنی چاہتا تھا کہ بادشاہ دہلی کے ساتھ ہمسری کرے باتین محمد شاہ کی اپنے فضاے دل مین جلوہ گزین کرکے وہ امر قبول کیا محمد شاہ نے شاہ طاہر کو الطاف و عنایات سے قوی پشت اور راضی کرکے بتعجیل تمام احمد نگر کیطرف بھیجا کہ برہان شاہ کو جلدی برہان پور مین لاکر سلطان سے ملاقات کرائے شاہ طاہر بہ سرعت تمام احمد نگر مین پہونچے اور برہان شاہ کو تکلیف برہان پور کی روانگی کی دی برہان شاہ نے اول جانے سے انکار کیا آخر کار کنانوسی کے کہنے سے یہ امر قبول کیا اور اپنے بڑے بیٹے شاہزادہ حسین کو ولیعہد کیا اور جمیع امور ممالک محروسہ کا نوسی سے رجوع کیے اور ایک جماعت قلیل کہ عدد اُسکے سوار و پیادہ سات ہزار بھی نہ تھے ہمراہ لے کر شاہ طاہر کے باتفاق برہان پور کی طرف متوجہ ہوا خواجہ ابراہیم وبیرتونی اور ساباجی شب نویس کو بطریق ایلچی گری بواسطہ قرار کیفیت ملاقات اور تعین پیشکش اور امور دیگر اپنی روانگی سے پیشتر برہان پور کی طرف محمد شاہ کے پاس روانہ کیا اور جب کنارہ آب تپتی موضع جانکدیوے مین جو برہان پور کے قریب ہی پہونچا محمد شاہ نے استقبال کرکے آنحضرت سے ملاقات حاصل کی اور بتقریبات چند در چند یون مقرر ہوا کہ سلطان تخت پر اجلاس کرے اور برہان شاہ تسلیم بجالاکر خدمت مین استادہ رہے برہان شاہ نے شاہ طاہر کو خلوت مین بلاکر فرمایا یہ ہرگز نہوگا کہ فلان تخت پر بیٹھے اور مین سلام کرکے استادہ رہون بہتر یہ ہی کہ ہم فسخ ارادہ کرکے اپنا کام کارساز حقیقی کے سپرد کرین شاہ طاہر نے کہا شرط دینداری کی یہ ہی کہ ایک روز اپنی صلاح دولت کے واسطے نہایت فروتنی گوارا فرماوین

اور سالہا سال شدت کامرانی پر بفراغت وشوکت تمکن ہوگزرندگانی بسر کرین برہان شاہ نے کہ بادشاہ عاقل ودانا تھا ستیزہ سے پہلوتہی کرکے شاہ طاہر کی التماس قبول کی لیکن سہیوقت شاہ طاہر نے یہ تدبیر دلپذیر سوچ کر عرض کی کہ بندہ کے پاس ایک مصحف بخط امیرالمومنین علی ابن ابیطالب علیہ السلام ہی اور سلطان بہادر یہ خبر سنکر اُسکا خواہان اور شائق ہی میرے دل مین یہ آتا ہی کہ یہ متبرکہ خداوندخان کے درمیان رکھکر روز ملاقات فرقان حمید کو ہمراہ لے جاؤن تو سلطان بے اختیار ہوکر تخت سے اُتر آوے اور استقبال کے واسطے روانہ ہووے برہان شاہ یہ تقریر سنکر نہایت خوش دل ہوا دوسرے دن جب شہنشاہ شرقی یعنے آفتاب جہانتاب نے تخت نہ پایہ فلک پر قدم رکھا باتفاق میران محمد شاہ اور شاہ طاہر اُس مقام کی طرف کہ ملاقات کے واسطے ترتیب دیا تھا متوجہ ہوا اور جب یہ سب مکین بادشاہی کے قریب پہونچے شاہ طاہر نے مصحف اقدس سر پر رکھا اور باتفاق برہان شاہ سراپردہ مین داخل ہوا جونہی سلطان کی دور سے نظراُن پر پڑی خداوندخان سے استفسار فرمایا کہ شاہ کے سر پر کیا ہی خداوندخان نے کہا قرآن شریف بخط امیرالمومنین علی علیہ السلام ہی سلطان بہادر بے اختیار تخت سے اُترا اور استقبال کو روانہ ہوا اول مصحف مجید کو لیکر تین مرتبہ بوسہ دیکر آنکھون سے ملا اور اُسی طرح ایستادہ ہوکر برہان شاہ کا سلام لیا اور گجراتی زبان مین فرمایا چونی وجہ حال داری اُس نے فارسی مین متکلم ہوکر جواب دیا کہ از نیازمندان جنابم واز دردولت بادشاہ خوشوقت وخوش عالم پھر سلطان تخت پر متمکن ہوا برہان شاہ اور شاہ طاہر اور محمد شاہ مقابل مین ایستادہ ہوئے اور سلطان بہادر کو شاہ طاہر کے ایستادہ ہونے سے نہایت اضطراب بہم پہونچا تکلیف جلوس فرمائی شاہ طاہر نے عذر کیا جب تین مرتبہ بیٹھنے کی تکلیف دی شاہ طاہر عرض پیرا ہوئے کہ حکم جہان مطاع سرآنکھون پر ہی لیکن بندہ نظام الملک کے ساتھ نسبت نفری اور صاحبی کی درمیان مین رکھتا ہی شرط ادب نہین ہی کہ وہ ایستادہ رہے اور بندہ بیٹھے سلطان نے لاچار ہوکر فرمایا وہ بھی بیٹھے شاہ طاہر نے برہان شاہ کا ہاتھ پکڑکر بٹھایا اور خود زیر دست اُس کے ازروے ادب بفاصلہ نیچے بیٹھا سلطان نے کلام شروع کرکے ہمزبانی بہت فرمائی اور فارسی مین متکلم ہوکر یون برہان شاہ سے کہا درین مدت تلخی انقلاب ایام چون گذرانیدی وناسازی روزگار چون بانتہا رسانیدی برہان شاہ نے مراسم تعظیم بجا لیکر پہونچا کر یہ جملہ عرض کیا ادبارے کہ اختتام آن باقبال بازگردد وفراقے کہ آخر بوصال انجامد حلاوت اختتامش مراد ست وابتدا فراموش گردد بحمداللہ تعالے وتقدس کہ انچہ بسالہاے دراز گذشتہ بود این حلاوت یک لحظہ تلافی آن ہمہ کرد جب سلطان بہادر نے یہ جواب برہان شاہ کا سنا زبان تحسین وآفرین مین کھولی اور میران محمد شاہ سے کہا تو نے سنا کہ برہان الملک نے کیا جواب باصواب دیا اُس نے عرض کی جو کہ بندہ دور تھا خوب نہین سنا چنانچہ سلطان بہادر نے سوال وجواب ایک بار باواز بلند اس طور سے کہ تمام حضار دربار سنین بیان کیے شاہ طاہر نے ایستادہ ہوکر عرض کی کہ یہ امر اثر التفات سلطان سے حاصل ہی اور امید قوی ہی کہ روز بروز آثار عنایت وشفقت زیادہ تر مشاہدہ اور معاینہ ہووین سلطان بہادر نے ٹپکا اور خنجر اور شمشیر مرصع جو زیب کمر تھا کھول کر اپنے دست مبارک سے برہان الملک کی کمر مین باندھا اور جو کہ اُسنے اُس زمانہ تک لفظ شاہ اپنے اوپر اطلاق نہ کی تھی فرمایا خطاب نظام شاہی مبارک ہووے اور اُسکے بعد اپنے اسپ خاصہ پر سوار کرکے کہا مین نے سنا ہی کہ شاہ گھوڑے کی سواری خوب جانتا ہی اس گھوڑے عربی خاصہ تندرفتار تیزگام پر سوار ہوکر سراپردہ کے

گرد پھیرے برہان شاہ سوار ہوا اور اُس گھوڑے کو بروش دکن گرم خیز باد تند سے تیز کیا اور کاوہ اٹیرون اور پوئی اور یو قدمہ پر لگایا سلطان بہادر نے اس شہسوار کی تعریف مین زبان کھولی اور یہ فرمایا کہ یہ سواری بے چتر خوشنما نہین ہوا اشارہ کیا کہ آفتاب گیر یعنی چتر اور سورج مکھی سفید کہ بادشاہ سند دسے لی تھی اُس کے فرق پر مرتفع کی اور محمد شاہ اور خداوند خان کو حکم کیا کہ برہان شاہ کے سر پر چتر اور سورج مکھی عین سواری مین لگا کر سراپردہ سے باہر لیجاوین اور اُس کے دائرہ مین جاکر سراپردہ سلطان محمود خلجی اُسکے واسطے ایستادہ کرکے مبارکباد کہین اور دوسرے دن سلطان بہادر نے چار کرسی طلائی تخت کے سمت بچھا کر لوازمہ جشن عالی ترتیب فرمایا اور نظام شاہ اور شاہ طاہر اور میران محمد شاہ اور شیخ عارف ولد شیخ اولیا کو طلب کرکے اُن کرسیون پر بٹھایا اور تکلفات رسمی اور تواضعات عرفی مین کوئی دقیقہ فروگذاشت نہ کیا پانچ راس گھوڑے اور دو زنجیر فیل مست اور بارہ ہرن جنگی نظام شاہ کو دئے اور دو گھوڑے اور ایک زنجیر فیل کلان شاہ طاہر کو عنایت فرمایا اور عالم خان میواتی کے بیٹے کو کہ وہ بھی عالم خان خطاب پاکر منصب وجاگیر سے سرفراز اور ممتاز ہوا تھا اُسے بھی خلعت کمربند و خنجر و شمشیر مرصع مرحمت فرمایا اور جو سنا تھا کہ برہان شاہ چوگان خوب کھیلتا ہے قریب دو گھڑی نظام شاہ کے ساتھ سراپردہ کے اندر کہ وسیع تر و دائرہ بسیط سے تھا چوگان بازی کی پھر اسیطرح سے دونون بادشاہ سوار سراپردہ سے برآمد ہوئے اور خواجہ ابراہیم اور سایاجی کہ پیشکش اور نذرین لیے ہوئے ایستادہ تھے ملاحظہ مین درلائے سلطان بہادر نے اگرچہ سب کو بہترین اجابت فرمایا لیکن ان سب پیشکشون مین سے ایک ہیکل مصحف اور ایک شمشیر کہ اُس پر نام ایک خلفائے عباسی منقوش تھا اور چار ہاتھی مست اور دو گھوڑے عربی لیکر فرمایا کہ مین نے باقی تمام چیزین مع ممالک دکن نظام شاہ کو مرحمت فرمائین اور اسی وقت رخصت عطا کرکے احمد نگر کو واپس جانے کی اجازت دی **بیت** از انجا شادمان مرکب روان کرد وہ غبارش باد را عنبر فشان کرد وہ برہان شاہ نے مراجعت کرکے جب بالاگھاٹ دولت آباد مین نزول کیا شیخ برہان الدین اور شیخ زین الدین کی زیارت کی اور خطیرہ کے مجاورون کو نذر و صدقات فراوان سے مسرور القلب اور خوش وقت کیا جو کہ ہنگام شگفتگی گل چنپہ تھا حوض قتلو کے کنارے استقامت فرمائی اور چند روز اس حدود مین نزہات دلکش کی سیر کی اور عیش و عشرت مین مشغول ہوا اور بموجب تحریر فرمان شاہزادہ حسین اور کانونرسی اور بھی امرا اور اعیان احمد نگر مع الیچیان عادل شاہ اور قطب شاہ اس کی ملازمت مین حاضر ہوئے اور سب نے مبارکباد دی اور اس سبب سے کہ درمیان برہان شاہ اور شاہ گجرات کے غبار منازعت بالکل زائل ہوکر ایسا کام معظم وقوع مین آیا در پئے تنبیہ رایان اطراف ہوا اور کانونرسی کے حسن تدبیر سے پانچ مہینے کی کی مدت مین راجہاے مرہٹہ جو عہد نظام شاہ سے اُس وقت تک زیر ہوئے تھے مطیع اور فرمان بردار ہوئے اور تیس قلعہ بے جنگ لئے اور شاہ طاہر کو محرم اسرار بادشاہی کرکے جاگیرین لائق اور زر نقد عطا فرمائین اور خواجہ ابراہیم کو بخطاب لطیف خان اور سایاجی کو پرتاب رائے خطاب دیکر مقربان درگاہ سے کیا اور باغ نظام کی عمارت جو گجراتیون نے خراب کی تھی اور اُسوقت تک مرمت نہوئی تھی بخاطر جمع اصلاح و مرمت فرمائی اور جب اسمٰعیل عادل شاہ نے ۹۳۸ھ نو سو اڑتیس ہجری مین بقصد تسخیر قلعہ کلیان اور قندھار بیجاپور سے نہضت فرمائی امیر برید نظام شاہ سے کمک اور اعانت کا طلبگار ہوا اور نظام شاہ نے از روئے غرور عادل شاہ کو مکتوب لکھکر اُس قلعہ کی تسخیر کی مبالغت کی اور عادل شاہ نے اُسکے درجواب کلام درشت و ناملائم تحریر کرکے یہ شکایت کی کہ تم سے اس قسم کے سلوک کبھی مشاہدہ نہوئے تھے

سبب کیا ہو کہ آپ ویرانی احمد نگر اور واقعات سابق کو فراموش کر کے ایسے فقرات نامناسب مرقوم کرتے ہین اگر آپ بسبب چتر اور سراپردہاے کہنہ شاہان مندو کے مغرور ہوتے ہین گنجائش نہین رکھتا ہو اور جو خطاب شاہی پر نازان ہو کر فخر کرتے ہین اس معنی نے بطرف بوجہ اکمل واتم صورت ظہور پائی ہو کہ واسطے کہ ہمنے شہنشاہ ایران سے جو پیغمبر آخر الزمان کا فرزند ہو خطاب شاہی پایا ہو تم گجراتیون کے سرخیل کے سبب سے اس مرتبہ کو پہونچے ہو خیر اب اگر مثل ان امور کے خیال کرنے سے نادم اور پشیمان ہو جاؤ زہے سعادت اور جو نہین تو اب ہم اور ہمارے اعیان تلوارین برہنہ کر کے میدان مین کھڑے ہین باغ نظام شاہ سے برآمد ہوجیے اور زور بازوی تہمتنان عادل شاہی دیکھیے نظام شاہ اس نفرین سے نہایت شرمندہ ہوا اور فوراً سراپردہ باہر بھیجے اور دوسرے دن کوچ فرما کر موضع آمنہ پور مین جو آباد کیا ہوا شہزادہ حسین کی والدہ کا تھا چند روز اجتماع سپاہ کے واسطے مقام کیا اور اُسکے بعد جب کہ حالت منتظرہ نہ رہی مع توپخانہ اور سامان جنگ بسبیل استعجال عادل شاہ کی سرحد کی طرف متوجہ ہوا اور بعد از مقابلہ فریقین نائرۂ قتال شعلہ زن ہوئی اور جانبین سے مردان مرد اور دلیران معرکہ نبرد میدان مین حملہ آور ہوئے اور شمشیر بران اور سنان جانستان کی ضرب سے خاک معرکہ کو ایک دوسرے کے خون سے گل کیا اور آخر کو شکست لشکر احمد نگر پر پڑی اور اس روز ہولناک مین غریب زادہاے فرد سال بیجاپور نے داد مردی اور مردانگی دی اور احمد نگری فوج کو متفرق اور پریشان کیا اور شیخ جعفر مغزل برہان شاہ کو مع سپاہ اس معرکہ سے سلامت باہر لایا قریب دو تین ہزار احمد نگری مارے گئے اور توپخانہ اور گھوڑے اور ہاتھی بہت لشکر عادل شاہی کے ہاتھ آئے اور برہان شاہ کی عجب وتخوین بہت تخفیف ہوئی اور بعد چند روز ایک جماعت طرفین نے درمیان مین آکر دونون بادشاہ سے ۹۳۹ھ نوسو اونتالیس ہجری مین سرحد پر باہم ملاقات کرائی اور بعد گفت و شنود اور رد و بدل کے یون مقرر ہوا کہ نظام شاہ مملکت برار کو اور عادل شاہ ولایت تلنگانہ کو مسخر کر کے دکن کو آپس مین برابر تقسیم کرین قضارا انھین سنوات مین اسمٰعیل عادل شاہ فوت ہوا اور تمام مقدمات ملتوی ہوئے اور ۹۴۴ھ نوسو چوالیس ہجری مین برہان شاہ نے شاہ طاہر کی دلالت اور ارشاد سے محبت اہلبیت کی اختیار کی اور نام خلفاے ثلثہ خطبہ سے موقوف کیا عیاذا باللہ ومعاذ اللہ لیکن ایک بزرگ نے یہ بیت فرمائی ہو **بیت** ہر کہ در سایۂ آن سرو سہی قد باشد ہم جاش زیر علم سبز محمد باشد اور جو کہ نشان دوازدہ امام علیہم السلام کا سبز تھا اور قیامت کے روز بھی علم حضرت رسالتپناہ صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم کا سبز ہوگا برہان شاہ نے شاہ طاہر کی رہنمونی سے چتر اور نشان اپنے سبز کیے اور تمام رعایا کو وظیفہ دیکر حکم کیا کہ کوچہ و بازار اور مساجد اور معابد مین خلفاے راشدین اور اُن کے پیروان کے لعن وطعن مین مشغول رہین اور اُس روز سے کہ یوسف عادل شاہ اور اسمٰعیل عادل شاہ نے امرائے کبار حنفی مذہب کے خوف سے کہ راضی کش تھے انھین معدوم کیا نظام شاہ کامران ہوا اور بیان اس مقال کا مقتضی اس کا ہو کہ کچھ احوال شاہ طاہر کا بھی بشرح وبسط مرقوم کرون ناظرین پر یقین کو واضح ہو کہ شاہ طاہر اولاد سلاطین اسمٰعیلیہ مصر اور افریقیہ سے ہو جنکو علویہ بھی کہتے ہین اور تاریخ حبیب السیر مین مسطور ہو کہ اسمٰعیلیہ نے بلدۂ مغرب اور مصر مین بعزت تمام سلطنت کی اور مدت حکومت انکی مؤلف کے عقیدہ مین دو سو چھیاسٹھ برس ہو اور اول جس شخص نے اُس طائفہ سے ظہور پکڑا اور مالک زمام جہانبانی ہوا اسے ابوالقاسم محمد بن عبداللہ المہدی کہتے تھے اور یہ مہدی بقول اکثر و اشہر اسمٰعیل بن جعفر الصادق علیہ السلام کی نسل سے ہو حمداللہ مستوفی نے عیون التواریخ مین اُسکے باپ کی اسامی اس طرح سے نقل کی ہو

المهدی بن محمد بن الرضا بن عبد اللہ بن التقی بن قاسم بن احمد الرضی بن اسمعیل بن جعفر الصادقؑ اہل سنت اور جماعت مغربیان نے مہدی کو عبد اللہ بن سالم بصری کی ذریت سے شمار کیا ہی اور زمرۂ عراقیان نے اولاد عبد اللہ بن میمون قداح سے اعتقاد کیا ہی اور فرقۂ اسمعیلہ کہتے ہین کہ مہدی آخر الزمان عبارت محمد بن عبد اللہ سے ہی اور حضرت خاتم الانبیا سے روایت کرتے ہین حدیث علی راس ثلث مایۃ تطلع الشمس من مغربہا کہتے ہین لفظ شمس اس حدیث مین کنایہ محمد بن عبد اللہ سے ہی اور ایک اہل شیعہ کا یہ قول ہی کہ ولادت مہدی مغربی کے شہور سنہ ۲۶۰ دو سو ساٹھ ہجری مین ہوئی اور ولادت حضرت امام مہدی صاحب الزمان کی بقول اثنا عشریہ سرمن رائے مین تیسری رمضان سنہ ۲۵۸ دو سو اٹھاون ہجری مین ہوئی اور بر تقدیر صحت حدیث لفظ شمس عبارت محمد بن حسن عسکریؑ سے ہے سیادت علویہ مصر کی باتفاق نسبا یہ اور مورخین مشکوک ہی لیکن جو حضرت رسالت پناہ صلی اللہ علیہ والہ وسلم نے فرمایا ہی ہر قوم خامۂ تحقیق ہوگا عالم رویا مین برہان شاہ سے کہا کہ میرا فرزند شاہ طاہر جو کچھ کہے اس پر عمل کر ایسا خواب بمقتضاے حدیث صحیح من رانی فقد رانی باتفاق علما یہ خواب شیطانی حمل نہین ہو سکتا یقین ہی کہ سادات اسمعیلیہ صحیح النسب ہونگے اور نسبت یعنی نسب شاہ طاہر کا ساتھ عبد اللہ کے اس طرح مشہور ہی شاہ طاہر بن شاہ ضیاء الدین بن المولی مومن شاہ بن مومن شاہ بن محمد زرد وز الملقب شمس تبریزی شاہ رشاہ بن العالم بن مولی محمد بن مولی جلال الدین بن حسین جلال الدین بن کیا رمحمد بن موانا حسن العالم بن المولی علی ابن احمد مستنصر بن مولی تراربن مولے مستنصر احمد بن مولی محمد بن علی طاہر بن حاکم بن نزار بن المعز بن اسمعیل بن محمد القاسم بن عبد اللہ المہدی اور نسبت عبد اللہ المہدی کی ساتھ امام جعفر صادق علیہ السلام کے بروایت مشہوریون ہی عبد اللہ بن الرضا بن التقی قاسم بن المولی احمد بن الرضا المحمد بن اسمعیل بن جعفر الصادق واللہ اعلم بحقیقت الحال خواجۂ عباد الملک جوینی تاریخ جہان کشا مین لکھتا ہی کہ بعد از خلفاے راشدین درمیان اسلام کے ایک جماعت پیدا ہوئی جو باطن مین فلاسفہ کے معتقد تھی چنانچہ ہمیشگی عالم اور مواد جسمانی کا اعتقاد رکھتی تھی کبھی ظاہر شریعت کو ساتھ باطن کے بدل کر گریز اپنے واسطے پیدا کرتی تھی اور طوائف اہل سنت سے انکار کرتی تھی کہ انھون نے آل رسول کی امداد و نصرت نہ کی خاص اس وقت کہ یزید اور اُس کے اتباع نے ایسا ظلم صریح کیا اور یہ کلام جملہ معترضہ تھا امام جعفر صادق علیہ السلام کے زمانہ تک کہ پہلے اپنے بڑے بیٹے اسمعیل کو ولیعہد کیا اور جب اسمعیل نے بیخودی اختیار کی اُسے معزول کر کے امام موسی کاظم کو ولایت عہد دی اور روایت صحیح یہ ہی کہ اسمعیل اپنے باپ کے عہد مین فوت ہوا لیکن ایک جماعت کہ جو موسوم بہ کیسانی ہی وہ کہتے ہین کہ اسمعیل اپنے باپ کے بعد از وفات زندہ تھا اور جو اصل نص اول ہی لہذا اسمعیل امام ہی نہ موسی کاظم اور بعد از اسمعیل بیٹا اُسکا محمد امام ہی اور علویہ مغرب تمام اُس کی نسل سے ہین اور محمد اسمعیل بھی امام جعفر صادقؓ کے عہد مین رہے گیا اور محمد آباد رہی ساتھ اُس کے منسوب ہی اور جب اُس کی اولاد کثرت سے ہوئی خراسان اور قندھار اور سندھ کیطرف جاکر متوطن ہوئی اور اسمعیل والدہ کی طرف سے بھی حسینی تھا اور اسمعیلیون کے دو پیشوا تھے ایک میمون قداح اور دوسرا عبد اللہ بن میمون اور عبد اللہ کوفہ اور عراق اور عرب مین گیا اور ایک لڑکا اُسکے ہمراہ تھا کہا مین داعی امام ہون اور امام کا ظہور قریب ہی اور ایک شخص ابو القاسم نام کو یمن کی طرف دعوت کے واسطے بھیجا اور وہان پہونچکر دعوت مین مشغول ہوا اور اہل یمن نے دعوت اس کی قبول کی اور ایک

شخص کو کہ عبداللہ صوفی کہتے تھے بھیجا اور وہ شخص کہ میمون قداح کے فرزندون سے تھا اُس کے ہمراہ مغرب کی طرف گیا ابوعبداللہ صوفی نے استقبال کیا اور اُس نے خلقت مغرب سے کہا یہی امام ہون اور مصلحۃً کہتا تھا وقت ظہور امام کا نزدیک ہی اور آپ کو فرزندان امام اسمعیل سے شمار کرکے مہدی نام کیا اور لوگون نے القادر باللہ عباسی کے عہد مین ایک مجمع اُسکے بطلان کی نسب کا ساتھ امام جعفر صادقؓ کے تحریر کیا اور بعضے کہتے تھے کہ مہدی بیشک وشبہ اسمعیل کی نسل سے ہی اور روایت کے سبب مہدی اور اولاد اُسکی علوی ہونگی اور ملاحدہ بلاد عجم یعنے حسن صباح اور اتباع اس کے کہ اعیان اسمعیلیہ سے تھے اور بلاد قہستان والموت مین حکومت کی تھی وہ بھی ساتھ زندقہ والحاد کے منسوب ہین اور بعد ترقیم اس روایت کے کہ بعضے حکایات آیندہ مین دخل رکھتی ہی اور مقوی کلام ارباب حسد وتہمت ہی ارباب کمال کی خدمت مین عرض گذار ہوتا ہی کہتے ہین کہ اوائل دولت اسمعیلیہ مین ایک شخص اُنمین سے کہ بمزید فضل ودرع انصاف رکھتا تھا اور علم فقہ اور تقوے مین علم مہارت بلند کرتا تھا ترک دنیا کرکے لباس درویشان مین در آیا اور خلایق کو ساتھ مذہب اثنا عشری کے دعوت کرکے اپنے جد اسمعیل کو امام نہ جانتا تھا اور اہل مصر ومغرب نے اعتقاد وصادق اور ارادت کامل ساتھ اس سید کے پیدا کی اور تھوڑے عرصہ مین اُسکا عتبہ علیہ مرجع طوائف انام ہوا اور اُسکے فرزندون سے ایک بعد دوسرے کے سجادہ نشین ہوکر مذہب شیعہ کی تقویت کرتے تھے اور اُسکے بعد دولت اسمعیلیہ نے سنہ ۵۰۷ پانسو سات ہجری مین عزل اور انقراض قبول کیا خطبہ بنام خلفاے عباسی مزین ہوا اور توطن سادات علویہ کہ وارث ملک تھے اُس طرف متعسر ہوا اور ہر ایک ایک گوشہ کی طرف روانہ ہوے اور آخر مین ایک سادات سجادہ نشین نے موضع خوندین جو مضافات قزوین سے ہی اور گیلان کی سرحد مین واقع ہی توطن اختیار کیا اولاد اُسکی سادات خوندیہ مشہور ہوئی اور قریب تین سو سال مسند ارشاد کو اپنے وجود باجود سے مکرم رکھا اور سلاطین اور حکام عصر کے نزدیک معزز ومکرم ہوا اور رجب خلافت سجادہ نشینی شاہ طاہر حسینی کو پہونچی اور رتبہ اُس کا علوم ظاہری اور باطنی اور فصاحت بیان اور طلاقت لسان اور بناہت شان اور سیرت وصورت مین باپ دادا سے افزون تر ہوا شیعیان مصر اور بخارا اور سمرقند اور قزوین وغیرہ دست ارادت اُسکے دامن مین محکم کرکے باعث شہرت عظیم ہوئے اور شہنشاہ ایران شاہ اسمعیل صفوی نے جو خود پیری اور مریدی کی برکت سے صاحب دستگاہ ہوکر منصب جلیل القدر بادشاہی ہن پہونچایا تھا اسلیے درپے اُسکے ہوا کہ سلسلہ جمیع مشائخ ممالک محروسہ کو مثالے علی الخصوص سلسلہ مشائخ خوندیہ کو متاصل کرے اور میرزا شاہ حسین اصفہانی نے جو ناظر محکمہ شاہ اسمعیل تھا اور شاہ طاہر کے ساتھ ارادت صادق رکھتا تھا آدمی اُسکے پاس بھیجکر حقیقت حال سے اُسے مطلع کیا شاہ طاہر سلامتی ترک درویشی ظاہری مین سمجھا اور بساط سجادہ نشینی کو سمیٹ کیا اور ابتداے سنہ ۹۲۶ نوسو چھبیس ہجری مین حوالی سلطانیہ مین بذریعہ میرزا شاہ حسین اور بعضے ارکان دولت دربار وکلشاے بادشاہی مین رسائی پیدا کی اور سلک علماے حضور مین منسلک ہوا اور اس سبب سے کہ گاہ گاہ شاہ بنظر عبرت اُسے دیکھتا تھا شاہ طاہر بوسیلہ میرزا شاہ حسین منصب تدریس کا شان حاصل کرکے اُسطرف گیا اور طالب اور مریدون کے ہجوم لانے سے مسند تعلیم اور تعلم نے فروغ پایا اور مریدون نے بھی اطراف وجوانب سے کاشان کی طرف توجہ کی اور اُس بلدہ کے رئیسون نے از روے حسد ایک عریضہ متضمن بہ سراسر تہمت شاہ کو لکھا کہ حال اسمعیلیہ اور اُنکے داعیان کا اظہر من الشمس ہی احتیاج گذارش کی نہین ہو شاہ طاہر اس عرصہ مین مقتدا اس جماعت کا ہو اس مذہب کے رواج دینے مین کوشش کرتا ہو اور

ملحدان اور چراغ کشان اور محمودیان اور زندیقان اُس پر مجتمع ہوئے ہین شریعت پیغمبر کو رواج اور رونق نرہی ورسلاطین اکناف کے ساتھ بھی ابواب مراسلات اور مکاتبات مفتوح رکھتا ہی شاہ اسمٰعیل نے کہ بہانہ طلب تھا بغور اطلاع مضمون عرائض کے حرف مذہب بہانہ کرکے حکم کیا کہ پروانہ اُس کے قتل کا لکھا جاوے میر زا حسین اس قضیہ پر مطلع ہوا اور سمجھا کہ یہ معاملہ اصلاح پذیر نہین ہی ایک پیک صبا رفتار کو اُس کا محل اعتماد تھا کاشان کی طرف بتعجیل تمام روانہ کیا اور زبانی یہ پیغام کیا کہ اب پروانہ ایسا پہونچتا ہی صلاح یہ ہی کہ وہ بزرگوار بمجرد آگاہی اس خبر کے تعل مکان کرکے اس بادشاہ قہار کے قلمرو سے نکلجاوین شاہ طاہر یہ خبر سنکر سراسیمہ اور مضطرب ہوا اور احمال اور اثقال سے قطع نظر کی اور اہل وعیال کو ساتھ لیکر بہ سرعت تمام او اخر سنہ مذکور عین موسم سرما مین ہندوستان کی عزیمت کی اور بندر جرون کی سمت متوجہ ہوا اور اتفاق حسنہ سے جس دن کہ کشتی ہندوستان کی طرف روانہ ہوتی تھی پہونچا بعد ادائے نماز جمعہ نسیم عنایت سبحانی سفینہ مراد شاہ طاہر پر چلی نماز دوسرے جمعہ کی بندر کودہ مین جو بنادر ہندسے ہی بجالایا منقول ہی کہ جب تورچیان کہ فرمان قتل اُن کے پاس تھا کاشان مین پہونچے اور شاہ طاہر کی خبر فرارسنی بسرعت تمام تعاقب مین روان دوان ہوئے جو مشیت ایزدی ساتھ اُس کے متعلق تھی کہ شاہ طاہر عاقبت محمود بلادکن کو قدم فیض مقدم سے رشک گلشن ارم کرے اور باشندگان اُس سے نور معرفت حاصل کرکے سالک راہ سداد وصلاح ہودین لہذا شاہ ایران کے نامہ بر ساحل دریاے عمان پر اُس وقت پہونچے کہ وہ سید قدسی نہاد دوساعت پیشتر کشتی سلامت مین بیٹھکر ہندوستان کی طرف روانہ ہوا تھا کہتے ہین شاہ طاہر بندر کودہ سے شہر بیجاپور مین پہونچا اسمٰعیل عادل شاہ ارباب شمشیر کے سوا کسی طائفہ پر نظر عنایت مبذول نرکھتا تھا اُس کے احوال پر مشغول نہوا آخرالامر حج ادا کرنے کا قاصد ہوکر بندر جیول کی جانب روانہ ہوا تاکہ سفینہ توفیق مین سوار ہوکر زیارت مکہ معظمہ اور مدینہ رسول اللہ صلعم وزیارت مشاہد مقدسہ امیر المومنین اور امام حسین ودیگر ائمہ سے مشرف ہو اور جب دغدغہ سے اطمینان ہو تو وطن اصلی کی طرف مراجعت کرے اس قصد سے چلا تھا اتفاقاً اثناے راہ مین قلعہ پرندہ مین وارد ہوا مخدوم خواجہ جہان دکنی نے جو امراے سلاطین بہمنیہ سے تھا اور اُن کے بعد نظام شاہ سے ملتجی ہوکر اس قلعہ مین رہتا تھا شاہ طاہر کے قدوم سعادت لزوم سے خبر پاکر قسم قسم کی تعظیم وتکریم سے اُن کو بلایا اور بمبالغہ والحاح تمام التماس توقف کی اور اُسکے فرزند کتب علمی کے پڑھنے مین مشغول ہوے اور اتفاقات سے اسی عرصہ مین برہان شاہ نے بخلاف عادت اپنے اوستاد مولانا پیر محمد شیروانی کو برسم رسالت خواجہ جہان دکنی کے پاس پرندہ مین بھیجا اور وہ وہان شاہ طاہر کی خدمت فیض موہبت مین حاضر ہوا ایک ملک بصورت بشر اور ایک جہان بلباس وحدت دیکھا **بیت** عیسیٰ گاہ دانش آموزی ۔ یوسفی وقت مجلس افروزی، اس جناب کو دولت شگرف اور نعمت غیر مترقب جانکر برس روز تک کتاب مجسطی کے پڑھنے مین مشغول رہا اور تمام دکن مین یہ غلغلہ ہوا کہ پرندہ ایسے بزرگوار کے وجود سے مزین اور منور ہی کہ پیر محمد سا اوستاد اُسکے شاگردون مین افتخار رکھتا ہی ملا پیر محمد برس روز تک تقریبات اُٹھاکر وہان مقیم رہا اور جب احمد نگر کی طرف معاودت کرکے برہان شاہ کی ملازمت سے مشرف ہوا آن حضرت نے درنگ اور توقف کا سبب پوچھا جواب دیا کہ اُس سفر مین ایک

دانشمند کی صحبت مین کہ صاحب جامع علوم ظاہری اور باطنی تھا اور مثل اُس کے مین نے عمر بھر ایران اور توران اور ہندوستان مین کوئی فاضل اور عالم نہین دیکھا تھا معزز ہوا اور نسبت عظمی جانکر کتاب مجسطی کے پڑھنے مین مصروف ہوا اور اُس جامع فیوضات نامتناہی کی برکت اس بے بضاعت کے شامل حال ہوئی بہت ایسے مجہولات اور اسرار معلوم اور منکشف ہوئے کہ طائر بلند پرواز فہم انسانی اُس کے مدارج عالیہ کے کنہ کمال مین راہ نہین پاتا اور عقل نکتہ دان عقلائے زمان کو اُس کے اطوار سے آگاہی نہین ہی اور اُسے فوز عظیم جانکر درس مین مشغول ہوا ربا عی در وصف کمالش عقلا حیرانند ٭ بقراط حکیم و بوعلی ناوانند ٭ باین ہمہ علم و حکمت و فضل و کمال ٭ در مکتب علم او الف بے خوانند ٭ برہان نظام شاہ جو ہمیشہ علما اور فضلا کی صحبت مین رغبت فرماتا تھا اُس قدوہ انام کی صحبت اور مجالست کا خواہان ہوا اسی وقت ایک مکتوب شوق آمیز اور محبت انگیز ترقیم کرکے پیر محمد استاد کے ہاتھ پرندہ مین بھیجا خلاصہ مضمون اُس کا یہ ہر فرد چو باد صبح گذر کن سوے حدیقۂ انس ٭ چو سرو ناز قدم رنجہ کن باین گلزار ٭ خواجہ جہان نے مجبور ہوکر شاہ طاہر کے واسطے سامان سفر درست کیا اور سنہ ۹۲۸ نو سو اٹھائیس ہجری مین بلدہ احمد نگر کی طرف توجہ فرمائی اعیان و اشراف چار کوس سے استقبال کے لیے روانہ ہوئے اور شاہ طاہر کو باعزاز و اکرام تمام شہر مین لائے برہان شاہ نے بعد از ملاقات مشمول عنایات خسروانہ فرمایا اور سر حلقہ مجلسیان حضور سے کرکے پایہ اُسکی قدر و منزلت کا تمام مقربان درگاہ سے بلند کیا مثنوی تو دین گوہر قیمتی غم مدار ٭ کہ ضائع نگردانمت روزگار ٭ اگر ریزہ زر زرومندان کاز ٭ بیفتد بہ بیعش بجویند باز ٭ اور بعد از فراغ مہمات سلطان نے اول سے زیادہ تر تعظیم و تکریم مین کوشش کی اور شاہ طاہر سے مستدعی ہوا کہ قلعہ احمد نگر کے اندر مسجد جامع ہی اس مین مجلس درس منعقد کیجیے شاہ طاہر اُس کے کہنے کے موافق ہفتہ مین دو روز وہان جاکر علماے پایۂ تخت کے ساتھ بحث علمی مین مشغول ہوتا تھا اور جمیع علماے پایۂ تخت کے حاضر ہونے سے مجلس عظیم ترتیب پاتی تھی اور برہان شاہ کہ ذوق کلام بہت رکھتا تھا اکثر اوقات اُس مقام مین حاضر ہوکر موجب بیٹھتا تھا اور جب تک درس و بحث سے علما مفروغ نہوتے تھے برخاست نکرتا تھا ایک دن وقت مباحثہ نے طول کھینچا بعد تفرقہ مجلس برہان شاہ پیشاب کی شدت سے جلد محلسرا مین گیا اور دایہ سے کہا کہ مجھے علما کے کلام سننے کا اس قدر شوق غالب ہی کہ اگرچہ شدت بول سے بدن اور شکم مین تکدر پیدا ہوتا ہی مگر جب تک سخن تمام نہین ہوتا مین برخاست نہین کرتا الغرض جب ایک مدت اس طور سے گذری طائفہ مہدویہ جونپوری کہ شاہ نے فریب کھاکر اپنی بیٹی تحفتین دی تھی بلدۂ احمد نگر سے نکال دیا اور اُسی عرصہ مین شہزادہ عبد القادر برادر شہزادۂ حسین کہ اور سب فرزندون مین چھوٹا تھا سورمزاج بہم پہونچاکر تپ محرق مین گرفتار ہوا اور برہان شاہ کہ اُس سے نہایت محبت رکھتا تھا مضطرب ہوا قاسم بیگ حکیم اور بھی حکماے ہندو اور مسلمانون کو جمع کرکے فرمایا کہ اس فرزند دلبند پر کہ میری حیات اِس کے ساتھ وابستہ ہی مساعی جمیلہ مبذول رکھو اور اگر جانوکہ میرا پارہ جگر اُس نجت جگر کی تدادی کے واسطے بکار ہووے اُس کے دینے مین مضائقہ نکرونگا تم پہلو چیر کر میرا جگر آوردہ کرکے اُس کے علاج مین صرف کرو کہ اُس کی زیست اپنی حیات پر بہتر قبول کرتا ہون خلاصہ یہ کہ ہر چند حکماے درگاہ نے اُس کی اصلاح مین کوشش کی اثر پذیر نہوئی اور روز بروز مرض بڑھتا گیا اور طاقت نے جواب دیا آخر کو یہ نوبت پہونچی کہ برہان شاہ نے عالم اضطرار مین براہمہ کے کہنے سے تجانہ مین صدقات بھیجے اور کافر مسلمان

وئی باقی نرہا کہ اُس سے التماس دعاے خیر نہ کی ہو شاہ طاہر نے جو ہمیشہ مذہب اثنا عشریہ کی فکر ترویج مین رہتا تھا
سوقت فرصت پاکر برہان شاہ سے عرض کی کہ شاہزادہ کی شفا کے بارہ مین ایک تدبیر بندہ نے کی ہی لیکن اُسکے
ظہار کرنے مین لاکھون خطرے متصور ہین برہان شاہ نے کہ شفاے فرزند کے حصول مین نہایت کوشش کرتا تھا
یہ بات سنکر شاہ طاہر سے فرمایا جو تدبیر تم نے کی ہی اُسے بیان کرو تو مین بھی اس مین حسب الامکان کوشش کرون
اور جو کہ شرط انصاف ہی بجالاؤن اور تجھے کسی طرح کا گزند کسی سے نہ پہنچیگا شاہ طاہر نے کہا کہ مین بیگانہ کا اندیشہ نہین
رکھتا خوف اس امر کا ہی کہ شاید وہ امر شہریار کے مزاج کے موافق نہ آوے اور مجھے معاتب بلکہ معاقب فرماوے
اور نظر کیمیا اثر سے گر کر اعدا کی شماتت مین مبتلا ہون برہان شاہ زیادہ تر مشتاق طریق شفاے فرزند کے استماع کا
ہوا اور مبالغہ حد سے لیگیا شاہ طاہر نے جرأت کرکے اول مرتبہ اسی قدر کہا کہ اگر شاہزادہ آجکی شب شفا پاوے تو
بادشاہ عہد کرے اور نذر مانے کہ ز خطیر حضرات ائمہ معصومین صلوات اللہ علیہم اجمعین کی اولاد کو کہ عبارت سادات سے
ہی پہونچاؤنگا برہان شاہ نے کہا دوازدہ امام کون ہین شاہ طاہر نے بیان کیا اول علی مرتضی ہی جو داماد اور ابن
عم محمد رسول اللہ صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم اور شوہر حضرت فاطمہ زہرا دوسرے امام حسن اور امام حسین فرزندان فاطمہ زہرا
علیہم السلام ہین اور اسیطرح سے باقی امامون کے نام اور صفت ذہن نشین کیے برہان شاہ نے کہا مین نے نام دوازدہ امام
کے عہد طفلی مین اپنی والدہ کی زبانی سُنے تھے اُسوقت سے آج تک یہ بات میرے گوش زد نہوئی تھی مگر اب کہ تو
کہتا ہی جب کہ مین نے تجانون مین روپیہ بھیجکر نذر مانی تو کیا مرتضی علی اور بی بی فاطمہ کے فرزندون کے نام لوازم نذر بجا
نہ لاؤنگا شاہ طاہر نے جب اُسے ملائم دیکھا کہا میرا مقصود محض نذران بزرگوارون کے نام سے نہین ہی میرا مطلب
کچھ اور ہی ہی اگر بادشاہ میرے ساتھ عہد کرے کہ جو کچھ مین عرض کرون اگر موافق طبع ہمایون نہووے آزار رجانی نہ پہونچاکر
مجھے اور میرے فرزندون کو رخصت مکہ عطا فرمائے اس شرط پر اپنے دل کا راز عرض کرونگا برہان شاہ نے یہ
مرقبول کیا اور لوازم عہد و پیمان بجالاکر مصحف اقدس اور صیغۂ واللہ باللہ کی قسم کھائی کہ مین تجھے آزار رجانی نہ پہونچاؤنگا
اور روادار دوسرے کی ایذا رسانی کا بھی نہونگا **مثنوی** بدارندۂ آسمان وزمین ۔ کزو مایہ دار و ہمان ہمین ۔ خدائے
لزو ہر کہ آگاہ نیست ۔ خرد را بدان بیخرد راہ نیست ۔ کہ از ما نہ بینی بجز لطف و مہر ۔ اگر از روش باز ماند سپہر ۔ جب
شاہ طاہر کی خاطر شہریار کے قسم و عہود سے دغدغہ سے فارغ ہوئی زبان اسکی دوام دولت مین کھولکر فرمایا کہ آج شب
جمعہ ہی بادشاہ نذر کرے کہ اگر حضرت پیغمبر آخرالزمان اور دوازدہ امام علیہم السلام کے قرب و منزلت کی برکت سے آج
شب کو شہزادہ عبدالقادر کو شفا عطا ہو خطبۂ ائمہ اثنا عشر پڑھوا کر اُن کے مذہب کے رواج مین کوشش کرونگا
برہان شاہ کہ ہرگز شفاے فرزند کی امید نرکھتا تھا اور اُس کی زندگی سے مایوس ہوا تھا یہ کلام سنکر نہایت محظوظ ہوا
اسی وقت جیسا کہ مذکور ہوا دست مبارک اپنا شاہ طاہر کے ہاتھ مین دے کر عہد و پیمان بجالایا اور شاہ طاہر
اپنے مکان پر نہ گیا تمام رات شہزادۂ عبدالقادر کے پلنگ کے قریب بیٹھا رہا ہر چند کوشش کرتا تھا کہ لحاف شہزادہ
پر ڈالے کہ تصرف ہوا نہووے اور وہ حرارت کی حدت اور بیچینی سے ہاتھ پاؤن مارکر لحاف پھینکدیتا تھا برہان شاہ نے
اپنے فرزند کی یہ حالت ردی دیکھکر فرمایا ایسا معلوم ہوتا ہی کہ عبدالقادر آج کی رات کا مہمان ہی یہ نہایت کرب مین ہی
لحاف اسپر نہ ڈالو تو ہوا دنیا کی کھاکر ایک ساعت خوش حال ہو اور برہان شاہ صبح تک اسی طرح سے متوحل اور

محزون بیٹھا رہا اور سر عبدالقادر کے پلنگ پر رکھکر سوگیا اُس حالت مین کیا دیکھتا ہی کہ ایک بزرگوار نورانی شکل اُس کے سامنے سے آتا ہی اور اُن بزرگوار کے یمین ویسار بارہ شخص ہین برہان شاہ استقبال کرکے اُن بزرگوار کو سلام کرکے مودب کھڑا ہوا ایک صاحب نے اُن مین سے فرمایا کہ تو ان بزرگ کو جانتا ہی کہ کون ہین یہ حضرت محمد مصطفےٰ صلعم ہین اور یہ بزرگوار جو آپ کے یمین ویسار ہین دوازدہ امام علیہم السلام ہین اس درمیان مین حضرت رسالت پناہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا ای برہان حق سبحانہ تعالےٰ نے علی اور اُنکے فرزندونکی برکت سے عبدالقادر کو شفا بخشی مجھے مناسب ہی کہ میرے فرزند طاہر کے کہنے سے تجاوز نکرے برہان شاہ یہ نہایت بشاشت وخوشحالی خواب سے بیدار ہوا دیکھا کہ عبدالقادر پر لحاف پڑا ہی اُسکی والدہ اور اُسکی دایہ کہ بیدار تھین پوچھا کہ یہ لحاف مین نے دور کیا تھا کہنے اس پر ڈالا وہ بولی کہ ہم نے اِس پر نہین ڈالا اسی لحظہ خود بخود حرکت کرکے عبدالقادر پر جا پڑا اور اُس حال کے مشاہدہ سے ہمپر ایسا خوف غالب ہوا کہ ہم مین کلام کرنے کی قوت نرہی برہان شاہ نے ہاتھ زیر لحاف کرکے دیکھا کہ اثر تپ مطلق نرہا اور شہزادہ شہبائے گذشتہ کے خلاف خواب شیرین مین جاکر باستراحت تمام سوتا ہی برہان شاہ شکر الٰہی بجالایا اور اُسیوقت ایک خدمتگار شاہ طاہر کے بلانیکو بھیجا اُس شخص نے جاکر دروازہ کی زنجیر ہلائی اور دستک دی اور شاہ طاہر کی یہ کیفیت تھی کہ دستار مبارک اپنے سر سے جدا کرکے نہایت عجز وانکسار سے پیشانی زمین پر رکھکر درگاہ بے نیاز سے عبدالقادر کے شفای درخواست کرتا تھا خدمتگار کے آنے سے نہایت مضطرب ہوا اور سمجھا کہ بادشاہ میرے کہنے سے آرزدہ ہوا اور قاصد جان ہی مجھے زندہ چھوڑیگا اور یا عبدالقادر اجل مقدر سے مرگیا ہی وہ نذر اپنے اوپر متبرک نہ جانی یہ تخیلات اُسکے دل مین گذرتے تھے کہ ایک شخص اور اُس کی طلب کو آیا خوف وہراس زیادہ تر ہوا اور چاہا کہ مکان کے عقب دیوار سے کود کر بھاگون کہ ناگاہ چھ سات آدمی اور متعاقب اُسکے طلب کو آئے شاہ طاہر تن رضا بقضا دیکر لوازم وصیت بجالایا اور اپنے اہلبیت کو رخصت کرکے شہریار کی خدمت مین روانہ ہوا اور جب خبر آمد اُسکی برہان شاہ نے سنی خلاف عادت دروازہ تک استقبال کیا اور اُسکا ہاتھ پکڑکر عبدالقادر کی بالین پر لیگیا اور فرمایا کہ عقاید مذہب اثنا عشری مجھے تلقین کر تو ساتھ اُس کے قیام کردن شاہ طاہر نے اس بارہ مین تامل کیا اور کہا پہلے شاہ حقیقت حال بیان فرماوے اُس وقت یہ خاکسار جو کچھ مناسب دیکھیگا عرض کریگا برہان شاہ نے کہا اسقدر مجھے صبر نہین ہی پہلے یہ مذہب اختیار کرلون اُسکے بعد جو کچھ مین نے مشاہدہ کیا ہی مشروحاً بیان کردن شاہ طاہر نے کہا بسبب اس اخلاص کے کہ مجھے بادشاہ کی خدمت مین حاصل ہی جب تک مجھے حقیقت حال پر آگاہ نہ فرمائیگا خیر سگال اس مذہب کے عقائد ہرگز تلقین نکریگا برہان شاہ نے قصہ خواب اور حکایت لحاف بتفصیل ظاہر کی شاہ طاہر نے باطمینان تمام اسامی دوازدہ امام علیہم السلام اور مناقب اور فضائل ایک ایک کے مذکور کرکے یہ بات کہی کہ ارکان اور قواعد اس مذہب کے اہلبیت کے قولا اور اُن کے دشمنون سے تبرا ہین برہان شاہ نے اِس سخن فیض اثر سے جام سرشار محبت اہلبیت نوش کیا اور ساتھ اس بیت کے بمترنم ہوا بیت (بیت ازشیخ سعدی ۱۲) چہ مبارک سحرے بود چہ فرخندہ شبے ۔ آن شب قدر کہ این تازہ براتم دادند ۔ اور شہزادہ حسین اور عبدالقادر اور اُنکی والدہ بی بی آمنہ اور کئی مرد وعورت اور سائر اہلحرم اُس شراب اعتقاد سے بہرہ ور ہوے اور سب نے نشان اہلبیت کی محبت کا بلند کیا اور جب خورشید خاور مع تیغ وتبر سر مشرق ہدایت سے برآیا برہان شاہ نے چاہا کہ خطبہ سے نام خلفاے ثلثہ ساقط کرکے خطبۂ اثنا عشر پڑھاوے شاہ طاہر اُسوقت عجلت وشتاب سے مانع آیا اور

یہ فرمایا صلاح دولت یہ ہی کہ حضرت فی الفور اس راز کو فاش نفرمائین بہتر یہ ہی کہ علماے مذہب کو فراہم کرکے کہئے کہ ہین طالب مذہب حق ہون اتفاق کرکے ایک ان چار مذہب سے اختیار کرو تو ہین بھی وہ مذہب بخوش دلی اختیار کرکے اور مذہب سے احتراز کرون برہان شاہ نے شاہ طاہر کے کہنے پر عمل کیا اور ملا پیر محمد اُستاد اور فضل خان ثانیہ اور ملا داؤد دہلوی اور علماے چار مذہب جو احمد نگر مین جمع ہوئے تھے اور قلعہ کے اندر اُس عمارت مین کہ جاے درس شاہ طاہر تھی حاضر ہوکر آپس مین بحث کرتے تھے اور ہر ایک اپنے مذہب کی حقیقت پر براہین اٹھا کر اور دن کے دلائل رد فرماتے تھے اور اکثر اوقات برہان شاہ بھی اس جلسہ مین موجود ہوتا تھا جو کہ اکثر علوم سے آشنا نہ تھا اُسکی ماہیت کو نہ پہونچتا تھا غرضکہ چھ مہینے ارباب علم کے سطح سے گذرے اور آپس مین مناظرہ رہا برہان شاہ نے شاہ طاہر سے یہ فرمایا کہ عجیب ایک صحبت مشاہدہ ہوتی ہی کہ زنہارانِ چار دن مذہب کی کسی کی ترجیح دوسرے پر مشخص نہین ہوتی ہی ہر شخص دعوی اپنے مذہب کی صحت کا کرتا ہی مین ان چار دن مذہب سے کیونکر ایک مذہب اختیار کرون اگر ان چار دن مذہب کے سوا اور کوئی مذہب ہو آپ بیان فرمائین تو حق و باطل اُسکا بھی دریافت کرون شاہ طاہر نے جواب دیا ایک مذہب اور ہی کہ اُسکو اثنا عشری کہتے ہین اگر حکم ہوے اُنکے بھی کتب کا مطالعہ کرون برہان شاہ نے ساتھ اُسکے اشارہ کیا اور اس گروہ کے ایک علما کو جس کا نام شیخ احمد نجفی تھا تلاش کرکے لے لائے اُسنے علماے چار مذہب سے مناظرہ کیا اور شاہ طاہر اُسکی تقویت اور جانب داری کرتا تھا علماے اہل سنین سمجھے کہ شاہ طاہر شیعہ مذہب ہی سب اتفاق کرکے خصمانہ پیش آئے اور اکثر اوقات ملزم ہوکر مجلس سے برخاست کرنا چاہتے تھے رفتہ رفتہ کام اس نہایت کو پہونچا کہ شاہ طاہر نے کتب اہل سنت کے درمیان سے برآوردہ کرکے مبحث خلافت ان فضل البشر یعنی ابوبکر صدیق اکبر کے بعد از حضرت خیر البشر اور حکایت طلب کرنا دوات قلم دوات کا غذ و قصہ باغ فدک اور مثل اُسکے مذکور کیا برہان شاہ نے جب دیکھا کہ جمیع علما شاہ طاہر سے ملزم یعنی قائل ہوئے حکایت عبد القادر کی بیماری کی اور خواب مین دیکھنا حضرت رسالت مآب صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اور قصہ لحاف کا مفصل ظاہر کیا یہ سنکر اکثر علماے مجلس اور مقربان حضرت اور غلام ہندی اور ترک اور حبشی اور امرا اور منصب دار اور سلحدار اور شاگرد پیشہ یہانتک کہ جاروب کش اور فراش اور فیلبان تخمیناً تین ہزار آدمی نے مذہب اثنا عشری اختیار کیا اور نام اصحاب ثلثہ خطبہ سے ساقط کرکے حضرات ائمہ معصومین کے اسامی سامی پر اکتفا کیا اور چتر سفید سلطان بہادر گجراتی کا اس مذہب کے رسوخ کے واسطے سبز رنگ سے متبدل کیا لیکن ملا پیر محمد اُستاد اور بعضے علما اس اطوار کے مشاہدہ سے پریشان اور ناراض ہوکر مجلس سے برآمد ہوے اور بلدہ احمد نگر مین غوغاے عظیم برپا ہوا اور رات کیوقت امراے کبار اہل منصب دار متعصب ملا پیر محمد کے مکان پر جاکر کہنے لگے مصرع

ای باد صبا این ہمہ آوردۂ تست ۱۲ اس سید کو کہ بلاے دل و دین ہی تو کہان سے لایا چونکہ علوم غریبہ سے خبردار ہی ہمارے صاحب کو گمراہ کیا اور ہمارے علما پر افسون پڑھکر زبان بند کی اب تدبیر کیا ہی بعضے بولے کہ ہجوم کرکے شاہ طاہر کو قتل کیا چاہیئے ملا پیر محمد نے کہا کہ جب تک برہان شاہ زندہ ہی یہ امر صورت پذیر نہوگا بہتر یہ ہی کہ ہم پہلے برہان شاہ کو سلطنت سے معزول کرکے عبد القادر کو تخت شاہی پر بٹھا دین اُسوقت شاہ طاہر کو غربت غلاق کیواسطے بسیاست تمام ہلاک کرین غرضکہ بعینہ قضیہ یوسف عادل شاہ اور ہجوم خلائق دین کیواسطے وقوع مین آیا بار ہزار سوار اور پیادہ سے ملا پیر محمد کے ہمراہ دروازہ فاس کے مقابل اور کالا چبوترہ کے قریب جمع ہوکے بنیت محاصرہ قلعہ آواستہ کین اور شاہ طاہر اور اُس کے فرزندون کے مکان

پر بھیجے اور فتنہ عظیم برپا کیا برہان شاہ نے اس حال سے واقف ہوکر فرمایا دروازہ قلعہ کا بند کرین اور لوگ برج قلعہ اور بارہ پر چڑھکر توپ سے اعدا کو دفع کرین اور بلوہ حد سے افزون ہوا برہان شاہ نے شاہ طاہر سے بحواس ہوکر فرمایا انجام اسکا کیا ہوگا شاہ طاہر نے کہ علم رمل مین شاگرد ملا شمس الدین جغری کا تھا قرعہ پھینک کر حکم کیا کہ آپ قلعہ کو لکر سوار ہون اسی وقت آپ تائید ایزدی سے منظفر اور منصور ہوکر اعدا کو دشت ادبار مین متفرق اور پریشان فرماوینگے برہان شاہ فوراً مسلح ہوکر چار سو سوار اور ایک ہزار پیادہ اور پانچ ہاتھی مع چتر سبز و علم ہمراہ رکاب لیکر قلعہ سے برآمد ہوا اور شاہ طاہر نے آیۂ سیہزم الجمع مشت خاک پر پڑھکر اعدا کی طرف پھینکی اور ایک جماعت ناجیون کی بھیجکر یہ حکم دیا کہ تم افواج مخالفون کے قریب جاکر بآواز بلند کہو کہ جو دولتخواہ سرکار ہووے وہ بلا توقف چتر اور رایت فلک ساے کے سایہ مین حاضر ہووے اور جو کہ حرامخور ہو طاہر محمد کا شریک ہوکر قہر و سیاست شاہی کا منتظر رہے جب ناجیون نے شاہ طاہر کے فرمانے پر عمل کیا اسی وقت امرا اور افسران سپاہ امان خواہ ہوکر رکاب ظفر انتساب مین جا ملے اور ملا پیر محمد سپاہ قلیل لیکر اپنے مکان کی طرف روانہ ہوا برہان شاہ نے ملک احمد تبریزی کو جو مقربان درگاہ سے تھا اور خواجہ محمود جو میرزا جہان شاہ کے نواسو سے تھا فوج کثیر سے ملا پیر محمد کے تدارک کو نامزد کیا وہ جاکر اُسے گرفتار کرلایا اور برہان شاہ نے حکم اُسکے قتل کا فرمایا شاہ طاہر نے اُسکے حقوق قدیمی منظور رکھکر شفاعت کی اور برہان شاہ نے اگرچہ اُسے تیغ سیاست سے امان دی لیکن ایک قلعہ مین محبوس کیا اور بعد چار برس کے سعی شاہ طاہر اس قید سے نجات پائی اور بدستور سابق مسند قرب و عزت پر متمکن ہوا اور اس مقام مین کہ برہان شاہ نے وہ خواب دیکھا تھا ایک عمارت عالی تعمیر کرکے بغدادنام رکھا اور اس موضع مین کہ مدرسہ شاہ تھا حسین نظام شاہ نے اپنے عہد مین ایک مسجد پختہ گچ و سنگ سے بنا فرمائی اور وہ مسجد ابتدا سے سلطنت مرتضےٰ نظام شاہ مین قاضی بیگ طہرانی کے اہتمام سے تیار ہوئی اب جامع اس حکایت کا محمد قاسم فرشتہ کہتا ہے کہ برہان شاہ کا خواب مین دیکھنا حضرت رسالت پناہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا غازان خان کے خواب سے مشابہ ہے چنانچہ مورخین توران و ایران کا اتفاق ہے کہ غازان شاہ نے مسلمان ہونے کے بعد دو مرتبہ حضرت رسالت پناہ کو خواب مین دیکھا اور ہر مرتبہ حضرت امیرالمومنین یعسوب الدین علی ابن ابی طالب علیہ السلام اُس مسلمانشین بارگاہ نبوت کے ہمراہ تھے حضرت خاتم الانبیا نے بعد تعریف عترت طاہرہ کے فرمایا کہ تجھے لازم ہے تو میرے اہلبیت کی نسبت طریق اخلاص جاری رکھے اور اُنکی پیروی کرکے سادات کو گرامی رکھے اس سبب سے غازان شاہ نے اہلبیت پیغمبر آخرالزمان کی محبت اپنے صفحۂ دل پر نقش کی اور سادات کربلا اور نجف کو گرامی رکھکر شیعہ مذہبون کو مقرب درگاہ کرکے ہر ایک کو منصب مناسب پر منصوب فرمایا اور بعضے تواریخ مین یون نظر سے گذرا کہ غازان خان اکثر اوقات زبان پر لاتا تھا کہ مین اصحاب کبار کا منکر نہین ہون اور اُن کی بزرگی و فضیلت اور بہتری کا زیادہ تر اقرار کرتا ہون لیکن جو حضرت رسالت پناہ نے قواعد محبت اور اخلاص مین نسبت جناب ولایت انتساب اور اُن کے گیارہ فرزندون کی سفارش کی ہے جو کچھ لوازم اخلاص اور خدمتگاری ہے اُن کی نسبت بجالاتا ہون اور غازان خان نے وفور محبت سے کہ ساتھ اہلبیت اطہار کے رکھتا تھا نزع کے وقت اپنے بھائی الجایتو سلطان کو کہ جو سلطان محمد خدابندہ مشہور تھا اہلبیت کی محبت کے واسطے وصیت فرمائی اور اس بادشاہ نے اپنے بھائی سے قدم آگے رکھا یعنی مذہب شیعہ اختیار فرمایا اور دوازدہ امام علیہم السلام کا نام خطبہ اور سکہ مین ثبت کرکے باقی صحابہ کے نام خطبہ سے ساقط و برآوردہ کیے اور مؤلف اس نسخہ گرامی کا بحر حیرت مین

غوطہ کھاکر کہتا ہے کہ اگر مذہب امامیہ حق ہے احوال اور مذہبوں کا کیا ہوگا اور اگر دوسرا مذہب حق ہے سفارش آنحضرت کی اس مذہب کی رواج مین کیا معنی رکھتی ہے اللھم افتح بیننا و بین قومنا بالحق وانت خیر الفاتحین امید کہ عزیزان معاملہ فہم کار آگاہ جب اس مقام مین پہونچین مانند بادصرصری کے نہ گذر کرین اور اس مقام مین نہایت غوطہ فرو کرزنام التفات و توجہ دست اقتدار سے نچھوڑین کہ یہ مقام جاے تامل و تفکر ہے اور اس درویش و لریش کو صحیح طریقہ سے روایت ثابت ہوگئی کہ قصہ خواب برہان شاہ اور خازان خان کے سراسر قبیح اور لغو تھے مردم رفضہ اپنے مذہب کی ترویج اور ترغیب کیواسطے بالعکس تحریر کرتے ہین والعلم عند اللہ القصہ برہان شاہ جو اُس مذہب کے رواج دینے مین مصروف تھا تمام وظائف اہلسنت موقوف کرکے شیعہ مذہبون کو دیے اور چار دیواری پتھر اور چونہ سے قلعہ احمد نگر کے مقابل بطور مدرسہ تیار کی اور اُسکا نام لنگر دوازدہ امام رکھا اور قصبہ جونپور اور سنور اور آسیا پور اور چند قریہ دیگر اُس کے واسطے وقف کیے اور ہر روز چاشت کے وقت آش پکاکر موسنوکو دیتا تھا اور شاہ طاہر ہمت نظام شاہ کے دولتخانہ کی رفعت پر مصروف کرکے درپے اسکے ہوا کہ محبان خاندان رسالت کو اطراف واکناف سے اس دولتخانہ مین فراہم لاوے پھر زر خطیر خزانہ بادشاہی سے عراق اور خراسان اور فارس اور گجرات کی طرف بھیجکر اہل تشیع کے آنے کا طالب ہوا اور تھوڑے عرصہ مین خلاصہ اقالیم سبعہ مثل اسمٰعیل صفوی نے برفاقت خواجہ معین صاعدی کہ مدت مدید شیراز مین حکومت کی تھی گجرات مین آنکر اُس حدود مین استقامت کی بارہ ہزار ہون برہان شاہ سے لیکر شاہ حسن کی زاد راہ کیواسطے احمد آباد گجرات بھیجکر شاہ حسن انجو کو بلدۂ احمد نگر مین لایا اور برہان شاہ کی ملازمت مین مشرف کرکے مجلسیان حضور سے کیا اور اسیطور شاہ جعفر برادر شاہ طاہر اور ملا شاہ محمد نیشاپوری اور ملا علی گل استرابادی اور ملا رستم جرجانی اور ملا علی مازندرانی اور ایوب الوالہ کہ اور ملا عزیز اللہ گیلانی اور ملا محمد امامی استرابادی اور بھی افاضل اور اکابر دکن کی طرف متوجہ ہوے اور احمد نگر کو گلستان ارم کیا اور سید حسن مدنی جو اتقیاے مدینہ سے تھے اُس بادشاہ نیک اعتقاد کے شرف دامادی سے مشرف ہوئے اور جاگیر لائق پائی اور علاوہ اُسکے مبلغ خطیر کربلاے معلے اور نجف اشرف مین بھیجکر زوار روضات اور اُس حدود کے مستحقون کو تقسیم کیا اور اس سبب سے کہ احمد نگر مین اُس مذہب کے جاہلون اور تبرائیون نے زبان خلفاے راشدین کے طعن و لعن مین دراز کی تھی سلطان محمود گجراتی اور سیران مبارک شاہ فاروقی اور ابراہیم عادل شاہ اور عماد الملک نے آپس مین اتفاق کرکے یہ تجویز کی کہ لشکر کشی کرکے مملکت احمد نگر کو آپس مین تقسیم کرین اور برہان شاہ نے اُس جماعت کی لشکر کشی سے اطلاع پائی تو راستی خان نام ایک غریب کو بسرعت برق و باد ہمایون بادشاہ کے پاس بھیجا اور ایک عرض داشت مشتمل بر اظہار اخلاص و التماس اعانت و لشکر کشی گجرات کی طرف ارسال کی چونکہ بحث شیر شاہ کے درمیان مین آئی کچھ اثر اس پر مترتب نہوا راستی خان پلٹ آیا اور برہان شاہ نے سلطان گجرات اور برہان پور کو تحف و ہدایا بھیجکر راضی کیا اور جس قدر سپاہیان غریب تیر انداز کہ ابراہیم عادل شاہ نے بطرف کردیے تھے ملازم رکھے اور جاگیرات خوب دیکر قوی پشت ہوا اور انکی حمایت کے بھروسے پر بیجاپور کی طرف چڑھائی کی اور حرب و ضرب شمشیر و سنان کے بعد برہان شاہ غالب آیا اور سو ہاتھی اور کئی توپخانہ عادل شاہی پر متصرف ہوکر سالما دغانما احمد نگر کی طرف مراجعت کی اور اس فتح کے سبب بلند آوازہ ہوا اور چار برس کے عرصہ مین چند لڑائیان کہ اُس کی تفصیل مولف کی نظر سے نہین گذری دونون بادشاہون کے درمیان واقع ہوئین

ہر مرتبہ برہان شاہ کا غلبہ رہا اور ۹۳۷ھ نو سو انتالیس ہجری مین جب درمیان ابراہیم عادل شاہ اور اسد خان بلکوانی کے جو امراے کلان اُس دولتخانہ سے تھا رنجش اور کدورت درمیان مین آئی برہان شاہ باتفاق امیر برید بیجاپور کی طرف متوجہ ہوا اور یہ مشہور کیا کہ اسد خان نے مذہب کی یگانگی کے جہت سے قلعہ بلکوان سپرد کرنے کو مجھے طلب کیا ہے اور جو یہ بات قریب الفہم تھی ابراہیم عادل شاہ متوہم قلعہ بیجاپور سے برآمد ہوا اور برہان شاہ جب شولاپور کے اطراف مین پہونچا اور زین خان کے پانچ پرگنہ پر قابض ہوا اور وہ پرگنے خواجہ جہان کو دیکر قدم آگے بڑھایا یعنے بلکوان کیطرف توجہ فرمائی تو ولایت مرج اور کلھراد رمان اور باس کو تاخت وتاراج کیا اور آتش افروزی سے آبادی کا نشان نچھوڑا اور اسد خان کہ برہان شاہ کی موافقت تہمت سے قلعہ بلکوان مین تھا عادل شاہ کے روبرو نچا سکتا تھا چھ ہزار سوار ہمراہ لیکر برہان شاہ سے جا ملا برہان شاہ تیز تدبیر ہدف مراد پہونچکر بیجاپور کیطرف سوار ہوا عادل شاہ جو کہ تاب مقاومت نرکھتا تھا آب بیورہ سے عبور کرکے حسن آباد گلبرگہ کیطرف گیا برہان شاہ بیجاپور پہونچا اور چند روز اسکا محاصرہ کیا جب دیکھا کہ کوئی فائدہ نہوگا تو بقصد تعاقب حسن آباد کی طرف روانہ ہوا اور اسد خان جیسا کہ پہلے اپنے مقام مین تحریر ہوا بذریعہ عماد الملک کے جو بیجاپوریونکی مدد کیواسطے آیا تھا موقع پاکر ابراہیم عادل شاہ کی خدمت مین حاضر ہوا عادل شاہ نے مع عماد الملک واسد خان کے نظام شاہ کا مقابلہ کیا برہان شاہ نے مقابلہ اور مقاتلہ مین صلاح نہ دیکھی امیر برید کے ہمراہ اپنے ولایات کی طرف راہی ہوا اور اُنھون نے احمد نگر تک تعاقب کرکے اکثر ممالک کو خراب کیا برہان شاہ اور امیر برید نے مجال توقف وہان نہ پائی دولت آباد کی سمت راہی ہوئے قضارا امیر برید اُس مقام مین اجل مقدر سے مرگیا نظام شاہ نہایت مضطرب ہوا اور شاہ طاہر اور قاسم بیگ اور مخدوم خواجہ جہان کے کہنے سے صلح کی اور پانچ پرگنہ پر کہ اس یورش مین متصرف ہوا تھا عادل شاہ کو واپس کئے اور ۹۵۰ھ نو سو پچاس ہجری مین جب سلطان جمشید قلی قطب شاہ متصدی ولایت تلنگ ہوا برہان شاہ نے تقویت اور تہنیت جلوس کیواسطے شاہ طاہر کو اُس حدود کیطرف بھیجا اور جمشید قلی قطب شاہ مچھلی کے شکار کے بہانہ ایک تالاب پر جو راستہ مین احمد نگر کے ہے اور گلکنڈہ اس مقام سے سولہ کوس کے فاصلہ پر ہے روانہ ہوا اور اس مقام مین شاہ طاہر کی ملاقات پر مستعد ہوا اور طریقہ پیری اور مریدی کا منظور رکھکر اُس جناب کو گلکنڈہ کیطرف لیگیا اور اس عرصہ مین برہان شاہ نے انتقام کیلیے نقص عہد کرکے رام راج اور قطب شاہ کو عادل شاہیہ کے اطراف ممالک کیلیے تحریص کی اور بعد اُسکے کہ شاہ طاہر نے گلکنڈہ سے مراجعت کی خود بھی شولاپور کیطرف روانہ ہوا اور عادل شاہ نے سیلاب لشکر کا اطراف مملکت مین چار موجہ دیکھکر پانچ پرگنہ نظام شاہ کو دیے اور رام راج کو بھی جس طرح سے کہ ممکن ہوا راضی کرکے اپنی سرحد سے واپس کیا اور ان سنوات مین فرمانروا ایران یعنی شاہ اسمٰعیل صفوی نے جب سنا کہ برہان شاہ نے بھی محبت اہلبیت رسالت اختیار کی ہے تو آقا سلمانی طہرانی المشہور بہتر جمال کو کہ چراغچی باشی مقرب تھا مذہب کی مبارکباد کیواسطے احمد نگر کیطرف بھیجا اور ایک غلام ترک مسمی شاہ قلی اور ایک عدد الماس بزرگ قیمتی ہمایون شاہ کیلیے اور ایک قطعہ زمرد کہ اُسپر نام معتصم خلیفہ عباسی منقوش تھا اور بھی تحف وہدایاے نفائس ایران کہ تعداد اُسکی موجب تطویل ہو برہان شاہ کیواسطے ارسال کیا اور ایک انگوٹھی عقیق کی کہ جو خود انگشت مبارک مین رکھتا تھا اور کلمہ التوفیق من اللہ اُسپر نقش تھا شاہ طاہر کیواسطے بھیجی مہتر جمال احمد نگر مین پہونچکر التفات نامہ شہنشاہ ایران مع اشیاے مذکورہ برہان شاہ کے روبرو لایا آنحضرت پہلے اُسکی نسبت باعزاز وتکریم پیش آئے اور آخر جب اُسنے امرا کی مجلسون مین جاکر ہمزبانی کی اور ارباب جاہ کے

دل کو برہم کرنے لگا اور شاہ طاہر سے بے ادبانہ پیش آیا اور کلمات وحشت آمیز زبان پر لایا تو برہان شاہ نے دربار مین اُس کا آنا موقوف کیا اور ایسے تحف و ہدایا کے مقابل شاہ ایران کو کچھ نہ بھیجا شاہ طاہر مضطرب ہوا اور اپنے فرزند شاہ حیدر کو جو فضل و کمال کی صفت مین موصوف تھا مع تبرکات اور تنسوقات ہندانی طرف سے دارائے عجم کے پاس بھیجا اور انھین دونون مین برہان نظام شاہ رام راج کی اعانت کے سبب قلعہ گلبرگہ کی تسخیر کی عزیمت مین دارا ہوا اور قصبہ آذربیجان کے قریب جو مضافات گلبرگہ سے ہی عادل شاہ کی افواج سے مقابل ہوا اور ایسی کارزار واقع ہوئی کہ سپہر دوار نے باوصف عینک مہر و ماہ کے ایسی لڑائی نہ دیکھی تھی **مثنوی** دوا برازد و سود رخروش آمدند ۔ دو دریا بآتش بجوش آمدند ۔ سم باد پایان نوا لا نعل ۔ پنجون دلیران زمین کرد لعل ۔ ذرخشیدن تیغ آئینہ تاب ۔ زدہ خندہ بر چہرۂ آفتاب پہلے افواج میمنہ اور میسرہ عادل شاہی دشت فرار کیطرف شکست فاحش کھاکر آوارہ ہوئی آخر مین عادل شاہ چار ہزار مرد اہل نبرد لیکر کمین سے برآمد ہوا نظام شاہ پر کہ لشکر اُسکا غارت مین مشغول تھا سیل فنا کی طرح حملہ آور ہوا اس سبب سے نظام شاہیہ منہزم ہوئے چتر اور علم اور فیل و توپخانہ چھوڑکر احمد نگر کا راستہ لیا برہان شاہ نے شاہ طاہر علی بریدی سپہ کے پاس بھیجکر اپنی موافقت کے واسطے ہدایت کی اور علی برید نے بخلاف طریقۂ ابا و اجداد کے عادل شاہ کی جانب داری اور رفاقت سے ہاتھ کھینچا اور نظام شاہ کے جادۂ اطاعت مین قدم نرکھا اور خانجہان علی برید کا چچا کہ سوز دن طبع اور شوخ خوشدل اور حنفی مذہب تھا ایک مجلس مین شاہ طاہر سے پوچھا کہ سرگین بخار اطاہر ہی پنجبس اُس جناب نے فرمایا تفصیل اس مسئلہ کی مجھے یاد نہین ہی انشاء اللہ تعالے جب احمد نگر جاؤنگا کتاب دیکھکر تمھین بخوبی تمام مفہوم اور معلوم کرونگا خانجہان اور حضار مجلس اگرچہ شاہ طاہر کا یہ کنایہ سمجھے کہ یہ سراسر تہدید ہی تغافل کرکے اور باتون مین مشغول ہوئے اور قضیہ سرگین بخار اکا یہ ہی کہ اُس شہر مین برسات کے موسم مین کیچڑ اور دلدل بہت ہوتی ہی اسواسطے زمانۂ سابق کے علمانے اتفاق کرکے یہ بات تجویز کی کہ اگر ہم اس مٹی کو کہ گوبر اور پیشاب حیوانات کا اس مین داخل ہی نجس جانین حرج لازم آویگا پس اولی یہ ہی کہ کثرت بلوے سے حکم طہارت کل بخارا کرین پس کہنے لگے طین بخارا طاہر ہی اس سبب سے بالضرورت لازم آیا کہ سرگین حیوانات بخارا طاہر جانین خانجہان نے یہ روایت سُنکر حرف بے ادبانہ زبان زد کیے لیکن اس مولف کے دل مین ایسا گذرتا ہی کہ جو بخارا دار السلام اور علوم دینی کا معدن ہی اور اُس مین رافضی اور خارجی کو دخل نہین ہی اور مقام اکثر بزرگان اور مشایخان اہل یقین ہی اس سبب سے روافض نے از راہ عداوت و خصومت یون مشہور کیا ہی القصہ اُسکے بعد اُس جناب یعنی شاہ طاہر نے احمد نگر کیطرف مراجعت فرمائی اور برہان شاہ نے مردم بیدر کی بے ادبیان اکثر شماعت فرمائین تادیب اور انتقام کے ارادہ سے سامان سفر اور یراق لشکر مہیا کیا اور علی برید کے قلعونکی تسخیر کیواسطے متوجہ ہوا پہلے قلعہ اودگیر کو محاصرہ کرکے کام متحصنون پر تنگ کیا علی برید نے قلعہ کلیان ابراہیم عادل شاہ کے پیشکش کرکے طلب استمداد کی جب عادل شاہ نے بعزم اعانت بیجاپور سے کوچ کیا علی برید اُس سے جا ملا اور دونون باتفاق اُسکی طرف متوجہ ہوئے اور نظام شاہ نے اُنکے مقابلہ مین جاکر اوسہ سے ایک کوس پر تنور حرب کو گرم کیا اور دونون کو معرکہ سے پسپا کرکے پھر قلعہ کی تسخیر مین مشغول ہوا اور عرصۂ قلیل مین بقبول واماں اُسکو مفتوح کیا پھر اُسکے بعد قلعہ اودگیر کیطرف روانہ ہوا اور اُسکو بھی سر کرکے قلعہ قندھار کی فتح پر ہمت والا نہمت مصروف فرمائی اور اُسکے محاصرہ کیوقت ابراہیم عادل شاہ اور علی برید نے اکیلا اور جرأت کرکے نظام شاہ کے مقابلہ اور محاربہ مین قیام کیا اور وہی صورت سابق پیش آئی اور بہت گھوڑے

اور ہاتھی اُنکے احمدنگر یون کے تصرف مین آئے اور اُسی سال کہ ۹۵۵ھ نوسو پچپن ہجری تھے جب برہان شاہ نے قلعہ قندھار کا بھی فتح کیا اور احمدنگر کی سمت معاودت فرمائی ابراہیم عادل شاہ کے مقربون نے اُسے یہ پیغام دیا کہ لوگ اس بادشاہ کی بدمزاجی اور قمارسی سے نہایت درجہ بہ تنگ آنکر چاہتے ہین کہ عبداللہ بن اسمٰعیل عادل شاہ کو جو بندر گووہ مین رہتا ہی تخت پر بٹھاوین اور یہ امر آنحضرت کے بدون توجہ والتفات میسر نہو گا برہان شاہ باتفاق جمیع قطب شاہ ولایت عادل شاہ کیطرف متوجہ ہوا اور بحسب اتفاق اذبون مین اسد خان قلعہ بکلوان مین بیمار ہوا اور برہان شاہ اس مقصود کو ملتوی کرکے اس فکر مین ہوا کہ اس قلعہ پر کسی ڈھب سے متصرف ہون قضا را اسی عرصہ مین اسد خان نے اس جہان فانی سے انتقال کیا ابراہیم عادل شاہ قلعہ پر قابض ہوا اور برہان شاہ اپنے دارالملک مین آیا اور بعد چند روز کے مزاج وہاج شاہ طاہر کا منحرف ہوا اور سنہ ۹۶۵ نوسو چھین ہجری مین اُسکی طائر روح نے آشیانہ جنت کیطرف پرواز کی اکابر اصاغر اُس بلدہ کے محزون اور ملول ہوئے قالب مطہر انکا زمین کو سپرد کیا اور بعد چند عرصہ کے استخوان اُنکے قبر سے برآوردہ کرکے کربلائے معلےٰ مین بھیجے اور حضرت امام حسین علیہ السلام کے گنبد مین بفاصلہ ڈیڑھ گز ضریح مقدس کے مدفون کیا اور اُنکے تین بیٹیان اور چار بیٹے رہے اُن بیٹون کے نام جو یاد تھے تحریر ہوئے شاہ حیدر شاہ رفیع الدین حسین شاہ ابوالحسن شاہ ابوطالب اُن سب مین شاہ حیدر مولد عراق ہی اور باقی دکن مین پیدا ہوئے اور شاہ حیدر اپنے باپ کے وفات کے وقت ایران مین شاہ طہماسپ کی خدمت مین تھا اور بعد مراجعت حسب الوصیت صاحب سجادہ ہوکر ارباب ارادت کا مقتدا ہوا اب خامہ اعجاز اسلوب تحریر مین اس حکایات کے مصروف ہوتا ہی کہ شاہ طاہر قدس سرہ عفت اور ورع اور تقوی اور دینداری اور مروت اور سخاوت اور حلم وتواضع مین اتصاف رکھتا تھا اور وجیہ اور خوش محاورہ تھا کس واسطے کہ ایران اور ہندوستان مین ہمیشہ امور اہل اسلام کے سرانجام مین قیام کرکے نقش خیر خواہی صغیر و کبیر کے صفحہ دل پر لکھتا تھا زبان گوہر فشان اُس کی مفسر حقائق مصحف آسمانی تھی اور بیان ہدایت نشان اُس کا مبین دقائق کتب سبحانی تھا باطن خجستہ میامن اسکا منبع ولایت وارشاد اور خاطر فرخندہ مآثر اُس کے مصدر ہدایت وارشاد تھی اور وہ جناب بہت مشائخ کبار اور اہل دل کی صحبت اُٹھائے ہوئے تھا اور علم تفسیر اور فقہ اور ریاضی اور جمیع احکام رمل اور جفر مین بے شبہ ونظیر تھا اور نظم ونثر مین بھی مہارت تام رکھتا تھا دیوان قصائد اور کتاب انشا اُسکی جمیع بلاد خصوص ہندوستان مین سائر اور دائر ہی اور تھوڑے اشعار گہربار اس جناب کے یمنت اور تزئین کتاب کے واسطے مندرج کئے امید کہ ارباب تاریخ معیوب نفرماوین اور تصنیفات سے اُسکی شرح باب حادی عشر فی علم کلام مین اور شرح جعفریہ فقہ امامیہ مین اور حاشیہ تفسیر بیضاوی اور حاشیہ شرح اشارات اور محاکمات اور مجسطی اور شفا اور مطول اور گلشن راز اور شرح تحفہ شاہی اور رسالہ پالکی کہ ایک سفرہاے ہند مین باشناے راہ پالکی مین بیٹھکر تصنیف کیا تھا مصنفہ اُس کے ہین کہتے ہین کہ جس وقت شاہ طاہر بطریق ایلچی گری احمدآباد بیدر مین گیا تمام طالب علم اُس کی زیارت کو جاکر سعادت ملاقات سے مشرف ہوئے مگر ایک عالم دکن کہ اپنے تئین نہایت اعلم علماے عصر سے جانتا تھا کمال غرور سے اُس کے مکان پر نہ گیا بعد چند روز کے سامان ضیافت کرکے چاہا کہ شاہ طاہر کو اپنے مکان پر بلاؤن پھر ایک شخص کو اُس کی طلب مین بھیجکر یہ سطر لکھی قال النبی صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم الاجابۃ سنۃ موکدۃ شاہ طاہر نے اُس کے تحت مین لکھا

کہ زیارۃ القادم فاذا القار ضا تساقطا پھر وہ فاضل ہندی اس جواب سے اس افاضل عصر کی دانشمندی قیاس کرکے اُسکی زیارت کو گیا اور آپ کو مثل قطرہ دیکھکر دریائے زخائر کے مقابل پشیمان ہوا اور اُسکے دست حق پرست کا بوسہ لیا اور مغفرت کی اور منقول ہی کہ برہان شاہ نے شاہ طاہر کے بعد از وفات تا سمہ بیگ حکیم اور دیوپال رائ کو صاحب دخل کرکے محل اعتماد کیا اور رائے نے عماد شاہ کو بسبب بعضے مقدمات کے امداد عادل شاہ سے منحرف کیا اور باتفاق خواجہ جہان قلعہ کلیان کی تسخیر کے واسطے لشکر آراستہ ہوئے اور بعد از طی مسافت اُس قلعہ کو گھیرا اور قلعہ بندون پر کام تنگ کیا ابراہیم عادل شاہ نے امرائے برکی کو پیشتر بھیجا اور خود بھی باقصد استخلاص پیچھے سے روانہ ہوا اور امرائے برکی کے سدراہ ہونے سے غلہ اور آذوقہ کی رسد بند ہوئی اور امرائے برکی وقت بوقت بطریق وزدی اور بطور شبخون برہان شاہ کے دائرہ لشکر پر تاخت لاکر آدمیون کو سونے نہ دیتے تھے برہان شاہ نے حکم کیا کہ لشکر کے گرد اگرد ایک حصار یعنے دیوار تین گز بلند اور بعضے مقامون مین چار گز کھینچین تاکہ قلعہ کلیان کے گرد دوسرا مٹی کا قلعہ تیار ہوجاوے اور ابراہیم عادل شاہ بھی قلعہ کلیان کے قریب پہونچکر نظام شاہ کے پہلو مین اُترا اور اُس نے بھی اپنے لشکر کے گرد دیوار تیار کی اور جب ماہ رمضان پہونچا غلہ اور تمام ما یحتاج کم ہوا ایک قطعہ لشکر احمدنگر مین ظاہر ہوا آدمیونکو دو دو تین تین روز تک کھانا میسر نہوتا تھا فاقہ مین ماہ صیام کے روزے رکھتے تھے برہان شاہ دلگیر ہوا اور ارکان دولت سے اس بارہ مین مشورہ کیا بعضون نے صلاح مراجعت مین دیکھی اور بعضے کہنے لگے بہتر یہ ہی کہ دیوار کے اندر جاکر دشمن سے جنگ کرین اگر فتح ہووے پھر محاصرہ مین مشغول ہوکر تھوڑے عرصہ مین مسخر کرین اور اگر شکست ہووے اپنے ملک کا راستہ لین برہان شاہ نے کہا گھوڑے فاقہ کشی سے نہایت کمزور ہین وہ دشمن کی تاب نہین رکھتے بہتر یہ ہی کہ لڑائی سے پہلوتہی کرکے احمدنگر کیطرف معاودت کرین اُسکے بعد بالیقین تمام پھر منزل مقصود کیطرف آوین شاہ جعفر برادر طاہر شاہ اور قاسم بیگ حکیم کو یہ رائے پسند نہ آئی اور کہنے لگے اتنی مرتبہ ہم جنگ کرکے حریف پر غالب ہوئے ہین خدا نخواستہ گر اس دفعہ شکست ہووے تصور نہین رکھتا ہون برہان شاہ خاموش ہوا اور بعد برخاست مجلس تنہا سوار ہوا اور پولا رائے برہمن کے مکان پر گیا اور احوال انجمن کے مشورہ کا بیان کیا پولا رائے نے عرض کی کہ مین اسکا جواب تجویز کرکے کل کے روز عید ہی معروض کرونگا لیکن حضرت خزانچی کو حکم کرین کہ دو تنخواہ جو کچھ اُس سے طلب کرے بلا عذر سپرد کردے وعدہ و عذر درمیان مین نہ لاوے برہان شاہ نے جو عنایت تمام اُسکی دو تنخواہی اور کاردانی پر رکھتا تھا اُسکی عرض قبول فرمائی پولا رائے اُسی شب کو ایک لاکھ ہون خزانہ سے لیکر عین الملک کے مکان پر جو امرائے کبار سے تھا گیا اور یہ کہا احوال ایسا ہی جو آپ مشاہدہ کرتے ہین بے جنگ ترک محاصرہ کرنا اور اپنے ملک کیطرف جانا موجب لاکھون فساد اور خرابی کا ہی اور ہمراہ ایسے لشکر پریشان اور بدحال کے بادشاہ کو ہمراہ لیجانا اور جنگ صف کرنا نہایت دشوار دکھائی دیتا ہے آپ اس بارہ مین کیا مناسب دیکھکر فرماتے ہین عین الملک نے کہا ہم ارباب شمشیر ہین جو تمھاری رائے مین آوے گا ہم اُس پر عمل کرینگے پولا رائے نے کہا مین یہ صلاح دیکھتا ہون کہ صبح عید کو تم لشکر آراستہ کرو اور یکایک پیخبری مین کہ تمام افواج لوازم عید مین مشغول ہوگی دائرہ غنیم پر حملہ آور ہوکر کل نصرت بابع اقبال شاہی سے دستیاب کرو عین الملک نے یہ مشورہ قبول کیا پولا رائے نے مبالغ مذکور اُس کے حوالہ کرکے یہ بات کہی کہ تم یہ روپیہ روز عید کے خرچ کے بہانہ فوج پر تقسیم کرو الغرض جب ہلال شوال چرخ پر نمودار ہوا عین الملک نے وہ زر نقد امرا اور لشکر پر قسمت کیا اور یہ فرمایا کہ تم سب علے الصباح مسلح اور مستعد رہنا کہ بادشاہ کے سلام کو جاکر

مبارکباد کہین چنانچہ صبح روز عید کو جب خبر پائی کہ مردم عادل شاہی تمام مراسم عید مین مصروف ہین قواعد ہوشیاری مین قیام نہین رکھتے لہذا اپنے دور لشکر کی دیوار مین رخنہ کرکے برآمد ہوئے اور فوج غنیم کے قریب جاکر بزور فیلان کوہپیکر قریب چالیس گز دیوار اُس کے گرد لشکر کی ڈھائی اور بفراغت تمام داخل ہوکر قتل مین مشغول ہوئے مردم عادل شاہی کمال غفلت مین تھے ادنےٰ اعلےٰ نے قدم رکاب فرار مین رکھا اور عادل شاہ کہ اُس ساعت مین روز عید کے غسل مین مشغول تھا فرصت پوشاک پہننے کی نپائی بتعجیل تمام آپ کو اس معرکہ سے کنارہ کیا اور چتر و علم اور گھوڑا اور ہاتھی بہت مع توپخانہ فوج نظام شاہیہ کے ہاتھ آیا اور شکست آور خان کا حوض ہوا اس درمیان مین ایک جماعت سیف الملک کی طرف سے آنکر بآواز بلند مبارکباد فتح کہنے لگی برہان شاہ کہ اس معاملہ سے خبر نہین رکھتا تھا کیفیت احوال اُن سے مسموع کرکے اُسی وقت سوار ہوا اور قلعہ کے مقابل ایستادہ ہوکر قسم یاد کی کہ اہالی قلعہ اگر آج قلعہ سپرد نکرینگے بجبر و قہر آتش عظیم افروختہ کرکے اُنکے زن و فرزند صغیر و کبیر کو آگ مین جلاکر خاکستر کرونگا جب یہ خبر حصنو کو پہونچی ہراسان ہوئے اور اُسی وقت قلعہ اُسکے سپرد کیا اور ہر طرف سے عادل شاہ نظام شاہ کی ولایت مین در آیا پرگنہ بیر وغیرہ کو خراب اور ویران کرکے بطور الغار عالم بیخبری مین قلعہ پرندہ کی سمت پہونچا جب دروازہ قلعہ کا کشادہ دیکھا شمشیر سیان سے برآوردہ کرکے قلعہ مین حملہ آور ہوا اور بہت آدمی خواجہ جہان کے قتل کرکے قلعہ پر متصرف ہوا پھر عادل شاہ قلعہ ایک دکنی کے سپرد کرکے بیجاپور گیا نظام شاہ نے یہ خبر سنکر قلعہ کلیان اپنے ایک معتمد کے حوالہ کیا اور بجناح استعجال کوچ متواترہ سے پرندہ کیطرف روانہ ہوا جب دو منزل راہ باقی رہی وہان کا تھانہ دار رات کیوقت مچھر ونکی آواز کو صدائے نفیر نظام شاہ تصور کرکے سراسیمہ پلنگ پر سے اٹھا اور قلعہ کا دروازہ کھولکر براہ فرار نا پی باقی آدمی بھی بیدل ہوکر اُسی رات کو نکل گئے نظام شاہ بعد دو دنکے وہان داخل ہوا جب قلعہ خالی دیکھا خواجہ جہان کو بدستور سابق سپرد کرکے احمد نگر کیطرف مراجعت کی اور اُنھین سنوات مین رام راج رائے بجانگر سے لوازم دوستی درمیان مین لاکر مع خیل و حشم درمیان ولایت عادل شاہ سے رائچور کیطرف گیا اور اُس سے ملاقات کرکے یہ مقرر کیا کہ قلعہ رائچور و مدکل کو رامراج مفتوح کرے اور قلعہ شولاپور و گلبرگہ پر خود متصرف ہو رام راج نے رائچور و مدکل کو گھیرا اور برہان شاہ نے قلعہ شولاپور کو مرکز کے مانند درمیان مین لیکر حوزہ تصرف مین لایا پھر باتفاق قلعہ رائچور کو محاصرہ کیا بروایت صحیح بعد چند روز کے برہان شاہ نے تنکنا ڈری سے کہا کہ عنقریب موسم برسات پہونچیگا ہمین اور رامراج کو اس قلعہ مین قیام کرنا تضییع اوقات ہے اگر رائے عالی تجویز کرے مین شولاپور مین جاکر اُسے گھیرون تو دونون قلعہ یکبارگی مفتوح ہون تنکنا ڈری نے یہ مقدمہ رام راج کے ذہن نشین کرکے رخصت دی برہان شاہ مع لشکر کثیر رامراج کے اُس طرف روانہ ہوا قلعہ شولاپور کہ گچ اور پتھر سے روے زمین پر نصب تھا مرکز کے مانند گھیرا اور چلپی رومی خان سے کہا کہ جلد یہ قلعہ مسخر کرے ۔ یہ رومی خان کسی زمانہ مین سلطان بہادر گجراتی کے ملازمون مین سے تھا اور مقصود یہ کہ اسکے بعد قلعہ گلبرگہ کی طرف جاکر اُسے بھی مفتوح کرے اس درمیان مین رومی خان نے بضرب توپ کلان قریب تین گز دیوار مین رخنہ کرکے اُسکو مسخر کیا اُسکے بعد خبر پہونچی کہ رام راج نے قلعہ رائچور اور مدکل کو لیکر بیجانگر کیطرف معاودت کی بادشاہ نے اِس سال صلاح گلبرگہ کی روانگی کی نہ سمجھی مقدور دولت کیطرف سوار ہوا کہتے ہین چلپی رومی خان جو شاہ طاہر کا دست گرفتہ تھا اُسنے توپین صاعقہ آسا حصار شولاپور کے مقابل نصب کین اور اُسکے برج و بارہ کو ضربت توپ سے مضمون عالیہا ساقہا کا ظہور مین پہنچایا تھا اور مضمون آیہ کریمہ امطرنا علیہم مطرا یعنی من مجارۃ نوع مین لاکر ہر روز رخنہا حصن حصین مین ڈالتا تھا

لیکن ویسا رخنہ بہم نہ پہونچا کہ غازیان عظام قلعہ مین داخل ہوتے اور برہان شاہ اس توہم سے کہ سابا رام راج پیشتر اس سے قلعہ رائچور کو مستحکم کرکے بیجانگر کی طرف معاودت کرے تعجیل فرماتا اور ایسے وقت مین ایک جماعت کفار نے جو ہم پیشہ رومی خان تھے عرض مین پہونچایا کہ تقصیر رومی خان کی طرف سے ہی اگر وہ چاہے تھوڑے عرصہ مین قلعہ کی دیوار کو مسمار اور منہدم کرکے خاک کرے برہان شاہ نے شعلۂ غضب مشتعل کرکے چاہا کہ رومی خان کو اپنے دست مبارک سے تہ تیغ کرکے خاک مذلت پر ڈالے ارکان دولت اور اعیان حضرت نے سر زمین پر رکھکر اُس کی سفارش کی اور رومی خان خوف سے متعہد ہوا کہ مین دس روز کے عرصہ مین دیوار قلعہ کی خاک کے برابر کردونگا پھر وہ اپنے کام مین مشغول ہوا اور ایام موعود سے پیشتر دیوار قلعہ کو صفحہ خاک سے جدا کیا اور دلیران سپاہ ظفر پناہ ایک حملہ متعاقبہ کرکے قلعہ مین در آئی اور اُسے مفتوح کیا برہان شاہ نے اُس قلعہ کو مجدداً تعمیر کیا اور رومی خان کو بنوازش بادشاہانہ سربلندی بخشی اور ازدیاد عزت کے واسطے اپنے اسپ خاصہ پر اُسے سوار کیا اور شہزادہ حسین کو فرمایا کہ بارہ قدم پیادہ اُس کے رکاب مین جاوے اور اس التفات کے سبب بعد چند سال کے فتح رام راج بھی جیسا کہ چاہیئے اُنکی سعی اور زین کوشش سے وقوع مین آئی اور سنہ ۹۶۰ھ نوسو ساٹھ ہجری مین پھر عادل شاہ کی تمام ولایت کی تسخیر کے درپے ہوا اور رام راج کو اس بات پر موافق کیا کہ قلعہ ساغر[۱] اور اتگی کو محاصرہ کرکے اس حدود کے دوسرے پرگنات پر آب بیورہ کے ساحل تک قابض ہووے اور بیجاپور لوٹکر پھر بھی متصرف ہووے پھر سنہ ۹۶۱ھ نوسو اکسٹھ ہجری مین برہان شاہ رام راج کو موافق کرکے بیجاپور کیطرف متوجہ ہوا عادل شاہ تاب مقابلہ کی نہ لاکر بناکیطرف مفرور ہوا اور برہان شاہ قلعہ بیجاپور کے محاصرہ مین مشغول ہوا قریب تھا کہ مفتوح کرے ناگاہ خود مرض الموت مین مصروع ہوا مبتلا ہوا اور قاسم بیگ حکیم کی تکلیف دہی سے احمد نگر جاکر اُسی مرض مین جان جان آفرین کی سپرد کی اور باغ روضہ مین بہلوے احمد نظام شاہ پیوند زمین کرکے خاک کے سپرد کیا اور بعد چند مدت کے استخوان دونون بادشاہ کے برآوردہ کرکے کربلائے معلے مین لے گئے اور خاص آل عبا کے تحت گنبد مین ایک گز کے فاصلہ پر مدفون کیا اور اُسی سال سلطان محمود گجراتی اور سلیم شاہ بادشاہ دہلی بھی برحمت حق واصل ہوئے پدر مولف سولانا غلام علی ہندو شاہ نے اُنکی تاریخ سلک نظم مین کھینچکر مشہور کی قطعہ سہ خسرو راز وال آمد بیکبار ✤ کہ ہند از عدل شان دارالامان بود ✤ یکے محمود شاہ نشاہ گجرات ✤ کہ ہمچون دولت خود نوجوان بود ✤ دویم سلیم شہ سلطان دہلی ✤ کہ در ہندوستان صاحبقران بود ✤ سیوم آمد نظام آن شاہ بحری ✤ کہ در ملک دکن خسرو نشان بود ✤ زسن تاریخ فوت ہر سہ خسرو ✤ چو میپرسی زوال خسروان بود ✤ اسامی اولاد ذکور برہان شاہ کے جو اُسکے بعد بقید حیات تھے حسین اور عبدالقادر کہ والدہ اُنکی بی بی آمنہ تھی دوم علی کہ والدہ اُسکی بی بی مریم دختر یوسف عادل شاہ تھی وشاہ حیدر کہ داماد مخدوم خواجہ جہان دکنی تھا ومیران محمد باقر جو بیجاپور مین فوت ہوا اور شہزادہ سلطان محمد خدابندہ جس نے بنگالہ مین وفات پائی۔

ذکر حسین نظام شاہ بن برہان نظام شاہ بحری کی سلطنت کا

جس وقت کہ برہان نظام شاہ فیلستان پرخار جہان سے روضہ رضوان کی طرف خرامان ہوا اُسکا بیٹا اس کا حسین نظام شاہ کہ تیس برس کا تھا قائم مقام ہوا شہزادہ عبدالقادر کہ باپ کے نزدیک بہت عزیز تھا اس امر مین مخالفت کرکے روز جلوس کو باتفاق جمیع برادران قلعہ سے نکل گیا اور لوگ دو تخانہ کے دو فرقہ ہوئے تمام حبشی اور غریب

[۱] ساغر کو ساگر کرتے ہین

حسین نظام شاہ کے شریک ہوئے اور دکنی ہندو اور مسلمان قصبۂ نیکاپور کے قریب میران عبدالقادر کے پاس فراہم ہوئے اور چتر اُسکے سر پر بلند کیا اور باقی شہزادہ یعنے محمد خدابندہ اور شاہ علی اور شاہ حیدر وغیرہ اور میران محمد باقر بھی ساتھ اُسکے موافق ہوکر دم موافقت کا مارنے لگے قریب تھا کہ بھائیون کے درمیان آتش قتال شعلہ زن ہووے اور جماعت کثیر طرفین سے ضائع ہو کہ ناگاہ چار پانسو نفر سپاہی ہزارہ اور عوالہ از افاغنہ بیگ حکیم کی تدبیر سے اُس سے جدا ہوئے اور حسین نظام شاہ کی ملازمت مین روانہ ہوئے اور مردم قلعہ نے اس امر سے قوی پشت ہوکر چتر اور سویج بھی اُس کے سر پر لگائی اور عبدالقادر دفع فساد اور تالیف قلوب کے واسطے زخیرہ اٹھانے لگا امرائے دکن مثل خورشید خان اور عالم خان لمبانی وغیرہ حسین نظام شاہ کو قوی تر دیکھکر بوسیلہ قاسم بیگ امان نامہ کہ باصطلاح دکن مین قولنامہ کہتے ہین حاصل کرکے اور عبدالقادر کی رفاقت ترک کرکے ہر ایک اپنے مکان کی طرف روانہ ہوئے اور عبدالقادر نے زمانہ کی بازی سے حیران ہوکر اپنے بھائیون اور عزیزون سے مشورہ کیا سبھون نے صلح قرار دیکھی عبدالقادر مع ایک جماعت مخصوصان سے برار کی طرف عماد الملک کے پاس گیا اور اُس حدود مین وفات پائی اور شاہ علی اور میران محمد باقر اور محمد خدابندہ بیجاپور کی طرف روانہ ہوئے اور شاہ حیدر پرندہ کی طرف بھاگا مملکت موروثی خس وخاشاک این وآن سے پاک ہوئی اور خطبہ بنام ائمہ معصومین علیہم السلام پڑھا اور حسین نظام شاہ باستقلال تمام بادشاہ ہوا اور بعد چند عرصہ کے ایک جماعت امرا کو جنھون نے عبدالقادر سے الحاق کیا تھا سزا دی سیف عین الملک جو بعد از سلطان بہادر گجراتی آنکر سپہ سالار برہان شاہ ہوا تھا ہراسان ہوکر برار گیا اور خواجہ جہان حاکم پرندہ نے کہ بیٹی اُسکی شاہ حیدر بن برہان شاہ کے حبالۂ نکاح مین تھی اس امر کا قاصد ہوا کہ عادل شاہ کی اعانت اور حمایت سے اپنے داماد کو احمدنگر کا بادشاہ بناوے اس سبب سے رسوم تدبیت اور تہنیت مین قیام نہ کیا اور حسین نظام شاہ یہ اخبار سنکر اور یہ اطوار دیکھکر برہم ہوا اور رفع حجت کے واسطے ایک مکتوب خواجہ جہان دکنی کو بھیجا خواجہ جہان نوشتہ کے مضمون پر اطلاع پاکر بحر اندیشہ مین غرق ہوا نہ اظہار مخالفت اپنے حوصلہ طاقت مین دیکھتا تھا اور نہ عزیمت ملازمت سے نسیم سلامت مشام جان مین پہونچتی تھی دونون طرح مشکل تھی ناچار ایک جواب دور از صواب مرقوم کیا مضمون اس کا یہ تھا کہ چہرہ اخلاص خارتقصیر ظاہری سے خراشیدہ ہوا ہی صورت ملاقات کو خوف دہ ہراس مانع قوی ہی اس وقت تقبیل آستانۂ سلطنت سے موانع رکھین پھر کسی وقت احرام طواف کعبۂ امال باندھکر دربار ہمایون مین حاضر ہون گا اس جواب سے نظام شاہ کو یقین ہوا کہ خواجہ جہان ملاقات کے واسطے نہین آوے گا اس واسطے قلعۂ پرندہ کی طرف روانہ ہوا اور آگ نہب وغارت کی روشن کی اور خواجہ جہان نے ہراس بقیاس کو اپنے دل مین راہ دیکر اپنے ایک عزیز کو اُس قلعہ مین چھوڑکر لوازم قلعہ داری کے بارہ مین وصیت کرکے خود باتفاق شاہ حیدر عنان عزیمت راہ ہزیمت کی طرف پھیری اور ابراہیم عادل شاہ کے پاس فریادی گیا بیت چو وحشی خبر یافت کان سیل تیز ٭ برآورد زان صید گہ رستخیز ٭ امرائے نظام شاہی نے قلعہ کو محاصرہ کرکے بازو جلادت کا کھولا اور اہل قلعہ عادل شاہ کے بامید اعانت معذور ہوکر ہاتھ آستین جوانمردی سے نکالکر شام تک مدافعہ مین مشغول رہے آخر الامر توپچیان نظام شاہی نے توپ قیامت آشوب کے ضرب سے وہ بنیاد کہ خردمندون کے عہد کے مانند پائدار اور مضبوط تھی زندونکی توپہ کیطرح توڑدی اور شیران بیشۂ ہیجا اور نہنگان لجۂ وغا

حصار مین داخل ہوئے اور ضرب تیغ آبدار سے خون متحصنون کا خاک مذلت پر گرایا حسین نظام شاہ نے رخنہ قلعہ کو مرمت سے مسدود کرکے سالماً غانماً ہمعنان نصرت ہوکر قلعہ اپنے ایک معتمد ان درگاہ کے سپرد کیا اور خود بدولت اقبال احمد نگر کی طرف مراجعت فرمائی اور جو اکثر شاہزادے اور مخدوم خواجہ جہان دکنی نظام شاہ کے خوف تھے ابراہیم عادل شاہ کے پاس پناہ لے گئے تھے اور سیف عین الملک نے بھی برار سے بیجاپور کی طرف جاکر عادل شاہ کی ملازمت اختیار کی تھی اسواسطے عادل شاہ نے اپنے چچا زاد بھائی میران شاہ علی کو چتر و سورج بھی دیکر ارادہ کیا کہ امرائے احمد نگر کو کہ تمام حسین نظام شاہ کے قہر و سطوت سے ہراسان ہین بہ اغوا و تحریص شاہ علی کے پاس فراہم کرکے تخت احمد نگر پر متمکن کرین اور یہ خبر جب نظام شاہ کے سمع مبارک مین پہونچی وسواس را در برہمن کو عماد الملک کے پاس بھیجا تو فرمش یگانگی اور محبت بچھا کر باتفاق عادل شاہ کے فساد کو دفع کرین عماد الملک نے سات ہزار سوار مسلح نظام شاہ کی کمک کو بھیجے اور وہ اُسکی سبب قوی پشت ہوکر شولاپور کیطرف کہ محاصرہ عادل شاہ مین تھا متوجہ ہوا بعد حصول سپاہ زرم خواہ احمد نگر اور لشکر عماد الملک کے شولاپور کی طرف کہ لشکر عادل شاہیہ محاصرہ مین رکھتا تھا توجہ کی اور بکوچ متواترہ اُس حصار کے اطراف مین پہنچکر نزول اجلال فرمایا اور جو عادل شاہ اس سفر مین عازم جازم تھا کہ انتقام نظام شاہ سے لیکر شکست ہائے سابق کا عوض لیوے سپاہ کی آراستگی مین مشغول ہوا اور سررشتہ محبت اور صلح کا ہاتھ سے دیکر طرفین ۔۔ دلیرون نے مثل شیر عرین کف غضب لب پر لاکر میدان کین مین قدم جلادت رکھا **مثنوی** کشید ہ گردان بارگ براسپ ۔ دو دریاے طوفان برآور دموج غبارے برآمد بخورشید وماہ ۔ کہ شد از زخم چشم گردون سیاہ ۔ نگنجند پیلان بہ چرخ برین ۔ بہ زخمگان خرطوم گوے زمین ۔ نیاسر کہ از ضرب گرز درشت ۔ بسینہ فرو رفت چون خار پشت ۔ سنان کردہ انگشت ہر سو دراز ۔ نمودہ اجل رارہ ترک وتاز ۔ بسیف عین الملک جو عادل شاہ کا مقدمہ تھا اُسنے لشکر عماد الملک اور بعضے امرائے نظام شاہی کو کہ ہراول تھے بنات النعش کیطرح متفرق اور پریشان کرکے فوج خاصہ نظام شاہی پر حملہ کیا اور اُس کے میسرہ کو بھی متزلزل کرکے اُس کے چتر و علم و دولت کیطرف متوجہ ہوا بہادران نظام شاہی ہجوم کرکے اُسکے مدافعہ مین مشغول ہوئے اور ایک حالت عجیب گردون پیر کو مشاہدہ ہوئی عین الملک نے قریب چار سو مرد اہل خبرہ کو جو نامی تھے اور تمام معرکون مین اُنسے کارنمایان ظہور مین آئے تھے تہ تیغ بیدریغ کیا اور صلابت خان عین الملک کا بھانجا بھی زخم کاری اُٹھاکر خانہ زین سے جدا ہوا منقول ہے کہ قاعدہ عین الملک کا یہ تھا کہ جسوقت کام اسپر تنگ ہوتا تھا معرکہ مین پیادہ ایستادہ ہوتا تھا اور اپنے سپاہیون کو جنگ کی ترغیب و تحریص کرتا تھا اسواسطے اُس قتال مین بھی گھوڑے سے اترکر آدمیون کو مقاتلہ مین مصروف کیا اور کام اس نہایت کو پہونچا کہ احمد نگر کے باشندے مجروح افتادہ ہوکر مفرور ہوے اور نظام شاہیہ کے زیر علم ایک ہزار سوار اور دو ہاتھی سے زیادہ باقی نہ تھے باوجود اس حال کے بامید عنایت غیبی و تائید لایزالی پاے ثبات قائم کرکے جنگ مین اصرار کرتا تھا اور جیسا کہ فرمایا کہ فتح بتقدیر آسمانی ہے سعی انسان کو اس مین ہرگز دخل نہین ہے ہر مردم کو تاہ بین نے حال شاہ کے گوش زد کیا کہ سیف عین الملک جو از راہ مکر و حیلہ بیجاپور کیطرف آیا تھا ہم نے بچشم خود دیکھا کہ اُس نے گھوڑے سے اترکر نظام شاہ کو سلام کیا عادل شاہ اس بات کو یقین کرکے امرا اور سپاہ کو جنگ مین چھوڑکر خود بتعجیل تمام بیجاپور کی طرف روانہ ہوا عین الملک قریب تھا کہ نظام شاہ کو معرکے سے پسپا کرکے ہزیمت دے کہ ناگاہ یہ خبر سنکر سوار ہوا اور صلابت خان کو چادر مین ڈالکر بدحال اور پریشان

مع مردم بقیۃ السیف بیجاپور کا راستہ لیا اور جو نظام شاہ کے پاس تھوڑی جماعت باقی رہی تھی تعاقب مین صلاح نہ دیکھکر شکر الٰہی بجالایا اور بعد دو روز احمد نگر کی طرف راہی ہوا جیسا کہ وقایع عادل شاہیہ مین مذکور ہوا سیف عین الملک عادل شاہ کی قلمرو سے کنارہ کش ہوا اور اس حدود مین اُسے ٹھہرنے کی مجال نرہی ہر طرح خرابی اپنی جمعیت کو ساتھ لیکر وہانسے نظام شاہ کی سرحد پر آیا اور نظام شاہ اگرچہ اُس کے فساد سے امین نہ تھا بلکہ نہایت رنجیدہ اور دلکشیدہ تھا لیکن بحسب ظاہر خوشحالی کرکے اپنے مصاحبین سے یہ بات کہی کہ ہمارے طالع بلند اور قوی کا نشان یہ ہی کہ عین الملک پھر اسطرف متوجہ ہوا اور ہمارے حقوق سابق مرعی رکھکر چاہتا ہی کہ پھر امرا کے سلک مین منتظم ہووے اور بے تامل حکیم قاسم بیگ کو کہ محرم اسرار تھا اور اُس سے بزرگ تر کوئی درباری اس دولتخانہ مین نہ تھا جلدی بطریق استقبال بھیجکر تحریر کیا کہ ہماری خواہش اور توجہ تجھے اس سرحد کیطرف لائی ہی اگر بحسب تقدیر چند روز ہماری ملازمت ہمایون سے تجھے محرومی حاصل ہوئی ہرگز اسکا اثر ہماری نظر مین نہین ہی عنایت واشفاق اور اشتیاق خسروانہ ہمارا اپنی نسبت زیادہ اس سے کہ اوہام مین سماوے تصور کرکے باطمینان تمام حضور مین روانہ ہووے کہ ساتھ جاگیرات اور منصب قدیم کے سرفراز ہوکر اپنے ہمچشمون مین محسود ہوگا ہم نے مزید اطمینان کے واسطے امان نامہ اور رہگیر رومال خاصہ مین باندھکر بھیجا ہی لازم ہی کہ ہمراہ محرم بزم اختصاص و مصاحب مجلس خاص قاسم بیگ حکیم کے درگاہ کی طرف متوجہ ہووے اور زیادہ اُس سے ہمارے دربار بہشت آثار کو اپنے وجود شریف اور عنصر لطیف سے خالی نرکھے قاسم بیگ نے سرحد مین عین الملک سے ملاقات کی اور پیام شاہ کا جو کچھ تھا پہونچایا عین الملک نے دو شرط پر قبول کیا اول یہ کہ حسین نظام شاہ اُسکے استقبال کو قلعہ احمد نگر سے برآمد ہووے دوسرے یہ کہ روز ملاقات قاسم بیگ اُسکی اُردو مین بطریق رہن رہے قاسم بیگ دونون امرون کا ضامن ہوا عین الملک دو ہزار سوار ہمراہ لیکر احمد نگر کیطرف متوجہ ہوا اور احمد نگر سے دو کوس پر فروکش ہوا قاسم بیگ نے اُس سے یہ بات کہی کہ مجھے رخصت کر کہ احمد نگر مین جاکر طریق ملاقات قرار دیکر تیرے پاس آئین قدمون مراجعت کرون تو اُردو مین تیرے بطریق ضامن رہکر مجھے نظام شاہ کی ملاقات کو بھیجون عین الملک نے یہ تجویز پسند کی اور قاسم بیگ بادشاہ کے دربار مین آیا لیکن قرینہ اور قیاس سے صحبت غلیظ دیکھکر اپنے مکان پر واپس گیا اور روغن بھلاوہ سر اور منھ پر ملکر آاس کے بہانہ بالین بیماری ترتیب کیا حسین نظام شاہ نے ایک جماعت اعیان کو مع اطبا اور اشربہ فرستادہ عین الملک کے پاس بھیجکر اعلام کیا کہ فلان ساعت مین نے ملاقات کیواسطے تجویز کی ہی جو قاسم بیگ علیل ہی معطل نہوکر جلد روانہ ہو کہ ہم تمھارے استقبال کو سوار ہوتے ہین عین الملک نے آدمی معتمد قاسم بیگ کے پاس بھیجے جب اُسے اُس حال مین متبلا دیکھا پلٹ آئے اور عین الملک کو اطلاع دی اور یہ بھی عرض کی کہ بادشاہ تمھارے استقبال کیواسطے سوار ہوا ہی عین الملک مجبور ہوکر صلابت خان کے ہمراہ مع جماعت قلیل روانہ ہوا اور قبول خان جو اُسکا غلام تھا ہرچند روانگی سے مانع ہوا اور یہ بات کہی کہ قاسم بیگ کی بیماری جعلی ہی اور ملاقات اس بادشاہ عہد شکن کی مین مصلحت نہین دیکھتا ہون ہرگز اُسکا کہنا موثر اور پذیرا نہوا قبول خان تعاقبین ہوکر اس سے جدا ہوا اور اپنے فرودگاہ مین جاکر یہ کہا کہ عین الملک نے فرمایا ہی کہ تمام آدمی یہان سے کوچ کرکے شہر مین آوین اور فلان منزل پر کہ بادشاہ نے ملاقات مقرر کی ہی وارد ہوین یہ کہکر زین بندی کا حکم دیا اور حرم کی عورتون کو لباس مردانہ پہنے پر مامور کیا اور خود مع جمعیت و حشم مستعد سواری ہوا عین الملک جب قصبہ نیکاپور کے حوالی مین پہونچا دیکھا کہ نظام شاہ گھوڑے پر سوار

صحرائے سطح مین ایستادہ ہوا اور آگے اُسکے دو طرف ہاتھیونکو ایستادہ کرکے کوچہ بنایا ہو پھر ایک جماعت درباریان حضور آگے بڑھکر آئے اور صلابت خان کو بسواری اسپ اندر لائی لیکن پیچھے سے ایک جماعت اور پہونچی اور کہا کہ تم دونون یہان سے پیادہ پا ہو عین الملک نے اپنے دل مین تجویز کیا تھا کہ بسواری اسپ بادشاہ سے ملاقات حاصل ہوگی اُن کی تکلیف دہی نہایت دل پرشاق گذری لیکن چونکہ دونون مجبور تھے پیادہ پا ہوکر آگے بڑھے اور بعد سلام دونون نے رکاب بوسی کے واسطے قدم آگے بڑھائے ابھی وہ ساتھ اس ارادہ کے مشرف نہوئے تھے کہ حکم کے موافق لوگون نے اُسے اور صلابت خان کو گرفتار کرکے ہاتھیو پر سوار کیا نظام شاہ نے شکار کو دام مین لاکر مراجعت کی جب قصبہ نیکاپور مین پہنچا فیلبانون نے اشارہ کے بموجب پوشیدہ دونون کا گلا گھونٹ کر ہلاک کیا اور دونون کی لاشین ہاتھی پر سے پھینکدین جیسین نظام شاہ یہ احوال دیکھکر بولا کہ یہ بیچارے ہمارے خوف وہراس سے دہلکر مر گئے پھر اُنکی تجہیز وتکفین کیواسطے اشارہ کرکے ایک جماعت کو نامزد کیا کہ اُنکی عورات کو مع ساز وسامان حضور مین لاوین اور باقی کو تاراج کرین قبول خان نے یہ نتیجہ آئینہ حدس وادراک مین مشاہدہ کرلیا تھا اور گوش بر آواز تھا جب لشکر بادشاہی کی توجہ سے آگاہ ہوا عین الملک اور صلابت خان کی مستورات کو سوار کیا اور قریب پانسو سوار جو عین الملک کے ملازم تھے مع اسپ تجملی ولایت ابراہیم قطب شاہ کیطرف متوجہ ہوا اور چند مقام مین تعاقب کرنیوالے مردم نظام شاہی کے ساتھ ایسی عمدہ جنگ گریز کی کہ زمین وآسمان سے تحسین وآفرین کی ندا سنی اور جب حوالی اندور مین پہونچا امرائے نظام شاہی کہ اس حدود مین تھے حقیقت حال پر مطلع ہوکر سراہ ہوکر متعرض دستدرجنگ ہوئے قبول خان نے مثل شیر خشمناک پلٹکر اور پانسو سوار کو لیکر پانچہزار سوار نظام شاہیہ سے مقابلہ اور مقاتلہ اختیار کیا اور ایسی کارزار کی کہ ارواح بہادران اولین اور آخرین اُسکے تماشہ کیواسطے حاضر ہوئین آخر کو نسیم فتح قبول خان کے پرچم مراد پر چلی ظریف الملک اور چند اخان اور دلاور خان اور پاکباز خان جو امرائے معتبر نظام شاہیہ سے تھے مارے گئے اور غنیمت فراوان قبول خان کے ہاتھ آئی اور بخیر وسعادت گلکنڈہ کیطرف گیا اور ابراہیم قطب شاہ نے حقیقت وفاداری اُسکی کہ بازماندگان اپنے صاحب اور ولی النعمت کی نسبت بجا لایا تھا منظور رکھکر بجاگیر لائق سرفراز کیا قبول خان جبتک زندہ رہا ہر سال ایک جماعت احمد نگر بھیجتا تھا کہ عین الملک اور صلابت خان کی قبر پر کہ قصبہ نیکاپور مین واقع ہو اُنکی ترویح روح کیواسطے آش اور روٹی فقرا اور مساکین کو تقسیم کرتے تھے اور قبور کے خادمونکو بنقود فراوان محظوظ کرتے تھے اور شجاعت اور مردانگی اُنکی استعدد محکن مین مشہور ہو کہ جوانان بہادران ازدیاد تہور کے واسطے خاک اُنکی مزار کی چاٹتے ہین اور اُنکی ارواح سے استمداد ڈھونڈھتے ہین اور عین الملک کا باپ سیف الملک عراقی تھا اور وہ خود گجرات مین پیدا ہوا تھا اور سلاطین گجرات نے آثار شجاعت ومردانگی اُسکے چہرۂ حال سے مشاہدہ کرکے اسے منصب دارونکی سلک مین منسوب کیا اور جب اُس سے خدمتہاے نمایان وقوع مین آئین سلک امرا مین منتظم کیا اور اُسنے بھی ہمت فراہم لانے جوانان خوب اور شجاع معرکہ گزار اور متہورین مصروف رکھی مغل اور عرب اور افغان اور گجراتی اور حبشی اور دکنی وغیرہ دس بارہ برس کی مدت مین قریب دس ہزار آدمی خوب بہم پہونچا کرانسے بسلوک برادرانہ پیش آتا تھا اور خادمی اور مخدومی منظور رکھتا تھا اور گھوڑے اور خیمہ خاصہ کچھ ہرگز اُسکی سرکار مین نہ تھے بوقت سواری کی ضرورت ہوتی تھی گھوڑا انھین جوانون سے طلب کرکے سوار ہوتا تھا اور جسوقت کوئی سفر پیش آتا تھا اپنے ہمراہیون کے خیمہ مین فروکش ہوتا تھا اور جب جاگیر سرکار بادشاہی سے پاتا تھا اپنے افسرونکو بلاکر کہتا تھا کہ سبحانہ تعالی نے فلان جاگیر عزیزون کے نامزد فرمائی ہو آپس مین تقسیم کرو چنانچہ وہ آپس مین اتفاق برادرانہ کرکے محتاج دفتر اور اہل حساب کے نہوتے تھے

اور کچھ زر اس جاگیر کے حاصل سے اُسکے مصارف ضروری خرچ خاصہ کے واسطے مقرر کرتے تھے غرضکہ قریب چالیس برس عمر امارت مین بسر کی اور کسی معرکہ مین شکست نہائی جسوقت کہ سلطان بہادر فوت ہوا برہان نظام شاہ کیخدمت مین مشرف ہوکر امیر الامرا ہوا اور ان سنوات مین شاہ حیدر بن شاہ طاہر نے جو ایران کیطرف گیا تھا مراجعت کی چنانچہ حسین نظام شاہ نے منشی علی قلی کو مع پالکی اُس کے استقبال کو بھیجا وہ باعزاز واکرام فراوان احمد نگر کی طرف لایا اور قصبہ ونداراج پوری اور بھی جاگیرات جو شاہ طاہر کی تھین اُسے بھی عنایت فرما کر درباریان حضور سے کیا اور جب ابراہیم عادل شاہ نے جوار رحمت ذوالجلال کیطرف انتقال کیا حسین نظام شاہ نے اُسکے ملک کی طمع کی اور قلعہ حسن آباد گلبرگہ کی تسخیر کا عازم ہوا ملا عنایت اللہ اور قاسم بیگ کو گولکنڈہ کی طرف بھیجکر ابراہیم قطب شاہ کو پیغام دیا کہ جو محل فرصت ہے مناسب ہے کہ ہم اور تم قلعہ گلبرگہ پر متصرف ہون ابراہیم قطب شاہ یہ امر خدا سے چاہتا تھا فی الفور خیمہ اور خرگاہ روانہ کیا جب نظام شاہ نے یہ خبر سنی کوچ برکوچ احمد نگر سے گلبرگہ کی طرف روانہ ہوا اور قطب شاہ بھی بسبیل استعجال اس اطراف مین آیا دونون بادشاہ نے گلبرگہ مین ملاقات کی اور یہ قرار پایا کہ اول باتفاق گلبرگہ کو مفتوح کرین اُس کے بعد ابتگر کو تسخیر کرین چنانچہ ہردو باتفاق محاصرہ گلبرگہ مین مشغول ہوئے اور نظام شاہ کے گولہ انداز ان رومی خان چلپی وغیرہ نے برج بارہ کو توپ اور ضرب زن کی ضرب سے متزلزل کیا اور جب قلعہ فتح ہونے کے قریب آگیا تو مصطفی خان اردستانی نے کہ جملہ الملک قطب شاہ تھا اُس سے معروض کیا کہ حسین نظام شاہ تمہارا دوست اعتدال اور عہد شکن ہے اگر قلعہ گلبرگہ کو تصرف مین لاویگا آپ کو قلعہ ابتگر سے مانع آویگا اور آپ اُس سے عہدہ برا نہونگے بہتر یہ ہے کہ آپ اُسکی اعانت وتقویت مین کوشش فرماوین کہ اُسے عادل شاہ پر زیادتی اور غلبہ حاصل ہوا ابراہیم قطب شاہ نے مصطفے خان کا کلام صادق جانکر خیمہ اور خرگاہ اور اثقال سے قطع نظر کرکے وقت شب کے اپنے دارالملک کیطرف توجہ فرمائی اور اہل قلعہ سے دشمن کے دفع کیواسطے سفارش اور تاکید بہت کرگیا امرائے عادل شاہی قوی پشت ہوئے اور قطب شاہ کے کوچ کرنیکی خبر سنتے ہی لشکر نظام شاہ کے گرد تاخت وتاراج کرکے مزاحمت شروع کی اور حسین نظام شاہ تبنگ آکر بدون اُسکے کہ ہاتھ گردن شاہد مقصود مین ڈالے اپنا پچھلا سر کھجا کر احمد نگر کیطرف پلٹ گیا اور ملا عنایت اللہ جو درمیان نظام شاہ اور قطب شاہ کے اتحاد اور اتفاق کے بارہ مین متوسط تھا حسین نظام شاہ کی جباری اور قہاری سے خائف اور ہراسان ہوکر اثنائے راہ سے بھاگ گولکنڈہ کیطرف گیا حسین نظام شاہ نے آتش قہر افروختہ کرکے قاسم بیگ حکیم سے ملا عنایت اللہ کے گناہ کا مواخذہ کیا اور قلعہ پرندہ مین دو تین ماہ اُسے قید رکھا پھر مقام عنایت مین آکر اُسے حبس سے نجات دی اور بدستور سابق معزز اور محترم کیا اور علی عادل شاہ نے درپے انتقام ہوکر بانواع تدبیر وحکمت رام راج اور قطب شاہ کو ساتھ اپنے متفق کیا اور یہ خبر جب احمد نگر مین پہونچی نظام شاہ نے چاہا کہ دریا عماد الملک کو ساتھ اپنے بکہبت دیکر بان کرے پھر ملا مازندرانی کو کہ اُس کے مصاحبین سے تھا ایلچپور کیطرف بھیجا تو لوازم مصادقت اور مودت درمیان مین لاکر وصلت اور پیوند نسبت سے قوی کرے چنانچہ ملا علی وہان پہونچکر عماد الملک کی ملاقات سے مشرف ہوا اور سخن مدعا ساتھ اس تقریب کے کہ ہوئے مذکور کرکے عماد الملک اور نظام شاہ کو آب گنگ کے ساحل پر قریب قصبہ سون پت کے بعد تقریب عروسی بعشرت آباد مشہور ہوا سنہ ۹۶۶ نو سو چھیاسٹھ ہجری مین باہم ملاقات کرائی دونون بادشاہ دریائے مذکور کے دو طرف فروکش ہوئے خیمہ اور خرگاہ اور سرا پردہ اور بارگاہ اوج سپہر اور ذروہ مہر وماہ پر بلند کئے اور جشن اور سامان شادی مین مشغول ہوکر

قباب

بساط نشاط مبسوط کی مثنوی زبس از دو سو بارگاہ و طناب ٭ نہان شد زمین زیر موج و حباب ٭ ندیدم جز آن سدّ آب شگرف ٭ میان دو دریا یکے رود ژرف ٭ زمین از دو لشکر کواکب نشان ٭ در و حدود آب چون کہکشان ٭ زنسیم و ز رآن ہر دو صاحب کلاہ ٭ کشیدند بر آسمان بارگاہ ٭ ز ہر جا بہ چہ کوس عشرت زدند ٭ رہ شادمانی بنوبت زدند ٭ زمین آسمان وار آراستہ ٭ خرد شان نوائے برخاستہ ٭ جب مقدمات جشن و میزبانی اور مہمات شادی اور مہمانی نے سامان قبول کیا منجمان و فقیہ شناس نے اجتماع نیرین کے واسطے ایک ساعت خجستہ اختیار کی اور قضات و علمائے پایہ سریر خلافت مصیر نے بی دولت شاہ دختر عماد الملک کو حسین نظام شاہ کے عقد ازدواج مین لائے اور جب دولت شاہ دختر عماد الملک حسین نظام شاہ کے عقد مین آئی ہر شخص خوش و خرم اپنے دار الملک کیطرف روانہ ہوا اور اسی سال مولانا شاہ محمد نیشاپوری اور جلبی رومی خان کو قلعہ ریگ ۹۰ پر کروہان کے کفار اپنے اندازہ سے قدم آگے رکھکر مسلمانون کو ایذا پہونچاتے تھے تامزد فرمایا کفار اپنے کیے ہوے سے پشیمان ہوے اور مسلمانونکی عدم مزاحمت مین عہد و پیمان درمیان مین لائے پھر اس جماعت نے معاودت کی اور آخر سنہ ۹۶۷ نو سو سڑسٹھ ہجری حسین نظام حسین نے قلعہ کالنہ پر جو تصرف مین ایک راے کے تھا بخلاف باپ دادا کے کہ اسوقت تک نظام شاہ کے تصرف مین نہ آیا تھا فوج کشی کی اور زمین چار مہینے کے عرصہ مین مع چند قلعہ کے اسکو مسخر کیا اور اپنے مردمان معتبر کے سپرد کرکے مظفر و منصور احمد نگر کیطرف مراجعت کی اُن روزون مین یہ مشہور ہوا تھا کہ علی عادل شاہ قلعہ شولاپور اور کلیان کے انتزاع مین مصر اور سجدہ ہی اور رام راج کو مع قطب شاہ ہمراہ لیکر احمد نگر کیطرف عازم ہوا ہی حسین نظام شاہ نے بمشورۂ قاسم بیگ شاہ حسن انجو کو جو رخصت مکہ معظمہ لیکر بندر جیول گیا تھا احمد نگر مین طلب کرکے اُس سے مشورہ کیا شاہ حسن و قاسم بیگ نے جواب دیا ہمین تاب مقاومت کی ان تینون بادشاہون سے نہین ہی صلاح دولت یہ ہی کہ قلعہ کلیان عادل شاہ کو دیکر لوازم صلح درمیان مین لائے حسین نظام شاہ نے کہا وہ قلعہ میرے والد بزرگوار نے بضرب شمشیر و مردانگی لیا تھا بڑی شرم و ننگ کی بات ہی اُس کو دب کر دشمن کے سپرد کرنا پھر شاہ حسن جرأت کرکے عرض پیرا ہوا عالم پناہ ہر وقت کا موقع اور محل ہی یعنی وہ ہنگام مقتضی لینے کا تھا اور یہ مقتضی دینے کا ہی بادشاہون مور و نیادارون کو ایسے امور زبردستی اور زیردستی کے اکثر پیش آجاتے ہین حسین نظام شاہ کسی طرح ساتھ اس مقدمہ کے راضی نہوا اور اس قدر پرخاش کی کہ معینون بادشاہ قریب ایک لاکھ سوار اور دو لاکھ پیادے کے ہمراہ رکاب لیکر احمد نگر مین آپہونچے نظام شاہ نے قلعہ احمد نگر کو کہ گلی تھا اور خندق نرکھتا تھا آذوقہ اور آلات آتشبازی سے مملو کرکے مردم جنگی کے سپرد کیا اور خود مع خزانہ اور اہل و عیال پٹن کی طرف گیا تو دریا عماد الملک اور میران مبارک شاہ فاروقی اور علی برید کو ساتھ اپنے متفق کرکے دشمنون سے مصاف کرکے اتفاقات سے خانجہان بھائی امیر برید عماد الملک کے پاس جاکر مدار علیہ ہوا تھا عماد الملک کو امداد نظام شاہ سے مانع آیا اور خود پانچہزار سوار اور پیادہ لیکر نظام شاہ کے ولایت کی تخریب مین مشغول ہوا حسین نظام شاہ نے ملا محمد نیشاپوری کو اُسکے مقابلہ کیواسطے مع دو تین ہزار سوار بھیجا اور حملہ اول مین خان جہان شکست فاحش کھاکر ملا محمد کے مقابلہ سے بھاگا جو عماد الملک کے پاس شرم سے نہ جاسکتا تھا اسواسطے عادل شاہ کی ملازمت کیواسطے روانہ ہوا اور جہانگیر خان جملۃ الملک مع لشکر برار نظام شاہ کی مدد کو آیا اتنے مین علی عادل شاہ اور رام راج اور قطب شاہ نے احمد نگر مین پہونچکر مکانات و مساجد کی ویرانی مین کوئی دقیقہ فروگذاشت نہ کیا اور قلعہ کو گھیرا جب کام مردمان درونی پر تنگ ہوا قطب شاہ نے جو عافیت اندیشی

کر کے نچا ہتا تھا کہ عادل شاہ بھی نظام شاہ پر فائق ہووے اپنے مورچے سے راہ آمد و شد مردم درونی پر مفتوح کی اور جمیع مایحتاج پہونچاتا تھا اور قاصد اور معاون بفراغت نظام شاہ کیطرف سے قلعہ مین دواد وش کرتے تھے اور کسی طور سے محنت اور تعب نہ کھینچتے تھے اور ملا عنایت اللہ کہ اُسوقت مین قطب شاہ کا ملازم تھا اور ایسے امور مین دخل عظیم رکھتا تھا ہمیشہ اہل قلعہ کے ساتھ باب دوستی مفتوح رکھکر عرائض مشتمل بر اخلاص اور دولت خواہی حسین نظام شاہ کے پاس بھیجتا تھا اور جب اس قسم کے امور پوشیدہ نرہے عادل شاہ اور رام راج مطلع ہوکر قطب شاہ سے مقام پرخاش مین ہوے اور جیسا کہ سابق مین وہ خوش طبعانہ قلعہ گلبرگہ سے بھاگ گیا تھا اسیطرح قلعہ احمد نگر کے مورچہ سے بھی رات کیوقت خیمہ اور خرگاہ اور اشیاے سنگین اس مقام مین چھوڑکر بہ سبیل استعجال گلکنڈہ کیطرف روانہ ہوا اور ملا عنایت اللہ نے کوچ کیوقت قطب شاہ سے جدا ہوکر آپ کو قلعہ احمد نگر مین پہونچایا اور وہان سے ٹہین مین جاکر حسین نظام شاہ کی ملازمت سے مشرف ہوا اور جو کہ بعد شکست خانجہان کے عماد الملک نے جہان گیر خان وکنی کو پیشوا کرکے مع جمعیت خوب نظام شاہ کی کمک کو بھیجا ذہ عادل شاہ کی سرحد پر پہونچکر مانع وصول غلہ اور آذوقہ ہوا سنر صنکہ ایک قحط عظیم غلہ کا اُردوے عادل شاہ اور رام راج مین بہم پہونچا تمام خلائق فاقہ کشی سے غمگین اور اندوہگین ہوئی اور دونون بادشاہ کوچ کرکے قصبہ آشتی مین پہونچے اور اس مقام مین استقامت کی اور در پیش کے ہوے کہ امراے کبار کو مع لشکر بسیار قلعہ پرندہ کیطرف بھیجکر اول اُسے مفتوح کرین اُس کے بعد راجحت کرکے احمد نگر پر تصرف ہووین نظام شاہ مضطرب ہوا اور مشورہ قاسم بیگ حکیم اور شاہ حسین آنجو اور ملا عنایت اللہ کے رام راج سے طریقہ آشنائی مسلوک رکھکر طالب صلح ہوا رام راج نے کہا مین تین شرط سے صلح کرتا ہون اوّل یہ کہ قلعہ کلیان عادل شاہ کو دیوین دوسرے یہ کہ جہانگیر خان سے مضرت بہت ہمارے لشکر کو پہونچی ہے اور وہ ہمارا دشمن ہو اُسے قتل کرین تیسرے یہ کہ نظام شاہ ہمارے پاس آکر پان استمالت لیوے حسین نظام شاہ نے یہ بات سُنکر اپنے حفظ دولت کے واسطے تینون امر قبول کرکے دروازے ظلم وجور کے اپنے احباب کے منہ پر کھولے اور اچانک ایک جماعت امراے کبار کو جہانگیر خان کے دائرہ پر کہ مہان ورد دولت خواہ تھا بھیجکر اُسے قتل کیا عماد الملک نے ترس وخوف سے زبان ہان دہن مین نہ کھولی تغافل کو بہترین امور سے سمجھا حسین نظام شاہ نے بعد اس بیمروتی کے کہ کا فرقوی کے کہنے سے ملک کی مصلحت کیواسطے ایک دوست جانی کو مقتول کیا عماد الملک کو رخصت کرکے اُردوے رام راج کیطرف روانہ ہوا اور رام راج نے نہایت عجب وتکبر سے تواضع نکرکے نظام شاہ کی بھیجکر دست بوسی کی حسین نظام شاہ راے کی نخوت وغرور سے نہایت رنجیدہ ہوا اور جہالت اور نادانی سے رام راج کے ستانے کیواسطے ہی مجلس مین طشت وآفتابہ طلب کرکے ہاتھ دھویا رام راج یہ حال مشاہدہ کرکے مثل مار دم بریدہ پیچاب کرکے بزبان کنہری بولا اگر یہ میرا مہمان نہوتا تو سکا پارچہ بزرگ اُسکے سر انگشتان پر ہوتا یہ کہکر طشت وآفتابہ اسنے بھی طلب کرکے ہاتھ دھویا سن بعد تنگنا وڑی اور تمراج بردوران امراج اور قاسم بیگ حکیم اور ملا عنایت اللہ ایسے کلام کہ آتش فساد ساکن ہو دوسیان مین لائے حسین نظام شاہ نے قلعہ کلیان رام راج کو دیکر کہا اُسکو تیرے پیشکش کیا رام راج نے اُس کے سامنے کنجی قلعہ کی عادل شاہ کے پاس بھیجی اور پھر اُس نے حضرت کو پان دیکر رخصت کیا حسین نظام شاہ جو رام راج کی نخوت عادل شاہ کی طرف سے جانتا تھا ملاقات اُس سے نہ کی اور اپنے دائرہ گاہ کی طرف سوار ہوا جب یہ سب ملوک اور راجہ اپنے اپنے دار الملک اور دار الراج کی طرف روانہ ہوئے حسین نظام شاہ نے احمد نگر جاکر قلعہ کو کہ خشت وگل سے تھا مسمار کیا اور اُس کا دائرہ وسیع کرکے گچ اور پتھر سے

بناڈالی اور اُس کی تیاری کے بارہ مین اہتمام بہت فرماکر تھوڑے عرصہ مین انجام کو پہونچایا اور اُسکے گرداگرد ایک خندق وسیع اور عمیق کھودی اور آدمیون نے بھی منازل کی تعمیر مین کوشش کی اور ابتدائے سنہ ۹۶۹ تو سو اُنھتر ہجری مین اپنی بڑی بیٹی بی بی خدیجہ کو جو بطن خونزہ ہمایون سے تھی شاہ جمال الدین حسن بن شاہ حسن کے عقد نکاح مین دیدیا اور اُن دنون مین جو دریا عماد الملک فوت ہوا اُس کا بڑا بیٹا برہان عماد الملک کہ صغیر سن تھا اُس کا قائم مقام ہوا حسین نظام شاہ بسبب اُس مروت کے کہ قطب شاہ سے احمد نگر کے محاصرہ کے وقت مشاہدہ کی تھی اُس سے دلی دوستی اور صداقت کے ہوا اور ملا عنایت اللہ نے کہ اُس عرصہ مین مصاحب اور ہم پیالہ نظام شاہ کا ہوا تھا پھر قدم درمیان مین رکھکر ایسا کیا کہ حسین نظام شاہ نے ایلچی قطب شاہ کے پاس بھیجکر باہم یک دلی سے اتفاق کیا اور قرار دیا کہ حوالی کلیان مین ملاقات آپس مین کرکے لوازم عرضی بجالاوین اُسکے بعد قلعہ کلیان کو مسخر فرماوین اگر عادل شاہ اور رام راج بھی انکی طرف متوجہ ہووین نظام شاہ متعہد رام راج کے قتال کو ہوا اور قطب شاہ مقابلہ عادل شاہ کا اختیار کرے اور چونکہ حسین نظام شاہ قہار اور بیباک تھا کسی شخص کو اس ارادہ محال کے فسخ مین مجال عرض نہ تھی بمقتضی سکوت اختیا کیا کرا اوائل سنہ ۹۷۰ نو سو ستر ہجری مین نظام شاہ اور قطب شاہ نے کلیان کے اطراف مین ملاقات کرکے اپنے آئینہ ہائے دل کی کدورت صاف کی اور شرائط جشن عروسی درمیان مین لاکر بی بی جمال بنت حسین نظام شاہ کو ابراہیم قطب شاہ کے حبالہ نکاح مین منتظم کیا اور دونون بادشاہ نے متفق ہوکر قلعہ کلیان کو مسخر کیا اور جب قریب ہوا کہ دم دروی امان طلب کرکے قلعہ کو سپرد کرین کہ ناگاہ بدستور اول عادل شاہ اور رام راج مع لشکر گران اُس حدود کی طرف متوجہ ہوے اور برہان الملک نے کہ اپنے باپ کی مملکت پر قائم ہوا تھا جہانگیر خان کے قتل ہونے سے نظام شاہ سے رنجش خاطر بہم پہونچائی اور باتفاق علی برید عادل شاہ سے پیوستہ ہو حسین نظام شاہ نے ترک محاصرہ کرکے اعمال دا لقبال اور اہل وعیال کو مع شاہزادہ مرتضے اور اپنے داماد شاہ جمال الدین حسین کے قلعہ اوسہ کیطرف روانہ کیا اور خود مع سات سو ارابہ توپ اور ضرب زن اور پانسو فیل نامی برفاقت قطب شاہ اُنکے مقابلہ کو جاکر چھ کوس کے فاصلہ پر فروکش ہوا اور دوسرے دن حسین شاہ نے بہ نیت جہاد کفار بیانگر ہتھیار سپاہیون پر تقسیم کئے اور مستعد قتال ہوکر رام راج کے اُردو کیطرف متوجہ ہوا اور قطب شاہ بھی بقدر طاقت و توان لشکر آراستہ کرکے بہ قصد مقابلہ اور مقاتلہ عادل شاہ اور علی برید اور برہان عماد الملک کے نظام شاہ کے ساتھ روانہ ہوا اور ان دنون مین موسم برسات نہ تھا ناگاہ ایک گھٹا آسمان پر چھاگئی اور اس شدت سے پانی برسا کہ صحرا اور دشت آب سے بھر گیا اور تالاب اور نالہ دریا ہوئے آدمی اور ہاتھی اور گھوڑے نہایت عاجز ہوئے اور سپاہیون نے ہتھیار پھینکدیے اور توپون کے پہیے دلدل مین دھس گئے صحبت عجیب وغریب واقع ہوئی حسین نظام شاہ نے اُسیدن اپنے لشکرگاہ کی طرف مع چالیس ضرب توپ کلان معاودت کی اور مرتضی خان یعنی شاہ ابوالقاسم آنجو کا بھائی کہ نوکران عادل شاہ سے تھا امرائے برکی کی ہمراہی مین نامزد فرمایا کہ پیشتر جاکر اپنی سپاہی اُس لشکر کو دکھا دے تو ہم کو فرصت ہووے کہ مسلح ہوکر میدان کی طرف روانہ ہووین اتفاقاً مرتضی خان نے اثنائے راہ مین ارابے توپ اور ضرب زن کیچڑ اور دلدل کے درمیان افتادہ دیکھے جب حقیقت اور ماہیت قصہ پر واقف ہوا تعجیل تمام آدمی علی عادل شاہ کے پاس بھیجکر بشارت رسی علی عادل شاہ اور رام راج نے آدمی روانہ کرکے ارابون پر قبضہ کیا اور بلا توقف دائرہ قطب شاہ پر جاکر حملہ کیا قطب شاہ مع ایک

جماعت مخصوصان سے بھاگ کر نظام شاہ کے عقب لشکر گاہ ایستادہ ہوا اور مصطفےٰ خان اروستانی نے کہ اُس کا میر جملہ تھا مع جمعیت اپنی کے رگ سیادت اور غیرت کو حرکت مین لاکر اپنی فوج آراستہ کی اور نقارہاے حربی پر چوب زن ہوا اور استقدر پاؤن زمین کین مین گاڑے کہ نظام شاہ مدد کے واسطے آپہونچا اور اُردو قطب شاہ کا سلامت اور قائم رہا نظام شاہ نے اپنے ارکان دولت کو بلاکر یہ فرمایا مین تو پخانہ کے ذریعہ سے چاہتا تھا کہ رام راج کا مواجہہ کرون اور قطب شاہ کو عادل شاہ کے مقابل مامور کرون مگر اب قطب شاہ مرتضےٰ خان سے کہ ایک امراے عادل شاہ سے ہے بلا جنگ بھاگا اور توپخانہ غنیم کے ہاتھ آیا صورت قتال کیونکر ہو مین دیکھی انھون نے جواب دیا اسوقت لڑائی مین نقصان کے سوا کچھ فائدہ متصور نہین ہوتا ہے آپ اپنے دارالملک کی طرف مراجعت فرمائین اور جنگ اور وقت پر محول رکھین جب رام راج اور عماد الملک اور علی برید کے امرا اور افسران سپاہ بطریق روزگذشتہ اُردو کے حوالی مین پہونچے نظام شاہ اور قطب شاہ جنگ کے بہانہ سوار ہوکر احمد نگر کیطرف روانہ ہوے اور دشمنون نے اُردو کو تاراج کرکے انکا تعاقب کیا یہانتک کہ لشکر نظام شاہ کا بنات النعش کیطرح متفرق ہوا زیادہ ہزار سوار سے نظام شاہ کے پاس نرہا لیکن نظام شاہ پردلی سے سیطور رہتر اور علم مرتفع کرکے نہایت تجمل اور وقار سے جاتا تھا اور پانچ چھ ہزار سوار اُس کے چارون طرف تعاقب مین جاتے تھے لیکن یہ قدرت نہ تھی کہ حملہ آور ہوون اور اس شیر بیشہ بادشاہی کیطرف نگاہ پھیر کر دیکھین منقول ہوکہ وہ حضرت نماز کے بہت مقید تھے چاہا کہ نماز وقت پر پڑھون قضارا اس روز جب نماز ظہر کا وقت آیا ارادہ کیا کہ گھوڑے سے اتر کر نماز ادا کرون ارکان دولت نے عرض کی کہ اس وقت مین گھوڑے سے اترنا اور نماز مین مشغول ہونا شرع مین ضروری نہین ہے آپ ایما اور اشارہ سے خانہ زین پر نماز ادا فرمائین اس شہریار دادفر تھور نے یہ امر قبول نفرمایا اور ارشاد کیا کہ خدا نکرے مین اس وضع سے نماز ادا کرون یہ کہکر گھوڑے سے اُتر پڑا اور بہ نہایت اطمینان و وقار نماز مین مشغول ہوا اور افواج دشمنون کی اُس شہریار کی فوج سے دوچند بلکہ اس سے بھی مضاعف تھی اور گرداگرد ایستادہ تھی کسی کو یہ حوصلہ نہوا کہ قدم آگے بڑھاتا حسین نظام شاہ جو ٹپکا چست زیب کمر کیے تھا فرمایا مذہب شیعہ مین ایسے لباس سے نماز درست نہین تھی اعادہ لازم آیا یہ کہکر ٹپکا کھولکر پھر اعادۂ نماز مین مشغول ہوا اور جب فارغ ہوا ٹپکا باندھ کر سوار ہوا اہل تعاقب یہ جرأت دیکھکر آپس مین کہتے تھے کہ جب ہم نے ایسے وقت مین کچھ کام نہ کیا اب ہم سے کیا ہوسکیگا پھر سب نے باگ موڑی اور ایلچی شاہ کی خدمت مین بھیجکر یہ پیغام دیا کہ شجاعت اور مردانگی آپ پر ختم ہے ہم لوگ تعاقب سے دست کش ہوے کہ کسی طرح کا صدمہ ذات اشرف کو نہ پہونچے حسین نظام شاہ جب اوسہ مین پہونچا شہزادہ مرتضےٰ کو ہمراہ لے کر قطب شاہ کو رخصت کیا اور خود احمد نگر کیطرف کوچ کیا اتنے مین یہ خبر سنی کہ عادل شاہ اور رام راج اور برہان عماد الملک اور علی برید کوچ بر کوچ اُسکی طرف متوجہ ہین ذخیرہ اور مردم جنگی اور آلات آتشبازی سے مضبوط کرکے جنیر کی طرف روانہ ہوا اور تمام دشمن احمد نگر مین آپہونچے اور کفار بیباک نے مع اوباش لشکر مکانات اور مسجدین ویران کین اور ایک مسجد کہ چھت اُس کی چوبی تھی تیشہ بیداد سے اُسے بھی ویران کیا اور مسلمانون کو ایذا پہونچاتے تھے اور اُن کی عورات اور فرزندون کی بے حرمتی مین جو کچھ اُن سے بن پڑا تقصیر نہ کی عادل شاہ یہ اخبار سننے سے غمگین ہوا جو قدرت مخالفت نرکھتا تھا رام راج سے کہا ہمارا حاصرہ اس قلعہ کا جواب محکم زیادہ و ادل سے ہوگیا خلاف مصلحت ہے بہتر یہ ہے کہ کوچ کرکے نظام شاہ کے

پیچھے روانہ ہوئین رام راج راضی ہوا علی برید اور برہان عماد الملک کو رخصت معاودت فرمائی اور باتفاق عادل شاہ کوچ کرکے جنیر کی طرف عزیمت کی اور حسین نظام شاہ انکی توجہ سے واقف ہوا بارہ امیر مثل رستم خان حبشی اور ساباجی وغیرہ کے نامزد فرمائے کہ لشکر مخالف کے پیش و پس تاخت کرکے ہمہ تن تاخت و تاراج مین مشغول ہوین کہ غلہ اور رسد اور سامان معیشت انھین بہم نہ پہونچے اور خود مع احمال و اثقال بل ندی کی طرف کہ کوہستان مین واقع ہے روانہ ہوا رستم خان نواحی قصبہ کانوہین مخالفون کے قریب پہونچا اور بادشاہ کے حکم کے موافق وصول غلہ اور آذوقہ کا مانع ہوا اس درمیان مین ایک دن علی عادل شاہ شکار مین مشغول تھا اور خالو اُس کا ہمراہ فوج بیجاپوری مسافت طے کرتا تھا رستم خان حبشی جرأت کرکے برخلاف قرارداد کے افواج عادل شاہی پر کہ نہایت کثرت سے تھی حملہ آور ہوا اور علی عادل شاہ کے خالو کو قتل کیا اور خود بھی مع دو ہزار مرد کارآزمودہ مارا گیا اور بقیہ السیف سپاہ نظام شاہ پریشان اور بدحال ہوکر دشت ہزیمت مین آوارہ ہوئی لیکن رستم خان کی جرأت سے بیجاپوری اور بیجانگری خوفناک ہوئے اور موسم برسات بھی قریب آیا رامراج اور عادل شاہ پھر احمد نگر کی طرف عازم ہوئے قضارا رام راج نہر سین اور اُس کے اطراف مین فروکش ہوا اور علی عادل شاہ نے دور تر نزول کیا اور دونون اپنے ممالک کی طرف روانگی اور قلعہ احمد نگر کے محاصرہ مین مترود ہوئے اس درمیان مین احمد نگر کے شمال مین اس شدت سے پانی برسا کہ رات کیوقت سیل عظیم آیا قریب تین نقارہ اور تین سو ہاتھی کہ زنجیر اُنکے ہاتھ پاؤن مین پڑی تھی اور بارہ ہزار آدمی کہ جن کے نام رامراج کے دفتر مین مندرج تھے بحر فنا مین غرق ہوئے اب اسی پر مردم پیادہ اور بنگاہ اور گھوڑے وگاے بیل وغیرہ کی بربادی قیاس کرنا چاہیے کہ کس قدر غرق ہوے ہونگے رام راج اس واقعہ شگون بد سمجھکر اپنی ولایت کی طرف متوجہ ہوا اور علی عادل شاہ نے قلعہ نلدرگ کو از سر نو تعمیر کیا اور رامراج سے کہا اگر تمہاری خوشی ہو اسے گچ اور سنگ سے تیار کرون اور اسے تمہارے نام کہ رام درگ ہے موسوم کرون رامراج نے منظور کیا اور مزدور اور کاریگر اُسکی تیاری مین مشغول ہوئے اور عادل شاہ باتفاق رامراج کوچ کرکے قصبہ کنی کی طرف کہ قطب شاہ کی سرحد مین واقع تھا پہونچے رامراج نے طمع عادل شاہ اور قطب شاہ کے ملک کی کرکے برسات کی طغیانی کے بہانہ سے مقیم ہوا اور چند پرگنے دونون سے لیکر بیجانگر کیطرف گیا اور علی عادل شاہ نے قلعہ نلدرگ مرتضیٰ خان کے حوالہ کیا اُسنے بھی اپنے مقرر کیطرف معلومت فرمائی اور مرتضیٰ خان قرب وجوار کے سبب وقت بوقت ولایت شولاپور کی تاخت و تاراج مین قیام کرتا تھا حسین نظام شاہ یہ امر عادل شاہ کی تحریک سے تصور کرکے دربے استحکام قلعہ شولاپور ہوا اور ذخیرہ کیواسطے بارہ ہزار گونین غلہ کی شاہ محمد آنجو اور فرہاد خان اور اوہم خان حبشی کے ہمراہ روانہ کین مرتضیٰ خان نے یہ خبر سنکر باتفاق امراے برار تاخت کرکے شولاپور اور پرندہ کے مابین اُنکے فروکش ہونے کے وقت آتش قتال روشن کی اور بحسب اتفاق شاہ تقی نام ایک سید کہ نظام شاہ کے ملازمین سے تھا شمشیر خان سے نبرد ہوکر آپس مین شمشیر بازی کرنے لگے شاہ تقی مغلوب ہوکر اسیر ہوا اور اسیر ونکی طرح اسے ہاتھی پر سوار کیا اور اُسوقت فریقین کے درمیان قتال و جدال عظیم واقع ہوئی اور امراے نظام شاہی پسپا ہوکر بھاگ گئے اور قریب اکیسو بیس زنجیر فیل بربادو رضائع کئے امراے برار کی جیساکہ انکا قاعدہ اور دستور ہے قرار فتح اپنی طرف دیکر تاراج مین مصروف ہوے اور انبار غلہ کا جہانتک اُٹھ سکا لوٹا اور باقی مین آگ لگادی مرتضےٰ خان اور شاہ قلی جایلون نے ہاتھیون کو بیجاپور روانہ کیا اُس درمیان مین ایک غلام پیچ حبشی نے کہ جملہ اسیرون سے تھا اور ایک شخص نے اسے ہاتھی پر سوار کیا تھا

گریہ وزاری شروع کی مرتضیٰ خان نے سبب گریہ وزاری پوچھا اور یہ بات کہی کہ اگر تجھے میرے پاس رہنے کی تمنا ہو تو
مین تیرے حال پر ایسی توجہ مبذول فرماؤنگا کہ تو بفراغت تمام بسر کریگا اور جو تجھے خواہش اپنے صاحب کی ہو تو تجھے ابھی
آزاد کرتا ہون غلام یہ سنکے کہا مین اپنے صاحب کو چاہتا ہون مرتضیٰ خان نے اُسے فوراً آزاد کیا اور وہ بتعجیل تمام
شاہ محمد اور امرائے مقدور کے پاس پہونچا اور یہ خبر دی کہ جمیع افواج نظام شاہی تاراج مین مشغول ہین اور مرتضےٰ خان
مع جماعت قلیل کہ دو دستہ سے زیادہ نہین فلان مقام مین ایستادہ ہے اسے دستیاب کرکے اپنے فیلوں کا عوض لو شاہ محمد
باقر نے دو تین ہزار سوار لیکر یکایک مرتضیٰ خان کو گھیر کر زندہ دستگیر کیا اور زنجیر مین مسلسل کرکے احمد نگر کیطرف روانہ ہوا حسین
نظام شاہ نے از سر نو بارہ ہزار گون غلہ مہیا کرکے اس مرتبہ خود ہمراہ ہوکر بسرعت برق وباد غلہ لشکر شولاپور کو پہونچا کر پلٹ
آیا اور اسکی آمد ورفت مین بارہون سے زیادہ عرصہ نہ لگا اس وقت ایک جماعت طرفین سے اصلاح کے درپے ہوئی اور
یہ مقرر کیا کہ طرفین کے اسیرون کو سرحد مین لاکر دفعۃً واحدۃً چھوڑین یہ مرتضیٰ خان اور شاہ تقی کو سرحد پر لے گئے جب دور
سے ایک نے دوسرے کو دیکھا اُسطرف سے شاہ تقی اور اسطرف سے مرتضیٰ خان کو چھوڑ دیا ایک بیجاپور کیطرف دوسرا احمد نگر
کی سمت آیا اور بعد اس واقعات کے حسین نظام شاہ نے فرش لڑائی اور خودرائی کا لپیٹا اور مہمات ملکی اور مالی ملازمان صاحب
راے سے رجوع فرمائے اور وقائع عادل شاہیہ مین مرقوم ہے کہ دو تین ماہون کے مساعی جمیلہ سے درمیان سلاطین ثلاثہ
کے عداوت بصداقت مبدل ہوئی چاند بی بی بنت حسین نظام شاہ کو علی عادل شاہ کے عقد مین منعقد کیا اور قلعہ شولاپور کہ
جوما بہ النزاع اور فساد تھا اُسکے جہیز مین دیا اور ہر یہ سلطان بنت ابراہیم عادل شاہ کو مرتضیٰ نظام شاہ ولد حسین نظام شاہ
کے حبالۂ نکاح مین لائے اُن دونون بادشاہ شیعہ مذہب نے نقارہ یکجہتی اور دوستی کا بجایا اور ۹۷۰ نوسو ستر ہجری
مین ساتھ اُس کیفیت کے کہ داستان علی عادل شاہ مین بیان ہوئی سلاطین دکن سوائے برہان عادالملک کے سب
رام راج کے قتال اور استیصال مین کہ جوعرصہ دکن مین نغمہ انا ولاغیری کا گاتا تھا یکدل اور یکجہت ہوئے اُسکے بعد نظام شاہ
اور عادل شاہ اور قطب شاہ اور علی بریدنے سامان جنگ درست کرکے آب کشنہ سے عبور کیا اور ندی ہیکری کے
کنارے کرکشنہ سے چھ کوس پر ہم مقام فرمایا رام راج مع ستر ہزار سوار اور نو لاکھ پیادہ جنگی کے کہ اُن مین اکثر گولہ انداز اور تیر انداز
تھے بجانگر سے انکی طرف متوجہ ہوا مسلمان اُسکے حشمت اور شوکت سے متوہم ہوکر آپس مین اس بات پر راضی ہوئے
کہ صلح کرلین اگر رام راج وہ سب واپس دے جو اُس نے ولایات عادل شاہ اور قطب شاہ سے لیا ہے اور عہد کرے کہ
من بعد مزاحمت اور تعرض نہ ہوگا لیکن وہ کافر اُن بادشاہون کو جز ضعیف جانکر جملہ موجودات سے ہیچ شمار کرتا تھا اور بدین
نظر حرب مین بھی جلدی کی تنگنا ڈری کو مع پچیس ہزار سوار اور دو لاکھ پیادہ اور پانسو ہاتھی عادل شاہ کے مقابل مقرر کیا
اور رامیتمراج کو بیس ہزار سوار اور دو لاکھ پیادہ اور پانسو فیل سے قطب شاہ اور علی برید کے مواجہہ مین معین کیا اور خود مع
پینتیس ہزار سوار خاصہ اور دو ہزار سوار کہ راجہاے اطراف کے کہ بروز جنگ ساتھ اُسکے ملحق ہوئے تھے اور پانچ لاکھ
پیادہ جنگی اور ایک ہزار فیل جنگی اور بروایت دیگر دو ہزار فیل کے حسین نظام شاہ کا مقابلہ اور مقاتلہ اختیار کیا اور نہایت
تکبر اور تجبر سے خدا کو حاضر اور ناظر نجانکر زمانہ کی بازی سے غافل ہوکر اپنے بھائیون کو حکم کیا کہ عادل شاہ و قطب شاہ کو زندہ دستگیر
کرنا کہ انکو ہاتھی کی بیڑیان پہنا کر عمر بھر قید رکھون اور اپنے دائین بائین ہراول کو حکم دیا کہ نظام شاہ کا فوراً ستون سے جدا
کرکے میرے پاس لانا اور میمنہ الیتمراج اور میسرہ تنگنا ڈری کے سپرد کیا اور مقدمہ امراے کبار کے تفویض کرکے خود قلب

ین قائم ہوا سلاطین اسلام نے بھی بقصد غزا و جہاد ڈنکا قتال کا کمر ہمت پر استوار کرکے اور جوشن شجاعت زیب تن
رکے کثرت اعدا سے نہ اندیشہ کیا اور بمقتضائے کانهم بنیان مرصوص صفوف حرب آراستہ کین عادل شاہ میمنہ
ین اور قطب شاہ اور علی برید میسرہ ین اور حسین نظام شاہ نے قلب مین مقام کیا اور ہر ایک نے اعلام دوازدہ
ام علیہم السلام بلند کرکے نقارہ جنگ پر چوب ماری حسین نظام شاہ نے چھ سو ارابہ توپ کلان اور توپ میانہ اور
زبزرک اپنے افواج کے آگے علی الترتیب نصب کین اور ہیطور پر دو سو ارابہ توپ ہاے کلان کی فوج کے آگے رہنے
ور بائین قائم کین اور پیچھے اسکے دو سو ارابہ ضرب زن کہ عبارت توپ ہاے میانہ سے ہی پیچھے پر چڑھائین اس کے بعد
دو سو آرابہ زنبوک جسے شتر نال بھی کہتے ہین بقاعدہ و اسلوب نصب کین اور حلبی رومی خان کہ فنون آتشبازی اور
لولہ اندازی مین بے نظیر تھا ان کی سرکاری مین مشغول ہوا اور سب کو گولہ اور بارودت بھر کر تیار کیا اس درمیان
مین ہزار غریب تیر انداز نظام شاہی کہ فراول ہوئے تھے افواج رام راج کو آہستہ آہستہ بقاعدہ سپاہگری توپخانہ
کے روبرو لائے اور رومی خان نے توپ ہاے کلان جن کا نام کفر کوڑ نامک تھا اور لچھما اور دھرتی دھمک اور
کوہ لرزان تھا سر کرنا شروع کیا اور جب وہ خالی ہوئین تو دوسری آلات آتشبازی کہ جن کا مذکور سابق مین ہوا
استعمال مین لایا اور ایک جماعت کثیر سوار و پیادہ رام راج سے مقتول ہوئی وہ کافر اول مسلمانون کے قتال کو حساب
مین نہ لاکر اس وقت تک سندگاس پر سوار تھا اب مسلمانون کے ہاتھ سے قتل ہو کر سندگاس سے اترا اور شامیانہ زربفتی اور
اطلس سرخ کے ایستادہ کرکے چوکی مرصع پر چار زانو بیٹھا اور دو طرفہ ہون اور پرتاب کے دو پہاڑ طلاکے ڈھیر
لگائے اور زر دامن دامن اور سپر سپر لشکر پر قسمت کیا اور ارباب اسلام کی جنگ مین ترغیبات کرکے وعدہ کرتا تھا
کہ جو شخص مظفر میرے پاس آوے اس کو پدک مرصع اور اضافہ جاگیر سے سرافراز کرون گا پھر اسکے میمنہ اور میسرہ اور
مقدمہ نے بہیئت مجموعی افواج اسلام پر حملہ کرکے یمین و یسار نظام شاہی کو کہ مراد عادل شاہ اور قطب شاہ
کے صفوف سے ہی پسپا کیا اور خلایق کو گمان ہوا کہ غلبہ کافرون کی طرف سے ہوا اس درمیان حسین نظام شاہ
نے ایک جماعت کو سلاطین اسلام کے پاس بھیجکر پیغام کیا کہ بتوفیق سبحانی اور امداد ائمہ معصومین علیہم السلام
اسی وقت مظفر اور منصور رہون گے کوشش اور سعی مین تقصیر نہ کرو اور کاروان کارگاہ چلپی رومی خان نے
جلدی اور مردانگی کرکے دوبارہ توپ ہاے کلان اور متوسط مین بجاے گولہ کے گراپ اور تھیلی پیسون کی بھر کر
رام راج کے لشکر پر سر کین کہ دفعۃً پانچ چھ ہزار آدمی اور چند ہاتھی اور گھوڑے کاغذ بادی کی طرح اڑ کر بیجان
ہوئے اس وقت نظام شاہ مع افواج ہمراہی آرابون کے پیچھے سے برآمد ہوا اور باتفاق کشور خان لاری
کے کہ سات آٹھ ہزار سوار عادل شاہی کے ساتھ بسرعت برق و باد اس کے پاس پہونچا تھا اعدا پر حملہ آور ہوا

مثنوی فرو ریخت خون از دم تیغہا ۔ چو اقطار اما طار از میغہا ۔ سنان یلان شعلہ افروز شد ۔ چو برق بہاری جہان
سوز شد ۔ اس وقت کہ طرفین اپنے کام مین مشغول تھے ایک ہاتھی مست فیلبان نظام شاہی سے جس کا نام
غلام علی تھا اور رومی خان کے حوالہ تھا رام راج کے ایک ہاتھی پر حملہ کرکے اسے بھگایا اور اس کا تعاقب کرکے
رام راج کے شامیانون کی طرف متلاشی ہوا اور وہ فیلون کے صدمہ کے خوف سے کرسی سے اٹھا اور جو کہ
ضعیف ہوا تھا اور قوت سواری نرکھتا تھا یا یہ کہ قلم تقدیر نے فنا اور زوال اس کے چہرۂ حال پہ کھینچا تھا نہایت

تمکنت اور غرور سے گھوڑے پر سوار نہوا سنگاسن مین جا بیٹھا اور کہارون نے اس کو اُٹھایا تھا کہ حسب اتفاق ہاتھی وہان آپہونچے کہار سنگاسن زمین پر ڈالکر بھاگے اور فیلبانان نظام شاہی نے سنگاسن کے طمع سے ہاتھی کو بڑھایا اور سنگاسن کی طرف ہاتھی کو اشارہ کیا کہ سنگاسن خرطوم سے اُٹھاکر اپنے پشت پر لاوے ایک خواص رام راج کا جو وہان حاضر تھا اُس نے یہ تصور کیا کہ فیلبان نے شاید رام راج کو پہچانا اس واسطے اس کے قتل کا اشارہ کیا ہے وہ از روے دولت خواہی آگے بڑھکر رونے لگا فیلبان کو یقین ہوا کہ اس مین رام راج ہے اسے دولت غیر مترقب جانکر خرطوم فیل سے پشت فیل پر کھینچا اور سنگاسن کی طرف ملتفت نہوا اور بہ مشقت تمام رومی خان کے پاس لے گیا اور رومی خان نے بتعجیل اس کو نظام شاہ کے پاس پہونچایا اور نظام شاہ نے اُسے پہچانکر فوراً اسکا سر تن سے جدا کیا اور تاج سنان کرکے اُسے ہاتھی پر مرتفع کیا اور یہ حکم دیا کہ افواج دشمن کے سامنے لے جاوین جب کفار بیجانگر کو اپنے سردار کا قتل متحقق ہوا پاے ثبات اُن کا جگہ سے ہلگیا فرار کو قرار پر اختیار کی اور رام راج کے بھائیون نے بھی عادل شاہ و قطب شاہ کے مقابلہ سے کنارہ کرکے اپنے بھائی کی مدد کے واسطے دوڑے اس درمیان مین خبر اُس کے قتل ہونے کے سنی تو انھون نے بھی شل اور دن کے راہ فرار نپائی اور سلاطین اسلام نے انی کندی تک کہ دس کوس بیجانگر سے ہے پیچھا کیا اور بروایت صحیح اس معرکہ مین اول سے آخر تک لاکھ آدمی کفار کی طرف کے قتل ہوے اور نقد و جنس اس کا اس قدر خاص و عام کو نصیب ہوا کہ قلم و زبان اس کی شرح و بیان سے عاجز اور قاصر ہے اور سلاطین نے فیل کے سوا کسی چیز کی طمع نہ کی جو چیز جس کے ہاتھ آئی اُسے ارزانی فرمائی اور حسین نظام شاہ نے پوست سر رام راج کاہ سے پر کرکے یہ بیت پڑھی **بیت** چو بیشہ تہی گردد از نرہ شیر ✽ شغالان در آیند انجا دلیر ✽ اور یہ بیت ایک پرچہ کاغذ پر لکھکر مع سر اکفر بصحابت ایلچی تفال خان برادری کے پاس بھیجا کس واسطے کہ خان مذکور اُس عرصہ مین رام راج کی تحریک کے سبب فرصت دیکھکر احمد نگر کے اطراف تک مزاحمت پہونچاتا تھا القصہ سلاطین اسلام نے انی کندی سے بیجانگر مین جاکر اس شہر کو ایسا خراب کیا کہ اس وقت تک کہ سنہ ۱۰۰۰ ہجری ایک ہزار ہیں ہے آبادی کی علامت اس مقام مین محسوس اور مشاہدہ نہین ہوتی ہے اور تنکناوری جو چارہ نہین رکھتا تھا لاچار ہوکر جو قلعے اور پرگنے کہ رام راج نے زبردستی لیے تھے مسلمانون کو واپس دیے اور جس صورت سے کہ ممکن ہوا صلح کی اور سلاطین باتفاق عازم مراجعت ہوکر ہر ایک اپنے متقر دولت کی طرف روانہ ہوے لیکن احمد نظام شاہ جب احمد نگر مین پہونچا بعد گیارہ روز کے افراط شراب اور مباشرت کی کثرت سے اس جہان فانی سے وداع ہوکر سراے باقی کی طرف خرامان ہوا **مثنوی** درین دیر فانی کہ آرام دید ✽ کہ بود آنکہ جاوید ازو کام دید ✽ کسے رخت ازین خانہ بیرون نبرد ✽ کہ تیر بلاے ز گردون نخورد ✽ چگویم ز گردون ناپاکباز ✽ کہ با پاکبازان کند ترکتاز ✽ فغان از سپہر شرارت اثر ✽ کہ ز و عالمے گشت زیر و زبر ✽ مدت سلطنت اسکی بحساب تاریخ وفات اُسکے باپ کے اسکی تاریخ وفات تک گیارہ سال ہوتی ہے اور یہ مصرعہ اسکی تاریخ فوت کا مادہ ہے **مصرعہ** آفتاب دکن بشد پنہان ✽ اور حسین نظام شاہ جب جوار رحمت ایزدی مین واصل ہوا اُس سے چار بیٹے اور چار بیٹیان کہ چار بی بیون سے پیدا ہوئے تھے باقی رہے بی بی خونزہ ہمایون سے دو بیٹے مرتضےٰ اور برہان اور دو بیٹیان ایک چاند بی بی زوجہ علی عادل شاہ اور دوسری بی بی خدیجہ جمال الدین آنجو کی منکوحہ تھی اور سریت سے دو بیٹے شاہ قاسم اور

شاہ منصور اور دوسری آقابی بی زوجۂ عبدالوہاب بن سید علیہ الرحیم اور بی بی جمالی زوجۂ ابراہیم قطب شاہ

ذکر ابوالمظفر مرتضیٰ نظام شاہ بن حسین نظام شاہ بحری المشہور بدیوانہ کی سلطنت و جہانداری کا

جب حضرت قادر ذوالجلال نے تخت احمد نگر کو ابوالمظفر مرتضےٰ نظام شاہ بن حسین نظام شاہ کے وجود باجود سے مزین کیا اور دائرۂ مملکت اس سلسلہ کا وسیع تر ہوا اور رواج مذہب اثنا عشریہ کمال کو پہونچا اور سادات اور مجاہدان اہلبیت زیادہ تر معزز اور مکرم ہوئے اور بہت سے موضع اور قصبہ علما اور سادات اور مستحقین کو وقف ہوئے تب بعد فتح برار کے بسبب خبط دماغ یا عالی ہمتی کے قریب سولہ برس گوشہ نشین رہا اور مہمات بادشاہی ارکان دولت سے رجوع کرکے ایک یا دو خدمتگار کے سوا اپنے پاس کسی کو آنے نہ دیتا تھا اور جب کبھی کوئی ایسا کام عمدہ پیش آتا تھا اعیان حضرت عرائض بذریعہ خادم بھیجتے تھے اور آنحضرت ایک جواب بکمال معقولیت تحریر کرکے باہر ارسال فرماتے تھے اور کسی کتاب مین یہ نظر نہ آیا کہ بادشاہ کو سولہ برس تک کوئی نہ دیکھے اور خلل اور زلل اس کی سلطنت مین راہ نپاوے حقیر فقیر محمد قاسم فرشتہ عہد بسعادت مہد مین اس شاہ جم جاہ کے سن رشد اور تمیز سے متمیز ہوکر سلک ملازمان مین منتظم ہوا تھا اور جو وہ شہریار آغاز جوانی مین تاج جہانداری زیب فرق کرکے امور مالی اور ملکی مین مشغول ہوا تھا میرے والدہ خونزہ ہمایون نے تخمیناً چھ برس مہمات بادشاہی کو انجام دیا اور اپنے بھائی عین الملک اور تاج خان اور اعتبار خان خواجہ سرا کو اپنے امرائے کبار سے کیا اور رائی تقویت مین اس طرح کوشش کی کہ فوق اس سے متصور نہ تھی اور ملا عنایت اللہ کو پیشوا کرکے ہر روز پس پردہ بیٹھتی تھی اور قاسم بیگ حکیم کی صلاح سے امور ملکی اور مالی کو انجام دیتی تھی مرتضیٰ نظام شاہ مع ایک جماعت غریب اوباش لہو ولعب مین مشغول ہوکر مہمات سلطنت مین ہرگز دخل نہین کرتا تھا اور خونزہ ہمایون بیٹی میانجیو ن خواجگی پوتی جہان شاہ قراقونیلو بادشاہ آذربائجان تھی اور اس عرصہ مین عادل شاہ نے میدان صاف اور زمانہ اپنے موافق دیکھکر بلدہ انی کندی اور بیجانگر کی تسخیر کے واسطے فوج کشی کی اور یہ داعیہ کیا کہ تمراج ولد رام راج کو ردکش کرکے نلکنڈہ کی بادشاہی کو دارالملک کرناٹک ہی اس کے نامزد کرے اور انی کندی اور بیجانگر کو مع مضافات اپنے تحت فرمان لاوے اس سبب سے تنکنا وری حاکم نلکنڈہ نے مضطرب ہوکر مرتضیٰ نظام شاہ اور خونزہ ہمایون کو عرض داشت بدرخواست کمک گذرانی خونزہ ہمایون مع مرتضےٰ نظام شاہ ملا عنایت اللہ کی صلاح سے بیجانگر کی طرف متوجہ ہوئی علی عادل شاہ نے ناچار ہوکر ہاتھ دامن ممالک کرناٹک سے کوتاہ کیا اسکے بعد جب لشکر نظام شاہی بیجاپور کے اطراف مین پہونچا اور چند روز کا عرصہ گذرا علی عادل شاہ یہ خبر سنکر بطور تاخت انی کندی سے بیجاپور آیا اور عازم قتال ہوا لیکن مردمان خیراندیش نے جانبین سے صلح کے بارہ مین کوشش کی اور آپس مین کہنے لگے کہ دو بادشاہ ہم مذہب کو آپس مین منازعت کرنی مروت سے بعید ہی شرط انصاف یہ ہی کہ مصالحہ کرکے بساط نزاع اور کدورت کو لپیٹین غرضکہ جب منازعت درمیان سے دفع ہوئی خونزہ ہمایون نے احمد نگر کیطرف مراجعت کی اور دوسرے برس مرتضےٰ نظام شاہ بحری اور علی عادل شاہ نے اتفاق کرکے بقصد انتظام تفاول خان کہ یورش بیجانگر مین اس نے رفاقت نہ کی تھی ولایت برار کیطرف نہضت فرمائی اور ایلچپور تک اس سرزمین کو کشت و زراعت کی صلاحیت سے

معدوم کرکے آتش قتل و غارت اُس طرف کے باشندون کے مکانون مین روشن کی اور شرط انتقام جیسا کہ چاہئے ظہور مین لائے اور جب موسم برسات پہونچا تفال خان نے علی عادل شاہ کو ازراہ عجز و انکسار اور بذل نقود اور ارسال تحف و نفائس اپنے سے راضی کیا اور آنحضرت نے موسم برسات کے پہونچنے کا بہانہ کرکے باتفاق نظام شاہ اپنے دارالملک کی طرف معاودت فرمائی اور سنہ ۹۵۰ نوسو پچاس ہجری مین علی عادل شاہ عازم تسخیر بعضے ولایات نظام شاہ ہوا اول قلعہ کندا کہ کہ بیس کوس قصبہ جاکنہ سے ہے وہان کے لشکر کو موافق کرکے اس پر متصرف ہوا اُس وقت کشور خان مع لشکر عظیم سرحد کی طرف نام زد فرمایا خونزہ ہمایون اس امر سے مطلع ہوئی اور بعضے افسران دکنی کو اُس کے مدافعہ کے واسطے مقرر کیا اور اُنھون نے قصبہ پیڈ مین پہونچکر کشور خان سے شکست کھائی اور بحال پریشان احمد نگر کی طرف روانہ ہوئے اور کشور خان رعایا کو دلاسا اور تشفی کرکے ممالک سرحد کے محصول خریف و ربیع پر کہ قریب بیس لاکھ ہون کے ہوتا تھا متصرف ہوا اور جہان فتح مین ایک قلعہ نہایت سنگین تعمیر کرکے نہایت غلبہ و تہم پہونچایا اور جو کہ خونزہ ہمایون نے نصف ولایت نظام شاہ اپنے بھائیون اور عزیزون کو جاگیر دی تھی اور یہ لوگ سپاہ کے احوال پر نظر التفات مبذول نکرتے تھے اس سبب سے کشور خان کا تسلط رفع نہوتا تھا لہذا شاہ جمال الدین حسین، آنجو اور قاسم بیگ حکیم اور شاہ احمد اور مرتضیٰ خان بھیجا شاہ جمال الدین حسین آنجو کہ مصاحبان مرتضے نظام شاہ سے تھے دولتخانہ کے اطوار اور اوضاع مشاہدہ کرکے رنجیدہ ہوے اور مرتضے نظام شاہ سے خلوت مین خونزہ ہمایون کی شکایت کی جو ابدیا کہ دولتخانہ کی تمام خلائق والدہ کی طرف ہے مین اُس کا تسلط کیونکر دفع کرسکتا ہون یہ عرض پیرا ہوے اگر حکم ہووے فرہاد خان اور اخلاص خان اور حبشی خان کو کہ امراے کبار حبشی ہین ساتھ اپنے موافق اور یکجہت کرکے اُس کے تسلط کا علاج کرین نظام شاہ نے یہ امر قبول فرمایا اور ان لوگون نے امراے مذکور کو اپنا شریک کیا اور رسلام کے بہانہ قلعہ مین لاکر عرض مین پہونچایا کہ فلان فلان شخص حاضر ہوے ہین اگر ارشاد ہووے ہم ایک جماعت عورات اور خواجہ سراؤن کو حرم کے اندر بھیجکر خونزہ ہمایون کو مقید کرین نظام شاہ اس امر پر راضی ہوا جو شاہ جمال الدین حسین اور شاہ احمد اور مرتضیٰ خان نے مجلس سے سرانجام کار کیواسطے برخاست کی بحسب اتفاق خونزہ ہمایون نے کسی کام کے واسطے نظام شاہ کو درم سرا مین طلب کیا نظام شاہ کو گمان ہوا کہ میری والدہ اس راز سے مطلع ہوکر چاہتی ہے کہ مجھے سلطنت سے معزول کرے اس سبب سے جب والدہ ماجدہ کی خدمت بابرکت سے مشرف ہوا اپنی نجات کے واسطے بولا کہ امان جان فلان فلان اتفاق کرکے آپ کے دشمنون کو قید کیا چاہتے ہین خونزہ ہمایون جب اس امر پر مطلع ہوئی اور غنچہ سربستہ حریفون کا شگفتہ ہوا دیوانخانہ مین آن کر شام کے وقت پس پردہ بیٹھی شاہ جمال الدین حسین کو گرفتار کرکے مقید کیا اور فرہاد خان اور اخلاص خان اور حبشی خان اُس کی گرفتاری سے آگاہی پاکر مع جمعیت اپنی اُسی وقت قلعہ سے باہر نکل گئے اور شاہ احمد اور مرتضے خان پیادون کے درمیان ہوکر قلعہ سے اپنے مکان پر آئے اور سید مرتضیٰ سبزواری اور خواجہ میرک دبیر اصفہانی اور بعضے غریب جو نظام شاہ کے سلک خاصہ خیل مین انتظام رکھتے تھے اور ہمیشہ اس امر مین شریک جانتے تھے سوار ہوکر باتفاق قلعہ سے نکل گئے خونزہ ہمایون نے ایک جماعت کو مرتضیٰ خان کی گرفتاری کے واسطے مامور کیا اور وہ باتفاق سید مرتضے سبزواری اور خواجہ میرک دبیر اصفہانی اور عزیزون کے

ہمراہ بیجاپور کی طرف بھاگا اور فرہاد خان بیع اور امرا تمام شب میدان کا لاچیورہ مین مع افواج ہمراہی مقیم رہا اور آدمی اپنے اہل عیال کی طرف بھیجکر حکم دیا کہ مع مال اپنے گجرات کی طرف روانہ ہو دین خونزہ ہمایون نے ایک معتمد اپنا اسکے پاس بھیجکر حکم دیا کہ تم تو اس امر مین شریک نہ تھے تمھاری وحشت اور دہشت کا سبب کیا ہی تم باطمینان تمام اپنے مکان مین جاکر اپنے حال مین مصروف رہو یہ لوگ جانتے تھے کہ بی بی وقت کو مقتضی دیکھکر دیرہ و دانستہ چشم پوشی کرتی ہی ان باتون سے قریب نہ رکھا یا پھر دوسری مرتبہ بی بی نے مضطرب ہوکر قاسم بیگ حکیم کو کہ فرہاد خان کا صاحب اختیار اُس کے پاس بھیجا اور وہ جاکر حق رسالت بجالایا وہ بولے کہ تمام آدمی جانتے ہین کہ ہم تم اس مشورہ مین داخل نہ تھے اور بی بی اس امور کو بخوبی جانتی ہی غرض اُس کی یہ ہی کہ ہمین غافل کرکے انتقام لیوے بہتر یہ ہی کہ تو اپنی سلامتی ہماری رفاقت مین دیکھکر اس ملک سے جلا وطن ہوکر یہان کا رہنا مصلحت و مناسب نہین قاسم بیگ حکیم نے اسکا کہنا باور کیا اور اپنے فرزند کمال الدین حسین کو ہمراہ لیکر اور صندوق جواہر کہ اُس کی عمر بھر کا حاصل اس مین تھا چھپاکر شاہ رفیع الدین ولد شاہ محمد طاہر کو امانتاً سپرد کیا پھر فرہاد خان باتفاق اُن لوگون کے رات کو گجرات کی طرف روانہ ہوا خونزہ ہمایون نے چند امرا کو اُن کے تعاقب کے واسطے نامزد کیا اخلاص خان اور حبشی خان نے احمد نگر کی طرف مراجعت کی اور قاسم بیگ اور فرہاد خان کہ زیادہ تر خوف و وہم اُن کے دلون پر غالب ہوا تھا بتعجیل تمام گجرات کی سرحد پر پہونچے اور وہان پر تعاقب کرنے والے اُن پر ہجوم لائے کمال الدین حسین ولد قاسم بیگ کو جو سترہ برس کا تھا اسیر و دستگیر کیا اور جو قدم ملک بیگانہ مین نرکھ سکتے تھے احمد نگر کی طرف پلٹ آئے اور بی بی نے سب آدمیون کی طرف سے دلجمعی کرکے کمال الدین حسین کو قلعہ دورپ مین بھیجا اور پھر بعد تھوڑے عرصہ کے مقام لطف و عنایت مین ہوکر اسے قید سے نجات دی اور بدستور سابق جاگیر اور عزت و قرب مین اختصاص بخشا اور اپنے اعوان و انصار کی تقویت مین زیادہ تر کوشش کرکے شاہ احمد اور مرتضی خان کو امان نامہ جسے دکنی قولنامہ کہتے ہین بھیجکر بیجاپور سے طلب کیا اور قولنامہ قاسم بیگ اور فرہاد خان کے واسطے بھی ارسال فرمایا فرہاد خان نے مراجعت کی اور قاسم بیگ نے احمد آباد گجرات مین توقف کیا اور آدمی شاہ رفیع الدین حسین کے پاس احمد نگر مین بھیجکر صندوق جواہر کا طلب کیا شاہ رفیع الدین نے اُسی طرح سے صندوق سربمہر اس شخص کے سپرد کیا اور اُس نے جب قاسم بیگ کے پاس پہونچایا سب شے بحال خود مشاہدہ کی مگر کیسہ لعل جو اقسام جواہر نفیسہ سے مملو تھا نظر نہ آیا قاسم بیگ سراسیمہ ہوکر نعرہ زن ہوا اور کہا افسوس کیسہ لعل نہین ہی پھر اُسی وقت بیمار ہوا اور چند روز کے بعد انتقال کیا خونزہ ہمایون کشور خان کا ظلم و تسلط حد و اندازہ سے متجاوز دیکھ کر اُس کی موافقت اور اتحاد باطنی ملا عنایت اللہ سے سمجھی ملا عنایت اللہ کو قلعہ جوندہ مین محبوس کیا اور پھر چند عرصہ کے بعد لشکر جمع کرکے اور سامان جنگ درست کرکے سنہ ۹۷۰ نو سو ستر ہجری مین کشور خان کے بقصد دفع فساد ہمراہ اپنے فرزند مرتضے نظام شاہ احمد نگر سے نہضت فرمائی جب دامن کاتون مین پہونچی ملا حسین تبریزی اور شاہ احمد اور مرتضے خان نے کہ صاحبان مرتضی نظام شاہ سے تھے دلیری کرکے پھر نظام شاہ کو اُس کی والدہ کی گرفتاری اور اُس کے دفع تسلط مین تحریص اور ترغیب کی نظام شاہ کہ اپنی مان کے غلبہ سے نہایت آزردہ تھا اس مرتبہ اُس کے علاج اور فکر مین ہمہ تن مصروف ہوا اور رات کو اپنی والدہ سے کہا اگر اجازت

صبح کو شکار کے واسطے جاؤن اُس نے رخصت دی نظام شاہ نے اُس شب کو فرہاد خان اور اخلاص خان اور حبشی خان کو خبر دی کہ مین کل اپنی والدہ کی رضا کے موافق شکار کو جاؤنگا لازم کہ تم اور اکثر امرا میرے ہمراہ رکاب رہو دوسرے دن کہ صبح دولت چمکی وہ شہریار سراپردہ سے برآمد ہوکر صحرا کی طرف روانہ ہوا سوائے تاج خان اور عین الملک اور اعتبار خان کے تمام امرا اُس کی رکاب ظفر انتساب مین روانہ ہوئے خونزہ ہمایون کہ عورت حاملہ تھی از روئے ہوا اُس ہجوم کو مناسب اور خوب ندیکھا وہ بھی سیر کے بہانہ اپنے اعوان وانصار سے سوار ہوئی لیکن جو کلاہدار آیا تھا وقت موعود سے پیشتر مراجعت کی اور آدمی اپنے اپنے خیمون مین گئے کوئی اُسکے دربار مین حاضر نہا نظام شاہ اس امر سے خبردار ہوا اول حبشی خان کو کہ مرد درشت اور بڈھا تھا اپنی والدہ کی گرفتاری کے واسطے مامور کیا اور اُس کے پیچھے فرہاد خان اور اخلاص خان کو روانہ کیا اور بعد اس کے خود مع مردم خاصہ میل اور مصاحبین اور بعضے امرائے دیگر متوجہ ہوا حبشی خان جب سراپردہ کے قریب پہونچا خونزہ ہمایون نے واقف ہوکر برنج پہنا اور ترکش اور شمشیر اور خنجر زیب کمر کرکے گھوڑے پر سوار ہوئی اور حبشی خان گھوڑے پر سوار ہوکر اُسکے مقابل گیا اور کہا کہ بادشاہ کا حکم ہے کہ بطریق عورات پردہ نشین محلسرا مین تشریف رکھیے اور مہمات مالی اور ملکی مین دخل نہ دیجئے خونزہ ہمایون غضبناک ہوکر بولی ای غلام تیری یہ مجال ہے کہ ہماری نسبت ایسی بات کہے حبشی خان نے چاہا کہ اُس کا بازو پکڑکر گھوڑے سے اُتارے خونزہ ہمایون نے جرأت کو کام فرمایا اور خنجر میان سے برآوردہ کرکے حملہ آور ہوئی اور چاہا کہ خنجر برہن سے اُس کی رگ زندگانی کاٹے حبشی خان نے بچا بک دستی اُس کا ہاتھ پکڑکر ایسا اُمیٹھا کہ خنجر اس کے ہاتھ سے گر پڑا اور عین الملک اور تاج خان اپنی بہن کی رہائی مین مشغول ہوئے راہ فرار نہا حبشی خان نے بدھی تمام خونزہ ہمایون کو پالکی مین بٹھاکر مرتضے نظام شاہ کے پاس پہونچا نظام شاہ نے اُسے حوالات مین کیا اور پھر بارگاہ سلطنت مین پہونچا ہر ایک امرا سے بلطف ومرحمت پیش آیا ملا حسین تبریزی کو کہ اُس روز فوت ہوا نہ پیش آیا تھا خطاب خانخانان دیکر منصب پیشوائی سے اختصاص بخشا اور کمال الدین حسین ولد قاسم بیگ مرحوم کو جو گجرات کے راستہ سے پلٹ آیا تھا باسم پدر موسوم کیا اور اُسکے اعزاز واکرام مین کوشش کی اور مرتضے خان کو جملہ امرا سے کیا کہ اُس زمانہ مین شاہ احمد کہتے تھے بخطاب مذکور سرافراز کرکے اعتبار خان خواجہ سرا کی جاگیر اور گھوڑا اور ہاتھی اور مال واسباب اسے سپرد فرمایا اور ایک جماعت عین الملک اور تاج خان کے تعاقب مین روانہ فرمائی اور وہ عین الملک کو گجرات کی سرحد سے لائے اور تاج خان طی مسافت مین استعجال کرکے ابراہیم قطب شاہ کی ولایت کی سرحد مین پہونچا اور جو لوگ کہ اُس کے تعاقب مین گئے تھے واپس آئے منقول ہے کہ مرتضے نظام شاہ دام کانونسے احمد نگر کیطرف آیا اور ایک جماعت عزیزون سے کہ خبر قضیہ خونزہ ہمایون سُنکر بتعجیل اُس کی ملازمت کے واسطے آئی تھی منصب لائق مسرور ہوئی اور تھوڑے عرصہ مین راہات نصرت آیات کو قلعہ دارور کی طرف کشور خان کے استیصال کے لیے متحرک کیا اور ایلچی ابراہیم قطب شاہ کے پاس بھیجکر کمک طلب کی اور قطب شاہ کے پہونچنے سے پیشتر کشور خان مارا گیا قلعہ دارور مفتوح ہوا اور جو فتح اس قلعہ کی عجائب اور غرائب سے خالی نہ تھی لہذا اب اُس کی شرح مین مشغول ہوتا ہون وہ یہ ہے کہ جب مرتضے نظام شاہ قلعہ دارور کی ایک منزل پر پہونچا اور ایک دریا کے کنارہ پر نزول فرمایا خود بدولت واقبال

مع شاہ احمد اور مرتضےٰ خان اور بھی مقربون کے اپنے ہاتھ کھانا پکانے مین مشغول ہوا اس درمیان مین ایک مخبر کشور خان کے پاس سے آیا اور ایک کاغذ سر بمہر لاکر نظام شاہ کے ملاحظہ مین گذرانا جب اُسکا لفافہ کھولکر پڑھا شاہ اُسکی عبارت بے ادبانہ پڑھکر آشفتہ ہوا اور اُسی وقت گھوڑے پر سوار ہوکر یون کہا کہ مین جب تک قلعہ کو فتح نہ کرونگا اس گھوڑے سے نہ اُترون گا اور جب قلعہ کے قریب پہونچا دروازہ کی طرف متوجہ ہوا یہ حال دیکھکر مرتضےٰ خان اور تمام مقربون نے عرض کی کہ طریق قلعہ کشائی یہ نہین کہ گرد راہ اور صعوبت سفر بغیر دفع کئے ہوئے ایسی قلعہ محکم کو بسواری اسپ مفتوح کرین نظام شاہ کہ فتح قلعہ مین مجبور اور مصر ہوا تھا اُن کی التماس پذیرانہ کی اور یہ فرمایا کہ مین قادر ذوالجلال کی توفیق اور تائید سے قریب دروازہ جاکر ابھی تیغ و تبر سے شکستہ کرکے داخل ہوتا ہون اگر میری اجل نہین کسی طور کا مجھے آسیب اور صدمہ نہ پہونچے گا اور جو پیمانۂ عمر آب فنا سے لبریز ہو چکا ہی اس بلا سے کنارہ کرنا فائدہ نہ بخشے گا دولتخواہ سمجھے کہ اس نے عزیمت ملوکانہ کو کام فرمایا ہی یہ کسی طرح سے فسخ عزیمت نہ کرے گا پھر التماس سلاح پوشی کی نظام شاہ نے اس امر سے بھی انکار کیا اور آخر کو جب کہا کہ سلاح پہنا سنت سرور کائنات و مفخر موجودات ہی لہذا جوشن زیب تن کرکے تیر و کمان ہاتھ مین لیکر روانہ ہوا اور ادھر سے یعنی برج قلعہ سے آگ برسنے لگی ہر دفعہ دو تین ہزار توپ اور تفنگ اور بان سر کرتے تھے گھوڑے اور ہاتھی اور آدمی کثرت سے ضایع ہوئے گویا ہول قیامت وقوع مین آئی اور باوصف اس خلل اور آفت کے نظام شاہ نے باگ نہ موڑی گھوڑا سرپٹ پھینکتا ہوا اس مقام مین پہونچا کہ اُس سے دیوار قلعہ تک پچاس گز کا فاصلہ رہا اُس وقت بہادران نظام شاہی تیراندازی مین مشغول ہوئے اور جنگ عظیم واقع ہوئی اور آدمی بہت کام آئے باوصف اس کے دو تین گولیان بندوق کی نظام شاہ کے اسلحہ پر پہونچین کسی طرح کا گزند نہ پہونچا خیر گذری اور کسی کی یہ مجال نہ تھی کہ اُسے مراجعت کے بارہ مین فہمائش کرتا ناگاہ جوش و خروش متحصنون کا برطرف ہوا اور توپ و تفنگ موقوف ہوئی لوگ اس طرف کے متحیر ہوے ایک جماعت کھڑکی توڑکر قلعہ مین داخل ہوئی دیکھا کہ ایک تیر کشور خان کے لگا وہ اُس کے صدمہ سے جانبر نہوا لاش اُس کی خاک پر افتادہ ہی اور قلعہ مین کوئی نہین میدان صاف ہی جاتے ہی اُس کا سر تن سے جدا کرکے برج قلعہ پر آویزان کیا نظام شاہ یہ احوال مشاہدہ کرکے شکر الٰہی بجالایا **مثنوی** سالطین کہ کشور کشائی کنند ۔ بتوفیق حق بادشائی کنند ۔ چو تائید یابند از لطف حق ۔ شود حال ایشان بدیگر نسق ۔ بنا شد چو دیگر کسان کار شان ۔ بود بوالعجب جملہ کردار شان ۔ چو سازند اعلام ہمت بلند ۔ بہ بندند خلقے بحکم کمند ۔ اگر فکر تسخیر کشور کنند ۔ بیک حملہ خلقے مسخر کنند ۔ منقول ہی بعد از واقعہ کشور خان عین الملک اور نور خان کہ امرائے بزرگ عادل شاہی سے تھے مع دس بارہ ہزار سوار نظام شاہ کی ولایت تاراج کرنے کو احمد نگر کی طرف روانہ ہوئے امرائے نظام شاہی مثل فرہاد خان اور اخلاص خان پانچ چھ ہزار سوار لے کر بہ سپہ سالاری خواجہ میرک دبیر اُن کی طرف متوجہ ہوئے جب قریب پہونچے خواجہ میرک امرا کو آگے بھیجکر خود کمین گاہ مین بیٹھا جس وقت فریقین کا سامنا ہوا صفوف جنگ آراستہ کین عین گرمی معرکہ مین چالیس ہاتھی بادشاہی مع علم ہاے سبز اور چار سو سوار خاصہ خیل کہ ہمراہ رکھتا تھا معرکہ کی طرف روانہ ہوا اور یہ مشہور کیا کہ نظام شاہ آپہونچا عین الملک اور نور خان ہونچکا مرتضےٰ نظام شاہ کا یقین کرکے دادی ہزیمت کی طرف متوجہ ہوئے خواجہ میرک نے تعاقب کرکے عین الملک کو قتل کیا

اور نور خان کو زندہ دستگیر کرکے مظفر و منصور دار و گیر کی حوالی مین نظام شاہ کی ملازمت مین پہونچا اور قطب شاہ نے اُن روزون نظام شاہ سے ملحق ہوکر اظہار یکجہتی کی تھی دونون بادشاہ متفق ہوکر بعزم تسخیر بیجاپور ولایت عادل شاہ مین داخل ہوئے شاہ ابوالحسن نے کہ عادل شاہ کا سپہ سالار جملہ تھا سید مرتضےٰ سبزواری کو نظام شاہ کے پاس بھیجکر پیغام دیا کہ اخلاص اور اعتقاد اس دولت خواہ کا موروثی ہے شہادت و گواہ کا محتاج نہین اگر حکم ہووے یہ مخلص بوفور عقیدت اندیشی شرف بساط بوسی سے مشرف ہوکر جو صلاح دولت ہو معروض کرے ذرہ پروری سے عجیب و غریب نہوگا نظام شاہ نے جواب دیا کہ شاہ ابوالحسن ہمارا پسر زادہ ہے اگر یہان تشریف لاوے ہم اُس کی صلاح سے تجاوز نہ کرینگے ابوالحسن امیدوار مرحمت ہوکر موضع والگری مین خانخانان کے بذریعہ نظام شاہ کی شرف ملازمت سے مشرف ہوا اور تحف و ہدایائے نفیسہ گذرانکر عرض پیرا ہوا کہ حسین نظام شاہ جانتا تھا کہ دوستی اور آشنائی عادل شاہی موجب راحت و آرام ہے اور فوائد کلی اُس مین شامل ہین لہذا نسبتین درمیان مین لاکر رام راج سے بادشاہ کو بادشاہی سے خارج کیا اگر بسبب مردمان کوتہ اندیش غبار نزاع چند روز سے مرتفع ہوا تھا الحمدللہ کہ حضرت کی آب شمشیر سے زائل ہوا اب ابراہیم قطب شاہ کی موافقت ظاہری پر اعتماد کرنا اور عادل شاہ کی نسبت مقام خشونت مین ہونا خام اور دوراندیشی سے بعید معلوم ہوتا ہے اگرچہ بسبب ظاہر تم سے موافق ہے لیکن پوشیدہ زبان دوسرون سے رکھتا ہے پھر وہ کتابت نفاق آمیز کہ اُن دنون مین قطب شاہ نے عادل شاہ کو لکھی تھی اور شاہ ابوالحسن اُسے ہمراہ رکھتا تھا نظام شاہ کے ملاحظہ مین لاکر اپنے دعوے پر شاہد عادل گذرانا اور خانخانان نے اُس کی تصدیق کلام کی اور سخنان وحشت آمیز سے اُس بادشاہ کی آتش قہر کو اس طرح روشن کیا کہ اُسی دربار مین نظام شاہ نے امرا اور افسران سپاہ کو قطب شاہ کے گوشمال اور تادیب کے لیے نامزد فرمایا قطب شاہ اپنی سلامتی فرار مین معلوم کرکے فوراً سوار ہوا اور خیمہ و خرگاہ اپنے مقام مین چھوڑکر عنان عزیمت گلکنڈہ کی طرف معطوف کی مردم نظام شاہ نے اُس کے اُردو کو تاراج کرکے اُس کا تعاقب کیا اور اس قدر ظلم اور تاراج و غارت مین اصرار کرتے تھے کہ قطب شاہ کا بڑا بیٹا شاہ عبدالقادر کہ شہزادہ شجاع اور قابل تھا اور خط نستعلیق خوب لکھتا تھا اپنے باپ کی خدمت مین عرض گذار ہوا کہ مردم نظام شاہ نہایت شوخی اور خیرہ سری کرتے ہین اور ہمارے تعاقب سے دست کش نہین ہوتے اگر حکم عالی اس فرزند کمینہ کے نام صادر ہو تو فوج قلیل سے کمین گاہ مین ایستادہ ہون اور دشمن کے تعاقب کے وقت اُن کے عقب آنکر دست برد کرون یہ امر مقرون صواب ہوگا بشرطیکہ اس کے کہ آنحضرت متعرض احوال نہون قطب شاہ کہ اس وقت جلو ریز جاتا تھا کچھ جواب و نہ دیا جب گلکنڈہ پہونچا اُسکے چہرہ سے آثار تہور و شجاعت دیکھکر متوہم ہوا اسے ایک قلعہ مین محبوس کیا اور بعد چند روز کے اُس شاہزادہ بیمروت نے اس جرم پر کہ حقیقت مین عین دولتخواہی تھی شربت موت اُسے پلاکر پیوند زمین کیا اور شاہ ابوالحسن رسالت اور دولتخواہی جیسی کہ چاہیے بجالایا اور وکالت کرکے علی عادل شاہ اور مرتضےٰ نظام شاہ کے ساتھ یکجہتی اور یگانگی کے بارہ مین عہد و شرط وقوع مین پہونچایا اس وقت نظام شاہ نے سالمًا اور خانمًا احمدنگر کی طرف مراجعت فرمائی اور خانخانان کہ ملا عنایت اللہ سے نہایت ڈرتا تھا اور اسے اس امر کا خیال تھا کہ ایسا نہو نظام شاہ اُسے پھر زندان سے برآوردہ کرکے منصب

پیشوائی سے سرفراز کرے اس واسطے اُس نے ہنگام فرصت مقدمات وحشت آمیز نظام شاہ کے ذہن نشین کئے اور پروانہ اُسکے قتل کا حاصل کرکے اِس بیچارہ کو قلعہ سے برآوردہ کرکے بدرجہ شہادت پہونچایا لیکن یہ بحث علاوہ قباحت تاراج اُردوے قطب شاہی ہوکر اعلیٰ ادنیٰ اس سے متنفر ہوے مقارن اس حال کے قطب شاہ نے جب یہ باتین سنین مرتضےٰ نظام شاہ کو لکھا کہ ہمین اس برادر کا مارنا سے یہ توقع نہ تھی کہ مفسدون کے کہنے سے دوستون کے فیل کی طمع کرین لیکن وہ کیا مال ہے مین نے آپ کے پیشکش کیا کس واسطے کہ یہ وہ متاع ہے کہ ہمارے بیشہ اور جنگل مین بکثرت ہے اور باوصف میسر آنے مردم بزرگ اور اصیل اور کارآگاہ کے جو آپ کے دولتخانہ مین بہت ہین اُستاد نوری جراح کے بیٹے کو وکیل سلطنت کرنا بہت بعید معلوم ہوتا ہے نظام شاہ نے اس ملاحظہ سے کہ مبادا قطب شاہ عادل شاہ کو موافق کرکے دعوی فیلون کا کرے اس واسطے خانخانان کو معزول کرکے شاہ جمال الدین حسین کو خلعت ومنصب وکالت سے سرفراز کیا اور جو اُس عرصہ مین فرنگی قلعہ بکیندہ کے استحکام اور متانت کے سبب مغرور ہوکر قدم اپنے اندازہ سے بڑھا کر ارباب اسلام کو نظر حقارت سے دیکھتے تھے اور ایذا رسانی کے درپے ہوکر اہانت بہت کرتے تھے مرتضےٰ نظام شاہ نے شاہ جمال الدین حسین اور شاہ احمد ومرتضےٰ خان اور دوسرے سادات آنجو کے مشورہ سے کہ بدار مہام سلطنت کا اُن پر تھا سنہ نکو کو مین قلعہ بکیندہ کی طرف جو بندر چیول کے جوار مین واقع ہے نہضت فرمائی اور طی مسافت کرکے محاصرہ مین مشغول ہوا اور عیسائیون نے بھی نشان مدافعہ اور مجادلہ بلند کیا اور قریب دو سال وقت بے وقت اہالی کفر واسلام مین جنگ قائم رہی اکثر اوقات مسلمان بہت ضرب توپ وتفنگ اور گولہاے بم اور سیل سے شہد شہادت چکھ کر روضہ رضوان مین داخل ہوتے تھے اور ہر ایک طرف لشکر مین آواز نوحہ وزاری بلند تھی تکفین وتجہیز سے فرصت نہوتی تھی کس واسطے کہ امراے سودہ تدبیر اور کمال جہل سے شرائط قلعہ کشائی مین نہ مشغول ہوتے تھے اور خاکریز اور نقب اور دمدمہ کی طرف متوجہ نہوتے تھے اور سب ہمت اس امر پر مصروف کرتے تھے کہ زینہ لگاکر قلعہ کی دیوار پر چڑھین اور مردم درونی کو زیر کرکے قلعہ مسخر کرین اور اس سبب سے کہ نصاری استعمال آتشبازی مین مہارت تمام رکھتے تھے یہ امر صورت پذیر نہوتا تھا اور قلعہ پر سے اس قدر گولہ سیل وبم کے برساتے تھے کہ ہر مرتبہ کتنے مسلمان کو جل بھنکر جنت نصیب ہوتی تھی اور شور نوحہ مسلمانون سے برپا ہوتا تھا آخرش یہ مقرر ہوا کہ دروازے دخول وخروج متحصنون پر بند کرکے اسباب معیشت سے انھین محروم کرین اس امر کے باعث تمام عیسائی بحر اضطراب مین پڑکر چاہتے تھے کہ قلعہ خالی کرکے اور بنادر کی طرف مفرور ہوین لیکن بعضے مردم فرنگ مانع آتے اور یہ فہائش کی کہ جو کچھ مال سلطان کا سوداگران درون قلعہ کے پاس ہے ہم محافظت قلعہ مین صرف کرین جب یہ امر فائدہ نہ بخشے گا اُس وقت راہ فرار مسدود نہوگی دوسرے بندر مین اپنے آپ کو پہونچا وین گے چنانچہ امراے نظام شاہی خصوص اخلاص خان اور فرہاد خان حبشی نے مبالغ خطیر بقد وجنس رشوت لے کر اور شراب پرتگالی سے مست ہوکر سائر یا یحتاج رات کے وقت بھیجکر ابواب خصوصیت مفتوح کرکے ایسا کیا کہ ہر شب ہر ایک امیر آذوقہ اور تمام اجناس فرنگیون کو پہونچانے لگے اور ہر روز دفع الزام اور مظنہ کے واسطے زینہ چوبی دیوار قلعہ پر لگاکر لشکر کی آراستگی اور جنگ کا حکم کرتے تھے اور نصاری آتشبازی کے

استعمال مین مشغول ہوکر بہت مجاہدون کو ضائع کرکے مسلمانون سے فریاد نوحہ بلند کرواتے تھے اور فرنگی باطمینان تمام لشکر اسلام کے مدافعہ مین قدم استوار کرکے داد مردی اور مردانگی دیتے تھے اور قلعہ کسی صورت سے فتح نہوتا تھا اور شاہ جمال الدین حسین بمقتضائے جوانی مہمات ملکی ومالی مین نہ مصروف ہوتا تھا عیش وعشرت مین مشغول رہتا تھا اور خواجہ میرک دبیر کو اپنا وکیل کرکے ایک لحظہ کی عشرت کو سلطنت دکن سے بہتر اور افضل جانتا تھا مرتضے نظام شاہ طول ایام محاصرہ اور محنت سفر سے بہ تنگ آنکر کبھی کبھی شاہ جمال الدین حسین کی بے پروائی سے رنجیدہ ہوکر خواجہ میرک سے شکایت کرتا تھا اس درمیان مین کشتی مسلمانون کی بندر جرون سے بندر رچول کی طرف آتی تھی فرنگی سد راہ ہوکر غالب آئے اور مسلمانون کو قید کرکے اُن کے مال واسباب پر متصرف ہوئے اور اُن مسلمانون مین دو جوان غریب جنبی تھے ایک رستم خان اور دوسرا شمشیر خان جو اُنکے چہرہ اور اوضاع سے اطوار سپاہگری واضح اور لائح تھے فرنگی انھین برج دبارہ پر بھیجکر مسلمانون سے لڑنے کا حکم دیتے تھے آخر وہ ناچار ہوکر گاہ گاہ تیر وتفنگ لشکر اسلام کی طرف پھینکتے تھے اور آخر کو وہ اپنے اس اطوار ناپسندیدہ سے رنجیدہ ہے جو امرائے نظام شاہی ساتھ فرنگیون کے متفق تھے یہانتک کہ ایک دن فرنگیون کا افسر اپنی مجلس مین مذکور کرتا تھا کہ جمیع امرائے نظام شاہی ہم سے متفق ہین لیکن خواجہ میرک دبیر کسی طور ہم سے موافق نہوا اور ہمیشہ درپی مجادلہ اور پرخاش ہے رستم خان اور شمشیر خان نے یہ بات سنکر آپس مین یہ تجویز کی کہ کسی طرح قلعہ سے کودکر مسلمانون سے جا ملین اور اپنا ارادہ ایک پرچہ پر تحریر کرکے تیر مین باندہ کر خواجہ میرک کے لشکر کی طرف پھینکا اور رات کو بند وسلاسل توڑکر بلندی قلعہ سے رسی اور کمند کے سہارے خواجہ میرک کے مورچہ کی طرف اُترے اور اُسکے مورچہ مین پہونچکر اس نہج سے فرنگیون کی قید سے نجات پائی اور جب یہ خبر نظام شاہ کے سمع مبارک مین پہونچی انھین خلوت مین بلاکر حقیقت حال مردم درونی کی قوت وضعف سے استفسار فرمایا اُن دونون نے بے ملاحظہ جو کچھ نفس الامر تھا اس تفصیل سے عرض کیا کہ تمام فرنگی قلعہ مین بفراغت تمام ہین اور اُن کے شوق وذوق اور خوشدلی سے ہرگز معلوم نہین ہوتا کہ یہ زندان محاصرہ مین گرفتارین کسواسطے کہ اسباب معیشت کی انھین کچھ پروا نہین ہر شب اطراف قلعہ سے امرائے حبشی اور دکنی صندوق ہائے پر زر لے کر غلہ اور روغن اور مرغ اور گوسفند اور جس شے کی اُنھین خواہش ہوتی ہے پہونچاتے ہین اور روز جنگ زرگری کرکے مردم سلطانی کو قتل کرواتے ہین سوائے خواجہ میرک دبیر کے سب امرا اُن سے ہمزبان ہین نظام شاہ نے حال مخالف اور موافق کا دریافت کرکے خواجہ میرک دبیر کو زیادہ ترمعزز اور مکرم کیا اور شاہ جمال الدین حسین سے رنجیدہ ہوکر نہایت بے لطف ہوا شاہ جمال الدین حسین اس امر سے واقف ہوکر وکالت سے دست کش ہوا اور مرتضے نظام شاہ کی بلا اجازت احمدنگر کی طرف گیا اور آنحضرت نے ترک محاصرہ کے بارہ مین خواجہ میرک سے صلاح کی اُسنے معروض کیا کہ جو کچھ حضرت دام ظلہ فرماتے ہین نہایت بہتر ہے لیکن وقت مقتضی اسکا ہے کہ ترک محاصرہ کرکے خود بدولت واقبال احمدنگر کی طرف تشریف فرما ہوین اور وہان نزول اجلال فرماکر جو کچھ ارادہ مرکوز خاطر ہو ظہور مین پہونچاوین مرتضے نظام شاہ نے اُسکے کہنے پر عمل کیا اور قلعہ ریکندہ کا ترک محاصرہ کرکے کوچ کیا اور جب احمدنگر مین پہونچا فولاد خان اور اخلاص خان حبشی کو کہ اُن سے بزرگ کوئی امیر نہ تھا مقید اور محبوس کیا اور شاہ جمال الدین حسین کو بیع اُسکی زوجہ برہان پور کیطرف نکالدیا اور منصب وکالت پر خواجہ میرک کو منصوب کرکے چنگیز خان خطاب دیا اور سربلندی نجشی اور خداوند خان کہ اُن کا حبشی اور باپ اُس کا مشہدی تھا

اور نہایت بلند بالا اور قوی ہیکل اور شجاع تھا چنگیز خان کے تجویز اُسے سلک امرائے کبار مین منتظم کیا اور اُسی طرح جمشید خان شیرازی وغیرہ کی دستگیری کرکے منصب امارت پر پہونچایا اور چنگیز خان کہ نہایت عقیل اور فہیم تھا عہدہ منصب وکالت سے جیساکہ چاہیئے نیکنام ہوا اور شہر احمدنگر کو عدل واحسان کی آسایشی سے رشک بوستان ارم کیا **فرد** محتاج بود ملک بہ پیرایۂ چنین ٭ آخر مراد ملک روا کرد روزگار ٭ اور علی عادل شاہ نے چنگیز خان کا مرتبہ ملاحظہ کرکے یہ ارادہ کیا کہ ابراہیم قطب شاہ سے ملاقات کرکے اسے ساتھ اپنے موافق کرے چنگیز خان اُس کے مشورہ پر مطلع ہوا اور قبل اس سے کہ وہ ملاقات قطب شاہ سے کرے نظام شاہ کے ہمراہ رکاب عادل شاہ کی ولایت کی طرف متوجہ ہوا اور حسن تدبیر سے ملاقات قطب شاہ کا مانع ہوا اور مقدمات اُن کے برہم کئے اور عادل شاہ اور نظام شاہ کو آپس مین سرحد پر ملاقات کرائی اور یہ مقرر ہوا کہ علی عادل شاہ ممالک کرناٹک پر مقدار اِسکے کہ محصول مین مملکت برار اور بیدر کے برابر ہو متصرف ہووے اور مرتضےٰ نظام شاہ ولایت برار اور بیدر کو بقبضۂ اقتدار تفال خان اور علی بیدر سے برآوردہ کرکے اُس پر قابض ہوا اور قطب شاہ بحال اپنے ہوکر کسی جانب سے سروکار نرکھے پھر دونون بادشاہون نے ایک دوسرے کو رخصت کرکے اپنے دارالمقر کی طرف معاودت کی اور خیل وحشم کی ترتیب وآراستگی مین کوشش فرمائی اور وہ نقصان کہ قلعہ ریکندہ کی جنگ مین واقع ہوا تھا اصلاح مین آیا تین ہزار غریب ترکش بدوش کر رکھکر نظام شاہ ولایت برار کی تسخیر کے واسطے ۹۰۸ نوسو آٹھ ہجری مین روانہ ہوا ملا حیدر کاشی کو کہ مشاہیر درگاہ سے تھا اور علم وفضیلت مین آراستگی رکھتا تھا ازراہ حمیت تفال خان کے پاس برار بھیجکر لکھا کہ دریا عماد الملک ہمارا برادر طریقت تھا بعد اس کے فوت کے برہان عماد الملک کہ اس کا بڑا بیٹا ہی وہ وارث ملک ہی جب وہ طفل اور صغیر تھا تجھ پر واجب تھا کہ متکفل ومتصدی سرانجام ملک ہوکر اُس کی پرورش کرے اب وہ فضل خدا سے سن رشد اور تمیز کو پہونچا اُس کو مکان مین قید رکھنا اور خود صاحب اختیار ہونا معنی نہین رکھتا ہی چاہیئے کہ برفور صدور حکم نامہ ہذا اُس کے حکم سے تجاوز نکرے اور مہمات مالی اور ملکی برہان عماد الملک سے رجوع کرکے آپ کو محض بیدخل کرے اور جو نہین تو منتظر رہ کہ جو کچھ تجھے پہونچنا چاہیے پہونچیگا اور یہ ابیات بھی اُس مین مندرج فرمائین **ابیات** گردن بنہ اطاعت شہ راوسر مکش ٭ کار بزرگ را نتوان داشت مختصر ٭ سیمرغ وار چون نتوان کرد قصد قاف ٭ چون صعوہ خرد باش وفرو ریز بال وپر ٭ بیرون کن از دماغ خیال محال را تا در سر سرت نزود صد ہزار سر ٭ تفال خان یہ نامہ پڑھکر بحر اضطراب مین پڑا اور اپنے بڑے بیٹے شمشیر الملک سے کہ وہ رستم کو اپنا غاشیہ کش جانتا تھا مشورہ کیا اور اُس نے یہ جواب دیا کہ یہ حرف وصوت ہی نظام شاہ حوصلہ اور داعیہ اس ممالک کی تسخیر کا رکھتا ہی ان باتون سے اس کا مآل یہ ہی کہ رعیت اور لشکر کو ہم سے منحرف اور سرتاب کرے اور ہم بھی لشکر اور خزانہ اور استعداد مین اُس سے کم نہین ہین لازم ہی کہ پانون رکاب شجاعت مین ڈالکر جواب نامہ ایچی بعہدۂ شمشیر آبدار رجوع فرماوین تفال خان کہ سپاہ مکبت ادبار نے اُسے چارون طرف سے گھیر لیا تھا اپنے بیٹے کے کہنے سے راہ صواب سے دور ہوکر حرف صلح اور سخن ملائم زبان پر نہ لایا ملا حیدر کو رخصت انصراف دی اور نظام شاہ نے باتری کے اطراف مین یہ بات سماعت کرکے الچپور کی طرف کوچ فرمایا اور اُدھر سے شمشیر الملک مقدمۂ لشکر پر ہوکر مقابلہ کے واسطے روانہ ہوا اور نظام شاہ کے طلیعہ

کو غافل کر کے منہزم کیا چنگیز خان نے اور سرداروں کو اُس کے تدارک کے واسطے نامزد فرمایا شمشیر الملک نے باپ سے کمک طلب کی اور تفالخان مع جمیع شیاہ شمشیر الملک کی امداد کو آپہونچا اور اُدھر چنگیز خان اُس کے آنے سے واقف ہوا خداوندخان اور جمشید خان اور بحری خان اور رستم خان اور چندا خان کو امرائے حبش کی مدد کے واسطے بھیجا اور پھر ساتھ اُنکے اکتفا نکر کے از راہ احتیاط اور دور اندیشی خود بھی بادشاہ سے رخصت حاصل کر کے مع فوج خاصہ اور تین ہزار غریب ترکش بند بادشاہی اُس لشکر کی کمک کے واسطے بسرعت برق و باد روانہ ہوا جس وقت مقابلہ صفوف کا طرفین سے ہوا چنگیز خان نے وہان پہونچکر شیر گرسنہ کی طرح مخالف پر حملہ کیا اور حرب شدید اور جنگ عظیم واقع ہوئی اور آتش کارزار اس طرح سے افروختہ ہوئی کہ اُس کے خوف آسیب سے ہلال فلک الافلاک پر بھاگا اور آفتاب سپر زرین چہرہ پر کھینچکر اس حال کے مشاہدہ کے گریان ہوا۔

مثنوی دوشکر نگویم دو دریائے خون ۔ ببسیاری از ریگ جیحون فزون ۔ زہر سو دلیران و زور آوران ۔ کشیدند شمشیر کین از میان ۔ چنگیز خان معرکہ مین خود مباشر جنگ ہوا اور پانسو جوان یکدل اور یکجہت تمام لشکر سے انتخاب کئے تھے اور اس مدت مین ساتھ اُن کے مصاحبانہ سلوک کرتا تھا اور اس جماعت کے حال سے ہر دم باخبر رہتا تھا اور اپنے حسن سلوک سے اپنا نام فدوی جان نثار کیا تھا مع ان دلیران کے تفال خان کے قلب فوج پر تاخت لایا اور اپنے دست زبردست سے تفال خان کے علمدار پر ہاتھ جنبیو کا مار کر خاک مذلت پر ڈالا اور جو اونون نے بھی کوشش مردانہ کر کے سپاہ دشمن کو بنات النعش کی طرح متفرق اور پریشان کیا اور تفال خان اور شمشیر الملک پھر تاب مقاومت اپنے مین نہ دیکھکر **مصرع** شکستہ صلاح و گسستہ کمر ۔ پیش و پس نہ پہچانکر الیچپور کی طرف بھاگے اور دو سو ستر ہاتھی کلان کہ عمدہ فیلان برار سے تھے چنگیز خان کے ہاتھ آئے اور مظفر و منصور نظام شاہ کی طرف مراجعت کی اور اس فتح کے سبب بلند آوازہ ہوا اور پایہ اُس کی قدر و منزلت کا برتر ہوا اور پھر اُس نے پہلے رعایا کو بعنایات بادشاہ امیدوار کر کے استمالت نامجات رعایا کے واسطے مملکت برار کے اطراف و جوانب مین بھیجے اور جب سب نے اظہار اطاعت کیا اور جمیع زمیندار و مقدم اور قانونگو اس ولایت کے دربار مین حاضر ہوئے سب کو خلعت ہائے شاہی سے سرفراز کیا پھر نظام شاہ بخاطر جمع مقام فتح سے روانہ ہوا اور تفال خان اور شمشیر الملک نے پھر دوبارہ حوصلہ صف جنگ کا نہ کیا جنگل مین بھاگ کر پناہ کی اور مرتضی نظام شاہ نے اُن کا تعاقب کر کے جابجا متفرق و پریشان کیا اور قدم اُن کا ایک مقام پر جمنے نہ دیا یہان تک کہ بعد چھ مہینے کے تفال خان اور اس کا بیٹا دونون ایسے جنگل مین کہ راہ گزر مکین نہ تھی در آئے مرتضے نظام شاہ بھی اُس حدود مین پہونچا قریب تھا کہ دشمن کو مع جمیع ساز و سلب و اثاثہ دولت دستیاب کرے کہ ناگاہ میر موسے مازندرانی کہ سید مجذوب تھا نظام شاہ کے سر راہ آیا اور یہ کہا کہ تجھے دوازدہ امام علیہم السلام کی قسم ہے یہان سے قدم آگے نہ بڑھا جب تک دوازدہ امام کی محبت مین مجھے بارہ ہزار ہون نذر نظام شاہ نے جس دم نام دوازدہ امام سنا فیل مست کو کہ جس پر سوار تھا گجگ مار کر ایستادہ کیا اور سید کا اصل و نسب پوچھا دیکھا کہ محب اہلبیت ہے آدمی بھیجکر چنگیز خان اور امین الملک نیشاپوری کو کہ مقدمۂ لشکر تھے طلب کیا اور کہا کہ بارہ ہزار ہون اس سید کے تفویض کر دو چنگیز خان نے عرض کی کہ خزانہ پیچھے ہے مکان پر پہونچکر دون گا

صلاح یہ ہی کہ زیادہ اِس سے توقف نہ فرماوین کہ اسی وقت تفال خان اور شمشیر الملک مع خزانہ داسپ گرفتار ہونگے نظام شاہ نے فرمایا اگر تفال خان مملکت برار سے سوحصہ زیادہ میرے سپرد کرے مجھے دوازدہ امام کی دہائی اور قسم ہی تجاوز نکرون گا چنگیز خان نے پھر سید سے یہ بات کہی بعد مشقت بسیار یہ نوبت پہونچی کہ غنیم گھر گیا ہی اور معاملہ ختم ہوا چاہتا ہی خدا کے واسطے تو بادشاہ سے یہ بات کہ کہ یہ مبلغ مجھے وصول ہوئے انشاء اللہ تعالے مکان پر پہونچکر یہ روپیہ بلا قصور ادا کرون گا سید نے جواب دیا کہ کتنے برسون کے بعد ہن مقصود ہاتھ آیا ہی باوجود دیوانگی کے خوب جانتا ہون کہ نقد کو نسیہ پر نہ بیچنا چاہیے چنگیز خان نے بہ تعجیل تمام گھوڑے بادشاہی اور ارکان دولت کے کہ قیمتی تھے فراہم کرکے سید سے کہا کہ یہ گھوڑے بطور رہن اپنے پاس رکھیئے منزل پر جاکر زر رہن دیکر فک کرون گا سید نے کہا یہ امر بھی مجھے منظور نہین ہی قیمت ان کی فیصل کرکے میرے حوالہ کر کہ پھر تو مجھے دوبارہ نہ دیکھے گا اور نہ مین تجھے دیکھونگا چنگیز خان کے ناچار ہوکر سبھون کو بلاکر قیمت کے معاملہ فیصل کیا لیکن اس وقت تفال خان فرصت پاکر جنگل سے برآمد ہوا اور جو کہ اُسے کہین پناہ نہ ملتی تھی آسیر اور برہان پور کی طرف بھاگا

مثنوی

بود روشن این نکتہ چون آفتاب ٭ کہ از روئے خور چون برافتد نقاب ٭ سہا را نبا شد مجال ظہور ٭
گریزان شود ہمچو ظلمت زنور ٭

پھر نظام شاہ نے سرحد مین خاندیس کے مقام کیا اور میران محمد شاہ حاکم اُس ولایت کو ترقیم کیا کہ تفال خان ہمارے عساکر نصرت مآثر کے روبرو سے بھاگ کر اُس طرف آیا ہی اُسے اپنی ولایت مین پناہ نہ دیوین اور اپنی مملکت سے نکال دیوین واہ کیا دانائی اور دوراندیشی اُس جناب کی تھی ورنہ یقین تھا کہ جس وقت لشکر فیروزی اثر بقصد تعاقب دشمن اُس دیار مین گذر کرتا مضمون عالیہا ساقلہا ظہور مین پہونچتا میران محمد شاہ نے وہ نوشتہ بجنسہ تفال خان کے پاس بھیجا اور وہ مضمون اُس کا سمجھکر دوسرے راستہ سے ولایت برار مین در آیا اور جلال الدین محمد اکبر بادشاہ کو عریضہ لکھا کہ دولتخواہ ایک لشکر لیون آنحضرت سے ہی ان دنون حکام دکن مذہب کی موافقت سے اتفاق کرکے چاہتے ہین کہ یہ مملکت بندہ کے تصرف سے برآوردہ کرین لہذا بندہ نے برضا و رغبت ولایت برار کو بندگان درگاہ کے پیشکش کی امرائے سرحد کو مامور فرمائیے کہ اس حدود مین آنکر قابض ہوویں تو مخلص سر سے قدم کرکے درگاہ عرش اشتباہ مین حاضر ہوا اور اس جماعت کے شر بیجا سے مصئون اور محفوظ ہووے ابھی جواب عریضہ کا نہ پہونچا تھا کہ تفال خان اور شمشیر الملک نے عاجز اور بہ تنگ آن کر چاہا کہ تحصن اختیار کرین تفال خان قلعہ پرنالہ مین جو کوہ رفیع پر واقع تھا قلعہ بند ہوا اور شمشیر الملک نے قلعہ کاویل مین پناہ لی اور مرتضے نظام شاہ تسخیر مملکت کے واسطے زیادہ تر آمادہ اور مستعد ہوا اور قلعہ پرنالہ مین خیمہ اور سراپردہ برپا کئے اور امرا و لشکری نے اُس کو احاطہ کرکے النگ اور مورچے آگے بڑھاکر قدم اُس کوہ فلک نظیر کے دامن مین رکھا اور عریضہ تفال خان کا جبکہ گجرات مین اکبر بادشاہ کے پاس پہونچا ایک مرد درگاہ کو نظام شاہ کے پاس بھیجکر یہ پیغام کیا کہ تفال خان بندگان درگاہ سے ہی اور ولایت برار تعلق ہمارے ملازمان ہمایون سے رکھتی ہی لازم کہ تسخیر اُس ولایت اور محاصرہ پرنالہ سے دست کش ہوکر تفال کا متعرض احوال نہووے مرتضے نظام شاہ چنگیز خان کی ہدایت کے سبب الحمی کے ساتھ باعزاز پیش نہ آیا اور اُسے رخصت انصراف فرمائی الحمی آگرہ مین پہونچکر شاہ کی پابوسی سے مشرف ہوا اور نظام شاہ کی سرکشی معروض کی چونکہ اُسوقت معاملہ بنگالہ کا درمیان مین تھا بادشاہ دہلی

نے اس طرف التفات نفرمائی نظام شاہ باطمینان تمام قلعہ کے لینے مین زیادہ ترساعی ہوا اور تفال خان کے بھی مدافعہ مین تقصیر نہ کرتا تھا اور اسد خان جو بادشاہ گجرات کے غلامان چرکس سے تھا اور سکندر رومی خان بیٹا حبشی رومی خان کا یہ دونون گولہ اندازی اور فن آتشبازی مین وقوف تمام رکھتے تھے باتفاق ہرچند کوشش کی کہ دیوار قلعہ کی توڑین یہ امر اثر پذیر نہتا تھا اس درمیان مین احمد نگر سے تولد شاہزادہ حسین کی بشارت پہونچی اور چنگیز خان نے فیض کامل اُس کی تاریخ کہی اور شاہ کے حکم کے موافق لوازم جشن اور سامان شادی مین مشغول ہوا اور اشتیاق فرزند کے دیکھنے کا نظام شاہ پر غالب ہوا اور طول سفر سے دلگیر ہوکر ارادۂ مراجعت کیا اتفاقاً اُن دنون مین نظام شاہ نے ایک طفل امرد پسر کہ جس کا نام صاحب خان تھا حالت فرنیشگی پیدا کی تھی وہ بھی راغب اور مائل احمد نگر تھا ترک محاصرہ اور احمد نگر کی روانگی کے بارہ مین بجد اور مصر ہوا قریب تھا کہ تین برس کی مشقت کو ضائع کرکے نظام شاہ کو لیجاوے اس درمیان مین ایک تاجر افغان نام نے کہ ہندوستان کی طرف سے چند گھوڑے اور اشیائے نفیسہ لاہور لایا تھا چنگیز خان سے یہ بات کہی کہ مین یہ اسباب اور گھوڑے تفال خان کے واسطے لایا ہون اگر آپ رخصت فرماوین قلعہ کے اندر لیجاکر فروخت کرون یہ امر مروت سے بعید ہوگا چنگیز خان نے کہا کہ مین تجھے ایک شرط پر اجازت دیتا ہون کہ بعد مراجعت درون قلعہ سے نوکری نظام شاہ کی قبول کرکے ترک تجارت کرے کسواسطے کہ آثار عقل وکیاست وعلامات شجاعت وشہامت تیرے چہرہ سے ہویدا ہین اور ایسا شخص شائستہ سزاوار اس کے ہے کہ ملازم شاہ ہووے وہ طمع خام مین پڑکر بولا اگر یہ امر میسر آوے تو بے سعادت چنگیز خان نے موقع وقت پاکر کہا رقم سرداری تیری ناصیہ حال پر ثبت کی گئی لازم کہ نظام شاہ کی دولتخواہی مین تقصیر نکرے تاجر نے قبول کیا اور جس دن کہ وہ اندر قلعہ کے جانے لگا ایک اپنے معتمد کو لباس تجارت پہناکر زر خطیر اُسکے ہمراہ کیا اور یہ فہائش کی کہ یہ روپیہ اپنے متاع مین رکھکر اسے بھی ہمراہ اپنے لیجانا اور عمدہ محافظان قلعہ کو نظام شاہ سے موافق کرکے یہ روپیہ انھین دینا اور سمجھانا کہ تم ترک محافظت کرکے نظام شاہ کے پاس جاؤ کہ وہ تمھین مال ودنیا سے مستغنی اور بے نیاز فرماویگا چنانچہ اُس شخص نے اُس کی فہائش پر عمل کرکے اکثر آدمیون کو موافق کیا اور وہ رات کے وقت جس حیلہ سے کہ بن پڑا قلعہ سے برآمد ہوکر چنگیز خان کے پاس پہونچے اور قلعہ کی پاسبانی کے واسطے کوئی قلعہ کے اندر نرہا اسد خان اور رومی خان بخاطر جمع توپ ہائے کلان قلعہ کے قریب لے گئے اور گولون کی ضرب سے ایک دیوار مع برج اُڑائی اور جو اُس قلعہ مین آدمی نہ رہے تھے کہ اس رخنہ کو بند کرتے آخر کو ایک جماعت لشکریان خاصہ چنگیز خان شہور سنہ ۹۸۰ نوسو بیاسی ہجری مین داخل قلعہ ہوئی اور دار وگیر کی آواز بلند کی تفال خان مع جماعت مخصوصان قلعہ کا دروازہ کھولکر بفرور ہوا در چنگیز خان نے سید حسن استرآبادی کو کہ اُس کے سلک ملازمون مین منسلک تھا مع جماعت غریبان اُس کے تعاقب کے واسطے نامزد کیا اور خود بادشاہ کے ہمراہ رکاب قلعہ مین گیا اور نقود اور جواہر اور استعہ نفیسہ اپنے قبضہ اقتدار مین لاکر فاتح ملک برار تاریخ فتح کی بعد اُس کے نظام شاہ نے برہان عماد الملک کو کہ قلعہ پرنالہ مین تفال خان نے گرفتار کیا تھا مع تفال خان اور اُس کے فرزندان اور جمیع وارثان مملکت برار کو تعید کرکے ایک قلعہ مین محبوس کیا اور تھوڑے عرصہ مین وہ سب اجل طبیعی یا اور طرح سے عالم فانی سے جہان باقی کی طرف راہی ہوے اور اُن کا نام ونشان مثل حرف غلط صفحہ دنیا پر باقی نرہا من بعد

مرتضےٰ نظام شاہ بحری نے مملکت برار کو اپنے سرداروں پر تقسیم کرکے احمد نگر کی طرف نہضت فرمائی خواجہ میر کریم المخاطب بہ چنگیز خان نے کہا کہ علی عادل شاہ سے یوں مقرر ہوا تھا کہ مملکت برار اور احمد آباد بیدر دونوں حضرت کے متعلق رہیں جو علی عادل شاہ قلعہ نیکاپور کی تسخیر میں مشغول ہے فرصت پاکر احمد آباد بیدر کو بھی مفتوح کیا چاہیئے مرتضےٰ نظام شاہ قبول کرکے بیدر کی طرف روانہ ہوا اور محمد شاہ فاروقی نے فرصت پاکر دایہ زادہ برہان الملک کو بفرزندی دریا عماد الملک منسوب کیا اور مع چھ ہزار سوار برار کی طرف اُسے روانہ کیا جب وہ سرحد برار کے اطراف میں پہونچا سات آٹھ ہزار آدمی نوکر قدیمی جو گوشہ اور کنارہ میں مختفی تھے اُس کے پاس فراہم ہوئے اور اکثر تھانہ ہائے نظام شاہی اُٹھا دیے خداوند خان اور خورشید خان اس فساد کے علاج سے عاجز آئے اور یہ بیت عریضہ میں درج کی **بیت** سر فتنہ دار دو گر روزگار ۔ ہمین ست اوراشب و روز کار ۔ اور دوسرے دن عریضہ اُن کا اس مضمون سے پہونچا کہ اگر حضرت بنفس نفیس اس طرف توجہ فرماوین اور محمد شاہ کو گوشمال دیوین صلاح ملک کے واسطے بہت انسب ہوگا اور اُمرائے برار نے بھی عریضہ تحریر کرکے یہ بیت درج کی **بیت** بجز صبر صبر یار پایان شاہ ۔ کس این گرد را بر ندارد زراہ ۔ نظام شاہ نے مضمون عریضہ پر اطلاع پائی اور اُسی وقت سید مرتضےٰ سبزواری کو کہ انھین دنون مین حسب فرمان بیجاپور سے آیا تھا سپہ سالار کرکے مع آٹھ ہزار سوار اپنے سے پیشتر مخالفون کے لشکرگاہ کی طرف روانہ فرمایا اور خود پیچھے سے مع جماعت مقربان اور مخصوصان برار کی سمت نہضت فرمائی اور چنگیز خان کو حکم دیا کہ جلد کوچ کرکے آوے وہ حسب الحکم باتفاق جمیع امرا دو افواج آراستہ بجناح استعجال مسافت طے کرکے بادشاہ سے ادھر دس کوس کے فاصلہ پر پہونچا ہر چند کوشش کی کہ اُس دن نظام شاہ وہان مقام کرے صورت پذیر نہوئی وہ دس کوس پر اور آگے رونق افزا ہوا اور آنحضرت کے قبل نزول سید مرتضےٰ مع جمعیت اپنے آپہونچا اور برہان الملک کی فوج جعلی کو بزور شمشیر متفرق اور پریشان کیا بلکہ اثر اُس قوم کا نچھوڑا اور نظام شاہ نے جب گھاٹ رو بیگیر سے عبور کیا محمد شاہ فاروقی نے جو اپنی سرحد مین بیٹھا تھا بھاگ کر قلعہ آسیر مین پناہ لی اور نظام شاہ نے برہان پور تک باگ سمند فلک تمثال نہ روکی اور اس حدود مین بہت خرابی و قوع مین لایا اور چنگیز خان نے جو قلعہ آسیر کی بہت تعریف سنی تھی نظام شاہ سے تقدیم جست حاصل کرکے اس قلعہ کی سیر کے واسطے دو ہزار سوار خاصہ کہ اکثر اُن مین غریب تھے لیکر روانہ ہوا محمد شاہ نے واقف ہوکر اپنے امرا کو کہ سات آٹھ ہزار سوار ہمراہ رکھتے تھے حکم کیا کہ اچانک جاکر چنگیز خان کو گھیر کر ہلاک کرو اس واسطے لشکر خاندیس نے مسلح اور مکمل ہوکر حملہ کیا چنگیز خان دشمن کی کثرت خیال مین نہ لایا نشان مدافعہ بلند کیا بعد جنگ شدید مخالفون کو شکست دی اور مردمی سے ایک جماعت اعیان اُس ولایت کو دستگیر کیا اور نظام شاہ اُس کے بعد برہان پور سے وہان گیا اور صحرا کو زیر خیمہ و خرگاہ کھینچکر الناگ اور مورچے امرا پر تقسیم کئے تاراجیون نے مملکت خاندیس مین اثر آبادی کا نچھوڑا محمد شاہ نے بعد گفتگوے دراز و قیل و قال بسیار چھ لاکھ مظفری بنام شاہ اور چار لاکھ چنگیز خان کو بسم نعل بہا دیکر ایسا کیا کہ وہان سے برار کی طرف متوجہ ہوئے اور شاہ میر را اصفہانی قطب شاہ کا حاجب کہ مبارکباد فتح کے واسطے آیا تھا یہ سمجھا کر رایات نظام شاہی بیدر کی طرف حرکت کرینگے چنگیز خان کو بزرخطیر طامع کرکے بولا کہ قطب شاہ مجھے متوقع ہے کہ اگر تو ولایت بیدر کی تسخیر سے دست کش ہووے تو اُسی وقت دو لاکھ ہون تسلیم

کرتا ہون کہ اپنے سپاہیون کے صرف مین لاچنگیز خان نے کہا کہ خزانہ نظام شاہ کا میرے متعلق ہی اُس کی بدولت مجھے کسی شی کی کمی نہین ہی میرا مقصود یہ ہے کہ وہ خار سر راہ برطرف ہو کر تھا رے اور نظام شاہ کی مملکت مین فاصلہ نہ رہے اور بادشاہ دکن کہ محب اہلبیت ہین آپس مین برادرانہ سلوک کر کے دغدغہ اور آسیب لشکر بادشاہ دہلی سے مصئون اور محفوظ رہین شاہ میرزا چنگیز خان کے جواب باصواب سے مایوس ہوا پھر صاحب خان کو جو نظام شاہ کا معشوق تھا بوسیلہ نقود و جواہر محظوظ کر کے ایک دن محفل شراب مین صاحب خان سے یہ بات کہی کہ چنگیز خان چاہتا ہی کہ مہار سلطنت اپنے قبضہ مین لا کر خطبہ اپنے نام پڑھے اور اس وقت نصف لشکر نظام شاہ کا اُس کا پرورش یافتہ ہی اپنا ارادہ احسن وجہ سے ظہور مین پہونچا سکتا ہی اور اسی واسطے تھین صحرا بصحرا پھرتا ہی کہ موقع پاکر اپنا مقصد حاصل کرے صاحب خان کلام شاہ میرزا کا صدق وحق سمجھکر چنگیز خان کے درپے تضییع ہوا اتفاقاً اس عرصہ مین بحسب اتفاق صاحب خان جو شراب پیکر بندگان ہمایون کی نسبت مصدر بے ادبی ہوا تھا چنگیز خان نے نظام شاہ کے اشارہ کے موافق اُسکی تنبیہ اور تادیب کر کے غبار بے عزتی کا اُس کے سر پر چھاڑا چنانچہ وہ بے سعادت اُس کی عداوت مین ساعی ہوا جس وقت فرصت پاتا تھا باتین وحشت آمیز اُس کی نسبت بادشاہ کے دربار مین مذکور کرتا تھا اور نظام شاہ کے بھی سمع مبارک مین پہونچاتا تھا اور نظام شاہ اُس کی باتون کو معلل بغرض جانکر کہتا تھا کہ ہم نے جو ضبط اور تادیب تیری ساتھ اُسکے رجوع کی تھی اس لیے از روئے عداوت کے یہ بیہودہ گوئی کرتا ہی یہان تک کہ ایک دن صاحبخان بادشاہ کے ساتھ شراب پیتا تھا اور بازار نازو نیاز گرم تھا پھر چنگیز خان کی غیبت مین غیبت شروع کی اور وہی جواب سنا صاحب خان نے گریان ہو کر کہا اگر بندہ عداوت اور دشمنی سے کہتا ہی شاہ میرزا سے جو اُس کا ہم شہر ہی اسے بلا کر حقیقت حال دریافت فرمائیے نظام شاہ نے شاہ میرزا کو رات کے وقت کہ کوئی شخص واقف نہو اپنی مجلس مین طلب کر کے تفتیش کیا اُس نے صاحب خان کی تقریر کے موافق جو معروض کی تھی نہایت آب وتاب سے اپنے دروغ بافروغ کو مذکور کر کے مزاج صاحب تخت وتاج کا چنگیز خان سے منحرف کیا لیکن باوجود اس کے آنحضرت نے ان باتون کو بھی غرض تصور کر کے چند روز بنظر تحقیقات تامل اور تفکر مین بسر فرمایا یہان تک کہ ایک دن بطریق امتحان بادشاہ نے چنگیز خان سے کہا کہ اس سفر سے ہم نہایت دلگیر ہوئے ہین چاہتے ہین کہ احمدنگر کی طرف مع الخیر والسعادت معاودت فرماوین چنگیز خان نے کہ مقدمات اعدا سے واقف نہ تھا عرض کی کہ حضرت یہ مملکت تازہ چند روز سے اپنے قبضۂ اقتدار مین لائے ہین لائق یہ ہی کہ پانچ چھ مہینے اس حدود مین استقامت فرمائین تو رعیت دل اپنا سلطنت پر اس خاندان کے رکھے اور بعد اُس کے اس بندہ دولتخواہ کو مامور فرماوین کہ اس ملک مین چندے رہکر نظم ونسق کرے بعدہ ملازمت مین مشرف ہو نظام شاہ یہ جواب سنکر حریفون کا کہنا یقین کر کے چنگیز خان سے نہایت ناراض ہوا چنگیز خان آثار غضب شاہ کے چہرۂ حال سے مشاہدہ کر کے چند روز بیماری کے بہانہ دیوان عام مین نہ گیا نظام شاہ زیادہ تر متوہم ہوا حکیم محمد مصری کو مع شربت مسموم معالجہ کے بہانہ اُس کے پاس بھیجا چنگیز خان نے پہلے اس شربت زہر آلود کے پینے سے انکار کیا اور آخر مین وفاداری اور نمک حلالی منظور رکھکر نوش کیا

اور حالت نزع مین بادشاہ کو یہ عریضہ لکھا کہ مخلص دولتخواہ میرک دبیر کہ آفتاب عمر اُس کا ساٹھ برج طے کرکے بروج ستر مین تھا سر آستانہ پر رکھکر عرض رکھتا ہی کہ جو شربت آبجیات مین آمیز کرکے اس دولتخواہ کے واسطے مرحمت فرمایا تھا فدوی نے بذوق وشوق تمام نوش کیا اور نقد وفا اور اخلاص بادشاہ کا کہ پرورده نعمت بخشرت ہی صندوق سینہ مین رکھکر اب نہا نخانہ قبر مین کہ جو اول منزل ہی اور اعمال کے سوا اور کوئی مونس وہمدم نہین لیے جاتا ہون جب تک میری خاک رہے بادشاہ کو بقا ہو جیو اور امیدوار ہی کہ بندہ کو بندگان دولتخواہ سے شمار کرکے جو دستور العمل کہ بندہ نے اپنے ہاتھ سے لکھ بھیجا ہی اُس پر عمل کرین اور اس خیرخواہ کا کالبد خاکی کربلائے معلی بھیجین اور سید مرتضےٰ ورشاہ قلی اور صلابت خان اور میر زا محمد تقی نظیری اور امین الملک نیشاپوری اور قاضی بیگ طہرانی کو جملہ کار آمدنی شمار کرکے ان کے احوال سے غافل نہو وین اور جس قدر غریب کہ فدوی کی سرکار مین ہین انھین اپنے سلحدارون مین داخل فرمائین یہ عرض داشت اور دستور العمل سید حسین کی صحابت سے مرتضےٰ نظام شاہ کے پاس بھیجکر پلنگ پر تکیہ کیا اور زہر ہلاہل کے اثر سے حال اُس کا تغیر ہوا دوسرے دن صبح صادق کے وقت شہور ۹۷۲ھ نو سو بہتر ہجری مین اس سرائے عارتی سے دارالباقی کی طرف انتقال کیا اور جو کہ سرزمین دکن دولتخواہ کا آرامنی کے ساتھ موافق نہین ہی اس سبب سے مثل عماد الدین محمود اور خواجہ جہان کاوان اور خواجہ میرک چنگیز خان اور مصطفےٰ خان اردستانی کی کہ اکثر امور مین بے نظیر تھے سپہ سرنگون کی اعانت سے ناحق اُس مملکت مین خراب اور ضائع ہوے القصہ چنگیز خان نے اس سرائے عارتی سے انتقال کیا اس کی متروکہ سے تین چار خط بخط شاہ میرزا برآمد ہوئے کہ اُسکی تحریر سے چنگیز خان کی پاکی اور دولتخواہی ثابت اور متحقق ہوئی جب نظام شاہ نے اُسے دریافت کیا چنگیز خان کے تلف ہونے سے نہایت درجہ غمگین اور محزون ہوا جو فائدہ کہ رکھتا تھا از روے غضب شاہ میرزا کو اپنے اُردو سے نکلوا دیا اور خود بھی اُسی عرصہ مین احمد نگر کی طرف متوجہ ہوا اور جب منزل مقصود مین پہونچا حکیم محمد مصری کو پیشوا کیا اور بعد چھ ماہ اُسے معزول کرکے قاضی بیگ بردی کو ابتداے ۹۷۳ھ نو سو تراسی ہجری مین پیشوا اور وکیل سلطنت کیا اور میرزا محمد نظیری اور عین الملک نیشاپوری کو وزیر کیا اور سید مرتضےٰ سبزواری کو سپہ سالار لشکر برار کرکے خداوند خان مولد اور جمشید خان اور بحری خان قزلباش اور رستم خان دکنی اور چغتائی ترکمان اور تیرانداز خان استرآبادی اور شیر خان ترشیزی اور حسین خان تونی اور چندا خان دکنی اور دستور خان خواجہ سرا وغیرہ کو جو سرداران معتبر سے تھے ہمراہ اُس کے برار کی طرف روانہ فرمایا اور قاضی بیگ اور میرزا محمد تقی اور شاہ احمد خان اور مرتضےٰ خان اور اسد خان اور امین الملک نیشاپوری اور قاسم بیگ حکیم مصری اور جمیع اشراف احمد نگر سے کہا آگاہ ہو کہ مجھے قابلیت بادشاہی کی نہین ہی اپنے مین اس قدر حالت نہین دیکھتا ہون کہ عدل ظلم سے اور ظلم عدل سے تمیز کرون اکثر اوقات ظلم کو بصورت عدل وقوع مین لاتا ہون آخرت کا خوف دامنگیر ہے اس واسطے بادشاہی اور حکومت سے بیزار ہو کر تمھین گواہ کرتا ہون اور قیامت کے دن کہ روز جزا ہی تم سے طلب شہادت کرون گا کہ قاضی بیگ کو کہ فرزند رسول آخرالزمان ہی اُسے مین نے اپنا وکیل مطلق کیا کہ موافق شریعت غرا اور عدالت عالیہ خلائق کے ساتھ سلوک کرے اور ہر گز معاملات اور محاکمات قوی کو ضعیف پر ترجیح مذہوے حق کو منظور رکھے اگر کسی بڑھیا کی ایک سوئی یا کوئی چیز جبر وتعدی سے

لیوینگا اور قیامت کے دن مجھسے پوچھین گے کہ تیرے عہد مین ایسا ظلم واقع ہوا اور تو غافل اور بیخبر تھا اس مین یہ جواب دون گا کہ ان امور مین مجھے کسی طور کا دخل نہ تھا مین نے قاضی بیگ کو اپنی طرف سے وکیل مطلق کیا تھا اس سے پوچھو الغرض اگر وہ اس کارمشکل سے عہدہ برا نہو سکے امین الملک اور میرزا محمد تقی اور قاسم بیگ کو ساتھ اپنے متفق اور شریک اس امر مین کرکے مہات کو جاری کرے کہ مین قہر و عذاب الٰہی سے خائف اور ہراسان ہون اور نیز اس امر سے کہ چنگیز خان کی نسبت وقوع مین آیا پشیمان اور نادم ہوکر چاہتا ہون کہ مدت العمر گوشہ عزلت اختیار کرکے معبود برحق کی عبادت مین مشغول رہون یہ کہا اور مائل عزلت ہوکر قلعہ احمد نگر کے اندر کہ وہ عمارت موسوم ببغداد ہی اُس مین گوشہ نشین ہوا اور صاحب خان کے سوا کسی کو اختیار نہ تھا کہ حضرت کے پاس آمد و شد کرتا اور بعد دو تین مہینے کے ایسا تنہائی کا خوگر ہوا کہ ہدیہ سلطان اولدہ میران حسین اور تمام عورتون کو قلعہ سے برآوردہ کرکے دوسرے مکان مین بھیجدیا اور دروازہ قلعہ کا شاہ قلی کو کہ شاہ طہماسپ نے نظام شاہ کے پاس بھیجا تھا اور اس دولت خانہ مین وہ بخطاب صلابت خان سرفراز تھا سپرد فرماکے امرائے کبار سے کیا اور حکم دیا کہ صاحب خان کے سوا کسیکو میرے پاس نہ آنے دینا الغرض قاضی بیگ کے عہد وکالت مین اکبر بادشاہ ۹۸۴ھ نوسو چوراسی ہجری مین شکار کنان سرحد مالوہ مین پہونچا اور جب مخبرون نے یہ خبر احمد نگر مین پہونچائی قاضی بیگ نے عریضہ مشتملبر خبر توجہ اکبر بادشاہ جانب دکن بذریعہ صاحب خان نظام شاہ کے پاس اندر قلعہ کے بھیجا اور جو وقت رات کا تھا پلٹ کر اپنے مکان پر گیا صاحب خان نے نظام شاہ کو دیکھا کہ خواب استراحت مین ہی اس قدر صبر کیا کہ بیدار ہوا اس وقت عریضہ گذرانا جب مضمون اس کا واضح ہوا نظام شاہ بے توقف پالکی مین سوار ہوا اور تھوڑی جماعت مردم پہرہ دار سے کہ زیادہ سو آدمی سے نہ تھے اور صلابت خان اور صاحب خان بھی از انجملہ تھے ہمراہ لیکر دولت آباد کی طرف روانہ ہوا اور جماعت قلیل مردم اعیان نے نرگنگ کے قریب اس کے پاس پہونچکر معروض کیا کہ بادشاہون کے دشمن بہت ہوتے ہین تنہا سوار ہونا اور اس طرح دشمن قوی کی طرف متوجہ ہونا حزم و ہوشیاری سے بعید ہی آپ اس مقام مین اس قدر توقف فرماوین کہ لشکر احمد نگر اور برار آپہونچے نظام شاہ نے چند روز مقام کیا جب پانچ چھ ہزار سوار خاصہ خیل اُس کی ملازمت مین پہونچے فرمان احضار سپاہ برار کے واسطے بھیجا اور خود بقصد مقابلہ اکبر بادشاہ وہان سے پھر کوچ کا ارادہ کیا قاضی بیگ اور میرزا محمد تقی نظیری اور مردم معتبر نے چادرین گردن مین ڈالکر سر زمین پر رکھا اور تضرع و زاری کرکے کہنے لگے کہ بادشاہ عظیم الشان دہلی کے ساتھ اس قدر فوج سے مقابلہ کرنا خوب نہین ہی صلاح دولت یہ ہی کہ ہاتھ دامن صبر پر مارکر اس قدر توقف فرماوین کہ توپخانہ اور لشکر بھی آپہونچے نظام شاہ نے فرمایا ایسے امور مین صبر و تحمل اچھا نہین ہی مع بہادران خاصہ خیل فوج خاصہ اکبر بادشاہ پر حملہ کرتا ہون فتح و ظفر بتقدیر آسمانی ہی **بیت** اگر تیغ عالم بجنبد ز جای ✤ نبرد رگے تا نخواہد خدای ✤ مقربان درگاہ یہ کلام سنکر بحیرت مین غوطہ زن ہوکر متحیر ہوے قضارا اس حال کے درمیان مخبرون نے پہونچکر یہ خبر پہونچائی کہ اکبر بادشاہ نے سرحد مالوہ مین شکار کرکے بدولت و سعادت اپنے دار الملک کی طرف مراجعت فرمائی نظام شاہ یہ بشارت سنکر تبیح اور مسرور ہوا اور دولت آباد کی طرف معاودت

ل اور حوض قتلو کے کنارے مقام کر کے سید مرتضےٰ اور امرائے برار کہ حاضر آئے تھے اُنھین مخلع کر کے رخصت معاودت فرمائی اور خود احمد نگر جا کر بدستور سابق مہمات مملکت ارکان دولت کے تفویض کر کے پھر گوشہ نشین ہوا اور اُس وقت صاحب خان کے جمیع عزیز و اقارب نے منصب امارت پر پہونچکر جاگیرین خوب پائین اور اس بدبخت کا استقلال اندازہ سے گذرا کیونکہ مزاج اقدس مین تصرف تمام کیا تھا الغرض نظام شاہ عین موسم برسات مین دولت آباد کی منزہات کی سیر کے واسطے کہ آیۂ کریمہ لہم فیہا من کل الثمرات اس کی مصدوقہ ہی عازم ہوا اور وہان پہونچکر قریب چار راہ بالاگھاٹ پر مقام فرمایا بعد انقضاے موسم برسات اس سرزمین کے مشائخ کی قبور کی زیارت کر کے اُن کی ارواح طیبہ کی ترویح کے واسطے نقود و افر فقرا اور مساکین پر تقسیم کیا اس وقت صاحب خان سے پوشیدہ جامہ درویشان زیب تن کر کے صبح کے وقت بقصد زیارت امام رضا علیہ السلام پیادہ پا سراپردہ کے عقب سے روانہ ہوا اور معسکر کے دو تین کوس کے فاصلہ پر کسی پیادہ نے آپ کو دیکھکر خبر ارکان دولت کو پہونچائی وہ پہلے سراپردہ بادشاہی کی طرف دوڑے اور جو اثر بادشاہ کا نپایا اس کی تلاش مین روانہ ہوے پھر اُس کی ملازمت سے مشرف ہوکر بمبالغہ الحاح تمام واپس لائے ہر چند کوشش کی لیکن ایک مہینے کامل لباس فقرا بدن سے جدا نہ کیا اور تاج و تخت کی طرف رغبت نفرمائی قاضی بیگ اور میرزا محمد تقی نے سرزمین پر رکھکر سبب نفرت اور کراہیت کا بادشاہ سے استفسار کیا فرمایا سبب نفرت اس دنیاے فانی کا ظاہر ہی اس کی الفت اور محبت کا سبب البتہ پوچھنا چاہیے اس سے زیادہ کلام نہ کیا سکوت اختیار کیا اور جب جانا کہ ارکان دولت میرے ارادہ کے مانع ہوتے ہین بادشاہ لاعلاج ہوکر احمد نگر مین تشریف لایا اور باغ بہشت بہشت مین جو اس شہر کے شمال مین واقع تھا گوشہ نشین ہوا اور خیل و حشم قاضی بیگ اور صلابت خان کے اشارہ کے موافق اس باغ کے گرداگرد خیمہ اور خرگاہ برپا کر کے اُس کی حفاظت مین مشغول ہوا اور ان دنون مین صاحب خان نے بے اعتدالی شروع کر کے اکثر اوقات مست اور مدہوش مع دو تین ہزار اوباش اور اجلاف دکن اور فیلان لبسیار کوچہ و بازار احمد نگر مین پھرتا تھا اور رعایا برایا کے لڑکون اور لڑکیون کو بجبر و زور مکانون سے برآمد کر کے بافعال قبیحہ قیام کرتا تھا اور ہر چند اس کے بھائی سمیان جلال خان اور حبیب خان اسے سرزنش کر کے اُن اعمال شنیع سے منع کرتے تھے فائدہ نہ بخشتا تھا یہان تک کہ ایک دن ایک جماعت کو بھیجکر ارادہ کیا کہ بیٹی میر مہدی کو کہ ایک سادات صحیح النسب ایران سے تھا اور سلحداران کے سلک مین انتظام رکھتا تھا بزور و جبر پکڑلاوے میر مہدی دروازہ مکان کا بند کر کے پشت بام پر برآمد ہوا اور تیر و تفنگ کی ضرب سے صاحب خان کے آدمیون کو متفرق اور پریشان کیا اور قاضی بیگ اور دیگر بزرگان صاحب دخل کے پاس آدمی بھیجکر کمک طلب کی اور جو صاحبخان کے سوا کوئی بادشاہ تک رسائی نرکھتا تھا اور استقلال اور اقتدار اس کا اندازہ سے باہر تھا قاضی بیگ وغیرہ نے طرح دیکر اُس کے علاج مین کوشش کی صاحب خان نے اسی عرصہ مین اپنے چھوٹے بھائی حبیب خان کو مع دو تین ہزار سوار اور پیادہ اور چند فیل میر مہدی کے سر پر نامزد کیا اور اس سید بیکس نے جب کسی طرف سے کمک اور مدد نپائی تنہا قتال مین مشغول ہوا اور تین چار دکنی معتبر کو بضرب تیر و تفنگ قتل کیا اور آخر

کو جب از دحام اور ہجوم حد سے گذرا میر مہدی کے پسران ناخلف کہ نوکر صاحب خان کے تھے ہدایت کر کے فیلان مست کو عقب خانہ سے دیوارین توڑ کر اندر لائے اور اس سید مظلوم کو درجہ شہادت مین پہونچایا اور اُس کی دختر کو صاحب خان کے واسطے لے گئے اور آخر ۹۸۵ھ نوسو پچاسی ہجری مین سید مرتضےٰ سبزواری مع امرائے برار حکم بادشاہی کے موافق لشکر کے جائزہ کے واسطے درگاہ کی طرف متوجہ ہو کر باغ ہشت بہشت مین فروکش ہوا اور جو نام اصلی صاحب کا حسینی تھا اور وقت بے وقت نظام شاہ اور بھی آدمی اُس کو حسین خان کہکر پکارتے تھے اس واسطے صاحب خان نے حسین خان سخت کمان ترشیری کو جو امرائے برار سے تھا پیغام دیا کہ نام اپنا بدل ڈال والا منتظر گوشمال حسین خان نے یہ امر قبول نہ کیا آخر بمعنی منجر بہ نزاع و خشونت ہوے اور صاحب خان فیل مست پر سوار ہو کر مع پانچ چھ ہزار فوج سے اُس کے مقابلہ کے واسطے یعنے حسین خان کے دائرہ کی طرف گیا اور حسین خان بھی چند سواران سے اُس کے مقابلہ کے واسطے روانہ ہوا صاحب خان نے حملہ اول مین اُس کی جمعیت کو متفرق اور پریشان کیا حسین خان کو شجاعت و دلیری بھاگنے سے مانع ہوئی تنہا فوج صاحب خان پر حملہ آور ہوا اور ایک تیر چلہ مین جوڑ کر ایسا پیشانی فیل صاحب خان پر مارا کہ سوفار تک پیوست ہوا فیل چنگھاڑ مار کر بھاگا اور درختون کے درمیان ہر طرف دوڑتا تھا یہان تک کہ صاحب خان نے باغ مین جا کر فوج سے یہ بات کہی کہ بادشاہ نے تمام غریبون کے قتل کا حکم نافذ فرمایا ہے لازم کہ حسب الحکم کاربند ہو کر اُن کے مال و اسباب زن و فرزند پر متصرف ہو دکنیان اور حبشیان واقعہ طلب ایسا معاملہ خدا سے چاہتے تھے اونی اعلی غریبون کے قتل پر آمادہ ہو کر فوج فوج احمد نگر سے باغ ہشت بہشت کی طرف روانہ ہوے اُمرا اور سلحداران غریب وغیرہ سوائے قاضی بیگ اور سید مرتضےٰ اور میرزا محمد تقی نظیری اور امین الملک نیشاپوری کے کہ رضا بقضا دیکر دیوان عام مین بیٹھے تھے قریب دو ہزار اور پانسو آدمی نے مسلح ہو کر دفع مضرت کے واسطے صفوف حرب آراستہ کین صاحبخان نے جنگ کر کے انھین منہزم کیا اس وقت مرتضی نظام شاہ حمام کے اندر کہ کنارہ باغ ہشت بہشت کے واقع تھا چلہ مین بیٹھکر عبادت مین مشغول تھا شور و غوغا سنکر باغ کے دروازہ سے برآمد ہوا تضارا اس وقت صاحب خان آشفتہ بادشاہ کی ملازمت مین گرد آلودہ پہونچا اور عرض کی کہ جمیع غریب آپس مین اتفاق اور ہجوم کر کے چاہتے ہین کہ بادشاہ کو گرفتار کر کے میران حسین کو تخت پر بٹھاوین نظام شاہ تحقیق صدق و کذب کے واسطے پیادہ پا باغ سے برآمد ہوا جب افواج غریب کو مسلح اور مکمل دیکھا اور نظر بانیکہ قضیہ سے بخوبی خبر نہ رکھتا تھا صاحب خان کا کلام سچ جانکر بے تامل ہاتھی پر سوار ہوا چتر سر پر لگایا امرا اور خاصہ خیل حبشی اور دکنی کو جو صاحبخان کے کہنے سے حاضر تھے غریبون کے مقابلہ کا امر فرمایا سید قاسم اور مرتضےٰ خان اور قاضی بیگ نے آدمی غریبون کے پاس بھیجکر پیغام دیا کہ صحبت نے رنگ اور پیدا کیا وہ یہ ہے کہ بادشاہ خود بنفس نفیس سوار ہوا تم ہرگز تلوار مردمان دکن پر نہ کھینچنا کہ باعث بدنامی اور حرام خوری کا ہے امرائے غریب مثل چنگیز خان اور بابر خان اوزبک اور حسین خان ترشیری اور تیر انداز ان استرآبادی نے گھوڑے سے اُتر کر بادشاہ کو دور سے سلام کیا اور ولایت عادل شاہ اور قطب شاہ کی طرف متوجہ ہوے صاحب خان مع برادران اور اعوان و انصار شہر کی طرف حملہ آور ہوا بعضے غریبان سے کہ اپنے مکانون کے گوشہ مین مخفی ہوے تھے اُن کو تہ تیغ کیا

اوران کے اموال اور زن وفرزند کی گرفتاری مین مشغول ہوا اور مضمون یوم یفر المرء من اخیہ وامہ وابیہ وصاحبتہ وبنیہ ظہور مین پہونچا یا **مثنوی** سر فتنہ از خواب بیدار گشت ۔ بساط فراغت قضا در نوشت ۔ ز سیل بلا شد عیان رستخیز ۔ نہ روئے اقامت نہ پائے گریز ۔ نہ در خانہ بودی کسے را قرار ۔ نہ در کوچہ دیدی طریق فرار ۔ کس از خانہ گر پا نہادی بدر ۔ نہ دستار بر جاے ماندی نہ سر ۔ قاضی بیگ اور سید مرتضے صلابت خان سے جو محافظت مین بادشاہ کی کوشش کرتا تھا جاکر کہنے لگے کہ کام ہاتھ سے گیا اور قریب ہی کہ عرض وناموس غریبون کے خاک مین ملجاوے لازم ہی کہ تم عرض داشت ہماری جس تدبیر سے کہ ممکن ہووے بادشاہ کے ملاحظہ مین گذرانو صلابت خان نے جب موقع پایا عرض داشت انکی بغل مین دبا کر دربار کی طرف متوجہ ہوا اور جو کہ صاحب خان اس وقت حاضر نہ تھا خاصہ پہونچانے کے بہانہ باغ کے اندر گیا اور آپ کو مخزن نظام شاہ مین پہونچایا اور باآواز بلند نظام شاہ کی دعا وثنا مین مصروف ہوا اور نظام شاہ نے آواز صلابت خان کی پہچانی جو اُس کا آنا خلاف عادت دیکھا سمجھا کہ اسے کوئی حادثہ پیش آیا ہی ناچار حمام کے دروازہ پر ایستادہ ہوکر سبب آنے کا پوچھا صلابت خان نے عرض داشت ارکان دولت پیش کی اور زبانی بھی حقیقت حال مشروحًا اور مفصلاً معروض کی نظام شاہ نے متحیر ہوکر صلابت خان کو حکم فرمایا کہ صاحبخان کو خواہی نخواہی شہر سے پھیرلاؤ کہ غریبون کے ایذا اور آزار مین نہ کوشش کرے صلابت خان نے شہر مین جاکر صاحب خان کو بزجر وانہانت تمام پھیرا اور اس کے بعد صاحب خان صلابت خان کے قتل مین ساعی ہوا جو زمانہ اُس کے موافق تھا اس واسطے صلابت خان جنگل مانک دون کی طرف بھاگا نظام شاہ اس حال سے مطلع ہوا اور صلابت خان کو طلب کیا اور بامارت کلان اور منصب سرنوبتی سے قوی کیا اور خاصہ خیل کو اس کا محکوم فرمایا اوران دونون مین ایک جماعت اعیان سے قاضی بیگ کی خیانت پر مدعی ہوئی تھی نظام شاہ نے اُسے معزول کرکے ایک قلعہ مین قید فرمایا اور بعد دو تین مہینے کے دشمنون نے عرض کی کہ قاضی بیگ دو لاکھ ہون نقد اور جواہرات خزانہ سے لے کر متصرف ہوا ہی اور جو کچھ مملکت مین دست اندازی کی اُس کے علاوہ ہی اگر حکم ہووے یہ سابغ اس سے ہم واپس کرین نظام شاہ نے اپنے ہاتھ سے یہ عبارت اس کے درجواب ترقیم فرمائی کہ جب ایسے سید عزیز نے مذلت خیانت اپنی نسبت قرار دیکر اس محقر جیفہ دینا کو ہمارے خزانہ سے طمع کی اس سے واپس لینا نہایت بیمروتی ہی یہ روپیہ ہم نے اسے بیکلم معاف کیا چاہیے کہ اسے قید سے رہا کرکے مع جمیع جہات وعیال واطفال کشتی پر سوار کرکے وطن مالوف کی طرف روانہ کرو چنانچہ عمدہ داران نے شاہ کے فرمانے پر عمل کیا اس کے بعد منصب پیشوائی اگرچہ اسد خان ترک کے ساتھ رجوع ہوا لیکن صلابت خان نے اس منصب سے نام کے سوا کچھ نہ چھوڑا استقلال اس کا اندازہ سے گذرا اور صاحب خان ذلیل مطلق ہوا اور باوجود اس حال کے تعلق خاطر بادشاہ اپنی نسبت جانتا تھا کہ کس درجہ ہی لیکن صلابت خان کی سخت گیری سے عاجز آیا اور از روے تکبر ونخوت باتفاق اعوان وانصار مع دو تین ہزار سوار اور فیلان بسیار احمد نگر سے نکلگیا نظام شاہ اس خوف سے کہ اگر لشکر اُس کے پکڑنے اور پھیرنے کے واسطے نامزد فرمایا جاوے مبادا از روے بے اعتدالی جنگ

کرے اور مارا جاوے اس واسطے خود تعشق اور دلکے میلان سے پالکی مرصع مین سوار ہوکر پیچھے اُس کے روانہ ہوا تضارا صاحب خان جب حوالی احمد آباد مین پہونچا بے ملاحظہ پاے حصار تک گیا اور مردم درونی نے وصول لشکر بیگانہ سے واقف ہوکر دروازہ مسدود کیا اور چند توپ کلان اور متوسط اُسکی فوج پر سر کین اور ایک جماعت مردم معتبر سے ضائع ہوئی اس درمیان مین نظام شاہ پیچھے سے پہونچا صاحب خان جو چارہ نرکھتا تھا ایلچی اُس کے پاس بھیجکر پیغام کیا کہ دو شرط سے میرا وصال میسر ہوسکتا ہی ایک یہ کہ صلابت خان کو درگاہ سے دفع کرے دوسرے یہ کہ شہر بیدر علی بریدسے لیکر مجھے جاگیر مین عطا فرمایا جاوے نظام شاہ کہ اس کا عاشق زار تھا دونون امرون کا متعہد ہوا صلابت خان کو قصبہ بیر کی طرف کہ اس کی جاگیر تھی رخصت فرمایا اور شہر بیدر کو محاصرہ کرکے اُسکی تسخیر مین مشغول ہوا علی بریدنے عادل شاہ سے کمک طلب کی اُس نے ہزار سوار اُس کی مدد کو مقرر کیا درمیان اس حال کے خبر پہونچی کہ اس کا بھائی شہزادہ برہان جو کہ قلعہ مین قید تھا خروج کرکے احمد نگر کی طرف متوجہ ہوا ہی نظام شاہ نے میرزا یادگار کنڈی اور سر لشکر ابراہیم قطب شاہ کو مع سات آٹھ ہزار کے بیدر کے محاصرہ کو نگاہ رکھکر خود بھراہی صاحب خان احمد نگر کی طرف روانہ ہوا اور اسی چند روز کے عرصہ مین لشکر عادل شاہی احمد آباد بیدر کے اطراف مین پہونچا مرد م قطب شاہ کہ بہانہ طلب تھے گلکنڈہ کی طرف روانہ ہوئے اور میرزا یادگار ترک محاصرہ کے واسطے مشغول ہوا اور شہزادہ برہان احمد نگر کے اطراف مین آیا اور بارہ ہزار آدمی کہ صاحبخان کی وضع اور اطوار سے رنجیدہ تھے اس سے ملحق ہوئے اس سبب سے نظام شاہ پریشان ہوا صلابت خان اور خاصہ خیل اور دیگر امرا کہ صاحب خان کی بے عتدالی سے آزردہ تھے فرامین استمالت بھیجکر انھین طلب کیا جب وہ نظام شاہ کی ملازمت مین پہونچے صاحب خان نے صلابت خان کے آنے سے پھر رنجش بہم پہونچائی ابھی احمد نگر کی طرف نہ پہونچا تھا کہ وہ اپنے بھائیون اور اعون کو لیکر ٹپن کی طرف گیا اور نظام شاہ نے اُس کی طرف اصلا توجہ نفرمائی احمد نگر مین داخل ہوا اور ہاتھی پر سوار ہوکر کوچہ و بازار مین پھرا دوسرے دن جب شاہزادہ برہان باغ ہشت بہشت مین آیا پھر ہاتھی پر سوار ہوکر قلعہ سے برآمد ہوا اور کالا چبوترہ کے نزدیک ہاتھی کو ایستادہ کیا اسد خان اور دوسرے سردارون کو مع تو پخانہ شہزادہ برہان کے مقابلہ کو نامزد فرمایا اُنھون نے جنگ کرکے شہزادہ کو برہان پور کی طرف مفرور کیا اور نظام شاہ مظفر اور منصور قلعہ مین داخل ہوکر بدستور اول گوشہ نشین ہوا اور سید مرتضےٰ سپہ لشکر برار کو فرمان بھیجا کہ صاحب خان کو تسلی کرکے بحافظت و اعزاز تمام حضور مین روانہ کرے اگر وہ انکار کرے اُس کی گردن مارکر گھوڑے اور ہاتھی اُس کے درگاہ مین بھیجے اتفاقا صاحب خان جب قصبہ عنبر کی حوالی مین پہونچا جو کہ اُس کی طبیعت مین ناراستی جبلی تھی اور نفس امارہ نے اُسے مغلوب اور منکوب کیا تھا اس سبب سے بحر یخان قزلباش کو جو امراے برار سے تھا اور قلعہ رنجی مین اقامت رکھتا تھا پیغام کیا کہ اپنی بہن میرے حبالۂ نکاح مین لاکر منتظر فلاح رہ بحری خان نے اُس سے جواب دیا کہ مرغ فروش کی بیٹی کو کیا مناسبت کہ امراے کبار سے طالب پیوند دولت ہو، صاحب خان یہ جواب سنکر آشفتہ ہوا اور قصبۂ رنجی پر تاخت لے گیا بحری خان کہ جماعت قلیل رکھتا تھا تاب مقاومت نہ لایا اپنے اہل و عیال کو لیکر جالنہ کی طرف بھاگا اور باتفاق جمشید خان شیرازی کے سید مرتضےٰ

کو حقیقت حال لکھکر طریق اخلاص اور نجات استفسار کیا جو سید مرتضےٰ کو فرمان صاحب خان کی روانگی کے بارہ مین پہونچا تھا لہذا خداوند خان اور دوسرے امرا کو نامزد کرکے یہ فہائش کی کہ صاحب خان کے پاس جاکر اسے احمد نگر روانہ کرو اور روبشیدہ خداوند خان سے کہا کہ اس بدبخت کے دست تظلم سے ایک عالم ایذا مین ہی مناسب ہی کہ کوئی تقریب اُٹھاکر اسے قتل کرین خداوند خان اور امراے دیگر جو بطریق استعجال جالنہ کی طرف پہونچے جمشید خان اور بحری خان بھی ان کے رفیق ہوکر صاحب خان کے اُردو کی طرف متوجہ ہوئے اور وہ اجل رسیدہ اپنی جگہ سے نہ ہلا یہان تک کہ یہ لوگ وہان پہونچے اور سراپردہ کے باہر ایستادہ ہوکر ازروے تمسخر اور استہزا پیغام کیا کہ ہم بادشاہ کے فرمان کے موافق آئے ہین اگر حکم ہو سلام کے واسطے مشرف ہون باعث سرفرازی ہوگا صاحب خان اس وقت مے نوشی مین مصروف تھا بلا توقف انھین سراپردہ مین طلب کیا جب اُس کی نگاہ ان پر پڑی مسلح دیکھکر مضطرب ہوا اور بغیر ایستادہ ہوا اور ایک ایک امرا کو نظر غور و تامل سے دیکھا جب خداوند خان کی باری آئی اُس سے بغلگیر ہوا اور خداوند خان نے فریاد اُٹھائی کہ صاحب خان مجھے بغل مین دباکر پسلیان توڑے ڈالتا ہی اور چاہتا ہی کہ میرا گلا گھوٹے حالانکہ خداوند خان نے عمداً اُسے آغوش مین پکڑکر ایسا دبایا کہ اُس کے پہلو کی ہڈیان شکستہ ہوئین اور وہ بیہوش ہوگیا اسپر بھی اکتفا نکرکے ضرب خنجر سے کام اس ناپاک کا تمام کیا اور بھائیون اور انصارون نے جب ایسا دیکھا ہر ایک نے اپنی راہ لی اور جب خداوند خان شر اس خبیث کا دفع کرکے مع امرا سید مرتضےٰ کے پاس گیا اور حقیقت حال بیان کی سید مرتضےٰ نے عریضہ نظام شاہ کو لکھا کہ جان نثار نے فرمان واجب الاذعان کے موافق ایک جماعت کو صاحب خان کے پاس بھیجکر تاکید کی کہ اسے دلاسا دیکر درگاہ عرش اشتباہ مین روانہ کرو صاحب خان عنان عقل دست استقلال سے چھوڑکر جنگ و امن جنگ مین مارکر مارا گیا اور اس سبب سے کہ مردم حضور اس معنی سے راضی تھے مضمون عریضہ کا اس ڈھب سے بادشاہ کے ذہن نشین کیا کہ وہ مقام پرخاش مین نہوا اور پھر دوبارہ اس مقولہ سے ایک حرف زبان پر جاری نہ کیا اُس کے بعد صلابت خان معاند کے بلاخرخشہ متکفل مہمات سلطنت ہوا چند سال باستقلال تمام حکمرانی کی اور اس عرصہ مین محمد اکبر بادشاہ کا ایلچی مکرر احمد نگر مین آیا اسے خوش وقت اور مقضی المرام رخصت کیا اور صلابت خان کے عہد پیشوائی مین اس مرتبہ عدل اور ضبط نے رواج پایا تھا کہ تجار وغیرہ بفراغ تمام آمد و شد کرتے تھے اور بعد سلطان محمد بن علاء الدین حسن بہمنی کی ولایت مرہٹ مین کسی شخص نے مثل صلابت خان کے امنیت و ضبط بمرتبہ کمال نہ پہونچایا تھا خواجہ نعمت اللہ طہرانی اور خواجہ عنایت اللہ اور مثل ان کے اور لوگون کو لشکر و حشم دیکر حکم کیا کہ جمیع ممالک محروسہ مین ہمیشہ روندگشت پھرتے رہین اور جس شخص پر چوری کا اطلاق خفیف بھی ثابت اگرچہ ایک حبہ ہو بلا توقف قتل کرین اور خود بھی آبادی ملک اور باغ و بستان اور قصبات کے احداث مین کوشش کرکے عمارات عالیہ تیار کی ازانجملہ عمارت باغ فرح بخش آثار اُس کے سے ہی اس واسطے کہ چنگیز خان نے در اصل اس کی بنیاد ڈالی تھی اور نعمت خان سمنانی نے اہتمام کرکے سنہ ۹۷۹ نوسو اناسی ہجری مین اتمام کو پہونچایا اور جب نظام شاہ نے اس باغ کی سیر کے واسطے تشریف ارزانی فرمائی وہ عمارت اُس کی طبع مشکل پسند کے پسند نہ پڑی نعمت خان کو اس عمارت کی داروغگی سے معزول کیا

اور صلابت خان کو بجاے اس کے منصوب کر کے فرمایا کہ اس عمارت مین اگرچہ زر خطیر صرف ہوا ہی لیکن بسمار کر کے اور نقشہ دیگر طرح سے بنا کرے جب وہ باغ تیار ہوا شاہ احمد مرتضی خان انجو نے یہ تاریخ اُس کی صفت مین کہی تا ریخ ارباب نشاط را خبر کن شاہا ٭ بر باغ فرح بخش گذر کن شاہا ٭ نعمت خان را ز بہر تاریخ بنہا ٭ از باغ فرح بخش بدر کن شاہا ٭ اور یہ امر بھی خلائق کے درمیان مین مشہور ہی کہ صلابت خان کے عہد داروغگی مین پانچ لاکھ درخت انبہ اور املی کے اُس کے لگائے ہوئے مدت دراز تک رہے اور باعث ذکر خیر ہوئے اور جملہ توقیعات صلابت خان سے تربیت ملا ملک قمی اور ملا ظہوری ہمعاُن کے قدوم کو گرامی رکھکر وظائف اور انعامات لائق سے مخصوص کیا اور جب عمارت فرح بخش دوبارہ ۹۹۱ھ نو سو اکیانوے ہجری مین تیار ہوئی صلابت خان نے اس باغ مین شادی اور جشن قرار دیکر اعیان و اشراف اور شعرا کو طلب کیا اور ہر ایک سے بہ لطف و عنایت پیش آکر مسرور اور مبتہج فرمایا اور ملا ملک قمی نے ایک قصیدہ غرا اُس کی صفت مین کہا قصیدہ

ای تو بہشت برین این چہ شکوہ ہشت شان — پیشکشت شہ نشین بارگہت شہ نشان — نزہم ترا بہشت خلد شقہ از پیش گاہ
بام ترا نہ فلک پایہ از نردبان — کوس تحکم زنان بین کہ درخشان سرو — صف زدہ از چار سوے بر صفت چاکران
ہم بہم فیض ازل با گہرت ہم نشین — ہم گل روے معنا با اثرت توامان — سقف تو بر باد و اوفرغت ز رگاہ چرخ
کاخ تو بر خاک ریخت آب رخ کہکشان — سنبل بستان تو صید طرب را کمند — خار گلستان تو چشم حسد را سنان
چرخ ز گرد رہت دوختہ بر تن حریر — مشتری از فقنہ ات مانده بسر طیلسان — یافتہ دست قضا از گل سقفت سریر
ساختہ ترک قدر ز ابر ے طاقت کمان — از گہر فیض تو ابر بدست صبا — تحفہ فرستد بہ بحر ہدیہ فرستد بکان
لطف تو گر در خیال بگذرواندیشہ را — چہرہ مافی الضمیر دیدہ بہ بیند عیان — گر کند ابر و بلند شاہد تصویر تو
خامہ بہزاد را تاب دہد در بنان — غنچہ تصویرت ار بشگفد از برگ و شاخ — عقد کند خندہ ات در گلوے زعفران
بسکہ زمین نقش بست وصف ترا در ضمیر — سید مداز جیب خاک سبزہ بشکل زبان — گر بعناصر دہد لطف تو سہ مایہ
خاک دہد مردہ را زندگی جاودان — فیض ہوایت اگر مایہ دہد بادرا — ثقل جبلی بردازتن کوہ گران
سدہ تو کعبہ وار ما من فتح و ظفر — طاق تو محراب دار قبلہ پیر و جوان — خاک سبکروحت ار سر مہ دہد بادرا

بر نظر خاکیان آب شو و استخوان ٭

اور ۹۸۸ھ نو سو اٹھاسی ہجری مین علی عادل شاہ شہید ہوا اُس کا بھتیجا ابراہیم عادل شاہ نو برس کے سن مین نائب مناب ہوا صلابت خان نے یہ امر نظام شاہ کے سمع مبارک مین پہونچایا اور تسخیر اُس کے ممالک کی بسہل ترین وجہ نظام شاہ پر ظاہر کی اس واسطے نظام شاہ نے صلابت خان کو ارسال لشکر کے لیئے مامور کیا اور بہزاد الملک کو کہ غلامان چرکس سے تھا سپہ سالار کیا اور امیر الامرا سید مرتضے کو مع لشکر برار ہمراہ کر کے بہ عظمت و شوکت تمام عادل شاہ کی سرحد مین روانہ کیا جب یہ جماعت قلعہ شاہ ورگ کے اطراف مین پہونچی امراے عادل شاہی اُس کی مواجہہ کو روانہ ہوے اور پانچ چھ کوس کے فاصلہ پر ایک مہینے کامل ایک دوسرے کے مقابل خیمہ و خرگاہ ایستادہ کر کے فروکش رہے آخر کو امراے عادل شاہی کو جب دریافت ہوا کہ سید مرتضے بہزاد الملک کی سپہ سالاری سے آزردہ ہی اور ملک نکریگا انواج آراستہ کی اور ابھی کچھ رات باقی تھی کہ روانہ ہوے اور صبح کیوقت کہ تشعشع باران تھا

اور مردم فوج نظام شاہی نہایت غفلت مین اپنے اپنے خیمہ اور پال مین پڑے تھے منزل مقصود مین پہونچکر نقارہ حربی بجانے لگے اور بہزاد الملک نے کہ ہوا کو بزم کے موافق دیکھکر مجلس شراب آراستہ کی تھی سراسیمہ برخاست کرکے اردو سے باہر گیا اور امرا اور سپاہ اُسکے پاس فراہم نہوئے تھے کہ دشمن کی فوج اُسپر تاخت لاکر جنگ مین مصروف ہوئی اور قریب ڈیڑھ سو ہاتھی نامی کے لیکر بہزاد الملک کو بحال اتبر منہزم کیا اور سید مرتضی نے کہ اس سے بہت فاصلہ پر فروکش ہوا تھا خبر نہ پہونچنے کا بہانہ کرکے صلابت خان کو لکھا کہ بہزاد الملک نے جو تعجیل جنگ مین کی اور رفقا کے پہونچنے کا انتظار نہ کیا اس سبب سے اُسے چشم زخم پہونچا انشاء اللہ تعالی اب حسن وجوہ سے تدارک ہوگا صلابت خان نے فرمان سپہ سالاری اُس کے نام بھیجا سید مرتضے اس امر سے خوش ہوا اور خیل جشم کی فراہمی مین کوشش کی اس درمیان مین ابراہیم قطب شاہ جوار رحمت ایزدی مین واصل ہوا اور اس کا فرزند محمد علی قطب شاہ جانشین ہوا اور ایک لشکر قطب شاہ کا افواج نظام شاہ کی کمک کیواسطے اس سفر مین ہمراہ تھا بیدل ہوکر متفرق ہوا اور سید مرتضے نے شاہ میرزا اصفہانی کو کہ قطب شاہ کا وکیل سلطنت تھا موافق کرکے ایسا کیا کہ محمد قلی قطب شاہ کو مدد کیواسطے طلب کیا اور باتفاق قلعہ شاہ درگ کو محاصرہ کیا اور چار پانچ مہینے تک ہر چہار طرف سے نبیاد جنگ ڈالی اور خداوند خان اور بحری خان قزلباش نے ان دنون مین نہایت جان نثاری اور مردانگی کرکے نشان شجاعت کے خاک الافلاک پر پہونچائے اور تھانہ دار قلعہ محمد آقا ترکمان نے اعلام مدافعہ بلند کرکے قلعہ کی محافظت مین تقصیر نہ کی اور ہر چند نظام شاہ اور قطب شاہ اس سے منصب اور امارت وغیرہ کا وعدہ کرکے چاہتے تھے کہ فریب دیوین مفید نہ پڑا اور اُسنے مجادلہ محاربہ اور حفظ حصار مین تقصیر نکی ہمہ تن مصروف ہوا اس سبب سے ہر روز ایک جماعت لشکر نظام شاہ اور قطب شاہ سے مقتول ہوتی تھی اور فتح میسر نہوئی اور سید مرتضی اور قطب شاہ طول محاصرہ اور سپاہ کی ہلاکت سے دلگیر ہوکر کہنے لگے کہ ہم یہ محنت عبث تسخیر قلعہ مین کھینچتے ہین سنا سب یہ ہوکہ بیجاپور کی فتح مین مشغول ہون اور جسوقت دار الملک مفتوح ہوا اور قلعون اور شہرون کی تسخیر بسہل ترین وجہ میسر ہوگی پھر باتفاق وہان سے کوچ کرکے بیجاپور کی طرف متوجہ ہوے اور جو کہ اس مقام مین بھی ملازمان بزرگ کے درمیان مناصب کے سبب آپس مین نزاع تھی کوئی شخص لشکر بیگانہ کے دفع شر مین متوجہ نہوتا تھا سید مرتضے اور قطب شاہ نے بخوبی تمام اُسے محاصرہ کیا اور جیسا کہ مذکور ہوا بعد مدت مدید بیجاپور کی فتح سے بھی مایوس ہوکر قطب شاہ نے اپنی ولایت اور سید مرتضی اور بہزاد الملک نے نظام شاہ کی مملکت کیطرف مراجعت کی اور سنہ ۹۹۲ نو سو بانوے ہجری مین حملا بتخان نے نظام شاہ کے حکم کے موافق قاسم بیگ اور میرزا محمد تقی نظیری کو مع جماعت مردم معتبہ بیجاپور کیطرف بھیجا تو عادل شاہ کی بہن کو شہزادہ میران حسین کے واسطے خواستگاری کرے اُس وقت مین فرمان جمشید خان شیرازی کے نام صادر ہوا کہ مع لشکر وجمعیت اپنی قاسم بیگ کے ہمراہ بیجاپور کیطرف جاوے جمشید خان نے جواب دیا مین تابع سید مرتضے کا ہون مضمون فرمان اُسے مین سناتا ہون جو کچھ وہ فرماویگا اُس پر عمل کرونگا اور سید مرتضے نے کہا کہ نظام شاہ نے مجھ سے فرمایا جب تک فرمان میرے خط خاص سے مزین نہو عمل نہ کرنا جو یہ پروانہ اُسکا دستخطی نہین ہے مین اُسپر عمل نہین کرتا اور تجھے رخصت نہین دیتا ہون جمشید خان نے یہ مضمون صلابت خان کو لکھکر فساد بیجا کا سامان کیا اور کام اس نہایت کو پہونچا کہ اسی سال سید مرتضے مع لشکر برار نہایت شوکت وشان سے صلابت خان کے دفع کے ارادہ پر احمد نگر کی طرف متوجہ ہوا لیکن اس مرتبہ ایک جماعت مردم معتبر سے درمیان مین آئی اور صلابت خان اور سید مرتضے

کے درمیان صلح و مصالحہ کرادیا سید مرتضےٰ برار کی طرف روانہ ہوا اور بعد چھ ماہ کے پھر دروازے خصومت کے مفتوح ہوے سید مرتضےٰ پھر دوبارہ سنہ مذکور مین صلابت خان کے دفع کے واسطے عازم و جازم ہوا اور بدون اسکے کہ احمد نگر سے لشکر اسپر نامزد ہووے بدستور سابق لشکر برار فراہم لاکر باشوکت و ہیبت تمام احمد نگر کی سمت متوجہ ہوا صلابت خان نے یہ خبر سمت اُس کے علاج پر مقرر کی مرتضےٰ نظام شاہ کو باغ ہشت بہشت سے باغ فرح بخش مین لیگیا وہان تقریبات اُٹھاکر عمارت بغداد کو کہ قلعہ کے اندر واقع ہے اُسکی عبادت کیواسطے مقرر کیا کہ آنحضرت دوبارہ قلعہ احمد نگر کیطرف تشریف نہ لیجاوین اور فتح شاہ نام ارباب نشاط کو کہ حسن و جمال سے آراستہ و شطرنج بھی خوب کھیلتی تھی خدمت کے بہانہ قلعہ مین داخل کیا اور نظام شاہ بعد چند روز کے اُس پر فریفتہ ہوا اسے اپنی ہمبستری سے مشرف کیا اس درمیان مین سید مرتضےٰ مع لشکر عظیم احمد نگر کے اطراف مین در آیا اور کالا چبوترہ کے قریب فروکش ہوا اور صلابتخان نے اسکا آنا اسطرح سے نظام شاہ کے ذہن نشین کیا کہ اس سے رخصت حاصل کی اور شاہزادہ میران حسین کے ہمراہ رکاب سید مرتضےٰ کے مقابلہ کیواسطے روانہ ہوا اور بعد جنگ غالب آیا سید مرتضےٰ اور خداوند خان مغلوب اور منکسر ہوکر برار کیطرف بھاگے اور ساز و سلب اور ہاتھی اُسکے صلابت خان کے ہاتھ آئے اور صلابت خان کے تعاقب لشکر سے انھین تو قف میسر نہوا برہان پور کے راستہ سے اکبر بادشاہ کے پاس گئے اور اس سال شہزادہ برہان کو بعضے مردم فتنہ انگیز ملباس درویشان احمد نگر مین لائے اور یہ تجویز کی کہ صلابت خان کو حالت غفلت مین پہلے قتل کرین اس کے بعد نظام شاہ کو معزول کرکے برہان شاہ کو احمد نگر کے تخت پر بٹھائین قضا را جس رات کی صبح کو یہ ارادہ وقوع مین لایا چاہتے تھے صلابت خان نے آگاہی پائی برہان شاہ اسی لباس مین کوکن کی طرف بھاگا اور اس مقام مین بھی تو قف موجب ہلاکت سمجھکر گجرات کے راستہ سے اکبر بادشاہ کے پاس گیا قاسم بیگ اور مرزا محمد تقی عادل شاہ کی بہن کو میران حسین کے عقد نکاح مین لائے اور اکبر بادشاہ نے اس سال تسخیر دکن کی عزیمت کی خان اعظم عزیز کوکا کو کہ اس عرصہ مین مالوہ کا حاکم تھا سپہ سالار کرکے مع برہان شاہ اور سید مرتضےٰ اور تمام سرداران دکن کے اُسکے ہمراہ کرکے ولایت نظام شاہ کی طرف روانہ کیا اور ان دنون مین چاندبی بی زوجہ عادل شاہ بھی اپنے بھائی نظام شاہ کو دیکھنے آئی تھی صلابت خان نے دلاور خان وکیل سلطنت عادل شاہ کو پیغام کیا کہ حسین نظام شاہ نے قلعہ شولاپور کو چاندبی بی کے جہیز مین دیا تھا اب عادل شاہ فوت ہوا اور چاندبی بی بیوہ ہوکر اسطرف آئی مناسب ہے کہ وہ قلعہ نظام شاہ کے گماشتون کے سپرد کرین دلاور خان نے یہ امر قبول نہ کیا صلابت خان نے انہا رنجش کی اور علی عادل شاہ کی بہن کو مع شہزادہ میران حسین و ولیت آباد کی طرف بھیجا کہ جس وقت عادل شاہ قلعہ شولاپور دیوے جشن و شادی کرکے دولہن کو داماد کے سپرد کرین والا موقوف اور معطل رہے اور اس عرصہ مین خبر وصول لشکر اکبر بادشاہ مالوہ مین پہونچی صلابتخان نے اس بیت پر عمل فرمایا بیت کارنہ این گنبد گردان کند ٭ ہرچہ کنند ہمت مردان کند اُسکے دفع پر ہمت مصروف کرکے میرزا محمد تقی نظیری کو سپہ سالار کیا اور بیس ہزار سوارون کے مقابلہ کو بھیجے میرزا محمد تقی برہانپور مین گیا اور راجہ علیخان سے ملاقات کرکے اُسکو ساتھ اپنے متفق کیا اور عزیز کوکا نے یہ سنکر شاہ فتح اللہ شیرازی کو راجہ علیخان کے پاس بھیجا تو اسے لشکر دکن کی مواخفت سے پشیمان کرکے ساتھ اکبر بادشاہ کے متفق کرے یہ امر صورت پذیر نہوا شاہ فتح اللہ نے بے نیل مقصود عزیز کوکا کے پاس مراجعت کی اور جوان دنون مین عزیز کوکا اور شہاب الدین احمد خان حاکم اجین کے درمیان منازعت

تھی میرزا محمد تقی اور راجہ علی خان مع لشکر دکن اعلام جسارت کے بلند کر کے اکبر بادشاہ کی ولایت مین در آئے اور ہنڈیہ کی طرف کہ مالوہ اور دکن کی سرحد ہی مقابل عزیز کوکا کے فروکش ہوئے چند روز کسی نے جنگ مین پیشقدمی اور سبقت نہ کی آخر الامر عزیز کوکا نے صلاح صف جنگ مین ندیکھکر رات کیوقت تاخت کی اور بیراہ سے ولایت برار مین آکر بلدہ الیچپور اور بالاپور کو غارت کیا اور جو میرزا محمد تقی اور راجہ علی خان ہنڈیہ سے کوچ کر کے تعاقب کیواسطے دوڑے عزیز کوکا کو توقف میسر نہوا اور اندر بار سے ولایت مالوہ کی طرف مراجعت کی اُسوقت راجہ علیخان برہانپور کیطرف گیا اور میرزا محمد تقی احمد نگر کی سمت راہی ہوا اکبر بادشاہ جو متوجہ اور مہمات مین تھا اور سلاطین دکن بھی نہایت شوکت اور قوت مین تھے طرح دیکر اس مہم مین ساعی نہوا اور ان سنوات مین فتحی شاہ ارباب نشاط جو دستگرفتہ صلابت خان تھی اُسنے نظام شاہ کے مزاج مبارک مین تصرف تمام بہم پہونچایا اور چند قصبہ جاگیر پائے اور قسم جواہر اور زیور مرصع سے جو کچھ چاہتی تھی اس بادشاہ کی سرکار سے لیتی تھی اور روز بروز قرب و منزلت اُسکی افزون ہوتی تھی یہان تک کہ دو مالے قیمتی کہ رام راج کی غنائم سے تھے اور مروارید اور یاقوت و لعل اور زمرد وغیرہ قرینہ سے آمیختہ اور منتظم تھے طلب کیے مرتضیٰ نظام شاہ نے سبب وفور عشق اور استغنائی سے کہ بحر و کان اُسکے نزدیک وجود نہین رکھتا تھا صلابت خان کو حکم کیا کہ وہ دونون مالے فتحی شاہ لولی کے حوالہ کرے لیکن صلابت خان نے معذرت کر کے اُسکے دینے سے انکار کیا جب مبالغہ بادشاہ کا حد سے گذرا ارکان دولت سے مشورہ کیا سبھون نے اتفاق کر کے یہ تجویز کی کہ دو مالے اور ران مالون کی شبیہ مین فتحی شاہ کو دینا چاہیئے صلابت خان نے انکے کہنے پر عمل کیا اور بعد چند روز کے فتحی شاہ اس معاملہ سے واقف ہوکر بادشاہ سے عرض پیرا ہوئی کہ یہ مالے رامراج کے نہین ہین نظام شاہ غضبناک ہوا اور صلابت خان سے فرمایا کہ جسقدر جواہر میری سرکار مین ہی صندوقچون سے برآوردہ کر کے جواہر خانہ مین فراہم کرکہ نظر ثانی اور تماشا کرون صلابتخان نے مقصد سمجھکر ان دو تسبیح اور جواہر نفیسہ کو پوشیدہ کیا اور باقی الوان معہودہ مین قرینہ اور ترتیب سے چنانظام شاہ لوگون کو علیحدہ کر کے مع فتحی شاہ وہان گیا اور جب وہ تسبیح اور جواہرات قیمتی نہ دیکھا نہایت ناراض ہوا اور اپنے ہاتھ سے اس جواہرات کو ایک جافراہم کر کے فروش نفیسہ مین کہ وہان موجود تھا لپیٹ کر آگ مین ڈالا اور وہان سے برآمد ہوا اور جب ارکان دولت اُس اشیا کی محافظت کے واسطے دوڑے فرش و فروش سوختہ کے سوا کچھ نظر نہ پڑا بتعجیل تمام آگ کو بجھا کر جواہر اور زیور مرصع برآوردہ کیا موتیون کے سوا کسی چیز کو آسیب نہ پہونچا تھا اور لوگون نے اس بات کو بادشاہ کے جنون اور دیوانگی پر گمان کیا اس تاریخ سے خلقت اُسے دیوانہ کہنے لگی اور لوگون نے نظام شاہ سے عرض کیا کہ ارکان دولت آپکی پردہ نشینی سے دلگیر ہوکر چاہتے ہین کہ آپ کے فرزند ارجمند میران حسین کو تخت پر بٹھاوین یہ سنکر لخت جگر کے قتل پر عازم ہوا ہر چند کوشش کی کہ اُسے کسی طور دستیاب کر کے ہلاک کرے صلابت خان اسے نہ دیتا تھا جملہ وجوہ مین دفع الوقت کرتا تھا اس درمیان مین ابراہیم عادل شاہ ولاور خان حبشی کے صلاح و مشورہ کے باعث مع فوج جنگی نظام شاہ کی سرحد مین آیا اور یہ پیام دیا کہ شہزادہ میران حسین کی زوجہ کو رخصت کرین یا اُسکی پالکی جو ہمنے بھیجی ہی واپس بھیجین صلابت خان نے جواب دیا کہ جبتک قلعہ شولاپور نہ دوگے یہ مقصد حاصل نہوگا عادل شاہ صلابتخان کی سخت گوئی سے مقام خصومت مین ہوا اور اردسہ کو محاصرہ کیا نظام شاہ یہ امر صلابت خان کی بے اعتدالی سے سمجھکر رنجیدہ ہوا اور اُس سے پوچھا کہ تو حرامخوار ہی یا حلال خوار صلابت خان نے جواب دیا کہ مین بندہ با اخلاص ہون نظام شاہ نے کہا مین تیری نافرمانی سے

آزردہ ہون اور قدرت تیری قید وحبس پر نہین رکھتا صلابت خان نے سر زمین پر رکھکر عرض کیا کہ کوئی قلعہ میرے محبس کے واسطے مقرر فرماوین تو مین خود منطوق اور مسلسل ہوکر اس مین جاکر غبار خاطر اقدس محکمون نظام شاہ نے کہا قلعہ دندارا جپور کی طرف رجوع ہو وہ ترک سادہ فی الفور اپنے مکان پر آیا اور زنجیر اپنے پانون مین ڈال کر پالکی مین سوار ہوا اور اپنے متعلقون کو حکم کیا کہ مجھے قلعہ دندا راج پور مین قید کرو اور نظام شاہ نے عہدہ وکالت پر قاسم بیگ حکیم کو اور منصب وزارت پر میر محمد تقی نظیری کو منصوب فرمایا اور حکم کیا کہ عادل شاہ کے ساتھ صلح کرین چنانچہ انھون نے اُس کے فرمانے پر عمل کیا یعنے عادل شاہ صلح کرکے سرحد سے پلٹ گیا اور خواہر عادل شاہ کو کہ اب تک داماد کے سپرد نہ کیا تھا جشن شادی بزرگ ترتیب دے کر میران حسین شہزادہ کے سپرد کیا اور نظام شاہ پھر دوبارہ قتل فرزند پر آمادہ ہوا اور قاسم بیگ اور میرزا محمد تقی سے یہ بات کہی کہ اشتیاق فرزند کے دیکھنے کا غالب ہوا اسے میرے دربار مین حاضر کرو یہ خوش ہوکر شکر الٰہی بجالائے اور اُسی وقت شہزادہ کو قلعہ کے اندر باپ کے پاس بھیجا ابتدا مین نہایت شفقت سے پیش آیا اور عمارت بغداد کے قریب اسے ایک حجرہ مین جگہ دی دوسرے دن اسے نہالی اور بالاپوش مین لپیٹ کر حجرہ مین آگ لگا دی اور دروازہ باہر سے بند کیا میران حسین جس طرح کہ ممکن ہوا نہالی اور بالاپوش کے درمیان سے برآمد ہوا اور جو حجرے مین دھوئین کے سبب اندھا دھند تھا آپ کو شگاف دروازہ مین پہونچاکر ازروے اضطراب فریاد کی یہان تک کہ فتحی شاہ لولی خبردار ہوئی اور اس نے رحم دلی اور ترحم سے دروازہ کھولا اور میران حسین کو برآوردہ کرکے قاسم بیگ اور محمد تقی کے پاس پہونچایا انھون نے اسے پالکی مرصع مین بٹھاکر پوشیدہ دولت آباد کی طرف بھیجدیا نظام شاہ بعد دو تین روز کے اس حجرے مین گیا جب ہڈیان اپنے فرزند کی اس خاکستر مین نہ دیکھین فتحی شاہ لولی سے استفسار کیا اُس نے عرض کی شاید استخوان اسکے خاکستر مین گئین ہون نظام شاہ نے یہ امر قبول نہ کیا اور اُس پر تشدد اور تہدید نہایت کی فتحی شاہ نے کہا مین نے اسے قاسم بیگ اور میرزا محمد تقی کے سپرد کیا ہے نظام شاہ نے قاسم بیگ اور میرزا محمد تقی کو قلعہ کے دروازہ کے قریب طلب کرکے حقیقت حال استفسار کی وہ مصلحت ملک کے واسطے انکار کرکے بولے ہم اس واقعہ سے خبر نہین رکھتے نظام شاہ طیش مین آیا فورا دونون امیرون کو مقید اور محبوس کرکے مہمات سلطنت میرزا محمد صادق رودباری سے رجوع فرمائے جب اُس نے بھی شہزادہ کے قتل مین اطاعت نہ کی بعد نوروز کے اسے بھی مقید اور محبوس کیا پھر سلطان حسین سبزواری کو جس کا مولد احمد نگر تھا منصب وکالت دیکر بخطاب میرزا خان عہدۂ پیشوائی پر مخصوص فرمایا اور وہ جوار ادہ بادشاہ کا جانتا تھا فتحی شاہ اور اُس کے عزیز واقارب کو زر خطیر دے کر راضی کیا اور پوشیدہ ولاور خان کے پاس ایلچی بھیجکر پیغام کیا کہ یہ بادشاہ محض دیوانہ ہوکر چاہتا ہے کہ اپنے فرزند کو قتل کرے اگر تم میری امداد اپنے ذمہ ہمت پر مناسب اور فرض جانکر اس سرحد کی طرف متوجہ ہو ممکن ہے کہ ہم باپ کو معزول کرکے بیٹے کو تخت پر متمکن کرین ولاور خان نے یہ امر قبول کیا اور مع عادل شاہ سرحد کی طرف متوجہ ہوا میرزا خان نے بذریعہ فتحی شاہ نظام شاہ کے گوش زد کیا کہ عادل شاہ مع سپاہ فراوان ولایت احمد نگر کی تسخیر کے واسطے نشان عزیمت بلند کرکے بہ تعجیل تمام آتا ہے اس بارہ مین کیا حکم ہوتا ہے نظام شاہ جو مقدمہ سے خبر نہ رکھتا تھا تدارک اور علاج اسکا

میرزا خان سے رجوع فرمایا میرزا خان نے امرائے کبار کو اس بہانہ سے کہ عادل شاہ کی لشکر کشی انکی تحریک کے سبب سے ہی مقید کیا اور خود اپنے عزیز و اقارب کو بجائے اُنکے مقرر کرکے مع جمعیت خوب احمد نگر سے برآمد ہوکر قصبہ والوہ کے قریب فروکش ہوا نظام شاہ میرزا خان کے مقام کرنے سے متوہم ہوا اور مسعود اس اوراق یعنی محمد قاسم فرشتہ کو اس معاملہ کی تحقیق کیواسطے امرا کے پاس بھیجا جو میرزا خان اخلاص میر اشہریار کی نسبت بواجبی جانتا تھا یقین کیا کہ یہ حقیقت حال دریافت کرکے راست براست بے کم و کاست بادشاہ سے معروض کریگا اس سبب سے لشکر گاہ کے جانے سے اضطراب مین پڑا اور فتحی شاہ سے کہا اگر تو حکم حاصل کرے کہ مین لشکر مین جاکر امرا کو جنگ دشمن کی ترغیب و تحریص کرون نہایت شفقت و مرحمت ہوگی اور اُسکے لشکر انمین بارہ ہزار ہون نقد تمھارے صرفہ بزم کیواسطے دیکر روانہ ہونگا فتحی شاہ نے جو ہین نام بارہ ہزار ہونکا سنا فوراً نظام شاہ سے عرض کرکے ایک حکمنامہ بخط خاص حاصل کیا کہ میرزا خان خود لشکر مین جاکر دشمن کے مدافعہ مین قیام کرے وہ اس امر سے نہایت مسرور اور محظوظ ہوا اور بلا توقف بارہ ہزار ہون فتحی شاہ کے تفویض کیئے اسوقت تک یہ مؤلف لشکر مین تھا کہ میرزا خان بطور تاخت وہان آیا جو راز اسکا فاش ہوگیا تھا اور خاص وعام اسکے ارادہ پر مطلع تھے اس امر کا عازم ہوا کہ مولف کو محبوس اور مقید کرے تو اخبار اُردوے بادشاہ کے موقف عرض مین نہ پہونچے اس درمیان مین ایک دوست نے مجھے اس سانحہ سے آگاہ کیا مین گھوڑے پر سوار ہوکر قریب شام اُردو سے بھاگا میرزا خان واقف ہوا اور ایک جماعت کثیر میرے تعاقب کیواسطے نامزد کی جو مین نے مشعل اور لال ٹین وغیرہ خاموش کردی تھین اور اُنھون نے برعکس اسکے روشن کی تھین بدین سبب اُنکے تعاقب سے کچھ اثر مترتب نہوا یہ فقیر قریب صبح نظام شاہ کی ملازمت مین پہونچا سراپردہ کے پیچھے سے مین نے میرزا خان کا قصد و ارادہ تفصیل تمام معروض کیا فتحی شاہ جو کہ میرزا خان سے شانزش رکھتی تھی معترض ہوکر بولی کہ تو جھوٹ کہتا ہے میرزا خان سے حرامخوری کبھی نہوگی مین نے جوابدیا کہ مجھسے اور میرزا خان سے کسی نہج کی عداوت نہین ہی کہ مین نے اُسکے حق مین تہمت کی ہی جو مین نے سنا تھا وہ اپنے صاحب سے عرض کیا امید ہی کہ جلد صدق و کذب میرا سب پر ظاہر و باہر ہووے یہ حرف و حکایات اور رد و بدل ہو رہی تھی کہ اسی وقت مخبرون نے یہ خبر پہونچائی کہ میرزا خان مع جمیع امرا و دولت بادکیطرف گیا ہی کہ میران حسین شہزادہ کو قلعہ سے برآوردہ کرکے اور بادشاہ بناکر احمد نگر کیطرف متوجہ ہووے نظام شاہ دریاے حیرت مین پڑا بندہ سے تدبیر پوچھی مین نے گذارش کی کہ علاج اس علت کا دو نہج پر متصور ہی اول یہ کہ آپ پس پردہ سے برآمد ہوکر سوار ہووین اور مع ان دو تین ہزار مسلح واران خاصہ خیل جو ہمراہ رکاب ہمایون ہین اُنپر کیطرف تاخت کرکے میرزا خان کے سد راہ ہون کہ یہ مجبود سنے اس خبر کے جمیع امرا و سپاہ میرزا خان کی ترک رفاقت کرکے چتر عرش سا کے سایہ مین فراہم ہونگے نظام شاہ نے کہا قبل اسکے چند روز ہوئے کہ فلان خواجہ سرا کھانا میرے واسطے لایا اُس کے کھاتے ہی میری طبیعت برہم ہوئی اور شکم مین درد پیدا ہوا آخر شب اسہال و قی شروع ہوے اتنک میرے احشا مین درد ہی اور قدرت سواری کی نہین رکھتا گمان میرا یہ ہی کہ میرزا خان نے خواجہ سرا کو موافق کرکے وہ کھانا زہر آلود کیا تھا مین نے عرض کی کہ دوسرا علاج یہ ہی کہ فرمان مشعر باستخلاص صلابتخان قلعہ دنداراج پوری مین بھیجکر بتعجیل اُسکو اور بھی دوسرے آدمیون کو کہ قلعہ مین محبوس ہین طلب کرین اور خود بھی بدولت و سعادت پالکی مین سوار ہوکر بہانہ شکار جنیر کیطرف کہ صلابت خان کے سر راہ ہی تشریف لیجاوین کہ صلابت خان کو پابوسی مین مشرف ہوتے ہی تمام خیل و حشم شہزادہ

اور میرزا خان سے جدا ہوکر عالم پناہ کی ملازمت مین حاضر ہونگے بادشاہ نے فوراً فرمان صلابت خان اور قاسم بیگ اور میرزا محمد تقی اور حکیم مصری کے طلب مین ترقیم فرمایا اور بصحابت قاصدان تیز رفتار کے روانہ کیا اور خود بھی ساعت نیک اختیار کرکے سوار ہوا چاہتا تھا کہ ناگاہ فتحی شاہ لولی نکھرام نے سر اُسکے پاؤن پر رکھکر ہاے ہاے کرکے رونا شروع کیا اور کہا کہ بجز دروانگی قلعہ احمد نگر سے یہ آدمی خاصہ خیل کہ حاضر ہین اپنے حق خدمت ادا کرنے کیواسطے آپ کو شہزادہ کے پاس لیجاوینگے نظام شاہ نے یقین کرکے فسخ عزیمت کی راقم حروف کو کہ دربار کی محافظت مین اشتغال رکھتا تھا اُسدن حضور اقدس مین طلب کرکے بکلمہ شریف سرفراز فرمایا اور وہ بادشاہ قوی ہیکل گندم گون اور فراخ چشم بلند اندام اور باشوکت وصلابت تھا اور زبان فارسی مین خوب مہارت رکھتا تھا فقیر سے فرمایا فتحی شاہ ایسا ایسا کہتی ہین بہتر یہ ہو کہ اس قلعہ مین رہ کر صلابت خان کا انتظار کرون فقیر جو چارہ نہ رکھتا تھا آنحضرت کے مزاج اور مرضی کے موافق گفتگو کرکے راضی بقضاے الٰہی ہوا لیکن جب یہ حکایت فاش ہوئی جمیع مردم سوار و پیادہ کہ اُس کے پاس باقی رہے تھے مایوس ہوکر فوج فوج دولت آباد کی سمت روانہ ہوے اور میرزا خان صلابت خان کے پہونچنے کے خوف سے دو منزلہ راہ طے کرکے تبعیل تمام تر شاہزادہ کو احمد نگر سے لایا اور داعی دولت یعنی محمد قاسم فرشتہ نے ارادہ کیا کہ دروازۂ قلعہ کا بند کرکے صلابت خان کے پہونچنے تک محافظت کرے لیکن جب صغیر و کبیر اعلیٰ و ادنیٰ قلعہ سے برآمد ہوکر شاہزادہ سے ملحق ہوئے اور سواے فتحی شاہ اور اُسکے پرستار سبزہ نام اور تین چار پردہ دار کے کوئی قلعہ مین نرہا مسود اس اوراق نے ہاتھ مدافعہ سے کوتاہ کرکے سکوت اختیار کیا اس درمیان مین شاہزادہ اور میرزا خان تیس چالیس آدمی اوباش سے قلعہ مین داخل ہوے اور تلوارین میانسے کھینچکر عمارت بغداد مین کہ مسکن نظام شاہ تھا در آے اور جو سامنے آتا تھا اُسے زندہ نچھوڑتے تھے شاہزادہ نے بندہ کو پہچانا اور پاس ہم مکتبی کا کرکے میرے قتل کا مانع ہوا اور مجھے اپنے ہمراہ عمارت بغداد مین لیجاکر تولا اور دلاسا ہر ایک بدزبانی کہ عالم مین متصور ہے اپنے باپ کی نسبت بجالایا نظام شاہ سکوت اختیار کرکے اُسکی طرف حیرت سے دیکھتا تھا اور جب شمشیر برہنہ کرکے اس کے شکم پر رکھی بولا کیا کہتا ہے اس تلوار کا پیلا ایسا تیرے پیٹ پر ماروں کہ پشت کی ہڈیان توڑکر نکلجاوے نظام شاہ آہ سرد کھینچکر بیخویش تمام بولا اے مردود حق اور حاق پدر تیرا باپ دو تین روز کا مہمان ہے اگر باپ کے حال پر ترحم کرے مروت ہوگی والا تجھے اختیار ہے شہزادہ نے جب تقریر دلپذیر سنی حرکات ناخوش ترک کرکے عمارت بغداد مین نازل ہوا اور باوجود اس کے کہ باپ اس کا مرض الموت مین گرفتار تھا میرزا خان کی ہدایت سے صبر کرکے حکم کیا کہ اسے حمام مین لیجاکر دروازہ اور روزن اُسکے مسدود کرین اور اُس کے آتش خانہ مین آگ شدت سے جلاکر جمیع منفذ بند کرین اور اُسے پانی مذیوین تاکہ وہ حالت تشنگی مین تڑپ تڑپ کر جان جان آفرین کو تسلیم کرے جب یہ سانحہ عمل مین آیا آنحضرت رجب کی اٹھارہوین تاریخ سنہ ۹۹۶ نوسو چھیانوے ہجری مین جوار رحمت ایزدی مین واصل ہوے اور علما اور فضلا مذہب امامیہ یعنی شیعہ کے طریق پر اُسکی تجہیز و تکفین مین مشغول ہوے اور برسم امانت صندوق مین رکھکر روضۂ باغ مین مدفون کیا اور برہان نظام شاہ ثانی نے اُس کے استخوان برآوردہ کرکے کربلاے معلے بھیجے اور اُسکے باپ دادا کے پہلو مین دفن کیا اور مرتضےٰ نظام شاہ کی مدت سلطنت چوبیس برس اور پانچ مہینے تھی ھر شبہ ورا کہ اساس چرخ را نیست قرار ✤ از دایرۂ زمانہ دور است مدار ✤ زنہار امان ز دہر امید مدار ✤ گر تیغ ستم کشد نیا بد زنہار

تذکرہ میران حسین بن مرتضیٰ نظام شاہ کی سلطنت اور اُسکے واقعات پر شور و شین کا

جب میران حسین نے میرزا خان کی ہدایت سے اپنے والد ماجد کو حمام مین قید کر کے ہلاک کیا اور احمد نگر کے تخت پر متمکن ہوا اور میرزا خان کو صاحب اختیار کیا میرزا خان نے چاہا کہ ولاور خان کی تقلید کر کے میران حسین کو کہ طفل دہ سالہ ہی گھر مین بٹھا کر خود متصدی جمیع مہمات ہووے لیکن چونکہ میران حسین شوخ طبیعت اور اجلاف پیشہ اور بے اعتدال اور نادر اندیش تھا یہ صورت وقوع مین نہ آئی ہر روز سوار ہوتا تھا اور ایک جماعت دایہ زادگان اور اپنے ہمسائگان کو منصب امارت دیکر مقرب کیا اور زمانہ لہو و لعب مین بسر کرتا تھا اور راتون کو جماعت ارازل اوراوباش ہمراہ لیکر احمد نگر کے کوچہ و بازار مین پھرتا تھا اور حالت بدمستی مین جو شخص اُسکے سامنے آتا تھا تیر و تفنگ سے اسے ناحق قتل کرتا تھا اس درمیان مین بعضے مقربان نے میران حسین کے گوش زد کیا کہ میرزا خان نے شاہ قاسم برادر مرتضیٰ نظام شاہ کو قلعہ سبز سے طلب کر کے اپنے مکان مین پوشیدہ کیا ہی تا بوقت فرصت تجھے معزول کر کے اُسے منصوب کرے میران حسین یہ سنکر خائف ہوا اور میرزا خان کو موکلون کے سپرد کیا دوسرے دن معلوم ہوا کہ شاہ قاسم کی حکایت غلط ہی پھر میرزا خان کو مقرب اور معزز کر کے پایہ اُسکے مرتبہ کا بلند کیا میرزا خان نے مظنہ دفع کرنے کیواسطے میران حسین کی خدمت مین عرض کی کہ وجود ارکان مملکت موجب فتنہ و فساد ہی صلاح دولت اس مین ہی کہ شاہ قاسم مع آل و اولاد قتل کیے جاوین میران حسین نے یہ امر قبول کیا اور فرمان اُن لوگون کے قتل کا جاری فرمایا یہانتک کہ اپنے اعمام اور اُنکی اولاد نرینہ کو کہ پندرہ مرد تھے ایک روز مین سب کو تیغ بیدریغ سے نیست و نابود کیا اور جب میرزا خان کا استقلال اور غلبہ حد سے گذرا انکس خان اور طاہر خان کہ برادر رضاعی یعنی دودھ شریک بھائی میران حسین کے ہوتے تھے حالت مستی اور ہوشیاری مین حکایت میرزا خان کی کرتے تھے اور میران حسین اس سے پرحذر رہو کر کبھی کہتا تھا کہ اُسے دستیاب کر کے فلان تلوار سے اُسکی گردن مارونگا اور کبھی کہتا تھا کہ فلان فیل مست کے زیر پا اُسے ڈالونگا اور یہ خبر میرزا خان کو ہو پہنچی اُس نے جو طمع دنیوی دل حشمت و جاہ سے نہ اُٹھا سکتا تھا اور اپنے تئین بادشاہ بے تاج و تخت تصور کیے ہوئے تھا علاج اُسکا میران حسین کے قلع اور قمع مین تصور کیا میران حسین اس امر کو دریافت کر کے جمادی الاول کی بارھوین تاریخ ۹۹۷ھ نوسو ستانوے ہجری مین بحیلہ ضیافت انکس خان کے مکان پر گیا تو اسکا کام تمام کرے میرزا خان بیماری کا بہانہ کر کے عذر خواہ ہوا اور آقا میر شیروانی کو کہ اسکے اعوان سے تھا اور میران حسین اُسکو اپنے مخلصان سے معلوم کرتا تھا اسے انکس خان کے مکان پر بھیجا آقا میر اسوقت وہان پہونچا کہ میران حسین طعام تناول فرما چکا تھا انکس خان نے اُسکے واسطے کھانا علیحدہ حاضر کیا اس مین قدرے تناول کیا اور جسطرح سے میرزا خان نے اُسے فہائش کی تھی تو کرتا ہوا مجلس سے باہر نکلا اور اپنے مکان پر گیا میرزا خان نے میران حسین کو پیغام کیا کہ آقا میر آپکے امرائے کلان سے ہی چاہیے کہ اُسے قلعہ احمد نگر کے باہر بھیجکر مکان خوب مین جگہ دیوین اور حکما کو اُسکے معالجہ کیواسطے مقرر فرماوین تو اُنکی توجہ کی برکت سے شفا پاوے میران حسین انکس خان کے مکان سے پلٹ کر باغ بیرون قلعہ مین رونق افزا ہوا اور میرزا خان نے اُسکی ملازمت مین پہونچکر یہ عرض کی کہ مین نے ظاہرا سنا ہی آقا میر نہایت بدحال ہی اور معلوم نہین ہوتا کہ اس مرض سے نجات پاوے اگر بادشاہ اُس کے حقوق خدمت کو منظور رکھکر اُسکی عیادت کو تشریف ارزانی فرماوے کمال بندہ پروری ہوگی میران حسین شراب کے

نشہ مین انجام نہ سونچا دو تین آدمی مقربون سے ہمراہ لیکر سوار ہوا اور میر زاخان کے ساتھ قلعہ کیطرف روانہ ہوا اور وہان جو میر زاخان کے اعوان و انصار کے سوا دوسرا نہ تھا دروازہ بند کرکے اُسے قید کیا اور میر زا طاہر نیشاپوری قلعہ لیا کر مین برہان شاہ بن حسین نظام شاہ کے بیٹون کے بلانے کو کہ صغیر سن تھے بھیجا تو ان مین سے جسکو مناسب جانے تخت پر بٹھاوے میر طاہر دوسرے دن برہان شاہ کے دو فرزند کو کہ ایک کا نام ابراہیم دوسرے کا اسمٰعیل تھا احمد نگر مین لایا میر زاخان نے بزجر و تعدی قاسم بیگ اور میر زا محمد تقی نظیری اور میر زا صادق اور میر غرز الدین استر آبادی اور تمام اعیان اور افاضل غریبان کو جو اپنے اپنے مکان پر تھے اور اس معاملہ کی خبر نہ رکھتے تھے سوطون تاریخ ماہ مذکور کو شہر سے قلعہ مین طلب کرکے مجلس آراستہ کی اور ظفر کیوقت چھوٹے بھائی اسمٰعیل کو جو بارہ برس کا تھا تخت پر بٹھا کر مبارکباد مین مشغول تھے کہ یکبارگی قلعہ کے باہر غوغا بلند ہوا لوگ تلاشی ہوے اور ایک جماعت کو حقیقت حال دریافت کرنے کیواسطے بھیجا اُنھون نے پلٹ کر یہ اخبار پہونچائے کہ جمال خان مولد مہدوی کہ منصب داران صدہ سے ہے مع ایک جماعت منصبداران دکنی حبشی سے اتفاق کرکے آیا ہے اور کہتا ہے کہ چند روز گذرے ہین ہم اپنے بادشاہ میران حسین کی زیارت سے محروم ہین اور اُسکے حال سے خبر نہین رکھتے کہ کیونکر ہے یا اسے ہمارے پاس بھیجا یا ہین اُسکی ملازمت کیواسطے جانے دو میر زاخان نے نہایت غرور اور سختی سے جواب دیا کہ میران حسین لیاقت و قابلیت بادشاہی کی نہین رکھتا ہے اب ہمارا اور تمھارا بادشاہ اسمٰعیل نظام شاہ ہے یہ سوقت برآمد ہوکر تمھارا اسلام لیتا ہے جمال خان نے یہ سنکر زیادہ تر بمقام پرخاش مین ہوکر فرمایا کہ شہر احمد نگر مین منادی کرو کہ اہل دکن سمجھین اور آگاہ ہو دین کہ میر زاخان اور جمیع غریبان نے قلعہ مین جمع ہوکر میران حسین شاہ کو قید کیا ہے اور دوسرے کو بادشاہ کیا چاہتے ہین لازم کہ جمیع خاص و عام اپنے بادشاہ کی رہائی پر ہمت مقرر کرکے غریبا و غرز زادون کا تسلط اپنے سر سے دفع کرین اور نہین یقین جانین کہ بعد اس سخت کے زن و فرزند و کینون کے اُن کی کنیز ی اور غلامی مین گرفتار ہونگے اہل دکن کہ بغیر تجرع شراب کے مست تھے جب یہ بات سنی مسلح اور مکمل ہوکر فوج فوج قلعہ کی طرف متوجہ ہوے اور دو تین ساعت مین پانچ چھ ہزار سوار و پیادہ اور بہت بازاری وغیرہ جمال خان کے پاس مجتمع ہوے اور تمام حبشی قلعہ کے قریب ہجوم لاکر اُنکے شریک ہوے اور جو دولت میر زاخان کی زوال اور انحطاط مین تھی اور جو کچھ کہ مشیت ایزدی نے ساتھ اُنکے تعلق پکڑا تھا چاہتے تھے کہ وقوع مین آوے ابتداے حال مین جمال خان مع بیس پچیس سوار کے جب قلعہ کے قریب آیا تھا میر زاخان نے کور مغزی اور بے عقلی سے ایک جماعت کو اُس کے دفع شر کے واسطے نہ بھیجا اور جس وقت ہجوم عام ہوا یعنے سوار و پیادے بیشمار اسکے پاس مجتمع ہوے ہر ایک مردم دروغی کو ایک ایک ہمیان زر سرخ دیکر اپنے خالو محمد سعید اور کشور خان کو مع ایک سو پچاس غریب زادہ اور سات غریب اور بیس دکنی اور ایک فیل مست کے کہ غلام علی نام رکھتا تھا جمال خان کے مدافعہ اور مقابلہ کے واسطے نامزد کیا اور کشور خان ہر چند جانتا تھا کہ اس جماعت معدودہ سے اس لشکر گران کے ساتھ کچھ کام نکر سکونگا ناچار قلعہ سے برآمد ہوکر حملہ ہاے مردانہ کیے اکثر غریب زادے کام آے اور دس پندرہ آدمیون نے کہ نہایت زخمی اور نیمجان ہوے تھے بھاگ کر قلعہ مین پناہ لی اور میر زاخان کے پاس پہونچے میر زاخان نے جب غریب زادون کو کہ اُنکی حمایت اور پشتی سے مرتکب ایسے امر خطیر کا ہوا تھا مقتول دیکھا مضطرب اور حیران ہوکر بولا کہ بلوہ دکینون کا میران حسین شاہ کے واسطے ہوا لازم ہے کہ ہم اُسے قتل کرین تو آگ فساد کی ساکن ہووے پھر ایک غریب زادہ

نے کہ جس کا نام اسمٰعیل خان بن ذوالفقار خان تھا حکم کیا کہ حسین شاہ کا سر تن سے جدا کر کے تاج سنان کرو اور برج یا قلعہ کے دروازہ پر نصب کرو جب یہ واقعہ بائلہ عمل مین آیا یعنے سر اس تاجدار کا نوک نیزہ پر چڑھا کر یہ شور وخروش بلند کیا کہ اگر ہجوم اور جنگ تھا ری حسین شاہ کے واسطے ہی یہ سر اس کا تاج سنان ہی دیکھو لازم ہی کہ اسمٰعیل بن برہان نظام شاہ کی سلطنت پر راضی ہو کر اپنے مکان پر جاؤ کہ اسکی عنایت خسروانہ سے سرفراز ہو گے بعضے دکنی اور حبشی کہ عمدہ تھے عازم مراجعت ہوئے اور جمالخان ان کے ارادہ پر واقف ہو کر بالغ آیا اور کہا اگر حسین شاہ مارا گیا چاہیئے کہ غریب زادو نسے انتقام لیکر باگ مہات سلطنت کی اسمٰعیل شاہ کے قبضہ اقتدار مین لاؤ اور باتفاق امور بادشاہی کا سامان کرین کیا ضرورت ہی کہ غریب متصدی اس امر خطیر کے رہین پس پھر سب جمالخان کو اپنا سردار کر کے دولتخانہ کے درمیان عہد و شرط کر کے قلعہ کے محاصرہ مین ساعی ہوے اور عوام الناس کی تجمعی کیواسطے کہ مخزون و دلگیر نہو دین ایک جماعت کو نزدیک دروازہ برج دبارہ کے بھیجکر پیغام کیا کہ لوگ کہتے ہین یہ سر میران حسین کا نہین ہی اگر سر کو نیچے ڈالین تو دکنی اور حبشی پہچانکر مایوس ہو دین اور ہاتھ جنگ سے کوتاہ کرین چنانچہ میرزا خان نے باور کر کے سر میران حسین کا قلعے کے نیچے ڈالا اور جمال خان اور یاقوت خان حبشی اگرچہ جانتے تھے کہ یہ سر میران حسین کا ہی لیکن اغماض کر کے بولے یہ سر اسکا نہین ہی پھر اسے چادر مین لپیٹ کر ایک گوشہ مین پوشیدہ کیا اس درمیان مین ایک سوزگاؤ علف اور پاچک دشتی اور بھوسے سے لدے ہوئے قلعہ کے آگے سے فروخت کے واسطے لیے جاتے تھے جمال خان نے فرمایا انھین قلعہ کے متصل لیجا کر کنڈے اور علف کو قلعہ کے دروازہ پر انبار کر کے آگ لگاؤ جب ایسا کیا آگ دروازہ کے تختون مین لگی دروازہ تمام جلگیا اور جو آگ کے انگارے سر راہ پڑے تھے مردم درونی اور بیرونی کی راہ آمد و شد مسدود ہوئی اور جب آدھی رات گئی اور آگ کے شعلے ساکن ہوے اندر باہر کے آدمیون نے جا بجا قرار و آرام پکڑا میرزا خان مع جماعت اعوان و انصار مثل باقی خان اور امین الملک نیشاپوری اور خانخانان اور سید محمد سمنانی اور بہادر خان گیلانی اور میر طاہر علوی اور آقا میر شیرونی اور شہباز خان دکنی اور اسمٰعیل خان گرد شمشیرین غلاف سے برآوردہ کر کے بہیئت مجموعی گھوڑون کو مہمیز کر کے دروازہ سے برآمد ہوا بعضے خاص شہرمین اور بعضے حوالی شہر مین مارے گئے میرزا خان جنیر کی طرف بھاگا اور چند روز تک کہین اس کا سراغ پیدا نہوا اور دکنی اور حبشی اس شب کو قلعہ مین داخل ہوے جس قدر کہ غریب وہان تھے سوائے چار آدمیون کے یعنے قاسم بیگ اور سید شریف گیلانی اور اعتماد خان شستری اور خواجہ عبدالسلام تونے کے کہ جائے محفوظ مین پوشیدہ ہوئے تھے باقی کو کہ قریب تین سو مرد کے تھے تہ تیغ کیا اور جملہ قتیلان سے میرزا تقی نظیری اور میرزا صادق دوباری اور میر غریب الدین استرآبادی اور ملا نجم الدین شستری ہین اور یہ ہر ایک اس زمانہ مین اپنا نظیر نہ رکھتے تھے میرزا صادق باوصف فضل و دانش منشی خوب تھا اور شعر پاکیزہ کہتا تھا یہ چند رباعی اس سے کہ مولف کو یاد تھین تحریر ہوئین **رباعی** ای رہزن کاروان زہد و پرہیز ✤ بدعت نہ دوستی خصمی آمیز ✤ درکوے تو از ہجوم نظارگیان ✤ نے جلوے ستادنست و نے پائے گریز ✤ **ایضاً** زانم کہ بہ بزم سادگی کردم صبر ✤ اکنون خطش از غبار دارد سر صبر ✤ گر سوز من اخطش فزون شد چہ عجب ✤ سوزندہ تر است آفتاب تہ ابر ✤ **ایضاً** من مصحف اقدس مقدس کیشم ✤ من ہیکل علوی قضا اندیشم ✤ خواہی ز زمانہ چشم زخمت نرسد ✤ تعویذ تو ام بہ دامن از خویشم ✤ **ایضاً** ای وحشی چشم ز ہجران بیدار ✤ ای وصل تو مرہم درون افگار ✤ از ہجران تو بیقرار ست دلم ✤

باقی

یک لحظہ کنار خاطر گیر قرار ۔ القصہ جب صبح صادق ہوئی غریبون کے کشتون کے پشتے نظر آئے جمال خان مع اعوان و انصار قلعہ مین داخل ہوا اور حکم کیا کہ لاشین غریبون کی اُٹھا کر صحرا مین ڈالدو اور اُن کے متعلقون کو کفن و دفن سے ممانعت کرو اور میران حسین شاہ مقتول کو باغ روضہ مین دفن کرکے اسمعیل نظام شاہ کو تخت پر بٹھایا اور پھر مجدداً غریبون کے قتل اور ان کے مال کے تاراج اور عمارت جلانے اور کھودنے کے بارہ مین حکم فرمایا لشکریان اور غارتگران نے ہاتھ ظلم کا آستین تعدی سے برآوردہ کیا ضیع و شریف اور امیر فقیر لوکر اور سوداگر اور مجاور اور مسافر کو بزجر و رسوائی تمام قتل کرتے تھے اور آگ اُنکے عمارت عالیہ مین لگا کر جنکا سر فرقدان پر تھا زمین سا اور پائمال ظلم و جفا کیا اور ان کی دوشیزہ و ارکیون کو جو مہر و ماہ سے منھ چھپاتی تھین بال کھینچکر مستون کی بزم مین لائے اور چوتھے دن میرزا خان کو جنیر کے حوالی مین گرفتار کرکے جمال خان کے حکم کے موافق گدھے پر سوار کرکے شہر کے کوچہ و بازار مین تشہیر کیا اس کے بعد تیغ ستم سے پرزے پرزے کرکے سر بازار آویزان کیا اور جمشید خان شیرازی کو مع اسکے بھائی سید حسین اور سید محمد کے اور اسکے فرزند سید مرتضی کے بسبب اس جرم کے کہ وہ میرزا خان کے موافق تھے قتل کرکے اُنکی لاشین توپ کے منھ مین رکھکر اُڑا دی یہانتک کہ ہر ذرہ اُنکے اعضا کا ہر مقام مین متفرق ہوکر گرا اور سات دن تک غریبون کا قتل عام رہا اور ایک ہزار غریب شہر و قصبات مین مقتول ہوئے مال و اسباب و ساز و سلب انکا تاراج ہوا اس درمیان مین فرہاد خان حبشی کہ امرائے کبار سے تھا اپنی جاگیر سے آیا اور اجلاف اوراوباش پر سیاست اور تہدید کرکے فی الجملہ آتش فساد ساکن کی اور ایک جماعت قلیل غریبون کی کہ حبشیون اور دکنیون کی حمایت مین بسبب آشنائی کے کسی گوشہ اور کنارہ مین پوشیدہ تھی اُس نے اس بلا سے نجات پائی **مثنوی** کہ داند کہ این دخمہ دیو و دد ۔ چہ تاریخہا دارد از نیک و بد ۔ چہ نیرنگ بالخیر دان باخت ست ۔ چہ گردون کشان را سر انداخت ست ۔ فلک نیست یکسان در آغوش تو ۔ طراز ش دو رنگ ست بر دوش تو ۔ مدت سلطنت میران حسین شاہ مقتول دو مہینے تین روز تھی واللہ تعالی الملک المعبود و آور کتب تواریخ مین مسطور ہوکہ شیرویہ نے اپنے باپ پرویز کو قتل کیا سال اسپر غیریت سے نہ گذرا اور اسی طرح مستنصر باللہ خلیفہ عباسی اپنے باپ متوکل عباسی کے قتل مین ترکون کا شریک ہوا ایک سال زندہ نہ رہا اور اسیطور سے میرزا عبداللطیف بن میرزا الغ بیگ بن میرزا شاہ رخ بن امیر تیمور صاحبقران نے قصد پدر کرکے میرزا الغ بیگ فاضل عصر کو قتل کیا چھ ماہ سے زیادہ بادشاہی نصیب نہوئی اور وکن مین میران حسین شاہ نے باپ کو ایسے عذاب الیم مین مبتلا کرکے ہلاک کیا اس پر بھی سال نہ پلٹا بعقوبت تمام قتل ہوا **فرد** پدرکش بادشاہی رانشاید ۔ وگر شاید بجز دونمہ نپاید ۔

ذکر اسمعیل بن برہان نظام شاہ ثانی کی حکمرانی اور جہانبانی کا ۔

قبل اس سے وقائع مرتضی نظام شاہ کے ضمن مین مذکور ہوا کہ برہان شاہ بیٹا حسین نظام شاہ کا جو قلعہ لہار مین قید تھا اس تقریب سے کہ اس کا بھائی نظام شاہ زندہ نہین ہے یا دیوانہ ہوا ہے اور مہمات سلطنت مین مشغول نہین ہوسکتا خروج کیا اور جنگ کرکے شکست پائی اور ہزیمت کھاکر اکبر شاہ کے پاس گیا اور اُس کے اسوقت مملکت دکن مین دو بیٹے تھے ایک ابراہیم اور دوسرا اسمعیل لیکن ابراہیم کی مان حبشیہ تھی سیہ فام تھا اور بصورت ظاہری سے بھی چندان بہرہ نرکھتا تھا یعنی خوبصورت نہ تھا اور اسمعیل کہ اس کی والدہ بیٹی ایک رئیس کوکن کی تھی صورت و سیرت

مین اتصاف تمام رکھتا تھا اور صلابت خان نے دونون کو قلعہ لہاکر مین قید کیا تھا جب میرزا خان میران حسین کے درپے عزل ہوا کوئی وارث ان دو بھائیون کے سوا مملکت نظام شاہ مین موجود نہ تھا اس واسطے انھین قلعہ لہاکر سے طلب کیا اور باوجود اس کے کہ ابراہیم بڑا بھائی تھا میرزا خان نے اسمٰعیل کو تخت حکمرانی پر متمکن کیا اور جیسا کہ تحریر ہوا جمال خان مہدوی نے بھی اسمٰعیل کی بادشاہی قبول کی اور زمام اختیار اپنے قبضہ قدرت مین لایا اور ہمت پر ورش مہدویہ پر مصروف رکھی اور اسمٰعیل کو کہ کمسن تھا اپنے طریق پر لایا خطبہ اپنا عشریہ پر طرف کیا واضح ہو کہ مہدوی کا اعتقاد یہ ہو کہ ایک شخص حنفی مذہب سید محمد نام نے ہندوستان مین آخر سنہ ۹۶۰ نو سو ساٹھ ہجری مین دعوی کیا کہ مین مہدی موعود بہ لسان شرع ہون اور جو بعضے آثار و علامات کہ مہدی آخرالزمان علیہ السلام مین قرار پائے ہین اس مین تھے اس کے قول کی تصدیق کی آب راقم اس اوراق کا محمد قاسم فرشتہ اس سے ساکت ہو کر سررشتہ مطلب کا دستیاب کر کے یہ کہتا ہو کہ تھوڑے عرصہ مین اطراف و جوانب ہندوستان سے ایک گروہ مہدویہ فراہم ہو کر اسمٰعیل نظام شاہ کے فدوی ہوئے اور جمال خان کو اپنا خلیفہ جانکر اکثر شجاعت اور جان نثاری اپنی نمایان کی ازانجملہ ابتدائے حال مین صلابت خان نے کہ قلعہ کہرلہ سرحد برار مین محبوس تھا میران حسین شاہ کی خبر قتل سنکر خروج کیا اور امرائے برار کہ مذہب مہدویہ کے رواج سے آزردہ تھے انکی طرف گرویدہ ہوئے اور جمالخان کے استیصال کیواسطے احمدنگر کی سمت متوجہ ہوا اور دلاور خان نے بھی ابراہیم عادل شاہ کی ملازمت سے ولایت نظام شاہ کی تسخیر کا داعیہ کیا اور بیجاپور سے روانہ ہوا اور جمالخان نے جماعت مہدویہ کی حمایت کے سبب ہمت ان ہر دو امور صعب مین مصروف رکھی اول اسمٰعیل نظام شاہ کے ہمراہ رکاب صلابتخان کے مقابلہ کو روانہ ہوا اور پٹن کے اطراف مین جنگ کر کے اسے برہان پور کیطرف بھگایا اور وہان سے عادل شاہیہ کے استیصال کیواسطے روانہ ہوا اور قصبہ استی مین فریقین کا سامنا ہوا پندرہ روز تک ایک دوسرے کے مقابل مقیم رہے کوئی حرب مین جرأت اور سبقت نہ کرتا تھا پھر آخر کو رسل و رسائل درمیان مین آئے اور اس شرط پر صلح ہوئی کہ جمالخان پالکی زوجہ میران حسین شاہ مقتول مع ستر ہزار ہون نقد بہار روانہ کرے جمال خان بعد ازاعطاے مبالغ مذکور احمدنگر گیا اور بروز عید رمضان اسی سال مین باقی غریب کہ فرہاد خان کی شفاعت سے قید حیات مین تھے اور قریب تین سو مرد سے زیادہ نہ تھے انکو پیادہ اور بدحال بیجاپور کیطرف اخراج کیا دلاور خان نے احوال انکا ابراہیم عادل شاہ سے عرض کیا اور اُن لوگون کو اس دولت خانہ کے سلک مین منتظم کیا اور راقم حروف بھی صفر کی انیسوین تاریخ سنہ ۹۹۸ نو سو اٹھانوے ہجری مین احمدنگر سے بیجاپور آیا اور بذریعہ دلاور خان شرف آستانہ بوسی شاہ عدالت گستر سے مشرف ہوا اور اس کے ملازمان کے سلک مین انتظام پاکر تا یوم تحریر خاکہ وہان اس عتبہ علیہ سے ہوا اور انھین دنون مین صلابتخان کہ قریب ستر سال اس کی عمر سے گذرے تھے آثار رجلت اپنے مین مشاہدہ کر کے اسمٰعیل نظام شاہ سے بوسیلہ جمال خان قولنامہ حاصل کر کے آسیر اور برہان پور سے احمدنگر مین آیا اور خدمت قبول نکر کے قصبہ پیکاپور مین کہ آباد کیا ہوا اس کا تھا ساکن ہوا اور اجل طبیعی کا منتظر ہو کر اُسی سال سنہ ۹۹۸ نو سو اٹھانوے ہجری مین اُس کے مرغ روح نے عالم قدس کیطرف پرواز کی اور ایک گنبد کہ کوہ شرقی احمدنگر پر اپنے عہد ولایت مین تعمیر کیا تھا مدفون ہوا اور اس کا ایک فرزند موسوم مرتضےٰقلی یادگار رہا اور ملازمت مرتضےٰ نظام شاہ مین بسر لیجاتا تھا اور جب نبہ

جلوس اسمعیل نظام شاہ تخت احمد نگر پر اکبر بادشاہ کے سمع مبارک مین پہونچی برہان شاہ کو ولایت بنگش سے کہ مابین سیند و کابل کے ہے اور وہان جاگیر رکھتا تھا طلب فرمایا اور یہ بات کہی کہ سلطنت احمد نگر ارثاً اور استحقاقاً تجھے پہونچتی ہے ہم نے تجھے مرحمت فرمائی جس قدر لشکر اُس ملک کی تسخیر کے واسطے درکار ہو ہمراہ لیکر اپنے فرزند کی عزل اور اخذ مملکت موروث کے واسطے توجہ کر برہان شاہ نے عرض کیا کہ اگر سپاہ بادشاہ ہمراہ ہوگی دکن کے آدمی متوحش ہوکر درپے تمرد و عناد ہونگے اگر حکم ہووے تنہا سرحد دکن مین چاکر وہان کے باشندونکو اپنا مطیع اور فرمان بردار کرکے بلائمت و نرمی اس ملک موروث پر متصرف ہون بادشاہ نے یہ رائے پسند کرکے اسے دکن کیطرف رخصت فرمایا اور پرگنہ ہنڈیہ اُسے جاگیر دیکر راجہ علیخان حاکم آسیر کو فرمان لکھا کہ برہان الملک کی اعانت اور امداد مین تقصیر نہ کرے برہان شاہ نے جب سرحد دکن ہنڈیہ مین مقام کیا اور زمینداران ولایت نظام شاہ اور اس ملک کے سردارون کو تولنا سے یعنی امان نامے کہ رسم دکن ہے اصدار فرمائے اور اپنی اطاعت اور فرمانبرداری کی ہدایت اور دلالت کی سب اظہار اخلاص اور محبتی کرکے طالب قدوم ہوے برہان شاہ کندوانہ کے راستہ سے مع چند سوار و قدرے پیادہ ولایت برار مین داخل ہوا اور جہانگیر خان حبشی جو امرائے سرحد سے تھا عہد و میثاق سے پشیمان ہوا اور اتفاق اور وفاق کو نفاق سے مبدل کرکے جنگ پر قیام کیا اور برہان شاہ منہزم ہوا چغتائی خان لنگ کہ اس کے امراے تھا مارا گیا برہان شاہ نے خستہ و بدحال ہنڈیہ کیطرف مراجعت کی اور رات و دن جمال خان کے دفع کے اندیشہ اور ملک موروث کے لینے کی فکر مین رہتا تھا جب ابراہیم عادل شاہ اور راجہ علیخان مقام اعانت مین اس جناب کے ہوے ہنڈیہ سے برہان پور آنکر لشکر جمع کرنے کے درپے ہوا اور جمال خان اس ارادہ سے مطلع ہوا طائفہ مہدویہ کو کہ قریب دس ہزار تھے طلب کرکے مشورہ کیا بعد قیل وقال و گفتگوے بسیار تجویز کی کہ سید امجد الملک مہدوی سپہ سالار لشکر برار کو مع امراے اس حدود کے راجہ علیخان اور برہان شاہ کے مقابلہ کے واسطے مقرر کرین اور جمال خان مع سپاہ احمد نگر عادل شاہ کے مدافعہ کے واسطے قیام کرے پھر جمال خان اسمعیل شاہ کے ہمراہ عادل شاہ کی طرف روانہ ہوا اور قصبہ دارسنگ کے اطراف مین دلاور خان حبشی سے جنگ کی اور مہدویان فدوی کی سعی اور شجاعت کے سبب غالب آیا تین سو ہاتھی بادشاہی پر متصرف ہوا اور ابھی قصبہ دارسنگ مین تھا کہ چوتھے دن خبر پہونچی کہ امراے برار عادل شاہ اور راجہ علی خان کی سعی اور کوشش سے برہان شاہ کے مطیع اور فرمانبردار ہوے اور سرحد مین برہان پور کی اُس سے ملاقات کی جمال خان یہ خبر سنکر نہایت شوکت اور حشمت سے برار کی طرف روانہ ہوا لیکن عادل شاہ نے حسب الایمائے برہان شاہ اور راجہ علیخان کے جمال خان کا تعاقب کرکے اُمراے برکی کو مامور کیا کہ تمام مقام مین گرد اُردوے نظام شاہ تاخت کرکے ایسا انتظام کرین کہ ایک دانہ اور آذوقہ کا اس کے اُردو مین نہ پہونچے اس سبب سے بہت آدمی جمال خان کی ترک رفاقت کرکے برہان شاہ کے پاس گئے اور جمال خان اعتقاد مہدویہ کے اخلاص قدیم پر کرکے سوار ہوا یہانتک کہ گھاٹ رد ہنگیر پر پہونچا اور جو برہان شاہ کے آدمیون نے اس گھاٹ کو روکا تھا دوسرے راستہ سے کہ نہایت سخت اور دشوار گذار تھا لشکر برہان کی طرف متوجہ ہوا **بیت** کسے را کہ دولت برافتد زراہ ٭ برا ہے شتابد کہ افتد بچاہ ٭ اس راستہ مین آب کمیاب تھا اور گرمی کی گرما گرمی سے لو چلتی تھی جمال خان اور اُسکے ہمراہیون نے نہایت محنت کھینچی رواردی منزل مین حیران ہوے

اس درمیان مین خبر پہونچی کہ تین کوس کے فاصلہ پر ایک ایسا مقام ہی کہ اس مین پانی بافراط تمام ہی لاچار اس طرف متوجہ ہوا لیکن برہان شاہ اور راجہ علیخان جمالخان سے پیشتر پانیکے کنارہ پہونچکر وارد ہوئے اور جمالخان اور اسکا لشکر کہ اس پانی کی امید پر روان و دوان ہوا تھا تشنگی سے بدحال ہوکر اُس حدود مین پہونچا جب یہ خبر سنی لاچار ہوکر اس صحرا مین جو نشان محشر سے دیتا تھا اور خشکی اُسکی داغ تشنگی کا آفتاب کے جگر پر رکھتی تھی فروکش ہوا **بیت** ز سینے زگو گرد بے آب تر بہوا سے زدوزخ جگر تاب تر پھر لشکر جمال خان کا سراسیمہ ہوکر لشکرگاہ کے اطراف وجوانب مین متلاشی دوڑا ایک کوس کے فاصلہ پر ایک نخلستان دیکھا لوگ اُسطرف روانہ ہوے اور اسقدر پانی ہاتھ آیا کہ حیوان ناطق اور صامت کے سدرمق ہوا اور ہلاکت سے نجات پائی اور جمالخان نے اُسوقت یہ صلاح دیکھی کہ آج ہی کے دن بلکہ اسی ساعت کہ گھوڑے اور ہاتھی اور آدمی سیراب ہین صفوف جنگ آراستہ کرکے آتش حرب روشن کرین اور اُسکے اعوان و انصار بھی اس امر مین شریک ہوے بلا توقف افواج آراستہ کرکے رجب کی تیرھوین تاریخ ۹۹۵ھ نوسو ننانوے ہجری مین برہان شاہ اور راجہ علیخان کے لشکرگاہ کی طرف روانہ ہوا اور باوصف اُسکے کہ درمیان دونون سپاہ کے اتنا فاصلہ تھا کہ پیک عقل کو اُس سے عبور دشوار دیکھائی دیتا تھا بجرأت فراوان اُس سے عبور کیا اور عہدیان فدوی کی اعانت کے باعث جنگ کو بازیچہ تصور کرکے اُنکے مقابل گیا اور برہان شاہ اور راجہ علیخان ناچار ہوکر صفوف حرب آراستہ کرکے میدان جانستان کیطرف روانہ ہوئے اور فریقین کے درمیان لوازم حرب وقوع مین آئے فوج ملکی تلوار چلنے لگی مہدویون نے افواج غنیم بہت قتل اور متفرق کی قریب تھا کہ غالب ہوین قضارا ایک گولی بندوق کی برہان شاہ کے لشکر سے آنکر جمال خان کی پیشانی پر لگی وہ خانۂ زین سے زمین پر آیا اور مرغ روح اسکا قفس تن سے تڑپ کر پرواز کرگیا اور یاقوت خان اور خداوند خان حبشی اور سہیل خان خواجہ سرا اور بھی امرا نے توقف مین صلاح ندیکھی اسمٰعیل نظام شاہ کے ہمراہ راہ فرار پائی اور امراے برہان شاہ نے اُنکا پیچھا کیا اور یاقوت خان اور خداوند خان کے سر پر پہونچکر اُن پر غالب آئے اور سر اُنکے تن سے جدا کئے سہیل خان یہ حال مشاہدہ کرکے اسمٰعیل نظام شاہ کو ایک قصبہ مین چھوڑکر بیجاپور کیطرف فرار ہوگیا اور امراے برہان شاہ نے اسمٰعیل نظام شاہ کو دستیاب کرکے سہیل خان سے قطع نظر کی اور اسے باپ کی ملازمت مین پہونچایا برہان شاہ نہایت محظوظ اور مسرور ہوا بعد اسکے راجہ علیخان کو کہ اُس یورش مین بامداد و اعانت تقصیر نہ کی تھی چند گھوڑے اور ہاتھی پیشکش کرکے رخصت کیا اور رخود احمد نگر کی طرف مراجعت کی محمد شریف کربلائی نے بطریق تعمیہ تاریخ اس فتح کی یون کہی **مصرع** بگو مروج مذہب سر جمال گرفت ۹۹۶ جس وقت کہ مروج مذہب سر جمال کو کہ جیم ہی لیوے تاریخ فتح برآمد ہووے اور مدت سلطنت اسمٰعیل نظام شاہ کی ۹۹۹ دو سال تھی ۔

ذکر برہان شاہ بن حسین شاہ کی سلطنت کا

برہان شاہ اپنے بھائی مرتضےٰ نظام شاہ کے عہد مین قلعہ لہاکر مین قید تھا اور بجاگیر لائق اوقات شریف بفراغت تمام بسر کرتا تھا امیرون مین صاحب خان نے سر بے اعتدالی سے اُٹھایا اور امرا اور سپاہ مرتضےٰ نظام شاہ کے اوضاع سے متنفر ہوئے اور جس وقت کہ نظام شاہ صاحب خان کے دبنال بیڈر کیطرف گیا تھا اس جماعت نے

فرصت پاکر برہان شاہ کو عرائض اس مضمون کے تحریر کئے تھے کہ آپکا بھائی دیوانگی کے سبب بادشاہی کے قابل نہین ہی اگر آپ قلعہ سے خروج فرمائین ہم سرحلقہ فرمان مین لاکر مخلصان یکجہت سے ہونگے برہان شاہ نے حاکم قلعہ کو موافق کرکے خروج کیا اور پانچ چھ ہزار سوار جنبر مین اُسکے شریک ہوئے اور چتر شاہی اسکے سر پر بلند کیا جب یہ خبر والی بیدر مین نظام شاہ کے گوش زد ہوئی تعجیل تمام احمد نگر کیطرف روانہ ہوا اور ایک روز پیشتر برہان شاہ سے مع تین سو آدمی اس قلعہ مین پہونچا اور اُسیدن عصر کیوقت عوام الناس کے دفع مظنہ کے واسطے جو کہتے تھے کہ نظام شاہ زندہ نہین ہی پس پردہ سے برآمد ہوکر ہاتھی پر سوار ہوا اور شہر مین داخل ہوا جب نعمت خان چاشنی گیر سمنانی کی بازار مین پہونچا خواجہ زین سمنانی کے قریب دوکان کہ وہ مرد مہربان اور وجیہ تھا اور ادویہ فروشی اُسکا کام تھا ہاتھی کو ایستادہ کرکے اُس سے پوچھا کیا بیچتا ہی اُس نے جواب دیا کہ قسم معاجین اور ادویہ اور اشربہ یعنے پینے کی چیزون سے جو شی درکار ہو حاضر ہی نظام شاہ نے کہا وہ دوا کر دیوانگی کو فائدہ بخشے تیرے پاس موجود ہی بولا ہان سب قسم کے اجزائے جلاب موجود ہین نظام شاہ نے فرمایا مین اپنے تئین دیوانہ نہین جانتا کسواسطے کہ بطریق مشائخ گوشہ نشین ہوکر چاہتا ہون بادشاہی کرون میرا بھائی بے تقریب آپ کو خرخشہ مین گرفتار کرکے لشکر کشی مجھ پر کرتا ہی خواجہ زین نے عرض کی خود بدولت وسعادت تخت سلطنت پر متمکن رہین مہمات سلطنت خوب ترین وجہ سے جاری ہوتے رہینگے برہان شاہ خود دیوانہ ہی گو باوجود کمال فراغت ایسے بھائی مشفق ومہربان پر خروج کرتا ہی اور اس نعمت کی قدر نہین جانتا ہی نظام شاہ اس بات سے خوش ہوا اور تھیلی ایک ہزار روپیون کی اسے عنایت فرمائی اور روان سے معاودت کی اور باوصف اس کے کہ بعد آٹھ برس کے آدمیون کے درمیان آیا تھا اکثر اپنے ملازمین اور شاگردون کو پہچان کر اُن سے ہمکلام ہوا اور اکثر شہر کے بازاردن کی سیر کرکے قلعہ مین گیا اور دوسرے دن کی صبح کو برہان شاہ باغ ہشت بہشت مین پہونچکر مقیم ہوا اور جو نظام شاہ کے سوار ہونے کی خبر نے انتشار پایا تھا کہ لوگ جوکہ برہان شاہ کے شریک ہوے تھے ترک رفاقت کرکے احمد نگر کی طرف راہی ہوئے اور ظہر کیوقت نظام شاہ بحرانق روزہائے سابق ہاتھی پر سوار ہوکر قلعہ سے برآمد ہوا اور تخمیناً دس ہزار سوار اُس کے چتر کے سایہ مین فراہم ہوئے اور کالا چبوترہ کے قریب ایستادہ ہوا اور صلابت خان کو سپہ سالار کرکے مع توپخانہ اور فیلان نامی اُسکے سر پر نامزد کیا اور ہشت بہشت کی حوالی مین فریقین کے درمیان جنگ واقع ہوئی برہان شاہ شکست کھاکر بیجاپور کی طرف فرار ہوا اور بعد دو برس کے برہان شاہ بطلب بعضے امرا بلباس درویشان احمد نگر مین آیا اور اعوان وانصار کو مقرر کیا کہ جس روز صلابت خان دیوان خانہ مین بیٹھکر اپنی مہمات مین مشغول ہووے مع پانسو بہادران یکدل ویکزبان تاخت کرکے اُسے قتل کرین اور برادر گوشہ نشین دیوانہ کو ایک قلعہ مین قید کرکے خود امور سلطنت کا متکفل اور متصدی ہووے اتفاقاً جو وقت موعودہ نہ پہونچا تھا صلابت خان واقف ہوا اور ایک جماعت کو کہ برہان شاہ کے اتفاق اور یکجہتی مین مشہور تھی بشدائد تمام ہلاک کیا اور برہان شاہ کی تلاش مین ہوا برہان شاہ جو فقیری لباس مین تھا دن کو کسی جگہ اور شب کو کسی مقام مین رہتا تھا دستیاب نہوا مفرور ہوکر قطب الدین خان محمد غزنوی کے پاس کہ گجرات مین رہتا تھا گیا اور بعد چند روز کے اکبر بادشاہ کے خدمت مین پہونچا اور آغاز مین بہ منصب سہ صدی سرفراز ہوا اور جس وقت کہ خان اعظم کوکا دکن کی طرف نامزد ہوا منصب ہزاری پر اختصاص پایا اور جو خان اعظم

نے بالاپور تک غارت کرکے بے حصول مقصد مراجعت کی برہان شاہ نے ہمراہ صادق محمد خان افغان مابین آب نیلاب اور کابل کے تعین ہوکر ولایت بنگش سے جاگیر پائی اور جب اُس کا بیٹا احمد نگر مین بادشاہ ہوا اکبر شاہ نے اسے بنگش سے طلب کرکے دکن بھیجا جیسا کہ احوال اُس کا سابق مین مذکور ہوا بمقتضائے سن طلب شیئاً وجد فوجد آخر مین صاحب تخت وتاج ہوا اور مذہب مہدویہ کو کہ اُن دنون اُس کے بیٹے کے عہد مین رواج پایا تھا دفع کیا اور حکم کیا کہ جس جگہ کوئی مہدوی ہو اُسے زندہ نچھوڑین اور مال واسباب انکا غارت کرین اس واسطے تھوڑے زمانہ مین اُن کا اثر باقی نرہا اور بروش سابق منبرون اور بازارون مین خطبہ اثنا عشریہ نے زیب وزینت پائی اور مذہب اثنا عشریہ نے رواج تمام پیدا کیا اُس دولتخانہ کے غریب جو میرزا خانکی شامت کفران سے جلاوطن ہوئے تھے احمد نگر کیطرف آئے پھر وہ بلدہ جاوہ گاہ ارباب کمال ہوا اور دلاور خان حبشی جو ابراہیم عادل شاہ کے خوف قہر سے شہر محمد آباد بیدر کیطرف بھاگ گیا تھا اُسکی درگاہ مین روانہ ہوا اور ساتھ جاگیر لائق اور الطاف شائق کے مخصوص ہوا لیکن یہ امر عادل شاہ کے مزاج کے موافق نہ آیا برہان شاہ کو پیغام دیا کہ شرط دوستی اور طریق محبتی مقتضی اسکی ہو کہ ہم دوست کے ساتھ دوست اور دشمن کے ساتھ دشمن رہین اور نیکی وبدی مین شریک ہوکر بیگانگی کو راہ نہ دین حضرت سے تعجب ہو کہ اس دولتخانہ کے غلام مکرم کو اپنی سرکار اشرف مین راہ دیکر اپنا مقرب درگاہ کیا ہو چاہیے کہ حق برادری اور شیوۂ حق گذاری کو منظور رکھکر دوستون کے پاس خاطر مین کوشش کرین اور اس امر کو موجب دولت دوام جانکر ایسا کام اختیار کرین کہ ہماری خوشنودی کا مستلزم ہووے برہان شاہ اس پیغام سے پریشان اور آزردہ ہوا اور حالت اضطرار مین صبر نہ کیا اور ابھی بنیاد دوستی کو استحکام نہ دیا تھا اور دوست کو دشمن سے جدا نہ کیا تھا کہ اس پیغام کے درجواب باتین وحشت آمیز اور فتنہ انگیز زبان پر جاری کین اور رفتہ رفتہ یہ نوبت پہونچی کہ عادل شاہ درپے عداوت ہوکر اظہار خصومت مین بہانہ جو ہوا اور ملا عنایت اللہ جہری کو احمد نگر بھیجکر پیغام کیا کہ تین سو زنجیر فیل جو دلاور خان کی خامی اور نادانی سے سرکار نظام شاہیہ مین منتقل ہوے ہین دوستی کی رعایت کرکے اس طرف روانہ کرین اور تغافل وتامل مین نقصان عظیم تصور کرکے عاقبت کی وخامت سے اندیشہ کرین برہان شاہ اس پیام سے نہایت آزردہ ہوا اور ساحضار لشکر کا حکم دیا باوجود اس کے کہ امرا مقام رنجش ونفاق مین تھے اور اُسکی سلطنت سے ناراض تھے بسبیل استعجال اور کوچ متواترہ عادل شاہ کی ولایت مین در آیا لیکن عادل شاہ نے اُسے کچھ خیال مین نہ لاکر بیجاپور سے نہضت نفرمائی برہان شاہ منکلسرہ کی طرف آب بیورہ کے کنارہ پہنچا وہان سے قدم آگے بڑھانے مین صلاح دولت نہ دیکھی اور بشورہ ولاور خان اور بعضے مقربان کے اس مقام مین دائرہ کرکے یہ تجویز کی کہ نہر مذکور کے اُس پار قلعہ احداث کرکے ولایت عادل شاہ پر وہانتک تصرف ہووین اور وہ قلعہ درمیان اُنکے سرحد ہووے اُس کے بعد بتدریج شولاپور اور شاہ درگ کو بھی مسخر اور مفتوح کرین پھر ساعت نیک اختیار کرکے ایک جماعت اعیان کو عین شدت تابستان مین مع ہزمندان چابک دست آب بیورہ سے کہ پایاب تھا اس پار اُتارا اور اس مقام مین کہ جہان نشان قلعہ قدیم الایام کا تھا اور مدت مدید گذرنے سے منہدم اور مسمار ہوگیا تھا پایا اُس کے پایہ پر رکھکر قلعہ بتعجیل تمام انجام کو پہونچایا اور جیسا کہ مذکور ہوا مصلحت کے سبب سے بیجاپور سے لشکر اُس کے مداخلہ کے واسطے نام زد نہوا یہ بخاطر جمع اپنے کام مین مشغول رہے اور جب موسم

برسات قریب آیا اور دغدغہ اس امر کا ہوا کہ ایسا نہو پانی نہر بیورہ کا چڑھکر درمیان قلعہ اور لشکر برہان شاہ کے حائل ہووے اور مردم عادل شاہی بجبر و قہر متصرف ہووین اس واسطے قلعہ ناتمام پر دروازے نصب کرکے توپ اور گردے وغیرہ جابجا برج و بارہ پر چڑھا دیے الغرض عین موسم برسات مین بصرف نقود و زاد اُس کے اتمام مین ساعی ہوئے اس عرصہ مین دلاور خان بسبب اس خیال کے کہ عادل شاہ عہدہ برا نہو سکے گا اور محتاج مثل میرے دانشمند کا ہی چاہا کہ امان نامہ جسے دکنی قولنامہ کہتے ہین عادل شاہ سے لیکر بیجاپور کیطرف جاوے اور پھر بدستور سابق زمام حکومت اپنے قبضہ اقتدار مین لاوے عادل شاہ یہ امر خدا سے چاہتا تھا قولنامہ بھیجا ہر چند برہان شاہ نے اُسے جانے سے منع کیا فائدہ نبخشا بیجاپور کی سمت متوجہ ہوا لیکن بجرد پہونچنے کے اپنی سزا کو پہونچکر مقید اور محبوس ہوا اُس وقت عادل شاہ نے بخاطر جمع رومی خان اور الیاس خان کو مع بسیاری امرا لشکر برہان شاہ کے دفع مزاحمت کے واسطے نامزد فرمایا رومی خان اور الیاس خان مزاحم قلعہ نہوے امرائے برکی نے کہ پانچ چھ ہزار سوار ہمراہ رکھتے تھے جریدہ آب بیورہ سے عبور کیا اور لشکر نظام شاہ کے حوالی تک تاخت کرکے آسائش اور آرام اُنکے درمیان سے اٹھا دیا جب یہ لوگ آب بیورہ سے اترکر مزاحمت تمام اردوے برہان شاہ مین پہونچانے لگے برہان شاہ اس جماعت کی جرأت اور بیباکی سے پریشان ہوا اور جو اپنے امرا کے اخلاص پر اعتماد نرکھتا تھا خود رات کیوقت اُنکے فرودگاہ پر کہ ندی بیورہ کے ساحل پر تھا تاخت کرکے قریب صبح اُنکے حوالی مین پہونچا اور انھون نے دور سے سیاہہ فوج دیکھا جو کہ نہر مذکور پایاب تھی اُن لوگون نے فوراً پانی سے عبور کیا اور باتفاق رومی خان و الیاس خان و دیگر امرا افواج مسلح اور مکمل کرکے اُسطرف بقصد مقابلہ اور مقاتلہ صفوف آراستہ کرکے کھڑے ہوے تضارا اُسیوقت سیل عظیم آئی عبور برہان شاہ پر دشوار ہوا پھر اس پار سے چند کارتوس توپ کلان کے افواج عادل شاہ پر فیر کیے جب سمجھا کہ عبث ہے اپنے اُردو مین معاودت فرمائی اور اسیدن پھر اُمرائے برکی نے آب سے عبور کیا اور تاخت و تاراج لشکر نظام شاہ مین شروع کی اور اسکے بعد ایکمدت اسی نہج پر گذری اور آثار قحط ظاہر ہوے برہان شاہ ناچار ہوا قلعہ مستحدث کو سہدخان ترک کے سپرد کرکے ابطال رجال سے پرکیا اور وہان سے کوچ کرکے چند منزل اپنی ولایت کیطرف جاکر مقیم ہوا تاکہ غلہ و آذوقہ نظام شاہ کی ولایت سے بفراغت پہونچے اور محنت غلہ سے نجات حاصل ہووے اُسوقت رومی خان اور الیاس خان نے فرصت پاکر مع تمامی لشکر ندی بیورہ سے عبور کیا اور نظام شاہ کا پیچھا کرکے مزاحمت پہونچانے مین کوئی دقیقہ فروگذاشت نہ کیا برہان شاہ مضطر اور پریشان ہوا انور خان امیر الامرائے برار کو کہ شجاعت مین مشہور معروف تھا مع اکثر امرا جنگ عادل شاہیہ کیواسطے مقرر فرمایا اور اُردو کے دو تین کوس کے فاصلہ پر فریقین کے درمیان حرب شدید اور معرکہ عظیم واقع ہوا نور خان طعن نیزہ اعتماد خان شوستری سے کہ سرلوتبیان عادل شاہ سے تھا مارا گیا شکست فاحش برہان شاہ کو نصیب ہوئی اور ایک سو پچاس ہاتھی عادل شاہیہ کے تصرف مین آئے اور برہان شاہ مخذول اور منکوب ہوا امرا نے بنظر حقارت و اہانت اُسے دیکھا اور کامل خان دکنی اور بھائی اُس کے کہ امرائے معتبر سے تھے چاہا کہ اُسے بادشاہی سے معزول کرکے اسمعیل کو تخت سلطنت پر قائم کرین برہان شاہ اس ارادہ سے واقف ہوا کامل خان اور اُسکے بھائیون کو بسیاست و عقوبت تمام قتل کیا دکنی اس سانحہ سے زیادہ تر متوحش اور متنفر ہوے برہان شاہ کے قتل کی فکر کرنے لگے اور یوسف خواجہ سرا کہ حسن و جمال مین اپنا نظیر نرکھتا تھا اور برہان شاہ

کا نہایت مقرب تھا اُسے اُس امر پر راضی اور موافق کیا کہ رات کیوقت اثنائے خواب مین اسے قتل کرکے اسمعیل کو بادشاہ کرین یہ خبر برہان شاہ کے سمع مبارک مین پہونچی لیکن باور نہ کی یہانتک کہ رات کے وقت استحانًا وہ بستر خواب پر لیٹا اور عمدًا آنکھین بند کرکے خراٹے لینے لگا یوسف خیمہ مین آیا اور رہا تھ خنجر پر رکھا برہان شاہ نے جست کرکے اس کا ہاتھ پکڑا اور جو نہایت درجہ اُسے چاہتا تھا آپ کو نادیدہ کرکے اُسکے قتل سے درگذرا جو محمد قلی قطب شاہ اور راجہ علیخان نے صحبت غلیظ دیکھی ایک جماعت مردم معتبر صاحب اعتبار مثل مصطفے خان استرآبادی اور خواجہ عبدالسلام توتی کو بیجاپور کیطرف بھیجکر برہان شاہ کے لیے طالب صلح ہوئے اور تین مہینے عادل شاہ نے صلح سے انکار کیا جب مبالغہ اور الحاح اُن دونون بادشاہ کا حد سے گذرا یا اِس شرط صلح پر راضی ہوا کہ برہان شاہ نے جسطور سے اس قلعہ کو احداث کیا ہی اپنے ہاتھ سے مسمار کرکے احمدنگر کی طرف مراجعت کرے خواجہ عبدالسلام اُسکا ذمہ دار ہوا اور معروض کیا کہ ایقاع صلح اور قلعہ مسمار کرنے کو ایک معتمد ان درگاہ سے بھیجین تو اُسکے مواجہ مین مہمات فیصل ہوین عادل شاہ نے اُسکی التماس پذیرائی شاہ نوازخان استرآبادی کو کہ کچھ احوال اُس کا ذیل وقائع عادل شاہیہ مین تحریر ہوا برہان شاہ کے پاس بھیجا اور جب شاہنوازخان اردوے برہان شاہ کے قریب آیا ارکان دولت اُس کے لوازم استقبال اور اعزاز بجالاکر مبتہج اور مسرور ہوے اور برہان شاہ نے اُس کے روبرو قلعہ منہدم کیا اور اثر اُس سے باقی نرکھا پھر احمدنگر کی طرف روانہ ہوا اور پرندہ کے اطراف سے شاہنوازخان کو بغرت تمام رخصت معاودت فرمائی اور خود جلدی کرکے احمدنگر مین داخل ہوا اور سلامتی کو نعمت شکرف سمجھا اور سنہ ۱۰۰۰ ایک ہزار ایک ہجری مین عیسائیان ریکدندہ کے دفع پر عازم جازم ہوا ایک جماعت امرا کو بندرجپول کیطرف نامزد فرمایا اور حکم کیا کہ اس پہاڑ پر جو ساحل سمندر پر واقع ہی اور کشتیان اُن کی وہان سے ریکدندہ کی طرف آتی جاتی ہین ایک قلعہ سنگین تیار کرواور اُس کے برجون پر توپ اور ضرب زن وغیرہ نصب کرکے فرنگیون کی آمد وشد کے مانع ہوا نھون نے جب ایسا کیا وہ قلعہ باسم گھوالہ مشہور ہوا عیسائیون نے مدارتر ودشب پر منحصر رکھکر جمیع بنادر ہندوستان سے کہ تعلق عیسائیون سے رکھتے تھے طالب مدد ہوے چنانچہ سب جگہ سے انھین مدد پہونچی اور اس عرصہ مین دو بار شنکون لشکر اسلام پر لائے اور ہر دفعہ دو تین ہزار کو قتل کرکے غالب ہوئے برہان شاہ اگرچہ تہ دل سے دکنیون کے قتل ہونے سے راضی تھا لیکن بحسب ظاہر اظہار کدورت کرکے فرہاد خان اور شجاعت خان حبشی کو مع امرائے کبار دکن کہ اُن سے مطمئن اور ایمن نہ تھا اور وہ سب دس ہزار سوار تھے اُس طرف روانہ کیا بموجب مضمون اس مصرع کے مصرع زہر طرف کہ شود کشتہ سود اسلام است + اور بدین سبب کہ بندر رد لبسائے اور دمن سے جو درمیان گجرات اور دکن واقع ہی انواع کمک مردم ریکدندہ کو پہونچتی تھی بہادرخان گیلانی کو سپہ سالار کرکے باتفاق امرائے غریب علی وہ اُن بنادر پر نامزد کیا بہادرخان جب وہان پہونچا بروز چہارشنبہ شوال کی سترھوین تاریخ سنہ مذکور مین ایک ہزار فرنگیان خونخوار اور بیسیارے زنگیان دیوسار نے علم مخالفت بلند کیا از حبشیون اور دکنیون نے جو قلعہ گھوالہ مین نامزد ہوے تھے کشش اور کوشش مین تقصیر نہ کرکے نشان فرنگیون کا نگونسار کیا اور قریب ایک سو فرنگی اور دو سو نصرانی کے تیغ غزا سے قتل کرکے مظفر اور منصور ہوئے جب یہ خبر فتح برہان شاہ کو پہونچی نہایت محفوظ ہوا محفل جشن وشادی کی ترتیب کا ارشاد فرمایا اور عمارت آئینہ خانہ یعنی شیش محل مین جو برہان شاہ نے بندر کے پہلو مین تیار کی تھی مجلس بزم آراستہ کی اور مصاحبان ارسطو فطرت اور شعرائے نکتہ سنج عطارد فطنت

اور مطربان ناہید عشرت خاصر ہوئے اور جو وہ مجلس مشابہت بہشت جاودان کے ساتھ رکھتی تھی اس شہریار نے قلم تکلیف وضیع وشریف سے اٹھا کر حکم فرمایا کہ جو شخص جس شے کی تمنا کرے مروم بادشاہی حاضرین اور ساقیان خورشید عذار شراب سرخ مجلس مین لائے اور پیش خدمتین مشتری صورت ماہ سیما نے معاجین روح پرور اور گزک غیر مکرر جلوہ گر کی اور بعضے اشخاص نے کہ ہمیشہ مے نوشی کے عادی اور شراب کی آرزو دل مین رکھتے تھے بے تکلف مے نوشی کیطرف رغبت فرمائی **بیت** عیش خلدست دروباوہ حلال ست حلال ۔ بزم شاہست وروتوبہ حرام ست حرام ۔ اور بعضون نے کہ اُن مین صوفی صافی اور پرہیزگار تھے اشیائے حلال کیطرف میل کرکے اشربہ لذیذ اور اطعمہ لطیف تناول کیے اور مطربان بار بدنواز کہ سرمایہ نشاط اور پیرایہ مجلس انبساط تھے انھون نے چنگ دعود وسرود چھیڑ کر ناہید کو بام فلک سے اس تماشاگاہ مین بلایا اور بہ نغمہ بربط ورباب چرخ کبود روان کو رقص مین لائے اور اہل مجلس نے اس بزم دلکشا کی تعریف مین سخنان دلپذیر اور عبارات واستعارات مین ہمزبانی کی اور جملہ اہل نظم سے واقف رموز ملک آسمانی مولانا قمی یہ رباعی عراقی بدیہہ اُس محفل جنت نظیر کی تعریف مین بحر خاطر سے ساحل بیانمین لایا **رباعی** آنے کہ جہان کرشمہ نرگس تست ۔ گنجور دکون سدہ مفلس تست ۔ آئینہ اسکندر وجام جمشید ۔ باطبع ملک وریچہ مجلس تست ۔ اور اُسی سال ماہ ذیقعدہ مین برہان شاہ کو خبر پہونچی کہ اکبر بادشاہ نے نواب خانخانان اور بیرم خان کو مع سپاہ گران ولایت مالوہ کیطرف بھیجا ہے اور شاہرخ میرزا بادشاہ جہانیان اور شہباز خان کو سلطانپور اور ندربار کیطرف روانہ فرمایا ہے اور جو یہ امر مشعر اس مظنہ پر تھا کہ ایسا نہو خانخانان مملکت برار کیطرف لشکرکشی کرے اس واسطے برہان شاہ نے عماد خان مذکور راجہ علیخان کے پاس بھیجکر اُس سیلاب کے سد کے بارہ مین مشورہ کیا اور میان دونون مین حادثہ عظیم ولایت چہول مین واقع ہوا وہ یہ ہوکہ جب قلعہ کہوالہ تیار ہوا اور اُسکے برج وبارہ پر توپین صاعقہ آثار اور گردے شہاب کردار نصب ہوئے فرہاد خان حبشی اور اسد خان اور تاج خان اور نصیر الملک اور دولت خان اورانی راے اور دوست علی مولد اُس قلعہ کی محافظت مین مشغول ہوئے اور کسی طرف سے مدد قلعہ ریکندہ مین نہ پہونچنے پاتی تھی اور قریب تھا کہ نصاری بہ تنگ وعاجز آکر جلاوطن ہوون کہ ناگاہ برہان شاہ اُن دنون گرفتا نفس امارہ ہوکر امردون اور عورتونکی مباشرت اور مخالطت کا حریص ہوا اور حکم کیا کہ جس مکان مین عورت مستورہ بادشاہ کی خدمت کے لائق ہووے شوہر دار خواہ بے شوہر ہو اُسے شہریار کے شبستان مین حاضر کرین یہ امر خاص وعام کو ناگوار ہوا برہان شاہ سے متنفر ہوئے اور جب سنا کہ شجاعت خان حبشی کہ امراے معتبر سے تھا عورت جمیلہ رکھتا ہے اُسے بھی طلب کیا شجاعت خان نے اُسکے بھیجنے سے انکار کیا برہان شاہ اُسپر غضبناک ہوا اُسے موکلونکے سپرد کیا اور اُسکی عورت کو بجبر وقہر اپنے حرم سرا مین طلب کیا اور جیسی کہ اُسکی تعریف سنی تھی اُسکے پسند طبع نہ آئی ہاتھ اُسکی طرف دراز نکیا اُسکے گھر بھیجدیا لیکن شجاعت خان نے شجاعت کو کام فرمایا یعنی خبر سنتے ہی خنجر اپنے شکم پر مار کر مرگیا اور جب یہ خبر منتشر ہوئی فرہاد خان اور جمیع امراے کہوالہ برہان شاہ کے اوضاع واطوار ناپسندیدہ سے دلگیر ہوئے اور محافظت قلعہ اور جنگ نصاری مین مشل ول کے اہتمام نکیا اور درپے اُسکے ہوئے کہ دست پاکر احمد نگر کیطرف روانہ ہوکر نشان بغاوت کا بلند کرکے برہان شاہ کے دفع مین کوشش کرین اہل فرنگ اس امر کو سمجھ کر ساٹھ غراب پر از افواج جنگی واسباب قتال وجدال جمیع بنادر سے طلب کرکے اپنے پاس ریکندہ مین لائے اور شب تار مین بالاے حصار کہوالہ سے عبور کرکے ریکندہ کیطرف پہونچے جمعہ کے دن علی الصباح ذی الحجہ کی سولھوین تاریخ کو چار ہزار فرنگی بہیئت اجتماعی اس قلعہ کیطرف متوجہ ہوئے اور تاج خان اورانی راے جو لشکر قلیل کیساتھ قلعہ کے باہر فروش ہوے تھے سراسیمہ خواب سے بیدار ہوکر قلعہ کیطرف بھاگے اور فرہاد خان جو نہایت رنجیدگی سے محافظت مین مشل ول کے اہتمام نرکھتا

تھا اور دربانون نے تاریکی مین دروازہ آدمیونکی آمد شد کیواسطے کھولا تھا سپاہ فرنگ نے کہ تعاقب منہزمونکا کیا تھا ہجوم لاکر فرصت دروازہ بند کرنے کی ندی اور تاج خان اور رانی راے کو زدہ زدہ قلعہ مین لائے انکی عقب مین خود بھی داخل ہوگئے اور قتل شروع کیا فرہاد خان اور اسد خان اور تمامی آدمی قلعہ کا شور وغوغا سنکر سراسیمہ خواب صبح سے بیدار ہوئے اور باوجود اسکے کہ فرنگیونکے دو چند بلکہ چہار چند تھے شامت غفلت سے مدافعہ مین اُنکے نہ مشغول ہوئے اور تمام حیران اور مبہوت ایستادہ رہے اور فرنگیون نے انھین بخاطر جمع مثل گوسفندان قربانی قتیل اور مذبوح کیا اور ایک ساعت مین دس بارہ ہزار آدمیون کو شہید کیا اور قلعہ کہوالہ کو بھی مسمار اور منہدم کرکے تمام ساز وسلب پر جو قلعہ مین تھا متصرف ہوئے اور فرہاد خان کو کہ زخمی تھا زندہ اسیر کیا اور باقی جمیع امرا کو اہل فرنگ نے شہرت ممات چکھایا اور جب برہان شاہ نے یہ اخبار سنے اس جماعت کا قتل ہونا عین فتح سمجھا اور نظر التفات غریبون پر مبذول فرماکر مرتضیٰ خان آنجو اور شیخ عبد السلام عرب اور احمد بیگ اور قزلباش خان اور خلیفہ عرب اور اوذبک بہادر اور خواجہ اندق ماوراالنہری وغیرہ کو منصب امارت پر مشرف کیا اور چاہا کہ انھین بندرجیول کیطرف روانہ کرکے کفار فرنگ کو متاصل کرے کہ ناگاہ عادل شاہ کا بھائی کہ جسنے قلعہ نگلوان سے خروج کیا تھا الچی نظام شاہ کے پاس بھیجکر طالب امداد ہوا اور ذمہ دار اس امر کا ہوا کہ جب تختگاہ پر قابض ہون نولاکھ ہون اور دو سو ہاتھی اور قلعہ شولاپور برہان نظام شاہ کے سپرد کرونگا نظام شاہ نے طمع اُن اشیا کی کرکے اپنے دل مین کہا بہتر یہ ہی کہ پہلے اس کام کو انجام دون بعد اُسکے ریکدندہ کے فرنگیون کو متاصل کرون یہ کہکر ماہ ربیع الاول سنہ ۹۰۰ نہ ایک ہزار تین ہجری مین احمد نگر سے نلگوان کیطرف روانہ ہوا اور قلعہ پرندہ کے حوالی مین خبر قتل برادر عادل شاہ سنکر نہایت خجالت اور ندامت سے پلٹ آیا اور بیرنج وقلق اور کلفتون کے علاوہ ہوا بستہ ناتوانی پر تکیہ فرمایا اور عادلشاہ کی فوجی مدد وہی شہزادہ اسمٰعیل سے کہ عادل شاہ کا بھائی تھا نہایت آزردہ ہوا اور امراے سرحد کو حکم دیا کہ ولایت برہان شاہ مین تاخت کرکے نہب وغارت مین قصور نکرین برہانشاہ نے تنکنا ڈری راجہ کرناٹک سے اتفاق کرکے اُسے یہ فہمایش کی کہ تم اُسطرف سے چڑھائی کرکے قلعہ ٹیکاپور پر متصرف ہو اور ہم اسطرف سے لشکر قلعہ شولاپور بھیجکر مفتوح اور زیر نگین کرتے ہین راجہ کرناٹک نے جب یہ امر قبول کیا برہان شاہ جمادی الاول کی پہلی تاریخ سنہ مذکور کو مرتضےٰ خان آنجو کو سپہ سالار کرکے مع اخلاصخان مولد اور شیخ عبد السلام اور تمام امراے غریب قریب بارہ ہزار سوار کے امراے برکی کے مدافعہ اور عادل شاہ کی ولایت کی پامالی اور خرابی کیلیے روانہ کیے اور کہا مین بھی اس مرض سے شفا پاکر پیچھے سے مع لشکر برار اُس طرف روانہ ہونگا مرتضےٰ خان جب حوالی قلعہ مین پہونچا اوذبک بہادر کو مع بعضے امراطلیعہ لشکر کرکے مقابلہ کو بھیجا قضارا اس مقام مین ہی لشکر برہان شاہ نے شکست فاحش کھائی اوذبک بہادر مارا گیا برہان شاہ یہ خبر سنکر زیادہ تر غمگین اور محزون ہوا اور مزاج اُسکا اس طرح اعتدال سے منحرف ہوا کہ حکماے حاذق اور اطبائے ماہر اُسکی اصلاح سے عاجز ہوئے اور رفتہ رفتہ مرض سوداالقنیہ اور اسہال دموی اور تپ محرق بہم پہونچا کر یکبارگی صاحب فرش ہوا اور اپنے بڑے بیٹے ابراہیم کو ولیعہد کیا اور اسمٰعیل کو اسواسطے کہ مہدوی مذہب اور غریبون کا دشمن تھا سلطنت سے باز رکھا اخلاصخان کہ اسمٰعیل کی سلطنت پر راغب تھا یہ خبر سنکر دلگیر ہوا اور یہ امر غریبونکی طرف سے تصور کرکے مرتضےٰ خان کے لشکر مین مشہور کیا کہ برہان شاہ فوت ہوا اور اشارہ کیا کہ جمال خان کے عہد سے موافق تمام غریبون کو قتل کرکے اُن کا مال واسباب تاراج کرین مرتضےٰ خان اس امر پر آگاہی پاکر مسلح ہوکر مع بعضے امراے غریب احمد نگر کی طرف راہی ہوا اور یہ تعجیل تمام آپ کو برہان شاہ کے پاس پہونچایا اور بہادر خان گیلانی کو برہان شاہ کے

فوت ہونے کا یقین ہوا اور مع بعضے امرائے غریب بیجاپور کیطرف روانہ ہوا اور شیخ عبدالسلام عرب اعتماد حبشیون کی دوستی پر رکھکر اردو مین رہا تھا دکنی اور حبشی نے اتفاق کرکے اُسے اور اُس کے متعلقین کو شربت شہادت چکھایا اور اخلاص خان نے غریبون کی جمعیت کو متفرق اور آتش فتنہ کو مشتعل کرکے مہمات کو یکرو کیا اور برہان شاہ کے مدافعہ کے واسطے جمیع سرداران دکنی اور حبشی کو ہمراہ لیکر احمدنگر کیطرف گیا برہان شاہ ایک جماعت اُسکے پاس بھیجکر لوازم نصایح بجالایا اور جب اُسے تمرد وعصیان مین راغب اور راسخ پایا باوجود ضعف وناتوانی پالکی مین بیٹھکر قلعہ سے برآمد ہوا اور چتر اور سوج لگی اور سامان سلطنت ابراہیم کو ارزانی رکھا اُس روز ہمایون پور مین کہ بنا کیا ہوا اس کی والدہ خونزہ ہمایون کا تھا نزول کیا اور دوسرے دن فجر کو اخلاص خان نے ایک صف بمثل اپنے قلب کے متزلزل اور ناراست آراستہ کرکے اپنے ولی نعمت کے مقابل نشان کفران اور طغیان کا بلند کیا اور بموجب **بیت** با ولی نعمت اربرون آئی ✤ گر سپہرے کہ سرنگون آئی ✤ بعد از حرب وضرب شکستہ اور بدحال ہوکر پرندہ کیطرف بھاگا اور برہان شاہ منظفر ومنصور احمدنگر کے قلعہ مین تشریف لے گیا جو اس معرکہ مین نہایت قلق اور صدمہ اٹھائے تھے دوسرے دن کہ اٹھارہوین ماہ شعبان سنہ نہصد ایک ہزار تین ہجری کی تھی اس کے طائر روح پرفتوح نے آشیان جنان کی طرف پرواز کیا **مصرع** بقا بقائے خدایست ملک ملک خداے ✤ اور مدت سلطنت اس کی چار برس اور سولہ دن تھی اور مولانا ظہوری نے ساقی نامہ مخترع کہ قریب چار ہزار بیت ہی برہان شاہ کے نام مزین کیا اُس مین داد شاعری دی ہی اکثر شعرا اور عقلا اور صاحب طبع اس کو پسند کرتے ہین

ذکر ابراہیم شاہ بن برہان نظام شاہ ثانی کی جہانبانی کا

ابراہیم نظام شاہ اپنے باپ کے بعد ارتحال مالک تاج ونگین ہوا اور میان منجو دکنی کہ اتابک برہان شاہ تھا اُس نے وصیت کے موافق امر وکالت مین قیام کرکے اپنے بیٹون اور بھائیون اور اعوان کو سلک امرا مین منتظم کیا اور نہ اخلاص خان مولد باوجود ایسی حرامخوری کے کہ ولی نعمت سے صف آرا ہوکر لڑا تھا اپنے ایلچی بھیجکر ابراہیم نظام شاہ سے عفو تقصیر وامان نامہ کا طالب ہوا ابراہیم نظام شاہ اور میان منجو نے اُس کے فساد اور سرکشی سے اندیشہ کرکے امان نامہ ارسال کیا اور وہ احمدنگر مین آیا ایک جماعت حبشیان اور مولدان سے فراہم کی یعنی دو فرقہ ہوئے ایک میان منجو کے شریک اور دوسرا اخلاص خان سے گرویدہ ہوا اور ہر ایک صاحب داعیہ ہوکر دوسرے کی بزرگی اور تزک کو دیکھکر سر نہ جھکاتا تھا اس واسطے مہمات سلطنت نے خوب رواج نہ پایا یہ لوگ آپ کو رستم دستان اور افراسیاب زمان سمجھکر مجلسون مین زبان لاف وگزاف مین کھولتے تھے کبھی ذمہ دار مقابلہ لشکر اکبر بادشاہ ہوتے تھے اور کبھی متکفل مدافعہ امرائے عادل شاہ ہوتے تھے اور ساتھ ایلچی عادل شاہ کے کہ جس کا میر صفوی نام اور سادات صحیح النسب سے تھا سلوک نا ہموار کرکے باتین موحش مذکور کرتے تھے جب یہ اخبار عادل شاہ کے سمع مبارک مین پہونچے نظام شاہ کے دولتخانہ کی اصلاح اور درستی اور بے ادبونکی کو شمال اور تنبیہ کیلیے بیجاپور سے شاہ درک کیطرف متوجہ ہوا اور اخلاص خان اور اُس کے متابعون کی رائے یون مقتضی ہوئی کہ لشکر فراہم لاکر سرحد کیطرف روانہ ہوکر عادل شاہ کے ساتھ محاربہ کرین اور میان منجو نے یہ رائے ناپسند کرکے جوابدیا کہ ہمارا خیال لشکر بے سامان اور بے سرانجام ہو اور اُمرا جیسا کہ چاہیے مطیع اور منقاد بادشاہ کے نہین ہین مناسب ہی کہ تحف وہدایا بھیجکر اس سے صلح کرین اور ہم باطمینان تمام

ملک و مال و لشکر مین مشغول ہوکر ہمیشہ کارزار عادل شاہ ہون اخلاص خان نے کہ مرد نادان اور احمق تھا یہ امر قبول نہ کیا اور شاہ درک کی لشکر کشی مین اصرار کیا اور جو نظام شاہ کو بھی یہ امر مد نظر تھا اس واسطے میان منجو نے سکوت اختیار کیا اور بادشاہ وغیرہ اس طرف متوجہ ہوے اور جب سرحد پر پہونچے میان منجو نے اتمام حجت کے واسطے ایکبار اور بزرگون کو جمع کرکے کہا کہ عادل شاہ اپنی مملکت مین مقیم ہی اس سے اور اُس کی سپاہ سے کسی طرح کی مزاحمت ہمارے ملک کو نہین پہونچی صلاح دولت نہین ہی کہ تم نزاع مین ابتدا کرکے سکی مملکت مین داخل ہو بھی ذرا صلح کشادہ ہی ساتھ اُسکے طریق ملائمت اور دوستی مین قدم رکھکر بساط قتال اور جدال نہ بچھاوین ابراہیم نظام شاہ کہ شرب شراب مین افراط کرکے ایک لحظہ ہوشیار نہ رہتا تھا جب اُس نے اخلاص خان اور اعوان کی خواہش طبع جنگ مین دیکھی میان منجو کی فہمایش گوش ارادت سے نہ سنی عادل شاہ کی ولایت مین قدم رکھا اور حمید خان حبشی کہ سپہ سالار عادل شاہ تھا اور اپنی سرحد مین قیام رکھتا تھا افواج آراستہ کرکے نشان مدافعت اور ممانعت بلند کیا میان منجو نے کہ مرد جہاندیدہ اور کہن سال تھا جنگ مناسب نہ دیکھی ایک جماعت حمید خان کے پاس بھیجکر یہ پیام دیا کہ ہمارا بادشاہ جوان اور بے تجربہ ہی اور سوائے اس کے ایک جماعت شریر کہ دائرہ انسانیت سے خارج ہی اُن کے ہاتھ مین گرفتار ہے اور شرب مدام سے زمام عقل ہاتھ مین نہین رکھنا لہذا عرض کرتے ہین کہ یہ دن روز ہاے ماہ ذی الحجہ سے ہی اور جدال و قتال اس مہینے مین حرام ہی جنگ موقوف رکھکر طرح دیوین شاید ہم فرصت پاکر اُسے بسبب نصایح سودمند اور مواعظ دلپسند کے اس ارادہ سے باز رکھین اور جو کہ اس بارہ مین حمید خان کو عادل شاہ نے سوگندی تھی اُسنے یہ امر قبول کیا نظام شاہ نے سر راہ سے کنارہ کرکے اُسکے دست راست کی طرف کہ ایک کوس کا فاصلہ تھا فروکش ہوا نظام شاہ جب وہان پہونچا اور حمید خان کو اپنے مقابل نہ دیکھا شراب کے نشہ مین سمجھا کہ وہ ہم سے دب کر ہٹ گیا ہی جسطور سے ممکن ہوا اس دن وہان نزول کیا اور اس رات کو میان منجو اور اُس کے توابع نے ہر چند سمجھایا کہ فسخ عزیمت جنگ کرے جو کہ اجل اُسکی آپہونچی تھی اُن کا ارشاد اُس کے کام نہ آیا دوسرے دن صفوف آراستہ کین اور حمید خان حبشی کو یہ خبر پہونچی وہ بھی سامان جنگ درست کرکے مع لشکر گران بہ سرعت برق وصولت رعد میدان قتال کی طرف روانہ ہوا اور پچاس ہزار سوار سے طرفین نے مقابل ایک دوسرے کے صف جنگ کھینچی پہلے بہادران اور یکہ سواران نے گھوڑے جولان کیے اور شمشیر و خنجر سے زمین جنگ گاہ ایک دوسرے کے خون سے رنگین کرنے لگے اور دلاوری اور مردانگی دیتے تھے اس وقت جمیع افواج جوش و خروش مین آنکر ایک نے دوسرے پر حملہ کیا اور حرب و ضرب مین مشغول ہوکر آثار بیرحمی ظاہر کیے **مثنوی** سپاہی چو فیلان آشفتہ مست ہمہ نیزہ و تیغ و خنجر بدست ٭ بنوک سنان دہ بتیر خدنگ ٭ ربودند ازروے خورشید رنگ ٭ اس روز ایک امر عجیب و غریب وقوع مین آیا میمنہ نظام شاہ نے میسرہ عادل شاہ کو متفرق اور پریشان کرکے تین کوس پسپا کیا جو اعتقاد طرفین کا یہ تھا کہ فتح ہماری طرف سے ہے ایک دوسرے کے ساز و سلب مال و اسباب کے تاراج مین مشغول ہوے ابراہیم نظام شاہ مع ایک جماعت مخصوصان سے کہ سو آدمی سے زیادہ نہ تھے اور مع چند فیل معرکہ مین رہا بحسب اتفاق سہیل خان خواجہ سرا اور مقصود خان ترک شحنہ فیل ایک ہزار سوار اور ستر فیل جنگی لیکر وہان پہونچے اور ایک جماعت مقربان ابراہیم نظام شاہ نے عرض کیا کہ ہم قلیل ہین اور فوج دشمن کی کثیر صلاح یہ ہی کہ معرکہ سے کسی گوشہ مین جاکر پناہ لیوین جب امرا ملازمت کے واسطے حاضر ہوتن

اس وقت اس فوج کو دفع کرین ابراہیم نظام شاہ اس امر پر راضی نہوا اور شراب کی کیفیت اور نشہ کے سرور مین تلوار خلاف سے کھینچکر اور فیلان مست کو آگے بڑھاکر سہیل خان کے مقابلہ اور مقاتلہ کو روانہ ہوا اور حملہ اول مین ابراہیم نظام شاہ ایک سپاہی عادل شاہی کے ضرب نیزہ سے خانہ زین سے جدا ہوکر زمین پر آیا اور مرغ روح اُس کا قفس تن سے پرواز کر گیا جنگ کی شامت نے اپنا کام کیا سہیل خان نے اسے پالکی مین ڈالکر حکم کیا کہ اس کو احمد نگر پہونچادین اور فیلون پر متصرف ہوا اور جب رات ہوئی اسی طرح گھوڑے پر سوار رہکر وہ رات بسر کی اور ہمارے نظام شاہی میسرہ عادل شاہی کا پیچھا کر کے غنیمت بہت ہاتھ لائے تھے جب خبر ابراہیم نظام شاہ کے قتل کی سنی ہر ایک اپنی طرف بھاگا اور سہیل خان دوسرے دن توپخانہ نظام شاہی پر قابض ہوا اور عادل شاہ کے پاس پہونچایا اور میان منجو نے آپ کو سب سے پیشتر احمد نگر مین پہونچایا تھا اور احمد نام بارہ برس کے لڑکے کو ساتھ اس گمان کے کہ یہ خاندان نظام شاہ سے ہی دولت آباد سے طلب کر کے چتر شاہی اُس کے سر پر بلند کیا اور شاہزادہ بہادر پسر ابراہیم نظام شاہ کو کہ طفل شیر خوار تھا قلعہ جوندکیطرف بھیجکر محبوس کیا اور ابراہیم نظام شاہ کی مدت سلطنت چہار ماہ اور دو روز تھی

ذکر احمد شاہ بن شاہ طاہر کی حکومت کا

جب اخلاص خان اور دوسرے سردارون نے جنگ وعناد برپا کر کے تازہ نہال سلطنت ابراہیم نظام شاہ کو پژمردہ کیا میان منجو بسبیل استعجال احمد نگر مین آیا اور قلعہ اور خزانہ اپنے تصرف مین لایا اور اخلاص خان اور اعیان درگاہ کو قلعہ مین بلاکر انجمن آراستہ کی اور بادشاہ کے تعین کے بارہ مین شورہ کیا امرائے حبشی نے بلقیس زمان چاند سلطان کے التفات خاطر کو بہادر شاہ بن ابراہیم شاہ بن برہان نظام شاہ کی طرف مشاہدہ کر کے سب اُسکی سلطنت پر راغب و مائل ہوے اور میان منجو اور بعضے امرائے دکنی نے بہادر شاہ کی صغر سنی سے کہ اس عرصہ مین ایک برس اور سات مہینے کا تھا اندیشہ کر کے یہ امر قبول نہ کیا اور کہنے لگے **مثنوی** جہانبانی و پائگاہ قوی ✤ کلاہ کیانی و کنجسروی ✤ کسی را سزد کو بہنگام جنگ ✤ شتابد شتاب و نداند درنگ ✤ امرائے حبشی یہ کلام سنکر چاند سلطان کی جانب داری سے کشیدہ ہو کر میان منجو کے شریک ہوے اور لوازم عہد و شرائط بجالاے اور آپس مین اتفاق کر کے خواجہ ستر آبادی کو جس نے درگاہ برہان نظام شاہ سے خطاب میر سامان پایا تھا مع جماعت مردم معتبر و معتمد قلعہ جوند خیر کی سمت بھیجکر احمد شاہ بن شاہ طاہر کو شہر احمد نگر مین بلایا اور عید الضحیٰ کے دن کہ سنہ ۹۴۳ ایک ہزار اور تین ہجری تھی تخت احمد نگر پر متمکن کر کے خطبہ بنام ائمہ اثنا عشر پڑھایا اور منصب اور جاگیر آپس مین تقسیم کین اور بہادر شاہ کو جو چاند سلطان کی آغوش عطوفت مین پرورش پاتا تھا بجبر و تعدی قلعہ جوند مین بھیجکر قید کیا اور بعد چند روز کے جب ظاہر ہوا کہ احمد شاہ خاندان نظام شاہ سے نہین ہے اخلاص خان اور امرائے حبشی اپنے کیے ہوئے سے نادم اور پشیمان ہوکر اس کے عزل کے درپے ہوئے اور اس داستان کی توضیح یون ہے کہ جب برہان نظام شاہ بن احمد نظام شاہ بحری نے اس جہان فانی سے رحلت کی حسین نظام شاہ ولیعہد ہوا اور اُسکے بھائی سلطان محمد خدابندہ اور شاہ علی اور محمد باقر اور عبد القادر اور شاہ حیدر مملکت سوروش مین تو قف کو سبب ہلاکت جانکر ہر ایک ایک سمت اطراف ہندوستان سے بھاگ گیے اور بعد مدت مدید مرتضی نظام شاہ کے عہد مین ایک شخص

موسوم بہ شاہ طاہر حیدر آباد کے اطراف مین پہونچکر مظہر ہوا کہ سلطان محمد خدابندہ ولایت بنگالہ مین فلان تاریخ کو رحمت ایزدی مین واصل ہوا اور مین اُس کا فرزند صلبی ہون اور عوادث روزگار سے اپنی مملکت موروث مین پناہ لایا ہون ارکان دولت اور اعیان حضرت مرتضےٰ نظام شاہ خصوصا خان معظم نشان صلابت خان اُسکے احوال کے تجسس اور تفحص مین ہوکر شرائط تحقیقات بجالاے لیکن طول عہد اور تغیر اوضاع کے باعث حق و باطل کی تمیز سے عاجز ہوئے لب تصدیق اور انکار مین نہ کھولتے تھے اور ازراہ حزم و احتیاط کہ مبادا کوئی جماعت اوباش اس کے پاس فراہم ہوکر فساد برپا کرے اسواسطے اسے ایک قلعہ مین محبوس کیا اور مردم معتبر اور دانا کو جو سلطان محمد خدابندہ اور اُسکے متعلقون کو خوب پہچانتے تھے آگرہ کی طرف برہان شاہ ثانی کے پاس کہ اُندنون مین جلال الدین محمد اکبر بادشاہ کا ملازم تھا بھیجکر پیغام دیا کہ ایک شخص اس شکل و شمائل کا آنکر کہتا ہے کہ مین سلطان محمد خدابندہ کا فرزند ہون اور میرا نام شاہ طاہر ہے جو تمام عمر سلطان محمد خدابندہ کی اس حدود مین بسر ہوئی ہے یقین ہے کہ آنحضرت کو اس کا حال کماہی دریافت ہوگا امیدوار ہین کہ جو کچھ واضح اور روشن ہووے اعلام بخشین تو بندگان درگاہ تردد و تفرقہ سے نجات پاوین برہان شاہ نے جواب دیا کہ سلطان محمد خدابندہ کی حیات مستعار میرے مکان مین اختتام کو پہونچی ہے اور اس کے بیٹے اور بیٹیان کہ فلان فلان ہین میری صحبت مین زمانہ بسر کرتی رہین اگر کوئی شخص غرضا آپ کو سلطان محمد خدابندہ کے فرزند کا ہمنام ہوکر دعوی فرزندی کرتا ہو محض غلط اور عین افترا ہے صلابت خان اور تمام اعیان حقیقت حال دریافت کرکے اپنے دل مین کہنے لگے کہ بالفعل اس شخص نے سلطان محمد خدابندہ کی فرزندی کی شہرت پائی ہے اب خلاف اسکے عوام الناس کے ذہن نشین کرنا بہت مشکل معلوم ہوتا ہے بہتر یہ ہے کہ مدت العمر یہ قلعہ مین رہے غرضکہ سجھون نے ایسا ہی کیا آخر کو وہ اجل طبیعی سے مرگیا اور اس سے ایک بیٹا موسوم بہ احمد باقی رہا کہ میان منجو نے فریب کھاکر اُسے تخت سلطنت پر بٹھایا اخلاص خان اور تمامی امراے حبشی اور مولد اس مقدمہ کے سبب میان منجو سے منحرف ہوئے اور آخر ماہ مذکور مین کالا چبوترہ کے درمیان صف جنگ آراستہ کی میان منجو نے احمد بادشاہ کو برج پر بٹھاکر چتر اُس کے سر پر مرتفع کیا اور میان حسن کو سات سو سوار دیکر دشمنون کے مدافعہ کیواسطے بیرون قلعہ بھیجا اور فریقین کے درمیان جنگ عظیم اور معرکہ شدید واقع ہوا طرفین کے بہت لوگ کام آئے اور اس درمیان مین کہ حبشی اضراب توپ قلعہ کیطرف نہیں کرتے تھے ایک گولہ احمد بادشاہ کے چتر پر لگا دلولہ اور غوغا اور آشوب لوگون کے درمیان وقوع مین آیا اور میان حسن کثرت اور غلبہ اعدا مشاہدہ کرکے پسپا ہوکر قلعہ مین در آیا پھر اخلاص خانیان کی شوکت اور غلبہ زیادہ تر ہوا اور قلعہ کے محاصرہ مین مشغول ہوے اور اطراف و جوانب سے مورچے اور سرنگ تیار کیے اور ابواب دخول و خروج مسدود کرکے آدمی حاکم دولت آباد کے پاس بھیجا کہ آہنگ خان حبشی اور حبشی خان مولد کو جو برہان شاہ کے عہد سے اس زمانے تک محبوس ہین روانہ کرے تھانہ دار دولت آباد نے اعانت کرکے انھین روانہ کیا اور جو کہ تھانہ دار جوندنے بہادر شاہ کو بے حکم میان منجو ندیا وہ بھی اتفاق کرکے ایک لڑکا مجہول النسب بازار احمد نگر سے لائے اور اسے خاندان نظام شاہ سے منسوب کرکے سکہ اور خطبہ اُسکے نام کیا اور اس تقریب کے سبب بارہ ہزار سوار جمع ہوئے میان منجو اور محصورین دریاے حیرت مین غوطہ زن ہوئے اور جب نجات اور اخلاص سے مایوسی ہوئی ایک عریضہ سلطان مراد ولد اکبر شاہ کو مکہ گجرات

کی طرف بھیجا اور التماس قدوم کی اور شاہزادہ جو کہ باپ کی طرف سے تسخیر دکن کے واسطے مامور تھا اور جویائے فرصت تھا بسبیل استعجال لشکر فراہم کرکے احمد نگر کیطرف متوجہ ہوا لیکن ابھی عرضیہ گجرات مین نہ پہونچا تھا کہ امرائے حبشی کے درمیان مناصب اور جاگیرات کے سبب غبار کدورت بلند ہوا اور شمشیر نفاق میان سے باہر لائے اور ایک دوسرے کے قتل مین ساعی ہوے اور بعضے امرائے دکن نے کہ ہمراہ اُن کے تھے اس اضاع کے مشاہدہ سے متنفر ہوکر ترک رفاقت کی اور مع خیل وحشم قلعہ کی طرف جاکر میان منجو کے شریک ہوئے اور اُس نے اس لطیفہ غیبی اور فضل لاریبی کے باعث حیات تازہ اور قوت بے اندازہ بہم پہونچائی اور قلعہ سے برآمد ہوا اور ہفتہ کے دن محرم کی پچیسوین تاریخ سنہ ایکہزار چار ہجری مین عیدگاہ کے اطراف مین امرائے حبشی سے خوب جنگ کی اور اُنھین شکست دیکر اُن کے بادشاہ کو مع چند نفر اسیر کیا اور سلطان مراد کے بلانے سے نہایت نادم اور پشیمان ہوا اسی اندیشہ مین تھا کہ ناگاہ میرزا عبدالرحیم المخاطب بہ خانخانان اور راجہ علیخان حاکم خاندیس شاہزادہ مراد سے ملحق ہوکر مع بیس ہزار مغل اور راجپوت اور افغان مسلح از پا تا یا بہ فرق آہن مین غرق احمد نگر کے اطراف مین پہونچے میان منجو کہ اُن کے بلانے سے نادم تھا قلعہ احمد نگر غلہ اور آذوقہ اور خیل وحشم سے مملو اور مضبوط کرکے انصار خان کو کہ وہ اُس کے جملہ انصار سے تھا سپرد کیا اور چاندبی بی سلطان جو خواہش اسکی رفاقت کی نرکھتی تھی اُسے بھی مع جواہر ولعل وقلعہ کے اندر نگاہ رکھا اور خود سپاہ کے فراہم لانے اور لطلب کمک عادل شاہ اور قطب شاہ کے احمد شاہ کے ہمراہ قلعہ اوسہ کی طرف گیا اور زہرہ فلک طہارت و پرہیزگاری چاندبی بی سلطان نے ہمت لشکر مغل کے مدافعہ مین صرف کی اور اس خوف سے کہ مبادا انصار خان جو انصار میان منجو سے تھا دشمن کے شریک ہوکر قلعہ انھین سپرد کرے محمد خان بن میان محب اللہ دایہ زادہ مرتضے نظام شاہ کو مامور کیا کہ اسے دفع کرے اور محمد خان نے اُس کے قتل مین نہایت شجاعت اور مردانگی بہم پہونچائی اور اسی دن شہر اور قلعہ مین پوشیدہ خطبہ بہادر شاہ بن ابراہیم شاہ کے نام پڑھایا اور شمشیر خان حبشی کو کہ فرزند اُسکے مثل اولاد کو دوست رکھتا تھا اور گیو کے زیادہ ستر نفر سے تھے فضل خان قزلباش اور دوسرے مردم کارآمدنی کے ہمراہ قلعہ کے اندر بلالیا اور جب ماہ ربیع الثانی کی بیسوین تاریخ سنہ مذکور مین سلطان مراد باتفاق امرائے کبار مغل سیلاب کی طرح کہ پہاڑون کی چوٹی سے فضائے صحرا کی طرف رجوع ہووے احمد نگر کے شمال کی طرف نمودار ہوا اور عیدگاہ کے اطراف مین ایستادہ ہوکر ایک جماعت بہادران جنگ جو وسعرکہ طلب کو بلزم حرب وضرب کالا چبوترہ کے میدان مین قائم کیا اہل حصار چاندبی بی سلطان کے فرمانے کے بموجب مستعد رزم وآمادہ پیکار رہوئے اور چند توپ قیامت آشوب دشمن کی طرف فیر کرکے سنگ تفرقہ اُن کی جمعیت مین ڈالا اور جب دن آخر ہوا شاہزادہ مراد اور سپاہ مغل نے باغ ہشت بہشت مین جو برہان نظام شاہ بن احمد نظام شاہ کا ساختہ تھا نزول کرکے تمام رات لوازم ہوشیاری اور مراسم بیداری مین قیام کیا **مثنوی** دگر روزکین شہسوار سپہر برافراخت رایت برافروخت چہرہ برآمد برین جنگ زیبا خرام ٭ برآورد رخشندہ تیغ از نیام ٭ شاہزادہ نے ایک جماعت کو محافظت شہر اور برہان آباد کے واسطے جو برہان نظام شاہ ثانی کے متحدثات سے تھا بھیجکر وہان کے باشندون کی استمالت مین نہایت التفات ظہور مین پہونچائی اور ہر محلہ اور کوچہ مین ندائے امان ادنی واعلی کے گوش زد کرکے ایسا کیا کہ رعایا اور تجار وغیرہ نے پائے توقف دامن تسکین مین کھینچکر مغلون کے قول پر اعتماد کیا اور

دوسرے دن شہزادہ اور امرائے کبار مثل میرزا شاہرخ والی بدخشان اور نواب سپہ سالار خانخانان اور شہباز خان کنبو اور محمد صادق خان اور سید مرتضےٰ سبزواری اور راجہ علیخان حاکم برہان پور اور راجہ جگناتھ اور بھی امرا کہ تعداد اُن کے نام کی موجب تطویل ہی قلعہ کے گرد فروکش ہوے مورچل اور النگ آپس مین تقسیم کیے اور اُس ماہ کی ستائیسوین تاریخ کو ابوالفضل کینہ جو و شہباز خان کنبو کہ ستگری اور بیدادمین مشہور و معروف تھا سپاہ اکبری مین شہزادہ کے نے فرمان مع لشکر کثیر سیر و گشت کے بہانہ سوار ہوا اور اُس غارتگر خبیث نے اپنی سپاہ کو فقیر و غنی کے تاراج کا حکم کیا اور طرفۃ العین مین تمام مکانات اور عمارت احمد نگر اور برہان آباد کی بوبکر ریانی کے مکان کی طرح غارت کئے نشان آبادی کا نچھوڑا اور جو مذہب سنت و جماعت مین نہایت تعصب رکھتا تھا چاہا کہ مجمان اہلبیت کا مکان جو بہ لنگر دروازہ امام مشہور ہی غارت کرکے وہان کے باشندون کو قتل کرے شاہزادہ اور خانخانان اس ارادہ بیجا سے واقف ہوئے اسے نہایت زجر و ملامت کی اور بہت لعنتون کو عبرت کے واسطے قسم قسم کی عقوبت اور سیاست پہونچائی لیکن احمد نگر کی خلقت کے پاس جو متاع دنیوی سے کچھ رہا تھا رات کیوقت جلاوطن ہوکر ہر ایک ایک سمت راہی ہوئے اور امرائے نظام شاہ اس عرصہ مین تین فرقہ ہوے اور کوئی کسی کی اطاعت نہین کرتا تھا اول میان منجھو کہ احمد شاہ کو بادشاہ سمجھکر عادل شاہ کی سرحد کی طرف مقیم تھا دوسرا اخلاص خان حبشی حوالی دولت آباد مین موتی شاہ نام ایک طفل مجہول کو باسم سلطان مخصوص کرکے لشکر کو اُس کے حلقۂ اطاعت مین درلایا تھا تیسرا آہنگ خان حبشی کہ وہ بھی عادل شاہ کی سرحد مین تھا شاہ علی بن برہان شاہ اول کو کہ عمر اُس کی تخمیناً ستر برس کو پہونچی تھی اور بیجانگر مین توقف رکھتا تھا اپنے پاس بلاکر چتر اُس کے سر پر لگاکر بادشاہ بنایا جب اخلاص خان جرأت کرکے مع دس ہزار سوار متعینہ دولت آباد کو ہمراہ لیکر احمد نگر کیطرف متوجہ ہوا خانخانان نے دولت خان لودھی سپہ سالار کو کہ شجاعت اور جوانمردی مین اتصاف رکھتا تھا مع پانچ چھ ہزار سوار جرار شائستہ کار زار کہ لشکر اکبری سے انتخاب کیے تھے اور اُن کی شجاعت پر وثوق تمام اور اعتماد کمال رکھتا تھا اُس کے دفع کے واسطے نامزد کیا اور دریاے گنگ کے ساحل پر اخلاص خان سے مقابل ہوا اور بعد جنگ اہل دکن نے شکست کھائی دولت خان اور سپاہ مغل نے پیچھا کرکے قتل و غارت شروع کیا اور وہان سے قصبہ پٹن کی طرف کہ ہدایت آباد تھا روانہ ہوے وہان کے مرد اور عورتون کو ایسا لوٹا کہ عورتین ستر کی محتاج ہوئین اس کے بعد احمد نگر روانہ ہوئے چونکہ چاند سلطان بہادر شاہ کی اسیری اور احمد شاہ کے اجلاس کے سبب میان منجھو سے ناراض تھی آہنگ خان کو پروانہ لکھا کہ ایک جماعت تہتنان و بہادران قلعہ کی محافظت اور دشمنون کے مدافعہ کے واسطے کہ محل اعتماد رکھتے ہون ہمراہ لیکر آئیو قلعہ احمد نگر کیطرف پہونچا دے آہنگ خان مع سات ہزار سوار و پیادہ احمد نگر کیطرف متوجہ ہوا اور جب احمد نگر کے چھ کوس پر پہونچا ایک مخبر کو طریق دخول حصار کے دریافت کیواسطے بھیجا تاکہ اطراف و جوانب اسکا بنظر احتیاط وغور دریافت کرکے مراجعت کرے جاسوس نے لوازم تجسس و تحقیقات بہم پہونچاکر خبر دی کہ قلعہ احمد نگر کی شرقی جانب سپاہ مغل کے نزول سے خالی ہی اور کوئی امراے مغل اس طرف کی محافظت مین قیام نہین رکھتا ہی اس وجہ سے آہنگ خان رات کے وقت جاسوس کی ہدایت سے شاہ علی اور اُس کے فرزند مرتضےٰ کی ملازمت مین حصار کیطرف متوجہ ہوکر قطع مسافت مین مشغول ہوا اور اسی روز صبح کو عجیب اتفاق ہوا کہ سلطان مراد قلعہ کے ملاحظہ اور مورچل اور النگ کی تاکید کو سوار

ہوکر مثل ماہ سیر کنان ہوا ناگاہ جانب شرقی ملازمان سے خالی دیکھی اس طرف کی جگہا ہبانی خانخانان سے رجوع فرمائی اور اس نے اسی دن باغ ہشت بہشت کے حوالی سے کوچ کر کے جاے مجوزہ مذکورہ مین نزول کیا اور آہنگ خان اس کیفیت سے خبردار نہ تھا تین ہزار سوار انتخابی اور انکیمزار پیادہ توپچی لیکر شب تاریک مین وہان پہونچا اور غفلت اس جماعت کی غنیمت جانکر دست بشمشیر ہوا **مثنوی** ز شمشیر خونریز آشفتگان ۔ شب خون در آمد بخفتگان ۔ شد از تابش تیغہا تیرہ شب ۔ چو زنگی کہ بکشاید از خندہ لب ۔ ز بس کار شمشیر بارید خون ۔ شب تیرہ را چہرہ شد لالگون ۔ خانخانان مع دوسو سوار تیرانداز کہ اس کی اردلی مین رہکر پہرہ دیتے تھے عبادت خانہ کے کوٹھے پر چڑھکر تیراندازی مین مشغول ہوا اور دولتخان لودھی کہ میر شمشیر اس کا تھا ہوشیار ہوکر چار سو جوان افغان نامدار لیکر اس کی کمک کو پہونچا تنور جنگ گرم ہوا اور طرفین سے داد مردی اور مردانگی دیتے تھے کہ دولت خان کا بیٹا پیر خان بھی مع چھ سو بہادران رستم آثار میدان مین پہونچکر دست بشمشیر و نیزہ ہوکر حرب مین مصروف ہوا اور آہنگ خان زیادہ اس سے توقف اور ثبات قدم کو مستلزم ہلاک جانکر باتفاق پسر شاہ علی اور مع ایک جماعت پہلوانان دکنی کہ عدد اُن کے چار سو تھے اُس دروے خانخانان کے خیمہ و خرگاہ سے برآمد ہوکر قلعہ احمد نگر کی طرف متوجہ ہوا اور شاہ علی کہ ایک مرد ضعیف اور نحیف تھا اس نے قلعہ کے اندر جانے سے انکار کیا اور چند روزہ حیات کو غنیمت جانکر مع باقی لشکر دکنی جس راہ سے کہ آیا تھا معاودت کی اور دولت خان نے اُس کا پیچھا کر کے تخمیناً نو سو آدمی کو ہلاک کیا اور چب اخبار ویرانی احمد نگر اور غلبہ طائفہ مغلیہ بر خاش بوکا دار السلطنت بیجاپور مین پہونچا اور نوشتہ ہاے چاند سلطان مشتمل بر التماس اعانت بمبالغہ عادل شاہ کے پاس پہونچے اس واسطے آنحضرت نے اُسکی کمک کے درپی ہوکر سہیل خان خواجہ سرا کو کہ صفت شجاعت مین موصوف تھا مع بیس ہزار سوار شاہ درگ کیطرف روانہ کیا اور میان منجھو باتفاق احمد شاہ اور امرا اور اخلاص خان مع اعوان و انصار یہ خبر سنکر سہیل خان کے شریک ہوئے اور مہدی قلی سلطان ترکمان بھی سپہ سالار لشکر تلنگ ہوکر مع پانچ چھ ہزار سوار اور پیادہ بے شمار محمد قلی قطب شاہ کی طرف سے ساتھ اُس کے ملحق ہوا اور چب خبر لشکر دکن کے شاہ درگ مین فراہم ہونیکی شاہزادہ مراد کے سمع مبارک مین پہونچی جو کہ اس کے اور خانخانان کے درمیان مین غبار نفاق تھا اس واسطے صادق محمد خان آتابک اور امراے کبار کو فراہم کر کے شورہ کیا سبھون نے مراسم استخارہ اور لوازم استشارہ بجالاکر متفق اللفظ والمعنی ہوکر عرض کی کہ جب تک لشکر دکن اس حدود مین پہونچے سرنگ کھودنے اور دیوار قلعہ کے گرانے مین سعی اور کوشش کر کے قلعہ کو مفتوح کرنا چاہیے شاہزادہ نے یہ راے پسند کی اور اس کام کے واسطے اشارہ فرمایا امراے عظام نے اس غرض سے کہ محصورون کو مواضع نقب سے کسی طرح خبر نہو ہر طرف سے ابواب دخول و خروج بند کرنے مین ایسی کوشش کی کہ خیال کو بھی مجال تردد نہی اور نقب زنان آہنی چنگ فرہاد طاقت نے عرصہ قلیل مین شاہزادہ وغیرہ کے مورچون سے پانچ سرنگین جڑ یعنی نیو مین پہونچائین اور جڑ دیوار اور برج قلعہ کو مجوف اور مشبک کیا اور شب جمعہ عشرۂ رجب کو نقبون کو بارود اور توپ اور تفنگ سے مملو کر کے سوراخ اُن کے گچ اور چونہ سے بند کیے اور چاہتے تھے کہ دوسرے دن بعد از نماز جمعہ آگ اُن مین ڈالکر قلعہ کو اُڑا دین قضا را خواجہ محمد خان شیرازی کہ شاہزادہ کے مین لشکر مین رہتا تھا وہ رحم دلی سے شب تار مین مردم حصار کے پاس پہونچا اور اُنھین موضع نقب اور سپاہ مغل کے ارادہ سے خبردار

کیا اہل قلعہ اس کے ممنون احسان ہوئے اور اعلیٰ و ادنیٰ چاند سلطان کے حسب الحکم اسی شب کو کھودنے اور توڑنے ارکان حصار مین جس جگہ کہ محمد خان نے نشان دیا تھا مشغول ہوئے اور روز جمعہ کے ظہر تک وہ نقب سراغ لگا کر باردت اُس کی بحالی اور دیگر سرنگون کے تجسس و تلاش مین تھے اور شہزادہ اور صادق محمد خان نہین چاہتے تھے کہ فتح خانخانان کے نام ہووے بے اطلاع اُس کے مسلح ہوکر حصار کے دروازہ پر افواج آراستہ کین اور چاہا کہ نقبون مین آگ دیوین تاکہ جب قلعہ مین رخنہ ظاہر ہو اُس وقت ہجوم لاکر غنیم کو فرصت نہ دیوین اور قلعہ مین داخل ہووین

مثنوی

دلیران میدان کین تاختند ٭ سروتن زخود وزرہ ساختند ٭ زجوش شد آراستہ بال و دوش ٭ شد آرایش زرہ جبہ پوش ٭ روان شد بسوئے محیط ستیز ٭ زہر سو یکے وجلہ موج ریز ٭ اور جب امراے اکبری خانخانان کے سوا شاہزادہ کے حکم کے موافق مع خیل وحشم اور طبل وعلم اس حصن حصین کے قریب پہونچے نقبون مین آگ دینے کا اشارہ کیا اور ایسے وقت مین کہ اہل قلعہ کہ تیسری نقب جوان نقبون سے بڑی تھی کھود کر باردو بر آوردہ کرنے کے تہیہ مین تھے کہ ناگاہ دود فنا اس نقب ہاویہ آسا سے برآمد ہوا شعلہ بلا کا دیوار قلعہ مین پڑا قلعہ کی بنیاد متزلزل ہوئی زمین و آسمان اسکی ہیبت سے جنبش مین آئے اور ایک صدا اس بنیاد کی کہ مصدوقہ سبعًا شداد تھی پیدا ہوئی گویا کہ صور قیامت پھنکا اور پچاس گز دیوار باردت نقب کے زور سے اس شدت سے اڑی کہ ہر سنگ اس بناے سپہر اطوار کا قطر مین شہرون کے گرا

مثنوی

چو شد آتش تیز ریزان شرار ٭ فرو ریخت از یکدگر آن حصار ٭ خلل یافت آن کوہ زان زلزلہ ٭ گسستہ شد آن آہنین سلسلہ ٭ شد آن صور غارتگر زندگی ٭ سرافیل را داد شرمندگی ٭ شد آن لحظہ ہول قیامت عیان ٭ بگردون برآمد نفیر فغان ٭ زمین گفتی از یکدگر بر درید ٭ سرافیل صور قیامت دمید ٭ بخندق فرو ریخت آن شہر بند ٭ بہ دریا درافتاد کوہے بلند ٭ ایک جماعت کہ نزدیک اس دیوار کے نقب کاٹنے مین مشغول تھی سنگ وخاک کے نیچے ہلاک ہوئی اور کچھ لوگ مثل مرتضےٰ خان ولد شاہ علی اور آہنگ خان اور شمشیر خان اور محمد خان دایہ زادہ اور فضل خان اور ادنیٰ اعلیٰ کہ اس سے علیحدہ اور دور تھے قلعہ کی دیوار منہدم دیکھکر فرار قرار پر اختیار کرکے سراسیمہ اور بدحواس گوشہ اور کنارہ مین بھاگے اور رخنہ ہاے نقب کو اسی طرح چھوڑ کر دل قلعہ کی محافظت سے خالی کیا لیکن بحسن سعی اس عفیفہ مریم خصال کے کہ

قطعہ

فروغ نعل سمندش ہلال غرۂ دولت ٭ شمال سایۂ چترش سواد دیدہ کشور ٭
ہزار بار بروزے شکستہ ازرہ تمکین ٭ شکوہ متفنۂ اوکلاہ گوشۂ سنجر ٭ زعصمتش نکشیدہ شمال گوشۂ برقع ٭ زعفتش نگرفتہ خیال دامن معجر ٭

اور ایزد منان کی عنایت سے چاند سلطان نے اس واقعہ ہولناک پر اطلاع پاکر فوراً برقع اوڑھکر سلاح جنگ زیب تن کئے اور پابرہنہ شمشیر ہاتھ مین لی اور مع ایک جماعت آدمیون کے کہ اُسکی خدمت مین حاضر تھے سراپردہ سے برآمد ہوئی اور سمند غیرت پر سوار ہوکر اس رخنہ کی طرف روانہ ہوئی اہالیان قلعہ یعنی مرتضےٰ خان اور آہنگ خان اور شمشیر خان وغیرہ ناچار ہوکر گوشہ اور کنارہ سے کہ پوشیدہ ہوئے تھے ملازمت مین حاضر ہوئے اور جو کہ شاہزادہ اور صادق محمد خان اور تمام امرا اور سپاہ مغل انتظار اور سرنگون کے اڑنے اور دیوارین گرنے کا کھینچتے تھے قلعہ بندون نے فرصت پاکر اضراب توپ قیامت آشوب اور بان اور بندوق اور ضرب زن اور آلات آتشبازی اس رخنہ پر نصب کیا کہ مانند دہلیز دو رخ ہوئی اور آخر کو جب نقبون کی شعلہ زنی سے مایوس ہوئے امرا اور سپاہ مغل شاہزادے کے حسب الحکم رخنہ کی طرف تاخت لائے چنانچہ مردم درونی اور بیرونی

کے درمیان ایک جنگ عظیم اور معرکہ شدید کہ اس سے صعب تر تصور نہ کرنا چاہیے واقع ہوئی اور جو بسبب تقویت اور جرأت اس شیر زن کے کہ ہر دفعہ رخنہ اور برجون کے اوپر سے دو تین ہزار بان اور ضرب زن اور تفنگ اور تیر فیر کرتے تھے اس قدر بہادران اکبری کام آئے کہ اُن کی لاشون سے خندق پٹ گئی **مثنوی** چو باران نیسان بہنگام جنگ ٭ ببارید ازان بار سنگ و خدنگ ٭ تو گفتی ازان بارہ ابر مطیر ٭ تگرگش ہمہ سنگ و بارانش تیر ٭ زنیکان چنان آتشے بر فروخت ٭ کہ پرملک بر فلک زان بسوخت ٭ ہر چند لشکریان مغل آخر ثلث روز سے غروب آفتاب عالم افروز تک گرم وغا رہے اور کوشش اور جانبازی کی کچھ فائدہ نہ بخشا اور وہ قلعہ فتح نہوا اس سبب سے شہزادہ اور صادق محمد خان دلگیر ہو کر اپنے مساکن اور مواطن کیطرف روانہ ہوے اور اُردوے مغل کے خرد و بزرگ نے ازراہ انصاف زبان اس شیر زن مبارک پیدائش کی تعریف مین کھولی کہتے تھے کہ انتہا تہور و شجاعت کی یہ ہی جو اس عفیفہ مریم خصال نے ظہور مین پہونچائی اور اس تاریخ سے نام اس بلقیس زمان کا جو چاند بی بی تھا بعد اس کے چاند سلطان ہوا الغرض جو پردہ شب ظلماتی درمیان دو جنگ جو کے حائل تھا چاند سلطان خانہ زین پر اسقدر رونق افروز رہی کہ معماران چابک دست فرہاد آہنگ نے اس رخنہ دیوار مہندسہ کو گل و سنگ سے دو تین گز بلند کیا اور منجنین دونون مین نامہ جات سرداران دکن کو کہ باتفاق سہیل خان ولایت بیر کے اطراف مین پہونچے تھے تحریر کے اس مین کچھ کچھ احوال غلبہ اعدا اور زبونی اہل حصار اور قلت آذوقہ درج فرما کر روانہ کیا اتفاقاً وہ چاپس کہ حامل اُن نوشتون کا تھا مردم مغل کے ہاتھ گرفتار ہوا اسے خانخانان اور صادق محمد خان کے روبرو لائے اُنھون نے ایک مکتوب سہیل خان کو لکھا کہ ایک مدت سے ہم انتظار تھا رہی توجہ کا رکھتے ہین تاکہ یہ منافقہ اور منازعہ جلدی رفع ہووے اور جس قدر جلد ادھر تشریف لائیے گا بہتر ہوگا اور وہ مکتوب مع نوشتہائے چاند سلطان اسی قاصد کے ہاتھ ارسال کئے منقول ہے کہ جب کتابت سہیل خان کو پہونچی اور اُس کے مضمون پر مطلع ہوا اسیوقت بسرعت تمام کوہستان مانک دون کے راستہ سے قلعہ احمد نگر کیطرف متوجہ ہوا اور جو لشکر مغل مین قحط بدرجہ نہایت پہونچا تھا گھوڑے فاقہ کے سبب نہایت کمزور اور لاغر ہو گئے تھے اور اس خبر کے سننے سے شہزادہ اور تمام امراے اکبری متفکر ہوے اور انجمن مشورہ کے واسطے ترتیب دی سب کی راے نے یہ اتفاق کیا کہ اسوقت جنگ سیاہ دکن سے موقوف رکھکر چاند سلطان سے پیام صلح اس طور پر درمیان مین لاوین کہ آن علیا حضرت ولایت برار بادشاہ کو پیش کش کرے اور باقی ولایت حسین شاہ کے عہد کے موافق اپنے تعلق رکھے پھر سید مرتضے جو قدیم سے تربیت یافتہ اور برگزیدہ خاندان نظام شاہیہ سے تھا شاہزادہ کیطرف سے مقدمات صلح کی تمہید کو مامور ہوا اور چاند سلطان نے اضطرار سپاہ مغل دریافت کر کے پہلے استغنا کیا اور آخر کو اُس نے بھی مانند لشکر مغل صلاح جنگ نہ دیکھی جو کہ محاصرہ کے ضیق سے تنگ آئی تھی تعجیل کر کے جس طرح سے کہ مرقوم ہوا مصالحہ کیا اور شاہزادہ مراد اور خانخانان کنتل چتور اور دولت آباد کی راہ سے ابتداے ماہ شعبان مین برار کیطرف روانہ ہوئے اور سہیل خان سپہ سالار عادل شاہ اور محمد قلی سلطان سر لشکر سپاہ قطب شاہ اور میان منجھو احمد شاہ کے ہمراہ رکاب اسی دو تین دن کے عرصہ مین احمد نگر پہونچے میان منجھو نے چاہا کہ احمد شاہ بدستور سابق احمد نگر کا بادشاہ رہے لیکن آہنگ خان نے احمد شاہ کو قلعہ سے برآمدہ کر کے میان منجھو کے آنے کا دروازہ مسدود کیا اور ایک جماعت کو تھانہ دار جو مد

کے پاس بھیجکر بہادر شاہ بن ابراہیم شاہ مقتول کو اپنے پاس بلایا اور قلعہ مین خطبہ اُسکے نام پڑھا آہنگ خان اور تمام امرائے نظام شاہی نے اطاعت کی اور میان منجھو مقام قمر و اور عصیان مین ہوکر چاہتا تھا کہ آتش فساد کو شعلہ زن کرے ابراہیم عادل شاہ نے مرتضےٰ خان دکنی کو کہ عمدہ امرائے درگاہ تھا مع چار ہزار سوار تجہیل جنگ کیطرف بھیجکر میان منجھو کو پیام دیا کہ اس وقت مین ایسی خواہش کرنا زیادتی نقصان کا سبب ہوگا لازم یہ کہ جمیع مقدمات تہ کرکے سہیل خان کے ہمراہ بیجاپور کیطرف آوین تو احوال دریافت کرکے جو کچھ صلاح ملک و دولت ہو پیش پہونچائی جاوے میان منجھو کہ مرد عاقل اور فہمیدہ تھا عادل شاہ کے فرمان سے تجاوز نہ کیا مصطفےٰ خان کے ہمراہ بیجاپور گیا اور جب عادل شاہ کو یقین ہوا کہ احمد شاہ نظام شاہ کی اولاد سے نہین ہی اس کو اپنا ملازم کرکے اور جاگیر لائق دیکر سرفرازی بخشی اور میان منجھو اور اُسکے بیٹے میان حسن کو سلک امرا مین انتظام دیکر جاگیر خوب عطا کرکے مسرور اور مبتہج کیا مدت سلطنت احمد شاہ قریب آٹھ ماہ تھی

تذکرہ بہادر شاہ بن ابراہیم نظام شاہ ثانی کی حکمرانی اور جہانبانی کا

ناظرین والاتمکین کے ضمائر انجم نظائر پر مخفی نہ رہے کہ جب چاند سلطان نے بہادر شاہ کو کوشش جمیلہ سے صاحب تخت کیا محمد خان میان منتخب دایہ زادہ کو پیشوا کیا اُس نے بھی تھوڑے عرصہ مین جیسا کہ رسم و عادت ہی اپنے استحکام مین کوشش کرکے اپنے اعوان و انصار کو مہمات مناصب ارجمند کے قوی پشت اور قوی پایہ کیا اور نشان اپنی مضبوطی اور استقلال کا بلند کرکے آہنگ خان اور شمشیر خان کو کہ مزید اعتبار مین شہرت رکھتے تھے حسن تدبیر سے گرفتار کرکے محبوس کیا امرا یہ اطوار دیکھکر رنجیدہ اور دل تنگ ہوے ہر ایک ایک سمت روانہ ہوا چاند سلطان مضطرب ہوکر عادل شاہ سے ملتجی ہوئی اور یہ پیام دیا کہ ایسے وقت مین کہ دشمن قوی کمین مین بیٹھکر ہنگام فرصت کا جویا ہی اس دولت خانہ کے نفرے پیشہ سرکشی اور عصیان کا اختیار کرکے ہر ساعت فساد اُٹھاتے ہین اور ہر لحظہ ایک آشوب ظاہر کرتے ہین اگر حضرت اس جماعت کی گوشمالی مین کوشش نفرمائین گے عنقریب یہ باقی مملکت بھی اکبر بادشاہ کے تصرف مین جاویگی عادل شاہ نے پھر اعانت پر توجہ کی اور سہیل خان سپہ سالار کو فرمایا کہ احمد نگر جاکر جس امر مین خوشنودی چاند سلطان کی ہو عمل مین لاوے سہیل خان شہور ۱۰۰۵ھ ایک ہزار پانچ ہجری مین احمد نگر کی طرف روانہ ہوا اور محمد خان قلعہ مین قلعہ بند ہوا جب چاند سلطان کی اطاعت مین نہ آیا سہیل خان تجہیز چاند سلطان مناسرہ مین مشغول ہوا اور قریب چار مہینے اس مین اوقات صرف کرکے محمد خان کے دفع مین راسخ اور ثابت رہا اور محمد خان عریضہ خانخانان کو لکھکر طالب کمک ہوا اور مردم قلعہ اس امر سے واقف ہوکر سب اُس سے پھر گئے اور اسے قید کرکے چاند سلطان کے سپرد کیا چاند سلطان نے آہنگ خان حبشی کو کہ غلامان درگاہ سے تھا اُس پر اعتماد کرکے پیشوا اور وکیل سلطنت کیا اور سہیل خان کو خلعت سے مخلع کرکے باعزاز و احترام رخصت معاودت عطا فرمائی اور وہ جب باشنائے مراجعت راجہ پور کے اطراف مین کہ دریاے گنگ کے ساحل پر واقع ہی پہونچا امراے اکبری قصبہ پاتری وغیرہ پر جو مملکت برار سے خارج ہی نقض عہد کرکے متصرف ہوے اس واسطے اُس موضع مین توقف کرکے عریضہ مشتمل بر حقیقت حال عادل شاہ کو لکھا اور اسی عریضہ مین چاند سلطان اور آہنگ خان

ع بر بالیک دکن مین ایک دریا ہے

نے بھی مغل کی حرکت اور اُن کے نقض عہد پر واقف ہو کر تعجیل تمام آدمی بیجاپور کی طرف بھیجا اور مبالغہ والحاح سے کمک طلب کی تا کہ سپاہ مغل کو ملک سے خارج کرے عادل شاہ نے بدستور سابق سہیل خان کو سپہ سالار کر کے مغل کے محاربہ کا حکم دیا اور قطب شاہ نے بھی پیروی عادل شاہ کی کر کے مہدی قلی سلطان کو مع لشکر تلنگ سہیل خان کے پاس بھیجا اور احمد نگر سے بھی قریب ساٹھ ہزار سوار ہراول کیطرف روانہ ہوئے اور جب قصبہ سون پت مین پہونچے قیام کر کے سامان جنگ مین کوشش کی اور خانخانان سپہ سالار مغل کہ قصبہ جالنہ مین استقامت رکھتا تھا ہجوم اور تصدد کینیون کا دریافت کر کے احضار لشکر کا حکم دیا اور خود بلدہ شاہپور مین شاہزادہ کے پاس گیا اور حقیقت حال معروض رکھی اور جو چاہتا تھا کہ فتح میرے نام ہووے شاہزادہ اور اُسکے اتالیق محمد صادق خان کو شاہپور مین نگاہ رکھا اور خود باتفاق جمیع امرائے اکبری از راجہ علیخان برہان پوری مع بیس ہزار سوار کا رگذار دکینیون کے رزم پر متوجہ ہوا اور دریائے گنگ کے کنارے دکینیون کے مقابل خیمے اور خرگاہ بلند کیے اور لشکر کے گرد اگرد خندق کھود کر پندرہ دن تک حرکت نہ کی اور جب سپاہ دکن کی تعداد دریافت کی اور چندمرتبہ جنگ طلایہ اور قراولان سے طرح اور طور ورآمد برآمد کے معلوم کیے ۱۵ جمادی الثانی کی اٹھارھوین تاریخ ۱۰۰۵ھ ایکہزار پانچ ہجری مین چاشت کے وقت عازم جنگ ہو کر صفین آراستہ کین لیکن عصر کیوقت تلاقی طرفین کی واقع ہوئی اور سہیل خان نے آلات آتشبازی کے استعمال سے راجہ علیخان اور راجہ جگناتھ راجپوت کو کہ مواجہہ اختیار کیا تھا مع چار ہزار بہادر ہلاک کیا اور چونکہ لشکر نظام شاہی اور قطب شاہی بھی افواج اکبری کے تاب مقاومت نہ لائے وشت ہزیمت کی طرف منہزم ہوئے تھے سہیل خان مع مقابلہ اور مقاتلہ افواج دشمن کا اپنے اوپر فرض کر کے قریب وقت شام میمنہ اور میسرہ سپاہ مغل پر حملہ کیا اور اس طرح ان کی جمعیت کو متفرق اور پریشان کیا کہ معرکہ سے بھاگ کر شاہپور مین شاہزادہ کے پاس پناہ لی اور صادق محمد خان اس امر کے درپے ہوا کہ شاہزادہ کو بھی مملکت دکن سے باہر نکالے لیکن خانخانان نے باوجود تفرقہ لشکر اُسی طرح معرکہ مین قدم تہور استوار کر کے مع فوج قلیل اُس رات کو توقف کیا اور سپاہ دکن قرار فتح کا ساتھ اپنے دیکر غارت مین مشغول ہوئی اور غنیمت جہت دستیاب کی اور سوائے سہیل خان اور ایک جماعت خاصہ خیل عادل شاہی کے تمام فوج غنائم کو جاہاے مضبوط اور مستحکم مین پہونچانے کے لیے متفرق ہوئی اور بسبب اتفاق خانخانان اور سہیل خان بجماعت قلیل ایک تیر پرتاب کے فاصلہ پر معرکہ مین رہے اور پہر رات تک احوال ایک دوسرے سے کچھ خبر پائی آخرالامر جب واقف ہوئے دونون اپنی محافظت مین کوشش کر کے لشکر جمع لانے کے درپے ہوئے اور جب خورشید ترک عذار یعنی آفتاب نے دریچہ مشرق سے سپاہ ہندوے شب کو منہزم کیا وہ دونون سردار مع جماعت ہمراہی مقابل ایک دوسرے کے ایستادہ ہوے اور خانخانان کا یہ مقصد تھا کہ سہیل خان حرف صلح درمیان مین لاکر بقائمی ایک دوسرے کیجدا ہوین لیکن سہیل خان بعضے آدمیون کے وسوسہ کے سبب جنگ مین راسخ ہو کر مع فوج خانخانان کی طرف روانہ ہوا تب اُس نے بھی لاچار ہو کر نشان قتال بلند کیا اور طرفین سے ایسی حرب سخت واقع ہوئی کہ جنگ پہلے دن کی اُس کے مقابل ایک بازیچہ معلوم ہوتی تھی آخر کو تائید ربانی سے نسیم فتح وظفر خانخانان کے پرچم مراد پر چلی سہیل خان شاہ درک کیطرف فرار ہوا اور امرائے نظام شاہی اور قطب شاہی جو پہلے دن بھاگے تھے بحال تباہ حدنگر

اور حیدر آباد کی طرف راہی ہوئے حیات مستعار کو غنیمت جانکر شکر الٰہی بجالائے اور خانخانان نے بعد اس فتح عظیم کے ایک جماعت کو قلعہ پرنالہ اور کاویل کے محاصرہ کو کہ مملکت برار کے قلاع سنگین سے تھے تعین کیا اور خود قصبہ جالنہ پور مین اقامت پذیر ہوا اور شہزادہ سلطان مراد نے صادق محمد خان پنجہزاری کی تحریک سے خانخانان کو پیغام دیا کہ خود وقت فرصت ہے مناسب یہ ہے کہ ہم احمد نگر کیطرف متوجہ ہوین اور اُسے بھی مفتوح کرکے مملکت نظام الملکی کو اپنے قبض و تصرف مین لاوین خانخانان نے جواب دیا کہ صلاح وقت یہ ہے کہ اسمال برار مین جاکر وہان کے قلعون کو فتح کرین جب وہ مملکت تمام و کمال زیر نگین ہوکر قید ضبط مین آوے اُسکے بعد اور مقاموں کی طرف متوجہ ہوکر نشان تسخیر بلند کرین اور جو یہ جواب شہزادہ کے مزاج کے موافق نہ آیا اُس تفصیل سے کہ واقعات اکبر بادشاہ مین تحریر کلک صحت ہوا ہے اظہار رنجش اور کدورت فرمایا اور شہزادہ اور صادق محمد خان نے چند عارض شکایت آمیز اکبر بادشاہ کو لکھین اکبر بادشاہ نے خانخانان کو اپنے حضور طلب کیا اور شیخ ابوالفضل کو سپہ سالار دکن کیا اور میرزا یوسف خان کو بھی اُسکا شریک فرمایا اور خانخانان شہور سنہ ۱۰۰۶ ایک ہزار چھ ہجری مین متوجہ درگاہ ہوا اور آہنگ خان نے فرصت پاکر عداوت مین چاند سلطان کی شدت کی اور چاہا کہ بہادر شاہ کو دستیاب کرکے اُس مہد علیا کو ایک قلعہ مین قید کرے اور خود نقارہ انا ولا غیری پر چوب مارے اور وہ اُس ارادہ سے واقف ہوئی بہادر شاہ کی محافظت مین نہایت درجہ کوشش کرکے دروازہ ارک آہنگ خان کے منھ پر بند کیا اور یہ مقرر کیا کہ وہ قلعہ کے باہر باتفاق ارکان دولت کچہری کرتا رہے آہنگ خان نے چند روز اطاعت اظہار کرکے آخر کو مخالفت پر کمر باندھی اور اکثر اوقات فریقین کے درمیان جنگ ہوتی تھی اور عادل شاہ ایلچی کو بھیجکر ہر چند سعی فرماتا تھا کہ انکے درمیان سے نفاق دفع ہوکر اتفاق ظاہر ہووے کسی نہج سے یہ معنی صورت پذیر نہوئے اور استقلال اور استیلا آہنگ خان کا حد سے گذرا اور میدان معرکہ خانخانان کے وجود سے خالی دیکھکر عین موسم برسات مین کہ نہر گنگ بھی پر آب تھی اور شاہزادہ کی طرف سے کمک پہونچنا اشکل تھا ایک جماعت سرداران کو قصبہ بیر کی جانب بھیجا کہ اُسکو امراے اکبر شاہی کے تصرف سے برآوردہ کرے اور وہان کا حاکم شیر خواجہ چھ کوس تاخت کرکے اُس جماعت کے مقابل ہوا اور بعد جنگ شدید شکست پائی اور مجروح ہوا اور بہ صعوبت تمام آپ کو قصبہ بیر مین پہونچاکر متحصن ہوا اور عرضی اکبر بادشاہ کی خدمت مین ارسال کی اور دکنیون کے تسلط اور شیخ ابوالفضل فہامی اور سید یوسف خان کی کمک نہ بھیجنے کے بارے مین فقرات شکایت آمیز درج کیے اکبر بادشاہ سمجھا کہ خانخانان کے سوا دوسرا شخص جیسا کہ چاہیے دکن کی سپہ سالاری سے عہدہ برا نہوسکیگا اس واسطے اُس کا گناہ معاف کرکے عازم ہوا کہ پھر اسے سرفراز فرماکر صاحب اختیار اور سپہ سالار دکن کرے اتفاقاً ان دنون مین شہزادہ مراد نے شرب مدام اور عورتون کی صحبت دوام سے امراض غیر مکرر بہم پہونچائے اور بلدہ شاہ پور مین جو اسکا تعمیر اور آباد کیا ہوا تھا برحمت حق واصل ہوا اور اکبر بادشاہ نے ممالک دکن شہزادہ دانیال کو کہ اُس کا چھوٹا بیٹا تھا عطا کرکے خانخانان کے ہمراہ اُسے دکن مین روانہ کیا اور ابھی سرحد دکن مین نہ پہونچا تھا کہ خود بھی حسب الالتماس شیخ ابوالفضل اور سید یوسف خان شہور سنہ ۱۰۰۸ ایک ہزار آٹھ ہجری مین دار الملک آگرہ سے دکن کی طرف متوجہ ہوا اور جو اکبر بادشاہ کو معلوم تھا کہ چاند سلطان

اور آہنگ خان کے درمیان نزاع اور نفاق بہت ہو خود قلعہ آسیر کے محاصرہ مین مشغول ہوا اور شہزادہ دانیال اور خانخانان کو احمد نگر کی تسخیر کیواسطے بھیجا اور آہنگ خان حبشی کو پندرہ ہزار سوار رکھتا تھا اس ارادہ سے کہ دہنہ گھاٹ چیتور لیکر سپاہ مغل کے ساتھ مقابلہ کرے قلعہ احمد نگر کے اطراف سے برخاست کرکے اس طرف متوجہ ہوا اور شاہزادہ اور تمام امرا اس امر پر واقف ہوکر قریہ مہوری کیطرف کہ صحرائے وسیع ہو بقصد احمد نگر روانہ ہوئے آہنگ خان سراسیمہ ہوکر خیمہ اور خرگاہ اور احمال وانقال مین آگ دیکر بغیر اسکے کہ تصدی جنگ ہووے یا یہ کہ احمد نگر جاکر بہادر شاہ اور چاند سلطان کی خبر لیوے مقنعہ عاجزی کا سر پر ڈالکر خیبر کی جانب بھاگا شاہزادہ اور امرائے مغل نے تیز آجی اور معارضی قلعہ احمد نگر کے قریب پہونچکر بدستور سابق محاصرہ کیا اور مورچے آومیون پر قسمت کیے شاہزادہ دانیال کی طرف سے خانخانان اور میرزا یوسف خان نے نقب کھودنا شروع کیا اور دو مدمہ تیار ہوے قریب تھا کہ قلعہ مسخر اور مفتوح ہووے چاند سلطان نے چنیتہ خان خواجہ سرا سے جو قلعہ کے اندر تھا یہ فرمایا کہ آہنگ خان اور دوسرے سرداروں نے نقض عہد کرکے اسقدر سرکشی اور بے اعتدالی کی کہ اسکی شامت سے اکبر بادشاہ خود دکن کیطرف متوجہ ہوا اور یہ قلعہ بھی چند روز مین مفتوح کرینگے چنیتہ خان نے کہا کہ جو ہونا تھا وہ ہوا اب جو رائے صواب نمائے اقتضا فرماوے ارشاد کیجیے تو ہم اُسکے موافق عمل کرین اور حتی الوسع بجالاوین چاند سلطان نے کہا صلاح اس مین ہو کہ قلعہ شاہزادہ دانیال کے سپرد کرکے جان اور مال اور ناموس کی امان طلب کرے بہادر شاہ کے ہمراہ خیبر کی طرف روانہ ہووین اور وہان استقامت کرکے افضال غیبی کے منتظر رہین چنیتہ خان نے اہل حصار کو طلب کرکے باواز بلند یہ تقریر کی کہ چاند سلطان ساتھ امرائے اکبر بادشاہ کے یکزبان ہوکر چاہتی ہو کہ قلعہ سپرد کردے دکنی یہ صدا سنتے ہی حرم سرا مین در آئے اور اس علیہ حضرت کو بشدت وعقوبت تمام شربت شہادت چکھایا اور اعیان دولت اکبری نے اسی عرصہ مین تعیین دروازہ کرکے دیوار حصار اُڑائی اور قلعہ مین داخل ہوئے اور عورتون اور لڑکون اور جوانون کو اسیر کیا اور چنیتہ خان اور جمیع باشندگان اور اہلکار مرد اور عورت اور غنی اور فقیر کو بہادر شاہ کے علاوہ جو قلعہ مین تھے تہ تیغ کیا اور شہزادہ دانیال نے سرکار نظام شاہی کے نقد اور جواہر اور نفائس پر متصرف ہوکر قلعہ معتمدون کے سپرد کیا اور بہادر شاہ کو اسیر کرکے اکبر بادشاہ کے پاس برہان پور لے گیا اور ان دنون مین قلعہ آسیر کو بھی اکبر بادشاہ نے مسخر اور مفتوح کیا تھا پھر دکن اور خاندیس شہزادہ دانیال کو عنایت فرمایا جیسا کہ وقائع خدیو جہان پناہ ابراہیم عادل شاہ مین تحریر ہوا من بعد دارالخلافت کیطرف روانہ ہوا اور امرائے نظام شاہی نے مرتضےٰ ولد شاہ علی کو بادشاہی پر منسوب کرکے چند روز قلعہ پرندہ کو دارالملک بنایا اور مدت بادشاہی بہادر نظام شاہ کی کہ تا غایت تحریر قلعہ گوالیار مین محبوس ہو تین برس دو چند ماہ تھی

ذکر مرتضےٰ نظام شاہ بن شاہ علی بن برہان شاہ اول کی سلطنت کا

جب اکبر شاہ برہان پور سے آگرہ کی طرف تشریف لے گیا نظام شاہ کے ملازمون نے باوجود اسکے کہ خیل وحشم نزدیک تھے اپنی بلند ہمتی اور اولوالعزمی سے امرائے کبار اور صاحب اختیار ہوکر نشان استقلال بلند کیا اور یوم تحریر اصل کتاب تک تتمہ سلطنت نظام شاہیہ کو سپاہ مغل کی صدمہ سے محفوظ رکھا چنانچہ ایک عنبر نامی

حبشی سرحد تلنگ سے ایک فرسخ قصبہ بیر تک اور چار کوس جنوبی احمد نگر اور بیس کوس دولت آباد و بندر چول تک متصرف ہوا اور دوسرا راجو دکنی دولت آباد سے ضمناً سرحد گجرات اور جنوباً چھ کوس احمد نگر تک اپنے تصرف مین ور لایا اور دونون نے بحسب ضرورت مرتضےٰ نظام شاہ کی اطاعت قبول کر کے قلعہ اوسہ کو مع چند قریہ اخراجات ضروری اور مصارف لابدی کے واسطے سپرد کیا اور یہ دونون سردار اس فکر اور تلاش مین تھے کہ ایک دوسرے کو مغلوب کر کے اُسکے ممالک پر بھی متصرف ہوویں لامحالہ درمیان مین دونون کے ہمیشہ عداوت رہی آپسمین صفائی نہوئی اور خانخانان نے یہ امر سمجھکر اپنے ہمراہیون کو مامور کیا کہ قدرے ولایت عنبر پرکہ تلنگ کی طرف واقع تھی متصرف ہوویں اور عنبر حبشی جمعیت کر کے سنہ ۱۰۰۱ ایک ہزار دس ہجری مین مع سات آٹھ ہزار سوار اس طرف روانہ ہوا اور مغلونکے تھانے اُٹھاکر اپنے ممالک اُنکے تصرف سے برلایا اور خانخانان نے اپنے بڑے بیٹے میرزا ایرج کو جو زیور شجاعت اور مردانگی سے آراستہ تھا مع پانچہزار سوار انتخابی مقابلہ اور مقاتلہ کو نامزد فرمایا تصبہ مانڈیر کے اطراف مین فریقین کا سامنا ہوا ایک نے ناموری اور بلند نامی کیواسطے اور دوسرے نے اپنے حفظ ملک کے لیے از روے قہر و غضب افواج آراستہ کر کے توجہ کی اور نہایت شدت اور خصومت سے ایک دوسرے پر حملہ آور ہوکر شرط مردی اور مردانگی بجالائے اور گرز و نیزہ و شمشیر و تبر سے آپس مین سرور زخمی کر کے صفحہ رخ کتابی پر جداول خون جاری کین **مثنوی** دران رزمگہ فتنۂ شد بلند ۔ کہ رحمت بنا مد بغیر از گزند ۔ نہان گشت از سختی آن بصاف ۔ مردت چو سیمرغ در کوہ قاف ۔ سم باد پایان شدہ فرق سای ۔ سر سرکشان ماند در زیر پای ۔ بعد اسکے کرطرفین سے ایک جماعت کثیر نے قالب ارواح سے خالی کیے اکبر بادشاہ کے اقبال نے اپنا کام کیا عنبر حبشی زخمہاے کاری اُٹھاکر خانہ زین سے جدا ہوکر میدان جانستان مین گرا ایک جماعت حبشیون اور دکنیون سے کہ اسکے مخلص تھے ہجوم لاکر اُسے سوار کر کے میدان سے باہر لیگئے عنبر پھر درپے لشکر فراہم لانے کے ہوا اور اپنے ممالک کی محافظت کیواسطے دوڑ دھوپ سے باز نہ آیا اور خانخانان جو اُسکی شجاعت اور مردانگی کو مشاہدہ کر کے یقین جانتا تھا کہ وہ پھر سرکشی کی فکر مین ہوگا اسوجہ سے صلح پر آمادہ ہوا اور عنبر نے بھی عدم اتفاق راجو دکنی سے بلکہ بناے معرکہ مذکور کو اُسکی تحریک سے جانتا تھا مصالحہ کو وجہ نیک جانکر خانخانان سے ملاقات کی اور حدود طرفین قرار دے کر لوازم عہد و پیمان درمیان مین لایا پھر رخصت ہوکر اپنے ممالک کی طرف مراجعت کی اُسوقت سے اس وقت یعنی تحریر کتاب ہذا تک نقض عہد و پیمان واقع نہوا اور عنبر خانخانان سے بکمال اخلاص و اعتقاد پیش آتا ہوا اور اُنھین دنون مین چنگ راے کول اور فرہاد خان مولد اور ملک صندل خواجہ سرا اور دیگر سرداران دکن نے عنبر حبشی کی ترک رفاقت کر کے مرتضےٰ نظام شاہ کی ملازمت اختیار کی اور شاہ موصوف کو عنبر کے دفع پر عازم جازم کر کے قلعہ اوسہ کے اطراف مین لشکرگاہ کیا اور عنبر بھی اپنے اعوان کو ہمراہ لیکر اُسطرف گیا نظام شاہ سے مقابلہ کر کے غالب آیا اور چنگ راے کو زندہ اسیر و دستگیر کر کے مقید کیا نظام شاہ نے باتفاق فرہاد خان اور ملک صندل کہ عمدہ اُمرا تھے مضطرب ہوکر عنبر سے صلح کی اور عنبر چاہتا تھا کہ قلعہ پرندہ کو اپنے تصرف مین لاوے اسواسطے نظام شاہ کے ساتھ مین آخر ربیع الثانی سنہ ۱۰۰۲ ایکہزار دو ہجری مین قلعہ کی طرف روانہ ہوا اور تھانہ دار قلعہ منجھن خان حبشی نے قریب بیس برس سے وہان کا حاکم تھا نظام شاہ کو پیام دیا کہ مین حضرت کو اپنا صاحب اور ولی نعمت جانکر قلعہ کے

اندر جگہ دیتا ہون لیکن عنبر کو کہ خانخانان سے ملاقات کرکے اکبر بادشاہ کا نوکر ہوا ہی مین اُسپر اعتماد نہین کرتا اور اسے قلعہ مین داخل نہ کرون گا عنبر نے جواب دیا کہ مین تینگ راے اور فرہاد خان اور ملک صندل کے غدر سے بے خوف نہ تھا صلاح وقت دیکھکر خانخانان سے بسبب ظاہر ملاقات کرکے اُنکا طرف دار ہوا لیکن ولسے اپنے تئین نظام شاہ کے غلامان سے شمار کرتا ہون اور چاہتا ہون کہ لوازم دولتخواہی بجالاکر اس خاندان کی حفظ سلطنت مین مساعی جمیلہ پیش پہونچاؤن منجھن خان نے اس عذر کو قبول نہ کیا اور ابواب حرف وحکایات مسدود کرکے خاموش ہوا اور عنبر نے اس خوف سے کہ مبادا نظام شاہ فرصت پاکر قلعہ مین درآوے اور منجھن خان اُسکے سبب قوی پشت ہووے اُسے گرفتار کرکے نظر بند کیا اور فرہاد خان اور ملک صندل نے نظام شاہ کی گرفتاری سے دلگیر ہوکر آپ کو پاے قلعہ مین پہونچایا اور منجھن خان نے قریب ایک ماہ نشان مدافعہ بلند کیا اور جو کہ منجھن خان کا بیٹا موسوم بسونا خان بے اعتدالی کرکے اہل حصار کے زن و فرزند پر دست درازی کرتا تھا اُنھون نے ہجوم کرکے اسے قتل کیا ہدین سبب منجھن خان نے اپنے توقف مین صلاح نہ دیکھی جریدہ قلعہ سے بھاگا اور باتفاق فرہاد خان اور ملک صندل اور دوسرے آدمیون کے التجا عادل شاہ کی طرف لیجاکر سب اُس کے ملازم ہوئے اور متحصنون نے روش منجھن خان کی اختیار کی اور چند روز قلعہ مین متحصن رہے اور آخرش عنبر بحسن تدبیر اس پر متصرف ہوا اور نظام شاہ کو حوالات سے نجات دے کر چتر اُس کے سر پر لگایا اور ایک جماعت مخصوصان کے ساتھ اُس قلعہ مین مقیم کرکے خود مع خیل و لشکر باہر روانہ ہوا اور محرم ۱۰۱۳ھ ایک ہزار تیرہ ہجری مین شہزادہ دانیال برہان پور سے دختر عادل شاہ کے لینے کو راہ ناسک اور دولت آباد سے احمد نگر کی طرف متوجہ ہوا اور ایک جماعت کو راجو کے پاس بھیجکر تکلیف کی کہ وہ بھی بطریق عنبر فرمانبردار ہوکر ہماری ملازمت کے واسطے حاضر ہووے اور وہ مملکت جاگیر پاکر بازگشت کرے راجو نے اعتماد اس کے عہد و قول پر نہ کیا شہزادہ طیش مین آیا اور اُس کے استیصال پر آمادہ ہوا راجو نے بھی نشان جرأت کا بلند کرکے مع آٹھ ہزار سوار اس کے مقابلہ کے لیے عزیمت کی اور اگرچہ مرتکب جنگ صف نہ تھا لیکن لشکر مغل کے حوالی اور حواشی کو تاخت و تاراج کرنے سے اس قدر مزاحمت پہونچائی کہ شہزادہ نے ایلچی خانخانان کے پاس جالنہ پور مین بھیجکر کمک طلب کی خانخانان بسبیل استعجال پانچ چھ ہزار سوار سے آپہونچا اور باعث آرام و آسائش ہوا اور بعد وصول خانخانان کے راجو نے ترک تاخت و تاراج کرکے اپنے ممالک کی راہ لی اور شہزادہ نے مع خانخانان احمد نگر کیطرف جاکر پالکی عروس کے ہمراہ معاودت کی اور قلعہ ٹپن کے باہر نہر گنگ کے کنارہ لوازم جشن شادی بجالایا اور خانخانان نے جالنہ مین مقام کیا اور شاہزادہ برہانپور کی طرف روانہ ہوا اور نظام شاہ نے ایک جماعت کو راجو کے پاس بھیجکر عنبر کی سخت گیری کی شکایت کی راجو قلعہ پرندہ مین جاکر نظام شاہ کی ملازمت مین حاضر ہوا اور عنبر کے دفع کرنے کا ذمہ دار ہوا غرض کہ چند مرتبہ جنگ واقع ہوئی ہر مرتبہ آثار غلبہ کے راجو کی طرف سے ظہور مین پہونچے عنبر مضطرب اور سراسیمہ ہوکر آدمی خانخانان کے پاس بھیجکر طالب کمک ہوا خانخانان نے دو تین ہزار سوار بسرداری میرزا حسین بیگ مقطع ولایت بیر سے اُسکی مدد کے واسطے بتعجیل روانہ کیے عنبر اُس کمک کے آنے سے قوی پشت اور قوی دل ہوا اور

راجو کو دولت آباد کی طرف منہزم کیا اور جو سلطنت دکن کے شاہزادہ دانیال کو بھی مبارک نہوئی برہان پور مین فوت ہوا اور اس عرصہ مین خانخانان برہان پور مین تھا عنبر نے فرصت پاکر خوب لشکر فراہم کیا اور بقصد انتقام دولت آباد کی سمت راجو پر فوج کش ہوا راجو اس مرتبہ تاب اُسکے مقابلہ کی نہ لایا آدمی برہان پور بھیجکر خانخانان سے التجا کرکے کمک کی درخواست کی خانخانان بھی بعضے امور کے سبب اپنا رہنا اُس بلدہ مین مناسب نہ جانتا تھا بہانہ ہی چاہتا تھا فوراً دولت آباد کی طرف روانہ ہوکر چھ ماہ درمیان لشکر عنبر اور راجو کے حائل ہوا ورنہ چاہا کہ ایک دوسرے پر تاخت کرکے غالب ہووے عنبر نے جو خانخانان کو راجو کی حمایت مین نہایت مصروف دیکھا اُسکے کہنے سے راجو کے ساتھ صلح کرکے پرندہ کے سمت راہی ہوا اور خانخانان بھی جالنہ پور گیا اور ملک عنبر چونکہ راجو کی پہلی لشکر کشی بھی مرتضیٰ نظام شاہ کی فتنہ انگیزی سے جانتا تھا درپے اسکے ہوا کہ اُسے معزول کرکے دوسرے شخص کو خاندان نظام شاہیہ سے شاہ کرے لیکن اس سبب سے ابراہیم عادل شاہ اس امر پر راضی نہ تھا ارادہ اُس کا قوۃ سے فعل مین نہ آیا اور ابتداے سنہ ۱۰۱۰ھ ایک ہزار سولہ ہجری مین عادل شاہ کے فرمانے کے بموجب نظام شاہ کے ساتھ ابواب ملائمت مفتوح کیے رفتہ رفتہ صفائی کلی اُنکے درمیان بہم پہونچی اعتماد ایک کا دوسرے پر ہوا پھر دونون متفق ہوکر مع دس ہزار سوار جنیر کی طرف متوجہ ہوئے اور نظام شاہ بمقتضاے کل شئی یرجع الی اصلہ اپنے باپ دادا کے مسکن مین استقامت پذیر ہوا اور چند سردار مسلمان اور ہندو دولت آباد کی طرف راجو کی گوشمالی کیواسطے کہ اُسکے خوف سے عنبر جنیر کی طرف جانہ سکتا تھا نامزد کیے اور راجو بعد تردد وافر گرفتار ہوا اور مملکت اُسکی بھی نظام شاہ کے حوزۂ تصرف مین در آئی اور عنبر اُس مملکت مین صاحب اختیار ہوا اور باستقلال اُسکا حد سے گذرا اور ان وقایع کی حالت تحریر مین سلطنت دودمان نظام شاہیہ کی مرتضیٰ شاہ ولد شاہ علی کو پہونچی اور زمام حل وعقد عنبر حبشی کے قبضۂ اقتدار مین ہی اور بحسب ظاہر دولت نظام شاہیہ انحطاط مین ہی اور بادشاہان نبلی اُنکی تتمہ مملکت کی طمع کرکے جویاے فرصت ہین دیکھیے مشیت ایزدی اور ارادۂ لم یزلی سے کیا ظہور مین آتا ہی فقط



روضہ چوتھا

بیان حالات حکام تلنگ مین کہ موسوم بہ قطب شاہیہ ہین

واقفان اسرار عالم کون و فسا و پرمخفی اور محجب نہ رہے کہ شاہ خور شاہ نام ایک شخص مردم عراقی نے عہد ابراہیم قطب شاہ مین بہ فن تاریخ ایک کتاب مبسوط لکھی اور نقیر و حقیر وقائع قطب شاہیہ بھی اس کتاب مین لکھ دیے لیکن وقت تحریر اس مین صحائف کے جو وہ کتاب مؤلف کے پیش نظر نہ تھی لہذا بہ تفصیل اُن کے حوادث ایام نہ لکھ سکا بلکہ اس سلسلہ عظیمہ کے بادشاہون کے نام اور مجمل واقعات عظیمہ پر اکتفا کی

تذکرہ قطب شاہ کی سلطنت اور جہانبانی کا

سلطان قلی ترکمان بہارلو اور قوم میر علی شکر سے ہو اور بعضے اس دودمان کے منسوبان سے دعوی کرتے ہین کہ سلطان قلی بادشاہ عراق میرزا جہان شاہ مقتول کے نواسون سے ہو لیکن روایت اول صحت سے قریب تر ہو اور بہر تقدیر کہی جاے پیدائش ہمدان ہو اور عہد آخر سلطان محمد شاہ بہمنی مین آغاز جوانی مین ولایت سے دکن کیطرف آیا اور جو کہ محمد شاہ غلامان ترک کو معزز اور مکرم رکھتا تھا اسنے اپنے تئین غلامان ترک کے سلک مین منتظم کیا اور جو علم حساب سے ماہر تھا اور خط سیاق خوب لکھتا تھا بنا برین محلات حرم کا شرف مقرر ہوا اور خواتین اُسکے حسن سلوک اور امانت اور دیانت سے راضی اور شاکر ہوئین اور اُن دنون مین جاگیرین اہل حرم کی تمام مملکت تلنگ سے متعلق تھین اور وہان کے اقطاع سے عرضیان شکایت آمیز پہونچین کہ چورون اور راہزنون کی پرگنون مین کثرت ہو اور رعایا دون بین تمرد اور سرکشی کرتی ہو اور سر حلقہ اطاعت سے برآورد ہ کر کے ادا ے مال وجہات مقرری مین تامل و تعلل کرتی ہو اگر فوج کثیر درگاہ سے باغیون کے دفع کیواسطے مامور ہو وے ولایت اصلاح مین آوے اور محصول بادشاہی وصول ہو اور اگر سرکار اسمال تدارک نہ کریگی تو دسواں حصہ بھی مال مقرری خزانہ مین داخل نہوگا سلطان محمد شاہ نے چاہا کہ ایک امرے کبار کو

مع دو تین ہزار سوار اسطرف روانہ کرے سلطان قلی ایک خواتین حرم کو متوسط کرکے عرض پرداز ہوا کہ اگر یہ خدمت دولتخواہ سے رجوع ہو دے بدون لشکر اسطرف جاکر اقبال بادشاہ کی برکت سے تمام باغی اور طاغی کو دفع کرون سلطان محمد شاہ نے اُسے منظور نظر عنایت کرکے اس خدمت پر سرفراز کیا اور وہ مع اپنے متعلقان کے ان پرگنات مین گیا اور بحسن تدبیر بہت سے یوسیہ داروں کو موافق کرکے اُنکے باتفاق چند عرصہ مین چورا اور رہزنون کو نیست ونابود کرکے انکا نشان باقی نہ رکھا اور امرائے بزرگ کی جاگیرین جو اُن پرگنات کے حوالی اور حواشی مین تھین اہل بغی کے فساد سے مصفا کرکے شجاعت اور مردانگی مین موصوف ومعروف ہوا اور سلطان محمود بہمنی کے عہد مین جیسا کہ تحریر ہوا مرتبہ امارت پر پہونچا اور خطاب قطب الملکی پاکر ممالک تلنگ مین سے بلدۂ گلکندہ مع مضافات جاگیر پائی بعد اُسکے چند مدت اُس حدود کا سپہ سالار رہا اور فرمانون مین اُسے صاحب السیف والقلم لکھتے تھے اور جب یوسف عادل شاہ اور احمد نظام شاہ اور عماد الملک نے دعوی سلطنت کرکے چتر سر پر لگایا اور یوسف عادل شاہ نے اسوجہ سے کہ وہ بھی مرید خانوادۂ مشائخ صفویہ تھا خطبہ مین اسامی بارہ امام علیہم السلام داخل کیے اسواسطے سلطان قلی نے بھی ایام امارت اور سپہ سالاری مین نام ائمہ اثنا عشری کو خطبہ مین مذکور کیا اور جو بادشاہی سلطان محمود بہمنی نے حد سے زیادہ ضعف پیدا کیا تھا وہ بھی ۹۱۸ نو سو اٹھارہ ہجری مین متصدی امر سلطنت ہوا اور اپنا نام قطب شاہ مشہور کیا اور جمیع امور مین قاعدہ اور روش پادشاہان ولایت پیش نہاد ہمت کرکے باوجود مملکت مختصر رواج ورونق مین کوشش کی اور بخلاف عادل شاہ اور عماد شاہ اور برید شاہ کے بطریق بادشاہان ولایت نوبت پنج وقتی بجائی اور اپنے عزیز واقارب کو مناصب ارجمند پر منصوب اور مخصوص کیا اور ہر ایک کے ساتھ فراخور حالت ایک خدمت اور رسم لائق رجوع فرمائی اور حقوق تربیت سلطان محمود رعایت کرکے ہمیشہ تحف وہدایاے لائق اور نقود وافر ماہ بماہ اُسکے واسطے شہر احمد آباد بیدر مین مرسول رکھتا تھا اُس کے بعد خبر جلوس شاہ اسمٰعیل صفوی تخت ممالک ایران پر منتشر ہوئی بدین نظر کہ اسے مرشد زادہ اپنا جانتا تھا خطبہ مین آنحضرت کا اسم اپنے نام سے مقدم کیا اور نام اصحاب ثلثہ کے بتدریج خطبہ سے ساقط کیے اور جو برہان شاہ نے شاہ ظاہر کی ہدایت کے بموجب خطبہ بطریق شیعہ پڑھا تھا سلطان قلی نے اس کی حمایت اور استظہار کے باعث نہایت اطمینان سے اُس مذہب کے شعار برملا رواج دیے اور بہت سے شیعہ مخذولان نے زبان طعن دبے ادبی کی حضرات صحابہ ثلثہ کی نسبت کھولی اور اس زمانہ تک کہ تخت سلطنت پر محمد قلی قطب شاہ اجلاس فرما ہی اُن ممالک مین اسی طریق سے خطبہ اثنا عشر منبر دن پر پڑھ کر اول فاتحہ سلامتی بادشاہ ایران شاہ صفوی کا قرأت کرتے ہین اعتقاد اور اخلاص مین اُنکے قصور نے راہ نہین پائی اور خواہش صادق اور ارادت واثق ساتھ مشائخ صفویہ کے رکھتے ہین اور سلطان قلی قطب شاہ اپنے ایام سلطنت مین سلاطین دکن کی نسبت سلوک برادرانہ کرتا تھا مگر اُس ایام مین کہ سلطان بہادر گجراتی نے عماد الملک براری کے حسب الالتماس مملکت دکن مین داخل ہوکر بہت خرابی اور ویرانی ولایت نظام شاہ مین پہونچائی اسوقت خلاف مروت عمل کرکے الچی اُسکے پاس بھیجا اور اظہار یکجہتی کرکے چاہتا تھا کہ ساتھ اُسکے دم دوستی کا مارے لہذا جب معاملہ سلطان بہادر کا مفروغ ہوا اسمٰعیل عادل شاہ نے برہان شاہ کی تجہیز قصد کرلیا کہ کچھ اُس کے ممالک سے مسخر کرے اور قطب شاہ نے ہر چند کوشش کی

کہ برہان شاہ سے موافقت کرکے آتش اس فساد کی بآب تدبیر بجھاوے میسر نہوئی یہانتک کہ اسمٰعیل عادل شاہ نے سنہ ۹۰۴ نوسو چار ہجری مین اس قلعہ کو جو سرحد پر واقع ہے لشکر لیجاکر محاصرہ کیا قطب شاہ نے جو طاقت اُسکے مقاومت کی نہ رکھتا تھا اپنے مرکز سے حرکت نہ کی البتہ کچھ سوار اور پیادہ اُس حدود کی طرف بھیجے کہ وقت بوقت مردم اُردوے عادل شاہ کو مزاحمت پہونچاکر اُنھین بتنگ اور عاجز کرین قضارا ان دنون مین اسمٰعیل عادل شاہ کا نامہ عمر اختتام کو پہونچا اس دار پلال سے رحمت ذوالجلال مین واصل ہوا اور قطب شاہ نے بدون ایلچی گری عمر و وزیر کے اُس خرخشہ سے نجات پائی اور ایک جماعت اعیان درگاہ سے برہان شاہ کے پاس بھیجی اور شاہ طاہر کے مساعی جمیلہ سے ان دونون بادشاہ ہم مذہب مین کدورت ساتھ صفائی کے مبدل ہوئی لوازم اتحاد اور دوستی کے جاری ہوئے اور جو کہ سلطان قلی قطب شاہ بسبب اجل طبیعی کے اس وارنا پائدار سے جلد تر جوار رحمت ایزدی مین انتقال نہ کرتا تھا اسواسطے اُسکا بڑے بیٹے نے جمشید کہ جسنے تمناے شاہی مین ریش سفید کی تخمی باپ کی طول عمری سے بتنگ آنکر ایک غلام ترک کو اس امر پر راضی اور موافق کیا کہ فرصت پاکر کام اس سلطان کا تمام کرے اتفاقاً سنہ ۹۵۰ نوسو پچاس ہجری مین ایک روز سلطان قلی قطب شاہ دریا کے کنارے بیٹھکر جواہر صندوقون سے برآوردہ کرکے تماشا کرتا تھا ناگاہ اس غلام ترک نے کہ بوعدہ امارت فریب کھایا تھا بلاے ناگہانی کی طرح پیچھے سے آیا اور ضرب شمشیر آبدار سے اس بادشاہ کو شہید کیا اور اپنی جان کے خوف سے جمشید کیطرف کہ حضار اس مجلس سے تھا بھاگا جمشید نے اس خیال سے کہ یہ راز فاش نہو قاتل کو نصیحت کلام کرنے کی ندی اور قتل کردیا اور جو یہ اولاد اکبر تھا اپنے باپ کی جگہ تخت مملکت تلنگ پر قائم ہوا اور انگوٹھی حکومت کی حامل کی سلطان قلی قطب شاہ کی اولاد نرینہ تین تھے جمشید اور حیدر اور ابراہیم اور مدت سلطنت اسکی تینتیس برس تھی

ذکر جمشید قطب شاہ بن سلطان قلی کی سلطنت کا

جب جمشید قطب شاہ افسر شاہی زیب سر کرکے زمام حکومت اپنے کف اقتدار مین لایا اُسنے بھی اپنے باپ کے شیوہ ستودہ پر عمل کیا اور مذہب اثنا عشر کے رواج مین بدرجۂ کمال کوشش کی اور برہان نظام شاہ نے عزا پرسی اور مبارکباد جلوس کے واسطے شاہ طاہر کو احمد نگر سے دارالملک گلکندہ کی طرف روانہ کیا اور جب اس دیار سے چھ کوس کا فاصلہ رہا قطب شاہ نے بنفس نفیس استقبال اس قدسی منزلت کا باعزاز و اکرام تمام کیا اور سنگاسن خاصہ مین سوار کرکے نہایت احترام سے شہر مین لایا اور اس دیار کے باشندے اُسکے انوار جمال کے پرتو سے فیضیاب ہوئے اور اُسکی خاک اقدام کو کحل الجواہر دیدہ ہاے بینائی کیا اور شاہ طاہر نے بعد تقدیم لوازم دعا اور رسوم عرفی کے ایسے کلمات کہ دنیا داروں کے کام آوین درمیان مین لاکر قطب شاہ سے برہان نظام شاہ کے ساتھ موافقت اور یکجہتی کے بارہ مین عہد و پیمان لیا اور مدار ذوالجلال کے حفظ و امان مین پھر احمد نگر کیطرف تشریف لیگیا اور جو ان دونون مین درمیان ابراہیم شاہ اور برہان نظام شاہ کے بسبب بعضے مقدمات کے غبار نزاع اور خشونت مرتفع ہوا جمشید قطب شاہ نے نظام شاہ کے بھروسے پر بلکہ اُسکی تحریص و ترغیب کے سبب دروازہ خزانون کا کھولا اور بقدر امکان سوار اور پیادہ فراہم لاکر ولایت عادل شاہ مین داخل ہوا اور پرگنہ کانی مین تین چار ماہ کے عرصہ مین ایک قلعہ نہایت سنگین بناکر کے اتمام کو پہونچایا اور ابراہیم عادل شاہ اُس سبب سے کہ خرخشہ نظام شاہ اور رام راج سے مفروغ نہ تھا اُسکے رافعہ

یہ مشغول ہو سکتا تھا جمشید قطب شاہ نے قلعہ مستحدث کو مردم معتبر کے سپرد کرکے عزیمت تسخیر بعضے قلعونکی کی پیہ بہ تعاقل تمام قلعہ آہنگر کیطرف جو قریب قلعہ ساغر ہی روانہ ہوا اور اُسے محاصرہ کرکے النک اور مورچے آگے بڑھائے اثنی میان مین عادل شاہ نے رامراج اور نظام شاہ سے پھر صلح کی اور اُنکی طرف سے مطمئن ہوکر اسد خان لاری کو مع جمعیل خاصہ لشکر تلنگ کے مقابلہ کیواسطے نامزد فرمایا اور قطب شاہ نے مضطرب ہوکر ایلچی برہان نظام شاہ کے پاس بھیجکر پیغام دیا کہ مین آپکے قول پر اعتماد کرکے اس سفر کا مرتکب ہوا ہون آپ کے مکارم اخلاق حمیدہ سے بسا تعجب ہی کہ اس مخلص کے بغیر مشورہ اور مشورہ احمد نگر کیطرف تشریف فرما ہوتے ہین برہان شاہ نے جواب دیا کہ مین نے مصلحت وقت دیکھکر عادل شاہ کے ساتھ صلح کرکے بساط منازعت پیچیدہ کی ہی لازم کہ آپ محافظت قلعہ کانی مین کوشش کرین بعد سوم برسات پھر یہان آوین اور گلبرگہ اور رائچور اور ساغر کے اسطرف سے آب بیورہ کے کنارہ تک تعلق تمھارے رہیگا اور شولاپور اور نلدرگ کے اُس طرف سے کنارہ بیورہ تک ہم متصرف رہین گے اور قطب شاہ باوجود اس کے کہ جانتا تھا کہ برہان نظام شاہ بادشاہ محیل اور مکار ہی اُسکے فریب مین آنکر قلعہ آہنگر کی حفاظت مین راسخ اور عازم ہوا اور اسد خان بلگوانی نے پہلے قلعہ کانی کو محاصرہ کرکے تین ماہ کے عرصہ مین بجبر و قہر مفتوح کیا اور مردم دو رعی کو قتل عام کیا اور وہان سے بشوکت و صولت تمام و استعجال کمال ابتہاج کی طرف متوجہ ہوا اور قطب شاہ نے صلاح اُسکے مقابل مین نہ دیکھی قلعہ ابتہاج کے گرد سے برخاست کرکے اپنی سرحد کیطرف روانہ ہوا اسد خان نے اُسکا پیچھا کیا اور چند جنگ واقع ہوئین اور ہر مرتبہ اسد خان مظفر اور منصور رہا قطب شاہ معرکہ سے بے نیل مرام واپس گیا اور جنگ آخر مین بحسب اتفاق قطب شاہ اور اسد خان ایک دوسرے کے مقابل ہوئے اور گیارہ ضرب تلوار کی اُنکے درمیان آپس مین چلین چنانچہ ایک زخم قطب شاہ کے چہرہ پر لگا سر اور ناک اور ایک طرف کا کلہ گوشہ لب تک کٹ گیا تمام عمر اکل و شرب مین محنت اور مشقت بہت کھینچی اور کسی کے سامنے کچھ تناول نہ کرتا تھا مستقبل ہی کہ جس وقت قطب شاہ اس سفر پر آمادہ ہوا ملا محمود گیلانی رمال کو کہ اُس کے ملازمان سے تھا بلاکر مآل سفر سے سوال کیا ملا محمود نے قرعہ ڈالکر کہا یہ سفر سلطان کے حق مین خوب نہین معلوم ہوتا صلاح دولت یہ ہی کہ موقوف رکھین قطب شاہ نے برائی کی تفصیل استفسار فرمائی اور مبالغہ حد سے زیادہ کیا ملا محمود عرض پیرا ہوا اگر اس کے تصریح مین خطرے ہین لیکن جو حضرت مبالغہ فرماتے ہین ناچار معروض کرتا ہون کہ اس سفر مین اگرچہ ابتدا مین اکثر کام بندگان عالی کے حسب دلخواہ ہونگے لیکن آخر کو غلبہ دشمن کا ہوگا اور آپ کا ساز و سلب مال و اسباب بہت تاراج ہوگا اور حضرت کی ناک کو بھی صدمہ پہونچیگا قطب شاہ یہ تقریر سنکر طیش مین آیا اور ناک بھون چڑھا کر ملا محمود کی الف بینی صفحۂ چہرہ سے حک کرکے اپنے قلمرو سے نکال دیا پس ازان جب اُس کے کہنے کے موافق بعینہ وہ صورت ظہور مین آئی سلطان نہایت غمناک اور اپنی حرکت سے نادم اور پشیمان ہوا اور اپنا ایک معتمد بلدہ خنیر مین اُس کے پاس بھیجکر گلکندہ مین بلا بھیجا مولوی نے جواب دیا کہ دولتخواہ نے حتے الامکان جستجو کی لیکن اب تک دوسری ناک بہم نہین پہونچی انشاء اللہ تعالے جس وقت بہم پہونچیگی سر کو قدم کرکے ملازمت اقدس مین مشرف ہون گا اور بینی آپ کے افسر مبارک پر تصدق کرون گا قصہ کوتاہ قطب شاہ نے بعد اس واقعات کے عادل شاہ سے صلح کی اور بہت ولایت کھیتی کو مفتوح کیا بعد اس کے بیمار ہوکر

قریب دو سال روز بروز شدت مرض سے ضعیف و نحیف ہوا اور نہایت کج خلقی اور بدمزاجی سے آدمیون کو تھوڑے قصور پر قتل کرتا تھا اور قید خانہ بھیجتا تھا اس سبب سے ایک جماعت اُس سے متنفر ہوکر اُسکے بھائیون سے متفق ہوئی اور چاہا کہ حیدر خان کو والی کرین لیکن جمشید قطب شاہ قبل اس ارادہ کے کہ ظہور مین آوے واقف ہوا دونون بھائی بزور بازوے مردانگی اسپان تیز رفتار پر سوار ہوکر گولکندہ سے بھاگے اور شہر بیدر مین جاکر پناہ لی حیدر خان اسی عرصہ مین فوت ہوا ابراہیم بیجانگر کیطرف گیا اور قطب شاہ رنج دالم کے وفور سے تپ دق مین مبتلا ہوا اور شہور سنہ ۹۵۷ نوسو ستاون ہجری مین جان جان آفرین کے سپرد کی مدت اسکی سلطنت کی سات سال سے کچھ زیادہ تھی

ذکر سلطان ابراہیم قطب شاہ کی حکمرانی کا

یہ بادشاہ شیعہ مذہب دانا صاحب تدبر ہوشیار جواد تھا لیکن قہر و غضب اُسکے مزاج پر غالب تھا تھوڑے جرم پر بندگان خدا کو عجیب طرح کے عذاب کرتا چنانچہ فرماتا تھا کہ مظلومون کے پاؤن کے ناخن بعضب تازیانہ سرانگشت سے جدا کرکے ایک ظرف مین رکھکر میرے روبرو لاوین تو مجھے تسلی ہووے اور اُس کے باورچیخانہ مین کھانا نہایت تکلف کا پکتا تھا اور اکثر ملازم خاص خاصہ اُس کے حکم کے بموجب خوان مائدہ فیض مین تناول کرتے تھے اور علم تاریخ اور نقل حکایات بادشاہان پیشین مین رغبت زیادہ رکھتا اور ولایت تلنگ کو کہ اُس زمانہ مین مثل ایک جنگل کے چورون اور رہزنون سے پُر تھی اس طور سے حراست اور نگہبانی کرتا تھا کہ سوداگر اور مالدار وغیرہ بیقافلہ اور رفیق رات دن آمد و شد کرکے رہزنون کے دغدغہ سے امین تھے اور اُس کے عہد مین بہت سے نوکر درجۂ اعلےٰ کے ہم پہونچے جن سے یہ خاندان سببالامرا نام ہوا اور جب یہ اپنے بھائی کے خوف سیاست سے بیجانگر بھاگا رامراج نے اُسکی تعظیم مین کوشش کی اور جاگیر ایک امرائے حبشی کی کہ عنبر خان نام رکھتا تھا چھینکر اُسکے حوالہ کی اور رسم دکن ہی کہ ایسے مقدمات مین بالضرور نزاع واقع ہوتی ہی اس سبب سے عنبر جنگ پر مستعد ہوا ایک روز ابراہیم قطب شاہ رام راج کے دیوانخانہ مین جاتا تھا حبشی نے سد راہ ہوکر کہا کہ ہم تم لڑین جو غالب آوے جاگیر وہ لیوے ابراہیم قطب شاہ نے کہا بادشاہون کو اپنے ملک کا اختیار ہی جس شخص سے چاہین چھین لین اور جسے چاہین دین اس امر مین نزاع کرنی عقل سے بعید ہی عنبر خان کہ عقل سے خالی اور حمق سے پھرا تھا اُس کی تقریر دلپذیر گوش ارادت سے نہ سنی اور باتین رکیک اور بیہودہ بکنے لگا قطب شاہ کو تاب نہ آئی گھوڑے سے اُترکر جس طرح سے کہ دکن مین شائع ہی اسے جواب سخت دے کر ایک ضرب شمشیر عنبر کے تسکم پر ماری کہ مقابل سے نکل گئی اور طائر روح اُس کا پرواز کرگیا عنبر خان کے بھائی نے چاہا کہ اپنے بھائی کے خون کا انتقام لون اور پھر قطب شاہ سے یکلکی کرون لیکن ایک کردی پردیسی نے کہ ملازم قدیم قطب شاہ کا تھا اور علم شمشیر بازی مین وقوف تمام رکھتا تھا اُسکا مقابلہ اختیار کیا وہ بھی اُس حبشی پر غالب آیا اور اسے قتل کیا اور قطب شاہ عنبر خان کی بیرق پر کہ اصطلاح دکن مین بیرق نشان کو کہتے ہین متصرف ہوکر اپنے مکان کی طرف روانہ ہوا اور اس دیار مین اپنے بھائی کی قید حیات تک دوده باش اختیار کی جب وہ قضاے الٰہی سے مرگیا مصطفےٰ خان اُردستانی اور صلابت خان غلام ترک اور بھی ارکان دولت نے اتفاق کرکے جمشید قطب شاہ کو کہ طفل و سالہ تخت سلطنت پر بٹھایا اور دکھنیون نے ہجوم کرکے

دولتخواہ کے رواج اور رونق بڑھائی مصطفےٰ خان اور صلابت خان نے متفق ہوکر یہ تجویز کی کہ ابراہیم قطب شاہ کو بیجانگر سے طلب کرکے بادشاہ بنادین اور دکنیون نے واقف ہوکر اپنے استحکام اور ہوشیاری مین کوشش کی مصطفےٰ خان اور صلابت خان نے کہ اپنے ارادہ پر راسخ اور مضبوط تھے رامراج کو عریضہ لکھکر استدعا کی کہ ابراہیم قطب شاہ کو گلکندہ کی طرف روانہ کرین رام راج نے اُنکی درخواست قبول کرکے ابراہیم قطب شاہ کو مرخص کیا اور جب وہ سرحد تلنگ پر پہونچا مصطفےٰ خان سب آدمیون سے پیشتر اُسکی ملازمت مین حاضر ہوکر خلعت میر جملگی سے سرفراز ہوا اور ہندو مہاجنون سے دو لاکھ ہون قرض لیکر امور سلطنت کے سامان مین مشغول ہوا اور جب خبر مصطفےٰ خان کی میر جملگی کی گلکندہ مین پہونچی تمام آدمی خوشحال ہوکر بادشاہی ابراہیم قطب شاہ پر راغب ہوئے اور صلابت خان مع دو تین ہزار سوار کہ اُن مین اکثر غریب تھے اُسی دن بزور ضرب شمشیر گلکندہ سے برآمد ہوکر سرحد کیطرف متوجہ ہوا اور اس کے بعد اور لوگ بھی جمشید قطب شاہ کے بیٹے کی ترک رفاقت کرکے اُسکی خدمت مین حاضر ہونے لگے یہانتک کہ سات ہزار سوار ابراہیم قطب شاہ کے پاس جمع ہوئے انھین ہمراہ رکاب لیکر گلکندہ کی طرف روانہ ہوا جب دارالملک کے حوالی مین پہونچا باقی آدمی بھی جان وبال کی امان چاہکر اُسکے شریک ہوئے اور ابراہیم قطب شاہ بساعت سعد شہر مین داخل ہوا اور اپنے باپ کی مسند حکومت پر قدم رکھا ارکین دولتخواہ لوازم نثار بجالائے اور قطب شاہ نے بھی بارہ ہزار ہون طلا فقیرون اور مستحقون کو تقسیم کرکے مسرور القلب اور خوشحال کیا اور نشان کبود عنبر خان کو نشانی فتح اور مبارک فالی جانکر خاصہ بادشاہی کیا اور اپنی ہمشیر مصطفےٰ خان کے حبالۂ نکاح مین لاکر اُسے سلطنت کا صاحب اختیار کیا اور حسین نظام شاہ سے یکدل اور یکجہت ہوکر مقرر کیا کہ ہم اور آپ باتفاق قلعہ گلبرگہ اور ابتکر کو لیکر گلبرگہ پر آپ اور ابتکر پر ہم متصرف ہوین اس واسطے دونون بادشاہون نے ۹۶۸ نوسو پینسٹھ ہجری مین علی عادل شاہ کی سرحد مین داخل ہوکر گلبرگہ کو محاصرہ کیا اور جب فتح ہونے کے قریب ہوا قطب شاہ حسین نظام شاہ کے کبر و نخوت سے ہراسان ہوا اس وجہ سے اُسے منظور نہوا کہ قوت اور شوکت اُس کی زیادہ ہووے لہذا خیمہ وخرگاہ اور اسباب سنگین اپنے مقام مین چھوڑ کر آدھی رات کو کوچ کرکے گلکندہ کی طرف آیا اور حسین نظام شاہ تنہا مہات ملک گیری کو انجام نہ دے سکتا تھا وہ بھی ترک محاصرہ کرکے احمد نگر کی طرف روانہ ہوا اور بعد چند عرصہ کے جب عادل شاہ اور رامراج اور امیر برید نے نظام شاہ کی گوشمال کے واسطے اتفاق کیا اور قطب شاہ کو بھی اپنی اعانت کے واسطے طلب کیا وہ ناچار ہوا اور جانب قوی کو ہاتھ سے نہ دیکر ہمراہ اُن کے احمد نگر کی طرف گیا اور شہر اور دون کے وہ بھی قلعہ کے محاصرہ مین مشغول ہوا اور جب وہ بھی مشرف بفتح ہوا اپنی سنت سنیہ یعنی پہلی چال پر عمل کرکے خیمہ وخرگاہ چھوڑا اور آدھی رات کو پائے قلعہ سے برخاست کرکے بسرعت برق وباد گلکندہ کی طرف روانہ ہوا اور عادل شاہ اور رام راج کے منصوبے مین خلل ڈالا جیسا کہ پیشتر مذکور ہوچکا جب رام راج اور عادل شاہ نے احمد نگر سے بازگشت کی قطب شاہ دوسری مرتبہ پھر حسین نظام شاہ کی نسبت درواز سے خصوصیت کے مفتوح کرکے اُس کی دختر مسماۃ بی بی جمال کا خواستگار ہوا حسین نظام شاہ نے اس شرط پر قبول کیا کہ میرے ہمراہ جاکر قلعہ کلیان کو عادل شاہ کے تصرف سے برآوردہ کرے قطب شاہ نے منظور کیا اور ملک ۹ نو سو

اکھتر ہجری مین حسین نظام شاہ احمد نگر سے اور قطب شاہ گلکنڈہ سے روانہ ہوئے اور اطراف قلعہ کلیان مین پہونچکر
ایک نے دوسرکی ملاقات کی اور پہلے سامان جشن شادی بجالاکر مہمات عروسی سے فارغ ہوئے اُسکے بعد دونون
تغانخان بادشاہ محاصرہ مین مشغول ہوے اور جورام راج اور عادل شاہ اور تقی خان اور امیر برید باتفاق مزاحمت دفع
کرنے مین متوجہ ہوئے جیسا کہ نظام شاہ کی ضمن حکایت مین ثبت ہوا قطب شاہ گلکنڈہ کیطرف اور نظام شاہ احمد نگر
روانہ ہوئے اور رام راج اور عادل شاہ نے احمد نگر تک اُس کا پیچھا کیا اور نظام شاہ کی ولایت دوبارہ تاخت و
تاراج کرکے پلٹ آئے اور چھ مہینے قطب شاہ کی سرحد پر قصبہ اُدگی مین استقامت کی اور مملکت تلنگ مین
بھی سخت خرابی کی آخرش قطب شاہ کی حسن تدبیر سے ہر ایک صلح کرکے اپنے مقر کی طرف راہی ہوا اور ۹۷۲ھ
نوسو بہتر ہجری مین عادل شاہ اور نظام شاہ کی موافقت کے سبب رام راج سے جنگ کرکے مظفر اور منصور
ہوکر اپنے مقر دولت کی طرف مراجعت کی اور معاودت کے وقت راچور کے اطراف مین مصطفےٰ خان اردستانی
کہ ہمیشہ قطب شاہ کی آتش غضب سے ڈرتا تھا طواف خانۂ خدا اور مدینہ رسول اللہ صلعم کی زیارت کے بہانہ
اُس سے جدا ہوکر علی عادل شاہ کا نوکر ہوا اور مرتضےٰ نظام شاہ کے عہد مین جو اُس کی والدہ خونزہ ہمایون
کی حکومت کے سبب مملکت احمد نگر مین ہرج مرج ظاہر آیا تھا کشور خان لاری یعنی سپہ سالار عادل شاہ
نظام شاہ کی سرحد مین قلعہ مسمے بدار و رین پہونچکر بہت پرگنات پر اُس کے متصرف ہوا لہذا مرتضےٰ نظام شاہ
حسین نے اپنی والدہ کو ایک قلعہ مین قید کیا اور ملا حسین تبریزی کو خطاب خانخانان دے کر پیشوا کیا اور قلعہ دار در کی
طرف نہضت فرمائی اور قطب شاہ کے پاس ایلچی اور کتابت بھیجکر کمک طلب کی قطب شاہ مع لشکر تلنگ کے تعجیل
تمام روانہ ہوا لیکن قبل اس کے پہونچنے کے مرتضےٰ نظام شاہ قلعہ کو مفتوح اور کشور خان کو مقتول کرکے
عادل شاہ کی ولایت مین آیا تھا اس واسطے قطب شاہ نے بھی عادل شاہ کی ولایت مین قدم رکھا اور نظام شاہ
کی اُردو کے پہلو مین آدھ کوس کے فاصلہ پر فروکش ہوا اور علی عادل شاہ مسمی ابوالحسن ولد شاہ طاہر
کو نظام شاہ کے پاس بھیجکر قطب شاہ کا نامہ جو کہ اتحاد و یکجہتی کے بارہ مین عادل شاہ کو لکھا تھا باتفاق
حسین کے خانخانان ملا حسین کے نظام شاہ کے ملاحظہ مین در لایا اور نظام شاہ خانخانان کے اغوا کے باعث قطب شاہ
سے رنجیدہ ہوا اور اپنے امرا کو اُس کے اُردو کی تاراجی کا حکم دیا قطب شاہ اس امر سے واقف ہوا اور گلکنڈہ
کیطرف بسبیل استعجال جریدہ روانہ ہوا اور نظام شاہ کی فوج نے قطب شاہ کی اُردو کو تاراج کرکے سرحد تلنگ تک
تعاقب کیا قریب ایک سو اور پچاس فیل کوہ تمثیل کو گرفتار کرکے قطب شاہ کے بہت آدمی مقتول کیے اور
افواج نظام شاہیہ سرحد تلنگ مین پہونچکر تعاقب سے باز نہ آئی ابراہیم قطب شاہ کا بڑا بیٹا موسوم بہ عبدالقادر
کہ زیور شجاعت اور علم اور حسن خط سے آراستہ تھا اُس نے باپ کی خدمت مین عرض کی کہ فوج نظام شاہیہ نشان
جرأت بلند کرکے ہمین اور ہمارے آدمیون کو بہت مزاحمت اور خرابی پہونچاتی ہے اگر حکم ہو یہ کمینہ فرزند کچھ امرا سے
کمیٹگاہ مین جاکر انکے عقب سے آنکر انھین شمشیر قہر سے معدوم کرکے ایسا کرے کہ سبب عبرت و تنبیہ دوسرون
کا ہووے عین سرفرازی اس فرزند کی ہوگی قطب شاہ اپنے فرزند کو صاحب داعیہ سمجھا اور یہ ارادہ اسکے
کمسنی کی تحریک سے جانکر متوہم ہوا اور اثنائے راہ مین کچھ جواب نہ دیا جب گلکنڈہ مین پہونچا اپنے لخت جگر کو

بیصدور قصور ایک قلعہ مین قید کیا لیکن اس پر بھی اکتفا نہ کی اُسے زہر دے کر ہلاک کیا اور اس سبب سے کہ یہ حادثہ ملا حسین خانخانان کی جانب سے جانتا تھا اور اس سے نہایت آزردہ تھا حکم کیا کہ اُس کے قلمرو مین جو شخص نوشتہ رکھتا ہو اُس کی پشت پر یہ فقرے لکھین اُستاد نوری جراح دندان کن شہر تبریز کے محلہ مکالین رہتا ہو اور لوگون کے دروازون پر چکر لگاتا ہو اور دانت جس شخص کے جنبش کرتے ہین اُسے اُکھاڑتا ہو اور دو پیسہ لیتا ہو اور زنان یہودی کے موے پشت مونڈتا ہو اب فرزند اُس کہ حسین جراح ہو اس کی تعریف مین ہمارے بھائی حضرت مرتضےٰ نظام شاہ اسکندر رائے ارسطو تدبیر وکیل السلطنت لکھتے ہین حالانکہ اُسکے بچپن کے زمانہ مین اس کے ساتھ محمد خرزہ فروش نے اور رشوخی قلندر نے اور ملا رونقی نے اغلام و بدفعلی کی تھی۔ القصہ اس زمانہ مین چنگیز خان اصفہانی کہ مرد مدبر اور دانا تھا نظام شاہ کا پیشوا ہوا اُس نے تسخیر برار کا ارادہ کیا قطب شاہ نے چاہا کہ عادل شاہ کے ساتھ ملاقات کرکے باتفاق اس کے تفال خان کی حمایت کرے چنگیز خان اُن کے ارادہ سے آگاہ ہوا اور اس وقت کہ دونون بادشاہ بہ قصد ملاقات اپنے مواضع سے سفر مین تھے نظام شاہ کو اُبھار کر ولایت عادل شاہ کے درمیان مین لایا اور پیغام دیا کہ قطب شاہ اور تفال خان کو ظلم شاہ کی دوستی پر اختیار کرنا صحیح نہین مرتضےٰ علی عادل شاہ نے متنبہ ہوکر شاہ ابوالحسن کے مشورہ سے قطب شاہ کی فسخ ملاقات کرکے نظام شاہ کے ساتھ ملاقات کی اور اس مجلس مین ایسا مقرر ہوا کہ نظام شاہ ولایت برار اور احمد آباد بیدر کو مسخر کرے اور عادل شاہ اس قدر ولایت کرناٹک پرجس کا محصول برار اور بیدر کے محصول کے برابر ہو متصرف ہووے اور قطب شاہ کچھ طرفین سے واسطہ اور سروکار نہ رکھے لیکن قطب شاہ نے اُس وقت کہ نظام شاہ تسخیر برار مین تھا لشکر تفال خان کی کمک کو بھیجا اور اس کے بعد وہ مملکت نظام شاہ نے مفتوح کی پھر شہر بیدر کے لینے کے درپے ہوا اور قطب شاہ نے اپنی زوال مملکت سے اندیشہ کرکے شاہ میرزا اصفہانی کو کہ میر جملہ اُس کا تھا نظام شاہ کے پاس بطور رسالت بھیجکر نہایت کوشش کی جس کا نتیجہ یہ ہوا کہ چنگیز خان وکیل السلطنت نظام شاہ کہ باعث لشکر کشی تھا تلف ہوا اور ۹۸۸ھ نو سو اٹھاسی ہجری مین علی عادل شاہ بھی بدرجۂ شہادت فائز ہوا مرتضےٰ نظام شاہ نے قصد تسخیر بعضے بلاد اُس کی سرحد کا کیا جب قطب شاہ سے مدد چاہی اُس نے ناچار کچھ امرا امرائے نظام شاہی کی معاونت کے واسطے رخصت کیے ابھی اس معاملہ سے نجات حاصل نہوتی تھی کہ ۹۸۹ھ نو سو نواسی ہجری مین ابراہیم قطب شاہ نے بھی بقضائے الٰہی سے وفات پائی مدت اُس کی بادشاہت کی تینتیس ۳۳ برس اور چند ماہ تھی

حسن

بیان سلطنت حلیم الرؤف محمد قلی قطب شاہ کی سلطنت کا

ابراہیم قطب شاہ کے بعد از وفات تین بیٹے اُسکے زندہ تھے محمد قلی قطب شاہ اور خدا بندہ اور سبحان قلی ازانجملہ محمد قلی قطب شاہ کہ بڑا بیٹا اُس کا تھا ساعت نیک اور طالع سعد مین اپنے باپ کا جانشین ہوا اور بارہ برس کی عمر سے مسند فرمانروہی تلنگ کو اپنے وجود باجود سے آراستہ کیا اور شاہ میرزا اصفہانی کی بیٹی کہ سادات صحیح النسب طباطبائی سے تھا اور مدت دراز سے میر جملگی ابراہیم قطب شاہ کی ساتھ اُس کے تعلق

رکھتی تھی عقد نکاح مین لایا اور اُسی کے کہنے سنے و رغبت دلانے سے خاندان نظام شاہیہ کے ساتھ خالص دوستی ظاہر کرنے کے لیے بذات خود سید مرتضےٰ سبزواری میر لشکر احمد نگر کی مدد کے واسطے عادل شاہ کی ولایت کی سمت روانہ ہوا اور چاہا کہ پہلے قلعۂ شاہ درک کو فتح کرکے نظام شاہ کے متعلقون کے سپرد کرے اور اُس کے بعد لشکر نظام شاہ کی اعانت اور کمک سے قلعہ گلبرگہ اور ابتکر کو مفتوح کرکے خود متصرف ہووے جب قطع مسافت کرکے سید مرتضےٰ کے پاس پہونچا اور تختگاہ بیجاپور مین کہ امرا کی بے اتفاقی کی شامت سے خلل تھا باطمینان تمام باتفاق امرائے نظام شاہی قلعۂ شاہ درک کو گھیرا اور جب وہانکے تھانہ دار محمد آقا ترکمان نے نشان مدافعہ اور علم دولتخواہی کا بلند کیا اور رایات شجاعت کو مرتفع کرکے داد مردی اور مردانگی اور محافظت کی دی اور جماعت کثیر نظام شاہ اور قطب شاہ کی توپ اور بندوق سے ضائع ہوئی اور سب اس سفر سے ملول اور محزون ہوئے مجلس مصلحت آراستہ کرکے یہ تجویز کی کہ ہم یہ مشقت جو تسخیر قلعہ شاہ درک مین کھینچتے ہین عبث ہی مناسب یہ ہی کہ بیجاپور کی طرف کہ دارالملک ہی جاکر اُس کے لینے مین کوشش کرین یہ کہکر اُس طرف روانہ ہوے جب مُدّت مدید اُس کے محاصرہ مین گذری اور متحمل مشقت ہوئے اور کچھ فائدہ نہوا قطب شاہ ایام سفر کی درازی سے رنجیدہ ہوا اور ارکین سلطنت نے عرضداشت پاکر معروض کیا کہ سلاطین دکن کا یہ قاعدہ اور دستور ہی کہ جس وقت ایک اُن مین سے بنفس خود کسی طرف سوار ہووے اور اُسے کمک کی احتیاج ہو اور دوسرے بادشاہ کو مدد کے واسطے بلا دے طریق مروت مین اس پر واجب ہی کہ خود سوار ہوکر اُس کے پاس جاوے چنانچہ یہ دستور ہمیشہ درمیان نظام شاہیہ اور عادل شاہیہ اور قطب شاہیہ کے مرعی اور مروج رہا ہی اس صورت مین ہرگز مناسب دولت نہ تھا کہ حضرت شاہ میرزا کے کہنے سے بہ نفس نفیس امرائے نظام شاہی کی مدد کے واسطے تشریف لائے اس بات نے نہایت تاثیر کی قطب شاہ بہ معاودت گلکندہ عازم و جازم ہوا سید مرتضےٰ یہ امر سمجھکر قبل اُس کے کہ بادشاہ اظہار کرے پیش دستی کرکے عرض پیرا ہوا صلاح وقت یہ ہی کہ ہم اپنی ولایت کی طرف جاکر بہت پرگنے عادل شاہ کی سرحد سے نظام شاہ کے قبضہ مین لاوین اور حضرت اپنی مملکت کی طرف جاکر حسن آباد گلبرگہ کو مسخر کرین قطب شاہ نے اس کلام کو عین مدعا دیکھکر قبول کیا اور باتفاق قلعہ بیجاپور سے کوچ کرکے ہر ایک اپنے ملک کی طرف روانہ ہوئے لیکن قطب شاہ جب حسن آباد کے اطراف مین پہونچا میر رسل استرآبادی المخاطب بہ مصطفےٰ خان کو سپہ سالار کرکے مع سات ہزار سوار اور فیلان بسیار اُس مملکت کی تسخیر کے لیے اُس مقام مین چھوڑا اور خود اپنے مقربان اور مخصوصان کو ہمراہ رکاب لیکر بنجاح استعجال گلکندہ کی طرف تشریف لے گیا اور شاہ میرزا کو مقید کیا اور بعد چند عرصہ کے اُس کا گناہ معاف کرکے حکم دیا کہ اُسے کشتی مین سوار کرکے مع مال و اسباب ضروری اصفہان کی طرف کہ وطن مالوف اُس کا ہی روانہ کرین چنانچہ شاہ میرزا کشتی مین بیمار ہوکر قبل اِس کے کہ منزل مقصود کو پہونچے فوت ہوا اور مصطفےٰ خان نے حسن آباد کے نواح مین قیام کیا اور اکثر مضافات پر اُس کے متصرف ہوا اور جب یہ خبر بیجاپور مین پہونچی دلاور خان حبشی سپہ سالار ہوکر مع سپاہ عظیم اُس کے مقابلہ اور مقاتلہ کے واسطے تاخت لایا اور یہ دونون کے درمیان

جنگ شدید واقع ہوئی مصطفےٰخان شکست کھاکر منہزم ہوا اور اپنے تین بشقت کمال تلنگ کی سرحد پر پہونچایا اور قریب ایک سو بیس فیل نامی قطب شاہ کے اور بھی اشیاے نفیسہ کہ مالیت کثیر رکھتے تھے عادل شاہ کے تصرف مین آئے اور اُس تاریخ سے اب تک کہ عرصہ اٹھائیس سال کا گذرتا ہی عادل شاہ اور قطب شاہ کے درمیان دروازے کلفت کے مسدود ہوے راہ مصاوقت اور موافقت کی جاری ہی اور آخر سنہ ۹۵۰ نو سو پچاس ہجری مین خواجہ علی شیرازی المخاطب بہ ملک التجار مع ایک جماعت مردم اعیان بیجاپور سے گلکندہ کی طرف آیا اور محمد قلی قطب شاہ کی بہن کو سلطان عصر ابوالمظفر ابراہیم عادل شاہ کے واسطے خواستگاری کی اور لوازم جشن شادی بجالاکر پالکی اُس بلقیس زمان کی ساعت مسعود مین بیجاپور کی طرف لے گیا اور اس قطب سپہر اجلال نے ابتداے بادشاہی مین ایک فاحشہ بھاگ متی پر عاشق ہوکر ہزار سوار اس کے ملازم کیے تھے تا بطریق امراے کبار دربار مین آمد شد کرتی رہے اور اُندنون مین جو آب و ہوا کی زبونی اور فساد سے خلائق وہان کی رہنے سے متنفر اور غمگین تھی اس واسطے قطب شاہ نے بلدۂ مذکور سے چار کوس پر ایک شہر کہ ہندوستان مین شرقاً و غرباً اور جنوباً اور شمالاً ساتھ اس لطافت و صفائی کے مشاہدہ مین نہین آتا بناکر کے اپنا دارالملک بنایا اور اسی کنجنی کی حمایت سے نام اس کا بھاگ نگر رکھا پھر اسکے بعد پشیمان و نادم ہوکر موسوم بہ حیدرآباد کیا لیکن وہ خلائق مین بھاگ نگر مشہور ہی حیدرآباد کوئی نہین کہتا اور دور اُس کا قریب پانچ کوس کے ہی اور ہر ایک بازار اُس کی بخلاف سائر بلاد ہندوستان بطرز خوب واقع ہین اور وہ شہر باوصف وسعت اور صفائی کے آب و ہوا لطیف اور معتدل رکھتا ہی اور مسافر کے ساتھ موافقت اور سازگاری کا دم مارتا ہی اور اُس کی اکثر بازارون مین دوطرفہ جداول نہر آب روان ہی اور جداول کے کنارہ درخت سایہ دار موزون بٹھائے ہین اور دکانین نہایت دل پسند کچ اور پختہ سے تیار کی ہین اور منازل شاہی کہ اُنمین کسیطرح کا تصور واقع نہین اس طرز سے ساختہ اور پرداختہ ہوئی ہین کہ مسافران ہفت اقلیم اُس کی صناعی دیکھکر وجد مین آتے ہین اور کہتے ہین کہ ہم نے مثل اُس کا کسی ملک مین نہ دیکھا اور واقفان عالم پر مخفی نہوگا کہ کتب اہل ہند مین مسطور ہی کہ تین مملکت ایک دوسری کی محاذی واقع ہوئی ہین اور ہوا بھی ان ولایتون کی تاثیر و خواص مین ایک دوسری کے قریب ہی وہ یہ ہین تلنگ و دنگ و بنگ ولایت تلنگ ہندوستان کے جنوب مین واقع ہی اور سلاطین قطب شاہیہ کے تصرف مین ہی اور بنگ ولایت بنگالہ ہی اور مملکت دنگ ان دو ولایت کے مابین واقع ہی اور کسی بادشاہان اسلام کو تسخیر اُس کی میسر نہوئی اب یہ بادشاہ اُس کی فتح کے درپی ہوا اور بہت مملکت دنگ کو اپنے قبض و تصرف مین لایا اور حاکم وہان کا موسوم بہ بابا بلندر اپنی ولایت کے آخر مین بھاگ کر نہایت عاجز اور خستہ و خوار ہوا اور شہور سنہ ۱۰۱۰ ایکہزار سترہ ہجری مین واقعۂ غریب کہ کبھی اس خاندان مین مثل اس کے واقع نہین ہوا تھا ظہور مین آیا یعنی شہر کے باہر بلندی پر کہ جس کو بنات گھاٹ کہتے ہین ایک عمارت بادشاہی احداث ہی اور محمد قلی قطب شاہ کبھی کبھی وہان تشریف لیجاتا تھا تب دروازہ اُس کا کھلتے تھے اور نہین تو مسدود اور مقفل رہتا تھا اتفاقاً ایک جماعت سوداگران غریب سے ایک شب کہ شباے مہتاب مین شراب نشے کے سرور مین مسرور اور مبہوت ہوکر مع ارباب نشاط زنانہ و مردانہ کہ اُن مین خوانندہ اور

سازندہ بھی تھے عمارت کے دروازہ پر دار و ہدئی اور قفل کو توڑا اور دروازہ کھولکر عمارت مین داخل ہوئی اور بزم شراب آراستہ کرکے عیش و عشرت مین مشغول ہوئی مردم بادشاہی جو اُس کی حفاظت کے واسطے مقرر تھے اس حال سے واقف ہوئے پہلے وہ اس جماعت سے ملائمت پیش آئے اور سمجھایا کہ یہ عمارت بادشاہی ہے اس مین ہر ایک کے جانے کی قدغن ممانعت ہے مناسب یہ ہے کہ تم اس مین سے نکل آؤ اور دروازہ بند کرو کسی نے اُن کہنا نہ مانا آخر کو درشتی کی نوبت آئی اور محافظ اس کے خبر کوتہ کی طرف روانہ ہوے اور اس طرح سے اُن لوگون کی شکایت کی کہ بادشاہ یہ خبر سنکر طیش مین آیا اور آتش قہر و غضب کو مشتعل کرکے فرمایا اُن غریبون کو کہ خلاف و رزی کرکے فرمان شاہی سے سرتاب ہوئے ہین تیغ سیاست سے قتل کرو کسی موافق اس مصرع کے مصرع عشاق ترا بہانہ بس باشد و بس پ حکم قتل عام غریبان دے کر تلوار غلاف سے برآوردہ کرکے جوش و خروش مین آئے اور غریبون کے قتل مین عموماً اور خصوصاً مشغول ہوئے اور ہجوم عام ہوا اور مال و اسباب اُن کا معرض تاراج مین آیا قطب شاہ نے اس معاملہ سے مطلع ہوکر کوتوال کو حکم دے کر اپنے اور مخصوصان کو بہ تعجیل تمام بھیجا کہ اہل دکن پر سیاست کرکے اس فساد کو ساکن کرین چنانچہ نصف ساعت مین سو غریب مارے گئے اور مکان اُن کے تاراج ہوئے اور عجیب شور و غوغا بلدۂ بھاگ نگر مین ظاہر آیا اور کسی کو خبر نہ تھی کہ بادشاہ کا سبب قہر اور موجب غریب کشی کیا ہے اور اس قطب فلک اقبال کو کئی چیزین نصیب ہوئین کہ وہ اور بادشاہون کو بہت کم میسر ہوئی ہین اول یہ کہ بھائیون کو مسند عزت پر متمکن کرکے اپنا انیس و جلیس کیا اور اُن کے ساتھ بے دغدغہ خاطر سلوک مصاحبانہ کرتا تھا اور بھائی اُسے امر عظیم جانکر نہایت اخلاص اور یکجہتی سے پیش آتے تھے اور کبھی تیس برس کے عرصہ مین اُن کی طرف سے کسی طرح کے غبار نے اس بادشاہ کے آئینۂ خاطر اشرف مین راہ نہ پائی اور یہ ایک ایسا عطیۂ ایزدی ہے کہ ہر شخص اُس کے ساتھ سرفراز نہین ہوتا ہے دوسری یہ کہ میر محمد مومن استرآبادی کہ اُس کے باپ دادا سلاطین ایران کے نزدیک معزز اور مکرم تھے اور وہ خود بھی شاہ طہماسپ صفوی معروف بشاہزادہ حیدر میرزا کے عہد مین پچیس برس آنحضرت کا وکیل السلطنت تھا اور سید معزی الیہ جمیع علوم متداولہ مین منقول و منقول سے متبحر اور اعلم علماے عصر ہوا اور تقوے اور زہد اور نیک نفسی اور تواضع مین اپنا عدیل و نظیر نہین رکھتا اور شعر خوب کہتا ہے اور کمال اہلیت مع مراتب دینوی جمیع رکھتا ہے اور یہ اشعار اُس کے نتائج افکار سے ہین

غزل

شادمانی ست بندۂ غم ما	عالم دیگر است عالم ما	جذبۂ عشق و رستخیز بلاہ
اے خوشا روزگار درہم ما	شکر در تو چون کنیم کہ ہست	داغ بالاے داغ مرہم ما
شاہ اقلیم دہ دہ و خم ما یم	ملک ہجران سواد اعظم ما	سایۂ عشق کم مباد کزو
نور شد داغ دار ماتم ما	نمک آن دو دیدہ خوش نمکیست	کم ز کوثر نگیرد زمزم ما
دید بینماے وصل کو کہ فراق	گشتہ ثعبان آتشین دم ما	حرف ای ہمنشین مگو با ما
روز وصل از زبان ابکم ما	غمگساری مجاز دمومن	غم ما از کجا و مرہم ما

		ولہ	
	خدا را وا رہان از شور بختی دلفگارے را		کہ من بر با د شوقت دا دہ ام خوش روزگارے را
	دلا پیوستہ با ناسازگاران سازگارے کن		کہ با شد سازگار خود کنی نا سازگارے را
	خماری بر خمارم می دہد گردون زیک مستی		چہ خوش بودی کہ دا دی مستی ہم ہر خمارے را
	مرا بس اینکہ دارم حکم بر اقلیم نا کامے		مسلم با د ملک کامگاری بختیارے را
	زشہد نا گوار چرخ کام عافیت سوزد +		بحمد اللہ نصیبم کرد زہر خوشگوارے را
	بتلخی جان بدہ کمتر حدیث کام گو مومن		چہ غم از تلخی نا کامے نا کامگارے را
		ولہ	
	بجد دارد دلم بر شکوہ لاف صبر و طاقت را		نیارم با کمال عجز این اظہار قدرت را
	زبیم آنکہ ہر سو سر کشد صد شعلہ از شکوہ		بصد خون جگر پنہان کند دل آہ حسرت را
باو	زخونین داغہاے من فلک را ذوقہا با د		کہ خوش آبی و رنگی دا د گلزار محبت را
	نسیم لطف جانان کم شدای با د سحر گاہی		مدد کن تا بجوش آریم دریا ہاے رحمت را
	کرم کن ای مروت راہ اگر یابے بہ بزم او		نیاز نامرادے عرضہ کن آن بیمروت را
	چہ عہدے بود عہد وصل جانان بہر جانبازے		دریغا ماند نستیم ای دل قدر فرصت را
	فداے رسم عادت سوز خود کردم کہ در عہدش		عجب ویرانہ دیدم سراے رسم و عادت را
	مکن نسبت بغیرم در وفا آزار دیگر کن		سراپا غیر تم پسند بر من این مذلت را
	بشرمست گر زمن بیتابی سر زد از و بگذر		پریشان داشت طرح وضع صحبت مغز طاقت را
تلخی	اگر اینست مومن صحبت ہجران کہ من دیدم		بہ بزمش خون خور و بیرون بیا گمذار جرأت را
		ولہ	
	خوشم کہ بر دل من عشق مدعا نگذاشت +		مرا بہ بوالہوسیہاے خویش وا نگذاشت

اور سب سے بہتر اور خوشتر یہ کہ محمد قلی قطب شاہ جیسا کہ واجب تھا اُس سید بزرگوار کی قدر و منزلت پہچانکر اُس سے سلوک کرتا ہی اور لوازم تعظیم و تکریم مین کوئی دقیقہ فروگذاشت نہین فرماتا اور اس قدر اعتماد اُس ہوشمند روشنضمیر کی اصابت راے مین رکھتا ہی کہ جمیع مہات سلطنت خصوصًا کارہاے بزرگ ساتھ اُس کے رجوع کرکے خود مع ندیمان و برادران لہو و لعب اور عیش و عشرت مین مشغول رہتا ہی اور ہمیشہ بزم خرمی اور بیغمی آراستہ کرکے زمانۂ ناپائدار سے داد کامرانی کی لیتا ہی اور زبان حال اس ترانہ سے مترنم کرتا ہی فرد ہر دقت خوش کہ دست دہد مغتنم شمار ٭ کس را وقوف نیست کہ انجام کار چیست ٭ دوسرے جملہ توفیقات آسمانی اور افضال یزدانی سے کہ اُس شہریار محب اہلبیت اطہار کے شامل روزگار رہوئی وہ یہ ہی کہ جس وقت سے آفتاب رایت اسلام افق ہندوستان سے طالع ہوا کسی سلاطین سابق اور حال اس دیار کو شاہان عظیم الشان ایران کے ساتھ نسبت و صلت اور پیوندی

میسر نہوئی اس عہد مبارک مہد مین شہنشاہ قبا دبخت جمشید تخت عباس بادشاہ والی ایران نے اپنے ایک معتمدان درگاہ عرش اشتباہ کو دکن کی طرف بھیجکر دختر بلند اختر حاکم تلنگ کو اپنے ایک فرزند ارجمند کے واسطے خواستگاری فرمائی اور آنحضرت نے شرف دنیا و آخرت اُس کے قبول مین جانکر تہیہ سامان شادی مین ہی کہ اُس کریمہ سعادت مند کو بروش سلاطین کامگار ایران کی طرف روانہ کرے

روضہ پانچوان عماد الملک کی سلطنت کے بیانمین کہ برارمین حکومت کی تھی

سلاطین دکن کے تتبع احوال سے ایسا واضح ہوا کہ فتح اللہ عماد الملک کفار بیجانگر کی اولاد سے تھا اور لڑکپن مین مسلمانون نے اُسے اسیر کیا اور خانجہان جو سپہ سالار دلایت برار تھا اُس کے غلامون مین انتظام رکھتا تھا اور عہد شباب مین آثار رشد اور قابلیت اُس سے ظاہر ہوے جس سے وہ مقرب و معتمد درگاہ ہوا اور اس کی وفات کے بعد اس عقلمند نے اپنے آپ کو غلامان سلاطین بہمنیہ کے سلک مین منسلک کیا اور سلطان محمد شاہ بہمنی کے دورمین خواجہ جہان کا دان کی توجہ سے خطاب عماد الملک پایا اور سپہ سالار ولایت برار رہا اور ۸۸۳ھ آٹھ سو بیاسی ہجری مین قلادہ سلطنت گردن مین ڈال کر سکہ اور خطبہ برارمین اپنے نام جاری کیا اور جب اس جہان گذران سے انتقال کیا اُس کا بڑا بیٹا علاء الدین عماد الملک قائم مقام اس کا ہوا اور اس ملک کی حکومت کا نشان بلند کیا

ذکر علاء الدین عماد الملک کی سرداری کا

اول شخص اس سلسلہ کا وہ تھا جس نے اسمٰعیل عادل شاہ اور برہان نظام شاہ کے مانند لفظ شاہ اپنے اوپر اطلاق کرکے قلعہ کاویل کو دار الحکومت کیا اور سلطان محمود بہمنی امیر برید کے موکل سے بھاگ کر اُس کے پاس پناہ لایا اور وہ مع لشکر برار سلطان محمود کے ہمراہ محمد آباد بیدر کی طرف گیا کہ امیر برید کو مستاصل کرکے وارث ملک کو صاحب مسند شہر ابید کرے نظام شاہ نے صلاح دولت اپنی اس مین نہ دیکھی اور امیر برید کی کمک کی جیسا کہ مذکور ہوا سلطان محمود اثنائے جنگ مین امیر برید کے ساتھ موافق ہوا عماد الملک ناکام ہوکر کاویل کی طرف پلٹ گیا اور ۹۳۳ھ نو سو تیتیس ہجری مین امیر برید نے قلعہ مابر پر چڑھائی کی اور خداوند خان حبشی کو قتل کرکے اس قلعہ پر متصرف ہوا عماد الملک نے خداوند خان کے بیٹون کی حمایت پر کمر باندھی اور فوج جمع کرنے لگا اور امیر برید نے باقتضاے وقت دونون قلعہ خداوند خان مقتول کے فرزندون کو دے کر انھین عماد الملک کا تابع کیا اور عماد الملک نے آہستہ آہستہ دونون قلعہ اولاد خداوند خان کے تصرف سے برآوردہ کرکے اپنے آدمیون کے سپرد کیے اور وہ برہان شاہ کے پاس جاکر تلاشی ہوئے اور اس تقریب کے سبب درمیان اُس کے اور برہان نظام شاہ کے دوستی سا تھو دشمنی کے مبدل ہوئی اور محاربات واقع ہوئے اور عماد الملک ہر مرتبہ شکست کھاکر کاویل کی طرف بھاگا اور اُسی عرصہ مین اسمٰعیل عادل شاہ کی بہن کی

خواستگاری کرکے اپنے عقد نکاح مین لایا اور جو کہ عادل شاہ کو گرفتار راے بیجانگر دیکھا حصار ماہور اور راچور پر قبضہ کیا اور سنہ ۹۳۷ نو سو تیس ہجری مین باتفاق میران محمد شاہ حاکم برہان پور بقصد تدارک جنگ نظام شاہ مین متوجہ ہوا اور بعد جنگ شدید پھر نظام شاہ غالب آیا اور اُن کے فیل اور توپخانہ پر متصرف ہوا اور دونون بادشاہ بھاگے جو عادل شاہ کفار بیجانگر کے خرخشہ مین مقید تھا سلطان بہادر گجراتی سے ملتجی ہوا اور سلطان بہادر جو ہمیشہ دکن کی تسخیر کی خواہش مین رہتا تھا فرصت پاکر مع لشکر عظیم برہان پور کے راستہ سے مملکت برار مین آیا اور عماد شاہ نے جو سلطان بہادر کو قاصد تسخیر دکن دیکھا اُسکے بلانے سے پشیمان ہوا لیکن جو کہ مجبور تھا اس واسطے فرمانبرداری کرکے خطبہ برار کا اُس کے نام پڑھا اور والی برہان پور کی اعانت کی سبب ایسا کیا کہ جیسا اپنے مقام مین مذکور ہی الغرض عماد شاہ دولت آباد سے برار کی طرف گیا اور سلطان بہادر نے اپنی دار الحکومت کی سمت معاودت کی جب علاء الدین نے بطریق پدر راہ ناگزیر رحمات حق کی اُس کا بڑا بیٹا دریا عماد الملک مسند بادشاہی پر جلوہ گر ہوا

ذکر علاء الدین دریا عماد شاہ کی سرداری کا

اُس کے بعد جب کہ علاء الدین دریا عماد شاہ نے تاج سرداری زیب فرق کیا اپنی دختر مسماۃ دولت شاہ کو حسین نظام شاہ کی سلک ازدواج مین کھینچا اور حکام دکن کے ساتھ طریقہ یاری اور مروت کا جاری رکھکر ایام سلطنت بلا کلفت و خشونت بسر کیے اُس کے بعد اُس کا بیٹا عماد شاہ صغر سن مین صاحب چتر و افسر ہوا اور نام سلطنت کا اُس پر جاری ہوا

تذکرہ برہان عماد شاہ ولد دریا عماد شاہ کی حکومت کا

تفال خان دکنی اُس دولتخانہ کے غلامون سے تھا اُس پر مسلط ہوا اور ابراہیم قطب شاہ اور فاروقیہ کے حسن اتفاق کے باعث نشان شوکت بلند کیا اور آخر کو برہان عماد شاہ کے پانون مین بیڑی ڈالکر قلعہ پرنالہ مین قید کیا اور خطبہ برار کا اپنے نام جاری کرکے چتر شاہی سر پر لگایا اور وہ حاکم شجاع اور جوا د تھا

بیان تفالخان کے غلبہ کا عماد الملک پر اور ذکر انتقال اس دولت کا نظام شاہیہ کیطرف

بعد ازانکہ برہان عماد الملک کو درمیان سے اُٹھا کر استقلال تمام بہم پہونچایا اور آخر کو پرخاش اس نہایت کو پہونچائی کہ مرتضے نظام شاہ اُس کے استیصال کے واسطے مملکت برار کی طرف آیا اور جب تفال خان اُسکی سخت گیری سے بہ تنگ ہوا علی عادل شاہ سے ملتجی اور مستدعی ہوا اور بوسیلہ تحف و ہدایاے نفیسہ اور عطایاے نقود وافر آنحضرت کو بر سر التفات لایا اور نظام شاہ اس معنی کو سمجھکر اپنی والدہ ماجدہ خونزد ہمایون کی فرمائش کے سبب باتفاق عماد شاہ برار سے پلٹ گیا لیکن آخر سنہ ۹۸۰ نو سو اسی ہجری مین نظام شاہ پھر

تسخیر برار کی فکر مین پڑا اور برہان عماد الملک کی رہائی کے بہانہ اس طرف متوجہ ہوا تفال خان نے مضطرب ہوکر ابراہیم قطب شاہ سے مدد طلب کی اور لشکر تلنگ کی اعانت سے چنگیز خان پیشوائے نظام شاہ سے جنگ کرکے مغلوب اور منہزم ہوا اور مدت دراز تک سپاہ نظام شاہ کے خوف سے جا بجا جنگل جنگل بھاگتا پھرا آخر کو خود قلعہ پرنالہ مین اور اُس کا بیٹا شمشیر الملک قلعہ کاویل مین دونون متحصن ہوئے اور نظام شاہ نے حصار پرنالہ کو کہ پہاڑ پر واقع تھا اور تسخیر اُسکی توپہا اور منجنیق اور خاکریز وغیرہ سے دشوار تھی محاصرہ کیا جب کہ مدت محاصرہ نے طول کھینچا چاہا کہ کوچ کرکے احمد نگر کی طرف تشریف لیجاوے میر جملہ اُس کا چنگیز خان اصفہانی اس ارادہ سے مانع ہوا اور حسن تدبیر سے خزانہ دینار و درم اکثر مردم دروبی کو کہ قلعہ کی محافظت مین قیام کرتے تھے دیکر راضی کیا اور وہ بھی محاصرہ کی تنگی سے بتنگ آئے تھے ناچار برج و بارہ سے کمند نیچے ڈالکر اُترے اور چنگیز خان کے شریک ہوئے اور انعام و اکرام و مناصب اعلیٰ اور جاگیر خوب پاکر سرفراز ہوئے اور آدمی و روبی بھی یہ خبر سنکر بذوق تمام اور شوق کمال حسبلور سے کہ نکن ہے قلعہ سے برآمد ہوکر بوسیلہ چنگیز خان نظام شاہ کی سرکار سے مطالب و مقاصد علیا کو پہونچے لہذا قلعہ مین گولہ اندازون اور آتشبازون کی قسم سے زیادہ بارہ نفر سے کوئی نہ رہا مردم نظام شاہی نے قابو پاکر مورچے آگے بڑھائے اور توپہاے کلان کی ضرب سے دیوار قلعہ مین روزن ظاہر کیے اور جو کہ مردان جنگی سے قلعہ مین کوئی نہ رہا تھا لشکریان خاصہ سے چنگیز خان اٹھائیس آدمی اور ایک نفیری لیکر قلعہ کے قریب گیا اور زینہ لگاکر قلعہ پر چڑھا اور قرنا جو کہ خاصہ چنگیز خان سے تھی بجوئی تفال خان آواز اُس کی سنکر سمجھی کہ چنگیز خان خود قلعہ مین آیا ہی سراسیمہ اور بدحواس ہوا و مع جماعت مخصوصان سوار ہوا اور دروازہ عقب قلعہ کھولکر شہور ۹۸۲ نوسو بیاسی ہجری مین پہاڑ اور جنگل کی طرف بھاگا اور مرتضے نظام شاہ نے قلعہ مین داخل ہوکر زر نقد اور مال و اسباب نفیسہ اُٹھاکر حکم دیا کہ باقی کو سوار اور پیادہ تاراج کرین اور سید حسن استرآبادی جس نے تفال خان کے تعاقب مین تاخت کی تھی اُس کو دستگیر کرکے تیسرے دن فتح پور مین نظام شاہ کے پاس لایا اور بعد اُس کے اُسی عرصہ مین قلعہ کاویل بھی بہ امان مفتوح کیا اور اُس کا بیٹا شمشیر الملک گرفتار ہوا نظام شاہ نے تفالخان اور شمشیر الملک اور برہان الملک کو مع اولاد کہ اُس قلعہ مین قید تھے اپنی مملکت کے ایک قلعہ مین بھیجا اور انھون نے ایک شب کو جان شیرین قابض ارواح کے سپرد کرکے زمانہ کی کشمکش سے نجات پائی بعضے کہتے ہین کہ اس قلعہ کے محافظان نے نظام شاہ کے حکم کے موافق اُنھین قلعہ مین دفعۃً واحدۃً گلا گھوٹکر ہلاک کیا اور بعضون کا یہ قول ہے کہ پاسبانون نے اُنھین باین نیت حجرۂ تنگ و تاریک مین بند کرکے منتظر اُس کے بند کیے تھے کہ وہ بتنگ آکر ہمین رشوت دیکر راضی کرین اور جو کہ یہ قوت بوسیہ کے محتاج تھے اس جماعت کے حسب مدعا سلوک نہ کرسکے شدت اور سخت گیری اُن پر زیادہ تر کی چونکہ ہوا کمال تیزی اور حرارت مین تھی ایک شب کو وہ تمام آبادی صغیر و کبیر مرد و زن کہ قریب چالیس کس تھے یکبارگی دم گھوٹ کر مرگئے اور پاسبانون نے جب صبح کو دروازہ کھولا سب کو مردہ پایا الغرض سال مذکور مین سلطنت عماد شاہیہ اور تفال خانیہ نے

انقراض قبول کیا کوئی شخص اُن دونون سلسلہ سے تیس حیات مین نہ رہا

روضہ ششم مین ذکر حکومت بریدیہ ہی جو شہر بیدر مین تھی

اِس زمانہ تک کہ قلم معجزبیان بیاض دہر مین بہ مشک افشانی ہوسات شخص نے اس خاندان سے بعد خلعت دولت سلاطین بہمنیہ کے احمد آباد بیدر مین خطبہ اُس نواح کا اپنے نام پڑھا اول اُن مین جو کہ مدعی بلدۂ بیدر ہوا قاسم برید تھا

ذکر قاسم برید کی حکومت کا

قاسم برید سلک غلامان ترک کرجی مین انتظام رکھتا تھا اور غیاث الدین یزدی اُسے دکن مین لایا اور سلطان محمد شاہ فاروقی کے ہاتھ فروخت کیا جو کہ قاسم برید مرد شجاع اور بہادر تھا اور باور اُس کے خوشدلیں اور سازون کو بھی خوب بجاتا تھا اس بادشاہ کے عہد مین منصب امارت پر فائز ہوا اور کفار مرہٹہ باغی جو مابین ولایت بالاگھاٹ اور جالنہ سے اُن کے دفع کے واسطے نامزد ہوا اور اُس حدود مین فتح بزرگ کہ موجب افتخار اور بلندنامی ہو وقوع مین آئی اور صاحب دستگاہ ہوا اور ساباجی مرہٹہ کو جو عمدہ سرداران کفرہ اُس اطراف سے تھا قتل کیا اور اُس کی بیٹی اپنے بیٹے امیر برید کے حبالۂ نکاح مین لایا اور جب قاسم برید نے بادشاہ کی طرف سے ساباجی کی مملکت جاگیر پائی عزیز و اقارب اس لڑکی کے کہ قریب چار سو نفر اور سب مرد انہ اور شجاع تھے اُس کے نوکر ہوئے اور اُن مین سے اکثر رفتہ رفتہ بشرف اسلام مشرف ہوئے اور اُس جماعت کی اعانت اور حمایت کے سبب کہ تمام مخلص اور جان نثار تھے سلطان محمود کے عہد سلطنت مین تسلط اور استقلال تمام پیدا کیا اور دوسرون کی طرح بادشاہی کے اندیشہ مین پڑا عادل شاہ اور نظام شاہ اور عماد شاہ کی تجویز قلعہ ادسہ اور قندھار اور اوگیر مین خطبہ اپنے نام پڑھا اصل دار السلطنت احمد آباد بیدر سلطان محمود کو زنانی رکھی اور بارہ برس بادشاہی کی اور ابھی سلطان محمود بقید حیات اور زندہ تھا کہ نامہ عمر اُس کا لپیٹ دیا گیا اور سنہ ۹۱۰ نوسو دس ہجری مین جہان فانی سے عالم جاودانی کی طرف انتقال کیا اور بڑا بیٹا اُس کا قائم مقام ہوا

تذکرہ امیر علی برید کی حکمرانی کا

امیر برید ولیعہد اور قائم مقام پدر ہوا اور اُس کے عہد مین سلطان محمود نے وفات پائی اور سلطان کلیم اللہ کہ جو اخیر بادشاہان بہمنیہ سے تھا احمد نگر کی طرف بھاگا اور اُس کے عہد مین شہر بیدر اسمٰعیل عادل شاہ کے تصرف مین آیا اور پھر ساتھ اُس کے رجوع ہوا اور اُس عرصہ مین سلطان بہادر عماد الملک اور محمد شاہ والی برہان پور کے حسب التماس مملکت دکن مین آیا اور امیر برید اسمٰعیل عادل شاہ کے حکم کے موافق اپنی جمعیت کو ہمراہ لیکر بیجاپور کی طرف گیا اور عادل شاہ نے چار ہزار سوار غریب تاج پوش اُس کے ہمراہ کرکے اُسے سپہ سالار

کیا اور نظام شاہ کی مدد کے واسطے بھیجا جیسا کہ اپنے مقام مین خامہ دوزبان نے اُس کی شرح وبسط مین کوشش کی ہے اور اُس نے بمقابلہ لشکر گجرات جنگہاے رستمانہ کے بعد اُس کے چند سال مسند کامرانی پر متمکن رہا اور اواخر عمر مین برہان نظام شاہ کی کمک کے واسطے گیا اور دولت آباد کے اطراف مین بتقضاے الٰہی سے فوت ہوا اور اُس کے بھائی خان جہان نے جنازہ اُس کا احمد آباد بیدر مین لے جاکر قاسم برید کے حظیرہ مین مدفون کیا اور مدت اُس کی سلطنت کی چالیس سال تھی اور دکن مین یہ لطیفہ اُس سے شہرت عظیم رکھتا ہے کہ علی برید ایک شب جاڑے کے موسم مین باغ کتانہ کی عمارت مین بیٹھکر شراب پیتا تھا کہ گیڈرون نے خلاف عادت مرغزار مین آن کر شور وغوغا بلند کیا امیر برید نے پوچھا کہ کس واسطے شور کرتے ہین ایک ہمنشین گستاخ نے عرض کیا کہ سردی کی شدت سے حیران ہوکر سلطان سے فریاد کرتے ہین علی الصباح حکم دیا کہ تین چار ہزار لحاف تیار کرکے باغ وصحرا مین ڈالین تو شغال شب کو لحافون مین رہین اور سرما کی شر اور سختی سے محفوظ ہوویں ✤

ذکر علی برید شاہ کی حکومت کا

اوّل وہ شخص اس خاندان سے ہے جس نے برہان نظام شاہ کی حمایت سے لفظ شاہ جزو اسم اپنا کیا اور جب شاہ طاہر اُس کی مبارکباد جلوس کے واسطے احمد آباد گیا نہایت آزردگی مین معاودت کی تب برہان شاہ نے اُس سے رنجیدہ ہوکر چڑھائی کی اور برید شاہ نہایت عاجزی سے مضطرب اور بدحواس ہوا اور قلعہ کیلان ابراہیم عادلشاہ کے پیشکش کرکے التماس قدوم کی لیکن کچھ فائدہ نہوا اور نظام شاہ نے اُس یورش مین قلعہ اوسہ اور اودگیر اور قندھار اُس سے چھین لیا اور اس قدر ولایت کہ جس کا حاصل چار لاکھ ہون طلا تھا اُسکے قبضہ مین رہے اور مرتضےٰ نظام شاہ اپنے عہد مین صاحب خان کے حسب التماس ۹۸۷ھ نوسو ستاسی ہجری مین وہان پہونچا اور بلدۂ احمد آباد کو محاصرہ کیا متحصنان کی سخت گیری مین کوشش کی برید شاہ نے ایلچی عادل شاہ کی خدمت مین روانہ کرکے طلب اعانت کی علی عادل شاہ نے یہ جواب دیا کہ تو وتغرخواجہ سرای فلان فلان کو جو تیری سرکار مین ہین اگر مجھے دے تو مین تیری مدد کرون برید شاہ نے جو اطاعت کے سوا چارہ نہ رکھتا تھا اس معنی کو قبول کیا اور علی عادل شاہ نے ہزار سوار اُس کی کمک کے واسطے مقرر کیے مرتضےٰ نظام شاہ اس خبر سے اور برہان شاہ کے رہا ہوکر فتنہ برپا کرنے کی خبر سے مضطرب ہوا اور سیرزا یادگار کو مع لشکر تلنگ محاصرہ کے واسطے چھوڑا اور خود احمد نگر کی طرف روانہ ہوا اور بیدر کا محاصرہ ترک فرمایا علی برید نے محاصرہ کی محنت وتعب سے رہائی پائی اور اُس نے ۹۸۸ھ نوسو اٹھاسی ہجری مین وہ وعدہ وفا کیا یعنی ان دونون خواجہ سراؤن کو اُس کے پاس بھیجا اور خواجہ سرا باوجود اُس کے کہ نس کٹے تھے لیکن گ حمیت اُن کی جنبش مین آئی اپنی ابروریزی کی شرم سے عادل شاہ کو بضرب خنجر شربت شہادت چکھایا غرض کہ اس کا ذکر سابق مین وقایع عادل شاہیہ مین مفصلاً اور تشریحاً مرقوم ہوا ہے اور علی برید بھی انھین سنوات مین پینتالیس سال سلطنت کرکے تختہ تابوت کو تخت شاہی پر اختیار کرکے اُس سراے عاریت سے عالم باقی کی طرف خرامان ہوا اور بڑا بیٹا اُسکا ابراہیم برید شاہ نائب مناب ہوا

سات برس سلطنت کرکے اجل طبیعی سے مرگیا بعدہ قاسم برید شاہ تین برس محمد آباد کی حکومت مین سرگرم رہا آخر کو اُس نے بھی شربت ناگوار ممات نوش کیا اور اُس کا چھوٹا بیٹا سمیے علی برید چوتھا برس کا تھا برائے نام شغل حکومت مین مشغول ہوا اور ایک شخص کہ جس کا نام میرزا علی اور اُس خاندان کی اولاد سے تھا سنہ ایک ہزار دس ہجری مین خروج کرکے اُس کو بھاگ نگر کی طرف کہ تختگاہ محمد قلی قطب شاہ ہی ہزیمت دے کر خود باشاہ ہوا اور اب تک کہ تاریخ ہجری سنہ ایک ہزار اٹھارہ ہی اس بلدہ مین حکمرانی کرکے چراغ برید شاہیہ کو روشن رکھتا ہی اور ناظرین جنکو احوال ملوک ماضیہ انار اللہ مرقدہم سے آگاہ ہونے کا شوق ہی ان کی طباع آفتاب شعاع پر مخفی ومحجب نہ رہے کہ حکایات عادشاہیہ اور برید شاہیہ کیسی کتاب متداولہ مین مسطور نہین جو کچھ محمد قاسم فرشتہ نے اس کتاب مین لکھا ہی مردم کہن سال سے کہ معاصران بادشاہون کے ہوئے ہین یا اُن دونون سلسلہ کے قریب العہد ہوئے ہین اُن کی زبان صدق ترجمان سے سنکر ان اوراق مین ثبت کیا ہی ناظرین والاتمکین سے عرض گذار ہی کہ سال جلوس اور وفات ان کا اگر معلوم ہوجاوے یا وقائع مذکورہ مین سے کوئی واقعہ بہ نہج دیگر محقق ہووے عبارات قضایاے ان دو خانوادہ کو بقلم اصلاح مشرف فرماوین اور حیات اور ممات مین اس مؤلف کو مرہون احسان کرین کہ ارباب کرم کا یہی داب اور قاعدہ ہی فقط



مقالہ چوتھا سلاطین گجرات انار اللہ برھانھم و نور مرقدھم کے بیان مین

تاریخ مبارک شاہی وغیرہ سے مستفاد ہوتا ہی کہ سلطان فیروز شاہ بادشاہ دہلی نے فرحت الملک کو کہ اُسے نظام شاہ مفرح بھی کہتے تھے سپہ سالار گجرات کرکے اس مملکت کا صاحب اختیار کیا اور بعد وفات سلطان فیروز شاہ اُسکے بیٹے سلطان محمد شاہ نے بھی تخت گجرات کی حکومت ساتھ اُسکے بدستور مقرر رکھی لیکن فرحت الملک جو داعیہ مخالفت کا رکھتا تھا اور اس حدود کی زمینداروں اور مشرکون کی نسبت طریق اخلاص جاری کیا تھا اور اُنکی خوشامد اور رضامندی کے واسطے شعار کفر اور رسوم بت پرستی کو رواج دیا تھا اِس سبب سے گجرات کے علما اور فضلا نے ۷۹۳ھ سات سو ترانوے ہجریہ علیہ پایہ سریر آسمان مرتبہ سلطان محمد شاہ مین ارسال کیا مضمون اُسکا یہ کہ فرحت الملک نے اغوائے شیطانی اور ہوا و ہوس جسمانی سے مرتکب اعمال ناشائستہ ہوکر اسقدر رواج اصنام اور رونق اوثان مین کوشش کی کہ بلد سومنات قبلۂ اہل ضلال ہوا اور شعار اور دثار مسلمانی روز بروز منخفض ہوتا ہی منبر کو عزت و حرمت سے کچھ حصہ اور مسجد کو صوم و صلوٰۃ سے کچھ نصیبہ باقی نہین رہا اگر اس وقت مین ایسا تدارک کہ موجب تقویت دین و رواج اسلام ہووے ظہور مین پہونچے نہوالمراد اور جو نہین کام ہاتھ سے گیا سلطان دین پناہ یہ مضمون سنکر محزون اور غمگین ہوا اور بعد از تامل فراوان اور غور بے پایان واسطے انتظام شرع خواجہ کائنات علیہ افضل الصلوٰۃ کے اور حکومت گجرات کے اعظم ہمایون ظفر خان بن وجیہ الملک کو کہ امرائے کبار سے تھا مقرر کیا اور ربیع الثانی کی تیسری تاریخ سنہ مذکور مین خلعت خاص عنایت فرمایا اور اُسکی توقیر و حشمت کے لیے چتر سفید اور بارگاہ مشبک کہ مخصوص بادشاہون کے واسطے تھی اسے عطا کی اور وہ اُسی دن لقد رخصت حاصل کرکے شہر سے برآمد ہوا اور حوض خاص پر فروکش ہوکر اپنے سامان مین مشغول ہوا اور سلطان محمد شاہ دوسرے دن کہ چوتھی تاریخ ماہ مذکور سنہ صد رسمی

لہ ف ۲ ص ۱۱ ب ۱۲

لہ ف ۲ ص ۱۱ ب ۱۲

بطریق مشایعت ظفرخان کے دیکھنے کے واسطے گیا اور اُس سے کان ۔ حتے الامکان دُور رنصایح اور آویزۂ مواعظہ سے گرانبار کیے اور پھر خلعت خاص مرحمت فرما کر رخصت گجرات کی

تذکرہ سلطان مظفر گجراتی کی سلطنت اور بیان ظفرخان المخاطب بہ مظفرشاہ کی ولادت کا

شہر دہلی مین اتوار کے دن محرم کی پچیسوین تاریخ ۷۴۳ھ سات سو تینتالیس ہجری کو اُسکے باپ نے رتبہ شرابداری فیروزشاہ سے درجۂ امارت پر ترقی کی اولاد سلطان مزبور کی درگاہ مین صاحب اعتبار ہوا اور ظفرخان سلطان محمد شاہ کے عہد مین بسبب حسن سلوک اور پرہیزگاری اور شرع محمدی کی پابندی اور امانت اور دیانت کے نہایت مشہور اور معروف ہوا اور اسواسطے کہ جسوقت عرضداشت علماء گجرات دہلی مین پہونچی سلطان نے اُسکا ہاتھ پکڑکر جیساکہ مذکور ہوا گجرات کا صاحب صوبہ کیا منقول ہی کہ وزیرون نے فرمان لکھا اور سلطان کے حکم کے موافق القاب کی جگہ خالی چھوڑی سلطان نے اپنے دست حق پرست سے القاب یون ترقیم فرمایا کہ برادرم مجلس عالی خان معظم عادل باذل مجاہد سعدالملۃ والدین ظہیر الاسلام والمسلمین عضد السلطنۃ عین الملکۃ قامع الکفرۃ والمشرکین قاطع الفجرۃ والمتمردین قطب سمار المعالی نجم فلک الاعالی صفدر روزوغا تہمتن قلعہ کشا کشورگیر آصف تدبیر ضابطہ امور نظم مصلح جمہور ذوالمیامن والسعادات صاحب الرای والکفایات ناشر العدل والاحسان دستور صاحب قران الغ قتلق اعظم ہمایون ظفرخان اور جب بکوچ متواتر دہلی سے گجرات کی طرف متوجہ ہوا اور راستہ مین یہ بشارت فیض اشارت پہونچی کہ تاتارخان بن ظفرخان جو وزیر سلطان ہوا تھا اُسکے گھر بیٹا پیدا ہوا ظفرخان نے اُس کو شگون خوب اور فال نیک سمجھکر جشن عالی ترتیب دیا اور اکثر امرائے لشکر کو خلعت دیے جب ناگور مین پہونچا کنایت کے باشندے نظام مفرح سے ناراض ہوکر مستغاثی ہوئے ظفرخان نے اُس جماعت کو دلاسا دے کر ایک خط ملک نظام مفرح کو لکھا کہ سلطان محمد شاہ کی ملازمت مین یون مذکور ہوا کہ تونے مال واجب سلطانی کئی برس کا اپنے حوائج مین صرف کرکے ایک دینار خزانہ عامرہ مین داخل نہین کیا اور علاوہ اُسکے دست تظلم دجور دراز کرکے اس محال کے تمام باشندگان کو رنجیدہ کیا ہی اکثر لوگ متواتر دہلی مین فریادی آئے اور جو رقم حل وعقد مہام اُس نواح کی ہے سپرد کی ہو بہتر یہ ہی کہ زر محصول خالصہ جسقدر موجود ہو بتعجیل عجیل اپنے پاس سے دہلی مین ارسال کرے اور مظلومون کی تسلی کرکے خود بھی دارالملک کیطرف متوجہ ہو چنانچہ نظام مفرح نے درجواب لکھا کہ جو آپ مسافت بعید اور دراز طے کرکے آئے ہین اُسی مقام مین مقیم رہیے اور زیادہ تکلیف نہ کھینچیے مین خود وہان آکر حساب واصلات گذرانون گا بشرطیکہ آسکے کہ مجھے موکلون کے سپرد نکرین اِس جواب سے بغاوت اُس کی ظفرخان پر ثابت اور یقین ہوئی آساول کی طرف کہ بالفعل احمد آباد بجاے اُس کے واقع ہوا ہی گیا اور جو نظام مفرح نے گجراتیون اور کافرون سے رشتہ داری کرلی تھی اور اُن کو موافق کرکے دس بارہ ہزار سوار اور پیادہ جرار بہم پہونچا کر ارادہ جنگ کا رکھتا تھا ظفرخان نے پہلے اتمام حجت کے واسطے ایک الچی اُسکے پاس نہروالہ کیطرف کرساتھ تین کے شہرت رکھتا ہی روانہ کیا اور بطریق نصیحت اور ملائمت پیغام دیا کہ بدانجام سے اندیشہ کرکے اپنے ولی النعمت سے جدا نہو اور کافرون اور گجراتیون کے بھروسے

اور حمایت پر کہ تاب جنگ بہادران اور تہمتنان کی نہین رکھتے فریب نہ کھاکر اپنے تین وہلی مین رکاب ہمایون سلطان محمد شاہ مین پہونچایا میرے پاس آنکر مسند امارت پر متمکن ہو اور اُسکے سوا کسی طرح اندیشہ کو اپنے دل مین راہ مذدے ورنہ موجب خرابی اور باعث بربادی ہوگا بیت بنایدنہادن دل اندر فریب * کہ ہست از پے ہر فرازی نشیب * چونکہ نظام مفرح کی مدت اقبال آخر ہوئے پر تھی اور داعیہ سلطنت اپنے دل مین رکھتا تھا ایلچی کو جواب سخت اور نامناسب دیا ظفرخان نے ناچار ہوکر اپنی سپاہ فراہم کی اور ۷۹۴ھ سات سو چورانوے ہجری مین چار ہزار سوار تیغزن نیزہ گذار ہمراہ لیکر مانند رعد اور برق جوشان وخروشان نہرواله کی طرف روانہ ہوا اور نظام مفرح نے بھی یہ خبر سنکر دس بارہ ہزار آدمیون کو مواجب یعنی تنخواہ دیکر رہنہ والے سے خروج کیا اور بموضع کانتھ مین جو بارہ کوس اُس شہر سے ہے پہونچکر ظفرخان کے مقابل اترا اور صفوف حرب آراستہ کرکے تنور جنگ گرم کیا اور بعد استعمال آلات حرب وضرب آفتاب نصرت وفیروزی ظفربخت ارجمند ظفرخان سے طلوع ہوا نظام مفرح یہ قصد تحصن نہرواله کیطرف بھاگا اور ظفرخان مع سپاہیان مظفر اور منصور ہوکر بشوکت تمام نہرواله کیطرف گیا اور عدل وداد کی برکت سے اُس شہر کو مثل فردوس برین سبز اور شاداب کیا اور ۷۹۵ھ سات سو پچانوے ہجری مین کفایت کیطرف کہ جاے نزول مسافران اور تاجران ہے جاکر رعایا کی پرداخت مین مشغول ہوا اور حکام اور کارندہ مقرر کرکے عنان معاودت اسادل کیطرف معطوف فرمائی اور ۷۹۶ھ سات سو چھیانوے ہجری مین مخبرون نے یہ خبر پہونچائی کہ راے بدکیش اور بدرگ جو ہمیشہ زین پوش اطاعت حکام گجرات کا دوش انقیاد پر رکھکر مقام فرمانبرداری مین تھا ان دنون مین منحرف ہوگر گردن بند فرمانبرداری کا سر سے کھینچا اور باوجود شرک وبت پرستی زیر دستون سے بزیر دستی پیش آتا ہے ظفرخان اُس مردود کے قلع اور قمع کے واسطے لشکر بیحساب ہمراہ رکاب لیکر اُسطرف متوجہ ہوا اور منزل بمنزل مقصود پر پہونچکر قلعہ اندر کو محاصرہ کیا طرفین سے چند مرتبہ جنگ صعب وقوع مین آئی اور ہر مرتبہ مردم بیرونی سے قرین ظفر ہوکر قلعہ بندون کی سخت گیری مین کوشش کی اور اطراف ولایت اندر کو سرکرکے ہاتھ نہب وغارت پر دراز کیا اور جو تجانہ بتون سے آباد پایا اُسے منہدم اور ویران کیا اور اعیان ولات کے اطفال کو کنیزی اور غلامی کیواسطے لیگئے اور بمدت قلیل مین اہل قلعہ پر رسد غلہ کی عدم رسی سے ایسا قحط ٹڑا کہ شدت گرسنگی مین حرام وحلال کا تمیز مطلق نہ رہا کتابلی سے بلی کتے سے نہ بچتے اور آدمی سے دونون نہ بچتے تھے اس سبب سے وہ راے خودراے اپنی سرکشی سے نادم پشیمان ہوا اور اطاعت اور ملائمت کے سوا چارہ نہ دیکھا اپنے بڑے بیٹے کو چند مقربون کے ہمراہ مع پیشکش ہاے وافر اور تحائف تمکاثر بھیجا تاکہ وہ دربار مین حاضر ہوکر زمین درگاہ کو لب ادب سے بوسہ دے کر عرض پیرا ہوئے کہ اگرچہ چند روز خلاف رضا ایک امر ظہور مین آیا اور کلید حصار کے بھیجنے مین اس وجہ سے توقف ہوا کہ حفظ ناموس ولت کرکے کمچھیون مین مغرور ہون اب خدمت فیض موہبت مین حاضر ہوا ہون اگر جریمہ سابق کی پرسش اور مکافات مدنظر ہونی الحال یہ جماعت حاضر ہے حکم ہو کہ تیغ یمانی سے سر افشانی کرین اور اگر جانستانی ملحوظ نہ ہے بمقتضاے والکاظمین الغیظ والعافین عن الناس واللہ یحب المحسنین قلم عفوان کی جرائم تقصیرات پر کھینچیے آیندہ کسی مقدمہ مین ہم مصدر تقصیر نہون گے ظفرخان نے صلاح وقت صلح اور عفو مین دیکھی پیشکش قبول کرکے اور نقود وجواہر لے کر ہاتھ محاصرہ سے کوتاہ کیا اور چاہا کہ بقصد غزا سومنات کی طرف کہ قریب بندر دمن واقع ہے روانہ ہووے اس درمیان یہ خبر پہونچی کہ ملک راجہ

المخاطب بہادر خان جو سلطان فاروقیہ برہان پور کا جد ہی وہ نشان استقلال کا بلند کرکے اپنی جاگیر کے سوا
تھا یعنی نام قلعہ کو لیکر تمام ولایت خاندیس کو اپنے قبض و تصرف مین لایا ہی اور اُسپر بھی اکتفا نہ کرکے بعضے پرگنات
گجرات سے متصل سلطان پور اور ندربار کو مزاحمت پہونچاتا ہی ظفر خان علاج اس علت کا واجب جانکر اسطرف متوجہ ہوا
ملک راجہ کہ مرد عاقل اور دانا تھا اپنے تئین مرد میدان اُس کا نہ جانکر قلعہ مین متحصن ہوا اور صلاح اتحاد اور رفاقت
مین دیکھی اور ایک جماعت علما اور فضلا اُسکے پاس بھیجی تو سخنان مخالصت آمیز اور کلمات صداقت انگیز سے رشتہ نزاع
مسدود کرکے ابواب دوستی اور یکجہتی کو مفتوح کرین ظفر خان کہ اہل علم و فضل سے رغبت کمال تمام رکھتا تھا اور سلطنت گجرات
کی آرزو اُسکے دل مین پوشیدہ تھی علما کو گرامی رکھکر وہ عہد و پیمان جو اُس زمانہ مین مروج اور متعارف تھے
درمیان مین در لایا اور اُس کے بعد تحف و نفائس طرفین سے پیش ہوئے پھر ظفر خان نے اساول کیطرف مراجعت
کی اور اُن دو فرقہ کے درمیان طریقہ محبت اور یاری جاری ہوا اور اس وجہ سے کہ ملک راجا دعوے کرتا تھا
کہ مین اولاد خلیفہ دوم حضرت فاروق سے ہون ظفر خان کتابت و مراسلات مین مریدانہ پیش آکر اُس کے القاب
کے اعزاز مین کوشش کرتا تھا اور ۷۹۸ھ سات سو ستانوے ہجری مین حد دو دھر بند کیطرف کہ غربی پٹن مین واقع ہی
فوج کش ہوکر ایک مدت تک اس حدود کے کفار کے قتل و غارت مین کہ نہایت متمرد اور سرکش تھے مشغول رہا
اور محبوبان خورشید جمال اور مہین پیکران پری تمثال مسلمانون کی بندی مین آئے اور کشتیان اُن کی اموال
غارت سے مالا مال ہوئین بعد اُس کے راے جبر بند نے عاجز ہوکر اظہار یکجہتی اور فرمانبرداری کیا اور تحف اور
ہدایا بہت گذرانا پھر وہان سے کوچ کرکے سومنات کی طرف گیا اور بتون اور بت پرستون کے اعلام کی
نگونساری مین کوشش کرکے وہان مسجد جامع احداث فرمائی اور ارباب مناصب شرعیہ کہ مؤذن و پیش امام
اور خدام خانہ خدا سے ہی تعین کیے اور تھانہ بٹھاکر پٹن کی سمت متوجہ ہوا اور ۷۹۹ھ سات سو اٹھانوے
ہجری مین مخبرون اور اخبار نویسون نے یہ خبر پہونچائی کہ مندل کردہ کے راجپوتون نے ایسا تسلط برپا کیا ہی کہ اُس
نواح کے مسلمانون نے اُنکے دست تعدی سے مفارقت اوطان اختیار کی ہی اور راجپوت سرگریبان عجب و نخوت
سے برآوردہ کرکے جادۂ اطاعت اور مالگزاری سے انحراف رکھتے ہین ظفر خان اسپ تیز رفتار پر سوار ہوکر کوچ بکوچ
اُسطرف روانہ ہوا **ابیات** لوایش گرنصرت سرفرازست + بنام ایزد دری از فتح بازست ؛ گذشتہ منخبیق زنا سک
ماہ ؛ طراز راتیش نصر من اللہ ؛ اور جب اُس حصار کے نواح مین اہل اسلام کے خیمے ایستادہ ہوئے راے
اُس ولایت کا موسوم بہ پدر متحصن ہوا اہالی اسلام اُسکے محاصرہ مین مشغول ہوے اور منجنیقین نصب کرکے ہر روز ایک
جماعت راجپوتان کو سنگسار کرتے تھے چونکہ قلعہ نہایت سنگین تھا منجنیق کارگر نہوتی تھی حکم کیا کہ چارون طرف
دمدمے تیار کرو جب وہ تیار ہوے اور اُن سے بھی کچھ فائدہ نہوا ظفر خان طول محاصرہ سے محزون اور غمگین تھا
ناگاہ لطائف غیبی سے تین دنون مین قلعہ کے اندر وبا اور طاعون پیدا ہوا اور اہل قلعہ مرگ مفاجات مین مبتلا ہوکر
بکثرت تمام مرنے لگے راے پدر نے محصورون کا حال تنگ دیکھکر ایک جماعت اپنے اعیان کو تیغ و کفن گردن مین ڈالکر
ظفر خان کی ملازمت مین بھیجا اور عورتون اور بچون نے سر برہنہ کرکے قلعہ پر چڑھکر گریہ و زاری سے امان چاہی ظفر خان نے امر
تائید آسمانی سے سمجھکر اُنکی درخواست پذیرائی اور پیشکش لیکر روضۂ خلاصۃ العارفین امیں الواصلین خواجہ معین الدین سنجری

قدس اللہ اسرارہ کی زیارت کیواسطے عنان عزیمت اجمیر کیطرف معطوف کی اور جب اُس مقام کعبہ احترام مین پہونچا لوازم زیارت اور مراسم نذر و نیاز بجالاکر اُن کی روح پر فتوح سے استمداد فتح و ظفر چاہی کہ کفار اشرار اور اعدائے نابکار پر مظفر و منصور رہے چونکہ تمام ہمت اُسکی غزا اور جہاد مین مصروف تھی جاروہان سے جلوارہ اور بلوارہ کی سمت کیبت پرستی اُس حدود مین رواج و رونق تمام رکھتی تھی لواے غزا بلند کرکے اس مرز بوم کے باشندونکو طعمۂ شمشیر بیدریغ کیا اور معابد اور کنایس اُنکے منہدم اور مسمار کرکے نشان باقی نہ رکھا اور کئی قلعہ اور ولایت کے مفتوح کرکے اپنے معتمدون کے تفویض فرمائے اور بعد تین سال سالما اور غانماً پٹن کی طرف مراجعت کی اور الفی کی عبارت سے ایسا معلوم ہوتا ہی کہ اس سفر سے مراجعت کے بعد مظفر خان نے خطبہ اپنے نام کرکے اپنے تئین مظفر شاہ مشہور کیا اور ۷۹۹ سات سو ننانوے ہجری مین ساتھ اس تفصیل کے کہ سلاطین دہلی کے وقایع مین مرقوم ہوا تاتارخان ولد مظفر خان جو وزیر سلطان محمد شاہ تھا سلطان ناصر الدین محمود شاہ کے عہد مین سارنگ خان سے لڑا اور اُسے ملتان کی طرف مفرور کیا اور اُسکے اوضاع اور اطوار سے داعیہ سلطنت دہلی معادم ہوتا تھا تو ملو اقبال خان کہ محمود شاہ کا وکیل مطلق العنان تھا اُسکے دفع کے واسطے پانی پت کیطرف متوجہ ہوا تاتارخان نے صلاح اُسکے مقابلہ مین نہ دیکھی دوسرے راستہ سے آپکو دہلی مین پہونچایا اور چاہا کہ اُسے محاصرہ کرکے تصرف مین لاوے اقبال خان پانی پت کو سرکرکے بشوکت و صولت تمام جوشان و خروشان دہلی کی طرف روانہ ہوا تاتارخان نے استوقت بھی اُسکا مقابلہ نکیا اور ۸۰۰ آٹھ سو ہجری مین گجرات کی طرف بھاگا اور اپنے باپ مظفر شاہ کی ملازمت مین پہونچا اور اسے دہلی کی بادشاہی کی ترغیب و تحریص کی مظفر شاہ یہ امر قبول کرکے لشکر کی فراہمی اور سامان جنگ مین مصروف ہوا لیکن جب یہ خبر پہونچی کہ امیرزادہ پیر محمد بنبیرہ صاحب قران امیر تیمور گورکان نے ممالک ہندوستان مین قدم رکھا اور ملتان کو سر کیا تو مظفر شاہ نے فراست سے دریافت کیا کہ امیرزادہ پیر محمد ہراول صاحب قران کا ہی اسواسطے دہلی کا خیال ترک کرکے دوسرے شہرون کیطرف متوجہ ہوا اور باتفاق اپنے بیٹے تاتارخان کے بقصد تسخیر قلعہ ایدر نہضت فرمائی اور نہب و غارت مین مصروف ہوکر قلعہ مذکور کو محاصرہ کیا اور متحصنان کی تنگی مین کوشش کی راجہ نرسنگ راے ایدر نام نے نہایت عجز و انکسار سے ایلچی بھیجکر پیشکش دینا قبول کیا اور جو ممالک دہلی پر فتنہ اور آشوب تھے مظفر شاہ نے پیشکش پر اکتفا کرکے شہر رمضان سنہ مذکور مین مراجعت کی اور اس عرصہ مین ایک خلقت کثیر دہلی کی طرف سے بوجہ حادثہ صاحب قران بھاگ کر پٹن مین آئی اور مظفر شاہ نے تفقد اُس جماعت کے احوال پر واجب و لازم جانکر ہر ایک کے حق مین حسب لیاقت شفقت اور عنایت مبذول فرمائی اور انھین دنون مین سلطان محمود شاہ بن سلطان محمد بن فیروز شاہ بھی صاحب قران سے بھاگ کر ولایت گجرات مین آیا جو کہ مظفر شاہ نے صلاح و دولت سلطان کے آنے مین نہ دیکھی اسقدر بدسلوکیان اور معاش نالائق اُس کے ساتھ عمل مین لایا کہ یہ تنگ اور دلگیر ہوکر مالوہ کی طرف گیا اور ۸۰۲ آٹھ سو دو ہجری مین مظفر شاہ دوبارہ قلعہ ایدر کیطرف متوجہ اور احاطہ کرکے اُس کی تسخیر مین ساعی ہوا اور راجہ نرسنگ راے ایدر نے اس وقت سوا ے فرار کے چارہ نہ دیکھا شبانہ قلعہ کو خالی کرکے بچانگر کی طرف بھاگا اور صبح کیوقت مظفر شاہ تکبیر کہتا ہوا قلعہ مین داخل ہوا اور دو رکعت نماز شکرانہ ادا کرکے اور ایک سردار صاحب شوکت اُس قلعہ مین مقرر کرکے خود پٹن کی طرف معاودت فرمائی اور ۸۰۳ آٹھ سو چار ہجری مین مخبرون نے بہ خبر مظفر شاہ کے سمع مبارک مین پہونچائی کہ کفار سومنات نے ہجوم کرکے تھانۂ اسلام کو اٹھا دیا ہی اور بدستور سابق پھر مراسم کفر کے زندہ کرنے مین کوشش کرتے ہین مظفر شاہ

ایک فوج عظیم اُس طرف روانہ کرکے خود بھی پیچھے سے روانہ ہوا اور جس روز کہ راے سومنات اور کفار اُس حدود کے دریا کے راستہ سے لشکر اسلام پر بکثرت ہجوم کرکے حملہ آور ہوے تھے اسی وقت معرکہ مین سلطان مظفر پہونچ گیا اور دلیرانہ سخت حملہ کرکے کفار کے جمعون سے جدا اول خون جاری کیین چنانچہ انمین طاقت اور قوت نہ رہی زخمی اور دل شکستہ ہوکر باتفاق راے قلعۂ دیپ مین پناہ لی **بیت** خداداد ہمت شہنشاہ را + بہر بیمت در افتاد بخواہ را مظفر شاہ نے جاکر اُس قلعہ کو محاصرہ کیا اور تکبیر و صلوٰۃ کی آواز اور شور دمامہ رعد آواز اور کرناے فتنہ پرواز کے غلغلہ سے اُنکے ارکان دولت مین زلزلہ اور فتور ڈالکر ایک روز مین بزور شمشیر وہ قلعہ فتح کیا اور جمیع مردان بالغ کو اُس نے علف تیغ بیدریغ اور طعمۂ زاغ وزغن کرکے راجہ اور تمام رؤساے اُس جماعت کو فیل کوہ پیکر کے ہاتھ پاؤن کے نیچے پامال کیا اور اہل وعیال اور زن وفرزندون کو اُسکے مسلمان لیگئے اور اُنکے احمال اور اثقال اور ساز وسلب پر متصرف ہوئے اور سلطان مظفر شاہ بزم جشن ترتیب دیکر شکر عنایت الٰہی بجالایا اور ایک بڑا بتخانہ مسمار کرکے بجاے اُسکے مسجد عالی بناکی پھر ضبط اُس نواح کا ایک امراے کبار سے رجوع کیا اور مع غنائم موفورہ پٹن کی طرف مراجعت فرمائی الغرض اس فتح و فتح ایدی کی وجہ سے اُسکی استقلال اور عظمت ایک سے ہزار درجہ ہوئی پھر اس فکر مین ہوا کہ دہلی کی طرف لشکر کشی کرکے اُسے بھی مفتوح کرے اور اپنے فرزند تاتار خان کو بہ خطاب القاب عیاث الدولۃ الدین سلطان محمد شاہ مخصوص فرمایا اور اساول سے کوچ کرکے جب قصبہ سنور مین پہونچا مزاج اُسکے بیٹے محمد شاہ کا طریق اعتدال سے منحرف ہوا اس سبب سے کہ آفتاب عمر اُسکا اُفق غروب مین پہونچا تھا اطباے حاذق کا معالجہ اور دوا دوش کارگر نہوئی ملک باقی کی طرف سفری ہوا اور مظفر شاہ بھی فسخ عزیمت کرکے اساول کیطرف گیا اور روایت صحیح یہ ہی کہ تاتار خان نے سنہ مذکور مین اساول مین جاکر اپنے باپ پر خروج کیا اور چونکہ وہ ضعیفی کے سبب نہایت ناتوان اور کمزور ہوگیا تھا اُسے گرفتار کرکے ایک قلعہ مین قید کیا اور اپنے چچا شمس خان کو وکیل السلطنت کرکے بہ لقب ناصر الدین محمد شاہ صاحب سکہ وخطبہ گجرات ہوا اور بارادہ تسخیر دہلی سامان سفر اور لشکر کی فراہمی مین کوشش کرکے کوچ کیا اور سلطان مظفر شاہ نے اپنا ایک معتمد شمس خان کے پاس بھیجکر بمبالغہ تمام اپنی رہائی و بیٹے کو ہلاک کرنے کے بارہ مین اصرار کیا شمس خان نے جواب دیا کہ محمد شاہ آپ کا فرزند رشید اور قابل ہی اور اُس کی طرف تعلق خاطر بہت رہتی ہی اب جو مین اُسکی ہلاکت مین قیام کرون اُسکے بعد یقین ہی کہ مین آپ کی پشیمانی کے وقت ہدف تیر ملامت ہونگا مناسب یہ ہی کہ اس بارہ مین نہایت فکر اور اندیشہ کرکے جواب دیجیے سلطان مظفر شاہ نے پھر یہ پیغام بھیجا کہ آن برادر بجان برابر میری طرف سے کسی طرح کی مکافات کا اندیشہ نہ کرکے اس امر کا لحاظ کرے کہ جسوقت ایسا فرزند اپنے باپ کی نسبت باین حرکت پیش آوے عاق ہی اور قطع رابطۂ عطوفت اور مہربانی ہوکر نسبت پدری اور فرزندی مسلوب اور زائل ہوگئی پس لازم ہی کہ وہ بھائی میری ضعیفی اور پیری پر رحم کرکے اس عاق کو بہ سزاے اعمال قبیحہ پہونچاوے کہ میرا کام ہر وقت کے رنج وتعب اُٹھانے سے اس نہایت کو پہونچا ہی کہ اگر کل زندہ بچا تو پرسون نہین آفتاب عمر میرا مغرب فنا کے قریب پہونچا **ابیات** کس راچہ خبر زآہ جانسوز دلم + در واقعۂ قیامست امروز دلم امروز چنانم کہ بفردا نرسم + فرداے قیامت ست امروز دلم شمس خان نے ناچار ہوکر اپنے بھائی کی

ضعیفی اور سختی پر رحم فرمایا، اور قصبۂ سوہن جو دہلی کے سر راہ ہے محمد شاہ کو زہر دیکر ہلاک کیا اور بھائی کو قید خانہ سے برآوردہ کرکے مسند حکومت پر متمکن کیا خیل حشم جو پروردہ اسکی نعمت کے تھے اور محمد شاہ کی دست تعدی سے ایذا اٹھائی تھی سب اسکے شریک ہوئے اور حیات دوبارہ پائی اور محمد شاہ کے ملازمان قدیم جنھوں نے اس کام کی اُسے ترغیب دی تھی ہراسان اور متواہم ہوکر مفرور ہوئے پھر بھی سلطان مظفر شاہ نے ترحم ذاتی اور مراحم قلبی سے انکی خطا معاف کی اور سب کو سلک ملازمان احمد شاہ مین جو محمد شاہ منسوم کا بیٹا تھا منتظم کیا اور جود لاور خان والی مالوہ فوت ہوا تھا ہوشنگ شاہ اُسکا قایم مقام ہوا اور اُن دنون مین یہ خبر مشہور ہوئی تھی کہ ہوشنگ شاہ نے ملک کی طمع کے سبب اپنے باپ کو زہر دے کر ہلاک کیا اسوجہ سے مظفر شاہ سنہ ۸۰۸ آٹھ سو آٹھ ہجری مین مع ساز یراق مسن آباد اور دھار کی طرف متوجہ ہوا اور ہوشنگ شاہ جو جوان اور شیخ طبع اور صاحب ارادہ تھا بلا عاقبت اندیشی کر لشکر گجرات کمین اسکی فوج سے زیادہ بلکہ مضاعف تھا مقابلہ اختیار کیا بعد ایسی جنگ کے کہ بہادران جہان نے زبان اُس کی مدح و تحسین مین کھولی سپاہ مالوہ منہزم اور منکسر ہوئی اور ہوشنگ شاہ کو مظفر شاہ نے گرفتار کرکے خطبہ اور سکہ اُس ولایت کا اپنے نام جاری کیا اور صوبہ مالوہ اپنے بھائی کو تفویض فرماکر اساول کی طرف مراجعت کی اور ہوشنگ شاہ کو اپنے پوتے احمد شاہ کے سپرد کرکے حکم فرمایا کہ اسے ایک قلعہ مین محبوس کر احمد شاہ نے حکم کے موافق عمل کیا اور بعد چند ماہ کے عریضہ ہوشنگ شاہ کا اپنے ہاتھ سے مشتمل بر عجز و زاری اپنے جد کے ملاحظہ مین گذرا انکر التماس رہائی کی اور جو مالوہ مین بلوہ ہوگیا اور لوگون نے نصرت خان کو دھار سے نکال دیا التماس سلطان احمد شاہ کے معرض قبول مین آئی پہلے ہوشنگ شاہ کو قید سے رہا کیا اور بعد چند روز کے چتر سفید اور سر انبردہ سرخ اور تمام لوازم شاہی عنایت کرکے تمام ولایت مالوہ اور مندو اُسے دے کر احمد شاہ کے ہمراہ اُس طرف بھیجا تاکہ اُسے اُس ولایت کی مسند حکومت پر جلوہ گر کرے احمد شاہ نے حسب الحکم ہوشنگ شاہ کو تخت مالوہ پر متمکن کرکے مسرور و محظوظ ہوکر گجرات کیطرف معاودت فرمائی اور سلطان مظفر شاہ اواخر ماہ صفر سنہ ۸۱۴ آٹھ سو چودہ ہجری مین بیمار ہوا اور جب معلوم ہوا کہ مرض الموت ہے مراسم وصیت بجا لایا اور اس وجہ سے کہ احمد شاہ کی قابلیت اور لیاقت اسنے بیٹون سے زیادہ تر دیکھی اُسے ولیعہد کرکے اپنی اولاد کو اسکی اطاعت کے بارہ مین وصیت فرمائی اور ربیع الثانی کی آٹھوین تاریخ سنہ مذکور مین کہ عمر اسکی اکہتر برس اور چند ماہ تھی و دولیت حیات قابض ارواح کے سپرد کرکے سفر آخرت اختیار فرمایا اور مدت اسکی حکومت کی بعد از وفات خدایگان کبیر بیس برس اور قدرے زیادہ تھی

بیان سلطان احمد شاہ گجراتی انار اللہ برہانہ کی فرمان روائی کا

سلطان احمد شاہ جم جاہ اپنے جد کی وصیت کے موافق متکفل حکومت خطۂ گجرات ہوکر رایات عدل و داد بلند کرکے رعیت پروری اور مظلوم نوازی مین ہمہ تن مشغول اور مصروف ہوا اور ولادت اسکی سنہ ۷۹۳ سات سو ترانوے ہجری مین ہوئی نجومیون نے اسکے طالع کے زائچہ سے دریافت کرکے حکم صادر کیا تھا کہ اس سے ایک ایسا امر ظہور مین آویگا کہ جسکے سبب اُسکا نام نیک جہان فانی مین باقی رہیگا ظاہر اوہ امر بنائے شہر احمد آباد گجرات ہے اور سنہ ۸۱۵ آٹھ سو پندرہ ہجری مین فیروز خان نے کہ بیٹا سلطان مظفر شاہ کا تھا خیر جلوس اسکی سُنکر نشان بغاوت [illegible] نصرت کا بلند کیا اور حسام الملک اور ملک بشیر اور ملک کریم خسرو اور جیو بند اور پیاگدہ اس لشکر کی کہ

مشاہیر امرائے مظفری تھے اور شرارت ذاتی اور فتنہ انگیزی مین موصوف اور معروف تھے ساتھ اس کے ملحق ہوئے اور فوج کے فراہم لانے مین مشغول ہوئے اور امیر محمود ترک حاکم کنبایت کو ساتھ اپنے متفق کرکے فیروز خان کو کنبایت کی طرف لے گئے اور سہیبت خان بن سلطان مظفر مع لشکر سورت کے حدود مین اُسکے پاس آیا اور سعادت خان اور شیر خان بن سلطان مظفر نے اپنی جاگیرون مین خبر سہیبت خان کے ملحق ہونے کی سنی تو وہ بھی کنبایت کی طرف گئے اور دریاے نربدہ کے کنارے لشکر گاہ کیا اور آپس مین مشورہ کرکے مع سات آٹھ ہزار سوار نہایت تجمل اور حشمت سے بروچ کیطرف گئے اور فیروز خان نے چتر سرخ سر پر مرتفع فرمایا اور سراپردہ اور بارگاہ بھی سرخ بہم پہونچاکر نشان کو فر کا بلند کیا اور ایک خط استعانت اور استمداد کے بارہ مین سلطان ہوشنگ کو ترقیم فرمایا اور سلطان ہوشنگ نے اس شرط پر قبول کیا کہ بعد از حصول مقصد ہر ایک منزل کا مصارف کرور تنگہ دیوے اور پیادگی اس اور جیو ند کی ہدایت سے زمیندارون کو اپنی اطاعت کے واسطے گھوڑا اور خلعت اور فرمان بھیجی اور سلطان احمد شاہ نے باوجود نوجوانی کے جلد بازی نہ کی بلکہ ایک خط نصیحت آمیز لکھکر ایک جماعت کے ہاتھ فیروز خان کے پاس روانہ کیا اور جب جیو ند ندیم کے فساد و شرارت کی وجہ سے پند و نصیحت سے کچھ فائدہ نہوا تو آدم بھیجکر کوتھڑی فوج کے ساتھ اُسکے دفعیہ کے لیے مامور کیا مگر یہ لوگ بعد جنگ شدید شکست کھاکر میدان نبرد سے مفرور ہوئے اور یہ فتح پیادگی اس کے نام ہوئی اور اس سے نخوت اور غرور نے اُسکے دماغ مین راہ پائی خود رفتہ ہوکر بہکنے لگا امرا تاب اُسکے تسلط کی نہ لائے سب نے متفق ہوکر اُسکے قتل مین مبادرت کی اور اکثر لوگ فیروز خان کی ملازمت سے جدا ہوکر سلطان احمد شاہ کے دربار مین روانہ ہوئے بادشاہ بکہرچ متواترہ بروچ کی طرف متوجہ ہوا جب فریقین قریب ہوئے تو فیروز خان مع برادران قلعہ بروچ مین متحصن ہوا اور سلطان احمد شاہ نے پھر ایلچی فیروز خان کے پاس بھیجکر پیغام کیا کہ میرے جد امجد سلطان مظفر شاہ نے بحکم قادر بیچون و بے نظیر اس ملک کے حل و عقد کی مہار اس بمقدار کے قبضۂ اقتدار مین سپرد کی شکر خدا کہ بنیاد قصر رفیع و استوار سلطنت امراے سپہر احتشام کی حسن اطاعت اور ارنام کی موافقت سے جیسا کہ چاہیئے استحکام رکھتی ہو مناسب ہے کہ آپ عمرو زید کے جمع ہوجانیسے مفرور اور فریفتہ نبودین اور افعال و اعمال قبیحہ سے نادم ہوکر دست تمسک دامن معذرت مین مضبوط کرین کہ بدی کا انجام بد ہے اور وہ جاگیر کہ جد امجد نے تمھین عنایت فرمائی ہے اُس پر قانع ہوکر امیدوار دیگر الطاف کے بھی رہو بھائیون نے بعد پہونچنے ایلچی اور سنے پیغام خیر انجام کے سب نے اندیشہ کیا اور سہیبت خان کو جو عم حقیقی سلطان احمد شاہ کا تھا بادشاہ کے پاس بھیجکر اظہار ندامت کیا سلطان نے اُس کو باقسام عواطف نوازش فرمائی اور رقم عفو اُن کے جرائد جرائم پر کھینچی اور سہیبت خان مشمول عنایت سلطانی ہوکر قلعہ بروچ کی طرف گیا اور باتفاق فیروز خان اور سعادت خان اور شیر خان سلطان کی ملازمت مین روانہ ہوئے اور اُس نے ہر ایک کو اُن مین سے بعنایت تازہ سرفراز فرماکر جاگیرون کی طرف رخصت کیا اور پٹن کی طرف سوار ہونے کی عزیمت کی کہ اس درمیان مین یہ خبر پہونچی کہ سلطان ہوشنگ جسکو فیروز خان نے کمک کے واسطے طلب کیا تھا دار الملک سے گجرات کی طرف آتا ہے سلطان احمد شاہ نے عماد الملک کو مع لشکر کثیر مستعد کارزار اس کے مقابلہ کے واسطے روانہ کیا اور خود بھی پیچھے سے مع جماعت ظاہری اور باطنی روانہ ہوا اور عماد الملک جو بسرعت تمام طی منازل کرکے سلطان ہوشنگ کے قریب گیا وہ بنایت شرمندہ و خائف ہوکر کوچ بر کوچ بے توقف و درنگ

اپنے ملک کی طرف راہی ہوا اور عماد الملک نے چند منزل پیچھا کیا اور اُن زمینداروں کو جو ہوشنگ شاہ کے شریک ہوئے تھے گرفتار کرکے مطیع اور فرمان بردار کیا سلطان احمد شاہ نے عماد الملک کے آجانے کے بعد اساول کی طرف کوچ کیا اور وہاں کی آب وہوا پسند کرکے آخر سال یعنی ۸۱۵ آٹھ سو پندرہ ہجری بعد از استخارہ واستشارہ حقائق پناہ شیخ بہو قدس سرہ کے دریاے سنبہرے کے کنارے ایک شہر جدید بناکر کے موسوم بہ احمد آباد کیا اور تھوڑے عرصہ میں انجام کو پہونچکر دار الملک سلاطین گجرات ہوا اور قصبہ اساول کو ایک محلات اُس شہر سے قرار دیا اور عمارات بادشاہوں اور بزرگوں کی پختہ ہی اور اکثر مکان سفالین ہین اور اس شہر کے سرے پر دربار بادشاہی کے متصل تین محراب خشت پختہ سے تیار کی ہین اور بیچ اور سارونج سے اُسپر استرکاری کی ہی اُسکو ترپولیہ کہتے ہین اور ایک بازار نہایت وسیع اور کشادہ ہی جیسا کہ دس ارابہ ایک دوسرے کے پہلو مین برابر جاسکتے ہین اور دوکانین خشت پختہ لاکھوری سے تیار کرکے اُسپر چونے سے استرکاری کی ہی اور قلعہ اور مسجد جامع بنیاد کرکے شہر کے باہر تین سو ساٹھ پورہ آباد کرکے ہر ایک پورہ مین بازار اور مسجد اور چاردیواری گرد اگرد تیار کی ہی اور اگر احمد آباد کی آبادی اور خصوصیات کی نسبت یہ کہا جاوے کہ تمام ہندوستان بلکہ کل جہان مین ساتھ اس عظمت اور آراستگی اور نفاست کے دوسرا شہر موجود نہین تو مبالغہ نہووے اور ابھی اُس سنہ مذکورہ سے کچھ باقی تھا کہ چارون بھائی ملک علائی بدر کے اعوا کہ سردار کلان سے تھا اور قرابت قریبہ بھی سلطان مظفر شاہ سے رکھتا تھا جادۂ اعتدال سے منحرف ہوکر اپنے کام کی فکر مین ہوئے اور اسپ مخالفت پر زین کس کے پانون رکاب بغاوت مین رکھا نمک اے ایدر کوکہ پانچ چھ ہزار سوار اور پیادہ رکھتا تھا بوعدہ عطاے قلعۂ ایدر ساتھ اپنے متفق کیا اور سید ابراہیم المخاطب برکن الدین خان جاگیردار مہراسہ بھی ساتھ اُن کے شریک ہوا اور جمعیت خوب فیروز خان کو بہم پہونچی اور سلطان احمد شاہ لشکر جمع کرکے مع شان شوکت بادشاہی مہراسہ کی طرف متوجہ ہوا اور اثناے راہ مین فتح خان رکن الدین خان کے کہنے سے احمد شاہ سے منحرف ہوکر فیروز خان کا شریک ہوا اور فیروز خان نے ملک بدر اور رکن خان کو قلعہ مہراسہ مین نگاہ رکھکر خود باتفاق راے نمل موضع انکھوہین جو مہراسہ سے پانچ کوس ہی مقام کیا اور سلطان احمد شاہ نے اپنے مشیوہ قدیم پر عمل کیا یعنی جب باغیون کے حدود مین پہونچا اول ایک جماعت علما کو ملک بدر اور رکن الدین خان کے پاس بھیجا تو پردۂ غفلت کا اُنکی نظر سے اُٹھاکر راہ راست کی طرف ہدایت اور دلالت کرین لیکن ایلچیون نے جب جواب حسب مدعا نہ سُنا رنجیدہ اور دلگیر ہوکر پلٹ آئے سلطان احمد شاہ صفوف حرب آراستہ کرکے قلعہ کی طرف روانہ ہوا اور فیروز خان نے خلاصہ لشکر اپنا ملک بدر کے واسطے بھیجکر اُسے جنگ کی ترغیب کی اس واسطے ملک بدر و رکن الدین خان اور انکس خان اور دوسرے سردار ظاہر حصار مین افواج کو مستعد بجنگ کرکے سلطان کے مقابل آئے لیکن ابھی نوبت استعمال سیف وسنان نہ پہونچی تھی کہ صولت بادشاہی نے اُن کے دل مین اثر کیا سراسیمہ اور بدحواس ہوکر قلعہ کی طرف بھاگے اور بتعجیل تمام قلعہ مین داخل ہوکر متحصن ہوئے احمد شاہ محاصرہ مین مشغول ہوا اور کئی مرتبہ ایلچی بھیجکر اُنھین صلح کے بارہ مین ترغیب کی ملک بدر اور انکس خان نے ارزاہ مکر و غدر کے جواب دیا کہ اگر فلان فلان امرا قلعہ کے پاس آنکر عہد و پیمان کرین تو ہماری خاطر جمع ہو اور ہم قلعہ سے برآمد ہوکر ملازمت مین حاضر ہوین سلطان احمد شاہ نے اُنکے حیلہ اور مکر سے غافل ہوکر خان اعظم آذر خان اور ملک الشرف

عزیز الملک توربیگ میمنہ کو اور نظام الملک اور سعد الملک توربیگ میسرہ کو جو عمدہ درگاہ اُسکے تھے اُن کے حسب التماس دروازہ قلعہ کے قریب بھیجا اور سمجھا دیا کہ مکرر اور غدر ملک بدر سے پرحذر رہنا اور قلعہ کے اندر نہ جانا ملک بدر اور نکس خان نے بوکالت فیروز خان دیوار قلعہ پر سے باتین ملائم کہین اور جب معلوم کیا کہ یہ جماعت یون گرفتار نہوگی کھڑکی قلعہ کی کھولکر ایقاع عمل کے بہانہ باہر آئے اور امرائے مذکور اُن سے قریب تر ہوئے اور گھوڑے پرسوار ہوکر اُنکی باتون مین مشغول ہوئے ناگاہ ایک جماعت کہ خندق مین بطور کمین کے تھی اُنکی طرف متوجہ ہوئی فیروز خان اور عزیز الملک ہمیز کرکے گھوڑے کو سرپٹ پھینک کر احمد شاہ کی خدمت مین حاضر ہوئے اور نظام الملک اور سعد الملک گرفتار ہوئے جس وقت کہ اُنھین قلعہ کی طرف لیچلے اُنھون نے بآواز بلند کہا کہ ہم تو گرفتار ہوئے سلطان ملاحظہ ہمارے حال کا نہ کرے قلعہ پر تاخت لاوے کہ یہ قلعہ ایک حملہ مین ہاتھ آئیگا سلطان احمد شاہ نے جنگ سلطانی کا حکم دیا اور بقولے اُسی دن اور بقولے بعد تین روز کے مفتوح کیا اور ملک بدر اور نکس خان تیغ قہر و غضب سے مارے گئے اور نظام الملک اور سعد الملک دونون سلامت احمد شاہ کی ملازمت مین مشرف ہوئے فیروز خان اور مَلِک راے ایدر پہاڑ اور جگل بن در آئے اور بعضے کتب تواریخ مین یہ حکایات بنوع دیگر مسطور ہے اختصار کیواسطے اُسکے ذکر مین نہین مشغول ہوا اور مَلِک نے فیروز خان سے مخالفت کرکے تمام ہاتھی اور گھوڑے اور سامان شوکت اُسکا چھین لیا اور خدمتانہ اپنا ظاہر کرنے کو احمد شاہ کے پاس بھیجا اور فیروز خان ناچار ہوکر ناگور کی طرف جاکر وہان کے حاکم کے ہاتھ سے مقتول ہوا

جھالاوار

اور سنہ ۸۱۶ آٹھ سو سولہ ہجری مین سلطان احمد شاہ نے راجہ جلوارہ پر لشکر کشی کی اور راجہ نے سلطان ہوشنگ سے مدد کی درخواست کی اور احمد سرگنجی اور شہ ملک بیٹا شیخ ملک آدم بھنجانے کہ امراے عظام مظفر شاہی سے تھے برشک و حسد ایک جماعت سے کہ احمد شاہ کی درگاہ مین مقرب ہوکر مہمات جمیع خلائق ساتھ اُنکے رجوع کیے گئے تھے چونکہ اُس عرصہ مین سلطان احمد جلوارہ مین تھا میدان خالی پاکر علم طغیان اور عصیان بلند کیا اور مردم واقعہ طلب و فتنہ جو اطراف و اکناف سے اُنکے پاس فراہم آئے بہت ولایت گجرات کو تاراج کیا اور ہوشنگ شاہ جب راجہ جالوار کی تحریک کے موافق پہونچا اور اتفاق امر بھی اُسکے ساتھ شکر حقوق سابق احمد شاہ کو بالکل خاطر سے فراموش اور محو کرکے فرصت غنیمت جانی اور نہایت سامان سے گجرات کی طرف متوجہ ہوا اور اُس کی تاراجی اور خرابی مین تقصیر نہ کی سلطان احمد شاہ نے مقدمات جالوار کو اور وقت پر محول کرکے باشوکت وصولت تمام چنپانیر کے اطراف مین آکر نزول اجلال فرمایا اور ملک عماد الملک سمرقندی کو مع لشکر جنگجو ہوشنگ شاہ کے مقابلہ اور مقاتلہ کو روانہ کیا اور اپنے چھوٹے بھائی لطیف خان کو جو بڑا لیاقت دار تھا بہ اتابکی نظام الملک شہ ملک اور احمد سرگنجی اور امراے دیگر کے مدافعہ کے واسطے تعین فرمایا اور ہوشنگ شاہ جو لشکر گجرات کی جنگ سے مظفر شاہ کے عہد مین خوف زدہ تھا اسپ ہزیمت کی باگ گجرات کی طرف سے ایسی موڑی کہ دھارتک کسی مقام مین دم نہ لیا اور شہ ملک اور احمد سرگنجی وغیرہ جو وساوس نفسانی اور خطرات شیطانی سے باغی ہوئے تھے وہ بھی بدحواس اور سراسیمہ ہوکر مفرور ہوئے اور شہزادہ لطیف خان اور نظام الملک اُن کا پیچھا کرکے پہلی منزل مین اُن کے ساز و سامان اور اموال و اثقال پر متصرف ہوئے اور آخر شہ ملک اور احمد سرگنجی ناچار ہوکر پلٹ پڑے اور جنگ کرکے شکست پائی اور دوسری روایت سے یون واضح ہوتا ہے کہ شہ ملک نے اُنکے تعاقب سے بہ تنگ آکر شبخون مارا اور اپنے مقصد کو نہ پہونچا بلکہ

ایک جماعت کو ضائع اور برباد کرکے راجا کرنال کے پاس بھاگا اور احمد شاہ نے بعد فتوح ارجمند اور دفع گردند مستقر اجلال اور مقر اقبال کی طرف معاودت فرمائی اور جو تعریف کوہ کرنال اور اُس کے استحکام کی اُسنے نہبت سُنی تھی اور اُسطرف کے راجہ نے اُس زمانہ تک کسی حکام اہل اسلام کی اطاعت نہ کی تھی سنہ ۸۱۷ھ آٹھ سو سترہ ہجری مین رائے کرنال کی گوشمال کے واسطے سیر کے بہانہ اُس طرف نہضت فرمائی اور بعد اُسکے وہان کے پہاڑون پر آیا رائے کرنال مع اقبال ولشکر بیشمار چند مقام مین اُسکا سد راہ ہوا اور ہر مرتبہ افواج شاہی کی سیلاب تند کے مقابل اُسے توقف میسر نہ ہوا پسپا ہوکر قلعہ اول مین جو اسوقت ساتھ جونہ گڈھ کے اشتہار رکھتا ہے قلعہ بند ہوا اور سپاہ اسلام نے چارون طرف سے یورش کرکے اسے گھیرا اور حکام مردم درونی پر تنگ کرکے عاجز کیا راجہ بعجز تمام پیش آیا اور ارسال تحف و ہدایا اور قبول باج اور خراج ہر سالہ اپنے ذمہ ہمت کرکے بادشاہ کو راضی کیا اور بادشاہ نے سید ابوالخیر اور سید ابوالقاسم دونون بھائیون کو جو امرائے کبار سے تھے مال مقرری کی تحصیل کے واسطے اس سرحد پر مقرر فرمایا اور عنان عزیمت احمد آباد کی طرف معطوف فرمائی اور اثنائے راہ مین بیدپور کے بتخانہ کو جو ساتھ اقسام زیور اور نقوش کے آراستہ تھا بیخ و بن سے منہدم کرکے خاک برابر کیا اور اموال بیقیاس پر متصرف ہوکر بہت مستحقین گجرات کو غنائم سے بہرہ مند کیا اور اُسی سال فرخندہ مآل مین ملک تحفہ کو جو جاگیرات بہنکر سے سرفراز تھا خطاب تاج الملکی دے کر مع سپاہ خیر خواہ بقصد غزائے کفار جو گجرات کے اطراف واکناف مین سرکش تھے مقرر کیا اور اُسنے بیدینون پر جہاد کرنے مین اور متمردون کے قتل اور باغیون کی گوشمالی مین جہد موفور پیش پہونچائی اور بار جزیہ اور خراج اُنکی گردن پر رکھا اور بہت مشرکون کو حلقہ اسلام مین لایا اور ممالک گجرات کا ایسا مضبوط کیا کہ کوئی شخص نام کرا سلام رسوا سے کانہ سنتا اور سنہ ۸۱۹ آٹھ سو اونیس ہجری مین سلطان احمد شاہ بہ قصد غزا اور جہاد طرف ناگور کے سوار ہوا اور راہ مین متجسس احوال معابد کفرہ اور متلاشی اخبار مساکن اصنام فجرہ رہتا جس جگہ سُراغ بتخانہ کا پاتا تھا بعد بت شکنی کے اُسے بیخ و بن سے اُکھاڑتا تھا اور غنائم وافر لیتا تھا اور جب ناگور مین پہونچا اُس کی تسخیر اور محاصرہ کی کوشش کی اور جب خضر خان والی دہلی اُس طرف عازم ہوا اور موضع تنگ مین پہونچا احمد شاہ نے وہان سے برخاست کرکے مالوہ کے اطراف سے گذر کر احمد آباد کی طرف معاودت فرمائی چونکہ کبھی کبھی والی آسیر ملک نصیر اور سلطان ہوشنگ حاکم مالوہ دشمنی کی قدم سے حظہ سلطان پور اور ندربار کو برہم اور پامال کرتے تھے اور قسم قسم کی مزاحمت پہونچاتے تھے سلطان احمد نے سنہ ۸۲۱ آٹھ سو اکیس ہجری مین اسطرف کوچ کیا اور ابھی منزل مقصود کو نہ پہونچا تھا کہ ایک فوج عظیم اور جم غفیر قلعہ تنبول کی سرحد پر جو گجرات و دکن اور خاندیس کی سرحد مین واقع ہے نامزد کی اور اس کے بعد خود بدولت اقبال ندربار کے حوالی مین پہونچا ملک نصیر نے بھاگ کر آسیر مین دم کیا اور وہ جماعت جو قلعہ تنبول کی طرف روانہ ہوئی تھی وہان کے راجہ کو ولاسا اور تشفی کرکے مع تحف و ہدایا سلطان کی پابوس کے واسطے لائے اور موسم برسات بھی آپہونچا تھا سلطان احمد شاہ احمد آباد کی سمت عنان عزیمت معطوف کرنے پر تھا کہ مخبران سریع السیر نے خبیث سمع مبارک مین پہونچائی کہ راجہ ایدر اور چنپانیر و مندل اور نادوت نے عرائض پیہم بھیجکر سلطان ہوشنگ کو گجرات کی سمت طلب کیا ہے اور اُسی وقت ایک شتر سوار تیز رفتار خطہ ناگور سے نوروز کے عرصہ مین ندربار مین پہونچا اور عریضہ فیروز خان بن شمس خان دندانی لایا مضمون اُس کا یہ تھا کہ سلطان ہوشنگ نے آپ کو دور دیکھکر تسخیر گجرات

کا ارادہ کیا ہو اور اس گمان سے کہ بندہ کو آنحضرت کے ساتھ صفائی عقیدت نہین ہی فقیر کو لکھا ہی کہ زمیندارا ن گجرات نے عرائض اخلاص اور مکتوبی بھیجکر مجھے طلب کیا ہی لہذا مین عازم گجرات ہون آپ بھی جلد مستعد ہوکر تشریف لائین کہ بعد از فتح گجرات ولایت نہروالہ آپ کے پیشکش کرونگا جو حضرت میرے قبلہ و کعبہ ہین لہذا واجب لازم جانکر اطلاع کی سلطان احمد شاہ نے باوصف موسم بارش بکوچ متواترہ آب نربدہ سے عبور کرکے مہندری مین نزول کیا اور کچھ لشکر انتخابی ہمراہ لے کر بطور یلغار ایک ہفتہ کے عرصہ مین مہراسہ کے اطراف مین پہونچا اور سلطان ہوشنگ نے اُس کی توجہ سے بدحواس اور سراسیمہ ہوکر اپنا سر کھجایا اور بجناح استعجال اپنے دارالملک کی طرف روانہ ہوا سلطان احمد شاہ نے اجتماع سپاہ کے واسطے چند روز مہراسہ مین مقام کیا راجہ سورت نے یہ خبر سُنکر سر حلقۂ اطاعت سے نکالا اور اوسے مال مقرری اور خراج معمولی سے انکار کرکے قدم اپنے اندازہ سے باہر رکھا اور ملک نصیر نے بھی فرصت پاکر استخلاص قلعۂ تھالیز کے بارہ مین کہ جو اُس کے بھائی ملک افتخار کے تصرف مین تھا کوشش کی اور سلطان ہوشنگ نے اپنے فرزند غزنین خان کو مع ایک جماعت امرا اُس کی کمک کو بھیجکر سلطان پور کی طرف مزاحمت بہت پہونچائی اور ملک احمد صاحب نے صوبہ سلطان پور مین قلعہ بند ہوکر عرضیان شکایت آمیز درگاہ مین ارسال کین اور سلطان احمد شاہ نے مہراسہ سے ملک محمود ترک کو مع لشکر بزرگ راے سورت کے دفع تمرد کے واسطے نامزد فرمایا یہان تک کہ اُس نے وہان جاکر بعد قتل و غارت مال مقرری وصول کیا اور اسی طور سے محمد ترک اور مخلص الملک کو جو سرداران کلان سے تھے ملک نصیر اور غزنین خان کی گوشمالی کے واسطے ارسال کیا اُنھون نے بھی اثناے راہ مین نادوت پر تاخت کرکے وہان کے راجہ سے بزور شمشیر پیشکش لی اور جب سلطان پور کے اطراف مین پہونچے ملک نصیر تھالیز کی طرف پناہ لیگیا اور غزنین خان کو محیط اپنا دیکھکر بذریعۂ محمد ترک ایک جماعت سلطان کی ملازمت مین بھیجی اور بعد آمد و شد بسیار سلطان نے رقم عفو اُس کی جریدۂ جرائم پر کھینچی اور خلعت فاخرہ سے مخلع کرکے خطاب نصیر خانی دے کر اتمیاز بخشا اور احمد آباد کی طرف سوار ہوا اور دوسرے سال کے سفر مین یعنے ۸۲۳ھ آٹھ سو بائیس ہجری مین گجرات نظام الملک کے سپرد کیا اور راجہ مندل سے انتقام لینا اُس کے حوالہ کیا اور خود بدولت مہراسہ سے سلطان ہوشنگ کی تنبیہ اور تادیب کے لیے مالوہ کی طرف مع لشکر آراستہ باوجود حرارت ہوا اور تنگی راہ کوچ بر کوچ روانہ ہوا اور سلطان ہوشنگ نے بھی مقابلہ کے واسطے تاخت کی اور کالیا وہ مین پشت بر دیوار کرکے زمین قلب مین فروکش ہوا اور اپنے سامنے کے بڑے درخت قطع کرکے خاربندی کی اور سلطان احمد شاہ نے صحراے کشادہ مین ایستادہ ہوکر یہ تجویز کی کہ سردار میمنہ کا احمد ترک اور میسرہ کا ملک فرید اور عماد الملک سمرقندی اور محافظ بنگاہ کا عضد الدولہ ہو اتفاقاً اس ہنگام مین کہ متوجہ جنگ گاہ ہوا عبور اُس کا ملک فرید کے دائرہ پر پڑا اور اس جگہ ایک خدمتگار کو اُس کی طلب کے واسطے بھیجا اور اُسے خطاب اُس کے باپ کا عماد الملک ارزانی فرماکر چاہا کہ اپنے ہمراہ لیوے ایلچی نے پلٹ کر عرض کی کہ ملک فرید تیل بدن پر ملکر بعد ایک ساعت کے آوے گا سلطان نے کہا آج روز جنگ ہی اور فرید اس تاخیر سے آخر افسوس اور ندامت کھینچیگا اسی عرصہ مین ملک فرید بلا توقف جنگ گاہ کی طرف متوجہ ہوا جب

دونون بادشاہ ایک دوسرے کے مقابل ایستادہ ہوئے اور لشکر فریقین جوش وخروش مین آئے ایک ہاتھی فوج سلطان احمد شاہ سے سلطان ہوشنگ کے لشکر کی طرف متوجہ ہوا ہوشنگ شاہ نے سوارون کو ہر طرف دوڑایا غزنین خان بن ہوشنگ شاہ نے تیرخانہ کمان مین جوڑکر ہاتھی کے ماراوہ زخم کھاکر پلٹ آیا پھر ہر طرف سے بہادران جنگجو برآمد ہوکر گجراتیون کی فوج پر حملہ آور ہوئے اور اضطراب تمام مردم گجرات کے دل مین پیدا ہوا اور چونکہ ہوشنگ شاہ فیروز جنگ نہ تھا صورت فتح اُسے جلد دکھائی نہ دیتی تھی اس عرصہ مین ملک فرید بھی میدان کی طرف متوجہ ہوا ہر چند کوشش کی ضیق راہ اور خاربندی کے سبب راہ نہ پائی عاقبت الامر ایک شخص نے کہا کہ مین ایک راہ جانتا ہون اور ممکن ہے کہ مین تمام لشکر کو عقب غنیم فراہم لاؤن ملک فرید خوشحال ہوا بلا توقف قدم راہ مین رکھا اور جسوقت دونون مل گئے تھے اور غالب اور مغلوب کی تمیز نہوئی تھی ناگاہ ملک فرید سلطان ہوشنگ کے پیچھے سے ظاہر ہوکر شیر گرسنہ کی طرح اُسپر حملہ آور ہوا سلطان ہوشنگ نے اُسوقت بھی حرب سخت کی جب نصیب نے یاری نہ کی اور کام ہاتھ سے گیا باگ معرکہ سے پھیر کر مندو کی طرف راہی ہوا سلطان احمد شاہ منظفر اور منصور ہوکر تھوڑا تعاقب کرکے فروکش ہوا اور گجرات کے سپاہیون نے ایک کوس مندو تک پیچھا کیا چونکہ سلطان ہوشنگ بدحواس ہوکر بھاگا تھا غنیمت بہت فوج کے ہاتھ آئی صغیر وکبیر متمول اور مالامال ہوئے اور درخت شمار اور غیر شمار جس قدر کہ مندو کے اطراف مین تھے قطع کرکے خرابی مین کوئی دقیقہ فروگذاشت نہ کیا اور جو موسم برسات پہونچا تھا احمد شاہ عازم مراجعت ہوا اور ولایت چنپانیر اور نادوت کو کہ سر راہ تھی دونون کو پامال اور تاراج کیا اور احمد آباد مین نزول اجلال کرکے جشن متواتر اور پیہم کرکے مستحقین اور علما اور سادات کو سبلہائے خطیر سے سرفراز کیا اور جس شخص سے اُس معرکہ مین تھوڑا تردد بھی واقع ہوا تھا اسے الطاف خسروی سے امتیاز بخش کر خطاب ارزانی فرمائے اور اواخر سنہ مذکور مین سلطان احمد شاہ نے قلعہ سونگڑہ کی مرمت کرکے ایک مسجد تیار کی اور پھر اندراون کی سمت روانہ ہوا اور مالوہ کی تاخت وتاراجی کا حکم فرمایا چونکہ ایلچی سلطان ہوشنگ کے حاضر ہوکر طالب صلح ہوئے سلطان احمد شاہ نے قبول کیا اور مراجعت کے وقت ولایت چنپانیر کو بھی غارت کیا اور سنہ ۸۲۳ آٹھ سو تیئیس ہجری مین پائے عزیمت رکاب سعادت مین لاکر بقصد تسخیر چنپانیر سوار ہوا اور منزل مقصود پر پہونچکر محاصرہ مین مشغول ہوا اور جب وہان کا راجہ بعجز وانکسار پیش آیا سلطان احمد شاہ نے پیشکش لے کر زر ہر سالہ اُس پر مقرر کیا اور اپنے دارالملک کی طرف معاودت کی اور چونکہ سلطان ہوشنگ نے پھر ستھان موحش سے نزہت سرائے خاطر کو غبار ملال سے مکدر کیا تھا سلطان احمد شاہ نے سنہ ۸۲۵ آٹھ سو پچیس ہجری مین مع سپاہ نصرت ہمراہ رکاب ظفر انتساب لے کر ولایت مالوہ پر چڑھائی کی اور قلعہ مندو پر پہونچکر سارنگ پور کے دروازہ کی طرف نزول اجلال فرمایا اور حتی الامکان محاصرہ مین کوشش کرکے امرا پر مورچل قسمت کیے اور جو سلطان ہوشنگ اُس قلعہ کے استحکام کے سبب سے مطمئن اور نازان تھا اور چاہتا تھا کہ ایسا کام کرون کہ صفحہ دہر پر وہ حکایت ثبت ہوکر اُس سے ایک یادگار دست روزگار رہے پھر تخت گاہ کو اپنے ایک ارکان دولت کے جو فرعقل اور زیادتی تہور اور شجاعت سے موصوف تھا سپرد کرکے خود مع چھ ہزار سوار چیدہ دروازہ ناگور سے برآمد ہوکر جاجنگر کی طرف متوجہ ہوا کہ ہاتھی مست

اور خوب دستیاب کرکے مراجعت کرے اور جب اپنی قوت مروی سے جا جنگر کیطرف گیا اور ساتھ اُس تفصیل کے کہ اپنے مقام مین ذکر اُسکا ثبت ہوا ہی فیلان قوی ہیکل لیکر بعد چھ ماہ کے پلٹ آیا اور دار الملک مین داخل ہوا تو لوگون نے نشان کنگرہ پر بلند کرکے نقارے شادی کے بجائے سلطان احمد شاہ نے کہ سلطان ہوشنگ کے سفر سے واقف نہ تھا سبب نشان کنگرہ پر بلند کرنے اور نقارے شادی کے بجانے کا استفسار فرمایا خدمتگارون نے حقیقت حال جو کہ دریافت کی تھی معروض کی سلطان احمد شاہ نے اس امر سے متعجب ہوکر فرمایا کہ ایسے قلعہ سنگین کی کیا تدبیر کردن کہ باوجود ایسی سپاہ کے کہ قلعہ کو ہر اطراف سے محاصرہ کرکے مقیم ہی وہ قلعہ سے برآمد ہوکر مملکت بیگانہ دور دست مین جاکر چھ مہینے کے بعد واپس آیا اور یہین اصلا خبر نہوئی پھر اُس قلعہ کی تسخیر سے قطع نظر کرکے ولایت مالوہ مین آیا اور اُس ناحیہ مین خرابی بہت پہونچائی اور اُس سے اور سلطان ہوشنگ سے چندمرتبہ جنگ واقع ہوئی اور تائیدات آسمانی سے ہر دفعہ غالب آنکر گجرات کیطرف معاودت فرمائی اور میرے اُستاد ملا احمد نے تاریخ الفی مین یہ حکایت اسطور سے مرقوم خامہ صحت فرمائی ہی کہ سنہ ۸۲۵ آٹھ سو پچیس ہجری مین سلطان ہوشنگ سوداگرون کا لباس پہنکر جا جنگر کیطرف گیا اور سلطان احمد شاہ کو خبر پہونچی کہ عرصہ سے سلطان ہوشنگ ولایت مالوہ سے کسی طرف جاکر پوشیدہ ہوا ہی اور امرا اور افسران سپاہ اُس کی ولایت تقسیم کرکے متصرف ہوئے ہین بدین سبب ولایت گجرات سے بکوچہائے متواتر مالوہ کے سمت متوجہ ہوا اور قلعہ مہیر کو کہ ممالک مالوہ سے ہی بصلح لیکر قلعہ مندو کے قریب آیا اور جب امرا بایقدام ممانعت و مدافعت پیش آئے محاصرہ مین مشغول ہوا اور لشکر تاخت کیواسطے اطراف مالوہ مین بھیجا اور آبادی سے نشان باقی نرکھا جب موسم برسات آیا اور سمجھا کہ یہ قلعہ آسانی سے بلکہ مطلقاً فتح نہوگا کوچ کرکے اُجین کیطرف روانہ ہوا اور مملکت سپاہ کو تقسیم کرکے اُس کے محصول پر متصرف ہوا اور اسباب قلعہ کشائی کا مثل منجنیق اور ارابہ وغیرہ گجرات سے طلب کیا اور جب ملک مقرب کوتوال جو کچھ طلب کیا تھا وہ احمد آباد سے لایا تو سلطان احمد شاہ پھر دوبارہ قلعہ مندو کیطرف گیا اور ملک مقرب کو تارا پور کی راہ کے انتظام کے واسطے مقرر کیا اور خود لوازم محاصرہ مین مشغول ہوا اس وقت خبر سلطان ہوشنگ کے معاودت کی شائع ہوئی سلطان احمد شاہ نے اپنے امرا کو جو پرگنات کے لینے مین مصروف تھے سب کو ایکجا فراہم کرکے ارشاد کیا کہ بدستور سابق ولایت کے درمیان مقام کرکے جہات اربعہ پر متصرف ہو یہ کہکر مندو سے سارنگ پور کی جانب روانہ ہوا جب سلطان ہوشنگ نے اُسکے ارادہ سے اطلاع پائی خود دوسرے راستہ سے سارنگ پور پہونچ گیا اور از راہ مکر و غا ایلچی سلطان گجرات کے پاس بھیجکر اس قدر تملق اور خوشامد کی کہ سلطان احمد شاہ نے سارنگ پور کے قریب پہونچکر خندق کنی اور خار بندی اور شب بیداری مین سستی کی اور اسی شب کو کہ شب دوازدہم محرم سنہ ۸۲۶ آٹھ سو چھبیس ہجری تھے سلطان ہوشنگ نے یکبارگی اُس کے اُردو پر شبخون لیجاکر بہت گجراتیون کو کہ غافل تھے قتل کیا اور بقیۃ السیف متفرق اور پریشان ہوئے سلطان احمد شاہ جب بیدار ہوا تو دولتخانہ کے دروازہ پر ملک جونا رکابدار کے سوا کسی متنفس کو وہان نپایا اور گھوڑے چوکی کے جو حاضر تھے ایک گھوڑے پر خود سوار ہوا اور دوسرے پر ملک جونا کو سوار کرکے صحرا کیطرف متوجہ ہوا اور وہان پہونچکر ایک گوشہ محفوظ مین ایستادہ ہوکر بعد ایک ساعت کے ملک جونا کو اُردو کیطرف مخبری کو بھیجا ملک جونا جب اُردو مین آیا دیکھا کہ ملک مقرب اور ملک فرید مع اپنے مردمان ہمراہی کے دولتخانہ کی روانگی کا ارادہ رکھتے ہین سب نے اُسے دیکھکر

سلطان احمد شاہ کی خبر پوچھی ملک جونا حقیقت حال بیان کرکے دونون کو ہمراہ لیکر سلطان کی خدمت مین حاضر ہوا جو سلطان مسلح نہ تھا ملک مقرب نے اپنے تجہیز سلطان کے ترتیب تن کیے اور جنگ کی رخصت طلب کی سلطان نے فرمایا ایک ساعت تامل اور تحمل کرو کہ سپیدۂ صبح ظاہر ہووے اور ملک جونا کو پھر اُردو کیطرف بھیجا تو تفحص حال کرے کہ سلطان ہوشنگ کہان ایستادہ ہی اور کس کام مین مشغول ہی وہ خبر لایا کہ فوج غنیم غارت مین مصروف ہی اور سلطان ہوشنگ مع اسپان وفیلان خاصہ اور سپاہ قلیل سے فلان مقام مین اُردو کے کنارہ ایستادہ ہو کر تاراجی کی سیر کرتا ہی سلطان احمد شاہ طلوع صبح کے وقت کہ فی الحقیقت صبح اقبال تھی مع ایک ہزار سوار سلطان ہوشنگ کے دفع کیواسطے متوجہ ہوا اور جب قریب پہونچا سلطان قمرنیہ اور لباس سے اسے پہچانکر آگے بڑھا اور دونون بادشاہون مین جنگ عظیم ہوئی اس قدر دونون نے جانبازی مین بہ نفس نفیس کوشش فرمائی کہ دونون زخمی ہوے اس عرصہ مین فیلبانان گجراتی ان ہاتھیون کو جن پر سوار گرفتار ہوئے تھے اپنے صاحب کو پہچانکر باتفاق یکدیگر ہاتھیون کو ہوشنگ شاہ کی سپاہ پر ریلکر حملہ آور ہوئے سلطان ہوشنگ تاب مقاومت نہ لاکر بدحواس ہو کر قلعۂ سارنگ پور کی طرف بھاگا اور جو کچھ گجراتیون کے اُردو لوٹ سے لیگئے تھے پھر اُنکے ہاتھ آیا اور علاوہ اس کے سات ہاتھی نامی جاجنگر والے شوکت احمد شاہ مین اضافہ ہوے اور جب وہ سارنگ پور کے محاصرہ سے بتنگ آیا بقصد معاودت وہان سے برخاست کی اور سلطان ہوشنگ فرصت پاکر سارنگ پور کے قلعہ سے برآمد ہوا اور سلطان احمد شاہ کو پیچھا کرکے قتل وغارت مین تقصیر نہ کی اور سلطان احمد شاہ اس مرتبہ بھی مظفر اور منصور ہوا جنگ نہایت سخت کی اور چار ہزار اور نو سو نفر مالوی مارے گئے سلطان ہوشنگ دوبارہ قلعہ سارنگ پور مین درآیا اور پھر گئی ہاتھی فیلبان جاجنگر سے کہ سلطان ہوشنگ اُنسے نہایت تعلق خاطر رکھتا تھا فیلبان گجراتی مین شریک ہوئے اور اس کے بعد سلطان احمد سالما غانما احمد آباد کی طرف خرامان ہوا اور شیخ احمد کنبو کا کہ اُس نے فتوحات کی بشارت دی تھی اعزاز واحترام بہت فرمایا گجراتیون کا اُس جناب کے دل مین اعتقاد اور اخلاص اندازہ سے زیادہ بہم پہونچا اور اس وجہ سے کہ اہل لشکر نے اس سفر مین نہایت محنت اور مشقت کھینچی تھی چند سال استراحت مین مشغول ہوئے اور سنہ ۸۲۹ آٹھ سو اُنتیس ہجری مین اپنے شہنشاہ صاحب اقبال کے ہمراہ رکاب ایدر کیطرف متوجہ ہوئے اور سلطان احمد شاہ نے نہر صابرمتی کے کنارہ ایک شہر جدید احداث کرکے اسکا نام احمد نگر رکھا اور ایک قلعہ بھی اُس کے پہلو مین بنا فرمایا اور افواج اس ولایت کے حدود مین بھیجکر آتش غضب ہر تر وخشک مین لگائی اور جو شخص ہاتھ آیا اُسے زندہ نچھوڑا اور آخر کو سلطان احمد شاہ احمد نگر سے کوچ کرکے مع خیل وحشم ولایت ایدر مین آیا اور سوائے اُس قلعہ کے کہ سلطان مظفر شاہ نے لیا تھا ایک روز مین تین قلعہ اس مملکت کے مفتوح فرمائے اور پونجا راے وہان سے بھاگ کر بیجانگر کے پہاڑ پر پناہ لایا اور سلطان نے احمد نگر کی طرف معاودت کی اور دوسرے سال کہ سنہ ۸۳۰ آٹھ سو تیس ہجری تھی قلعہ اور شہر مذکور اتمام کو پہونچا پھر عنان عزیمت ولایت ایدر کی تسخیر کے واسطے منعطف کی اور پونجا راے نے اپنے باپ دادا کا اندوختہ صرف کرکے سوار اور پیادہ بہت بہم پہونچائے اور بقدر امکان دست وپا مارے آخر کو ناچار ہو کر اپنی مملکت موروثی سے نکلگیا اور پرگار کے مانند اپنی ولایت کے گرد پھر کر حرکت مذبوحی کرتا تھا یہان تک کہ جمادی الاول کی پانچوین تاریخ سنہ ۸۳۱ آٹھ سو اکتیس ہجری مین ایک جماعت

شکریان سلطان سے بجایت ایک جماعت لشکر کے علف لانے کے واسطے دامن کوہ ایدر مین روانہ ہوئی پونجارے نے فرصت پاکر اُن پر حملہ کیا اور بعد جنگ شکست کھاکر مراجعت کی لیکن ایک ہاتھی نامی فیلبان بزرگ گجراتیون سے دستیاب کرکے ہمراہ لیے جاتا تھا گجراتیون نے فیل کے لیجانے سے اُسکا تعاقب کیا اور پہاڑ کے درے ن کہ راستہ تنگ تھا یکایک اُسکے سر پر جا پہونچے چونکہ راستہ ایک تھا پونجارا ے نے جنگ پر آمادہ ہوکر گجراتیون وحرب سے باز رکھا لیکن فیلبان نے کہ نہایت مردانہ تھا جب دیکھا کہ پیچھے کمک پہونچی اور فرصت ہی حق نمک کا پاس رکے حالانکہ پر کمر باز تھی اور ہاتھی پونجارا ے کیطرف ہولکر دوڑایا اور گھوڑا اُسکا رم کرکے پہاڑ سے گرا راکب اور مرکوب دونون ہلاک اور قصہ پاک ہوا فیلبان بغیر اُس کے کہ کوئی اس امر سے واقف ہووے ہاتھی کو لشکر گجرات مین لایا ور مرحوم ایدر شکست کھاکر اپنے مالک کی بلاش خاک وخون مین آغشتہ چھوڑکر اپنے مقام پر گئے کسی نے اس کی نبر نہ لی دوسرے دن اتفاقات سے ایک شخص سلطانی پونجارا ے کی لاش پر گذرا اور اُسے پہچانا اور سر اُسکا تن سے جداکرکے سلطان احمد شاہ کے روبرو لایا سلطان اس حال کی تحقیق کے واسطے کہ یہ سر کس کا ہے آدمی اُسکے شناخت کو طلب کیے کسی نے اُسے نہ پہچانا آخرالامر ایک شخص کہ چند روز پونجارا ے کا نوکر رہا تھا من بعد مت مدید سے گجراتیون کی اُردو مین نوکری کرتا تھا حاضر آیا جب نظر اس کی پونجارا ے کے سر پر پڑی پہچانا اور اس سبب سے کہ اُسکا نمک کھایا تھا پہلے اُس سر کا سجدہ کیا اس کے بعد احمد شاہ سے عرض پیرا ہوا کہ یہ سر پونجارا ے کا ہے سلطان کو اُس کی وفاداری پسند آئی اُسپر نظر التفات مبذول فرماکر بزرگ کیا **بیت** شباش غافل از اخلاص وکارسازی اوچہ بہرہ مند کند عاقبت ترا اخلاص پھر سلطان دوسرے دن ایدر کی طرف متوجہ ہوا اور افواج بھیجکر اُس ولایت ایدر اور بیجانگر کے مواضع کی خرابی کا حکم صادر فرمایا اور پیرا و فرزند پونجارا ے جو نائب مناب پدر رہوکر اپنے قبیلہ کا حاکم ہوا تھا ذمہ وار باج وخراج ہوکر یہ اقرار کیا کہ مین ہر سال تین لاکھ تنکہ نقرہ بلا عذر خزانۂ عامرہ مین داخل کرونگا اور احمد شاہ نے صفدر الملک کو احمد نگر مین چھوڑکر ولایت کنوارہ کو پامال اور تاراج کرکے احمد نگر کی طرف مراجعت کی اور سنہ ۸۳۲ آٹھ سو بتیس ہجری مین سلطان احمد شاہ نے پھر ایدر پر چڑھائی کی اور صفدر کی چھٹی تاریخ سنہ مذکور مین ایک قلعہ سنگین ایدر کا فتح کیا اور قلعہ مین داخل ہوکر شکر الٰہی بجالایا پھر اس تین مسجد جامع بناکر احمد نگر تشریف لے گیا اور سنہ ۸۳۳ آٹھ سو تینتیس ہجری مین راجہ کانتھا اور جالوارہ کے راجہ کو یقین ہوا کہ سلطان ایدر کی مہم سے فارغ ہوا اب ہم پر چڑھائی کرکے ہاتھ صاف کریگا صلاح جلاوطنی مین دیکھی اور اسباب واموال لے کر راہ فرار نا پی اور جب خبر احمد آباد مین پہونچی ایک فوج اُن کے تعاقب مین روانہ ہوئی راجہ کانتھا نے اُفتان وخیزان اپنے تئین ولایت آسیر اور برہان پور مین پہونچایا اور دو فیل رکاب مفلوک نصیر خان کے پیشکش کیے اور اُس نے بسبب حمایت قرابت بادشاہان دکن سلطان گجرات کے حقوق تربیت کو عقوق سے مبدل کرکے اُس کو اپنی ولایت مین جگہ دی اور بعد چند روز کے کانتھا نے نصیر خان کی صلاح سے سفارش نامہ اپنا سلطان احمد شاہ بہمنی کے پاس بھیجکر التماس اعانت کی وہان سے کچھ لشکر اُسکی مدد کے واسطے تعین ہوا تو کچھ مواضع نذر بار اور سلطانپور کے تاخت اور تاراج کیے سلطان احمد شاہ نے اپنے بڑے بیٹے محمد خان کو اُس مہم کے تدارک کیواسطے مع مقرب الملک سپہ سالار اور افغان کلان مثل سید

ابوالخیر اور سیّد ابوالقاسم اور سید عالم اور افتخار الملک کو دربار مین بھیجا اور جنگ کرکے لشکر دکن پر ظفر پائی چنانچہ ایک جماعت کثیر دکنیون سے قتیل اور اسیر ہوئی اور بقیۃ السیف دولت آباد کی طرف بھاگے اور جب یہ خبر سلطان محمد شاہ بہمنی کو پہونچی اپنے فرزند بزرگ شہزادہ علاء الدین اور منجھلے بیٹے مشہور خانخانان کو شہزادہ کی جنگ کے واسطے بھیجا اور قدر خان دکنی کو جو امرائے معتبر دکن سے تھا سپہ سالار کرکے مہام سپاہ کا سرانجام اُس کے سپرد کیا اور شہزادہ علاء الدین نے قدر خان کے صوابدید کے سبب بکوچ متواتر قلعہ دولت آباد کے باہر نزول فرمایا اور اس منزل مین شہزادہ کا خسر نصیر خان باتفاق راجہ کاتھا اور راجہ جالوارہ اُردوے دکنیون مین ملحق ہوئے اور اُنھین قوت تمام حاصل ہوئی پھر اُنھون نے چند منزل سبقت کرکے پیش قدمی کی اور نایک پنچ کی کھائی پر محمد خان شہزادہ ان کے مقابل ہوا اور آتش قتال شعلہ زن ہوئی اثنائے کارزار مین ملک مقرب اور قدر خان دونون سپہ سالار بسبب اتفاق آپس مین سرگرم دغا ہوئے اور قدر خان پشت مرکب سے خاک مذلت پر گرا اس درمیان مین ملک افتخار الملک نے حملہ کرکے شہزادہ کی فوج خاصہ کو درہم وبرہم کرکے متفرق کیا اور فیلبان کوہ پیکر کو غنیمت مین لیا اور شہزادہ دکن کا پاے ثبات اس سے زیادہ زمین کین مین نہ جم سکا دولت آباد کی طرف بھاگا اور نصیر خان اور کاتھا کلندین جو کہ ولایت خاندیس مین واقع ہے بنا بلے گئے اور محمد خان نے شکر قادر ذوالجلال ادا کرکے اپنی ولایت کیطرف مراجعت کی اور اُسی سال قطب نام ایک شخص کہ گجراتیون کی طرف سے جزیرہ مہایم کا حاکم تھا فوت ہوا اور احمد شاہ دکنی کہ ہمیشہ شکست سابق کی تلافی کی فکر مین رہتا تھا اس وقت فرصت پاکر حسن عزت کو جس کا خطاب ملک التجار تھا بھیجا اور اُسکی حُسن تدبیر اور کوشش سے وہ ولایت دکنیون کے قبضہ مین آئی اور سلطان احمد شاہ گجراتی اُس کے استخلاص اور انتزاع کی فکر مین ہوا اور اپنے چھوٹے بیٹے ظفر خان کو بہ سرداری افتخار الملک اُس خدمت پر مامور کیا اور مخلص الملک کو توال بندر ریو کو لکھا کہ بنادر کے جہازون کو مہیا کرکے ظفر خان کی ملازمت مین حاضر ہون اور مخلص الملک نے حسب الحکم تعجیل عجیل ستّرہ جہاز خُرد و کلان بندر ریو اور بندر رکھوکہ اور خطہ کنپایت سے بہم پہونچاکر ولایت مہائم کے قریب ظفر خان کی خدمت مین مشرف ہوا ظفر خان نے باتفاق یہ صلاح دیکھی کہ جہاز دریا کے راستہ سے روانہ کرکے خود خشکی سے متوجہ ہووے اور جب اس طریق سے خطہ تھانہ مین کہ وہان بھی دکنیون کا تھانہ تھا پہونچے شہزادہ نے افتخار الملک سپہ سالار کو ملک سہراب سلطانی کے ہمراہ اپنے سے پیشتر روانہ کیا اور کوتال اُس بلدہ مین قلعہ بند ہوا امرائے مذکور نے محاصرہ کیا محاذی اس کے جہاز بھی دریا سے آپہونچے راستہ مسدود کیا اور دو تین دن جنگ قائم رہی اُسکے بعد شاہزادہ ظفر خان بھی تشریف لایا حاکم تھانہ نے قلعہ سے برآمد ہوکر داد مردی اور مردانگی دی جب کوئی اُس کی کمک کو نہ پہونچا ناچار ہوا اور سپر پھینک کر راہ فرار نابی اور شہزادہ امرا کی صوابدید سے ایک فوج تھانہ مین چھوڑکر مہایم کی طرف عازم ہوا ملک افتخار نے بڑے درخت چھتنار کاٹکر مہایم کے ساحل کو خاربست کیا اور جب افواج گجرات پہونچی خاربندی سے برآمد ہوکر صفوف جنگ آراستہ کی اور آتش قتال کرہ ناری تک مشتعل ہوئی اور ابتداے طلوع طلیعہ صبح سے ہنگام غروب آفتاب جہانتاب تک طرفین کے دلاورون نے حرب وضرب مین سعی کی اور طرفین سے بہادران جانباز اور تہمتنان نامی

مقتول ہوئے اور ایک دوسرے کے خون سے بساط رنگین روے زمین پر کھینچا اس درمیان مین ہمائے ظفر نے ظفر خان کے چتر پر مسکن کیا ملک التجار شکست کھاکر ایک جزیرہ مین اسی خطہ کے ور آیا اور استحکام مین کوشش کی اور جب جہاز دریا کے راستہ سے پہونچے سپاہ گجرات نے بحر و بر کو گھیرا ملک التجار نے ایک عریضہ سلطان احمد شاہ بہمنی کو بھیجکر کمک طلب کی سلطان احمد شاہ بہمنی نے دس ہزار سوار اور ساٹھ زنجیر فیل اپنے چھوٹے بیٹے محمد خان کے ہمراہ کرکے خواجہ جہان وزیر کو صاحب اختیار لشکر کا کرکے روانہ کیا اور جب لشکر دکن مہایم کے قریب پہونچا ملک التجار محاصرہ کی صعوبت اور تنگی سے نجات پاکر شاہزادہ کی خدمت مین حاضر ہوا اور بعد گفتگوے دراز اور ردو بدل بسیار یہ قرار پایا کہ پہلے کوشش خطہ تھانہ کے استخلاص مین کرنا چاہیے چنانچہ اس قرار کے موافق تھانہ کی طرف متوجہ ہوئے اور شاہزادہ ظفر خان بھی مستعد جنگ ہوکر وہان کے مردم متعینہ کی کمک کے لیے روانہ ہوا اور تھانہ مین فریقین کا سامنا ہوا پہلے دن غروب آفتاب تک دونون لشکر جنگ مین مصروف رہے آخر کو لشکر دکن نے شکست کھائی ملک التجار قصبۂ جاکنہ کی سمت اور شہزادہ مع فوج ہمراہی دولت آباد کی طرف راہی ہوئے اور ظفر خان فتحیاب ہوکر جزیرہ مہایم مین داخل ہوا بعضے عمال ملک التجار کہ دریا کے راستہ سے بھاگے تھے جہاز دوڑا کر انھین گرفتار کیا اور قسم قسم کا لباس اور زر سرخ و سفید اور بھی غنائم چند کشتی پر بار کرکے اپنے باپ کی خدمت مین ارسال کیے اور تمام ولایت مہایم اور تھانہ کو تصرف مین لاکر امرا اور افسران سپاہ پر قسمت کیا پھر اس سال خبر پہونچی کہ فتح خان بن مظفر شاہ گجراتی جو سلطان مبارک شاہ دہلوی کا ملازم تھا امیر شیخ علی والی کابل کی جنگ مین مقتول ہوا چنانچہ سلطان گجرات نے لوازم ماتم پرسی اور زیارت کے پوشیدہ پیش پہونچاکر اس کی روح پر فتوح کی ترویح کے واسطے زر سرخ و سفید فقرا اور مساکین پر تقسیم کیا اور سلطان نے سنہ ۸۲۹ آٹھ سو پینتیس ہجری مین شہزادہ محمد خان کو جو گجرات کی سرحد مین مقیم تھا اُسے گجرات کی محافظت کے واسطے مقرر فرمایا اور خود بشوکت و صولت تمام چنپانیر کیطرف سوار ہوا اور سلطان احمد شاہ دکنی کینہ جوئی سے سامان جنگ درست کرکے بکلانہ کی سمت کہ سورت کے قریب ہے آیا اور وہان کا راجہ جو شاہ گجرات کا مالگذار تھا متحصن ہوا اور ولایت تمام تاراج ہوئی شہزادہ محمد خان نے اپنے والد کو عرضی لکھی کہ بندہ ملازمت سے محروم ہے اور طول ایام سفر کے سبب ملازمین اور خوانین اپنے مکانون مین گیے اب زیادہ جمعیت اس حدود مین نہین ہے اور سنا جاتا ہے کہ سلطان احمد بہمنی ولایت بکلانہ مین آیا ہے اور اس طرف کا بھی ارادہ رکھتا ہے جب یہ عریضہ سلطان احمد شاہ کے ملاحظہ مین ایا چنپانیر کا محاصرہ اور دقت پر محمول کرکے نادوت کی سمت متوجہ ہوا اور اس ملک کو بھی نہب و تاراج کرکے بکوچ متواتر قصبہ ندربار مین نزول کیا اور شاہزادہ محمد خان اور امراے سرحد شرف خدمت سے مشرف ہوکر محظوظ اور مسرور ہوئے اور اس مقام مین مخبر خبر لائے کہ سلطان احمد شاہ بہمنی جو قلعہ بیول کے قریب مقیم تھا سلطان کی آمد کی خبر سنکر ایک جماعت کو اپنی سرحد مین چھوڑکر دار الملک کی طرف متوجہ ہوا اور سلطان گجرات نے کہ دکنیون کا نہایت ملاحظہ رکھتا تھا مسرور اور مبتہج ہوکر احمد آباد کی طرف معاودت کی اور جب بکوچ متواتر دریاے تپتی سے عبور کیا پھر خبر پہونچی کہ سلطان احمد شاہ بہمنی نے پلٹ کر قلعہ بیول کو محاصرہ کیا

اور ملک سعادت سلطانی حاکم قلعہ جانسپاری اور جانفشانی مین دریغ نہین کرتا ہی سلطان نے ایک ایلچی مشہور اسمٰعیل اقچی کو سلطان دکن کے پاس برسالت بھیجکر پیغام دیا کہ آپ اگر اس قلعہ سے دست بردار ہوکر دہلی کے باشندون سے متعرض اور مزاحم نہوین بنائے دوستی اور قواعد محبت مین خلل اور زلل راہ نہ پاویگا اور اساس مودت استحکام قبول کریگی سلطان احمد شاہ دکنی نے اس بارہ مین اپنے وزرا اور امرا سے مشورہ کیا وہ اسوجہ سے کہ سرکشی مردم دکن کا آئین ہی سب یکدل اور یکزبان ہوکر بولے کہ آب و غلہ قلعہ مین کم ہی اور باقبال عدد و مال کی کثرت سے کمک کے پہونچنے تک قلعہ مسخر اور مفتوح ہوجاویگا ایلچی نے مشورہ اور عندیہ دکنیون کا دریافت کرکے اپنے صاحب کو بذریعہ عرضی اطلاع بخشی اور وہ یہ خبر سنتے ہی آب تپنی سے عبور کرکے تعجیل تمام روانہ ہوا اور سلطان دکن اس کیفیت سے واقف ہوا اور پیکون اور پیادون کو خلعت و انعام وافر سے سرگرم کرکے فرمایا کہ کمک عنقریب پہونچتی ہی تم اگر آج کی رات ایسی تدبیر کرو کہ قلعہ کا دروازہ کھل جاوے تو تمھین اس قدر انعام دونگا کہ تم مال دنیوی سے مالامال اور بے پروا ہوگے جب قدرے رات گذری پیکون نے اپنے تئین دامن قلعہ مین پہونچایا اور آہستہ آہستہ پتھرون کے سہارے قلعہ کی دیوار پر چڑھ کر قلعہ مین در آئے اور چاہتے تھے کہ دروازہ کھولکر مردم دکنی کو قلعہ مین داخل کرین کہ ملک سعادت سلطانی نے آتے ہی اکثر اُس جماعت کو قتل کیا اور بقیۃ السیف قلعہ کی دیوار سے کودکر ہلاک ہوئے اور اسپر بھی اکتفا نہ کرکے دروازہ کھولکر اس مورچے پر جو دروازہ کے محاذی تھا شبخون لایا اور جو اکثر اُن مین کے خواب غفلت مین سوتے تھے اُن کو مجروح اور پریشان کیا اور جس وقت کہ سلطان گجرات بہت نزدیک پہونچا سلطان دکن نے پائے قلعہ سے برخاست کی اور باستقلال تمام اپنے امرا اور افسران لشکر کو طلب کرکے یہ فرمایا کہ چند مرتبہ لشکر گجرات لشکر دکن پر غالب ہوکر مہایم پر متصرف ہوا ہی اگر اس مرتبہ ہم سستی اور تاخیر کرینگے ملک دکن ہاتھ سے جاویگا یہ کہکر صفوف جنگ آراستہ کرکے معرکہ قتال کو درست کیا اور سلطان گجرات بھی افواج آراستہ کرکے مقابل آیا جنگ عظیم و حرب شدید واقع ہوئی اژدرخان نے کہ امرائے معتبر دکن سے تھا باطمینان تمام گھوڑا میدان مین جولان کرکے آواز ہل من مبارز بلند کی عضد الملک اُس کے مقابلہ کو گیا غرضکہ دونون سردار حرب و ضرب مین مشغول ہوئے اژدرخان مغلوب ہوکر گرفتار ہوا اُس وقت دونون لشکر ملکے تلوار چلنے لگی دادمردی دی جب دن آخر ہوا اور نقارۂ بازگشت پر چوب پڑی ہر ایک اپنے لشکرگاہ کی طرف متوجہ ہوئے اور جو سپاہ دکن سے بہت آدمی تلف ہوکر کام آئے تھے سلطان احمد بہمنی بدحواس اور سراسیمہ ہوکر اپنے دارالملک کی طرف راہی ہوا اور سلطان نے قلعہ بیول مین جاکر ملک سعادت کو سرفراز فرمایا اور ایک گروہ کو وہان چھوڑکر چنپانیر کی طرف راہی ہوا اور قلعہ تعمیر کرکے نادودت کو تاخت و تاراج کیا اور عین الملک کو اُس طرف متعین کیا اور خود سلطان پور اور ندربار کے راستہ سے احمد آباد کی طرف متوجہ ہوا اور بعد چند روز کے رائے مہایم کی دختر کو شہزادہ فتح خان کی سلک ازدواج مین کھینچا اور سراج التواریخ دکن مین قصہ محاصرہ کا اور طرح سے بیان کیا ہی اور تذکرہ طبقۂ دکن مین مرقوم قلم عجز رقم نہین ہوا اور مؤلف کے خیال مین یہ حکایت منتشر تھی مورخ دکن نے یہ قصہ داستان لکھا باقی قلم انداز کرگیا اور جو کچھ مورخین گجرات نے لکھا ہی ساتھ صحت کے قریب تر ہی واللہ اعلم بحقیقۃ الاحوال اور سلطان احمد شاہ سنہ ۸۳۳ آٹھسو

چھتیس ہجری مین ناگور اور میوات کی طرف گیا اور پہلے جب ڈونگر پور مین پہونچا وہان کے زمیندارون سے پیشکش بہت لی اور ولایت کیلواڑہ اور دیلوارہ جو رانا موکل کے متعلق تھے اور راجہ مذکور قلعہ چتیور مین رہتا تھا حتے المقدار اُسے خراب اور ویران کیا اور جب ولایت میوات اور لقمہ مین آیا پھر ایلادر دلانی کی طرف گیا اور اُس طرف کے راجاؤن سے باج اور خراج لیا اور فیروز خان بن شمس خان مندانی کہ سلطان مظفر کا بھتیجا اور ناگور کا حاکم تھا ملازمت مین آنکر کئی لاکھ روپیہ پیشکش لایا اور سلطان نے اُسے معاف کرکے نوازشہاے خسروانہ اُس کے حال پر مبذول فرمائین اور گجرات کی طرف مراجعت کی اور فقرا اور مساکین کو زر خطیر عطا فرمایا اور ۸۲۹ھ آٹھ سو انتالیس ہجری مین سلطان محمود خلجی جو ملازمان ہوشنگ شاہ سے تھا ولایت مالوہ پر غالب ہوا اور مسعود خان بیٹا محمود شاہ کا بھاگ کر گجرات مین آیا اور ۸۴۳ھ آٹھ سو بیالیس ہجری مین سلطان احمد شاہ نے اُس کی تقویت اور اعانت کرکے بقصد اجلاس اُس کے تخت مندو پر مالوہ کی طرف روانہ ہوا اور حوض جکنک پور تک پہونچا تھا وہان سے ایک فوج مردم معتمد کار دیدہ سے خانجہان کیطرف کہ چندیری سے شادی آباد مندو کی طرف متوجہ ہوا تھا تعینات کی اور خانجہان آگاہ ہوکر بطور تاخت اپنے فرزند سلطان محمود کے پاس پہونچا اور سلطان احمد شاہ نے محاصرہ مین قیام کیا اور ہر روز ایک جماعت درونی باہر آنکر بازار جنگ کو رونق دیتی تھی اور پھر قلعہ مین جاکر پناہ لیتی تھی سلطان محمود نے بعد ایک مدت عزیمت شبخون کی اور مردم قلعہ نے سلطان احمد شاہ کو خبر کی اور سلطان محمود کو اس کی خبر مطلق نہ تھی شب تاریک مین قلعہ سے برآمد ہوا اور گجراتی جو جنگ پر مستعد اور آمادہ تھے فریقین کے درمیان جنگ عظیم واقع ہوئی آدمی بہت مارے گیے اور سلطان محمود نے صبح کے وقت قلعہ مین مراجعت کی اور سلطان احمد شاہ نے شہزادہ محمد خان کو مع پانچ ہزار سوار سارنگ پور کی طرف بھیجا وہ اُس ولایت پر متصرف ہوا اس درمیان مین عمر خان ولد سلطان ہوشنگ نے بھی چندیری مین خروج کرکے جمعیت عظیم بہم پہونچائی اور باوجود اس حال کے سلطان محمود دو فوج تھا اور کارروائی سے مضطرب ہوکر اس طور سے قلعہ کی محافظت کرتا تھا کہ کوئی شخص مصارف لابدی اور اسباب معیشت کی تکلیف نہ کھینچتا تھا اور لشکر گجرات مین ایک قحط ظاہر آیا حیوان ناطق اور صامت تکلیف اور ایذا مین مبتلا ہوئے اور جب اُس نے دیکھا کہ قلعہ بند ہونے مین مطلب نہین نکلتا ہی اپنے باپ خانجہان کو قلعہ مین چھوڑا اور خود تا راپور کے دروازہ سے برآمد ہوکر سارنگ پور کی طرف متوجہ ہوا اور ملک حاجی علی گجراتی کہ محافظت کتیل کے راستہ کی کرتا تھا اس وقت سلطان محمود کے آدمیون سے لڑا اور ہزیمت پاکر سلطان احمد کی خدمت مین حاضر ہوا اور خبر دی کہ سلطان محمود فلان راستہ سے برآمد ہوکر سارنگ پور جاتا ہی سلطان احمد شاہ نے اپنے فرزند ارجمند کو سارنگ پور سے طلب کیا جب وہ باپ کی ملازمت مین شرف اندوز ہوا ساتھ اس تفصیل کے کہ داستان خلجیون مین ذکر اُس کا آوے گا سلطان محمود قوی ہوا اور عمر خان کو تہ تیغ کیا اور وبا کہ ہندوستان مین بہت کم ہوتی ہے گجراتیون کی اُردو مین اس شدت کے ساتھ پہونچی کہ آدمیون کو تجہیز و تکفین کی فرصت نہوتی تھی سلطان

احمد شاہ اس سانحہ ہائلہ کا حدوث سلطان محمود کی قوت اقبال سے سمجھا اور بیماری کی حالت مین احمد آباد کیطرف عنان عزیمت منعطف فرمائی اور ماہ ربیع الاول کی چوتھی تاریخ ۸۴۶ آٹھ سو چھیالیس ہجری مین پیمانۂ حیات اُسکا آب بقا سے لبریز ہوکر دست قضا سے ٹوٹا اور بعد وفات خدایگان مغفور لقب پایا اور تیتیس سال اور چھ مہینے اور بیس روز عرصہ استقلال سلطنت اور جہانگیری مین بسر کی اور یہ بادشاہ اقسام مکارم اخلاق سے متحلی تھا اور کمند فتوت اِس کے حلق فشار جان دشمنان اور دست ہمت اُس کا چارہ ساز دل مظلومان تھا عدل وافر اور فتوت کامل رکھتا تھا اور باخلاق تمام زندگانی بسر کی

ذکر سلطنت محمد شاہ بن سلطان احمد شاہ گجراتی کا

بعد ارتحال احمد شاہ اُس کا بڑا بیٹا محمد شاہ حاکم گجرات ہوا آدمیون کو انعام واحسان فراوان سے اپنا مطیع کیا اور سال جلوس مین ایدر کی طرف فوج کش ہوا اور رایراحت الملک نے مقام اطاعت مین ہوکر اپنی بیٹی اُس کے سپرد کی محمد شاہ نے اُس دختر کی التماس کے موافق وہ مملکت تمام وکمال اُسکے باپ کو مسلم سپرد کی اور وہان سے ڈونگر پور کی طرف گیا وہان کے مقدمون نے اطاعت اور پیشکش کے ذریعہ سے اپنے مراتب کی محافظت کی بعد اُسکے محمد شاہ نے احمد آباد کی حکومت کیطرف معاودت کی اور ۸۵۳ آٹھ سو ترپن ہجری تک کسی طرف سوار نہوا اور ۸۵۴ آٹھ سو چون ہجری مین قلعہ چنپانیر کی سمت عنان عزیمت معطوف فرمائی اُس قلعہ کا راجہ مسمی کنکداس بعد جنگ اور ہزیمت قلعہ بند ہوا اور چند مدت ایام محاصرہ نے طول کھینچا ایلچی سلطان محمود خلجی کے پاس بھیجکر ہر منزل کے ایک لاکھ تنکہ نقرہ کے حساب سے قبول کرکے کمک طلب کی اور اُس نے بطمع مال وانتقام کہ جو کچھ گجراتیون نے مالوہ مین کیا تھا التماس اُسکی قبول کی آخر سال مذکور مین اُس طرف متوجہ ہوا سلطان محمد شاہ اس سبب سے کئی کثر چار پائے بارکش اُسکی اُردو کے محنت سفر مین تلف ہوئے تھے اور بیدلی بھی اُسکے علاوہ دامنگیر ہمت تھی سلطان محمود کے قرب وصول سے خبر پاکر خیمہ واسباب زیادتی کو آگ دے کر جنگ سے دست بردار ہوا اعیان حضرت ہر چند اُسے جنگ خصم کی تحریض اور ترغیب کرتے تھے اصلا قبول نہ کیا اور بسبیل استعجال احمد نگر کی طرف روانہ ہوا اور جب دوبارہ سلطان مالوہ نے مع ایک لاکھ سوار بلکہ زیادہ مندوسے بقصد تسخیر مملکت گجرات نہضت فرمائی امرائے گجرات نے آپس مین اتفاق کرکے اُس سے یہ التماس کی کہ سلطان محمود شاہ روز بروز ساحت مملکت مین زیادہ تر مزاحمت پہونچاتا ہی مناسب ہی کہ آپ سپاہ اور سامان جنگ درست کرین تو ہم اُس سے مقابلہ کرکے رعایا کو اُس کے شر سے نجات بخشین سلطان محمد شاہ نے کسی وجہ سے یہ امر قبول نہ کیا اور دیپ کی طرف مفرور ہونے پر تھا امرا و وزرا مضطرب ہوکر سلطان محمد شاہ کی زوجہ کے در دولت پر کہ اس عصر مین ذی اقتدار ورصاحب اختیار تھی حاضر ہوئے اور یہ عرض کی کہ آپ شوہر کو چاہتی ہین یا یہ کہ بادشاہی اِس خاندان مین رہے اُس مخدومہ نے فرمایا کہ اس بات سے تمہارا مدعا کیا ہی سب نے یک زبان ہوکر التماس کی کہ آپ کا شوہر سلطان محمود خلجی کی جنگ قبول نہین کرتا ہی اور ولایت گجرات مفت ہاتھ سے جاتی ہی آپ کو مناسب بلکہ لازم ہی کہ اُسکے عزل اور مفارقت پر راضی ہون تو ہم جس طور سے چاہین اُسے تخت سلطنت سے

اُٹھا دین اور آپ کے بڑے بیٹے قطب خان کو کہ جوان بیس برس کا ہی تخت شاہی پر جلوہ گر کرین ضعیفہ نے ضرورتاً یہ امر قبول کیا اور اس جماعت نے کفران نعمت پر کمر باندھی محرم کی ساتوین تاریخ ۸۵۵ھ آٹھ سو پچپن ہجری مین محمد شاہ کی رقم ہستی کو کرناک بیداد سے ورق زمانہ سے حک کی اور مورخین مدت ایام فرماندہی اُس کے آٹھ برس اور نو مہینے چودہ روز نشان دیتے ہین اور احمد شاہ نے بعد وفات خدائگان کریم لقب پایا۔

تذکرہ سلطان قطب الدین بن محمد شاہ گجراتی کی فرمان دہی کا

شب دوشنبہ ماہ جمادی الثانی ۸۲۵ھ آٹھ سو پچیس ہجری مین اُس کی ولادت شہر نذربار مین واقع ہوئی اور بعد اپنے باپ کے تخت احمد آباد پر جلوس کیا اور سلطان محمود خلجی نے اس عرصہ مین قلعہ سلطان پور کو بہ امان ملک علائی سہراب ترک سے لیکر اسے اپنے لشکر کا مقدمہ کیا تھا اور کوچ بر کوچ کرکے دار الملک احمد آباد کی طرف متوجہ ہوا تھا سلطان قطب الدین بھی بادشاہ مالوہ کی شوکت چشمت سے متہیم ہوا اور ایک بقال سے جو اُسکی خدمت مین نہایت نیاز اور تقرب رکھتا تھا مشورہ کیا اُس نے کہا صلاح یہ ہی کہ سلطان بالفعل مصلحۃً ولایت سورت کی طرف روانہ ہوین اور جب سلطان محمود تھانہ اور لشکر بلاد گجرات مین چھوڑ کر مندو کی طرف بازگشت کرے سلطان بطور تاخت مع افواج بحر موج جاکر بآسانی تمام انھین اپنی مملکت سے دفع کرین سلطان اُس کے کلام کی تصدیق کرکے اُس کے کہنے سے موافق عمل کیا چاہتا تھا کہ اُمرا اور وزرا اس سے واقف ہوئے اور اُسے سرزنش اور ملامت کرکے اُس کی رگ غیرت کو جنبش مین لائے اور مقاتلہ اور مقابلہ کے بارہ مین اصرار کیا اور ایک لشکر آراستہ سلطان محمود کے مقابلہ کو روانہ کیا ملک علائی سہراب فرصت پاکر بہ اپنے لشکر کے مالویون کے دائرہ سے بھاگا اور اپنے بادشاہ کی پابوسی سے مشرف ہوا اور ایک مجلس مین سات مرتبہ خلعت پاکر بخطاب علاء الملک بلند مرتبہ ہوا صغیر و کبیر گجرات اُس کے آنے سے محظوظ ہوئے اور جشن برپا کیے اور نقارہ شادیانہ کا بجایا اور جب ہین الفریقین تین کوس کی مسافت رہی سلطان محمود نے یہ بیت ترقیم کرکے سلطان قطب الدین کے پاس بھیجی فرد شیندم گوی می بازی دردن خانہ بے چوگان ٭ اگر واری سر دعوے بباز این گوے در میدان سلطان قطب الدین نے صدر جہان سے اُس کے جواب کی فرمائش کی اُس نے یہ لکھا فرد اگر چوگان بدست آرم سرت چون گوے بزدارم ٭ دلے تنگست ازین کارم اسیر خود بر نجانم ٭ اور اس بیت مین یہ اشارہ ہی کہ سلطان ہوشنگ کو سلطان محمود کبیر نے اسیر کیا تھا اور پھر اُس پر نظر الطاف مبذول فرما کر ولایت مالوہ عطا کی تھی الغرض صفر کی سلخ کو سلطان محمود خلجی بقصد شبخون سوار ہوا اور راستہ بھول کر اُس صحرا مین کہ اس کے دو رمین زتیوم کے درخت بکثرت تھے جا پڑا اور صبح تک منزل مقصود کو نہ پہونچا گھوڑا ایستادہ رکھا اور سلطان قطب الدین صورت حال دریافت کرکے اُس کے فجر کو صفوف لشکر آراستہ کرکے جنگ مین مشغول ہوا اور گجراتیون کے میسرہ نے شکست پائی بدحواس ہوکر احمد آباد کی طرف بھاگے اور میمنہ اُن کے مالویون پر غالب اور فائق ہوئے منہزمون نے مالوہ کا راستہ لیا اور دونون طرف سے دونون بادشاہ نے پاے ثبات

زمین کین مین محکم کیے مالویون کے میمنہ نے بگمان فتح مطمئن ہوکر گجراتیون کی اُردو کے تاخت اور تاراجی پر کمر باندھی اور سلطان قطب الدین کے مردم قول جو قطب کے مانند پاے ثبات قلبگاہ مین گڑوئے ہوئے تھے فرصت پاکر سلطان محمود کے قلب لشکر پر حملہ آور ہوئے اور اُس جماعت کو بنات النعش کی طرح متفرق اور پریشان کیا اور سلطان محمود کہ نہایت شجاع اور بہادر تھا اس قدر لڑا کہ کوئی اس کے پاس نہ رہا اور ترکش تیر سے خالی ہوگیا آخر لاچار ہوکر معرکہ سے تیرہ مرد اہل نبرد ہمراہ لیکر سلطان قطب الدین کے اُردو کی طرف گیا اور سراپردہ خاص پر پروانہ کی طرح گرا اور تاج اور پٹکہ مرصع اور بہت جواہر بیش قیمت دستیاب کرکے اپنے اُردو کیطرف کہ اُسکے عقب مین تھا پہونچا اور جب فوج مفرور اُسکے پاس جمع ہوئی اس مقام مین فروکش ہوا اور مشہور کیا کہ آج شب کو لشکر گجرات پر شبخون لیجاؤن گا اور گجراتی یہ خبر سنکر ہوشیار ہوئے اور لشکر کی محافظت کیواسطے گھوڑونکی پشت پر قیام کیا اور سلطان محمود نے پہر رات گئے بخاطر جمع سوار ہوکر مالوہ کی طرف معاودت کی اور صبح تک مسافت بعید قطع کرکے گجراتیون کے تعاقب سے محفوظ اور ایمن ہوگیا سلطان قطب الدین یہ فتح عطایاے جزیل الٰہی سے تصور کرکے مع اکاسی فیل اور غنائم نفیسہ اپنے باپ دادا کے عیش آباد کی طرف متوجہ ہوا اور بزم عشرت آراستہ کرکے لشکر بیشمار سلطانپور کیطرف بھیجا اور قلعہ سندیون کی دست تصرف سے برآوردہ کیا اُسکے بعد دولتخواہون کی حسن تدبیر سے ان دونون بادشاہ کے مابین اس شرط پر صلح واقع ہوئی کہ دو جانب سے جسقدر بلاد کفار سے مفتوح ہو اسکا فتح کرنے والا مالک اور مختار ہووے اور اُن دونون بادشاہ مین سے کوئی رایان اطراف وجوانب کی حمایت اور اعانت مین لشکر نہ کھینچے اور راجہ رانا کہ نہایت سرکش اور مثل فرعون صاحب استعداد مشرک ہو اُسکا دفع کرنا اپنے اوپر فرض شمار کرین اور سنہ ۸۶۰ آٹھ سو ساٹھ ہجری مین یہ خبر پہونچی کہ فیروز خان ودانی حاکم ناگور فوت ہوا اور فیروز خان کا بھائی مجاہد خان بجید ومردانگی تمام اُس ولایت پر متصرف ہوا اور فیروز خان کے بیٹے شمس خان نے اپنے چچا کے خوف سے بھاگ کر رانا کو نھیا مقدم چتیور کی پناہ لی اور جو تقریب الٰہی سے رانا اور زمینداران ناگور کے درمیان دشمنی تھی رانا نے فرصت پاکر اسکی امداد قبول کی اور یہ شرط کی کہ بعد حصول حکومت یعنی فتح ناگور تین کنگرہ اُس قلعہ کے ویران کرے کس واسطے کہ اُس کے باپ دادا کو یہ امر میسر نہوا تھا اور مدت دراز سے اُن ہنود کے دل مین ہوس ناگور کی تسخیر اور ناگوریون پر تسلط کی تھی اور رانا کا باپ کہ موکل نام رکھتا تھا فیروز خان ودانی سے جنگ کرکے منہزم ہوا تھا اور تین ہزار آدمی معتبر اُس کے معرکہ گریز مین قتل ہوئے تھے القصہ شمس خان نے یہ شرط قبول کی اور باتفاق رانا ناگور کیطرف متوجہ ہوا اور مجاہد خان تاب مقاومت نہ لاکر گجرات کی سمت بھاگا اور شمس خان نے قلعہ مین داخل ہوکر چاہا کہ اس شرط کو وفا کرے اُن مین سے ایک مرد بولا کہ کاش ایسے فرزند کے عوض آفریدگار عالم فیروز خان کو بیٹی عطا فرماتا کہ حفظ ناموس کرکے دشمنون کو اس قلعہ کی ویرانی کا حکم نہ دیتی اُس بات نے شمس خان کے دل مین تاثیر کی اُسی وقت قلعہ کی تعمیر اور ترمیم مین مصروف ہوا اور رانا کے پاس ایلچی بھیجکر یہ پیغام کیا کہ جو کچھ لازمہ امداد کا تھا تو بجالایا لیکن قلعہ کی ویرانی کسی وجہ سے ممکن نہین ہر کس واسطے کہ اگر مین تجھے قلعہ کی ویرانی کا حکم دیتا ہون تو مخلوقات من ولایت کی مجھے زندہ نہ چھوڑیگی بہتر یہ ہو کہ تم اپنی ولایت کی طرف مراجعت کرو والا جنگ اور خونریزی کے

سوا کوئی امر متصور نہیں ہو رانا متاسف ہوکر پلٹ گیا اور لشکر کثیر اور جمع غفیر فراہم کرکے پھر ناگور کی طرف آیا اور شمس خان قلعہ کی شکست و ریخت درست کرکے تمام لشکر کے مردان معتبر کو اُس قلعہ مین تعینات کرکے بجناح استعجال استمداد کے واسطے احمد آباد کی طرف روانہ ہوا اور سلطان قطب الدین اُسے شمول عواطف خسروانہ کرکے اُسکی بیٹی اپنے حبالۂ نکاح مین لایا اور بعد اتمام شادی عروسی شمس خان کو حضور مین نگاہ رکھا اور رائے رائچند اور ملک گدا اور بعضے امرائے دیگر کو ناگور کی کمک کو بھیجا اور اُنھون نے رانا سے جنگ کی تو بہت جگراتی اُنکی تیغ خونریز سے مقتول ہوکر جنت کی طرف راہی ہوئے بقیۃ السیف نے راہ فرار نابی قطب الدین یہ خبر سنکر طیش مین آیا اور خود مع افواج بحر موج ولایت ناگور کیطرف متوجہ ہوا اور جب قلعہ ابور کے اطراف مین پہونچا کچھ فوج بہ سپہ سالاری عماد الملک اُس ولایت کی تسخیر کے واسطے نامزد کی اس نے قلعہ پر جنگ بصیرفہ کرکے آدمی بہت ضائع کیے اور کچھ کام نہ کیا اور ہزیمت کھاکر مراجعت کی لہذا سلطان خود رانا کے دفع کے واسطے متوجہ ہوا اور اُس قلعہ کیطرف التفات نہ فرماکر سرحدی کی سمت آیا اور وہان راجپوتون اور رانا کے غریو اقارب کے ساتھ جنگ عظیم ہوئی اور آخر کو یہ نوبت پہونچی کہ بادشاہ نے غالب اور دلیر ہوکر مخالفون کو متفرق اور پریشان کرکے دشت اوبار کی طرف آوارہ کیا اور وہان سے بسبیل استعجال کوہستان کنبلمیر ولایت رانا کو نھایا مین در آیا اور اکثر ولایت کو ویران اور بہت سی عورات اور اطفال ہنود اسیر کرکے قلعہ کنبلمیر کا آنکر محاصرہ کیا اور لشکر رانا کو چند مرتبہ شکست دی اور ایک جماعت کو علف تیغ اسلام کیا آخر کو رانا بنکلکر خود جنگ مین مشغول ہوا اور شکست کھاکر قلعہ کی طرف بھاگا اور طالب صلح ہوا سلطان قطب الدین نے بلحاظ محکمی قلعہ یہ امر قبول کرکے اور پیشکش وافر لے کر گجرات کی طرف معاودت کی اور تاج خان کہ سلطان محمود خلجی کا وزیر کل تھا اس وقت برسم رسالت گجرات مین آیا اور سلطان محمود کی طرف سے یہ پیغام دیا کہ گذشتہ کو لایذکر سمجھکر فی الحال صلح اور عہد تازہ کرکے باتفاق رانا کو حرف غلط سمجھکر درمیان سے دفع کرین اور جس قدر ولایت رانا گجرات کی متصل ہو عساکر قطبی نہب و تاراج کرین اور بلاد اور قرایے میوات اور امہر کو لشکر مندوتاخت کرکے اُس کی خرابی مین تقصیر نہ کرے اور عند الحاجت ایک دوسرے کی امداد و اعانت مین سرگرم رہین جب علما اور فضلا جانبین سے چنیانیر مین آنکر جس طریق سے کہ مذکور ہوا عہد و پیمان بجالائے اور ساتھ ایمان کے موکد کرکے عہدنامے علماے عصر کی مہر و گواہی سے درست ہوکر تقسیم ہوئے سنہ ۸۶۱ آٹھ سو اکسٹھ ہجری مین سلطان قطب الدین مع لشکر بسیار رانا کی ولایت کی طرف متوجہ ہوا اور اثناے راہ مین قلعہ دیورکو لیکر اپنے ایک امرا کے سپرد کرکے آگے بڑھا اور اُسی اوقات مین سلطان محمود خلجی بھی دوسری طرف سے اس ولایت مین آیا رانا اُس کی حرب مین متوجہ ہوا چاہتا تھا لیکن سلطان قطب الدین سرحدی سے تعجیل تمام ولایت کیتانیر مین پہونچا اس وجہ سے جنگ مالوین کی توقف مین پڑکر گجراتیون کی حرب مین قیام کیا اور شکست فاحش کھاکر ایک مقام قلب مین کہ چتیور کی سر راہ تھا توقف لیا اور سلطان قطب الدین نے وہان جاکر نائرۂ قتال کو دوبارہ مشتعل کیا اور جب رات ہوئی طرفین نے اپنے اپنے لشکرگاہ مین مقام اور آرام کیا دوسرے دن علی الصباح پھر معرکہ جنگ طرفین نے آراستہ کیا اور سلطان قطب الدین بذات خود رستم اور افراسیاب کے مانند حرب مین تردد

مردانہ کرکے غالب آیا رانا پہاڑ مین مخفی ہوا اور چودہ من سونا اور دو ہاتھی نامی اور بھی نفائس سلطان قطب الدین کو دے کر عہد کیا کہ دوبارہ ولایت ناگور پر مضرت نہ پہونچاؤن گا اور اس سبب سے کہ سلطان محمود پیشتر از لشکر گجرات رانا کی ولایت مین در آیا تھا سلطان قطب الدین نے اظہار رنجش کرکے احمد آباد کی طرف معاودت کی اور غیبت مین بادشاہ گجرات کی جو کچھ سلطان محمود سے وقوع مین آیا تھا انشاء اللہ تعالے اُس کے اسم کے ذیل مین تحریر ہوگا اور ۸۷۳ آٹھ سو تہتر ہجری مین رانا نے نقض عہد کرکے پچاس ہزار سوار سے قلعہ ناگور کی طرف توجہ کی اور وہان کے حاکم نے مشتمل بر کیفیت حال ایک عرضی ارسال کی قاصد عرضی اس رات کو کہ سلطان صحبت شراب مین مشغول تھا عماد الملک وزیر کے پاس لایا اور وہ اُسی شب کو سلطان کی ملازمت مین حاضر ہوا اور جب اُسے شراب کے نشہ مین مست اور مدہوش پایا انتظار ہوشیار ہونے کا نہ کھینچا اور اُسے محفہ مین سوار کرکے شہر سے برآمد ہوا اور دوسرے دن ایک منزل جاکر ایک مہینے تک اجتماع فوج کے واسطے متوقف ہوا مخبرون نے جب خبر سلطان کی نہضت کی رانا کو پہونچائی متنبہ ہوکر اپنی ولایت کی طرف روانہ ہوا اور یہ خبر سلطان قطب الدین سنکر شہر مین آنکر عیش وعشرت مین مصروف اور مشغول ہوا اور پھر اُسی سال سلطان قطب الدین سروہی کی طرف فوج کش ہوا اور وہان کا راجہ جو قرابت قریب رانا سے رکھتا تھا بھاگ کر کوہستان کنبل مین در آیا اور لشکر احمد آباد کا تاخت وغارت مین مصروف ہوا اور جوان ونون مین سلطان محمود کی افواج بھی قلعہ چتیور پر تاخت لائی تھی سلطان قطب الدین تعاقب کرکے رانا کو کنبل ٹھہرنے نہ دیتا تھا یہانتک کہ وہ قلعہ کنبل مین در آیا اور بادشاہ اسلام نے چند روز محاصرہ کیا اور جب سمجھا کہ محاصرہ سے کچھ فائدہ نہوگا وہان سے برخاست کی اور ولایت چتیور اور دوسری ولایت کو بھی خراب اور ویران کرکے مع غنیمت بیقیاس دار السلطنت کی سمت معاودت فرمائی اور بعد چند روز کے سید قطب عالم کی قدمبوسی کو قصبہ پتوہ مین گیا اور دل مین یہ بات کہی کہ کیا خوب ہووے جو آفریدگار عالم اس بزرگوار کی برکت سے مجھے فرزند شایستہ سلطنت کرامت فرماوے سید قدس سرہ نے باطن کی صفائی سے دریافت کرکے سلطان سے فرمایا تمہارا چھوٹا بھائی حکم فرزندی رکھتا ہے اور خاندان مظفر شاہی کو وہ زندہ اور روشن کریگا پھر سلطان نے مایوس ہوکر مجلس برخاست کی اور اسی عرصہ مین مرض الموت مین مبتلا ہوا اور ماہ رجب کی تیئیسوین تاریخ ۸۷۳ آٹھ سو تہتر ہجری مین اُس کی عنقاے روح نے قاف عزلت جسم سے سراپردۂ بقا کی طرف پرواز کی اور سلطان محمد شاہ کی خطیرہ مین مدفون ہوا اور مناشیر اور فرامین مین اس کو غازی لکھتے تھے اور شمس خان بن فیروز خان جس نے لڑکی اپنی دے کر قرابت بہم پہونچائی تھی سلطان کو زہر دینے مین متہم ہوا اس واسطے مردمان دولتخانہ نے ہجوم کرکے اُسے قتل کیا اور سلطان قطب الدین کی والدہ نے حرم سرا مین شمس خان کی بیٹی کو اُسی علت اور تہمت مین ماخوذ کرکے بہت سیاست کی آخر اُن لونڈیون کو جو اُس کی دشمن جان تھین سپرد کیا اور انھون نے اُسے تلوارون سے ٹکڑے ٹکڑے کرکے ہلاک کیا منقول ہے کہ سلطان قطب الدین ایک ایسا بادشاہ تھا کہ وجود اس کا زہر تھا اور غضب سے سرشتہ تھا خصوص شراب کے نشہ کے وقت مجرمون کو سواے شمشیر آبدار کے نہ پوچھتا تھا اور گنہگارون کو خنجر جان گداز کے سوا نہ نوازتا تھا اور مرغ عفو اور چشم پوشی اُسکے گرد بہت کم پرواز کرتا تھا اور عروس شفاعت اُس کے عہد مین

کبھی کبھی جلوہ گر ہوتی تھی اور مدت اُس کی سلطنت اور فرمانروائی کی سات برس اور سات مہینے تھی تمام عمر مستی اور مے نوشی مین گذری اور ساغر شراب اُسکے لب سے دور نہوا

ذکر سلطان داؤد شاہ بن احمد شاہ گجراتی کی حکومت کا

بعد وفات سلطان قطب الدین کے اُسکا چچا داؤد خان بحسن اتفاق عماد الملک وزیر اور تمام امرا اور ارکان دولت کے سریر اقبال پر قدم رکھکر گجرات کا بادشاہ ہوا لیکن پیشہ بد معاشی اور سفلہ پروری کا اختیار کرکے ایک فراش کو جو اُس کا ہمسایہ تھا خطاب عماد الملک دیکر امرائے کبار سے کیا اور اسی طریق سے اور بھی کام جو ملکداری اور جہانبانی کے شایان اور موافق نہ تھے اختیار کیے طبیعت اس کی سوائے کمینہ پروری اور انحطاط کے میل نفرماتی تھی اس واسطے اہل حل وعقد نے ساتھ عماد الملک وزیر کے سرگریبان اتحاد سے برآوردہ کرکے داؤد خان کو کہ سات روز سلطنت کی تھی معزول کیا اور عماد الملک کے صوابدید سے سلطان قطب الدین کے چھوٹے بھائی کو کہ محمود خان نام رکھتا تھا چودہ سال کی عمر مین تخت سلطنت پر متمکن کیا اور خلائق علی قدر مراتب اُسکے بحر انعام سے بہرہ مند ہوئی اور اسپان تازی اور عراقی اور ترکی اور صنعت ہائے قیمتی و کمر ہند و شمشیر مرصع اور خنجر ہائے زرافشان کے سوائے ایک کرور تنگہ نقد سادات اور علما و صلحا کو تقسیم کیا

ذکر سلطان محمود شاہ گجراتی المشہور بسلطان محمود بیکرہ کی سلطنت کا۔

واقفان اسرار ملوک پیشین نے یون مرقوم خامہ عنبرین شمامہ کیا ہی کہ بعد جلوس سلطان محمود شاہ تمام امور سلطنت کہ حل وعقد اور قبض و بسط اور داد و ستد سے مراد ہی عماد الملک وزیر با تدبیر کے مفوض ہوئے بازار سلطنت اور مہمات مملکت نے خوب رواج اور رونق پیدا کی اور جمیع خلائق وضیع و شریف اُس کی سلطنت سے راضی اور شاکر ہوئی کسی طرح کا خلل درمیان مین نہ تھا لیکن بعضے کوتہ اندیشان مانند عضد الملک اور صفی الملک اور حسام الملک کے جو قرابتی اور صاحب اقتدار تھے اور خلاصہ ممالک گجرات اُن کی جاگیر یا اُنکے لواحقین کی جاگیر ہونے سے نہایت فراغت رکھتے تھے دیگ حسد اور رشک کو جوش مین لائے اور بعد چند ماہ کے کہ جلوس سے گذرے تھے اتفاق کرکے بولے کہ ہم عماد الملک کے غلبہ اور سخت گیریون سے بہ تنگ آئے ہین اگر سلطان اُس کو معزول کرے فبہا المراد ورنہ ہم سلطان کو بادشاہی سے معزول کرکے اُسکے بھائی حسن خان کو تخت بادشاہی پر بٹھاوینگے **بیت** بساشمعی کہ نورش خانہ افروخت ۔ چو غافل گشتی آخر خانہ را سوخت ۔ اور بروایت مورخ نظام الدین حسن کے ان حاسدون نے یہ عرض کیا کہ عماد الملک چاہتا ہی کہ اپنے فرزند شہاب الدین احمد کو تخت سلطنت پر بٹھاوے اور بطور ملک مغیث خلجی کے شاہی اپنے خاندان کی طرف منتقل کرے اب سزاوار دولت یہ ہی کہ قبل اس سے کہ آتش مکر و غدر اس کی شعلہ زن ہو چاہیے کہ زنجیر تدبیر اُسکے پاؤن مین ڈالکر دست فکر اُسکا دامن مقصود سے کوتاہ کرین سلطان محمود نے باوجود صغر سن فراست سے دریافت کیا کہ یہ تمام بہتان اور افترا ہی لیکن اگر اس مجلس مین بحسب دعا اُنکے حکم عماد الملک کے حبس و قید کا ناخدنکرونگا یہ لوگ مجھے سلطنت حیات سے معزول کرینگے

لہذا مصلحت وقت سمجھکر اُن سے بکشادہ پیشانی پیش آیا اور کہا مین بھی اندنون عماد الملک کے چہرۂ حال سے صورت مکروفریب مشاہدہ کرتا تھا اور اُسکے حرکات اور سکنات سے شمیم فتنہ انگیزی میرے دماغ مین پہونچی تھی لیکن اِس خیال سے کہ مبادا تم لوگ میری بیمروتی اور بیوفائی سمجھو مین نے اُس کے علاج مین کوشش نہ کی الحمد للہ علے احسانہ کہ حقیقت حال تم دو تخواہان اور خیراندیشان پرمنکشف ہوئی اب اگر اُس کو مقید کرون گا خاص و عام کے نزدیک ناشکری اور حق ناشناسی مین بدنام نہون گا اب وہ امر کہ جس مین صلاح ملک اور فلاح دولت ہو عمل مین لاؤ یہ کہکر عماد الملک کو زنجیر مین مسلسل کرکے پانسو نفر معتمد کے سپرد کرکے قلعہ احمد آباد کے دروازہ کے بام پر قید کیا اور سلطان محمود نے اُسدن اس سپر تدبیر سے اپنے تئین شمشیر مکر اعداسے محفوظ رکھا اور عماد الملک کی رہائی کی فکر اور امراے اربعہ کے دفع کی تدبیر مین ہوا اور چونکہ جانتا تھا کہ تمام سردار اور خاصہ خیل اُن کے تابع ہین کسی شخص سے اِس امر کا اظہار نکیا بلکہ مدار اپنی تدبیر پر رکھا اور خلا وملا کی باتین بات پر جاری کرتا تھا کہ عماد الملک میرا دشمن جانی ہی ایسے شخص کو زندہ چھوڑنا حزم و ہوشیاری سے بعید دیکھتا ہون چاہتا ہون کہ اُسے اپنے ہاتھ سے قتل کرکے اپنے دلکا بخار نکالون اور اگر امراے کبار اُس کی سفارش کرینگے اُن سے بھی جان سے بیخبر ہونگا یہ خبر امراے اربعہ کو پہونچی دل مین نہایت شاد ہوئے اور آپس مین کہنے لگے کہ اگر سلطان عماد الملک کے قتل پر آمادہ ہو ہم لوگون کو اس کی ہرگز شفاعت نکرنی چاہیے سلطان محمود نے ایک شب اسی فکر و اندیشہ مین استراحت نفرمائی صبح کے وقت جب نوبت سلطانی بجنے لگی اور چاندنی مہتاب کی خوش معلوم ہوئی کلفت اور دلگیری کے دفع کے واسطے قصر پر برآمد ہوا اور دریچہ مین بیٹھکر ہر طرف نگاہ کرنے لگا ناگاہ فیلخانہ کے گماشتہ ملک عبداللہ کو دیکھا کہ زیر قصر ایستادہ ہی اور کچھ عرض کرنے کا ارادہ رکھتا ہی لیکن جرأت نہین کرتا سلطان نے فرمایا جو کچھ تیرا مدعا ہو عرض کر عبداللہ نے غیر کو وہان نہ دیکھکر عرض کی کہ سلطان کا عماد الملک کے مثل کوئی دولتخواہ نہین اور امراے اربعہ نے جو کچھ اُس کی نسبت معروض کیا ہی سب بہتان اور خلاف ہے اور امرا خود عازم و جازم ہین کہ فرصت پاکر حسن خان کو بادشاہ کرین سلطان نے اس کی تعریف کرکے فرمایا کہ تونے خوب کیا کہ یہ بات عرض کی ورنہ مین چاہتا تھا کہ عماد الملک کو علی الصباح قتل کرون لازم ہی کہ دوسرے سے یہ راز بیان نکرنا اور صبح صادق کے وقت تمام فیلبان کو مستعد اور کل کرکے دربار مین حاضر کرنا الغرض جب نیر اعظم کے اثر طلوع سے زمانہ روشن ہوا ملک شرف اور ملک حاجی اور ملک بہاء الدین اور ملک کالو اور ملک عین الدین کہ معتمدان سلطان سے تھے ملازمت مین حاضر ہوئے اور سلطان نے ملک شرف سے کہا کہ آج شب کو مین بہ نوعی غضب سے کہ عماد الملک کی نسبت جوش زن تھا نسوبا اُسے جلد میرے پاس حاضر کر و کہ شمشیر تیز خونریز سے اس کی گردن مار کر آتش غضب کو ساکن کرون ملک شرف جب عماد الملک کے احضار کے واسطے گیا تو ہمانون نے عرض کی کہ ہم عضد الملک کی بلا اجازت اسے سپرد نہین کرسکتے اُس نے آنکر یہ عذر گذارش کیا پھر سلطان خود بام برج پر برآمد ہوا اور بآواز بلند کہا عماد الملک کو جلد حاضر کر و تو ہاتھی کے پیر کے نیچے ڈالکر اُسے پامال کردن موکلون نے جب آواز بادشاہ کی سنی حجاب مانع ہوا اُسے بادشاہ کے پاس بھیجا جو ہین نگاہ سلطان کی اُس پر پڑی فرمایا کہ میرے روبرو

اُسے لاؤ کہ مجھے اِس سے کچھ استفسار کرنا ہی جب بادشاہ کے پاس لائے حکم دیا کہ زنجیر پانوں سے قطع کرو امرائے حاسد کے واحقین کے جو حراست مین مشغول تھے یہ حال مشاہدہ کرکے ایسے ہراسان ہوئے کہ بعضے کوٹھے پر سے کود پڑے اور بعضون نے فریاد والامان کی بلند کی اور سلطان محمود نے صبح صادق کے وقت دربار کے عرفہ مین برآمد ہوکر مجرائیون کا سلام لیا اور دست پاک عماد الملک کے ہاتھ مین دے کر اپنے پہلو مین ایستادہ کرکے مگس رانی پر مقرر کیا اور یہ خبر امرائے اربعہ کو پہونچی بروایت حاجی محمد قندھاری وہ مع تیس ہزار سوار اور پیادہ مستعد کارزار ہوکر دارالامارہ کی طرف متوجہ ہوئے اور طبل جنگی کی صدا سے گنبد خضرا کو پر صدا کیا اور اُس وقت تین سو نفر بندہ اور آزاد سے زیادہ سلطان کی خدمت مین حاضر نہ تھے سب زندگی سے ہاتھ دھوکر مضطرب ہوئے اور ایک جماعت عرض پرداز ہوئی کہ ہم فلان قصر مین جاکر دروازہ بند کرین اور دشمنون سے لڑین اور بعضے بولے کہ جواہر اور نقد بقدر مقدور اُٹھاکر کسی طرف نکلجاوین سلطان محمود عاقبت محمود نے ایک بھی ان دونون راے سے نہ پسند کی اور سلاح جنگ زیب تن کرکے ترکش کمر پر باندھے اور مع تین سو سوار اور فیلان سحاب کردار کہ عدد اُن کے دو سو سے زیادہ نہ تھے بقصد قتل اعدا محل سے برآمد ہوا اور اس خوف سے کہ مبادا دشمن سب طرف سے زور لاوین بہت کوچہ فیل بندکرکے نہایت آہستگی سے روانہ ہوا چونکہ نقاش نگارخانہ ایجاد و تکوین نے ایوان سلطنت کا سائبان شمشیر تائیدات سے آراستہ کیا ہی اور رفرمان خلافت کو نشی تخت اگاہ قضا و قدر نے ساتھ طغرائے انا جعلناک خلیفۃ فی الارض کے محلی فرمایا ہی وہ دشمنون اور مخالفون کے ہجوم اور انبوہ سے خوف نہین رکھتا چنانچہ بجرد پہونچنے خبر سواری بادشاہ اور عماد الملک کے ہمراہ ہونے کے لشکر تمام سردارون اور افسرون اور خاصہ خیل نے امرائے اربعہ کی ترک رفاقت کرکے بعضے سلطان کی خدمت مین حاضر ہوئے اور اکثر گوشہ اور کنارے مین چھپے منقول ہی کہ اس دن مضمون یوم یفر المرء من اخیہ وامہ وابیہ وصاحبتہ وبنیہ متحقق ہوا اور اکثر محلے احمد آباد کے بے تحریک سیف دسنان غارت ہوئے اور محض تقدیر یزدان اور رد بدبہ سلطان سے کوچہ و بازار مین اس قدر جوشن اور چار آئینہ اور خود سرون کے اور اسباب اور اونٹ اور بیل ایک دوسرے پر پڑے ہوئے تھے کہ راستہ آمد و شد کا مسدود ہوگیا تھا اور امرائے اربعہ سنگ تفرقہ اپنے شیشہ جمعیت مین دیکھکر اور گردبدبختی کی اپنے چہرۂ حال پر مشاہدہ کرکے شہر سے نکل گئے برہان الملک کا جو جسم یتیم تھا دم چڑھنے سے بھاگ نہ سکا قریب قصبۂ سرکج نہر جارستی کے بیٹھا اور کچھار مین پوشیدہ ہوا ایک نے خواجہ سرایان سلطانی سے جو احمد کنبو کی زیارت کے واسطے جاتا تھا اس کو دیکھکر پہچانا اور اُسے گرفتار کرکے سلطان کی خدمت مین لایا سلطان نے اُسے فوراً فیل مست کے پانون کے نیچے ڈالکر پامال کرکے خاک کے برابر کیا اور عضد الملک نے مع ایک نفر کے اپنے تئین کراسیان مین پہونچایا جو ایام دولت مین اس نے ایک جماعت اُن مین سے مقتول کی تھی اس وقت اُن کے وارثون نے پہچانکر تہ تیغ کیا اور اُس کا سر کاٹ کر اظہار خدمت کے واسطے احمد آباد کی طرف بھیجا اور حسام الملک اپنے بھائی رکن الدین کو تول کے پاس پٹن مین گیا اور وہان سے دونون بھائی مالوہ کی طرف بھاگے اور صفی الملک بھی دستیاب ہوا

چونکہ چندان گناہ اُس کی نسبت عاید نہ تھا قتل سے نجات پاکر دیپ مین محبوس ہوا مثنوی

بر گرد و نجت آن سبک رائے	کا فزون زگیلم خود نہد پائے	مرغیکہ نہ اوج خویش دارد
ہنگام ہلاک پیش دارد	رد بہ کہ زند طپانچہ بر شیر	پیداست بدست کیست شمشیر
نیکو مثلی زد آن سپہدار	کا ندازۂ کار خود نگہدار	انجیر فروش را چہ بہتد
زانجیر فروشے اے برادر	بر پایۂ قدر خویش نہ پائے	تا بر سر آسمان نہی پائے

برہانپی

اور بعد اس فتح و نصرت کے عما والملک نے قرار امور ملک و سلطنت کو بسبب بد عہدی روزگار کے ناپائدار سمجھکر باختیار خود ترک وزارت کی اور گوشۂ عافیت مین معتکف ہوکر معبود حقیقی کی طاعت و عبادت مین مشغول ہوا اور سلطان محمود نے بھی حقوق خدمات شائستہ اس کے منظور نظر کیمیا اثر رکھکر اُسے معذور رکھا اور اُس کے بڑے بیٹے شہاب الدین احمد کو خطاب ملک الشرف عطا کرکے امرائے کبار سے کیا اور بادشاہی مین مستقل ہوکر عدل و داد مین مصروف ہوا اور سنہ ۸۶۶ آٹھ سو چھیاسٹھ ہجری مین نظام بہمنی والی محمد آباد بیدر نے ایک مکتوب متضمن نظام سلطان محمود خلجی اور آنا اُس کا ولایت دکن مین سلطان محمود گجراتی کے پاس بھیجکر اعانت اور کمک چاہی اور سلطان محمود گجراتی نے بمجرد اطلاع اِس حال کے سراپردہ سُرخ اور بارگاہ روانہ کرکے امداد دکنیون کی اپنے ذمہ ہمت پر فرض شمار کی اور ارکان دولت اور اعیان حضرت یون عرض گذار ہوے کہ داؤد خان ایک ہفتہ تک متکفل امر سلطنت ہوکر کین وقت مین ہوا اور اطراف ولایت اور اقطار مملکت جیسا کہ چاہیے اب تک ضبط مین نہین آئے ایسے وقت مین اپنے پایۂ تخت کو خالی چھوڑنا اور دوسرون کی اصلاح امور کے واسطے سوار ہونا چاہیے تامل اور تفکر ہے سلطان محمود نے باوجود اس کے کہ آغاز شباب تھا بیت ہنوز شرگرد گل نارستہ شمشاد ہ زسوسن سرو او چون سایہ آزاد ہ زبان فیض ترجمان سے یہ ارشاد کیا کہ اگر افلاک اور عناصر ساتھ اس ہیئت اور روش کے آپس مین موافقت اور آمیزش نکرین نظام عالم کون و فساد مین سراسر فتور و خلل واقع ہووے اور اگر آدم ابوالبشر کی اولاد سلسلۂ محبت اور مشارکت کو توڑین بنیاد قانون طبیعی انہدام قبول کرے مین قربۃ الی اللہ مسلمانان دکن کی امداد کرتا ہون یقین کہ بحکم باری تعالیٰ مجھے اِس یورش مین کسی طرح کا ضرر نہ پہونچے کارکان دولت نے عرض کی کہ اگر سلطان نظام شاہ کی معاونت مین بجد ہین تو مناسب یہ ہے کہ مالوہ کی طرف لشکر عظیم روانہ فرماوین کہ اُس ولایت مین جاکر انواع خرابی اور مزاحمت پہونچاوے تو سلطان محمود یہ خبر سنکر بدحواس ہوکر دکن سے بھاگے یہ التماس بھی معرض قبول مین نہ پہونچی بلا تامل رایات نصرت آیات مع سپاہ بیحد اور پانسو فیل کوہ پیکر بلند کیے اور دو منزل کو ایک کرکے جب ندربار مین پہنچا اور خواجہ جہان کاوان کہ عمدہ اہل دکن تھا جریدہ اس کے ملازمت مین حاضر ہوا اور اُس سے کمک لیکر سلطان محمود کی جدال و قتال کے واسطے روانہ ہوا سلطان محمود خلجی نے متوہم ہوکر قلعہ محمد آباد بیدر سے کوچ کرکے چاہا کہ عین دولت آباد کے راستہ سے اپنے ملک کی طرف راہی ہووے جب وہ راستہ لشکر گجرات سے مسدود دیکھا عنان اشہب عزیمت ولایت برار کی طرف معطوف رکھکر ایلچپور کے راستہ سے کونڈوارہ مین آیا اور بیغول

اور جنگل سے عبور کرکے مالوہ مین پہونچا اور بعد اس کے ایلچی نظام شاہ کا گجراتیون کے اردو مین آیا اور اُس کی طرف سے شکریہ ادا کیا کہ آپ نے قدم رنجہ فرمانے مین تکلیف گوارا فرمائی اور سلطان نے مقتضی المرام اور دوستکام گجرات کی طرف حافظ حقیقی کی ضمان حمایت مین معاودت فرمائی اور سنہ ۸۶۷ آٹھ سو ستر ہجری مین سلطان محمود خلجی نے دوبارہ دکن کی طرف لشکر کھینچا اور سلطان محمود گجراتی سلطان بہمنی کے حسب الالتماس پھر دکن کی طرف بقصد اعانت روانہ ہوا اور سلطان محمود نے یہ خبر سنکر دولت آباد تک تاخت کرکے غنیمت بہت دستیاب کی اور اپنی ولایت کی طرف بخیر و سعادت مراجعت فرمائی بادشاہ گجرات بھی بعد اس کے کہ معذرت نامہ نظام شاہ کا اور ایلچی مع تحف و ہدایا پہونچے بدولت و سعادت مقر حکومت کی طرف توجہ فرماکر فراغت اور استراحت مین مشغول ہوا اور سلطان محمود خلجی کو لکھا کہ بے وجہ مسلمانون کی ولایت پر جانا آئین اسلام اور مروت سے بعید معلوم ہوتا ہی اور بر تقدیر وقوع بلا جنگ پھرنا قبیح ہی اگر من بعد متوطنان دکن کو کچھ آزار پہونچے گا یقین جانیے ہم بھی مالوہ کی تخریب پر متوجہ ہون گے سلطان خلجی نشنیدہ نے جواب بھیجا کہ جو ہمت عالی اہالی دکن کی امداد پر مصروف ہی ہرگز اس دیار کے باشندون کو مضرت نہ پہونچے گی اور سنہ ۸۶۹ آٹھ سو انہتر ہجری مین سلطان محمود مع فوج بیشمار قلعہ بادر اور بندرودن کی طرف جو مابین گجرات اور کونکن بے واقع ہی روانہ ہوا اور اُس ولایت کے حاکم نے چندمرتبہ جنگ کرکے شکست کھائی اور ناچار ہوکر امان چاہی اور ملازمت مین حاضر ہوا اور قلعہ اور ولایت سپاہ اسلام کے سپرد کی اور قلعۂ بادر قلاع نادر سے ہی اور سر بفلک کشیدہ اور محکمی اور سنگینی مین سد سکندری سے برابری کرتا ہی اُس وقت تک ایسا قلعہ مسلمانون کے دست تصرف مین نہ آیا تھا اور راے ولایت دون نے کہ ایک ہزار موضع اُس کے تحت مین تھے اور اُس قلعہ کے استظہار کے سبب باوغرور اپنے کاخ دماغ مین بھر کر لشکر اور ذخیرہ بہت اپنے پاس فراہم کیا تھا اور ایک جماعت دیو سیرت غول طبیعت کو راستون کے سرون پر تعین کرکے مسافرون اور تردودون کی راہزنی کے واسطے مشغول رکھتا تھا بیت بہ عیاری چنان رہ می سپردی کہ بنی آزمیان چشم بردی بہ سلطان خزائن اور دفائن پر متصرف ہوا اور اُسی عرصہ مین راے کو خلعت اور کمربند اور شمشیر طلا سے سرفراز کیا اور وہ قلعہ اور ولایت اُسے بخشا اور غنائم بے قیاس لے کر احمد آباد کی طرف معاودت کی اور شہرون کی آبادی اور رعایا برایا کی تفتیش حال مین مشغول ہوا اور سنہ ۸۷۰ آٹھ سو ستر ہجری مین شکار کے واسطے احمد نگر کی طرف سوار ہوا اور اثناے راہ مین ایک دن بے سبب ظاہری بہاء الملک بن الف خان نے ایک سپاہی کو قتل کیا اور خوف قصاص سے ایدر کی طرف بھاگا اور سلطان نے یہ خبر سنکر ملک حاجی اور عضد الملک کو کہ مصدر مہمات بادشاہی تھے بہاء الملک کی گرفتاری اور تعاقب کے واسطے نامزد فرمایا اُنھون نے تھوڑی دور جاکر بہاء الملک کی جانب داری کی اور یہ تزویر اپنے دل مین سوچے یعنی دو آدمی جو کہ بہاء الملک کے ملازم تھے انھون کچھ مال پر فریفتہ اور راضی کرکے یہ فہمائش کی کہ رد بکاری کے وقت تم اظہار کرنا کہ ہم قاتل ہین بادشاہ رحیم ہی تمھارا جرم معاف کریگا و قطع نظر اُس کے سلطان بے مشورہ ہمارے تمھارے قتل کا حکم جاری نفرمائے گا

اور جو کہ پیمانہ عمر اُن کا آب بقا سے لبریز ہو چکا تھا اپنے صاحب قدیم کی خیر خواہی مین جیسا کہ سکھلایا تھا بادشاہ کے حضور مین اقرار کیا اور سلطان نے بفتوائے علما اُن نامجرمون کو حکم قتل دیا پھر اس سفر سے واپس آنے کے بعد بادشاہ کو حال کھلا کہ عماد الملک وعضد الملک نے اپنی کارستانی سے بے گناہون کو قتل کرایا ہے اور سلطان محمود ایسا برافروختہ ہوا کہ دونون کو تیغ قہر سے معدوم کیا باوجودیکہ ان دونون سے بڑھکر اس کے دولتخانہ مین کوئی مقرب نہ تھا مگر عدالت کی رعایت سے ان پر سیاست کی بلکہ لوگون کی عبرت کے لیے اُن کے پوست گھاس سے بھر کر چار طرف لٹکائے طبقات محمود شاہی مین مذکور ہے ۸۷۲ھ آٹھسو بہتر ہجری مین سلطان محمود نے جمال جہان آرائے حضرت سرور عالم صلے اللہ علیہ وسلم کو خواب مین دیکھا کہ آپ نے بنظر شفقت دست طبق عنایت فرمائے - اس کی تعبیر یہ ظاہر ہوئی کہ چند ہی روز مین بادشاہ کو بہت بڑی دو نعمتین نصیب ہوئین (اول) فتح ولایت دون بارد اور (دوم) فتح کرنال جو ایک بلند پہاڑ پر واقع ہے اور قدیم زمانہ سے زبردست بادشاہان دہلی کو اس کے تسخیر کی آرزو رہ گئی بلکہ ہندوستان کے راجا بھی مدتون اس کی تسخیر کے واسطے کوشش کرتے کرتے مر گئے - آخر مین یہ دولت سلطان محمود بیکرہ کے حصہ مین آئی - اس پہاڑی قلعہ کی صورت یہ ہے کہ اوّل تو وہ بہت بلند پہاڑ پر ہے پھر اسکے گرد بہت سے پہاڑ بطور دائرہ کے محیط ہین جن مین بے شمار کھڈ و درے ہین اور ہر درہ کا ایک نام ہے از انجملہ ایک درہ موری ہے جس کے آگے نہایت مضبوط قلعہ ہے جس کو آج کل جوناگڑھ کہتے ہین اور دوسرا درہ بنام مہایلہ مشہور ہے کرنال پہاڑی مقام گرم ہے اور راے مندلک کے باپ دادا ایک ہزار نو سو برس سے اس پر قابض تھے اب راے مندلک وارث ہوا اور کسی بادشاہ کا قدم اس ولایت مین نہین پہونچا سوائے سلطان محمد تغلق اور سلطان احمد شاہ گجراتی کے - الغرض سلطان محمود بیکرہ نے اللہ تعالے کے بھروسے پر اس خواب کی تعبیر سے قوی دل ہو کر کرنال پر فوج کشی کی اور جب کرنال اٹھائیس کوس رہا تو اپنے مامون تغلق خان کی راے سے ایک ہزار سات سو جوانان بہادر لشکر سے انتخاب کر کے اُن پر اسی قدر عمدہ گھوڑے دطلائی خنجر و ہتھیار تقسیم کیے اور حکم دیا کہ دھاوا کر کے درہ مین داخل ہون اور خود بھی پیچھے سے روانہ ہوا - جوانون نے یلغار کیا اور اچانک درہ مین گھس پڑے اور محافظ جنگلی راوان کتے تھے تغافل مین مارے گئے اور بہادران محمودی تکبیر کہتے ہوئے آگے بڑھے راے مندلک یہ خبر سنکر شکار کے بہانہ قلعہ کرنال سے اُترا اور افواج کثیر سے درہ مہایلہ تک پہونچا جب اس نے دیکھا کہ گجراتی بہت تھوڑے ہین تو دلیرانہ حملہ کیا - اسی اثنار مین سلطان مع افواج پہونچا اور پے در پے فوجین ان کی مدد کے لیے روانہ فرمانے لگا - راجپوت بکثرت مارے گئے اور جو کچھ بچے شکستہ و بدحال راے مندلک کے ساتھ بھاگ کر قلعہ کرنال مین محصور ہوئے اور افواج اسلام نے درہ مہایلہ والے اسیر کر کے حوالی کرنال کے تجانون پر تاخت کی اور وہان کے برہمن و براون لڑکر مارے گئے چنانچہ اس روز سلطان نے اپنے ہاتھ سے بمقابلہ دو تین کافر مارے اور بکثرت مال غنیمت مجاہدین کے ہاتھ آیا - اب سلطان کا قصد ہوا کہ لشکر تاخت و تاراج کے لیے اطراف مین روانہ کرے - راے مندلک نے مضطرب ہو کر بہت سے مقربین کو حضور مین

ارسال کرکے معافی کا خواستگار ہوا بادشاہ نے دیکھا کہ غازیون کے ہاتھ جواہر و نقود اور لونڈی غلام وغیرہ سے بھرے ہوئے ہین اور ہوا بھی ایسی گرم ہوگئی ہے کہ میرا یہان ٹھہرنا دشوار ہے اس نظر سے حفظ درہ اور پیشکش پر اکتفا کرکے احمد آباد کی طرف مراجعت کی اور ۸۷۳ھ آٹھ سو بہتر ہجری مین سنا کہ رائے مندلک بادشاہون کی طرح چھتر اور دوربار وغیرہ لوازم شاہی کے ساتھ سوار ہوتا ہے اور دربار مین بھی قیمتی جواہر پہنکر تخت پر بیٹھتا ہے یہ امر سلطان کو ناگوار ہوا اور چالیس ہزار فوج اس پر مقرر کی کہ اگر تمام لوازمہ بادشاہی چھتر و تاج و تخت و جواہر وغیرہ تمھارے سپرد کرے تو اس کی ولایت سے متعرض نہو نا ورنہ اس کی تسخیر مین کوشش کرنا چونکہ رائے مندلک کو اس لشکر کے مقابلہ کی طاقت نہین تھی اس نے لوازم شاہی سپرد کردئے اور ولایت کو محفوظ رکھا۔ نظام الدین احمد نے تاریخ مین لکھا ہے کہ جو کچھ اثاثہ و دولت رائی مندلک سے لیا تھا سلطان نے ایک مجلس مین قوالون وغیرہ کو بخشدیا واللہ اعلم بالصواب ۸۷۳ھ آٹھ سو تہتر ہجری مین سلطان نے خود اپنی ممالک کا دورہ کیا اور خبگلون کو کٹوا کر ویرانون کو آباد کرنے مین پوری سعی فرمائی اور کہین ویرانہ نچھوڑا اور ۸۷۴ھ آٹھ سو چوہتر ہجری کے واقعات عظیمہ سے یہ ہے کہ ایک روز سلطان ایک مست ہاتھی پر سوار ہوکر باغ کی طرف روانہ ہوا۔ اثنائے راہ مین ایک مست ہاتھی زنجیر توڑا کر سامنے آیا اور فوج کے ہاتھی اس کی صورت دیکھتے ہی بھاگے۔ اس نے سلطان کے ہاتھی کیطرف رُخ کیا اور دو تین ٹکرون کے بعد اس کو بھگا دیا اور اس کا پیچھا کیا اور پہونچکر اس کے شانہ پر ایسا دانت مارا کہ گوشت پھاڑ کر سلطان کے پانون پر لگا اور خون جاری ہوگیا سلطان نے جوش شجاعت مین اس کی پیشانی پر ایسا نیزہ مارا کہ خون جاری ہوا اس عفریت مست نے غصہ مین دوسری ٹکر ماری اور فوراً دوسرا نیزہ اس زور سے کھایا کہ فوارہ کی طرح خون اُبلنے لگا اس بدمست نے تیسری ٹکر ماری اور تیسرا نیزہ ایسا کھایا کہ بیتاب ہوکر بھاگا۔ سلطان خیریت کے ساتھ دولتخانہ پر پہونچ گئے اور کثرت خیرات و صدقات سے تمام مستحقین کو بہرہ مند فرمایا چند روز کے بعد امرائے سرحد کو مع افواج طلب فرماکر جونا گڈھ اور کرنال کو فتح کرنے کا قصد کیا اور ایک رات دن مین پانچ کرور روپیہ سپاہ پر تقسیم کیا اور دو ہزار پانچ سو گھوڑے جن مین سے بعضون کی قیمت دس ہزار روپیہ تھی بہادرون مین تقسیم کیے اور پانچ ہزار تلوارین وسات سو ٹپکہ کمر مرصع اور سترہ سو خنجر مرصع انعام دیے اور منزل بمنزل روان ہوکر جب ولایت سورت مین پہونچے جو ولایت کرنال سے متصل ہے تو راجہ مندلک نے عرض کی کہ مین ایک مدت سے حضرت کی فرمانبرداری مین بسر کرتا ہون اور اپنے خیال مین مجھ سے کوئی امر خلاف بھی صادر نہین ہوا ہے اب بھی جس قدر پیشکش کے واسطے حکم ہو مجھے عذر نہین ہے سلطان نے فرمایا کہ اصل مقصود میرا یہ ہے کہ ان ممالک کو دارالاسلام بناؤن۔ رائے مندلک نے فحوائے کلام سے معلوم کیا کہ اس لشکر کی صورت مثل سابق کے نہین ہے لہذا فرصت پاکر رات کو بھاگ کر تین منزل پر قلعہ جونا گڈھ مین متحصن ہوا سلطان نے وہان سے کوچ کرکے قلعہ جونا گڈھ کے قریب نزول فرمایا دوسرے روز کچھ لوگ لشکر سے جدا ہوکر قلعہ کے قریب گئے اور راجپوتون کا لشکر بھی قلعہ سے نکلکر مقابل ہوا لیکن شکست کھا کر قلعہ مین بھاگ گیا دوسرے

روز بھی سپاہ اسلام غالب رہی تیسرے روز خود سلطان نے صبح سے شام تک جنگ کی چوتھے روز بارگاہ سلطانی دروازہ کے قریب لائے اور محاصرہ سخت کیا اور ہر طرف سے سابا طبانے لگے اور راجپوت بھی اکثر اوقات قلعہ سے نکلکر اچانک ٹوٹ پڑتے اور لوگون کو مار جاتے تھے چنانچہ ایک روز عالم خان فاروقی کے مورچہ پر ٹوٹ پڑے اور اس کو شہید کیا سلطان محمود نے محاصرہ کو زیادہ تنگ کر دیا کہ محصورون کو نکلنے کی گنجائش نہ رہی اور نہایت نزدیکی سے بعض اوقات گوپھن کے پتھر سلطان محمود کے تخت کے آگے گرتے تھے اور جب سال مذکور کے آخر تک محاصرہ نے طول کھینچا تو راے مندلک نے مضطرب ہوکر بار بار آدمی بھیجکر تضرع وزاری سے صلح کی درخواست کی لیکن قبول نہوئی اور شروع ۴۰۵ھ آٹھ سو پچیس ہجری مین راے مندلک وغیرہ سب راجپوتون نے عاجز وزبون ہوکر امان مانگی اور قلعہ سپرد کرکے خود قلعہ کرنال مین چلے گئے۔ اور چوری وڈاکہ زنی پیشہ کرلیا۔ سلطان نے غصہ ہوکر زبردست فوج جو ناگڈھ مین بھیجدی اور خود جاکر قلعہ کرنال کو محاصرہ کیا اور راے مندلک کو عاجز کرکے وہ قلعہ بھی اس سے چھین لیا جو ایک ہزار نو سو برس سے اس کے باپ دادون کے قبضہ مین رہا تھا۔ سلطان محمود بیکرہ نے بھی بطور سلطان محمود غزنوی کے تمام بتخانے توڑے اور جو بت پرست لڑے وہ مارے گئے اور راے مندلک نے وہان کی حکومت و رہزنی سے دل برداشتہ ہوکر سلطان کے پاس آمدورفت شروع کی تاکہ ملازمت حاصل کرے لیکن سلطان کے اخلاق حمیدہ اور اطوار پسندیدہ دیکھکر اسلام کا شیفتہ ہوا اور ایک روز عرض کی کہ بندہ کو حضرت شاہ شمس الدین کی صحبت سے جو پنجاب مین رہتے ہین اسلام کی محبت بیشک حاصل ہوئی تھی اور اب جو مین نے حضرت سلطان کی ملازمت پائی تو مجھے یقین ہوگیا کہ دین حق یہی دین اسلام ہی اب صدق واخلاص سے بدون کسی دنیاوی طمع کے دین اسلام مین داخل ہونا چاہتا ہون سلطان محمود نے نہایت خوش وبشاش ہوکر راے مندلک کو مسلمان کرکے گلے لگایا اور اس کے ختنہ کے لیے بڑا جلسہ کیا اور چند روز کے بعد اس کو خان جہان خطاب دے کر امیر کبیر بنایا اور بہت عمدہ جاگیر عطا فرمائی اس وقت سے خان جہان اور اسکی اولاد کو اس خاندان شاہی مین کمال عزت وعروج رہا۔ شیخ سکندر مصنف تاریخ گجرات نے راے مندلک کے اسلام لانے کا واقعہ دوسری طرح بیان کیا ہی کہ جب راے مندلک ہمراہ سلطان کے احمد آباد مین آیا تو ایک روز اس کا گزر رسول آباد کی طرف ہوا جہان حضرت شاہ عالم قدس سرہ آفتاب ولایت مقیم تھے وہین ان کا مزار مقدس بھی ہی اور خانقاہ کے دروازے پر بہت سے ہاتھی گھوڑے اور آدمیون کا ہجوم دیکھکر پوچھا کہ یہ کس رئیس ونواب کی ڈیوڑھی ہی لوگون نے کہا کہ نواب کی کیا حقیقت یہ تو حضرت شاہ عالم کا در دولت ہی۔ راے نے پوچھا کہ آخر کس سے موالات رکھتے ہین اور جاگیر کہان ہی۔ لوگون نے کہا کہ یہ سوائے خدا کے کسی سے موالات نہین رکھتے اور نہ جاگیر قبول کرتے ہین بلکہ حضرت باری تعالے ہی ان کی کارسازی فرماتا ہی وہی روزی دیتا ہی یہ کسی کی ملازمت نہین کرتے۔ راے نے کہا کہ اچھا مین بھی ان کی زیارت

کرون - یہ کہکر سواری سے اتر کر خانقاہ مین داخل ہوا جیسے ہی راے کی نظر اس نور مقدس پر پڑی بیساختہ جوش محبت مین با ادب بیٹھا اور عرض کی کہ مجھے دین حق تعلیم فرمایئے - حضرت نے اسلام سے سرفراز کیا اور وہ آپ کے حلقہ ارادت مین داخل ہو کر نعمت عالیہ سے سربلند ہوا سلطان محمود کو منظور یہ تھا کہ اس نواح مین شعار اسلام جاری فرماوے بنا برین شہر مصطفےٰ آباد کی بنیاد کی اینٹ اپنے مبارک ہاتھ سے رکھی اور مساجد و معابد و عمارات عالیہ و باغات و بازار وغیرہ تیار کیے اور جمیع امرا نے بھی مکانات بنوائے اور چند مدت مین وہ شہر نفیس بن گیا لیکن ملک کے چورون اور رہزنون نے جو مدتون کے مشاق تھے ایسا سر اٹھایا کہ احمد آباد کا راستہ ان کے خوف سے مسدود ہو گیا سلطان نے شیخ ملک کے بیٹے ملک جمال الدین کو محافظ خان خطاب دے کر علم و کرنائی دے کر احمد آباد کا کوتوال کیا محافظ خان نے شہر و راہون کو ایسا مضبوط و محفوظ کیا کہ چند ہی روز مین پانچ سو رہزن جو سرگروہ تھے گرفتار کر کے سولی پر لٹکا دیے اور اس سیاست سے رہزنی و چوری تمام ملک سے یک قلم معدوم ہو گئی - سلطان کے حسن خدمت کے صلہ استیفاے ممالک وغیرہ کے مناصب و جاگیرات کے اضافہ سے سرفراز فرمایا اور رفتہ رفتہ وہ ایسے بڑے امرا مین ہو گیا جس کے اصطبل مین ایک ہزار سات سو گھوڑے بندھ گئے اور عمدہ عمدہ سپاہی اس کے نوکر ہوئے اور آخر مین اس کی قوت و شوکت یہان تک پہونچی کہ اس کے بیٹے ملک خضر نے راجہ پاکر دایدرو سردہی سے پیشکش لیا سلطان محمود نے مصطفےٰ آباد مین سنا کہ ایک گروہ متمردون نے کچھ مین جو سندہ کی سرحد ہی اپنا مسکن بنا کر رہزنی پیشہ اختیار کیا اور شریعت نبوی کا التزام نہین کرتے اور بہت دوری کی وجہ سے بادشاہ دہلی کے تابع نہین ہوتے ہین سلطان عافیت محمود نے ۸۷۹ھ آٹھ سو اناسی ہجری مین فوج لیکر متواتر کوچ کیا اور جب مقام شورمین پہونچا تو چھ سو آدمیون کو انتخاب کر کے تاخت کی اور ایک رات و دن مین ساٹھ کوس طے کر کے اچانک ان کے قریب پہونچ گیا - وہ لوگ چوبیس ہزار کماندار تھے یہ خبر سنکر مقابلہ پر آئے اور سلطان نے جب دور سے ان کی سپاہی دیکھی تو اتر کر ہتھیار بندی کی اور ترتیب سے صف بستہ ہو کر ان کی طرف چلا - حضرت قادر ذوالجلال والاکرام کی قدرت دیکھئے کہ باوجود اس قدر قلت کے دشمنون پر ایسا رعب غالب ہوا کہ اپنی کثرت و قوت جسمانی و تیراندازی سب بھول گئے اور ایسے ہراسان ہوے کہ ان کے سردار تیغ و کفن کے ساتھ حاضر ہو کر فریادی ہوے کہ بادشاہ ہم پر رحم فرماوے آیندہ ہم کبھی رہزنی نہ کرین گے بادشاہ نے پوچھا کہ تمھارا دین و مذہب کیا ہی انھون نے کہا کہ ہم جنگلی لوگ ہین سوا ے کھانے سونے کے کچھ نہین جانتے ہان جب بادشاہ عالم کی توجہ ہمارے حال پر مبذول ہی تو امید ہی کہ سرچشمہ اسلام سے سیراب ہو کر ترقی کرین بادشاہ نے عذر قبول فرما کر ان کے سابقہ جرم معاف کیے (شاید ان لوگون نے مملکت گجرات کے قافلہ پر ڈاکہ ڈالا ہو اور جب بادشاہ دہلی سے کچھ تدارک نہوا تو سلطان محمود نے خود ان کا قصد فرمایا واللہ اعلم) اور ان کے بعضے سرگروہ اپنے ساتھ احمد آباد لایا اور مسلمانون کو سپرد کر کے حکم فرمایا کہ

ہند

ان کو دین توحید تعلیم کرین اور عملدرآمد موافق اجتہاد امام ابوحنیفہ رح کے سکھلاوین۔ اور جب وہان کے لوگون کی آمدورفت مصطفےٰ آباد مین جاری ہوگئی تو ان کے بیان سے معلوم ہوا کہ ولایت شور کے اُس پار ایک ولایت سندھ ہی جو بادشاہ سندھ کے تابع ہی اور بلوچ کے چار ہزار غانہ دار وہان رہتے ہین اور چار ہزار ایسے تیرانداز وہان سے مل سکتے ہین کہ بال کا نشانہ اڑادین اور سب رافضی مذہب ہین اور کچھون نے بھی انھین کا رنگ سیکھ لیا ہی اور اس بیابان مین ان بدمعاشون کی معاش فقط رہزنی یا شکار سے حاصل ہوتی ہی اور کبھی کبھی سرحد گجرات پر بھی چھاپہ مارتے ہین سلطان ۸۸۰ھ آٹھ سو اسی ہجری مین اُن کے دفعیہ کے لیے روانہ ہوا اور جب ولایت شور مین پہونچا تو حکم دیا کہ ایک ہزار سوار دلیر وچالاک دو گھوڑے ہمراہ لیکر ایک ہفتہ کا آب ودانہ ساتھ لین اور دن ورات مین ساتھ کوس طے کرین۔ جب سلطان اس طریقہ سے سندھ مین داخل ہوا تو رات کے وقت ایک صحرا مین استراحت کے لیے اترا تاکہ دوسرے روز اس قوم پر تاخت کرے اتفاق سے اس روز کچھ بلوچ اس صحرا مین موجود تھے جو اونٹ چرانے لائے تھے اُنھون نے واقف ہوکر فوراً سانڈنی سوار اپنی قوم کے پاس دوڑایا اور اس قوم نے سلطان محمود کے نام سے واقف ہوتے ہی غارون وکھڈون مین پناہ لی چنانچہ دوسرے روز جب سلطان وہان پہونچا تو ان کا نشان نہ پایا۔ اتفاق سے اس نواح کے کچھ لوگ ہاتھ آئے جنھون نے پتہ بتادیا اور سلطان نے ان رہزنون کو غارون سے نکال کر ہلاک کیا اور ان کے اموال واثاثہ پر قبضہ کرلیا۔ جب سلطان نے واپسی کا قصد کیا تو ارکان دولت نے عرض کی کہ ہم لوگون نے بڑی مشقت سے یہان پہونچکر اس ولایت کو صاف کیا ہی مناسب یہ کہ یہان اپنا داروغہ وحاکم مقرر فرمایئے۔ سلطان نے فرمایا کہ ملکہ سلطانہ بیگم مخدومہ جہان اسی ملک کی شاہزادی ہی لہذا صلہ رحم کی رعایت سے مین اس ملک پر قبضہ نہین کرتا پھر وہان سے مصطفےٰ آباد واپس آیا۔ چونکہ مدت سے سلطان سنتا تھا کہ بندر جگت مین بت پرستی کا زور ہی اور وہان کے برہمن مسلمانون سے سخت تعصب وعداوت رکھتے ہین سلطان کا قصد تھا کہ اس طرف جاوے لیکن عزم نہ فرماتا تھا اتفاق سے مولانا محمد سمرقندی جو علماے عصر سے تھا اور سلاطین بہمنیہ کی خدمت مین عمر بسر کرکے ایام پیری مین رخصت لیکر مع اہل وعیال وتمام عمر کا اندوختہ مال لیے ہوئے بندر ہرموز کی راہ سے وطن جاتا تھا لیکن راہ مین جب کشتی بندر جگت کے سامنے پہونچی تو وہان کے راجہ بھیم نے اپنے مذہب کے برہمن پنڈتون کے فتوے کے موافق مسلمان مسافرون کا قتل وغارت کرنا ثواب سمجھکر مع فوج وعوام کے حملہ آور ہوا اور غالب ہوکر ثواب کے واسطے بہت سے مسلمانون کو قتل کیا اور عورتون کے حق مین بے ناموسی کی اور بکثرت عورتین قید کرلین ازانجملہ ملاے موصوف کے زوجہ تھی اور ملا محمد مع اپنے دو چھوٹے بیٹون کے بمشکل تمام سروپا برہنہ مصطفےٰ آباد مین پہونچا اور بارشاہ سے یہ دردناک سانحہ مفصل عرض کرکے کہا کہ آپ ایسے بادشاہ کے جوار مین کافرون کا ایسا ظلم وستم کب جائز ہوسکتا ہی سلطان نے مولانا کو احمد آباد بھیجکر وظیفہ مقرر کردیا اور فرمایا کہ خاطر جمع رکھیے کہ

انشاء اللہ تعالیٰ

انشاء اللہ تعالے تمھاری سب لوٹ تم کو مل جائیگی اور اپنے امراء و ارکان دولت کو جمع کر کے کہا کہ اگر قیامت کے روز مجھ سے سوال ہو کہ تیرے جوار مین کفار اس قدر جور و ستم مسلمانون پر کرتے تھے اور تم نے باوجود قدرت کچھ نہ کیا تو تم کیا جواب دے سکتے ہو۔ امراو اگرچہ ہر سالہ کوچ و سفر سے تھکے ماندے تھے پھر بھی بولے کہ ہم فرمانبردار ہین اور ایسے ظالم پر رحم کافرون کو دفع کرنا واجب لہذا سلطان نے سامان سفر کر کے جگت کی طرف کوچ کیا اور منزلین دشوار گزار طے کر کے قلعہ جگت پر پہونچا جہان ایسے برہمن شیطان صفت جمع تھے اور جب تکبیر کی آواز پہونچی تو وہ ظالم بیدین متحیر و مبہوت ہوئے اور جس طرح بن پڑا جزیرہ بت مین بھاگ گئے اور سلطان نے قلعہ جگت مین داخل ہو کر چار ماہ اقامت کی چونکہ اس نواح مین سانپ و بچھو و شیر و بھیڑیے نہایت کثرت سے تھے غازیون نے کفار بدکار کے ہمجنس بہت سے سانپ وغیرہ مارے چنانچہ جہان سرا پردہ شاہی تھا خاص وہان ایک پہر کے عرصہ مین سات سو سانپ مار ڈالے تو باقیون کو اسی پر قیاس کرو۔ سلطان نے جگت کا بتخانہ توڑ کر مسجد بنائی اور اس مدت مین جب بکثرت کشتیان تیار ہو گئین تو آلات جنگ و مردان جنگی سے آراستہ کر کے جزیرہ بت پر چڑھائی کی اور کافرون نے بیس مرتبہ دریا مین لڑائی ڈالی آخر غازیون نے حملہ کر کے کافرون کو ہٹایا اور جزیرہ مین اتر کر حصار بت فتح کیا اور بکثرت راجپوت مارے گئے اور ان ظالمون کا سرغنہ راجہ بھیم کسی ترکیب سے کشتی پر بیٹھکر بھاگا اور سلطان محمود نے بھی اس کے تعاقب مین فوج روانہ کی اور خود شہر بت مین داخل ہوئے اور جماعت مسلمانون کو قید کفار سے نجات دی اور وہان سے بکثرت غنیمت ہاتھ آئی اور بہت رہزن و ڈاکو قید ہوئے اور فرحۃ الملک امیر کبیر کو وہان کا حاکم کیا اس عرصہ مین تعاقب کرنے والے راجہ بھیم کو گرفتار کر لائے اور بارگاہ کے سامنے کھڑا کیا۔ سلطان نے مراسم شکر ذوالجلال ادا کر کے مصطفے آباد کی طرف معاودت کی اور حکم دیا کہ فرمان لکھکر ملا محمد کو احمد آباد سے بلاؤ۔ ہنوز فرمان لکھا نہ گیا تھا کہ ملا محمد خود آ گئے اور سلطان نے بہت خوش ہو کر ان کی بی بی ان کو سپرد کی اور راجہ بھیم کو بھی اسی طرح زنجیر مین مقید اُن کے حوالہ کیا کہ جو چاہو کرو چونکہ مولانا کو اس کی طرف سے سخت اذیت پہونچی تھی عرض کی کہ حضور اس کو محافظ خان کے پاس روانہ فرمادین تاکہ احمد آباد مین مشتہر ہو کر عبرت کے واسطے قتل کیا جاوے۔ چونکہ سلطان بھی اس ظالم رہزن کو اسی قابل سمجھتے تھے لہذا درخواست منظور فرما کر اسکو احمد آباد بھیجا کہ وہان اپنی سزا کو پہونچا کتے ہین کہ جن دنون سلطان محمود شہر مصطفے آباد کی تعمیر مین سرگرم تھا گجرات کے لوگ ہر سالہ کشمکش سے تنگ آئے علی الخصوص اس وجہ سے کہ احمد آباد چھوڑ کر کوہستان مصطفے آباد مین جاے سکونت تلاش کرنی چاہیے اور صغیر و کبیر اس سے نالان ہوئے۔ سلطان محمود نے اس بات کو سمجھ کر مصطفے آباد سے کوچ کیا اور احمد آباد مین آکر ممالک کا ضبط کرنا امرا کے سپرد کیا اور خود ولایت کرنال کی مضبوطی اختیار کی چنانچہ بہاء الدین عماد الملک کو سونکھ کا حاکم کیا اور فرحۃ الملک کو حاکم جگت و بت کیا اور نظام الملک کو حاکم مانیر کیا اور خداوند خان وزیر الممالک کو شاہزادہ مظفر کا اتابک قرار دے کر احمد آباد مین چھوڑا اور خود مع ایک جماعت امرا کے مصطفے آباد مین جا کر باغات

وبساتین وعمارات بنانے مین مشغول ہوا اور چند روز کے بعد خداوندخان وراے رایان ودیگر امرا نے اتفاق کیا کہ شہزادہ مظفر کو تخت احمد آباد پر بٹھا کر سلطان محمود کو معزول کرین پس عید رمضان کے بہانہ سے عماد الملک ودیگر امرا کو احمد آباد مین بلا کر خلوت مین عماد الملک سے قرآن ہاتھ پر رکھکر راز فاش نہ کرنے کی قسم لیکر اس بھید سے مطلع کیا چونکہ اس وقت عماد الملک کالشکر تھانہ مین تھا اُسنے یہ امر قبول کیا اور روز عید تک کی مہلت چاہی اور فی الفور معتمد آدمی بھیجکر لشکر طلب کر لیا جو عید سے پہلے ہی احمد آباد مین آگئے۔ عید کے روز عماد الملک نے فوجین آراستہ کین اور شاہزادہ کے دربار مین جاکر حسب معمول اس کو نماز کے لیے باہر لایا اور بعد نماز کے بحفاظت تمام شہر مین پہونچایا اور خداوندخان وغیرہ جو اس روز اپنا مافی الضمیر ظاہر کرنے پر آمادہ تھے عماد الملک کے برتاؤ سے کچھ سمجھکر خاموش رہے گویا کچھ بات ہی نہ تھی اور قیصرخان نے جو سلطان کے مقربین سے تھا یہ پراگندہ افواہین سنکر خلوت مین سلطان سے یہ حال عرض کیا سلطان نے دوست ودشمن کے امتحان کے لیے مجھ مین کہا کہ میرا ارادہ ہے کہ حج کو جاؤن غرض یہ تھی کہ جو موافقت کرے کہ خوب ہے وہ دشمن ہے پھر جہازات تیار کیے اور کئی لاکھ تنکہ عاملون کو اشیاے ضروری خریدنے کے لیے دیے اور خود مصطفےٰ آباد سے کھڑکہ گیا اور کشتی مین سوار ہوکر بندر کھمبایت مین اترا اور جب یہ خبر احمد آباد مین پہونچی تو تمام امرا رسم شہزادہ کے خدمت مین حاضر ہوئے سلطان محمود نے جس روز اکثر امرا حاضر تھے فرمایا کہ اب چونکہ شہزادہ بڑا ہو گیا ہے اور امرا بھی اُس کے حسب دلخواہ تربیت یافتہ ہین میرے دل مین آتا ہے کہ مہمات سلطنت ان کے سپرد کرکے خود سعادت حج حاصل کرون عماد الملک نے کہا کہ ایک بار سلطان والاشان احمد آباد کو تشریف لے چلین پھر جو کچھ راے عالی ہو مناسب ہے سلطان کچھ سمجھ کے احمد آباد مین آیا اور ایک روز فرمایا کہ جب تک حج کی اجازت نہ دوگے کھانا نہ کھاؤن گا۔ امرا نے جانا کہ یہ امتحان ہے سب چپ ہو رہے۔ عماد الملک نے عرض کی کہ بندہ زادہ بھی بڑا ہو گیا ہے امیدوار ہون کہ میری جگہ اس کو دے کر مجھے خدمت سے جدا نہ فرمایا جاے سلطان نے فرمایا کہ خوب ہے اگر میسر ہو لیکن مہمات سلطنت بغیر تمھارے چل نہین سکتے اور جب آفتاب سر پر آگیا یعنی دوپہر ہو گئی اور سلطان بھوکے ہوئے تو عماد الملک کے کہنے سے نظام الملک نے جن کی داڑھی سفید تھی بادشاہ سے عرض کی کہ پہلے سلطان والاشان قلعہ چنپانیر کو بحفاظت اہل حرم و خزانہ کے لیے فتح فرماوین پھر بخیر وخوبی سعادت حج حاصل کرنے جاوین سلطان نے فرمایا کہ انشاء اللہ تعالیٰ میسر ہوگا اور طعام طلب فرماکر نوش کیا اور چند روز عماد الملک سے بات نہ کی عماد الملک نے خلوت مین عرض کیا کہ اس بندہ بے تقصیر کو بے عنایتی کا سبب ظاہر نہین ہوتا۔ سلطان نے فرمایا کہ جب تک حقیقت حال نہ کہے گا تجھ سے بات نہ کرون گا۔ عماد الملک نے کہا کہ مین نے مصحف مجید کی قسم کھائی تھی لیکن لاعلاج ہوکر عرض کرتا ہون کہ حقیقت حال یون ہے سلطان نے تحمل کیا اور خداوندخان کو کچھ آزار نہ پہونچایا سواے اس کے کہ اپنے ایک کبوتر کا نام خداوندخان رکھا۔ اور مدت کے بعد مٹھن گیا اور وہان سے عماد الملک اور قیصرخان کو جانور وساجور مسخر کرنے کے لیے روانہ کیا جب یہ دونون روانہ ہوکر

درگاہ حاجی رجب کے پاس اترے تھے تو خداوند خان کی بدبختی نے اپنا کام شروع کیا یعنے اس رکے بیٹے مجاہد خان نے اپنے خالہ زاد بھائی صاحب خان کو ساتھ لیا اور رات کو قیصر خان کے ڈیرے مین گھس کر اس کو قتل کیا اس علت مین کہ اس نے چغلی کھائی تھی سلطان کو گمان ہوا کہ یہ کام اذور خان نے کیا ہی جس کو قیصر خان سے عداوت تھی لہذا اس کو گرفتار کر کے مقید کیا۔ اتفاق سے مجاہد خان وصاحبخان خود بخود متوہم ہو کر بھاگ گئے اور بادشاہ کو حال کھل گیا تو اذور خان کو رہا کیا اور خداوند خان کو مقید فرمایا اور احمد آباد واپس آئے۔ اس عرصہ مین عماد الملک نے بیمار ہو کر قضا کی اور اس کے بیٹے اعتبار الملک نے باپ کی جگہ پائی اور اس کی وزارت ایسی چمکی کہ خاص وعام اس کے یہان حاضر ہوتے تھے سلطان محمود اس کے بعد مصطفےٰ آباد مین آکر مدت تک رہے اور ماہ رجب ۸۸۷ آٹھ سو ستاسی ہجری مین قصد کیا کہ کچھ لوگ وہان چھوڑ کر چنپانیر فتح کرنے جاوین۔ اتنے مین خبر ملی کہ ملیباریون نے بہت سی کشتیان بنا کر سمندر مین رہزنی اختیار کی ہی سلطان نے قصد چنپانیر چھوڑ کر چند جہازات پر مردان جنگی وآلات توپ وتفنگ وتیر مہیا کر کے اپنے ساتھ لے کر ملیباریون پر چڑھائی کی وہ لوگ بھاگے اور گجراتیون نے تعاقب کر کے ان کی چند کشتیان گرفتار کین اور کھمبایت مین واپس آئے اور سلطان بھی پلٹ کر احمد آباد مین آگئے۔ اس سال گجرات مین بارش نہونے سے سخت قحط پڑا اور بکثرت آدمی ہلاک ہوئے اور رعایا کی حالت خراب ہوگئی سلطان نے اسی سال ستاسی کے غرہ ذی القعدہ مین چنپانیر فتح کرنے کے لیے چڑھائی کی۔ یہ حصار بہت بلند پہاڑ پر آسمان سے باتین کرتا ہوا اور اسی سطح کوہ پر دوسرا پہاڑ اس سے بھی بہت بلند ہی اس پر کچ وپتھر سے دیوار مستحکم بنا کر مضبوط برج بنائے گئے ہین اس کا حاکم راے تباہی راجپوت تھا اور ہزارون برس سے جس کی ابتدا لوگون کو یاد نہین ہی اس کے باپ دادے حکومت کرتے چلے آتے تھے چونکہ ساٹھ ہزار سوار وپیادے اُن کے ملازم تھے تو تکبر کے ساتھ کسی کی فرمانبرداری نہین کرتے تھے جب راے تباہی کو وہان کی حکومت حاصل ہوئی تو اس نے کمال غرور سے گجرات کے علاقہ رسول آباد پر کئی بار تاخت کی اور وہان کے لوگون کو مسلمان ہونے کی وجہ سے بہت ایذا پہونچائی اور بکثرت مسلمان قتل کیے۔ آخر سلطان محمود انار اللہ برہانہ نے چڑھائی کی اور جب قصبہ بڑودھ مین پہونچے تو راے تباہی مضطرب ہوا اور متعصب برہمنون کو بہت ملامت کی اور اپلیکون کو بھیجکر معافی مانگی وہ قبول نہوئی اور عضد الملک وتاج خان وبہرام خان آگے بڑھے اور ساتوین صفر ۸۸۸ آٹھ سو اٹھاسی ہجری مین مورچہ بنا کر پہاڑ کے نیچے اترے اور راجپوت بھی نکلکر روز لڑتے اور قلعہ مین چلے جاتے تھے سلطان نے ہوشیاری سے خیال کیا کہ شاید بادشاہ غیاث الدین صاحب مالوہ اس کی مدد پر آمادہ ہو لہذا بڑودھ سے کوچ بہ کوچ روانہ ہو کر چنپانیر پر کے موضع کریاری مین جو مالوہ کی راہ پر ہی مقام فرمایا۔ راے تباہی نے نہایت اضطراب سے دوبارہ اپنے حاجب اور سونے کے دو ہاتھی اور دیگر تحف ونفائس بھیجکر بہت تضرع وزاری کی کہ میرا گناہ معاف ہو۔ سلطان نے وہ بھی منظور نہ کیا تب راے تباہی نے اطراف کے راجاؤن سے مدد مانگی اور فوج کثیر جمع کر کے قلعہ

سے اترا اور مورچون پر دھاوا کرکے ان کو درہم برہم کر دیا اور بڑھکر سلطان کے مقابل صف آرا ہوا سلطان نے جناب باری تعالیٰ مین التجا کرکے فوج آراستہ کی اور کفار سے سخت مقابلہ ہوا راجپوت بھی جان توڑ کر لڑے آخر بہت مارے گئے اور راے مذکور شکست فاحش اُٹھا کر بھاگا اور دس بارہ ہزار راجپوتون سے قلعہ مین داخل ہوا اور سلطان محمود نے قلعہ کے نزدیک ہوکر چارون طرف سے ملاحظہ فرمایا اور ہر ایک موقع پر امرا کو مورچل پر مقرر فرما کر محاصرہ کی تاکید فرمائی اور خود موضع کریاری مین لوٹ گیا اور سید بدر کو راہ کی حفاظت و رسد لانے کے لیے مقرر فرمایا۔ اتفاقاً ایک روز رسد پر راجپوت ٹوٹ پڑے اور مسلمانون کو قتل کرکے رسد لے گیے۔ سلطان نے خشمناک ہوکر محاصرہ کا دائرہ بہت تنگ کر دیا اور حکم دیا کہ ساباط قلعہ تک پہونچاؤ۔ راے بناہی نے بالکل عاجز ہوکر اپنے وزیر جنگ سورگ کو سلطان غیاث الدین خلجی کے پاس مالوہ بھیجا اور نہایت منت والحاح سے مدد مانگی اور ہر کوچ کے عوض ایک لاکھ تنکہ نقرہ قبول کیے۔ سلطان غیاث الدین اپنا لشکر آراستہ کرکے روانہ ہوا اور موضع نعلچہ مین اترا۔ سلطان محمود یہ خبر سنکر افروختہ ہوا اور امرا کو جا بجا محاصرہ کے واسطے تاکید فرما کر خود صاحب مالوہ کے مقابلہ کے واسطے بڑھا اور جب قصبہ دھور تک پہونچا تو وہان خبر پہونچی کہ سلطان غیاث الدین نے علما سے پوچھا کہ جب بادشاہ اسلام کسی قلعہ کفار کا محاصرہ کرے تو کیا شرع مین روا ہی کہ ہم کفار کی مدد کرین علما نے کہا کہ ہرگز روا نہین ہی لہذا اُسی وقت واپس ہوکر مندسور چلا گیا ہی۔ سلطان محمود نے خوش ہوکر کچھ تعرض نکیا اور چنپانیر واپس آکر قصبہ مین جامع مسجد بنانے کا حکم دیا اور بنیاد ڈالدی۔ اس وجہ سے ہر کس و ناکس کو یقین ہوگیا کہ سلطان بغیر قلعہ فتح کیے نہ جاوین گے بالضرور سب نے محاصرہ و فتح کے واسطے اہتمام کیا اور سب سے پہلے وہ ساباط تیار ہوگئی جو سلطان نے اپنے اہتمام مین لی تھی اور اُس کے ساتھ ہی سلطان کے غلام خاص ایاز نام کی ساباط پوری ہوئی ایک روز خاصہ خیل کے سپاہیون نے ساباط سے دیکھا کہ صبح کے وقت اکثر راجپوت بیخانہ پھرنے و منھ دھونے چلے جاتے ہین اور مورچہ مین چند آدمی رہجاتے ہین سلطان نے فرمایا کہ ساباط خاص سے کچھ خاصہ خیل والے قلعہ مین گھس پڑین شاید قلعہ فتح ہو لہذا قوام الملک سرجاندار و لشکریون نے قلعہ مین داخل ہوکر جماعت کثیر مار ڈالی اور جب راجپوتون نے واقف ہوکر ہجوم کیا تو ان کو بھی بقدرت حق عزوجل مغلوب کرکے حصار دوم کے دروازہ تک بھگا دیا۔ اتفاق سے چند روز پہلے مغربی جانب بڑی توپ کے گولے سے بڑے قلعہ کی دیوار مین رخنہ پڑ گیا تھا اس جنگ کے وقت سلطان کے خاص غلام ایاز نے موقع پاکر کچھ سپاہیون کو ساتھ لیا اور رخنہ مذکور پر پہونچ گیا اور اس راہ سے گھس کر کوٹھون کے راستہ سے اُس چھت پر آیا جس کے نیچے قلعہ کا بڑا دروازہ تھا۔ اس وقت سلطان محمود نے ساباط پر اہل اسلام کا خیال کرکے حضور کبریا عزوجل کی جناب مین سجدہ کرکے فتح و نصرت مانگی اور فوج کمک کے لیے مقرر فرمائین۔ راجپوتون نے متحیر ہوکر حقہ بار و دان سپاہیون پر مارا جو دروازہ قلعہ پر جنگ مین مصروف تھے اگر وہ پڑتا تو ضرور خاصہ خیل والے ہلاک ہوجاتے مگر نصرت و لطف الٰہی شامل حال تھا کہ وہ

حقہ بارود ہوا کے جھونکے سے اُلٹ کر راے بناہی کے صحن مین گرا اور آگ لگ گئی - راجپوتون نے یہ حال دیکھکر اپنی بربادی پر یقین کیا اور زبردستی اپنی عورتین و بچے پکڑکر اُسی آگ مین جھونک دیے اور ہتھیارون سے مسلح ہوکر موت کی لڑائی لڑنے لگے اور صبح کو بتاریخ دوم ذی القعدہ ۸۹۹ھ آٹھ سو نواسی ہجری مین مغلوب و مقہور ہو گئے اور سپاہ اسلام نے غلبہ کرکے قلعہ کا بڑا دروازہ توڑ ڈالا اور قلعہ مین گھسکر ہر مقاتل کو تہ تیغ کیا اور سلطان کا علم اس دروازہ پر بلند ہوا اور سب راجپوت حصار کے بڑے حوض پر مجتمع ہوئے اور اس مین نہاکر مرنے پر آمادہ ہوئے کیونکہ بے گناہ بال بچون کو ہلاک کرنے کے بعد سلطان کی عفو سے ناامید تھے اور فوج اسلام مین سے ایک جماعت نے شوق شہادت مین اُن کا مقابلہ کیا اور بہت لوگ شہید ہوئے اور سب راجپوت بھی مارے گیے سوائے راے بناہی اور ڈونگرسی اور سورک وزیر کے کہ یہ لوگ زخمی گرفتار ہوئے اور سلطان نے اُن کو معالجہ کے واسطے سپرد کیا اور شکر حق عزوجل ادا کرکے قلعہ کے نیچے ایک شہر آباد کرنے کا حکم دیا اور اس کو بنام سرور کائنات صلے اللہ علیہ وسلم محمد آباد موسوم کیا اور راے بناہی سے پوچھا کہ تم نے لڑائی کی نوبت یہان تک کیون پہونچائی اس نے عرض کیا کہ اے شہریار یہ راج مجھے میراث ملا تھا اور مین بھی یہین پیدا ہوا تھا لاچار تمام لوگون کے طعن تشنیع سے نجات کے لیے مین نے اپنا مرنا گوارا کیا کہ یہ نہ کہا جاوے کہ باپ دادون کی جگہ کھوئی - بادشاہ نے یہ سنکر اُس کی بہت تعریف کی اور اُسکی عزت و تکریم کے لائق سب سامان مہیا کر دیا - جب وہ زخمون سے اچھا ہوگیا تو رسول آباد کے بہت لوگون نے جو اس کے تیغ ظلم سے ناحق قتل ہوئے تھے داد خواہ ہوئے - سلطان نے علماے سے پوچھا کہ اس کے بچنے کی کوئی صورت ہے - اُنھون نے فرمایا کہ اگر یہ مسلمان ہوجاوے تو ممکن ہے بادشاہ نے اس کو سمجھایا اور وعدہ دیا کہ اگر دین حق منظور کرے تو مین اس کو امارت و راج عطا کرون - اس نے محض انکار کیا اور بادشاہ نے باوجود اس کے پانچ مہینہ تک اس کو قید رکھا اور ہر طرح سے سمجھایا مگر اس نے کہا کہ میری حمیت مقتضی نہین ہے کہ مین اس کو قبول کرون ناچار سلطان نے اس کو مع وزیر کے قصاص مین قتل کر دیا پھر سلطان نے مصطفےٰ آباد اپنے چھوٹے شہزادہ خلیل خان کے سپرد کیا اور خود شہر محمد آباد کی تعمیر مین اہتمام فرمایا اور فتح حصار سے پہلے جس مسجد جامع کی بنیاد ڈالی تھی اور اس کے بے شمار ستون تھے پورے اہتمام سے تمام کی اور مدت کے بعد ۹۱۴ھ نوسو چودہ ہجری مین اس کے محراب کے سامنے نہایت خوبصورت منبر بنایا - ایک عزیز نے اس کی تاریخ یون لکھی ہے ؎

حضرت شاہ عاقبت محمود		آن سلاطین پناہ دین پرور	پیش محراب مسجد از تعظیم
منبرے ساخت خوب و خوش منظر		سال تاریخ منبر و محراب	قلمی شد نجلبہ و منبر +

جس سال چنپانیر فتح فرمایا اسی سال ایک معتمد کو احمد آباد روانہ کرکے حکم دیا کہ اس شہر کے گرد شہر پناہ و برج و قلعہ تیار کرین چنانچہ اس کی تاریخ بھی ایک فاضل نے اس آیت مین پائی - مَنْ دَخَلَهٗ كَانَ اٰمِنًا حضرت سلطان محمود انار اللہ برہانہ کے اعمال خیر و آثار پسندیدہ اکثر خلوص کے نمونہ ہین جو بادشاہون کو کمتر نصیب

ہوئے ازانجملہ سنہ ۸۹۲ آٹھ سو بانوے ہجری مین سوداگرون کی ایک جماعت محمد آباد مین پہونچی اور انھون نے فریاد کی کہ ہم لوگ چار سو گھوڑے واسباب تجارت لاتے تھے آبو کے راجہ نے قلعہ سے اُتر کر ہم پر تاخت کی اور گھوڑے مع اسباب لوٹ لیا اور ہم کو ٹکڑون کا محتاج کر دیا۔ سلطان اُنکی آہ وزاری سے دردمند ہوا اور حکم دیا کہ سوداگرون کو گھوڑے واسباب کی قیمت خزانہ سے دے دیجاے اور بنجو سامان سفر کرکے روانہ ہوا اور دوسری منزل پر مقام کرکے راجہ آبو کے نام فرمان لکھا کہ مین سنتا ہون کہ تم نے بیچارے سوداگرون کے گھوڑے واسباب سب لوٹ لیا ہے لہذا فرمان پہونچتے ہی جو کچھ تم نے لیا ہے بجنسہ واپس کرو اور سوداگرون کو راضی کرو اور اگر اسکے خلاف ہوا تو قہر بادشاہی کے منتظر رہو جو قہر الٰہی جل جلالہ کا مکتر نمونہ ہے۔ یہ فرمان انھین سوداگرون مین سے ایک جماعت کے ہاتھ روانہ فرمایا۔ راجہ اس فرمان سے آگاہ ہوتے ہی ڈر گیا اور سوداگرون کا استقبال کرکے بہت تکریم وتعظیم کی اور تین سو ستر گھوڑے مع دیگر اسباب کے جو بجنسہ موجود تھے سوداگرون کے سپرد کئے اور باقی گھوڑے واسباب جو تلف ہوا تھا اسکی اعلی قیمت دے کر ان کو راضی کیا اور اپنا ایلچی مع پیشکش کے سوداگرون کے ہمراہ بادشاہ کے حضور مین روانہ کیا اور اس مضمون کی عرضی بھیجی کہ عفو خطا کے بعد امیدوار ہون کہ حضرت بادشاہی کے ملازمون مین قبول فرمایا جاؤن۔ بادشاہ نے عرضی منظور فرمائی اور وہان سے محمد آباد تشریف لائے اور اس کے گرد برج وبارہ بہت مستحکم تیار فرمائے سنہ ۹۰۰ نو سو ہجری مین بہادر گیلانی نے جو بعض امراے سلطان محمود بہمنی کا نوکر تھا بغاوت کرکے بندر گوہ اور وائل وغیرہ ولایت دکن پر قبضہ کرکے دس بارہ ہزار سوار سرحد گجرات پر بھیجے اور لوٹ مار سے بہت خرابی کی یہان تک کہ چند جہاز خاصہ سلطانی پر قبضہ کرکے بندر مہایم جلا کر غارت کیا اور چاہا کہ اس کو مسخر کرے۔ سلطان محمود گجراتی نے صفدر الملک کو اس کے لشکر کے ساتھ دریا کی راہ سے مقرر کیا اور قوام الملک سردار خاصہ خیل کو مع ایک جماعت خاصہ خیل کے خشکی کی راہ سے مہایم روانہ کیا اور صفدر الملک کے جو جہاز وہان تھے وہ پیش قدمی کرکے مہایم پہونچے لیکن اتفاق سے طوفانی ہوا اس شدت سے چلنے لگی کہ سمندر کی موجون مین انکا ٹھہرنا دشوار ہوا اور بیڑہ لوٹ کے متفرق ہوگیا اور موجون کی شدت سے جو جہاز ساحل کے قریب تھے انھون نے بہادر گیلانی کے آدمیون سے جو ساحل مہایم پر مقیم تھے امان چاہی انھون نے منظور کی لیکن جب یہ لوگ ساحل کے قریب ہوئے تو ان کو معلوم ہوا کہ بہادر گیلانی والے غدر کا ارادہ رکھتے ہین لہذا مستعد قتال ہوئے اور اہل فساد سے ایسا سخت مقابلہ کیا کہ سمندر دریاے خون بن گیا لیکن اضطراب امواج سے بالآخر مغلوب ہوئے اور صفدر الملک مع بعض معتبرین کے گرفتار ہوگئے اور سب کشتیان دشمنون کے تصرف مین آگئین اور قوام الملک جب تک مہایم پہونچین دشمن اپنا کام کرکے بہادر کے پاس چلتے ہوئے۔ قوام الملک نے وہان توقف کرکے سلطان محمود کو عرضی بھیجی کہ یہ بندہ دولتخواہ چاہتا ہے کہ بہادر سے انتقام لے لیکن راستہ بادشاہ دکن کے ملک سے ہے بدون اس کے بہادر تک رسائی ممکن نہین لہذا جیسا حکم ہو بجا لاؤن۔ سلطان نے ایلچی مع خط کے سلطان محمود بہمنی کے پاس دکن روانہ کیا اور بادشاہ بہمنی نے حق جوار کی رعایت کرکے باوجود تسلط امرا کے وباوجود تزلزل سلطنت، کے بذات خود لشکر بہادر گیلانی پر لیجا کر اُس کو مار کر صفدر الملک کو

مع جہازات وتحفہ و ہدایاے نفیسہ کے اس امید پر بادشاہ گجرات کے پاس مع خط خاص روانہ کیا کہ بادشاہ گجرات مدد کرکے اس کو اس کے امرا کے تسلط سے نجات دے۔ چونکہ اس کے معاملہ کی اصلاح غیر ممکن نظر آتی تھی بنا برین بادشاہ گجرات نے تغافل وتساہل کیا۔ اور سنہ ۹۰۱ نو سو ایک ہجری مین رائے ایدر کے علاقہ راکری پر چڑھائی کی جب بادشاہ اس سرحد مین پہونچا تو رائے ایدر بے گفتگو خود بادشاہ کے حضور مین حاضر ہوا اور چار سو گھوڑے اور چار لاکھ تنکہ طلا و بکثرت ہتھیار و نفایس شاہانہ پیش کرکے جزیہ قبول کیا اور بہت تملق وچاپلوسی کرکے اپنی ولایت کو بچا لیا سنہ ۹۰۲ نو سو دو ہجری مین سلطان محمود نے اپنی مملکت کا دورہ اس غرض سے کیا کہ حالات سپاہی و رعیت اور عمال کی تعریف وشکایت معلوم کرے اور اس معاملہ مین انصاف کا علم نوشیروان سے بھی اونچا قائم کیا اور سنہ ۹۰۳ نو سو چار ہجری مین الف خان بن الف خان نے جو اس خاندان کا غلام زادہ تھا بغاوت کی اور امیر قاضی جو سلاطین بہمنیہ کے امرا مین سے گجرات چلا آیا اور یہان بھی امیری پر سرفراز تھا" اس غلام زادہ کے دفعیہ کو مقرر ہوا اور اس کو جنگلون و پہاڑون مین بھگاتا پھرا آخر وہ سلطان پور کے راستہ سے مالوہ مین بھاگ گیا اور وہان سے قولنامہ حاصل کرکے گجرات واپس آیا لیکن چند ہی روز بعد خواہ موت سے یا زہر سے مر گیا سنہ ۹۰۵ نو سو پانچ ہجری مین قاضی پر مع بعضے امرا کے عادل خان بن مبارک خان فاروقی کے سر پر جس نے مدت سے باج وخراج بند دیا تھا مقرر ہوا اور خاندیس مین داخل ہوکر تاراج کرنے لگا۔ عادل خان نے لاچار ہوکر عماد الملک حاکم برار سے مدد مانگی اور نہ پائی تو مدتہاے گذشتہ کا مال مع نفایس لیکر چنپانیر مین سلطان محمود کی خدمت مین حاضر ہوا اور چند روز مین معزز ومکرم واپسی کی اجازت پائی اور بعضے کہتے ہین کہ اس مہم مین خود سلطان محمود دریاے نربدا تک پہونچے تھے کہ عادل خان نے پیشکش بھیجکر عذر خواہی کی اور سلطان محمود نے رشتہ داری کا خیال کرکے عفو کیا اسی وقت مین دولت آباد کے قلعہ دار ملک اشرف اور ملک وجیہ نے عرضی بھیجکر اظہار کیا کہ سلطان بہمنی تو امیر برید ترک کے قبضہ مین مسخر ہوگیا اور یہ قلعہ ہم دونون کے قبضہ مین آیا ہے اور احمد نظام الملک اس کی طمع مین ہر سال اُس پر لشکر کشی کرتا ہے اور بالفعل بھی محاصرہ کیے ہے اگر سلطان اس قلعہ کو اپنی مملکت مین تصور فرماکر معاونت فرماوین تو ملازمت مین حاضر ہوکر اپنے دسترس کے لائق نذرانہ پیش کرین۔ سلطان نے دکن کی طرف رخ کرکے دو تین منزل پر مقام کیا۔ نظام الملک بحری نے مقابلہ کی طاقت نہ پاکر خبیر کی طرف کوچ کیا اور دولت آباد والے شاہی نذر لیکر حاضر ہوئے اور سلطان دونون کام کرکے محمد آباد مین آئے۔ چند روز بعد رفیع الدین محمد بن مرشد الدین صفوی کہ زہد وعلم سے موصوف تھے اپنے والد کے طریقہ پر گجرات مین آئے اور محمد آباد مین مجلس سلطانی کو اپنے نور حضور سے منور فرماکر مسند عزت پر قائم ہوئے سلطان محمود نے اُن دونون دیدۂ بصیرت سے خاندان سلاطین بہمنیہ پر توجہ کی کہ کس طرح امراے بے وفا نے تسلط کرکے سلطنت کو مٹایا اور جابجا طوائف الملوکی قائم کرلی اس سے سلطان کو پیش بینی کرنی پڑی چنانچہ سنہ ۹۰۶ نو سو چھ ہجری مین احمد آباد مین آئے اور تدبیر وحکمت عملی سے بہت سے امراے صاحب اقتدار کو جن کی ذات سے شرارت ودعوے سلطنت کی بہائی معزول یا مقتول کرکے اُن کے بجاے

دوسرے باوضع قائم گیے تاکہ آیندہ اس کی اولاد کے ساتھ سرکشی ومخالفت نہ کرسکین ۹ رخنہ گر ملک سر افگندہ بہ + لشکر بدعہد پراگندہ بہ + سرنہ کشد شاخ نوازسروبن + تازنی گردن شاخ کہن ۹ ۹۱۳ھ نوسو تیرہ ہجرین سلطان کو محمد آباد دیکھنے کا اشتیاق غالب ہوا اور وہان تشریف لائے دو تین ماہ سے زائد نہوا تھا کہ یہ خبر پہونچی کہ امسال کفار فرنگ نے ساحل پر ہجوم کرکے چاہا کہ تلجات بنا وین اور سلطان دین نے اپنے دشمنون کی یہ خبر پاکر چند جہازات ان کو روکنے کے لیے روانہ کیے ہین۔ چنانچہ چند جہازات رومی گجراتی بندر رون مین بھی آئے ہین۔ سلطان محمود نے بھی چند جہاز مجاہدین کے بندر دلسی اور دین و بندر مہایم مین روانہ کیے اور جب خطہ دمن مین پہونچے تو اپنے غلام خاص ایاز کو جو امیر الامرا و سپہ سالار تھا بندر دیپ سے چند کشتیان فوج و سامان جنگ سے آراستہ دیکر کفار پر جہاد کے لیے روانہ کیا اور رومی بڑا جہاز جو اسی غرض سے آیا تھا سپہ سالار ایاز کے ساتھ ہوا اور بندر چیول پر جاکر فرنگیون سے مقابل ہوا اور عین جنگ مین مسلمانون کے توپ گولے سے فرنگیون کا بڑا جہاز جس پر ان کا امیر البحر اور ایک کرور کا مال تھا ٹوٹ کر غرق ہوگیا اور ایاز نے فتح پاکر بکثرت فرنگی قتل کیے اور واپس آیا اور ان لڑائیون مین رومی اگرچہ چار سو نفر شہید ہوئے انھون نے تین ہزار کفار جہنم واصل کیے۔ سلطان محمود بنا در گجرات کا پورا بندوبست کرکے محمد آباد مین آیا۔ چونکہ آشیر مین محمود ادہ شاہ فاروقی کے مرجانے سے فتنہ و فساد پھیلا تھا اور سلطان کے نواسہ عادل خان ولد حسن خان نے عرضی بھیجکر نانا سے مدد مانگی تھی لہذا سلطان نے تھوڑی سی فوج کے ساتھ شعبان ۹ ۹۱۳ھ نوسو تیرہ مین اس طرف کوچ کیا اور رمضان تربد کے کنارے موضع سیلی مین پورا کرکے شوال مین دربار کی طرف کوچ کیا وہان جاکر معلوم ہوا کہ ملک حسام الدین حسام الملک مغل زادہ نے احمد نظام الملک بحری اور عماد الملک کا دیلی کے اتفاق سے عالم خان کو تخت آشیر و برہانپور پر بٹھا کیا اور نظام الملک بالفعل برہان پور مین ہے۔ سلطان محمود یہ خبر سنکر تھا نیسر کی طرف متوجہ ہوا چونکہ بادشاہ کو کچھ ضعف طاری ہوا تھا خود چند روز توقف کیا اور آصف خان و عزیز الملک کو لشکر دیکر نظام الملک و حسام الدین و عالم خان کی تادیب کے لیے روانہ کیا۔ نظام الملک بحری نے تھوڑا لشکر عالم خان کی مدد کے لیے چھوڑا اور دونون کا دیل چلے گئے اور ملک لادن استقبال کے واسطے آیا۔ آصف خان اس کو ساتھ لے کر سلطان کی خدمت مین آیا اور چند روز بعد ملک حسام الدین حسام الملک بھی اپنی حرکت سے پشیمان ہوکر سلطان کے حضور معافی مانگنے حاضر ہوا سلطان نے دونون کو معافی دیکر اعزاز کیا اور عید ضحیٰ کے بعد اپنے نواسہ عادل خان کو اعظم ہمایون خطاب دیکر چار ہاتھی اور تین لاکھ تنکہ مدد خرچ دیکر آشیر و برہان پور کی حکومت عطا کی اور ملک لادن کو خان جہان خطاب دیکر موضع بناس جہان وہ پیدا ہوا تھا معافی دیدیا اور عماد الملک کے بیٹے ملک تاہا کو غازی خان خطاب دیا اور عالم شاہ تھانہ دار تھا نیسر کو قطب خان اور ملک حافظ کو محافظ خان اور اس کے بھائی ملک یوسف کو سیفی خان خطاب دیا اور ان سب کو اعظم ہمایون کے ہمراہ کیا اور اپنے عمائد مین سے نصرۃ الملک اور مجاہدۃ الملک گجراتی کو بھی اعظم ہمایون کی فرمانبرداری کا حکم دیا اور خود شنبہ ۱۰ ذی الحجہ کو بقصد والیسی کوچ فرمایا اور

حسام الملک

منزل اول مین ملک جسام الدین کو شہر یار خطاب دیکر سلطان پور کا موضع دھتورہ مع دو ہاتھی کے انعام دے کر رخصت دی اور خود تیزی کے ساتھ کوچ کیا اور اثنائے راہ مین برخلاف عادت شہزادہ مظفر خان کے بیٹے شہزادہ بہادر خان کو جو اس سفر مین ہمراہ تھا عمدہ عمدہ گھوڑے عربی وعراقی ذامی ہاتھیون اور دیگر تحف ولفایس کے عطیہ سے سرفراز کیا اور جب محمد آباد کے قریب پہونچے تو اپنے پوتے شہزادہ بہادر خان کو اپنے پاس رکھ لیا اور سلطان مظفر کو اس کی جاگیر بڑودھ کو رخصت کیا۔ سلطان کی غیبت مین اعظم ہمایون نے حسام الدین شہر یار کو قتل کرکے اس کے ساتھیون کو عموماً قتل کر دیا جب ربیع الاول ۹۱۴ھ نوسو چودہ مین یہ مفصل حال سلطان محمود کو پہونچا تو فرمایا کہ جو شخص ایک جگہ حق نمک کی پاسداری نہین کرتا آخر برباد ہوتا ہی اسی عرصہ مین اعظم ہمایون نے برہان پور سے عرضی بھیجی کہ شیر خان وسیف خان جن کے قبضہ مین قلعہ آسیر ہی دونون نے اتفاق کرکے نظام الملک بحری کو خط لکھا ہی اور وہ عالم خان کو اپنے ہمراہ لے کر راجہ کالنہ کو موافق کرکے اپنی سرحد پر آیا ہی اگر آگے بڑھے گا تو ضرور اس سے لڑون گا۔ سلطان محمود نے پانچ لاکھ تنکہ نقد اعظم ہمایون کے بھیجے اور دلاور خان وقدر خان وصفدر خان ودیگر امرا کو حکم دیا کہ اعظم ہمایون کی کمک کرین اور جواب مین لکھا کہ وہ فرزند خاطر جمع رکھے کہ ضرورت ہو تو مین خود اس طرف آؤن گا اور نظام الملک جو ایک بادشاہ دکن کا غلام ہی اس کو یہ جرأت کہان کہ اس فرزند کی ولایت مین قدم رکھے۔ ہنوز امرائے مذکور روانہ نہوئے تھے کہ بڑودھ سے شہزادہ مظفر اپنے والد کی قدمبوسی سے مشرف ہوا اور اپنے بھانجے اعظم ہمایون کے لیے سات لاکھ تنکہ لیکر بذریعہ امرا روانہ کیے اور چند روز کے بعد نظام الملک بحری کا حاجب محمد آباد مین آیا اور نظام الملک کا ایک خط بادشاہ کے نام لایا جس کا مضمون یہ تھا کہ خانزادہ عالم خان اپنی جانب سے ملتجی ہوا ہی توقع یہ کہ ولایت آسیر وبرہان پور کا ایک ٹکڑہ اس کو عنایت فرماوین۔ سلطان اس خط سے خشمناک ہوا اور فرمایا کہ نظام الملک سلاطین بہمنیہ کا غلام تھا اس کو یہ مرتبہ نہین کہ عرض داشت چھوڑکر بادشاہون کو خط لکھے اگر آئندہ ایسی حرکت کرے گا تو پوری گوشمالی پاوے گا۔ نظام الملک بحری یہ خبر سنکر فی الفور احمد نگر کی طرف کوچ کر گیا اور امرائے مذکور جب قصبہ ندربار پہونچے تو شیر خان وسیف خان نے امان مانگی اور وہان سے دکن چلے گئے اور اعظم ہمایون کو شکر گجرات سے قوت حاصل ہوئی تو اس نے راجہ کالنہ کی ولایت پر حملہ کیا اور ابھی چند پرگنہ تاراج کیے تھے کہ وہان کے راجہ نے پیشکش بھیجکر اپنی تقصیرات سے معافی مانگی اور عادل خان نے آسیر مین آکر دلاور خان کو تعظیم وتکریم کے ساتھ گجرات رخصت کیا ۹۱۶ھ نوسو سولہ ہجری مین سلطان سکندر خان لودھی نے از روے اخلاص ومحبت کے کچھ سوغات وتحفے سلطان محمود کے واسطے بھیجے اور اس سے پہلے کبھی کسی بادشاہ دہلی نے بادشاہ گجرات کو تحفہ نہین بھیجا تھا۔ اور اسی سال کے ماہ ذی الحجہ مین سلطان نے پرگنہ نہروالہ کی جانب سواری فرمائی اور وہان کے علما وصلحا وفقرا کو انعامات والتفات خاص سے خوشدل کیا اور فرمایا کہ یہان آنے سے غرض یہ تھی کہ حضرات مخدومین کی زیارت سے مشرف ہوکر وداع کردن شاید دوبارہ دیدار کی اجل فرصت نہ دے۔ علما وصلحا مین سے ہر ایک نے بطرز خاص دعا وی اور سلطان اسی مجلس سے سوار ہوکر مشائخ مٹین رحمہم اللہ تعالے کی زیارت

ملحق اصل فارسی مین سال ۱۶ سولہ عشر ولایت گجرات کی بجاے ۱۷ سترہ عشر ولایت گجرات کی غلطی ہے

کو گیا اور بعد فراغت احمد آباد مین جاکر شیخ کھتو رحمہ اللہ تعالے کی زیارت سے فارغ ہو کر محمد آباد چنپا نیر مین واپس آیا اور جب بدن شریف مین ضعف و بیماری مشاہدہ کی تو شاہزادہ مظفر کو بڑودہ سے طلب کر کے نصائح دلپذیر فرمائے اور چار روز بعد جب صحت کے آثار دیکھے تو شاہزادہ کو بڑودہ کی طرف رخصت دی لیکن چند روز بعد بیماری نے عود کیا کہ نہایت ضعیف و نزار ہو گئے اور فوراً شاہزادہ مظفر کو طلب فرمالیا۔ اسی عرصہ مین فرحۃ الملک نے عرض کیا کہ شاہ اسمٰعیل صفوی بادشاہ ایران نے یادگار بیگ قزلباش کو ایک جماعت قزلباش سے تحفہ ہاے نفیس کے ساتھ بطور ایلچی گری بھیجا ہی۔ سلطان محمود نے فرمایا کہ خدا تعالیٰ مجھے قزلباشون کی صورت نہ دکھادے کہ ظلم و بدعت ایجاد کر کے اصحاب ثلثہ رضی اللہ عنہم کو برا کہتے ہین۔ سلطان عاقبت محمود کی دعا قبول بارگاہ احدیت ہوئی کہ ہنوز یادگار بیگ قزلباش وہان نہ پہونچا تھا کہ سلطان نے عصر کے وقت بروز دوشنبہ دوم رمضان ۹۱۷ھ نوسو سترہ ہجری کو اس دار ناپایدار سے دار القرار کا سفر اختیار فرمایا ایک مہینہ کم اسّی برس کی عمر شریف تھی ازانجملہ پچپن سال و ایک مہینہ دو روز بادشاہت کی۔ مناشیر مین اس کا لقب خدایگان حلیم لکھتے تھے اور محمود بیکرہ بھی کہتے ہین و بیکرہ ایسے بیل کا نام ہی جس کے سینگ اوپر جاکر حلقہ کیے ہون چونکہ بادشاہ کی مونچھین اسی شکل پر تھین بیکرہ کہنے لگے مگر شاہ جمال الدین حسین انجو سے یون سنے مین آیا کہ جب سلطان نے دو مشہور قلعہ کرنال و چنپانیر فتح کیے تب سے بیکرہ یعنی دو قلعہ والا۔ لقب ہوا اور یہی قول ٹھیک معلوم ہوتا ہی۔ سلطان محمود انار اللہ برہانہ مین صفات کریمہ بہت خوب جمع تھین شجاعت مین کامل سخاوت مین نامی۔ بہت مہربان و بردبار حلیم اور بہت حیا و ادب و عقل و فراست اور راست گوئی ایسی کہ کبھی اپنے قول سے خلاف نہ کیا۔ باوجود ان تمام اوصاف کے بہت متشرع و خداترس تھا۔ تیر خوب لگاتا تھا۔ شکار کا بہت شوق تھا اور حیا اس درجہ تھی کہ تنہائی مین بھی نامحرمون سے پانون پوشیدہ رکھتا۔ اس کی زبان پر گالی کبھی نہ آتی۔ طبقات محمود شاہی والا لکھتا ہی کہ سلطان باوجودیکہ نازک بدن تھا بچپن سے وفات تک ایام سفر مین اور جنگ کے روز زرہ و جوشن ایسا پہنتا تھا کہ پہلوان اس کو اٹھانے مین گھبراتے تھے اور کمر پر تین سو ساٹھ تیرون کا ترکش باندھتا اور شمشیر و نیزہ اس کے علاوہ تھا۔ مترجم کہتا ہی کہ اکثر صلحا سے اس کا مرتبہ اس وجہ سے بھی زیادہ نظر آتا ہی کہ اس نے حضرت سرور عالم محمد مصطفےٰ صلے اللہ علیہ وسلم کو خواب مین دیکھا اور صدق اعتقاد اس کے آثار و اطوار سے ظاہر ہی رحمہ اللہ تعالیٰ برحمتہ الواسعۃ ۔

ذکر سلطان مظفر شاہ بن سلطان محمود گجراتی کا۔

جب سلطان محمود نے اس جسم کے تنگ کوچہ سے وسعت آباد روحانی مین مقام فرمایا تو دو گھڑی رات گزرے جس کی صبح کو تیسری رمضان روز سہ شنبہ تھا شاہزادہ مظفر نے بڑودہ سے محمد آباد مین پہونچکر تخت آبائی پر جلوس کیا۔ امرا و معارف نے نذر و نثار کے بعد حسب الحکم نعش بادشاہ مغفور جانب قصبہ سرکھج احمد آباد

روانہ کی تاکہ مزار فائز الانوار قدوۃ المشائخ السالکین شیخ کھنو کے احاطہ مین دفن کرین اور عزیز الملک کو دو لاکھ تنکہ نقرہ وطلا حوالہ کیے کہ اس قصبہ کے مستحقین پر تقسیم کرے اور تمام ارکان مملکت کو خلعتین دین اور بعضون کو مناسب خطابات عطا کیے اور اسی روز منابر اسلام پر اس کے نام کا خطبہ پڑھا گیا۔ یہ بادشاہ بروز پنجشنبہ بستم شوال ۹۷۵ھ نو سو پچھتر ہجری مین پیدا ہوا تھا۔ تاریخ ولادت کا مصرع تاریخ یہ ہے ۹ سال میلادش کہ باد اتا ابد در ملک جود ۹ مصمد و ہفتاد و پنج از ہجرت خیر البشر ۔ سلطان مظفر نے ابتداے شاہی مین اپنے خاصہ خیل مین سے ملک خوش قدم کو عماد الملک اور ملک رشید کو خداوندخان خطاب دے کر وزارت پر مقرر فرمایا اور جب شوال سال مذکور مین یادگار بیگ قزلباش ایلچی شاہ اسمٰعیل صفوی نواح محمد آباد مین پہونچا تو سلطان مظفر نے تمام امرا کو اس کے استقبال کے لیے روانہ کیا اور بیگ کو احسان سے اس کا خیر مقدم کیا۔ یادگار بیگ وہ تمام تحائف جو سلطان محمود انار اللہ برہانہ کے حضوری کے لیے لایا تھا شاہ مظفر کے حضور مین پیش کیے اور بادشاہ نے اسکو مع ساتھیون کے خلعت وانعام سے سرفراز کیا اور سراے خاص ان کے رہنے کو عنایت فرمائی اور ہر طرح ان کی تکریم کی گئی۔ چند روز بعد بڑودھ مین جاکر دولت آباد اس کا نام رکھا اور اسی روز شادی آباد مندو (دار الحکومہ مالوہ) کے بادشاہ کا بیٹا صاحب خان اپنے بھائی کے خوف سے بھاگ کر بڑودھ پہونچا سلطان مظفر نے امرا کو استقبال کے لیے بھیجا تاکہ پوری عزت سے شہر مین لائے اور ملاقات کے بعد چند روز لوازم ضیافت مین گزرے پھر بادشاہ وہان سے محمد آباد مین آیا اور قیصر خان کو قصبہ دھورہ بھیجا تاکہ سلطان محمود خلجی واحوال مملکت مالوہ واوضاع امرا وغور سے مشاہدہ کرکے تحقیقی خبرین پہونچاوے چونکہ اس عرصہ مین موسم برسات آگیا اور لوگ جہان جس نے پناہ پائی مقیم ہوا تاکہ یہ موسم گزرے تو کامون کی طرف توجہ ہو صاحب خان نے گھبراکر پیغام بھیجا کہ اس فقیر کو حاضر ہوتے مدت گزر گئی اور ہنوز اپنے کام کا کچھ انجام نظر نہین آتا ہے۔ بادشاہ نے فرمایا کہ انشاء اللہ تعالیٰ بعد برسات کے نصف ولایت مالوہ جس طرح ہو بادشاہ محمود خلجی کے قبضہ سے نکالکر تم کو سپرد کرون گا۔ چونکہ صاحب خان کا ستارہ گردش مین تھا اس کا انجام اس وجہ سے نہ ہوا کہ صاحب خان کا قرب وجوار قزلباشون سے پیدا ہوا جن کو گجراتی لوگ سرخ ٹوپی والے کہا کرتے تھے ایک روز اتفاق سے صاحب خان و یادگار بیگ کے نوکرون مین کسی بات پر باہم تکرار ہوئی اور جنگ کی نوبت آگئی اور یادگار بیگ کا گھر لٹ گیا آخر قزلباشون نے تیرون سے کچھ لوگ مجروح کیے اور لشکر گجرات مین یہ افواہ پھیل گئی کہ یادگار بیگ نے صاحب خان کو گرفتار کر لیا اس کنایہ آمیز طعن سے شہزادہ صاحب خان خشمناک ہوا اور بغیر اجازت سلطان کے آسیر چلا گیا اور وہان سے کاویل جانا شاید عماد الملک دکنی اور حاکم برہان پور کی تحریک سے ہو اور مفصل حال طبقۂ حکام مالوہ کے ذیل مین آوے گا صاحب خان کے جانے کے بعد سلطان مظفر کو یہ خبرین پہونچین کہ سلطان محمود خلجی مغلوب ہوتے جاتے ہین اور پوربیہ راجپوت غالب ہوتے جاتے ہین سلطان مظفر نے غیرت کھاکر عزم کیا کہ سلطان خلجی کو مدد دیکر پوربیون کو مغلوب کرے اس ارادہ کے اہتمام مین اول احمد آباد آیا کہ وہان سے

بزرگ زندہ و مردہ سے استمداد ہمت کرے اور سرحدون کو مضبوط کرے پھر مالوہ جاوے - احمد آباد مین آکر ایک ہفتہ توقف کیا وہان سے کوہ پہرہ گیا اور لشکرون کے جمع ہونے تک چندے توقف ہوا اسی عرصہ مین سنا کہ ملک عین الملک حاکم ٹپن اپنی فوج لیے ہوئے بقصد ملازمت آتا تھا راہ مین اس کو معلوم ہوا کہ ایدر کا راجہ راے بھیم فرصت پاکر دریاے سابرمتی تک تاخت لایا - ملک عین الملک نے از راہ دولتخواہی قصد کیا کہ پہلے راے بھیم کو مقہور کرلے تب خدمت مین جاوے - راجہ بھیم نے دوسرون سے مدد لے کر بڑی جمعیت بہم پہونچائی تھی اور عین الملک کے مقابلہ مین بڑی فوج لایا اور لڑائی بہت سخت واقع ہوئی اور امیر عبد الملک مع دوسو آدمیون کے شہید ہوا اور عین الملک نے جنگ سے منہ پھیرا سلطان مظفر یہ سنکر ادھر متوجہ ہوا جب قصبہ مہراسہ مین پہونچا تو جماعتون کو تاخت و تاراج کے لیے روانہ کیا اور راے ایدر قلعہ ایدر خالی کرکے کوہ بیجانگر مین مخفی ہوا اور سلطان مظفر جب ایدر پہونچا تو وہان کوئی نہ تھا سواے دو راجپوت کے جو عمداً مرنے کے لیے وہان رہے تھے اور بذلت و خواری قتل ہوئے اور وہان کی عمارات و بت خانہ و باغ و درخت وغیرہ سے کچھ نشان باقی نہ رہا - راجہ ایدر نے عاجز ہوکر گوپال نام ہندو کو سلطان کے حضور مین بھیجکر معذرت چاہی اور عرض کی کہ عین الملک کو اس خادم سے سخت عداوت ہے اسنے اس ولایت کو تاخت و تاراج کرنے کا قصد کیا تھا اسوجہ سے فدوی سے یہ گستاخی سرزد ہوئی اور اگر ابتدا سے کوئی تقصیر میری جانب سے ہوتی تو البتہ سلطانی سزا و غضب کا مستحق تھا اب مبلغ بیس لاکھ تنکہ اور سو گھوڑے بطریق پیشکش کے حضور کے وکلا کے ہاتھ نذر کرتا ہون تاکہ معافی بخشی جاوے - چونکہ سلطان مظفر کو مالوہ مسخر کرنے کی فکر پڑی تھی اس کا عذر قبول کرکے گودھرہ گئے اور وہ بیس لاکھ تنکہ و سو اس اسپ ملک عین الملک کو عطا کیے کہ سامان کرے اور موضع گودھرہ سے شاہزادہ سکندر خان کو محمد آباد کی حکومت پر رخصت کیا جب قصبہ دھورہ مین پہونچے تو قیصر خان کو حکم دیا کہ موضع دیولہ کو سلطان محمود خلجی کے نوکرون سے چھین لے اور خود با دشاہ موضع دھار کیطرف متوجہ ہوا - جب دھار کے عمائد استقبال کو نکلے اور امان مانگی تو سلطان نے امان دے کر قوام الملک اور راختیار الملک بن عماد الملک کو رعایاے دھار کی حراست کے واسطے پہلے روانہ کیا اس عرصہ مین خبر پہونچی کہ سلطان محمود خلجی پوربیہ راجپوتون کو ساتھ لے کر امراے چندیری پر گیا ہے جنھون نے بغاوت کی تھی - سلطان مظفر نے اپنے امرا کو دھار سے واپس بلا لیا اور فرمایا کہ اس سفر سے اصلی غرض یہ تھی کہ کفار پوربیہ کو دور کرکے ولایت کو سلطان محمود اور صاحب خان ولد سلطان ناصر الدین کے درمیان تقسیم کرون اب معلوم ہوا کہ سلطان محمود انھین پوربیہ راجپوتون کو ساتھ لے گیا ہے ایسی حالت مین ان کے ملک مین داخل ہونا جوانمردی و مردت سے بعید جانتا ہون - لیکن جب قوام الملک نے آکر دھار کے آہو خانہ کی تعریف بیان کی تو سلطان کو سیر و شکار کی رغبت نے لیا اور قوام الملک کو لشکر کی حفاظت کے لیے چھوڑکر دو ہزار سوار و ڈیڑھ سو ہاتھی ساتھ لے کر دھار کا قصد کیا اور وہان پہونچکر اسی روز عصر کے وقت مزار شیخ عبد اللہ جنگال اور شیخ کمال الدین مالوہی کی زیارت کو گیا - نقل ہے کہ راجہ بھوج پانڈے

کے زمانہ مین راجہ کا وزیر برج مل تھا جو خاص طریقہ سے داخل اسلام ہوکر بنام شیخ عبد اللہ موسوم ہوا اور مجاہدات وریاضات سے کمالات نفسانی کو پہونچا اور اب ان کا مزار مبارک مرجع خاص وعام ہے القصہ جب موضع دلاورہ مین شکار نہ رہا تو نظام الملک آگے بڑھکر موضع تغلچہ مین آیا اور مراجعت کے وقت کچھ پوربیہ راجپوتون نے پہونچکر اس کے باقی آدمیون کو مزاحمت پہونچائی۔ سلطان مظفر نے اس پر واقف ہوکر نظام الملک کو عتاب وخطاب کیا اور وہان سے محمد آباد خیبا نیر مین آیا۔ ان دنون راجہ ایدر مرگیا تھا اور اس کا بیٹا راجہ بہارمل قائم مقام ہوا لیکن رانا سنگا نے قلعہ وولایت اندر اس سے چھین کر اپنے داماد رائے مل بن سورج مل کو دی اور بہارمل بھاگ کر سلطان مظفر سے ملتجی ہوا سلطان نے غرہ شوال سنہ ۹۲۱ نوسو اکیس ہجری کو فرمان بنام نظام الملک صادر فرمایا کہ اس نے جاکر ولایت ایدر وقلعہ رائے مل سے لے کر بہارمل کے سپرد کردی اور اس عرصہ مین سلطان مظفر احمد نگر گیا اور راہ مین خداوندخان کو لشکر کی حراست پر چھوڑکر خود پٹن گیا اور وہان کے ساکنین کو عموماً اور علما وفضلا کو خصوصاً نوازشات وانعامات سے مسرور فرماکر لشکر مین واپس آیا۔ ادھر نظام الملک نے رائے مل کو مستاصل کرنے کے لیے کوہ بچانگر پر چڑھائی کی جہان رائے مل مختفی ہوا تھا اور طرفین سے بہت لوگ مارے گئے سلطان مظفر نے یہ خبر سنکر نظام الملک کو لکھا کہ جب ایدر قبضہ مین آگیا تو مفت سپاہیون کو ضائع کرنے کے لیے بچانگر پر چڑھائی بیکار ہے نظام الملک وہان سے احمد نگر مین حاضر خدمت ہوا۔ سلطان اس کو احمد نگر مین چھوڑکر احمد آباد مین آیا اور جشن عظیم کرکے شاہزادہ سکندر خان کا بیاہ کیا اور امرا و معارف شہر کو اسپ وخلعت سے سرفراز کیا اور برسات کے بعد بطور سیر وشکار کے ایدر گیا۔ وجیہ نظام الملک حاکم احمد نگر بیمار ہوا تو وہان اطبائے نامی بھیجے اور سنہ ۹۲۳ نوسو تیئیس ہجری مین محمد آباد گیا اور وہان سے نصرۃ الملک کو ایدر بھیجکر نظام الملک کو اپنے حضور مین طلب کیا اور نظام الملک یہ خبر سنکر نصرۃ الملک کے پہونچنے سے پہلے ظہیر الملک کو سو سوار سے ایدر مین چھوڑکر خود جلدی کرکے محمد آباد روانہ ہوا اور رائے مل نے موقع پاکر ایدر پر تاخت کی اور ظہیر الملک نے باوجود کثرت دشمن کے مقابلہ کرکے ستائیس آدمیون سے شہادت پائی۔ سلطان مظفر نے نصرۃ الملک کو فرمان لکھا کہ بچانگر پر تاخت کرے جہان متمردو رہزن پناہ لیتے ہین۔ اس عرصہ مین شیخ حامد جو اپنے زمانہ کے پیشوا تھے اور حبیب خان متقطع بوجہ تسلط پوربیہ کے مندو سے بھاگ کر خدمت مین حاضر ہوئے اور پوربیہ راجپوتون کے مظالم کی شکایت کی اور چند روز بعد داروغہ دھور پہونچا کہ راجپوتان پوربیہ کے غلبہ سے سلطان محمود خلجی بھی مندو سے بھاگے اور سرحد گجرات پر آگئے ہین جب موضع بہلور مین پہونچے تو بندہ نے سلطان کی خدمت مین پہونچکر حتی الوسع خدمت کی۔ سلطان مظفر یہ سنکر بہت خوش ہوا اور قیصر خان کو مع سرا پردہ وبارگاہ سرخ وغیرہ جمیع کارخانجات بادشاہی مع تحف وہدایائے نفیسہ سلطان خلجی کی خدمت مین روانہ کیا اور پیچھے سے خود بعزم استقبال سوار ہوا اور نواح دیوالہ مین دونون بادشاہون مین ملاقات ہوئی اور سلطان مظفر نے بہت دلجوئی فرمائی اور کہا کہ عیال واولاد کی مفارقت سے خاطر مکدر نفرمایئے کہ انشاء اللہ تعالے عنقریب جماعت پوربیہ

کا استیصال کرکے مملکت مالوہ بالکل مصفا خدمت مین نذر ہوگی اور وہین سے اجتماع عساکر کا حکم نافذ فرمایا اور تھوڑے ہی دنون بعد لشکر بے شمار لیکر مالوہ کی طرف متوجہ ہوا جب مندلی راے پوربیہ نے سنا تو نتھو راے کو مع جماعت راجپوتون کے قلعہ مندو مین چھوڑا اور خود دس ہزار سوار و فیلان محمودی لے کر دھار کو آیا اور وہان سے رانا سانگا کے پاس کمک لینے گیا اور سلطان مظفر نے فوج مندو کی طرف روانہ کی اور راجپوت بھی قلعہ مندو سے نکلکر خوب لڑے آخر قلعہ مین بھاگ گئے دوسرے روز پھر نکلکر سخت لڑائی کی اور قوام الملک نے متواتر سپاہیون کو نمایان کرکے بکثرت راجپوت مار ڈالے اور سلطان مظفر نے اطراف قلعہ کو امرا پر تقسیم کرکے محاصرہ تنگ کیا۔ اس عرصہ مین مندلی راے نے راے نتھو کو لکھا کہ مین رانا سنگا پاس پہونچا اور بہت جلد تمام ماڑوار کے راجپوتون کو مع نواح کے کمک پر لاتا ہون تجھے لازم ہو کہ ایک مہینہ تک سلطان مظفر کو لیت ولعل مین معطل رکھ۔ نتھو راے نے مکر و فریب سے ایلچی بھیجے کہ سلطان عالیشان کو معلوم ہو کہ ایک مدت سے قلعہ مندو پر راجپوتون کا قبضہ ہو اور ان کے عیال واطفال اس مین موجود ہین اگر سلطان کرم فرماکر محاصرہ کشادہ فرماوین تاکہ یہ جماعت یہان سے نکلجاوین تو مین بھی حضور مین حاضر ہوکر خدمتگزاری مین مصروف ہون سلطان نے سمجھ تو لیا کہ غالبًا وہ کمک کا منتظر ہی لیکن چونکہ سلطان محمود خلجی کے اہل وعیال بھی قلعہ مین تھے ناچار منظور کیا اور دو تین کوس پیچھے ہٹ گئے جب بیس روز تک کچھ آثار ظاہر نہوئے اور یقین ہوا کہ اس نے فریب کیا اور راے مندی نے بہت سے ہاتھی و خزانہ رانا سنگا کو دے کر اس کو نواح اوجین مین کمک کے لیے بلایا ہی تو سلطان مظفر نے غیرت کھاکر عادل خان فاروقی کو جو ابھی آسیر و برہان پور سے لشکر قوی لے کر شامل ہوا تھا ہمراہ قوام الملک کے رانا سنگا سے لڑنے کو بھیجا اور خود جا بجا امرا کو معین کرکے قلعہ پر لڑائی ڈالی اور چار روز تک متواتر شب و روز جنگ قائم رکھی کہ اندر والے خواب و آسایش سے محروم رہے پانچوین روز شروع رات سے لڑائی موقوف کردی اور راجپوتون نے نہایت خستگی مین تکیہ پر سر رکھا اور خواب عدم مین غافل ہوئے۔ ادھر سلطان بیدار بخت نے آدھی رات کو کچھ فوج دلیر روانہ کی یہ قلعہ کے نیچے پہونچے اور غافل پاکر نردبان لگاکر قلعہ پر پہونچے اور محافظان دروازہ کو قتل کرکے پھاٹک کھول دیا کہ فوج فوج لشکری قلعہ مین داخل ہوگئے اور امراے راجپوت اس وقت ہوشیار ہوئے کہ موت اُن کے سر پر تھی ناچار سب نے حسب دستور اہل وعیال قتل کرنے مین اور جلانے مین جلدی کی لیکن سلطان مظفر نے صبح ہوتے ہی چودھوین صفر ۹۲۴ھ نوسو چوبیس ہجری کو قتل عام راجپوتون کا حکم دیا چنانچہ انیس ہزار راجپوت اس روز مارے گئے اور ان کے اہل وعیال سب گرفتار ہوئے جب سلطان ان کے قتل سے فارغ ہوا تو سلطان محمود خلجی نے حاضر ہوکر تہنیت و مبارکباد ادا کی اور پوچھا کہ اس غلام کے حق مین کیا حکم ہی سلطان مظفر نے کمال مروت سے جو کم کسی بادشاہ سے ظاہر ہوئی ہوگی یون فرمایا کہ میری غرض اس مشقت اٹھانے سے یہ تھی کہ تجکو مندو مین مالوہ کا بادشاہ بناؤن اب یہ قلعہ و مملکت تجھے مبارک ہو اور وہان سے سوار ہوکر اپنے لشکر مین تشریف لائے اور دوسرے روز رانا سنگا سے

نے کو کوچ فرمایا۔ اس عرصہ مین ایک نامی راجپوت جو قلعہ مندو سے بھگکر نکل بھاگا تھا رانا کے لشکر مین پہنچا
وراس نے سلطان مظفر کے قتل عام و شدت انتقام کو بیباک صورت سے بیان کیا اور ہاے کرکے گرا
مرگیا۔ رانا واس کے ساتھیون کے چھٹ گئے اور چہرے زرد پڑ گئے اور بادشاہ کے کوچ کی خبر
نی تو بے اختیار بدحواس بھاگا اور جیپور مین جاکر دم لیا اور عادل خان فاروقی نے تعاقب کرکے
س کے پچھلے لشکرون کو نیست و نابود کرڈالا اور سلطان مظفر نے عادل خان کو طلب فرمالیا اسی روز
سلطان محمود خلجی مندو سے دھار مین آیا اور ادب سے استادہ ہوکر عرض کی کہ حضرت بادشاہ بجاے
میرے باپ وچچا کے ہین امیدوار ہون کہ اس فقیر کے مکان پر قدم رنجہ فرماکر میرے کلبۂ تاریک
کو اپنے قدوم سے منور فرماوین۔ سلطان نے منظور فرماکر شاہزادہ بہادر خان ولطیف خان کو اور
عادل خان حاکم آسیر و برہان پور کو ساتھ لے کر رات کو قصبہ نعلچہ مین قیام کیا صبح کو ہاتھی پر سوار ہوکر
قلعہ مندو مین داخل ہوکر سلطان محمود کے مکان مین قیام کیا اور سلطان محمود نے مہانداری مین کوشش
کی اور خود کھڑے ہوکر خدمت کی اور طعام سے فراغت کے بعد ہر قسم کے نفایس سے بادشاہ کے لائق نذرانہ
عرض کیا اور ہر ایک شاہزادہ کے آگے بھی رکھا اور بہت عذر خواہی کی۔ سلطان وہان کے سلاطین قدیم
کے عمارات کی سیر کرکے دھار کی طرف متوجہ ہوئے اور وہان سے سلطان خلجی کو رخصت دے کر
دو ہزار سوار ان کی کمک کے لیے آصف خان کے ہمراہ چھوڑے اور خود گجرات کو روانہ ہوئے
سلطان محمود باوجودیکہ رخصت پا چکا تھا کمال محبت سے بطور مشایعت کے موضع دیولہ تک آیا اور وہان
ازسرنو اجازت حاصل کرکے مندو کو روانہ ہوا سلطان مظفر چند روز محمد آباد چنپانیر مین رہا اور اکابر و
اشراف دور دور سے مبارکباد کے لیے حاضر ہوئے اور انعام شاہی سے کامیاب ہوکر خوش و
خرم واپس ہوئے۔ اس عرصہ مین ایک ندیم نے عرض کیا کہ جس زمانہ مین سلطان نے تسخیر مالوہ
کا قصد فرمایا تھا ایدر کے راجہ راے مل نے بیجانگر سے نکل کر ٹپن کے ایک حصہ و نواح کے قصبات
کو تاراج کیا اور جب نصرۃ الملک نے اس کی طرف توجہ کی تو جاکر بیجانگر کے پہاڑی غارون و جنگلون
مین گھس رہا۔ سلطان نے فرمایا کہ ان شاء اللہ تعالے بعد برسات کے اس کی معقول فکر کی جاویگی
چنانچہ ۹۲۵ نوسو پچیس ہجری مین اس قصد سے ایدر کیطرف گیا اور راجہ مل جہان راے مل کا ٹھکانا تھا
پہلے اس کی ولایت کو خاک سیاہ کرڈالا اور چند روز بعد نصرۃ الملک کو ایدر مین چھوڑکر خود محمد آباد مین آیا
اور اس کے نام ایک خط محبت لکھکر چند سردارون کی کمک دے کر خوش کیا اور اس کے چند ہی روز
بعد خود بھی بطریق شکار کے ایدر مین گیا اور وہان عمارات کی نیو رکھی اور نصرۃ الملک کو اپنے ہمراہ
احمد آباد مین لایا اور ایدر کی حکومت مبارز الملک کو عطا فرمائی اور قوام الملک کو احمد آباد مین چھوڑکر خود
محمد آباد مین آیا اس عرصہ مین یہ واقعہ ہوا کہ مبارز الملک کے خدمت مین کسی شاعر نے رانا سنگا کی
بہادری و مردانگی کا ذکر کیا اور مبارز الملک نے کمال نخوت و غرور سے رانا کے حق مین بدکلام
کہے اور ایک کتے کا رانا سنگا نام رکھکر ایدر کے دروازہ پر باندھا اور وہی شاعر ہندی یہان سے

رانا سنگا کے پاس گیا اور یہ سب حال نقل کیا۔ وہ حمیت وغیرت مین آگیا اور جہان تک ہو سکا فوجین لیکر ایدر کی طرف متوجہ ہوا اور مبارز الملک کے جاگیر کے حدود تاخت وتاراج کرکے ولایت باکرہ مین پہونچا اور باکرہ کا راجہ اگرچہ سلطان مظفر کا مطیع تھا لیکن مضطر ہوکر اس سے مل گیا اور رانا وہان سے ڈونگرپور مین آیا۔ مبارز الملک نے حقیقت حال سے بادشاہ کو اطلاع دی چونکہ بادشاہ کے وزرا کا دل مبارز الملک سے صاف نہ تھا بادشاہ سے عرض کی کہ مبارز الملک کی یہ حرکت کچھ لایق نہ تھی کہ ایک کتے کا نام رانا سنگا رکھکر اس کو غیرت مین لاوے اب ڈر کر کمک مانگتا ہی سلطان نے مدد بھیجنے مین تامل کیا۔ اس پر طرہ یہ ہوا کہ ایدر کی مدد کے لیے سلطان نے جو لشکر مقرر فرمایا تھا ان مین سے اکثر سپاہی برسات کی وجہ سے احمد آباد مین آئے تھے مبارز الملک کے پاس تھوڑے لوگ تھے۔ مبارز الملک پریشان ہوا اور رانا سنگا نے حالات معلوم کرکے ایدر کی طرف توجہ کی اور مبارز الملک چند سردارون کے ساتھ باوجود قلت فوج کے ایدر سے نکلا لیکن بدون مقابلہ کے ایدر مین واپس آیا۔ سردارون نے کہا کہ فوج کی قلت سب پر ظاہر ہوچکی ہی مدد پہونچنے تک قلعہ احمد نگر مین محصور ہو جائیے اور خواہ مخواہ مبارز الملک کو لیکر احمد نگر چلے گئے۔ دوسرے روز صبح کو رانا سنگا ایدر مین پہونچا اور مبارز الملک کا تفحص کیا۔ زمینداران گجرات جو قوام الملک کے پاس سے بھاگ کر رانا سنگا سے مل گئے تھے کہنے لگے کہ مبارز الملک بھاگنے والا نہین ہی لیکن امرا اس کو زبردستی قلعہ احمد نگر مین لے گئے ہین۔ رانا سنگا فوراً ایدر سے احمد نگر روانہ ہوا اور وہی ہندی کبت جس نے مبارز الملک سے رانا سنگا کی تعریف کی تھی پھر آیا اور مبارز الملک سے کہا کہ رانا سنگا بڑی فوج لیے ہوئے آیا ہی اور آپ ایسے بہادرون کا مفت مارا جانا قابل افسوس ہے آپ قلعہ مین متحصن ہو جاوین کہ رانا قلعہ کے نیچے اپنے گھوڑے کو پانی پلاکر واپس چلا جائیگا۔ مبارز الملک نے کہا کہ یہ غیر ممکن ہی کہ بغیر جنگ اس کو اس ندی سے پانی پلانے دون اور اسی وقت اپنی قلیل فوج جو رانا کے مقابلہ مین سوان حصہ بھی نہ تھے ساتھ لیکر ندی سے پار ہوکر مقابلہ کیا اور نہایت سخت معرکہ پیش آیا اور اسد خان مع چند سردارون کے شہید ہوئے اور مبارز الملک وصفدر خان نے چند مرتبہ رانا کے لشکر پر سخت حملہ کیا آخر زخمی ہوئے اور جب اکثر گجراتی مارے گئے تو دونون باگ پھیرکر احمد آباد کی طرف راہی ہوئے اور رانا نے احمد نگر کو غارت کیا اور دوسرے روز وہان سے ڈونگر پور روانہ ہوا ڈونگر پور کے لوگون نے نکلکر رانا سے کہا کہ ہم بھی تمھاری طرح زنار دار ہین اور تمھارے باپ دادے ہمیشہ ہمارے باپ دادون کا اعزاز واکرام کرتے رہے رانا نے ڈونگر پور کو نہین لوٹا اور بیل نگر کی طرف روانہ ہوا اور وہان کا تھانہ دار ملک حاتم بامید شہادت مقابل ہوکر اپنے مقصود کو پہونچا اور رانا نے بیل نگر کو لوٹ لیا اور وہان سے اپنے ملک کو چلا گیا اور ملک قوام الملک نے کچھ فوج مبارز الملک وصفدر خان کے ہمراہ کردی وہ وہان سے احمد نگر مین آیا اور شہیدون کا کفن ودفن کیا اسی حالت مین ایدر کے کوی دکر اس یہ سمجھکر کہ مبارز الملک کے پاس بہت کم فوج ہی ہجوم لائے اور مبارز الملک نے

قلعہ احمد نگر سے نکلکر لڑائی مین اکسٹھ کراس قتل کر کے مظفر و منصور ہو کر معاودت کی - چونکہ احمد نگر ویران ہو چکا تھا غلہ وضروریات حاصل نہوئے لہذا وہان سے قصبہ ریچ مین آ گئے - جب یہ خبر ین سلطان مظفر کو پہنچین تو عماد الملک اور قیصر خان کو سو ہاتھی اور فوج کافی کے ساتھ رانا کے مقابلہ کو روانہ کیا یہ دونون احمد آباد پہونچے اور قوام الملک کو ساتھ لے کر قصبہ سرنج گئے اور وہان سے بادشاہ کو عرضی لکھی کہ رانا سنگا لوٹ مار کر کے لوٹ گیا ہو اگر اجازت ہو تو جیتور پر تاخت کرین - بادشاہ نے لکھا کہ بعد برسات کے جے تور پر لشکر کشی کی جاوے لہذا امرا نے احمد آباد مین قیام کیا اور سلطان مظفر نے لشکر کو ایک سال کا علوفہ خزانہ سے نقد دے کر احمد آباد کی طرف کوچ کیا اور رانا سنگا کی گوشمالی کے واسطے جے پور کا عزم کیا - اس عرصہ مین سلطان محمود انار اللہ برہانہ کا غلام خاص جس کو ایاز خاص کہتے تھے اور بندر سورت وکنارہ سمندر کے بلاد اس کی جاگیر تھی بیس ہزار سوار و پیادہ و بہت سے توپ خانہ کے ساتھ حضور مین آیا و عرض کیا کہ حضرت سلطان کو اس تکلیف کی ضرورت نہین ہی رانا سنگا کی گوشمالی کے واسطے ہم ایسے خدمتگار کافی ہین اور ہم لوگ اسی دن کے واسطے پرورش کیے جاتے ہین - سلطان نے جواب نہ دیا اور محرم ۹۳۲ھ نو سو بتیس ہجری مین احمد نگر آیا اور جب لشکر جمع ہوا تو پھر ملک ایاز خاص نے درخواست کی کہ رانا سنگا کی گوشمالی پر مقرر کیا جاوے - سلطان نے ایک لاکھ سوار اور سو ہاتھی ہمراہ کر کے رانا سنگا کے تادیب کے لیے روانہ کیا - جب ملک ایاز و قوام الملک مقام مہراسہ پر اُترے تو سلطان نے دور اندیشی و احتیاط سے تاج خان نظام الملک شاہی کو بیس ہزار سوار سے اسی خدمت پر مامور فرمایا - ملک ایاز نے عرضی لکھی کہ رانا سنگا کی گوشمالی کے لیے اس قدر امرا سے معتبر بھیجنے مین اس کی ناموری و اعتبار بڑھتا ہی اور یہ بندہ اس خدمت کو بخوبی انجام دے سکتا ہی بلکہ بہت سے ہاتھی بھی واپس کر دیے اور صفدر خان کو لکھا کرت کے راجپوتون کی گوشمالی کے لیے روانہ کیا صفدر خان نے باوجود پیچیدہ مقام و دشوار گزار جگہ کے تاخت کر کے بکثرت راجپوت مار ڈالے اور باقیون کو گرفتار کر کے ملک ایاز کے پاس لایا اور ملک ایاز نے وہان سے کوچ کیا اور ڈونگر پور و بانسوالہ کو جلا کر خاک کر دیا اور جیتور کی طرف متوجہ ہوا - اتفاق سے وہان ایک شخص نے حاضر ہو کر اشجع الملک سے کہا کہ ادیہ سنگھ راجہ بال مع ایک جماعت رانا سنگا کے اور اگرسین پوربیہ سب پہاڑ کے پیچھے اس غرض سے چھپے ہین کہ رات کو شبخون مارین اشجع الملک و صفدر خان نے کسی کو خبر ندی بلکہ دو سو سوار ہمراہ لے کر گھوڑے ڈال دیے اور پہونچکر سخت جنگ واقع ہوئی اگرسین مجروح ہوا اور اسی راجپوت میدان مین گرے باقی بھاگ نکلے اور ہنوز فتح کی خبر نہ پہونچی تھی کہ ملک ایاز سلطانی مع لشکر آراستہ کے کمک کو پہونچا اور جنگ گاہ مین جاکر یہ حال دیکھکر اشجع الملک و صفدر خان کی تعریف کی اور انکی شجاعت سے متحیر ہوا - دوسرے روز قوام الملک اس گروہ فراری کی تلاش مین کوہ یا نوالہ مین داخل ہوا اور وہان آبادی کا نشان نچھوڑا اور اگرسین زخمی بھاگ کر رانا کے پاس پہونچا اور سب حال بیان کیا - جب ایاز خاص سلطانی مندسور پہونچا تو محاصرہ کر لیا اور رانا سنگا اپنے تھانہ دار کی کمک کے واسطے آیا اور بارہ کوس

پر ٹھہر کر ملک ایاز کو پیغام دیا کہ مین اپنے ایلچی سلطان کی خدمت مین روانہ کرکے دولتخواہون مین داخل ہوتا ہون آپ محاصرہ اُٹھا لیجیے - ملک ایاز نے اس کے ایلچیون سے ایسی چند باتین کہین جو ممکن نہ تھین اور خود قلعہ مندسور فتح کرنے کا قصد کیا اور نقب اتنی دور پہونچ چکی تھی کہ صرف ایک دو روز کا کام رہ گیا تھا - اس عرصہ مین شرزہ خان شروانی از جانب سلطان محمود خلجی پہونچا اور ملک ایاز کو پیام دیا کہ اگر کمک کی احتیاج ہو تو اِنجانب بھی دہان آوین - ملک ایاز خاص نے متردد ہوکر تشریف لانے کا شکریہ ادا کیا - سلطان محمود خلجی فی الفور سلہدی پوربیہ کو ہمراہ لے کر مندسور پہونچا رانا سنگا سلطان خلجی کے آنے سے بہت بدحواس ہوا اور میدنی راے کو سلہدی کے پاس بھیجا کہ باوجود ہمقوم کے مدتون ساتھ رہنے کا اتفاق ہوا ہے آپ کے اخلاق سے ہر طرح نیکخواہی کی امید ہے بالفعل آپ سے امید ہے کہ صلح مین سعی کرین چنانچہ اُسنے کفر کی تقویت مین صلح کی بہت کوشش کی لیکن مفید نہوئی مگر رعونت وحسد کی بداخلاقی نے البتہ اپنا کام کرلیا - اس کا بیان یہ ہے کہ قوام الملک نے زبردست پنجہ سے انتقام کے لیے اپنا مورچہ آگے بڑھا کر چاہا کہ آج ہی قلعہ مین داخل ہو ملک ایاز نے حسد کرکے دیکھا کہ اگر ایسا ہوا تو اسی کے نام فتح ہوگی لہذا حاکما نہ اس کو اس روز جنگ سے روک دیا قوام الملک دل شکستہ ہوا اور امراے گجرات بھی ناراض ہوگئے - دوسرے روز مبارز الملک وچند سردار بدون اجازت ایاز خاص کے رانا سے لڑنے کو بڑھے اور ملک تغلق شہ فولادی جاکر راستہ سے ان کو پھیر لایا اور ملک ایاز کی غرض یہ تھی کہ اس کے مورچہ کی نقب تمام ہو تو آگ دے کر اپنے نام فتح کا نقارہ بجاؤن اس وجہ سے اس کے اور امرار کے درمیان نفاق پیدا ہوا لیکن امرا بخوف سیاست سلطانی دم نہ مار سکتے تھے آخر ملک ایاز نے نقب مین آگ لگائی جب برج گرا تو معلوم ہوا کہ راجپوتون نے صورت معاملہ سے آگاہ ہوکر برج کی محافظی دوسری دیوار محکم بنائی ہے - دوسرے روز رانا سنگا کے ایلچیون نے آکر کہا کہ رانا سنگا کہتا ہے کہ مین نے عزم کیا ہے کہ آیندہ سے سلطانی دولتخواہون مین داخل رہون اور جو ہاتھی جنگ احمد نگر مین ہاتھ آئے ہین ان کو اپنے بیٹے کے ساتھ حضرت سلطان کی خدمت مین روانہ کرون یہ سب بے لطفی وسخت گیری کیون فرمائی جاتی ہے - ملک ایاز نے قوام الملک وامرار کی مخالفت سے یہی مناسب دیکھا اور صلح جائز رکھی - دوسرے امرا ایسی صلح سے ناراض ہوکر سلطان محمود خلجی کے پاس گئے اور ان کو جنگ پر آمادہ کیا کہ چہارشنبہ کو جنگ کرین - اس مجلس کے ایک آدمی نے آکر ملک ایاز خاص کو اس حال سے مطلع کیا - ایاز خاص نے اُسی وقت ایک ایلچی خدمت سلطان محمود خلجی مین بھیجکر عرض کیا کہ حضرت بادشاہ نے اس لشکر کا اختیار اس بندہ کے ہاتھ مین عطا فرمایا ہے تاکہ جس امر مین بادشاہ کی خیرخواہی متصور ہو عمل مین لاؤن اور چونکہ آنجناب تجریک امراے گجرات رانا سے جنگ کرنا چاہتے ہین بندہ اس امر پر راضی نہین ہے اور شاید نفاق کی وجہ سے مقصود حاصل نہو اور چہارشنبہ کی صبح کو ملک ایاز وہان سے کوچ کرکے موضع خلجی پور مین اترا اور رانا سنگا کے ایلچیونکو خلعت دے کر رخصت کیا سلطان محمود خلجی

بھی اس وضع سے ناخوش ہوکر مندو روانہ ہوا۔ اور شومی وحسد ونفاق سے یہ تمام کوشش بے کار ہوگئی۔ جب ایاز خاص جنیا نیر مین سلطان کی خدمت مین مشرف ہوا تو بادشاہ نے اس کو عتاب و خطاب سے مکلف کیا کہ بندر دیو مین جاکر اپنے آدمیون کا سامان کرکے برسات بعد پھر خدمت مین حاضر ہو اور یہ قرار پایا کہ بعد برسات کے سلطان بذات خود رانا سنگا کی گوشمالی کے واسطے متوجہ ہوگا۔ ایاز حاسد نے اپنا ایک معتمد آدمی رانا سنگا کے پاس بھیجکر پیغام دیا کہ چونکہ امرا اس حدود سے بے حصول مقصود واپس آئے ہین بنا برین سلطان کی خاطر گران ہی بعد برسات کے خود اس طرف آنے والے ہین اس مین بہت خرابی متصور ہی اور مجھ پر آپ کی خیرخواہی واجب ہی لہذا جس قدر جلد ممکن ہو اپنے بیٹے کو بھیجکر سلطان کو رضامند کرو تاکہ اس حدود کے یارون کو زحمت نہ پہونچے اور سلطان مظفر ماہ محرم ۹۲۸ھ نوسو اٹھائیس ہجری کو احمد آباد آیا کہ وہان سے لشکر کا پورا انتظام فرماکر چیتور کا عازم ہو اور چند روز مین سامان کرکے کانگڑہ مین اترا اور تین روز آمد لشکر مین توقف ہوا اس عرصہ مین خبر پہونچی کہ رانا سنگا کا بیٹا بہت پیشکش لیے ہوئے حضور مین آتا ہی اور مہراسہ تک پہونچا ہی چنانچہ وہ حاضر ہوا اور مال عظیم پیشکش کیا اور باپ کی خطا معاف کرنے کی درخواست کی بادشاہ نے اُس کے باپ کی خطا معاف کرکے اُس کو شاہانہ خلعت دیا اور نواح جالوارہ مین چند روز سیر وشکار کے بعد احمد آباد مین اگر رانا کے بیٹے کو دوبارہ خلعت دے کر رخصت کیا اور خود قصبہ سرکچ کی طرف گئے۔ اور اسی سال ایاز خاص سلطانی نے انتقال کیا اور بادشاہ نے غمگین ہوکر جاگیر اس کے بیٹے کو عنایت کی اور ۹۳۰ھ نوسو تیس ہجری مین مفسدون ومتمردون کی گوشمالی کا قصد فرماکر جنیا نہر سے سوار ہوا اور مہراسہ وہرسول کے درمیان مین چند روز توقف کرکے حصار مہراسہ کو از سر نو تعمیر فرماکر احمد آباد کی طرف متوجہ ہوا اثنائے راہ مین حرم سلطانی جو سب سے زیادہ محبوب تھی بیمار ہوکر مرگئی بادشاہ اور شہزادہ غم والم مین گرفتار ہوکر چند مرتبہ اس کی تربت پر جاکر فاتحہ خوانی کے بعد عازم احمد آباد ہوئے لیکن بادشاہ غمگین رہتا تھا۔ ایک روز خداوند خان نے جو وزرا مین سے فضیلت مین ممتاز تھا عمدہ تقریب سے صبر وسکون کے فضائل بیان کرکے بادشاہ کو خوش کیا اور موسم برسات مین بادشاہ کو محمد آباد جنیا نیر کی سیر پر راغب کیا۔ وہان ایک روز سکندر خان لودھی بادشاہ دہلی کے بیٹے عالم خان نے عرض کیا کہ بادشاہ ابراہیم بن سکندر شاہ نے بوجہ سادہ لوحی وناتجربہ کاری کے تیغ ظلم سے بہت سے امرائے بزرگ کو قتل کر ڈالا ہی اور کچھ لوگ جو باقی بچے ہین مکران کی عرضیان بندہ کے پاس پہونچین چونکہ بندہ نے مدت سے اس امید پر خدمتگزاری کی کہ اس خاندان عالیشان کی توجہ سے ایک روز دولت ملے گی اب وہ وقت ہی کہ اگر حضور اس فقیر کے حال پر خاص توجہ مبذول فرماوین تو امید ہی کہ نخل ثمر مردہ کا گلبن پھلے پھولے اور مملکت موروثی ہاتھ آوے۔ سلطان مظفر نے ایک جماعت اُس کے ہمراہ کرکے زر نقد خزانہ سے عطا کرکے جانب دہلی روانہ کیا جسکا بقیہ حال بادشاہان لودھی

کے ذیل مین پہلے گزر چکا ہی اور سنہ ۹۳۳ھ نو سو اکتیس ہجری مین سلطان مظفر جنابنیر سے ایدر کی طرف متوجہ ہوا اثنائے راہ مین شاہزادہ بہادر خان نے کمی آمدنی و کثرت خرچ کی شکایت پیش کرکے چاہا کہ اس کا وظیفہ بھی مثل بڑے بھائی شاہزادہ سکندر خان کے مقرر فرمایا جاوے بادشاہ نے بعض موانع پر نظر کرکے بالفعل اس درخواست کے پورا کرنے مین وعدہ وعید پر ٹالا اور شاہزادہ بہادر خان مکدر و ملول ہوکر بے اجازت جانب احمد آباد راہی ہوا اور وہان سے راجہ بال کی ولایت مین گیا۔ راجہ بال نے قدوم شاہزادہ بہادر کو نعمت غیر مترقبہ خیال کرکے ہر طرح خدمتگزاری کی اور شاہزادہ وہان سے ولایت چیتور مین آیا تو رانا سنگا نے بھی استقبال کرکے بہت پیشکش نذر کی اور عرض پرداز ہوا کہ یہ ولایت حضور شاہزادہ کے متعلق ہی جس کو منظور ہو عنایت فرماوین شاہزادہ نے رانا کی عالی ہمتی کی تعریف کرکے اس کو قبول نہ کیا اور فرمایا کہ بدستور آپ کو یہان کی حکومت نصیب رہے اور بہت خوشی کے ساتھ وہان سے حضرت خواجہ معین الدین حسن سنجری قدس سرہٗ کے مزار فائض الانوار کی زیارت کا عزم کیا اور وہان سے ولایت میوات مین آیا اور حسن خان میواتی نے چند منزل بڑھکر استقبال کیا اور لوازم ضیافت بجالایا۔ شہزادہ نے وہان سے دہلی کا قصد کیا۔ اتفاقاً ان دنون فردوس مکانی بابر بادشاہ نے ملک ہند مسخر کرنے کے قصد سے نواح دہلی مین نزول فرمایا تھا۔ بادشاہ ابراہیم نے بوجہ قدوم شاہزادہ کے مستظہر و قوی دل ہوکر کمال اعزاز و احترام کیا۔ ایک روز شاہزادہ بہادر خان نے جوانان گجرات کو ساتھ لے کر میدان کا رخ کیا اور امرائے مغل سے خوب لڑا۔ امرائے افغان جو بادشاہ ابراہیم سے متنفر تھے اس امر پر متفق ہوئے کہ بادشاہ ابراہیم کو دفع کرکے شاہزادہ بہادر خان کو تخت دہلی پر بٹھا دین۔ بادشاہ ابراہیم اس بات کو سمجھ گیا اور چاہا کہ کسی فریب سے بہادر خان کو آزار پہونچاوے شاہزادہ بہادر خان نے جانب جون پور قصد کیا۔ جب یہ خبر بادشاہ مظفر کو پہونچی کہ شاہزادہ بہادر خان دہلی پہونچا اور بادشاہ بلند اقبال ظہیر الدین بابر شاہ افواج مغل کے ساتھ نواح دہلی مین موجود ہی تو فرزند رشید کی مفارقت سے بہت ملول و محزون ہوا اور خداوند خان کو حکم دیا کہ خطوط و عرائض لکھکر شاہزادہ کو بلاؤ اور اسی درمیان مین دیار گجرات مین قحط عظیم ظاہر ہوا کہ خلق خدا مضطر ہوئی بادشاہ مظفر نے شفقت عام سے ختم کلام ربانی شروع کیا اور حق تعالےٰ نے اُس کی نیک نیتی سے رحم فرماکر خلق سے یہ بلا دور کردی اور سلطان انجمن دنون ایسا بیمار ہوا کہ روز بروز مرض بڑھتا جاتا تھا اور علاج مفید نہوتا تھا۔ ایک روز اسی عالم یاس مین سلطان مظفر شاہ نے اپنے فرزند رشید شاہزادہ بہادر خان کو یاد فرماکر فرط محبت سے آنسو بہائے۔ ایک شخص نے موقع دیکھکر عرض کیا کہ لشکر والے دو فرقہ ہوگئے ہین ایک فرقہ کی یہ خواہش ہی کہ شاہزادہ سکندر خان ولیعہد ہو اور دوسرے فرقہ کی خواہش یہ ہی کہ شاہزادہ لطیف خان ولیعہد ہو۔ سلطان مظفر نے اس کا کچھ جواب نہ دیا بلکہ یون فرمایا کہ بھلا شاہزادہ بہادر خان کے حال سے بھی کچھ خبر پہونچی ہی یا نہین۔ اس وقت مجلس

مین جو عقلا روتجربہ کار و دور اندیش موجود تھے اُنھون نے فحوائے کلام سے یہ ظاہر نکالی کہ بادشاہ کی دلی رغبت یہ ہی کہ شاہزادہ بہادر خان میرا قائم مقام ہو لیکن حالت موجودہ کے لحاظ سے اس کو زبان سے کہنا خلاف مصلحت دیکھتے ہین اور ظاہر ہی کہ اس سے ایک قوی فتنہ پیدا ہو جانے کا احتمال ہی۔ بلکہ سلطان مظفر نے اس فتنہ کا راستہ بند کرنے کی غرض سے جمعہ کے روز بتاریخ دوم جمادی الاولے سنہ ۹۳۲ نو سو بتیس ہجری کو اپنے بڑے بیٹے شاہزادہ سکندر خان کو روبرو طلب فرمایا اور اپنی حالت سے اطلاع دے کر اس کو بعض ضروری نصائح سنائے اور سب سے زیادہ ضروری وصیت یہ کی کہ بھائیون کے حق مین واجبی شفقت کا برتاؤ رکھے اور ہمیشہ ان کا لحاظ رہے اور بعد اس وصیت و نصیحت کے اس کو رخصت کیا اور مجلس سے اٹھکر حرم سرا مین تشریف لے گیا اور تھوڑی دیر کے بعد پھر باہر تشریف لاکر مسند پر بیٹھ گیا۔ اس کے تھوڑی ہی دیر کے بعد اذان جمعہ کی آواز گوش مبارک مین پہونچی اور نماز کے واسطے مضطرب ہوا لیکن اپنے مزاج مین اتنی قوت نہ دیکھی کہ مسجد مین جاکر شریک نماز ہو سکے اور فرمایا کہ مین اپنے بدن مین اتنی طاقت نہین پاتا ہون کہ مسجد مین جاکر نماز ادا کر سکون پھر لوگون کو رخصت کیا کہ جاکر مسجد مین نماز پڑھین اور خود نماز ظہر ادا کر کے فارغ ہوا اور بعد ادائے نماز کے ایک ساعت ہی بیٹھا تھا کہ ادائے کلمۂ شہادت کے ساتھ جوار رحمت حق مین انتقال فرمایا۔ اس کی بادشاہی کی تمام مدت حوزہ برس نو مہینے تھی اور اس کی عمر شریف انتقال کے وقت فقط بیالیس برس کی تھی۔ سلطان مظفر ایسا بادشاہ تھا کہ شرع شریف کی پیروی مین فرق نہ کرتا ہر حال مین متشرع رہتا اور باوجود ظاہری تشرع کے اچھا پرہیزگار خدا ترس تھا اور حضرت سید کائنات سرور عالم صلے اللہ علیہ وسلم کی احادیث شریف کی پیروی و تلاش بہت کرتا تھا اور خوشخط تھا خط نسخ و ثلث و رقاع بہت خوب لکھتا تھا اور ہمیشہ قرآن مجید لکھا کرتا تھا جب وہ تمام ہو جاتا تو عزت و حرمت کے ساتھ مع تحف ہدایا کے حرمین شریفین یعنے مکہ معظمہ یا مدینہ منورہ مین بھیجتا تھا اور اس کی آوازہ سخاوت اور فضل و دانش کو سنکر عربستان و روم و ایران و توران کے اکابر و اشراف بہت کثرت سے خشکی و تری کی راہون سے گجرات مین آتے اور سب ہی اپنی اپنی لیاقت کے موافق اس کے فیض انعام و احسان سے مالا مال ہو کر مسرور و خوشدل اپنے اپنے وطن کو واپس جاتے اور جن کی خواہش یہان قیام کی ہوتی تھی وہ مسند عزت پر تمکن ہو کر گجرات مین قیام کرتے تھے اور اسی بادشاہ دادگستر ہنر پرور کے عہد دولت مین شیراز کے مشہور معروف خوشنویس نے جن کا نام نامی ملا محمود سیاوش تھا شیراز سے گجرات کا عزم کیا اور یہان پہونچکر کمال عزت و حرمت سے سرفراز ہو کر مقیم ہوا

ذکر شاہ سکندر بن سلطان مظفر شاہ گجراتی کی جہانبانی کا

جس وقت کہ سلطان مظفر کی بیماری نے طول کھینچا اسکے فرزندان شاہزادہ سکندر خان اور شاہزادہ لطیف خان

کے درمیان مخالفت ظاہر ہوئی بعضے اس کی طرف اور کچھ لوگ اسکی طرف شریک ہوئے لیکن اس واسطے
کہ سلطان مظفر نے اُسے وصی کیا تھا اکثر امراے کبار مثل عماد الملک اور خداوند خان اور فتح خان
شاہزادۂ سکندر خان کے طرفدار ہوئے شاہزادہ لطیف خان ناچار ہوکر اپنی جاگیر ندربار اور سلطان پور
مین گیا اور جب شاہ مظفر اجل طبیعی سے فوت ہوا شاہزادہ سکندر سریر شاہی پر متمکن ہوا اور باپ کی میت
سرکچ کی طرف بھیجکر لوازم تعزیت مین مشغول ہوا اور تیسرے دن یعنے بعد سوم تعزیت برخاست کرکے
محمد آباد جنیا نیر کیطرف نہضت فرمائی اور جب قصبۂ انتوہ مین پہونچا وہان کے بزرگون کی زیارت کی اور
یہ بات سمع مبارک مین پہونچی کہ شیخ چنو کہ فرزندان قطب عالم سید برہان الدین سے ہین اُنھون نے فرمایا ہی
کہ یہ سلطنت شاہزادۂ بہادر خان کی طرف منتقل ہوگی شاہ سکندر یہ خبر حیرت اثر سنکر محزون ہوا اور حرماے
نالائق شیخ چنو کی نسبت زبان پر جاری کرکے انکی مذمت کی اور جب جنیا نیر مین پہونچا اپنے خدمتگارون کو جوایام
شاہزادگی کے ملازم تھے اُنکے حال پر نوازش کرکے ولایتین دین اور اپنے باپ دادا کے امرا پر تلطف اور تفقد
روا رکھا اس وجہ سے تمام امرا دلگیر اور آزردہ ہوکر امیدوار تقدیر خداوندی ہوئے خصوصًا عماد الملک
حبشی جو از بندہ ہاے مظفر شاہی اور سلطان سکندر کی والدہ کا غلام تھا نہایت رنجیدہ ہوا اور بعضے
تربیت یافتہ ہاے سلطان سکندر سے حرکات ناشائستہ صادر ہوئین اور ایکبارگی تمام سپاہ اور
رعیت کا دل اُس سے بیزار ہوا اُس کا زوال خدا سے چاہتے تھے سلطان نے ایک دن مجلس آراستہ
کرکے امرا اور اعیان مملکت کو خلعت فاخرہ عنایت کرکے ایک ہزار سات سو گھوڑے انعام فرمائے
چونکہ اکثر انعام بیجا و بے موقع تھے خلائق کو اور بھی زیادہ رنج پہونچا اور ہمت تخت نشینی شاہزادۂ بہادر پر
مصروف کی سلطان سکندر اپنے کردار اور افعال سے پشیمان ہوکر اپنے مآل کار مین متفکر اور ہراسان
ہوا اس درمیان مین معلوم ہوا کہ شاہزادۂ لطیف خان ندربار اور سلطانپور مین خیال شاہی کا رکھتا ہی اور
منتظر وقت ہی اس واسطے سلطان سکندر نے ملک لطیف کو خطاب شرزہ خانی ارزانی کرکے شاہزادہ
لطیف خان کے دفع کے واسطے بھیجا اور ملک لطیف نے ندربار کی سرحد پر جاکر دریافت کیا کہ شاہزادہ
لطیف خان کوہستان نندربار کا پتھم اور جھرپور کے جنگل مین رہتا ہی بے تامل جنگل جھپور مین گیا راجہ جھپور
اعتماد جنگل اور قلعی مکان پر کرکے جنگ پر آمادہ ہوکر اُس کے مقابل آیا اور ملک لطیف کو مع جماعت
سرداران نامی شہید کیا اور چونکہ راستہ فرار کا مسدود کرچکا تھا راجپوتون نے پیچھے سے آنکر ایک ہزار اور
سات سو آدمی قتل کیے اور اہل گجرات اس شکست کو فال زوال سلطان سکندر تصور کرکے منتظر نتیجہ
کے رہے اور سلطان سکندر نے قیصر خان کو مع لشکر گران اُس گردہ بے شکوہ کی گوشمال کے واسطے تعین
کیا اسی عرصہ مین امراے مظفری نے جو شرارت مین موصوف تھے عماد الملک شاہی سے کہا کہ شاہ
سکندر تیرے قتل کی تدبیر مین ہی ہم نے ازراہ دولتخواہی اور اخلاص آگاہ کیا عماد الملک اُس گروہ
بے شکوہ کے کہنے سے منحرف ہوا اور اس تدبیر مین پڑا کہ جس طور سے ممکن ہو شاہ سکندر کو دفع کرکے شاہ مظفر
کے فرزندان سے ایک کو تخت سلطنت پر قائم کردن اور مین خود مہمات مالی اور ملکی مین مشغول ہون چنانچہ

ایک روز شاہ سکندر سیر کے واسطے سوار ہوا عماد الملک اپنی سپاہ مکمل کر کے اُس کے قتل کے واسطے پیچھے سے روانہ ہوا لیکن فرصت نپائی اثنائے راہ مین ایک شخص نے صورت حال سلطان سکندر سے ظاہر کی شاہ سکندر سادہ لوح نے جواب دیا کہ خلائق چاہتی ہو کہ امرا اور غلامان مظفر شاہی کو آزار رہو خانہ عماد الملک شاہی ہمارے بندہ ہاے موروثی سے ہو کیونکر اس امر قبیح کا مرتکب ہوگا لیکن یہ خبر سنکر متاثر اور متالم ہوا اور ایک خاصان اور محرمان سے فرمایا کہ کبھی کبھی جو درمیان عوام کے مذکور ہوتا ہو کہ شاہزادہ بہادر خان ہو جب صبح کے وقت خواب سے بیدار ہوا اُسی وقت ایک شخص کو طلب کر کے اپنا خواب اُس سے بیان کیا اور اُس خواب سے پریشان ہو کر تفریح دل کے واسطے چوگان بازی کے لیے سوار ہوا اور خواب سے بعضے شخصون نے اطلاع پائی سلطان سکندر بعد ایک پہر کے اپنے دولتخانہ مین تشریف لایا اور خاصہ نوش کر کے استراحت فرمائی جب امرا اور مخصوص اپنے مکانون پر گئے شعبان کی انیسوین تاریخ ۹۳۲ھ نو سو بتیس ہجری مین عماد الملک باتفاق امرا اور اعیان مملکت مثل بہار الملک اور دریا الملک اور سیفخان اور دو نفر غلام ترک مظفر شاہی اور ایک نفر حبشی سلطان سکندر کے دولتخانہ مین در آیا اور اُس جماعت سے جو اُس کے ہمراہ تھی یہ بات کہی کہ اِس محل کی عمارت عجائب روزگار سے ہو تماشا کرو جب یہ حوض کے قریب پہونچے نصرت الملک اور ابراہیم بن جوہر وہان موجود تھے اُس جماعت نے اُنھین دیکھکر تلوار یان سے لی اور اُن پر حملہ کیا اور وہ دونون بھی تلوار کھینچکر جنگ مین مشغول ہوئے لیکن اُن کی تلوار نے کام نہ کیا آخر وہ ناکام مارے گئے پھر وہ جماعت سلطان سکندر کے خوابگاہ کی طرف متوجہ ہوئی سید علم الدین جو سلطان کے پلنگ کا پہرہ دیتا تھا اس حال کو مشاہدہ کر کے دست بشمشیر ہوا اور دو آدمی کو زخمی کر کے خود بھی شہید ہوا اور اُنھون نے شاہ کے پلنگ کے قریب جا کر دو تین وار تلوار کے لگائے اور شاہ مظلوم ہراسان ہو کر پلنگ سے کود کر زمین پر آیا اُن مین سے ایک سنگدل نے ایسی ضرب تلوار کی ماری کہ سلطان سکندر شہد شہادت نوش کر کے جنت کیطرف خرامان ہوا مدت اُسکی حکومت کی تین مہینے سترہ دن تھی

تذکرہ سلطان محمود بن سلطان مظفر شاہ گجراتی کی شاہی کا

جب سکندر شاہ شہید ہوا عماد الملک نے باتفاق بہار الملک فوراً نصیر خان کو حرم سرا سے بر آورد کر کے تخت سلطنت پر جلوہ گر کیا اور شاہ محمود خطاب دیا سلطان سکندر کے امرا خوف و ہراس سے اطراف مین پراگندہ ہوئے اور اُنکے مکان لٹ گئے اور سلطان سکندر کی لاش موضع ہالول کی طرف کہ جنیانیر کے متعلق ہو بھیجکر پیوند زمین کی اور امرا اور اعیان گجرات بالضرورت آنکر تہنیت خوان ہوے عماد الملک

بطریق عمل در آمد امرا و اعیان کو خلعت دے کر تسلی کرتا تھا اور خطاب دیتا تھا ایک سوا کاسی امرا کو خطاب دیا لیکن اُن کا مواجب یعنے تنخواہ کچھ اضافہ نہ کی اس واسطے اکثر لوگ انتظار شہزادہ بہادر کے آنے کا کھینچے تھے اور اُس کے طلب مین رسل و رسائل بھیجتے تھے خصوصًا خداوند خان اور تاج خان اس بارہ مین دوسرون سے زیادہ سبقت کرتے تھے اور جس وقت شہزادہ بہادر نے جانی پور مین خبر فوت سلطان مظفر کی سنی بتعجیل گجرات کی طرف روانہ ہوا عماد الملک نے سراسیمہ اور مضطرب ہوکر برہان نظام شاہ بحری کو بذریعہ عرضی زر خطیر بھیجکر سلطان پور اور ندربار کی سرحد پر طلب کیا اور مالپور کے راجہ کو بھی کتابت کرکے احمد آباد جنیانیر کی سرحد پر بلایا اور نہایت ہوشیاری اور دور اندیشی سے حضرت فردوس مکانی ظہیر الدین بابر بادشاہ کو عرض داشت لکھی کہ اگر کچھ فوج افواج قاہرہ سے بندر دیو کی سمت روانہ فرمائی جاوے تو ایک کرور تنکہ نقرہ خدمتگارون کی مدد خرچ کے واسطے پیشکش کرونگا برہان نظام شاہ بحری نے تحف و ہدایا اور اشیاے نفیسہ لیکر تغافل مین ڈال دیا اور راجہ مالپور قرب و جوار کے لحاظ سے سامان جنگ درست کرکے جنیانیر کے اطراف مین آیا اور تھانہ دار ڈونگر پور نے عماد الملک کے عریضہ پر کہ بابر شاہ کو لکھا تھا اطلاع پاکر تاج خان اور خاوند خان کو لکھ بھیجا کہ عماد الملک نے بابر شاہ کو عرضداشت لکھکر آنحضرت کو طلب کیا ہے امراے گجرات نے ایلچی کاروان شاہزادہ بہادر کی خدمت مین روانہ کرکے جلد طلب کیا ایلچی نواح دہلی مین شاہزادہ کی حضور ہی سے شرف یاب ہوا اور عرائض امرا کے گذرانے اتفاق سے اس وقت پابند خان بھی افغانان جونپور کیطرف سے بہادر شاہ کی طلب مین آیا تھا کہ اُسے لے جاکر جونپور کے تخت پر بٹھاوین شہزادہ بہادر کا میلان گجرات کی طرف زیادہ تر تھا لہذا پابند خان کو رخصت دے کر احمد آباد کی طرف متوجہ ہوا منقول ہے کہ جس وقت گجرات اور جونپور سے لوگ شہزادہ بہادر کی طلب کو آئے ہر ایک اس کے لے جانے مین کوشش کرتے تھے اور شہزادہ بہادر نے اُنھین یہ جواب دیا کہ گھوڑے پر سوار ہوکر صحرا کی طرف جاتا ہون اور باگ گھوڑے کی ہاتھ سے چھوڑکر مطلق العنان کرتا ہون جس طرف چاہے لے جاوے پھر گھوڑا گجرات کی سمت روان ہوا اور وہ جب اُس طرف متوجہ ہوکر جے پور کی نواح مین پہونچا تو گجرات سے سپاہی متواتر پہونچے اور شاہ سکندر کے قتم ہائلہ یعنی قتل ہونے کی خبر دی اور شاہزادہ چاند خان اور شاہزادہ ابراہیم فرزند شاہ مظفر جو راناجی پور کے پاس تھے آنکر شاہزادہ بہادر کی ملاقات سے مسرور اور محظوظ ہوئے اور شاہزادہ چاند خان رخصت ہوکر اُس مقام مین رہا اور شاہزادہ ابراہیم ہمراہ ہوا اور تھوڑے عرصہ مین چیپور سے عبور کیا اور اودے سنگھ راجہ مالپور اور بعضے متعلق سلطان سکندر مثل ملک مسرور اور ملک یوسف لطیف اور دیگر اشخاص سلطان کی خدمت مین پہونچے اور سلطان نے بہاء الملک اور تاج الدین کو مع فرمان استمالت تاجخان اور امراے دیگر کے پاس بھیجکر اپنی آمد سے اطلاع بخشی اور تاج خان جو عماد الملک سے خائف ہوکر اپنی قوم و قبیلہ کی جماعت سے فوجین آراستہ کیے ہوئے دندوقہ مین سلطان بہادر کے سر راہ بیٹھا تھا فی الفور کوچ کرکے شاہزادہ بہادر خان کے خدمت کے لیے روانہ ہوا اور شاہزادہ لطیف خان بن سلطان مظفر

کہ اس کے ہمراہ رہتا تھا اُسے مدد خرچ دے کر اپنے پاس سے رخصت کیا کہ اب وارث مظفری اور محمودی آپہونچا تمھارا یہان رہنا مناسب نہین لطیف خان بادل بریان و دیدۂ گریان شاہزادہ فتح خان کے پاس کہ شاہزادہ بہادر کا چچیرا بھائی ہوتا تھا جاکر ملتجی ہوا جب شاہزادہ بہادر ڈونگرپور مین پہونچا نہرخان اور بھی خوانین اُس کے استقبال کے واسطے دو کوڑے اور امرا اور سردار ہر طرف سے اس کے پاس حاضر ہونے لگے عماد الملک کے دل پر نہایت ہراس طاری ہوا اور لشکر کے فراہم کرنے مین خزانے خالی کرنے لگا اور ایک جماعت کثیر کو مع لشکر مستعد اور ہتھیار باندھے عضد الملک کے ہمراہ کرکے قصبۂ مہرہ کی طرف بھیجا تو جاکر خلائق کی آمد و شد کا راستہ بند کرے اور کسیکو شہزادہ بہادر کے پاس جانے نہ دیوے شاہزادہ بہادر خان جب قصبۂ محمود نگر مین پہونچا بعضے امرائے سکندری کہ جان کے خوف سے بھاگے تھے شہزادہ کی خدمت مین حاضر ہوئے عضد الملک احوال اس طرح کا دیکھکر محمد آباد کی سمت عماد الملک کے پاس گیا جب شاہزادہ قصبۂ مہراسہ مین پہونچا تاج خان مع چتر اور جلوس شاہی ملازمت مین حاضر ہوا اور شہزادہ بہادر خان نے بہ شوکت، تمام رمضان المبارک کی چھبیسوین تاریخ سنہ ۹۳۲ نوسو بتیس ہجری مین بشہر ٹین نزول کیا اور وہان سے نشان بادشاہی بلند کرکے احمد آباد کی طرف متوجہ ہوا اور رمضان کی اٹھائیسوین تاریخ کو قصبۂ سرکچ مین جاکر مشائخ عظام اور آبائے کرام کی زیارت کرکے احمد آباد مین داخل ہوا عماد الملک نے حالت پریشانی اور بدحواسی مین سپاہیون کو ایک سال کی تنخواہ پیشگی دیکر ایک شخص کو شہزادۂ لطیف خان کی طلب کو بھیجا کہ شاید اُس کی مدد سے شاہزادہ بہادر سے لڑے اور جبتک وہ پہونچے شہزادہ بہادر خان کوچ بکوچ محمد آباد کی سمت متوجہ ہوا اور جو امرا کہ عماد الملک کی طرف سے دلگیر اُس سے لڑنے کو جاتے تھے راہ مین اُس سے ملحق ہوتے تھے اور بہار الملک دردا والملک جو سلطان سکندر کے قاتل تھے یہ بھی عماد الملک سے کنارہ کرکے شاہزادہ کی خدمت مین حاضر ہوئے اور شہزادہ بہادر خان موقع وقت دیکھکر اُن کی دلجوئی اور تالیف قلوب مین کوشش کرتا تھا تاکہ عماد الملک پر غالب ہوکر محمود شاہ کے فرش حکومت کو اُٹھا دے نصیر خان المخاطب بمحمود شاہ کی مدت دولت چار ماہ تھی

ذکر سلطان بہادر بن سلطان مظفر شاہ گجراتی کی سلطنت کا

بروز عید الفطر سنہ ۹۳۲ نوسو بتیس ہجری مین کہ نجومیون نے ساعت جلوس اختیار کی تھی بہادر شاہ نے امرا اور اعیان مملکت کی سعی سے بلدۂ احمد آباد مین اپنے باپ دادا کے تخت پر متمکن ہوکر رسوم تصدق اور خیرات جاری کیے اور امرا اور افسران سپاہ کو افزونی تنخواہ اور زیادتی انعام اور خلعت اور گھوڑا دے کر خوش دل اور مسرور کیا اور ابتداے شوال مین احمد آباد سے کوچ کرکے محمد آباد جنیا نیر کی طرف چلا پہلی منزل مین معظم خان ایک جماعت سرداران معتبر سے لے کر خدمت مین حاضر ہوکر مشمول عنایت اور الطاف ہوا اور جب اُس منزل سے کوچ کیا یہ خبر پہونچی کہ آب پاترک اس قدر طغیانی پر ہے کہ لشکر کا عبور دشوار اور متعذر ہے

سلطان بہادر نے قصبۂ سوہج مین مقام کرکے تاج خان کو دریاے پاترک کے کنارہ بھیجا تو لشکر کو باہستگی تمام بذریعہ کشتی اوتارے دوسرے دن تمام امراے محمد آباد جنھون نے خزانہ سے اموال انعام لیے تھے خدمت مین حاضر ہوئے اور وہ مال انھین معاف ہوا اور جب سلطان بہادر آب پاترک سے عبور کرکے آب مہندری کے کنارے اور چاندپور کے گھاٹ پر پہونچا فوج نے اترنا شروع کیا عماد الملک نے عضد الملک اور ایک جماعت کو بروده اور دوسرے اطراف مین اس لیے مہیا و مستعد کیا تھا تو غبار فساد برپا کرکے شاہ کو اپنی طرف مشغول کرین شاہ نے اُس جماعت کی طرف توجہ نفرمائی اور بسبیل استعجال پانی سے عبور کرکے محمد آباد جینا نیر کی طرف روانہ ہوا جب شہر کے قریب پہونچا ضیاء الملک بیٹا نصیر خان کا آیا سلطان بہادر نے اس سے فرمایا کہ پیشتر جاکر اپنے باپ کو حکم پہونچا کہ عماد الملک کا مکان گھیر کر اُسے گرفتار کرے اور بعد اُس کے تاج خان کو مع چند خوانین عماد الملک کے تدارک اور گرفتاری کے واسطے تعین کیا اور خود بھی پیچھے سے سوار ہوا تاج خان نے بسرعت تمام جاکر عماد الملک کے مکان کو محاصرہ کیا اور عماد الملک دیوار مکان سے کود کر شاہ چنو صدیقی کے مکان مین پناہ لے گیا اور شاہ چنو کا مکان تمام لٹ گیا اور اُس کے فرزند قید ہوئے سلطان بہادر اتفاقاً خداوند خان کے مکان کے سامنے سے نکلا تو خداوند خان کہ اس عرصہ مین گوشہ نشین تھا مکان سے برآمد ہو کر شرف ملازمت سے مشرف ہوا اور ایک لحظہ کے بعد عماد الملک کو خداوند خان کے غلام شاہ چنو صدیقی کے مکان سے گرفتار کرلائے شاہ نے فرمایا کہ عماد الملک شاہی اور سیف الدین اور دیگر قاتلان سلطان سکندر کو دار پر کھینچین اور رفیع الملک توکل کے بیٹے کو جو غلام سلطان مظفر تھا خطاب عماد الملک و دیگر نجشی الممالک کیا اور عضد الملک یہ اخبار سنکر بروده سے کسی طرف بھاگا جاتا تھا کولیان نے راستہ مین تمام سازسامان اور مال اُس کا تاراج کیا اور سلطان بہادر نے شمشیر الملک کو عضد الملک کی گرفتاری کے واسطے مقرر کیا اور بعد اُس کے نظام الملک کو محافظ خان کے سر پر بھیجا اور وہ بھاگ کر راے سنگھ کے پاس ملتجی ہوا اور لشکر بہادر شاہی نے مال و اسباب اُس کا لوٹ کر مراجعت کی اور اُسی دو تین روز کے عرصہ مین پسر عضد الملک اور شاہ چنو صدیقی اور ایک جماعت جو سلطان سکندر کے قاتلون سے تھی قدر خان کے مکان مین ماری گئی اور بہار الملک باوجود سلطان بہادر کی چشم پوشی کے متوہم ہو کر محمد آباد جینا نیر سے مفرور ہوا شحنہ وہی اس کو راستہ سے گرفتار کرلایا جو کہ اس نے بھی سلطان سکندر پر تلوار کا وار کیا تھا اور وہ زخم جو سید علم الدین کے ہاتھ سے اُسے پہونچا تھا اب تک تازہ تھا شاہ نے حکم دیا کہ اُس کی کھال کھینچکر سولی پر چڑھاؤ اور تین نفر اور جو سلطان سکندر کے قاتلون سے تھے دکن کی سمت مفرور ہو کر جاتے تھے راہ مین گرفتار ہوئے اور سلطان بہادر کے حکم کے موافق انھین توپ کے منھ مین رکھکر اُڑا دیا خلاصہ یہ کہ سلطان بہادر نے عدالت کو کام فرماکر عرصہ قلیل مین سلطان سکندر کے قاتلون کو بسیاست تمام قتل کیا منقول ہے جس روز کہ سلطان بہادر محمد آباد جینا نیر مین داخل ہوا اُسی دن شاہزادہ لطیف خان پسر شاہ مظفر جو عماد الملک و امرا کے بلانے سے اُس نواح مین آیا تھا شہر مین پہونچکر چند روز پوشیدہ رہا قیصر خان اور رافع خان اور بعضے امرا نے لطیف خان سے

یہ پیغام کیا کہ اس سے زیادہ شہر مین توقف لائق نہین ہو آپ کو ایک گوشہ محفوظ چاہیے پھر شہزادہ لطیف خان مایوس ہوکر ولایت پالن پور کی طرف گیا اور عضد الملک اور محافظ خان بھی ولایت مونگاپور کی طرف گیے اور سلطان بہادر باطمینان تمام رعیت پروری اور لشکر کی فراہمی مین مشغول ہوا عامۂ خلائق اور جمیع گروہون کو انعام سے سرفراز کیا اور تنخواہ سپاہ کی علی العموم دس کے بیس اور دس کے تیس اور دس کے چالیس اضافہ فرمائے اور ایک برس کا مواجب خزانہ سے دے کر سب کو راضی اور شاکر کیا اور فقراے مزار سرکھیج اور بنوہ اور رسول آباد کا وظیفہ بھی ایزاد کرکے خوشدل کیا اور جو اُسوقت مین دار الملک گجرات قلعہ محمد آباد جدید نیر تھا بادشاہ اُس ممالک کے وہان تخت پر بٹھلائے جاتے تھے ذیقعدہ کی گیارھوین تاریخ بخوبیون سے ساعت نیک پوچھکر دوبارہ دریاے شرقی کے قریب تخت مرصع جواہر نگار بچھاکر سلاطین سلف کی آئین کے بموجب آراستہ کیا اور تاریخ مذکور ۹۲۲ھ نو سو بتیس ہجری مین سلطان نے تاج شاہی زیب سر فرماکر اپنے باپ دادا کی رسم و آئین کے موافق جلوس فرمایا اور اکابر اور مشائخ اور خوانین نے مبارکباد دی اور لوازم نثار اور اثیار پیش پہونچائے اور اُس دن ایک ہزار آدمی نے خلعت سلطانی سے امتیاز پایا اور جمیع امراخطابون اور نوازشون سے سربلند ہوئے اور غازی خان کا مواجب کہ جلوس احمد آباد کے دن دس کے بیس اضافہ کیے تھے اس روز بیس اور اضافہ فرمائے اور مدار المہام سلطان پور کی حکومت پر تعین فرمایا اور ان دنون مین خبر پہونچی کہ شاہزادہ لطیف خان عضد الملک اور محافظ خان کے بہکانے سے مدار المہام سلطان پور کے اطراف مین کوہ اداسن مین جاکر ارادہ فساد کا رکھتا ہی باستماع اس کے سلطان بہادر نے ایک فوج تعین کی کہ باتفاق غازی خان اس کی دفع و رفع مین قیام کرین چونکہ اس جلوس کے چند روز بعد ہی روز عید الضحی پہونچا اس دن بھی جشن عالی ترتیب دے کر اکثر امرا کو خلعت اور کمربند و خنجر و شمشیر مرصع عطا فرماکر اپنے سے راضی کیا اتفاقاً انہی دنون مین تحط واقع ہوا اور ہشیار الملک کو جو وقت سواری کا خزینہ دار تھا فرمایا کہ سواری کے وقت جو شخص سوال کرے ایک مظفری یعنی اشرفی منسوب بسلطان مظفر اُسے بلا توقف دینا پس ان دنون مین ہر روز دو مرتبہ چوگان بازی کے واسطے سوار ہوتا تھا اور سیطور سے ایک شہر مین متعدد لنگر خانے فقرا اور مساکین کے واسطے مقرر فرماکر احوال برایا کی رفاہ اور آسودگی مین کوشش کرتا تھا یہان تک کہ بلاد گجرات مین افضال الہی سے رونق اور رواج تازہ ظاہر ہوئی اور ابھی کچھ عرصہ نہ گذرا تھا کہ ارباب فتنہ حرکت مین آئے شجاع الملک بھاگ کر لطیف خان سے جا ملا اور امراے دولتخواہ نے اس حال پر آگاہی پاکر سلطان کی عرض مین پہونچایا سلطان نے انغ خان کو دولتخواہ سمجھکر مع لشکر کثیر لطیف خان کے سر پر تعین فرمایا ابھی وہ روانہ نہوا تھا کہ بعضے دولتخواہون نے عرض کی کہ قیصر خان اور انغ خان سلطان سکندر کے قتل مین عماد الملک کے ساتھ متفق تھے اور اب بھی پوشیدہ لطیف خان کے شریک ہین اور قسم قسم کی اعانت کرتے ہین سلطان اس فکر مین تھا کہ تاج خان نے سمع مبارک مین پہونچایا کہ قیصر خان اور انغ خان نے لطیف خان کو غیر مشہور راستہ سے نادوت کی

طرف طلب کیا ہو اور کلام اللہ کی قسم کھائی کہ اِس بات مین ہرگز خلاف نہین ہو دوسرے دن جب امرا دربار مین مجرے کو حاضر ہوئے سلطان نے قیصر خان اور رافع خان کو قید کیا اور اس کے چند روز کے بعد داور الملک جو کسی بہانے سے شہر سے نکل گیا تھا گرفتار ہوا اور ضیاء الملک اور خواجہ بابو کو کہ اس جماعت کی مصاحبت مین متہم تھے انھین پا برہنہ اور ہاتھ باندھکر بارعام مین حاضر لائے اور اہل شہر نے بلوا کرکے ان کے مکانون کو تاراج کیا ضیاء الملک نے رسی گلے مین ڈالکر عجز و زاری کی اور بابو نے پچاس لاکھ تنکہ خون بہا دے کر عفو جرائم کی درخواست کی سلطان بہادر نے اُن کا خون معاف کرکے رہائی کا حکم نافذ فرمایا اور مملکت فتنہ و فساد کی آلایش سے پاک ہوئی کسی طرف سے دغدغہ نرہا اور سنہ ۹۳۳ نو تینتیس ہجری مین ایک جماعت سلاحداران خاصہ سے کہ عدد اُن کا دس ہزار سے کم نہ تھا مسجد جامع مین دادخواہ ہوئی کہ تنخواہ ہماری سرکار سے وصول نہین ہوئی اور خطیب کو خطبہ پڑھنے سے مانع ہوئی سلطان بہادر باوجودیکہ جانتا تھا کہ یہ شاہزادہ لطیف خان کے پاس جانے کا ارادہ رکھتے ہین حکم ان کی تقسیم تنخواہ کا دیا انھین دنون مین عرض داشت غازی خان کی پہونچی کہ لطیف خان نے مع جمعیت تمام سلطان پور مین آنکر نشان مخالفت کا بلند کیا اور ہم نے اُس کے مقابلہ مین قیام کیا بعد لڑائی کے عضد الملک اور محافظ خان بھاگ گئے اور رائے بھیم مع بھائیون کے اس جنگ مین مارا گیا اور شاہزادہ لطیف خان زخمی گرفتار ہوا سلطان بہادر نے بفور استماع اس خبر کے محب الملک اور ایک جماعت امرا کو بھیجا کہ لطیف خان کے حال پر کمال تفقد کرکے اس کے زخمون کی مرہم پٹی مین مصروف ہون اور اُسے بعزت تمام حضور مین لاوین لیکن لطیف خان جو زخمہاے کاری کھاتا تھا راہ مین فوت ہوا اور موضع ہالول توابع جینا نیر مین اُس کا تابوت لے جاکر سلطان سکندر کے پہلو مین دفن کیا اور اُسی سال دوسرا بھائی نصیر خان جس کا نام سلطان محمود ہوا تھا اس جہان فانی سے عالم باقی کی طرف راہی ہوا اور سلطان بہادر نے اُن کے مزار پر ایک جماعت کو وظیفہ دے کر طعام پختہ اور خام تقسیم کے واسطے مقرر فرمایا اور اُسی سال خبر پہونچی کہ راے سنگھ راجہ بال نے جب قیصر خان کے قتل سے واقفیت پائی قصبہ دھور کو غارت کیا اور مال بہت ضیاء الملک پسر قیصر خان کا دستیاب کرکے اس ملک کی خرابی مین کوشش کرتا ہی سلطان بہادر یہ خبر سنکر مضطرب ہوا اور خود اس طرف عزیمت کیا چاہتا تھا تاج خان نے معروض کیا کہ ابتداے سلطنت مین ایسے امور بہت حادث ہوتے ہین اس سبب سے غبار کلفت اور ملال کو آئینہ دل صفا منزل مین راہ ندیوین اگر یہ بندہ اس خدمت پر مامور ہووے افضال الٰہی و اقبال عدو مال بادشاہی کی برکت سے دشمنون اور مفسدون کو گوشمال اور سزا دیوے سلطان نے فورًا اُسے خلعت سپہ سالاری دے کر ایک لاکھ سوار راے سنگھ کی تنبیہ کے واسطے ہمراہ کرکے رخصت کیا تاج خان ولایت بال مین داخل ہوا اور اس کی خرابی اور تاراجی مین کوئی دقیقہ باقی نرکھا راے سنگھ نے از راہ عجز و انکسار ایک نوشتہ شرف الملک کے پاس کہ امراے مظفری سے تھا بھیجکر اپنے عفو جرائم کی درخواست کی اور جب قلم عفو اُس کے جرائد اعمال پر نہ کھینچا پھر تاج خان نے زیادہ تر

اُس کی مملکت مین خرابی اور بربادی کی اور راجہ رائے سنگھ ناچار ہوکر جائے قلعہ اختیار کرکے تاج خان کے مقابل ہوا اور ایک جماعت کثیر رائے سنگھ کی مقتول ہوئی اور مسلمان ایک نفر سے زیادہ قتل نہوا تاج خان نے چند روز ولایت بالا مین اقامت کی آخر کو حکم کے موافق سلطان کی خدمت مین روانہ ہوا اور سلطان ربیع الاول سنہ مذکور مین شکار کے واسطے برآمد ہوا اس وقت مین ایک جماعت رعایاے بندر کنپایت سے وہان کے عامل کے دست جور سے فریادی ہوئی سلطان نے تاج خان کو اس کے سرانجام کے واسطے منصوب کرکے عامل کنپایت کی معزولی کا حکم صادر فرمایا اور جب محمد آباد جنیانیر کے اطراف مین پہونچا پسر رانا سنگا ملازمت مین حاضر ہوا بعد چند روز کے اسے خوشدل و خوشحال کرکے رخصت انصراف دی اور سنہ ۹۳۴ نوسو چونتیس ہجری مین ولایت ایدر کی تسخیر پر عازم ہوا اور عرصہ قلیل مین اسے مفتوح کرکے جنیانیر کی طرف معاودت کی اور اُس کے چند روز کے بعد قلعہ بہروچ کی عزیمت کرکے وہان بھی رایات نصرت آیات بلند کیے اور کنپایت کی طرف گیا اتفاقاً ایک روز دریا کے کنارے برسم تفرج آیا تھا ناگاہ ایک جہاز بندر دیپ سے پہونچا اور اہل جہاز نے خبر پہونچائی کہ ایک جہاز فرنگیون کا باد مخالف سے بندر دیپ کی طرف پھینکا اور قوام الملک نے اس جہاز کو گرفتار کرکے فرنگیون کو سلک عبودیت یعنی غلامی مین منسلک کیا شاہ یہ خبر سنکر محفوظ اور مسرور خشکی کے راستے سے بندر دیپ کی سمت عازم ہوا اور قوام الملک استقبال کرکے فرنگیون کو ملاحظہ مین ورلایا اور سلطان نے ان مین سے ایک جماعت کثیر کو شرف اسلام سے مشرف فرمایا پھر فرمان مراجعت بلند کیا اور اس سال میران محمد شاہ حاکم آسیر جو بھانجا سلطان بہادر کا تھا اس کا نوشتہ اس مضمون سے پہونچا کہ جو علاء الدین عماد شاہ از روے عجز و تقصیر ملتجی ہوا تھا کہ برہان نظام شاہ بحری اور قاسم بریدتر ک بیدری نے از روے تعدی کے ملک برار پر داخل کیا ہی فقیر اس کی کمک کو گیا اور جنگ شدید کا اتفاق پڑا فقیر نے ایک جماعت کو پسپا کیا اُس حال مین برہان نظام شاہ بحری جو کمین گاہ مین بیٹھا تھا علاء الدین عماد شاہ پر تاخت لایا اور اسے متفرق اور پریشان کیا اس درمیان مین فقیر کی بھی چند زنجیر فیل لوٹ لے گیا اور قلعہ ماہور پر کہ عظیم تر قلاع اس بلاد سے ہی بتعدی متصرف ہوا اس بارہ مین جیسا کہ امر جلیل القدر نافذ ہووے عمل مین لاوے درجواب اُس کے یہ فرمان تحریر فرمایا کہ سال گذشتہ مین عرضی علاء الدین عماد شاہ کی آئی تھی اور ملک عین الملک حاکم نہروالہ نے حسب الحکم جاکر فریقین کے درمیان صلح کروائی اور اب جو پیشدستی کی ابتدا برہان نظام شاہ سے ہوئی اعانت مظلومان بر ذمہ ہمت کریمان فرض اور واجب ہی پھر محرم سنہ ۹۳۵ نوسو پینتیس ہجری مین بقصد تسخیر ولایت نظام شاہ مع لشکر بیشمار متوجہ ہوا اور قصبہ بروده مین نزول کرکے ایک مدت سپاہ کے سامان مین مصروف رہا اور سنہ مذکورہ کے اوسط سال مین جام فیروز حاکم ٹھٹہ مغلون کے غلبہ سے جلاوطن ہوکر بحالت تباہ سلطان بہادر کے ظل عاطفت مین پناہ لایا اور سلطان نے تفقد اُس کے حال پر اختلال پر مبذول فرماکر بارہ لاکھ تنکہ خرچ عطا کرکے وعدہ کیا کہ انشاء اللہ تعالے تیرا ملک موروثی مغلون کے قبضہ سے برآوردہ کرکے تیرے سپرد

کرون گا جب آوازۂ شوکت بہادر شاہی اور اُس کے جلال کا ربع مسکون مین منتشر ہوا تو اس سفر مین قریب وبعید کے راجہ اس کی درگاہ کی طرف متوجہ ہوئے اور گوالیار کے راجہ کا بھتیجا مع جماعت پوربیہ حاضر ہو کر سلک ملازمان خاص مین منسلک ہوا اور بھیرون بن پرتھی راج بھتیجا راجہ سنکا کا بھی مع چند راجپوت معتبر آنکہ ملازمون مین داخل ہوا اور بعضے سرداران دکن نے بھی نقد سعادت حضور حاصل کی اور سب علی قدر مراتب انعامات شاہانہ سے بہرہ یاب ہوئے اور جو سلطان کو عرصۂ دراز تک محمد آباد جنیا نیر مین توقف واقع ہوا علاء الدین عماد شاہ نے بیتاب ہو کر خضر خان اپنے فرزند کو ملازمت کے واسطے بھیجکر معروض کیا کہ برہان نظام شاہ بحری نہایت بادۂ غرور کی بیخودی سے صلح کا خیال نہین رکھتا ہے اگر آنحضرت ایک مرتبہ دکن کی طرف نہضت فرماوین بندہ کا مقصود دلی حاصل ہووے چنانچہ سلطان بہادر التماس اس کی قبول کر کے دکن کیطرف روانہ ہوا اور جب آب نربدہ کے کنارے پہونچا میران محمد شاہ فاروقی استقبال کے واسطے حاضر ہوا اور سلطان کو ضیافت کے واسطے برہان پور لے گیا اور لوازم ضیافت بجا لایا اس کے بعد عماد الملک بھی جریدہ کاویل سے اس کی ملازمت مین حاضر ہوا اور چند راس گھوڑے اور تحف وہدایا گذرانے اور سلطان بہادر برہان نظام شاہ بحری کی تادیب کے واسطے کہ بیدر ما ہور کے اطراف مین تھا برار کے راستہ سے روانہ ہوا اور جب جالنہ پور مین پہونچا چند روز مقام کر کے وندان طبع اُس ملک پر تیز کیے اور عماد الملک نے مضطر ہو کر خطبہ برار کا سلطان بہادر کے نام پڑھایا اور میران محمد شاہ فاروقی کو متوسط کر کے ایسا کیا کہ سلطان وہان سے کوچ کر کے آگے بڑھگیا اور جیسا کہ وقائع نظام شاہیہ مین تحریر ہوا ہے احمد نگر مین پہونچا اور بسبب دیکھنے خواب مہیب کے دولت آباد کی طرف روانہ ہوا اور بالا گھاٹ مین حوض قتلو کے کنارے فروکش ہوا اور عماد الملک کو مع امرائے کثیر گجرات اُس قلعہ کے محاصرہ کیواسطے تعین کیا لیکن بعد چند روز کے علاء الدین عماد شاہ نے دکنیون کو موافق کیا اور سلطان بہادر کے طلب کرنے سے نادم اور پشیمان ہوا اور رات کے وقت خیمہ اور خرگاہ سے قطع نظر کر کے راہ فرار نا پی اور جب دکنی گجرات کا راستہ گھیر کر رسد غلہ پہونچنے کے مانع ہوئے برہان نظام شاہ بھی مقابل آنکر تھوڑے فاصلہ پر وارد ہوا فی الجملہ علامت قحط غلہ اُردو مین ظاہر آئی اُس وقت برہان نظام شاہ نے سلطان بہادر کو بنوید واپس دینے فیلان میران محمد شاہ فاروقی کے اپنی طرف سے راضی کیا اور احمد نگر کا خطبہ اس کے نام پڑھا سلطان بہادر ۹۳۶ھ نوسو چھتیس ہجری مین گجرات گیا اور برسات کا موسم محمد آباد مین بسر کر کے ۹۳۷ھ نوسو سینتیس ہجری مین ایدر کی طرف متوجہ ہوا اور موضع جانپور سے خاوند خان اور رفیع الملک الملقب بہ عماد الملک کو مع لشکر آراستہ اور فیل بسیار پاکر کے سمت بھیجا اور خود بندر کھنایت کی طرف متوجہ ہوا اور ایک روز وہان بسر کر کے دوسرے دن جہاز پر سوار ہوا اور بندر دیپ کی عزیمت کی اور جو کئی جہاز اطراف بنادر سے پہونچے تھے جنس قماش وغیرہ جو کچھ ان جہازون مین تھی خرید کر کے کارخانون مین داخل کی اور ازانجملہ ایک ہزار چھ سو من پستہ اور سنے تھے اور جماعت رومیون کی جو باتفاق مصطفےٰ خان رومی

برسم تجارت آئی تھی اُن کے حال پر نظر الطاف مبذول کر کے اُس قوم کے واسطے مرتبہ اور منصب تعین فرمایا اور ملک ایاز سے سفارش غربا کی کر کے ولایت بانسوالہ اور ڈونگر پور کی سمت گیا اور آتش نہب اس ملک مین لگا کر وہان کے راجاؤن سے پیشکش لی پھر بخیر و سعادت محمد آباد جینانیر کی طرف معاودت کی اور عمر خان اور قطب خان و دیگر امرائے سلطان ابراہیم لودھی کہ فردوس مکانی ظہیر الدین محمد بابر بادشاہ کے خوف سے گجرات کی طرف آ پڑے تھے خدمت بابرکت مین حاضر ہوئے سلطان بہادر نے پہلے دن تین سو قبائے زربفت اور پچاس گھوڑے اور کئی لاکھ تنکہ نقد انعام دیے اور جب اُن کی دلجوئی سے فارغ ہوا مہراسہ کی طرف کوچ کیا اور جب مہراسہ مین وارد ہوا خداوند خان اور بھی امرا ملازمت کے واسطے حاضر ہوئے پھر کوچ متواترہ سے پاکر مین پہونچکر اُس ولایت کا انتظام جیسا کہ چاہیئے فرمایا اور ہر ایک مقام مین تھانہ دار مقرر کیے اور پرسرام راجہ پاکر کا لاعلاج ہوکر ملازمت مین حاضر ہوا اور سلطان بہادر کے حضور اُس کا بیٹا شرف اسلام سے مشرف ہوکر جملہ مقربان درگاہ سے ہوا اور مسمی چکا جو پرسرام کا بھائی تھا مع جماعت ہمراہی پہاڑ اور جنگل مین پھرتا تھا اس وقت جان کے خوف سے برنسی پسر رانا سنگا کے پاس پناہجی ہوا کہ میرا وسیلہ ہوکر مجھے سلطان کی خدمت مین پہونچا دے اور معافی دلوا دے۔ اتفاق سے سلطان بہادر شکار کے واسطے جب بانسوالہ مین آیا برنسی بن رانا سنگا نے ازراہ ملائمت و عجز ایلچی بھیجکر چکا کے عفو گناہ کی درخواست کی سلطان بہادر نے عرض قبول فرماکر چکا کو طلب کیا اور گھاٹ گرجی کے مقام مین مسجد عالی بنا کی اور وہ قصبہ پرتھی راج کو دیا اور باقی ولایت پاکر درمیان پرتھی راج اور چکا کے علی السویہ یعنی برابر تقسیم کی اور چند روز شکار کے واسطے اس مقام مین قیام کیا مخبرون نے خبر پہونچائی کہ سلطان محمود خلجی جو کہ ممنون احسان اور مرہون التفات سلطان مظفر شاہ ہے شہزادہ خان حاکم مندو کو بھیجا کہ بعضے قصبے ولایت جیتور کو تاراج کرتا ہوا اجین مین سلطان محمود خلجی سے ملحق ہو اسی درمیان مین ایلچی برنسی پسر رانا نے آنکر درخواست کی کہ سلطان بہادر سلطان محمود خلجی کو مانع ہو دین کہ بیوجہ زنجیر عداوت کو حرکت ندیدین پھر اس وقت خبر پہونچی کہ سلطان محمود اجین سے سارنگ پور کی طرف جاکر سلہدی پوربیہ کو قتل کرنے کے ارادہ سے ہمراہ لایا تھا سلہدی اُس کی مافی الضمیر پر واقف ہوا باتفاق فرزند سکندر خان میواتی کے بھاگ کر ولایت جیتور مین برنسی ولد رانا سنگا کے پاس آیا ہے اور چند روز سے زیادہ عرصہ نہ گذرا تھا کہ سکندر خان اور بھوپت پسر سلہدی اُردو کی طرف متوجہ ہوکر دونون نے سلطان بہادر کی ملازمت حاصل کی اور سلطان نے سات سو خلعت زربفت اور ستر راس گھوڑے اُنھین انعام فرمائے اور تسلی کی اس درمیان مین سلطان محمود خلجی کا نوشتہ پہونچا کہ مین بھی ارادہ شرف حضوری کا رکھتا تھا لیکن موانع کے سبب سے تعویق مین پڑا اب انشاء اللہ تعالے ملاقات گرامی سے مسرور ہون گا سلطان بہادر نے دریا خان سے یہ فرمایا کہ چند مرتبہ نوید ملاقات سلطان محمود خلجی گوش حق نیوش مین پہونچی ہے اگر وہ آنکر ملاقات کرے ہم اُسکے مفرور دشمنو اپنے ممالک مین پناہ نہ دین گے پھر ایلچی کو مشمول الطاف کر کے رخصت کیا اور خود بانسوالہ کی عزیمت

کی اور جب آب کرجی کے کنارے پہونچا برتنسی بن رانا اور سلہدی بھی خدمت مین حاضر ہوئے اور سلطان بہادر نے پہلے دن تیس زنجیر فیل اور گھوڑے بہت اور ایک ہزار پانسو خلعت زربفت اُنھین بخشے اور چند روز کے بعد برتنسی رانا کو چیتور کی طرف رخصت کیا اور سلہدی پوربیہ ملازمت اختیار کرکے اُردو مین رہا سلطان بہادر سلطان محمود خلجی کے وعدہ ملاقات کے بنیاد پر سنبلہ کی طرف متوجہ ہوا اور یہ فرمایا کہ اگر سلطان محمود خلجی آوے گا ہم لوازم ضیافت اور مہمانداری بجالاوین گے اور دیولہ گھاٹ تک جاکر اُسے رخصت کرکے دار الملک کی سمت مراجعت کرین گے اور اس منزل مین محمد خان اسیری آیا تھا اور جب موضع سنبلہ مین پہونچا دس روز تک سلطان خلجی کا انتظار کھینچا پھر دریا خان سلطان محمود خلجی کی طرف سے بطور رسالت آیا اور عرض کی کہ سلطان محمود شکار مین گھوڑے سے گر پڑا ہے اُس کا دہنا ہاتھ ٹوٹ گیا اب اس وضع سے آنا لائق نہین ہے شاہ بہادر نے فرمایا جو سلطان نے چند بار خلاف وعدہ کیا نہ آیا اگر مرضی اس کی ہووے ہم آوین پھر دریا خان نے کہا شاہزادہ چاند خان بن مظفر شاہ مرحوم سلطان محمود کے پاس ہے اگر شاہ آوے اور چاند خان کو سلطان محمود خلجی سے طلب کرے دینا اُس کا نہایت مشکل اور نگاہ رکھنا بھی نہایت متعذر ہے اور فی الحقیقت آنے کا مانع یہی امر ہے شاہ بہادر نے فرمایا مین شاہزادہ چاند خان کو نہ طلب کرونگا سلطان محمود خلجی سے کہ کہ وہ جلد میری ملاقات کو آوے جب ایلچی سلطان محمود کا رخصت ہوا سلطان بہادر شاہ پیادہ منازل اور قطع مراحل کرتا تھا اور سلطان محمود کے آنے کا راستہ دیکھتا تھا جس وقت دیپالپور مین پہونچا معلوم ہوا کہ سلطان محمود کا یہ ارادہ ہے کہ اپنے بڑے بیٹے کو سلطان غیاث الدین خطاب دیکر قلعہ مندو مین نگاہ رکھے اور خود قلعہ سے جدا ہوکر گوشہ مین بیٹھے اور شاہ سے ملاقات نکرے اس درمیان مین بعضے امرائے سلطان محمود خلجی کہ بوجہ سلوک ناموافق اُس سے آزردہ تھے خدمت سلطان بہادر مین حاضر ہوکر عرض پیرا ہوئے کہ سلطان محمود خلجی حیلہ حوالہ مین ایام گذاری کرتا ہے وہ ہرگز اپنے اختیار سے نہ آویگا سلطان بہادر بکوچ متواترہ شادی آباد مندو کی طرف روانہ ہوا اور جب نعلچہ مین پہونچا لشکر شادی آباد مندو کے محاصرہ کو مقرر ہوا اور محمد خان اسیری بجانب غربی ساتھ مورچال شاہ پول کے نامزد ہوا اور رقعان کو بہل پور کی طرف بھیجا اور جماعت پوربیہ کو سہلوانہ کی طرف نامزد فرمایا اور خود موضع محمود پول مین قرار پکڑا اور شعبان کی اونتیسوین شب سنہ ۹۳۷ نو سو سینتیس ہجری مین سلطان بہادر مع جمعیت بہادران کے دو نفر اہل مندو کی ہدایت سے قلعہ مین داخل ہوا و فصیل پر اس قدر توقف کیا کہ بہت آدمی اُس کے قلعہ مین در آئے پھر صبح کی نماز کے وقت سلطان محمود خلجی کے مکان کی طرف متوجہ ہوا اور جو مردم مالوہ اس طرف سے کہ نہایت بلند ہے خاطر جمع رکھتے تھے ان کو جب معلوم ہوا کہ قلعہ فوج بیگانہ سے بھر گیا ناچار اہل قلعہ ہر طرف بھاگے اور اُسی وقت چاند خان بن سلطان مظفر شاہ مرحوم قلعہ سے اُترا اور راہ فرار ناپی اور سلطان محمود خلجی مع جماعت قلیل مسلح ہوکر مقابلہ کو آیا اور جب اپنے مین قوت برابری کی نہ دیکھی شہر سے نکل گیا اور پھر ایک مقرب کی ہدایت سے احوال عیال و اطفال کی رعایت کے واسطے پھر کر اپنے محل کی طرف چلا اور افواج

ظفر امواج سلطان بہادر نے یکایک اطراف محل کو گھیر لیا اور سلطان بہادر نے مردمان لشکری کو حکم دیا کہ محل اور حرم بادشاہون اور امیرون کا امان مین ہو خبردار کوئی اُن کے مال اور ناموس کا متعرض نہو اس واسطے بعضے ہواخواہان اور رفقا نے سلطان محمود خلجی سے عرض کی کہ شاہ گجرات ہر چند بیروتی کرے مگر اُس کی بیروتی اورون کی مروت سے بہتر ہوگی ضرور ناموس سلطان کی حفظ مین کوشش کریگا اور ظن غالب یہ ہو کہ رسم پدر اختیار کرکے ولایت مالوہ سلطان کے قبضہ مین چھوڑے گا اس درمیان مین سلطان بہادر لعل محل کے کوٹھے پر برآمد ہوا اور ایک شخص کو سلطان محمود خلجی کے پاس بھیجکر طلب کیا اور سلطان محمود مع سات نفر امرا کے آیا سلطان بہادر اپنے دل مین خواہش عفو رکھتا تھا اُس سے ہمکلام ہوکر سبب نہ آنے کا پوچھا لیکن جو کہ سلطان محمود خلجی کا نجت برگشتہ اور زمانہ ناموافق تھا اُس نے جواب سخت دیا سلطان بہادر اس سبب سے آزردہ ہوا پھر باقی مجلس خاموشی مین گذری آخر کو غضب مین آکر سلطان محمود خلجی کو مع فرزندان مقید کرکے الف خان اور آصف خان کے ہمراہ محمد آباد جینا نیر مین بھیجا اور خود مندو مین قیام کیا اور امرائے مالوہ کو گجرات مین جاگیرین دین اور گجرات کے امرا کو مالوہ مین جاگیرین عنایت فرمائین اور میران محمد شاہ فاروقی کو معزز اور مکرم کرکے برہان پور مین روانہ کیا اور بعد بہ سات ۹۳۸ نو سو اڑتیس ہجری مین برہانپور اور آسیر کی سیر کے واسطے روانہ ہوا چونکہ برہان نظام شاہ بحری نے اسمٰعیل عادل شاہ کے برخلاف لفظ شاہی اپنے جزو اسم کی تھی میران محمد شاہ فاروقی کی ہدایت اور دلالت سے برہان پور مین آیا اور شاہ طاہر جنیدی کی سعی سے سلطان بہادر شاہ نے خیر سفید اور آفتاب گیر یعنے سورج مکھی اور سرپرد سرخ سلطان محمود خلجی کا برہان نظام شاہ بحری کو دیکر فرمایا کہ ہم نے تمھین نظام شاہ بحری خطاب دیا یعنی دشمنون کو بادشاہی سے معزول اور دوستون کو سلطنت پر منصوب کیا اور سلطان بہادر کی غرض نظام شاہ بحری کی تربیت سے یہ تھی کہ والی احمد نگر اور برہان پور دونون بادشاہ دہلی کے جنگ مین کہ پیش نہاد ہمت اپنے کی تھی موافقت کرین گے حالانکہ برخلاف اُس کے وقوع مین آیا کس واسطے کہ برہان نظام شاہ بحری نے نصیر الدین محمد ہمایون بادشاہ کی جنگ مین ساتھ اُس کے ہمراہی نہ کی بلکہ چند سال پیشتر ایلچی اپنا اُس کی درگاہ مین بھیجکر ولایت گجرات کے تسخیر کی ترغیب دی تھی کہتے ہین کہ سلطان بہادر شاہ نے شاہ طاہر جنیدی کی کہ علما ے گجرات اور برہان پور اور مندو اور دہلی اس کی اُستادی اور دانشمندی قبول رکھتے تھے عزت بہت کی یہانتک کہ اُسکے حضور تخت پر نہین بیٹھتا تھا اور جو بیٹھتا تھا اُسے بھی کرسی مرصع پر بٹھاتا تھا اور جس وقت کہ شاہ برہان پور مین تھا سعی بہت کی کہ اُسے برہان نظام شاہ سے لے کر اپنا وکیل السلطنت کرے شاہ طاہر نے اس بہانہ سے کہ مین ارادہ مکہ کی روانگی کا رکھتا ہون یہ بات قبول نہ کی حالانکہ احمد نگر مین جاکر چند عرصہ کے بعد برہان نظام شاہ کو شیعہ مذہب بنایا اور چتر سرپردہ سرخ کو برنگ سبز کرکے نشان بارہ امام سے تبدیل کیا القصہ یہ داستان کلی و جزوی احوال نظام شاہیہ مین تحریر ہوئی حاجت تقریر نہین ہے برہان معلوم فرماوین اور سلطان بہادر بعد ملاقات برہان نظام شاہ بحری خوش دل اور کامیاب ہوکر شادی آباد مندو دہار کیطرف گیا اس درمیان مین معلوم ہوا کہ سلہدی پوربیہ بسبب اس کے کہ عہد

سلطان محمود خلجی مین عورات مسلمہ بلکہ بعضے حرمہاے سلطان ناصرالدین کو اپنے مکان مین نگاہ رکھا تھا اور اب بھی اپنے مکان مین رکھتا ہی اس سبب سے حضور مین آنے کی خواہش اور پروا نہین رکھتا سلطان بہادر نے فرمایا کہ خواہ وہ آوے یا نہ آوے ہمارے ذمہ فرض ہوا کہ عورات مسلمہ کو ذلت کفر اور خواری بندگی سے نجات بخشں کر اُس کو سزاے بلیغ اور تنبیہ ایسی کرین کہ باعث عبرت ناظرین ہو پھر مقبل خان کو محمد آباد جنبانیر کی طرف رخصت کر کے حکم دیا کہ وہان جاکر قلعہ کی نگہبانی کرے اور اختیار خان کو مع لشکر و توپخانہ و جزائر خدمت مین بھیجے اور مقبل خان نے سلطان کے حکم کے موافق اختیار خان کو روانہ کیا اور اختیار خان مع لشکر گران اور توپ خانہ اور خزانہ اکیسوین ربیع الآخر سال مذکور کو قصبہ دھار مین آیا اور سلطان بہادر سے ملحق ہوا اور شاہ نے گجرات کی روانگی کا آوازہ مشہور کیا اور فوراً شادی آباد مندو کی طرف گیا اور اختیار خان کو وہان کی حکومت پر چھوڑ کر جمادی الاولے کی پچیسوین تاریخ کو نعلچہ مین نزول کیا اس درمیان مین بھوپت ولد سلہدی پوربیہ نے کہ ہمراہ تھا عرض مین پہونچایا کہ جو رایات عالی دار الملک گجرات کی طرف متوجہ ہین اگر بندہ رخصت اجین کی پاوے سلہدی کو ملازمت مین حاضر کرے سلطان بہادر نے کمال دور اندیشی سے رخصت دی اور خود بھی بکوچ متواتر اجین کیطرف متوجہ ہوا اور پندرھوین تاریخ شہر مذکور کو قصبہ دھار مین پہونچکر لشکر کو وہان چھوڑا اور خود برسم شکار دیپال پور اور سعدل پور کی طرف گیا سلہدی پوربیہ یہ خبر سنکر اپنے فرزند بھوپت کو اجین مین چھوڑ کر خود ملازمت مین حاضر ہوا اور امیر نصیر سلہدی پوربیہ کی طلب مین گیا تھا اُس نے خلوت مین عرض کی کہ سلہدی پوربیہ خیال اطاعت اور فرمان برداری کا نہین رکھتا لیکن فقیر بوعدۂ دینے کفایت اور ایک کرور تنکہ نقد کے اس کو فریب دے کر لایا ہی ورنہ چاہتا تھا کہ قلعہ چھوڑ کر ولایت میوات کی طرف جاوے اور اب اگر رخصت پاوے گا اس کا دوبارہ دیکھنا محال ہی شاہ سعدل پور سے دھار کی طرف روانہ ہوا اور امرا اور مقربون سے سلہدی پوربیہ کی گفتگو درمیان مین لایا اور جب اُردو کے قریب پہونچا لشکر کو باہر چھوڑ کر قلعہ دھار مین وارد ہوا اور سلہدی پوربیہ کو بھی ہمراہ لیگیا جبکہ شاہ اندرون محل داخل ہوا موکلون نے انکر اُسے مع دو نفر پوربیہ گرفتار کیا اُسوقت ایک خواص سلہدی پوربیہ فریاد کر کے دست بخنجر ہوا سلہدی پوربیہ نے کہا تو چاہتا ہی کہ مین مارا جاؤن اُس نے جواب دیا کہ مین نے یہ خنجر تمھارے بچانے کو نکالا تھا اگر اس سے تم کو صدمہ پہونچتا ہی تو یہ خنجر مین اپنے ہی مارے لیتا ہون تاکہ تم کو صدمہ نہ پہونچے اور اپنے پیٹ پر مار کر جہنم واصل ہوا اور جب سلہدی پوربیہ کی خبر گرفتاری منتشر ہوئی باشندگان شہر نے مال و متاع سلہدی کا تاراج کر کے ایک جماعت کثیر کو قتل کیا اور بقیۃ السیف نے بھاگ کر سلہدی کے بیٹے کے پاس جس کا نام بھوپت تھا پناہ لی اور اسباب اور ہاتھی گھوڑے سلہدی کے سرکار شاہی مین ضبط ہوے اور آخر روز کو سلطان بہادر نے رفیع الملک المخاطب بعماد الملک کو بھوپت کی گوشمالی کو روانہ کیا اور خداوندخان کو اُردو کے ہمراہ چھوڑ کر دوسرے دن کی صبح کو خود بھی اُجین کی طرف عازم ہوا اور دریاخان مالوہی کو حکومت اُجین عنایت کر کے سارنگپور کی سمت متوجہ ہوا اور سارنگپور کو ملوخان بن ملوخان کے سپرد کیا جو سلطان مظفر کے ایام سلطنت مین

مندو سے جاکر ملازم ہوا تھا اور شیر شاہ سور کے عہد شاہی مین اپنا خطاب قادر شاہ کرکے اُس ملک کا خطبہ اور سکہ اپنے نام کیا تھا غرضکہ کچھ احوال اُس کا عنقریب مرقوم قلم صدق رقم ہوگا اور حبیب خان والی آشتہ کو آشتہ کی طرف رخصت دے کر خود بھیلسہ اور رایسین کی طرف عازم ہوا حبیب خان نے جاتے ہی ایک جماعت کثیر پوربیہ کو قتل کیا اور آشتہ پر متصرف ہوا اور جب شاہ بھیلسہ مین پہونچا معلوم ہوا کہ اٹھارہ برس کا عرصہ گذرا ہی کہ یہان سے آثار اسلام منقطع ہوئے اور علامات کفر شائع ہی اس منزل مین مخبرون نے اُس کی سمع مبارک مین پہونچایا کہ بھوپت پسر سلہدی اپنے باپ کی خبر گرفتاری اور متعین ہونا رفیع الملک کا سنکر کمک طلب کرنے کے واسطے جیتورکی طرف گیا اور لکھمن بھائی سلہدی پوربیہ کا رایسین کے قلعہ کو استوار کرکے معرکہ آرائی مین سعی کرتا ہی اور انتظار کمک جیتوری کھینچتا ہی سلطان بہادر دو تین دن مسجدون کو آباد کرنے اور مقامات متبرک درست کرنے کے لیے اس قصبہ مین مقیم ہوا اور جمادی الاول کی ساتوین تاریخ سنہ مذکورین طبل فیروزی بجاکر رایسین مین بارگاہ بلند کی اور ابھی لشکر نہ آیا تھا کہ راجپوت پوربیہ دو فوج ہوکر قلعہ سے اترے اور سلطان بہادر شاہ نے بہادری کو کام فرمایا کچھ لوگ ہمراہ رکاب لیکر شیر گرسنہ کی طرح اُن پر تاخت لایا اور دو تین پوربیہ ضرب شمشیر خونریز سے دو ٹکڑے کیے اِس عرصہ مین سپاہ گجرات پیچھے سے پہونچی اور کفارون کو قتل کیا پوربیہ سلطان بہادر شاہ کی شجاعت اور مردانگی دیکھکر بھاگے اور قلعہ مین جاکر دم لیا اور سلطان بہادر نے اُس دن لشکر کو جنگ سے منع کرکے کل کا وعدہ کیا دوسرے دن اُس سرزمین سے کوچ کرکے قلعہ کو مرکز کے مانند گھیر کر مورچے تقسیم کیے اور بنیاد ساباط کی ڈالی تھوڑے عرصہ مین ساباط اہل قلعہ کے قریب پہونچے پھر سلطان نے رومی خان کو مع توپخانہ وہان چھوڑکر اپنے مقام پر معاودت فرمائی اور رومی خان نے توپ کی ضرب و زد سے دو برج قلعہ کے گرائے اور دوسری طرف سے سیرنگ مین آگ دی یہانتک کہ چند گز دیوار اسطرف سے گر پڑی اور سلہدی نے احوال قلعہ اور زبونی پوربیہ و قوت دشمن کا مشاہدہ کرکے پیغام دیا کہ یہ بندہ چاہتا ہی کہ پہلے شرف اسلام سے مشرف ہووے اُسکے بعد اگر حکم ہو اوپر جاکر قلعہ کو خالی کرکے اولیاے دولت بہادر شاہی کے سپرد کرے سلطان اس خبر سے مسرور رہوا اور سلہدی کو اپنے روبرو بلاکر کلمۂ توحید اُسے پڑھایا پھر اُسے خلعت خاص و یکرباور چینہ سے قسم قسم کا لذیذ کھانا اُسے کھلایا اور ہمراہ اپنے قلعہ کے نیچے لیگیا سلہدی نے اپنے بھائی لکھمن کو طلب کرکے کہا جو مین زمرۂ اسلام مین داخل ہوا ہون سلطان بہادر شاہ علو ہمتی سے مجھے مراتب عالی کو پہونچا دیگا مناسب یہ ہی کہ قلعہ کو ملازمون کے سپرد کرکے ہم تم سب خدمت شاہ مین حاضر ہون لکھمن نے پوشیدہ اُس سے یہ بات کہی کہ اب خونریزی تیری مسلمانون کے مذہب مین جائز نہین ہی بھوپت مع چالیس ہزار آدمی کمک کیواسطے آتا ہی ایسا کام کرنا چاہیے کہ چند روز اور قلعہ کے لینے مین توقف ہووے سلہدی نے یہ راے پسند کی اور سلطان سے کہا کہ آج کے روز مہلت ہو کل بعد دوپہر کے قلعہ کو خالی کرکے ملازمون کے سپرد کرونگا سلطان بہادر شاہ وہان سے مراجعت کرکے اپنے مکان پر آیا اور دوپہر تک دوسرے روز منتظر تھا جب بعد سے ایک ساعت گذری سلہدی عرض پیرا ہوا کہ اگر حکم ہو بندہ قریب قلعہ جاکر صورت حال دریافت کرکے عرض مین پہونچاوے

عنایت سلطان سے دو رنہین ہو سلطان بہادر نے سلہدی کو معتمدون کے سپرد کرکے نزدیک قلعہ کے بھیجا اور سلہدی نزدیک برج افتادہ اور شکستہ کے گیا اور اپنی قوم کو بنصیحت آغاز کی کہ ای راجپوتان غافل و جاہل مسلمانون سے حذر کرو در نہ سلطان بہادر اسی مورچہ سے آنکر تمھین قتل کریگا اور غرض اُسکی یہ تھی کہ فی الفوران چون کو جو توپ کی ضرب سے مسمار ہوگئے ہین بند کرو لکھمن نے جواب نہ دیا لیکن سمجھا اور سلہدی بحسب ظاہر پلٹ گیا لکھمن نے قلعہ کے استحکام مین کوشش کی اور رات کو دو ہزار پوربیہ سلہدی کے چھوٹے بیٹے کے ہمراہ کرکے بھوپت کی طلب کیواسطے روانہ کیے اور پسر سلہدی نکلکر روانہ ہوا چونکہ اس کی موت آگئی تھی ناگاہ کچھ فوج بادشاہی نمودار ہوئی اور وہ جاہل اپنی کثرت پر مغرور ہوکر جنگ مین مشغول ہوا سپاہ گجرات نے طاقت بشری سے زیادہ تر کوشش کرکے بہت راجپوت تہ تیغ کیے اور سلہدی کے بیٹے کا بھی سر تن سے جدا کرکے مع سر دیگر راجپوتان کے شاہ کی خدمت مین بھیجا سلہدی نے جب خبر فوت پسر سنی الفت پدری سے حواس اُس کے بجا نرہے اور سلطان بہادر اصل راز سے خبردار ہوا یعنی سلہدی کی سازش ثابت ہوئی فوراً اس نے برہان الملک کے سپرد کیا کہ قلعہ شادی آباد مندو مین قید کرے اِس درمیان مین خبر پہونچی کہ بھوپت چونکہ جانتا ہی کہ سلطان جریدہ ہی اس واسطے رانا کو ہمراہ لیکر از روے جرأت بکوچ متواتر آتا ہی یہ خبر سنکر شاہ کی قوت غضبی نے طغیان کیا اور یہ فرمایا کہ مین اگرچہ جریدہ ہون لیکن بمقتضائے نصوص ایک مسلمان سی کافر کو کافی ہی یہ کہکر فوراً میران محمد شاہ فاروقی فرمانروائے برہان پور اور رفیع الملک المخاطب بعماد الملک کو اُنکے گوشمال کیواسطے رخصت کیا میران محمد شاہ اور رفیع الملک افواج کو آراستہ کرکے جنگ کے واسطے متوجہ ہوئے اور جب کھیرلہ کے قریب پہونچے پورنمل کہ وہ بھی بیٹا سلہدی پوربیہ کا تھا مع دو ہزار راجپوت پوربیہ اُس مقام مین حاضر ہوا اس واسطے میران محمد شاہ فاروقی اور عماد الملک نے عرض داشت کی کہ پورنمل بیٹا سلہدی پوربیہ کا رانا سے ملگیا اور رانا بھی قریب پہونچا ہی اگرچہ جمعیت اُسکی اندازہ سے باہر ہی لیکن عنایت تائید آلہی اور اقبال عدو مال شاہی پر رکھکر ہمہ تن اُسکے مدافعہ مین مشغول ہونگا اور تردد مین کسی طور اپنے تئین معاف نرکھونگا شاہ نے بعد وصول عرض داشت اختیار خان اور دیگر امرا کو محاصرہ کے واسطے چھوڑکر خود بھی بطور تاخت ایک رات دن مین ستر کوس مالوہ کے طے کرکے بجلی کیطرح کھیرلہ کے نواح مین پہونچا اور میران محمد شاہ فاروقی والی برہان پور استقبال کیواسطے آیا اور سلطان بہادر شاہ کو اپنے مقام و منزل پر لیگیا اور اس عرصہ مین مخبرون نے رانا اور بھوپت کو خبر پہونچائی کہ شب کو سلطان بہادر لشکر مین ملحق ہوا اور پیچھے سے افواج بیشمار مور و ملخ کی طرح متواتر چلی آتی ہی رانا یہ خبر سنکر ایک منزل پیچھے ہٹ گیا اور فیجر کو سلطان بہادر کھیرلہ سے کوچ کرکے ایک منزل آگے بڑھا اس منزل مین دو نفر راجپوت بطور ایلچی کے تحقیق اخبار کے واسطے لشکر سلطان مین آئے اور رانا کیطرف سے یہ پیغام گذارش کیا کہ رانا ایک ملازمان درگاہ سے ہی اور اس حدود مین اُسکے آنے سے یہ غرض تھی کہ قدم سفارش آگے رکھکر طلب عفو سلہدی پوربیہ کے تقصیرات کا کرے سلطان نے ارشاد کیا اس نظر سے کہ بالفعل جمعیت اور شوکت اُس کی ہمسے زیادہ ہی اگر پہلے جنگ کا ارادہ نکرکے عرض داشت کرتا البتہ الحاح تمھاری قبول ہوتی جب یہ جواب ان دونون راجپوت نے

جاکر کہا کہ ہمنے شاہ کو اپنی آنکھ سے دیکھا ہی رانا اور بھوپت باوجود اس شوکت وجمعیت کی تین چار منزل کو ایک منزل کرتے ہوئے بھاگے اس درمیان مین خبر پہونچی کہ الغ خان مع تیس ہزار سوار اور فیلخانہ اور توپخانہ گجرات کے بہت قریب پہونچا سلطان نے نہایت شجاعت سے ہر گز الغ خان کے پہونچنے تک توقف جائز نہ رکھکر مع لشکر موجودہ کے ستر کوس تک تعاقب کیا اور رانا جب جیتور کیطرف آیا شاہ نے اُسکی گوشمال دوسرے سال پر حوالہ کرکے خود قلعہ رایسین کیطرف گیا اور اُسے محاصرہ کیا اور آخر ماہ رمضان سنہ مذکور مین لکھمن کمک سے مایوس ہوا صورت ہلاکت اپنی معائنہ کرکے از راہ عجز وانکسار عرض داشت کی کہ اگر آنجناب سلہدی کو حضور مین طلب کرکے قلم عفو اُسکے صفحہ جرائم پر کھینچین تو قلعہ رایسین کو خالی کرکے ملازمون کے سپرد کرون شاہ نے بعد تامل اور غور بسیار اپنے دلمین کہا کہ غرض اس بورش سے یہ ہی کہ عورات مسلمہ کفر کی ذلت سے رہا ہوین اگر التماس اُسکی قبول نہین کرتا ہون جان اُن ضعیفونکی مفت جاویگی اسواسطے ملتمس لکھمن کی پذیرائی اور سلہدی پوربیہ کو شادی آبادمنی سے حضور مین طلب کیا چنانچہ برہان الملک سلہدی پوربیہ کو ہمراہ لیکر خدمت مین لایا اور فرمان امان حاصل کرکے قلعہ مین گیا اور لکھمن تمام راجپوتون کو مع اہل وعیال قلعہ سے پہاڑی پر لایا اور پلٹ کر شاہ کے عرض مین پہونچایا کہ قریب چار سو عورت متعلق سلہدی پوربیہ کے ہی اور رانی درگاوتی مان بھوپت کی یہ التماس کہتی ہی کہ سلہدی پوربیہ بہ اہل بنہ ہائے خاص مین ہوا اگر قلعہ مین آنکر اپنے عیال سے خود قلعہ کو خالی کرے تو غیرون کے طعنہ سے محفوظ ہوگا شاہ نے ملک علی شیر کو سلہدی پوربیہ کے ہمراہ کرکے قلعہ مین بھیجا جب سلہدی پوربیہ وہان گیا لکھمن اور تاج خان نے سلہدی سے پوچھا کہ غرض سلطان کی قلعہ رایسین کے لینے سے کیا تھی سلہدی نے کہا بالفعل قصبہ بروہ مع مضافات ہمارے واسطے مقرر ہوا عنقریب ہی کہ سلطان علیہمتی سے ہمین اور بھی علاقہ سے سرفراز کریگا رانی درگاوتی اور لکھمن اور تاج خان بولے کہ اگرچہ سلطان ہمارے احوال پر نظر الطاف مبذول فرماویگا لیکن ہمنے ایک مدت دراز سے اس زمین پر شاہی کی اور داد کامرانی کی دی فی الحال فلک شعبدہ باز نے بازی کرکے ہمین پھر ایکجا کیا ہی طریق مردانگی یہ ہی کہ اپنے عیال واطفال کو جوہر کرکے آگ مین جلا دو اور خود بھی تلوار کے منہ پر چڑھکر مارے جاؤ تو کوئی آرزو دل مین باقی نہ رہے غرضکہ سلہدی پوربیہ رانی درگاوتی کے سحر تقریر سے اپنے حال پر نہ رہا اور قدم جادۂ تمرد وعصیان مین رکھا ہر چند ملک علی شیر نے نصائح مشفقانہ کرکے سمجھایا مفید نہوا اور ملک علی شیر کے درجواب یہ کہا کہ ہر روز ایک کروڑ پان اور کئی سیر کافور میری حرم سرا مین صرف ہوتا ہی اور تین سو عورت ہر روز پوشاک نئی پہنتی ہین آیندہ دیکھیے یہ میسر ہو یا نہو اس سے بہتر یہ ہی کہ ہم مع اپنے فرزندون اور عورتون کے قتل ہو جائین تاکہ ہمارے ناموس مین بدنامی کا دھبا نہ لگے ساتھ عزت اور ناموس کے مرین واہ ری عزت وشرافت سلہدی پوربیہ نے طرح جوہر کی ڈالی رانی درگاوتی کہ بیٹی رانا سنگا کی تھی دو بچے خرد سال ہمراہ لے کر جوہر مین آئی اور مع سات سو عورت پری پیکر جل گئی اور سلہدی پوربیہ اور تاج خان اور لکھمن مع خویشان وبرادران کہ مجموع سو نفر ہوتے تھے ہتھیار لیکر برآمد ہوئے اور مسلمانون کی جمعیت قلیل سے کہ قلعہ پر گئے تھے جنگ مین مشغول ہوئے اور جب یہ خبر اُردو مین پہونچی سپاہ گجرات بسبیل استعجال قلعہ مین درآئی اور اس گروہ حق ناشناس اور ناعاقبت اندیش کو واصل جہنم کیا اور سلطان بہادر کے لشکر سے چند پیادہ مسلمان نے سعادت شہادت حاصل کی اور بھی اُنھین دلون

مین سلطان عالم حاکم کالپی صدمہ افواج جنت آشیانی محمد ہمایون شاہ سے سلطان بہادر کے پاس پناہ لایا تھا
قلعہ رایسین اور چندیری مع ولایت جاگیر پائی سلطان بہادر شاہ نے میران محمد شاہ فاروقی کو قلعہ کاکرون
کی تسخیر کے واسطے جو سلطان محمود خلجی کے زمانہ مین رانا کے تصرف مین آیا تھا نامزد کیا اور خود ہاتھی کے شکار مین
مشغول ہوا اور کوہ کاکورا کے متمردون کو گوشمال اور سزا دیکر الغ خان کے حوالہ کیا اور اسلام آباد اور ہوشنگ آباد
اور تمام بلاد مالوہ کو کہ زمینداروں کے تصرف مین آئے تھے اپنے تصرف مین لاکر امرائے گجرات اور اپنے متعلقین
کی جاگیر کی اور جو میران محمد شاہ فاروقی کاکرون کیطرف متوجہ ہوا تھا سلطان بہادر شاہ بھی بسرعت تمام کاکرون
مین جا پہونچا اور رام جی نامے کہ رانا کی طرف سے حاکم کاکرون تھا قلعہ خالی کرکے بھاگا اور شاہ بہادر چار دن اُس
قلعہ مین جشن اور صحبت مین مشغول رہا اور ہر ایک مقرب کو انعام واکرام سے ممتاز فرمایا اور رفیع الملک المخاطب
بہ عماد الملک اور اختیار خان کو کہ اُسکے امرائے کبار سے تھے قلعہ رسور کی تسخیر کو بھیجا اور خود شادی آباد مندو کی
طرف متوجہ ہوا اور حاکم رسور کہ وہ بھی گماشتہ رانا کا تھا قلعہ چھوڑ کر مفرور ہوا اور ایک مہینے کے عرصہ مین قلعہ
کاکرون اور قلعہ رسور سلطان بہادر کے تصرف مین آئے اور سلطان بہادر شادی آباد مندو سے فرنگیون
کے مدافعہ مین متوجہ ہوا اور جب بندر دیپ کے قریب پہونچا سب فرنگی بھاگ گئے اور توپین کلان اُن
کی کہ دیسی توپ دیار ہندوستان مین نہ تھی دستیاب ہوئین اور شاہ بہادر ان توپون کو بجبر ثقیل محمد آباد جنیا نیر مین
بھیجکر عازم تسخیر جیتور ہوا اور بندر دیپ سے کنپایت کی طرف آیا اور وہان سے احمد آباد مین آنکر مشائخ کرام اور آبائے
عظام کی زیارت کی اور لشکر جمع کرکے مع توپخانہ بندر دیپ گجرات سے جیتور کی طرف متوجہ ہوا اور اس وقت
یعنی سنہ ۹۴۰ نو سو چالیس ہجری مین محمد زمان میرزا جو قلعہ بیانہ مین قید تھا جنت آشیانی نصیر الدین محمد ہمایون بادشاہ
سے بھاگ کر سلطان بہادر کے پاس التجا لایا اور جنت آشیانی نصیر الدین محمد ہمایون بادشاہ نے ایلچی بہادر
شاہ کے پاس بھیجکر محمد زمان میرزا کو طلب کیا سلطان بہادر نے نہایت تکبر سے جواب تک نہ دیا
ہمایون بادشاہ نے پھر اُسے مکتوب لکھا کہ اگر محمد زمان میرزا کو حضور مین نہین بھیجتے تو اُسے اپنی ولایت سے
نکالدیون سلطان بہادر شاہ کہ اقبال اُس کا معکوس ہوکر لا بقا ہوا تھا پھر کتابت کے جواب مین مقید ہوا
اور وہ باتین کہ اندازہ سے زیادہ بلکہ باہر تھین زبان پر لایا اور یہی حرکت سبب اُس کے خرابی کی ہوئی یعنے
جنت آشیانی نصیر الدین محمد ہمایون شاہ کے برخلاف محمد زبان میرزا کی نہایت تعظیم وتکریم کی اور جب جیتور مین
پہونچا رانا قلعہ بند ہوا اور ایام محاصرہ نے تین ماہ کا طول کھینچا اور اکثر اوقات طرفین سے مرلوان مرد جنگ
ونبرد مین مستعد ہوکر حق شجاعت ادا کرتے تھے اور ظفر اور فیروزی گجراتیون کی شامل حال ہوتی تھی اخر الامر رانا
نے عاجز اور تنگ آنکر پیشکش قبول کی اور تاج وکمر مرصع کہ سلطان محمود خلجی حاکم مالوہ سے لیا تھا مع چند راس
اسپ وفیل اور تحف ونفائس شاہ گجرات کو دیکر واپس کیا اور یہ فتح اور رانا محمد زمان میرزا اور فراہم ہونا اولاد
بادشاہ بہلول لودھی کا اُسکی خدمت مین باعث غرور اور موجب اس امر کا ہوا کہ حضرت جنت آشیانی نصیر الدین
محمد ہمایون شاہ کے ساتھ سلسلہ جنگ کو تحریک دیجیے اور بادشاہی دہلی کی ہوا اپنے قبضہ تصرف مین لاوے پھر
ایک اولاد شاہ بہلول لودھی کو کہ سلطان علاء الدین نام رکھتا تھا اعزاز واکرام کیا اور اُسکے بیٹے تاتار خان کو امرائے

گرد انکر مملکت دہلی بغیر لیے ہوئے مردم ورگاہ پر قسمت کی اور اس ارادہ کے پورے ہونے کیواسطے تاتارخان کو جو شجاعت اور شہامت مین اپنے ہمچشمون سے ممتاز تھا تربیت کرکے تیس کروڑ مہر مظفری برہان الملک حاکم قلعہ آسیر کے سپرد کین تو باتفاق اور صوابدید تاتارخان کے لشکر کی فراہمی مین صرف کرے چنانچہ تھوڑے عرصہ مین چالیس ہزار سوار تاتارخان کے پاس جمع ہوئے اور جنت آشیانی نصیر الدین محمد ہمایون بادشاہ کے اطراف مملکت مین مزاحمت شروع کی اور قلعہ بیانہ پر کہ آگرہ کے اطراف مین ہی سنہ ۹۴۱ نوسو اکتالیس ہجری مین متصرف ہوا اور جنت آشیانی نصیر الدین محمد ہمایون بادشاہ نے اپنے بھائی ہندال مرزا کو اس کے دفع کے واسطے بھیجا اور وہ جب قریب حدود بیانہ پہونچا افغان جو نہایت لاف وگزاف سے تاتارخان کے پاس فراہم آئے تھے متفرق ہوئے دو ہزار سوار سے زیادہ اس کے پاس باقی نرہے تاتارخان نے نہایت خجالت اور شرمندگی سے کہ زر خطیر لشکر بیوفاے افغانان مین صرف کیا تھا سلطان بہادر کی خدمت مین حاضر ہوا اور مدد بھی طلب نہ کی ناچار ہوکر جنگ پر آمادہ ہوا اور جب طرفین مقابل ہوئے ہندال میرزا کے قلب لشکر پر حملہ آور ہوا اور مروی اور مردانگی کو کام فرماکر مع تین سو مرد قتل ہوا اور قلعہ بیانہ ہندال میرزا کے تصرف مین آیا جنت آشیانی نصیر الدین محمد ہمایون بادشاہ نے اس امر کو شگون نیک جانکر سلطان بہادر شاہ کے دفع کو مع لشکر فراوان توجہ فرمائی اور شاہ بہادر شاہ کہ پھر رانا پر لشکر کشی کرکے قلعہ کو گھیرا تھا تاتارخان کے مارے جانے اور جنت آشیانی کی چڑھائی سے مضطرب اور سراسیمہ ہوا اور قرعہ مشورہ کا درمیان مین ڈالا چنانچہ راے اکثر امرا کی اسپر قرار پائی کہ ترک محاصرہ کرکے شاہ کے مقابلہ کو جانا مناسب ہی اور حیدر خان جو امراے کبار سے تھا اس نے یہ عرض کی کہ ہمنے کفار کو محاصرہ کیا ہی اگر اس وقت بادشاہ مسلمان حمایت کفار کرکے ہم سے لڑیگا قیامت تک درمیان اہل اسلام کے مطعون اور بدنام ہوگا لائق دولت یہ ہی کہ محاصرہ کو ہاتھ سے نہ دیوین اور یہ بھی ظن غالب ہی کہ آنحضرت یعنے ہمایون شاہ ہمارے اوپر تاخت نہ لادینگے منقول ہی کہ جب ہمایون بادشاہ نے سارنگ پور مین نزول فرمایا اور خبر اس مشورہ کی آنحضرت کے گوش زد ہوئی آنحضرت نے از راہ مروت سلطان بہادر کی ولایت کو تعرض پہونچایا متعدد ہان توقف کیا کہ شاہ بہادر نے ساباط وغیرہ سے سنہ مذکور مین قلعہ چیتور کو جبرًا قہرًا فتح کیا اور راجپوت بہت تیغ آبدار سے قتل کیے اور اس طرف کی مہم سے مطمئن ہوکر ایکبارگی جنت آشیانی نصیر الدین محمد ہمایون بادشاہ سے جنگ کیواسطے متوجہ ہوا اور زر خطیر لشکر پر قسمت کرکے آگے بڑھا جنت آشیانی اس حرکت سے مکدر ہوکر ناچار اسکے استیصال پر عازم و جازم ہوا اور قلعہ مندو کے اطراف مین فریقین کا سامنا ہوا لیکن ابھی خیمہ برپا نہ کیا تھا کہ سید علیخان جو سلطان بہادر کا ہراول تھا لشکر گجرات سے بھاگ کر جنت آشیانی کے لشکر نصرت اثر مین ملحق ہوا اور گجراتی چال مشاہدہ کرکے شکستہ دل ہوئے پھر سلطان بہادر نے امرا اور افسرون کو اکٹھا کرکے جنگ کے بارہ مین مشورہ کیا حیدر خان نے جواب دیا کہ کل جنگ کرنی چاہیے کیواسطے کہ ابھی ہمارے سپاہیون نے چیتور کے فتح کرنے سے قوت اور استظہار پائی ہی اور ابھی انکی آنکھ سپاہ مغل کی شوکت وصولت سے نہین جھپکی ہی اور رومی خان کہ توپخانہ کا داروغہ اور صاحب اختیار تھا اس نے یہ التماس کی کہ توپ اور بندوق سرکار مین اس قدر افراط سے موجود ہین

کہ قیصر زدم کے سوا دوسرے کو اس قدر آلات حرب میسر نہون گے صلاح دولت یہ ہے کہ لشکر کے گرداگرد خندق کھود کر آلات حرب چارون طرف قرینے سے لگائے جاوین اور ہر روز بلا ناغہ آتش حرب مشتعل ہووے تاکہ جوانان شوخ لشکر مغل مقابل آکر توپ کی ضرب سے ہلاک ہوین شاہ بہادر نے یہ راے پسند کی اور لشکر کے گرداگرد خندق تیار کی اُن دنون مین سلطان عالم کالپی کہ شاہ بہادر نے رائسین اور چندیری اور وہ صوبہ اُس کی جاگیر مقرر کی تھی مع جمعیت تمام آملحق ہوا اور دو مہینے کامل دونون لشکر ایک دوسرے کے مقابل مقیم رہے اور اکثر اوقات جوانان عاشق جنگ اور طالبان نام ونگ برآمد ہوکر جنگ مردانہ اور حرب رستمانہ کرتے تھے اور سپاہ مغل اپنے فرمانده کے فرمانکے بموجب توپ وتفنگ کے مقابل اور زد پر نہ جاتے تھے تین چار ہزار سوار تیر انداز سلطان بہادر کے اُردو کے اطراف مین تاخت لیجاتے تھے اور حسن تدبیر سے راہ آمد وشد غلہ اور روغن کی مسدود کی جب چند روز اُس دیرہ سے منقضی ہوے لشکر گجرات مین قحط عظیم واقع ہوا اور چارہ بھی باقی نہ رہا جس سے جانورون کی زندگی ہوا اور فوج مغل کے تیر اندازون کے غلبہ سے کسی گجراتی کو یہ مجال نہ تھی کہ لشکر سے باہر جاکر غلہ اور چارہ لاتا اور سلطان بہادر نے جب دیکھا کہ اب یہان توقف کرنا موجب گرفتاری ہے ایک رات کو مع پانچ امراے معتبر کہ ان مین ایک والی برہان پور اور دوسرا ملوخان حاکم مالوہ تھا سراپردہ کے پیچھے سے برآمد ہوکر شادی آباد مندو کی طرف بھاگا اور جنت آشیانی نصیر الدین محمد ہمایون بادشاہ نے پاے قلعہ شادی آباد مندو تک تعاقب کرکے راہ مین بہت آدمی مفرد قتل کیے اور حیدر خان کہ مع لشکر بسیار سب کے پیچھے جاتا تھا بعد جنگ شدید زخمی ہوکر بھاگا اور سلطان بہادر شادی آباد مندو مین قلعہ بند ہوا اور بعد ایک مدت کے ہندو بیگ اور دیگر امراے مغل مع سات سو نفر قلعہ مین ور آئے اور سلطان بہادر شاہ کہ بستر خواب پر استراحت فرماتا تھا بدحواس ہوکر اُٹھا جب گجراتیون کو مضطرب اور مفرور دیکھا خود بھی راہ فرار لی پانچ چھ سوار سے محمد آباد جنیا نیر کی طرف گیا اور حیدر خان اور سلطان عالم حاکم رائسین نے قلعہ سنکر مین جاکر پناہ لی اور بعد دو دن کے امان خواہ ہوکر جنت آشیانی کی ملازمت سے شرفیاب ہوے حیدر خان کہ زخمی تھا وہ سلک ملازمون مین منتظم ہوا اور سلطان عالم حاکم رائسین سے جو حرکات ناملائم وقوع مین آئین تھین جنت آشیانی کے حکم سے اُسے پے کیا سلطان بہادر شاہ یہ اخبار سُنکر خزانہ اور جواہر جو قلعہ محمد آباد جنیا نیر مین تھا آدمیون کے ہاتھ بندر دیپ کی طرف بھیجا اور خود کنپایت کی طرف راہی ہوا اور جنت آشیانی شادی آباد مندو کو مرحوم امین کے سپرد کرکے قلعہ محمد آباد جنیا نیر کے سمت روانہ ہوا اور بلدہ محمد آباد کی تاراجی سے غنیمت بیحد وحساب سپاہ مغل کے ہاتھ آئی اور آنحضرت بھی وہان سے بمنہاج استعجال کنپایت کے سمت عازم ہوے اور سلطان بہادر کنپایت سے گھوڑے تازہ زور لے کر بندر دیپ گیا اور آنحضرت جب کنپایت مین پہونچے اور سلطان بہادر کو نہ دیکھا معاودت فرماکر محمد آباد جنیا نیر کو محاصرہ کیا اور ساتھ اُس تدبیر کے کہ آنحضرت کے وقایع مین تحریر ہے قلعہ اول پر متصرف ہوا اور اختیار خان گجراتی حاکم محمد آباد جنیا نیر بھاگ کر قلعہ ارک کی طرف کہ جس کو مولیا کہتے ہین پناہ لے گیا اور آخر کو امان چاہی اور شرف خدمت حاصل کی

چونکہ وہ فضائل و کمالات مین تمام امرائے گجرات سے امتیاز رکھتا تھا مذاے مجلس خاص مین اختصاص پایا اور خزائن سلاطین گجرات کہ عمرہاے دراز مین فراہم ہوئے تھے بادشاہی تصرف مین آئے اور زر لشکر پر تقسیم ہوا اور ابتداے سنہ ۹۴۳ نو سو تینتالیس ہجری مین باوجود اس کے کہ جنت آشیانی محمد آباد جنیا پر مین توقف رکھتا تھا عرضیان رعایاے گجرات کی متواتر سلطان بہادر کے پاس اس مضمون کی پہونچین کہ اگر آنجناب ایک اپنے ملازم کو تحصیل مال کیواسطے مقرر فرماوین مال واجبی خزانہ مین پہونچایا جاوے سلطان بہادر نے اپنے غلام عماد الملک کو جو حسن تدبیر اور مزید شجاعت مین اتصاف رکھتا تھا مع لشکر گران تحصیل مال ولایت کیواسطے بھیجا اور عماد الملک سپاہ جمع لانے مین مصروف ہوا بقولے مع پچاس ہزار آدمی احمد آباد کے باہر وارد ہوا اور وہان سے عاملون کو اطراف مین بھیجکر تحصیل شروع کی اور جب یہ خبر جنت آشیانی نصیر الدین محمد ہمایون بادشاہ کو پہونچی تردی بیگ خان کو کہ ایک امراے کبار اور معتمد علیہ سے تھا خزانونکی محافظت کیواسطے مقرر کرکے محمد آباد جنیا پر کیطرف بھیجا اور عسکری مرزا کو مع یادگار ناصر میرزا اور میرزا ہندو بیگ کے اپنے سے پیشتر روانہ کیا اور محمود آباد کی نواح مین کہ احمد آباد سے بارہ کوس ہے عسکری میرزا اور عماد الملک سے جنگ سخت واقع ہوئی اور عماد الملک نے شکست پائی اور گجراتی بہت قتل ہوے اسکے بعد جنت آشیانی نے ظاہر احمد آباد مین نزول فرمایا اور حکومت وہان کی عسکری میرزا کو اور پٹن گجرات یادگار ناصر میرزا کو اور بڑودج قاسم بیگ میرزا کو اور بڑودہ ہندو بیگ قوچین کو اور محمد آباد جنیا پر تردی بیگ خان کو سپرد کیا اور خود بہ دولت و اقبال نے عنان عزیمت برہان پور کی طرف منعطف فرمائی اور وہان باقتضاے وقت توقف کرکے شادی آباد مندو کی طرف متوجہ ہوا اس درمیان مین خان جہان شیرازی کہ ایک امراے سلطان بہادر شاہ سے تھا جمعیت بہم پہونچاکر قصبہ نوساری پر متصرف ہوا اور رندی خان بندر سورت سے خان جہان سے جاملا دونون باتفاق بڑودج کی طرف متوجہ ہوئے اور قاسم حسین میرزا کہ طاقت مقاومت کی نہ رکھتا تھا محمد آباد جنیا پر مین تردی بیگ خان کے پاس گیا اور کل گجرات مین خلل اور فتور واقع ہوا اور تھانے مغلون کے برخاست ہوے اسوقت مین مظفر بیگ کہ امراے عسکری میرزا سے تھا بھاگ کر سلطان بہادر کے پاس گیا اور شاہ کو احمد آباد آنے کی ترغیب کی جیساکہ اپنے محل پر مذکور ہوا جب تمام امرا تردی بیگ کے سوا احمد آباد مین جمع ہوئے اور سلطان بہادر گجرات کی طرف عازم ہوا عسکری میرزا نے تمام امراے مشورہ کرکے یہ مناسب دیکھا کہ سلطان بہادر سے مقابلہ نہایت دشوار اور اشکال ہے اور جنت آشیانی شادی آباد مندو مین توقف رکھتا ہے اور شیر خان پٹھان نے بھی آگ فساد کی بنگالہ مین روشن کی ہے صلاح یہ ہے کہ خزانہ محمد آباد جنیا پر کو دستیاب کرکے آگرہ کیطرف متوجہ ہوین اور اس حدود کو بھی اپنے تصرف مین لاکر خطبہ عسکری میرزا کے نام پڑھاوین اور منصب وزارت ہندو بیگ کے متعلق رہے اور میرزایان دیگر جس مقام کو چاہین اپنے متصرف ہوین اس اقرار اور امید پر صوبہ گجرات جو کسی محنت و مشقت سے لیا تھا صفت ہاتھ سے کھویا اور محمد آباد جنیا پر کیطرف روانہ ہوئے اور جب تردی بیگ خان نے میرزایان اور امرا کے ارادہ فاسد پر اطلاع پائی قلعہ کی استواری مین کوشش کی پھر ناچار ہوکر میرزایون نے آگرہ کیطرف کوچ کیا اور جنگل بے ناموسی کی چاپلش شروع کی سلطان بہادر نے جب گجرات کو

خالی دیکھا تردے بیگ خان کے دفع کے واسطے محمد آباد جنیانیر کی طرف عازم ہوا اور تردے بیگ خان جب قدر خزانہ کہ اُٹھا سکا اونٹون پر لاد کر آگرہ کی طرف راہی ہوا سلطان بہادر چند روز محمد آباد مین توقف کر کے مہمات کے بندوبست مین مشغول ہوا اور جنت آشیانی نصیر الدین محمد ہمایون بادشاہ کے غلبہ ایام مین ازروے عجز و ناچاری بندر کوہ اور بندر جیول اور ریگ دندہ کے فرنگیون سے مدد چاہی تھی اور یقین جانتا تھا کہ وہ جماعت آنکر گجرات پر کہ خالی ہے متصرف ہوگی اس واسطے بہ تعجیل تمام محمد آباد جنیانیر سے ولایت سورت اور جو ناگڑھ کی طرف متوجہ ہوا تا کہ جس طریق سے ممکن ہو اُس گروہ کو اس طرف آنے سے باز رکھے اور چند روز اس حدود مین بسیر و شکار مشغول رہا اس درمیان مین پانچ چھ ہزار فرنگی غرابون مین بیٹھکر بندر دیپ کیطرف آپہونچے سلطان بہادر بسبیل استعجال بندر مذکور مین آیا اور فرنگی سلطان بہادر کے استقبال اور غلبہ اور جنت آشیانی کی مراجعت کی خبر سنکر اپنے آنے سے نادم اور پشیمان ہوئے اور آپس مین قرار دیا کہ جس حیلہ سے بن پڑے بندر دیپ پر متصرف ہوویں پھر اُنکے سردار نے مصلحۃً تعارض کر کے خبر اپنی بیماری کی مشہور کی اور سلطان بہادر نے مکرر آدمی اُنکی طلب مین بھیجا لیکن جواب سُنا کہ بیمار ہون اور چلنے پھرنے کی قوت نہین رکھتا پھر سلطان بہادر اس خیال سے کہ فرنگی میرا لحاظ اور ملاحظہ رکھتے ہین خود مع جماعت قلیل اُن کی تسلی کیواسطے غراب پر سوار ہوا اور اس مقام مین کہ کشتیون کو لنگر کیا تھا گیا اُسے دیکھکر فرنگی ایک بڑی ناو پر سوا ہو کر آئے سلطان نے آثار غدر فراست سے دریافت کر کے چاہا کہ پلٹ جاوے جبکہ وہ فرنگیون کی کشتی سے اپنی کشتی مین سوار ہونے لگا فرنگیون نے چالاکی اور پھرتی سے اپنی کشتی ہٹائی اور وہ اپنی کشتی پر نہ پہونچا دریا مین گرا اور ایک غوطہ کھا کر سر ابھارا اُسوقت ایک فرنگی نے جہاز پر سے ایک نیزہ اُس کے سر پر مار کر مجروح کیا اس وقت سلطان بحر عدم مین ایسا غوطہ زن ہوا کہ دوبارہ سر نہ نکالا اور لشکر گجرات یہ حال مشاہدہ کر کے بلا توقف احمد آباد کی طرف متوجہ ہوا اور ماہ رمضان المبارک ۹۴۳ نو سو تیتالیس ہجری مین بندر دیپ فرنگیون کے تصرف مین آیا اور سلطان بہادر شاہ کی مدت سلطنت پندرہ سال اور تین دن تھی اور تاریخ بہادر شاہی اس کے نام نامی پر تحریر کی گئی لیکن جو توفیق اصلاح نپائی غلطی بہت اُس نسخہ مین نظر آتی ہے اعتماد اُسپر نکرنا چاہیے

ذکر سرفراز ہونا محمد شاہ فاروقی کا سلطنت گجرات پر

جب سلطان بہادر بحر فنا مین غرق ہوا مخدومۂ جہان والدہ اس کی مع امرا کہ ملازم رکاب تھے بندر دیپ سے احمد آباد کی طرف متوجہ ہوئی اس درمیان مین خبر پہونچی کہ محمد زمان میرزا جسے سلطان بہادر نے بایام فتور دہلی اور لاہور کی طرف بھیجا تھا کہ ہندوستان مین باعث خلل ہو کر مغلون کو پریشان اور شکستہ خاطر کرے حدود لاہور سے پلٹ کر احمد آباد مین پہونچا اور اُسی وقت خبر واقعۂ سلطان بہادر سُنکر گریہ و زاری مین مشغول ہوا اور بہت تاسف کر کے لباس تغیر کیا اور تعزیت کے واسطے چلا بعد چند روز کے محمد زمان میرزا جب اُردو مین پہونچا مخدومۂ جہان نے اُس کے علی قدر مراتب اسباب مہمانی کا بھیجا اور لباس ماتمی اس کا تبدیل کرایا لیکن میرزا سے سعادت مند نے عوض والدہ شاہ کے الطاف کا کہ اُس

کے حال پر مبذول فرمایا تھا یہ کیا کہ کوچ کیوقت مع اپنی ایک جماعت کے خزانہ گجرات پر تاخت لایا اور بقولے سات سو صندوق طلا اس مین سے نکال لیگیا اور اپنے تئین گوشۂ محفوظ مین پہونچاکر بارہ ہزار مغل اور ہندوستانی جمع کیے امرائے گجرات یہ فساد جدید مشاہدہ کرکے بیقرار اور سراسیمہ ہوئے اور شاہ مقرر کرنے کے واسطے آپس مین مشورہ کیا جو کہ سلطان بہادر شاہ نے بارہا اپنے بھانجے محمد شاہ فاروقی کو ولی عہدی کا اشارہ کیا تھا سب تجویز مخذومہ جہان اُس کی بادشاہی پر راضی ہوئے اور غائبانہ خطبہ اور سکہ اُس کا عمل مین لائے اور ایلچی اُس کے بلانے کو بھیجا اور عماد الملک کو مع لشکر کثیر گوشمالی محمد زمان میرزا کے واسطے تعین کیا اور محمد زمان میرزا کہ مرد عیاش اور فراغت طلب تھا کچھ جنگ کرکے دارو گیر سے بھاگ کر ولایت مندو مین آیا اور پھر اُس کی مہم نے صورت نہ باندھی اور میران محمد شاہ فاروقی کہ سلطان بہادر شاہ نے اُسے لشکر چغتائی یعنی مغل کے تعاقب مین مالوہ تک بھیجا تھا بعد ڈیڑھ مہینے خطبہ پڑھنے کے اُس حدود مین بقضائے الٰہی سے فوت ہوا

ذکر سلطان محمود بن لطیف خان بن شاہ مظفر کی سلطنت کا

جب میران محمد شاہ فاروقی خرابۂ دنیا سے معمور آباد عقبیٰ کی طرف خرامان ہوا اور کوئی وارث سلطنت کا سوائے محمود خان بن شاہزادہ لطیف خان بن سلطان مظفر کے نرہا اور وہ برہان پور مین سلطان بہادر شاہ کے حکم کے موافق کہ داعیۂ سلطنت گجرات رکھتا تھا میران محمد شاہ کے قید مین تھا اختیار خان کو اُس کے بلانیکو بھیجا میران مبارک شاہ برادر میران محمد شاہ نے اُسکے بھیجنے مین تامل اور مضایقہ کیا تب امرائے گجرات لشکر آراستہ کرکے برہان پور کے جانے پر آمادہ ہوئے اور اُس نے یہ خبر دریافت کرکے محمود خان کو تخت گجرات کی طرف بھیجا چنانچہ ارکان دولت نے ذیحجہ کی دسوین تاریخ ۹۴۴ھ نو سو چوالیس ہجری مین محمود خان کو تخت گجرات پر بٹھایا اور خطاب سلطان محمود شاہ رکھا اور اختیار خان صاحب اختیار ہوا اور مہام مملکت گجرات کی مہار اُسکے دست اقتدار مین آئی اور بعد چند ماہ ۹۴۵ھ نو سو پینتالیس ہجری مین امرا کے درمیان نزاع اور مصومت واقع ہوئی چنانچہ دریا خان اور عماد الملک نے اتفاق کرکے اختیار خان کو قتل کیا بعد اس کے عماد الملک امیر الامرا اور دریا خان غوری وزیر کل ہوا اور آخر سال مین ان کے درمیان بھی مخالفت ہوئی دریا خان غوری سلطان محمود کو شکار کے بہانہ شہر سے باہر لیجاکر محمد آباد جنبانیر کی طرف گیا اور عماد الملک لشکر کثیر فراہم کرکے محمد آباد کی طرف متوجہ ہوا اور بعد دو تین کوچ کے اکثر سپاہ گجرات جنھون نے اس سے زر کثیر حاصل کیا تھا جدا ہوکر شاہ کی خدمت مین حاضر ہوئی اور عماد الملک بدحواسی اور عالم اضطرار مین صلح پر راضی ہوا اور یہ قرار پایا کہ عماد الملک اپنی جاگیر سرم گانواد سورت کی طرف جاوے اور سلطان محمود احمد آباد کیطرف مراجعت کرے اور ۹۴۶ھ نو سو چھیالیس ہجری مین دریا خان غوری عماد الملک کے اخراج کیواسطے شاہ محمود کو اُبھارکر مع لشکر آراستہ ولایت سورت کی سمت متوجہ ہوا اور عماد الملک بعد محاربہ بھاگ کر میران مبارک شاہ حاکم آسیر اور برہان پور کے پاس پناہ لے گیا اور میران مبارک شاہ از روے حمیت اور غیرت اُس کی مدد کے

واسطے آمادہ ہوا اور لشکر گجرات سے لڑکر شکست پائی اور آسیر کی طرف بھاگا اور عماد الملک ملوخان
المخاطب بقادر شاہ حاکم مالوہ کے پاس گیا سلطان محمود شاہ خاندیس مین استقامت کرکے تاخت
وتاراج مین مشغول ہوا میران مبارک شاہ نے اکابر وقت کو درمیان ڈال کر از راہ صلح سلطان محمود
کی ملازمت کی عماد الملک کے بھاگ جانے سے دریا خان غوری کو پوری قوت حاصل ہوگئی اُس نے
تمام معاملات مالی وملکی مین پورا استقلال پیدا کرلیا کہ خود ہی سرانجام دیتا اور کسی کو دخل نہ تھا اور رفتہ رفتہ
یہ نوبت پہونچی کہ بادشاہ محمود اُس کے ہاتھ مین کھلونا رہ گئے وہی درحقیقت بادشاہی کرنے لگا آخر
ایک رات سلطان محمود اپنے کبوتر باز جرجیو کی سازش سے ارک احمد آباد سے نکلکر عالم خان لودی
کے پاس چلے گئے جس کی جاگیر دولقہ و زندقہ تھی۔ عالم خان نے بادشاہ کا پورا اعزاز واکرام کیا اور
اپنا لشکر چار ہزار جمع کیا اور دریا خان غوری نے محافظ خان وغیرہ رشتہ دارون کے اعوان سے
ایک طفل مجہول النسب کا نام مظفر شاہ رکھکر تخت پر بٹھایا اور تمام امرا کو زیادتی جاگیر وخطاب دیکر
اپنے ساتھ متفق کرلیا اور لشکر لے کر دولقہ کی طرف متوجہ ہوا عالم خان لودی نے سلطان محمود کو بڑے
لشکر کے ساتھ اپنے مقام پر چھوڑا اور خود اپنی فوج لے کر غوری کے مقابل ہوا اور حملہ اول مین دریا خان
غوری کی فوج کو شکست دے کر اُس کی خاص فوج پر ٹوٹ پڑا اور اچھی مردانگی وشجاعت سے کارزار
کیا لیکن جس وقت معرکہ سے نکلا تو فقط پانچ سوار اُس کے ساتھ تھے۔ اس حالت کو دیکھکر
پریشان وحیران ہوا آخر اس کے خیال مین یہ تدبیر آئی کہ حملہ اول مین دریا خان کی ہراول فوج شکست کھاکر
ضرور احمد آباد مین پہونچی اور شکست کی خبر سنائی ہوگی مجھے فی الفور احمد آباد پہونچ جانا چاہیے تقدیر
موافق تدبیر پڑی اور اُنھین پانچ سوارون سے نہایت تیزی کے ساتھ احمد آباد مین داخل ہوا اور فتح کا نقارہ
مارتا ہوا شاہی دولتخانہ مین داخل ہوگیا شہر والون کو شکست ہراول سے یقین کلی ہوا کہ دریا خان برباد
ہوا ہی لہذا فوج فوج خدمت مین آنے لگے اور عالم خان نے حکم دیا کہ دریا خان کا گھر لوٹ لو اور شہر کے
دروازے محکم بندکرو اور دریا خان کا گھر لوٹنے کے بعد لوگون نے خواہ مخواہ اس سے اتفاق کیا اور
عالم خان نے شیر خان کو بادشاہ محمود کو لانے کے واسطے روانہ کیا۔ دریا خان غوری نے اپنی فتح کے
خیال مین اسی میدان مین مقام کیا تھا کہ ناگاہ احمد آباد سے قاصدون نے پہونچکر اس حال سے اسکو مطلع
کیا وہ بدحواس ہوکر فوراً احمد آباد کی طرف دوڑا چونکہ امرا کے اہل وعیال سب شہر مین تھے ناچار
اکثر امرا نے اس کی رفاقت ترک کی اور عالم خان لودی کے پاس چلے آئے اور اسی موقع پر سلطان محمود بھی
شہر مین داخل ہوا۔ دریا خان غوری یہ حال سنکر واقعات دیکھکر برہان پور کی طرف بھاگا اور وہان بھی
نہ ٹھہر سکا بھاگ کر شیر شاہ سور کے پاس گیا اور وہان بہت مراعات پائی۔ دریا خان کے دفع ہونے
کے بعد عالم خان لودی نے وزارت ہاتھ مین لی اور آخر اس کو بھی غرور نے گھیرا اور دریا خان کے
قدم بقدم چلنے کا ارادہ کیا۔ سلطان محمود نے ہوشیار ہوکر امرا کو اپنے ساتھ متفق کیا اور چاہا کہ
عالم خان کو گرفتار کرے وہ بھی آگاہ ہوکر نکل گیا اور شیر شاہ کی خدمت مین پہونچکر بہت نوازش پائی۔

سلطان محمود کو جب امراء باغی سے نجات حاصل ہوئی تو مملکت کے نظم و نسق پر اور رعایا کی بہبودی و کثرت زراعت و آبادی پر توجہ مبذول فرما کر چند ہی روز مین گجرات کو سرسبز و شاداب کر دیا اور ارکان دولت و عمائد کے ساتھ نیک روش اختیار کر کے استقلال پیدا کیا اور احمد آباد سے بارہ کوس پر ایک شہر محمود آباد بنایا لیکن ہنوز پورا نہوا تھا کہ دار نا پائدار سے کوچ فرمایا اور عمارت نو ساختہ دوسرے کے ہوس مین چھوڑی مصرع دین عمارت بسر نبرد کسے ۔ قطعہ حضرت سعدیؒ خوب یاد آیا اسی بادشاہ کے عہد مین ۹۷۹ھ نو سو انچاس ہجری مین قلعہ سورت دریاے عمان کے کنارے نہایت مستحکم عجیب تعمیر ہوا جس کو ترکی غلام عضنفر آقا نے جس کا لقب خاوند خان تھا اپنی لیاقت سے پورا کیا اور اس کی تعمیر سے پہلے فرنگی لوگ سورت کے مسلمانون کو طرح طرح کی تکلیف پہونچاتے تھے جب عضنفر آقا نے اس کی تعمیر شروع کی تو چند مرتبہ کشتیون پر سوار ہو کر فرنگیون نے مزاحمت کے لیے سخت جنگ کی لیکن ہر دفعہ شکست کھائی آخر لاچار ہو کر نرمی و مدارات کر کے عضنفر خان کو بہت مال و دنیا قبول کرا کر قلعہ یہ بنا دے خداوند خان نے کہا کہ سلطان کی دولت سے مال کی کچھ پروا نہین آخر فرنگیون نے اگر تعمیل نہین کرتے تو یہی نذرانہ لو اور قلعہ کو پرتگالی شکل پر نہ بناؤ یعنے چوکندی پرتگالی شکل پر نہو ۔ خداوند خان نے کہا کہ مین نواب جمیل کی امید پر اسی شکل سے بناؤن گا ۔ یہ حصار بہت مضبوط ہے اور اس کے دو جانب جو خشکی سے متصل ہین ان مین بیس گز چوڑی خندق اتنی گہری کہ پانی سے مل گئی ہے اور خندق کی دیوار پتھرون کی چونے کی جوڑائی سے بنائی اور جا بجا دراڑون مین سیسہ پلایا اور ہر دو پتھر کو آہنی قلابون سے محکم کر دیا ہے اور دیوار کی چوڑائی پینتیس گز ہے اور بیس گز اونچی ہے اور اس کے اوپر منجنیق ایسے عمدہ طور پر بنائے ہین کہ دیکھنے والون کو حیرت ہوتی ہے اور جو ناگڈھ سے بہت سی بڑی و چھوٹی توپین جس کو سلیمانی کہتے تھے منگوا کر جا بجا موقع سے اسپر قائم کین اور ملا محمد استرآبادی تخلص برجنائی نے تعریف سلطان محمود و صفت خان اعظم عضنفر بیگ ترک کے ساتھ قطعہ تاریخ کہا جس کا تاریخی شعر یہ ہے

ع این ندا آمد بگوش از بہر تاریخش زغیب ۔ سد بود بر سینہ وجان فرنگی این بناے ۔ مترجم کہتا ہے کہ انقلاب زمانہ سے وہ قلعہ خود اہل فرنگ کے قبضہ مین آگیا اور ان کے لیے سامان فرحت بن گیا ۔ والملک للہ الواحد القہار سلطان محمود ۹۹۱ھ نو سو اکانوے تک با استقلال بے مخاصم و منازع بادشاہ رہا غایت یہ کہ آثار انقلاب مین سے کثرت شہوات و فساد نیات کا ظہور عوام الناس مین بڑھ گیا تھا چنانچہ آخر ایک خادم نے جو ظاہر مین اکثر اوقات طاعات و عبادات مین مصروف رہتا تھا ہوس دنیا مین پڑکر بادشاہ کا قاتل بن گیا اس کی توضیح یہ ہے کہ برہان نام خادم سلطان چونکہ اظہار پرہیزگاری کرتا تھا سلطان اکثر شکارون مین اس کو نماز کا امام بناتا تھا البتہ کسی زمانہ مین اس سے قصور خدمت ایسا سرزد ہوا تھا کہ بادشاہ نے غصہ ہو کر اس کو دیوار کے درمیان چن دیا مگر منہ باہر رہا دوسرے یا تیسرے روز سلطان ادھر سے گزرا اور اس نے ترحم کے واسطے آنکھ و ابرو کے اشارہ سے سلام کیا بادشاہ نے رحم کھا کر اس کو معاف کیا اور نکلوا کر اس کے معالجہ مین اہتمام فرمایا لیکن اس

سے غافل کہ روئے زخم خوردہ قابل اعتماد نہین ہوتا سلطان نے اس کو مقرب کر لیا۔ اتفاقاً شکارگاہ مین دوبارہ اس سے حرکت ایسی سرزد ہوئی کہ قابل سزا ہوا اور مثل مشہور ہی کہ بادشاہون کا تقرب اگر شیرین شہد ہی بے نیش زنبور نہین ہی بادشاہ وہان سے قریب شام کے واپس آیا اور غسل کر کے عادت سے زیادہ نشہ استعمال کر کے پلنگ پر سو رہا۔ بادشاہ دو سو بہادر جو شیر پر غالب آتے تھے اپنے پہرہ پر رکھتا تھا اور یہ برہان بیوفا ان کا افسر کیا گیا تھا اس نے ان جانورون کو امیر بنانے کے وعدے دے کر اپنے ساتھ متفق کر لیا اور موقع اپنے کینہ دیرینہ کا دیکھتا تھا اس رات کو دیکھا کہ بادشاہ بہت بے ہوش ہی اپنے بہن کے لڑکے خواجہ نام سے سلطان کو قتل کرنے کا مشورہ مستحکم کر لیا اور لوگون سے ظاہر کیا کہ بادشاہ کے سر کے بال جو بہت دراز تھے خشک کرنے جاتا ہون اور ہاتھ سے پکڑ کے کھینچے اور جب بہت بے خبر پایا تو پایہ سے مضبوط باندھے اور سلطانی تلوار غلاف سے نکالکر ذبح کرنے چلا اور سلطان نے بیدار ہو کر ہاتھ حائل کر دیے لیکن ہاتھ مع حلق کے کٹ گئے اور برہان بدبخت نے سوچا کہ دولت تو بیدولتی کر چکا اگر تدبیر سے امراء کو بھی قتل کرون تو مین ہی بادشاہ ہو جاونگا چنانچہ باہر نکلکر اول یہ حکم زبان بادشاہ سے سنایا کہ مطرب وگانے والے بلند آواز سے گاتے رہین دوسرا حکم پہونچایا کہ دس شیر کش خدمت کے لیے اندر حاضر ہون اور لے جاکر ان کو ہتھیارون سے مسلح کر کے جا بجا قائم کیا۔ پھر امراء اور وزراء طلب کیے۔ آدھی رات گزر چکی تھی کہ غضنفر بیگ یعنی خداوند خان بانی قلعہ سورت اور آصف خان وزیر حاضر ہوئے اُن کو اندر لے جاکر قتل کیا اسی طرح دوسرے دو آدمی امرائے کبار سے بلا کر مارے۔ جب اعتماد خان کو بلایا تو اس بوڑھے تجربہ کار نے کہا کہ ایسے وقت کبھی ہم لوگون کو بادشاہ نے نہین بلایا آج کیا بھید ہی۔ اتنے مین دوسرا آدمی بلانے آیا اعتماد خان زیادہ متوہم ہوا اور نہ گیا۔ برہان مردود نے عبدالصمد شیرازی مخاطب بافضل خان کو بلا کر کہا کہ یہ خلعت وزارت بادشاہ نے تمھارے لیے بھیجا ہی تم بوڑھے آدمی تجربہ کار ہو بادشاہ خداوند خان و آصف خان سے رنجیدہ ہوا تم کو ان کا قائم مقام کرتا ہی۔ افضل خان نے کہا کہ جب تک بادشاہ کی حضوری میسر نہو مین ایسے بھاری کام کی خلعت نہین پہن سکتا ہون برہان نے بہت مبالغہ کیا کہ مبادا شاہ ناخوش ہو جاوے۔ افضل خان نے ایک ہاتھ آستین مین ڈالا اور کہا کہ قسم ہی کہ دوسرا ہاتھ بغیر حضوری بادشاہ کے آستین مین نہ ڈالون گا۔ برہان وہان سے افضل خان کو ساتھ لایا اور بادشاہ کی لاش پر کھڑا کر کے کہا کہ مین نے بادشاہ و اکابر کا کام تمام کر دیا اور تجھے وزیر کرتا ہون کہ پورا اختیار تجھے حاصل ہے افضل خان نے دردناک ہو کر بلند آواز سے برہان کو گالی دی اس پلید نے اس بوڑھے کو شہید کر دیا اور اس وقت جواوباش و عوام حاضر تھے سب کو خطابات امارت دے کر تخت پر بیٹھا اور صبح تک زرنجشی مین مصروف رہا ع سلطنت گرہمہ یک لحظہ بود مغتنم است ۱۵ اور شاہی ہاتھی گھوڑے اوباش کو دے کر صبح کو تزک و احتشام سے تیار ہوا اور سلطان کے شہید ہونے کی خبر منتشر ہو گئی۔ چنگیز خان کا باپ عماد الملک اور رائع خان حبشی و دیگر امراء بے جمعیت بہم کر کے

اس بدبخت کے سر پر گئے اور وہ کافر نعمت اپنے سر پر چتر پھراتا ہوا اوباش کو ساتھ لیے ہوئے مقابل ہوا اور دلیران جنگجو نے حملہ اول مین اس کو خاک خواری پر گرایا اور سرفراز خان نے اس بید دولت کو ذبح کر ڈالا پھر اُس کی ٹانگ مین رسی باندھکر ہر گلی کوچہ مین گھسیٹتے پھرے سلطان محمود کی مدت سلطنت اٹھارہ سال سے کچھ اوپر تھی اتفاق سے سلیم شاہ بن شیر شاہ بادشاہ دہلی اور نظام الملک بحری حاکم احمد نگر بھی اسی سنہ ۹۶۱ نو سو اکسٹھ ہجری مین منتقل بآخرت ہوئے چنانچہ میرے والد مولانا غلام علی ہندو شاہ نے اُن کی وفات کی تاریخ مین چند اشعار کہے ہین ؎

سہ خسرو راز وال آمد بیکبار	کہ ہند از عدل شان دارالامان بود	یکی محمود شہ سلطان گجرات
کہ ہمچون دولت خود نوجوان بود	دگر اسلام خان سلطان دہلی	کہ اندر عہد خود صاحبقران بود
سوم آمد نظام الملک بحری	کہ در ملک دکن خسرو نشان بود	ز تاریخ وفات این سہ خسرو
	چو مے پرسی زوال خسروان بود	

سلطان محمود شاہ نیک نہاد اور پسندیدہ اطوار تھا اور اکثر اوقات علما اور فضلا کی صحبت مین بسر کرتا تھا اور روزہاے بزرگ یعنی روز مولود اور روز وفات حضرت سید کائنات مفخر موجودات صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم مین اور روز وفات اپنے جدوآبا اور دیگر روزہاے متبرک مین فقرا اور مساکین اور مستحقین کو کھانا کھلاتا تھا اور خود اپنے دست حق پرست مین آفتابہ لے کر آدمیون کے ہاتھ دھولاتا تھا اور پارچہ ہاے صاف وغیرہ کہ اُس کی پوشاک کے واسطے مقرر تھے اُس مین سے اول دستار اور جامہ فقیرون کا تیار ہوتا تھا اس کے بعد اس کی پوشاک تیار کرتے تھے اور آب کہارندی کے کنارہ ایک آہوخانہ تیار کیا کہ سات کوس کے رقبہ مین دیوار سراسر کھینچی ہوئی ہے اور اُس آہوخانہ مین چند عمارات دلکشا اور باغچہ ہاے روح افزا تیار کرکے باغبانی اُس کی عورتون صاحب جمال کی طرف رجوع فرمائی اور قسم قسم کے جانور اُس مین چھوڑے اور اُنھون نے توالد وتناسل سے کثرت تمام پیدا کی اور چوشاہ عورتون کی صحبت کا حریص تھا ہر وقت اپنی حرمون کو لے کر اُس مین شکار اور چوگان بازی کرتا تھا اور جو اشجار کہ اُس چار دیواری مین تھے اُن پر مخمل سبز و سُرخ لپیٹا تھا منقول ہے کہ اس سے کوئی فرزند نرینہ اور اُس کی حرمون مین جب کوئی حاملہ ہوتی تھی فوراً اس کی اسقاط کا حکم فرماتا تھا اور عتماد خان کہ غلام ہندی سے تھا سلطان اُس پر اعتماد کلی رکھکر اپنی حرم مین محرم کرکے عورتون کا سنگدار اُس سے رجوع فرماتا تھا اور اُس نے بوجہ احتیاط اور ملاحظہ کے کافور رکھا کہ رجولیت یعنی مردی کو اپنے سے ساقط کیا اور جو گجرات مین عورتین مزارون اور آدمیون کے مکانون پر بہر بہانہ سے جاتی تھین اور فسق وفجور کی رسم ورواج اس قدر مروج ہوئی تھی کہ وہ بری نہ معلوم ہوتی تھی سلطان محمود اول منع کرکے پھر امتحانے کے واسطے ایک جماعت مردم مجہول کو اُن کی طلب کو بھیجتا تھا جب وہ آتی تھین اُنھین بسیاست وعقوبت تمام ہلاک کرتا تھا اس سبب سے بخوبی سدباب ہوا

ف سرصیا

ذکر سلطان احمد شاہ گجراتی کی سلطنت کا

جب سلطان محمود شہید ہوا اور لاولد تھا اعتماد خان نے آتش فتنہ و فساد کی تسکین کیواسطے رضی الملک نام ایک خرد سال کو جو سلطان احمد شاہ ثانی کی اولاد سے تھا باتفاق میران سید مبارک بخاری اور دوسرے امرا کے تخت شاہی پر تمکن کر کے سلطان احمد شاہ خطاب دیا اور اعتماد خان نے مہات مملکت ساتھ اپنے رجوع کر کے اسم شاہی کے سوا کوئی شے اُس کے اختیار مین نہ چھوڑی اور جب پانچ برس اسی طور پر گذرے شاہ احمد شاہ بیتاب ہو کر احمد آباد سے سید مبارک بخاری کے پاس جو امرائے کبار سے تھا گیا مدین تقرب موسیٰ خان فولادی اور سادات خان اور عالم خان لودھی اور اعظم خان مالوہی اور بھی اُدمی اُس کے پاس جمع ہوئے اور اعتماد خان باتفاق عماد الملک پدر چنگیز خان اور الغ خان اور جہاز خان حبشی اور اختیار الملک اور امرائے گجرات کے مع توپخانہ سید مبارک خان کے سر پر گیا اور وہ اگرچہ اعتماد خان کی نسبت جمعیت کم رکھتا تھا لیکن معرکہ قتال کو آراستہ کیا اور اس درمیان مین ایک گولہ توپ کا سید مبارک کے لگا کر اُس کے صدمہ سے ہلاک ہوا اور سلطان احمد شکست کھا کر بھاگا چند روز صحرا اور جنگل مین سرگردان رہا اس صورت مین عماد الملک اور تاتار خان غوری اعتماد خان کے مکان پر آئے اور توپین لگا کر فیرکین اعتماد خان تاب مقاومت نہ لا کر پال کی طرف جو محمد آباد جنبانیر کے نواح مین ہو گیا اور جمعیت کر کے قریب تھا کہ پھر آتش جنگ شعلہ زن ہو لوگون نے درمیان مین آکر صلح کروائی اور امرو کالت بدستور سابق اعتماد خان کے سپرد کیا اور ولایت بہروج اور محمد آباد جنبانیر اور نادود اور بھی پرگنات جو آب نربدہ کے درمیان تھے عماد الملک کی جاگیر قرار دی اور موازی ایک ہزار اور پانسو سوار کی جاگیر خاص سلطان احمد کے واسطے مقرر کی سلطان احمد کبھی کبھی بے عقلی اور نادانی سے اپنے ہمدمون سے اعتماد خان کے قتل کے بارہ مین مشورہ کرتا تھا اور بمقتضائے خردسالی تلوار سے درخت کیلہ کو دو ٹکڑے کرتا تھا اور کہتا تھا کہ مین اعتماد خان کو بھی اسی طریق سے دو پرکالہ کرون گا جب اعتماد خان اس حقیقت حال سے آگاہ ہوا پیش دستی کر کے ایک رات کو اُسے قتل کیا اور لاش اُس کی دیوار قلعہ سے وجیہ الملک کے مکان مین پھکوا کر مشہور کیا کہ سلطان احمد لونڈی کے واسطے وجیہ الملک کے مکان مین در آیا تھا نادانستہ مارا گیا مدت اس کی حکومت کی آٹھ برس تھی ٭

ذکر سلطان مظفر بن محمود شاہ گجراتی کی شاہی کا

آخر ۹۵۹ نو سو انسٹھ ہجری مین اعتماد خان نے ایک لڑکا امرائے گجرات کی مجلس مین لا کر قسم کھائی کہ یہ بیٹا سلطان محمود شاہ کا ہے جس وقت حاملہ ہوئی شاہ نے اسقاط حمل کو میرے سپرد کیا جو حمل سے پانچ مہینے گذرے تھے مین نے اس امر پر قیام نہ کیا پس امرا نے جو امد چارہ نہ جانتے تھے

۵ نورنگ دشمن جو بدکاری مین بیباک ہے ۱۲۰۲

تمام مملکت اپنے درمیان قسمت کرکے کمال مضبوطی سہم پہونچائی اور ولایت ٹپن پرگنہ گدنی تک موسیٰ خان اور شیر خان فولادی کے قبض و تصرف مین آئی اور راوھن پورا اور تردارہ اور مورچپورا اور دیگر پرگنات پر فتح خان بلوچ متصرف ہوا اور جو پرگنے کہ آب صابرمتی اور مہندری کے درمیان واقع تھے اعتماد خان اُن پر متصرف ہوا اور بندر سورت اور نادوت اور محمد آباد جنیا نیز چنگیز خان بن عماد الملک غلام ترک کے پاس رہا اور رستم خان کہ بھانجا چنگیز خان کا تھا بہروچ پر متصرف ہوا اور دہلقہ اور دندوقہ سید میران ولد سید مبارک بخاری کی جاگیر مین مقرر ہوا اور قلعہ جوناگڑھ اور سورت کو امین خان غوری اپنے قبضہ مین لایا اتفاق امرائے گجرات سے کنارہ کش ہوا اعتماد خان سلطان مظفر کو اپنا قیدی جانتا تھا اسے دربار کے روز خلق کے دکھانے کو تخت پر بٹھا کر خود اُس کے پیچھے بیٹھتا تھا اور امرا سلام اور مجرے کو حاضر ہوتے تھے اور جب چند روز اس دیرہ پر گذرے چنگیز خان اور شیر خان فولادی سلطنت کی تہنیت اور مبارکباد کے واسطے احمد آباد مین آئے اور بعد ایک سال کے فتح خان سے بسبب قرب و جوار جاگیر کے فولادیون سے عداوت اور مخالفت بہم پہونچی جنگ اُن کے درمیان واقع ہوئی اور فتح خان شکست پاکر اعتماد خان کے پاس گیا اور اعتماد خان اس حرکت سے طیش مین آیا اور لشکر فراہم کرکے بشوکت تمام ترفولادیون کی سر پر گیا اور فولادی قلعہ ٹپن مین قلعہ بند ہوئے اور اپنی حرکت سے نادم اور پشیمان ہوکر بعجز پیش آئے اعتماد خان نے عذر اُن کا قبول نہ کیا اور محاصرہ مین کوشش کی جب کام افغانان فولادی پر تنگ ہوا جوانان خُرد سال اس جماعت کے جمع ہوکر موسےٰ خان اور شیر خان سے کہنے لگے کہ جس وقت یہ ہمارا عجز و انکسار قبول نہین کرتے تو سوائے لڑ مرنے کے اور چارہ نہین ہے پھر قریب پانسو آدمی ایکبارگی قلعہ سے برآمد ہوئے اور موسےٰ خان اور شیر خان فولادی بھی اپنے ہمراہیون کو لیکر کہ وہ تین ہزار تھے ناچار باہر آئے اور اعتماد خان مع لشکر گجرات کہ تیس ہزار سے زیادہ تھا میدان مین آکر صف آرا ہوا فولادیون نے اعتماد خان کی فوج خاص پر تاخت کرکے منہزم کیا حاجی خان یعنی سلیم شاہ بن شیر شاہ کا غلام کہ عمدہ فوج اعتماد خان سے تھا بھاگ کر فولادیون کے پاس گیا فولادیون نے اعتماد خان کو پیغام کیا کہ حاجی خان ہمارے پاس آیا اُس کی جاگیر اس کو واگذاشت کرو اعتماد خان نے اُن کی التماس پذیرانہ کی اور یہ جواب دیا کہ ہمارا نوکر تھا جب بھاگ گیا اُس کی جاگیر کیون دینی چاہیے موسیٰ خان اور شیر خان جمعیت کرکے حاجی خان کی جاگیر پر جاکر قصبہ چوتھانہ مین مقیم ہوئے اعتماد خان افواج کثیر فراہم کرکے اُن کے مقابلہ کو گیا اور چار ماہ مقابلہ مین پڑے رہے آخر جنگ کی نوبت آئی اعتماد خان اس مرتبہ بھی شکست کھاکر بہروچ مین چنگیز خان کے پاس گیا اور اُسے مدد اور کمک کے واسطے لایا لیکن صلاح جنگ مین ندیکھی صلح کی اور حاجی خان کی جاگیر واگذاشت کرکے احمد آباد گیا اور چنگیز خان نے بھی دم استقلال سے مارکر اعتماد خان کو پیغام دیا کہ ہم اس درگاہ کے خانہ زاد ہین اور تمام امور حرم پر اطلاع رکھتے ہین شاہ محمود شاہ ثالث فرزند نہین رکھتا تھا اب جو اس لڑکے

کو شاہ محمود کا بیٹا مشہور کیا ہی یہ کیا بات ہی اور تو اُس کے دربار مین بیٹھتا ہی اور تیرے ہی لوگ اُس کی نگہبانی کرتے ہین اور جب تو دربار مین نہین آتا کوئی شخص اُس کے سلام کو نہین جاتا ہی اور اگر فی الواقع وہ فرزند سلطان محمود شاہ ہی پس تو بھی مثل تمام امرا اور خاصہ خیل کے اُس کی خدمت مین حاضر رہ اور جس وقت اور امرا دربار مین بیٹھین تو بھی بیٹھ اعتماد خان نے جواب دیا کہ مین نے بروز جلوس بزرگون کے سامنے قسم کھائی ہی کہ یہ بیٹا محمود شاہ کا ہی اور بزرگون نے میرے قول کا اعتماد کرکے تاج شاہی اُس کے سر پر رکھکر بیعت کی ہی اور یہ جو تو کہتا ہی کہ اُس کی مجلس مین تو کیون بیٹھتا ہی سبب اُس کا یہ ہی کہ میری قدر و منزلت سلطان جنت آشیان کے نزدیک سب سے زیادہ ترقی اور تو اُس زمانہ مین طفل صغیر تھا تیرا باپ عماد الملک شاہی اگر زندہ ہوتا وہ اس بات کی تصدیق کرتا اور یہ جوان کہ جسے تخت سلطنت پر جلوس کرکے زیب و زینت بخشی ہی میرا اور تیرا ولی نعمت ہوتا ہی تیری خیریت اسی مین ہی کہ سر اُس کی خدمت گذاری سے نہ پھیرے اور جس طور کہ تیرا باپ خدمت اُس کے والد ماجد کی کرتا تھا تو بھی اُس کی خدمت اپنے ذمہ ہمت پر واجب و لازم جانکر ہمہ تن مصروف رہے تو کچل مراد کا درخت امید سے حاصل کرے الغرض شیر خان فولادی نے اس سوال و جواب سے اطلاع پائی اور چنگیز خان کو ایک خط لکھا خلاصہ مضمون اُس کا یہ تھا کہ تم چند روز پائون دامن صبر مین کھینچکر وزیر کے ساتھ طریق مدارا ہاتھ سے نہ دو اور بے تقریب مسند عالی کے ساتھ اظہار مخالفت نہ کرو لیکن جو چنگیز خان طمع کا دانت قصبۂ برودھ پر لگائے ہوئے تھا اس نے یہ امر قبول نہ کیا اور اعتماد خان کو یہ پیام بھیجا کہ آدمی بہت میرے پاس فراہم ہوئے ہین اور یہ ولایت محقر جو میرے تصرف مین ہی ساتھ اس جماعت کے کفایت نہین کرتی ہی چونکہ حل و عقد مہام مملکت اُس مسند عالی کی رائے خیر آثار کے مفوض ہی لہذا اس بارہ مین فکر فرماوین اعتماد خان نے چاہا کہ ہم اس کو حکام برہان پور کے ساتھ منازعت مین ڈالین تاکہ برہان پوریون کے خوف سے اس طرف کا ارادہ نہ کرے اس واسطے اس نوشتہ کے درجواب لکھ بھیجا کہ قصبہ مذکور ہمیشہ امرائے گجرات کے تصرف مین رہا اور جن دنون مین کہ سلطان محمود قلعہ آسیر مین باتفاق میران مبارک شاہ رہتا تھا میران مبارک شاہ سے وعدہ کیا تھا کہ اگر حق سبحانہ تعالے باگ فرماندہی ممالک گجرات کی میرے دست اقتدار مین سپرد فرماوے گا تو قصبۂ مذکور تجھے انعام فرماؤن گا غرضکہ اس کے بعد جب سلطان شہید نے تخت جہانبانی پر جلوس فرمایا ایفاے وعدہ کے واسطے کہ بزرگون پر فرض عین ہی قصبۂ مذکور میران مبارک شاہ کو دیا اب سلطان کہ درجہ شہادت مین پہونچا اور میران مبارک شاہ نے بھی رحلت کی صلاح یہ ہی کہ تم مع اپنی جمعیت کے جاکر قصبۂ مذکور پر جلد تر متصرف ہوکر زائد وظیفہ سمجھو اور آیندہ تمھارے بارہ مین فکر معقول کی جاوے گی چنگیز خان فریب کھاکر فوج کی فراہمی مین مشغول ہوا اور سنہ ۹۴۷ نو سو چوہتر ہجری مین بکوچ متواتر اُس طرف روانہ ہوا اور قصبہ مذکور پر متصرف ہوکر

قدم حرص کا آگے بڑھایا یہان تک کہ تھانیسر کے حدود مین گیا اتفاقات سے اُن دنون یہ خبر پہونچی کہ میران محمد شاہ فاروقی ولد میران مبارک شاہ مع تفال خان حاکم برار کی جنگ کو آتا ہی اور چنگیز خان نے اپنا لشکر اُس مقام مین کہ نشیب و فراز اور ناہمواری بہت رکھتا تھا اُتارا اور جس طرف کہ زمین ہموار تھی اُس طرف آرابون مین زنجیر کھینچی اور محمد شاہ اور تفال خان اُس کے مقابل صف آرا ہوکر غروب آفتاب تک ایستادہ رہے چنگیز خان اپنے دائرہ سے باہر نہ آیا اور اُس غرور اور سخوت کی شامت سے جو سر مین رکھتا تھا اس طرح کا خوف و ہراس اُس پر غالب ہوا کہ رات کو مع تمامی لشکر بھاگ کر بہروج کی طرف گیا اور محمد شاہ فاروقی نے غنیمت بہت دستیاب کرکے تدربار تک پیچھا کیا اور پرگنہ پر متصرف ہوا اور اس عرصہ مین سلطان محمد میرزا کے بیٹے کہ چھ نفر تھے اور اسامی اُن کے یہ ہین محمد حسین میرزا مسعود ابن میرزا حسین مرزا مسعود حسین میرزا شاہ میرزا سب کے سب جلال الدین محمد اکبر بادشاہ کے خوف سے سنبل سے بھاگ کر مالوہ کی طرف گئے اور جب لشکر جلال الدین محمد اکبر بادشاہ کا ۹۷۵ھ نوسو پچھتر ہجری مین مالوہ کی طرف متوجہ ہوا یہ ناچار اور لاعلاج ہوکر چنگیز خان سے ملحق ہوئے چنگیز خان نے اپنی تقویت کے واسطے انھین غائبانہ امرائے سلطان مظفر کی سلک مین منتظم کیا اور چند پرگنے اپنی ولایت سے اُنھین دیے اور اُسی سال باتفاق میرزایان مذکور اعتماد خان کے سر پر لشکر کھینچا پہلے بلا جنگ قصبۂ برودھ پر متصرف ہوا جب محمود آباد مین پہونچا اعتماد خان کو پیغام بھیجا کہ عالم اور عالمیان پر ظاہر اور باہر ہوا ہی کہ باعث اصلی اور سبب حقیقی شکست تھانیسر کا تیرے نفاق سے ہی کس واسطے کہ اگر ہماری کمک کے واسطے تو خود آتا یا ایک جماعت کو بھیجتا اصلا غبار فرار دامن عار پر نہ بیٹھتا اور اب فقیر تہنیت اور مبارکباد شاہی کہنے کو احمد آباد کی طرف متوجہ ہوا ہی اور یقین ہی کہ اگر تم شہر مین رہوگے ایک مخالفت اور نزاع ظاہر آوے گی بہتر یہ ہی کہ مثل اور امرا اپنی جاگیر پر جاکر سکونت اختیار کرو اور دست تصرف سلطان کو قوت دو تو مملکت موروثی مین جس طور سے چاہے دست تصرف دراز کرے اعتماد خان نے پیغام پہونچنے سے پیشتر سامان فراہم لشکر کیا تھا جب یہ پیغام پہونچا شاہ مظفر کے سر پر چتر بلند کرکے باتفاق سادات خان بخاری اور اختیار الملک اور ملک اشرف اور رائع خان اور رہباز خان حبشی اور سیف الملک شہر سے برآمد ہوا اور موضع کادری مین جو محمود آباد سے چھ کوس ہی طرفین کا سامنا ہوا اور صفوف جنگ آراستہ ہوئین جب نظر اعتماد خان کی فوج چنگیز خان پر پڑی اور سابق مین بھی میرزاؤن کی شجاعت اور مردانگی سُنی تھی اس واسطے ہر ایک دلیر معرکہ ہنر کو قابض ارواح تصور کرکے بلا جنگ دونگر پور کی طرف مفرور ہوا اور امرائے دیگر اعتماد خان پر آفرین کرکے ہر ایک نے ہر ایک طرف راہ فرار نا پی سادات خان بخاری دولقہ کی سمت اور اختیار الملک معمور آباد کی طرف گئے رائع خان اور رہباز خان مع سپاہ سلطان مظفر کو ہمراہ لے کر احمد آباد

کی طرف راہی ہوئے اور چنگیز خان نے فتح غیبی کے مشاہدہ سے نہایت مسرور اور محظوظ ہو کر
مہوہ مین نزول کیا اور دوسرے دن فخر کوانغ خان اور جہاز خان اور حبشیان شاہ مظفر کو لیکر کالپور
کے دروازے سے برآمد ہو کر بیرپور اور معمور آباد کی سمت روانہ ہوئے اور مظفر شاہ کے
برآمد ہونے کے وقت چنگیز خان احمد آباد مین در آیا اور اعتماد خان کے مکان مین قیام کیا اور
شیر خان فولادی نے جب قصبۂ کری کے اطراف مین یہ خبر سنی چنگیز خان کو یہ پیغام بھیجا کہ یہ تمام
ولایت اعتماد خان کو سلطان کے مصارف ضروری کے واسطے چھوڑی گئی تھی اب جو تم تنہا اس پر
متصرف ہوئے ہو آئین مروت اور رسم فتوت سے بعید ہے اس کے بعد خود بھی مع جمعیت بسیار
کوچ کر کے احمد آباد کی طرف متوجہ ہوا چنگیز خان نے دیکھا کہ اس وقت مین لڑنا لائق نہین ہے
اقرار کیا کہ جو ریاست و ریاے صابرمتی کی اس طرف ہے تمھارے تعلق رہے اس سبب سے بعضے
پوروی احمد آباد کے مثل عثمان پور اور خان پور کے بھی شیر خان کے متعلق ہوئے اور چنگیز خان
میرزایان موصوف سے نیک خدمتی اور حسن سلوک کے سبب باعزاز و تکریم پیش آیا اور میران محمد شاہ
ولد میران مبارک شاہ جو فتح اول مین دلیر ہوا تھا مملکت گجرات شاہ سے خالی پا کر امرا کی منازعت
اور مخالفت کو نعمت عظمیٰ تصور کر کے اس مملکت کی تسخیر کے واسطے مع لشکر روانہ ہوا اور احمد آباد
تک باگ اشہب عزیمت کی نہ روکی اور چنگیز خان میرزایان کے باتفاق عازم جنگ ہو کر شہر
سے برآمد ہوا اور بعد جنگ میران محمد شاہ نے شکست پائی پریشان اور بے سامان ہو کر آسیر
کی طرف گیا اور جو فتح میرزایان کے حسن تردد سے واقع ہوئی تھی چنگیز خان نے اُن کی دلجوئی
کر کے چند پرگنہ معمور اور آباد سرکار رہبروج سے اُن کی جاگیر مقرر کی اور اُنھین واسطے اس کے
کہ سامان اور استعداد بہم پہونچا وین جاگیر کی طرف رخصت دی اور میرزایان موصوف جب اپنی
جاگیر مین گئے مردم اوباش اور واقعہ طلب اُن کے پاس فراہم ہوئے اور شرف الدین حسین میرزا
کہ خواجہ عبید اللہ احرار کی اولاد سے تھا اور داماد جنت آشیانی نصیر الدین محمد ہمایون بادشاہ کا ہوتا
تھا جلال الدین محمد اکبر بادشاہ سے روگردان ہو کر میرزایان سے جا ملا اس واسطے جاگیر نے ان
کے خرچ پروفا نہ کی بعضے محالون پر چنگیز خان کی بلا اجازت متصرف ہوئے اور جب یہ خبر چنگیز خان
کو پہونچی تین ہزار حبشی اور پانچ ہزار گجراتی اُن کے سر پر تعینات فرمائے اور میرزایان نے چنگیز خان
کی فوج کو شکست دے کر کچھ آدمیون کو تہ تیغ کر کے تعاقب کیا اور ایک جماعت حبشی اور گجراتی کو
جو دستیاب ہوئی تھی انہین جو خرد سال اور بے ریش تھے خدمت حضور کے واسطے نگاہ رکھے اور جو کہ
جوان ریش دار تھے تیر اُن کی ناک مین کر کے اور مشکین باندھکر ایک حلقہ لکڑی کا ان کے گردن
مین ڈالکر نہایت اہانت سے چھوڑ دیا اور جب ایسا کیا سمجھے کہ چنگیز خان خود ہمارے مقابلہ کو آویگا
علاج واقعہ پیش از وقوع عمل مین لائے یعنے چنگیز خان ابھی اپنے مقام سے نہ ہلا تھا کہ یہ ولایت
برہان پور کی طرف متوجہ ہوئے اور وہان بھی دست انداز ہو کر ولایت مالوہ کی طرف گئے اور باقی

احوال اُن کا محمد اکبر بادشاہ کے ضمن مین مذکور ہی القصہ جب انغ خان اور جہاز خان باتفاق شاہ مظفر ولایت کانتہ کی طرف کہ عبارت کچھار اور بیڑ آب مہندری سے ہی پہونچے بہت دن انتظار کھینچتے رہے کہ شاید اعتماد خان خود آوے یا اپنے بیٹے شیر خان کو بھیجکر مظفر شاہ کو لے جاوے جب اس سے صدا ظاہر نہوئی سلطان مظفر کو ہمراہ اپنے دونگر پور کی طرف لے جاکر اعتماد خان کے سپرد کیا اور بعد چند روز کے اعتماد خان سے اپنے سپاہیون کے واسطے خرچ طلب کیا اعتماد خان نے جواب دیا کہ میری جاگیر کا حاصل سب پر ظاہر ہی کہ جس قدر ہی اور ہر سال کیا صرف ہوتا ہی اور پھر شہر نہین ہی کہ کسی شخص سے قرض لیکر دیا جاوے اِس سبب سے انغ خان حبشی اور امرا اعتماد خان سے آزردہ ہوئے چنگیز خان نے اِس امر پر اطلاع پائی خطوط استمالت ہر ایک کو بھیجکر اپنے حضور طلب کیا انغ خان اور جہاز خان اور سیف الملک اور بھی حبشی اعتماد خان کی بلا اجازت معمور آباد کی طرف متوجہ ہوئے اور وہان سے اختیار الملک گجراتی سے ملاقات کرکے باتفاق یک دیگر احمد آباد کی سمت عازم ہوئے جب حوض کاکریہ پر جو شہر کے قریب ہی پہونچے اور لباس تبدیل کرنے کے واسطے سلطان محمود کے باغ مین فروکش ہوئے اس درمیان مین چنگیز خان اُن کے استقبال کو روانہ ہوا اختیار الملک اور انغ خان اور حبشیان کو باغ مین دیکھا ان کی تسلی اور دلجوئی کی انغ خان اور جہاز خان بولے کہ تمام عالم اور عالمیان پر روشن اور ہویدا ہی کہ ہم سب سلطان محمود کے غلام اور خانہ زاد ہین اگرچہ دولت نے ہم مین سے ایک کی طرف انتقال پایا ہو لیکن نسبت مین ہرگز فرق نہین ہی اور ملاقات مین رعایت اس نسبت کی چاہیے کہ منظور رہے مناسب یہ کہ بندہاے سلطان سے چند نفر جنھون نے مزید خدمت کے باعث امتیاز پایا ہی اور اب وہ سب اِس مجلس مین حاضر ہین بعد جس وقت ملاقات اور سلام کو آوین امید وار رہین کہ دربان کسی کو انغ خان و چنگیز خان نے بانگسار تمام یہ امر قبول کیا اور امرا کو اپنے ہمراہ لے کر شہر مین آیا اور مکان خالی کرکے اُن کے سپرد کیے اور بعد چندے ایک مخبر نے آنکر انغ خان کو خبر کی کہ چنگیز خان تجھے اور جہاز خان کو تیغ قہر سے ہلاک کیا چاہتا ہی اور قرار دیا ہی کہ فجر کو تمھین میدان چوگان مین بلاکر ہنگام غفلت چو رنگ کرے اگر کل وہ تالاب کاکریہ کی طرف چوگان بازی کو گیا کچھ خوف نہین ہی کس واسطے کہ وہان صحرا وسیع ہی ہر طرف بھاگ سکوگے اور جو میدان بہدرین جوارک کے ماہین ہی گیا یقین جانو کہ کام مشکل ہی وہ وہان اپنا ارادہ ظہور مین لاوے گا اور ابھی جاسوس یعنی مخبر اس کلام سے فارغ نہوا تھا کہ چنگیز خان کا فرستادہ آیا اور بعد دعا کے یہ پیام دیا کہ کل چنگیز خان میدان بہدرین چوگان بازی کو جاوے گا تم بھی صبح کے وقت حاضر ہو انغ خان یہ خبر سنکر متردد اور مضطرب ہوا اور سوار ہوکر سیف الملک حبشی کے مکان پر گیا اور وہان جاکر جہاز خان اور رشیدی بدر شاہی اور مجلد ارخان اور خورشید خان کو بلاکر یہ راز ظاہر کیا اور بعد ردوبدل اور گفتگوے دراز سبھون نے یہ تجویز کی کہ پہلے سبقت اور پیشدستی کرکے چنگیز خان کو قتل کیا چاہیے غرضکہ دوسرے دن انغ خان اور جہاز خان حبشی اپنے

یارون کو لے کر سوار ہوئے اور چنگیز خان کے دربار مین گئے اور جو ابھی لشکری اور رہوادار اُس کے حاضر نہوئے تھے آدمی بھیجکر اُنھین دعا پہونچائی اور پیغام دیا کہ اشارہ کے موافق حاضر ہین اور جلدی چوگان بازی کے واسطے چلین اور چنگیز خان شراب صبح کہ جس کو صبوحی کہتے ہین پیکر بدمست اور سرخوش تھا ایک جوڑا کپڑا گرمی کا پہنکر تنہا مکان سے برآمد ہوا اور باتفاق حریفان وغا پیشہ میدان بہد کی طرف توجہ فرمائی جب تھوڑی راہ قطع کی ایغ خان حبشی جو چنگیز خان کے داہنی طرف اور جہاز خان بائین سمت جاتے تھے اشارہ کیا کہ فرصت غنیمت ہی یہ سنتے ہی جہاز خان حبشی نے فورًا ایک ضرب شمشیر خونریز ایسی چنگیز خان کے رسید کی کہ ایک ہی وار مین سر اُس کا تن نازنین سے جدا ہوا اور لاش اس کی خون کی ندی مین غرق ہوئی اور وہان سے جلو ریز اپنے مکانون مین جاکر جنگ پر مستعد ہوئے اختیار الملک بھی ان کی موافقت پر آمادہ ہوا اور رستم خان بھانجا چنگیز خان کا کہ پیچھے سے مع فوج آتا تھا لاش ماموں کی ہاتھی پر ڈال کر بدون اُس کے کہ مکان پر لیجاوے بہروج کی طرف روانہ ہوا اور اوباش شہر نے دست تاراج مردم چنگیز خان پر دراز کیا اور جب یہ تحقیق ہوا کہ رستم خان بہروج کی طرف گیا ایغ خان حبشی اور اختیار الملک اور جہاز خان اور بھی امرا قلعۂ ارک مین کہ ساتھ بہدر کے شہرت رکھتا ہی داخل ہوئے اور ایک خط اعتماد خان کو سب نے لکھکر حقیقت حال سے اطلاع بخشی اور اُسے احمد آباد کی طرف طلب کیا اور اُسی روز بدر خان اور محمد خان پسران شیر خان فولادی تہنیت اور مبارکباد کے واسطے شہر مین آئے اور ہر ایک امرائے لشکر کے واسطے ایک گھوڑا پیشکش لائے اور ایغ خان اور جہاز خان حبشی نے امرائے مذکور کے ساتھ جاگیر از سر نو مقرر کی اور وہ اپنے مکانون کی طرف پلٹ گئے دوسرے دن شیر خان فولادی نے جاسوس بھیجکر خبر لی کہ مردم اُمرا سے کوئی شخص محافظت کے واسطے بہدر مین نہین رہتا ہی اس واسطے چنگیز خان کے قتل کی تیسری رات کو سادات خان کو کہ ایک امرائے شیر خان سے تھا مع تین سو آدمی بھیجا اور اُس نے آتے ہی دیوار قلعہ کی خان پور کیطرف سے مسمار کرکے بہدر پر مقابضت کی اور بعد چند روز کے اعتماد خان سلطان مظفر کو اپنے ہمراہ لیکر احمد آباد مین آیا اور جو قلعہ بہدر سادات خان کے تصرف مین تھا مظفر شاہ اپنے مکان مین مقیم ہوا اور قلعہ بہدر کی رہائی کے بارہ مین ایک خط شیر خان کو تحریر کیا مضمون اُس کا یہ تھا کہ قلعہ بہدر سلاطین کا مکان ہی جب بادشاہ نہووے ملازمین اور رہواخواہون کو لازم ہی کہ اپنے صاحب کے مکان کی محافظت کرین نہ یہ کہ خود اُس مین سکونت کرکے متصرف ہووین اب کہ سلطان بنفس نفیس شہر مین داخل ہوا سادات خان کو فہمایش کرو کہ قلعہ بہدر کو خالی کرے شیر خان نے اُس حقوق کی رعایت کے سبب کہ اعتماد خان نے اُس پر مبذول رکھا تھا اُس کے کہنے پر عمل کرکے فورًا قلعہ خالی کیا اور مظفر شاہ نے اپنے مکان مین جاکر استقامت فرمائی درمیان اس حال کے مخبرون نے خبر پہونچائی کہ میرزایان ولایت مالوہ سے بھاگ آئے اور رامسہ مین جب خبر چنگیز خان

کے قتل کی سنی خوش دل اور مسرور ہوکر ولایت بہروچ اور سورت کی طرف اس نیت سے متوجہ ہوئے کہ اس صوبہ پر متصرف ہووین اور اختیار الملک اور انغ خان نے اعتماد خان کے مکان پر جاکر یہ بات کہی کہ ولایت بہروچ حاکم سے خالی ہی اور یہ بھی کہتے ہین کہ میرزایان مذکور اُس طرف متوجہ ہین بہتر یہ ہی کہ تمام امرا جمعیت کرکے بہروچ کی طرف روانہ ہووین اور اُس مقام کو اپنے قبض و تصرف مین لاوین اور اس کام مین تامل اور تساہل کو اپنی طبیعت مین ہرگز راہ ندیوین کس واسطے کہ بہروچ اگر میرزایان کے تصرف مین در آوے گا پھر نہایت دشواری سے اس جماعت کے تصرف سے برآورد ہوگا اعتماد خان نے اپنا آدمی شیر خان فولادی کے پاس بھیجکر صلاح پوچھی شیر خان نے اسی راے سے اتفاق کیا اور یہ قرار پایا کہ تمام افواج کے تین بزن ہووین اول انغ خان مع حبشیان ایک منزل آگے جاوے جب وہ اس منزل سے کوچ کرے اعتماد خان اور اختیار الملک اور امراے دیگر کہ بزن دوسرا ہی اُس منزل مین فروکش ہووے اور جب بزن دوسرا اس منزل سے آگے بڑھے تیسرا بزن کہ شیر خان فولادی و دیگر امرا سے مراد ہی اس منزل مین قیام کرے اور سادات خان بخاری اپنی جگہ اور مقام مین رہے جب اس راے نے قرار پکڑا انغ خان اور جہاز خان اور سیف الملک مع حبشیان تمام محمود آباد مین پہونچے اعتماد خان متوہم ہوا اور شہر سے باہر جاکر یہ غزیمت فسخ کی انغ خان اور اُس کے یاران ہمدم یہ حرکت اُس کی ظرافت پر گمان کرکے آپس مین کہنے لگے کہ ہم نے اس کے دشمن چنگیز خان کو جو اپنا مثل نرکھتا تھا ہلاک کیا اور یہ ہم سے نفاق کرتا ہی صلاح یہ ہی کہ اس کی ولایت آپس مین تقسیم کرکے متصرف ہووین چنانچہ قرار دادو پرعزم مصمم کرکے پرگنہ کنایت اور پرگنہ جلاد اور بعضے اور پرگنات پر متصرف ہوئے اس صورت مین میرزاؤن کو فرصت ہوئی کہ قلعہ جنیانیر اور قلعہ بندر سورت اور دیگر مواضع پر قابض ہوے اور رستم خان جو قلعہ بہروچ مین قلعہ بند ہوا تھا میرزاؤن سے لڑا آخر کو امان چاہی اور قلعۂ اُن کے سپرد کرکے برآمد ہوا اور جب مردم بے جاگیر گجرات کے شہر سے برآمد ہوکر انغ خان کے شریک ہوے انغ خان نے جہاز خان سے کہا کہ جو سپاہی شہر سے برآمد ہوکر ہمارے پاس آئے ہین مناسب ہی کہ اعتماد خان کے پرگنات مین سے اس جماعت کے واسطے جاگیر مقرر کرین جہاز خان نے کہا کہ جو کچھ اس جماعت کو دیتے ہو وہ مجھے دو اور جو اس گروہ سے امید کی ہی وہ مجھسے وقوع مین آوے گی ان باتون کے سبب انغ خان اور جہاز خان کے درمیان تنازع واقع ہوا یہان اعتماد خان فرصت پاکر جہاز خان کو مکر و فریب سے فریفتہ کرکے اپنے پاس لے گیا اس سبب سے حبشیون کی شوکت مین فتور عظیم نے راہ پائی انغ خان حبشی اور سادات خان بخاری شیر خان پولادی سے جا ملے اور جب گونہ استقلال شیر خان پولادی کو حاصل ہوا سلطان مظفر فرصت پاکر ایک روز قبل از غروب آفتاب کھڑکی سے برآمد ہوا اور بسبیل استعجال غیاث پور کی منازل مین کہ قریب قصبۂ سرکیج ہی انغ خان کے دائرۂ لشکر مین پہونچا اور انغ خان اسے دیکھتے ہی شیر خان کی خدمت مین گیا اور یہ بات کہی کہ شاہ مظفر بدون اُس کے کہ مجھے پہلے اطلاع بخشے میرے لشکرگاہ مین آیا ہی

لیکن ابھی تک مین نے اُس سے ملاقات نہین کی ہی شیر خان فولادی نے کہا کہ مہان عزیز ہوتا ہی تم جاکر حقوق خدمتگاری بجالاؤ اور علی الصباح خط اعتماد خان کا شیر خان فولادی کو پہونچا کہ جو مظفر شاہ فرزند محمود شاہ ثالث کا صحیح النسب نہ تھا اس واسطے مین نے اُس کو تخت شاہی سے اٹھا کر نکالدیا تا کہ میرزاؤن کو بلا کر تخت سلطنت پر متمکن کرکے ملک گجرات اُن کے سپرد کردون یہ خط پڑھکر شیر خان فولادی نے سید حامد کے لشکرگاہ مین جاکر استفسار کیا کہ مظفر شاہ کے جلوس کے وقت اعتماد خان نے کیا کہا تھا سید حامد اور دیگر سادات نے جواب دیا کہ اعتماد خان نے قرآن مجید اُٹھا کر قسم کھائی تھی کہ یہ فرزند سلطان محمود ثالث ہی اب اُس نے یہ بات عداوت سے لکھی ہی شیر خان فولادی سید حامد سے رخصت ہوا اور رانع خان حبشی کی فرودگاہ مین آیا اور کمان ہاتھ مین لیکر جس طور سے کہ نوکر اپنے آقا کی ملازمت کرتا ہی سلطان مظفر کی شرف ملازمت سے مشرف ہوا اور رانع خان حبشی کے مکان سے سلطان کو سوار کرکے اپنے مکان پر لایا اور اُس کی خدمت گذاری مین قیام کیا اور اعتماد خان نے میرزاؤن کو بہروچ کی حدود سے طلب کیا جب یہ پانچ چھ ہزار سوار لیکر احمد آباد مین پہونچے ہر روز ایک جماعت میرزاؤن کو مع مردم اختیار الملک کے حبشیون کی جنگ کے واسطے بھیجتا تھا یہان تک کہ رفتہ رفتہ مخالفت اور منازعت نے طول کھینچا اور اعتماد خان نے جب دیکھا کہ کوئی تدبیر پیش نہین جاتی ہی اس واسطے عرض داشت جلال الدین محمد اکبر بادشاہ کے ملاحظہ مین بھیجکر گجرات کی تسخیر کی ترغیب کی اور اتفاق حسنہ سے اس وقت کہ ۹۸۰ نوسو اسی ہجری تھی جلال الدین محمد اکبر بادشاہ ناگور کیطرف تشریف لایا اور پیر محمد خان کو جو بہ خان کلان مشہور تھا مع جماعت کثیر امرائے نامدار سروہی کی تسخیر کے واسطے بھیجا تھا اور جب پیر محمد خان راجہ سروہی کی سروہی سے زخمی ہوا جلال الدین محمد اکبر بادشاہ بمسعادت و اقبال پیر محمد خان کے لشکرگاہ کیطرف متوجہ ہوا اور اس وقت مین عرضیان خوانین گجرات کی پہونچین پھر وہان سے ملا توقف گجرات کی عزیمت کی چنانچہ اس تفصیل سے جو اپنے مقام مین مذکور ہی رایات نصرت آیات اکبری پٹن گجرات کی طرف پہونچی شیر خان فولادی کہ اس وقت احمد آباد کو محاصرہ مین رکھتا تھا مدجواس ہوکر کسی طرف مفرور ہوا اور ابراہیم حسین مرزا اور بھائی اُس کے بروودا اور بہروچ کی سمت راہی ہوئے اور اعتماد خان اور میرزا ابوتراب شیرازی اور رانع خان حبشی اور جہاز خان اور اختیار الملک سلطان اکبر فلک آشیان کا احرام آستان باندھکر دولت خواہون کے سلک مین منتظم ہوئے اور شاہ مظفر نے شیر خان فولادی سے جدا ہوکر آنحضرت کی ملازمت مین حاضر ہوکر اختصاص پایا اور گجراتیون کی سلطنت اور دولت نے رجب کی چودھوین تاریخ ۹۸۰ نوسو اسی ہجری مین زوال قبول کیا مملکت گجرات جلال الدین محمد اکبر بادشاہ کے ممالک محروسہ مین داخل ہوئی اور اسی یورش مین قلعہ بندر سورت محمد حسین میرزا کے تصرف سے برآوردہ ہوا اور سلطان فلک آشیان مراجعت کے وقت جب نواح بہروچ مین پہونچا والدہ چنگیز خان نے سلطان سے فریاد کی کہ میرے فرزند کو جہاز خان نے ناحق قتل کیا جلال الدین محمد اکبر بادشاہ نے جہاز خان حبشی کو کہ ملازم رکاب تھا قصاص فرمایا اور شاہ مظفر کو اپنے ہمراہ آگرہ کی طرف لیگیا اور جس وقت کہ منعم خان خانخانان بنگالہ کی طرف جاتا تھا اُس کے سپرد کیا اور وہ اپنی بیٹی شہزادی خانم

کو اُس کے عقد مین دیدیا اور بعد چند عرصہ کے اُس سے بدگمان ہوکر اُسے قید کیا اور وہ فرصت کے وقت قید خانہ سے بھاگ کر ۹۸۹ھ نو سو نواسی ہجری مین ولایت گجرات مین گیا اور لشکر بہت بہم پہنچا کر قطب الدین خان حاکم گجرات سے لڑا اور اُسے قتل کیا اور نو برس کے بعد پھر احمد آباد گجرات پر متصرف ہوا اور خطبہ اپنے نام پڑھا اور چندے بادشاہی کی اور جلال الدین محمد اکبر بادشاہ نے ۹۹۱ھ نو سو اکانوے ہجری مین میرزا عبد الرحیم ولد بیرم خان ترکمان کو جس کا خطاب خانخانان تھا اُس کے دفع کے واسطے تعین کیا وہ تھوڑی جماعت سے احمد آباد کی طرف گیا اور شاہ مظفر کو جونا گڈھ کی طرف بھگایا اور پھر ازسر نو گجرات اکبر بادشاہ کے تصرف مین آیا اور اب تک وہ مملکت بہشت آئین اُس خاندان عالیشان کے قبضہ مین ہے مظفر شاہ کی مدت سلطنت ہنگام تنزل تک تیرہ سال اور چند ماہ تھی فقط

بسم اللہ الرحمن الرحیم

مقابلہ پانچوان حکام مملکت مالوہ اور مندو کے بیانمین

ناظرین پرتمکین پر پوشیدہ نرہے کہ بلاد مالوہ ایک مملکت وسیع ہی اور ہمیشہ حکام ذی شان اُس ملک مین رہتے تھے اور راجہاے کبار اور رایان نامدار مثل راجہ بکرماجیت کے کہ مدار تاریخ ہنود اُسکی ابتداے سلطنت سے ہی اور راجہ بھوج وغیرہ اور علاوہ اِس کے جو راجہاے ہندوستان سے ہین مالوہ کی حکومت پر امتیاز رکھتے تھے اور بعد سلطان محمود غزنوی کے جس کی وجہ سے اسلام ہندوستان مین شائع ہوا سلاطین دہلی مین سے سلطان غیاث الدین نے اِس مملکت پر غلبہ پایا لیکن اِس کے سلطان محمد بن فیروز شاہ تک وہ مملکت بادشاہان دہلی کے تصرف مین رہی اور دلاور خان غوری نے کہ نام اصلی اُسکا حسین اور سلطان شہاب الدین سام غوری کے اولاد مین سے تھا بعد قتل سلطان محمد بن فیروز شاہ کے اِس مملکت کی حکومت پر فائز ہو کر باستقلال سلطنت کی اور اِس وقت سے حاکم مالوہ بادشاہان دہلی کی اطاعت سے سرتاب ہوا اور گیارہ نفر نے جداگانہ سنہ ۹۰۹ھ سوا اسی ہجری تک ایک نے بعد دیگرے حکومت کی اور اُس عرصہ مین برا سے چندے سلطان بہادر اور چند آشیانی نصیر الدین محمد ہمایون بادشاہ مالوہ کی حکومت پر فائز ہوے منقول ہی کہ محمد شاہ بن فیروز شاہ نے ایک جماعت کو کہ جنہے ایام فرار ہونے مین اُسکی ہمراہی اور رفاقت کرکے وفاداری کی تھی جب وہ سلطنت پر فائز ہوا حسب قدر مراتب طریقہ رعایت وسلوک مسلوک رکھکر سرفراز کیا چنانچہ خواجہ سرور کو خطاب خواجہ جہان دیکر وزیر کل کیا اور ظفر خان بن وجیہ الملک کو حاکم گجرات اور خضر خان کو حاکم ملتان اور دلاور خان غوری کو حاکم مالوہ کیا اور عاقبت الامر چاروان تشخص صاحب سلطنت ہوکر شاہ ہوے الغرض دلاور خان دھار مین مقیم ہوا اور بازوے شجاعت اور راے صائب کی قوت سے

ولایت مالوہ کو ضبط مین لایا اور دست تصرف خلجیہ کو اُس مملکت کے اطراف واکناف سے کوتاہ کیا چونکہ ہمیشہ اُس کے دلمین یہ خیال گذرتا تھا کہ شادی آباد مندو کو اپنا دارالملک بناؤن بلکہ کبھی کبھی جاکر اُس کی تعمیر مین کوشش کرتا تھا اور پھر دھار کیطرف مراجعت کرتا تھا اور سنہ ۸۰۰ آٹھ سو ایک ہجری مین سلطان محمود پادشاہ دہلی بوجہ صولت صاحبقران امیر تیمور کے گجرات کی طرف مفرور ہوا اور جب شاہ مظفر نے سلوک اس کی مرضی کے موافق نہ کیا اُس سے رنجیدہ ہوکر دھار کی سمت متوجہ ہوا جس وقت مالوہ کی سرحد پر پہونچا دلاور خان نے اپنے عزیز واقارب اور امرا کو استقبال کیواسطے بھیجکر یہ حکم کیا کہ منزل بمنزل حشن اور ضیافت کرتے ہوئے لاوین اور لوازم خدمت بہترین وجہ سے بجالاوین اور جب دھار سے آٹھ کوس ادھر پہونچا دلاور خان خود بھی استقبال کے تہیہ مین ہوا اور ہوشنگ کہ اپنے باپ دلاور خان سے اس امر مین راضی نہ تھا مع اکثر لشکر مالوہ شادی آباد مندو کی طرف گیا اور دلاور خان سلطان ناصرالدین محمود شاہ کی پیشوائی کو روانہ ہوا اور اُن حضرت کو باعزاز واحترام تمام شہر دھار مین لایا اور تمام نقد واور جواہر اپنا سلطان کے ملاحظہ مین گذرانکر کہا کہ تمام نقد وجنس حضرت کا ہی اور بندہ غلام اور جمیع اہل حرم پرستار ہین ناصرالدین محمود شاہ نہایت مسرور ہوا اور اُسے دعاے خیر دیکر اُسمین سے جسقدر کہ حاجت تھی لیا باقی کو واپس دیا اور سنہ ۸۰۴ آٹھ سو چار ہجری مین محمود شاہ امراے دہلی کی التماس کے موافق دلاور خان کو وداع کرکے اس طرف متوجہ ہوا اور ہوشنگ یہ خبر سُنکر باپ کی ملازمت کا عازم ہوا اس تین سال کی مدت مین کہ ہوشنگ مندو مین تھا ایک قلعہ سد اسکندر سے سنگین تر پتھر اور کانپ سے بنانے لگا اور اُسے اپنے عہد سلطنت مین تیاری کو پہونچایا جیساکہ اُسکی تعریف عنقریب آتی ہی اور جب ناصرالدین محمود شاہ مرگیا اور دہلی کی سلطنت نے خلل تمام قبول کیا دعوی استقلال کا کرکے بطور سلاطین خطبہ مالوہ کا اپنے نام پڑھا اور چتر اور سراپردہ اپنا سرخ کیا منقول ہی کہ اسکا دادا جو غور کا باشندہ تھا بادشاہان دہلی کی درگاہ مین صاحب جاہ ہوا اور اُسکا بیٹا درجہ امارت کو پہونچا اور اسکا پوتا کہ دلاور خان غوری سے مراد ہی وہ فیروز شاہ کے عہد مین امراے کبار سے ہوا اور سلطان محمود شاہ کے عہد مین جب مالوہ جاگیر مین پایا آداب ملک داری مین سلاطین کی روش اختیار کی اور مدت دراز حسب خواہش دل بسر کی اور سنہ ۸۰۸ آٹھ سو آٹھ ہجری مین اس جہان فانی سے کوچ کیا اور بعضے کتب مین نظر سے گذرا کہ وہ ہوشنگ کی کوشش سے مسموم ہوا مدت حکومت اُس کی بیس سال تھی ان مین سے کچھ اوپر چار برس سلطنت کی

ذکر ہوشنگ بن دلاور خان غوری کی سلطنت کا

الپ خان اپنے باپ کے بعد مالوہ کی حکومت پر متمکن ہوا اور طغراے حکومت اپنے نام لکھکر اپنے تئین سلطان ہوشنگ ملقب کیا اور اُس نواح کے امیرون اور بزرگون نے اُس سے بیعت کی اور حلقہ اُسکی اطاعت کا زیب گوش کیا لیکن ابھی مہمات سلطنت اور بنیاد دولت نے استحکام نہ پایا تھا کہ مخبر خبر لائے کہ سلطان مظفر گجراتی کو یہ خبر پہونچی کہ الپ خان غوری نے اپنے باپ دلاور خان کو طمع دینا کے سبب زہر دے کر ہلاک کیا اور اب اپنا ہوشنگ شاہ نام رکھا ہی چونکہ دلاور خان غوری اور شاہ مظفر

گجراتی کے درمیان عقد اخوت یعنی بھائی چارہ تھا وہ سامان جنگ درست کرکے اسطرف متوجہ ہوا سلطان ہوشنگ بھی بقصد جنگ قلعۂ دھار سے برآمد ہوا اور سنہ ۸۱۰ آٹھ سو دس ہجری مین طرفین صف آرا ہوکر نہایت مردی اور مردانگی سے جنگ مین مشغول ہوئے یہان تک کہ سلطان مظفر اُس معرکہ مین زخمی ہوا اور سلطان ہوشنگ گھوڑے سے گرا باوصف اس حال پر اختلال کے دونون نے پاے شجاعت کو متزلزل نہ کیا حرب وضرب سے دست زبردست بازنہ رکھے جو کہ فتح اور شکست کوشش سے میسر نہین ہوتی عالم غیب سے نسیم فتح سلطان مظفر گجراتی کے پرچم مراد پر چلی اور ہوشنگ بھاگ کر قلعہ مین پناہ لے گیا اور جب طاقت مقابلہ اپنے مین نہ پائی ناچار امان طلب کرکے شاہ مظفر گجراتی کے پاس حاضر ہوا اور اُسیوقت سلطان نے اُسے مع امرا مقید کرکے حوالات مین سپرد کیا اور اپنے بھائی خان اعظم نصرت خان کو قلعۂ دھار مین مع جمعیت کثیر چھوڑا اور مالوہ کی سپاہ کو اپنا مطیع کرکے سالما غانما گجرات کی سمت متوجہ ہوا اور نصرت خان ناکردہ کار نے جو اول سال رعایا کے مقدور سے محصول زیادہ طلب کیا اور بہلو کی اختیار کی اور سلطان مظفر گجرات مین پہونچ چکا تھا لشکر مالوہ نے فرصت پاکر نصرت خان کو قلعۂ دھار سے نکال دیا اور چونکہ نصرت خان اُس نواح مین توقف کرکے ولایت مالوہ سے نہ جاتا تھا اس سبب سے بچھاکر کے بعضے پس ماندون کو ایذا بہت پہونچائی مگر نصرت خان شاہ مظفر کے خوف سے دھار کو چھوڑکر قلعۂ شادی آباد مندو مین کہ بروج سنگین اُسکے منطقۃ البروج کے ساتھ لاف برابری کا مارتے تھے مقیم ہوا اور سپاہ نے موسیٰ خان کو جو سلطان ہوشنگ کا چچیرا بھائی ہوتا تھا اپنا سردار بنایا اور جب یہ خبر گجرات مین سلطان ہوشنگ کو پہونچی اُس نے عریضہ اپنے ہاتھ سے لکھکر سلطان مظفر کی خدمت مین بھیجا اُس کا مضمون یہ تھا کہ آن خداوند جہان وجہانیان فقیر کے بجاے باپ اور چچا کے ہوتے ہین اور جو بات کہ بعضے اہل غرض نے معروض کی ہے خدا جانتا ہے کہ خلاف واقعہ ہے اور ان دنون مین سُنا جاتا ہے کہ امراے مالوہ نے خان اعظم کی نسبت بے اعتدالی کی اور موسیٰ خان کو سردار بنایا اور وہ مالوہ پر متصرف ہوکر دم استقلال کا مارتا ہے اگر فقیر کو قید سے رہا کرکے ممنون احسان فرماوین یقین ہے کہ وہ بلا دہاتھ آوین سلطان نے ایک سال کے بعد اُسے قید سے رہا کرکے عہدنامہ لیا اور سرانجام جنگ درست کرکے سنہ ۸۲۱ آٹھ سو اکیس ہجری مین احمد شاہ کو سلطان ہوشنگ کی کمک کے واسطے رخصت کیا اور اُسنے دھار اور اُسکے اطراف کو امراے تصرف سے برآوردہ کرکے اُسے سپرد کیا اور خود مراجعت کی اور سلطان ہوشنگ نے چند روز دھار مین استقامت کی جب ایک جماعت خاصۂ خیل سے اُسکے پاس جمع ہوئی ایک شخص کو قلعۂ شادی آباد مندو کیطرف امرا کی استمالت کو بھیجکر اپنے پاس طلب کیا یہ خبر سُنکر سب مسرور اور خوشحال ہوکر اُس کے خواہان ملازمت ہوے لیکن جو عیال اور اطفال اپنے ہمراہ قلعۂ شادی آباد مندو مین لیگئے تھے اس سبب سے اُس کی خدمت مین حاضر نہو سکتے تھے لہذا سلطان ہوشنگ کچھ لوگ اپنے ہمراہ لیکر قصبۂ دھار سے قصبۂ مہر کی طرف گیا اور آتش جنگ شعلہ زن کی اور ہر روز ایک جماعت اُس کے ہمراہیون سے زخمی ہوتی تھی اور کوئی تدبیر پیش نہ جاتی تھی اس واسطے سلطان ہوشنگ نے صلاح اِس مین دیکھی کہ وہان سے کوچ کرکے ولایت کے بیچ مین قیام پکڑے قصبون

اور پرگنون پر متصرف ہووے اس درمیان مین ملک مغیث نے جو سلطان ہوشنگ کا پھوپھی زاد بھائی تھا ملک خضر عرف میان آغا سے طریق مشورہ درمیان مین رکھا کہ اگرچہ موسی خان جوان شایستہ ہے اور ہمارا چچیرا بھائی ہوتا ہے لیکن سلطان ہوشنگ مردانگی اور دانشوری مین اپنا نظیر نہین رکھتا اور یہ سلطنت ارثاً اور اکتساباً اُسے پہونچتی ہے اور مادر اس کے اُس نے ایام طفلی مین میری والدہ کے آغوش شفقت مین پرورش پائی صلاح اس مین ہے کہ عنان مملکت اور فرمانروائی اس کے دست اقتدار مین سونپی جاوے ملک خضر ملقب بہ میان آغا نے رائے ملک مغیث کی پسند کی اور باتفاق شب کو قلعہ شادی آباد مندو سے برآمد ہو کر سلطان ہوشنگ کے پاس حاضر ہوے اور سلطان ہوشنگ نے ملک مغیث کو وعدہ نیابت کا دیکر مسرور اور محظوظ کیا اور موسی خان نے جب یہ خبر سُنی رشتہ استقلال سلطنت کو مقراض مایوسی سے قطع کر کے اپنے انجام کار مین متفکر ہوا اور آخر کو قلعہ خالی کر کے نکل گیا اور سلطان ہوشنگ نے قلعہ شادی آباد مندو مین جاکر دارالامارہ مین قرار پکڑا اور ملک مغیث کو ملک اشرف خطاب دیکر منصب وزارت پر سرفراز کیا اور اُس کو اپنے جمیع امور مین نائب اور قائم مقام کیا اور سنہ ۸۱۰ آٹھ سو دس ہجری مین جب شاہ مظفر نے حیات مستعار قابض ارواح کے سپرد کی اور احمد شاہ بن محمد شاہ بن سلطان مظفر تخت سلطنت پر جلوہ گر ہوا فیروز خان اور ہیبت خان فرزندان شاہ مظفر نے نشان عداوت خطۂ بھروچ مین بلند کر کے سلطان ہوشنگ سے اعانت طلب کی اُس نے حقوق پرورش مظفر شاہی اور اعانت احمد شاہ کو طاق نسیان پر رکھا اور کینۂ دیرینہ نے اُسے اس پر آمادہ کیا کہ ملک گجرات مین جاکر اس سلطنت کے قواعد کو مختل کرے لیکن سلطان احمد شاہ یہ خبر سُنکر مع لشکر فراوان بھروچ کی طرف گیا اور اُسے محاصرہ کیا اور فیروز خان اور ہیبت خان سپاہ احمد شاہی کے خوف و ہیبت سے امان طلب کر کے اُس سے جا ملے سلطان ہوشنگ راہ سے مراجعت کر کے دھار مین آیا اور ابھی عرق ندامت اور خجالت کا اس کی پیشانی سے خشک نہوا تھا کہ پھر مرتکب ایک حرکت شنیعہ کا ہوا وہ یہ ہے کہ سنہ ۸۲۶ آٹھ سو چھبیس ہجری مین سلطان ہوشنگ کو خبر پہونچی کہ احمد شاہ گجراتی جالوارہ کے راجہ کے سر پر بنفس نفیس فوج کش ہوا ہے اور انھین دنون مین راجہ جالوارہ کا عریضہ سلطان ہوشنگ کے پاس باستدعاے کمک پہونچا اور حامل عریضہ نے کمک کے بارہ مین مبالغہ حد سے زیادہ تر کیا ہوشنگ شاہ مقدمات سابق کو بالکل فراموش کر کے مع لشکر کثیر دھار سے گجرات کی طرف متوجہ ہوا اور اُس ممالک مین بہت خرابی پہونچائی اور سلطان احمد شاہ گجراتی بمجرد پہونچنے اس خبر کے اُسکے دفع کا عازم جازم ہوا اور جب طرفین کا سامنا ہوا اور راجہ جالوارہ سے مدد نہ پہونچی سلطان ہوشنگ نے مجبور ہو کر اپنی ولایت کی سمت مراجعت کی اور اس عرصہ مین نصیر خان فاروقی اس امر کا قاصد ہوا کہ قلعہ تھالیز کو جو اسکے باپ نے اپنے چھوٹے بیٹے ملک افتخار کو دیا تھا اُسکے ہاتھ سے چھین کر اپنے تصرف مین لاوے اور جب نصیر خان فاروقی سلطان ہوشنگ سے طالب کمک ہوا اُسنے اپنے بیٹے غزنین خان کو مع پندرہ ہزار سوار اس کی مدد کے واسطے بھیجا نصیر خان فاروقی اس کی اعانت کے سبب قلعہ تھالیز کو لیکر سلطان پور کے اطراف مین گیا سلطان احمد شاہ گجراتی اُن کی تادیب اور تنبیہ کے واسطے روانہ ہوا

اور زمینداران گجرات یعنی راجہ جالوارہ اور راجہ جنیا نیرا اور راجہ نادوت اور ایدر نے فرصت پاکر عرضیان متواتر سلطان ہوشنگ کی خدمت مین روانہ کین کہ اول مرتبہ اگرچہ خدمت گزاری مین تساہل اور تجاہل واقع ہوا لیکن اِس مرتبہ جانسپاری مین کوئی دقیقہ فروگذاشت نہوگا اگر آنحضرت گجرات کی طرف متوجہ ہووین ہم کچھ راہبر آپ کی خدمت مین بھیجین کہ وہ لشکر کو ایسے راستہ سے لیجا دین کہ ملک گجرات کے پہونچنے تک سلطان احمد واقف نہووے جو یہ مخالفت عداوت سابق کے سوا ہوئی تھی سلطان ہوشنگ نے اس ارادہ سے سامان جنگ درست کیا اور سنہ ۸۳۲ آٹھ سو اکیس ہجری مین مع شوکت تمام مہاسہ کے راستہ سے گجرات کی عزیمت کی اتفاقاً اُن دنون مین سلطان احمد سلطان پور اور نندربار کے اطراف مین پہونچا غزنین خان مالوہ کی سمت بھاگا اور نصیر خان فاروقی آسیر کیطرف گیا اور جب احمد شاہ گجراتی کو خبر پہونچی کہ سلطان ہوشنگ مہاسہ کیطرف گیا ہو اُس کی آتش فتنہ کی تسکین تمام امور پر مقدم سمجھکر باستعجال تمام مہاسہ کی سمت متوجہ ہوا اور باوجود کثرت بارندگی تھوڑے عرصہ مین بطور تاخت آپ کو وہان پہونچایا اور جاسوسون نے ہوشنگ شاہ کو جب سلطان احمد کی آمد کی اطلاع دی بیقرار ہوکر زمینداروں کو کہ جنھون نے عرضیان بھیجکر غبار فتنہ وفساد برپا کیا تھا اپنے حضور طلب کیا جب اُن سے بوے خیر نہ سنگھی زبان ملامت کھولکر حروف ناسزا زبان زد کیے اور جس راستہ سے کہ آیا تھا سر کھجا کر پلٹ گیا احمد شاہ گجراتی نے چند روز قصبۂ مہاسہ مین توقف فرمایا تاکہ سپاہ ساتھ اُس کے ملحق ہووے اور بعد اجتماع لشکر ماہ صفر سنہ ۸۳۲ آٹھ سو بائیس ہجری مین ولایت مالوہ کی طرف متوجہ ہوا اور بکوچ متواتر کالیادہ کے نواح مین مقام کیا اور سلطان ہوشنگ چند منزل بڑھکر جنگ مین مشغول ہوا اور بعد اس کے تا بمقابلہ دست نہ لاکر قلعۂ شادی آباد مندو کی طرف گیا اور سپاہ سلطان احمد شاہ گجراتی نے شادی آباد مندو کے دروازہ تک تعاقب کیا اور بہت غنائم دستیاب کیے اور خود بھی پیچھے سے ظفر آباد بغلچہ تک گیا اور چند روز وہان مقام کرکے افواج ولایت کے اطراف مین بھیجین اور جو قلعہ شادی آباد مندو نہایت سنگین اور مستحکم تھا ناچار عنان عزیمت دھار کی سمت معطوف کی اور وہان سے چاہا کہ اوجین مین جاوے جو موسم برسات پہونچا تھا امرا اور وزرا عرض پیرا ہوئے کہ صلاح دولت اس مین ہو کہ اس سال آنحضرت دارالملک گجرات کی طرف معاودت فرماکر اُن مفسدون کو کہ باعث فتنہ وفساد ہوئے ہین گوشمالی بواجبی دیوین اور سال آیندہ مین بخاطر جمع مالوہ کی تسخیر مین مشغول ہووین القصہ احمد شاہ گجراتی اس قرار پر دھار سے مراجعت کرکے گجرات مین داخل ہوا اور اس سال مالوہ مین جب کچھ آثار نجابت اور کاروانی ملک محمود فرزند ملک مغیث کے جبین ہمین پر واضح اور لائح ہوے سلطان ہوشنگ نے اُسے محمود خان خطاب دیکر مہات ملکی مین جو اُس کے باپ سے رجوع تھے شریک کیا اور جب کہین جاتا تھا ملک مغیث کو مہات ملکی کے انتظام کو قلعہ مین چھوڑتا تھا اور محمود خان کو اپنے ہمراہ رکاب لیجاتا تھا اور آخر سال مذکور مین سلطان احمد شاہ کو یہ تمنا ہوئی کہ ولایت مالوہ مین جاؤن اور جو کچھ میرے ہاتھ سے بن آوے اس مین تقصیر نکروں سلطان ہوشنگ نے اُسکے ارادہ پر آگاہ ہوکر ایلچیان زبان آور کو مع تحف وہدایا بھیجکر صلح چاہی سلطان احمد شاہ نے

پیشکش لیکر اس وقت احمد آباد کیطرف مراجعت کی اور ۸۲۳ھ آٹھ سو تیئیس ہجری مین سلطان ہوشنگ قلعہ کھیرلہ پر جو برار کی سرحد مین ہی لشکر لیگیا اور حاکم کھیرلہ یعنی نرسنگھ راے مع پچاس ہزار سوار اور پیادہ مقابلہ کو آیا اور بعد جنگ شدید سلطان ہوشنگ ظفریاب ہوا اور نرسنگھ راے مارا گیا پھر سلطان نے قلعہ سارنگ گڑھ کو جو نرسنگھ راے کے متعلق تھا محاصرہ کرکے مفتوح کیا اور خزانہ اور چوراسی ہاتھی نامی دستیاب کیے اور نرسنگھ راے کے بیٹے کو کہ قلعہ کھیرلہ مین تھا اپنا فرمان بردار اور باج گذار کرکے سالگرہ غانماً شادی آباد مندو کیطرف رونق افزا ہوا اور ۸۲۵ھ آٹھ سو پچیس ہجری مین سلطان ہوشنگ ایک ہزار سوار اپنے لشکر سے انتخاب کرکے سوداگرون کے لباس مین ولایت جاجنگر کیطرف کہ بینے بھر کا راستہ ہی متوجہ ہوا اور گھوڑے برنگ نقرہ کہ وہانکا راجہ بہت دوست رکھتا تھا اور کچھ مال اور متاع جو اس مملکت کے آدمی بہ رغبت تمام لیتے تھے اپنے ہمراہ لے گیا اور سلطان کی غرض اس سفر سے یہ تھی کہ گھوڑون اور متاع کے عوض مین ہاتھی انتخاب ہمراہ لادے اور فیلبان کی قوت سے سلطان احمد شاہ بہمنی سے انتقام لیوے لیکن جب جاجنگر کے اطراف مین پہونچا ایک شخص کو جاجنگر کے راجہ کے پاس بھیجکر اعلام کیا کہ ایک سوداگر ہاتھی خریدنے کو آیا ہی اور گھوڑے برنگ نقرہ اور سبزہ اور سرنگ اور کمبود و قماش و مال بھی بکثرت تمام ہمراہ لایا ہی راے جاجنگر نے کہا کس واسطے شہر سے دور فروکش ہوا ہی ایلچی نے جواب دیا کہ سوداگر بہت سے اسکے ہمراہ آئے ہین وہ آب و ہوا دیکھکر مقیم ہوا ہی غرضکہ رسم اس ولایت کی یہ تھی کہ اگر کوئی سوداگر معتبر آتا اور گھوڑے اور اسباب تجارت اپنے ہمراہ لاتا راجہ پیشتر آدمی بھیجتا کہ سوداگر گھوڑون کو زین کرکے اسباب کو روے زمین پر قرینہ سے پھیلا اور راجہ سوار ہوکر وہان پہونچکر اس اسباب اور گھوڑونکو ملاحظہ کرتا جو چیز پسند فرماتا اسے ہاتھیون کے ساتھ معاوضہ کرتا یا قیمت نقد دیتا اس دستور اور قاعدہ کے سبب راے جاجنگر نے کہا کہ مین فلان روز قافلہ کیطرف آؤنگا مناسب ہی کہ اس روز سب سوداگر اپنے اپنے گھوڑے تیار رکھین اور اسباب نفیس اور اشیاے لطیف کو زین پر چنین تو ملاحظہ کرکے اگر وہ ہاتھی معاوضہ مین لیوین بہتر اور جو نہین زر نقد مین دون گا جب ایلچی پلٹ آیا سلطان ہوشنگ نے اپنے آدمیون سے عہد لیا کہ جو کچھ مین فرماؤن اس کے خلاف عمل مین نہ لانا پھر روز موعود کا انتظار کرنے لگا جب وہ دن آیا راجہ جاجنگر نے چالیس زنجیر فیل اون کے قافلہ کیطرف بھیجے تو سوداگر دیکھکر پسند کرین پھر اپنے آنے سے اعلام کرکے پیغام دیا کہ اسباب کو کھولکر گھوڑون کو ساز و سامان سے درست رکھین جو مینہ برسات تھا سلطان ہوشنگ نے پہلے عذر کرکے یہ بات کہی کہ ابر اور ہوا موجود ہی ایسا نہو کہ مینہ برسے اور ہمارا اسباب ضائع اور برباد ہووے لیکن راجہ کے آدمیون نے بتاکید تمام اسباب کھلوایا اس درمیان مین راجہ بھی پانسو آدمی ہمراہ لے کر آپہونچا اور اشیا کے دیکھنے مین مشغول ہوا اگاہ ابر شدید آنکر برسنے لگا اور گرج کی آواز اور بجلی کی چمک کی سبب سے ہاتھی بھاگے اور جو متاع کہ زمین پر گستردہ تھے ہاتھیون کی پامالی سے خراب ہوئے اور وہ سپاہ جو سلطان ہوشنگ کے ہمراہ سوداگرون کے لباس مین آئی تھی وہ فریادیون کی طرح جوش و خروش مین آئی اور سلطان ہوشنگ نے

برسم سود اگران کچھ بال اپنی ریش کے اُکھاڑکر یہ بات کہی کہ جب ہماری متاع خراب وضائع ہوئی پھر ہمین زندگانی بکار نہین ہی یہ کہکر باتفاق اُس جماعت کے جو اپنے ہمراہ لایا تھا گھوڑون کی پشت پر سوار ہوکر راجہ کیطرف متوجہ ہوا اور راجہ مضطرب ہوکر جنگ مین مشغول ہوا اور سوداگرونکے اول حملہ مین منہزم ہوا اور کچھ لوگ اُسکے مارے گئے اور کچھ شہر کی سمت بھاگ گئے اور راجہ زندہ گرفتار ہوا سلطان ہوشنگ نے اُس وقت راجہ سے یہ کلام کیا کہ مین مالوہ کا سلطان ہون اور باتھیونکے خریدنے کو آیا ہون جب اسباب ضائع ہوا لاچار مین نے تجھے گرفتار کیا راجہ نے سلطان ہوشنگ کی کمال جرأت سے متعجب ہوکر اپنے امراکو پیغام کیا کہ تمام فیل خوب اور نامی بھیجوا دُنھون نے چھتر ہاتھی سلطان ہوشنگ کی خدمت مین بھیجکر بمعذرت کی سلطان ہوشنگ راجہ کو ہمراہ لیکر عازم مراجعت ہوا اور جب اس کی سرحد سے برآمد ہوا راجہ کو رخصت کرکے اپنے شہر مین داخل ہوا جو راجہ کو سلطان ہوشنگ کی شجاعت پسند آئی تھی چند فیل نامی اور اُسکے واسطے بھیجکر عذر خواہ ہوا اور سلطان ہوشنگ نے راستہ مین سُنا کہ سلطان احمد شاہ گجراتی مملکت کو خالی دیکھکر مالوہ مین در آیا اور بالفعل شادی آباد مندو کو محاصرہ رکھتا ہی اس واسطے جب ولایت کھیرلہ مین پہونچا از روے احتیاط اور ہوشیاری کے عازم تسخیر اُس حدود کا ہوا اور وہان کا راجہ کہ مطیع تھا اُسے گرفتار کرکے قید کیا اور قلعہ کھیرلہ پر متصرف ہوکر مردم معتمد کے سپرد کیا اور ہمراہ اُس لشکر کے کہ مالوہ سے اُسکی خدمت مین پہونچا تھا شادی آباد مندو کی سمت روانہ ہوا اور جب قریب پہونچا سلطان احمد شاہ گجراتی امرا اور سپاہ کو مورچون سے طلب کرکے جنگ پر مستعد ہوا سلطان ہوشنگ جنگ سے پہلوتہی کرکے دروازہ رانے پور کی طرف سے جاکر قلعہ مین داخل ہوا چونکہ شادی آباد مندو کا قلعہ نہایت سنگین اور دنیا کے قلعجات مین سے انتخابی تھا بہ مناسب محل کچھ احوال انجمل وہانکا کہ کاتب حروف یعنی ملا محمد قاسم فرشتہ کی نظر سے گذرا تھا لکھا جاتا ہی وہ یہ ہی کہ پہاڑ نہایت رفیع اور دور اُسکا اُنیس کوس بلکہ زیادہ ہوگا اور بجاے خندق اُسکے گرداگرد ایک غار نہایت عمیق ایسا واقع تھا کہ جنگ کرنا اُس قلعہ پر ممکن نہین اور قلعہ کے اندر آب وعلف بہت تھا اور اس قدر زمین کہ گنجائش زراعت فراوان ہووے اس مین موجود تھی اور ایک لشکر چاہے کہ اُسکو محاصرہ کرے بسبب بعد مسافت کے ممکن نہین کس واسطے کہ اُس قلعہ کا تمام محاصرہ کرنا امکان کے باہر تھا اور اکثر مقام اُس قلعہ کے اطراف کے سپاہ کے فروکش ہونے کے لائق نہ تھے اور راستہ اُس دروازہ کا جو دکن کی طرف ساتھ تاراپور کے مشہور ہی نہایت سخت تھا چنانچہ سوار بہ شکل تمام برآمد ہوسکے اور تم جسطرف سے قلعہ مین آنا چاہو تو پہلے تم کو نہایت دشوار گزار ٹیلے طے کرنا ہوگا اور وہ آدمی کہ راستون کی محافظت کے واسطے قیام کرتے تھے راستون کی دوری اور پہاڑون کے حائل ہونے کے سبب ایک دوسرے کے حال سے خبردار نہین ہوتے تھے اور راستہ اُس دروازہ کا جو دہلی کیجانب ہی دوسری راہون سے بہت آسان تھا القصہ سلطان احمد شاہ گجراتی نے محاصرہ مین صرفہ ندیکھکر ترک محاصرہ کیا اور ولایت کے تاخت وتاراج مین مشغول ہوا اور اُجین سے گذر کر سارنگپور کیطرف متوجہ ہوا اور سلطان ہوشنگ نے اِس امر پر مطلع ہوکر دوسرے راستہ سے بطور تاخت اپنے تئین حصار سارنگپور مین پہونچایا اور ازراہ فریب سلطان احمد شاہ کو یہ پیغام بھیجا کہ حق اسلام درمیان مین ہی تاراجی اُنکی ولایت کی

تاراپاور

اور خونریزی اُن کی بہت وبال رکھتی ہی اور کیونکر صف جنگ آراستہ ہووے کہ مسلمان جماعت جماعت اور فوج فوج کشتہ ہونگے لائق وانسب یہ ہی کہ زیادہ تر اس سے خرابی نہ پسند کرین اور عنان عزیمت اپنے دارالملک کی طرف منعطف کرین کہ پیچھے سے ایلچی مع پیشکش پہونچیگا سلطان احمد شاہ گجراتی نے اعتماد اُسکی باتون پر کرکے اُس رات کو لشکر کی محافظت اور حزم واحتیاط مین تامل اور تساہل کیا اور سلطان ہوشنگ انتظار وقت فرصت کرکے ماہ محرم کی بارھوین تاریخ سنہ ۸۳۲ آٹھسو چھبیس ہجری مین شبخون لایا جو گجراتی غافل تھے انکی طرف کے بہت آدمی قتل ہوے ازانجملہ سلطان احمد شاہ کی بارگاہ کے قریب رائے سامت ولایت دندہ مع پانسو راجپوت کے قتل ہوا اس وقت سلطان احمد شاہ گجراتی اپنے سراپردہ سے برآمد ہوا جب احوال فوج کا دگرگون دیکھا مع ایک شخص اُردو سے برآمد ہوکر صحرا مین ایستادہ ہوا اور صبح کے قریب تمام فوج اُس کے پاس جمع ہوئی اور وہ صبح صادق کے ہوتے سلطان ہوشنگ کی فوج پر تاخت لایا اور معرکہ جدال وقتال کا ایسا گرم ہوا کہ دونون بادشاہ جنگ مین مستعد ہوکر زخمی ہوے آخرالامر سلطان ہوشنگ نے بھاگ کر سارنگ پور کے قلعہ مین دم لیا اور سات ہاتھی جنگی مع غنائم دیگر گجراتیون کے ہاتھ آئے اور ربیع الثانی کی چوتھی کو سلطان احمد شاہ کوچ کرکے بفتح وفیروزی گجرات کیطرف عازم ہوا جب سلطان ہوشنگ نے اس امر سے اطلاع پائی نہایت دلیری وغرور سے قلعہ سارنگ پور سے برآمد ہوکر گجراتیون کا تعاقب کیا اور بہت سے عقب ماندگان کو ہلاک کیا اور سلطان احمد شاہ نے ناچار ہوکر پھر بازگشت کی اور دونون لشکر کے درمیان آتش قتال افروختہ ہوئی اور اول حملہ مین سلطان ہوشنگ نے فوج غنیم کو درہم وبرہم کیا اور سلطان احمد شاہ نے یہ حالت مشاہدہ کرکے خود بنفس نفیس میدان کارزار مین اس قدر کوشش کی کہ نسیم فتح اُسکے نشانون پر چلنے لگی اور سلطان ہوشنگ بازوے شجاعت سست کرکے پھر قلعہ سارنگ پور مین پناہ لے گیا اور اس دن چار ہزار اور نو سو آدمی مالوہی معرکہ اور حالت مفروری مین تیغ بیدریغ سے ہلاک ہوے اور اُنکا تمام ساز واسباب اور اثاثہ مجمل گجراتیون کو نصیب ہوا اور جب سلطان احمد شاہ گجراتی اپنی سرحد پر پہونچا سلطان ہوشنگ شادی آباد مندو مین درآیا اور شکست وریخت اپنی درست کی اور سلطان ہوشنگ کی جا جنگ جانے اور واپس آنے کی یہی قوی روایت ہی جو یہان مذکور ہوا اور دوسری روایت جو کہ ضعف سے خالی نہین وہ وقایع گجرات مین تحریر ہوئی ہی اسی پر اکتفا کی دوبارہ اُس کی تکرار اس مقام مین مناسب نجانکر قلم انداز کی اور سلطان ہوشنگ اسی سال مین قلعۂ کارون کی تسخیر کے واسطے متوجہ ہوا اور عرصۂ قلیل مین اپنے تصرف مین لایا اور پھر اُسی سال قلعہ گوالیار کی عزیمت تسخیر مین بکوچ متواترہ منزل مقصود مین پہونچکر قلعہ کو گھیرا اور بعد ایک مہینے اور چند روز کے سلطان سارنگ شاہ بن خضرخان بیانہ کے راستہ سے رائے گوالیار کی کمک کیواسطے فوج کش ہوا اور جب یہ خبر مشہور ہوئی پائے قلعہ سے برخاست کرکے دہل پور کے تالاب پر گیا اور چند روز کے بعد حرف صلح درمیان مین آیا ایک نے دوسرے کو تحفہ دیکر راضی کیا اور پھر اپنے اپنے دارالملک کی طرف معاودت کی اور سنہ ۸۳۳ آٹھسو بتیس ہجری مین سلطان احمد شاہ بہمنی والی دکن نے قلعۂ کی جانب بہ قصد تسخیر نہضت فرمائی بعد وصول بمترل احاطہ کرکے اس کی تسخیر مین ساعی ہوا اور ضابطہ حصار یعنی زمستگیر رائے

مقتول کے فرزند نے جو سلطان ہوشنگ کی طرف سے وہانکا حاکم تھا سلطان ہوشنگ کے پاس ایلچی بھیجکر امداد طلب کی چنانچہ سلطان ہوشنگ اس طرف روانہ ہوا جب قلعہ کھیرلہ کے قریب پہونچا دکنی کوچ کرکے اپنی ولایت کیطرف متوجہ ہوئے اور ہوشنگ شاہ نے یہ امر دکنیون کے عجز اور کم ہمتی پر گمان کیا اور سمجھا کہ اُنھون نے ہم سے دب کر ترک محاصرہ کیا پھر راے کھیرلہ کے بھڑکانے سے تعاقب کیا اور سلطان احمد شاہ بہمنی مع چند امراے خاصہ خیل کمین مین ایستادہ ہوا اور باقی لشکر کو مقابلہ اور مقاتلہ کیواسطے مامور کیا اور سلطان ہوشنگ کہ بطور تاخت تعاقب کرکے مسافت طے کرتا تھا اثنائے راہ مین فوج دکنیون کو آمادہ قتال اور مستعد جدال دیکھکر ایستادہ ہوا ہر چند لشکر اپنا قلیل دیکھا لیکن مردم عقب کے آنیکا انتظار نہ کھینچکر محاربہ مین مشغول ہوا شاہ احمد بہمنی تدبیر موافق تقدیر سے جانکہ کمین گاہ سے باہر آیا اور سلطان ہوشنگ کی پشت کی طرف سے آنکر حملہ آور ہوا اور سلطان ہوشنگ جو ان لوگون سے بے خبر تھا مضطرب ہوا اور بعادت قدیم دکنیون سے شکست فاحش پاکر اموال و اثقال چھوڑکر بھاگا اور اُسکی عورتین اور بیٹیان تمام مردم فوج کے ہاتھ اسیر ہوئین اور سلطان احمد شاہ اس جماعت کی گرفتاری سے آگاہ ہوکر طریق مروت مسلوک رکھکر اسی وقت خواجہ میران معتمد کو معین کرکے اُن کی حفاظت مین نہایت درجہ کوشش کی اور لوازم ضیافت اور مہمانداری بجالاکر ہر ایک کو جامہ زرین اور فاخرہ سے اختصاص بخشا اور مروم امین اور دیانت دار کے ہمراہ کرکے مع پانسو سوار سلطان ہوشنگ کے پاس بھیجا اور سنہ ۸۳۰ آٹھ سو تیس ہجری مین ہوشنگ شاہ بقصد تسخیر کالپی کہ جو عبد القادر نام نوکر سلطان مبارک شاہ بادشاہ دہلی کے تصرف مین تھا مندو سے متوجہ ہوا جب اُس نواح مین پہونچا سنا کہ سلطان ابراہیم شرقی بھی مع لشکر بسیار اپنے دار الملک جونپور سے کالپی کی تسخیر کیواسطے بکوچ متواتر آتا ہی ہوشنگ اُسکا دفع تسخیر کالپی پر مقدم رکھکر اُسکی جنگ مین متوجہ ہوا جس وقت دونون لشکر قریب پہونچے اور تنور جنگ آج کل مین گرم ہونے پر تھا شاہ ابراہیم شرقی کو خبر پہونچی کہ سلطان مبارک شاہ فرمانروا دہلی انتظار وقت کرکے جونپور کیطرف عازم ہوا ہی سلطان ابراہیم یہ خبر سنتے ہی عنان اختیار ہاتھ سے دیکر جونپور کی طرف راہی ہوا اور سلطان ہوشنگ بلا جنگ کالپی پر متصرف ہوا اور خطبہ اپنے نام پڑھا اور چند روز وہان رہکر وہان کی حکومت عبد القادر کو جو سابق مین وہان کا حاکم تھا عطا فرماکر مالوہ کی طرف مراجعت کی اثنائے راہ مین تھانہ داروں کی عرضیان پہونچین کہ کوہ حاجیہ کی طرف بدمعاشون نے ولایت مین آنکر بعضے مواضع اور قریات کو تاخت کرکے حوض بھیم کو ملجا و ماوا اپنا کیا ہی اور حوض بھیم کی کیفیت اس طور پر ہی کہ راجہ بھیم نے اپنے عہد دولت مین ایک مسافت کو کہ درمیان کوہ ہاے اُس کی ولایت کے واقع ہی سنگ کو تراش کر بند باندھا تھا اور عرض و طول اُس کا اس قدر ہی کہ دوسری طرف سے دکھائی نہین دیتا اور عمق اُس کا پیدا نہین الغرض بروقت پہونچنے عرائض تھانہ داران سلطان ہوشنگ کی اولاد مین ایک نزاع واقع ہوئی شرح اُس واقعہ کی یہ ہی کہ سلطان ہوشنگ کے سات فرزند اور تین دختر تھین اور تین بیٹے عالم خان حاکم آسیر کی بیٹی سے متولد ہوے تھے عثمان خان اور فتح خان اور ہیبت خان یہ آپس مین متفق تھے اور تین بیٹے دوسرے احمد خان اور عمر خان اور ابو اسحاق اُسکے بڑے بیٹے غزنین خان سے اتحاد رکھتے تھے اور ہمیشہ سے عثمان خان اور غزنین خان کے درمیان

نزاع تھی ایک جماعت امرا اور سپاہ سے اس کی طرف اور کچھ اُس کی جانب تھے اور سلطان ہوشنگ اس مخالفت سے کلفت رکھتا تھا اور ملک مغیث اور بیٹا اُسکا محمود خان کہ نہایت عاقل اور کاروان تھے سلطان کی طلب رضامین کوشش کرتے تھے اور غبار آزار بطرز دلپذیر اسکی لوح خاطر سے دور کرتے تھے چنانچہ مکرر سلطان کی زبان پر گذرا کہ محمود خان میری ولیعہدی کی لیاقت رکھتا ہے ملک مغیث نے نہایت عجز و انکسار سے عرض کیا کہ شاہزادون کی عمر و راز ہو ہم دو بندہ ہین کہ ہمین خدمتگاری اور جانسپاری کے سوا کوئی اور امر مرکوز خاطر نہین ہے اور کالپی کے راستہ مین ایک روز عثمان خان نے اپنے بڑے بھائی غزنین خان کی نسبت بہت بے ادبی کی یہانتک کہ ایک اپنے نوکر کو سلطان زادہ غزنین خان کی حرم سرا مین بھیجا اور اُسنے جاکر غزنین خان کو بُرا بھلا کہا ہرچند پردہ داروں اور خواجہ سراؤن نے منع کیا ممنوع نہوا آخر کو اُن دونون کے درمیان مارپیٹ کی نوبت پہونچی ایک نے دوسرے کو لات اور گھونسا مارا اور شہزادہ عثمان خان اپنی قباحت پر خیال کرکے باپ کے غضب سے ڈرا اور اُردو سے نکل گیا پھر اس مقام مین اوکسی امر کا مرتکب نہوا اور امرائے عاقبت اندیش کو بوعدہ ہاے دلفریب فریفتہ کرکے عذر پر آمادہ ہوا اور سلطان ہوشنگ اُن برائیون سے واقف ہوکر زیادہ غضبناک ہوا اور ملک مغیث کے ساتھ مشورہ کرکے انجام کار کی تدبیر کا جویا ہوا اس نے یہ التماس کی کہ جو شاہزادون سے اس قسم کی حرکتین اور برائیان کرر سکر رظہور مین آئین اور آپ نے انھین معاف فرمائین اس مرتبہ بھی چشم پوشی فرمادین تو شاہزادہ ملازمت مین حاضر ہووے سلطان ہوشنگ نے یہان تک تامل فرمایا کہ عثمان خان تمہید مقدمات کرکے اُردو مین آیا اور جب سلطان ہوشنگ نے بلدہ اُجین مین پہونچکر ایک روز مجلس دربار کو آراستہ کرکے بار عام دیا چنانچہ اس مجلس مین عثمان خان اور فتح خان اور ہیبت خان کو عتاب و خطاب سے ایذا بہت دیکر موکلون کے سپرد کیا اور بعد چند روز تینون شاہزادونکو پابزنجیر کرکے ملک مغیث کے سپرد کرکے قلعہ شادی آباد مندو کی طرف بھیجا اور خود بدولت و اقبال کوہ جابیہ کے بدمعاشون اور سرکشون کی گوشمال مین متوجہ ہوا اور بہ کوچ متواتر جاکر حوض بھیم کا بند توڑا اور وہان سے بسبیل استعجال طی مسافت کرکے اُس حدود کے متمردون کو تیغ بیدریغ سے ہلاک کرکے خاک ذلت پر ڈالا اور کوہ جابیہ کا راجہ پیادہ پا جنگل کیطرف بھاگ گیا اہل و عیال اور مال و منال اس کا لشکر اسلام کے ہاتھ آیا قصبہ اور شہر غارت ہوا اور لڑکے اور لڑکیان بہت دستگیر ہوے اس وقت سلطان ہوشنگ نے مظفر اور منصور ہوکر اپنے دارالملک کی طرف مراجعت کی اور قلعہ ہوشنگ آباد مین موسم برسات بسر کیا اس عرصہ مین ایک دن بقصد شکار سوار ہوا اتنا ے سیر مین لعل بدخشانی تاج سلطانی سے جدا ہوکر گر پڑا اور تیسرے دن ایک پیادہ نے لاکر حضور مین گذرانا پانسو تنکہ انعام فرمائے اور سلطان ہوشنگ نے ساتھ اس تقریب کے ایک حکایت نقل کی کہ ایک دن ایک لعل سلطان فیروز شاہ کے تاج سے جدا ہوکر گر پڑا اور اُسے بھی ایک پیادہ نے لاکر گذرانا فیروز شاہ نے اُسے پانسو تنکہ مرحمت فرمائے اور یہ ارشاد کیا کہ یہ علامت اور تشبیہ آفتاب عمر کے غروب ہونیکی ہے اور بعد چند روز کے اس دار فانی سے رحلت کی اور مین بھی جانتا ہون کہ فرمان میری عمر کا پیچیدہ ہوا اب چند نفس سے زیادہ تر باقی نہین ہے حضار مجلس بعد دعاوثنا کے عرض پیرا ہوئے کہ سلطان فیروز شاہ نے

یہ بات اُس روز کہی تھی کہ عمر اُس کی نوے سال کو پہونچی تھی اور حضرت سلطان ابھی آغاز جوانی اور کامرانی مین ہین سلطان ہوشنگ نے کہا انفاس عمر زیادہ اور کم نہین ہو سکتے جوان اور بوڑھے کو اس امر نا گزیر سے چارہ نہین اس بارہ مین حق سبحانہ تعالیٰ فرماتا ہی اذا جاء اجلھم لا یستاخرون ساعۃ ولا یستقدمون آخرش جو سلطان نے فرمایا تھا وہی ہوا یعنی چند روز کے بعد سلطان مرض سلس البول مین متبلا ہوا اور جب ضعف طبیعت پر غالب ہوا اور آثار انتقال اور علامات ارتحال اپنی ذات پر مشاہدہ فرمائے ہوشنگ آباد سے شادی آباد مندو مین تشریف لایا اور ایکدن دربار عام کرکے امرا اور وزرا اور افسران سپاہ کے سامنے انگوٹھی سلطنت کی اپنے خلف الصدق غزنین خان کو عنایت فرمائی اور اسے ولی عہد کرکے ہاتھ اُسکا ملک محمود المخاطب بہ محمود خان کے سپرد فرمایا اور محمود خان نے لوازم آداب بجالاکر عرض کی کہ جب تک بندہ کی ایک رمق زندگانی سے باقی رہیگا بندہ اپنے تئین خدمتگذاری اور جان نثاری سے معاف نرکھیگا پھر سلطان نے امرا اور وزرا سے عموماً وصیت فرمائی کہ میدان مملکت کو غبار نفاق اور دشمنی سے مکدر نکرین اور جو فراست اور دوراندیشی سے دریافت کیا تھا کہ محمود خان داعیہ رکھتا ہی کہ امر سلطنت ساتھ میرے منتقل ہووے لہذا اُس دن اُسکے کان حسب الامکان در نصائح اور مواعظ سے گرانبار کیے اور حقوق پرورش اُسے یاد دلاکر کہا کہ سلطان احمد شاہ گجراتی باشوکت اور صاحب شمشیر ہوا اور ہر وقت ارادہ تسخیر مالوہ کا دل مین رکھکر فرصت وقت کا منتظر ہوا گر انجام مہام مملکت اور پرداخت احوال سپاہ اور رعیت مین تساہل واقع ہوگا اور شاہزادہ کی جانب داری پوری نہوگی قوالبتہ عزم تسخیر اس ولایت کا مصمم کرکے آپ کی جمعیت کو تفرقہ سے مبدل کرے گا اور دوسری منزل مین غزنین خان نے محمود خان نامے کو جو عمدۃ الملک خطاب رکھتا تھا محمود خان وزیر کے پاس بھیجکر پیغام دیا کہ اگر حضرت وزارت پناہی عقد بیعت کو ساتھ سوگند کے موکد کرے باعث اطمینان خاطر ہووے محمود خان نے شہزادے کی ملتمس قبول کرکے عہد و پیمان کو ساتھ ایمان کے مضبوط کیا اور بعضے امرا جو عثمان خان کے خواہان تھے وہ خواجہ نصر اللہ کے وسیلہ سے عرض گذار ہوے کہ شاہزادہ عثمان خان بھی جوان شایستہ اور فرزند خلف ہی اگر قید سے رہا فرماکر ہلاوہ مالوہ سے ایک حصہ اُس کی جاگیر کے واسطے مقرر کیا جاوے انسب ولائق معلوم ہوتا ہی سلطان ہوشنگ نے کہا اس امر نے میرے بھی دل مین خطور کیا تھا لیکن اگر مین عثمان خان کو قید سے رہا کرونگا امر سلطنت خلل پذیر ہوکر فساد عظیم مملکت مین پیدا ہوگا اور جب غزنین خان نے سنا کہ بعضے امرا نے عثمان خان کی رہائی مین سعی کی ہی پھر محمود خان المخاطب بعمدۃ الملک کو ملک محمود المخاطب بہ محمود خان کے پاس بھیجکر پیغام کیا کہ اگر آپ حضور مین فقیر کے اس مضبوط عہد کو ساتھ قسم کے استحکام دیوین اور بھی اطمینان حاصل ہووے پھر ملک محمود المخاطب بہ محمود خان وزیر نے راستہ مین شہزادہ کی سواری مین جاکر قسم کھائی کہ جب تک ایک رمق حیات سے باقی رہی رکاب حضور کو ہاتھ سے نہ چھوڑونگا امرا جب اس امر پر واقف ہوے ملک عثمان خان جلال کو جو امرائے کبار اور سردار معتبر سے تھا ملک مبارک غازی کے ہمراہ کرکے محمود خان کی خدمت مین بھیجا اتفاقاً محمود خان المخاطب بعمدۃ الملک ملک محمود المخاطب بہ محمود خان کی ملازمت مین حاضر تھا وہ دونون امیر محمود خان کے پاس آئے محمود خان وزیر نے محمود خان المخاطب بعمدۃ الملک کو خرگاہ مین

چھوڑکر خود نکلکر خرگاہ کے باہر نشست کی تاکہ جو کچھ مذکور ہووے عمدۃ الملک بھی سُنے پھر ملک مبارک غازی نے دعا شہزادۂ عثمان اور امرا کی طرف سے پہونچکر معروض کیا کہ جب سے آپ امر سلطنت اور وزارت پر نیکنام ہوئے مثل آپ کے اور کوئی وزیر مسند وزارت پر متمکن نہوا لیکن تعجب کا مقام ہی کہ باوجود اسکے کہ عثمان خان ساتھ زیور سخاوت اور شجاعت اور انصاف اور رعیت پروری کے آراستہ ہی آپ نے ولی عہدی شاہزادہ غزنین خان کی تجویز فرمائی اور علاوہ اسکے شہزادہ عثمان خان دامادی کی نسبت بھی ملک مغیث الخاطب بملک شرف کے ساتھ رکھتا ہی اور فرزند اس کے آپ کے فرزند ہوتے ہین اور اگر ضعف سلطان پر غالب نہوتا اور اُس کے حواس مین فتور راہ نپاتا کبھی اس امر پر پیشقدمی نکرتا اب جمیع خوانین اور امرا استدعا کرتے ہین کہ توجہ اپنی شاہزادہ عثمان کے شامل حال کرکے ہاتھ مرحمت کا اس کے سر پر سے نہ اٹھاوین ملک محمود الخاطب بہ محمود خان جو چاہتا تھا کہ عثمان خان کہ فی الواقع رشید اور شائستہ سلطنت ہی درمیان مین نرہے یعنی قتل ہوجاوے اسواسطے جواب دیا کہ بندہ کو بندگی سے کام ہی خداوندی اور صاحبی سلطان جانے مین اپنی کمر بہر امر فضول کے گردنہ پھراہون نہ پھروںگا الغرض ملک مبارک غازی جب رخصت ہوا محمود خان المخاطب بعمدۃ الملک کو باہر طلب کرکے یہ بات کہی جاتو نے جو کچھ سنا ہی شاہزادۂ غزنین کے گوش زد کرچنانچہ عمدۃ الملک غزنین خان کی خدمت مین حاضر ہوا اور تمام ماجرا اُس سے تقریر کیا غزنین خان ملک محمود الخاطب بہ محمود خان کی طرف سے مطمئن اور خوشحال ہوا اور بعد اُس کے امرا سلطان ہوشنگ کی زیست سے مایوس ہوئے مظفر خان کہ وکیل ملک عثمان جلالی کا تھا اس فکر مین ہوا کہ شہزادہ عثمان کے نگہبانون اور محافظون کو ساتھ اپنے متفق کرکے عثمان خان کو مفرور کرے اس نیت سے سلطان کے اردو سے بھاگا اور جب یہ خبر ملک محمود کو پہونچی فوراً شاہزادہ غزنین خان کو واقف کیا اور وہ اس کے تدارک مین مشغول ہوا اور ملک حسن اور ملک برخوردار کو حکم فرمایا کہ بچاس گھوڑے اصطبل سے حاضر کرے داروغۂ اصطبل جو عثمان خان کا ہوا خواہ تھا اس نے یہ جواب دیا کہ ابھی سلطان زندہ ہی مین بغیر حکم اُسکے ایک گھوڑا نہ دونگا اور اُسنے فی الفور جاکر ایک خواجہ سرا سے کہ وہ بھی شہزادۂ عثمان خان کا خیر خواہ تھا یہ بات تقریر کی خواجہ سرا نے اس امر کو غضب سلطانی کا باعث تصور کرکے داروغۂ اصطبل کو تعلیم فرمایا کہ تو بادشاہ کی خوابگاہ کے قریب جاکر یہ بات باآواز بلند کہ تاکہ سلطان سنے اور اس کے دل مین یہ خطور پیدا کرے کہ مین ابھی زندہ ہون اور غزنین خان میری حین حیات میرے مال مین دست درازی کرتا ہی داروغۂ اصطبل کے داروغہ نے یہ بات اس آب و تاب سے کہی کہ سلطان نے بیہوشی کے عالم سے کچھ ہوش مین آکر وہ تقریر سماعت کی اور یہ فرمایا کہ میری ترکش کہان ہی اور امرا کو طلب کیا لیکن امرا اس لحاظ سے کہ شاید سلطان نے رحلت کی ہوا اور غزنین خان ازراہ تزویر چاہتا ہو کہ ہمین دستیاب کرکے ضائع کرے سلطان کی خدمت مین حاضر نہوئے لیکن جب یہ خبر غزنین خان کو پہونچی ایک رعب اور ہراس نے اُسکے دل پر غلبہ کیا اور جو کہ خفیف العقل تھا اس تقدمہ کو بغیر دریافت کیے کاشغرون کی ہمت کرکے تین منزل کا فاصلہ تھا بھاگ گیا اور عمدۃ الملک کو محمود خان کی خدمت مین بھیجکر یہ پیغام دیا کہ تمام امرا نے عثمان کی تخت نشینی پر اتفاق کیا ہی اور مین تمھارے سوا کسی کو اپنا خیر خواہ نہین رکھتا اور اسوجہ سے کہ سلطان نے ترکش طلب کیے تھے مین ڈرا کہ ایسا نہو مجھے قید کرا کے

بھائیون کے ہمراہ کرے لہذا اُردو سے مفرور ہوکھ یہان آیا ہون محمود خان نے اُسکے درجواب لکھ بھیجا کہ تم سے کوئی امر سلطان کے خلاف مرضی سرزد نہین ہوا ہی اور قصہ طلب کرنے پچاس گھوڑے کا مین کسی تقریب اور محل مین عرض کرونگا پھر غزنین خان نے عمدۃ الملک کو بھیجکر یہ تقریر کی کہ اگرچہ آن وزارت پناہ نے میرا ہاتھ پکڑا ہی لیکن مین جانتا ہون کہ خواجہ سراؤن نے میری طرف سے حرف ناملائم معروض کیے ہین اس خیال سے مجھے خوف مستولی ہوا محمود خان نے جواب دیا کہ یہان کسی طرح کا قضیہ اور بحث نہین ہی آپ شوق سے اُردو مین تشریف لاوین کہ وقت تنگ ہوا اور آفتاب غروب ہونے پر ہی اور ایک خط عمدۃ الملک کے روبرو تحریر کرکے ملک مغیث کو بھیجا مضمون اُسکا یہ تھا کہ حضرت سلطان نے غزنین خان کو ولیعہد اور اپنا قائم مقام فرمایا ہی اور بیماری نے حضرت کو ایسا نحیف اور ناتوان کیا ہی کہ مقربون نے امید حیات قطع کی ہی چاہیے کہ تم شہزادہ عثمان کی محافظت مین نہایت کوشش اور اہتمام کرو جب عمدۃ الملک نے غزنین خان کی خدمت مین یہ پیغام پہونچایا اور خط کا بھی مضمون نقل کیا غزنین خان مسرور ہوکر اُردو مین آیا خانخانان بخشی الممالک اور خواجہ سرا جو عثمان خان کے ترقی خواہ تھے اُنھون نے جب دیکھا کہ سلطان کی شمع حیات گلگیر قضا سے قطع ہونے پر ہی آپس مین یہ مشورہ کیا کہ علی الصباح بغیر اُس کے کہ امر محمود خان کو اطلاع دیوین ہم سلطان کو پالکی مین ڈالکر بسرعت تمام مندو کیطرف روانہ ہون اور شہزادہ عثمان خان کو محبس سے برآوردہ کرکے تخت سلطنت پر بٹھاوین سب نے یہ رائے پسند کی چنانچہ دوسرے روز فجر کو سلطان کو پالکی مین ڈالکر بتعجیل تمام روانہ ہوے اور جب تھوڑی راہ طی کی سلطان بقضاے الٰہی سے دار البقا کی طرف عازم ہوا اور محمود خان نے یہ سانحہ سنکر آدمی بھیجکر خواجہ سراؤن اور مقربون کو ملامت کی اور پالکی سلطان کی روکی جب محمود خان اور غزنین خان شاہزادہ نے وہان پہونچکر نزول کیا اور خواجہ سراؤن کو تعجیل کے بارہ مین چشم نمائی کی اُنھون نے جواب دیا کہ سلطان حین حیات مین تعجیل کرتا تھا کہ تم مجھے جلد شہر کے اندر لے چلو ہم اُس کے حکم کے موافق روانہ ہوئے شہزادہ اور محمود خان نے یہ بات سُنکر کچھ جواب نہ دیا پھر محمود خان بارگاہ سلطانی نصب کرکے تجہیز و تکفین مین مشغول ہوا اور ہر ایک امرا ایک گوشہ کیطرف روانہ ہوے اور محمود خان بعد تجہیز و تکفین کے برآمد ہوا اور باواز بلند کہا کہ سلطان ہوشنگ نے امر حق کے سبب وفات پائی اور غزنین خان کو جو خلف الصدق اس کا ہی اپنا ولی عہد اور قائم مقام کیا جو شخص کہ اِسکی سلطنت پر راضی اور موافق ہووے بیعت کرے اور جو مخالف ہووے وہ لشکر سے جدا ہوکر اپنی فکر مین رہے یہ کہکر غزنین خان کے ہاتھ کو بوسہ دیکر بیعت کی اور سلطان کو یاد کرکے بہت رویا پھر ہر ایک امرا غزنین خان کا قدم چومنے لگے اور ہاے ہاے کرنے لگے اور جو ساتھ سلطنت غزنین خان کے امرا اور بزرگان وقت نے بیعت کی اس سبب سے سلطنت نے استحکام قبول کیا پھر سلطان ہوشنگ کا جنازہ اُٹھاکر شادی آباد مندو کے مدرسہ کی طرف متوجہ ہوے اور ذیحجہ کی نوین تاریخ روز عرفہ کو اُس شاہ جم جاہ کو پیوند زمین کیا

نظم

کجا اند شاہان جم اقتدار	ز ہوشنگ و جم تا باسفندیار	فریدون و کیخسرو و جام کو
کجا رفت شاپور و بہرام کو	ہمہ خاک دارند بالین و خشت	خنک آنکہ جز نام نیکی نہ کشت

اُس کے بعد سلطان ہوشنگ کے قصر مین مجلس عالی آراستہ ہوئی ملک مغیث المخاطب بہ ملک شرف اور خان جہان اور تمام امرا بیعت کرکے لوازم نثار اور اثیار بجالائے اور سلطان ہوشنگ کی مدت سلطنت تیس برس تھی تاریخ وفات اُس کی لفظ آہ شاہ ہوشنگ نماند سے مفہوم اور مستفاد ہوتی ہی اور شہر مندو مین حظیرہ شاہ ہوشنگ کا گنبج اور پتھر سے تعمیر ہوا ہمیشہ اندر کی طرف سے پانی ٹپکتا ہی اور مؤلف نے بھی اس کو مشاہدہ کیا ظاہرًا اُس ہوا سے جو پتھر کے سوراخون مین سے آمد و رفت کرتی ہی وہ صلاحیت استحالہ بہم پہونچاکر منقلب بآب ہوتی ہی اور ترشح ہوتا ہی لیکن اہل ہند اسے سلطان ہوشنگ کی کرامات سے جانتے ہین

ذکر سلطنت سلطان غزنین المخاطب بہ محمد شاہ بن سلطان ہوشنگ غوریکا

جب سلطان ہوشنگ بحکم خالق ارض و سما تخت جہانی سے برخاست کرکے سرگریبان عدم مین لے گیا اس کا فرزند غزنین خان ذی الحجہ کی گیارھوین تاریخ ۸۳۸ آٹھ سو اڑتیس ہجری مین ملک مغیث کی کوشش سے اور الملک محمود خان کی سعی کے سبب تاج شاہی زیب سر کرکے تخت سلطنت پر متمکن ہوا اور اپنا سلطان محمد شاہ نام رکھا اور اُمرا جو مختار سلطان ہوشنگ تھے اُنھون نے خوشی اور ناخوشی سے بیعت کی اور ہر شخص اپنی جاگیر قدیمی اور وظیفہ دائمی پر بحال رہا اور ملک مغیث المخاطب بملک شرف اور محمود خان کی حسن تدبیر اور کارفرمائی کے باعث رواج اور رونق تازہ ظاہر ہوئی تمام خلائق اُس کے استقلال سلطنت کی خواہان ہوئی پھر ملک مغیث المخاطب بہ ملک شرف کو مسند عالی خطاب دیکر منصب وزارت پر منصوب کیا اور اُسکے بیٹے ملک محمود المخاطب بمحمود خان کو امیر الامرا کیا لیکن جب بعد چند روز کے بھائیون کو تیغ ظلم سے قتل کیا اور نظام خان اپنے بھتیجے اور داماد کی آنکھون مین مع اسکے تین بیٹون کے سلائی پھیری اس واسطے تمام مملکت کے آدمی اس سے آزردہ اور متنفر ہوئے اور سب کے دلون مین بجاے محبت کے عداوت پیدا ہوئی اور جب برادران مظلوم کی ناحق خونریزی مبارک اور راست نہ آئی تھوڑے عرصہ مین اُس کی مملکت مین آشوب اور فساد برپا ہوا اور ارباب فساد نے نشان بغاوت اور طغیان کے بلند کرکے غبار فساد کا اٹھایا بیت چودہ کروی مشوا ہین زآفات باکہ واجب شد طبیعت را مکافات ازانجملہ ولایت ناوونی کے راجپوتون نے قدم دائرۂ اطاعت سے باہر رکھا اور کچھ ولایت کو تاخت اور تاراج کیا جب یہ خبر سلطان محمد شاہ کو پہونچی خان جہان کو ربیع الاول کی پندرھوین تاریخ ۹۳۹ نوسو انتالیس ہجری مین دس زنجیر فیل اور خلعت خاص دے کر اُس جماعت کی تادیب کے واسطے تعین فرمایا اور سرانجام مہام سپاہ اور ولایت کو طاق نسیان پر رکھکر مے نوشی کا حاوی ہوا ہمیشہ صبوح کو ساتھ غبوق کے اور غبوق کو ساتھ صبوح کے پیوستہ رکھتا تھا جب خان جہان محمود خان کے عزیز و اقارب نے جاگیرین خوب پائین اور اُن کی حشمت و شوکت درجۂ اعلی کو پہونچی تمام گروہ لشکر اور مردم شہر اور اعیان و ارکان کو عمدہ اُس دولتخانہ کے سمجھتے اور محمود خان اُن سے دغدغہ رکھتا تھا

خان جہان کے ہمراہ گئے اور کسی کو اندیشہ اُس جماعت کے مقابلہ کا دل مین نہ رہا ایک جماعت مردم قدیم و دنخواہ نے انتقال سلطنت اور زوال دولت غوریہ سے متوہم ہوکر ایک حرم کے ذریعہ سے یہ پیغام بھیجا کہ محمود خان کے دماغ مین زائغ حرص نے بیضۂ عجب و نخوت کا رکھا ہے اس فکر مین ہے کہ سلطان کو درمیان سے اُٹھاکر سریر سلطنت پر بیٹھے اور سلطان محمد نے ساتھ اُن آدمیون کے اتفاق کرکے فرمایا کہ پیشتر اُس سے کہ یہ خیال فاسد اُسکا وقوع مین آوے اُسے درمیان سے اُٹھا یا چاہیے اور جب یہ خبر محمود خان کو پہونچی کہا الحمد للہ علی کل حال کہ نقض عہد میری طرف سے نہوا یہ کہکر اپنے کام کی فکر مین ہوا یعنی ہر وقت سامان کی فکر مین رہتا تھا اور از روے احتیاط اور ہوشیاری سلطان محمد کے پاس آمد و شد کرتا تھا اور جو سلطان محمد طریقہ ہوشیاری کا محمود خان سے مشاہدہ کرتا تھا باعث زیادتی خوف و ہراس ہوتا تھا یہان تک کہ ایک روز محمود خان کا ہاتھ پکڑکر حرم سرا مین لیگیا اور اپنی بی بی کو جو محمود خان کی ہمشیرہ ہوتی تھی بلاکر یہ بات کہی کہ محمود خان سے مین کہتا ہون کہ میرا گناہ بخش اور امید یہ ہے کہ مجھے مضرت جانی نہ پہونچادے اور یہ سلطنت تجھے بے نزاع اور مخالفت مبارک ہو محمود نے یہ سنکر جواب دیا کہ سلطان کی خاطر عاطر سے شاید عہد و پیمان فراموش ہوا کہ ایسے کلام زبان پر لاتے ہین اگر کسی منافق نے اپنی غرض فاسدہ کے لیے عرض اقدس مین پہونچایا ہو آخر کو وہ نادم اور پشیمان ہوگا اگر میری جانب سے سلطان کے دل مین کسی طور کا دغدغہ ہو مین اس وقت تنہا ہون اور میرے پاس کوئی ممانعت اور مزاحمت پہونچانے والا نہین ہے **بیت** گر سر بسر داری اینک دل ✦ ور سر قمر داری اینک جان ✦ سلطان محمد نے عذر کیا اور طرفین سے کلام ملایمت اور چاپلوسی درمیان مین آئے لیکن سلطان خفیف العقل کے دل پر جو واہمہ غالب ہوا تھا ہر لحظہ وہ امر کہ شعر نا اعتمادی ہووے اس سے سرزد ہوتا تھا اس واسطے محمود خان حصول مطلب مین جد و جہد بہت کرنے لگا اور سلطان محمد کے ساقی کو زر کثیر دیکر موافق کیا اور اُس نے شراب زہر آلودہ کرکے اُسے پلائی وہ اسکے سبب سے ایسا مست اور مدہوش معلوم ہوتا تھا کہ صور اسرافیل سے بھی خواب عدم مین نہ چونکیگا اور عالم سکرات مین سلطان محمد مظلوم مسموم کی زبان حال ساتھ اس مقال کے مترنم تھی **قطعہ** دمی چند گفتم برآرم بکام ✦ دریغا کہ بگرفت راہ نفس ✦ دریغا کہ برخوان الوان دہر ✦ دمی چند خوردیم و گفتند بس ✦ جب امرا اس سے واقف ہوئے حواجہ نصر اللہ وزیر اور شیر الملک اور لطیف زکریا اور بعضے سردارون نے اتفاق کرکے خبر فوت اس کی پوشیدہ رکھی اور شہزادہ مسعود خان بن محمد شاہ کو جو تیرہ برس کا تھا حرم سے باہر لائے اور تخت سلطنت پر بٹھایا اور سب نے یہ تجویز کی کہ جس حیلہ اور تدبیر سے ممکن ہو محمود خان کو درمیان سے دفع کرین پھر بایزید شیخا کو ملک محمود المخاطب بہ محمود خان کے پاس بھیجکر یہ پیام دیا کہ سلطان محمد تمھین بسرعت طلب کرکے چاہتا ہے کہ رسالت کے واسطے گجرات کی طرف بھیجے محمود خان سلطان محمد کے فوت سے آگاہ تھا جواب دیا کہ مین شغل دنیوی سے دست کش ہوکر چاہتا ہون کہ باقی عمر سلطان ہوشنگ کے مزار کا مجاور رہون لائق ہے کہ امرا میرے مکان پر آوین اور آپس مین مشورہ کرین جو کچھ قرار پاوے جاکر معروض رکھین ملک بایزید شیخا نے آن کر امرا کو یہ خبر دی کہ محمود خان ابھی سلطان محمد کی فوت سے آگاہ نہین ہے تم باتفاق اُس کے مکان پر چلو وہ

تمھارے ہمراہ دو تنخانہ مین آوے گا اُسوقت تمھین جو امر منظور ہی اُس کے انجام مین کاربند ہونا امرا یزید شیخا کے کہنے کے سبب محمود خان کے پاس گئے اور اُسنے آدمی اپنے گوشون مین پوشیدہ کر رکھے تھے جب امرا سے اُسنے پوچھا کہ سلطان ہوشیار ہوا یا مست پڑا ہی اسی وقت لوگ حجرے سے برآمد ہوکر امرا پر تاخت لائے اور سب کو مقید کرکے موکلون کے سپرد کیا جو یہ خبر حیرت اثر باقی امرا نے سُنی رگ حمیت اور غیرت جنبش مین آئی سپاہ ہمراہی اپنے جمع کیے اور حشم سلطانی کو مستعد کرکے چتر ہوشنگ شاہ کی قبر سے اُٹھاکر مسعود خان کے فرق پر بلند کیا محمود خان یہ خبر سنکر گھوڑے پر سوار ہوکر مع فوج دولت خانہ کی طرف متوجہ ہوا تا شاہزادۂ مسعود کو دستیاب کرکے اپنے دل کی تمنا پوری کرے جب دولت خانہ کے قریب پہونچا طرفین دست بہ شمشیر و نیزہ و تیر ہوکر جنگ مین مشغول ہوئے اور غروب آفتاب تک معرکہ جدال و قتال گرم رہا جب خسرو فلک اپنا نیزہ شعاع لیکر پس پردہ پوشیدہ ہوا شاہزادہ عمر خان نے قلعہ کے دروازہ سے نکلکر راہ فرار نالی اور مسعود خان نے شیخ جابلدہ کے پاس جو بزرگان وقت سے تھا پناہ لی اور باقی امرا نے بھاگ کر گوشۂ عافیت مین دم لیا اور محمود خان صبح تک مستعد اور مسلح ایستادہ رہا جب سپیدہ صبح کا تاریکی شب سے ظاہر ہوا محمود خان کو مخبرون نے یہ خبر پہونچائی کہ دولت خانہ خالی ہی اور تمام مخالف جاے محفوظ مین پوشیدہ ہوے محمود خان دولت خانہ مین آیا اور ایک مکتوب بیک تیز رفتار کے ہاتھ اپنے باپ کی طلب مین روانہ کیا مضمون اس کا یہ تھا کہ سلطنت آپ کا حق ہے جلد تشریف لاکر تخت سلطانی پر جلوس فرمائیے اور یہ بھی پیغام دیا کہ جو جہان کو بغیر جہانبان کے چارہ نہین ہی اگر تخت سلطنت وجود بادشاہ سے خالی رہے جہان مین حادثہ زمانہ سے قسم قسم کے فساد متولد ہوون کہ تدارک اُسکا اشکال ہووے اور مملکت مالوہ نے ایک وسعت قبول کی ہی اور مفسدون اور متمردون نے ابھی خواب غفلت سے سر نہین اُٹھایا ہی ورنہ ہر طرف سے فساد برپا ہوتا خان جہان نے جواب بھیجا کہ جب تک کوئی شخص عالی نسب اور کمال سخاوت اور شجاعت اور زیادتی عقل سے موصوف نہو مہات سلطنت اُسکے رواج اور رونق سے انجام نہین پاتے الحمد للہ علی احسانہ کہ جمیع صفات کہ جو سلاطین مین چاہئے ہین اس فرزند ارجمند مین موجود ہین لازم ہی کہ ساعت سعید مین بساط سلطنت پر قدم رکھکر سریر فرمانروائی پر جلوس فرماوے جب ایلچی یہ جواب لایا تمام امرا اور بزرگان ممالک اور اکابر شہر نے اُس کا ہاتھ چوم کر مبارکباد سلطنت دہلی دی سچ ہی **بیت** یکے گر رود دیگر آید بجاے ۔ جہان رانما ند بے کتخداے ۔ سلطان محمود شاہ غوری کی مدت حکومت ایک سال اور چند ماہ تھی

ذکر سلطان محمود خلجی کی سلطنت کا

مخفی نہ رہے کہ کتب تواریخ ہند خصوصًا تاریخ الفی سے جو مرقوم قلم زرین رقم میرے استاد ملا احمد تنوی سے ہی واضح ہوا کہ جب اولاد غوریہ متاصل ہوئی ماہ شوال کی انتیسوین تاریخ روز دوشنبہ سنہ ۸۳۹ آٹھ سو انتالیس ہجری مین سلطان محمود خلجی نے تخت سلطنت اور سریر خلافت مالوہ پر جلوس فرمایا اور

تاج مرصع زیب فرق کرکے سر ہمت کا آستان سلطنت پر جھکا کر بار مقصود کو دوش سعادت پر رکھا اور سن اوس کا اس وقت مین چونتیس سال کا تھا کہ کل بلاد مالوہ مین خطبہ اور سکہ اُس کے نام ہوا اور جمیع امرا کو باقسام عنایت و انواع نوازش مسرور کرکے ہر ایک کا مشاہرہ اور وظیفہ اور مرتبہ افزون کیا اور ان مین سے ایک جماعت کو انتخاب کرکے خطاب دیے ازان جملہ مشیر الملک کو نظام الملک خطاب دیکر منصب وزارت اُس کے دست اقتدار مین سپرد کیا اور ملک برخوردار کو تاج خان لقب دیکر عہدہ بخشی گری ممالک اُس کے تفویض فرمایا اور خانجہان کو امیر الامرا کرکے خلاصہ مالوہ اُس کے سپرد کرکے خطاب اعظم ہمایون ارزانی رکھا اور چتر اور ترکش سفید کہ شان سلاطین تھی عطا فرماے اور حکم دیا کہ نقیب اور چوبدار اعظم ہمایون کے عصا طلائی اور نقرئی ہاتھ مین لیوین جس وقت سوار ہووے بسم اللہ الرحمن الرحیم کہ اُس زمانہ مین قاعدہ خاصہ سلاطین تھا زبان پر جاری کرین جب سلطنت نے اُس پر قرار پایا ہمت عالمون اور فاضلون کی پرورش اور پرداخت پر مصروف فرمائی جس مقام مین کسی اہل کمال کو سنتا تھا روپیہ بھیجکر اُسے طلب کرتا تھا اور اپنی ولایت مین مدرسہ جاری کرکے تبقرری وظائف علما اور فضلا اور طلبا کو فائدہ رسانی عوام مین مشغول کرتا تھا خلاصہ یہ کہ بلاد مالوہ من جمیع الوجوہ اس کے ایام دولت مین محسود شیراز اور سمرقند ہوا الغرض جب امور سلطنت نے انتظام اور مہمات مملکت نے اتمام قبول کیا ملک قطب الدین سمنانی اور ملک نصیر الدین دبیر جرجانی اور ایک جماعت اور امراے ہوشنگ شاہی نے ازروے حسد باتفاق ملک یوسف قوام الملک کے ارادہ غدر کا کیا اور اس نیت سے ایک شب کو سیڑھیان بام مسجد پر کہ متصل دولت خانہ محمود شاہ تھی لگا کر چڑھے اور وہان سے صحن قصر مین اُتر کر اس فکر مین تھے کہ اب کیا کرین اس عرصہ مین محمود شاہ بنفس نفیس بملاحظہ اس کیفیت کے بہ کمال شجاعت ترکش کمر پر باندھکر دولتخانہ سے برآمد ہوا اور تیر خانہ کمان مین جوڑ کر کمتون کو ہدف تیر کرکے مجروح کیا اس درمیان مین مشیر الملک المخاطب بہ نظام الملک اور ملک محمد خضر اس حال سے واقف ہوے اور سپاہیان چوکی خانہ کو مسلح کرکے آپہونچے وہ جماعت غدار جس راہ سے کہ آئی تھی مفرور ہوئی لیکن ان مین سے ایک شخص کہ زخم تیر سے مجروح تھا وہ بھاگ نہ سکا اُسے گرفتار کیا اُس نے ہنگام استفسار نام اُن لوگون کے جو اس غدر مین شریک اور داخل تھے فرداً فرداً لکھوا دئے اور سلطان نے سبھونکو علی الصباح سزا یاب کیا اور سلطان زادہ احمد خان بن سلطان ہوشنگ اور ملک یوسف قوام الملک اور ملک نصیر الدین دبیر اگرچہ اس غدر مین دخل تمام رکھتے تھے لیکن اعظم ہمایون نے اُن کی تقصیرات کی معافی چاہی اور شہزادہ کو کہ اسی عرصہ مین برہان پور سے آیا تھا قلعہ اسلام آباد دیا اور ملک یوسف قوام الملک کو قوام خانی خطاب دے کر بھیلسہ جاگیر دی اور ملک جاؤ کو ہوشنگ آباد کی جاگیر اور ملک نصیر الدین کو خطاب نصرت خانی اور جاگیر چندیری عنایت کی اور ان کے لیے جاگیر کی رخصت علی شاہزادہ احمد خان جب اسلام آباد مین پہونچا غبار فتنہ و فساد برپا کیا اور روز بروز جمعیت اور قوت اس کی زیادہ ہوئی اور نائرہ فساد نے عروج پکڑا اعظم ہمایون نے سلطان محمود کے ارشاد

کے موافق پہلے اس کے کان گوہر پند و وعظ سے گرانبار کیے جب کچھ نصیحت اُس کو کارگر نہوئی اس وقت تاج خان کو اُس کے دفع کے لیے نامزد کیا اور وہ ایک مدت تک قلعہ اسلام آباد کے نیچے مقیم رہا جب وہ قلعہ سر نہوا تاج خان نے سلطان محمود سے بذریعہ عرضی التماس کمک کی مقارن اس حال کے مخبرون نے یہ خبر پہونچائی کہ ملک جہاؤ نے ہوشنگ آباد مین اور نصرت خان نے چندیری مین نشان مخالفت اور علم بغاوت بلند کیا ہے پھر ملک مغیث المخاطب بہ اعظم ہمایون نے خان جہان کو اُس گروہ باغی اور مہام ملکی کے انتظام کے واسطے رخصت فرمایا وہ جب دو کوس پر اسلام آباد کے قریب فروکش ہوا تاج خان اور دوسرے سردارون نے اس سے ملاقات کی اور بعد ملاقات کے حقیقت حال مشروحًا عرض کی پھر دوسرے روز کوچ کرکے قلعہ اسلام آباد کی اطراف کو محاصرہ کیا اور مورچے تقسیم کیئے اور اُس کے دوسرے دن ایک جماعت فضلا اور مشائخ کو احمد خان کے پاس بھیجا کہ از سر نو کان اُس کے در نصایح اور جواہر مواعظ سے مملو کرکے نقض عہد اور پیمان کو تجدید کرین علما اور مشائخ نے ہر چند آیات ترغیب و ترہیب پڑھین لیکن دل اُس کا کہ مثل پتھر کے سخت تھا نرم نہوا اور نصایح کے جواب مین کلام ناقص کہکر ناصحان مشفق کو رخصت کیا اور خود قلعہ سے برآمد ہوا اور قوام خان مذکور نے بھی کہ امرا سے نامی سے تھا مخالفت کرکے کچھ اسباب اور آلات حرب اپنے مورچہ سے شہزادۂ احمد خان کے واسطے بھیجکر بنیاد اخلاص کو عہد و پیمان سے مضبوط کیا اور محاصرہ نے طول پکڑا یہان تک کہ ایک دن ایک گویئے نے اعظم ہمایون کی سازش پایا اور مقدمہ کے سبب احمد خان کو زہر شراب مین دے کر ہلاک کیا اور خود قلعہ سے بھاگ کر اعظم ہمایون کی اردو مین پہونچا اور اُسی دن قلعہ فتح ہوا پھر اعظم ہمایون نے اس مقام سے ہوشنگ آباد کی طرف کوچ کیا اور راستہ مین قوام خان اپنے گناہ کا خیال کرکے اعظم ہمایون کی اردو سے مفرور ہوکر بھیلسہ کی سمت گیا اور اعظم ہمایون ملک جہاؤ کی مدافعت مقدم جانکر ہوشنگ آباد کی طرف متوجہ ہوا اور ملک جہاؤ طاقت مقابلہ کی نہ لایا اور تمام اسباب اور اشیا رہنے چھوڑکر کوہ پایہ گنڈواڑہ کی جانب راہی ہوا اور گنڈواڑیون نے جب جانا کہ وہ اپنے ولی نعمت سے روگردان اور منحرف ہوکر آیا ہے ہجوم عام کیا اور سد راہ ہوکر اس کا مال و اسباب لوٹ لیا اور اُس پر بھی اسے زندہ نہ چھوڑا شمشیر خون آشام سے اس کا کام تمام کیا اعظم ہمایون یہ خبر فرحت اثر سنکر نہایت محظوظ اور مسرور ہوا اور قلعہ ہوشنگ آباد مین در آیا اور بند و بست اُس ناحیہ کا بخوبی تمام کیا اور اپنا ایک معتمد وہان چھوڑکر نصرت خان کی گوشمالی کے واسطے چندیری کی طرف عازم ہوا اور جب چندیری کی دو منزل اُدھر پہونچا نصرت خان آپ کو عاجز سمجھکر استقبال کو آیا اور از راہ خوشامد اور چاپلوسی چاہا کہ اپنے اعمال ناپسندیدہ کو خس پوش کرے اعظم ہمایون نے سادات اور اکابر اور شرفاے شہر کو طلب کرکے محضر کیا اور ہر شخص سے احوال نصرت خان کا استفسار فرمایا ہر ایک نے یہ گواہی دی کہ نصرت خان کے دماغ مین زاغ عجب و غرور نے بیضہ رکھا تھا اس سبب سے آثار مخالفت اور طغیان اس سے ظاہر ہوئے پھر اعظم ہمایون نے حکومت چندیری کی نصرت خان سے لے کر ملک الامرا حاجی کاکو کے حوالہ کی اور خود بھیلسہ

کی طرف روانہ ہوا اور چند مرد معتبر قوام خان کے پاس بھیجکر اسے راہ راست کی ہدایت اور دلالت کی لیکن فائدہ نہ بخشا اور آخر کو جب کام اُس پر تنگ ہوا بھیلسہ سے نکلکر بھاگا اور اعظم ہمایون نے وہان چند روز استقامت کی اور اس طرف کے مہمات سے مطمئن ہوکر دارالملک شادی آباد مندو کی طرف متوجہ ہوا اس درمیان مین مخبر یہ خبر لائے کہ سلطان احمد شاہ گجراتی مالوہ کی طرف تسخیر کے واسطے آتا ہی اور شاہزادہ مسعود خان کو کہ سلطان محمود سے امان پاکر گجرات کی طرف گیا تھا مع فوج دریاموج اور بیس زنجیر فیل کوہ تمثیل تعین کیا یہ سنتے ہی اعظم ہمایون بسرعت تمام روانہ ہوا چھ کوس لشکر سلطان احمد شاہ سے گذر کر اپنے تئین تارا پور کے دروازہ سے قلعہ مندو مین پہونچایا اور سلطان گجرات نے آتے ہی قلعہ مندو کا محاصرہ کیا محمود شاہ اپنے باپ کی تشریف آوری سے نہایت محظوظ اور شاد ہوا اور لوازم شکر بجا لایا اور ہر روز ایک جماعت قلعہ مندو سے برآمد کرکے تنور جنگ کو گرم رکھتا تھا اور کمال تہور اور مردانگی سے چاہتا تھا کہ قلعہ سے نکلکر جنگ صف کرے لیکن امرائے ہوشنگ شاہی کا خار نفاق اُس کا دامن گیر ہوتا تھا اور اسی طرح اور خطرون نے اُس کے دل مین قرار پکڑا یہان تک کہ اپنے عزیزون اور رفیقون کو اپنا دشمن جانتا تھا لیکن ہاتھ بذل اور عطا آستین جود و سخا سے برآوردہ کرکے تمام آدمیون کو جو کہ بہ تنگ محاصرہ مین مبتلا تھے آسودہ رکھتا تھا اور انبار خانہ سلطانی سے فقرا اور مساکین کو غلہ دیتا تھا اور لنگر خانہ غریب و فقیر کے واسطے آراستہ کرکے کھانا پختہ اور خام پہونچاتا تھا اس وجہ سے تمام آدمی اُس کے دوست ہوئے اور قلعہ مین اُس کی سخاوت کی برکت سے غلہ وغیرہ اردوے سلطان احمد شاہ گجراتی کے بہ نسبت بہت کثرت سے تھا اور بعضے امرا مثل سید احمد اور صوفی خان ولد عماد الملک اور ملک شرف الملک محمود بن احمد سلاحدار اور ملک قاسم اور ملک قیام الملک کو جو بسبب بدبختی سلطان احمد کے نسبت طریقہ نفاق کا جاری رکھتے تھے اُنھین عطاے زرخطیر اور جاگیرون کا وعدہ کرکے اپنی خدمت مین طلب کیا اس سبب سے فی الجملہ کچھ شکستگی نے سلطان گجرات کے امور مین راہ پائی اور اُس جماعت کی صلاح سے جو اُردوے سلطان گجرات سے آئے تھے شبخون کا ارادہ کیا اتفاقاً نصیر خان جو سلطان ہوشنگ کے دواب کا داروغہ تھا اس داعیہ اور ارادہ پر واقف ہوا اور سلطان احمد کو خبر کی اس واسطے جب افواج سلطان محمود خان خلجی قلعہ سے اُتری تو اُردو کے آدمیون کو حاضر پایا اور راستے بند دیکھے باوجود اس کے بزور بازو مقابل آکر جنگ مین مشغول ہوا صبح صادق تک طرفین سے بازار لڑائی کا گرم رہا اور خلقت کثیر مقتول اور مجروح ہوئی صبح کے وقت محمود شاہ خلجی قلعہ مین داخل ہوا اور بعد چند روز مخبر یہ خبر لائے کہ شہزادہ عمر خان جو مندو سے گجرات گیا تھا وہان سے ولایت رانا مین جاکر انتظار وقت فرصت کھینچتا تھا اور اس وقت خلل مالوہ کا سنکر چندیری مین آیا ہی اور چندیری کے باشندگان اور اُس حدود کی سپاہ نے ملک الامرا حاجی کالو سے بے وفائی کرکے عمر خان کو وہان کا حاکم بنایا ہی اس سبب سے شاہزادہ محمد خان ولد احمد خان گجراتی مع پانچ ہزار سوار اور تیس زنجیر فیل سارنگ پور کی طرف

متوجہ ہوا اور وہان کا حاکم اس سے کامل ہ سلطان محمود خلجی نے یہ خبر سنکر مشورہ کیا یہ قرار پایا کہ ملک مغیث المخاطب باعظم ہمایون کہ دوحۂ باغ سلطنت و دولت ہے قلعہ شادی آباد مندو کے ضبط و ربط مین مشغول ہووے اور سلطان محمود خلجی قلعہ سے برآمد ہوکر اپنی ولایت مین استقامت کرکے ملک کی محافظت کرے پھر وہ اس راے کے موافق سارنگ پور کی طرف روانہ ہوا اور تاج خان اور منصور خان کو قبل اپنے راہی کیا اور چونکہ سلطان احمد شاہ گجراتی نے ملک حاجی علی کو محافظت راہ کے واسطے گھاٹون پر چھوڑا تھا تاج خان اور منصور خان سلطان محمود خلجی سے پیشتر وہان پہونچکر جنگ مین مصروف ہوئے اور ملک حاجی بھاگ کر شاہ احمد کے پاس پناہ لے گیا اور سلطان احمد کو خبر کی کہ سلطان محمود خلجی قلعہ سے برآمد ہوکر سارنگ پور کی طرف متوجہ ہی پھر سلطان احمد شاہ گجراتی نے قاصد سارنگ پور کی طرف بھیجا تاکہ شاہزادہ محمد خان سلطان محمود خلجی کے پہونچنے سے پیشتر اپنے تئین راہ اُجین سے پہونچا دے شاہزادہ محمد خان نے بعد پہونچنے قاصد کے نہایت ہوشیاری سے سارنگپور سے کوچ کیا جو شاہ احمد گجراتی اجین مین آیا تھا اُس مقام مین اُس کی خدمت مین پہونچا اور ملک اسحاق بن قطب الملک جاگیردار سارنگ پور نے عرضی سلطان محمود خلجی کے حضور بھیجکر اپنے جرم سے طلب استغفار کی اور یہ تحریر کیا کہ محمد خان حضرت کی خبر قدوم سنکر سارنگ پور کو چھوڑکر اُجین کی طرف متوجہ ہوا ولیکن شاہزادہ عمر خان نے بقصد تسخیر سارنگ پور ایک فوج اپنی روانگی سے پیشتر بھیجی اور خود بھی پیچھے سے پہونچنے والا ہی سلطان محمود مضمون عریضہ سے اطلاع پاکر مسرور اور محظوظ ہوا اور ملک اسحاق کے صحیفہ تقصیرات پر قلم عفو کھینچا اور تاج خان کو اپنے سے پیشتر اُس کی استمالت کے واسطے سارنگ پور بھیجا اور ملک اسحاق نے مردم معتبر اپنے ہمراہ لے کر سلطان محمود خلجی کا استقبال کیا اور سلطان محمود خلجی نے بعد دریافت حسن خدمت ملک اسحاق کو دولت خان خطاب دے کر علم اور قرطاس اور قبا مین زر دوزی اور دس ہزار تنکہ نقد مرحمت فرمائے اور مشاہرہ مقرری اس کا اضافہ کیا اور گروہ سرداران سکنہ شہر کو چند راس اسپ اور پچاس ہزار تنکہ انعام دیے تو آپس مین تقسیم کرین اور جب سارنگ پور مین نزول اجلال کیا مخبر خبر لائے کہ شاہزادہ عمر خان قصبۂ بھیلسہ مین آگ لگاکر سارنگ پور کی سرحد پر پہونچا اور سلطان احمد شاہ گجراتی مع بیس ہزار سوار اور تین سو زنجیر فیل اُجین سے برآمد ہوکر سارنگ پور کی طرف متوجہ ہوا ہی سلطان محمود نے عمر خان کا دفع مقدم جان کر آخر شب کو عازم ہوا اور جب درمیان دونون لشکر کے چھ کوس کا فاصلہ رہا ایک جماعت کو بطور قراولی بھیجا تو عمر خان کی سپاہ کا اندازہ اور اُس کا عندیہ دریافت کرے اور نظام الملک اور ملک احمد سلاحدار اور ایک جماعت کو بھیجا تو مقام جنگ کو ملاحظہ کرین اور علی الصباح فوج کے چار برن آراستہ کرکے شہزادہ عمر خان کے تدارک کے واسطے روانہ ہوا وہ بھی سلطان محمود خلجی کی نہضت سے خبردار ہوکر مقابلہ کے واسطے چلا اور افواج آراستہ کرکے مقابل ہوا اور خود مع ایک جماعت پہاڑ کی پشت کو کمین گاہ قرار دیکر منتظر بیٹھا اتفاقاً ایک شخص نے سلطان محمود خلجی

کو خبر پہونچائی کہ شہزادہ عمرخان مع فوج پس کوہ کمین گاہ مین پوشیدہ ہوا ہی سلطان محمود خلجی مع فوج آراستہ شہزادہ عمرخان کی سمت روانہ ہوا اس وقت شہزادہ نے اپنے ہمراہیون سے یہ بات کہی کہ نوکر کو بھاگنے مین کسر شان اور ناموس ہی بلکہ مفرور ہونے سے قتل ہونا بہتر ہی اور ساتھ اس جماعت کے کہ جس کے کہنے پر عمل کیا تھا سلطان محمود خلجی کی فوج پر تاخت لاکر دستگیر ہوا اور سلطان کے حکم کے بموجب مارا گیا اور سر اُس کا تاج سنان کرکے لشکر چندیری مین پھر آیا اور سردار چندیری کے یہ سانحہ مشاہدہ کرکے متحیر اور ہراسان ہوئے اور سب نے یہ پیغام بھیجا کہ آج کے دن معاف فرمایئے علی الصباح ہم خدمت مین حاضر ہوکر تجدید بیعت مین مشغول ہونگے سلطان نے ان کا عذر پذیرا کیا اور قرار داد پرونون لشکر فرد کش ہوئے اور جب رات نے پردۂ ظلماتی سے جہان تیرہ و تاریک کیا اور لشکر چندیری اپنی ولایت کی طرف متوجہ ہوا اور ملک سلیمان بن ملک مشیر الملک غوری کو جو شہزادہ عمرخان کا نائب اور اقربا سے تھا سلطان شہاب الدین خطاب دیکر تخت سلطنت پر بٹھایا سلطان محمود خلجی نے فوج اس کے دفع کے واسطے مقرر فرمائی اور خود احمد شاہ گجراتی کی جنگ کے واسطے عازم ہوا اور ابھی طرفین کا سامنا نہوا تھا کہ شاہ احمد شاہ گجراتی کے بعضے صلحا لشکر نے حضرت خاتم الانبیا صلوات اللہ علیہ وعلی آلہ وسلم کو خواب مین دیکھا کہ فرماتے ہین بلاے آسمانی نازل ہوئی سلطان احمد سے کہو کہ اس ملک سے سلامت نکل جاوے جب یہ خطاب شاہ احمد شاہ گجراتی کو پہونچا اُس نے چندان التفات نہ کیا اور اُسی دو تین روز کے عرصہ مین احمد شاہ گجراتی کے لشکر مین اس شدت سے وبا ظاہر ہوئی کہ اہل لشکر کو قبر کھودنے اور مردون کے دفن و کفن سے فرصت نہوتی تھی شاہ احمد شاہ ناچار ہوکر آشتہ کے راستہ سے گجرات کی طرف متوجہ ہوا اور شاہزادہ مسعود خان سے وعدہ کیا کہ سال آیندہ مین یہ ملک لیکر تیرے تفویض کیا جاوے گا الغرض سلطان محمود خلجی قلعہ شادی آبادمندو کی طرف گیا اور سترہ روز مین سامان لشکر درست کرکے تادیبہ فساد چندیری کے ساکن کرنے کو روانہ ہوا اور ملک سلیمان المخاطب بہ سلطان شہاب الدین باتفاق امرا قلعہ سے برآمد ہوکر خوب لڑا جو طاقت برابری کی نہ رکھتا تھا بھاگ کر قلعہ مین دم لیا اور اُسی دو تین دن کے عرصہ مین مرگ مفاجات سے مرگیا امراے چندیری دوسرے شخص کا نام سلطان شہاب الدین رکھکر دوبارہ سامان جنگ درست کرکے اور قلعہ سے برآمد ہوکر لڑے اور بعد جنگ بھاگ کر پھر قلعہ مین پناہ لی اور جب مدت محاصرہ نے آٹھ مہینے کا طول کھینچا سلطان محمود خلجی ایک رات کو فرصت پاکر خود دیوار قلعہ پر چڑھ گیا اور اُس کے بعد اور بھی دلاور ان جان نثار قلعہ مین در آئے اور قلعہ فتح ہوا اور جماعت کثیر علف تیغ خون آشام ہوئی اور ایک گروہ بھاگ کر اوس قلعہ مین جو پہاڑ پر واقع ہی قلعہ بند ہوا اور چند روز کی بعد امان چاہی سلطان محمود خلجی نے اس شرط پر امان دی کہ سب مع زن و فرزند و مال و اسباب ہمارے اُردو کے درمیان سے چلے جاؤ تو عالم پر ہماری راستی سخن اور درستی عہد ظاہر ہووے اُنھون نے اُس کے فرمانے پر عمل کرکے سلامت باہر چلے گئے اور سلطان محمود خلجی نے اُس حدود کا سرانجام اور انتظام بوجہ احسن کرکے مراجعت

فرمائی پھر جاسوس یہ خبر لائے کہ ڈونگرسین نے مع راے قلعہ گوالیار آن کر نئے شہر کو محاصرہ کیا ہی سلطان محمود باوجود اس کے کہ چندیری کی تردد جنگ اور طول محاصرہ کے سبب سے پریشان ہوا تھا لیکن بکوچ متواتر گوالیار کی سمت عازم ہوا اور وہان پہونچتے ہی ہاتھ نب وتاراج مین دراز کیا اور راجپوتون کی ایک جماعت قلعہ سے برآمد ہوکر جنگ مین مشغول ہوئی جو افواج محمود شاہی کے صدمہ اٹھانے کی طاقت نرکھتی تھی بھاگ کر سورا خہاے قلعہ مین درآئی اور ڈونگرسین بھی یہ خبر سنکر شہر سے برخاست ہوکر گوالیار کی جانب بھاگ گیا اور جو سلطان محمود کی غرض نئے شہر کے استخلاص سے تھی گوالیار کی تسخیر مین نہ مشغول ہوا شادی آباد مندو کی طرف توجہ فرمائی اور ۸۴۳ھ آٹھ سو تینتالیس ہجری مین روضہ سلطان ہوشنگ اور مسجد جامع جو دروازہ راموکے قریب واقع ہی اور دو سو اٹھائیس اسپیطوانہ رکھتی ہی کمال اہتمام سے تھوڑے عرصہ مین پوری کی اور ۸۴۴ھ آٹھ سو چوالیس ہجری مین امراے میوات اور اکابر ومشاہیر دہلی کی عرضیان متواتر پہونچین کہ سلطان محمد مبارک شاہ امرخطیر سلطنت کا انتظام جیسا کہ چاہیئے نہین کر سکتا ہی اور ظالمون اور غالبون نے ہاتھ آستین جور وستم سے دراز کیے ہین اور امن وامان باقی نہین رہا اور جو خیاط قضا وقدر نے خلعت سلطنت کا اُس سلطنت پناہ کے قامت نازنین کے واسطے سیا ہی اس لیے اس ملک کے تمام باشندے چاہتے ہین کہ آپ کا حلقہ بیعت برضا ورغبت اپنی گردن اطاعت اور فرمانبرداری مین ڈالین لہذا سلطان محمود خلجی آخر سنہ مذکور مین مع لشکر آراستہ تسخیر دہلی کے واسطے متوجہ ہوا اور قصبہ ہندون کے نواحی مین یوسف ہندونی خدمت مین پہونچا جب سلطان اُس موضع سے کوچ کرکے آگے بڑھا سلطان محمد شاہ نے اگرچہ مقابلہ کے واسطے استقبال کیا تھا لیکن جب دونون لشکر قریب پہونچے باوجود کثرت سپاہ سلطان محمود خلجی کی جنگ سے ایسا ہراسان ہوا کہ قریب تھا دہلی کو چھوڑکر پنجاب مین جاکر دم لیوے پھر امرا کی شرم اور کچھ اپنی ہمت کی غیرت سے یہ بات کہی کہ میرے سوار ہونے کی کچھ ضرورت نہین ہی تم افواج آراستہ کرکے شہزادہ کے ہمراہ جاکر سرگرم وغا ہو امرا حکم کے موافق جنگ کے واسطے برآمد ہوئے اور ملک بہلول لودھی اس وقت مین سلطان محمود شاہ کے ملازمین مین منتظم اور تیراندازون کی جمعیت اپنے پاس خوب رکھتا تھا پیشتر روانہ ہوا سلطان محمود خلجی نے جب سنا کہ بادشاہ دہلی خود نہین آیا اس واسطے اُس نے بھی چند ہزار سوار جرار اور چیدہ اپنے پاس دہیا رکھکر تمام لشکر اپنے بیٹون سلطان غیاث الدین اور قدر خان کے ہمراہ بھیجا چنانچہ مبارزان نبرد آزماے جانبین نے برآمد ہوکر ظہر سے غروب آفتاب تک داد جوانمردی اور مردانگی دی اور آخر کو طرفین سے نقارہ بازگشت کا بجا پھر سپاہ نے اپنے اپنے دائرہ اور لشکرگاہ مین قرار پکڑا اتفاقاً اُسی شب کو سلطان محمود نے خواب مین دیکھا کہ چندیری کے اوباش اور بیباک نے قلعہ شادی آباد مندو پر خروج کرکے چتر شاہ ہوشنگ کی سر قبر سے اٹھا کر ایک مجہول النسب کے فرق پر بلند کیا ہی اور جب صبح ہوئی اثر تردد اور بے مزگی کا اُس کی طبیعت پر ظاہر ہوا اور اس

اندیشہ مین ہوا کہ کیا تدبیر اور تقریب کرون جو یہان سے معاودت کرکے مالوہ مین سلامت پہونچون ناگاہ محمد شاہ نے کہ قلت عقل اور عدم شجاعت مین موصوف تھا بیتاب اور مضطرب ہوکر ایک جماعت صلحا اور علما کو صلح کے واسطے بھیجا سلطان محمود خلجی فوراً بحسب ظاہر اُن پر بار احسان رکھکر مالوہ کی سمت متوجہ ہوا اور اثناے راہ مین یہ خبر پہونچی کہ بحسب اتفاق اُسی شب کو ایک جماعت اوباش نے شادی آباد مندو مین غبار فتنہ و فساد برپا کیا تھا لیکن اعظم ہمایون کی حسن سعی سے ساکن ہوا اور بعضے تواریخ مین مؤلف کی نظر سے گذرا کہ سلطان محمود خلجی کو مخبرون نے خبر پہونچائی کہ سلطان احمد شاہ گجراتی عزیمت تسخیر مالوہ رکھتا ہے اس سبب سے سلطان نے مراجعت کی اور یہ روایت صحت کے قریب معلوم ہوتی ہے القصہ سلطان محمود ابتداے ۸۴۵ھ آٹھ سو پینتالیس ہجری مین شادی آباد مندو مین پہونچا اور مستحقین کو اپنے انعام و اکرام سے بہرہ مند کیا اور اُسی سال سلطان نے ظفرآباد دھلیہ کے اطراف مین ایک باغ کی بنیاد ڈال کر اُس مین گنبد عالی و چند مقام مین قصر رفیع تعمیر فرمائے اور عرصہ قلیل مین اپنے لشکر کا بھی ساز و سامان درست کرکے ۸۴۶ھ آٹھ سو چھیالیس ہجری مین راجپوتون کی گوشمالی کے واسطے کوچ کرکے چیتور کی طرف متوجہ ہوا اُس وقت مین خبر پہونچی کہ نصیر ولد عبدالقادر حاکم کالپی جس نے نہایت بے اعتدالی سے اپنا نصیر شاہ نام رکھا ہے باغی زندیق ہوا ہے اور اکابر و ایالی ولایت نے بھی اس مضمون کے مکتوب بھیجے کہ نصیر شاہ راہ راست شریعت سے قدم باہر رکھکر طریق زندقہ اور ملاحدہ کا مراعل پیدا ہوا ہے اور ہم لوگ اُس کے دست تعدی سے عاجز ہوکر فریادی ہین چنانچہ سلطان محمود یہ خبر سنکر نصیر شاہ کی گوشمالی اپنے ذمہ ہمت پر واجب جانکر کالپی کی طرف عازم ہوا اور نصیر شاہ نے بھی سلطان کی عزیمت سے خبردار ہوکر اپنے معلم کو مع تحف و ہدایا اور اقسام پیشکش سلطان کی خدمت مین عرض داشت کی کہ لوگون نے میرے حق مین جو عرض کیا ہے وہ سراسر زور و صدق سے عاری اور باطل اور اس خیر سگال کی نسبت کذب اور افترا برپا کیا ہے حضرت کو مناسب ہے کہ اس امر کی تصدیق اور تفحیص کو آدمی صادق القول بھیجکر دریافت کرین اگر شمہ بھی سچ ہووے بندہ کو جس جزا اور سزا کے لایق جانین ماخوذ فرمائین لیکن چند روز سلطان محمود نے اُس ایلچی معلم کو اپنے دربار مین نہ بلایا کوچ بر کوچ جب سارنگپور کے نواح مین پہونچا اعظم ہمایون اور اعیان دولت کی سفارش سے قلم عفو اُس کے جرائم پر کھینچا اور ایلچی کو اپنے دربار مین طلب کرکے اُس کی پیشکش قبول کی اور فرمان مشتمل بر نصائح اور مواعظ بھیجکر سارنگ پور کے اطراف سے ولایت چیتور کے طرف متوجہ ہوا اور حسب آب بھیم سے عبور کیا ہر روز افواج ولایت چیتور کے اطراف مین بھیجکر تاراج اور ویران کرتا تھا اور جو کوئی دستیاب ہوتا تھا اُسے محبوس فرماتا تھا اور تجانون کو مسمار کرکے بناے مساجد ڈالتا تھا اور ہر منزل مین تین چار دن توقف کرتا تھا اور جب کوسلمیر کے حوالی مین کہ اُس دیار کے قلعون سے نامی اور بہت سنگین اور وسیع ہے نزول کیا اس قلعہ مین دیپا نام وکیل راے کونبھا کا قلعہ بند ہوکر حرب پر آمادہ ہوا اور اُس قلعہ کے محاذی مین ایک تجانہ بناکر

کے اُس قلعہ کے گرداگرد حصار کھینچکر ذخیرہ آلات حرب سے پُر کیا تھا سلطان نے بہت اُس بتخانہ کی تسخیر پر مصروف کرکے ایک ہفتہ مین اُسے فتح کیا اور بہت راجپوتون کو تیغ اسلام سے قتل اور دستگیر کرکے بتخانہ کو غارت کیا اور اس کے بعد اُس مین لکڑیون کا انبار کرکے آگ دی جب آگ دیوار اور چونہ اور کانپ مین افروختہ ہوئی اُس پر پانی سرد چھڑکا چنانچہ وہ عمارت عظیم کہ سالہاے دراز مین تیار ہوئی تھی طرفۃ العین مین پاش پاش ہوکر گر پڑی اور بتون کو قصابون کے حوالہ کیا تو ترازدے گوشت فروشی کے بانٹ بناوین اور بڑے بڑے بت جو سنگتراشون نے سنگ مرمر سے بصورت گوسفند تراشے تھے اُن کا چونہ بناکر راجپوتون کو دیا تو اپنے معبودون کو کھاتے رہین اور اس عمل کے بعد جو سلاطین گجرات کو باوجود طول مدت محاصرہ میسر نہوا تھا شکر آلہی بجالایا پھر چیتور کی طرف توجہ فرمائی اور اس ناحیہ مین پہونچکر وہ قلعہ جو کوہ چیتور کے دامن مین واقع ہی اُسے بجنگ لیکر بہت راجپوت قتل کیے اور چیتور کے محاصرہ کی فکر مین تھا اس عرصہ مین یہ خبر پہونچی کہ رانا کنبھا قلعہ مین نہین ہی آج قلعہ سے برآمد ہوکر کوہ پایہ کی طرف کہ اُس نواح مین ہی جاکر مقیم ہوا ہی سلطان نے اُس کا پیچھا کیا اور فوج کے چند بزن جدا جدا کرکے ہر ایک طرف راے کو کنبھا کے تعاقب مین بھیجے بحسب اتفاق ایک فوج سے جنگ شدید واقع ہوئی اور رانا مذکور شکست کھاکر قلعہ چیتور مین آیا سلطان محمود نے اُس قلعہ کے محاصرہ کے واسطے ایک فوج نامزد فرمائی اور خود ولایت کی سرحد پر مقیم ہوا اور ہر روز بلاناغہ ولایت کی تاخت وتاراج کے واسطے افواج بھیجتا تھا اور اعظم ہمایون کو بلاکر یہ حکم دیا کہ تم ولایت جیتونا مین کہ مندسور کے اطراف مین واقع ہی جاکر متصرف ہو جب خان جہان اعظم ہمایون مندسور مین پہونچا مرض الموت مین مبتلا ہوکر مرگیا اور سلطان محمود خلجی یہ سانحہ سنکر نہایت محزون اور ملال ہوکر رویا اور حالت اضطرار مین اپنا چہرہ مجروح کیا اور مندسور مین پہونچکر نعش اپنے باپ کی بھیجی اور تاج خان کو کہ خویش اور بخشی لشکر تھا اُس لشکر پر جو اعظم ہمایون کے ہمراہ تھا سردار کرکے اعظم ہمایون خطاب دیا پھر اپنے اُردو کی طرف مراجعت فرمائی جب موسم برسات پہونچا سلطان نے ارادہ کیا کہ کوئی اونچا ٹیکرا زمین کا ہو اُس مقام مین اقامت کرکے بعد موسم برسات چیتور کے محاصرہ مین مشغول ہووے اور رانے کو بھاگے دائرہ لشکر پر شبخون مارا کنبھا زخم کھاکر چیتور کی سمت بھاگا اور راجپوت بہت مقتول ہوے اور غنیمت وافر محمودیون کے ہاتھ آئی اور سلطان محمود نے مراسم شکر آلہی بجالاکر فتح چیتور کی دوسرے سال پر حوالہ کی اور رسالہ اور غانیا شادی آباد کی طرف معاودت فرمائی آخر ذی الحجہ سال مذکور مین مدرسہ اور منارہ ہفت منظری کی مسجد جامع ہوشنگ شاہی کے قریب بنیاد ڈالی اور سنہ ۸۴۷ آٹھ سو سینتالیس ہجری مین ایلچی سلطان محمود بن سلطان ابراہیم شرقی والی جون پور مع تحف وہدایا حاضر آیا اور عرضداشت پیش کرکے

یہ پیام زبانی عرض کیا کہ نصیر الموسوم بہ نصیر شاہ بن عبد القادر نے صراط مستقیم شریعت سے منحرف ہو کر مذہب الحاد اور زندقہ اختیار کر کے روزہ و نماز ترک کیا اور عورات مسلمہ کو ہندو رہابیون کے سپرد کیا ہی تاکہ گانا اور ناچ تعلیم کرین اور جو سلطان ہوشنگ کے عہد سے حکام کالپی ولایت مالوہ سے نسبت رکھتے تھے لہذا سلطان شرقی نے اپنے ذمہ ہمت پر واجب و لازم جانا کہ پہلے اس کا احوال آپ کے ضمیر حق پذیر پر ظاہر اور مبرہن کرے اگر بالفعل آپ کو اس کی گوشمالی کی فرصت نہو تو اپنجانب کو اشارہ کیجیے کہ اُسے اُس طرف سے گوشمال دیجاوے کہ اورون کو عبرت ہوئے سلطان محمود خلجی نے جواب دیا کہ لشکر ہمارا پیشتر مندرسور کے مفسدون کی تادیب کے واسطے روانہ ہو چکا ہی اب آپ کی نصرت دین پیش نہاد ہمت کی مبارک ہو اور ایلچی کو سرد بار خلعت وزر سے کہ یہ رسم اس زمانہ مین مروج تھی عطا کر کے رخصت کیا اور اُسی چند روز کے عرصہ مین سلطان محمود خلجی نے اپنے بیٹون کی شادی کے واسطے جشن عظیم ترتیب دے کر بارہ ہزار قبا کہ اکثر اُن مین زردوزی تھین اُس جشن مین امرا اور لشکریون کو مرحمت فرمائین اور جب ایلچی سلطان شرقی جون پور مین پہونچا اور جواب معروض کیا سلطان شرقی نہایت مسرور اور خوش حال ہوا بیس زنجیر فیل اور اور بھی اجزاے نفیسہ دوسری مرتبہ برسم تحفہ سلطان محمود کے پاس بھیجین اور مع لشکر آراستہ کالپی کی طرف متوجہ ہوا اور نصیر عبد القادر کو مگس شیر کی طرح اُس ملک سے نکال دیا نصیر عبد القادر نے محمود شاہ کو عرضی بھیجی جس کا مضمون یہ تھا کہ خیر خواہ سلطان ہوشنگ کے عہد سے آج تک مطیع و فرمان بردار رہا اب سلطان محمود شرقی از روے تسلط و غلبہ اس بلاد پر متصرف ہوا ہی چونکہ مین ہمیشہ حضرت سے ملتجی رہا اور اب بھی درگاہ معلے کو قبلہ آمانی و آمال جانکر حدود چندیری کی طرف منزل پیما ہوا ہون سلطان محمود خلجی نے علی خان کو مع تحف و ھدایا محمود شاہ شرقی کے پاس بھیجکر یہ پیام دیا کہ جو نصیر خان بن عبد القادر نے آپ کی مرضی کے موافق افعال ناپسندیدہ اور اعمال ذمیمہ سے تائب ہو کر طریق شریعت غرا مسلوک رکھا ہی اور سلطان ہوشنگ شاہ کے زمانہ سے مالوہ کی طرف ملتجی اور مستدعی رہا ہی توقع یہ ہی کہ مضمون التائب من الذنب کمن لا ذنب لہ کو منظور و ملحوظ رکھکر قلم عفو اُس کے جرائم پر کھینچین اور اُس کی ولایت اُسے واگذار فرمائین الغرض بعد وصول علیخان کے شاہ محمود شاہ شرقی نے کچھ جواب شافی نہ دیا اور لیت و لعل مین ایام گذاری کی محمود شاہ خلجی نے از روے حمیت اور مردانگی نصیر عبد القادر کی حمایت اپنے ذمہ ہمت پر لازم رکھکر دوسری شوال سنہ ۸۴۸ آٹھ سو اڑتالیس ہجری مین چندیری کی طرف توجہ کی اور اُس حدود مین نصیر شاہ نے آن کے ملازمت کی اور سلطان بلا توقف ایرچ اور تھا مدیر کی طرف متوجہ ہوا جب یہ خبر سلطان محمود شرقی کو پہونچی شہر سے برآمد ہو کر ایرچہ مین نزول کیا اور مبارک خان ولد جنید خان کو کہ باپ دادا کے زمانہ سے وہان کا حاکم تھا مقید کر کے ہمراہ لے گیا اور وہان سے برخاست کر کے دریاے جون کی پٹی مین کہ راہ تنگ اور دشوار گذار تھی اور وہان غنیم کو جانے کی قدرت نہ تھی فروکش ہوا اور اپنے لشکر کے گرد خوب مضبوطی کی محمود شاہ خلجی اس کی غربیت فسخ کر کے کالپی کی طرف عازم ہوا پھر سلطان شرقی بھی عنان

ایرچہ

صبر ہاتھ سے دے کر کالپی کی طرف روانہ ہوا اس درمیان مین بہادران فوج خلجی نے شاہ شرقی کی ہنگاہ پر تاخت کر کے غنیمت بہت دستیاب کی پھر وہ بھی اپنے آدمیون کی حمایت پر پلٹ کر جنگ مین مصروف ہوا اور شام تک قتال وجدال کا معرکہ گرم رہا اور غروب آفتاب کے بعد دونون سپاہ نے اپنے اپنے دائرہ اور مقام مین قیام کیا اور بعد دو تین روز کے جو موسم برسات قریب پہونچا تھا سلطان محمود خلجی نے دوبارہ جنگ مین صرفہ ندیکھا بعضے مواضع کالپی کو غارت اور تاراج کر کے فتح آباد کی طرف معاودت کی اور قصبہ ست کھنڈا وہان بنا کیا اس درمیان مین رعایا اور باشندے قصبہ ایرج کے مبارک خان کے ظلم و تعدی سے کہ پھر حاکم اُس قصبہ کا ہوا تھا داد خواہ اور فریادی ہوے سلطان خلجی نے ملک الشرف مظفر ابراہیم حاکم چندیری کو مع لشکر کثیر ایرچہ کے سر پر نامزد فرمایا اور وہ جب ایرچہ کے نواح مین پہونچا خبر آئی کہ ملک کالو کو سلطان محمود شرقی نے اس کے مقابلہ کو بھیجا مظفر ابراہیم اُس کے مقابلہ کو گیا اور قصبہ راٹھ مین فریقین کا سامنا ہوا ملک کالو کچھ جنگ کر کے بھاگا اور ملک مظفر ابراہیم ولایت کی محافظت ایرچہ کی تسخیر پر مقدم رکھکر اُس حدود کی طرف عازم ہوا اور فوج سلطان شرقی یہ خبر سنکر راٹھ مین پلٹ گئی اور جب اُن دونون سپاہ کے محاربہ نے طول کھینچا طرفین سے مسلمان قتل ہوتے تھے اور شیخ جایلدہ کہ اکابر وقت سے تھا اور کشف وکرامات مین بھی شہرت رکھتا تھا سلطان شرقی کے کہنے پر اُس نے صلح کا خط سلطان محمود خلجی کو لکھ بھیجا اور شیخ کی سعی کے سبب اس طریق پر صلح واقع ہوئی کہ بالفعل سلطان شرقی قصبہ راٹھ اور رہوہ نصیر خان کے سپرد کرے اور سلطان محمود خلجی کے بعد مراجعت جب چار ماہ کا عرصہ منقضی ہو خطہ کالپی بھی واگذار فرماوے اور چار مہینے کی میعاد کی یہ وجہ تھی کہ اس مدت مین نصیر خان کی حقیقت وین وملت ظاہر ہووے اس قرارداد پر سلطان محمود خلجی نے دارالملک شادی اباد کی طرف مراجعت کی اور ۸۴۹ھ آٹھ سو انچاس ہجری مین دارالشفا کی بنیاد ڈالی اور چند موضع خرچ اودیہ وایتمام کے واسطے وقف کیے اور مولانا فضل اللہ حکیم کو جو خطاب حکیم الحکما مخاطب تھا بیمارون اور محبونون کی مراعات احوال کے واسطے مقرر فرمایا اور رجب کی بیسوین تاریخ ۸۵۰ھ آٹھ سو پچاس ہجری مین مع لشکر گران قلعہ مندل گڑھ کی تسخیر کے واسطے متوجہ ہوا اور بکوچ متواتر جا کر آب بیاس کے کنارہ فروکش ہوا اور رانا کو نبھا جو طاقت برابری اور مقابلہ کی نرکھتا تھا قلعہ مندل گڑھ مین قلعہ بند ہوا اور دوسرے یا تیسرے دن راجپوتون نے قلعہ سے برآمد ہو کر مردمی اور مردانگی کا حق ادا کیا لیکن آخر کو بعجز وانکسار پیش آئے اور پیشکش دینی قبول کی سلطان نے بھی صلاح وقت دیکھکر صلح کی رضا دی اور بشوکت وتجمل تمام اپنے دارالسلطنت کی طرف مراجعت کی اور تھوڑے عرصہ مین سامان جنگ درست کر کے قلعہ بیانہ کی تسخیر کے واسطے متوجہ ہوا اور جب بیانہ کے قریب پہونچا محمد خان وہان کے حاکم نے اپنے فرزند واحد خان کو مع سو گھوڑے اور لاکھ تنکہ نقد برسم پیشکش روانہ کیا سلطان محمود خلجی نے اسے خلعت خاص مرحمت فرمایا اور رخصت انصراف ارزانی فرمائی اور محمد خان کے واسطے قبائے زردوزی اور تاج مرصع بجواہر اور طپکا طلائی اور گھوڑے تازی تراو مع ساز دیراق زرین بھیجا محمد خان نے خلعت پہنکر

سلطان محمود خلجی کی صفت وثنا مین زبان کھولی اور خطبہ اور سکہ جو بادشاہ دہلی کے نام پڑھتا تھا بنام سلطان شادی آباد سند د پڑھکر مطیع اور فرمانبردار ہوا سلطان نے یہ خبر سنکر عطف عنان کی اور اثنائے راہ مین قصبہ بنور کو کہ رنتھنبور کے قریب ہی فتح کرکے تاج خان سپہ سالار کو مع آٹھ ہزار سوار اور پچیس زنجیر فیل قلعہ جیتور کی تسخیر کو بھیجا اور خود قلعہ کوٹھ کے راجہ سے ایک لاکھ پچیس ہزار تنکہ نقد پیشکش لے کر شادی آباد کی طرف عازم ہوا اور ۸۵۴ھ آٹھ سو چون ہجری مین گنگ داس قلعہ جنیانیر کے راجہ نے بھی پیشکش بھیجکر عرض داشت کی کہ سلطان محمد شاہ بن احمد شاہ نے قلعہ جنیانیر کو محاصرہ کیا ہی اور جو یہ بندہ قدیم ہمیشہ سے آپ سے التجا رکھتا ہی لہذا اب بھی امید وار امداد و دستگیری ہی اس سبب سے سلطان محمود خلجی راجہ گنگ داس کی امداد کے لئے متوجہ ہوا لیکن راستہ مین یہ خبر پہونچی کہ سلطان محمد شاہ گجراتی پیشکش لینے کو ایدر کی طرف آتا ہی سلطان محمود خلجی اُسکو ضعیف اور عاجز تصور کرکے مارا سپور کی سمت روانہ ہوا اور سلطان محمد شاہ چار پایہ ہائے بارکش کے سقط ہونے سے خیمہ اور خرگاہ مین آگ دے کر احمد آباد کی طرف متوجہ ہوا اور سلطان محمود خلجی اس واقعہ سے آگاہ ہوکر راستہ سے پھرا اور آب مہندری کے ساحل پر فروکش ہوا اور گنگ داس تیرہ لاکھ تنکہ نقد اور چند راس اسپ پیشکش لاکر حضرت کی شرف ملازمت سے مشرف ہوا سلطان محمود خلجی نے قبائے زر دوزی دے کر رخصت کیا اور خود دارالملک شادی آباد کی جانب متوجہ ہوا اور اثنائے راہ مین راے سیمبر ایدر کے راجہ کو پانچ مست ہاتھی اور اکیس گھوڑے اور تین لاکھ تنکہ نقد انعام دے کر رخصت کیا اور ایک مدت شادی آباد مین استقامت کرکے ولایت اور سپاہ کے سرانجام مین مشغول ہوا اور ۸۵۵ھ آٹھ سو پچپن ہجری مین ایک لاکھ لشکر سے بھی زیادہ ہمراہ رکاب لے کر مملکت گجرات کی تسخیر کے واسطے عازم ہوا اور کانی نوالی سے عبور کرکے قصبہ سلطان پور کو محاصرہ کیا اور ملک علاء الدین سہراب نے کہ محمد شاہ کا گماشتہ تھا چند روز متواتر قلعہ سے برآمد ہوکر بازار جنگ کو گرم رکھا اور جب کمک پہونچنے سے مایوس ہوا امان طلب کرکے سلطان محمود خلجی کا مطیع اور فرمان بردار ہوا اور سلطان محمود نے اُس کے عیال اور اطفال کو قلعہ شادی آباد مندو مین بھیجکر اسے قسم دی کہ کبھی اپنے صاحب سے روگردان نہووے اُس کے بعد خطاب مبارزخانی اُسے عنایت فرماکر اپنے لشکر کا مقدمہ یعنے ہراول اور پیشرو کیا اور بہ کوچ متواتر احمد آباد کی طرف روانہ ہوا اثنائے راہ مین خبر آئی کہ سلطان محمد شاہ گجراتی قضاے الٰہی سے فوت ہوا اور اُس کا فرزند قطب الدین قائم مقام اور جانشین ہوا سلطان محمود خلجی باوجود اس کے کہ سلطان محمود گجراتی کی سلطنت لینے کا ارادہ مصمم رکھتا تھا لیکن کمال مروت سے ماتم پرسی کی اور ایک مکتوب سلطان قطب الدین گجراتی کو لکھکر اُس کے باپ کی ماتم پرسی کی اور اجلاس تخت کی مبارک باد دی اور اس حال مین قصبہ بڑودہ کو ویران کرکے کوئی دقیقہ اسیری اور غارت مین نامرعی نچھوڑا اور کئی ہزار مرد اور کاذگر گرفتار کرکے چند روز قصبہ مذکور مین توقف کیا بعد ازان احمد آباد کی طرف متوجہ ہوا اور بسبیل استعجال جاتا تھا اسوقت ملک علاء الدین سہراب کہ وقت رخصت

کا منتظر تھا سلطان قطب الدین کے پاس بھاگ گیا اور ظاہرا اُس نے یہ قسم کھائی تھی کہ مین اپنے صاحب سے نمک حرامی نہ کرون گا اور قطب الدین شاہ کا خیال اپنے دل مین ہمیشہ رکھتا تھا اور کمال حلال نمکی سے اپنے دل پر جبر کرکے اہل وعیال کو چھوڑ گیا سلطان محمود خلجی بکوچ متواتر جاکر سرکچ بر جو احمد آباد سے پانچ کوس ہے منزل ہوا اور شاہ قطب الدین گجراتی نے موضع خانپور مین جو قصبۂ کوسے تیس کوس پر ہے نزول کیا اور چند روز دونون بادشاہ ایک دوسرے کے مقابل مقیم رہے اور ماہ صفر کی چاندرات کو سنہ مذکور مین سلطان محمود بقصد شبخون سوار ہوکر اپنی اُردو سے برآمد ہوا تھا کہ راہبر راستہ بھول گیا اور سلطان مع فوج تمام رات ایک صحراے وسیع مین ایستادہ رہا فجر کو میمنہ لشکر سارنگپور سے آراستہ کرکے سرداری اس فوج کی اپنے بڑے بیٹے سلطان غیاث الدین کو تفویض فرمائی اور امراے چندیری کو فوج میسرہ مین نامزد کرکے اپنے چھوٹے بیٹے فدائی خان کو سردار کیا اور خود قلب لشکر مین قرار پکڑکر متوجہ کارزار ہوا اور سلطان قطب الدین بھی مع لشکر گجرات صف آرا ہوکر میدان کی طرف روانہ ہوا اور ہراول فوج سلطان گجرات ہراول فوج مالوہ کے مقابلہ سے بھاگ کر سلطان قطب الدین گجراتی سے جاملا اور ملک شرف مظفر ابراہیم کہ چندیری کے امراے کبار سے تھا سلطان شادی آبادمندو کی فوج میسرہ سے جدا ہوکر شاہ گجرات پر تاخت لایا اور وہ فوج تاب اُس کے مقابلہ اور صدمہ کی نہ لائی پسپا ہوکر بھاگ گئی اور ملک شرف مظفر ابراہیم نے سلطان قطب الدین کی اُردو تک پیچھا کیا اور ہاتھ غارت وتاراج مین دراز کرکے سلطان قطب الدین کے خزانہ مین درآیا اور ایکبار زر نقد ہاتھیون پر لاد کر اپنے لشکرگاہ مین بھیجا اور جب وہ ہاتھی زر محمولہ پہونچاکر اس نیت سے پھر آئے کہ دوبارہ اُن پر خزانہ بار کرکے بھیجے اس درمیان مین یہ خبر سنی کہ کچھ فوج لشکر سلطان قطب الدین کی فوج شاہزادہ فدائی خان کو تنگ وزبون دیکھکر اُس پر حملہ آور ہوئی اور وہ تاب جنگ نہ لاکر فرار ہوا ہے اور جان سلامت لے گیا ملک شرف مظفر ابراہیم ہاتھ تاراج سے کوتاہ کرکے اپنے تئین ایک گوشہ مین کھینچکر پوشیدہ ہوا اور سلطان محمود خلجی تفرقہ لشکر اور شکست فوج سے متحیر ہوکر مع دوسو سوار میدان جلالت مین ایستادہ رہا اور جب تک تیر ترکش مین رہے کماندار کرکے داد مردی اور مردانگی دی اُس وقت شاہ قطب الدین گجراتی مع فوج آراستہ اُس گوشہ سے کہ مخفی تھا برآمد ہوکر سلطان کی طرف متوجہ ہوا اور سلطان محمود خلجی حق شجاعت وتہور بجالاکر مع تیرہ آدمی میدان سے نکل گیا اور اظہار شجاعت کے واسطے بہ نفس نفیس مع تیرہ مرد شاہ قطب الدین گجراتی کے سرادرہ خاص پر جو جنگ گاہ کے عقب تھا پہونچا اور تاج اور طپکا مرصع شاہ گجرات کا جو کرسی پر رکھا تھا اُٹھایا اور گھوڑے کو بجلی کی طرح چمکاکر اپنے اُردو مین داخل ہوا اور جب پانچ چھ ہزار سوار جمع ہوئے مشہور کیا کہ آج شب کو گجراتیون پر شبخون لے جاؤن گا جب اور تھوڑی رات گئی شبخون کے بہانہ شادی آبادمندو کی سمت متوجہ ہوا اور قطع مسافت مین کوئی اور بہیل نے اُس کے لشکر کو مضرت تمام پہونچائی اور سلطان محمود خلجی نے ابتداے طلوع آفتاب دولت سے انقراض سلطنت تک اس شکست کے

سوا کوئی شکست نہین پائی ع عیبے بنود شکست مردان ہنراست ۔ جب شادی آباد مندو مین پہونچا سپاہ کی شکست و ریخت کی درستی مین مصروف ہوا اور شہزادہ غیاث الدین نے بھی کچھ مواضع بندر سورت کے تاخت کرکے مراجعت کی اور بحسب اتفاق مخبرون نے سلطان محمود خلجی کو مشیر الملک المخاطب بہ نظام الملک وزیر اور اُس کے بیٹون کی خبر مکر اور غدر و نفاق کی پہونچائی اور سلطان محمود کے حکم کے موافق سیاست اور سزا کو پہونچے اور ۸۵۷ھ آٹھ سو ستاون ہجری مین سلطان محمود خلجی نے ولایت مالوا و راٹھور کی غزیمت کی اور جو سلطان قطب الدین گجراتی کی جانب سے دلجمعی نرکھتا تھا یہ صلاح دیکھی کہ پہلے سلطان قطب الدین گجراتی سے صلح کرون اُس کے بعد راے کو بھانکی ولایت کی تسخیر مین مشغول ہون اور اِس بھید کو اپنے دل مین پوشیدہ کرکے لشکر کی فراہمی اور آراستگی کا حکم دیا اور شادی آباد مندو سے قصبہ دہار کی طرف گیا اور وہان سے تاج خان کو مع لشکر آراستہ سرحد گجرات پر بھیجا تا مقدمہ صلح کی تمہید کرے اور تاج خان نے وہان جاتے ہی سلطان قطب الدین کے وزیرون کو مکتوب تحریر کرکے ایلچیان چرب زبان کے ہاتھ بھیجے اور یہ پیغام دیا کہ طرفین کی نزاع اور عداوت باعث پریشانی خلائق ہی اور صلح اور اتحاد امنیت اور رفاہیت کا موجب ہی بعد قیل و قال اور گفتگوے دراز سلطان قطب الدین گجراتی نے صلح کی رضا دی اور طرفین سے اکابر اور معارف درمیان مین آئے اور بنیاد مصالحہ کو عہد و قسم سے استحکام بخشا اور یہ قرار پایا کہ ولایت رانا کو بھانسے جو کچھ گجرات کے متصل ہی لشکر قطبی اُسے تاخت و تاراج کرے اور بلاد میوات اور اجمیر اور اس نواح پر سلطان محمود شاہ متصرف رہے اور عند الاحتیاج ایک شاہ دوسرے شاہ کی امداد و اعانت مین دریغ نفرماوے سلطان محمود ۸۵۸ھ آٹھ سو اٹھاون ہجری مین اُن راجپوتان متمرد کی تادیب کو کہ نواح ہاروتی مین نشان تمرد بلند کیا تھا متوجہ ہوا اور قصبہ ہوتی مین جاکر اکثر راجپوتون کو علف تیغ اسلام اور اس جماعت کے اطفال و عیال کو اسیر کرکے مندو کی طرف بھیجا اور وہان سے گوالیار کو چلکر کے عازم بیانہ ہوا اور جب اس کے قریب پہونچا داؤد خان حاکم بیانہ نے پیشکش بہت بھیجکر جادۂ اخلاص مین قدم رکھا اور وہ حدود اس پر مسلم ہوئے اور جو ۹۱۱ع کہ یوسف خان ہندوانی اور حاکم بیانہ کے درمیان تھی اپنی مساعی جمیلہ سے اُسے بھی بہ محبت و مودت مبدل کیا اور مراجعت کے وقت سلطان محمود خلجی نے نئے شہر اور ہاروتی اور اجمیر کی حکومت فدائی خان کے سپرد فرمائی بعدہ اپنے دار الملک کی طرف نزول اجلال فرماکر سایہ امن و امان کا وہان کے باشندون پر مبسوط فرمایا اور اسی سال سکندر خان اور جلال خان بخاری نے کہ امراے کبار سلطان علاء الدین بہمنی سے تھے عرائض سلطان محمود کی خدمت مین بھیجکر قلعہ ماہور کی تسخیر پر کہ قلاع عظم برار سے ہی تحریص کی اور سلطان محمود مع لشکر آراستہ ہوشنگ آباد کے راستہ سے ماہور کی طرف متوجہ ہوا اور محمود آباد کے نواح مین سکندر خان بخاری نے آن کر ملازمت کی جب قصبہ ماہور کو محاصرہ کیا سلطان علاء الدین شاہ بہمنی مع لشکر آراستہ کہ سرور ملخ سے زیادہ تھا اہل قلعہ کی کمک کو آیا سلطان محمود خلجی نے جب اپنے

مین طاقت مقاومت نہ دیکھی ملک عالی شان کو مع تاج خان اور سکندر خان بخاری مقرر کرکے خود بازگشت فرمائی اور قلم شکستین رقم نے یہ داستان طبقہ بھینہ مین مشروحًا اور مفصلًا تحریر کی ہی اور اثنائے مراجعت مین یہ خبر سمع مبارک مین پہونچی کہ مبارک خان حاکم آسیر ولایت بکلانہ پر جو دکن اور گجرات کے مابین واقع ہی تاخت لایا ہی جو کہ وہان کا حاکم محمود شاہ کا مطیع و منقاد تھا سلطان نے اُس کی حمایت اور رعایت اپنے ذمہ ہمت پر واجب و لازم جان کر عنان عزیمت اُس طرف منعطف فرمائی اور اپنی روانگی سے پیشتر اقبال خان اور یوسف خان کو بھیجا میران مبارک شاہ فاروقی مع لشکر گران مقابلہ کو آیا اور بعد مقابلہ ایسا بدحواس ہوکر بھاگا کہ آسیر تک باگ نہ موڑی اور سلطان محمود خلجی نے بعضے مواضع اور قریہ بلاد آسیر کو تاخت کرکے شادی آباد مندو مین معاودت کی اور پھر اُسی سال سلطان محمود خلجی کو مخبرون نے یہ خبر پہونچائی کہ پیسر راے بابو راجہ ولایت بکلانہ مین استقرار وہ رکھتا ہی اور میران مبارک خان فاروقی حاکم آسیر اس کی ولایت مین داخل ہوکر خرابی کر رہا ہی اور اُس کے آنے کا بھی مانع ہی سلطان محمود خلجی نے شاہزادہ غیاث الدین کو بجناح استعجال اُس کے مدافعہ کو نامزد فرمایا اور جب یہ خبر مبارک خان کو پہونچی اپنے ملک کی سمت معاودت کر گیا اور پیسر راے بابو پیشکش بہت سلطان کی خدمت مین لاکر سرفراز ہوا اور باعزاز واکرام تمام نقد رخصت حاصل کرکے اپنی ولایت مین گیا اور شہزادہ غیاث الدین رنتھنبور کی طرف متوجہ ہوا اور ان دنون مین سلطان محمود خلجی نے بھی ولایت جیتور کی طرف عنان عزیمت معطوف فرمائی رانا کو بنھانے طریق مدارا اختیار کرکے کچھ اشرفی اور روپیہ مسکوک پیشکش بھیجا جو وہ سکہ رانا کو بنھانے اپنے نام پر جاری کیا تھا باعث ازدیاد غضب محمودی ہوا اور وہ پیشکش واپس کرکے اپنے لشکر کو حکم نہب و غارت دے کر اثر آبادی اور معموری کا نہ چھوڑا اور منصور الملک کو ولایت مندسور کی تاراج کے واسطے نامزد کیا اور جب ارادہ کیا کہ تھانہ داروں کو اس ولایت مین مقرر کرے تو چاہا کہ اس ولایت کے مابین خلجی پور نام ایک قصبہ آباد کرے راے کو بنھا یہ خبر سنکر بعجز و انکسار پیش آیا اور سلطان محمود خلجی کی خدمت مین یہ پیغام دیا کہ جس قدر پیشکش کا حکم ہو قبول کرون اور اُس کے بعد جادۂ اخلاص اور دولت خواہی سے قدم آگے نرکھون گا لیکن شرط یہ ہی کہ سلطان قصبہ خلجی پور کی تیاری و تعمیر ترک فرماوے اور جو کہ موسم برسات قریب تھا اس واسطے سلطان نے پیشکش دلخواہ لے کر شادی آباد کی طرف معاودت کی اور ایک مدت تک اس شہر مین قیام کیا اور ۸۵۹ھ آٹھ سو انسٹھ ہجری مین پھر ولایت مندسور کی تسخیر کے واسطے عازم و جازم ہوا اور وہان پہونچکر افواج اس ناحیہ کے اطراف و اکناف مین بھیجی اور خود وسط ولایت مین قرار پکڑا اور ہر روز خبر فتح تازہ اُسے پہونچتی تھی اور وہ مراسم شکر الٰہی بجالاتا تھا اتفاقًا ایک روز عریضہ ایک فوج کا کہ ہاروتی کی طرف تعینات ہوئی تھی باین مضمون پہونچا کہ ابتداے آفتاب اسلام ممالک ہندوستان مین افق اجمیر سے طالع ہوا اور حضرت مرشد الطوائف شیخ معین الدین سنجری قدس سرہ اس بقعہ شریف مین آسودہ ہین اب یہ خطہ پاک

جب سے کفار کے تصرف مین آیا ہو اثر اسلام اور مسلمانی کا باقی نرہا جب مضمون عرضی کا مسامع فیض مجامع
مین پہونچا اسی دن اجمیر کی طرف متوجہ ہوا اور بکوچ متواتر مزار فائض الانوار کے قریب نزول فرمایا
اور حضرت خواجہ قدس سرہٗ کی روح پر فتوح سے مدد طلب کر کے لشکر کو حکم کیا کہ باتفاق امرا قلعہ
کو محاصرہ کر کے مورچہ تقسیم کرین اس درمیان مین گجادھر نامے کہ اہل قلعہ کا سردار تھا مع فوج راجپوتان
نامی جنگ کے واسطے برآمد ہوا اور افواج محمودی کے صدمہ شمشیر کی تاب سے بیتاب ہو کر قلعہ مین
در آیا اور چار دن تک تنور رزم اور معرکہ قتال گرم رہا پانچوین دن گجادھر فیل مست کی طرح برآمد ہوا
اور جنگ مغلوبہ مین مارا گیا اور ایک جماعت سپاہیان محمودی کے مفروردن مین مخلوط ہو کر قلعہ کے
دروازے مین در آئی اور قلعہ فتح ہوا اور ہر کوچہ مین راجپوتون کے کشتون کے پشتے نمود ہوئے
حتی کہ ہر سمت سیل خون کی طغیانی تھی سلطان محمود خلجی مراسم شکر الٰہی بجالا کر اس بزرگوار کے مزار کی
شرف طواف سے مشرف ہوا اور ایک مسجد عالی تعمیر کر کے خواجہ نعمت اللہ کو سیف خان خطاب
دے کر وہان کی حکومت تفویض فرمائی اور اس بقعہ شریفہ کے مجاورون کو انعام اور وظیفہ سے خوشدل
کر کے قلعہ مندل کی طرف مراجعت کی اور بکوچ متواتر آب بیاس کے کنارہ نزول فرمایا اور امرا کو
اطراف قلعہ مین تعین کیا اور رانا کو نبھانے بھی اپنی فوج کو مسلح اور مکمل کر کے باہر بھیجا اور جنگ عظیم
واقع ہوئی اور ایک جماعت کثیر لشکر محمود شاہی سے مقتول ہوئی اور راجپوت بھی بشمار غلطان تیغ
اسلام اور طعمہ زاغ و زغن ہوے جب آفتاب جہان تاب فلک چہارم سے اپنے خلوت سرا
کی طرف متوجہ ہوا طرفین نے اپنے دائرہ مین قرار پکڑا اور صبح کو اس دولت خانہ کے تمام امرا اور
وزرا فراہم ہو کر عرض پیرا ہوئے کہ امسال جو کمر لشکر کشی واقع ہوئی اور موسم برسات کا بھی قریب
پہونچا اگر آنحضرت چند روز دار الملک شادی آباد مین سپاہ کی درستی شکست و ریخت کے واسطے
قرار اور آرام فرمائین اور بعد از برسات بسامان و شوکت ملوکانہ اس قلعہ کی تسخیر کے لیے عنان اشہب
عزیمت معطوف کرین لائق اور سزاوار ہو سلطان محمود خلجی نے مراجعت کر کے چند روز استقامت کی اور محرم
کی چھبیسوین تاریخ سنہ ۸۶۱ آٹھ سو اسٹھ ہجریہ مین مندل گڑھ کے محاصرہ کیواسطے روانہ ہوا اثناے راہ مین جسجگہ تبخانہ نظر پڑا اسے
مسمار کر کے نشان نچھوڑا اور منزل مقصود مین پہونچکر درختون اور عمارتونکو قلع قمع کیا اور آبادی کا نشان باقی نرکھا اور قلعہ کو
محاصرہ کر کے مورچے خندق سے بڑھا کر دیوار قلعہ سے ملحق اور متصل کیے اور تھوڑے عرصہ مین تائید یزدانی اور توفیق سبحانی سے
فتح کیا اور خلقت کثیر اور جم غفیر کو اسیر اور دستگیر کر کے تیغ آبدار سے قتل فرمایا اور بقیۃ السیف دوسرے قلعہ
مین جو پہاڑ کی چوٹی پر تھا پناہ لے جا کر اس کے استحکام اور سنگینی پر معزور اور نازان ہوے اور
صرصاے توپ کلان کی صدمہ سے پانی جو قلعہ کے حوضون مین بریز تھا خشک ہوا اور وہ پانی جو
قلعہ اول مین تھا لشکر محمودی کے قبضہ مین آیا آخر کو بے آبی نے عجب کے لشکر کو زائل کیا اور شدت
تشنگی سے بیتاب ہو کر نعرہ العطش اور صداے الامان بلند کی اور دس لاکھ تنکہ قبول کر کے قلعہ سپرد کیا
القصہ یہ فتح عظیم ذی الحجہ کی پچیسوین سنہ ۸۶۲ آٹھ سو باسٹھ ہجری مین کرسی ظہور پر جلوہ گر ہوئی سلطان محمود خلجی

مراسم حمد و شکر الٰہی بخضوع و خشوع تمام ادا کر کے دوسرے دن قلعہ مین داخل ہوا اور بتخانے ویران اور خراب کر کے اُس کا مصالحہ مسجد کی عمارت مین صرف کیا اور قاضی اور محتسب و خطیب و مؤذن مقرر کئے اور محرم کی پندرہوین تاریخ ۸۶۳ھ آٹھ سو ترسٹھ ہجری مین جیتپور کی سمت عازم ہوا اور راس ناحیہ مین پہونچکر سلطان غیاث الدین کو ولایت بھیلوارہ کی تاخت و تاراج کے واسطے بھیجا شہزادہ نے اُس ولایت کو خراب اور ویران کر کے اور بہت بندے دستیاب کر کے مراجعت کی اور چند روز کے بعد سلطان نے شہزادہ فدائی خان اور تاج خان کو قلعہ کوندی کی تسخیر کے واسطے نامزد کیا جب شاہزادہ قلعہ کوندی کے اطراف مین پہونچا راجپوتون نے قلعہ سے برآمد ہوکر دادمردی اور مردانگی دی آخر کو ہزیمت پاکر اکثر علف تیغ بیدریغ ہوے اور جنھون نے عمداً اپنے تئین خندق مین ڈالا گرفتار ہوے اور شہزادون نے پہلے روز قلعہ کوندی کو بزور بازوے شجاعت مفتوح کیا اور شکر اس عطیۂ عظمیٰ اور موہبت کبریٰ کا بجالائے بعدہ ایک سردار معتبر وہان چھوڑا اور مظفر و منصور ہوکر اپنے ولی نعمت کے ہمراہ رکاب شادی آباد مندو کی طرف معاودت کی اور سلطان محمود ۸۶۶ھ آٹھ سو چھیاسٹھ ہجری مین پھر راجپوتون کی گوشمال کے واسطے سوار ہوا اور موضع اہار مین جاکر نزول اجلال فرمایا اور شہزادہ غیاث الدین اور تاج خان کو ولایت کی تاخت و تاراج کے لیے نامزد کیا اور وہ اُس ولایت کو خاک برابر کر کے کوتلمیر کی طرف روانہ ہوئے اور جب اپنے والد ماجد کی ملازمت مین فائز ہوئے قلعہ کوتلمیر کی بہت تعریف کی سلطان محمود دوسرے دن قلعہ کوتلمیر کی جانب عازم ہوا اور راستہ مین بتخانون کو ویران اور خراب کر کے قطع منازل اور مراحل کرتا تھا جب قلعہ کے حوالی مین نزول کیا دوسرے دن سوار ہوا اور اُس ٹیلے پر جو قلعہ کے پورب طرف ہی برآمد ہوکر شہر کو ملاحظہ کیا اور فرمایا کہ یہ قلعہ بے محاصرہ چند سال کے فتح نہوگا پھر دوسرے دن کوچ کر کے دونگر پور کی طرف متوجہ ہوا راے سیام داس راجہ دونگر پور کا بھاگ کر کوہ بیانہ مین پناہ لے گیا اور وہان سے بجز وانکسار تمام دو لاکھ تنکہ اور بیس راس گھوڑے پیشکش بھیجے سلطان محمود نے وہ قبول فرماکر اپنے دار الملک کی طرف مراجعت فرمائی اور ماہ محرم ۸۶۶ھ آٹھ سو چھیاسٹھ ہجری مین جو کہ طفل صغیر السن نظام شاہ نام نے تخت دکن پر جلوس کیا تھا اور امراے درگاہ جیسا کہ چاہیئے اُس کی اطاعت نہ کرتے تھے سلطان محمود خلجی نظام الملک غوری کے اغوا و تفہیم سے بکوچ متواتر عازم تسخیر بلاد دکن ہوا اور جب آب نربدہ سے عبور کیا مخبر خبر لائے کہ مبارک خان حاکم آسیر قضاے الٰہی سے فوت ہوا اور اُس کا بیٹا غازی خان ملقب بہ عادل خان اُس کی جگہ پر جانشین ہوا اور آغاز دولت مین دست تعدی آستین جور سے برآوردہ کر کے سید کمال الدین اور سید سلطانکو بیصدور قصور شہید کر کے گھر مظلومون کا غارت کیا اور بعد چند روز کے اُن سادات مظلوم کا بجائی سید جلال نام فریادی آیا سلطان محمود نے از روے حمیت چاہا کہ عادل خان کو گوشمال دیوے چنانچہ خاص اُسی نیت سے آسیر کی طرف راہی ہوا اور عادل خان نے از روے عجز و بیچارگی

ایک فرزندان قطب عالم فرید الحق والدین مسعود شکر گنج کو اُس کی خدمت مین بھیجکر پیشکش مرسول رکھا
اور اپنی تقصیرات سے استغفار کی سلطان محمود جو کہ جانتا تھا کہ تیر تدبیر کسی قلعہ کشا کا بر و ج سخت و
دشوار گذار آسیر پر اب تک نہین پہونچا اور علاوہ اس کے مآل اس سفر کا تسخیر دکن ہی قلم عفو اُس کے
جرائم پر کھینچا اور در نصیحت سے اُس کے کان گران بار کرکے ولایت برار اور راجپور کی طرف
متوجہ ہوا اور جب قصبہ بالا پور مین پہونچا جاسوس اور مخبر یہ خبر لائے کہ وزرائے نظام نے
سرحدون سے لشکر طلب کیا ہی اور فوج کی فراہمی مین مصروف ہین اور دو کرور تنکہ خزانہ سے برآورد
کرکے امرا اور سپاہیون کو بطور رمد و خرچ دیا ہی اور ڈیڑھ سو فیل کو تمثیل لے کر شہر سے برآمد
ہوے ہین اور تقدیر الٰہی کے منتظر ہین سلطان محمود خلجی یہ خبر سنتے ہی افواج آراستہ کرکے
بکوچ متواتر نظام شاہ بہمنی کے تین فرسخ اُدھر پہونچا اور وزرائے دکن نے نظام شاہ کو کہ آٹھ برس
کا تھا سوار کیا اور اس کے سر پر چتر بلند کرکے باگ اُس کے گھوڑے کی خواجہ جہان ملک شہ ترک کے
ہاتھ مین دی اور سرانجام میسرہ کا ملک نظام الملک ترک اور میمنہ کا خواجہ محمود گیلانی کے کہ ملک التجار
خطاب رکھتا تھا حوالہ کیا اور جب دونون بادشاہ ایک دوسرے کے مقابل پہونچے ملک التجار سبقت
اور پیش دستی کرکے فوج میمنہ محمودی پر تاخت لایا اور مہابت خان حاکم چندیری اور ظہیر الملک وزیر کہ
سرداران میسرہ سے تھے مقتول ہوے اور میمنہ کی جمعیت کو اُنھون نے متفرق اور پریشان کیا
شکست عظیم لشکر مندو پر پڑی فوج نظام شاہی نے دس کوس تعاقب کرکے سلطان محمود خلجی کے اُردو
کو تاخت تاراج کیا اس درمیان مین سلطان محمود آپ کو گوشہ مین کھینچکر فرصت وقت کا جویا تھا جب کہ اکثر
سپاہ نظام شاہی تاراج مین مشغول تھے اور نظام شاہ کچھ لوگون سے ایستادہ تھا دو ہزار سوار لے کر
فوج نظام شاہ کے پیچھے سے ظاہر ہوا اور بروایت مشہور خواجہ جہان ترک کہ عمدہ سردار قلب سے تھا
قلب کو مضطرب کرکے عنان شبدیز نظام شاہ بہمنی اپنے ہاتھ مین تھام کرکے احمد آباد بیدر کی طرف
بھاگا اور لڑائی کا رخ بدل گیا یعنے وہ لوگ جو تاراج کیواسطے گئے تھے اُنھون نے متاع نفیس زندگانی
ضائع اور برباد کی اور والدۂ نظام شاہ نے امرا کے غدر اور مکر سے اندیشہ کرکے شہر بیدر کی طرف
محافظت کے واسطے ملوخان کو چھوڑا اور خود نظام شاہ کو لے کر فیروز آباد مین گئی اور وہان سے
ایک محبت نامہ سلطان محمود گجراتی کو بھیجکر کمک طلب کی اور سلطان محمود خلجی نے تعاقب کرکے
بیدر کا محاصرہ کیا اور لشکر مفر و ر نظام شاہ کے پاس فیروز آباد مین جمع ہوا اور خبر پہونچی کہ ملک التجار
سپہ سالار مع لشکر عظیم نظام شاہ کی مدد کے واسطے بسبیل تعجیل پہونچے گا سلطان محمود خلجی نے اپنے
اعیان دولت سے مشورہ کیا آخر کو یہ قرار پایا کہ ہوا گرم ہوئی اور ماہ رمضان قریب آیا اولی اور انسب
یہ ہی کہ تسخیر اس بلاد کی دوسرے سال پر موقوف کرکے مراجعت کی جاوے چنانچہ دوسرے دن
اس بہانہ سے کوچ کرکے اپنی ولایت کی سمت راہی ہوا اور راہ مین جو کچھ دیکھنا تھا دیکھا اور ۸۶۷ھ
آٹھ سو ساٹھ ہجری مین جو خیال تسخیر ولایت دکن سر مین رکھتا تھا اور ملک التجار نے اُس کے ساتھ

شرارت ومخالفت کی تھی چاہتا تھا کہ اس کا عوض لون پھر لشکر کو آراستہ کر کے ظفرآباد نعلچہ مین فروکش ہوا اور ابھی ظفرآباد نعلچہ مین تھا کہ عریضہ سراج الملک تھانہ دار کھیرلہ کا اس مضمون سے پہونچا کہ نظام شاہ بہمنی نے نظام الملک کو مع لشکر کثیر تھانہ دار کھیرلہ کے سر پر نامزد فرمایا ہی چند روز مین پہونچے گا یہ خبر سنکر بجناح استعجال عازم حمایت تھانہ دار کھیرلہ ہوا اثنائے راہ مین یہ خبر سنی کہ نظام الملک نے آن کر قلعہ کھیرلہ کو گھیرا ہی اُس وقت سراج الملک تہانہ دار وہان مے نوشی مین مشغول تھا اور نشہ کی شدت سے اپنے تن بدن کا ہوش نہ رکھتا تھا اُس کا پسر قلعہ سے برآمد ہوکر لڑکر اور شکست کھا کر بھاگا اور نظام الملک مفروروں کا پیچھا کرتا ہوا قلعہ مین در آیا لیکن اُسی دن بعد تصرف قلعہ پیادگان راجپوت کے ہاتھ سے مارا گیا سلطان محمود خلجی نے یہ خبر سنکر مقبول خان کو مع چار ہزار سوار قلعہ کھیرلہ کی طرف بھیجا اور خود انتقام کے واسطے دولت آباد کی سمت عازم ہوا اور اثنائے راہ مین راے سرکچھ کے ایلچی اور راے جاج نگر کے وکیل کہ پانسو اونٹ بیس زنجیر فیل برسم پیشکش لائے تھے سلطان کے ملاحظہ مین گذرانے سلطان نے وکلا کو خلعت وانعام دے کر رخصت کیا اور موضع خلیفہ آباد مین نزول فرمایا اس درمیان مین فرمان سلطنت اور خلعت ایالت کا ایک خدام امیرالمومنین یوسف بن محمد عباسی مصر سے اُس کے واسطے لایا سلطان نہایت سرور اور خوش حالی سے رسم استقبال بجالایا اور خادمان خلیفہ سے باعزاز واکرام پیش آن کر ضیافت اور مہمان داری مین مصروف ہوا اور گھوڑے مع ساز وبراق مرصع اور خلعتہاے زردوزی انعام دیے جب دولت آباد کی سرحد پر پہونچا یہ خبر آئی کہ سلطان محمود گجراتی شاہ دکن کی مدد کے واسطے اپنے دارالملک سے برآمد ہوکر اس حدود کی طرف متوجہ ہوا ہی سلطان محمود بالکنڈہ کی جانب عازم ہوا اور کچھ مواضع اور قریات کو تاخت کر کے کونڈوارہ کے راستہ سے اپنے دارالملک کی طرف معاودت کی اور روایت صحیح یہ ہی کہ سلطان محمود شاہ بہمنی نے نظام الملک ترک کو سنہ ۸۷۰ آٹھ سو ستر ہجری مین بھیجکر قلعہ کو لیا ناظرین تفصیل اس اجمال کی شاہان بہمنیہ کی داستان سے دریافت فرماوین اور سلطان محمود خلجی نے چند روز اپنے دارالملک مین قرار کیا اور سنہ ۸۷۱ آٹھ سو اکہتر ہجری مین مقبول خان کو مع فوج ایلچپور کی تاخت کے لیئے بھیجا اور اُس جماعت نے ایلچپور کے اطراف کو مع شہر غارت کیا اور پہر رات گئے وہان کا حاکم اپنے ہمسایگان مثل قاضی خان اور پیر خان کو جمع کر کے مع ایک ہزار پانسو سوار وبے شمار پیادہ سے بقصد جنگ آیا یہ خبر مقبول خان کو پہونچی غنائم اور اسباب و سامان اپنا مع ایک فوج روانہ کیا اور مردم خوب اور کارآمدنی کو انتخاب کر کے اپنے ہمراہ نگاہ رکھا اور ایک جماعت کو حرب کے واسطے تعین کیا اور خود کچھ لوگ لے کر کمین گاہ مین بیٹھا جب فوج طرفین جنگ مین مشغول ہوئی مقبول خان کمین گاہ سے برآمد ہوا اور قاضی خان کا پاے ثبات زمین کین سے ہلگیا ایلچپور مین بھاگ کر دم لیا اور مقبول خان نے ایلچپور کے دروازہ تک پیچھا کر کے بیس نفر سردار معتبر قتل کیے اور تیس نفر زندہ اسیر ہوئے اُس وقت مقبول خان نے وہان سے

مراجعت کی اور مظفر و منصور مجو و آباد مین پہونچا اور جمادی الاول سنہ ۸۰۱ آٹھ سو اکھتر ہجری مین والی دکن اور مالوہ نے ایلچی مصالحہ کے واسطے بھیجے بعد رد و بدل بسیار یہ قرار پایا کہ والی دکن ایلچپور اور دلایت کونڈوارہ اور بقو نے قلعہ کھیرلہ تک سلطان محمود کے قبضہ مین واگذار کرین اور سلطان محمود من بعد دیار دکن مین مضرت نہ پہونچائے سلطان محمود نے فرمایا کہ مدار محاسبات دفتر کا تاریخ قمری پر رکھین تاریخ شمسی کو یک قلم برطرف کرین اور ماہ ربیع الاول سنہ مذکور مین شیخ علاء الدین کہ علماے وقت سے تھا شادی آباد کے اطراف مین پہونچا سلطان محمود خلجی نے حوض رانی تک استقبال کیا اور گھوڑے پر سوار ایک دوسرے سے بغلگیر ہوئے اور سلطان نے اُس کی تعظیم و احترام مین کوئی دقیقہ باقی نہ رکھا اور ماہ ذیحجہ سنہ مذکور مین مولانا عماد الدین ایلچی سید محمد نوربخش کا سلطان محمود کی خدمت مین پہونچا اور خرقہ شیخ کا برسبیل تبرک لایا سلطان در و خرقہ کو نعمت کبرے تصور کرکے مولانا عماد الدین کے آنے سے نہایت خوش ہوا اور حالت سرور اور خوش حالی مین خرقہ پہنکر دست بذل اور احسان کا کھولا اور اس ملک کے جمیع علما اور مشائخ کو کہ مجلس مین حاضر تھے محظوظ اور بہرہمند کیا اور محرم سنہ ۸۰۲ آٹھ سو بہتر ہجری مین پیکون نے یہ خبر پہونچائی کہ مقبول خان برگشتہ روزگار نے محمود آباد کو جو بالفعل ساتھ کھیرلہ کے مشہور ہے تاراج کرکے والی دکن سے ملتجی ہوا ہے اور چند زنجیر فیل کہ مصالحہ ملکی کے واسطے اُس کے ہمراہ رہتے تھے کھیرلہ کے راجپزادہ کے حوالہ کیے اور رائے زادہ قصبہ محمود آباد پر متصرف ہوا اور جو مسلمان کہ قلعہ مین مقیم تھے سب کو شہید کیا اور طائفہ گوندان کو ساتھ اپنے موافق کرکے راستہ مسدود کیا سلطان محمود نے یہ خبر پہونچتے ہی تاج خان اور احمد خان کو اس فساد کے دفع کے واسطے رخصت فرمایا اور خود بھی بتاریخ آٹھوین ربیع الاول سنہ مذکور مین ظفر آباد نعلچہ مین نزول کیا اور چند روز کے بعد محمود آباد کی طرف روانہ ہوا اثناے راہ مین خبر پہونچی کہ تاج خان روز دسہرہ کو کہ برہمنہ کا روز ہاے بزرگ سے ہے ستر کوس تاخت کرکے اس مقام مین پہونچا اور جب سنکر رائے زادہ کھانا کھانے مین مشغول ہے تاج خان نے کہا کہ دشمن غافل کے سر پر جانا مردانگی سے بعید ہے اس مقام مین گھوڑے کی باگ روکی اور ایک شخص کو اس کے پاس بھیجکر خبردار کیا رائے زادہ نے ہاتھ کھانے سے کھینچا اور اپنے آدمیون کو مسلح کرکے جنگ پر آمادہ ہوا اور طرفین سے ایسی کوشش ظہور مین آئی کہ اُس پر اور زیادتی متصور نہین ہے قضارا ایک جماعت کثیر اُس کے ہمراہیون سے علف شمشیر ہوئی اور وہ خود سروپا برہنہ بھاگا اور گوندان سے ملتجی ہوا اور ہاتھی مقبول خان کے مع دیگر غنائم اور قصبہ محمود آباد دستیاب ہوا اور جب عریضہ تاج خان کا سلطان محمود کو پہونچا نہایت مسرور ہوا اور ملک الامرا ملک داور کو اُس گروہ کی تنبیہ اور تدارک کے لیے کہ رائے زادہ کو پناہ دی تھی مقرر کیا اور جب یہ خبر اس گروہ کو پہونچی رائے زادہ کو مقید کرکے تاج خان کے پاس بھیجا اور سلطان محمود نے بعد از فتح فسخ عزیمت محمود آباد کرکے رجب کی چھٹی تاریخ کو قصبہ سارنگ پور مین آن کر نزول کیا اور اس مقام مین بعد چند روز کے خواجہ

جمال الدین استرآبادی از جانب مرزا سلطان سعید برسم ایلچی گری مع تحفہ اور سوغات آیا سلطان خواجہ کے آنے سے بہت خوش وقت ہوا اور اُسے بھی نوازش خسروانہ سے خوش دل کرکے رخصت کیا اور اقسام سوغات ہندوستان سے پارچہ اور قماش اور چند کنیز ناچنے گانے والی اور چند فیل محمولہ زر اور گھوڑے عربی اور قصیدۂ غرا کہ سلطان ایران کی مدح مین کہا تھا اور ظاہرًا زبان ہندی مین تھا مصحوب شیخ علاء الدین ہمراہ خواجہ جمال الدین کے بھیجا اور خود دار الملک شادی آباد مین قرار پکڑا اور شہنشاہ ایران اس قصیدے سے جو شاہ مالوہ کا طبعزاد تھا اس قدر محظوظ ہوا کہ اور ہدایا سے اس قدر خوشحال نہ ہوا اسی سال گوالیار کے راجہ نے جب سنا کہ میرزا سلطان ابو سعید کو علم موسیقی اور سنگیت کی طرف میل تمام ہے اس فن کے دو تین نسخے معتبر مردم عالم اور کتاب خوان کے ہمراہ ارسال کیے بعد اُس کے اُس کا بیٹا راجہ کوپ بھی اخلاص موروثی کا لحاظ کرکے ہمیشہ تحف و ہدایا بھیجتا تھا اور ۸۷۳ آٹھ سو تہتر ہجری مین غازی خان کی عرض داشت اس مضمون سے پہونچی کہ کچھوارہ کے زمیندارون نے شاہراہ اطاعت سے قدم باہر رکھا ہے سلطان بجرد پہونچنے اس عریضہ کے اس جماعت کی تادیب کے واسطے عازم ہوا اور لشکر عظیم اس ملک مین روانہ کیا اور خود اُس ولایت کے مداخل اور مخارج کی صعوبت کو ملاحظہ کرکے مابین ولایت استقامت فرمائی اور قلعہ کی بنیاد ڈال کر چند روز کے عرصہ مین اس عمارت کو شرف اتمام بخشا اور اُس کا نام جلال پور رکھکر میرزا خانکے سپرد فرمایا اور اسکی محافظت کی تاکید کی اور شعبان کی ساتوین تاریخ سنہ مذکور مین شیخ خرلی اور کنور چند پسر راجہ گوالیار برسم سفارت سلطان بہلول لودھی بادشاہ دہلی فتح آباد کی نواحی مین خدمت مین سلطان کی حاضر ہوکر جو تحفہ کہ لائے تھے گذرانا اور اُس کے بعد زبانی یہ معروض کیا کہ سلطان محمود شرقی ہم سے دست کش نہین ہوتا اگر آنحضرت ہماری امداد و اعانت کے واسطے اطراف دہلی مین تشریف شریف ارزانی فرمائین اور اُس کے فتنہ و فساد سے ہمین نجات بخشین مراجعت کے وقت قلعہ بیانہ کو مع توابع پیشکش کرونگا اور سلطان کی سواری کے واسطے چھ ہزار گھوڑے مع ساز و سامان خدمت مین بھیجون گا سلطان محمود نے فرمایا جس وقت سلطان حسین دہلی کی طرف متوجہ ہووے مین بسرعت تمام کمک اور امداد کو پہونچون گا اس قرار داد کے بعد ایلچیون کے حال پر تفقد کرکے دار الملک شادی آباد کی طرف متوجہ ہوا اور چونکہ ان دنون ہوا نہایت گرم تھی راستہ مین حرارت کی شدت کے سبب مزاج اعتدال سے منحرف ہوا اور روز بروز مرض کو ترقی اور قوت کو تنزل حاصل ہوتا رہا یہان تک کہ ذیقعدہ کی انیسوین تاریخ ۸۷۳ آٹھ سو تہتر ہجری مین بولایت کچھوارہ خرابہ دنیا سے دار الملک عقبےٰ کی سمت خرامان ہوا اس کی مدت سلطنت چونتیس سال تھی بیت بجاہ ارچہ بر آسمان تخت برد ۔ بجاہ لحد عاقبت رخت برد ۔ سلطان محمود کی عمر جس قدر تخت نشینی کے وقت تھی اسے قدر مدت سلطنت کرنا ندرت اور غرابت سے خالی نہین ہے امیر تیمور صاحبقران گورگان نے بھی چھتیس سال کے سن مین تخت سلطنت پر جلوس فرمایا تھا اور مدت اُن کی سلطنت کی بھی چھتیس سال تھی ناظرین

احوال سلاطین مالوہ پر مخفی نرہے کہ سلطان محمود خلجی کو اور بھی فتوحات کثیرہ حاصل ہوئین لیکن اس کتاب کے مولف ملا محمد قاسم ہندو شاہ فرشتہ نے تطویل سے اندیشہ کرکے وہ فتوحات اس مقدمہ مین درج نہین کین جاننا چاہیئے کہ سلطان محمود بادشاہ عادل اور شجاع اور نیک اخلاق اور سخاوت تھا اور اس زمانہ مین کہ زمام سلطنت مالوہ اس کے قبضہ اختیار مین تھی چارون طرف سے کیا ہندو کیا مسلمان اس کی طرف مائل ہوے جاتے تھے اور آغاز سلطنت سے خاتمہ تک کوئی سال ایسا نہین ہوا کہ بے نہضت گذرا ہو بلکہ وہ سلطان اپنی آسایش اور فراغت کو لشکر کشی اور جنگ وجدل مین جانتا تھا اور ہمیشہ مورخان کہن سال اور سیاحان جہان سے احوال بادشاہون اور بزرگون کا خوب دریافت کیا کرتا تھا اور قواعد جہانداری کے تحصیل مین بھی غافل نر ہتا تھا اور شاہان ماسلف اور خلف کے اخلاق پسندیدہ اور روش ستودہ کو اپنے دل مین نگاہ رکھتا تھا اور اپنے دربار مین درباریون اور مجرائیون کے روبرو نقل فرماتا تھا اور اس چیز سے جو انکے باعث زوال دولت اور موجب خرابی خاندان ہوئی اس سے پرہیز کرتا تھا اور اس کی سلطنت مین چور اور ٹھگ کا نام کوئی نہ سنتا تھا اور اگر احیانًا کسی تاجر یا فقیر کا مال چوری جاتا تھا بعد ثبوت وزدی فورًا اپنے خزانہ سے اُسے پہونچاتا تھا اور بعد اُس کے وہ مال مسروقہ اس موضع کے چوکیدارون اور نگہبانون سے برآمد کرواتا تھا اس سبب سے جو امیر یا فقیر اس کی مملکت مین آتے تھے صحرا مین فروکش ہوکر اپنی جان ومال کی نگہبانی اور محافظت نکرتے تھے ایک روز شیر یا ببر نے دریا کے کنارے ایک مسافر پر حربہ کیا اور اس کے فرزندون نے درگاہ سلطان مین آن کر دردہاے دشتی کی شکایت کی سلطان محمود خلجی نے حکمنامجات اپنے تمام ممالک محروسہ مین اس مضمون کے جاری کیے کہ بمجرد صدور حکمنامہ تمام حکام اپنے اپنے علاقہ کے حیوان شکاری اور درندہ کو ہلاک کرین اور من بعد جس کے علاقہ مین شیر یا چیتا وغیرہ نظر آوے وہان کے حاکم کو عوض مین اُس کے قتل کرین اس سبب سے اس کے عہد معدلت مہد مین اور اس کے بعد بھی برسون ولایت مالوہ مین شیر و گرگ وغیرہ کی صورت دکھائی ندیتی تھی اور ایک شاعر نے اُس کی تاریخ وفات یہ کہی تھی یادگار کے واسطے درج کتاب ہوئی قطعہ تاریخ شاہ خلجی نژاد سلطان محمود ✤ از دار فنا چو راہ عقبیٰ پیمود ✤ تاریخ وفات حضرت سلطان شد ✤ از بام بہشت عدن باقی مقصود

ذکر سلطان غیاث الدین بن سلطان محمود خلجی کی جہانداری کا

جب سلطان محمود خلجی نے اس دار ناپائدار سے رحلت کی اُس کا بڑا بیٹا باپ کی وصیت کے بموجب مسند حکومت پر جلوہ گر ہوا اور عامہ گروہ خلق کو اپنی ذات خاص سے راضی اور شاکر کیا اور وہ زر کہ بیوم جلوس اُس کے چتر پر نثار کیا تھا مبلغ خطیر ہوتا تھا اہل استحقاق پر تقسیم کیا اور غدوی خان اپنے بھائی کو نئے شہر کے ولایت اور چند پرگنہ دیگر کی حکومت پر جو کہ سلطان محمود خلجی کے عہد مین اپنے

تصرف مین رکھتا تھا مامور کرکے مسرور کیا اور اپنے بڑے بیٹے عبدالقادر کو ناصرالدین خطاب دیکر
ولیعہدی پر منسوب فرمایا اور شغل وزارت اُسے ارزانی کرکے چتر اور پالکی اور جاگیر بارہ ہزار
سوار کی اُسے عنایت فرمائی اور بعد الفراغ جشن سلطنت جمیع مناصب کو مردم امین کاروان سے
رجوع کرکے اُن سے یہ فرمایا کہ مین نے سلطان مرحوم کے عہد مین چار برس لشکرکشی کی
تھی اب وقت آسایش و آرام ہے مین پاؤن دامن قناعت مین کھینچکر ابواب عشرت اپنے منھ پر کھولتا ہون
تم اس مملکت کی محافظت مین کہ جو باپ سے مجھے پہونچی ہے کوشش کرو پھر در مقصود کو مفتوح کرکے
حکم فرمایا کہ ہمارے قلمرو مین جس قدر اسباب عیش اور سامان طرب سے ہم پہنچے حاضر کرین
اور جو کچھ ممالک غیر مین یعنے ایران اور توران اور روم سے ممکن ہو ایلچی بھیجکر جس طور سے ہوسکے
ہم پہونچاوین چنانچہ گائنین اور خواصین صاحب جمال کی اسکے حرم سرا مین کثرت ہوئی اور جو کہ
سلطان غیاث الدین عورتون کے فراہم کرنے مین درپے تھا عورات آزاد اور بندہ اور راجاؤن
وغیرہ کی بیٹیان دس ہزار تخمیناً اُس کے شبستان مین جمع ہوئین اور راجاؤن اور رئیسون کی
بیٹیون کے مناصب جو کہ سلاطین کے دولتخانون مین ہوتے ہین مرحمت کئے رفتہ رفتہ یہ نوبت
پہونچی کہ جس قدر عہدہ دار اور مناصب اور عملہ باہر تھا اُسی قدر محلسرا مین بھی ہم پہونچا بعضے وکیل
اور وزیر اور بخشی اور خزانچی اور داروغہ توشک خانہ اور امیرالامرا اور منشی اور نجبر اور مشرف اور محرر
اور منجم ہوئین اور بعضے صدر اور مدرس اور حکیم اور ندیم اور محتسب اور مفتی اور موذن اور حافظ اور
معرف ہوئین اور اسی طریق سے لونڈیون اور خواصون کو صناعی اور وہ ہنر کہ جہان مین شائع اور
مشہور ہین سکھائے چنانچہ بعضون کو ناچنا اور گانا مزامیر کا بجانا تعلیم فرمایا اور بعضون کو زرگری آہنگری
نجاری سادہ کاری مخمل بافی شالبافی تیرگری کمانگری کوزہ گری جامہ بافی خیاطی ترکش دوزی کفش دوزی کشتی گیری
شعبدہ بازی اور قسم قسم کے ہنر کہ جن کا بیان موجب تطویل کتاب اور دراز سخن ہے سکھلاکے اور
ان کے فرقے اور طبقے علیحدہ علیحدہ کرکے ہر ایک کو ایک کے سپرد کیا اور پانچ سو کنیز ترک کو
لباس مردانہ پہناکر تیراندازی اور برچھی بازی اور بکتی تعلیم کی اور انھین سپاہ ترک موسوم کرکے
اپنی میمنہ مین جگہ دی تو نیزے ہاتھ مین لے کر اور ترکش کمر پر باندھکر ایستادہ رہین اور پانسو کنیز
حبشی کو عورتون کے لباس سے برآوردہ کرکے برق اندازی اور شمشیر بازی تعلیم کرکے
میسرہ ان کے حوالہ کی اور اپنے حرم سرا مین ایک چوپڑی کی بازار تعمیر فرماکر اُسے آباد کیا جو شہر
کے بازار مین بکتی تھی وہان بھی فروخت ہوتی تھی اور کوئی عورت بوڑھی اور بدقیافہ پرستارون
اور خواصون مین نہ تھی اور اگر کوئی بدصورت کسی وجہ سے حرم مین رہتی بھی تو وہ مجلس سلطان مین حاضر
نہوتی تھی اور یہ امر بھی عجائبات سے ہے کہ وظیفہ تمام عورتون اور کنیزون کا جو سردارون اور منصبدارون
کے سوا تھین یکسان اور برابر مقرر کیا تھا دو تنکہ نقد اور دو من غلہ بوزن شرع ہر ایک کو دیتا
تھا اور ہر ایک جاندار کو کہ اُس کی محلسرا مین تھے فی اسم دو تنکہ اور دو من غلہ مقرر تھا چنانچہ طوطی اور مینا

اور کبوتر کا بھی دو من غلہ اور دو تنگہ مقرر کیے تھے ایک دن اس کے مکان مین ایک چوہا نظر پڑا دو من غلہ اور دو تنگہ اُس کے واسطے بھی مقرر کرکے موش کو ایک کے حوالہ کیا کہ ہر روز غلہ سوراخ موش کے قریب رکھتی رہین اور وہ لونڈیان اور عورتین جن کی طرف اس کی طبیعت زیادہ تر مانوس اور مالوف تھی انھین زیور طلائی اور مرصع مرحمت فرمایا تھا لیکن مشاہرہ مین سب کے برابر تھین اور یہ امر مقرر کیا تھا کہ ہر شب میرے سرہانے سو اشرفی طلائی رکھکر صبح کو اہل استحقاق کو تقسیم کرتی رہین اور یہ بھی مقرر کیا کہ جب اُس کی نظر عیال اور اطفال اور اسباب اور ادوات سلطنت پر پڑے شکر کرے بلکہ جس وقت لفظ شکر اُس کی زبان پر جاری ہووے پچاس تنگہ مستحقون کو پہونچا دے اور سب سے یہ آئین خوشتر مقرر کیا تھا کہ دربار یا سواری کے درمیان مین سلطان جس شخص سے ہمکلام ہووہ خواہ بزرگ ہو خواہ خرد اُسے ہزار تنگہ عطا کرین اور ہزار کنیز حافظ قرآن مجید حرم مین رکھتا تھا انھین یہ حکم دیا کہ جس وقت مین لباس تبدیل کرون سب باتفاق قرآن مجید ختم کرکے دم کرتی رہین اور جب ایک پہر رات سے باقی رہتی تھی ادائے لوازم عبادت مین مشغول ہوتا تھا اور جبین انکسار زمین نیاز پر رکھکر اپنے مطالب اور آرب درگاہ الٰہی سے درخواست کرتا تھا اور اہل حرم کو تاکید تھی کہ نماز تہجد کے واسطے مجھے بیدار کرتی رہین اور اگر مین نیند کے غلبہ سے بیدار نہ ہون پانی منہ پر چھڑک کر جگا دین اگر اس تدبیر سے بھی نہ جاگون مجھے زور سے ہلا دین اور اگر یہ بھی مفید نہو ہاتھ پکڑ کے اٹھا دین اور اپنے مقربون کو یہ بھی حکم دیا تھا کہ ہنگام عشرت اور کلام دنیا مین مشغول ہونے کے وقت وہ چیز کہ جس کا نام کفن ہے اُسے دکھلاتے تھے تو وہ متنبہ ہوکر مجلس برخاست کرتا تھا اور تجدید وضو کرکے توبہ اور استغفار مین مشغول ہوتا تھا اور اس کی مجلس مین کلام نامشروع اور وہ سخن کہ موجب ملالت طبع ہو نہین کہتے تھے اور مسکرات کی طرف ہرگز رغبت نہ کرتا تھا اور سکی چیزون سے ایسا پرہیز کرتا تھا کہ ایک دن حکمانے لاکھ روپیہ خرچ کرکے سلطان کے واسطے معجون تیار کی اور اُس کے پاس لائے فرمایا کہ اس مین کیا اجزا شریک ہین میرے سامنے بیان کرو خلاصہ یہ کہ تین سو اور چند ادویہ مین فقط ایک درم جوز بوا داخل تھا فرمایا کہ یہ معجون میرے کام کی نہین اسے آگ مین جلا دو ایک ندیم گستاخ نے عرض کی کہ یہ معجون دریوزگون کو عطا ہووے فرمایا حاشا جو شے کہ مین اپنے اوپر روا نہین رکھتا وہ دوسرون کے واسطے بھی تجویز نہین کرتا اور مروت اور جوانمردی سلطان مین اس درجہ تھی کہ ایک مرتبہ سلطان کے عرض بیگی شیخ محمود لقمان کا ہمسایہ تھا ہولی سے اس کے پاس آیا اور اس نے شیخ سے یہ بات کہی کہ مین سلطان کے عطایاے عام کا شہرہ سنکر آیا ہون تاکہ آپ کے ذریعہ سے اپنی دختر کے کار خیر سے نجات پاؤن شیخ نے جواب دیا کہ یہ کام تیرا مین انجام کرسکتا ہون اس نے کہا مین سمجھے نہین لونگا چاہتا ہون کہ عطیہ سلطان سے میری آبرو بڑھے شیخ نے ہر چند تکرار کی وہ راضی نہوا پھر شیخ نے جواب دیا کہ مین اور سائلون کو جو میرے پاس آتے ہین سلطان کی ملازمت مین لے جاکر اُن کے باپ دادا کی بزرگی یا اُن کے فضائل

بیان کرتا ہون اور تو ان دونون امرون سے عاری ہی تبلا مین تیری کیا صفت کرون اُس نے کہا اب میرے بخت رسا کی رسائی سے آپ کا دامن دولت ہاتھ آیا ہی آپ اپنی عقل و دانش کو کام فرمائین الغرض شیخ اس مرد کو سلطان کے دربار مین لے گیا اور وہ گیہون جو فقرا اور مساکین کے واسطے وزن کرتے تھے اس سے فرمایا کہ تو اس مین سے کسی قدر اُٹھا کر اپنے پاس رکھ چھوڑ اس نے حسب ایما عمل کیا اور شیخ سلطان کے روبرو حاضر ہوا اور رسائل بھی سایہ کی طرح اُس کے پیچھے کھڑا ہوا سلطان نے پوچھا کہ یہ کون ہی شیخ نے کہا اہل استحقاق سے ہی اور وہی سے آیا ہی اور ہدیہ اس کا گندم ہے سلطان نے کہا اسے کس واسطے یہان لایا ہین اس کے پاس جانا سزاوار اور لائق تھا شیخ نے کہا اسے ایسی لیاقت اور قابلیت نہین کہ سلطان اس کی ملاقات کو تشریف لے جاتے سلطان نے جواب دیا اگر یہ لائق نہ تھا اس کا ہدیہ تو عزیز تھا آخر سلطان نے مبالغہ کر کے یہ حکم دیا کہ شخص بفراغ نماز جمعہ مسجد مین اپنا ہدیہ گذرانے خلاصہ یہ کہ اُس شخص نے سلطان کے حکم کے موافق بعد نماز جمعہ منبر پر چڑھکر گیہون سلطان کے دامن مین ڈالے سلطان نے توجہ اور التفات کر کے اُسے قسم قسم کے عطایا سے سرفراز فرمایا منقول ہی کہ ایک دن سلطان نے اپنے مقربون سے یہ فرمایا کہ مین نے کئی ہزار حرم صاحب جمال بہم پہونچائے لیکن وہ صورت جو میرا دل چاہتا ہی آئینۂ شہود مین جلوہ گر نہوئی ایک شخص نے اُن مین سے عرض کی کہ شاید وہ لوگ جو اس خدمت پر مامور ہین صورت خوب اور پیکر مرغوب کی تمیز کامل نہین رکھتے اگر بندہ اس خدمت پر مامور ہووے یقین ہی کہ وہ صورت جو طبع سلیم کے موافق ہو بہم پہونچائے سلطان نے فرمایا تجھے صورت خوب کی کیا دانست ہی اس کی صفت بیان کر اُس نے جواب دیا کہ خداوند نعمت صاحب جمال کی یہ صفت ہے کہ وہ ایسا متناسب الاعضا ہووے کہ جو عضو اُس کا نظر آوے بیننده کو دوسرے اعضا کے دیکھنے سے مستغنی کرے مثلاً اگر اُس کا قد موزون دیکھے اُس پر ایسا شیدا اور مفتون ہووے کہ اُس کے چہرہ کے دیکھنے کی پروانہ کرے سلطان نے اس کا یہ حسن تمیز پسند کیا اور اُسے اس خدمت پر مامور کیا اور وہ نقد رخصت حاصل کر کے بلاد محروسہ وغیرہ مین برآمد ہوا ہر چند وہ شہر شہر پھرا لیکن وہ صورت آئینۂ نظر مین عکس پذیر نہوئی اتفاقاً جب پلٹکر سلطان کی ولایت مین آیا ایک موضع مین ایک لڑکی زہرہ جبین غیرت ماہ دیکھی وہ خرامان خرامان جاتی تھی کیفیت رفتار اور حسن قامت نے اُسے مفتون کیا پھر جب اور اس آفت روزگار کا مواجہہ ہوا نظر اُس کے جمال باکمال پر پڑی جو کچھ چاہتا تھا اُس سے بھی زیادہ تر پایا آخرش چند روز اس موضع مین بسر لے گیا جس حیلہ اور تدبیر سے بن پڑا اُس لڑکی کو وہان سے اپنے ہمراہ نکال لایا اور سلطان کی بارگاہ مین پہونچا کر نہایت محفوظ کیا اور کہا کہ مین نے تیرے کئی ہزار روپیہ کو خرید کیا ہی جب اُس کے عزیز اقارب کہ اُس کی جستجو مین تھے ناگاہ اُنھین یہ خبر پہونچی کہ ایک شخص نے چند روز اس موضع مین قیام کیا تھا وہ لڑکی کو نکال لے گیا ہی اُس کی ماں اور باپ مندرہ مین آن کر سر راہ عین سواری مین سلطان سے فریاد ی ہوے سلطان نے اپنے دل مین کہا کہ یہ ماجرا کیا ہی اس صورت مین وہان سے آگے

قدم نہ اُٹھایا اور علما کو طلب کر کے فرمایا تم حکم شرع مجھ پر اجرا کرو داد خواہون نے حقیقت حال پر مطلع ہو کر عرض کی کہ ہماری داد خواہی اس واسطے تھی کہ شائد وہ شخص لڑکی کو اور کہین لے گیا ہو اب ہمین دریافت ہوا کہ وہ سلطان کے حرم مین ہی ہمارے تئین عین شرف و سعادت ہی اب ہمین اُس شخص سے کچھ دعوی نہین ہی سلطان نے علما سے کہا اب وہ عورت مجھ پر مباح ہوئی لیکن ایام گذشتہ کے بارہ مین جو کچھ حکم شرع ہو میری نسبت بجالاؤ علما نے فرمایا کہ جو حرکت نادانستگی اور لاعلمی سے سرزد ہو وہ شریعت مین معاف ہی اور اس کی تلافی کفارہ ہی سلطان نے باوجود اس حال کے اس امر سے پشیمان ہو کر فرمایا کہ من بعد آدمی عورتون کی تلاش سے باز آوین اور سلطان غیاث الدین کی بیوقوفی اور حسن اعتقاد اور سادہ لوحی کی نقل کرتے ہین کہ ایک روز ایک شخص ایک سم گدھے کا لا کر عرض پیرا ہوا کہ سُم خر عیسی علی نبینا و علیہ السلام ہی سلطان نے اسے پچاس ہزار تنکہ سیاہ دلوائے اور وہ سم خرید کیا القصہ اُس کے بعد تین آدمی اور بھی خر عیسی کا ایک ایک سم لائے اور اُسی قیمت پر بیچا اتفاقات حسنہ سے ایک شخص پانچوین نے بھی ایک سم خر لا کر دعوے کیا کہ یہ سم خر عیسی ہی سلطان نے اُسے بھی مول لیکر حکم کیا کہ اُس کی قیمت بھی پچاس ہزار تنکہ سیاہ دو ایک ندیم گستاخ نے عرض کی شاید خر عیسی کے پانچ پاؤن تھے کہ حضرت نے اُس کی قیمت بھی اُسی تعداد پر دلوائی سلطان نے ارشاد کیا شاید یہ امر جو تو کہتا ہی راست ہو یا ایک شخص ان مین سے غلط لایا ہو اور آنجناب کو شکار کی بہت رغبت تھی اس واسطے آہو خانہ کثرت سے بنا کر قسم قسم کے جانور اقسام طیور اُس مین جمع کیے تھے اور مع عورات بسیار سوار ہو کر آہو خانون مین شکار کرتا تھا اور اُس سیب سے کہ زنان صاحب جمال اور نغمہ ساز کی صحبت کا بہت مائل اور راغب تھا اکثر اوقات ایک مرتبہ بر آمد ہو کر ایک لحظہ تخت پر اجلاس کر کے سلام مجرائیون کا لیتا تھا اور سلطنت کے امور معظم اور عمدہ کو دریافت کر کے باقی مہمات وکلا اور وزرا سے رجوع کرتا تھا اور کبھی ایسا بھی اتفاق ہوتا تھا کہ ایک ہفتہ اور دو ہفتہ تک برآمد نہوتا تھا لیکن ارکان دولت اور اعیان حضرت کو حکم کیا تھا کہ امور عمدہ جو کچھ مملکت مین شائع ہون باعریضہ سرحد سے پہونچے حرم سرا مین فلان عورت کے پاس بھیجتے رہین تو اُس سے دریافت کر کے اُس کا جواب لکھتا رہون اور لوازم جہانداری کے مانع عشرت نہوین اور اُس کے عہد مین کسی طور کا خلل مملکت مین واقع نہوا لیکن سنہ ۸۹۹ آٹھ سو ننانوے ہجری مین کہ سلطان بہلول لودھی بادشاہ دہلی نے پالنپور مین کہ مضافات اسہا یعنے نئے شہر سے ہی خرابیان بہت واقع کین جب یہ خبر مندو مین پہونچی کوئی شخص قدم جرأت کا آگے رکھکر یہ مضمون معروض نکر سکا لیکن وزرا کی مصلحت اور صوابدید کی وجہ سے حسن خان نے ایک روز موقع فرصت دیکھکر عرض کیا کہ بادشاہ دہلی سلطان بہلول سلطان سعید محمود شاہ خلجی کو زر خطیر بر سبیل پیشکش بھیجتا تھا اور ان دنون مین سُنا جاتا ہی کہ وہ دائرہ اطاعت سے منحرف ہوا اور اُس کی فوج نے قصبہ پالن پور مین دست درازی کی ہی یہ خبر سنکر فوراً اشیر خان بن مظفر خان حاکم چندیری کو لکھ بھیجا کہ لشکر بھیلسہ اور سارنگ پور کو ہمراہ لے کر سلطان بہلول کی گوشمالی کے لئے متوجہ

ہوئے بمجرد صدور فرمان شیر خان سامان جنگ درست کرکے بیانہ کی طرف روانہ ہوا اور جو سلطان بہلول نے طاقت مقاومت اپنے مین مفقود دیکھی بیانہ کو چھوڑکر دہلی کی طرف راہی ہوا شیر خان پیچھا کرکے دہلی کیطرف متوجہ ہوا سلطان بہلول نے شیر خان کو بہ مصالحہ اور ہدیہ تعاقب سے باز رکھا اور اُس نے قصبہ پالنپور مین جاکر از سر نو اُسے تعمیر کیا اور چندیری کی سمت گیا اور اُسی سال سلطان غیاث الدین راجہ جنبانیر کی التماس کے بموجب سراپردہ سرخ نعلچہ کی طرف بھیجکر خود بھی سوار ہوا اور قصر جہان نما مین مقیم ہوکر علما کو طلب کرکے راجہ کی کمک کے بارہ مین استفسار کیا سب علما نے متفق اللفظ والمعنی ہوکر جواب دیا کہ کفار کی حمایت جائز نہین ہی سلطان پشیمان ہوکر لوٹ آیا نظام الدین احمد بخشی نے اپنی تاریخ مین مرقوم کیا ہی کہ سنہ ۸۸۷ آٹھ سو ستاسی ہجری مین قران علوین واقع ہوا یعنے زحل اور مشتری برج عقرب مین بدرجہ و دقیقہ متحد اور مقارن ہوئے اور کواکب خمسہ نے بھی برج واحد مین اجتماع قبول کیا اور رام نجوست نے اکثر ممالک مین ظہور پایا خصوصًا ممالک خلجیہ مین خلل عظیم ظاہر آیا اور آنا سلطان بہلول کا اور ویرانی پالن پور کی اس کے اثر سے تھی اور گیارہوین جمادی الآخر سنہ ۹۰۲ نو سو دو ہجری مین شیخ المحدثین والمفسرین قدوۃ المحققین شیخ سعد اللہ لاری المشہور بہ مندوی کا طومار حیات پیچیدہ ہوا یعنے قضاے الٰہی سے فوت ہوئے اور سلطان محمود خلجی کے گنبد مین دفن ہوئے اور شہر کی خلائق کیا ہندو کیا مسلمان غمگین اور محزون ہوئی بعدہ سنہ ۹۰۳ نو سو تین ہجری مین جو سلطان غیاث الدین نہایت ضعیف اور پیر ہوا تھا اس کے بیٹے ناصر الدین اور شجاعت خان المشہور بہ علاء الدین کہ برادر حقیقی تھے دونون مین نزاع واقع ہوئی اور اُن کی والدہ رانی خورشید راجہ بکلانہ کی بیٹی تھی اُسنے چھوٹے بیٹے کی جانب داری کرکے امرا کو ساتھ اسکے موافق اور متفق کیا اور ناصر الدین کو باپ کی نظر سے گرایا بلکہ ایک روز ایک جماعت اُس کی گرفتاری کے واسطے مامور کی ناصر الدین خبردار ہوکر سنہ ۹۰۵ نو سو پانچ ہجری مین مندو سے بھاگا اور اسباب اُس کا علاء الدین کے تصرف مین آیا اور پھر ناصر الدین کی ہلاکت پر آمادہ ہوا اور وہ اس امر سے واقف ہوکر ولایت کے درمیان مقیم ہوا اور اطراف و جوانب سے امرا اور سپاہ اس کے پاس فراہم ہوئی اور اُس نے قوت پکڑی اور کام اُس کا اس انتہا کو پہونچا کہ چتر سر پہ بلند کرکے قلعہ شادی آباد کے قریب آیا اور اُسے محاصرہ کیا اور جو وہ سالہاے دراز تک منصب وزارت پر منصوب رہا تھا اس وجہ سے اکثر آدمی شہر کے اُس سے راضی اور شاکر اور اُس کی آرزو کرتے تھے اُس وقت مین سب اُس کے شریک اور یکزبان ہوئے اور یکایک شہر کا دروازہ کھول دیا اور بجالت بے خبری سکان شہر اُسے شہر مین لائے اور شجاعت خان مشہور بعلاء الدین نے کہ قلعہ کی محافظت مین قیام کرتا تھا بھاگ کر باپ کے مکان مین پناہ لی اور ناصر الدین نے نشان جسارت اور بے ادبی بلند کرکے ایک جماعت کو نامزد کیا جنھون نے علاء الدین اور رانی خورشید زحل طبیعت کو باپ کے مکان سے بجبر و تعدی باہر نکالا اور فساد پر کمر باندھکر علاء الدین اور اُس کے فرزندون کو گوسفند کی طرح ذبح کیا اُس وقت ناصر الدین نے مہمات سلطنت ساتھ اپنے رجوع کرکے تاج شاہی سر پر رکھا اور سلطا

غیاث الدین کہ محبوس امین نظر بند تھا چند روز مین فوت ہوا اور سلطان ناصر الدین باپ کے زہر دینے کے اتہام سے تمام عالم مین بدنام ہوا سلطان غیاث الدین کی مدت سلطنت تینتیس سال (سی و سہ سال) اور چند ماہ تھی ٭

ذکر سلطان ناصر الدین بن سلطان غیاث الدین خلجی کی سلطنت اور جہانداری کا

سلطان ناصر الدین خلجی سلطان محمود خلجی کی حیات مین پیدا ہوا تھا اور سلطان سعید نے نہایت سرور و نشاط سے ایک ماہ کامل بساط عیش بسوط رکھکر پوتے کے شکرانہ کے واسطے کہ موہبت عظمیٰ ہے عامہ برایا کو عموماً اور اہل فضل کو خصوصاً اپنے خوان احسان اور مائدۂ فیض سے بہرہ یاب کیا تھا منجمان اختر شناس نے اُس کے زائچہ اور طالع مسعود کو دیکھکر ایسا حکم کیا کہ لوگ داستانون مین اُس کا تذکرہ کرین گے اور ساتوین روز شہریار اُسے آغوش عاطفت مین لے کر بزرگان دین کے سامنے لایا اور اُس کا نام عبد القادر رکھا اور جو علامت شہریاری کی اُسکی جبین مبین سے روشن اور ہویدا تھی جس وقت سن رشد اور تمیز کو پہونچا اُس کے باپ سلطان غیاث الدین خلجی نے اُسے بالعہد کرکے شغل وزارت تفویض فرمایا اور اُس کا چھوٹا بھائی شجاعت خان المشہور بہ علاء الدین اگرچہ بسبب ظاہر اس سے نہایت موافقت رکھتا تھا لیکن نفاق باطنی مین کوئی دقیقہ فروگذاشت نہ کیا اور اواخر سلطنت سلطان غیاث الدین خلجی مین ایک دن اُس نے یہ معروض کیا کہ ناصر الدین کے ساتھ ایک جماعت اوباش شریک ہوکر اُسے مخالفت اور ملک گیری کی تحریص و ترغیب کرتی ہے اس صورت مین علاج واقعہ کا وقوع سے پیشتر پر ضرور ہے سلطان غیاث الدین خلجی نے پہلے ارادہ اُس کی گرفتاری اور مقیدی کا کیا لیکن جو کہ آثار نجابت اُس کے چہرہ حال سے واضح اور عیان تھے چاہا کہ بلطف اور زنجیر احسان مین مقید کرے لہذا منصب اور جاگیر اُس کی اضافہ کی اور ممالک کے بخشی کو حکم کیا کہ امرا اور اعیان سپاہ کو پروانگی دیوے کہ ہر صباح سلطان ناصر الدین خلجی کے مکان پر جاکر اُس کے ہمراہ رکاب دولتخانہ مین حاضر ہوا کرین الغرض جب سلطان ناصر الدین باستقلال تمام مہمات ملکی اور مالی مین مشغول ہوا تمام محالون مین اپنے گماشتے مقرر کیے اور عمال پرگنات کو کہ موسے خان اوکھن خان عمائد سرداران سے تھے انھین معزول کرکے اُن کی خدمت پر شیخ حبیب اللہ اور خواجہ سہیل خواجہ سہرا کو منصوب کیا اور عمال مذکورہ معزول ہوکر رانی خورشید سے ملتجی ہوئے اور رانی خورشید کہ اپنے چھوٹے بیٹے شجاعت خان مشہور بعلاء الدین سے محبت زیادہ تر رکھتی تھی اور بڑے بیٹے سے ہمکنار نہ تھا باتفاق شجاعت خان مشہور بعلاء الدین عرض عالی مین پہونچایا کہ ملک محمود کوتوال اور سوندھ اس بقال ابلیس کے مانند غدار اور مکار ہوکر سلطان ناصر الدین کے شریک اور مخصوص ہوئے ہین اور فساد برپا کیا چاہتے ہین چونکہ سلطان کا مدار کار صحبت زنان پر تھا بے پرسش و تفحص انھین قتل کیا اور مکان اُن کے ضبط اور غارت کیے سلطان ناصر الدین نے اس امر کے

بعد دربار کی آمدہ شد یکقدم موقوف کی اور چند روز حاضر نہوا اور رانی خورشید اور شجاعت خان مشہور بہ علاء الدین کی سعی اور اہتمام سے موتی خان اور رکھن خان بقال نے کلمات غرض آمیز بہ لباس بے غرضی معرض سلطانی مین پہونچائے اور راز روے استقلال مہمات ملکی مین مصروف ہوکر دست تصرف خزانہ مین دراز کیا شیخ حبیب اللہ اور خواجہ سہیل خواجہ سرا نے فرصت دیکھکر موتی خان بقال کو جو فتنہ و فساد کا مصدر رتھا قتل کیا اور حرم سلطانی مین گھس گئے اور رانی خورشید نے یہ داستان عجیب آب و تاب سے سلطان کے سمع مبارک مین پہونچائی تاکہ نائرۂ غضب سلطانی مشتعل ہو رکھن خان کو فرمایا کہ موتی خان بقال کے قاتلون کو سلطان ناصرالدین خلجی کے مکان سے گرفتار کرلاوے اور رخصت کے وقت اُسے آہستہ یہ بھی فہمایش کی کہ خبردار کوئی دقیقہ سلطان ناصرالدین کے دقائق حرمت سے فروگذاشت نہ کرنا شیخ حبیب اللہ اور خواجہ سہیل اس امر سے خبردار ہوکر سلطان ناصرالدین کے محل سرا سے برآمد ہوکر جنگل کی سمت مفرور ہوئے اور راستہ مین کہتے جاتے تھے کہ ہم قاضی کے مکان پر جاتے ہین جس شخص کو موتی خان کے خون کا دعوے ہو وہ قاضی خان کے مکان پر آوے اور رکھن خان جب سلطان ناصرالدین خلجی کے مکان پر آیا اور سلطان کی طرف سے یہ پیغام پہونچایا کہ موتی خان کے قاتلون کو حوالہ کرین ناصرالدین نے جواب دیا کہ اُن لوگون نے میرے حکم سے موتی خان کو قتل نہین کیا مجھے کیا معلوم کہ وہ کہان گئے ہین رکھن خان بقال نے یہ جواب معقول سنکر رانی خورشید کی تحریک کے سبب سلطان ناصرالدین کے مکان پر تین روز تک قفل بندی رکھی سلطان غیاث الدین جو چارہ نرکھتا تھا مشیر الملک اور ننھے خان کو سلطان ناصرالدین کے پاس بھیجکر یہ پیغام دیا کہ اگر فرزند ارجمند کے دل مین کسی طرح کے رنج نے راہ پاکر غبار کلفت سے ساحت دل کو مکدر نہین کیا ہی بدستور قدیم آمد رفت رکھے کہ زیادہ اس سے طاقت مفارقت اور مہاجرت نہین ہی سلطان ناصرالدین باوجود بیم حبس و قید وغیرہ شرف پابوس ولی نعمت سے مشرف ہوا اور باپ بیٹے نے ہر طرح کے کلام درمیان مین لاکر غبار کلفت کو صحائف خاطر سے زائل کیا سلطان ناصرالدین پھر سرگرم خدمت ہوکر ہر روز الطاف جدید اپنی نسبت مشاہدہ فرماتا تھا اور باپ کے ہمسایہ مین اپنی سکونت کے واسطے ایک مکان کی بنیاد ڈالی تاکہ جس وقت چاہے شرف خدمت حاصل کرسکے رانی خورشید نے فرصت دیکھکر کہا کہ سلطان ناصرالدین اپنا مکان جہان نما کے متصل تعمیر کرتا ہی ظاہرًا غدر کیا چاہتا ہی اور سلطان غیاث الدین نے کہ کبرسنی اور پیرانہ سالی سے ہوش و حواس کامل مین نرہا تھا ۹۰۵ھ نوسو پانچ ہجری مین غالب خان کوتوال کو فرمایا کہ عمارت سلطان ناصرالدین کو منہدم کرے سلطان ناصرالدین آزردہ ہوکر باتفاق اعوان و انصار دربار کی طرف کہ بیابان مین واقع ہی عازم ہوا اور شیخ حبیب اللہ اور خواجہ سہیل نے اُس مقام مین آن کر ملازمت کی اور رانی خورشید اور شجاعت خان نے سلطان غیاث الدین کی بلا اجازت تاتارخان کو مامور کیا کہ ناصرالدین شاہ کے پاس جاکر دلجوئی اُس کی کرکے اُسے شہر مین لاوے اور تاتارخان سپہ سالار نے اپنی جمعیت کمین گاہ مین نگاہ رکھکر باتفاق ملک فضل اللہ میر سکار سلطان

ناصرالدین کی خدمت مین جاکر پیغام پہونچایا اور اُس نے عریضہ لکھکر تاتار خان کے ہاتھ سلطان غیاث الدین کے حضور مین ارسال رکھا لیکن ابھی جواب نہ گیا تھا کہ رانی خورشید جو کمال تصرف سلطان کے مزاج مین رکھتی تھی اُس نے بخشی ممالک کو یہ پروانگی دی کہ تاتار خان کو سلطان ناصرالدین کے دفع کے واسطے تعین کرے اور تاتار خان جو چارہ نرکھتا تھا قلعہ سے برآمد ہوکر کمپا پور مین پہونچا اور اپنے کام مین متفکر ہوا کس واسطے کہ اپنے دل مین اندیشہ کیا کہ اگر مین شہزادہ ناصرالدین سے لڑتا ہون ایام سلطنت مین وہ میرا کیا حال کرے گا اور اگر بلا جنگ پھرتا ہون رانی خورشید کو کیا جواب دونگا ابھی وہ گرفتار باد پیما ردد تھا کہ ملک مہتہ اور ملک ہیبت کہ سلطان غیاث الدین کے امرائے کبار سے تھے سلطان ناصرالدین کے شریک ہوئے اور اُس کی قوت و شوکت زیادہ تر ہوئی اور جب وہ کوچ کرکے قصبہ اجاویہ مین پہونچا مولانا عمادالدین افضل خان اور بعضے زمیندار اس سے موافق اور ایک دل ہوئے اور عید الفطر نہایت دھوم دھام سے ادا ہوئی اور اسی مقام مین امرا کے مشورہ سے چتر سر پر بلند کرکے سرداروں کو خلعتہاے فاخرہ سے خوش دل کیا اس درمیان مین خبر پہونچی کہ شجاعت خان کی فوج باہنگ جنگ کنکا نو سے بڑھکر قصبہ کندہر مین آئی ہے ناصر شاہ نے ملک محمود نام ایک شخص کو مع فوج بہادران دشمن کے مقابلہ کو روانہ کیا جو ستارہ اُس کے اقبال کا اوج پر تھا بعد جنگ و جدل نسیم فتح پرچم دولت ناصر شاہی پر چلی اور ملک محمود نے مع غنایم بسیار قصبہ اجادہ مین ناصر شاہ کی ملازمت کے لیے معاودت کی اور شوال کی سولھوین تاریخ ۹۰۵ نو سو پانچ ہجری مین اُس منزل سے کوچ کرکے جب اُجین کی طرف متوجہ ہوا منزل بمنزل امرا اور حکام ممالک مع خیل و حشم ساتھ اُس کے ملحق ہوتے گئے یہان تک کہ اجین مین بجمعیت تمام پہونچا اور شجاعت خان مشہور بہ علاء الدین اور رانی خورشید نے حقیقت حال سلطان غیاث الدین خلجی سے عرض کی اور یہ بھی کہا کہ ناصر شاہ عنقریب مندو مین آن کر محاصرہ کرے گا سلطان غیاث الدین نے شیخ الاولیا شیخ برہانکو کہ مرد عزیز سے تھے برسم رسالت ناصر شاہ کے پاس بھیجکر یہ پیغام کہا کہ عرصہ سے ہمنے عنان امور سلطنت اُس فرزند کے دست اقتدار مین رکھی ہے اگر از روے اخلاص و یگانگی مردم اوباش اور غدار کو جو اُس کے پاس فراہم ہوئے ہین رخصت دے کر حضور مین آوے پھر امور سلطنت کا اختیار اُس فرزند کے سپرد کیا جاوے ناصرالدین ملتفت اور مقید جواب نہوا اور ماہ ذیقعدہ سنہ مذکور مین اُجین سے قصبہ دہار مین نزول کرکے چند روز مقام فرمایا اور اس مقام مین یہ خبر مشہور ہوئی کہ مکھن خان جو بانی اُس نزاع اور فساد کا تھا سپہ سالار ہوکر مع تین ہزار سوار جنگ کے واسطے آتا ہے ناصر شاہ نے ملک عطا کو مع پانسو سوار نامی اُس کے مقابلہ کو بھیجا اور موضع بانسپور مین آتش حرب شعلہ زن ہوئی اور ایک سو سپاہی مکھن خان کے مارے گئے ملک عطا ظفریاب ہوا اور مکھن خان بھاگ کر مندو گیا اور پھر رانی خورشید کی تحریص سے ایک جماعت کو ہمراہ لے کر باہنگ جنگ قلعہ سے برآمد ہوا اور پھر دوبارہ بھی فوج ناصر شاہی سے بھاگ کر مندو مین آیا اور ناصر شاہ ذیحجہ کی بائیسوین

تاریخ سنہ مذکور مین کوشک جہان نما مین فروکش ہوا اور اُس مقام مین مخبرون نے یہ خبر پہونچائی کہ سلطان غیاث الدین بنفس نفیس اپنے فرزند کی تسلی کیواسطے قصد آنیکا رکھتا ہی ناصر شاہ مسرور ومحظوظ ہوکر اپنے باپ کے قدوم مسرت لزوم کا مترصد ہوا شجاعت خان مشہور بہ علاء الدین اور رانی خورشید محفہ سلطان کا ہمراہ لیکر ظفر آباد ونغلچہ کیطرف متوجہ ہوئے کہ سلطان ناصر الدین کو قلعہ مین لاکر اُسکا کام تمام کرین لیکن جب سلطان دہلی دروازہ پر پہونچا ازبسکہ پیری اور کبرسنی نے سلطان کو مغلوب کیا تھا اپنے مقربون سے پوچھا کہ مجھے کہان لیے جاتے ہو بعضون نے حقیقت حال راست براست عرض کی سلطان نے فرمایا آج میری سواری پھیرو مین کل جاؤنگا کہا رو خدمتگار مجبور ہوکر پلٹے رانی خورشید نے اپنے دل مین خیال کیا کہ یہ امر سلطان ناصر الدین کے خیر خواہونکی وجہ سے صادر ہوا پھر اس جماعت کو طلب کرکے باتین سخت وسست کہین اور مراجعت کا سبب پوچھا سب باتفاق بولے کہ سلطان اپنی خوشی اور اختیار سے پلٹ آیا کسیکو اس امر مین کچھ مداخلت نہین ہی اور شجاعت خان مشہور بہ علاء الدین نے رانی خورشید کے ایماسے قلعہ کی شکست وریخت درست کرکے مورچے تقسیم کیے اور سلطان ناصر الدین خلجی نے بھی مع فوج آنکر قلعہ کو گھیرا اور بازار حرب نے رونق اور رواج پیدا کیا ہر روز طرفین سے ایک جماعت قتل ہوتی تھی سلطان نے مصالحہ کی تمہید کیواسطے قضی القضات مشیر الملک کو بھیجا اُسنے جب جواب موافق مدعا نہ پایا تو وہین رہا اور جب محاصرہ سخت ہوا اور غلہ اور بالیحتاج نہ پہونچنے سے اہل قلعہ مضطر ہوئے بعضے امرا مثل موافق خان اور ملک فضل اللہ مشیر کارنے فرصت پاکر اپنے تئین سلطان ناصر الدین کی خدمت مین پہونچایا اور رانی خورشید نے اس امر سے واقف ہوکر علیخان کو قلعہ کی حکومت سے معزول کیا اور ملک بیارہ کو خطاب علی خانی دے کر قلعہ اور شہر کی محافظت اُس کے سپرد کی اور محافظ خان اور سورج مل کو کہ سلطان ناصر الدین خلجی کے موافقون سے جانتی تھی قتل کروایا امرا اور سکنائے شہر یہ سیاست مشاہدہ کرکے شکستہ خاطر ہوئے اور سلطان ناصر الدین خلجی کو عرضیان لکھین اور پروانہ استمالت حاصل کرکے اُس کے پاس حاضر ہوئے اور شہر مین رواج اور رونق نرہی اور صفدر کی سترھوین تاریخ سنہ ۹۰۶ نوسو چھ ہجری مین ناصر شاہ قلعہ کی تسخیر کے ارادہ سے سوار ہوا آدمی مورچے کے حاضر ہوئے اس قدر تیر باران کرکے بندوقچین سرکین کہ مردم کا رطلب بہت زخمی ہوئے سلطان ناصر الدین خلجی باوجود اس حال کے سات سو سیڑھیان مورچون کی طرف لگاکر قلعہ مین داخل ہوا اس درمیان مین شجاعت خان واقف ہوا اور مع مردم معتبر برج قلعہ پر چڑھکر جنگ مین مشغول ہوا سلطان ناصر الدین خلجی نے بھی پاے ثبات زمین کین مین استوار کرکے بنفس خویش تیراندازی مین مستعد ہی تمام کی اور اکثر مردم معتبر اُس کے تیر سے ہدف تیر قضا ہوئے اور جو لحظہ بلحظہ علاء الدین کو کمک پہونچتی تھی سلطان ناصر الدین خلجی اُس وقت صلاح مراجعت دیکھکر قلعہ سے برآمد ہوا اور اپنے لشکرگاہ مین پہونچا اور جن لوگون نے اس حرب مین تردد مردانہ اور جانسپاری کی تھی ہر ایک کو لطف وعنایت تازہ سے تسلی اور پرسش فرمائی اور بعد چند روز کے شیر خان بن مظفر خان حاکم چندیری مع اولاد اور ہزار سوار اور گیارہ زنجیر فیل ناصر شاہ کی ملازمت مین حاضر ہوئے چنانچہ پہلی ملاقات مین اس کے بڑے بیٹے کو جس کا شیر خان نام تھا مظفر خان اور دوسرے

بیٹے کو سعید خان خطاب دیا اور مردم اُردو کو لشکر چندیری کے پہونچنے سے یک گونہ قوت اور حرکت حاصل ہوئی اور بعضے مردم قلعہ جو سلطان ناصرالدین سے استمالت نامہ نہ لے کر ساتھ اس کے ملتجی ہوئے تھے اس وقت ناصر شاہ کی نصرت اور دولت خواہی مین بجد بڑھے ازانجملہ محافظان دروازہ بالاپور نے پیغام دے کر طلب کیا ناصر شاہ نے ربیع الثانی کی پچیسوین تاریخ کو شیخ حبیب اللہ اور خواجہ سہیل اور موافق خان کو بالاپور کے دروازہ پر بھیجا جس وقت آدمی محافظ خان کے دروازہ پر پہونچے زبردست خان بن ہزبر خان دروازہ کھولکر امرائے ناصر شاہی کو قلعہ مین در لایا شجاعت خان یہ خبر سنتے ہی بجناح استعجال اس طرف تاخت لایا اور ان لوگون سے کچھ دیر لڑکر آخر کو مفرور ہوا اور سلطان غیاث الدین کے دولتخانہ مین پناہ لی شیخ حبیب اللہ نے انگشتری بھیجکر سلطان ناصر شاہ کو طلب کیا وہ طرفۃ العین مین ان کے پاس پہونچا امرائے درونی مبارکباد کے واسطے حاضر ہوئے اور ہجوم عام کرکے شہر کی تاراجی اور غارت مین مشغول ہوئے چنانچہ بعضے مکانات اور عمارات شاہی مین آگ لگائی اور سلطان ناصر شاہ کے حکم کے موافق رانی خورشید اور شجاعت خان کو گرفتار کرکے بحال پریشان قصر شاہی سے نکال لائے اور سلطان ناصر شاہ بخشی ممالک کے محل سے سوار ہوکر محل سرسبی مین کہ سلطان غیاث الدین نے عیش وطرب کے واسطے تیار کیا تھا داخل ہوا اور ربیع الثانی کی ستائیسوین تاریخ روز جمعہ کو ناصرالدین نے سریر سلطنت پر اجلاس کیا خطبہ اور سکہ اپنے نام جاری کرکے جواہر اور مروارید اور نقد کہ جتنا پر نثار ہوا تھا فقرا اور مستحقون کو تقسیم کیا اور مکھن خان بقال اور محافظ خان اور مفرح حبشی اور دیگر مردم جو اس سے بمخالفت پیش آئے تھے ایک لوزندہ نچھوڑا اور اُسی چند روز مین شجاعت خان المشہور بعلاءالدین کو قتل کرکے رانی خورشید کو موکلون کے سپرد کیا اور اس کی طرف سے خاطر جمع کی اور اپنے منجھلے بیٹے کوکی منجھلے میان مشہور تھا ولیعہد کرکے سلطان شہاب الدین خطاب مرحمت فرمایا اور شیخ حبیب اللہ کو خطاب عالم خان دے کر امرائے کبار سے کیا اور خواجہ سہیل خواجہ سرا کو سپہ سالاری پر منصوب فرمایا اور دیگر موافقون کو جاگیر ہائے قدیم ارزانی فرماکر اُن کی عزت وتوقیر افزون کی اور جمادی الثانی کی تیرہوین تاریخ کو اپنے والد ماجد کی ملازمت مین مشرف ہوا سلطان غیاث الدین اُسے آغوش مین لے کر بہت رویا اور سر اور منھ پر اُس کے بوسہ دے کر سید محمد نوربخش کی قبائے موئینہ کہ بروز بار عام یا روز ہائے متبرک پہنتا تھا اُسے مرحمت کی اور تاج سلطنت سر پر رکھکر کنجیان خزانون کی اُس کے سپرد کرکے سلطنت کی تہنیت اور مبارکباد دے کر اپنے محل خاص مین رہنے کی اجازت دی اور سلطان ناصرالدین نے سولھوین رجب سنہ مذکور کو وہ قبائے موئینہ اور کلاہ دولت سلطان شہاب الدین کو دے کر بیس زنجیر فیل اور سو اسی گھوڑے اور گیارہ چتر اور دو پالکی اور نقارہ اور سراپردہ سرخ اور بیس لاکھ تنکہ نقد خرچ کے واسطے عنایت فرمائے اور جو اس عرصہ مین مقبل خان حاکم مندسور نے جادہ اطاعت سے قدم باہر رکھکر سرکشی اختیار کی تھی سلطان نے مہابت خان کو اُس کے حاضر لانے کے واسطے بھیجا

اور مہابت خان کی کوشش نے کچھ فائدہ نہ بخشا اور وہ ناصر شاہ کے غضب سے ہراسان ہوکر شیر خان حاکم چندیری کے پاس گیا اور علی خان اور بعضے بدبخت کہ اپنی بداعمالی سابق سے متوہم تھے وہ بھی شیر خان سے پیوستہ ہوئے اور اُس نے جب دیکھا کہ سلطان ناصر الدین نشۂ شراب مین اپنے باپ کے امرا اور سرداروں کو قتل کرتا ہی اور ہر روز اُس سے ایک ظلم جدید سرزد ہوتا ہی اس لیے ہراسان ہوکر اُس نے علم مخالفت بلند کرکے چندیری کی طرف توجہ کی اور جادہ عناد مین قدم رکھا سلطان ناصر الدین نے مبارک خان اور عالم خان کو اس کی تسلی کے واسطے بھیجا لیکن شیر خان راضی اور مطمئن نہوا بلکہ اُن کی گرفتاری کی فکر مین ہوا عالم خان گھوڑے پر سوار ہوکر بھاگا اور مبارک خان گرفتار ہوا اور اُس کے دو آدمی قتل ہوئے اور شیخ حبیب اللہ المخاطب بہ عالم خان نے سلطان ناصر الدین کی خدمت مین جاکر حالات بیان کیے اور وہ غصہ ہوا اور بماہ شعبان سنہ مذکور قصبہ جہان نما مین نزول کیا اور شیر خان جب اُجین مین پہونچا مہابت خان کے اغوا سے تفہیم سے پھر بقصد جنگ پلٹ کر دیبال پور مین آیا اور قصبہ ہدیہ کو تاراج کیا سلطان ناصر الدین یہ خبر سنکر فوراً کوچ کرکے کوشک دھار مین مقیم ہوا اس درمیان مین مخبرون نے خبر پہونچائی کہ سلطان غیاث الدین خرابۂ دنیا سے معمور آباد عقبیٰ کی طرف خرامان ہوا اور چونکہ امرائے کبار مخالفت کرکے سلطان غیاث الدین خلجی کی سلطنت کے خواہان تھے اور ان دنون مین خبر اُس کے فوت کی مشہور ہوئی تو سب آدمیون نے یقین کیا کہ سلطان ناصر الدین خلجی نے اُسے زہر دے کر ہلاک کیا ہی مؤلف کہتا ہی کہ اس امر کا تجربہ بخوبی ہوچکا کہ باپ کا قتل کرنے والا ہرگز سال تمام کرکے کامیاب نہین ہوتا اور سلطان ناصر الدین نے مدت مدید تک فرمانروائی اور جہانداری کی شاید باپ کو زہر دینے کا قصہ اُس کی نسبت تہمت ہو واللہ اعلم الغرض سلطان ناصر الدین اپنے باپ کے مرنے سے بہت رویا اور تین روز سوگوار رہا چوتھے روز شیر خان کے دفع کے لیے چندیری کی طرف کوچ کیا اور عین الملک وغیرہ بعضے سرداروں نے ترک رفاقت کرکے سلطان ناصر الدین سے شرکت کی اور سلطان نے شیر خان کا تعاقب کیا وہ سارنگ پور سے پلٹ کر سلطان سے لڑا اور شکست پاکر ولایت ابرچہ مین پناہ لی اور سلطان ناصر الدین نے چندیری مین جاکر چند روز مقام کیا وہانکے شیخ زادون نے شیر خان کو ایک خط لکھا کہ اکثر سپاہ اور امرا اپنی جاگیرون کی سمت روانہ ہوئے اور موسم برسات کے سبب افواج جلد فراہم نہوسکے گی اگر آپ اُس طرف سے چندیری کی طرف متوجہ ہوون مردم شہر کے اتفاق سے سلطان کو گرفتار کرسکتے ہین سلطان ناصر الدین خلجی نے شیخ زادون کے مشورہ سے اطلاع پائی اور اقبال خان اور ملو خان کو مع لشکر جنگ جو اور فیلان مست شیر خان کے دفع کو بھیجا وہ چندیری سے دو کوس جاکر شیر خان سے جنگ مین مشغول ہوئے اور اثنائے حرب وضرب مین شیر خان زخمی ہوا اور سکندر خان کہ عمدہ اُس قوم کا تھا مارا گیا اس واسطے مہابت خان نے شیر خان مجروح کو ہاتھی کے حوضہ مین ڈال کر راہ فرار نا پی اور جب وہ راستہ مین مرگیا اُس کی لاش پیوند زمین کرکے بہت دور

سرحد کی طرف بھاگا اور سلطان ناصرالدین خلجی نے جنگ گاہ مین جاکر شیر خان کی لاش قبر سے برآوردہ کرکے چندیری مین بھیجکر دار پر چڑھائی اور اُس ملک کی حکومت ہیبت خان سے رجوع کرکے بکوچ متواتر سعدل پور کی سمت گیا اُس مقام مین شیخ حبیب اللہ المخاطب بعالم خان جو ارادہ غدر کا رکھتا تھا اُسے مقید کرکے اپنے سے پیشتر شادی آباد مندو مین بھیجا اور خود بھی پیچھے سے وہان پہونچا اور اپنے بھائی کے قدیم نوکرون سے بہ توہم نفاق رنجیدہ ہوکر اپنے آدمیون کی پرورش کی اور اپنی والدہ رانی خوشید کا پاس عزت نہ کرکے خزانہ باپ کا جو اُس کے پاس تھا بجبر و تعدی لیا اور اُس کے بعد اُس کی عمر مینوشی اور خونریزی مین گذرتی تھی اور نہایت سخت دل وظالم ہوگیا کہ بے وجہ لوگون کے گھر لوٹ لیتا اور ایسا روز کوئی نہ تھا کہ ظلم وجور ناحق کسی مظلوم پر سرزد نہوتا تھا ایک روز کا مذکور ہے کہ سلطان حرم سرا مین حوض کا لبادہ کے کنارے نشہ شراب مین بدمست ہوکر سوگیا اور کروٹ بدلتے ہی حوض مین گر پڑا چار خواصین کہ حاضر تھین اتفاق کرکے بعض نے بال اُس کے سر کے پکڑ کر بمشقت تمام باہر کھینچا اور وہ کپڑے اُس کے بدن سے برآوردہ کرکے دوسری پوشاک زیب بدن کی جب ہوشیار ہوا اور دردسر کی شکایت کی خواصون نے آداب اور دعا بجالاکر صورت حال ظاہر کی وہ قضیہ منعکس سمجھ کر غضب اور طیش مین آیا اور بے تامل اور تفکر تلوار آبدار غلاف سے کھینچکر چارون خواص نامراد اور عاجز و دلسوز مہربان کو ظلم وجور سے قتل کیا اور زبان حال اُن بے چارون کی ساتھ ان ابیات کے مترجم ہوئی **ابیات**

مرا بہ ظلم بکشتی طریق دادا ین بود	زبادشاہی حسن توام مرادا ین بود
بروز حشر زنم دست ودامنت گیرم	کہ آنکہ داد عبث خاک من بباد ا ین بود
شنید سخن غیر را تو در حق ما	مرا کجا بتوا ے دوست اعتقاد ا ین بود

سلطان ناصرالدین سنہ ۹۰۸ نوسو آٹھ ہجری مین ولایت کچھوارہ پر تاخت کی ارادہ سے نغلچہ مین فروکش ہوا اور بکوچ متواتر جب قصبہ آگرہ مین پہونچا اور وہان کی ہوا طبع اقدس کے پسند پڑی ایک قصر رفیع اور ایک عمارت عالی کی بنیاد ڈالی جو عجائب روزگار سے ہے اور ولایت کچھوارہ کو تاراج اور برباد کرکے نشان مراجعت بلند کیا اور سنہ ۹۰۹ نوسو نو ہجری مین جیپور کی طرف حرکت کی اور رانا نمل اور بھی تمام زمیندارون نے پیشکش بھیجی اور چوہنداس نے جو رانا سے قرابت قریبہ رکھتا تھا اپنی بیٹی سلطان کے نذر کی اور سلطان نے اُس کا نام رانی جیپوری رکھا اور عازم مراجعت ہوا اور اثنائے راہ مین سنا کہ احمد نظام شاہ بحری بعضے مقدمات کے سبب درپے خصومت وخشونت ہوکر ولایت برہانپور کو تاخت وتاراج کرتا ہے اور داؤد خان فاروقی قلعہ آسیر مین پوشیدہ ہوکر تاب اس کے مقابلہ کی اپنے حوصلہ مین نہین دیکھتا ہے اور جو حاکم آسیر ہمیشہ سلطان ناصرالدین خلجی سے ملتجی رہتا تھا سلطان نے اس واسطے اس کی حمایت مذہب مروت اور فتوت مین فرض شمار کرکے اقبال خان اور خواجہ جہان کو مع لشکر گران اُس طرف رخصت فرمایا اور جب احمد نظام شاہ بحری نے لشکر مالوہ کے پہونچنے سے خبر پاکر

دار الملک احمد نگر کی طرف مراجعت کی اقبال خان خطبہ ناصر شاہی برہان پور مین پڑھکر پلٹ آیا اور چونکہ سلطان ناصر الدین خلجی نے اپنے باپ سے نسبت سرکشی بہت کی تھی وہ بھی اپنے بیٹے سلطان شہاب الدین سے ڈرتا تھا سلطان شہاب الدین اس بات کو سمجھا اور جو اپنے باپ کی بیباکی اور ظلم طبیعی سے خوب واقف تھا بہت ہوشیاری سے اُس کے پاس آمد و شد کرتا تھا اور سلطان ناصر الدین کے مقربین اگرچہ جانتے تھے کہ خلائق اُس کے ظلم سے تنگ ہو کر اُس کی ہلاکی خدا سے چاہتے ہین لیکن کسی کو یہ جرأت نتھی کہ شہزادہ شہاب الدین سے معروض کرے یہان تک کہ ۹۱۶ھ نو سو سولہ ہجری مین مالوہ کے بعضے امرا اس کے شریک اور موافق ہوئے اور سلطان شہاب الدین کو مخالفت پدر کی تحریض و ترغیب کی اور سلطان شہاب الدین ایک رات کو مع اعوان و انصار قلعہ شادی آباد مندو سے بھاگا اور ولایت کے درمیان داخل ہوا اور ایک خلق بیشمار کہ اُس کے باپ کے ظلم و جور سے بہ تنگ آئی تھی اُس کے پاس فراہم ہوئی اور سلطان ناصر الدین خلجی مع اُس لشکر کے جو ہمراہ رکھتا تھا بیٹے سے جنگ کے واسطے برآمد ہوا اور بعد جنگ صعب باوجود اُس کے جمعیت قلیل رکھتا تھا فرزند پر ظفریاب ہوا اور سلطان شہاب الدین معرکہ سے بھاگ کر دہلی کی طرف گیا اگرچہ سلطان ناصر الدین خلجی ہزیمت کے وقت اس کو مستاصل کرنے کی قدرت رکھتا تھا لیکن شفقت پدری مانع آئی ایک جماعت کو اُس کے پاس بھیجا کہ وہ نصیحت کر کے پھیر لاوے سلطان شہاب الدین نے اعتماد باپ کے قول پر نہ کر کے قبول نہ کیا اور بسرعت تمام تر دہلی کی سمت روانہ ہوا اور یہ خبر جبکہ سلطان کو پہونچی یہ مصرع پڑھا **مصرع** تخمیکہ در ہوائے تو کشتیم خاک خورد ۔ اور رجب دار الملک شادی آباد مندو کی طرف روانہ ہوا شراب کی افراط یا عفونت اخلاط اور ہوا کے تصرف سے اُسے تپ محرق عارض ہوئی اور باوجود موسم سردی پانی سرد مین آن کر ایک ساعت توقف کیا اور اُس کے مرض نے شدت پیدا کی اور علت ہائے متضادہ پیدا ہو گئین اور حکما اور اطبا کے معالجہ نے فائدہ نہ بخشا بقول مولانا روم رحمہ اللہ **بیت** از قضا سرکنگبین صفرا فزود ۔ روغن بادام خشکی مے نمود ۔ جب سلطان نے اپنا حال دگرگون دیکھا امرا اور اعیان مملکت کے حضور تیسرے فرزند سلطان محمود کو موضع بہشت پور مین ولیعہد کر کے لوازم وصیت بجالایا اور جمیع مناہی سے توبہ کر کے ایک ساعت کے بعد داعی حق کو لبیک اجابت کی مدت اس کی سلطنت کی گیارہ سال اور چار ماہ اور تین دن تھی

ذکر سلطان محمود بن سلطان ناصر الدین خلجی کی سلطنت کا

جب سلطان ناصر الدین خلجی کی خبر فوت منتشر ہوئی سلطان شہاب الدین عزیمت دہلی فسخ کر کے راستہ سے پھرا اور دوسرے راستہ سے قلعہ شادی آباد مندو کی طرف تاخت لا کر قبل پہونچنے سلطان محمود خلجی کے نصرت آباد نعلچہ مین پہونچا اور محافظ خان خواجہ سرا اور خواص خان نے دروازہ قلعہ کا بند کر کے راہ نہ دی اور جب سلطان محمود نزدیک پہونچا وہ بلا آسیر کی طرف بھاگا اور سلطان محمود دشمن کی

بلا امرا حمت قلعہ مین در آیا اور تخت زرین پر جو کہ جواہر اور یاقوت رمانی سے مکلل تھا اور صفحۂ عرض ممالک مین رکھا تھا جلوس فرمایا اور سات سو زنجیر فیل جو قلعہ مین تھے مخمل اور زربفت کی جھولون سے آراستہ کرکے دربار مین لائے اور اکابر و اعیان تمام حاضر ہوئے قسم مروارید اور زر سرخ و سفید اسقدر چتر پر نثار کیا کہ اس بلدہ کے تمام فقرا اور مستحقین بہرہ یاب ہوئے اور امرا اور افسرون نے اتفاق کرکے بسنت رائے کو جو لڑکپن سے سلطان کی خدمت مین تھا اس سبب سے کہ مبادا تقرب و تسلط بہم پہونچاوے قتل کرکے معروض کیا کہ رائے مذکور امرا اور سپاہ کو بھڑکا کر چاہتا تھا کہ دولت خانہ کی رونق اور انتظام کو زائل کرے ہم نے عین دولت خواہی جان کر اُسے قتل کیا اور جہان پناہ کو چاہیے کہ نقد الملک کو بھی کہ اُسی کے قدم پر قدم رکھتا ہے اور بہت ذلیل اور منفوری ہے اس کے بھی وجود ناپاک سے سلطنت کے میدان کو پاک کرین سلطان محمود نے ناچار ہوکر نقد الملک کو اُن کے پاس بھیجکر فرمایا کہ اُسے شہر بدر کرکے مضرت جانی نہ پہونچاوین امرا نے اس قدر سلطان کے فرمانے پر عمل کیا یعنے اُس کے خون سے درگذرے شہر سے نکال دیا سلطان محمود اس حرکت سے رنجیدہ ہوا اور محافظ خان خواجہ سرا کہ حاکم شہر تھا اور اُس کی بھی طبیعت آب نفاق سے سرشتہ تھی مہمات سلطنت کو مسمت دیکھکر اُسے بھی داعیہ استقلال کا ہوا اور ایک روز اُس نے بھی نادانی سے سلطان محمود خلجی سے کہا کہ تیرے دو بھائی قلعہ مین قید ہین اور وقت فرصت کا انتظار کرکے تجھے تخت سے اُٹھایا چاہتے ہین اگر تجھے سلطنت عزیز ہو انھین ہلاک کر نہین تو اپنی سزا پاویگا سلطان محمود خلجی کو اس کا طرز کلام مزاج کے موافق نہ آیا فرمایا کہ تم لوگون کو بھی یہ قدرت اور مجال ہوئی کہ سلاطین کے خون کے بارے مین سعی کرو اور دربار شاہی مین کلام گستاخانہ اور بے ادبانہ زبان پر لاؤ محافظ خان خواجہ سرا کہ نہایت مغرور تھا اُس نے پھر حرف بیجا اور نا راست زبان پر جاری کئے سلطان محمود طیش مین آیا اور شمشیر آبدار جو اُس کے ہاتھ مین تھی مع غلاف دو دستی اُس کے سر پر ماری کہ سر اُس کا شکستہ اور زخمی ہوا اور جدول خون کی اُس کے صفحہ رخسار پر جاری ہوئی وہ اُسی حال سے دربار سے باہر گیا اور اپنے توابعین اور ملازمان خاص کو فراہم کرکے اُسی روز بقصد خون سلطان دربار مین آیا اور جو امرا سے کہ رخواہان اس امر کے تھے طرح دے کر اپنے مکان سے نہ آئے سلطان محمود مع مقربین اور سپاہیان خاصہ خیل سے کہ اُن مین اکثر عراقی اور خراسانی اور حبشی تھے جنگ پر آمادہ ہوا اور وہ بد ذات دولت خانہ سے بھاگ گیا اور بیرونی دربند پر قبضہ کرکے علم طغیان اور بغاوت کا بلند کیا سلطان محمود نے وہ دن بمشقت و محنت تمام بسر کیا اور شب نے پردۂ ظلماتی جہان پر ڈالا جمعیت حرام خوارون کی لحظہ بہ لحظہ ساعت بہ ساعت افزون ہوئی اور سلطان کی کمک کو کوئی نہ آیا سلطان نے صلاح توقف مین نہ دیکھی اُسی رات کو مع ایک جماعت قلعہ سے نکل گیا اور محافظ خان خواجہ سرا نے اُس کے بھائی صاحب خان کو قید سے برآور دہ کرکے تخت پر بٹھایا سلطان محمود خلجی مملکت کے درمیان مقام کرکے لشکر کی فراہمی مین مشغول ہوا اور سب سے پہلے امرا مین سے میدنی رائے

مع عزیز و اقارب اور قوم اُس کی پابوسی کو حاضر ہوا اور اُس کے بعد شرزہ خان پسر بہجت خان حاکم چندیری ملازمت مین سرفراز ہوا پھر تو فوج فوج لشکر اطراف و جوانب سے متوجہ ہوکر اُس کے ظل رایت مین مجتمع ہوا سلطان محمود خلجی فوج کے آنے سے قوی پشت ہوکر اکثر امرائے تختگاہ کو بھی بوعدہ ہائے خسروانہ صاحب خان کی رفاقت سے برگشتہ کرکے اپنے پاس لایا اور صاحب خان اور محافظ خان خواجہ سرائے دست تصرف و اتلاف خزانہ مین دراز کرکے لشکر کثیر اور جمع غفیر جمع کیا اُس کے بعد سلطان محمود خلجی بشوکت و سامان تمام دارالملک شادی آباد مندو کی طرف متوجہ ہوا اور طرفین سے صفوف جنگ آراستہ ہوئین صاحب خان نے جرأت کرکے افواج سلطان پر بہت حملے کئے اور اس درمیان مین ایک ہاتھی سلطان محمود کی طرف متوجہ ہوا اور اُس نے فیلبان کے سینہ پر ایسا تیر مارا کہ سینہ سے پار نکل گیا اس وقت میدنی رائے نے مع جمعیت راجپوتان قدم جرأت آگے بڑھا کر ضرب برچھا اور جدھر سے صاحب خان کی فوج کو درہم برہم کرکے اکثر سپاہ کو ہلاک کیا اور صاحب خان نے اس سے زیادہ اپنے مین تاب مقاومت نہ دیکھی بھاگ کر قلعہ مندو مین پناہ لی یعنے قلعہ کا دروازہ بند کرکے قلعہ بند ہوا سلطان محمود حوض حسین تک پیچھا کرکے فروکش ہوا اور اپنے بھائی صاحب خان کو یہ پیغام کیا کہ ہنوز صلہ رحم درمیان مین ہے قلعہ داری کے خیال محال سے درگذر اور تجھے جس قدر مال اور جس صوبہ کی تمنا ہو مین تجھے ارزانی کرون صاحبخان نے قلعہ کے استحکام اور سنگینی پر مغرور ہوکر قبول نہ کیا سلطان محمود محاصرہ مین مشغول ہوا اور اہل قلعہ کی تنگی مین کوشش کی بعضے امرا جو قلعہ مین تھے اُنھون نے محافظ خان سے دشمنی شروع کی اور سلطان محمود کو پیغام کیا کہ ہم آپ کو فلان مقام سے قلعہ مین لاوین گے مطمئن رہیے محافظ خان یہ خبر سنکر مضطرب اور حیران ہوا جواہر قیمتی اور نقود وافر لے کر صاحب خان کی ملازمت سے ۹۱۷ھ نوسو سترہ ہجری مین گجرات کی طرف گیا اور اس مقام مین ایلچی شاہ اسمعیل بادشاہ ایران سے نزاع واقع ہونے سے منفعل ہوا اور رہنا اس کا اس طرف دشوار ہوا پھر سلطان مظفر کی بلا اجازت آسیر کی طرف گیا اور وہان سے بھی مع تین سو سوار کا دیل مین عماد الملک کے پاس جاکر کمک طلب کی اور جو کہ عماد الملک اور سلطان محمود کے درمیان مین نہایت دوستی اور محبت تھی کئی قریہ اس کی مدد خرچ کے واسطے مقرر کرکے امداد سے متامل اور متغافل ہوا مقول ہے کہ جب صاحب خان شادی آباد مندو سے مفرور ہوا سلطان محمود خلجی قلعہ شادی آباد مین داخل ہوکر امور سلطنت مین مشغول ہوا اور اقبال خان اور مخصوص خان جو پہلے کسی تقریب سے آسیر کی طرف بھاگ گئے تھے صاحب خان کی یہ خبر سنکر سلطان شہاب الدین کے سر پر بلند کرکے گرمی کی عین گرمی مین کہ مچھلی قعر دریا مین جلتی تھی اور سمندر اپنے آتش طبع کے عرق مین غرق ہوتا تھا برہان پور سے شادی آباد مندو کی طرف روانہ ہوئے اور شبانہ روز مین تیس کوس مسافت طے کی چونکہ انکو صاحبخان اور محافظ خان کے بھاگنے کی خبر نہ تھی کسی مقام مین قیام نہ کیا اور عین مراد اُن کی یہ تھی کہ دارالملک شادی آباد مندو کے زمانہ اختلال مین وہان پہنچکر

اپنا کام کرین اور جب تک تنور گرم ہو روٹی پکا لیوین قضارا حرارت ہوا اور مشقت راہ سے سلطان شہاب الدین کا مزاج ایسا منحرف ہوا کہ پھر اعتدال پر نہ آیا آخر کو فوت ہوا اور اقبال خان اور مخصوص خان پسر سلطان شہاب الدین کو سلطان ہوشنگ خطاب دے کر چتر اُس کے سر پر بلند کر کے ولایت مالوہ مین داخل ہوئے اور سلطان محمود خلجی سے شکست کھا کر پہاڑون مین بھاگ گئے اور بعد چند روز کے اقبال خان اور مخصوص خان سلطان محمود خلجی کی خدمت مین آن کر خلعتہاے نفیس اور جاگیرات قدیم سے بہرہ یاب ہوئے اور میدنی راے جو علم استقلال بلند کیا چاہتا تھا اس نے عرض مین پہونچایا کہ فضل خان اور اقبال خان شاہزادہ صاحب خان کے پاس رسل و رسائل دکن مین بھیجکر حرف و حکایات کے ابواب مفتوح رکھتے ہین اور چاہتے ہین کہ فتنہ خوابیدہ کو بیدار کرین سلطان محمود نے ان کلمات غرض آمیز کو بیغرض تصور کر کے فرمایا کہ کل جس وقت دونون سلام کے واسطے دربار مین آوین قتل کیے جاوین دوسرے دن جب وہ سلام کو آئے دونون کو گرفتار کر کے بند بند جدا کیے سلطان محمود خلجی نے میدنی راے کی تحریک سے بہجت خان حاکم چندیری اور امرا کو بھی طلب کیا بہجت خان نے باوجود خانہ زادی میدنی راے کے استقلال سے ہراسان ہو کر برسات کے پہونچنے کا عذر پیش کیا سلطان چشم پوشی کر کے خاموش ہوا منصور خان حاکم متھلیا کو سکندر خان کے دفع کے واسطے کہ وہ بھی وار الملک سے بھاگ کر ولایت مین بغاوت کرتا تھا اور کندھر سے قصبہ شہاب آباد تک تصرف مین رکھتا تھا مامور کیا اور اس سبب سے کہ کونڈوانہ کا راجہ اور لشکر اطراف منصور خان کے مقابلہ پر جمع آیا تھا نامبردہ نے تاب مقابلہ اپنے مین نہ دیکھی حقیقت حال سلطان کی خدمت مین معروض کی اور میدنی راے کہ ملازمان قدیم کی خرابی اور بربادی کے درپے تھا اُس نے در جواب لکھا کہ اقبال بادشاہ کا اُس کے دفع کے واسطے کافی ہے قدم بڑھانا چاہیئے منصور خان اپنے کام مین حیران ہوا ناچار باتفاق جہاز خان کہ امراے کلان سے تھا بہجت خان کے پاس گیا سلطان یہ خبر سنکر دہار کی طرف روانہ ہوا اور میدنی راے کو مع لشکر انبوہ اور پچاس زنجیر فیل سکندر خان کے دفع کیواسطے نامزد فرمایا مصرع زہر طرف کہ شود کشتہ سود سلام است ۔ میدنی راے کہ دس ہزار راجپوت ہمراہ رکھتا تھا اس نے سکندر خان کی عیش صافی کو مکدر کیا سکندر خان نے دب کر صلح کر کے استمالت نامہ حاصل کیا اور میدنی راے کے پاس آیا اور جاگیر قدیم پر سرفراز ہوا اور میدنی راے کا استقلال حد سے گذرا اور اس وقت کہ سلطان سفر مین تھا شادی آباد مندو کے اوباشون نے ایک مجہول النسب کو بادشاہی پر آمادہ کر کے قبر سلطان غیاث الدین کا جو اُس کی قبر پر تھا اُٹھا کر اُس کے سر پر بلند کیا اور داروغہ نے مروانگی کر کے اُن کا شر دفع کیا بہجت خان میدنی راے کے عروج اور سلطان کی عاجزی سے زیادہ تر ہراسان ہوا ایک جماعت کا دیل کی سمت بھیجکر صاحب خان کو طلب کیا اور عریضہ بنام سلطان سکندر خان لودھی لکھکر دہلی مین بھیجا کہ کفار راجپوت نے نہایت غلبہ مسلمانون پر برپا کیا ہے اور میدنی راے کہ سردار

اُس فرقہ کا ہی مال و ملک کا صاحب اختیار ہوا ہی اور بہت ملازمان قدیم کو جو اس دولت خانہ کے خیر خواہ تھے بعید و رقصور تہ تیغ کیا ہی اور کچھ بھاگ کر اطراف و جوانب مین پراگندہ ہوئے اور سلطان محمود کہ بادشاہ ہی اپنے کوتہی دست اور راجپوتون اور میدنی راے کے عروج دینے سے پشیمان ہی اور واہمہ مین مبتلا ہو کر ہمارے اوپر اعتماد نہین کرتا ہی بلکہ میدنی راے کی تحریص سے ہم بقیۃ السیف کے خون کا پیاسا ہی اور حکم شریعت مصطفوی کا رواج اس مملکت سے یک قلم موقوف ہوا اور مسجدون اور مدرسون مین بیدینون نے نشیمن کیا ہی یقین ہی کہ چند روز مین راے رایان ولد میدنی راے سلطان کو درمیان سے اُٹھا کر اُس مملکت کی فرمانروائی کرے اگر فوج منصورہ اور عساکر قاہرہ بھیجکر صاحب خان کو تخت پر بٹھلایئے خطبہ آنحضرت کا چندیری وغیرہ مین پڑھا جاویگا الغرض محافظ خان خواجہ سرا کہ گجرات سے دکن کی طرف صاحب خان سے جدا ہو کر پھر وہان سے بجانب دہلی گیا تھا بارہ ہزار سوار بسرداری عماد الملک لودھی اور سعید خان کے اُس کی مدد کے واسطے مقرر ہوئے اور خلعت خاصہ اور خطاب سلطان محمد بھی اسے عنایت ہوا اس وقت مین شاہ مظفر گجراتی بھی مع لشکر بیشمار و فیل بسیار دہار کی طرف آیا اور سکندر خان نے بھی پھر علم بغاوت بلند کر کے ضلع مملکت مین ڈالا اور عجیب صحبت ظہور مین آئی میدنی راے نے ہمت سب کی دفع کے واسطے مصروف کی سلطان محمود خلجی کو قلعہ سے برآورد کر کے ایک فوج راجپوتون سے لشکر گجرات کے مقابلہ کو بھیجی اور حاکم کھندوی اور ملک لودھ کو سکندر خان پر نامزد فرمایا قضارا ایک فوج لشکر گجرات سے جودار الملک کے نواح مین آئی تھی اُس نے شکست پائی اور سلطان مظفر نے اُسے شگون بد جانکر اور مالویون پر احسان رکھکر اپنے ملک کے سمت مراجعت کی اور ملک لودھ نے بھی سکندر خان کے مقابل آن کر اُسے شکست دی لیکن غارت کے وقت ایک سپاہیان سکندر خان سے کہ اُس کے عیال اسیر ہوئے تھے اس نے پابوسی کے بہانہ ملک لودھ تک اپنے تئین پہونچایا اور خبر آبدار سے اس کا پہلوشگافتہ کر کے زندگی اُس کی برباد کی اور سکندر خان یہ واقعہ سنکر پلٹا اور لشکر سلطانی کو متفرق اور پراگندہ کیا اور بیچہ ہاتھی نامی لے کر سواسن کی طرف گیا سلطان محمود خلجی نے میدنی راے کی صلاح سے اُس مہم کا فیصلہ اور وقت پر منحصر رکھا اور بہجت خان کے دفع کے واسطے چندیری کی طرف روانہ ہوا اثناے راہ مین اُسے یہ خبر پہونچی کہ صاحب خان قریب پہونچا اور منصور خان نے استقبال کر کے چتر اُس کے فرق پر لگایا اور لشکر دہلی بھی مع عماد الملک لودھی اور سعید خان ہمراہی محافظ خان خواجہ سرا صاحب خان کی کمک کو آیا ہی سلطان یہ خبر سنکر پریشان خاطر ہوا کہ یکبارگی صدر خان اور مخصوص خان اُس کے لشکر سے جدا ہو کر صاحب خان کی خدمت مین حاضر ہوئے اور صاحب خان نے محمود نام ایک شخص کو سپہ سالار کر کے سارنگ پور کی طرف بھیجا اور وہ افواج سلطانی سے مغلوب ہو کر بحال پریشان بھاگا اور اُسوقت عماد الملک لودھی اور سعید خان نے محافظ خان خواجہ سرا کی حسن تدبیر سے بہجت خان کو پیغام دیا کہ خطبہ اور سکہ سلطان سکندر کے نام پڑھکر گرا اور سکہ پر اُس کا نام جاری کر و بہجت خان

نے جواب حسب مدعا نہ پایا اُنھوں نے بہ بہانہ کوچ چودہ کوس پیچھے ہٹ کر مقام کیا اور سلطان سکندر کا فرمان پہونچنے ہی دہلی کی طرف راہی ہوئے اور ایک روایت مین یہ بھی ہے کہ چندیری مین سلطان سکندر کے نام خطبہ پڑھا لیکن جب چالیس ہزار راجپوت وغیرہ سلطان محمود کے لشکر مین فراہم ہوئے اور سلطان سکندر نے یہ خبر سنی تو فرمان طلب اپنے امرا کے نام جاری کیا اور سلطان محمود لطف آگہی سے مسرور ہوکر لشکر سپاس بجا لایا پھر چند روز شکار مین مشغول ہوا اس درمیان مین خبر پہونچی کہ محافظ خان خواجہ سرا صاحبخان کے اور بہجت خان بکم سے مع افواج کثیر شادی آباد مندو کی طرف متوجہ ہوا ہے سلطان نے حبیب خان اور فخر الملک کو مع امرائے راجپوتان اُن کے دفع کے لیے رخصت کیا اور ظفر آباد کے حوالی مین فریقین کے درمیان جنگ عظیم ہوئی لشکر سلطان غالب ہوا اور محافظ خان خواجہ سرا کفران نعمت کی شامت سے مارا گیا اور بہجت خان اور مخصوص خان لشکر دہلی کے پلٹ جانے اور محافظ خان کے قتل ہونے سے اپنے فعل سے پشیمان ہوئے اور صاحبخان سے اجازت چاہی کہ صلح کی درخواست کرین صاحبخان نے قبول کیا اور شیخ اولیا نام ایک فاضل وقت کے وسیلہ سے سلطان کی عرض مین پہونچایا سلطان نے یہ امر لطائف غیبی اور عنایات لاریبی سے تصور کرکے قلعہ رائسین اور قصبہ بھیلسا اور ہاموتی صاحبخان کے سپرد کرکے دس لاکھ تنکہ سیاہ خرچ کیواسطے اور بارہ زنجیر فیل انعام دیے اور فرمان استمالت بہجت خان اور دوسرون کے واسطے بھیجے اور بہجت خان نے دو لاکھ تنکہ سیاہ اور بارہ ہاتھی نگاہ رکھے اور باقی صاحب خان کو دیے مفسدون نے صاحب خان کو یہ خبر پہونچائی کہ بہجت خان تجھے قید کیا چاہتا ہے صاحب خان ہراسان ہوکر سلطان سکندر لودھی کے پاس کہ سرحد مین تھا پہونچا اور بہجت خان اور باقی امرا استمالت نامہ طلب کرکے سلطان کی خدمت مین حاضر ہوئے اور خلعتہاے خاص سے مخصوص ہوکر جاگیرہاے قدیم کی طرف روانہ ہوئے سلطان محمود خلجی نے مظفر اور منصور اپنے دار الملک کی طرف مراجعت کی اور میدنی راے کی راے ناصواب سے تیغ بیدریغ امرا اور افسران سپاہ کے گلے پر رکھی اور ہر روز ایک کو ناحق اور بیصید و رقصور متہم اور مطعون کرکے بسیاست تمام قتل کرتا تھا اور رفتہ رفتہ اُس کی یہ نوبت پہونچی کہ مزاج سلطان محمود خلجی کا تمام امرا بلکہ جمیع مسلمانون سے پھر گیا اور عمال اور احکام قدیم کہ مدت ہاے دراز سے سرکار غیاثی اور ناصر شاہی مین متکفل مہات دیوانی تھے اُن کے ناصیہ احوال پر رقم عزل کھینچکر ایک ایک کو موقوف اور برطرف کیا اور اُن کی جگہ پر میدنی راے کے انصار اور اعوان کو مقرر اور بحال فرمایا اور یہ فعل اکثر امرا اور سردارون اور ملازمون کو نہایت ناگوار ہوا اور شکستہ دلی سے اپنے اہل وعیال کو لے کر جلا وطنی اختیار کی اور قلعہ شادی آباد مندو کہ اس قلمرو مین دار العلم اور جاے ورود فضلا اور مشائخ تھا کا فردوس مسکن ہوا پھر تو یہ نوبت پہونچی کہ در بانی فیلبانی بھی راجپوتون کے حوالہ کی اور راجپوت زنان دوشیزہ مسلمہ پر متصرف ہوئے اور علی خان نام امرا قدیم سے جو حاکم شہر تھا کفار راجپوت کے تسلط سے دلگیر ہوا اور مخالفت پر کمر باندھی اور سلطان محمود جن دنون مین مع کفار شکار کے واسطے گیا تھا قلعہ مندو پر متصرف ہوا اور مندو بھی کفار کے غلبہ سے آزردہ خاطر تھے علی خان

شریک اور موافق ہوئے سلطان محمود نے یہ خبر سنکر بسبیل استعجال معاودت کی اور قلعہ کو محاصرہ کرکے کام محصورین پر تنگ کیا علی خان مع اپنے اعوان قلعہ سے بھاگ گیا اور سلطان محمود قلعہ مین داخل ہوا اور ایک جماعت راجپوتون کی علی خان کے تعاقب مین نامزد کی جنھون نے اُسے دستیاب کرکے قتل کیا اور بعد اس واقعہ کے ایکبارگی میدنی رائے مطلق العنان ہوا تمام اعزا اور منصب داران مالوہ کو اپنی طرف مخاطب اور رجوع کیا اور سلطان کے خاصہ خیل قدیم مین دو سو سے زیادہ مسلمان نرہے سلطان محمود راجپوتون کے غلبہ اور تسلط سے متفکر ہوا چونکہ اہل ہند مین رسم ہیکہ جس وقت اپنے نوکر کو رخصت یا مہمان کو وداع کرتے ہین اُسے بیڑا رخصت کا دیتے ہین سلطان نے ایک ظرف بیڑا اور پان سے پرکے آرائش خان کے ہاتھ مین دے کر میدنی رائے کے پاس بھیجکر یہ پیغام دیا کہ من بعد تمھین رخصت ہی ہماری ولایت سے نکل جاؤ راجپوتون نے جواب دیا کہ ہم چالیس ہزار سوار نے آج تک ہوا خواہی اور جانسپاری مین تقصیر نہین کی اور خدمات پسندیدہ ہم سے وقوع مین آئین ہم نہین جانتے کون سی تقصیر ہم سے سرزد ہوئی جو مستوجب اس خطاب کے ہوئی اور اس کے بعد راجپوت چاہتے تھے کہ سلطان محمود کو درمیان سے اُٹھا دین میدنی رائے نے انھین یہ جواب دیا کہ بالفعل فی الحقیقت سلطنت مالوہ ہمارے قبضۂ قدرت مین ہی اگر سلطان درمیان مین نہوگا سلطان مظفر گجراتی جلو ریز آن کر اس ولایت پر متصرف ہوگا بہرکیف جس طور سے ممکن ہوا پنے دلی نعمت کی رضا جوئی مین کوشش کرنی چاہیے غرضکہ پھر سلطان کی خدمت مین آن کر عذر معذرت کی سلطان نے جو کہ لاعلاج تھا ان شرائط پر قبول کیا کہ جمیع کارخانہ بدستور قدیم مسلمانون کے حوالہ کرو اور رہات ملکی مین دخل ندو اور عورات مسلمہ کو اپنے مکانون سے نکال دو اور ظلم و تعدی سے دست کش ہو میدنی رائے نے یہ سب امر قبول کرکے اور سلطان کی نہایت دلجوئی مین مستعد اور سرگرم ہوا لیکن سالباہن پوربیہ کا مراے راجپوت سے تھا سر حلقۂ اطاعت سے برآوردہ کرکے اعمال ناشائستہ اور افعال نابائستہ سے باز نہ آتا تھا سلطان محمود نے وفور شجاعت سے باوجود اس جماعت قلیل کے کہ دو سو مسلمان سے زیادہ نہ تھے بعضون مخصوصون سے یہ مشورہ کیا کہ جب مین شکار سے مراجعت کرون اور میدنی رائے اور سالباہن اپنے مکان کی سمت رخصت ہو دین اثنائے مراجعت مین دونون کو ضربتہاے شمشیر سے قتل کرکے بند بند سے جدا کرنا غرضکہ دوسرے دن جماعت موعود کو جابجا چھوڑ کر شکار کے واسطے گیا اور معاودت کرکے خلوت خانہ مین داخل ہوا اور میدنی رائے اور سالباہن رخصت ہوئے اس وقت دس سوار کمین گاہ سے برآمد ہوئے اور دونون کو ضربتہاے شمشیر سے وار کیے سالباہن مارا گیا اور میدنی رائے کو جو زخم کاری نہ پہونچا تھا اس کے نوکر ہجوم کرکے مکان پر اُٹھا لیگئے راجپوت یہ سانحہ سنکر میدنی رائے کے مکان مین جمع ہوئے اور اس کی بلا اجازت جنگ پر آمادہ ہوکر دربار کی طرف متوجہ ہوئے سلطان محمود خلجی اگرچہ عقل سے اُس کا ہاتھ خالی تھا لیکن شجاعت اور مردانگی مین اپنا نظیر نرکھتا تھا مع سولہ سوار اور چند پیادہ مسلمانونکے بہ نیت حصول نقد شہادت دولتخانہ سے برآمد

ہوا اور کئی ہزار کا فرخاسر کے مقابل ہوکر جنگ مین مشغول ہوا ایک راجپوت پوربیہ کہ مردانگی مین اشتہار رکھتا تھا اُس نے پہلے قدم میدان تہور مین رکھکر ایک وار سلطان پر ڈالا سلطان نے اُس کی ضرب کو رد کرکے ایسی تلوار اُس کے ماری کہ شل خیار دو ٹکڑے ہوکر جہنم واصل ہوا پھر دوسرا راجپوت میدان جانستان مین خرامان ہوکر سلطان کے مقابل ہوا اور برچھے کا وار اُس پر ڈالا سلطان نے اُس وار کو بھی خالی دے کر اُس کے بھی گلوے خشک کو شمشیر آبدار سے سیراب کیا راجپوت یہ حال مشاہدہ کرکے بغیر اس کے کہ جنگ مغلوبہ ہووے بھاگ کر میدنی راے کے مکان مین کہ احاطہ نہایت وسیع تھا در آئے اور وہان دوبارہ جمعیت بہم پہونچاکر میدنی راے سے رخصت جنگ طلب کی میدنی راے نے یہ جواب دیا کہ سلطان محمود نے اگر ارادہ میرے قتل کا کیا کچھ قصور نہین رکھتا اس واسطے کہ وہ میرا صاحب اور دلی نعمت ہی تم میری حمایت سے دست بردار ہوکر اپنے مکان پر جاؤ کس واسطے کہ وہ خوب جانتا تھا کہ اگر سلطان محمود شہید ہوگا سلاطین اطراف خصوص گجرات اور خاندیس اور برار اُس کے انتقام پر قیام کرینگے الغرض اُس نے راجپوتون کی تسلی کی اور سلطان محمود خلجی کو یہ پیغام کیا کہ جو اس مدت مین خیر سگال نے نمک حلال کھایا تھا اس وجہ سے ان زخمون سے بچ گیا اگر فی الواقع اس نمک خوار کے قتل ہونے سے امور سلطنت انتظام پاوین مضائقہ نہین ہی مصرع سرانیک جداکن بہ تیغ از تنم ۔ سلطان محمود خلجی نے جب جانا کہ یہ ان زخمون سے نہ مریگا مقام صلح اور ملائمت مین ہوکر فرمایا کہ اب مجھے دریافت ہوا کہ میدنی راے میرا خیر خواہ ہی اور کمال خیر خواہی سے راجپوتان ناہموار کو فتنہ و فساد سے باز رکھا سالہا ہن کہ بانی فساد اور مادہ خشونت تھا الحمدللہ کہ اس کا شر دفع ہوا انشاء اللہ تعالے بعد اس کے بخیر و خوبی امور سلطنت مین مشغول ہوگا اور بعد اُس کے کوئی امر وقوع مین نہ آویگا اور میدنی راے نے بھی بحسب ظاہر جادۂ اطاعت اور فرمانبرداری مین قدم رکھا اور امور گذشتہ سے کچھ زبان پر نہ لایا لیکن اپنی حفاظت مین ہر وقت ہوشیار اور واقف کار ہوکر جب دربار مین آتا تھا پانسو آدمی ہتھیار بند اس کے ہمراہ رہتے تھے لیکن اس وضع سے سلطان محمود خلجی بہ تنگ آیا ایک روز اس نے شکار کے بہانہ راجپوتون کو دوا دوش سے نہایت خستہ اور ماندہ کرکے رات کو اپنی محبوبہ کو جس کا نام رانی کینا تھا سوار کرکے مع چند پیادہ قلعہ سے برآمد ہوا اور گجرات کی سرحد تک گھوڑے کی باگ نہ موڑی اور حکام سرحد گجرات کے اس کے ساتھ بسلوک نیک پیش آئے اور سراپردہ اور جمیع ما یحتاج حاضر کی اور عرض داشت سلطان مظفر کو لکھکر قدوم سلطان محمود خلجی سے خبر دی سلطان مظفر نے قیصر خان اور تاج خان اور قوام الملک اور امراے کبار کو اُس کے استقبال کو بھیجکر گھوڑے عربی اور چند زنجیر فیل اور اسباب توشک خانہ اور فراشخانہ اور سراپردہ سرخ اور چتر اور دیگر کارخانجات کہ سلاطین کو درکار ہین ارسال کیے اور خود بھی چند منزل استقبال کیا بعد اس کے جب دربار مین ایک تخت پر قران سعدین اور اجتماع نیرین واقع ہوا سلطان مظفر نے پرسش بزرگانہ فرماکر تحف دبدایاے شاہانہ گذ

اور آئین مروت اور جوانمردی کے ساتھ تمام وجوہ سے رعایت کرکے مرہم لطف و تفقد اُس کے زخمہاے مطالب پر رکھا اور ہمت والا نہمت راجپوتان کی دفع کرنے اور سلطان محمود کو تخت مندو پر بٹھانے مین مصروف کی اور سامان اور سرانجام لشکر مہیا فرماکر ۹۲۳ھ نوسو تیئیس ہجری مین باتفاق سلطان محمود خلجی مالوہ کی سمت متوجہ ہوا میدنی راے نے خبر نہضت سلطان محمود سنکر قلعہ شادی آباد اپنے فرزند ننھورا ے کے سپرد کرکے بارہ ہزار سوار اور پیادہ بیشمار اس کے پاس چھوڑے اور خود قلعہ دھار مین جاکر اس کے استحکام مین کوشش کی اور اس کے بعد جب کہ سلطان مظفر قریب پہونچا لشکر گجرات کے مقابلہ اور مقاتلہ کی طاقت اپنے مین نہ دیکھی پانچ چھ ہزار سوار اور پیادہ توپچی اور کماندار قلعہ دھار مین چھوڑے اور قریب دس ہزار سوار کے ننھورا ے کی مدد کے واسطے بھیجکر خود واسطے طلب امداد جیبور کی طرف رانا سنگا کے پاس گیا اور سلطان مظفر قلعہ دھار پر آیا اور عرصہ قلیل مین اُسے مفتوح کیا اور لشکر مالوہ قریب دس ہزار سوار اور پیادہ جو میدنی راے کی وجہ سے پراگندہ اور متفرق ہوتے تھے سلطان محمود کے پاس جمع ہوئے اور دھار کے فتح ہونے کے بعد سلطان مظفر نے بہ شوکت و عظمت تمام جاکر قلعہ مندو کو محاصرہ کیا اور عادل خان فاروقی حاکم آسیر کو مع امراے کثیر رانا سنگا اور میدنی راے کے سر پر رخصت کیا چنانچہ مفصل حال گجراتیون کے احوال مین تحریر ہوا ہی اور ابتداے ۹۲۴ھ نوسو چوبیس ہجری مین قلعہ مفتوح ہوا اور اس روز انیس ہزار راجپوت مارے گئے اور جنھون نے جوہر کرکے اپنے آپ کو جلایا اور مارڈالا اُن کا شمار علیحدہ ہوا اور سلطان محمود خلجی نے کہ پیچھے رہا تھا آن کر مبارکباد کہی اور از روے اضطراب پوچھا کہ ہمارے واسطے خداوند جہان کیا فرماتے ہین سلطان مظفر نے از روے جوانمردی کے فرمایا کہ سلطنت مالوہ کی تمھین مبارک ہو اور یہ فرماکر فوراً قلعہ اس کے سپرد کرکے اپنے اردو کی طرف گیا دوسرے دن سلطان محمود کو کہلا بھیجا کہ آپ اور چند روز بعضے امور کی درستی اور سامان کے واسطے شہر مین رہین اور خود کوچ کرکے رانا سنگا اور میدنی راے کی تنبیہ و گوشمال کے لیے اُجین کی طرف متوجہ ہوا جب قلعہ دھار مین آیا مخبرون نے خبر پہونچائی کہ عادل خان اور امراے گجرات دیپال پور سے نہ گئے تھے کہ دشمن خبر فتح لشکر چندیری کی سمت بھاگ گئے اور سلطان محمود اپنا سامان درست کرکے سلطان مظفر کے پاس دھار مین آیا اور یہ التماس کی کہ آپ ایک روز قدم رنجہ فرماکر مندو کی طرف تشریف ارزانی فرماوین نہایت سرفرازی اور بندہ نوازی ہوگی **بیت** ازان طرف نہ پذیرد کمال تو نقصان ٭ وزین طرف شرف روزگارمن باشد ٭ سلطان مظفر اردو کو دھار مین چھوڑکر قلعہ شادی آباد مندو مین آیا سلطان محمود نے بڑھکا خدمت کا کمر اطاعت پر باندھکر سر مجلس ایستادہ ہوکر لوازم ضیافت مین قیام کیا پھر جشن اور شادی سے مفروغ ہوکر سلطان مظفر کو باغات اور مواضع مرغوبہ مندو کی سیر و گشت کرائی اور رخصت کے دن پیشکش لائق گذرانی اور جو کچھ حق تواضع اور مہمانداری کا تھا بجا لایا اور چند منزل بطور مشایعت گجرات کی طرف گیا اور جو آصف خان گجراتی مع چند ہزار سوار سلطان محمود کی مدد کے واسطے مقرر ہوا تھا

اسے مراجعت مندو کی رخصت فرمائی اور سلطان محمود مندو مین رونق افزا ہوکر امور جہانبانی مین مشغول ہوا اور مملکت کے بندوبست مین حتی الوسع کوشش کی اور جو چندیری اور کاکرون بتصرف میدنی راے اور قلعہ رایسین اور بھیلسا اور سارنگ پور سلہدی راجپوت کے تبضہ مین تھا سلطان محمود خلجی ان کے دفع کی فکر مین ہوا اور اول قلعہ کاکرون پر چڑھائی کی اور میدنی راے اس مرتبہ بھی رانا سنگا سے التجی ہوکر اُسے مع لشکر فراوان کمک کو لایا اور اس ون کہ جنگ واقع ہوگی سلطان محمود بہت مسافت طے کرکے رانا سے سات کوس پر اُدھر فروکش ہوا اور جب یہ خبر رانا سنگا کو پہونچی اُسنے امرا کو طلب کرکے یہ بات کہی بہتر یہ ہی کہ اسی وقت غنیم کے سر پر کہ ماندگی کے سبب قوت تردد کی نہین رکھتا ہی تاخت لاوین اور اپنا کام کرین یہ کہکر سلاح جنگ لگاکر جنگ پر آمادہ ہوکر بتعجیل تمام روانہ ہوا جب مسلمانون کے لشکر کے قریب پہونچا اور اُس کی افواج آراستہ نمود ہوئی سلطان محمود خلجی جو بیخبر تھا سوار ہوکر اُردو سے برآمد ہوا اور امرا اور سپاہ اس حال سے واقف ہوکر اس کی ملازمت مین حاضر ہوئے ہر چند آصف خان گجراتی اور بھی امرا نے عرض کی کہ آج موقع جنگ کا نہین ہی سلطان محمود خلجی نے کہ عقل سے بے بہرہ تھا کسی کے کہنے پر التفات نہ کی اور بے ترتیب صفوف جنگ مصاف مین مشغول ہوا جیسا کہ طرفۃ العین مین بتیس سردار نامی مع لشکر کثیر شہید ہوئے اور آصف خان گجراتی کہ شاہ مظفر نے اُس کی کمک کے واسطے نامزد کیا تھا وہ بھی مع پانسو سوار گجراتی شہد شہادت چکھکر روضہ رضوان کیطرف راہی ہوا اور لشکر مالوہ سے سوائے سلطان محمود خلجی اور دس سوار کے کوئی معرکہ مین نہا سلطان بوفور شجاعت اس تصور سے کہ دس سوار سے کام نکل سکتا ہی اور چنا سور ما بھاڑ پھوڑتا بیفائدہ لشکر کفار پر کہ قریب پچاس ہزار سوار کے تھی تاخت لایا اور ظاہر مین اس کا قصد درجہ شہادت کے حصول سے تھا غرض وہ دسون سوار بھی حملہ اول مین قتل ہوئے اور سلطان محمود خلجی خنگ بادپا کو جولان کرکے دریاے حرب مین غوطہ زن ہوا اور اس قدر راجپوتون کو جہنم واصل کرکے کارزار کی کہ راجپوتون نے انگشت حیرت دندان تفکر مین دبائی اور سو زخم اُس کے جوشن پر پہونچے جو کہ دو جوشن اُس کے زیب تن تھے پچاس زخم اُن دونون سے گذر کر اس کے بدن پر پہونچے تھے باوجود اس حال کے غنیم سے منہ نہ موڑا اور جب تک ایک رمق اس مین قوت باقی رہی معرکہ سے قدم پیچھے نہ ہٹایا یہان تک کہ راجپوتون نے ہجوم کیا اور سلطان خانۂ زین سے جدا ہوکر زمین پر آیا راجپوتون نے اُسے پہچانا اور زندہ رانا سنگا کے پاس لے گئے اور راجپوتون کے سردارون نے زبان اُس کی مدح وثنا مین کھولی اور پروانہ وار اُس کے گرد پھرتے تھے اور اس کی بہادری اور شجاعت کی تعریف کرتے تھے اور رانا سنگا بھی اسے مقام مناسب مین بٹھاکر دست بستہ اس کے روبرو ایستادہ ہوا اور شرائط تعظیم اور لوازم تکریم اور خدمتگاری مین تقصیر نہ کی اور سلطان کے زخمون کے معالجہ مین مشغول ہوا اور جو اس روز جنگ مین تمام اثاثہ سلطنت سلطان کا رانا اور راجپوتون کے ہاتھ آیا تھا تاج مرصع سلطان ہوشنگ جو کہ زیب سر محمود شاہ تھا اُس درمیان مین نہ سمجھا زبان اُس کے

طلب مین کھولی سلطان محمود خلجی نے اُسے بھی رانا کے سپرد کیا جب سلطان کے زخمون نے اندمال کیا اور صورت مراد آئینہ تمنا مین مشاہدہ ہوئی رانا شنکا نے لوازم جوانمردی کو کام فرمایا ہزار راجپوت سلطان محمود خلجی کے ہمراہ کرکے بغرت وحرمت تمام شادی آباد مندو مین بھیجا کہ تخت پر بٹھا کر مراجعت کرین سلطان محمود تیسری مرتبہ تخت شادی آباد پر اجلاس کرکے اپنی شکست وریخت مین مشغول ہوا لیکن جو بہت ریاست ممالک مالوہ سے امرا اور باغیون کے تصرف مین تھی اور رعایا حق اطاعت جیسا کہ چاہیے بجا نہ لائی تھی خلل عظیم اس کی بادشاہی مین ظاہر ہوا اور سکندر خان سوائی بہت سے پرگنون پر متصرف ہوکر دم استقلال کا مارتا تھا اور میدنی راے چندیری اور کارون اور دوسری جاگیرین بجنگ تغلب لے کر اطاعت نہین کرتا تھا اور اسی طرح سے اور حکام بھی اطراف اور سرحدون مین قدم اندازہ سے باہر رکھکر ضعف سلطنت کے باعث ہوتے تھے اور سلطان محمود خلجی بخلاف سلطان محمود ماضی انا راللہ برہانہ کے مدار کار سلطنت کو شمشیر پر رکھکر تدبیر اور عقل کو درمیان مین راہ نہ دیتا تھا ۹۲۶ھ نوسو چھبیس ہجری مین سلہدی پوربیہ کے دفع کیواسطے روانہ ہوا اوس نے راجپوت بہت جمع کرکے میدنی راے سے کہ ملک طلب کی اور سارنگ پور کے نواح مین صفوف جنگ آراستہ کرکے سلطان سے بمقابلہ پیش آیا پہلے لشکر اسلام کو متفرق اور پریشان کرکے ظفریاب ہوا اور فوج اس کی تاراج مین مشغول ہوئی سلطان محمود خلجی کہ قطب کے مانند فوج قلیل سے پاے ثبات زمین کین مین قائم رکھتا تھا فرصت پاکر سلہدی پوربیہ پر حملہ آور ہوا اور بدترین وجہ سے اُسے شکست دی اور ہنگام تعاقب چوبیس زنجیر فیل لے کر سارنگ پور کو اُس کے تصرف سے برآوردہ کیا اور سلہدی راجپوت جاگیر قدیم پر قانع ہوکر اظہار اطاعت پر سرگرم ہوا سلطان محمود خلجی نے اُسے غنیمت جان کر دارالسلطنت شادی آباد مین مراجعت فرمائی اور ۹۳۲ھ نوسو بتیس ہجری مین جب امر سلطنت گجرات نے سلطان بہادر شاہ گجراتی سے تعلق پکڑا شاہزادہ چاند خان بن مظفر شاہ گجراتی بھاگ کر شادی آباد مین آیا سلطان محمود خلجی نے جو شاہ مظفر کا رہین احسان تھا اُسکے اعزاز وتکریم مین کوئی دقیقہ از دقائق مروت فروگذاشت نہ کیا اور رضی الملک جو گجرات کے امراے معتبر سے تھا بہادر شاہ کے دبدبہ اور صولت سے بھاگ کر فردوس مکانی ظہیر الدین محمد بابر بادشاہ سے ملتجی ہوا اور بہت اس پر مصروف کی کہ بہادر شاہ کو معزول کرکے چاند خان کو قائم مقام اُس کا کرے اور اسی نیت سے آگرہ سے شادی آباد مندو مین آیا اور چاند خان سے مشورہ کرکے پھر آگرہ مین گیا جب یہ خبر سلطان بہادر گجراتی کو پہونچی ایک خط سلطان محمود خلجی کو لکھا کہ محبت اور اخلاص سے بہت تعجب ہوا کہ حرام خوار کو آپ نے چھوڑ دیا ہے کہ چاند خان کے پاس آن کر فتنہ انگیزی کرکے پھر آگرہ مین جاوے اتفاقاً رضی الملک از کان دولت فردوس مکانی سے کچھ کلام کرکے دوبارہ شادی آباد مندو مین آیا اور پھر پلٹ کر آگرہ مین گیا لیکن اس مرتبہ شاہ بہادر کچھ زبان پر نہ لایا بلکہ سلطان محمود خلجی کی فکر مین ہوا جو زوال دولت خلجیہ آپہونچا تھا

سلطان محمود خلجی اُس کے تدارک کی فکر مین نہوا اور جس وقت رانا سنگا کی خبر فوت پہونچی اور اُس کا بیٹا رتنسی قائم مقام ہوا سلطان محمود نے شرزہ خان کو بھیجکر بعضے قصبات جیپور کو تاخت وتاراج فرمایا اور رتنسی جو کم توجہی اور رنجش سلطان بہادر کی سلطان محمود خلجی کی نسبت سمجھ چکا تھا لشکر فراہم لاکر مالوہ کی طرف متوجہ ہوا جب یہ خبر سلطان محمود کو پہونچی اس کے مقابلہ کو روانہ ہوا اور اُجین سے گذر کر کے سارنگ پور گیا جو سکندر خان فوت ہوا تھا اُس کے منجھولے فرزند معین خان کو کہ دراصل وہ بیٹا روغن فروش کا تھا سو اس سے مدد کے واسطے طلب کر کے سند عالی خطاب دیا اور سراپردہ سرخ جو بادشاہون کے لیے مخصوص تھا اس کو عطا کیا اور سلہدی پوربیہ کو بھی رایسین سے بلایا اور چند پرگنے اُس کی جاگیر قدیم پر اضافہ فرمائے اور سلہدی پوربیہ سلطان محمود خلجی سے متوہم ہوکر باتفاق معین خان کے رتنسی رانا کے پاس گیا اور وہان سے معین خان اور بھوپت ولد سلہدی پوربیہ دونون نے ہمراہ ہوکر سنبلہ کے موالی مین شاہ بہادر گجراتی کے دربار مین جاکر اپنے ولی نعمت کی شکایت تحفہ مجلس کی سلطان محمود مضطرب ہوا اور دریا خان لودھی کو سلطان بہادر گجراتی کے پاس بھیجکر پیغام دیا کہ حقوق اس سلسلہ کے مجھپر بہت ہین اور مسافت تھوڑی باقی رہی چاہتا ہون حضور مین پہونچکر مبارکباد سلطنت کہون سلطان بہادر نے جیسا کہ اُس کے وقایع مین مذکور ہوا جواب آدمیانہ دیا اور بکوچ متواتر آب کرجی کے کنارہ پہونچکر نزول کیا اور اس منزل مین رتنسی اور سلہدی پوربیہ سلطان بہادر شاہ کی خدمت مین حاضر ہوئے اور سلطان محمود سے شکایت کی اور رتنسی اسی منزل سے رخصت ہوکر اپنے مقام مین گیا اور سلہدی سلطان بہادر کی اُردو مین کہ امیدوار سلطان محمود کے آنے کا تھا متوقف ہوا اور سلطان محمود تیشۂ ناکامی اپنے پاے دولت مین مارکر ملاقات کے ارادہ سے پشیمان ہوا اور سکندر خان کے نوکرون کے دفع کرنے کے بہانہ سے سواس کی طرف روانہ ہوا اثناے راہ مین ایک دن شکار مین مشغول ہوکر گھوڑے سے گرا کہ اُس کا داہنا ہاتھ ٹوٹ گیا اسے فال بد سمجھکر فتح غربت کی اور شادی آباد مندو مین جاکر قلعہ داری کے سامان مین مصروف ہوا **بیت** چو تیره شود مردرا روزگار ۔ ہمہ آن کند کش نیاید بکار ۔ سلطان بہادر گجراتی سلطان محمود کی ملاقات سے مایوس ہوکر شادی آباد مندو کی سمت راہی ہوا اور ہر منزل مین سلطان محمود خلجی کے ملازم فوج فوج آن کر اُس کے شریک ہوتے تھے اور شرزہ خان حاکم دہار بھی اُس سے موافق اور ملحق ہوا اور جب ظفرآباد نلچہ مین پہونچا قلعہ کو محاصرہ کر کے مورچے تقسیم کیے اور سلطان محمود خلجی تین ہزار آدمی سے قلعہ مین متحصن ہوا ہر شب ایک بار جمیع مورچون پر پہونچتا تھا اور سلطان غیاث الدین کے مدرسہ مین استراحت فرماتا تھا جب اسے اہل قلعہ کا نفاق معلوم ہوا مدرسہ سے اپنے محلون مین جاکر عیش وطرب مین مشغول ہوا اور بعضے نیک اندیشہ اس بارہ مین جو اسے سمجھاتے تھے کہ یہ عیش کا کیا محل اور موقع ہے اُنھین یہ جواب دیتا تھا کہ اب انفاس دابسین کا سامنا ہے

چاہتا ہون اُنھین عیش و عشرت مین بسر کرون پھر شعبان کی نوین تاریخ ۹۳۷ھ نو سو سینتیس ہجری مین صبح صادق کے وقت نشان دولت بہادر شاہی افق قلعہ سے طالع ہوا اسی وقت چاند خان جو مایۂ فساد و نزاع تھا قلعہ سے نکلکر دکن کی سمت بھاگا اور سلطان محمود خلجی مسلح ہوکر مع ایک جماعت قلیل بہادر شاہ کے مقابل آیا اور طاقت مقابلہ کی اپنے مین ندیکھکر پلٹ گیا اور جو آفتاب دولت خلجیہ نے اوج بلندی سے پستی کی طرف میل کیا تھا باوجود فرصت اور قدرت قلعہ سے ولایت کے درمیان نہ گیا اور ہزار سوار لے کر اپنے حرم کے قتل پر آمادہ ہوا بیت چو بخت کسے رو نہد در زوال ۔ پنجہ ے گر آید کہ گردد وبال ۔ لیکن جس وقت محلون مین پہونچا ایک جماعت مانع ہوئی اور یہ فہایش کی کہ بہادر شاہ گجراتی تمھاری حفظ ناموس مین جیسا کہ چاہیئے کوشش کرے گا بہتر یہ ہو کہ قلعہ سے باہر نکل جاوین اور لشکر جمع کرکے دشمن کے دفع مین مشغول ہوین یہ ذکر ہوتا ہی تھا کہ بہادر شاہ گجراتی محلات کے گرد آپہونچا اور لعل محل کے کوٹھے پر برآمد ہوکر آدمی سلطان محمود کی طلب مین بھیجا سلطان اپنے سردارون کو چھوڑکر مع سات سوار بہادر شاہ کے پاس آیا سلطان بہادر شاہ نے اس کی تعظیم کے واسطے قیام کرکے معانقہ کیا اور سلطان محمود بہادر شاہ کے بیٹھنے کے بعد کچھ درشتی کرکے خاموش ہوا لیکن علامت تغیر بہادر شاہ کے بشرہ پر ظاہر ہوئی اور وہ حرف کہ اُس کی زبان پر آیا یہ تھا کہ امرا کو ہم نے امان دی وہ سب اپنے مکان پر جاوین اور بعضے نسخون مین نظر سے گذرا کہ سلطان بہادر شاہ گجراتی بمقام عفو مین تھا جب سلطان محمود نے درشتی کی تب حکم حبس فرمایا اور جمعہ کے روز سنبرون پر شادی آباد مندو کے خطبہ پڑھا اور سنیچر کی رات کو سلطان محمود کے پانوٗن مین زنجیر ڈالکر مع سات بیٹون کے آصفخان کے حوالہ کیا کہ قلعہ جنیا نیر مین محبوس کرے وہ لے کر روانہ ہوا اور اثنائے راہ مین ماہ شعبان کی چودھوین شب کو دو ہزار پھل اور کوئی منزل دھور مین آصف خان کے اُردو پر شبخون لے گئے اور اُسی لحظہ سلطان محمود نے نماز سے فارغ ہوکر سر بالین پر رکھا تھا کہ شور اور غوغا بلند ہوا جب بیدار ہوا بقصد گریز اپنے پانوٗن کی زنجیر توڑی اس درمیان مین نگہبان واقف ہوگئے اور اس خوف سے کہ مبادا اس کے ہوادار شبخون لائے ہین اور یہ ان سے ملحق ہوکر مملکت مین فساد برپا کرے اُسی ساعت شہد بلا اس کے حلق زندگی مین ڈال کر شہید کیا آصف خان نے علی الصباح اُسے غسل و کفن دے کر اسی مکان مین حوض دھور کے کنارہ مدفون کیا اور اُس کے بیٹون کو محمد آباد جنیا نیر مین قید کیا اور عرصہ قلیل مین محمد شاہ بن ناصر الدین کے سوا جو بابر شاہ کی ملازمت مین رہتا تھا اس خاندان سے کوئی وارث نرہا سلطنت خلجیہ مالوہ آخر ہوئی اور دولت اُن کے سلسلہ کی حکام مملکت گجرات مین منتقل ہوئی یہان تک کہ ۹۴۳ھ نو سو اکتالیس ہجری تک حکومت اُس دیار کی اس جماعت کے قبضۂ اقتدار مین رہی بعد اُس کے جیسا کہ مذکور ہوگا تھوڑے دن دست بدست ہوکر ۹۶۸ھ نو سو اڑسٹھ ہجری مین اکبر شاہ کے قبضۂ قدرت مین ٹھہری اور بزرگون

نے سچ فرمایا ہی کہ دنیا مکارہ ہی سیاہ چشم اور بدکارہ ہی سفید چشم گندم نما ہی جو فروش اور عجوزہ ہے پرنیان پوش طالب اُس کا ابتدا مین خود رفتہ اور بیہوش رہتا ہی اور آخر کو غم واندوہ مین مبتلا ہوکر شور وخروش کرتا ہی ابیات

مشعبد جہانیست فرتوت سر	کند کار دیگر نماید دگر	بخواند بہر در براند بہ کین
بود کار او جادوان این چنین	ندانی چو خواندت کجا خواندت	ندانی چو راندت کجا راندت
نہ اول بکام تو بود آمدن	نہ آخر بہ کام تو باشد شدن	نہ بر کام دل زیستن چون توان
	میان دو ناکامی اندر جہان	

تذکرہ زوال دولت خلجیہ مالوہ اور بیان اس ملک پر سلطان بہادر شاہ گجراتی وغیرہ کے تسلط اور غلبہ کا

اس طرح مرقوم خامۂ تحقیق ہوا کہ بعد سلطان محمود خلجی کے سلطان بہادر شاہ گجراتی نے مملکت خلجیہ پر غلبہ پایا اور امرائے مالوہ کو جو مقام اطاعت اور دائرۂ فرمانبرداری مین تھے انھین الطاف خسروانہ سے سرفراز اور ممتاز فرمایا اور سلہدی پوربیہ نے اس لیے کہ وہ سب سرداروں سے پیشتر اُس کی ملازمت مین حاضر ہوا تھا اجین اور سارنگ پور اور رایسین جاگیر پائی اور آخر کو جیسا کہ طبقۂ گجراتیون مین بیان ہوا بہادر شاہ کے چنگ غضب مین گرفتار ہوا اس نے قلعہ رایسین مین اپنے تئین ہلاک کیا اور اُس کا بیٹا بھوپت حضور سے بھاگا سلطان بہادر شاہ نے اجین دریاخان لودھی کو اور رایسین عالم خان حاکم کالپی اور شادی آباد اختیار خان کو تفویض کرکے محمد آباد جنبانیر کی طرف عازم ہوا بعد اس کے جنت آشیانی نصیر الدین محمد ہمایون بادشاہ نے جس وقت کہ گجرات کو فتح کرکے زیر نگین کیا بہادر شاہ گجراتی بندر دیپ کی سمت بھاگا آنحضرت نے شادی آباد مندو مین آن کر خطبہ اپنے نام پڑھایا اور اپنے متعلقون کے سپرد کیا چنانچہ مذکور ہوا جب آگرہ مین تشریف لے گیا ملوخان بن ملوخان کہ غلامان خلج اور امرائے کبار سے تھا زور لایا اور بعد ایک سال کے لشکر چغتائی کے قبضۂ سے برآوردہ کرکے اپنا نام قادر سلطان رکھا اور قصبہ بھیلسہ سے آب زبدہ تک متصرف ہوا اور خطبہ اپنے نام پڑھا اور بھوپت اور پورنمل جو سلہدی پوربیہ کے بیٹے تھے قلعہ جیسور سے برآمد ہوکر قلعہ رایسین اور اُس نواح کو اپنے قبضہ مین لائے اور اطاعت سلطان قادر کی کرکے پیشکش بھیجی اور رفتہ رفتہ یہ نوبت پہونچی کہ شیر خان افغان سور نے ایسے وقت مین کہ جنت آشیانی نصیر الدین محمد ہمایون بادشاہ اُس کے دفع کرنے مین مشغول تھا بنگالہ سے ایک فرمان پیشانی پر مزین بمہر وطغرا کرکے بھیجا مضمون اُس کا یہ تھا کہ جب سپاہ مغل بنگالہ مین آگئی ہی تو طریقہ اخلاص مقتضی ہی کہ آنغریز آگرہ کی طرف متوجہ ہووین یا فوج بھیجکر آگرہ کے اطراف

مین خلل اندازی کرین تو مغل سراسیمہ اور بدحواس اس ملک سے دست کش ہو دین اور رہین ملک کشائی کی فرصت ہووے قادر شاہ شیر شاہ سور کے فرمان لکھنے سے آشفتہ ہوا اور اپنے منشی سے یہ فرمایا کہ تو بھی اس کے درجواب فرمان لکھکر اس پر ہماری مہر ثبت کرکے روانہ کر منشی نے اُس حکم کے موافق عمل کیا یعنی فرمان لکھکر مہر پیشانی پر کرکے روانہ کیا اس صورت مین سیف خان دہلوی کہ اُس کا ندیم تھا اور ہمیشہ از روے گستاخی باتین راست بے تکلف عرض کرتا تھا وہ عرض پیرا ہوا کہ شیر خان بالفعل بادشاہ بنگالہ اور جون پور ہی اور اس قدر سپاہ اور شوکت رکھتا ہی کہ شاہ دہلی کے مقابلہ کو آیا ہی اگر وہ آپ کو فرمان لکھکر مہر اُس پر ثبت کرے بجا ہی قادر شاہ نے جواب دیا کہ اگر وہ بادشاہ بنگالہ اور جون پور کا ہی مین بھی افضال ربانی اور توفیق سبحانی سے مملکت مالوہ کا بادشاہ ہون جبکہ وہ ہم سے طریق ادب جاری نہین رکھتا ہمین کیا ضرور ہی کہ اس سے بفروتنی پیش آوین اور اُس کی حرمت کی رعایت رکھین بعد اس کے کہ فرمان قادر شاہ کا شیر شاہ کے ملاحظہ مین گذرا وہ نہایت طیش کھاکر آزردہ ہوا اور مہر کاغذ سے اکھاڑکر یادگاری کے واسطہ غلاف خنجر مین نگاہ رکھی اور یہ کہا کہ انشاء اللہ تعالے ملاقات اور حضوری کے وقت سبب اس گستاخی کا استفسار کیا جاوے گا اور بعد اس کے جبکہ شیر شاہ بادشاہ دہلی ہو گیا اور سواد اعظم ہندوستان اپنے تصرف مین لایا تا سنہ ۹۴۹ نو سو انچاس ہجری مین بہ قصد تسخیر مملکت مالوہ نہضت فرمائی جب وہ سارنگ پور کے اطراف مین پہونچا قادر شاہ اُس بے ادبی سے زیادہ تر ہراسان ہوکر انجام کی فکر مین ہوا سیف خان دہلوی کہ مصاحب اُس کا تھا اُس نے یہ نہائش کی کہ جو آپ اس کے مقابلہ کی طاقت نہین رکھتے مناسب یہ ہی کہ آپ بحتاج استعجال یکایک جاکر اُس سے ملاقات کرین قادر شاہ کو یہ راے پسند آئی اجمین سے بطور یلغار سارنگ پور کی طرف روانہ ہوا اور شیر شاہ سور کے دربار مین پہونچا دربانون نے حقیقت حال عرض کی شیر شاہ افغان نے اُسے اپنے روبرو طلب کرکے خلعت خاص سے سرفراز کرکے نظر الطاف اس پر حد سے زیادہ مبذول فرمائی اور پوچھا کہ کہان فروکش ہوا ہی کہا فلان مقام مین پھر شیر شاہ نے اپنا پلنگ خاص مع جامہ خواب اور اسباب توشک خانہ عنایت فرمایا اور پھر دوسرے دن کوچ کرکے اجمین کی طرف متوجہ ہوا اور شجاعت خان کہ اُس کے مقربون سے تھا اُسے حکم دیا کہ مہمان عزیز کی میزبانی سے خبردار رہنا اور اُسے جس شی کی ضرورت ہو سرکار سے دینا اور جب وہ خطہ اجمین مین پہونچا شیر شاہ افغان نے سلطان قادر کے بخلاف توقع طمع اس ملک کی کی اور اُسی وقت سرکار لکھنوتی اُسے دے کر حکم کیا کہ اپنے عیال اور متعلقون کو وہان بھیجکر خود ہماری خدمت مین رہے قادر شاہ صحبت نئی اور رنگ تازہ دیکھکر ناچار اپنے عیال و اطفال کو اجمین سے برآوردہ کرکے اس باغ مین جو اُردو اور قصبہ کے درمیان تھا فروکش ہوا اور اسی چند روز مین معین خان سکندر خان میواتی کے منھ بولے فرزند نے بھی آن کر شیر شاہ کی ملازمت کی اور سکندر خان خطاب پاکر جاگیر لائق سے سرفراز ہوا ایک روز قادر شاہ اپنے مکان سے شیر شاہ کے دربار مین

جاتا تھا اثنائے راہ مین چند مغلون کو جنھین پٹھانون نے اسیر کیا تھا دیکھا کہ بیلداری اور گلکاری مین مشغول کرکے ہمیشہ اُس کی اُردو کے گرد خندق بناتے ہین اور جب سلطان قادر شاہ اُن کے قریب سے گذرا ان مین سے ایک شخص نے یہ مصرع پڑھا **مصرع** مرا ہے بین بدین احوال و فکر خویشتن مسکین قادر شاہ متنبہ ہوا اور اپنے دل مین یہ اندیشہ کیا کہ اگر تو بھی شیر شاہ کی ہمراہی اور رفاقت مین رہے گا یقین ہے کہ تجھے بھی بیلداری اور گلکاری کا حکم فرماویگا بہتر یہ ہے کہ اس کی رفاقت ترک کیجئے اور جان چھڑا تیشہ اپنے پانؤن پر نہ مارئیے اس کے بعد بھاگنے کی فکر مین ہوا شیر شاہ نے فوراً یہ امر دانائی سے دریافت کیا اور شجاعت خان سے فرمایا کہ قادر شاہ کے حرکات اور سکنات بجاے مین نہایت آزردہ ہون اور مین خوب جانتا ہون کہ وہ مجھ سے وفا نکرے گا لیکن جو کہ وہ بے طلب میری ملازمت مین حاضر ہوا ہے اس واسطے مین اُسے گوشمالی نہین دے سکتا اب اس سے کچھ نہ کہو خواہ وہ خواہ بھاگ جاوے بعدہٗ اُسے گرفتار کرکے اُس گناہ پر مواخذہ کرین قضارا قادر شاہ فرصت پاکر بھاگا شیر شاہ نے ایک جماعت اس کے تعاقب مین نامزد فرمائی اور وہ اُن کے ہاتھ نہ آیا آخر پلٹ آئی شیر شاہ نے بدیہہ یہ مصرع پڑھا **مصرع** باما چہ کرد دیدی ملو غلام گیدی + اور شیخ عبدالحی بیٹا شیخ جمالی شاعر کا کہ شیر شاہ کے مصاحبین مین منتظم تھا اُس نے دوسرا مصرع کہا **مصرع** تو لیست مصطفے

رالا خیر فی عید شیر شاہ افغان نے قادر شاہ کے بھاگنے کے بعد چند روز اجین مین مقام کرکے ولایت مالوہ کو امرا پر قسمت کیا اور قصبہ اجین اور سارنگ پور اور دیگر پرگنے شجاعت خان کو جاگیر دے کر اُس مملکت کا سپہ سالار کیا اور خود کوچ کرکے قلعہ رسن پور کی طرف روانہ ہوا اور دہلی سے لاہور تک دو دو کوس کے فاصلہ پر سرائین اور مسافر خانہ تیار کرکے حکم کیا کہ مسافرون کو کھانا دیتے رہین اور جو شیر شاہ نے قادر شاہ کے مفرور ہونے کے بعد اس خیال سے کہ ایسا نہو سکندر خان بھی بھاگ جاوے اُسے قید کیا تھا اُس وقت نصیر خان اس کا بیٹا سیواس سے لشکر جمع کرکے شجاع خان کی طرف متوجہ ہوا اور اپنے اعوان اور انصار سے یہ بات کہی کہ تم شجاع خان کو کسی ڈھب سے زندہ گرفتار کرو تو ہم اوسے سکندر خان کے عوض قید رکھین اور اس تقریب سے اُسے زندان ستم سے رہا کرائین ہنگام اشتعال نائرہ قتال نصیر خان اور اُس کے بعضے نوکرون اور مصاحبون نے اپنے تئین شجاع خان کے پاس پہونچایا اور اس کا گریبان اور بال پکڑ کر کشان کشان اپنی فوج مین راہی ہوئے اس درمیان مین مبارک خان شیروانی نے اس حال سے آگاہ ہوکر بشجاعت اور تردد مردانہ شجاع خان کے پاس پہونچکر اسے رہا کیا لیکن اس کوشش اور کشش مین ایک پانؤن اُس کا ساق سے جدا ہوا اور جب ضعف اس پر غالب ہوا گھوڑے سے گرا نصیر خان کے آدمیون نے ہجوم لاکر اس کا سر تن سے جدا کیا چاہتے تھے کہ راجہ پرام گوالیار کا راجہ باتفاق راجپوتان تاخت کرکے اس پر چڑھا نصیر خان جو کچھ حق تردد اور مردانگی تھا بجالایا جو کہ فتح و نصرت کوشش سے میسر نہین ہوتی ہزیمت پائی اور ولایت

کونڈواڑہ مین پناہ لی اور شجاع خان کو کہ پانچ چھ زخم منھ اور بازو اور گردن پر رکھتا تھا چادر مین ڈال کر دارہ مین لے گئے ابھی اس کی زخم دوزی اور مرہم پٹی نہوئی تھی کہ حاجی خان حاکم دھار کا خط اس مضمون کا آیا کہ قادر شاہ مع جمعیت وافر پانسو سوار سے میرے مقابلہ کو آیا ہی اور آج کل مین آتش حرب شعلہ زن ہوا چاہتی ہی شجاع خان یہ سنتے ہی اُسی وضع سے پالکی مین بیٹھکر بطور تاخت دھار کی طرف متوجہ ہوا اور آخر رات کو اپنے تئین مع ڈیڑھ سو سوار حاجی خان کی اُردو مین پہونچایا اور حاجی خان کو کہ سوتا تھا بیدار کرکے اُسی وقت بنیاد جنگ قائم کی اور قادر شاہ کو شکست دے کر اس طرح گجرات کی طرف بھگایا کہ دوبارہ اُسے جنگ کا حوصلہ باقی نرہا اور شجاع خان کی روز بروز قوت اور شوکت بڑھنے لگی اور تمام سرزمین مالوہ بلا جنگ اس کے تصرف مین آئی اور جب شیر شاہ افغان سور نے قلعہ کالنجر مین سرمایۂ حیات کو آتش فنا سے جلایا سلیم شاہ افغان سور اُس کا قائم مقام ہوا اور وہ ہر چند کہ شجاع خان سے ناراض اور مکدر تھا اس کی طرف سے دل صاف نرکھتا تھا لیکن جو دولت خان منھ بولا فرزند شجاع خان کا مقرب درگاہ اور نہایت قرب اور منزلت رکھتا تھا اس کی دلجوئی کے واسطے التفات ظاہری سے دریغ نکرتا تھا اور اپنے باپ کے عہد کے موافق اس ملک کی زمام مہام اُس کے سپرد کرکے اس کے اعزاز و احترام مین کوئی دقیقہ فروگذاشت نکرتا تھا یہان تک کہ عثمان خان نام ایک شخص ایک روز شراب پیکر دیوانخانہ مین اور حالت نشہ مین متواتر آب دہن فرش پر گرایا فراش مانع ہوا عثمان نے ایک طمانچہ اس کے منھ پر مارا اس سبب سے شور و غوغا بلند ہوا اور جب یہ ماجرا شجاع خان کے گوش زد ہوا فرمایا کہ اس سے چند گناہ سرزد ہوے ہین اول یہ کہ اس نے شراب پی دوسرے اُس حالت مین دیوانخانہ مین آیا تیسرے فراش کو مارا یہ کہکر اُس کے دونون ہاتھ قطع کرکے چھوڑ دیا عثمان خان زندہ رہا اور گوالیار مین کہ سلیم شاہ افغان سور کا دارالحکومت تھا جاکر یہ ماجرا عرض کیا سلیم شاہ نے کچھ جواب نہ دیا اور بعد ایک مدت کے جب شجاع خان گوالیار مین گیا عثمان خان دوبارہ دادخواہ ہوا سلیم شاہ سور نے اُس سے یہ بات کہی کہ تو خود جاکر اپنا انتقام لے منقول ہی کہ جب یہ خبر شجاع خان کو پہونچی نہایت آزردہ ہوا اور کلمات بیجا اور حرف ناملائم خان کی نسبت زبان پر لایا غرضکہ ایک دن پالکی پر سوار ہوکر قلعہ گوالیار مین سلام کے واسطے جاتا تھا جب بتیا پول کے دروازہ پر پہونچا دیکھا کہ عثمان خان اپنے تئین پارچہ کہنہ مین لپیٹے ہوے ایک دوکان مین بیٹھا ہی شجاع خان نے چاہا کہ اُس کا احوال پوچھے اور دلاسا دیوے کہ ناگاہ عثمان خان نے دوکان سے کود کر بہ نہایت چالاکی ایک ضرب شمشیر شجاع خان کے بدن پر رسید کی شجاع خان کے سپاہیون نے جو سنگان کے ہمراہ اردلی مین جاتے تھے فی الفور اُسے گرفتار کرکے قتل کیا پھر دیکھا کہ اس نے ایک ہاتھ لوہے کا بناکر بجاے دست مقطوع نصب کرکے اُسی دست جعلی سے ایک ضرب ماری تھی شجاع خان پلٹ کر اپنے مکان پر گیا اور اس کے بیٹون اور عزیزون نے اس کی قبا برآوردہ کرکے دیکھا کہ اُسکے

بائین پہلو پر زخم خفیف پہونچا ہی اور سبب اس کا یہ تھا کہ عثمان خان کا ہاتھ قوت نرکھتا تھا زخم اوچھا پڑا تھا لوگوں نے دیکھکر شور و غوغا بلند کیا اور سلیم شاہ کو کنایۃ برا بھلا کہنے لگے سلیم شاہ اس ماجرے سے آگاہ ہوا اور اعیان دولت کو اول مزاج پرسی کے واسطے بھیجا اور خود بھی ارادہ کیا کہ عیادت کو جاوے شجاع خان کو خبر ہوئی آنے سے مانع ہوا اس واسطے کہ وہ جانتا تھا کہ میرے عزیز و اقارب اور مصاحب عثمان خان کی جرأت کو جو ظہور مین آئی ہی سلیم شاہ سور کی تحریک اور اغوا پر گمان کرتے ہین ان کی بیباکی اور بے اعتدالی سے اندیشہ کرتا تھا کہ مبادا فساد برپا کرین اور قصہ طول کھینچے سلیم شاہ سور کو یہ پیغام بھیجا کہ بندہ غلام اور خانہ زاد قدیم ہی اور سب پر یہ امر ظاہر ہی کہ کمترین نے اپنی جان کا لحاظ درپاس نہ کیا فقط چھتیس آدمیون کے اتفاق سے آپ کا علم دولت بلند کیا اور آپ بھی اگر زندہ بچا ایک نہ ایک روز آپ کے کام آؤنگا میری عرض یہ ہی کہ آپ قلعہ سے برآمدہ ہون انشاء اللہ تعالے بعد صحت بندہ خود ملازمت مین حاضر ہوگا اور جو شجاع خان سلیم شاہ کا رکن اعظم تھا اور حقوق خدمت بہت رکھتا تھا سلیم شاہ اگرچہ شجاع خان اس کے امرار کے طرز کلام سے سمجھ گیا تھا کہ وہ کیا کہتا ہی لیکن تحمل کیا اور دوسرے دن اُس کی پرسش کو خود گیا اور فتح خان شجاعخان کا سالا اور اس کے لڑکون کا ماموں جو نہایت قوی اور شجاع تھا اور کوئی شخص قوت جسمانی سے اس کا پنجہ نہ بچیر سکتا تھا اس نے جب دیکھا کہ سلیم شاہ سراپردہ کے قریب تنہا آیا ہی مار دم بریدہ کی طرح اُس نے پیچ و تاب کرکے ارادہ غدر کا کیا اور شجاع خان کے بڑے بیٹے سے کہ جس کا نام میان بایزید اور مشہور بازبہادر تھا یہ ایما و اشارہ اس مقدمہ مین مشورہ کیا چنانچہ وہ بھی اس امر مین شریک ہوا اور شجاع خان نے اس حال سے اطلاع پائی تو فتح خان کو اس بہانہ سے کہ گھوڑے پیشکش کے واسطے تیار کرے باہر بھیجا اور بعد ایک لحظہ کے سلیم شاہ سے التماس سعادت کی یعنے آپ یہان سے تشریف لے جائے اور یہ بھی کہا کہ پھر تصدیع نہ کیجئے گا بندہ ملاحظہ کرتا ہی کہ مبادا حقوق خدمت سالہا سال کے ضائع ہون اور علم دولت کا کہ اس محنت سے برپا ہوا ہی سرنگون ہووے الغرض شجاع خان نے چند روز کے بعد غسل کیا اور صدقے اور نذرین بہت مستحقون کو دے کر دوسرے دن سلیم شاہ کے سلام کو گیا چنانچہ سلیم شاہ نے سو گھوڑے اور سوبقچہ قماش نفیس نبگالہ کے اُسے انعام دیئے اور نہایت الطاف ظہور مین پہونچایا اور شجاع خان اس تملقات یعنے ظاہرداری کو نفاق سمجھکر اس مجلس کو جس طور سے ممکن ہوا بسر لے گیا اور اپنی منزل مین جاکر نوکرون سے یہ بات کہی کہ یہان سے اسباب اپنا لادکر کوچ کی طیاری کرو کہ ہم دوسرے مقام مین فروکش ہون گے یہان غلاظت اور عفونت بہت ہوگئی ہی بعدہ جب تمام ہمراہی اسباب لادکر مسلح ہوئے کوچ کا نقارہ بجاکر سوار ہوا گوالیار سے سارنگ پور کی طرف متوجہ ہوا اور سلیم شاہ افغان سور یہ حال مشاہدہ کرکے غضب مین آیا اور کچھ سپاہ اُس کے تعاقب مین تعین فرمائی اور سامان لشکر درست کرکے خود بھی اس کے پیچھے روانہ

ہوا اور شجاع خان سارنگ پور مین پہونچکر فوج کی فراہمی مین مصروف ہوا جب سنا کہ سلیم شاہ آتا ہی تغیر مکان کے اندیشہ مین ہوا لیکن بعضے آدمیون نے جنگ کی رغبت کی اُسنے جواب دیا کہ سلیم شاہ میرا ولی نعمت زادہ ہی مین اس سے ہرگز مقابلہ نکرونگا اور کوئی شخص میرے رفقا سے اس امر کا ارادہ نکرے جب سلیم شاہ بہت قریب آیا شہر سے برآمد ہوا اور اپنے اعیال واطفال لے کر مانسوا کی طرف گیا سلیم شاہ مالوہ کو اپنے تصرف مین لایا اور عیسی خان سور کو مع بیس زنجیر فیل اور دو ہزار سوار کے بلدۂ اجین مین چھوڑکر خود گوالیار کی سمت مراجعت فرمائی اور شجاع خان نے باوجود قدرت اور استعداد کسی طرح کی مضرت ولایت مالوہ مین نہ پہونچائی اور سلیم شاہ افغان نیازی کے فساد کے سبب سے لاہور کی روانگی کا ارادہ رکھتا تھا دولت خان جو سلیم شاہ کا معشوق تھا اُس نے شجاع خان کے عفو گناہ کی استدعا کرکے شجاع خان کو دربار مین بلاکر ملازمت سے سرفراز کرایا سلیم شاہ نے قلم عفو اس کے جرائم پر کھینچا اور ایک سو ایک گھوڑا اور خلعت اور ایک دست طشت اور آفتابہ طلائی مرحمت کیا اور ولایت رایسین اور سارنگ پور اور بعضے محال اور بھی اسے جاگیر دے کر سپہ سالار کیا اُس کے بعد سلیم شاہ قضاے الٰہی سے مرگیا اور مبارز خان عدلی اس کا قائم مقام ہوا اس نے بھی بدستور سابق ولایت مالوہ شجاع خان کے قبضۂ اقتدار مین سونپی شجاع خان نے وہ مملکت اپنے فرزندون اور اعوانون پر تقسیم کی اجین اور نولاہی دولت خان کو اور آجالا اور رایسین اور بھیلسہ ملک مصطفے اپنے چھوٹے بیٹے کو ارزانی رکھا اور خود سارنگ پور مین دیوار امن پر پشت دے کر بیٹھا اور جب ایک مدت منقضی ہوئی سلطنت دہلی نے خلل قبول کیا اور ہر شخص نے گوشہ مین پناہ لی تو شجاع خان نے طرز شاہانہ اختیار کرکے چاہا کہ خطبہ اور سکہ اپنے نام جاری کرون لیکن فلک نے فرصت ندی اس کے چند روز کے بعد یعنی آخر ۹۶۲ھ نو سو باسٹھ ہجری مین اس جہان فانی سے رحلت کی اور اسکا بڑا بیٹا بایزید جس کا خطاب بازبہادر تھا قائم مقام ہوا شجاع خان کی مدت حکومت اول سے آخر تک بارہ برس تھی اور قصبہ شجاول پور کہ اجین کے قریب ہی اسی کا آباد کیا ہوا ہی اور بھی آثار اور یادگار اُسکے مالوہ مین بہت ہین

بیان بازبہادر کے تخت مالوہ پر بیٹھنے اور تذکرہ اُس کی گرفتاری کا امراے اکبری کے ہاتھ مین

شجاع خان کے بعد نوت اُس کا بڑا بیٹا ملک بایزید ہندویہ سے سارنگ پور مین پہونچا اور آثار شہ حشمت اور سلطنت پدر پر متصرف ہوا دولت خان اس کے ساتھ بمقام مکابرہ پیش آیا جو کہ وہ سلیم شاہ کے نزدیک معزز اور محترم تھا تمام لشکر مالوہ اُس کے ہواخواہ ہوئے میان بایزید نے اپنی والدہ کو مع ایک جماعت مردم عزیز کے دولت خان کے پاس بھیجا تو آپس مین مصالحہ کرکے صفائی بہم پہونچادین بعد گفت وشنود بسیار یہ مقرر ہوا کہ سرکار اجین اور مندسور اور بعضے اور محال پر دولتخان متصرف ہووے اور سارنگ پور اور سیوا اس اور سرونج اور برامہ اور بھلوارہ اور محال خالصہ

شجاع خان میان بایزید کے متعلق ہون اور سرکار رائیسین اور بھیلسہ اور محال جو اس نواح مین واقع ہین اسپر ملک مصطفےٰ قابض ہووے پھر بعد تقریر صلح میان بایزید بقصد غدر راوجین کی طرف متوجہ ہوا اور آدمیون کے درمیان مین کہتا تھا کہ مین ماتم پرسی کے واسطے میان دولت خان کے پاس جاتا ہون اور دولت خان خون گرفتہ اُس کے غدر سے غافل تھا آخر اس کے ہاتھ سے مارا گیا اور سر اُس کا سارنگ پور مین بھیجکر دروازہ پر آویزان کیا اس وقت اکثر بلاد مالوہ پر متصرف ہوا اور شہور ۹۶۳ نو سو ترسٹھ ہجری مین چتر اپنے سر پر بلند کرکے خطبہ اپنے نام پڑھایا اور اپنا نام باز بہادر شاہ رکھا پھر اس صوبہ کا انتظام کرکے رائیسین کے سمت متوجہ ہوا ملک مصطفےٰ خان کہ شجاعت مین خصوصیت رکھتا تھا مقابل آیا اور محاربات متعدوہ کے بعد منہزم ہوا اور رائیسین اور بھیلسا بھی بازبہادر کے تصرف مین آیا اس کے بعد کدوالہ کی جانب متوجہ ہوا اور جو اس کے بعضے سردار سلوک ناہموار کرتے تھے اُس وقت اُنھین گرفتار کرکے کنوئین مین ڈالکر ہلاک کیا اور خود کدوالہ والون کیطرف متوجہ ہوا اور بعد تردد کوشش بسیار اُسے بھی فتح کیا لیکن جن دنون محاصرہ اور محاربہ مین مشغول تھا ایک گولی فتح خان کے جو باز بہادر کا ماموں تھا لگی اس کے صدمہ سے جانبر نہوا باز بہادر نے اُس کی جگہ اس کے بیٹے کو مقرر کرکے عزیمت سارنگپور کی کی اور چند روز کے بعد بہ قصد راجہ کنبھکہ مع لشکر آراستہ متوجہ ہوا جب اُس کی فوج کشی کی خبر رانی درگاوتی کو جو راجہ کنبھکہ کی زوجہ تھی اور وہ اپنے خاوند کے بعد قوت حکومت کرتی تھی پہونچی کوندالون کو جمع کرکے پہاڑ کی گھاٹی پر پڑاؤ ڈال کر جنگ کی بنیاد ڈالی اور جو رانی کے پیادے زیادہ مورد ملخ سے تھے اطراف وجوانب سے تاخت لاکر باز بہادر کی اُردو کو گھیر لیا باز بہادر حیران ہوکر پسپا ہوا اور تمام ساز وسلب اور مردم نامی اور کارآزمودہ اس کے رانی کے ہاتھ اسیر آئے اور اکثر مارے گئے اور باز بہادر نے بہزار محنت ومشقت آپ کو سارنگ پور پہونچایا اور شکست کی اصلاح مین کچھ کوشش نہ کی بلکہ رفع کلفت کے واسطے عیش وعشرت مین مشغول ہوا اور جو فن موسیقی مین کمال مہارت رکھتا تھا گائنون کی صحبت اختیار کرکے تدبیر مملکت سے دست کش ہوا اور ایک عورت مغنیہ سے کہ روپ متی اُس کا نام تھا اور علم موسیقی مین بھی خوب ماہر تھی نہایت تعلق اور تعشق بہم پہونچایا اور شہرہ اُن کی عاشقی معشوقی کا تمام ہندوستان مین منتشر ہوا اور لحظہ بھر ایک کو بغیر دوسرے کے چین نہ پڑتی تھی الغرض جب خبر غفلت اس کی اکبر شاہ کے سمع مبارک مین پہونچی اور لشکر مالوہ کی پریشانی اور بے سامانی اس پر واضح ہوئی اُس ملک کی طمع کرکے ایک جماعت امرائے درگاہ کو بسرداری ادہم خان سنہ ۹۶۸ نو سو اڑسٹھ ہجری کے آخر مین مالوہ کی تسخیر کے واسطے نامزد فرمایا اور باز بہادر خواب غفلت اور بے شعوری سے اس وقت بیدار ہوا جب لشکر چغتائی ولایت مالوہ مین در آیا بعد خرابی بصرہ حرکت ندبجی کا خیال آیا امرا اور لشکر کو اطراف سے فراہم کرنے لگا اتنے مین لشکر مغل سارنگ پور سے کوس بھر کے فاصلہ پر پہونچا سلطان باز بہادر نے خواب غفلت

سے آنکھ کھولکر عورتون کی صحبت برخاست کرکے معرکہ رزم کو مجلس بزم تصور کیا اور نہایت بے سامانی سے میدان قتال کی طرف روانہ ہوا اور آتش حرب کو مشتعل کرکے اول ہی حملہ بہادرون کی تاب نہ لایا اپنے ممالک کی سرحد کی طرف بھاگا کہتے ہین کہ باز بہادر کے قسمت مین تمام عمر کا اندوختہ یہی روپ متی وغیرہ پاتریان تھین لہذا عزیمت جنگ کے وقت ایک جماعت کو شہر سارنگ پور مین مقرر کرکے یہ حکم دیا کہ اگر شکست واقع ہووے اُن بجاریون کے قتل مین اقدام کرین خلاصہ یہ کہ جب باز بہادر نے شکست پائی تو اُس جماعت نے حکم کے موافق تلوارین میان سے لے کر روپ متی اور بعضے اور ارباب نشاط خاصہ کو حالت اضطرار اور بدحواسی مین زخم لگائے اور اپنی دانست مین اُنھین مردہ اور کشتہ کرکے دوسرے اہل حرم کے قتل کو متوجہ ہوئے اور وہ عورتین روپ متی اور دیگر مغنیہ کا سانحہ سن چکی تھین ہر ایک جان شیرین کے خوف سے بیتحاشہ جدھر سینگ سمائے بھاگ گئین اور اس جماعت کو فرصت اُن کی جستجو اور تلاش کی نہی باز بہادر شاہ کے بھاگنے کے بعد ادہم خان شہر مین داخل ہوا اور ایک جماعت زنان گریختہ کو دستیاب کرکے اُن سے احوال روپ متی کا کہ شہرہ آفاق تھی پوچھا اُنھون نے جواب دیا کہ وہ بیچارہ دو روز قبل فلان محل مین مع اکثر ارباب نشاط شمشیر ظلم سے قتل ہوئی ادہم خان نے اُن کی تحقیق کلام کے واسطے آدمی بھیجکر اُس کا حال دریافت کیا آخر کو یہ خبر پائی کہ روپ متی اور دو تین عورتین زخمی ہوئین لیکن اُن کی حیات کا رشتہ تیغ جفا سے منقطع نہین ہوا ہے ادہم خان یہ مژدہ سنکر محظوظ اور مسرور ہوا اور ازراہ فریب اُسے یہ پیغام حسرت انجام بھیجا کہ تو اپنی دوا اور دین کوتاہی نہ کر بعد حصول شفا اور اندمال زخمون کے تجھے بعزت و توقیر تمام باز بہادر کے پاس بھجون گا روپ متی کا گلزار جان اس نسیم بشارت سے شاداب اور تازہ ہوا قوت بے اندازہ حاصل ہوئی اس وقت بزبان حال عقیق لب کو ادہم خان کی دعا و ثنا مین گہر ریز کرکے اس بیت کے مضمون کے موافق مترنم ہوئی بیت برین مژدہ گر جان فشانم رواست ۔ کہ این مژدہ آسایش جان ماست بہ اس کے بعد زخم اُس کے اس نوید کے مرہم سے اچھے ہوئے اور غسل صحت کرکے ادہم خان کو یہ پیغام بھیجا کہ اس نحیفہ کو مرہم لطف خداوندی سے صحت کامل ہوئی اور قوت رفتار بہم پہونچی ہے امیدوار ہون کہ بہ مقتضاے الکریم اذا وعد وفا اگر مجھے باز بہادر کے پاس بھیجئے اور اپنے قول کو پورا کیجئے گویا مردۂ صد سالہ کو زندہ کرکے اعجاز عیسوی ظہور مین پہونچائیے ادہم خان کی قوت طامعہ حرکت مین آئی خود مغلوب نفس امارہ ہوکر یہ جواب دیا کہ اگر باز بہادر اکبر بادشاہ کا غاشیۂ اطاعت و دوش بدوش لے کر اس کی درگاہ کی طرف متوجہ ہوتا ملا تو قف تیرا سوال مین قبول کرتا اب کہ وہ باغی اور شاہ سے روگردان ہے اگر تجھے بادشاہ کے بے حکم اس کے پاس بھیجون اور یہ خبر سلطان کو پہونچے مزاج اقدس کے خلاف ہوگا اور وہی محیل بعد اس معذرت کے آدھی رات کو آدمی اس کے مکان پر بھیجکر طالب وصال ہوا اور روپ متی حیلہ ادہم خان کا سمجھ گئی جو کہ باز بہادر کے پنجہ شہباز عشق مین گرفتار

اور عاشق زار تھی اور اُس سے یہ عہد کیا تھا کہ عمر بھر تیرے سوا دوسرے سے الفت اور موافقت نہ کرونگی وہ مقام حیرت مین ہوئی اور ادہم خان کے ایلچیون کے طرز کلام سے سمجھی کہ اگر تو اس امر کو قبول نہ کرے گی تو جبرًا اور قہرًا تجھے لے جاوین گے لہذا بعجز و انکسار پیش آئی اور اظہار ربشاشت کرکے کہا مجھے نواب صاحب کے پاس آنے مین کچھ عذر نہین اگر آنجناب آفتاب مثال ذرہ پروری فرماکر اس خیمہ کے مکان پر تشریف آوین اور مثل سلیمان مور بیچارہ کے مہمان ہون بعید از الطاف خداوندی نہوگا ایلچیون نے ادہم خان کے پاس جاکر یہ پیام بصد آب و تاب عرض کیا ادہم خان کہ جوان عیاش اور شاہد باز تھا یہ مژدہ روح افزا سنکر پھول کی طرح شگفتہ ہوا اور سامان وصال کا مہیا کیا اور بادشاہ کے خوف سے کہ ایسا نہو یہ خبر اسے پہونچے لباس بدل کر دو تین آدمی معتبر اپنے ہمراہ لے کر رات کو منزل مطلوبہ کی طرف متوجہ ہوا اور جب روپ متی کے مکان مین آیا اور اُسے نپایا اس کی لونڈیون اور پرستارون سے پوچھا کہ وہ کہان ہی سب یک زبان ہوکر بولین کہ پلنگ پر استراحت کرتی ہی ادہم خان نہایت شوق سے اس کے پلنگ کے قریب گیا اور چادر اُس کے منہ سے کھینچکر دیکھا کہ خوشبو بہت مگر پھولون کے ہار گلے مین ڈال کر خواب مرگ مین سوتی ہی ادہم خان متحیر ہوا اور حقیقت حال اُس کے مقربون سے پوچھی سبھون نے یہ جواب دیا کہ جس دم آپ کے آدمی اُسے بلانے آئے تھے اور جواب سنکر پلٹ گئے تھے روپ متی اپنے بادشاہ باز بہادر کو یاد کرکے بہت روئی اور قدرے کافور اور تلی کا تیل پیکر بیٹھی جب اُس کا حال متغیر ہوا اٹھکر پلنگ پر لیٹ رہی ادہم خان نے اس کے حسن عہد اور وفا پر آفرین خوان ہوکر اس کے دفن کفن کا حکم دیا اور اسی عرصہ مین ادہم خان معزول ہوا اور پیر محمد خان شروانی مالوہ کی حکومت پر سرفراز ہوا اور سنہ ۹۶۹ نو سو اُنسٹھ ہجری مین سلطان باز بہادر کی تنبیہ کے لیے فوجین لے کر سرحد مالوہ پر گیا سلطان باز بہادر نے تغلل خان حاکم برار اور میران مبارک شاہ فاروقی والی برہان پور سے ملتجی ہوکر کمک طلب کی اور وہ قبول کرکے سامان جنگ اور فراہمی لشکر مین مشغول ہوئے پیر محمد خان اس امر کو سمجھکر ولایت کی تاخت و تاراج مین مصروف ہوا اور برہان پور مین پہونچکر فتنہ و فساد مین کوئی دقیقہ فروگذاشت نہ کیا اور اس درمیان مین حکام ثلاثہ مع افواج آراستہ پیر محمد خان شروانی کے مدافعہ کو متوجہ ہوئے اور وہ بسبیل استعجال عازم معاودت ہوا اور اُنھون نے پیچھا کرکے پس ماندگان کے قتل و غارت مین تقصیر نہ کی پیر محمد خان اس طرح کہ داستان سلاطین دہلی مین تحریر ہوا ہی ہنگام گریز آب نربدہ مین ڈوب گیا اور سپاہ دکن اور مالوہ کے تعاقب سے امرائے اکبری کو توقف مالوہ مین دشوار ہوا آخر کو نکل گئے اور باز بہادر دوبارہ تخت مالوہ پر متمکن ہوکر خیل و حشم کے جمع لانے مین مشغول ہوا لیکن ابھی دم نہ لیا تھا کہ عبداللہ خان اوزبک جو امرائے اکبری سے تھا سنہ ۹۷۰ نو سو ستر ہجری مین مع سپاہ کینہ خواہ اُس حدود کی طرف روانہ ہوا اور باز بہادر کہ عیش و عشرت کا عادی تھا مشقت جنگ اپنے اوپر نہ گوارہ کرکے بلا جنگ اس مملکت سے

نکل گیا اور کام اپنے اوپر آسان کر کے مدت مدید مالوہ اور خاندیس اور دکن کے جنگلون اور پہاڑون کے درمیان سرگردان رہا اور لشکر مغل کے ساتھ حرب وضرب کرتا رہا آخر کو جب ترکش تدبیر مین کوئی تیر نرہا سپر مقاومت اور تردد پھینک کر استمالت نامہ دربار اکبر شاہی سے حاصل کر کے ملازمت مین فائز ہوا اور امراے دو ہزاری کے سلک مین منتظم ہو کر زمانہ باسودگی تمام بسر کیا یہان تک کہ اسی آستان پر عمر گرامی اختتام کو پہونچائی اور اسی طرح سے میان مصطفے یعنی باز بہادر کا چھوٹا بھائی بھی اکبر شاہ کے پاس جا کر امارت کو پہونچا جس وقت کہ حکیم ابوالفتح افغانان یوسف زئی کے سر پر گیا وہان اس معرکہ مین مارا گیا باز بہادر کی مدت سلطنت مع تزلزل وانقلاب وسرگردانی صحرا وجبال کے سترہ برس سے کچھ زیادہ تھی سنہ ۹۷۸ نوسو اٹھتر ہجری سے اب تک کہ سنہ ۱۰۱۸ ایک ہزار اٹھارہ ہجری مین مملکت مالوہ بادشاہ دہلی کے قبضہ مین شامل ہوتی ہے

فقط

مقالہ چھٹا سلاطین فاروقیہ برہانپوریہ کے بیان مین

پہلے وہ شخص کہ اس خاندان سے ولایت خاندیس کی حکومت پر فائز ہوا ملک راجہ فاروقی تھا اُس کا باپ خان جہان فاروقی نام کئی پشت سے بادشاہ علاء الدین خلجی اور سلطان محمد تغلق کے امراے صاحب اعتبار سے تھا جب وہ مرگیا اسکا بیٹا ملک راجہ زمانہ کی گردش اور لیل و نہار کے تصرف و انقلاب سے درجۂ امارت پر نہ پہونچا نہایت پریشانی اور افلاس مین عمر عزیز بسر کرتا تھا آخر بہ ہزار حیلہ اس نے اپنے تئین سلطان فیروز شاہ بارک کے خاصۂ خیل کے درمیان مین پہونچایا ایک گھوڑے کی سواری سے خدمت کرتا تھا اور قلت تنخواہ سے اوقات بعسرت تمام بسر کرتا تھا لیکن باوجود اس کے جو طبیعت اس کی شکار کی طرف نہایت مائل تھی ہرگز بے شکار نہین رہتا تھا اور وقت بے وقت اُس کی اوقات اُسی مین صرف ہوتی تھی اس زمانہ مین کہ سلطان فیروز شاہ مندوے سے گذر کر کے گجرات مین آیا ایک روز شکارگاہ مین ایک جماعت مخصوصان سے ایک صید کے تعاقب مین جو وہ پندرہ کوس گیا اور بھوک کی شدت سے منتشر ہوا جو آبادی دور تھی اور اس کے ہمراہ کسی قسم کا کھانا نہ تھا بیتاب ہوکر ایک درخت کے سایہ مین بیٹھ گیا اور دور سے ایک سوار کو دیکھا کہ چند کتے تازی اور کئی جانور شکاری ہمراہ رکھتا ہی اور صحرا مین شکار کے تعاقب مین پھرتا ہی سلطان جو کہ بھوک سے بے طاقت تھا اُس سے پوچھا کہ کچھ کھانے کی قسم سے تیرے پاس موجود ہی اس نے جواب دیا ہان یہ کہکر جو کچھ رکھتا تھا درویشانہ اس کے روبرو لایا اور ادب سے ایستادہ ہوا بادشاہ نے اُس مین سے کچھ تناول فرمایا اور اُس کے حسن گفتار اور آداب خدمت سلطان کو پسند خاطر آئے پوچھا تو کون ہی اور کہان رہتا ہی اُس نے زمین خدمت کو لب ادب سے بوسہ دے کر عرض کیا کہ خان جہان فاروقی کا بیٹا ہون اور اس گم نام کا

نام ملک راجہ فاروقی ہی اور حضرت کے خاصہ خیل کے درمیان خدمت کرتا ہون بادشاہ جو خان جہان فاروقی کو بخوبی تمام جانتا تھا اور آج اُس کی حسن خدمت بھی پسند پڑی اپنے ایک مقرب سے فرمایا کہ جب مین بار عام کرون اسے میرے حضور حاضر کرنا الغرض چند روز کے بعد جب سلطان کی شرف ملازمت مین فائز ہوا سلطان فیروز شاہ نے ارکان دولت سے متوجہ ہوکر فرمایا کہ یہ شخص دو حق ہم پر رکھتا ہی ایک حق آشنائی سابق اور دوسرا حق خدمت لاحق کہ شکار مین بجا لایا ہی یہ کہکر اسے دربار مین بمنصب دو ہزاری مقرر فرما کر جاگیر تھالیز اور کروندکہ جو جملہ ممالک خاندیس سے دکن کی سرحد مین واقع ہی خصوصیت بخشی اور ملک راجہ ۷۷۶ھ سات سو چھتر ہجری مین اُس سرحد کو روانہ ہوا اور اس حدود کے بند وبست اور انتظام مین کوشش فرمائی اور راجہ بہارجی جس نے اُس وقت تک سلطان کا حلقۂ اطاعت اپنے زیب گوش نکیا تھا سے بزور شمشیر آبدار باجگزار کرکے پانچ ہاتھی کلان اور دس فیل خرد مع امتعہ نفیسہ اور نقود وافر اُس سے پیشکش لے کر فیلون کو بروش دکن زنجیر طلائی اور نقرئی سے مزین کرکے جھولین رنگ برنگ مخمل اور زربفت سے سراپا آراستہ کیا اور نقود خزانہ اور اقمشہ کو اونٹون پر بار کرکے اور انھین بھی پوشش ہاے مخمل اور زربفت سے سجکر بارگاہ سلطانی مین روانہ کیا اور جب اُس آراستگی اور زیبائی اور رنگینی کیساتھ بہارجی کی پیشکش ملاحظہ مین گذری نہایت مخظوظ ہوا اور فرمایا جو خدمت کہ حکام دکن کے متعلق تھی ملک راجہ نے پوری کی پھر فرمان منصب ہزاری اور لقب سپہ سالاری خاندیس اس کے نام تحریر فرمایا اور اُس کے طالع کے ستارہ نے عروج کرکے تھوڑے عرصہ مین بارہ ہزار سوار کارگزار انتخابی بہم پہونچائے جو محصول ولایت خاندیس اُنھین کفایت نکرتا تھا گوندوارہ اور دیگر راجاؤن کی ولایات پر تاخت لاکر اُن سے پیشکش لیتا تھا آخر کو یہ نوبت پہونچی کہ راے جاج نگر نے باوجود مسافت بعیدہ اُس سے طریق محبت اور اخلاص جاری کیا اور حسن تدبیر اور قوت بازو کے سبب دستگاہ سلطنت بہم پہونچا کر غالب ہوا اور سلطان کے بعد دفعات دلاور خان غوری نے حکومت مالوہ پر اختصاص پایا اور ان دونون کے درمیان مین نہایت دوستی اور پاک کا مرتبہ بہم پہونچا تھا آپس مین یارانہ اور سلوک برادرانہ کرتے تھے پیوند وصلت درمیان مین لائے ملک راجہ کی دختر ہوشنگ کے سلک ازدواج مین منسلک ہوئی اور دلاور خان کی بیٹی نصیر ولد ملک راجہ کے عقد نکاح مین آئی اور اس کے بعد سلطان مظفر گجرات کی حکومت پر فائز ہوا اور جب اسکی مملکت مین یک گونہ خلل ظاہر ہوا ملک راجہ فرصت اور موقع دیکھکر دلاور خان کی حمایت سے قوی پشت ہوا اور سلطان پاے اورندربار کو مزاحمت پہونچا کر مظفر شاہ گجراتی کا تھا نہ اٹھا دیا سلطان مظفر کہ جنگ کفار مین مشغول تھا اُسے معطل رکھکر بسرعت تمام تر سلطان پور کے اطراف مین پہونچا ملک راجہ جو طاقت مقابلہ کی نرکھتا تھا قلعہ تھالیز مین قلعہ بند ہوا اور ایک جماعت علما اور صلحا روقت کو متوسط کرکے شاہ مظفر گجراتی سے صلح کا طلبگار رہوا اور شاہ مظفر گجراتی کہ صاحب داعیہ اور اولوالعزم تھا اور حاکم

خاندیس اور مالوہ کے ساتھ بہ ارادہ پیش آنے والا تھا اس واسطے اُس نے صلح کی اور اتحاد و صداقت کے بارہ مین عہد اور پیمان درمیان مین لاکر گجرات کی طرف معاودت فرمائی ملک راجہ فاروقی بعد اس کے تعمیر ملک اور تکثیر زراعت مین مشغول ہوکر آخر عمر تک کسی طرف سوار نہوا جب مرض موت مین مبتلا ہوا اپنے بڑے بیٹے ملک نصیر کو ولیعہد کرکے خرقہ ارادت اور اجازت کا کہ اپنے پیر شیخ زین الدین سے حاصل کیا تھا اسے دیا اور قلعہ تھالیز کو مع مضافات اپنے چھوٹے بیٹے ملک افتخار کے سپرد فرمایا اور جمعہ کے دن شعبان کی بائیسوین تاریخ سنہ ۸۰۱ آٹھ سو ایک ہجری مین بجوار رحمت ایزدی واصل ہوکر شہر تھالیز مین مدفون ہوا اور محرر اس کتاب کا محمد قاسم فرشتہ کہ سنہ ۱۰۱۳ ایک ہزار تیرہ ہجری مین بیگم سلطان ابراہیم عادل شاہ کی صاحبزادی کی سواری کے ہمراہ بیجاپور سے برہان پور مین آیا تھا خواجہ میر زاعلی اسفرائینی سے جو بعد فتح قلعہ آسیر جائزہ کتب خانہ سلاطین فاروقیہ لیتا تھا اس سے ایسی کتاب کا کہ مشتمل اُن کے وقایع پر ہو طالب ہوا جواب دیا کہ اس کتب خانہ مین ایسی کتاب نظر نہین آئی لیکن چند اوراق کہ مشعر اُن کی اصل و نسب تھے تاریخ جلوس اور فوت ان کی اس کتاب خانہ کی کتابون مین دیکھکر اس کی نقل کی اور مخلص نے اُن اوراق کا مطالعہ کرکے دریافت کیا کہ ملک راجہ اپنے تئین خلیفۂ ثانی حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ کی نسل سے جانتا ہی اور اس نہج سے اپنے تئین ساتھ اُن کے پہونچاتا ہی ملک راجہ ابن خان جہان بن عثمان خان بن شمعون شاہ بن شعث شاہ بن سکندر شاہ بن طلحہ شاہ بن دانیال شاہ بن اشعث شاہ بن ارسیا شاہ بن سلطان التارکین و برہان العارفین ابراہیم شاہ بلخی بن ادہم شاہ بن محمود شاہ بن احمد شاہ بن محمد شاہ بن اعظم شاہ بن اصغر بن محمد بن احمد بن محمد بن عبداللہ بن فاروق عمر ابن الخطاب رضی اللہ عنہ القصہ ملک راجہ مرید شیخ الاسلام والدین شیخ زین الدین دولت آبادی کا ہی اور اُس سے خرقۂ ارادت پایا اور اُس سے اُس کے بڑے بیٹے نصیر خان فاروقی کو جو اُس کا ولیعہد تھا پہونچا اور اسی طرح سے بمدت دوسو سال اور کچھ زیادہ حکومت خاندیس کی اس خاندان مین رہی خرقۂ ارادت بطنا بعد بطن جو شخص ولیعہد ہوتا تھا اسے پہونچاتا تھا یہانتک کہ بہادر خان فاروقی بن راجہ علی خان نے کہ ختم الملوک ہی وہ خرقہ پایا اور حکومت ملک راجہ کی انتیس برس تھی

ذکر نصیر خان فاروقی بن ملک راجہ کی سلطنت کا

اس بادشاہ کے عہد مین اُس خاندان مین رونق اور رواج زیادہ ظاہر ہوئی اور اس فکر مین ہوا کہ مردم خوب جیسی کہ روش سلاطین کبار ہی بہم پہونچاوے اس واسطے ارباب فضل و کمال خاندیس مین جمع ہوئے اور ہر ایک کو اس نے علی قدر مراتب وظیفہ اور جاگیری اور اُن کے طفیل سے اُس خاندان مین بزرگی ظاہر آئی جیسا کہ آیندہ مذکور ہوگا اثنا شہ سلطنت اور خطاب نصیر خان سلطان احمد شاہ گجراتی سے پاکر خطبہ خاندیس کا اپنے نام پڑھایا اور وہ آرزو کہ باپ اُس کا قبر مین لے گیا اُس کے

بیٹے کو حاصل ہوئی یعنے کامروا ہوا اور سراپردہ مُرخ کرکے چتر سر پر لگایا اور قلعہ آسیر آسا اہیر کے تصرف سے برآوردہ کرکے شہر برہان پور احداث فرمایا اور قلعہ آسیر کا حال یہ ہی کہ ایک کوہ آسمان شکوہ پر سمی آسا اہیر جو خاندیس کے زمینداران معتبر سے تھا سکونت پذیر تھا اور اس کے باپ دادا سات سو برس سے گائے اور بھینسون اور مال کی حفاظت کے واسطے اس پہاڑ پر ایک قلعہ پتھر و مٹی سے بناکر زمانہ بسر کرتے تھے جب آسا آہیر کی نوبت آئی سامان اور دستگاہ اُس کا حد سے افزون ہوا خلاصہ یہ کہ پانچ ہزار بھینس اور پانچ ہزار گائے اور بیس ہزار بکریان اور ایک ہزار گھوڑے اس کی سرکار مین بہم پہونچے اور عدو نوکرون کے جو خدمت اور نگہبانی مواشی کی کرتے تھے دو ہزار سے زیادہ تھے اور آدمی کونڈوارہ اور رعیت خاندیس کے ہنگام ضرورت غلہ اور نقد جو کچھ انھین درکار ہوتا تھا اس سے قرض لیتے تھے اور اسی طرح سے اس حدود کے امرا کو جب احتیاج قرض یا گھوڑون کی ہوتی تھی اس کے پاس جاکر مقصد حاصل کرتے تھے اس تقریب سے آسا اہیر کہ ایک چرواہا تھا مشاہیر وقت سے ہوا اور کام اُس کا اس انتہا کو پہونچا کہ جس وقت دو آدمی مین یا دو گروہ ہندو یا مسلمان مین کسی طرح کی نزاع ہوتی تھی یا کوئی مشکل پیش آتی ساتھ اُس کے رجوع کرتے تھے تو وہ اپنی عقل اور کیاست سے تصفیہ کرتا تھا اور اس دیار مین قبل پہونچنے ملک راجہ فاروقی کے تھوڑے عرصہ کے بعد مملکت خاندیس اور مالوہ اور برار اور سلطان پور اور ندربار مین ایک قحط عظیم پڑا خلائق بیشمار قوت لایموت کے نہ ملنے سے ہلاک ہوئی حتے کہ کونڈوارہ وغیرہ مین کوئی اور بھیل سے زیادہ دو تین ہزار آدمی سے زندہ نہ رہے اور خاندیس کی بھی بہت رعایا ہلاک ہوئی جو لوگ کہ زندہ رہے آسا اہیر کے پاس پناہ لے گئے اور آسا اہیر کونڈوارہ مین دو ہزار انبار غلہ کے رکھتا تھا اُس کے کارندون اور وکیلون نے غلہ فروخت کرنا شروع کیا اور قیمت اس کی آسا اہیر کے پاس بھیجتے تھے اور آسا اہیر کی عورت مخبرہ تھی اُس نے اپنے خاوند سے یہ بات کہی کہ حق سبحانہ تعالے نے ہمین مال دنیوی سے مالامال اور مستغنی کیا ہی اور ہمین احتیاج قیمت غلہ کی نہین ہی ایسا کام کرکہ جس سے دنیا اور آخرت کی بنا مضبوط ہووے آسا اہیر نے کہا وہ کیا ہی عورت نے کہا کہ دنیا کی مضبوطی مختصر اس پر ہی کہ اس پہاڑ پر ایک قلعہ گچ اور پتھر سے تیار کر اور آخرت کا استحکام اس مین ہی کہ جس قدر غلہ تیرے قبضہ مین ہی لنگر کرکے ہر روز کھانا پکاکر فقیرون اور محتاجون کو تقسیم کر آسا نے دونون امر قبول کئے ممالک اور اطراف خاندیس مین لنگر خانہ بنوائے اور قلعہ سابق کی چار دیواری قدیم مسمار کرکے ایک قلعہ گچ اور پتھر سے تعمیر کیا وہ مشہور بقلعہ آسا اہیر ہوا رفتہ رفتہ کثرت استعمال سے مخفف ہوکر اس کا نام آسیر رہا جب یہ خبر سلطان فیروز شاہ بارہک کو پہونچی اس توہم سے کہ مبادا آسا اہیر اُس قلعہ کی سنگینی سے مغرور ہوکر نشان مخالفت کا بلند کرے حاکم خاندیس کو فرمان لکھکر سرزنش کی کہ تو نے آسا اہیر کو کیون اس قدر مہلت دی کہ اُس نے ایسا قلعہ بے نظیر پہاڑ پر بنالیا بعد اس کے اُسے معزول کرکے ملک راجہ

فاروقی کو اُس ملک کی حکومت پر منصوب کیا آسا اہیر ملک راجہ فاروقی کا مطیع اور فرمانبردار ہوا اور مریدانہ سلوک کرنے لگا اور ملک راجہ بھی اگرچہ اس قلعہ کی تسخیر کی فکر مین تھا لیکن چونکہ اُسکا مرہون احسان تھا اور علاوہ اس کے اس قلعہ کی تسخیر بحسب ظاہر جملہ محالات سے معلوم ہوتی تھی اس لیے اپنا ارادہ ظاہر نکرتا تھا مگر نصیر خان نے اس کے مرنے کے بعد تمام ہمت اُس قلعہ کی فتح پر مصروف رکھی اور ابتداے حکومت مین ایک تدبیر اندیشہ کرکے آسا اہیر کو پیغام بھیجا کہ راجہ بکلانہ اور انتور نے جمعیت بہت بہم پہونچائی ہی اور خداوند خان مرحوم ملک راجہ فاروقی کے زمانہ کے مطابق سلوک نہین کرتے ہین اور راجہ کھیرلہ کی تحریک اور اعانت کے سبب سرکشی حد سے کرکے اس ولایت پر تاخت لانے کے درپی ہوئے ہین اور قلعہ تھالیز پر ملک افتخار خان حسب وصیت پدر متصرف ہی اور قلعہ تلنگ کہ دشمنون سے نزدیک ہی اس پر اعتماد نہین رکھتا ہون اس واسطے چاہتا ہون کہ میرے عیال واطفال کو اپنے قلعہ مین جگہ دے تو باطمینان تمام دشمن کے مدافعہ مین مشغول ہون اور تیرا بھی ممنون احسان رہون آسا نے اپنی خوشی سے یہ امر قبول کیا اور قلعہ آسیر مین ایک مکان وسیع اُن کے رہنے کے واسطے مقرر کیا نصیر خان نے پہلے دن چند سو اریان عورتون کی بھیجین اور ان عورتون سے یہ فہمائش کی کہ اگر عورتین آسا کی تمھاری ملاقات کو آوین اُن کی تعظیم وتکریم مین کوئی دقیقہ فروگذاشت نکرنا دوسرے دن دو سو ڈولیان بہم پہونچاکر دو سو مرد شجاع کارآزما مسلح مکمل کرکے ان مین بٹھاکر پردہ اُن پر ڈال کر یہ مشہور کیا کہ والدہ نصیر خان اور حرمین اس کے قلعہ مین روانہ ہوتے ہین اور آسا اہیر نے یہ خبر سنی جب ڈولیان قلعہ کے متصل پہونچین حکم کیا کہ دروازہ کھول دو دربان ہٹ جاوین جب ڈولیان احاطہ متقری مین داخل ہوئین بہادران خونخوار یکبارگی ڈولیون سے برآمد ہوئے اور تلوارین میان سے لے کر آسا اہیر کے مکان کے سمت روانہ ہوئے قضارا آسا اہیر اُس کے بیٹے و بیٹیان نہایت غفلت مین مبارکباد کو آتے تھے قریب ہی ان سے دوچار ہوئے اُنھون نے سب کو تہ تیغ کیا اہل قلعہ نے جب آسا اور اس کے بیٹون کو مقتول دیکھا بعجز وانکسار پیش آئے اور امان کے طلبگار رہوئے اور اپنے اہل وعیال کا ہاتھ پکڑکے قلعہ سے نکل گئے نصیر خان فاروقی یہ خبر قلعہ تلنگ مین سنکر بطور تاخت قلعہ آسیر مین آپہونچا اور اُس قلعہ کی تیاری مین مشغول ہوا اور اُس کی شکست وریخت کو درست کیا اور اس واقعہ سے ایک سو تیس برس کے بعد شیر شاہ افغان سور بادشاہ دہلی نے قلعہ رہتاس کو اسی طریق سے سخر کیا تھا اور مشہور ہی کہ حکام فاروقیہ آسیر مین سے کسی نے آسا اہیر کے مال مین کچھ تصرف نہ کیا امانت نگاہ رکھا تھا یہان تک کہ اکبر بادشاہ اُس حصار آسمان اطوار کی فتح کے بعد امانت مذکورہ بہ مع خزائن فاروقیہ متصرف ہوا اور سونا اور چاندی مسکوک اور غیر مسکوک کو دار الضرب یعنے ٹکسال مین بھیجکر گلوایا اور سکہ اپنے نام جاری کیا الغرض جب نصیر خان کو یہ فتح بزرگ نام وار نصیب ہوئی مخدوم شیخ زین الدین دولت آباد سے نصیر خان کی مبارکباد کو خاندیش مین تشریف لائے نصیر خان قلعہ سے

باتفاق فرزندان وخیل وحشم استقبال کے لیے روانہ ہوا اور تپتی کے کنارہ اس مقام پر کہ اب زین آباد واقع ہی ملاقات کی جب التماس قلعہ آسیر مین آنے کی کی شیخ نے فرمایا ہمین آب تپتی سے عبور کرنے کا حکم نہین ہی نصیر خان اجازت لے کر پلٹ آیا اور دوسرے کنارہ پر کہ شہر برہان پور واقع ہی خیمہ اور خرگاہ بلند کرکے فروکش ہوا اور ہر روز پانچ مرتبہ شیخ کی ملازمت مین مشرف ہو کر اُن کی فیض صحبت سے فیضیاب ہوتا تھا اور جب دو ہفتہ اس نہج پر گذرے شیخ موصوف دولت آباد کی مراجعت پر عازم ہوئے نصیر خان تواضعات عادی اور رسمی بجالایا اور یہ عرض کی کہ اس مملکت کی میمنت کے واسطے اگر آپ فلان قصبہ اور پرگنہ کو پسند فرمائین نہایت سرفرازی ہوگی شیخ نے یہ امر قبول نہ کیا فرمایا درویشون کو قصبہ اور پرگنہ اور وظیفہ سے نسبت نہین ہی جب کہ عرض کی فرمایا اس ملک سے ہم فقط نام سے خوش ہین چنانچہ دریا کے اُس پار کہ سلاطین اور غازیان اسلام کے نزول کا مقام ہے ایک شہر بنام شیخ برہان الدین مع مساجد اور منابر بنا کرکے اپنا دارالملک بناؤ اور اس پار کہ فقیر مع درویشان وارد ہوا ہی قصبہ اور ایک مسجد تعمیر کرکے زین آباد نام رکھو تو اس تقریب کے سبب اسلام ان دونون قطعات مین رواج پاوے اور دونون درویش کا نام بھی مذکور رہووے نصیر خان فاروقی خوش حال ہوا فوراً حکم فرمایا امرا اور اعیان شہر برہان پور و قصبہ زین آباد کی تعمیر مین مشغول ہوئے اور شیخ نے فاتحہ مبارک بادی پڑھکر دوسرے دن دولت آباد کی طرف توجہ فرمائی اور عرصہ قلیل مین شہر اور قصبہ نہایت معمور ی اور آبادی کے ساتھ اختتام کو پہونچا برہان پور جیسا کہ شیخ کی زبان مبارک پر جاری ہوا تھا سلاطین فاروقیہ کا دارالملک ہوا اور اس کے بعد نصیر خان حکومت کے شغل مین مستقل ہوا اور جیسا کہ شیخ سعدی نے فرمایا ہی کہ دس فقیر ایک کمل مین سمو دین اور دو بادشاہ ایک ولایت مین نہ سماوین نصیر خان نے ارادہ کیا کہ قلعہ تھالیز کو بھی اپنے چھوٹے بھائی ملک افتخار الملک کے تصرف سے برآورد کرکے اُس ملک مین دعوی انا ولا غیری کا کرے اور یہ امر چونکہ بے مشورہ اور صواب دید سلطان مالوہ کے صورت پذیر نہوتا تھا سلطان ہوشنگ کو کہ اس کا سالا تھا اُس سے اپنا مافی الضمیر ظاہر کیا اور اس کی تجویز سے اس کام کو اس طرح شروع کیا یعنے ۸۲۰ آٹھ سو بیس ہجری مین قلعہ تھالیز کو محاصرہ کیا ملک افتخار سلطان احمد شاہ گجراتی سے متمسک ہو کر طالب اعانت ہوا اور احمد شاہ سامان سفر درست کرکے روانہ ہونے کی فکر مین تھا کہ غزنین خان ولد سلطان ہوشنگ پندرہ ہزار سوار لے کر نصیر خان کی کمک کو آن کر جنگ مین جلدی کی اور ابھی سلطان احمد شاہ گجراتی نہ آیا تھا کہ دونون نے اپنے حسن اتفاق سے قلعہ تھالیز کو ۸۲۰ آٹھ سو بیس ہجری مین مفتوح کیا اور ملک افتخار کو قید کرکے قلعہ آسیر مین بھیجا اور نہایت تمکنت اور غرور سے یہ عزیمت کی کہ سلطان پور اور نندربار کو بھی اہالیان سلطان گجرات کے تصرف سے برآورد کرکے مالوہ مین شامل کرین مگر ہی کو شہباز کے شکار کا حوصلہ ہوا الغرض جب اس نیت سے وہ سلطان پور پہونچے اُس قصبہ کے جاگیردار ملک احمد حبیب نے قلعہ بند ہو کر عرض داشت مشعر کیفیت

حال شاہ احمد شاہ گجراتی کے پاس بھیجی اور سلطان یہ خبر سنکر آتش غضب مشتعل کر کے مع سپاہ دریا جوش کوچ بر کوچ روانہ ہوا اور ملک محمود ترک کو مع لشکر کثیر پیشتر بھیجا ملک محمود ترک کے قرب پہونچنے کی خبر ان دونون حریفون کو پہونچی غزنین خان اُسی شب کو کوچ کر کے مندو کی طرف راہی ہوا اور نصیر خان بھاگ کر قلعہ تھالیز مین در آیا اور ملک محمود نے قلعہ تھالیز تک بھاگ نہ موڑی اور اُسے محاصرہ کیا اور سلطان احمد شاہ نے سلطان پور مین آن کر نزول اجلال فرمایا نصیر خان مخمصہ مین پڑا اور اپنے تئین مثل ایک چڑیا کے شہباز کے چنگل مین گرفتار دیکھا اور احمد شاہ گجراتی کے مقربون سے ملتجی ہو کر بصرف زر خطیر ان کو راضی کیا تو انھون نے بوقت فرصت اور ساعت سعید سلطان سے عرض و معروض کر کے ایسا کیا کہ اس نے قلم عفو نصیر خان کے جرائم پر کھینچا اور اس وقت تک اسے ملک نصیر کہتے تھے خطاب نصیر خان دے کر بعطائے چتر و سراپردہ سرخ سرفراز کیا اور نصیر خان نے پانچ ہاتھی مست اور چالیس گھوڑے تازی اور عراقی اور دیگر تحف و ہدایا فراوان پیشکش کر کے اُسے گجرات کی طرف روانہ کیا اور بعد چند سال کے احمد شاہ بہمنی نے ایک جماعت مردم معتبر سے برہان پور بھیجکر نصیر خان کی بیٹی اپنے بڑے بیٹے شہزادہ علاء الدین کے واسطے خواستگاری کی نصیر خان نے اس امر کو موجب تقویت جان کر قبول کیا اور بعد جشن و شادی اپنی بیٹی مسماۃ زینب کو پالکی مین سوار کر کے محمد آباد بیدر کی طرف روانہ کیا اور ۸۳۸ آٹھ سو تینتیس ہجری مین راے کانتھا ولایت جلواڑہ کا راجہ لشکر گجرات کے صدمہ سے بھاگ کر آسیر مین آیا اور چند فیل پیشکش کر کے اعانت طلب کی چنانچہ نصیر خان فاروقی نے اُس سے خلوت مین یہ بات کہی کہ مجھے لشکر گجرات سے خصومت کی طاقت نہین ہے تم سلطان احمد شاہ بہمنی کے پاس جاؤ کہ وہ شاہ عظیم الشان ہے یقین ہے کہ تمھاری مدد کر کے مملکت موروثی گجراتیون کے تصرف سے برآورہ کرے اور مین بھی اس بارہ مین اُسے مکتوب بھیجون گا کانتھا بحسب ظاہر نصیر خان سے رنجیدہ ہو کر برہان پور سے روانہ ہوا اور سلطان احمد شاہ بہمنی کے پاس جا کر داد خواہی کی سلطان احمد شاہ نے نصیر خان کے پاس دلحاظ سے بعضے امرا اپنے کانتھا کے ہمراہ کر کے جالوارہ کی طرف روانہ فرمائے اور وہ جب باتفاق کانتھا بدربار کے اطراف مین پہونچے فتنہ و فساد مین کسی طرح کی تقصیر نہ کی پھر بعد اس کے افواج گجرات پہونچی فریقین کے درمیان جنگ واقع ہوئی لشکر بہمنیہ منہزم ہوا اور احمد شاہ بہمنی در پے تدارک ہوا اور شہزادہ علاء الدین کو مع فوج رزمخواہ روانہ کیا اور وہ جب دولت آباد مین پہونچا نصیر خان فاروقی اور راجہ کانتھا اس کی ملاقات کو گئے جیسا کہ سابق مین مرقوم خامہ فصاحت قریں ہوا ہے غرضکہ لشکر بہمنیہ اس مرتبہ بھی مغلوب ہوا اور نصیر خان اور کانتھا کوہستان کندیس مین کہ ولایت خاندیس مین واقع ہے مفرور ہوئے اور جب لشکر گجرات نے خاندیس کو تاخت و تاراج کر کے مراجعت کی نصیر خان برہان پور مین آن کر ولایت کے انتظام مین مشغول ہوا اور ۸۴۲ آٹھ سو چالیس ہجری مین دختر نصیر خان نے اپنے شوہر علاء الدین کی بدسلوکی سے ناراض ہو کر نصیر خان سے شکایت کی اور

اس معاملہ سے اُن کے درمیان مین نزاع بہم پہونچی اور سلطان احمد شاہ گجراتی کی صلاح سے نصیر خان سنہ ۸۴۱ آٹھ سو اکتالیس ہجری مین ولایت برار کی تسخیر کا عازم ہوا اور امرائے برار نے کہ اپنے صاحب سے نفاق رکھتے تھے بہ خبر شکر نصیر خان کو بلا کر یہ بات کہی کہ تم اولاد حضرت عمر ابن الخطاب رضی اللہ عنہ سے ہو ہمارے زہے نصیب کہ آپ کی خدمت مین شہادت پا دین خان جہان سپہ سالار دکن و برار کا کہ رکن عظیم بہمنیہ تھا سردارون کے نفاق سے واقف ہوا اور قلعہ پرنالہ مین قلعہ بند ہو کر سلطان علاء الدین کے ملاحظہ مین ایک عرض داشت مشتمل بحقیقت حال بھیجی امرائے مخالف برار خطبہ نصیر خان کے نام پڑھکر محاصرہ مین مشغول ہوئے سلطان علاء الدین نے بعد قیل وقال بسیار ملک التجار رعب حاکم دولت آباد کو سپہ سالار کر کے مع امرائے مغل نصیر خان کے مقابلہ کو بھیجا اور نصیر خان تاب مقاومت ملک التجار اپنے سے مفقود دیکھکر ولایت برار سے مع امرائے مخالف نکل گیا اور ملک التجار رعب اُس کا پیچھا کر کے برہان پور کی طرف متوجہ ہوا اور نصیر خان فاروقی جو طالب کمک سلطان گجرات سے ہوا تھا قلعہ تلنگ کی طرف راہی ہوا اور ملک التجار رعب برہان پور مین آیا تو عمارات عالیہ کے کھودنے اور آگ لگانے مین مصروف ہوا اور جب سنا کہ لشکر سلطان پور اور ندربار کا مع سپاہ مالوہ اس طرف آیا چاہتا ہے تو بطور تاخت تلنگ کی طرف روانہ ہوا تاکہ کمکیون کے پہونچنے سے پیشتر آتش کارزار مشتعل کرے اور جس روز کہ لڑائی ہونے والی تھی ملک التجار رعب بطی مسافت و راز مع تین ہزار مغل تیر انداز خستہ اور مایندہ ہو کر تلنگ کے اطراف مین پہونچا اور نصیر خان فاروقی نے موقع وقت دیکھکر انتظار کمک نہ کی بہ تعجیل تمام مع افواج آراستہ کہ بارہ ہزار سوار تھے میدان کی طرف روانہ ہوا و شکست فاحش پاکر بیس ہاتھی نامی اور نیز اثاثہ حکومت چھوڑ کر بہ مشقت کمال قلعہ تلنگ مین پہونچا اور وفور رنج اور شدت غصہ سے بیمار ہوا اور چند روز کے عرصہ مین یعنے بتاریخ تیسری ربیع الاول سنہ مذکور مرغ روح اُس کا باغ بہشت کی طرف پرواز کر گیا اور اُس کے بڑے بیٹے میران عادل خان نے تابوت پدر تھالیز مین بھیجکر اُس کے باپ کے پہلو مین مدفون کیا مدت اس کی سلطنت کی چالیس سال اور چھ ماہ اور چھبیس روز تھی۔

ذکر میران عادل خان فاروقی کی سلطنت کا

میران عادل خان سلطان ہوشنگ کا بھانجا تھا اور بعد فوت پدر حکومت خاندیس پر متمکن ہوا اُس نے بھی ہمت ملک التجار کے دفع پر مصروف کی اور ایلچی بھیجکر امرائے گجرات کو بہ تعجیل تمام طلب کیا ملک التجار قلعہ تلنگ کے محاصرہ مین مشغول تھا کہ ناگاہ لشکر سلطان پور کی خبر قرب وصول سنکر دکن کی طرف گیا اور میران عادل خان امور سلطنت مین مصروف ہوا اُسکے بعد تین سال اور آٹھ ماہ اور تیئیس روز مہمات خلائق کے انجام دے کر جمعہ کے دن ماہ ذیحجہ کی آٹھوین تاریخ سنہ ۸۴۴ آٹھ سو چوالیس ہجری مین بلدہ برہان پور مین شہر رہوا اور ملک اپنے بڑے بیٹے مبارک خان کو سپرد کیا کیفیت اس کی شہادت کی جو اس حکایات بے کے جامع پر ظاہر نہ تھی اس واسطے اس کی شرح سے معذور رہوا پھر اُس کا

جنازہ تھالیز مین لے جاکر اس کے باپ اور دادا کی قبر کے متصل پیوند زمین کیا مصرع
خاکش چنان بخورد کرد استخوان نماند

تذکرہ مبارک خان فاروقی بن عادل خان فاروقی کی حکومت کا

اسنے بعد فوت پدر سترہ برس اور چھ مہینے اور نو دن بلا مزاحمت احدی ولایت خاندیس کی ریاست پر اقدام کیا اور بعد حکمرانی ریاست خاندیس جمعہ کے روز بارھوین تاریخ سنہ ۸۶۱ آٹھ سو اکسٹھ ہجری مین اس جہان بے بقا سے کوچ کیا اور اُس کا بیٹا میران غینا المخاطب بعادل خان فاروقی جانشین ہوا اُس کا جنازہ قصبہ تھالیز مین روانہ کرکے خطیرۂ فاروقیان مین دفن کیا

ذکر میران غینا المخاطب بہ عادل خان فاروقی بن مبارک خان فاروقی کی حکومت کا

اس کے استقلال کے موافق کسی حکام ماضیہ خاندیس نے فرمانروائی نہین کی کس واسطے کہ اُس نے اطراف کے راجاؤن سے بحکومت باج لیا اور مقدم کونڈوارہ اور رگڈ رہہ نے اُس نے جادہ اطاعت مین قدم رکھا اور گروہ کولی اور بھیل چوری اور رہزنی سے باز آئے اور جو قلعہ کہ آسا اہیر نے کوہ آسیر پر بنا کیا تھا اس کے باہر دروازہ کی طرف ایک اور قلعہ احداث کرکے دوسرا دروازہ نصب کیا اب وہ قلعہ ایسا سنگین ہے کہ عقل اُس کے تسخیر سے انکار کرتی ہے اور ریب خیال کی مجال نہین کہ اُس کے اطراف مین قدم رکھے اور شہر برہان پور کے اطراف اور دریاے تپتی کے ساحل پر بھی ایک قلعہ احداث کرکے اُنمین عمارات عالیہ تیار کروائے اکثر اوقات وہان تشریف لے جاتا تھا اور اپنا لقب سلطان جھاڑکھنڈی رکھا یعنے شاہ کوہستان جھاڑکھنڈ کہ زبان ہندی مین جنگل نہایت سخت کو کہ گذر انسان کا بدشواری ہوئے کہتے ہین اور کیفیت کوہستان جھاڑکھنڈی اپنے مقام مین بیان ہوچکی ہے اور جب اثانہ شاہی اُس کا باپ دادا سے زیادہ ہوا مغرور ہوکر اُن کے خلاف عمل کیا اور پیشکش اور ایلچی سلطان گجرات کی درگاہ مین بھیجنا یک قلم موقوف کرکے نشان غرور کا بلند کیا جب سلطان محمود بیکرا کو یہ خبر پہونچی سنہ ۸۹۴ آٹھ سو چورانوے ہجری مین لشکر کثیر خاندیس کی طرف بھیجا امراے خاندیس نے پہلے مقابلہ اور مقاتلہ کے لیے پیش قدمی کی آخر کو تاب مقابلہ اپنے مین نہ دیکھی بلا جنگ اُن کے مقابلہ سے روگردان ہوکر قلعہ تھالیز اور آسیر کے قریب آن کر دم لیا اور سپاہ گجرات نے ولایت خاندیس مین جاکر اُس کی خرابی اور ویرانی مین کوئی دقیقہ باقی نہ رکھا اور میران غینا فاروقی کہ قلعہ آسیر مین تھا اپنی سرکشی اور رستنیہ روئی سے نادم اور پشیمان ہوا ایک جماعت اعیان مملکت کو سلطان محمود بیکرا کے پاس بھیجکر باظہار اطاعت اور فرمانبرداری پیشکش کئی برس کی ارسال کی پھر حکام گجرات اس کی ولایت سے دست کش ہوکر گجرات کی سمت روانہ ہوے اس کے

بعد چھیالیس سال اور آٹھ مہینے اور بارہ دن سلطنت بفراغت تمام کرکے روز جمعہ ربیع الاول کی چودھوین تاریخ سنہ ۸۹۷ آٹھ سو ستانوے ہجری مین بہ جوار رحمت ذوالجلال واصل ہوا اور حسب وصیت برہان پور مین دولتمندون کے محل مین مدفون ہوا چونکہ اُس کے بعد فوت کوئی فرزند اُس کا نہ رہا تھا اُس کے بھائی میران داؤد خان بن مبارک خان فاروقی نے حکومت برہان پور پر اختصاص پایا

ذکر داؤد خان فاروقی بن مبارک خان کی حکومت کا

داؤد خان نے بعد فوت برادر اسکے تخت پر جلوس کیا اور حسام اور یار علی کہ دو بھائی تھے اُنھین استقلال تمام حاصل ہوا حسام علی ملک حسام الدین خطاب پاکر مہمات مالی وملکی مین مشغول ہوا اور سنہ ۸۹۶ آٹھ سو چھیانوے ہجری مین میران داؤد خان نے چاہا کہ بعضے پرگنات سرحد احمد نظام شاہ بحری پر متصرف ہووے جب یہ خبر اُسے پہونچی خود مع جمعیت کثیر کوچ بر کوچ احمد نگر سے خاندیس کی طرف متوجہ ہوا اور داؤد خان نے قلعہ آسیر مین پناہ لی اور احمد نظام شاہ نے خاندیس کی تاراجی اور خرابی مین کوشش کی داؤد خان نے مضطرب اور عاجز ہوکر سلطان ناصر الدین خلجی سے اعانت طلب کی اُس نے حق جوار اور ہمسائگی منظور رکھکر اقبال خان کو کہ امراے کبار سے تھا مع فوج بزرگ اُس کی کمک کو بھیجا اور وہ جب آسیر کے اطراف مین پہونچا نظام شاہ افواج مندو کی تاب مقاومت نہ لایا احمد نگر کی طرف روانہ ہوا اقبال خان نے چند روز برہان پور مین قیام کیا اور داؤد خان کو خطبہ سلطان ناصر الدین کی تکلیف دی اور وہ جو چارہ نہین رکھتا تھا سلطان ناصر الدین کا خطبہ پڑھا کر اقبال خان کو رضامند کیا اور اُسے پیشکشہاے لائق مع دو ہاتھی کے دے کر شادی آباد مندو کی طرف رخصت فرمایا داؤد خان اس کے بعد آٹھ سال اور ایک ماہ اور دس روز زمانہ عمر بسر کرکے غرہ جمادی الاول روز سہ شنبہ سنہ ۹۱۴ نوسو چودہ ہجری مین قضاے الٰہی سے فوت ہوا ملک حسام الدین اور ارکان دولت نے متفق ہوکر اُس کے فرزند غزنین خان کو تخت سلطنت پر بٹھایا اور بعد دس روز کے ملک حسام الدین نے نہ معلوم کس وجہ سے اُسے زہر دے کر درمیان سے اُٹھایا اور جو داؤد خان فاروقی کے دوسرا فرزند نہ تھا اس واسطے احمد نگر مین نظام شاہ بحری کے پاس ایلچی بھیجکر خانزادہ عالم خان کو کہ سلاطین فاروقیہ کے احفاد سے تھا اور وہان رہتا تھا طلب کیا اور نظام بحری اور فتح اللہ عماد شاہ کے بمشورہ تخت برہان پور پر تمکن کیا اکثر امرا اور سردارون نے ٹپکا خدمت کا کمر جان پر باندھا لیکن ملک لاون کہ اُس دولت خانہ کے اعیان سے تھا عالم خان کی بادشاہی پر راضی ہوکر قلعہ آسیر اپنے تصرف مین لایا اور ملک حسام الدین سے اس امر مین مخالفت کرکے قلعہ مذکور مین قلعہ بند ہوا اور جسوقت مین کہ غزنین خان دس روز کے حکومت کے گناہ کے سبب زندان لحد مین گرفتار ہوا تھا عادل خان فاروقی بن نصیر خان فاروقی نے کہ محمود شاہ

بیکرا کا نواسا تھا اور تھالیز کی سرحد مین اقامت رکھتا تھا اپنی والدہ کے باتفاق شاہ محمود بیکرا کو اس مضمون کا عریضہ گجرات مین بھیجا کہ داؤد خان فاروقی فوت ہوا مہمات حکمرانی مین نہایت فتور بہم پہونچا ہے اگر اس صورت مین باپ کی جگہ اس فقیر کو مرحمت ہووے نہایت ذرہ پروری ہوگی الغرض شاہ محمود بیکرا نے درخواست اس کی قبول کی جو خوب جانتا تھا کہ یہ معاملہ بدون اپنی توجہ کے ظہور نہ پکڑیگا ناچار بہ نفس نفیس خاندیس کیطرف متوجہ ہوا اور ملک حسام الدین نے مضطرب ہوکر بتعجیل آدمی احمد نظام شاہ بحری اور فتح اللہ عماد شاہ کے پاس بھیجکر اس قدر تضرع کی کہ وہ مع جمعیت اپنی بقصد اعانت برہان پور مین آئے لیکن جو محمود شاہ بیکرا نے اثنار راہ مین خبر جلوس خانزادہ عالم خان اور مخالفت ملک لادن کی اس کی نسبت سنی آب نربدہ کے کنارہ نزول کرکے ماہ رمضان وہان بسر کیا اور ماہ شوال مین آگے روانہ ہوا جب تھالیز مین پہونچا عالم شاہ اُس قلعہ کے تھانہ دار نے عزیز الملک تھانہ دار سلطان پور کے وسیلہ سے سلطان کی ملازمت کی اور قلعہ خالی کرکے ملازمان درگاہ کے سپرد کیا نظام شاہ اور عماد الملک نے جب لشکر خاندیس کی دورنگی اور سیاہ گجرات کی شوکت دریافت کی صلاح توقف مین ندیکھی ہر ایک نے چار ہزار سوار عالم خان اور ملک حسام الدین کے پاس چھوڑکر کا ویل کی راہ لی اور سلطان محمود بیکرا نے آصف خان اور عزیز الملک کو مع لشکر آراستہ ملک حسام الدین اور عالم خان کی تنبیہ کو جو نصف ولایت خاندیس پر متصرف تھے بھیجا افواج دکن جب اُن کی توجہ سے واقف ہوئی ملک حسام الدین کے بے رخصت کوچ کرکے اپنے سردارون کے پیچھے روانہ ہوئی اور ملک لادن کہ وہ بھی نصف مملکت خاندیس تصرف مین رکھتا تھا سب سے پیشتر آصف خان کے استقبال کو گیا اور آصف خان ملاقات کرکے اسے اپنے ہمراہ سلطان کی خدمت مین لے گیا اور ملک حسام الدین یہ خبر سنکر عالم خان کو دکن کیطرف بھیجکر خود بھی تھالیز مین سلطان کی قدمبوسی کو گیا سلطان نے دونون پر عنایت شاہانہ مبذول فرمائی اور بعد عید الضحے ساعت سعد اور طالع مسعود مین عادل خان فاروقی کو خطاب اعظم ہمایون دے کر مظفر شاہ گجراتی کی بیٹی کو کہ وہ اور سلطان مظفر دونون ایک ماں سے تھے اس کے عقد مین منعقد کرکے حکومت برہان پور پر اجلاس بخشا اور ملک لادن کو خان جہان خطاب دے کر موضع بناس کہ ملک لادن کا جاے پیدایش تھا انعام دیا اور ملک ماکھا ولد عماد الملک آسیری کو غازی خان اور ملک عالم شہ تھانہ دار تھالیز کو قطب خان اور ملک حافظ کو محافظ خان اور اس کے بھائی ملک یوسف کو سیف خان خطاب دیکر اعظم ہمایون کے ہمراہ کیا اور چالیس ہاتھی اور بیس لاکھ تنکہ نقد کہ مراد روپیہ سے ہے اُسے مدد خرچ کے واسطے مرحمت کیے اور ملک نصرۃ الملک اور مجاہد الملک گجراتی کو اُس کی خدمت مین چھوڑکر تھالیز سے سلطان پور اور ندربار کی طرف متوجہ ہوا اور منزل اول مین ملک حسام الدین بغل کو شہریار خطاب دے کر رخصت انصراف فرمائی

ذکر عادل خان فاروقی بن نصیر خان المخاطب بہ اعظم ہمایونکی حکومتکا

جب عادل خان سلطان محمود اپنے جد مادری کی امداد سے سلطنت خاندیس پر متصرف اور متمکن ہوا بلا توقف تھانیسر سے برہان پور مین آن کر باموز جہانداری مصروف ہوا اور ملک حسام الدین شہریار مغل اور عادل خان بسبب اس نزاع کے کہ ملک لادن خان جہان سے رکھتے تھے برہان پور سے تھانیسر مین جاکر مقیم ہوئے اور بعد چند روز کے خبر پہونچی کہ ملک حسام الدین نظام شاہ سے متفق ہوکر چاہتا ہی کہ عالم خان کو برہان پور کا والی کرے اور عادل خان جب اس ماجرے سے مطلع ہوا حسام الدین شہریار کو آدمی بھیجکر طلب کیا اور وہ اصل مطلب سے واقف ہوا مع چار ہزار سوار برہان پور کی طرف متوجہ ہوا اور جب اس شہر کی نواح مین پہونچا عادل خان تین سو سوار گجراتی سے استقبال کرکے اسے اپنے مکان پر لے گیا اور خلعت دے کر لشکرگاہ کی طرف رخصت کیا دوسرے دن اپنے محرمون سے یہ مشورہ کیا کہ ملک حسام الدین جب دیوانخانہ مین آوے گا اُس کا ہاتھ پکڑکے خلوت خانہ مین لے جاؤن گا پھر رخصت کے وقت دریاشہ گجراتی جو ہمارا سپاہی ہی ضرب کاری ملک حسام الدین کے سر پر رسید کرے اور اس کے قتل ہونے کے بعد آدمی اس کے جابجا متفرق اور پریشان ہوجاوین گے یہ صلاح کرکے آدمی اُس کے بلانے کو بھیجا ملک حسام الدین کہ اپنی جمعیت پر نہایت مغرور تھا آیا اور بعد ملاقات کے بطریق مشورہ ملک حسام الدین کا ہاتھ پکڑکے اپنے خلوت خانہ مین لے گیا اور پھر کچھ ادھر ادھر کا تذکرہ کرکے رخصت فرمایا ابھی وہ سلام کرکے سیدھا نہوا تھا کہ دریاشہ نے ایسی تلوار اُس کے سر پر ماری کہ وہ خیار کی طرح دوپارہ ہوا جب ملک برہان عطاء اللہ گجراتی کہ اعظم ہمایون کا وزیر اعظم تھا اس امر پر واقف ہوا مع ایک جماعت گجراتیان سے کہ اُس کے ہمراہ تھی آن کر فرمایا کہ خراخوارون کو مارو یہ سنتے ہی گجراتیون نے تلوار میان سے کھینچی ملک ماکھا المخاطب بغازی خان اور علاوہ اس کے اور بھی سردار جو ملک حسام الدین شہریار کے ہمراہ تھے بھاگے اور چار سو غلام حبشی اور گجراتی جو دربار مین حاضر تھے اُنھون نے اُن کا پیچھا کیا غازی خان اور بہت سے امرا اور سپاہی مارے گئے اور نصف ولایت جو تصرف مین رکھتے تھے برآوردہ ہوئی ابھی لشکر گجرات نہ آیا تھا کہ مملکت خاندیس دشمنی کے خس و خاشاک سے پاک اور صاف ہوئی اور عادل خان فاروقی المخاطب بہ اعظم ہمایون بعد اس واقعہ کے ایک روز قلعہ آسیر مین گیا اور ایک ساعت کے بعد برآمد ہوا اور دوسرے دن سلطان محمود گجراتی کو لکھا کہ ایکبار مین قلعہ کی سیر کو گیا تھا شیرخان اور سیف خان جن کے تصرف مین وہ قلعہ ہی مین نے انھین نفاق اور شیطنت سے خالی نہ پایا اور باوجود اس کے کہ ملک حسام الدین قتل ہوا دونون سردار آپس مین متفق ہوکر درپی نفاق ہین اور ایک مکتوب احمد نظام شاہ بحری کو لکھکر خانزادہ عالم خان کو طلب کیا ہی اور بالفعل احمد نظام شاہ مع خانزادہ عالم خان اور اپنی افواج و فوج راجہ کالنہ کے سرحد پر آن کر مقیم ہوا ہی بندہ بنے خان جہان اور مجاہد الملک اور امرا کے باتفاق جاکر قلعہ آسیر کو محاصرہ کیا اگر

نظام شاہ اس مخلص کی ولایت مین قدم رکھے گا مہمات قلعہ کو موقوف رکھکر اُس کی جنگ مین مشغول ہون گا شاہ محمود نے مضمون مکتوب پر اطلاع پاکر فوراً بارہ لاکھ روپیہ نقد اس کے واسطے ارسال فرمائے اور دلاور خان اور صفدر خان اور دیگر امرا کو سامان جنگ درست کرکے روانہ کیا اور اس کے درجواب لکھا کہ آن فرزند ارجمند خاطر جمع رکھے ہنگام ضرورت مین خود بہ نفس نفیس متوجہ ہونگا احمد نظام شاہ بحری کہ ایک غلام شاہان دکن سے ہی اُسنے بقدر قوت کہان سے بہم پہونچائی کہ اس فرزند کی ولایت مین قدم بڑھاکر درپے مضرت رسانی ہوا اور نظام شاہ کے ایلچی کو بھی گجرات گیا تھا خوب دھمکا یا آخرش نظام شاہ بحری یہ حال دیکھکر اپنی ولایت کی طرف راہی ہوا اور شیر خان اور ملک یوسف المخاطب بہ سیف خان عہدہ ان نے کرنٹلعہ سے برآمد ہوا اور ولایت کاویل مین جاکر دم لیا اور عادل خان فاروقی المخاطب باعظم ہمایون نے بعد پہونچنے لشکر گجرات کے راجہ کالنی کے اوپر کہ مطیع احمد نظام شاہ بحری تھا جاکر بعضے دیہات اور قریون کو تاخت وتاراج سے خراب کیا اور کالنہ کے راجہ نے پیشکش دی اس وقت عادل خان نے لشکر گجرات کو رخصت کرکے آسیر کی طرف مراجعت کی اور ۹۳۳ھ نوسو تینیس ہجری مین ہمراہ اپنے ماموں شاہ مظفر گجراتی کے شادی آباد مندو مین جاکر خدمات شائستہ پیش پہونچائین اور جو یہ کیفیت وقائع گجرات مین بہ تفصیل تحریر ہوچکی ہی لہذا مصنف اس کی تکرار مین نہین مشغول ہوا اور ۹۳۶ھ نوسو چھبیس ہجری مین بمرض الموت مبتلا ہوکر ماہ رمضان کی دسوین تاریخ روز جمعہ کو اس سرائے دوروسے انتقال کیا اور ایام اُس کی حکومت کے انیس ۱۹ برس تھے من بعد بیٹا اس کا میران محمد شاہ فاروقی کہ بھانجا بہادر شاہ گجراتی کا تھا اپنے باپ کا جانشین ہوا

ذکر میران محمد شاہ فاروقی بن عادل خان فاروقی کی حکومت کا

یہ بادشاہ اپنے والد کی فوت کے بعد تخت برہان پور پر جلوہ گر ہوا اور آخر کو جیسا کہ مذکور ہوتا ہی سلطنت گجرات پر بھی فائز ہوا لفظ بادشاہ اس پر اطلاق ہوا اور یہ شخص اول اُس خاندان سے ہی کہ جس نے خطاب شاہی پایا اور اس عرصہ مین جو نظام شاہ اور عماد الملک کے درمیان قلعہ ماہور اور بعضے پرگنات کی بابت نزاع واقع ہوئی تھی عماد الملک بوسیلہ میران محمد شاہ کے سلطان بہادر شاہ سے ملتجی ہوکر طالب صلح ہوا بہادر شاہ گجراتی نے عین الملک حاکم تپن کو دکن کی سرحد پر بھیجا تو بخوبی حال دریافت کرکے نظام شاہ اور عماد الملک کے درمیان صلح کرائے برہان نظام شاہ بحری نے شاہ بہادر شاہ کی خاطر سے اس سال عماد الملک کے ساتھ صلح کی اور عین الملک جب اپنے مقام پر پلٹ گیا برہان نظام شاہ بحری دوبارہ ملک گیری کی فکر مین ہوا اور قلعہ ماہور کو مع بعضے پرگنے اور قصبات برار اپنے تصرف مین لایا اور عماد الملک عاجز اور نہایت مغلوب اور زبون ہوا میران محمد شاہ فاروقی کو مدد کے واسطے طلب کیا اور میران محمد شاہ فاروقی ۹۳۴ھ نوسو چونتیس ہجری مین سامان

حرب درست کرکے مع فوج علاء الدین عماد شاہ کی مدد کے واسطے دکن مین آیا اور بہ اتفاق عماد الملک
دریاے گنگ کے کنارہ برہان نظام شاہ بحری کے مقابل آن کر صف آرا ہوا اور برہان نظام شاہ
بحری کو شکست دے کر اُس کے لشکر کو پراگندہ کیا اور باتفاق عماد الملک قرار فتح اپنی نسبت دیکر
از روے بے پروائی معرکہ مین ایستادہ ہوا جو کہ ان کی فوج کسی قدر تعاقب مین اور ایک جماعت تاراج
کے واسطے روانہ ہوئی تھی اور برہان نظام شاہ بحری شکست کے بعد ایک دیہہ کی پناہ مین ایستادہ
تھا مع تین ہزار سوار پلٹ کر میدان کی طرف روانہ ہوا اور غنیم کو مہلت خیل وحشم فراہم کرنے کی نہ دی
قریب شام حملہ آور ہوا تائید ایزدی سے دونون کو معرکہ سے ہزیمت دی اور دونون کے اثاثہ
سلطنت پر کہ فیل و توپخانہ وغیرہ سے مراد ہی متصرف ہوا اور چار کوس تعاقب کرکے بہت سے
پس ماندون کو تہ تیغ کیا اور عماد الملک بجال عجیب اس مخمصہ سے کاویل کی طرف اور میران شاہ
فاروقی آسیر کی سمت مفرور ہوئے اور مکتوب سلطان بہادر گجراتی کو لکھے اور جو کہ دونون نے
امداد کے بارہ مین نہایت الحاح اور حد سے مبالغہ کیا تھا سلطان بہادر گجراتی مع سپاہ رزمخواہ
برہان پور کی سمت آیا اور باتفاق میران محمد شاہ فاروقی ولایت برار مین داخل ہوکر جب جالنہ پور
مین پہونچا اس ملک کی طمع دامنگیر ہوئی اور چاہا کہ کسی ڈھب سے مملکت برار کو عماد الملک کے تصرف
سے برآوردہ کرکے اپنے متعلقون کے سپرد کرے اور خود دار الملک احمد نگر کی سمت عازم ہوکر
اس ولایت کو بھی برہان نظام شاہ بحری سے چھینکر اُس کا خطبہ اپنے نام پڑھے عماد الملک سلطان بہادر
کے بلانے سے نہایت شرمندہ ہوا میران محمد شاہ سے سلطان بہادر کی شکایت کی اور میران
محمد شاہ نے یہ جواب دیا کہ خود کردہ را علاجے نیست ایسا کام نہ کرنا چاہیے تھا جس کا یہ انجام واقع
ہوا اور اب صبر و تحمل کے سوا کوئی تدبیر نہین ہی اتفاقاً انھین دنون مین کوئی ایسی تقریب ہوئی
میران محمد شاہ نے معروض رکھا کہ مملکت برار سلطان سے علاقہ رکھتی ہی اس مملکت مین استقامت
سے کچھ فائدہ نہین صلاح دولت یہ ہی کہ خطبہ اس مملکت کا اپنے نام پڑھکر عماد الملک کو نوکرون کے
سلک مین منتظم کرکے احمد نگر کی طرف تشریف لے جاوین اور اُسے بھی فتح کرین سلطان کو یہ رائے
پسند آئی پھر برار مین خطبہ اپنے نام پڑھا اور عماد الملک کو ملازم کرکے احمد نگر کی طرف روانہ ہوا اُس
مقام سے ساتھ اس تقریب کے کہ مشروحًا اپنے مقام مین لکھا گیا ہی دولت آباد کی سمت گیا اور میران
محمد شاہ کی حسن تدبیر سے بہادر شاہ نے تسخیر مملکت نظام شاہ اور عماد الملک سے دست کش ہوکر
معاودت کی اور ۹۳۲ھ نو سو سینتیس ہجری مین سلطان بہادر نے مالوہ کی تسخیر کی عزیمت کی میران
محمد شاہ طلب کے بموجب اس کے پاس گیا اور بلدۂ مندو کے لینے مین بہت کوشش کی اور
اُسے فتح کرکے رخصت ہوا اور اسی سال برہان پور کی سمت معاودت کی اور برہان نظام شاہ
ممالک مالوہ کی تسخیر کی خبر سنکر نہایت مضطرب ہوا اور شاہ طاہر کو برسم رسالت برہان پور بھیجا تو طریق
مصادقت جاری کرکے دروازہ خصومیت کے مفتوح کرے بہادر شاہ گجراتی دوسرے برس

یعنے سنہ ۹۳۸ نو سو اڑتیس ہجری مین برہان پور مین تشریف لایا جیسا کہ وقایع دکن و گجرات مین بیان ہوا اور میران محمد شاہ کی مساعی جمیلہ سے برہان نظام شاہ اور سلطان بہادر کے درمیان لوازم صداقت غائبانہ قرار پائے اور برہان نظام شاہ میران محمد شاہ کے کہنے سے سلطان بہادر کی ملاقات کے واسطے برہان پور گیا سلطان اُس کے آنے سے نہایت محظوظ ہوا چتر اور سراپردہ سرخ اور خطاب نظام شاہی اُسے عنایت فرما کر یہ ارشاد کیا مین نے دشمن کو سلطنت سے اُٹھایا اور دوست کو شاہ بنایا اس کے بعد برہان نظام شاہ کو خوش دل اور کامیاب احمد نگر کی طرف روانہ کیا اور خود پھر ولایت مالوہ مین گیا میران محمد شاہ نے پھر اُس کی ہمراہی کر کے خدمات شائستہ مین تقصیر نہ کی اور نقد رخصت حاصل کر کے برہان پور مین آیا جس وقت سلطان بہادر قلعہ چیتور پر گیا میران محمد شاہ سامان سفر درست کر کے اُس کے پاس پہونچا اور جس دم کہ سلطان بہادر ہمایون بادشاہ کے مقابلہ سے مندو کی طرف بھاگا وہ ہمراہ تھا اور جبکہ مندو سے چنیا نیر کی سمت جاتا تھا میران محمد شاہ کو آسیر کی طرف رخصت فرمایا اور جب جنت آشیانی نصیر الدین محمد ہمایون شاہ نے گجرات کو مسخر کیا ایک معتمد ان درگاہ سے آصف خان نام کو احمد نگر مین برہان نظام شاہ بحری کی استمالت کے لیے بھیجکر پیشکش کا طالب ہوا اُس کے بعد ولایت خاندیس کی تسخیر کے ارادہ سے برہان پور گیا میران محمد شاہ فاروقی یہ خبر سنکر مضطرب ہوا مکتوب متواتر برہان نظام شاہ بحری کے پاس بھیجکر اُس امر کی تدبیر اور اپنی رہائی کے بارہ مین مشورہ کیا برہان نظام شاہ بحری نے حقوق سابق کی رعایت کر کے ایک عریضہ شاہ طاہر جنیدی سے لکھوا کر جنت آشیانی نصیر الدین محمد ہمایون بادشاہ کے پاس کہ برہان پور کے اطراف مین پہونچا تھا ارسال کیا اُس کا ترجمہ حرف بہ حرف یہ ہے بندہ دولتخواہ لاکلام برہان نظام بعد ادائے لوازم اطاعت اور شرائط انقیاد کے کہ بندگان صمیمی پر واجب و لازم ہے آئینہ رائے گیتی نما پر ظاہر اور باہر کرتا ہے کہ جب تک معمار خانۂ قضا بنیاد قصر عالم کو ساتھ ارکان ان اللہ یامر بالعدل والاحسان کے آمیزش قصور سے نگاہ رکھے اور جب تک چارہ ساز حقیقی سلاطین بنی آدم کی طبیعتون کو ساتھ نفاذ فرمان یا ایہا الذین آمنوا کونوا قوامین بالقسط کے ارتکاب ظلم و جور سے محفوظ رکھے ہمیشہ حضرت عالی کا بنائے قصر سلطنت اور میدان سرائے خلافت سلاطین نامدار کا جائے قرار اور حکام صاحب اقتدار کا ملجا اور ماوا ہو جو مقصد یہ ہے کہ اس اوقات مبارک آیات مین فرمان ہمایون قال سراپا سعادت و اقبال طغرائے امانی و امال سے مزین ہو کر دیوان تضا جریان سے مصحوب جناب آصف خان کہ بمزید رتبہ ہمچشمون مین ممتاز ہین اس کمترین درگاہ اور صادق الاعتقاد بے اشتباہ کے نام صادر ہوا تھا مراسم مباہات اور لوازم افتخار کے ساتھ اس کو سر و چشم پر رکھا اور قسم قسم کے استمالت شاہانہ اور اصناف عنایات خسروانہ کہ اس سے مستفاد تھے مطمئن اور مستمال ہو کر مستعد بحصول مقصود اور متوجہ فرمانبرداری کا تھا کہ عالی جناب محمد خان فاروقی المخاطب بہ میران محمد شاہ سے کہ آباؤ اجداد سے منتظم سرداری ولایت

برہان پور اور آسیر کا ہی مکاتیب صادر ہوئے سب مکاتیب کے مضمون سے اس کا حسن عقیدہ و کمال ارادت نواب کامیاب کی ساتھ تھا اور حضور کی نواب خدام کی طرف سے انواع الطاف کا شکریہ تھا دلپذیر خاکسار رہوئے عالم پناہ شمہ از احوال عرائضہ خان مشار الیہ سے مقربان مجلس اعلے پر واضح اور لائح ہوگا اور جو اس دولت خواہ اور عالی جناب مشار الیہ کے درمیان رابطہ الفت قدیمی تھا اس سبب ہاتھ عجز اور محتاجی کا موقف معلے مین اُٹھا کر زبان عجز بیان سفارش کے واسطے کھول کر التماس کرتا ہی کہ جس طور سے تمام سلاطین سابقہ اور خواقین صادقہ جو در پی جہانگیری اور کشور کشائی ہوئے ہین خصوصاً آن حضرت کے اجداد کرمت شعار معدلت آثار کتابہ کاخ سلطنت کا رقوم مناقب اور مآثر سے اُن کے آراستہ ہی اور عصابہ تاج خلافت کا اُن کے رسوم مجاہدہ سے پیراستہ ہی حضور بھی آیہ کریمہ فاعفوا واصفحوا حتے یاتی اللہ بامرہ کو راے جہان آرا سے کے پیش نظر فرما کر اس دولتخواہ و اُس کے ساتھیون کی تقصیرات اضطراری اور لغزشہاے بے اختیاری کو مراحم ذاتی اور مراسم مکارم جبلی سے معاف فرماوین اور عنایات بے پایان سے نواب کامیاب کو اشارہ فرماوین کہ دست تصرف اُس کی ولایت محقر سے باز رکھکر در پی ازدیاد عنایت اور مزید رعایت ہون تو اُس طریقہ ستودہ مین اپنے اجداد اور اسلاف کی اقتدا فرما کر حکام اطراف کے دل مسرور کرتے رہین امید کہ بمعنی کمال خلوص اور دولت خواہی پر محمول ہوکر صورت اس التماس کی ساتھ حسن قبول کے مزین ہووے اور کوئی دوسرا امر خاطر اشرف والے مین مرکوز نہووے سواے اطاعت اور فرمانبرداری کے دوسرا امر ظہور مین نہ آویگا اور ہر حال مین حکم اعلی بسر و چشم ہی اس کے بعد برہان نظام شاہ بحری اور ابراہیم عادل شاہ اور سلطان قطب شاہ اور علاء الدین عماد شاہ جب بالقصد امداد میران محمد شاہ فاروقی مقام سرکشی مین ہوئے جنت آشیانی نصیر الدین محمد ہمایون بادشاہ نے میرزاؤن کی بے اتفاقی سے اور شیر شاہ افغان کی بغاوت سے صلاح وقت نہ دیکھا خاندیس کو تاخت و تاراج کرکے شادی آباد مندو کی طرف متوجہ ہوا اور جب سلطان بہادر بندر دیپ سے گجرات کی طرف متوجہ ہوا جنت آشیانی بعضے امور کے سبب شادی آباد مندو سے آگرہ کی سمت روانہ ہوا شاہ بہادر شاہ گجراتی نے میران محمد شاہ فاروقی کو واسطے نکالنے امراے مغل کے ولایت مالوہ سے تعین کیا میران محمد شاہ فاروقی برہان پور سے مالوہ کی طرف متوجہ ہوا اور باتفاق ملوخان شادی آباد مندو کو امراے چغتائی یعنے مغل سے برآوردہ کرکے ابھی ولایت مالوہ مین تھا کہ سلطان بہادر گجراتی اہل فرنگ کے ہاتھ سے شہد شہادت چکھکر روضہ رضوان کی طرف خراماں ہوا اور جو کہ وہ لاولد تھا سلطان بہادر کی والدہ نے جمیع امراے گجرات کو جمع کرکے میران محمد شاہ فاروقی کو شاہ بناکر غائبانہ سکہ اور خطبہ گجرات کا اس کے نام کرکے لفظ شاہ کا اُس کے نام مین داخل کیا اور یہ وہ شخص ہی کہ اول جس نے اُس سلسلہ مین خطاب شاہی پایا اور جب امراے گجرات نے چتر اور تاج مرصع بہادر شاہ گجراتی کا اُس کے واسطے مالوہ مین بھیجا اور التماس قدوم کی میران محمد شاہ فاروقی نے تاج شاہی زیب سر کرکے گجرات کی روانگی کی تیاری کی قضارا بیمار ہوکر ذیقعدہ کی تیرھوین

تاریخ ۹۴۳ھ نو سو تیتالیس ہجری مین دار القرار کی سمت روانہ ہوا اور ارکان دولت نے اس کا تابوت برہان پور مین پہونچا کر عادل خان فاروقی کے خطیرہ مین دفن کیا اور چونکہ اسکا کوئی فرزند بادشاہی کے لائق نہ تھا اس واسطے اُسکے منجھلے بھائی میران مبارک شاہ فاروقی کو خاندیس کا فرمانروا کیا

ذکر حکومت میران مبارک شاہ بن عادل خان فاروقی

میران مبارک شاہ فاروقی نے اپنے بھائی کی خبر فوت جب برہان پور مین سنی چند روز سوگوار رہکر ماتم داری مین مشغول ہوا جو میران محمد شاہ فاروقی کا کوئی لڑکا حکومت کے لائق نہ تھا امرا اور اعیان مملکت نے اتفاق کرکے اُسے تخت پر بٹھایا اور میران مبارک شاہ نے حکومت پر اشتغال کرکے سلوک خوب اختیار کئے اور امرائے گجرات نے احمد آباد کی شاہی کو محمود شاہ گجراتی بن شاہزادہ لطیف خان کے لیے مناسب جان کر اختیار خان کو بطلب اس کے خاندیس مین بھیجا کس واسطے کہ شاہ بہادر گجراتی نے اپنے بھتیجے سلطان محمود شاہ کو میران محمد شاہ فاروقی کے سپرد کیا تھا اور جس کو اس نے اپنے ایک قلعہ مین قید کر رکھا تھا اور اُس کے احوال سے باخبر اور ہوشیار رہتا تھا جب اختیار خان برہان پور مین پہونچا اور محمود شاہ گجراتی کو طلب کیا میران مبارک خان فاروقی نے اس امید پر کہ امرائے گجرات مضطر اور ناچار ہوکر مجھے وہان کی بادشاہی پر منصوب کرین گے سلطان محمود شاہ گجراتی کے بھیجنے مین تامل کیا اور اعیان گجرات یہ امر سمجھکر بجمعیت تمام جنگ پر آمادہ ہوکر ولایت خاندیس کی طرف متوجہ ہوئے میران مبارک خان فاروقی نے حسب فرمایش خیر اندیشان سلطان محمود کو قلعہ سے برآورد کرکے اختیار خان گجراتی کے ہمراہ جو اس کی طلب مین احمد آباد سے آیا تھا روانہ کیا اور اسی عرصہ مین عماد الملک جو سلاطین گجرات کے غلامون سے تھا بھاگ کر برہان پور مین آیا میران مبارک شاہ سلطنت گجرات کی امید پر بمقام معاونت مین ہوا اور عماد الملک نے دس ہزار سوار گجراتی فراہم کئے اور دریا خان سلطان محمود کو اُبھار کر بقصد اخراج میران مبارک شاہ اور عماد الملک روانہ ہوا اور گجرات اور خاندیس کی سرحد مین دونون مین جنگ عظیم ہوئی میران مبارک شاہ شکست کھاکر قلعہ آسیر مین در آیا اور عماد الملک مندو کی طرف بھاگ کر قادر شاہ کے پاس پناہ لے گیا سلطان محمود جب خاندیس کی تاراج و غارت مین مشغول ہوا میران مبارک شاہ نے مجبوری پیشکش بہت دے کر صلح کی اور سلطان محمود پلٹ کر اپنی ولایت مین گیا اور بعد ایک مدت کے صاحب اقتدار ہوا قصبہ ندربار اور سلطان پور میران مبارک شاہ کو دیا اور اُس کے دینے کی یہ وجہ تھی کہ جس عرصہ مین سلطان محمود اور میران مبارک شاہ قلعہ آسیر مین قید تھے سلطان محمود نے اس سے یہ وعدہ کیا تھا کہ اگر توفیق سبحانی اور تائید یزدانی سے مین گجرات کا بادشاہ ہون گا تجھے قصبہ ندربار ارزانی رکھون گا اس واسطے عہد و قول پر وفا کرکے ایام سلطنت مین ندربار کو اُس کے تصرف مین چھوڑا اور ۹۶۹ھ نو سو انہتر ہجری مین بازبہادر والی مالوہ لشکر مغل کے غلبہ کے سبب عروس مملکت کی ہم آغوشی سے محروم ہوکر میران مبارک شاہ کے پاس پناہ لایا اور

پیر محمد خان حاکم مالوہ اُس کے اخراج پر عازم ہو کر ولایت خاندیس مین آیا اور برہانپور تک تاخت کر کے قتل و اسیری مین تقصیر نہ کی اور خاندیس کے وضیع و شریف اور ان کے اہل و عیال مغل کے دست جور مین گرفتار ہوئے اور جو فساد کہ خیال مین بھی نہ تھا وہ واقع کیا میران مبارک شاہ قلعہ آسیر مین در آیا اور تفال خان حاکم برار کو کمک کے واسطے طلب کیا جب وہ نہایت سامان اور شوکت سے جلد خاندیس مین پہونچا میران مبارک شاہ اور باز بہادر دونون متفق ہو کر بغرض دفع پیر محمد خان متوجہ ہوئے امرا اور سپاہ مغل کہ مال اور اسباب فراوان اُن کے ہاتھ آیا تھا خاندیس کے محبوبون سے عیش و عشرت مین مشغول ہوئے اور محاربہ اور مقاتلہ کی رغبت نکر کے معاودت پر مائل ہوئے اور پیر محمد خان نے امرا اور افسران سپاہ کی موافقت کے سوا چارہ نہ دیکھا مالوہ کی طرف عازم ہوا اور سلاطین ثلثہ نے باتفاق اُس کا تعاقب کیا جو تمام سپاہ مغل غنائم کے لے جانے مین مشغول تھی پیر محمد خان کا ساتھ نہ دیا اور شب و روز قطع مسافت کر کے اپنے سپہ سالار سے پیشتر آب نربدہ سے عبور کیا تفال خان اس امر سے واقف ہوا نربدہ کے اطراف مین تاخت کر کے اُردوے مغل پر جا پڑا اور پیر محمد خان استر آبادی نے طاقت مقاومت اپنے مین نہ دیکھی بے اختیار خیمہ و خرگاہ اور ساز و سلب سے قطع نظر کر کے بھاگا اور تفال خان جلو ریز تعاقب مین تھا اور باز بہادر کے آدمیون نے ناؤ بیڑا اس پار سے ہٹا دیا تھا پیر محمد خان نے ساحل نربدہ پر پہونچکر گھوڑا دریا مین ڈالا اُس طور سے کہ ذکر اس کا سابق مین مرقوم ہوا غرضکہ پیر محمد خان ورطۂ ہلاکت مین غرق ہوا اور باقی ہمراہی اُس کے سلامت نکل گئے اور مال و اسباب نقد جنس مغلون کا لٹ گیا میران مبارک شاہ اور تفال خان باز بہادر کی امداد کے لیے مالوہ مین آئے اور امرائے مغل کو اس ناحیہ سے نکال دیا اور باز بہادر نے شادی آباد مندو کے تخت پر تمکن بٹھلا کر مراجعت کی اور میران مبارک شاہ ماہ جمادی الآخر کی چھٹی تاریخ بدھ کی رات کو ۹۷۴ھ نو سو چوہتر ہجری مین بقضائے الٰہی سے فوت ہوا اُس کا بیٹا میران محمد خان قائم مقام ہو کر متصدی امور ریاست اور حکومت ہوا مبارک خان کی ایام حکومت تیئیس سال ہے

ذکر میران محمد شاہ فاروقی بن مبارک شاہ فاروقی کی حکومت کا

مبارک شاہ نے جب اس سرائے فانی سے کوچ کیا اس کا بیٹا محمد شاہ نائب مناب ہو کر مہمات سلطنت کے انتظام مین مصروف ہوا اور اُسی سال جلوس مین چنگیز خان گجراتی اعتماد خان وکیل سلطنت کی تحریک کے سبب سلطان مظفر گجراتی کو گجرات سے اُبھار کر مندر بار مین آیا اور میران محمد شاہ کا تھانہ اُٹھا دیا جب کوئی اُس کے احوال سے متعرض نہوا قدم آگے بڑھایا اور قلعہ تھالیز کے اطراف تک متصرف ہو کر بقدر امکان میران محمد شاہ فاروقی کے ممالک مین مزاحمت بہونچائی اور میران محمد شاہ نے تفال خان حاکم برار کو مدد کے واسطے بلایا اُس کے باتفاق چنگیز خان کے مقابلہ کو روانہ ہوا اور تھالیز کے اطراف مین چنگیز خان کے قریب جا کر چاہا کہ کارزار مین مشغول ہووے چنگیز خان باوجود بہادری اور شجاعت کے

اُس دن نہایت خوف اور رعب کے غالب ہونے سے برخاست کرکے جانے قلعہ مین فروکش ہوا اور اراے توپ و بندوق اپنے وائرہ کے گرد کھینچکر شام تک وہان سے حرکت نہ کی اور جب شب ہوئی خیمہ اور ڈیرہ اور اشیاے ثقیل چھوڑکر برہانپور کی طرف بھاگا خاندیسیون اور دکنیون نے واقف ہوکر چنگیز خان کا مال و اسباب تاراج کرکے اُس کے تعاقب مین کوشش کی اور توپ اور اراے اور ہاتھی نامی تصرف مین لاکر پلیٹ آئے اور چند روز ولایت گجرات مین پورا خلل رہا خلائق گجرات کو عموماً معلوم ہوا کہ شاہ مظفر گجراتی سلاطین گجرات کے خاندان سے نہین ہے اس واسطے میران محمد شاہ فاروقی نے ولایت گجرات واسطے اپنے مناسب جانکر زرخطیر صرف کرکے جمعغفیر جمع کیا اور ایک جماعت سرداران گجرات کی اُس کے شریک ہوئی چنانچہ تیس ہزار سوار ہمراہ رکاب کے کرا احمد آباد کی طرف روانہ ہوا اور چنگیز خان کہ ان دنون احمد آباد پر مسلط ہوا تھا میرزایان مذکور اس سے ملحق ہوئے اور چنگیز خان آٹھ سات ہزار سوار لے کر احمد آباد سے برآمد ہوکر سرگرم وغا ہوا اور میران محمد شاہ میرزاؤن کی اعانت اور امداد کے سبب تاب مقاومت نہ لایا شکست کھاکر آسیر کی طرف بھاگا اور چنگیز خان مال اور اسباب اور اثاثہ شوکت اُس کا اپنے قبض و تصرف مین لایا اور چند روز کے بعد میرزایان مذکور چنگیز خان سے متوہم ہوکر گجرات سے بھاگے اور بہ قصد دست برد ولایت خاندیس مین تاخت لاکر خرابی اوتاراجی مین کوتاہی نہ کی اور جب تک میران محمد شاہ فاروقی لشکر فراہم لاکر اُن کے تدارک کو متوجہ ہووے وہ اپنا کام کرکے اُس مملکت سے برآمد ہوئے اور ۹۸۲ھ نوسو بیاسی ہجری مین جب مرتضی نظام شاہ بحری والی احمد نگر ولایت برار کو مسخر کرکے اور تفال خان کو دستگیر کرکے عازم مراجعت ہوا اور اپنی مملکت کے ایک آدمی کو خانزادہ ہوشیار دشاہیہ سے منسوب کرکے میران محمد شاہ فاروقی کے پاس بھیجا اور ان سے طلب اعانت کی میران محمد شاہ اُس کے قریب آیا اور پانچ چھ ہزار آدمی اُس کے ہمراہ کرکے ولایت برار مین بھیجا غرضکہ ایک خلل عظیم اُس صوبہ مین بہم پہونچا آخرش مرتضے نظام شاہ بحری خواجہ میرک دبیر اصفہانی المخاطب بہ چنگیز خان کی صلاح سے پلٹ کر میران محمد خان فاروقی کے لشکر کو بنات النعش کی طرح متفرق کرکے برہانپور مین ایا اور میران محمد شاہ تاب مقابلہ نہ لاکر قلعہ آسیر کی طرف بھاگا اور مرتضی نظام شاہ بحری نے اُس قلعہ کو بقصد تسخیر گھیر لیکن جب اُس کے ہمراہی ولایت خاندیس کی تاخت و تاراج مین مشغول ہوئے میران محمد شاہ فاروقی نے مضطرب ہوکر ہاتھ دامن صلح پر مارا اور چھ لاکھ مظفری کہ قریب تین لاکھ تنکہ نقرئی یعنے دکھنی روپیہ کے ہوتے ہین مرتضی نظام شاہ اور اُس کے وکیل سلطنت چنگیز خان اصفہانی کو دیکر سیاہیون کو اپنے سے راضی کیا پھر انھون نے ترک محاصرہ کرکے احمد نگر کی طرف مراجعت کی اور ۹۸۳ھ نوسو چوراسی ہجری مین میران محمد شاہ فاروقی مرض الموت مین مبتلا ہوکر فوت ہوا اُس کا بیٹا حسن خان فاروقی جو طفل نابالغ تھا حکمران ہوا اور جب اس کا چچا راجہ علی خان فاروقی بن میران مبارک خان کہ جلال الدین اکبر بادشاہ کی ملازمت مین رہتا تھا اپنے بھائی کی خبر سنکر آگرہ سے خاندیس کی طرف

روانہ ہوا تو اعیان دولت نے اسے تخت حکومت پر بٹھا کر حسن خان کو معزول کیا

ذکر میران راجہ علی خان بن مبارک خان بن اعظم ہمایون عادل خان بن حسن خان بن نصیر خان بن ملک راجہ بن خانجہان فاروقی کی حکومت کا

جن دنون مین راجہ علی خان فاروقی نے تخت حکومت خاندیس پر جلوس کیا سوا و اعظم ہندوستان بنگالہ اور سندھ اور مالوہ اور گجرات جلال الدین محمد اکبر بادشاہ کے تصرف مین آیا تھا اس سبب سے راجہ علی خان فاروقی نے شاہ دہلی کے ملاحظہ سے لفظ شاہی اپنے اوپر اطلاق نہ کی اور اپنے تئین اس کے ایک باجگزارون سے تصور کرکے بارہ سال تحف و ہدایا اپنا اخلاص ظاہر کرتا تھا اور بادشاہان دکن سے بھی رابطہ آشنائی اور خصوصیت نگاہ رکھکر اُن کے طلب رضا مین بھی کوشش کرتا تھا اور وہ ایک حاکم عادل اور عاقل اور عالم اور شجاع تھا اور جمیع مناہی سے پرہیز کرکے اکثر اوقات علما اور فضلاے مذہب سے صحبت رکھتا تھا اور آبادی اور آسودگی ملک مین کوشش کرکے بفراغت تمام امور جہانبانی مین اشتغال فرماتا تھا الغرض سنہ ۹۹۲ نو سو بانوے ہجری مین جب مرتضے نظام شاہ پردہ نشین ہوا راجہ علی خان کے وکیل سلطنت مسمی صلابت خان اور سید مرتضے سپہ سالار برار سے نزاع واقع ہوئی احمد نگر کے چھ کوس اُدھر ہتھیار کی نوبت آئی صلابت خان قحبا بد ہوا اور سید مرتضی اور خداوند خان نے مع بارہ نفر امرا بھاگ کر برار مین دم لیا اور صلابت خان کے تعاقب کے سبب وہان بھی انھین جاے قیام میسر نہوئی برہان پور کی طرف روانہ ہوئے راجہ علی خان سمجھا کہ یہ اکبر شاہ کے پاس جاکر دادخواہ ہون گے اور بہ قصد انتقام لشکر مغل کو لاوین گے اُن کی مراجعت یعنے پھیر لانیکی فکر مین ہوا اور سید مرتضے نے اس امر کو دریافت کرکے برہان پور سے کوچ کرکے مع مال و اسباب آگرہ کا راستہ لیا راجہ علی خان نے لشکر اُس کے تعاقب کے لیے نام زد کیا کہ نجوشی و ناخوشی اُنھین اس طرف کی روانگی سے باز رکھین چنانچہ خاندیسیون نے حکم کے موافق سید مرتضی اور اس کی ہمراہیون سے التماس مراجعت کی کسی نے اُن کے کہنے پر عمل نہ کیا اور صف و غا آراستہ کرکے جنگ مین مشغول ہوئے اور خداوند خان بزور شمشیر خاندیسیون کو شکست فاحش دے کر منزل مقصود کی طرف روانہ ہوا اور خاندیسیون نے ہاتھ اُن کے پھیر لانے سے کوتاہ کیا اور اُس جماعت کی تاراج مین مشغول ہوئے چنانچہ ایک سو ہاتھی تخمیناً اُن کے ہاتھ آئے اور سید مرتضے سبزواری اور خداوند خان حبشی نے مظفر اور منصور ہوکر آب نربدہ سے عبور کیا جب جلال الدین محمد اکبر بادشاہ کی خدمت مین مشرف ہوئے صلابت خان وکیل سلطنت خاندیس کی شکایت کے ضمن مین راجہ علی خان والی خاندیس کے بھی دادخواہ ہوئے اور اکبر بادشاہ ہمیشہ تسخیر دکن کی فکر مین رہکر فرصت وقت کا انتظار کھینچتا تھا سید مرتضے اور خداوند خان اور جمیع امراے دکن کو جاگیر مین لائق اور مناصب شائق عطا کرکے

امیدوار مراحم خسروانہ فرمایا اور راجہ علی خان یہ خبر سنکر اکبر شاہ سے نہایت ہراسان ہوا اور وہ ہاتھی کہ سید مرتضےٰ اور امرائے دکنی سے لیے تھے بلاطلب بارگاہ اکبری مین ارسال کرکے اظہار اطاعت کی اور اُس عمل سے معذرت خواہ ہوا اور جو قبل اس سے چند مرتبہ برہان نظام براہ حقیقی مرتضےٰ نظام شاہ نے بھی احمد نگر سے اکبر بادشاہ کی خدمت مین جاکر کمک طلب کی تھی ہاتھیون کے بھیجنے سے کچھ فائدہ نہوا اور سنہ ایک ہزار تین ہجری مین اکبر شاہ نے برہان نظام شاہ ثانی اور سید مرتضےٰ اور خداوند خان حبشی اور تمام امرائے دکن کو خان اعظم میرزا عزیز کوکا کے پاس جو حاکم مالوہ تھا بھیجا اور یہ حکم دیا کہ باتفاق جماعت مذکورہ دکن کو فتح کرے اور خان اعظم میرزا عزیز کوکا شادی آبادمندو سے برآمد ہوکر مع لشکر مالوہ اور امرائے دکن برار کی طرف متوجہ ہوا اور میرزا محمد تقی نظیری کہ سادات عظیم الشان سے تھا مرتضےٰ نظام شاہ کی طرف سے سرلشکر ہوا اور راجہ علی خان کے مدافعہ کے واسطے خاندیس کی سرحد مین آیا اور خان اعظم میرزا عزیز کوکا نے عضد الدولہ شاہ فتح اللہ شیرازی کو راجہ علی خان کے پاس بھیجکر اکبر بادشاہ کی موافقت کی دلالت کی اور اتفاقات سے اُسی حال مین میرزا محمد تقی نے بھی آسیر مین آن کر راجہ علی خان کو نظام شاہ کی طرف بلایا راجہ علی خان متحیر ہوا آخرش چند روز کے بعد شاہ فتح اللہ سے عذرخواہ ہوکر لشکر نظام شاہ سے جا ملا اور بعد ایک ماہ کے میرزا محمد تقی اور راجہ علی خان مع تیس ہزار سوار اور توپخانہ بسیار ہندیہ کی طرف کہ مغل کا لشکرگاہ تھا روانہ ہوئے اور اُن کے مقابل ایک کوس پر پڑاؤ کیا اور دوسرے دن بمصاف کا وعدہ ہوا اقضارا خان اعظم نے صلاح اُن کی محاربہ مین نہ دیکھی رات کے وقت مشعلین اور خیمے جابجا چھوڑکر دوسرے رستہ سے ولایت برار کی طرف متوجہ ہوا اور سپاہ مغل بالاپور اور ایلچپور کو غارت کرکے اُس مقام مین مقیم ہوئے اس درمیان مین میرزا محمد تقی اور راجہ علی خان تعاقب کرکے اس نواح مین پہونچے خان اعظم میرزا عزیز کوکا نے پھر مقابلہ اور مقاتلہ مین صلاح نہ دیکھی مذربار کے راستہ سے اپنے اُردو مین داخل ہوا اور راجہ علی خان فاروقی نے سپاہ مغل کی طرف سے مطمئن ہوکر میرزا محمد تقی نظیری کو برہان پور کی سمت رخصت کیا اور لشکر انہ مین اس کے ذریعہ فقرا اور مستحقین کو پہونچایا اور برہان نظام شاہ ثانی نے جب دیکھا کہ کچھ کام انجام نہوا اکبر شاہ کے دربار مین جاکر زمانہ بفراغت بسر کرنے لگا جبکہ سنہ ۹۰۶ نوسو سات ہجری مین اُس کا بیٹا اسمٰعیل نظام شاہ بحری کہ دکن مین تھا احمد نگر کا بادشاہ ہوا اور برہان نظام شاہ ثانی نے جیسا کہ اپنے مقام مین تحریر ہوچکا ہے بطمع ملک موروثی محمد اکبر شاہ کی تجویز سے ہندیہ کی طرف کہ اس کی جاگیر تھی آن کر راجہ علی خان سے استمداد چاہی اور راجہ علی خان فاروقی ابراہیم عادل شاہ کے بمشورہ کہ اس عرصہ مین دکن کی مہمات اُس سے رجوع تھی اس امر کو قبول کرکے معاونت پر آمادہ ہوا اور رجمال خان مہدوی کہ ملک احمد نگر کا صاحب اختیار تھا اسمٰعیل نظام شاہ کو اُبھار کر کوچ متواتر برہان پور کی طرف روانہ ہوا اور راجہ علی خان فاروقی شجاعت و مردانگی سے لشکر آرائی کرکے برہان نظام شاہ ثانی کو ہمراہ لے کر برار کی سرحد مین گیا اور رجمال خان مہدوی ابھی نہ پہونچا تھا کہ امرائے برار کو بوعدہ وعید برہان نظام شاہ ثانی کی طرف

سے مطمئن خاطر کرکے اُس کے پاس لایا اور اُس کے بعد جمال خان مہدوی نے روہنگیری گھاٹ سے عبور کرکے مسافت طے کی اور افواج طرفین نے مقابل ہوکر صفوف حرب آراستہ کرکے ایسی جنگ کی کہ زمین و آسمان کو دیکھکر حیرت ہوئی فی الجملہ طرفین نے پائے ثبات زمین کمین مین قائم کرکے داد جوانمردی اور شجاعت کی دی یہان تک کہ ایک گولی بندوق کی کمال خان کے لگی کہ اُس کے صدمہ سے جانبر نہوا اور برہان نظام شاہ ثانی اور راجہ علی خان مظفر و منصور ہوکر چند روز بلوازم جشن اور شادی مین مشغول ہوئے پھر ایک نے دوسرے کو رخصت کیا برہان نظام شاہ ثانی احمد نگر کی طرف اور راجہ علی خان برہان پور کی سمت روانہ ہوئے اور جب برہان نظام شاہ ثانی سنہ ۹۸۷ ایک ہزار چار ہجری مین فوت ہوا اور شاہزادہ سلطان مراد ولد جلال الدین محمد اکبر بادشاہ اور میرزا عبدالرحیم المخاطب بخان خانان ولد بیرم خان ترکمان ولایت نظام شاہیہ کے بقصد تسخیر روانہ ہوئے راجہ علی خان فاروقی نے جلال الدین محمد اکبر بادشاہ کے حکم کے موافق مع لشکر جرار ہمراہی کی اور اس کے بعد شہزادہ اور میرزا عبدالرحیم خانخانان احمد نگر مین پہونچے اور اُسے محاصرہ کیا اور موسم برسات کے پہونچنے سے وہ شہر فتح نہوا طرفین نے اس طریق پر صلح کی کہ ولایت برار شاہزادۂ سلطان مراد کے متعلق رہے اور احمد نگر پر نظام الملک قابض اور دخیل ہووے اور بعد عہد پیمان کے شاہزادہ اور خانخانان برار مین آن کر اس ولایت پر متصرف ہوئے اور راجہ علی خان کو آسیر اور برہان پور کی طرف رخصت کیا اور عرصۂ قلیل کے بعد دکنیون نے اتفاق کرکے چاہا کہ مملکت برار کو لشکر مغل کے تصرف سے برآورد کرین پھر ہجوم کرکے سہیل خان خواجہ سرا کو سردار کرکے دریاے گنگ کے کنارے قصبۂ سون پت کے قریب جمع ہوئے اور خانخانان شاہزادہ کے ہمراہ باتفاق راجہ علی خان اور تمام امراے مغل سہیل خان کے مقابلہ کو روانہ ہوا اور بعد جنگ باوصف اس کے کہ میرزا عبدالرحیم المخاطب بخان خانان فتحیاب ہوا لیکن راجہ علی خان فاروقی کہ دکنیون کے توپ خانہ کے سامنے پڑ گیا تھا مع اکثر امراے خاندیس جلکر ہلاک ہوا اور اُس کا تابوت برہان پور مین لاکر دفن کیا مدت اس کی دولت اور حکومت کی اکیس سال اور کچھ زیادہ تھی ؛

تذکرہ بہادر خان فاروقی بن راجہ علی خان کی حکومت و بیان اُسکی زوال سلطنت کا

جب سنہ ایک ہزار پانچ ہجری مین راجہ علی خان فاروقی نے شربت ممات چکھا اس کا بیٹا جلال الدین محمد اکبر بادشاہ کے حکم اور خانخانان کی تجویز سے جانشین ہوا اور خاندیس کی حکمرانی کرنے لگا جو کہ خفیف العقل اور کم تجربہ تھا بنگ اور بوزہ اور شراب اور افیون کا مقید اور راگ و رنگ اور نغمہ سرود و جلترنگ اور مغنیہ ارباب نشاط وغیرہ کی صحبت کا راغب ہوا اور آب تپتی کے کنارے اور برہان پور کے مقابل ایک شہر باسم بہادر پور احداث کرکے اُس کی تعمیر مین کوشش کی اور باوجود سپاہ مغل کی ہمسایگی کے تدبیر ملک اور دولت سے غافل ہوا اکثر اوقات عورتون کی صحبت اور

گائینون کے جلسہ مین مشغول ہوکر ہر روز کو نوروز سمجھکر عیش و عشرت کو غنیمت جانتا تھا الغرض شاہزادہ کامگار بمختیار نصرت خصال سلطان مراد شہر شاہپور مین کہ آسی کا احداث کیا ہوا تھا اجل طبیعی کے سبب سے مرگیا اکبر باشاہ نے صوبہ دکن شاہزادہ دانیال کو عطا کیا اور شاہزادہ اس ملک مین تشریف لایا بہادر خان اپنے باپ کی روش کے خلاف عمل کرکے کوتہ اندیشی سے اُس کی ملاقات کو نہ آیا اسی عرصہ مین جلال الدین محمد اکبر باوشاہ خود بہ نفس نفیس تسخیر دکن کے لیے متوجہ ہوا اور شادی آباد مندو مین نزول اجلال اور حلول اقبال فرمایا بہادر شاہ نے اس کا بھی استقبال نہ کیا اور قلعہ آسیر مین قلعہ بند ہوا اور قلعہ داری کے سامان اور بروج و بارہ کی تیاری مین مستعد ہوکر کمال نادانی اور بے تمیزی کے ساتھ حزم و ہوشیاری کی یعنی سپاہی اور شاگرد پیشہ اور مردم ضروری جو کہ اُس کی خدمت اور قلعہ کی محافظت مین کام آوین اٹھارہ ہزار آدمی اہل حرفہ اور بقال وغیرہ سے قلعہ مین لایا اور گھوڑے اور ہاتھی اور گائے بھینس اور بھیڑ اور بکریان اور مرغ و کبوتر بھی اسی مین لے گیا الغرض مصنف نے آصف خان اور میرزا جعفر اور محمد شریف کی زبانی سنا کہ جب بعد فتح قلعہ آدمیون کا شمار کیا گیا تو اسی ہزار آدمی مرد و زن قلعہ سے برآمد ہوے اور چالیس ہزار آدمی عفونت اور وبائے ایام قلعہ بندی مین فوت ہوے تھے غرضکہ اسی طریق سے ہر جنس کے حیوانات کو شمار کرنا چاہیے پھر جب لشکر بادشاہی برہان پور کی طرف پہونچا اور بہادر خان کا احوال پر اختلال دریافت کیا تو احمد نگر کی روانگی موقوف رکھکر فتح اُس کی شاہزادہ دانیال اور خان خانان سے رجوع فرمائی اور خود اس شہر مین اقامت پذیر ہوا اور امراے درگاہ کو قلعہ آسیر کے محاصرہ کا حکم دیا اور جب ایام محاصرہ نے طول کھینچا یعنے ایک مہینے کا عرصہ گذرا قلعہ کی ہوا آدمی اور حیوان کی کثرت سے متعفن ہوئی اور وبا پیدا ہوئی حیوانات صامت اور ناطق کو ہلاک کرنا شروع کیا ہول قیامت نے ظہور کیا تمام اہل قلعہ مضطرب ہوے اس درمیان مین اہل قلعہ کو خبر پہونچی کہ اکبر باوشاہ نے ایک جماعت کو جو طلسمات اور جادو سے خوب واقف ہین یہ حکم دیا ہے کہ وہ علم جس کی تاثیر سے قلعہ سر ہو ظہور مین پہونچاؤ اور خود بھی بہ نیت فتح قلعہ تسبیح پڑھتا ہے اور اسامی نیر اعظم اور سیفی جو کہ اعدا کی نگونساری اور موجب فتوحات قلعہ ہے اور مکرر کہ تجربہ بھی کر چکا ہے استعمال کرتا ہے یہ وبا اُسی کے اثر سے ہے الغرض بہادر خان فاروقی اور تمام اعیان اور ارکان اس کے یہ خبر سنکر بیدست و پا ہوئے اور سر رشتہ عقل صواب اندیش کا ہاتھ سے دے کر مردم زیادہ کے نکالنے اور حیوانات کے اخراج اور ازالہ اسباب عفونت مین کوشش نہ کی ہر چند کہ محافظان قلعہ نے افلاس اور کمی غلہ اور آذوقہ کے بارے مین شکایت اور الحاح کی لیکن بہادر خان فاروقی نے اُن کے احوال پر نظر توجہ نہ کی مردم کا گذارا و جنگی کو پریشان رکھتا اور لیت و لعل مین ایام گذاری کرتا رہا یہان تک کہ وہ جماعت بہ تنگ آئی اور حفاظت قلعہ مین سستی کرنے لگی امراے اکبری نے محاصرہ کے سبب سے انھین بہ تنگ اور عاجز کیا اور قلعہ بالیکر کہ قلعہ آسیر کے متصل تھا متصرف ہوئے اور بہادر خان فاروقی باوصف اُس کے کہ ذخیرہ مین دس برس کے مصارف

کا غلہ قلعہ مین رکھتا تھا اور نقود اور اجناس سے اس قدر مملو تھا کہ محاسب تقدیر کے سوا شمار اور حساب اس کا کوئی نہ کر سکتا تھا لیکن آدمیون کو کچھ نہ دیتا تھا اس وجہ سے اہل قلعہ نے اتفاق کر کے یہ تجویز کی کہ نشان دشمنی کا بلند کرین اور بہادر خان کو مع مقربین گرفتار کر کے بادشاہ کے سپرد کرین بہادر خان فاروقی اس امر سے واقف ہوا اور اپنے ارکان دولت آصف خان اور میرزا جعفر اور کبیر خان وغیرہ کو ایک جا کر کے مشورہ کیا سبھون نے جواب دیا کہ روز بروز بیماری اور موت کی شدت سے جان شیرین تلف اور ضائع ہوتی ہے اب سپاہ کو غلہ اور ذخیرہ اور مدد خرچ دینے سے بھی وبا اور بیماری دفع نہوگی اور علاوہ اسکے ان مقدمات کے سبب ایسے بادشاہ عظیم الشان کے ہاتھ سے نجات نہوگی بہتر یہ ہے کہ آنجناب جان و مال سے امان خواہ ہو کر بحاضری خدمت بادشاہ جم جاہ قلعہ اُس کے تفویض کرین بہادر خان فاروقی نے یہ رائے پسند کی اور خان اعظم میرزا غزیز کوکا کے ذریعہ سے طلبگار امان ہوا بادشاہ جان کی امان دے کر مال سے ساکت ہوا بہادر خان فاروقی اسے بھی غنیمت جان کر خان اعظم کے بوسیدہ قلعہ سے برآمد ہو کر بادشاہ کی ملازمت مین فائز ہوا اور قلعہ آسیر کو مع ذخیرہ دو سالہ اور آذوقہ کہ جبر و قہر سے یکایک اُس کی تسخیر ممکن نہ تھی مع خزانہ وغیرہ اہالیان اکبری کے سپرد کیا اب مؤلف اس کتاب کا فرماتا ہے کہ مین نے سنہ ۱۰۲۳ ایک ہزار تئیس ہجری مین خواجہ حسن ترنبی کے ہمراہ جو شاہزادہ دانیال کا دیوان تھا قلعہ پر جا کر سیر کی دیکھا کہ ایک پہاڑ رفیع کہ سر آسمان پر کھینچے ہے اُس کے اوپر آدھ کوس بلکہ زیادہ ایک زمین مسطح اور ہموار ہے اور کئی چشمہ پانی کے اُس مقام پر جاری ہوتے ہین مگر اُن کا پانی کبھی کم ہو جاتا ہے اسواسطے چند حوض تیار کیے ہین کہ اگر خشک سالی مین پانی چشمون کا کمی کرے پانی تالاب مین جمع رہے اور اُس زمین ہموار پر ایک قلعہ نہایت سنگین اور رفیع احداث ہے نصف عمارات اُس قلعہ کی آسا اہیر نے تعمیر کی تھی اور مابقی سلاطین فاروقیہ کی ساختہ اور پرداختہ ہے اور اس مین راہ ایسی دشوار گذار ہے کہ پیادہ ہزار خرابی سے اس مین جاتا ہے اور مرکب بغیر راکب بمشقت تمام اُس پر چڑھتا ہے اور فیلہاے کوہ پیکر کو بھی رسی مین باندھکر اوپر لے جا سکتے ہین اور اس قلعہ کے اندر عمارات رفیع اور خوش قطع اور باغ باتکلف اور حوض پسندیدہ بکثرت ہین اور اُس پر اس طرح کی مسجد جامع تعمیر ہے کہ مثل اس کے شہرہاے معظم مین بہت کم مشاہدہ ہوئی منقول ہے کہ جس وقت اکبر شاہ نے اُس قلعہ کو بامان فتح کیا آگرہ کی طرف مراجعت فرمائی جو کہ نہایت اعتقاد اطوار کفرہ پر رکھتا تھا ایک فرمان لکھا کہ اُس مسجد کو مسمار کر کے بجاے اُس کے ایک بتخانہ تیار کرین لیکن شاہزادہ دانیال اس وقت برہان پور مین تھا اُس نے فرمان کے مضمون پر عمل نہ کیا پھر مین نے آصف خان خواجہ ابوالحسن ترنبی سے کہ اُس نے قلعہ ہاے معظم ہندوستان کو دیکھا تھا پوچھا کہ آپ نے کوئی قلعہ اُس سے بھی مستحکم اور سنگین دیکھا ہے بولا ہان قلعہ رہتاس کا جو ہندوستان کے پورب سمت واقع ہے اس قلعہ سے بہت مضبوط ہے اور دو راس حصار وسیع کا پانچ چھ کوس مین ہے دس بارہ ہزار مرد جنگی اُس کی محافظت اور حراست کر سکتے ہین اور قلعہ آسیر کو ایک ہزار مرد

کار آزمانگاہ رکھ سکتے ہین اور سلاطین فاروقیہ نے ایک قلعہ اور پہاڑ کی چوٹی پر دروازہ کی طرف احداث کیا ہی اس کا نام مالیگر رکھا ہی جس وقت کہ اہل قلعہ بہادر خان کے اوضاع ناپسندیدہ سے رنجیدہ ہوئے اور جنگ سے ہاتھ کھینچا مردم اکبر شاہ اس پر متصرف ہوے پس اگر مالیگر مین بھی چند برج تیار کر کے توپ اور ضرب زن وغیرہ اُس پر نصب کیے جاوین اور دو سو آدمی جنگی اُس کی محافظت کے واسطے مقرر ہوین اُس قلعہ کا بھی سر کرنا بہت دشوار ہووے الغرض ایسا قلعہ بآسانی تمام اکبر شاہ کے تصرف مین آیا اور سنہ ایک ہزار آٹھ ہجری مین سلاطین فاروقیہ کی حکومت آخر ہوئی اور اکبر بادشاہ بہادر خان کو دار السلطنت لاہور کی طرف لے گیا اور اُس نے پھر دوبارہ عروس سلطنت کا منہ نہ دیکھا اور اس کے لڑکون کا سرکار بادشاہی سے وظیفہ اور علوفہ مقرر ہوا اور بہادر خان حضرت نور الدین جہانگیر بادشاہ ولد اکبر بادشاہ کے عہد فرخندہ مہد مین کہ سنہ ۱۰۳۳ ایک ہزار تینتیس ہجری تھی آگرہ کی دار الخلافت مین قضاے الٰہی سے فوت ہوا مدت اس کی سلطنت کی مع محاصرہ تین سال اور کچھ زیادہ تھی واللہ علم بالصواب



مقالہ ساتوان حکام شرقی اور پوربی کے بیانمین

ارباب اولوالابصار پر پوشیدہ نہ رہے کہ شرق اور پورب دو لفظ مترادف ہین ایک عربی اور دوسری ہندی اہالیان ہندوستان نے جو مملکت شرقی دہلی کو وسیع دیکھا امتیاز اور تفرقہ کے واسطے حکام جانی پر اور ترہت اور اس نواح کو جو صاحب سکہ اور خطبہ ہوئے سلاطین شرقی کہتے ہین اور والیان بنگالہ اور ستارگانون اور لکھنوتی اور بہار اور جاجنگر اور اُس حدود کو سلاطین پوربیہ کہتے ہین

ذکر سلاطین پوربی کہ اُنکو بنگالی بھی کہتے ہین

برضمائر واقفان احوال ملوک عظام اور عارفان اخبار شہور اور عوام کے خاطر پر مخفی نہ رہے کہ اکثر متن کتب تواریخ متداولہ قضایاے سلاطین پوربی اور شرقی کی شرح سے خالی ہین اس واسطے مدار نقل کتاب الفیہ پر کہ مولفہ اُستادی مولانا احمد تنوی ہی رکھکر دوسری روایتون مین نہین مشغول ہوا اگر اس مقالہ مین ناظرین پر تمکین کی نظر کیمیا اثر مین کوئی اختلاف گذرے یا غلطی رہگئی ہو تو اُسے بشریت پر محمول کرنا چاہیے کہ مین نے بقدر طاقت بشری بکمال تحقیق و تدقیق ایک ایک حرف اس کا صحیح کیا ہی اور جو کچھ علم ناقص اُس کا محیط تھا درج کیا امیدوار عفو ہی والعفو عند کرام الناس مقبول وما ابرئ نفسی ان النفس لامارۃ بالسوء الا ما رحم ربی وما توفیقی الا باللہ العلی العظیم وصلی اللہ علی محمد وآلہ الغر المیامین وصحبہ الراشدین

ذکر محمد بختیار کے غلبہ کا ولایت بہار اور لکھنوتی پر

اول جو شخص کہ با دشہان اسلام سے اس نواح کی طرف کیا اور اُس حدود مین طریق اسلام کو رواج

دیا محمد بختیار خلجی ہی مخفی نہ رہے کہ محمد بختیار بلاد غور اور گرمسیر کے اکابر سے ہی اور سلطان غیاث الدین محمد سام کے عہد مین غزنین مین آیا اور اُس کے بعد ہندوستان مین آن کر ملک معظم حسام الدین بلبک کہ امراے کبار سلطان شہاب الدین سے تھا اُسکی ملازمت مین حاضر ہوا اور ملک مذکور کے مساعی جمیلہ سے بعضے پرگنے درمیان دوآب کے اور اُس پار گنگا کے جاگیر پائے اور جبکہ آثار شجاعت اور بہادری کے اُس کے چہرے سے ظاہر ہوے پرگنہ کنپلہ اور بیتالی بھی اُسکے تفویض ہوا اور وہ نہایت سخی اور شجاع اور عاقل تھا اور ہیئت اُسکی نادرات اور عجائبات سے خالی نہ تھی ازانجملہ ایک یہ امر صریحی تھا کہ جب وہ سروقد ہوکر ہاتھ زانو پر چھوڑتا تھا اس کی انگلیان اُس کے زانو کے نیچے گذرتی تھین اور جو کہ ہمیشہ ولایت بہار اور منیر پر تاخت لاکر قسم قسم کے غنائم دستیاب کرتا تھا اور اس طرف کے سرکشون کو زیر کرکے عاجز رکھتا تھا کوئی اُس سے آنکھ نہین ملا سکتا تھا تھوڑے عرصہ مین اسباب شوکت اور سامان تجمل اُس کا اندازہ سے زیادہ ہوا اور ایک جماعت کہ غور اور غزنین اور خراسان سے ہندوستان مین آن کر پراگندہ تھی اس کی سخاوت کا آوازہ سنکر اُسکے پاس فراہم ہوئی اور جب شمہ اس امر سے قطب الدین ایبک پر ظاہر ہوا اُس کی پرورش مین کوشش کرکے خلعت شاہانہ اور سرفرازی کا اُس کے واسطے بھیجا محمد بختیار خلج اس التفات سے نہایت قوی پشت ہوا اور جیسے صرصر خزان سے باغ و بستان برباد ہوتا ہی اس نے لشکریون کے نہب و غارت سے مملکت بہار کو بے برگ و بار کیا اور قلعہ بہار کو فتح کرکے وہان کے باشندون کو کہ برہمن پیرا و مرتاض تھے اور داڑھی مونچھ مونڈواتے تھے تہ تیغ کیا اور جو کتب ان کی دستیاب ہوئی تھین اُس جماعت سے کوئی ایسا شخص پیدا نہ ہوا کہ اُسے پڑھے یا سمجھے لیکن وہان کے آدمیون سے ایسا معلوم ہوا کہ باشندے اس ملک کے کفار تھے اور اس قلعہ کے رہنے والے تمام مدرس بھی کفار تھے اور لغت ہندی مین بہار مدرسہ کو کہتے ہین اسوجہ سے اس شہر نے کہ معدن علم تھا ساتھ اس اسم کے شہرت پائی اور بعد اس کے محمد بختیار خلج مع اموال و غنائم بیشمار قطب الدین ایبک کی ملازمت کے واسطے دار الخلافت دہلی مین پہونچا اور بشرف ملازمت مین فائز ہوکر عنایت ملوکانہ سے سرفراز ہوا اور مرتبہ اس کا اس نہایت کو پہونچا کہ اپنے ہمچشمون مین محسود ہوا اس صورت مین حاسد قطب الدین ایبک کی مجلس مین وہ باتین کہ جس سے اُس کی کسر شان اور حقارت و اہانت ہو ندکور کرتے تھے آخرش ایک دن یہ معروض کیا کہ محمد بختیار فیل مست سے لڑنے کا داعیہ رکھتا ہی اور روضۃ الصفا کی روایت سے واضح ہوا کہ اس عرصہ مین وہ فیل سفید سے کہ مست ہوا تھا خود لڑا الغرض سلطان قطب الدین ایبک نے پہلے محمد بختیار کی ہلاکت سے اندیشہ کرکے انکار کیا اور آخر کو مقربون کے مبالغہ سے اس مین شریک ہوا چنانچہ ایک دن اس نے قصر دہلی کو آراستہ کرکے اجلاس کیا اور صلاے عام دے کر خلقت کو بلایا اس کے بعد فیلبان فیل سفید کو میدان مین لائے پھر سمجھون نے یہ عرض کی کہ محمد بختیار کے جوڑ کا ہاتھی تمام ہندوستان مین دستیاب نہین ہوتا یہ سنکر سلطان قطب الدین نے محمد بختیار سے فرمایا کہ یہ گیند اور یہ میدان ہی اگر ارادہ جنگ اور حوصلہ

آویزش ہو بسم اللہ محمد بختیار نے جب یہ کلام سنا جرأت اور غیرت سے نہ کہہ سکا کہ یہ مین نے ارادہ نہین کیا القصہ جنگ پر نوکر مستعد ہوا اور وہ گرز کہ ہاتھ مین رکھتا تھا لے کر اُس فیل کو تمثیل کے مقابل ہوا اور اُس کی صولت کو شوکت فیل شطرنج کیطرح تصور کر کے قدم میدان بہادری مین جمایا اور نہایت قوت اور پھرتی سے ایسا گرز اُس کے دانتون کے مابین اور خرطوم پر مارا کہ اُس کے صدمہ سے دانت اُس کے ہل گئے دوسرا وار اُس پر کیا چاہتا تھا کہ ہاتھی چنگھاڑ مار کر تہتن فیل افگن کے سامنے سے بھاگا اور حاضرین اور حاسدین نے انگشت حیرت دندان تفکر سے داب کر صدائے تحسین و آفرین بلند کی اور قطب الدین ایبک نے ہمت اُس کی پرورش پر مصروف کر کے اُسے دربار مین اس قدر تقدم جلس سے سرفراز فرمایا کہ قلم دو زبان اُس کی شرح سے عاجز ہوا اور محمد بختیار نے علو ہمتی اور بلند حوصلگی سے جو کچھ پایا تھا مردم درگاہ پر نثار کیا اور مع خلعت خداوندی دست نواز اور دشمن گداز اپنے مکان پر آیا دوسرے دن فرمان شاہی حکومت بہار اور لکھنوتی مع سراپردہ سرخ اور نوبت و نشان سے اختصاص پایا بعضے کہتے ہین لکھنوتی عبارت ہی کور اور بنگالہ سے کہ دریاے بزرگ یعنے سمندر کے کنارے تک ہی اور بعضے کہتے ہین کور سے سرحد بہار تک لکھنوتی ہی اور کور کے اُس طرف سے بنارس اور ساحل سمندر تک بنگالہ ہی اور اُسے حقیقت مین بنگ کہتے ہین الغرض جب محمد بختیار اس حدود مین پہونچا لکھنوتی اور بنگالہ کی تسخیر مین کوشش کی اور وہ ملک لکھمنیہ ولد راے لکھمن کے تصرف مین تھا مورخان دانش پذیر نے یون مرقوم کیا ہی کہ راے لکھمن کا پاے تخت شہر نودیا ممالک لکھنوتی مین تھا اور اُس کی رانی نہایت عاقلہ تھی جب وہ اُس فرمانروا سے حاملہ ہوئی اور وضع حمل کا وقت پہونچا منجمان براہمہ صاحب وقوف اور طالع شناس کو طلب کر کے وقت تولد کی سعادت و نحوست تفتیش فرمائی سبھون نے متفق اللفظ والمعنی یہ جواب دیا کہ اگر یہ لڑکا اس ساعت مین پیدا ہوگا ظاہرا شقاوت اور بدبختی مین زمانہ بسر کریگا اور جو دو ساعت یعنے دو گھڑی کے بعد پیدا ہوگا مسند شاہی پر متمکن ہوگا اس عاقلہ نے یہ سنکر فرمایا کہ اس کے دونون پانون باندھکر دخول وقت سعید تک سرنگون لٹکا دین پرستارون نے اُس کے حکم کے موافق عمل کیا من بعد وہ لڑکا پیدا ہوا لیکن وہ عفیفہ اس صدمہ سے جانبر نہوئی لکھمنیہ اور ارکان دولت نے اس مولود کا نام لکھمنیہ رکھکر دایہ کے سپرد کیا جب سن رشد اور تمیز کو پہونچا لکھمنیہ فوت ہوا وہ بجاے پدر تخت پر بیٹھا اور تاج سرداری زیب سر کر کے اسّی برس اس مملکت مین کہ نہایت وسیع اور کشادہ تھی برسر حکومت رہا اور کمال عدل سے کسی پر ظلم و تعدی جائز نہ رکھتا تھا اور ایسا سخی تھا کہ اپنی ناموری کے واسطے کسی کو لاکھ روپیہ سے انعام کم نہ دیتا تھا قاضی منہاج السراج جرجانی کہتا ہی کہ جماعت نجومیون اور برہمنون کی کہ حکماے عصر تھے اُنھون نے راجہ سے عرض کی کہ کتب متقدمین مین مرقوم ہی کہ فلان تاریخ یہ مملکت ترکون یعنے مسلمانون کے ہاتھ آویگی جب وہ وقت قریب آوے بہتر یہ ہی کہ راجہ ایسا انتظام کرے کہ تمام آدمی اس مملکت سے نکل جاوین کہ ہم ترکون کے فساد سے امین رہین راجہ نے پوچھا وہ مرد کہ لشکر اسلام کا سپہ سالار ہوگا کچھ علامت رکھتا ہی تاکہ اُس کے

ذریعہ سے حقیقت حال معلوم کرین بولے ہان کتب معتبرہ مین اُس کے آثار اور علامات اس طرح مسطور ہین کہ جب وہ ایستادہ ہوکر اپنے ہاتھ لٹکاوے انگلیان اس کی کف دست کی ساق تک پہونچین پھر لکھمنہ نے اپنے معتمدون کو اطراف وجوانب مین بھیجکر ایسے شخص کی تلاش کرائی اُنھون نے بعد جستجوے کمال محمد بختیار کو ساتھ اُس صفت کے موصوف پایا راجہ کو خبر دے کر ہوشیار کیا اور اس امر سے پہنچان اور حکما ہ اُس دیار کے درمیان مین اضطراب عظیم پڑا اور وہ لوگ اپنے مضمون کتب کے بموجب بہ سبیل استعجال بعضے جگنا تھ کیطرف اور بعضے کامرو کو اور بعضے انتہاے بنگ بیچ بنگالہ کی سمت روانہ ہوئے لیکن لکھمنہ ترک مملکت موروثی اور نقل مکان پر راضی نہوکر برہمہ کا ساتھ ندیا محمد بختیار اُسی عرصہ مین بقصد تسخیر ولایت راے عدالت شعار نواح بہار کی طرف سوار ہوکر ایسا کمیت برق آسا کو جولان کیا کہ قبل اُس سے باوسریع السیر دارالملک شہر نودیا مین خبر نہوپہنچا سکے اور ایسے وقت مین کہ راے عدالت دثار کے روبرو دسترخوان مائدۂ نعمت کا بچھایا جاتا تھا ناگاہ قصر کے دروازہ پر پہونچا راجہ برہنہ اور سراسیمہ اُس محل کے دوسرے دروازہ سے نکل گیا اور تنہا کشتی مین سوار ہوکر جگنا تھ اور کامرو مین دم لیا اور اُسی عرصہ مین بادل پرحسرت زیر خاک منزل گزین ہوا اور محمد بختیار نے شہر نودیا کہ جو مابین لکھنوتی اور بنگالہ تھا خراب کرکے آبادی کا نام ونشان باقی نرکھا اور ولایت لکھنوتی پر مع بسیاری پرگنات بنگالہ متصرف ہوکر خطبہ اور سکہ اس ممالک اور جاجنگر اور بہار اور دیوکوٹ اور مارسوی کا اپنے نام کیا اور بنگالہ کی سرحد مین شہر نودیا کے عوض ایک شہر موسوم برنگ پور بساکر اپنا دارالملک بنایا اور مسجدین اور عبادت خانے اور مدرسے اس شہر اور ولایت مین بجاے معابد کفار برسم وطریق اسلام برونق ورواج تمام مزین اور محلے کے اور غنائم نفیس کہ ان سنوات مین اُس کے ہاتھ آئے تھے سلطان قطب الدین کے واسطے بھیجکر حسن اعتقاد اور نیک ذاتی اپنی عالم پر ظاہر کی اور بعد چند سال کے اُس مملکت کو بخوبی تمام زیر نگین کرکے زمینداران اور راجگان اطراف بنگالہ کو مطیع اور منقاد کیا اور اُسکے آفتاب اقبال نے روز بروز عروج اور ترقی کی یہان تک کہ ولایت تبت اور ترکستان کی تسخیر کا سودا اس کے دماغ مین جاگزین ہوا محمد شیرخان خلجی کو کہ سپہ سالار تھا ولایت جاج نگر اور لکھنوتی اور دوسری ولایت اور ممالک کا نائب کیا اور اُس کے بھائی کو کہ وہ بھی امراے کبار سے تھا اس کی مدد کو چھوڑا اور علی مردان خلج کو کہ وہ بھی عمدہ سرداروں سے دیوگرت اور یارسول کے انتظام کے واسطے مقرر کیا اور خاطر تخت گاہ اور ولایت سے جمع کرکے مع بارہ ہزار سوار انتخابی پہاڑون کی طرف کہ لکھنوتی اور تبت کے درمیان ہین متوجہ ہوا اور خلقت اُن پہاڑون کی تین قسم کی ہی ایک منج دوسری کونج تیسرے تہارو وہ تمام ترک چہرہ ہین اور اُن کی زبان ترکی اور ہندی آمیز ہی ایک زمیندار منج سے کہ وہ ہندوستان کی سرحد مین رہتا تھا محمد بختیار کے ہاتھ گرفتار ہوا اور اُس کے ہاتھ سے مشرف اسلام ہوکر علی منج مشہور ہوا چنانچہ وہی راہ نمائی کوہستان جانستان کا ہوا اور اُس نے اُسے اُس اطراف واکناف کے ایسے ایک شہر

مین پہونچا پاکہ ابر دہن نام رکھتا تھا اور اُس شہر کے آگے ایک نہر روان تھی کہ عرض وعمق اُس کا دریاے گنگ سے چوگنا تھا اور اُسے نیمکری کہتے تھے جس وقت کہ گرشاسپ بلا ترکستان سے ہندوستان کی طرف آیا شہر ابر دہن کو احداث فرمایا اور دریا کے بالاے آب دس روز کے راستہ پر جاکر وہ مقام کہ لائق پل باندھنے کے تھا ایک پل کچ اور پتھر تراشیدہ سے تیار کرکے کامرود مین آیا محمد بختیار علی سنج کی رہبری اور ہدایت سے بالاے آب کا راستہ لے کر بھیڑا اور پہاڑون مین روانہ ہوا یہان تک کہ اُس پل پر پہونچا اور دو امرا ایک ترک اور دوسرے خلج کو محافظت کے لیے پل پر مقرر کیا اور خود عبور کرکے نواح تبت مین آیا راے کامرود کہ جرأت اور بہادری محمد بختیار کی غائبانہ سنکر اُس کے ساتھ طریق نرمی اور ملائمت جاری رکھتا تھا اُس جناب کے عبور سے آگاہی پاکر اپنے معتمدون کو اس کے پاس بھیجکر دشواری راہ تبت اور سنگینی قلعجات سرحدی سے اطلاع دے کر التماس کی کہ اب کی سال ولایت تبت کی تسخیر موقوف رکھیے دوسرے سال ہمراہ لشکر اسلام کے مین بھی چلون گا لیکن محمد بختیار نے کہ اس کا بخت برگشتہ تھا یہ امر قبول نہ کیا بلکہ اور لوگون کی بھی نصیحت گوش ارادت سے نہ سنی جلد تبت کی طرف روانہ ہوا پندرہ دن درمیان پہاڑون سخت کے قطع مسافت کی سولھوین دن پہاڑون کو طے کرکے ایک صحراے مسطح مین پہونچا ایک مملکت نہایت معمور اور آباد نظر آئی الغرض لشکر اسلام قلعہ اور شہر کو جو مقابل ایک دوسرے کا تھا محاصرہ کرکے نہب وغارت مین مشغول ہوا اور وہان کے حاکم نے بہ ہیئت مجموعی جنگ پر آمادہ ہوکر مسلمانون کو قلعہ اور شہر سے نکال دیا اور صبح سے تا شام مصروف وغا ہوکر بہت مسلمانون کو مجروح اور خستہ کیا اور وہ جماعت زرہ اور جوشن اور سپر اور خود باندھے تھی اور وہ خلقت تمام تیرانداز اور بعضے آدمی نیزہ وار رکھتے تھے محمد بختیار اُس شب قلعہ کے گرد وپیش ہوا جب خواب غفلت اور بے فکری سے بیدار ہوا اور اُس ولایت کے خصوصیات دریافت کیے معلوم ہوا کہ اُس مقام سے پندرہ کوس پر ایک شہر ہے اُسے کرمسین کہتے ہین پچاس ہزار ترک خونخوار نیزہ باز وہان رہتے ہین اور ہر روز ایک ہزار اور پانسو گھوڑے اُس بازار مین فروخت ہوتے ہین اور تمام گھوڑے اُس مقام کے شہر لکھنوتی مین پہونچتے ہین جو مردم لشکر اسلام اُس روز راستہ کے تھکے ہوئے اور جنگ سے خستہ تھے اس قدر لشکر کثیر کے مقابلہ کی طاقت اپنے مین مفقود دیکھکر ہنگام شب کو کوچ کرکے عازم مراجعت ہوئے جو حکام تبت نے مواضع عبور مین علف وغیرہ کو آگ دے کر جلا دیا تھا اس وجہ سے اذوقہ بہت کم پہونچتا تھا بہ محنت ومشقت فراوان ولایت راے کامرود مین پہونچا اتفاقاً وہ دو امیر کہ پل کی محافظت کے واسطے مقرر تھے آپس مین مناقشہ کرکے پیشتر راہی ہو گئے اور کفار کامرود کو کہ ان دو امیرون کے سبب بہت ایذا پہونچی تھی سبھون نے اتفاق کرکے اُس پل کے دو در مسمار کرکے راہ عبور بند کی تھی محمد بختیار کی آنکھ زمانہ کی بازی سے خیرہ ہوئی اُس نواح کے ایک تجانہ مین جو نہایت سنگین اور بلند تھا مع فوج در آیا راے کامرود کو خبر ہوئی کہ محمد بختیار پریشان ہوکر اُس تجانہ مین داخل ہوا ہے اس واسطے فرصت پاکر اس حدود کی تمام سپاہ اور رعایا کو حکم دیا کہ جو جانب

صف لشکر اسلام سے دشوار ہی لازم کہ بطور تاخت جا کر تنجانہ کے دروازے مہدود کرے کے مسلمانونکو باہر آنے سے مانع ہووین کہ تشنگی اور گرسنگی سے عاجز ہوکر ہلاک ہووین محمد بختیار خلجی اُن کے ارادہ سے واقف ہوکر تنجانہ سے نکل آیا اور اُس دریا کے ساحل پر نزول کرکے عبور کی تدبیر کرنے لگا ناگاہ ایک سوار نے گھوڑا دریا مین ڈال کر عبور کیا لوگ سمجھے کہ پایاب ہی تعاقب کفار کے خوف سے سب ایکبارگی پانی مین داخل ہوئے جوہر جگہ پایاب نہ تھا محمد بختیار مع ایک سو سوار ساحل سلامت پر پہونچا باقی تمام افواج اس دریاے خون آشام مین ڈوب گئی محمد بختیار اپنی ولایت کی سمت راہی ہوا جب دیوکوٹ مین پہونچا وفور غم واندوہ سے کہ اُس کے دل مین راہ پایا تھا بیمار ہوا اور کہتا تھا کہ شاید سلطان معزالدین محمد سام کو کوئی حادثہ پیش آیا جس کی وجہ سے زمانہ ہم سے پھر گیا اور نخوت یار نے یاوری سے کنارہ کیا اور حالانکہ انھین دنون مین سلطان معزالدین شہید ہوا تھا اور جب یہ خبر محمد بختیار کے ممالک مین مشہور ہوئی خلجیون کی عورتین اور لڑکے جو تلف ہوگئے تھے اپنے شوہرون کی تحقیق کے واسطے دیوکوٹ مین آئین اور راستون اور کوچون مین ایستادہ ہوکر محمد بختیار کو بددعا اور گالیان دیتی تھین اور محمد بختیار اس حال کے مشاہدہ سے زیادہ تر غمگین ہوا اور ۶۰۲ھ چھ سو دو ہجری مین اس وارنا پائدار سے دارالبقا کی طرف سفری ہوا اور طبقات ناصری مین مسطور ہی کہ علی مردان خلجی جب اس حادثہ سے واقف ہوا اپنی جاگیر سے دیوکوٹ مین آیا اور محمد بختیار کے مکان مین کہ کسی نے اُسے تین دن سے نہ دیکھا تھا داخل ہوا اور چادر اُس کے منہ سے ہٹا کر ایک خنجر جگر شگاف سے اُس کا کام تمام کیا بہرتقدیر جنازہ اُس کا پہاڑ مین لے جا کر مدفون کیا اُس کے بعد امراے بادشاہان دہلی نے اُس ولایت کی حکومت کی جیسا کہ احوال انکا بادشاہان دہلی کے ضمن مین مذکور ہوا ہی

سرفراز ہونا سلطان فخرالدین کا دیار شرقی کی سلطنت پر

ملک فخرالدین حاکم بنگالہ قدر خان کا سلاحدار تھا اس کی شمشیر لیے رہتا تھا جب وہ ستارگانون مین فوت ہوا تو ۵۹۵ھ سات سو انتالیس ہجری مین اس کے اثاثہ پر متصرف ہوکر اپنا فخرالدین خطاب کیا اور اس ولایت کا خطبہ اپنے نام پڑھکر افواج کے فراہم کرنے مین کوشش کی اور سلطان محمد تغلق نے اس امر سے آگاہی پاکر قدر خان حاکم لکھنوتی کو مع ایک جماعت امرا مثل عزیزالدین یحیی اور فیروز ہیکو کو اُس کے سر پر نامزد کیا جب مقابل ہوئے فخرالدین شکست پاکر جنگل دودست کی طرف بھاگا اور گھوڑے وہاتھی اُس کے مردم قدر خان کے ہاتھ آئے اور قدر خان نے وہین استقامت کی باقی امرا اپنی جاگیرون پر روانہ ہوئے جب موسم برسات آیا اور قدر خان زر جمع کرنے مین مصروف ہوا سپاہ کی فراہمی سے غافل رہا اور ارادہ اُنکا یہ تھا کہ بعد برسات سلطان کی خدمت مین حاضر ہوکر پیش تخت زر سرخ وسفید کا انبار کردون قضا را فخرالدین یہ خبر سنکر مع لشکر جنگل سے برآمد ہوکر ستارگانون کی طرف متوجہ ہوا سپاہیان عاصی اور امیران باغی نے اتفاق کرکے قدر خان کو

قتل کیا اور خزانہ اُٹھا کر فخرالدین کے شریک ہوئے اور فخرالدین نے وہ تمام زر انھین ارزانی رکھا اور ستارگانون کو تختگاہ کرکے اس ملک کی حکومت مین مشغول ہوا اور اپنے غلام مخلص نام کو مع لشکر کثیر لکھنوتی کے ضبط و انتظام کے واسطے مقرر کیا اور علی مبارک جو قدر خان کے لشکر کا بخشی تھا اس نے ہمت اور مردانگی کرکے از روے اخلاص اور دولتخواہی ایک جماعت کو ساتھ اپنے موافق کیا اور مخلص سے لڑا اور اُسے شکست دے کر فتحنامہ اور عریضہ سلطان محمد تغلق کے پاس بھیجا کہ اگر حکم ہووے لکھنوتی کے انتظام مین مشغول ہون لیکن سلطان نے اسکو نہ بھیجا نا اور یوسف نام دہلی کے کوتوال کو لکھنوتی کا ناظم کرکے روانہ کیا اور وہ لکھنوتی مین نہ پہونچا قضاے الٰہی سے مرگیا اور مملکت لکھنوتی علی مبارک شاہ کے قبضہ مین رہی جو سامان شاہی ہیا تھا آپ کو سلطان علاءالدین مشہور کیا لیکن اُسی عرصہ مین ملک الیاس نام کہ اس نواح مین رہتا تھا اُس نے لشکر جرار لے کر لکھنوتی پر تاخت لاکر بندگان سلطان علاءالدین کو قتل کرکے اپنے تئین سلطان شمس الدین مخاطب کیا اور ۷۴۱ھ سات سو اکتالیس ہجری مین ستارگانون پر چڑھائی کی اور ملک فخرالدین کو زندہ گرفتار کرکے لکھنوتی مین لایا اور اُس کی گردن مین پھانسی ڈال کر لٹکایا اور خطبہ و سکہ اپنے نام جاری کیا لیکن نظام الدین احمد بخشی نے اپنی تالیف مین یون تحریر کیا ہے کہ ملک فخرالدین قدر خان کا سلاحدار تھا اور اُسنے لکھنوتی مین اپنے ولی نعمت کو قتل کرکے نام شاہی اپنے اوپر اطلاق کیا تھا اور اپنے مخلص نام غلام کو مع لشکر آراستہ بنگالہ کی سمت بھیجا ملک علی مبارک بخشی لشکر قدر خان کا مخلص سے لڑا اور اُسے شکست دے کر اُس کے اثاثہ حشمت اور ساز و یراق پر جو اُس کے ہمراہ تھا متصرف ہوا سلطان فخرالدین جو نو دولت تھا اور اپنے آدمیون سے اطمینان خاطر نہ رکھتا تھا ملاحظہ کرکے علی مبارک کے سر پر نہ گیا یہان تک کہ علی مبارک نے اپنا سامان درست کرکے اپنا نام سلطان علاءالدین رکھا اور ۷۴۲ھ سات سو اکتالیس ہجری مین فخرالدین لکھنوتی کی طرف گیا اور علی مبارک سے جنگ کرکے مارا گیا مدت فخرالدین کی سلطنت کی دو سال اور چند ماہ تھی ٭

ذکر علی مبارک المخاطب بسلطان علاءالدین کی حکمرانی کا

جب سلطان علاءالدین نے فخرالدین کو قتل کیا باستقلال تمام لکھنوتی مین تھا نہ بٹھا کر بنگالہ کی طرف متوجہ ہوا اور بعد چند روز کے ملک حاجی الیاس کہ حاجی پور اس کا آباد کیا ہوا ہے سلطان علاءالدین کے لشکر کو ساتھ اپنے متفق کرکے لکھنوتی اور بنگالہ کو اپنے قبض و تصرف مین لایا علاءالدین شاہ کو مارکر اپنا نام شاہ شمس الدین رکھا سلطان علاءالدین کی مدت سلطنت ایکسال اور پانچ ماہ تھی

تذکرہ حاجی الیاس المشہور بہ سلطان شمس الدین بنگرہ کی سلطنت کا

جب شاہ علاءالدین مارا گیا تمام ملک لکھنوتی اور بنگالہ کا حاجی الیاس کے تصرف مین آیا باتفاق امرا اپنا

سلطان شمس الدین شاہ بہنگرہ خطاب دے کر خطبہ اپنے نام پڑھا اور اُس کا لقب بہنگرہ ہی لیکن وجہ تسمیہ اُس کی مولف کو معلوم نہوئی الغرض بعد چند روز کے امرا و رسیاہ کی دلجوئی کر کے ولایت جاجنگر کی طرف کہ بعد محمد بختیار کے مسلمانونکے تصرف سے برآوردہ ہوئی تھی کوچ فرمایا اور اُس نواح مین جا کر ہاتھی نامی بہم پہونچا کر اپنے دار الملک کی طرف مراجعت کی چنانچہ تیرہ برس اور کئی مہینے تک کوئی بادشاہان دہلی سے اُس کا متعرض نہوا اور وہ باستقلال تمام امر بادشاہی مین مشغول رہا من بعد شوال کی دسوین تاریخ سنہ ۷۵۴ھ سات سو چون ہجری مین سلطان فیروز شاہ مع لشکر گران دہلی سے لکھنوتی کی طرف متوجہ ہوا اور شاہ شمس الدین قلعہ اکدالہ مین قلعہ بند ہوا تمام ولایت بنگالہ خالی چھوڑی سلطان فیروز شاہ اکدالہ کی سمت متوجہ ہوا اور جب اس کے اطراف مین پہونچا شاہ شمس الدین نے قلعہ سے برآمد ہو کر جنگ صف کی بہت آدمی طرفین سے مارے گئے پھر شاہ شمس الدین نے بھاگ کر قلعہ اکدالہ مین پناہ لی اور ہاتھی نامی اور کالان جو جاجنگر سے لایا تھا سلطان فیروز شاہ کے ہاتھ آئے جب موسم برسات آیا اور بارش بکثرت شروع ہوئی سلطان فیروز شاہ دہلی کی طرف گیا اور سنہ ۷۵۵ھ سات سو پچپن ہجری مین شاہ شمس الدین نے پیشکش بہت جو لائق مجلس شاہون کے ہو بصحابت ایلچیان سخندان بھیجے اور بادشاہ فیروز شاہ نے طریق التفات ایلچیون پر جاری رکھکر انھین رخصت کیا شاہ شمس الدین نے اواخر سنہ ۷۵۶ھ سات سو چھپن ہجری مین پھر ملک تاج الدین کو مع پیشکش وافر دہلی کی طرف روانہ کیا بادشاہ فیروز شاہ نے زیادہ تر تفقد ایلچیون کے احوال پر مبذول فرمائی اور چند روز کے بعد گھوڑے تازی اور ترکی مع تحف و ہدایائے دیگر ملک سیف الدین شحنہ فیل کے ہاتھ شاہ شمس الدین کے واسطے بھیجا ابھی ملک سیف الدین شحنہ فیل اور ملک تاج الدین بہار سے آگے نہ بڑھے تھے کہ شاہ شمس الدین فوت ہوا اور ملک سیف الدین نے موافق حکم بادشاہی کے وہ گھوڑے امرائے بہار کو دیے اور ملک تاج الدین دہلی کی طرف راہی ہوا شاہ شمس الدین کی مدت سلطنت سولہ برس اور چند ماہ تھی ✣

ذکر شاہ سکندر بن شاہ شمس الدین کی سلطنت کا

جب شاہ شمس الدین نے اس دار ناپائدار سے دار البقا کی طرف رحلت کی تیسرے دن اس کا بڑا بیٹا اُمرا اور افسرون کی بہ تجویز تخت سلطنت پر جلوہ گر ہوا اور اُس نے اپنا خطاب شاہ سکندر رکھکر عدل و احسان کی بشارت دی اور مہمات شاہی مین مشغول ہوا اور سلطان فیروز شاہ کی رضامندی اولے اور انسب جان کر پچاس ہاتھی اور قسم قسم کا اقمشہ ترسم پیشکش بھیجا اُس وقت کہ سنہ ۷۶۰ھ سات سو ساٹھ ہجری تھے بادشاہ فیروز شاہ بعزم تسخیر بنگالہ لکھنوتی کیطرف متوجہ ہوا سلطان سکندر بھی بقدر طاقت سامان جنگ مین مشغول ہوا اور قلعون کو اور مکانون کو مضبوط کیا اور سلطان فیروز شاہ ظفرآباد مین پہونچا سلطان سکندر نے بھی رسم پدر رہا تھے سے ندی قلعہ اکدالہ مین متحصن ہوا اور جو طاقت برابری

کی نہ رکھتا تھا پیشکش ہر سالہ قبول کرکے بادشاہ کو عزم جنگ سے باز رکھا وہ اپنے دار الملک کی طرف راہی ہوا بادشاہ ابھی بندوہ مین تھا کہ سینتیس زنجیر فیل اور مال وافر اور اقمشہ تکاثر خدمت مین بھیجکر معذرت چاہی اور آئین باج کا اختیار کرکے تمام عمر عیش وعشرت مین بسر کی مدت اُس کی سلطنت کی نو برس اور چند ماہ تھی

ذکر شاہ غیاث الدین بن سکندر شاہ کا

سکندر شاہ کے بعد فوت اُس کا بیٹا سلطان غیاث الدین تخت پر بیٹھا اُس نے اپنے باپ اور دادا کا آئین اختیار کیا تمام عمر عیش وعشرت مین آخر کی اور ۷۷۵ھ سات سو پچھتر ہجری مین تنگنائے جسمانی سے وسعت آباد روحانی کی طرف خرامان ہوا مدت اُس کی سلطنت کی سات سال اور چند ماہ تھی

ذکر سلطان السلاطین شاہ بن غیاث الدین شاہ کا

جب شاہ غیاث الدین نے انتقال کیا امرا نے اس کے بیٹے کا سلطان السلاطین لقب رکھکر بجاے پدر تخت پر تمکن کیا یہ بادشاہ شجاع اور حلیم اور کریم تھا امرا اور وزرا اسکی کاروانی اور دانائی سے محتاط رہتے تھے اس نے کبھی بادشاہ دہلی سے مخالفت نہ کی اور اطراف کے راجاؤن نے اُس کے حلقہ اطاعت سے سر باہر نہ کھینچا مطیع اور فرمان بردار رہکر مال واجب کے ادا کرنے مین تامل اور توقف جائز نہین رکھتے تھے غرضکہ شاہ موصوف نے دس برس بلا دغدغہ حکومت کی اور ۷۸۵ھ سات سو پچاسی ہجری مین بشربت اجل طبیعی چکھکر مسند زندگی سے برخاست ہوا اُس کی مدت شاہی دس سال اور چند ماہ تھی

بیان شمس الدین شاہ ثانی بن سلطان السلاطین کی سلطنت کا

جب سلطان السلاطین دار نا پائدار دنیا سے دار البقا کی سمت متوجہ ہوا اعیان دولت نے اُس کے فرزند کو شاہ شمس الدین شاہ خطاب دے کر سریر شاہی پر اجلاس دیا لیکن یہ خرد سالی کے سبب سے خفیف العقل تھا کانس نام کافر کہ خاندان امرا سے تھا اُس نے اُس کے عہد مین نہایت شوکت اور استقلال بہم پہونچایا اور ملک ومال کا صاحب اختیار ہوا جب سلطان شمس الدین عالم باقی کیطرف ۷۸۶ھ سات سو ستاسی ہجری مین خرامان ہوا کانس نشان حکومت بلند کرکے مسند جہانبانی پر متصرف ہوا مدت سلطنت شاہ کی تین سال اور چند ماہ تھی

ذکر راجہ کانس غدار کی حکمرانی کا

راجہ کانس ہر چند مسلمان نہ تھا لیکن مسلمانون سے آمیزش اور محبت اس قدر رکھتا تھا کہ بعضے مسلمان

اُس کے اسلام کی گواہی دے کر چاہتے تھے کہ بطریق اہل اسلام اُس کی لاش پیوند زمین کریں بہرکیف تاج خسروی سر پر رکھکر تخت پر بیٹھا اور سات برس حسب دلخواہ حکمرانی کی آخر کو عالم نیستی کا راستہ لیا پھر اُس کا بیٹا شرف اسلام سے مشرف ہوکر تخت فرمانروہی پر متمکن ہوا

ذکر جنمل ولد کانس المخاطب بسلطان جلال الدین کی حکومت کا

جنمل نے بعد فوت پدر اعیان وارکان درگاہ کو بلاکر فرمایا کہ مجھپر حقیت وسچائی دین محمدی ظاہر ہوئی مجھے اس دین حق قبول کرنے سے چارہ نہین ہی مین تو خواہ مخواہ مسلمان ہون اگر تمھین میری سلطنت سے انحراف نہو اور میری شاہی قبول کرو قدم اس تخت جلیل القدر پر رکھون اور جو نہین میرے چھوٹے بھائی کو تخت سلطنت پر بٹھاؤ مجھے معاف رکھو تمام امرا نے متفق ہوکر جواب دیا ہم بادشاہ کے مطیع اور فرمان بردار ہین اور امور دینوی مین مذہب اور دین کا کچھ کام نہین ہی جنمل نے فضلا اور فضلاے لکھنوتی کو طلب کرکے کلمہ شہادت زبان پر جاری کیا اور اپنا لقب سلطان جلال الدین رکھکر تخت حکومت پر قدم رکھا عدل وداد کو مروج کرکے اپنے عہد کا نوشیروان ثانی ہوا اور سترہ برس چند مہینے نہایت استقلال اور مضبوطی سے بنگالہ اور لکھنوتی مین بادشاہی کی ۸۱۲ھ آٹھ سو بارہ ہجری مین اجل طبیعی سے روضہ رضوان کی طرف خرامان ہوا اُس کا بیٹا احمد سلطان بجاے اس کے تخت سلطنت پر قائم ہوا

ذکر سلطان احمد بن سلطان جلال الدین کی سلطنت کا

جب سلطان جلال الدین نے داعی اجل کو لبیک کہا یعنے مرگیا اعیان حضرت نے اس کے فرزند کو شاہ احمد شاہ خطاب دے کر باپ کا جانشین کیا اُس نے بھی پیروی اپنے پدر بزرگوار کی کرکے داد و دہش مین کوشش کی یعنے خلائق کثیر کو بحر انعام واحسان مین غرق کیا اور آخر ۸۳۰ھ آٹھ سو تیس ہجری مین قضاے الٰہی سے فوت ہوا اور مدت شاہی اوس کی سولہ برس تھی۔ فقط

ذکر ناصرالدین غلام کے خروج کا وارث ملک پر

جب تخت سلطنت شاہ احمد شاہ بن جلال الدین شاہ سے خالی ہوا اس کے غلام ناصرالدین نام نے ازروے جرأت تخت شاہی پر قدم رکھکر کفران نعمت پر کمر باندھی اور صاحبزادون کے قتل مین جو وارث ملک تھے کوتاہی نہ کی آخر کو نقصان دنیا اور آخرت کا اسے نصیب ہوا اور بعد سات روز اور بقولی اُسی دن امراے سلاطین بہنگرہ کے ہاتھ سے قتل ہوا اور ناصر شاہ کہ سلطان شمس الدین بہنگرہ کی اولاد سے تھا اپنے باپ اور دادا کی مسند حکومت پر جلوہ گر ہوکر مہمات سلطنت مین مشغول ہوا

ذکر سلطان ناصر الدین شاہ بہنگرہ کی سلطنت اور جہانداریکا

بعد انقراض سلطنت سلاطین بہنگرہ کہ سالہاے دراز گذرے تھے پھر اُس کی حکومت نے دوبارہ اُس کے خاندان قدیم مین بازگشت کی اور وہ اقبال کہ ادبار سے مبدل ہوا تھا پھر بہا کے مانند سایہ گستر سعادت ہوا ناصر شاہ کہ اُس ولایت کی زمینداری مین سکونت اختیار کرکے کشتکاری مین مشغول تھا اور اُسے اصلا سلطنت کا گمان نہ تھا اخلاص کی برکت سے مرتبۂ جہانبانی پہ پہونچکر بادشاہ عالیجاہ ہوا اور جو کہ اخلاق حمیدہ اور صفات خجستہ مین موصوف تھا خلائق درگاہ بہنگرہ کے جو راجہ کانسی دیو جلال الدین اور احمد کے زمانہ مین اطراف واکناف مین پراگندہ ہوئی تھی خبر اُس کے جلوس کی سنکر دربار مین حاضر ہوئی عرصہ قلیل مین جمعیت کثیر بہم پہونچی وضیع وشریف اُس کے سلوک پسندیدہ سے راضی اور خوش دل ہوئے اور اس سبب سے کہ سلاطین شرقی درمیان سلاطین پوربی اور دہلی کے حائل ہوئے تھے تئیس برس بفراغ تمام ایام سلطنت بسر کیے اور ۸۶۲ھ آٹھ سو باسٹھ ہجری مین خرابۂ دنیا سے معمورۂ عقبے کی طرف خرامان ہوا

تذکرہ باربک شاہ بن ناصر شاہ کی سلطنت کا

جب ناصر شاہ نے عالم فنا مین قدم رکھا اس ملک کے امرا اور بزرگون نے باربک شاہ کو سریر ایالت پر اجلاس دیا اور اُس کے عہد معدلت مہد مین سیاہ اور رعایا شہر کی آسودہ حال تھی اور یہ اول بادشاہ ہند ہی کہ جس نے غلامان حبشی پر نظر الطاف مبذول کرکے معزز کیا اور قریب آٹھ سو حبشی بہم پہونچاکر مثل وکالت اور وزارت اور امارت وغیرہ کے خدمات جلیل اُن سے رجوع فرمائین اور سلاطین گجرات اور دکن نے بھی تقلید کرکے اُس گروہ یعنے حبشیون کی عزت واعتبار مین کوشش فرمائی اور باربک شاہ نے سترہ برس عمر عزیز بدولت واقبال بسر کی اور ۸۷۹ھ آٹھ سو اناسی ہجری مین اُس کی شمع حیات گلگیر اجل سے منقطع ہوئی

ذکر یوسف شاہ ولد باربک شاہ کی حکومت کا

جب اُس کے باپ نے عالم گذران سے کوچ کیا یوسف شاہ تخت وتاج پر قابض ہوا اور شیوہ عدل وداد مروج رکھا اور بہادشاہ خلعت علم وفضل سے آراستہ تھا امر معروف اور نہی منکر مین مبالغہ فرماتا تھا اور اُس کے عہد مین کسی کو مجال نہ کہ اُس کے حکم سے تجاوز کرکے علانیہ شراب پیتا صدور علما کو اکثر بار اپنے حضور طلب کرکے بتاکید تمام فہمایش کرتا تھا کہ تم مہمات شرعی مین کسی کی جانب داری نہ کرنا وگرنہ ہماری تمھاری صفائی نہ رہے گی اور ابذا بہت پہونچاؤن گا اور جو خود بھی علم سے بہرہ رکھتا تھا اکثر معاملات مین کہ قاضی عاجز ہوتے تھے اُنھین خود بہ نفس نفیس فیصل کرتا تھا الغرض

سنہ ۸۷۵ آٹھ سو ستاسی ہجری مین طومار اُس کی زندگی کا پیچیدہ ہوا یعنے دار فنا سے دار البقا کیطرف خرامان ہوا
مدت اُسکی سلطنت کی سات سال و چھ ماہ تھی

ذکر سکندر شاہ کے سرداری پانے اور بعد دو مہینے کے معزول ہونیکا

بعد وفات یوسف شاہ امرا اور وزرا نے بدون تحقیقات سکندر شاہ کو تخت سلطنت پر بٹھایا
جب استحقاق اُس کا ثابت نہ ہوا اُسے معزول کرکے فتح شاہ کو سریر جہان بانی اور تخت
کشور ستانی پر متمکن کیا

تذکرہ فتح شاہ کی حکومت کا

منقول ہی فتح شاہ عالم اور دانا تھا سلاطین سلف کے رسوم پیش نہاد ہمت کرکے ہر ایک امرا کے فراخور
حال و مرتبہ نوازش فرمائی اور خواجہ سرایان اور غلامان حبشی کو جو بارک شاہ اور یوسف شاہ
کے عہد مین فراہم ہوکر نہایت معتبر ہوکر حد سے زیادہ بے اعتدالی کرتے تھے تازیانہ عدل
سے سیدھا کرکے اصلاح پزیر لایا اور اُس قت ملک بنگالہ مین یہ رسم تھی کہ ہر شب پانچ ہزار پایک
چوکی خانہ کا پہرہ دیتے تھے اور صبح کو بادشاہ جب تخت پر بیٹھتا تھا اُس جماعت کا سلام لے کر
انھین رخصت دیتا تھا اس وقت ایک جماعت دوسری اسی تعداد سے حاضر ہوتی تھی الغرض چند
خواجہ سرا کہ مدت سے خود مختار رہتے پریشان ہوکر ایک خواجہ سرا کے پاس کہ جس کا نام سلطان
شہزادہ بنگالی تھا اور چوکی خانہ کے تمام آدمی اُس کے ماتحت تھے اور محلات شاہی کی کنجیان بھی
اُس کے سپرد تھین اور الوالعزمی کی علامت اس کے چہرہ حال سے ظاہر ہوتی تھی جاکر سلطنت
کی تکلیف دی قضا را اس عرصہ مین خان جہان خواجہ سرا اور وزیر ملک اندیل حبشی امیر الامرا
مع خاصہ خیل و خلاصہ لشکر کے سرحد کے راجاؤن کے دفع کے واسطے نامزد ہوئے اور
سلطان شہزادہ نے فرصت پاکر خواجہ سراؤن اور چوکی خانہ کے سپاہیون کی اعانت سے فتح شاہ
کو سنہ ۸۷۶ آٹھ سو چھتر ہجری مین قتل کیا اور فجر کو تخت پر برآمد ہوکر چوکی خانہ کے آدمیون کا سلام
لیا فتح شاہ کی مدت حکومت سات سال اور پانچ ماہ تھی

ذکر سلطان بارک کی حکومت کا

جب خواجہ سرائے بد ذات نے اپنے ولی نعمت کو شہید کرکے نام شاہی کا اپنے اوپر اطلاق کیا تمام
خواجہ سرا جابجا سے اس کے پاس فراہم ہوئے اور اس بدبخت نے ارزال اور پست ہمتون کو
مال سے فریفتہ کرکے اپنے پاس جمع کیا یہان تک کہ شوکت اس کی روز بروز افزون ہوئی پھر امرائے
صاحب جمعیت کے دفع کرنے پر آمادہ ہوا اور امرائے کبار کا سرگروہ ملک اندیل حبشی کہ سرعد

مین تھا اس امر سے واقف ہوکر اس اندیشہ مین ہوا کہ کسی ڈھب سے پایۂ تخت پر پہونچکر اُس کا کام تمام کرون اس عرصہ مین خواجہ سرائے خون گرفتہ کے دل مین یہ آیا کہ کسی حیلہ سے اسے طلب کرکے مقید کرے پھر فرمان طلب تحریر فرمایا ملک اندیل حبشی اس امر کو فضل آلہی سمجھکر مع جمعیت خوب حاضر ہوا اور دربار مین نہایت احتیاط سے آمد و شد کرتا تھا خواجہ سرا اس کے دفع مین عاجز ہوا ایک روز ایک مجلس بزیب و زینت تمام آراستہ کی اور دس بارہ ہزار آدمی اُس کے دارالامارۃ کے اطراف و جوانب مین کہ نہایت وسیع تھا فراہم ہوئے اور مجلس کمال شوکت و شان سے ترتیب پائی تھی پہلے ملک اندیل کو اپنے روبرو بلاکر نہایت التفات فرمایا اور یہ بات کہی کہ مین سلطان کو مع جماعت دیگر قتل کرکے تخت پر متمکن ہوا ہون تو اس بارہ مین کیا کہتا ہی ملک اندیل نے یہ مصرع پڑھا مصرع ہر چہ آن خسرو کند شیرین بود ۔ سلطان شاہزادہ کو یہ جواب پسند آیا فوراً خلعت اور ٹپکا اور خنجر مرصع اور چند گھوڑے اور ہاتھی اسے انعام فرمائے اور کلام اللہ درمیان مین لاکر اس سے کہا کہ تو قسم کہا کہ مین مجھے کسی طرح کا صدمہ نہ پہونچاؤن گا ملک اندیل حبشی نے قسم کھائی کہ جب تک تو تخت پر رہے گا مضرت نہ پہونچاؤن گا اور جو کہ تمام آدمی اُس خواجہ سرا سے ازردہ تھے اور ملک اندیل حبشی بھی اپنے ولی نعمت کے انتقام مین بجد تھا دربانون کو متفق کرکے فرصت وقت ڈھونڈھتا تھا غرضکہ ایک رات کو وہ محسن کش یعنے ملک باربک شراب پی کر تخت پر سوگیا ملک اندیل حبشی دربانون کی ہدایت سے اُس کے قتل کی نیت سے حرم سرا مین گیا اور جب اُسے تخت پر افتادہ پایا قسم یاد آئی فکر مین ہوا اس عرصہ مین وہ اجل رسیدہ کہ آفتاب عمر و اقبال اُس کا سرحد زوال مین پہونچا تھا کروٹ لے کر تخت سے نیچے گرا ملک اندیل نے یہ امر اپنے طالع کی قوت سے سمجھکر پھرتی اور چابکدستی سے اُس پر تلوار کا وار کیا مگر کارگر نہ ہوا سلطان شہزادہ خواجہ سرا ہوشیار ہوا آپ کو شمشیر پرہنہ کے مقابل دیکھکر ملک اندیل حبشی سے لپٹ گیا چونکہ قوی اور عظیم الجثہ تھا ملک اندیل حبشی کو کشتی مین زیر کرکے اس کے سینہ پر سوار ہوا ملک اندیل حبشی نے اُس کے سر کے بال مضبوط پکڑکے یغرشخان ترک کو جو اُس مکان کے دروازہ مین ایستادہ تھا باواز بلند بلایا وہ مع جماعت حبشیان فوراً آپہونچا اور ملک اندیل کو اسکے نیچے دیکھکر تیغ زنی سے متعذر ہوا اس واسطے کہ ایک تو رات کا وقت تھا دوسرے اُن کی ہاتھا پائی مین شمع بھی پامال ہوکر بجھ گئی تھی ظلمات کا عالم تھا ملک اندیل حبشی نے اُس سے یہ بات کہی کہ اُس کے موے سر میرے ہاتھ مین ہین اور یہ اس قدر عریض اور چوڑا ہی کہ میرا سپر ہوگیا ہی تلوار اس سے گذرکر مجھ پر نہ پہونچے گی اور قضاے چارہ نہین اگر اسی بہانہ لکھی ہی کیا مضایقہ اگر قتل میرے ہزار جان ولی نعمت کے قصاص خون مین تلف ہوون تو بھی تھوڑے ہین یغرشخان نے آہستہ آہستہ کئی زخم باربک کی پشت پر مارے اور اُس نے عمداً آپ کو خواب مرگ مین ڈالا اور حس و حرکت سے ساکت ہوا اور ملک اندیل اُٹھکر باتفاق یغرشخان اور حبشیون کے محلسراے خاص سے پر آمد ہوا اور مسمی نواجی پاشی حبشی جو

ور دولت پر حاضر تھا اس سے پوچھا کہ تم نے کیا کیا بولے ہم نے نمک حرام کا کام تمام کیا تو اچی حبشی یہ حال سنکر باربک شاہ کی خوابگاہ مین گیا اور چراغ روشن کرنے لگا ابھی چراغ روشن نہوا تھا کہ باربک شاہ خوف ملک اندیل سے خزانہ کی طرف بھاگا تو اچی پاشی حبشی جب اُس مخزن کی طرف متوجہ ہوا باربک شاہ نے پھر آپ کو خواب مرگ مین ڈالا اور اُس نے فریاد بلند کی کہ غدارون نے ہمارے صاحب کو ہلاک کرکے سلطنت کو برباد کیا باربک شاہ نے اُسے اپنا خیر خواہ تصور کرکے آہستہ کہا کہ اے شخص خاموش ہو کہ مین زندہ ہون بتا ملک اندیل حبشی کہان ہی جواب دیا کہ وہ اس گمان سے کہ آپ کے دشمنون کا کام تمام کرچکا ہی اپنے مکان کی طرف راہی ہوا باربک شاہ نے اس سے یہ بات کہی کہ تو باہر جاکر فلان وفلان امرا کو جمع کرکے اُن کو تعین کر کہ ملک اندیل حبشی کو قتل کرکے اُس کا سر لاوین اور دروازون کو چوکی خانہ کے پیادون کے سپرد کرکے کہ مسلح ہوکر ہوشیار رہین تو اچی نے کہا مین سر آنکھون سے ابھی اس کا علاج ہے تدارک کرتا ہون یہ کہکر نکل آیا اور اس راز سے ملک اندیل حبشی کو آگاہ کیا وہ تو اچی پاشی کے ہمراہ محل مین آیا اور خنجر سے اس کا کام تمام کیا اور اُسے مخزن مین چھوڑکر محلسرا کا دروازہ مقفل کیا اور باہر جاکر آدمی خان جہان وزیر کے بلانے کو بھیجا اور اُس کے آنے کے بعد شاہ کے تعین کرنے کے بارہ مین مشورہ کیا اور جو فتح شاہ سے ایک طفل دو سالہ خود سال کے سوا دوسرا فرزند نہ تھا فکر مین ہوئے کہ یہ شاہی کے لایق نہین ہی کیونکر اسے تخت پر بٹھاوین پھر اتفاق کرکے صبح کو فتح شاہ کے مکان پر گئے اور شاہ کی بی بی سے سانحہ شب یعنے قتل کرنا باربک خواجہ سرا کا عرض کیا اور یہ کہا کہ آپ کا صاحبزادہ ابھی نہایت خرد سال ہی اور جب تک یہ سن تمیز کو پہونچے اور مہمات ملکی کو انجام دے کسی کو سلطنت پر بٹھانا ضرور ہی شہزادہ کی والدہ جب ان کے ارادہ سے واقف ہوئی فرمایا کہ مین نے خدا سے یہ عہد کیا ہی کہ جو شخص فتح شاہ کے قاتل کو مقتول کرے شاہی اسے عنایت کرون ملک اندیل حبشی نے پہلے یہ امر قبول نہ کیا جب جمیع امرا اُس مجلس مین حاضر ہوئے اور سبھون نے باتفاق اُسے اس امر کی تکلیف دی ملک اندیل حبشی تخت سلطنت پر متمکن ہوا اور اپنا نام فیروز شاہ رکھا مدت طغیان شاہ باربک کی بقولے آٹھ ماہ اور بروایت دیگر دو ماہ اور پندرہ یوم تھی اور بعد واقعہ باربک شاہ کے یہ رسم بنگالہ مین مروج ہوئی کہ جو کوئی اپنے حاکم کے قاتل کو ہلاک کرے اور اس قدر موقع اور فرصت پاوے کہ بجاے اُس کے تخت پر بیٹھے تمام امرا اور سپاہ اُس کی جادہ اطاعت مین قدم رکھ کر اُس کے معارض نہ ہوویں

ذکر ملک اندیل حبشی المخاطب بفیروز شاہ کی حکومت کا

فیروز شاہ تخت بنگالہ پر متمکن ہوکر دار الملک گور کی طرف گیا اور اس مقام مین طریق عدالت اور احسان جاری کرکے خلایق کو مہد امن وامان مین نگاہ رکھا اور اُس کے عہد حکومت مین جو اکثر کار زیامان وقوع مین آئے تھے سپاہ ورعیت نے اُس کی اطاعت کے سوا سرکشی اور بے اعتدالی نہ کی

اور اُس نے تین برس نہایت استقلال اور عدالت سے سلطنت کی اور سنہ ۸۹۹ آٹھ سو ننانے ہجری مین اُس کا چراغ ہستی صرصر فنا سے خاموش ہوا

ذکر محمود شاہ بن فیروز شاہ کی شاہی اور اُسکے انجام حال کا

جب فیروز شاہ فوت ہوا امرا اور وزرا نے اُس کے فرزند سلطان محمود شاہ کو سریر سلطانی پر جلوہ گر کیا اور حبش خان نام غلام حبشی امور ملکی و مالی کا منتظم اور متکفل ہوا اور زمام اختیارات سلطنت اپنے قبضۂ اقتدار مین لاکر محمود شاہ کو برائے نام بادشاہ بنایا اور دوسرا حبشی کہ جس کا نام سیدی بدر دیوانہ تھا اُس نے حبش خان کے اوضاع و اطوار ناپسندیدہ سے بہ تنگ آن کر اُسے تیغ سیاست سے ہلاک کیا اور خود مہمات دولت کو انجام دینے لگا اور بعد چند روز کے چوکی خانہ کے سردار کو موافق کر کے سلطان محمود شاہ کو بھی پردۂ شب مین شہید کیا اور صبح کو تخت پر متمکن ہوا اور اُن امرا کی تجویز سے جو اُس کے شریک تھے اپنا نام مظفر شاہ رکھکر اُن ممالک کا حاکم ہوا سلطان محمود کی مدت سلطنت ایک سال تھی اور حاجی محمود قندھاری نے اپنی تاریخ مین لکھا ہے کہ سلطان محمود شاہ فتح شاہ کا بیٹا تھا اور حبش خان شاہ باربک کا غلام شاہ فیروز شاہ کے حکم کے موافق اُس کی پرورش کرتا تھا اور شاہ فیروز شاہ کے بعد وفات سلطان محمود کو تخت پر بٹھایا جب چھ برس کا زمانہ گذرا حبش خان کو بادشاہی کی ہوس ہوئی اور سیدی بدر دیوانہ حبش خان کو قتل کر کے تفصیل مسبوق الذکر شاہ ہوا

ذکر سیدی بدر حبشی المخاطب بمظفر شاہ کی سلطنت کا

واضح ہو کہ مظفر شاہ حبشی بیباک اور سفاک تھا علما اور فضلا اور صلحا اور شرفاے ملک کو جو اُس کی شاہی سے راضی نہ تھے اُنھین قتل کیا اور جن راجاؤن نے کہ شاہان بنگالہ کی خصومت پر کمر باندھی تھی اُنھین بھی فوج کشی کر کے ہلاک کیا اور سید شریف مکی کو منصب وزارت پر سرفراز کر کے ملک مال کا اختیار دیا اور اُس کی ہدایت سے سوار اور پیادہ کی تنخواہ کم کر کے خزانہ کی زیادتی اور رفاہی مین مصروف ہوا اور ایک عالم کو اپنی بے اعتدالی سے متنفر کیا آخر کو یہ نوبت پہونچی کہ اکثر امراے کبار نے اُس سے انحراف کر کے خروج کیا سلطان مظفر شاہ مع پانچ ہزار حبشی اور تین ہزار پٹھان اور بنگالی متحصن ہوا بقولے چار دن بقولے چار ماہ افواج درونی اور بیرونی مین جنگ واقع رہی ہر روز ایک جماعت کثیر قتل ہوتی تھی اور جس شخص کو گرفتار کر کے سلطان مظفر کے روبرو لاتے تھے کمال قہر و غضب سے شمشیر کھینچکر اپنے ہاتھ سے ہلاک کرتا تھا چنانچہ عدد اُس کے مقتولون کے چار ہزار کو پہونچے آخر کو ایک روز شاہ مظفر شاہ مع جمعیت شہر سے برآمد ہو کر شریف مکی سے ہم مصاف ہوا طرفین سے بیس ہزار آدمی مارے گئے مظفر شاہ مع اکثر امرا اور مقربان وغیرہ سے

تہ تیغ ہوا اور حاجی محمد قندھاری کی روایت سے واضح ہوتا ہی کہ اُن دنون مین اول سے آخر تک یعنے تمام معرکون مین ایک لاکھ بیس ہزار مسلمان اور ہنود سے عالم فانی کی طرف راہی ہوئے اور سید شریف کی نے تخت شاہی پر قدم رکھکر نشان جہانبانی کا بلند کیا لیکن نظام الدین کی تاریخ مین اس طرح مرقوم ہی کہ جب مظفر شاہ کی حرکات اور سکنات سے لوگ متنفر اور ناراض ہوئے سید شریف کی اس امر کو سمجھکر چوکی خانہ کے دو سردار کو اپنا یار موافق کرکے ایک شب مع تیرنفر پایک حرم سرا مین در آیا اور شاہ مظفر کو قتل کرکے صبح کو تخت پر بیٹھا اور اپنا نام سلطان علاء الدین رکھکر امور ملکی اور مالی مین مشغول ہوا اور مظفر شاہ کی مدت سلطنت تین برس اور پانچ مہینے تھی

ذکر شریف کی المشہور بسلطان علاء الدین کی سلطنت کا

جو سید شریف کی مظفر شاہ کی حین حیات اور اپنے ایام وزارت مین چاہتا تھا کہ اپنی نیک نفسی اور خوش گذاری ظاہر کرے خلائق کو سناتا تھا کہ مظفر شاہ خسیس ہی اور بادشاہی کی لیاقت نہین رکھتا ہر چند مین نے سیاہ اور امرا کے بارہ مین نصیحت کی کچھ فائدہ نہ بخشا زر جمع کرنے مین مشغول ہی اس وجہ سے انھین اپنا مہربان اور شفیق کیا الغرض جب مظفر شاہ قتل ہوا امرائے کبار سے شاہ کے بارہ مین مشورہ کیا سب وضیع و شریف سید شریف کی سلطنت پر راغب ہوے اور سب نے متفق ہوکر اس سے یہ بات کہی کہ اگر ہم تجھے شاہ بنا دین تو ہم سے کیا سلوک کریگا کہا تھا را مدعا ے دلی فورًا برلاؤن گا جو شے شہد کی روے زمین پر ہو گی تمھارے واسطے معاف اور مرفوع القلم کرون گا اور جو اشیا کہ زیر زمین ہین مین اُس پر متصرف ہون گا الغرض خاص و عام بہ طمع مال راضی ہوئے اور اُسے تخت سلطنت پر بٹھا کر شہر کو رکو جو آبادی مین شہر مصر سے بہتر تھا اس کی تاراجی مین مصروف ہوئے اور سید شریف کی بآسانی تمام چتر اپنے سر پر بلند کرکے خطبہ اپنے نام پڑھکر شاہ مستقل ہوا **بیت** دولت آن ست کہ بیخون دل آید بہ کنار ٭ ورنہ باسعی عمل باغ جنان انیمہ نیست ٭ اور بعد چند روز کے تاراجی کی ممانعت کی جب وہ ممنوع نہوئے بارہ ہزار لٹیرون کو قتل کیا آخر کو اُس عمل بد سے باز آئے پھر تجسس اور تلاش کرکے بہت مال اپنے تصرف مین لایا از انجملہ ایک ہزار اور تین کشتی طلائی تھی کس واسطے کہ رسم بنگالہ اور لکھنوتی کی یہ تھی کہ جو شخص مال دینوی سے متمول ہوتا تھا سونے کی کشتی بناکر اس مین کھانا کھاتا تھا اور جشن اور شادی کے دن جو شخص سونے کی کشتی زیادہ تر دربار سلطانی مین حاضر کرتا تھا وہی سردارون مین شمار ہوتا تھا اور اب تک بنگالہ کے زمیندارون مین یہ رسم مروج ہی اور شاہ علاء الدین جو مرد عاقل اور دانا تھا امرائے اصل یعنے خاندانی امیرون پر رعایت کرکے مثل اپنے بندگان خاص کے مراتب ارجمند اور مناصب بلند پر فائز کیا اور اپنی جان کی محافظت کے واسطے چوکی خانہ کی سیاہ یکقلم برطرف کی اور حبشیونکو اپنے قلمرو سے نکالدیا اور یہ لوگ چونکہ صاحب کشی کی شرارت سے ہندوستان کے اطراف

وجوانب مین مشہور ہوگئے تھے جون پور وغیرہ کے رئیس اُن کے رہنے کے روادار نہ ہوئے اس واسطے اکثر دکن اور گجرات کی طرف متفرق اور پریشان ہوئے اور سلطان علاء الدین نے مغل اور پٹھانون کی دستگیری کرکے عامل و بانت دار اور کارندے کارگذار جا بجا مقرر فرمائے ملک کا انتظام بخوبی تمام ہوا اور تزلزل و انقلاب کہ سلاطین ماضیہ کے عہد مین بہم پہونچا تھا برطرف ہوا مملکت کے باغی اور سرتابون نے اس کے خط فرمان پر سر رکھا اور اطراف کے راجہ مطیع ہوئے

بیت چون نوبت دولتش در آمد بہ فرمان و زمینان بر آمد بہ

القصہ آبادی بنگالہ مین نہایت کوشش اور اہتمام مبذول رکھا اور چند مواضع قدوۃ المشائخ شیخ نور قطب عالم قدس سرہ کو خرچ لنگر کے واسطے واگذاشت اور معاف فرمائے اور سلطان علاء الدین ہر سال اپنے پائے تخت اکدالہ سے ایک مرتبہ حضرت شیخ کے مزار فائض الانوار کی زیارت کو قصبہ بندہ مین آتا تھا اور اخلاق پسندیدہ اور وفور عقل و کاروانی کی برکت سے سالہائے دراز تک امر بادشاہی مین مشغول رہا آخرش ۹۲۷ھ نوسو ستائیس ہجری مین قضائے الٰہی سے ملک بقا کی طرف کوچ کیا مدت اُسکی سلطنت کی ستائیس سال تھی البقاء للملک المعبود

ذکر نصیب شاہ بن سلطان علاء الدین کی شاہی کا

جب سلطان علاء الدین برحمت حق واصل ہوا اعیان مملکت نے اس کے اٹھارہ فرزندسے نصیب شاہ کو کہ اولاد اکبر تھا تخت پر بٹھایا اور اُس نے وہ کام کئے کہ جو خلائق کے پسند ہوے یعنے اپنے بھائیون کو قید و حبس سے محفوظ رکھا اور ہر ایک کو جو کچھ باپ نے عنایت فرمایا تھا اس سے دونا اور مرحمت فرمایا اور جب فردوس مکانی ظہیر الدین محمد ہمایون بادشاہ ابراہیم شاہ لودھی بن سکندر شاہ لودھی کو قتل کرکے سواد ہندوستان پر مسلط ہوا اکثر امراے افغان بھاگکر نصیب شاہ کے پاس التجا لائے اور آخر کو سلطان محمود بھائی بادشاہ ابراہیم شاہ لودھی کا بنگالہ مین داخل ہوا ہر ایک علے قدر مراتب پرگنات لائق اور قصبات شائق پر منصوب ہوئے اور سلطان ابراہیم لودھی کی بیٹی کہ اُس ملک مین وارد ہوئی تھی نصیب شاہ کے عقد نکاح مین منعقد ہوئی اور ۹۳۵ھ نوسو پینتیس ہجری مین جب بابر شاہ نے جون پور کے اطراف مین آن کر اُس ملک کو سر کیا چاہا کہ بنگالہ کو بھی اپنے قبضہ مین لاوے نصیب شاہ نے متفکر ہوکر تحف و ہدایا بہت المبلغون کے ہاتھ بھیجکر غایت عجز و زاری کی بابر شاہ مصلحت وقت دیکھکر صلح کرکے اپنے دار الملک کی طرف پلٹ گیا اور جب بابر شاہ سے تخت دہلی خالی ہوا اور ہمایون بادشاہ قائم مقام ہوا یہ خبر مشہور ہوئی کہ شاہ دہلی درپے تسخیر بنگالہ ہے اس واسطے نصیب شاہ نے ۹۳۷ھ نوسو سینتالیس ہجری مین اظہار اخلاص اور خصوصیت اور محبت کے واسطے تحفہاے نفیس ملک مرجان خواجہ سرا کے ہمراہ سلطان بہادر گجراتی کے پاس بھیجا اور ملک مرجان نے قلعہ مندو مین سلطان بہادر کی ملازمت کی اور خلعت خاص سے سرفراز ہوا

اور اُس عرصہ مین نصیب شاہ باوجود دعوے سیادت مرتکب فسق و ظلم ہوا شرح اس کی موجب کدورت خواطر ناظرین و سامعین سمجھکر قلم انداز ہوئی **بیت** شیر را بچہ ہمی ماند بادہ تو بہ پیر چہ میانی بگو بالغرض ۹۳۳ھ نو سو تینتالیس ہجری مین اس کی عمر اختتام کو پہونچی لیکن معلوم نہوا کہ وہ اجل طبیعی سے مرا یا کسی نے اس پر صدمہ پہونچایا **بیت** از چرخ نصیب این چنانیش نماند بہ سرمایہ عمر و زندگانیش نماند بہر تقدیر نصیب شاہ کے بعد شاہ سلطان محمود بنگالی کہ اس کے امرا سے تھا اُس مملکت پر قابض ہوا اور شیر شاہ افغان سور نے کہ آخر مین دہلی کا بادشاہ ہوا تھا اُسی عرصہ مین بنگالہ پر فوج کشی کرکے اسے زخمی کرکے معرکہ سے بھگایا سلطان محمود بھاگ کر ہمایون بادشاہ کے پاس پناہ لے گیا اور ہمایون شاہ نے ۹۶۵ھ نو سو پینسٹھ ہجری مین مملکت بنگالہ کو شیر شاہ کے تصرف سے برآوردہ کرکے بلدہ کور مین خطبہ اپنے نام پڑھا اور اس شہر کا جنت آباد نام رکھا لیکن کچھ دوام اور ثبات پیدا نہ ہوا وہ مملکت پھر شیر شاہ کے قبضہ مین آئی اور محمد خان افغان کہ سلیم شاہ کے امرا سے تھا اس کی طرف سے اُس ملک کا حاکم ہوا اور جب محمد خان قضاے الٰہی سے مرگیا اس کا فرزند نشان مخالفت بلند کرکے اور اپنے تئین خطاب سلطان بہادر دیکر صاحب سکہ ہوا

تذکرہ سلیم خان المخاطب بہ سلطان بہادر شاہ کی سلطنت کا

چند روز اس نے بھی نشان حکومت بلند کیا لیکن وہ مملکت اُس کے قبضہ مین بھی نرہی آخر کو سلیمان کرانی پٹھان کہ وہ بھی سلیم شاہ کے امراے کبار سے تھا بنگالہ کی حکومت پر مسلط ہوا

ذکر سلیمان کرانی افغان کی حکومت کا

سلیم شاہ کے بعد از فوت یہ بنگالہ اور بہار کا حاکم مستقل ہوا ولایت اوڈیسہ کو بھی اپنے تصرف مین لایا ہر چند خطبہ اپنے نام نہ پڑھتا تھا مگر آپ کو حضرت اعلے کہلاتا تھا اور بحسب ظاہر جلال الدین محمد اکبر بادشاہ سے ملائمت کرکے کبھی کبھی تحف و ہدایا بھیجتا تھا غرضکہ پچیس سال بنگالہ کی حکومت کرکے قضاے الٰہی سے فوت ہوا

ذکر بایزید افغان بن سلیمان کرانی کی حکومت کا

بعد اپنے باپ کی وفات کے یہ مسند حکومت پر جلوہ گر ہوا اور ایک ماہ حکومت کرکے اپنے چچیرے بھائی کے ہاتھ سے جس کا نام ہانسو تھا دیوانخانہ مین قتل ہوا اور وہ بھی اُسی مقام مین مارا گیا پھر بایزید کا چھوٹا بھائی داؤد خان قائم مقام ہوا

ذکر داؤد خان افغان بن سلیمان افغان کی حکومت کا

یہ بعد وفات بھائی کے ولایت بنگالہ اپنے تصرف مین لایا پھر امرا کا فساد دفع کرکے خطبہ اور سکہ اس مملکت کا اپنے نام پڑھا اور شراب کے نشہ مین اور مصاحبان اوباش کی صحبت مین سرحد سلطنت اکبر شاہ کے اطراف مین مزاحمت پہونچائی منعم خان المخاطب بہ خان خانان حاکم جون پور اکبر بادشاہ کے حکم کے موافق داؤد خان پٹھان کی تنبیہ کو متوجہ ہوا اور اپنی روانگی سے پیشتر امرائے مغل کو نامزد کیا داؤد خان نے لودھی خان کو اُن کے مقابلہ کے واسطے رخصت فرمایا اور طرفین نے ایک دوسرے کے مقابل آن کر داد مردی اور مردانگی دی آخر الامر دونون لشکر صلح کرکے اپنے مقام کیطرف روانہ ہوئے اور پھر اکبر شاہ نے دوبارہ اس کی تسخیر کے بارہ مین فرمان خان خانان کے نام صادر فرمایا اس وقت مین جو درمیان داؤد خان اور لودھی خان کے کہ پٹھانون کے امرائے کبار سے تھا نزاع واقع ہوئی تھی اُس نے خان خانان سے ابواب ملائمت مفتوح کرکے بادشاہ سے طریق اطاعت پیش نہاد کیا داؤد خان یہ خبر سنکر مضطرب ہوا اور لودھی خان کو مکتوب عجز آمیز لکھے اور دوبارہ ساتھ اپنے متفق اور موافق کرکے اپنے ہمراہ لے گیا اور برخلاف عہد و مروت کے لودھی خان کو کہ صفت شجاعت اور تدبیر مین موصوف تھا قتل کیا اور آب سون مین اکبر بادشاہ کے لشکر کا راستہ روکا اور اُس مقام مین کہ آب سون دریائے گنگ سے ملحق ہوا ہی جنگ واقع ہوئی پٹھان مغرور ہوئے چند کشتی اُن کی سپاہ مغل کے ہاتھ آئین اور منعم خان المخاطب بہ خان خانان دریا سے عبور کرکے تنبیہ کے لیے متوجہ ہوا اور اس قلعہ کو جس مین داؤد خان قلعہ بند ہوا تھا محاصرہ کرکے تنور حرب گرم کیا اس درمیان مین اکبر بادشاہ بھی اس مقام مین داخل ہوا داؤد خان افغان بنگالہ کی طرف بھاگا اور قلعہ پٹنہ اور حاجی پور مفتوح ہوا اور چار سو ہاتھی داؤد خان کے بہادران مغل کے ہاتھ آئے منعم خان بنگالہ کی سمت متوجہ ہوا اور جب گڑھی مین پہونچا داؤد خان بیتاب ہوکر اوڈیسہ کی طرف بھاگا اور بعضے امرائے اکبری نے جو اوڈیسہ کی طرف گئے تھے داؤد خان کے بیٹے حبید خان سے شکست پائی منعم خان اس امر سے واقف ہوکر اوڈیسہ کی سمت گیا اور داؤد خان افغان مقابلہ کو آیا جب افواج طرفین کا سامنا ہوا دونون لشکر صفوف حرب آراستہ کرکے جنگ مین مشغول ہوئے اور بعد جنگ عظیم پٹھان شکست کھاکر بھاگے داؤد خان افغان نے اُس قلعہ مین کہ دریائے گنگ کے کنارہ تھا پناہ لی لیکن جو چارہ نہ رکھتا تھا اہل وعیال کو قلعہ مین چھوڑکر بقصد جنگ باہر آیا آخر اُس نے منعم خان سے صلح کرکے ملاقات کی منعم خان ولایت اوڈیسہ اور کٹک اور بنارس اُس کے تفویض کرکے باقی ممالک پر متصرف ہوا اور جب منعم خان سرائے آخرت کی طرف خرامان ہوا جلال الدین محمد اکبر بادشاہ نے خان جہان ترکمان کو بنگالہ کی حکومت پر سرفراز کیا اور داؤد خان افغان منعم خان کے مرنے کے بعد بلاد بنگالہ کو امرائے اکبری کے ہاتھ سے برآوردہ کرچکا تھا سنہ ۸۰۳

آٹھ سو تین ہجری مین مع لشکر عظیم اُس مقام مین کہ مابین گڑھی اور ملانڈہ کے ہے خان جہان ترکمان کے مقابل ہوا اور بعد جنگ عظیم دستگیر ہو کر معرکہ مین قتل ہوا اور اس کا بیٹا جنید خان زخمی ہو کر اگرچہ معرکہ سے نکل گیا لیکن اس کے صدمہ سے دو تین دن کے بعد مر گیا اور ممالک بنگالہ اور اوڈیسہ مع شہر کٹک و بنارس تمام خان جہان کی کوشش سے دیوان اکبری مین داخل ہوا اور دولت شاہان پوربی کی ختم ہوئی اور امرائے افغان مثل حسین اور کالا پہاڑ وغیرہ کہ مقام دشوار گزار مین داخل ہوئے تھے کچھ عرصہ کے بعد لشکر مغل کے غلبہ سے مغلوب ہو کر بعض ممالک بنگالہ اور جنگلون مین پوشیدہ ہوے اور جلال الدین محمد اکبر بادشاہ کے بعد وفات عثمان نام افغان نے اس جماعت سے خروج کر کے قریب بیس ہزار افغان کے فراہم کیے اور خطبہ اُس نواح کا اپنے نام پڑھکر بعضے ولایت نورالدین محمد جہانگیر بادشاہ پر مزاحمت پہونچائی پھر اسلام خان ولد شیخ بدرالدین فتح پوری حاکم بنگالہ اُس کی دفع کے واسطے مامور ہوا چنانچہ اس تاریخ تک کہ ۱۰۱۹ھ ایک ہزار اٹھارہ ہجری تھی اس سے معاملہ مفروغ نہین ہوا۔ ✦

ذکر بادشاہان شرقی کی حکومت کا

جیسا کہ پیشتر مذکور ہوا کہ جن لوگون نے جون پور اور ترہت مین حکومت کی ہے انھین مورخین دانش گرین بادشاہان شرقی کہتے ہین

بیان سلطان الشرق خواجہ جہان کی حکومت کا

تاریخ مبارک شاہی سے واضح اور مستفاد ہوتا ہے کہ فیروز شاہ کے چھوٹے شاہزادہ محمد شاہ نے ملک سرور خواجہ سرا کو منصب وزارت دے کر بخطاب خان جہان سرفراز فرمایا اور جب بادشاہ ناصرالدین محمود شاہ بنیرۂ فیروز شاہ تخت سلطنت پر متمکن ہوا تو ملک سرور المخاطب بخواجہ جہان کو ماہ جمادی الاولے ۷۷۶ھ سات سو چھتر ہجری مین ملک الشرق خطاب دے کر ولایت جون پور اور بہار اور ترہت اس کے تفویض فرمائی اور اس نے اس ممالک کا انتظام بخوبی تمام کر کے اُس حدود کے راجاؤن اور زمیندارون کو مطیع کیا اور جو قلعجات کہ کفار نے مسلمانون کے تصرف سے برآوردہ کر کے خراب اور ویران کیے تھے اُن پر قبضہ کر کے از سر نو تعمیر کیے اور مردمان جرار اور آزمودہ کار کے سپرد کر کے ملک کو آباد کیا اور جب بادشاہ ناصرالدین محمود کی شوکت نہ رہی اپنا خطاب ملک الشرق رکھکر پرگنہ کولی اور اٹاوہ اور بہرائچ اور کنبیلہ کے متمردون کو گوشمال دے کر دہلی کی جانب پرگنہ کول اور رابری تک اور دوسری طرف بہار اور ترہت تک سرکشون کا نشان باقی نہ رکھا اور جس طور سے بادشاہان پوربی یعنے حاکمان لکھنوتی اور بنگالہ ساتھ بادشاہ ناصرالدین محمود کے طریق اور اخلاص جاری رکھکر ہاتھی اور تحفجات بھیجتے تھے آپ اُس

ف آخر خروج ہوگیا اور عثمان خان بعد دلیر جنگ سخت کے مارا گیا۔

کے پاس ارسال کرنے لگے اور جب اس کے اقبال نے عروج کیا فلک نے دشمنی اور خصومت پر کمر باندھی یعنی سنہ ۸۰۲ آٹھ سو دو ہجری مین اس کو تخت پر سے تختہ تابوت پر کھینچا مدت اُس کی سلطنت کی چھ سال اور چند ماہ تھی

بیان سلطان مبارک شاہ شرقی کی سلطنت کا

سلطان الشرق خواجہ جہان نے چند سال سلطنت کی اور اس کا ارادہ یہ تھا کہ خطبہ اور سکہ اپنے نام کرکے بطرق شاہان پوربی چتر سر پر بلند کرے لیکن اجل نے اُسے امان نہ دی یہ حسرت اپنے دل مین لے گیا اُس کا فرزند تنبی جس کا نام قرنفل تھا بجاے اس کے تخت نشین ہوا اور جونپور وغیرہ کو اپنے قبضۂ اقتدار مین لایا اور جب دہلی کی سلطنت مین اُسی زمانہ مین ایکبارگی نہایت خلل واقع ہوا تو اُسنے وضیع شریف کو موافق کرکے اپنا خطاب مبارک شاہ رکھکر تخت سلطنت پر جلوس کیا اور اقبالخان کہ وکیل مطلق العنان سلطان محمود حاکم دہلی کا تھا مبارک شاہ کا غلبہ اور دعوی شاہی سنکر طیش مین آیا چنانچہ سنہ ۸۰۳ آٹھ سو تین ہجری مین اُس کے مدافعہ کے واسطے چڑھائی کی اور جب قنوج مین آیا شاہ مبارک شاہ بھی مع جمعیت عظیم افغان اور مغل اور تاجیک اور راجپوت اُس کے مقابلہ کو روانہ ہوا اور آب گنگ کے دونون طرف فریقین کی افواج فروکش ہوئین اور خیمہ اور خرگاہ رنگ برنگ کے عکس سے آب دریا پر قوس قزح کا عالم نمایان ہوا اور جو کہ دریا درمیان مین حائل تھا دو مہینے کامل دونون لشکر برابر مقیم رہے کسی نے قدم جرأت کا آگے نہ بڑھایا آخر کو دونون غنیم بہ تنگ آئے اور ہر ایک بلا جنگ اپنی دارالسلطنت کی طرف روانہ ہوئے اور جبکہ شاہ مبارک شاہ شرقی جون پور پہونچا مخبرون نے خبر پہونچائی کہ سلطان محمود مالوہ سے پلٹ کر دہلی مین آیا اور اقبال خان اُسے اُبھار کر پھر بہ قصد تسخیر جون پور کی طرف متوجہ ہوا ہی شاہ مبارک شاہ شرقی سامان جنگ مین مصروف تھا کہ یکایک سب سے قوی دشمن اجل نے اُسپر چڑھائی کرکے سنہ ۸۰۴ آٹھ سو چار ہجری مین اُس کے ملک وجود کو برہم کیا مدت اُس کی سلطنت کی ایک سال اور چند ماہ تھی

ذکر شاہ ابراہیم شرقی کی سلطنت کا

جب خالق انس وجان کے حکم سے شاہ مبارک شاہ عالم باقی کی طرف سفری ہوا اُس کا چھوٹا بھائی خطاب ابراہیم شاہ شرقی پاکر تخت فرمانروائی پر جلوہ گر ہوا یہ بادشاہ عقل و دانش و تدبیر سے متصف تھا اُس کے زمانہ مین ممالک ہندوستان کے فاضل اور ایران و توران کے کامل جو زمانہ کے آشوب سے حیران و پریشان ہوکر جون پور مین آئے تھے اُس کے امن و امان کے مہد مین پاؤن پھیلا کر سوئے اور اُس کے خوان احسان کے مائدہ سے سیر ہوکر کئی کتابین اور رسالے بنام نامی اُس کے جیسا کہ تحریر ہوگا تصنیف کیے امرا اور فضلا اور صاحب عقل و کیاست اور شجاعت و شہامت اسکے دولتخانہ

مین فراہم ہوئے اُن کے سبب سے اس کا دربار سلاطین ایران کی طرح رنگین ہوا **بیت**
جہان آفرین تا جہان آفریدہ ۔ چو او مرزبانے نیامد پدید ۔ اور اُس کی ابتداے سلطنت مین اقبال خان
سلطان محمود دہلوی کو اٹھا کر بقصد تسخیر جون پور قنوج مین آیا اور سلطان ابراہیم شرقی مع لشکر مستعد
رزم و پیکار آب گنگ کے ساحل تک اُس کے مقابلہ اور محاربہ کو روانہ ہوا چند روز ایک دوسرے
کے مقابل فروکش رہے اور جو اقبال خان مہمات ملکی اور مالی سلطان محمود کی مرضی کے موافق رجوع
نہ کرتا تھا سلطان محمود شکار کے بہانہ اپنے اُردو سے برآمد ہو کر اس خیال سے کہ شاہ ابراہیم شرقی
حق نمک اور صاحبی کو مدنظر رکھکر اقبال خان کو دفع کر کے مجھے تخت شاہی پر بٹھا دیگا یا کمک اور
اعانت میری کرے گا بے اظہار مدعا بادشاہ ابراہیم شرقی کے پاس گیا لیکن جو سلطان ابراہیم شرقی
نے لذت شاہی حاصل کی تھی اور بادشاہت نے اُس کی ابھی استحکام پیدا نہ کیا تھا سلطان محمود
کا کوئی مدعا حاصل نہوا بلکہ تعظیم و تکریم اور پرسش و دلجوئی مین بھی اس نے اُس قدر تساہل اور تامل
کیا کہ سلطان محمود آنے سے شرمندہ اور نادم ہو کر یکایک قنوج کی طرف روانہ ہوا اور حاکم قنوج کو جو
ابراہیم شاہ شرقی کی طرف سے مامور تھا جس کو امیرزادہ ہردی کہتے تھے بجبر و قہر اُسے نکالکر اُس بلدہ
پر متصرف ہوا سلطان ابراہیم شاہ شرقی اور اقبال خان نے جب دیکھا کہ محمود شاہ نے اس مملکت پر
قناعت کی ہے اس لیے قنوج اُسے ارزانی رکھکر ہر ایک اپنی دارالحکومت کی سمت راہی ہوئے اور
بعض تواریخ مین یون مسطور ہے کہ سلطان محمود جب مبارک شاہ شرقی کے پاس گیا اُسی عرصہ مین مبارک شاہ
شرقی نے اس دارنا پائدار سے رحلت کی اور شاہ ابراہیم شرقی تخت پر متمکن ہوا واللہ اعلم بالصواب اور
سنہ ۸۰۸ آٹھ سو آٹھ ہجری مین جیسا کہ بادشاہان دہلی کے ضمن واقعات مین تحریر ہوا ہے اقبال خان مارا
گیا اور سلطان محمود دہلی کی طرف گیا شاہ ابراہیم شاہ شرقی نے صلاح وقت دیکھکر سنہ ۸۰۹ آٹھ سو نو ہجری
مین قنوج کی تسخیر کی عزیمت کی اور سلطان محمود مع لشکر دہلی شاہ ابراہیم کے مقابلہ کو روانہ ہوا اور فوج
طرفین نے بدستور سابق ساحل گنگ پر ایک دوسرے کے مقابل نزول کیا اور بعد چند روز کے
بے مجادلہ اور محاربہ ایک نے جون پور کی طرف اور دوسرے نے دہلی کی سمت مراجعت کی اور جب سلطان محمود
شاہ دہلی مین پہونچا امرا کو رخصت جاگیر دی اور شاہ ابراہیم شرقی نے پھر آن کر قنوج کو گھیرا اور بعد
چار مہینے کے جب دہلی سے کمک نہ پہونچی ملک محمود ترمتی حاکم قنوج نے ناچار ہو کر امان لے کر
قلعہ کو شاہ ابراہیم شاہ کے سپرد کیا اور شاہ وہان موسم برسات بسر کر کے ماہ جمادی الاول سنہ ۸۱۰ آٹھ سو
دس ہجری مین بہ تسخیر دہلی متوجہ ہوا اور اس سبب سے کہ شاہ عاقل اور عالی ہمت اور سخی تھا دہلی
کے بہت امرا سے کہ رشل تاتار خان ولد سارنگ خان اور ملک خان غلام اقبال خان وغیرہ اُسکے
شریک ہوئے اور سلطان ابراہیم شرقی قوی پشت ہو کر شہر سنبل کی طرف روانہ ہوا اور اسد خان لودی
شہر سنبل کو چھوڑ کر بھاگا پھر شاہ ابراہیم شرقی شہر سنبل تاتار خان کے سپرد کر کے آگے بڑھا جب
دریاے جمن کے کنارہ پہونچکر چاہا کہ عبور کرے ناگاہ مخبر خبر لائے کہ مظفر شاہ گجراتی نے سلطان ہوشنگ

کو جنگ مین اسیر کرکے مالوہ کو مسخر کیا اور اب محمود شاہ کی کمک کو آتا ہی اور ایک روایت مین یہ ہی کہ مظفر شاہ جون پور لینے کا داعیہ رکھتا ہی سلطان ابراہیم شرقی یہ خبر سنتے ہی فسخ عزیمت کرکے جونپور کی سمت روانہ ہوا اور محمود شاہ نے دہلی سے آن کر شہر سنبھل کو برآوردہ کیا اور تاتار خان بھاگ کر ابراہیم شاہ شرقی کے پاس آیا اور شاہ شرقی خیل وحشم کی آراستگی اور فراہمی مین مصروف ہوا اور ۸۱۶ھ آٹھ سو سولہ ہجری مین دوبارہ بہ تسخیر دہلی اپنے دارالملک سے روانہ ہوا اور چند منزل جاکر راہ سے پلٹ کر دارالعلم جون پور کی طرف مراجعت فرمائی اور علما اور مشایخ کی صحبت اور تعمیر ولایت اور تکثیر زراعت مین مشغول ہوکر برسون کسی طرف عزیمت نفرمائی اور آدمی اطراف واکناف ہندوستان کے آشوب حوادث سے جون پور کی سمت متوجہ ہوئے اور ہر ایک علی قدر مراتب وفراخور حالت سرفراز ہوئے اور خادم اور مشایخ اور علما اور سادات اور نیز منشیون کا اس قدر اجماع ہوا کہ جون پور کو خلقت دہلی ثانی کہتی تھی اور اُس ملک کے صغیر وکبیر شاہ شرقی کی ذات بابرکات کو جملہ مغتنمات سے شمار کرکے حیات مستعار عیش وعشرت مین بسر کرتے تھے شاہ سے گدا تک تمام خوش وقت تھے رنج وملال اُس ملک سے سفر کر گیا تھا اور ۸۳۲ھ آٹھ سو اکتیس ہجری مین محمد خان حاکم میوات سلطان ابراہیم کی خدمت مین حاضر ہوا اور فتح بیانہ کی ترغیب وتحریص دے کر اپنے ہمراہ لے گیا من بعد مبارک شاہ بادشاہ دہلی بعزم ممانعت روانہ ہوا اور بیانہ کے اطراف مین طرفین کی افواج آہونچی اور چار کوس پر خندق کھود کر محکم اور قوی ہوئے اور بائیس روز مردم طرفین بطور طلایہ برآمد ہوکر جنگ کرتے تھے اور جنگ سلطانی کی کوئی جرأت نہ کرتا تھا آخر کو سلطان ابراہیم شرقی نے خندق سے برآمد ہوکر صفوف جنگ آراستہ کی اور مبارک شاہ بھی ناچار ہوکر میدان وغا کی طرف روانہ ہوا اور صبح سے تا شام جنگ کرکے برابری کے ساتھ جدا ہوکر اپنے دائرہ کیطرف متوجہ ہوئے دوسرے دن گرگ آشتی یعنے صلح ظاہری کرکے اپنی اپنی دارالسلطنت کی سمت مراجعت کی اور ۸۳۷ھ آٹھ سو سینتیس ہجری مین سلطان ابراہیم شرقی نہایت شوکت اور صولت سے کالپی کی تسخیر کو سوار ہوا اور اثنائے راہ مین خبر پہونچی کہ سلطان ہوشنگ غوری بھی کالپی کی عزیمت رکھتا ہی اور جب دونون فرمانروا ایک دوسرے کے قریب پہونچے اور آج کل جنگ شروع ہونے والی تھی کہ مخبر خبر لائے کہ بادشاہ مبارک شاہ بن خضر خان دہلی سے لشکر فراہم لاکر جون پور کی تسخیر پر عازم وجازم ہی سلطان ابراہیم شرقی عنان اختیار ہاتھ سے دے کر جونپور کی سمت راہی ہوا اور سلطان ہوشنگ غوری نے بے نزاع کالپی کو کہ ابن عبدالقادر المرحوم تھا در شاہ ملازم مبارکشاہ کے تصرف مین تھی برآوردہ کی اور ۸۴۴ھ آٹھ سو چوالیس ہجری مین شاہ ابراہیم شرقی کا مزاج شریف اور عنصر لطیف زمانہ کی بدنظری سے طریق اعتدال سے منحرف ہوا روح پاک اس شاہ عالم پناہ کی بہشت برین کی طرف خرامان ہوئی اور بعد اس واقعہ جانسوز کے جونپور کے باشندون نے سوگوار رہوکر جامہ ماتم پہنا اور شہر کے مرد وزن نے اُس کے جنازہ کے ہمراہ جاکر نوحہ وزاری سے ہنگامہ حشر برپا کیا

اور تمام خلقت کی زبان پر یہ ابیات جاری تھے ابیات ؎ دریغ آن شہنشاہ صاحبقران ؎ جم تاج بخش و ممالک ستان ؎ دریغ آن کہ دیگر نیارد زمین ؎ بصدقرن شاہی بآن داد و دین ؎ اُس کی مدت سلطنت چالیس سال اور چند ماہ تھی اور بروایت حاجی محمد قندھاری سنہ ۸۴۰ آٹھ سو چالیس ہجری مین فوت ہوا تب ایام سلطنت اُس کے اڑتیس سال اور چند ماہ ہون گے اُس کے فضلائے عہد سے ایک قاضی شہاب الدین جون پوری تھا کہ اصل یعنے مولد اس کا غزنین ہی اور دولت آباد دکن مین نشو و نما پائی سلطان ابراہیم شرقی اُس کی تعلیم و توقیر مین بہت کوشش کرتا تھا اور بروز ہاے متبرک وہ اُس کے دربار مین کرسی نقرہ پر بیٹھتا تھا منقول ہی ایک بار مولانا ایک مرض مین مبتلا ہوئے سلطان ابراہیم اس کی عیادت کے لیے گیا اور بعد احوال پرسی اور انہا رمہربانی کے ایک کٹورہ پانی لبریز کرکے مولانا کے سر سے اُتار کر خود نوش کر گیا اور یہ دعا کی خداوندا جس بلا اور آفت مین مولانا گرفتار ہو وہ مجھے نصیب کر اور اُسے صحت عاجل اور شفاے کامل بخش اس سے معلوم کر سکتے ہین کہ اُس صاحب تخت و تاج کو علماے شریعت محمدی کی نسبت کس درجہ عقیدت تھی اور تصانیف مفید مولانا کی شہرت تمام رکھتی ہین مثل حاشیہ کماشیہ کہ مشہور بحاشیہ ہندی ہے اور مصباح متن ارشاد نحو کہ موسوم بصبح المثال ہی اور بدیع البیان اور فتاوی ابراہیم شاہی اور تفسیر فارسی بحر المواج اور رسالہ مناقب سادات اور رسالہ عقیدہ شہابیہ بھی مولانا قاضی شہاب الدین کی مؤلفات سے ہی اور مولانا بھی اپنے سلطان عصر کی وفات سے ایسے مغموم ہوئے کہ اُسی سال یعنے سنہ ۸۴۰ آٹھ سو چالیس ہجری مین عالم قدس کی طرف تشریف لے گئے تاریخ الفقار للملک المعبود اور بعضے کہتے ہین کہ سلطان ابراہیم کے بعد دو برس کے ظاہر روس ان کا سنہ ۸۴۲ آٹھ سو بیالیس ہجری مین روضہ رضوان کی طرف پرواز کر گیا

بیان سلطان محمود بن سلطان ابراہیم شرقی کی سلطنت کا

ہر چند زمانہ بے رحم نے سلطان ابراہیم سے بادشاہ کو چھین لیا لیکن پھر مقام ترحم مین ہو کر اُسکے بڑے بیٹے کو مسند جہانداری پر بٹھایا اور وہ از روے عقل سر انجام امور ملکی اور مالی مین مشغول ہوا اور عدل و احسان کی آبیاری سے خلائق کے تمنا کے حدائق کو سرسبز اور شاداب کیا اور جو کہ رونق اور رواج مملکت کی عہد پدر مین مشاہدہ کی تھی سپاہ اور رعیت کو مسرور اور محظوظ کرکے راضی اور شاکر فرمایا اور سنہ ۸۴۷ آٹھ سو سینتالیس ہجری مین ایلچی سخندان شیرین زبان مع تحف و ہدایاے فراوان سلطان محمود خلجی کی خدمت مین بھیجکر پیغام دیا کہ نصیر خان ولد قادر خان ناظم کالپی نے شریعت محمدی کی صراط مستقیم سے قدم باہر رکھکر مرتدون کی روش اختیار کی ہی اور قصبہ شاہ پور کو جو کالپی سے آباد زیادہ تھا وہان کے مسلمانون کو جلاوطن کرکے ویران کیا اور عورات مسلمہ کو کافرون کے حوالہ کرکے خدا اور رسول سے نہین ڈرتا ہی اور جو سلطان سعید ہوشنگ شاہ کے

زمانہ سے اور آج تک سلسلہ محبت اور رابطہ مودت کا جانبین مین مستحکم ہی اس واسطے بحکم قاضی عقل لازم جانکر اس معنی کو ضمیر حق پذیر پر روشن اور مبرہن کرتا ہون اگر اجازت ہووے اُسے تنبیہ کرکے دین محمدی کا طریق اُس ملک مین رائج کرون سلطان محمود خلجی نے اس کے درجواب فرمایا کہ اُس سے پیشتر یہ خبر انوا ہا سمع مبارک مین پہونچی تھی اب اُس پیشوائے سلاطین نے اعلام کیا یقین کامل ہوا بہرحال دفع کرنا اس فاجر کا تمام بادشاہون پر واجب ہی اگر افواج قاہرہ مفسدان بیوات کے مدارک کو متوجہ نہ ہوئی ہم خود بنفس نفیس اس کے دفع کے واسطے عازم ہوتے اب جو کہ اُس سلطنت پناہ نے یہ ارادہ کیا مبارک اور مسعود ہووے ایلچی رخصت ہوا اور یہ نوید سلطان محمود کو سنائی سلطان شرقی نے محلوظ ہوکر انتیس زنجیر فیل بسیم تحفہ و سوغات سلطان محمود خلجی کے پاس بھیجی اور سامان جنگ درست کرکے کالپی کی طرف متوجہ ہوا نصیر خان اس امر سے مطلع ہوا سلطان محمود خلجی کو عریضہ اس مضمون کا بھیجا کہ یہ ملک جو سلطان سعید سلطان ہوشنگ نے کمترین کو مرحمت کیا تھا اب سلطان محمود شرقی چاہتا ہی کہ بزور شمشیر چھینکر متصرف ہو اور فقیر کی حمایت سلطان کے ذمہ ہمت پر لازم ہی سلطان محمود خلجی جب عریضہ کے مضمون سے واقف ہوا ایک مکتوب محبت اسلوب تحریر کرکے علی خان کی صحابت سے کہ معتمدان درگاہ سے تھا مع تحف لائق سلطان محمود شرقی کے پاس ارسال کیا اور اس مین یہ عبارت کہ جس کا ترجمہ اُردو یہ ہی درج فرمائی کہ نصیر خان ضابطہ کالپی خداوند قہار کے غضب اور اُس شوکت و دستگاہ کے خوف سے تائب ہوکر اقرار کرتا ہی کہ اب ہرگز قدم جادۂ شریعت سے باہر نہ رکھونگا اور احکام سماوی کی تعمیل اور نفاذ مین تامل اور تساہل نہ کرون گا اور جو کہ سلطان سعید سلطان ہوشنگ نے یہ ملک عبدالقادر الموسوم بہ قادر شاہ کو مرحمت فرمایا تھا اور یہ فرقہ ہماری مالک اطاعت اور فرمانبرداری مین منسلک ہی اس لیے اس اخلاص پناہ اور سلطنت دستگاہ پر بھی واجب ولازم ہی کہ اس کے جرائم گذشتہ پر قلم عفو کھینچکر اس کے ملک پر صدمہ نہ پہونچاوین ابھی علیخان جواب مکتوب لے کر نہ پہونچا تھا کہ دوسری عرضی نصیر خان کی اس مضمون کی نہایت الحاح سے پہونچی کہ فقیر سلطان سعید سلطان ہوشنگ کے عہد سے حلقہ اخلاص کا در گوش اور زین پوش اطاعت کا بالاے دوش رکھتا ہی اور اب سلطان محمود شرقی کینہ دیرینہ اور عداوت قدیم کے سبب ولایت کالپی پر آن کر اُس ولایت پر متصرف ہوا اور مسلمانون کی عورات کو اسیر اور جلا وطن کرکے چندیری کی طرف گیا سلطان محمود خلجی نے باوجود اس کے کہ سلطان محمود شرقی کو نصیر خان کی گوشمالی کے بارہ مین رخصت دی تھی فی الحال اس کے عجز و انکسار سے ناچار ہوکر شعبان کی دوسری تاریخ ۸۴۸ھ آٹھ سو اڑتالیس ہجری مین اجین سے چندیری اور کالپی کی طرف عازم ہوا اور نصیر خان جب چندیری مین ملاقات کے واسطے آیا وہان سے ایرجہ کی طرف متوجہ ہوا اور محمود شاہ شرقی یہ خبر سنتے ہی بلا توقف اُس کے مقابلہ کو روانہ ہوا اور سلطان محمود خلجی نے ایک فوج کو بشکر جون پور کے محاربہ کو نامزد فرمایا اور دوسری جماعت کو حکم دیا کہ تم ساتھ

لشکر جون پور کو تاراج کرو اُس جماعت نے حسب الحکم اُردو کے پس ماندگان کو تہ تیغ کرکے جو کچھ پایا اُسے تاراج کیا اور وہ فوج کہ مقابلہ کے واسطے مامور ہوئی تھی اُس نے جاتے ہی تنور جنگ گرم کیا یعنے صبح سے شام تک حرب وضرب مین مستعد رہی طرفین سے آبی کار آزمودہ کام آئے جب شام ہوئی اپنے اپنے دائرہ کی طرف روانہ ہوئے اور دوسرے دن صبح کو سلطان محمود خلجی نے عماد الملک کو بھیجکر غنیم کا راستہ بند کیا محمود شاہ شرقی اس امر سے واقف ہوا اور اس مقام مین کہ جگہ مضبوط اور قلعہ تھی قیام کیا اور شاہ جلجی نے فوج اُس نواح مین تاراجی کو بھیجی اور اُنھون نے ہاتھ قتل وغارت مین دراز کرکے غنائم کثیر لے کر معاودت کی اور جب موسم برسات کا سر پر آیا طرفین صلح برائے نام کرکے وہان سے اپنے اپنے دار الملک کی سمت روانہ ہوئے جب سلطان محمود خلجی چندیری مین آیا محمود شاہ شرقی نے میدان صاف دیکھکر بالاوغدغہ ایک لشکر ولایت برہار کیطرف کہ وہان کے باشندے سلطان محمود خلجی کی اطاعت کا دم بھرتے تھے نامزد فرمایا سلطان محمود خلجی نے یہ خبر سنکر ایک جماعت وہان کے مقدم کی کمک کو بھیجی اور جو لشکر شرقی تاب مقابلہ کی نہ رکھتا تھا محمود شاہ شرقی بہ تعجیل تمام اپنی فوج مین ملحق ہوا اور بعد چند روز کے ایک مکتوب شیخ الاسلام جائیلدہا کے نام کہ بزرگان وقت سے تھا وسلطان محمود خلجی اس بزرگوار کی نسبت نہایت اعتقاد رکھتا تھا اور اب وہ بزرگوار شادی آباد مندو کے گنبد مین مدفون ہین لکھ بھیجا مضمون اُس کا یہ تھا کہ اس لڑائی مین دونون طرف کی خلق قتل ہوتی ہے اگر آپ اس بارہ مین ساعی ہون بہتر ہے ایلچی جب شیخ کی ملازمت مین حاضر ہوا اور زبانی اس طرح تقریر کی کہ بالفعل قصبہ ایرجہ اور راٹھ جو سلطان شرقی کے تصرف مین آیا ہے اُس کو نصیر خان کے قبضہ مین واگذار فرماوین گے جب سلطان شرقی کے ایلچی نے یہ مضمون شیخ کے سمع مبارک مین پہونچایا شیخ نے سلطان محمود شاہ شرقی کے وکیل کو اپنے خادم کے ہمراہ مع مکتوب نصیحت آمیز تحریر کرکے سلطان محمود خلجی کی خدمت مین بھیجا سلطان محمود خلجی نے فرمایا جب تک وہ کالپی سے دست کش نہ ہوگا مین صلح نہ قبول کرون گا چونکہ نصیر خان کا علاقہ بالکل نکل گیا تھا پرگنہ راٹھ کو غنیمت جانکر عرض پیرا ہوا کہ جو سلطان محمود شرقی نے حضور اشرف کے روبرو شیخ جائیلدہا کی خدمت مین وعدہ کیا ہے کہ مین اس کے بعد قادر شاہ کی اولاد سے خصوص نصیر خان سے مزاحم اور معترض نہون گا امیدوار ہون کہ پھر اُس کا لشکر قدم دوبارہ اس ملک مین نہ رکھے اور بعد چار مہینے کے کالپی اور ایرجہ اور متصلات میرے سپرد کرے جب نیا وصلح کی شیخ کی توجہ ظاہری اور باطنی سے مستحکم ہوئی اور ایلچی سلطان شرقی کا عنایت بادشاہی سے مشمول ہوکر رخصت ہوا سلطان محمود خلجی شادی آباد مندو کی طرف اور سلطان محمود شرقی جون پور کی طرف روانہ ہوئے پھر سلطان شرقی نے اپنے پدر بزرگوار کے بدستور ہاتھ بذل واحسان کا جود وسخا کی آستین سے نکالکر علما اور فضلا اور صلحا بلکہ جمیع طبقات انام کو ہر ایک کے مدارج اور مراتب کے موافق فیضیاب کرکے محظوظ کیا اور بعد چند عرصہ کے جب سپاہ استراحت کرکے رنج سفر سے

آسودہ ہوئی مملکت جسا دن کی طرف متوجہ ہوا اور اُس ملک کو تاخت تاراج کرکے اس نواح کے مفسدون اور سرکشون کو علف شمشیر خون آشام کیا اور بعضے قصبون اور پرگنون مین تھانے بٹھاکے جون پور کی طرف مراجعت فرمائی اور بعد اس کے اوڈیسہ کی غزا مین مصروف ہوا اور اس حدود کے بھی تیجانون کو خراب اور ویران کرکے مع غنائم موفورہ مظفر اور مسرور ہوکر معاودت کی اور سنہ ۸۵۶ آٹھ سو چھپن ہجری مین عزیمت تسخیر دہلی کی اور چند روز اُسے محاصرہ کرکے بنیاد جنگ قائم کی سلطان بہلول مع لشکر کثیر و پیا پور سے آیا اور سلطان محمود نے جب دیکھا کہ دریا خان افغان جو بادشاہ دہلی سے روگردان ہوکر اس کا نوکر ہوا تھا عین لڑائی مین اُس نے پیٹھ دکھائی اس واسطے صلاح توقف مین نہ دیکھی وہان سے کوچ کیا اور دہلیون نے سلطان کا پیچھا کرکے فتح خان ہردی کو جو اُس کے امراے کبار سے تھا قتل کیا اور سات ہاتھی جنگی اُن کے ہاتھ آئے اور سنہ ۸۶۱ آٹھ سو اکسٹھ ہجری مین بادشاہ بہلول لودھی اٹاوہ کے مقدم پر تاخت لایا اور محمود شاہ شرقی کے مقابلہ کو گیا چنانچہ کیفیت اُس کی مقام مناسب مین تحریر ہوئی ہے شمس آباد کے اطراف مین ایک دوسرے کا مقابلہ ہوا اور ابھی چند روز مقابلہ اور مقاتلہ کی نوبت نہ آئی تھی افواج جانبین اپنے اپنے پڑاؤ پر پڑی تھی ایک شب کو قطب خان لودھی سلطان بہلول لودھی کا چچیرا بھائی اس کے دائرہ پر شبخون لاکر گرفتار ہوا ابھی جنگ سلطانی شروع نہ ہوئی تھی کہ یکایک سلطان محمود شاہ شرقی مرض الموت مین مبتلا ہوا اور سنہ ۸۶۲ آٹھ سو باسٹھ ہجری مین اپنی بساط وجود سے قدم باہر رکھکر دار البقا کی طرف سفری ہوا **نظم**

درین شیشہ ہم زہر و ہم شکرست	گہے جان گزا گاہ جان پرورست
یکے را بسر افسر زرنہد	یکے را زکین تیغ بر سر نہد
نہ قہرش بموقع نہ مہرش بجاست	درین بیدارد دوران بے وفاست

مدت اس کی سلطنت کی بیس سال دچند ماہ تھی

ذکر سلطان محمد شاہ بن محمود شاہ شرقی کی بادشاہی کا

جب سلطان محمود شاہ شرقی کے وجود باجود سے تخت خالی ہوا اعیان و ارکان جون پور نے اُس کے بڑے بیٹے شاہزادہ بھیکن خان کو اُس کی والدہ بی بی راجی کی صلاح سے سلطان محمد شاہ خطاب دے کر سریر مملکت پر بٹھایا اور بادشاہ بہلول لودھی سے صلح کرکے عہد کیا کہ ولایت شاہ محمود شاہ شرقی کی محمد شاہ کے تصرف مین رہے اور جو بادشاہ بہلول کے قبضہ مین ہردوبستور اُس پر قابض اور دخیل ہووے بعد اس فیصلہ کے محمد شاہ شرقی جون پور کی طرف متوجہ ہوا لیکن امرا شاہ کی عدم قابلیت سے رنجیدہ اور دلگیر ہوئے اور ملکہ جہان یعنی بی بی راجی بھی بیٹے کی خونخواری سے نہایت درجہ آزردہ ہوئی اس درمیان مین سلطان بہلول نے اطراف دہلی سے قطب خان کی رہائی کا ارادہ کرکے معاودت کی اور سلطان محمد شاہ بھی یہ خبر سنکر جون پور سے سوار ہوا

پرتاب نام زمیندار اس طرف کا جو سابق مین سلطان بہلول سے اتفاق رکھتا تھا محمد شاہ کا غلبہ اور شوکت دیکھکر اُن سے جا ملا اور محمد شاہ سرستی مین آیا اور بہلول شاہ لودھی نے رابری مین جو سرستی کے قریب ہی نزول کر کے چند روز وہان استقامت کی اور شاہ محمد شاہ شرقی نے سرستی سے فرمان جون پور کے کوتوال کے نام لکھا کہ میرے بھائی حسن خان اور قطب خان پسر اسلام خان لودھی کو قتل کرے کوتوال نے اُس کے درجواب یہ عرضی داشت کی کہ بی بی راجی دونون کی ایسی محافظت کرتی ہین کہ مین اُن کے قتل سے معذور رہون جب یہ عرضیہ محمد شاہ کو پہونچا اس نے اپنی والدہ کو جون پور سے اس بہانہ سے طلب کیا کہ آپ یہان آن کر میرے اور میرے بھائی حسن خان کے درمیان صلح کرا دے کچھ ولایت اُسے دلوائین بی بی راجی فریب کھا کر جون پور سے روانہ ہوئی کوتوال نے فرصت پاکر محمد شاہ شرقی کے فرمان کے موافق حسن خان کو قتل کیا اور بی بی راجی حسن خان کی تعزیت قنوج مین بجا لائی اور اُس مقام مین توقف کیا اور محمد شاہ شرقی کے پاس نہ گئی محمد شاہ نے پھر اپنی والدہ بی بی راجی کو لکھا کہ دیگر شاہزادے بھی یہی حالت پیدا کرین گے یعنے میرے ہاتھ سے قتل ہونگے بہتر یہ ہو کہ جناب والدہ صاحبہ سب کی تعزیت اور سوگواری بجا لائین جو محمد شاہ بادشاہ نہایت ظالم اور صاحب قہر تھا اور اُس کی خونریزی سے امرا اور اعیان سلطنت کو وہم اور ہراس تھا ایک روز شاہزادہ جلال خان اور حسین خان برادران محمد شاہ نے باتفاق سلطان شہ اور جلال خان اجودھی محمد شاہ کی خدمت مین معروضہ بھیجا کہ بادشاہ بہلول لودھی کا لشکر شنجون کا ارادہ رکھتا ہی لہذا حکم شاہی کے بعد شاہزادہ حسین اور سلطان شہ اجودھی تیس ہزار سوار اور ایک ہزار زنجیر فیل ہمراہ لے کر دشمن کے سر راہ روکنے کے بہانہ محمد شاہ شرقی کے لشکر سے جدا ہوے اور رجھرنہ کے کنارہ پر مقام کیا بادشاہ بہلول لودھی نے یہ خبر سنکر ایک فوج ان کے مقابلہ کے واسطے تعینات کی شاہزادہ حسین خان نے چاہا کہ شاہزادہ جلال خان کو جو اردو مین رہا تھا اسے بھی ہمراہ لیوے آدمی اُس کی طلب کو بھیجا اس درمیان مین سلطان شہ نے شہزادہ حسین خان سے یہ بات کہی کہ اب توقف کرنا مصلحت نہین ہی شاہزادہ جلال خان پیچھے سے پہونچے گا یہ کہکر گھوڑے کی باگ موڑ کر قنوج کی طرف روانہ ہوئے اور فوج سلطان بہلول کی جو اُن کے مقابلہ مین تعین ہوئی تھی آن کر مقابل اُن کے ایستادہ ہوئی اور شہزادہ جلال خان بھی شاہزادہ حسین خان کے حسب الطلب محمد شاہ کے لشکر سے برآمد ہو کر رجھرنہ کی طرف روانہ ہوا اور فوج سلطان بہلول کو شاہزادہ حسین کا لشکر تصور کر کے جب نزدیک آیا سلطان بہلول کی فوج نے جلال خان کو گرفتار کر کے سلطان بہلول کے پاس حاضر کیا اور اس نے قطب خان کے عوض اُسے قید فرمایا اور محمد شاہ تاب مقاومت نہ لایا قنوج کی طرف بھاگا اور سلطان بہلول نے آب گنگ تک پیچھا کیا اور کچھ مال و اسباب غنیمت لے کر مراجعت کی جب حسین خان بی بی راجی کی خدمت مین حاضر ہوا اپنی والدہ اور اعیان دولت شرقیہ کی سعی سے تخت پر اجلاس کر کے خطاب حسین شاہ مخاطب ہوا اور ملک مبارک گنگ اور ملک علی گجراتی اور تمام امرا کو محمد شاہ شرقی کے سر پر جو ساحل

آب گنگ گھاٹ اجگیر کے قریب ہی فروکش ہوا تھا تعین فرمایا جب لشکر سلطان حسین کا قریب پہونچا بعضے امرا جو محمد شاہ شرقی کے ہمراہ تھے جدا ہوکر چلے آئے اور اُس نے مع چند سوار بھاگ کر ایک باغ مین کہ اُس نواح مین تھا پناہ لی آخر اُس مقام کو محاصرہ کیا اور محمد شاہ شرقی کہ تیراندازی کا مستعد بہ تیراندازی ہوا لیکن بی بی راجی نے پیشتر سے اس کے سلاحدار کو جو ترکش رکھتا تھا موافق کرکے تمام پیکان تیر اُس کے ترکش سے دور کئے تھے محمد شاہ نے جو تیر ترکش سے نکالا وہ بے گانسی نکلا ناچار دست بہ شمشیر ہوکر بہت آدمیون کو قتل کیا ناگاہ ایک تیر مبارک گنگ کے ہاتھ سے شاہ محمد شاہ کے ایسا کاری لگا کہ اُس کے صدمہ سے جانبر نہوا **قطعہ**

مادر گیتی نزادہ زادہ کو رانگشت	دل منہ بر مہر این زال لپرکش زنہار
چون اجل فی شاہ بیند فی گدا روز قضا	سلطنت ندہد بسرور و سروری ناید بکار

اس کے بعد سلطان حسین نے سلطان بہلول سے صلح کرکے یہ عہد کیا کہ چار برس تک ہر شخص یعنے فریقین اپنی ولایت محروسہ اور قلمرو متصرفہ پر قانع ہوکر استقامت کرین اور راے پرتاب کہ قبل اس کے محمد شاہ شرقی سے ملگیا تھا قطب خان افغان کی دلجوئی اور تسلی دینے سے سلطان بہلول کے ساتھ موافق ہوا سلطان حسین قنوج سے کوچ کرکے اس تالاب کے کنارہ کہ جس کو ہر نہبہ کہتے ہین وارد ہوا اور قطب خان لودھی کو جون پور سے طلب کرکے خلعت اور سواری اسپ اور دیگر عنایات سے امتیاز بخش کرباعزاز و اکرام تمام بادشاہ بہلول لودھی کے پاس بھیجا بادشاہ بہلول لودھی نے بھی شہزادہ جلال خان کو تعظیم و تکریم اور انعامات سے خوش دل کرکے حسین شاہ شرقی کی خدمت مین رخصت کیا پھر ہر ایک شہریار اپنے مقر دولت مین جاکر مہمات شاہی مین مشغول ہوے محمد شاہ کی مدت حکومت پانچ ماہ تھی

ذکر سلطان حسین شاہ بن محمود شاہ شرقی کی سلطنت کا

شاہ حسین شاہ شرقی جیسا کہ مذکور ہوا حکم خداے قدیر سے اپنے بھائی کے بعد تخت سلطنت پر جلوہ گر ہوکر باگ ریاست اور سرداری کی اپنے کف اقتدار مین لایا اور بادشاہ بہلول لودھی کے ساتھ صلح کرکے جب جون پور مین آیا اپنے بھائی کے معاملہ سے متنبہ ہوا اور تھوڑے عرصہ مین سرداران صاحب داعیہ کو حکمت عملی سے قید کیا اور ہمت والا نہمت تسخیر بلاد مین مصروف فرمائی پہلے تین لاکھ سوار اور ایک ہزار چار سو زنجیر فیل جمع کرکے ولایت اوڈیسہ کی سمت متوجہ ہوا اور اثناے سیر مین ملک ترہت کو ویران کرکے آبادی کا نشان نچھوڑا اور جب ولایت اوڈیسہ مین پہونچا افواج اُس کی اطراف و جوانب مین نامزد کرکے حکم قتل اور تاراجی اور اسیری کا نافذ فرمایا راجہ اوڈیسہ کا راجہ یہ خبر سنکر دریاے حیرت مین غوطہ زن ہوا جب سوا ے عاجزی اور بیچارگی کے کوئی فریاد رس نپایا وکیل سلطان کی خدمت مین بھیجکر اطاعت اور مالگذاری قبول کی اور جب سلطان نے اس مملکت کی تسخیر سے ہاتھ کھینچا اس نے اُس کے شکریہ مین فورًا تیس ہاتھی اور ایک سو گھوڑا اور اشیاے

نفیسہ اور نقد فراوان لائق شاہان پیشکش کیا سلطان نے سالمًا و غانمًا جون پور کی طرف معاودت فرمائی اور
سنہ ۸۷۱ آٹھ سو اکہتر ہجری مین بنارس کے قلعہ کو جو چند روز سے خراب اور ویران ہوا تھا مرمت
کرکے تیار کیا اور سنہ مذکور مین بڑے بڑے سردارون کو گوالیار کی تسخیر کے واسطے روانہ کیا انھون نے
وہان جاتے ہی اسے گھیرا اور گوالیار کا راجہ طول محاصرہ سے عاجز ہوا اور اظہار اطاعت کرکے اپنے
تئین شاہ حسین شاہ شرقی کے سلک توابعین مین منتظم کیا اور اُسکے بعد حسین شاہ کی شوکت و استقلال
حد سے افزون ہوا اور اپنی بی بی دختر سلطان علاء الدین بن محمد شاہ بن فرید شاہ بن مبارک شاہ کے اغوا
سے سنہ ۸۷۳ آٹھ سو اٹھتر ہجری مین تسخیر دہلی کی عزیمت کرکے مع ایک لاکھ چالیس ہزار سوار اور ایک ہزار چار سو
فیل کوہ تمثیل بطرف متوجہ ہوا اور بادشاہ بہلول لودھی نے ایلچی سلطان محمود خلجی کے پاس بھیجکر پیغام دیا کہ اگر
اسوقت آنحضرت بقصد اماد تشریف لاوین قلعہ بیانہ آپ کے تعلق رکھون گا لیکن ابتک شادی آبادمند
سے جواب نہ آیا تھا کہ شاہ حسین شاہ شرقی تمام اطراف دہلی پر متصرف ہوا اس وقت سلطان بہلول لودھی
نے نہایت عاجزی اور زاری سے یہ پیغام بھیجا کہ بلدہ دہلی کا قبضہ آپ کو مبارک ہو وے اگر آپ عنایت ذاتی سے
اصل دہلی اٹھارہ کوس تک میرے قبضہ مین چھوڑین تو سلک ملازمون مین منسلک ہوکر اس شہر کی داروغگی
مین قیام کرون لیکن جب شاہ نے نہایت غرور اور تکبر سے شاہ بہلول کی ملتمس گوش ارادت سے نہ سنی
ناچار ہوکر کارساز حقیقی کے لطف پر اعتماد کیا اور اٹھارہ ہزار سوار افغان لیکر دہلی سے برآمد ہوا اور دریا
کے کنارے سلطان حسین شاہ شرقی کے مقابل فروکش ہوا اور جو کہ آب دریا درمیان مین حائل تھا چند روز
حرب مین نہ مشغول ہوئے اس درمیان مین شاہ حسین شاہ شرقی کے سردار کہار ولایتون کی تاخت کے
واسطے روانہ ہوئے شاہ دہلی نے فرصت غنیمت جانکر گرمی کی عین گرماگرمی مین اس مقام سے کہ دریا
پایاب تھا گھوڑے دریا مین ڈالے ہرچند بہ داردن نے یہ خبر شاہ حسین شاہ کو پہونچائی کمال نخوت اور
غرور سے اُسے اس امر کا یقین نہ ہوا یہان تک کہ فوج دہلی نے دریا سے عبور کرکے اُس کی اردو کی
تاراجی مین دست درازی کی اور امرا اور سپاہ بادشاہ کی بے شعوری سے کہ نہایت غافل تھے پریشان
ہوکر خرد و کلان نے راہ فرار ناپی آخر کو سلطان حسین نے بھی ناچار ہوکر اُن کا ساتھ دیا ملکہ جہان اور
تمام حرم اُس کی گرفتار ہوئین سلطان دہلی نے حق نمک کا لحاظ کرکے اُنھین باعزاز و اکرام تمام سلطان
حسین شاہ کے پاس بھیجا لیکن ملکہ جہان جب شاہ سے ملی اُس کے مغز پوست مین دخیل ہوکر پھر اس قدر
وسوسہ پیدا کیا کہ سلطان حسین شاہ شرقی استعداد کرکے دوسری مرتبہ پھر دہلی کی طرف متوجہ ہوا مسافت
قلیل باقی رہی تھی سلطان بہلول لودھی نے پیغام بھیجا کہ اگر شاہ میرے قصور معاف فرماکر مجھے بحال اپنے چھوڑے
ایک نہ ایک روز آپ کے کام آونگا جو تقدیر ایزدی سے دولت خاندان شرقیہ آخر ہونے پر تھی شاہ شرقی نے شاہ
دہلی کے عجز پر مطلق خیال نہ کیا اور عجز کی نعمت کو چشم حقارت سے دیکھکر جواب ناصواب مین قیام کیا اور قدم آگے
بڑھایا جب سلطان بہلول مقابلہ اور مقاتلہ کو آیا بعد حرب و ضرب کے پھر لشکر جون پور نے شکست کھائی یہان تک
کہ تین مرتبہ بہ سامان تمام آن کر راہ ہزیمت ناپی اور چوتھی مرتبہ کام اس نہایت کو پہونچا کہ سلطان حسین شاہ

گھوڑے سے کود کر بھاگا اور جیسا کہ بادشاہان دہلی کے طبقہ مین تحریر ہوا جونپور سلطان بہلول کے تصرف مین آیا اور سلطان حسین شاہ نے بھاگ کر اپنے ممالک دور دراز مین پناہ لی اور ایک ولایت قلیل پر کہ محصول اُس کا پانچ کرور تھا قناعت کی اور سلطان بہلول نہایت مردت سے باوجود قدرت متعرض اُس کا نہوا اور حکومت جون پور کی اپنے فرزند باربک شاہ کو دیکر اس ممالک کو اپنے ضبط مین لایا اور بہلول شاہ لودھی کے بعد فوت پھر شاہ حسین شرقی نے سر اُٹھایا یعنے مقام فساد مین ہوکر باربک شاہ کو اس امر پر آمادہ کیا کہ دہلی پر چڑھائی کرکے وہ ملک سلطان سکندر شاہ لودھی کے قبضہ سے برآوردہ کرے لیکن جب تنور حرب گرم ہوا یعنے جنگ واقع ہوئی باربک شاہ بھاگ کر جونپور گیا اور بادشاہ سکندر لودھی نے جون پور کو بھائی کے تصرف سے برآوردہ کیا اور سلطان حسین کو جو خمیر مایۂ فساد تھا تعاقب کرکے بعد جنگ اُسکو اُس گوشہ سے کہ جس مین گوشہ نشین ہوا تھا نکال دیا پھر حسین شاہ پریشان اور بدحال ہوکر شاہ علاء الدین کے پاس امان خواہ ہوا شاہ علاء الدین نے سامان اُسکے عیش و فراغت کا مہیا کیا اور اس کی دلجوئی مین تقصیر نہ کی اور شاہ حسین شرقی کو دوبارہ حوصلہ اپنی ملک گیری کا نہوا دولت اُس خاندان کی سنہ ۸۸۰ آٹھ سو اکاسی ہجری مین بکلی زائل ہوئی سلطان حسین کی مدت سلطنت اٹھارہ برس تھی اور بعد شکست اور الفراض سلطنت اُسنے چند سال بنگالہ مین اوقات حیات بسر کی پھر موت کا شربت تلخ چکھکر اس دار ناپایدار سے دار خلود کی طرف انتقال کیا



مقالہ اٹھوان حکام سندھ اور ٹھٹھہ کے بیانمین اور شیخ ظہور اسلام کی اُس حدودمین

پوشیدہ نہ رہے کہ بعضے نسخون مین مثل خلاصۃ الحکایات اور حجاج نامہ اور حاجی محمد قندھاری کی تاریخ مین آغاز طلوع آفتاب دین محمدی صلعم اُس دیارمین خامۂ تحقیق نے ساتھ اس طریق کے مرقوم کیا ہے کہ حجاج بن یوسف جو جانب ولید بن عبدالملک سے حاکم عراقین بلکہ ایران و توران تھا اور پی تسخیر بلاد ہندوستان ہوا پہلے محمد ہارون کو ابتداے سنہ چھیاسی ہجری مین مع سپاہ جرار ولایت مکران کے سمت بھیجا اور اُس نے وہان پہونچکر اس مملکت کو اپنے قبضہ تصرف مین لیا اور وہان کے باشندے کہ اکثر اُن مین گروہ بلوچون کا تھا شرف اسلام سے مشرف ہوئے اور رعایا وہان کی اداے مال دیوانی مین مشغول ہوئی اس تاریخ سے اُس نواح مین رواج اسلام کا جم پہونچا مسجدین تعمیر ہوئین اور احکام شریعت محمدی جاری ہوئے اور عہد آدمؑ سے اُس وقت تک جزیرہ سراندیپ سے دریا کے راستہ کشتیان مکہ و دیار عرب تک جاری تھین اور براہمہ ہندوستان کے قبل ظہور اسلام خانہ کعبہ کی زیارت اور وہان کے بتون کی پرستش کے واسطے ہمیشہ آمد و شد کرتے تھے اور اس موضع کو بہترین معابد سے جانتے تھے لہذا حاکم سراندیپ کا اور راجاؤن سے پہلے حقیقت اسلام پر مطلع ہوکر صحابہ کرامؓ کے عہد مین قلادہ شریعت مصطفوی کا متقلد ہوا تھا اور جو کہ سلاطین اسلام سے اعتقاد بہت رکھتا تھا دریا سے کشتی تحف و ہدایاے نفیسہ اور غلامان و کنیزان جمیلہ سے بھرکر کے ولید کے واسطے دارالخلافت مین روانہ کی اور جب باب عجم کے اطراف مین پہونچے مردم لوک کہ جو حاکم دبیل کے حکم کے موافق روے دریا پر متردد تھے اس کشتی کے سدراہ ہوئے اور علاوہ اُس کشتی کے سات کشتیان اور بھی اپنے

تصرف مین لائے اور مال و متاع جو کچھ ان مین تھا بد طینتی سے اپنا تصور کرکے چند عورتین مسلمان جو سراندیپ سے حج کے واسطے روانہ ہوئی تھین انھین اسیر کیا اور وہ جماعت جو اُن کفار اشرار کے ظلم و تعدی سے بھاگ گئی تھی حجاج کے پاس جاکر داد خواہ ہوئی حجاج نے ایک مکتوب محمد بن ہارون کے پاس بھیجا کہ بحکوحاکم سندھ داہر بن صعصعہ کے پاس روانہ کرے اس نے معتمدون کے ہمراہ داہر کے پاس بھیجا داہر نے بعد دروونامہ مضمون پڑھکر اسکے درجواب لکھا کہ یہ فعل اُس قوم سے وقوع مین آیا ہے جو کمال قوت اور شوکت رکھتی ہے اور میری کوشش سے اُس گروہ پر شکوہ کا دفع متصور نہین ہے جب یہ خبر حجاج کو پہونچی ولید بن عبدالملک سے رخصت جہاد ہند حاصل کی اُس کے بعد ایک شخص کو جسکا نام مدیل تھا مع تین ہزار سوار محمد ہارون کے پاس بھیجا اور یہ پیغام دیا کہ ہزار مرد اہل ہنر دے اس کے ہمراہ کرکے قوم میل پر روانہ کرے تاکہ اس سے انتقام لے اور جہاد کرے خلاصہ یہ کہ مدیل جب دیبل مین پہونچا کوشش مردانہ کرکے درجہ شہادت پر فائز ہوا اور حجاج یہ خبر حیرت اثر سنکر نہایت غمگین اور محزون ہوکر تلافی کی فکر مین ہوا باوجود اُس کے کہ عامر بن عبداللہ نے سپاہ سالاری کی درخواست کی لیکن حجاج نے قبول نہ کی اور بنجمان دوربین اور دقیقہ شناس کی صلاح سے عماد الدین محمد بن قاسم بن عقیل ثقفی کو کہ جو اس کا چچیرا قرابتی اور داماد تھا اور سترہ برس کی عمر رکھتا تھا مع چھ ہزار مرد جو روساے شام سے تھے مع الآلات قلعہ کشائی و سامان ملک گیری ۹۳ھ ترانوے ہجری مین سندھ کی تسخیر کو شیراز کے راستہ سے نامزد فرمایا غرضکہ وہ مکران طے کرکے دیوان اور ارمائیل مین جو دیبل کی سرحد مین واقع ہے آیا اور چند روز کے بعد وہان سے کوچ کرکے بلدہ دیبل پر جو دریا سے عمان یعنے سمندر کے کنارے آباد ہے اور آج کل بنام ٹھٹھہ شہرت رکھتا ہے وارد ہوا اور اس شہر کے محاصرہ کی فکر کرنے لگا کس واسطے کہ دیبل مین ایک تبخانہ قلعہ کے مانند تھا اور گچ اور سنگ سے اسے نہایت سنگین اور وسیع تعمیر کیا تھا اور چالیس گز بلندی رکھتا تھا جب محاصرہ نے طول کھینچا ایک برہمن امان طلب کرکے تبخانہ سے برآمد ہوا عماد الدین محمد بن قاسم نے اُس سے تبخانہ اور اہل تبخانہ کا احوال پوچھا اُس نے جواب دیا کہ اس مین چار ہزار راجپوت جنگی ہین اور ان کے سوا قریب دو تین ہزار برہمن اس کے خادم ہین اور بسبب اُس طلسم کے جس کو علماء براہمہ نے بنایا ہے کسی کی کمند تسخیر اُس کے کنگرہ پر نہین پڑتی ہے عماد الدین محمد قاسم نے کہا کہ وہ طلسم کہان ہے برہمن نے کہا کہ فلان نشان پر ہے محمد قاسم نے جعدیہ نام ایک شامی کو جو منجنیق انداز تھا فرمایا تو سنگ منجنیق کی ضرب سے اس کو دفع اور رستا صاف کرے جعدیہ نے تین مرتبہ پتھر پھینک کر اُس نشان کے قاعدے کو ٹکڑے ٹکڑے کرکے اس طلسم کو شکست کیا اور عرصہ قلیل مین وہ تبکدہ فتح ہوگیا اور محمد قاسم نے اُسکے چار برج جو رفعت مین آسمان سے ہمکلری کرتے تھے مسمار کرکے زمین دوز کیا اُس کے بعد برہمنون کو اسلام کی تکلیف دی جب انکار کیا اُن کے عیال و اطفال اور عورات جوان و خرد سال کو کنیزی اور غلامی مین لیا اور بالغ برہمنون کو سترہ برس سے سو برس کے بوڑھے تک کو علف تیغ اسلام کیا اور اُنکی عورتون کو اختیار دیا کہ جاہین اطراف ملک مین چلی

جاوین اور چاہین اسلامی لشکر مین ہاکرین اکثر نے پسند کیا اور کچھ چلی گئین اور عماد الدین محمد قاسم نے اس شہر کے اموال غنائم کو بے شمار تھے اُن مین سے حق شرعی یعنی خمسہ خمس مع کچھ کنیز کے حجاج کے پاس بھیجے اور باقی لشکر اسلام پر تقسیم کرکے سب کو راضی اور خوش دل کیا اور جو ارادہ کشور کشائی کا رکھتا تھا بلدہ ہرن کی تسخیر کا عازم ہوا اور مسمی فوجی مین واہر جو وہان کا حاکم تھا یہ خبر سنکر شہر اور قلعہ کو ساتھ معتمدون کے سپرد کرکے خود کچھ فوج سے قلعہ برہمن آباد قدیم کی طرف راہی ہوا عماد الدین محمد قاسم جب وہان پہونچا باشندے شہر اور قلعہ کے قلعہ بند ہوئے اور بعد چند روز کے جان و مال کی امان طلب کرکے اُس کی خدمت مین حاضر ہوئے عماد الدین محمد قاسم نے شہر برہمن کو امن و امان کے ساتھ ایک اہل اسلام کے سپرد کیا پھر سامان حرب درست کرکے اور ایک جماعت کو معتمدان شہر سے ہمراہ لیکر بلدہ سیوستان کی طرف جو اس زمانہ مین ساتھ سیوان کے شہرت رکھتا ہی متوجہ ہوا سیوستان کے باشندے تمام برہمن تھے اپنے حاکم کچھرا کی خدمت مین جو واہر کا چچیرا بھائی تھا جاکر عرض پیرا ہوے کہ ہمارے طریق مین قتل کرنا اور مقتول ہونا جائز نہین ہی صلاح یہ ہی کہ عماد الدین محمد قاسم سے امان لے کر اطاعت کرین کچھرا یہ کلام سنکر طیش مین آیا اور حالت غضب مین انھین سخت و سست کہا اور آخر کو جب سپاہ اسلام محاصرہ مین مشغول ہوئی اُن کی صولت و شوکت دیکھکر ہراسان ہوا اور بعد ایک ہفتہ کے ایک رات کو راجپوتون کی سپاہ ہمراہ لے کر بھاگ گیا اور حصار سکسم کے راجہ کے پاس جاکر مدد چاہی اور اُس کے دوسرے دن برہمنون اور سیوستان کے رئیسون نے جان کی امان طلب کرکے شہر مسلمانون کے سپرد کیا اور عماد الدین محمد قاسم نے غنائم فتوحات سیوستان کو بعد اخراج خمس غازیان اسلام کو تقسیم کی پھر حصار سکسم کی طرف متوجہ ہوا اور اُسے بھی فتح کرکے مال غنیمت بدستور سابق مجاہدان عظام پر قسمت کیا اس عرصہ مین راے واہر کا بڑا بیٹا کہ جوان شجاع اور دلاور تھا سامان جنگ درست کرکے اس کے مقابل آیا عماد الدین محمد قاسم نے ایک مقام قلب لشکر اسلام کے نزول کے واسطے اختیار کیا لیکن جب محفوظ ظاہر ہوا اور اکثر دواب سقط ہوئے تو اضطراب عظیم اُردوے اسلام مین واقع ہوا اور شکایت نامہ حجاج کو لکھا حجاج جب حقیقت حال پر مطلع ہوا دو ہزار گھوڑے اپنے اصطبل خاص سے سپاہیان لشکر کو روانہ کیے پھر عماد الدین محمد قاسم از سر نو قوی پشت ہوکر راجہ کے بیٹے کے محاصرہ کے واسطے متوجہ ہوا اور فریقین کے درمیان مین چند مرتبہ جنگ شدید واقع ہوئی اور غلبہ کسی طرف سے ظاہر نہوتا تھا راے واہر نے اپنے ممالک محروسہ کے نجومیون کو جمع کرکے احوال اور مآل کار لشکر عرب سے سوال کیا چنانچہ اختر شناسون نے عرض کی کہ ہم نے اپنی تقویم مین دیکھا ہی کہ فلان تاریخ مین ایک شخص دیار عرب مین دعوے نبوت کا کرکے اہل عالم کو اپنے دین کی دعوت کرے گا اور بعد اس کے سنہ ۸۶ چھیاسی قمری مین تھوڑی انواج عرب اطراف و نواحی کیکنل کے سمت کہ سندھ کی سرحد ہی پہنچیگی اور سنہ ۹۳ ترانوے ہجری مین قدم اس ممالک مین رکھکر تمام بلاد پر مسلط ہوگی اور راے واہر نے نجومیون کو کرر سہ کرر احکام سماوی

سنہ ۹۳

سنہ ۸۶

مین آزمایا تھا اُسکے کلام سے خوفناک ہوا لیکن جو کہ پیمانہ عمر اس کا آب بقا سے لبریز ہو گیا تھا روز پنجشنبہ
تاریخ دسوین ماہ رمضان المبارک سنہ ۹۳۵ ترانوے ہجری مین وہ خود اُس فوج سے عازم جنگ ہوا پچاس
ہزار سوار راجپوت اور رسندی اور ملتانی فراہم لاکر باتفاق فرزندان اور عزیزان و اقارب اور اعوان و انصار
یکدل اور یکجہت کے لوازم عہد و سوگند درمیان مین لایا اس کے بعد نہایت غلو اور شدت تمام سے
محمد قاسم کے مقابلہ اور مقاتلہ پر آمادہ ہوا اور اُس شیر بیشہ شجاعت و شہامت یعنی عماد الدین محمد قاسم
نے چھ ہزار سوار عرب سے اُس کا مقابلہ اختیار کیا اور ہندوستانیون کے معرکہ کو بازیچہ سمجھا داہر نے
مسلمانون کے دائرہ کے قریب جاکر چند روز متواتر جنگ کی اور فرزندون اور اس کے امیرون نے
جانفشانی اور جانسپاری مین تقصیر نہ کی لیکن جو تیر کہ ترکش تدبیر سے لگاتے تھے نشانہ تقدیر پر نہ پہونچتا تھا
آخرش ایک دن داہر نے ہاتھی پر سوار ہوکر قلب مین قیام کیا اور میمنہ اور میسرہ اور مقدمہ کو آراستہ
کرکے مع اثنوہ کثیر اور جم غفیر میدان جنگ مین آیا محمد قاسم نے اللہ المستعان وعلیہ التکلان ولاحول ولا
قوۃ الا باللہ العلی العظیم پڑھکر اور حضرت قادر علی الاطلاق پر بھروسا کرکے میدان کی طرف عزیمت کی پہلے
بہادران عرب اور دلاوران ہند فرداً فرداً جلوہ گر مین آئے اور ہنر سپاہ گری جو یاد تھے ظاہر کئے اور اکثر یکہ
جوانان عرب مین سے ایک ایک نے دس دس اور بیس بیس نفر ہندوستانی کو کہ باری باری اُن کے
مقابل آتے زخم نیزہ و شمشیر سے ہلاک کرکے دار البوار پہونچاتے تھے جب جنگ مغلوبہ ہوئی تو
راے داہر نے بنفس خود تردد ات مردانہ کیے اور اُس کے سردارون اور فرزندون نے
بھی حمایاے رستانہ مین تقصیر نہ کی اس درمیان مین ایک نقط انداز عرب نے شعلہ آتش راے داہر
کے فیل سفید پر مارا اور ہاتھی یہ سانحہ عجیب دیکھکر بھاگا فیلبان ہر چند کچک مارتا تھا فائدہ نہ بخشتا تھا
اور ہاتھی باگ دست فیلبان سے چھوڑا کر ایسا بدحواس ہوکر بھاگا کہ لب دریا پہونچکر پانی مین در آیا
محمد قاسم کے لشکر نے اُس کا تعاقب کیا اور دریا کے کنارہ دوبارہ بازار حرب گرم ہوا اور ہاتھی دریا
سے نکلکر اپنے مقام پر آیا اور راے داہر نے مسلمانون کی افواج پر حملہ کرکے نیزہ اور تیر سے بہت
عربون کو مجروح اور بے روح کیا اُس وقت ایک تیر شست قضا سے نکلکر راے داہر کے ایسا
لگا کہ اُسکے صدمہ سے پشت فیل سے زمین پر آیا اور کمال تہور اور مردانگی اور جس حیلہ سے کہ ممکن تھا
گھوڑے پر سوار ہوکر ایک بہادران عرب کے سامنے گیا اُسنے ایک ضربت سے اسکا کام ناتمام انجام کو
پہونچایا اور راجاؤن اور راجپوتون نے یہ حال مشاہدہ کرکے خاک مذلت سر پر ڈالی اور طعن آماج مسلمانون
سے آپ کو ساتھ نامردی کے مطعون کرکے حصار ارنک کی طرف بھاگے اور غنائم اور فتوحات جو گمان
اور تخمینہ مین نہ سماوے نصیب لشکر اسلام ہوے اور غازیان عظام قلعۂ آرور کی تسخیر کی فکر مین ہوئے
اور جلیسہ فرزند داہر نے چاہا کہ قلعہ کو مردان جنگی سے مضبوط کرکے برآمد ہون اور سپاہ عرب سے
جنگ صف کرون و زرا اور وکلاے داہر نے اُسے اُس ارادہ سے باز رکھا اور اُسے اپنے ہمراہ
برہمن آباد کے قلعہ مین لیگئے راے داہر کی رانی جو عورت متہور اور مردانہ تھی وہ بیٹے کی ہمراہی سے سترلب

ہوکر مع پندرہ ہزار راجپوت قلعہ سے برآمد ہوکر لشکر اسلام کے مقابلہ کو آئی اور ارادہ جنگ کا کیا محمد قاسم عورت کی لڑائی کو عار سمجھکر اُس کی طرف ملتفت نہوا اور لشکر اسلام نے محمد قاسم کے حکم کے موافق قلعہ آرور کو محاصرہ کیا داہر کی رانی مع جمیع راجپوت قلعہ مین درآئی اور نشان مدافعہ کا بلند کیا اور جب ایام محاصرہ نے طول کھینچا مردم درونی عاجز ہوکر وبے ہلاکت ہوئے اور ایک آتش عظیم روشن کی اور اپنی اکثر عورتون اور لڑکون کو آگ مین ڈالکر قصد پاک کیا اور دروازے شہر آرور کے کھولکر داہر کی رانی کے ہمراہ قلعہ سے برآمد ہوئے اور ایسے لڑے کہ وہ سب مع رانی کے قتل ہوئے ایک بھی زندہ نہ بچا خازیان اسلام اور مبارزان شام بعد اس فتح عظیم کے تلوارین میان سے لیکر قلعہ مین داخل ہوئے چھ ہزار راجپوت اور قتل کرکے تیس ہزار آدمی اسیر اور دستگیر کیے اور راجہ داہر کی دو بیٹیان کہ بندی مین ہاتھ آئین بطور تحفہ حجاج کے پاس خلیفہ کے واسطے بھیجین اور تمام بلاد دیبل کو امراے عرب پر تقسیم کیا بعد اس کے دریافت ہوا کہ ملتان بھی راے داہر کے تحت مین تھا لہذا اس طرف نہضت فرمائی اور اُسے فتح کرکے غنیمت بے اندازہ حاصل کی اور اُسے دارالملک قرار دیکے بتخانون کی جگہ مسجدین بنا فرمائین جب حجاج نے بادشاہ سند یعنے راے داہر کی بیٹیونکو دارالخلافت مین بھیجا وہ ولید کی حرم سرا مین داخل ہوئین پھر بعد ایک مدت کے یعنی ۹۶ھ چھیانوے ہجری مین ولید نے انھین یاد کیا جب وہ حاضر ہوئین ولید نے اُنکے نام پوچھے داہر کی بڑی بیٹی نے جواب دیا کہ میرا نام سرادیوی ہے اور دوسری نے کہا مجھے پرمل دیوی کہتے ہین ولید جو داہر کی بڑی بیٹی پر شیفتہ ہوا تھا جب طالب وصال ہوا سرادیوی زبان دعا اور ثنا مین کھولکر عرض پیرا ہوئی کہ مین خلیفہ وقت کے فرش مبارک کی سزاوار نہین ہون کس واسطے کہ عماد الدین محمد قاسم نے تین شب مجھے بنظر تصرف اپنے مکان مین رکھا تھا شاید رسم اسلام یہی ہے کہ پہلے نفر دست خیانت و راز کرین اور بعد اُسکے پس خوردہ اپنا خلیفہ کے واسطے بھیجین ولید یہ سنکر مغلوب قوت غضبی ہوا اور فوراً اپنے ہاتھ سے ایک فرمان اس مضمون کا لکھا کہ محمد قاسم جس مقام مین ہو اپنے تئین پوست گاؤ مین مڈھکر دارالخلافت کی طرف روانہ ہو تاکید مزید اور تہدید شدید جانکر حسب المسطور عمل مین لاوے جب یہ فرمان صادر ہوا محمد قاسم نے حسب الحکم عمل کیا یعنے پوست خام گاؤ مین اپنے تئین کھینچکر فرمایا کہ مجھے ایک صندوق مین بند کرکے جلد دارالخلافت مین پہونچاؤ جب یہ صندوق ولید کے پاس پہونچا راے داہر کی بیٹی کو بلاکر یہ فرمایا کہ ہم ناسزاؤن کو یون سزا دیتے ہین پھر اس نے زبان خلیفہ کی دعا مین کھولی اور وصیت کی کہ بادشاہون کو لازم ہے کہ دوست اور دشمن سے جو کچھ سنین جب تک وہ امر میزان عقل و راستی مین نتولے اس حکم کے اجرا کا فرمان نہ دیوین پس معلوم ہوتا ہے کہ بادشاہ عقل سے بہرہ نہین رکھتا محض طابع کی قوت سے سلطنت کرتا ہے عماد الدین محمد قاسم ہمارا بھائی اور ہم اس کے بمنزلہ خواہر کے ہین اُس نے ہرگز دست تصرف ہم پر دراز نہین کیا لیکن جو اُس نے ہمارے باپ اور بھائیون اور عزیزون اور ہمقوم کو ہلاک کیا تھا اور ہمین اُسنے تخت شاہی سے حضیض بندگی مین پہونچایا لہذا ہم نے اپنے انتقام اور اُس کی ہلاکت کے لیے یہ تہمت لگائی تھی اور اپنے

مقصود حاصل کیا ولید عماد الدین محمد قاسم کی فوت سے نہایت شرمندہ اور متاسف ہوا لیکن جو کام دست اختیار سے نکل گیا تھا اور علاج پذیرنہ تھا کچھ فائدہ نہ بخشا اور بعد فوت عماد الدین محمد قاسم کے احوال حکام سند کا کسی تواریخ مشہور اور متداول مین مرقوم نہوا لیکن تاریخ بہادر شاہی مین اسامی اُس مملکت کے حکام کے لکھے ہین ناظرین احوال ملوک سلف پر پوشیدہ نہ رہے کہ بعد عماد الدین محمد قاسم کے ایک جماعت جو اپنے تئین اولاد تمیم انصاری سے جانتی تھی اُنھون نے مملکت سند کی بادشاہی کی اُن کے بعد اس حدود کے زمیندار جنھین سومرکان کہتے تھے اور مزید قوت اور کثرت اموال و انصار مین ممتاز تھے مہمات سند کے متکفل ہوئے اور اُنکے خاندان مین سو برس سلطنت رہی لیکن اسامی اُنکے کسی کتب تواریخ مین محرر اوراق کی نظر سے نہین گذرے اور جب بادشاہی خانوادہ سومرکان کی گردش فلکی سے طبقہ سمنکان مین کہ وہ بھی زمینداران اس مملکت سے تھے منتقل ہوئی وہ فرقہ بشاہان جام مشہور ہوا اور اُن دو طائفہ کے عہد مین کبھی کبھی بادشاہان اسلام غزنویہ اور غوریہ اور دہلویہ اُنھین مزاحمت پہونچاتے تھے اور اُن کے ممالک پر متصرف ہوتے تھے اور بعد فتح مسلط ہوکر اپنے کارندون کے سپرد کرکے اپنے مقر دولت کی طرف مراجعت کرتے تھے مگر سلطان ناصر الدین قباچہ نے خطبہ اور سکہ اس مملکت کا اپنے نام پڑھکر اپنا دار الملک کیا تھا اسواسطے راقم اوراق نے حالات غزنویہ اور غوریہ اور دہلویہ کے لیے داستانہاے سابقہ کیطرف پھیر پھر تذکرہ ناصر الدین کا بادشاہ علیحدہ سند کا تھا اس مقام مین جداگانہ تحریر کرتا ہی اور بعد اُسکے والیان سمنکان کے اسامی کہ علم ناقص نے ساتھ اُسکے احاطہ کیا ہی مرقوم خامہ تحقیق کرے گا

ذکر ناصر الدین قباچہ کی حکومت کا مملکت سند پر

تمام مورخین ہند نے بسبب اولی نسبت کے شاہ ناصر الدین قباچہ کا احوال بادشاہان دہلی کے ساتھ لکھا ہی لیکن مولف اس کتاب کا محمد قاسم فرشتہ اُس سے پرہیز کرکے بمقام مناسب شاہان سند کے سلک مین بیان کرتا ہی کہ ناصر الدین قباچہ سلطان معز الدین محمد سام کے غلامان ترک سے تھا اور نہایت عقیل اور فہیم اور شجاع باکیاست و حذاقت تھا اور ایک مدت اُس نے سلطان معز الدین محمد سام کی خدمت مین بسر کرکے ملک داری اور ملک گیری کا سلیقہ جیسا کہ چاہیے حاصل کیا اور جب سلطان معز الدین محمد سام کو لشکر خطا کے ساتھ اتفاق محاربہ کا پڑا اُس معرکہ مین اوچھ کا صوبہ دار ملک ناصر الدین بن معمر شہید ہوا تو سلطان نے مملکت اوچھ کو سلطان ناصر الدین کے سپرد کرکے اُس ملک کا بندوبست ساتھ اُسکے رجوع فرمایا اور وہ سلطان قطب الدین ایبک کا داماد تھا اور سلطان اپنی دو دختر اُسکے سلک ازدواج مین لایا تھا یعنے جب ایک بیٹی اُسکی فوت ہوئی دوسری اس کو دی اور سلطان ناصر الدین قباچہ جو سلطان معز الدین محمد سام کے حکم کے موافق قطب الدین ایبک کا تابع تھا اُس لیے ساتھ اُس کے سلوک پسندیدہ کرتا تھا اور کبھی کبھی اوچھ سے دہلی مین آکر شرف ملازمت سے

مشرف ہوتا تھا لیکن بعد وفات قطب الدین ایبک کے اکثر قلاع و بقاع سند کو تصرف مین لایا اور سوگان کو کہ بعضے اُن مین سے مسلمان تھے اور بعضے کافر اُن کو ایسا زبون اور ضعیف کیا کہ سوائے بلدہ ٹھٹھہ اور جنگل اور ثغور کے کچھ اُن کے تصرف مین نہ رہا اور آپ کو رعیت اور کاشتکار قرار دے کر گوشہ اور کنارہ مین رہتے تھے لیکن بعد شاہ ناصر الدین قباچہ کے اُنھون نے عرصہ قلیل مین پھر سرشتہ سلطنت کا کف اقتدار مین لاکر سند کو سلاطین دہلی کے تصرف سے مستخلص کیا اور سلطان ناصر الدین جب خطبہ اور سکہ اپنے نام کرکے ملتان و سہرند و کہرام وغیرہ سرستی تک اپنے تحت حکومت مین لایا سلطان تاج الدین یلدگز نے طمع اُسکی بعض ممالک پر کرکے چند مرتبہ غزنین سے فوج کشی کی اور ہر مرتبہ بے نیل مقصود اور محروم پھرا اور لشکر سلطان ناصر الدین کا مظفر اور منصور ہوا اور سنہ ۶۱۰ھ چھ سو گیارہ ہجری مین لشکر خوارزم اور خلج جو غزنین مین سلطان جلال الدین کی طرف سے تعینات تھا سیستان کے حدود پر غالب آیا اور شاہ ناصر الدین اُن سے لڑا اگرچہ سردار قوم خلج مقتول ہوا لیکن موید الملک سنجری وزیر غزنین منہزم ہوا اور سنہ ۶۱۴ھ سات سو چودہ ہجری مین شاہ ناصر الدین لاہور کی تسخیر کو متوجہ ہوکر سرہند تک اپنے قبضہ اقتدار مین لایا اور جب سنا کہ شمس الدین شاہ بہ نیت حرب دہلی سے روانہ ہوا وہ بھی سامان جنگ اور لشکر کو درست کرکے نیلاب کے کنارے فروکش ہوا شمس الدین شاہ نے ساحل دریاے مذکور پر پہونچکر بے ملاحظہ گھوڑا پانی مین ڈالا امرا اور سپاہ نے اس کا ساتھ دیا کچھ آدمی ڈوب گئے سلطان ناصر الدین کچھ دیر دست بہ شمشیر و سنان رہا پھر تاب مقاومت نہ لاکر ملتان کی طرف مغرور ہوا اور طبل و علم اس کا اثناے تاخت مین سلطان شمس الدین کی فوج کے ہاتھ آیا اور چنگیز خان کے حوادث مین خراسان اور غزنین اور غور کے اکابر اور اصاغر اُس سے رجوع ہوئے اور ہر ایک علی قدر مراتب اُس کے انعام اور احسان سے سرفراز اور ممتاز ہوا اور اُس کی ملازمت اختیار کی لیکن انتہاے حال مین سلطان جلال الدین ولد سلطان محمد خوارزم شاہ سپاہ چنگیزی کے صدمہ سے ہندوستان مین آیا جب اتفاق ناصر الدین سے اُلجھا خرابی بہت اُسکی ولایت اور لشکر کو پہونچی اور دولت اس کی انحطاط کی طرف مائل ہوئی تفصیل اس امر کی یہ ہے کہ جب سلطان جلال الدین زمانہ چنگیز خان مین غزنین کی طرف راہی ہوا اور اُس مقام سے بقصد عبور آب سند کے کنارے گیا چنگیز خان کو خبر پہونچی اُس نے لشکر بے شمار اُس کے سر پر بھیجا اور آب نیلاب کے ساحل پر جواب ساتھ آب سند کے مشہور ہے پہونچکر اطراف و جوانب سے اُسے محاصرہ کیا سلطان جلال الدین نے آگے تیغ آتشبار اور پیچھے دریاے خونخوار دیکھکر جو انمردی کی گھوڑے کو میدان وغا مین جولان کرکے بہت کفار تاتار کو خاک ہلاک پر ڈالا اور ایسا لڑا کہ اگر رستم دستان اور سام نریمان زندہ ہوتا اُس کی اطاعت کا زین پوش اپنے دوش پر اُٹھاتا اور باوصف اُس کے کہ میمنہ اور میسرہ اُسکی شکست کھاکر متفرق ہوگئے تھے اسپر بھی پاے ثبات زمین کین مین مستحکم کیا اور صبح سے دوپہر تک مع سات سو سوار قلب مین ایستادہ ہوکر داد مردی اور مردانگی دی عاقبت الامر جب کام اُسپر تنگ ہوا اور افواج مغل کی کثرت زیادہ ہوتی جاتی تھی باگ معرکہ

سے موڑا اپنے بیٹون کے پاس آیا اور انھین وداع کرکے دوسرے گھوڑے شہزور پر سوار ہوا اور پھر صف مغل پر حملہ کرکے کچھ لوگ اُن مین کے پسپا کئے اس کے بعد باگ موڑکر پھر دریا کے کنارے آیا اور جوشن بدن سے اُتارے اور چیتر کو سنبھال کر تازے نژاد کو تازیانہ سے ہشیار کیا اور اس مقام مین کہ پانی دس گز سے کم نہ تھا گھوڑے کو ڈالا اور شیر خشمناک کے مانند مع سات مرد پانی سے عبور کیا اور گھوڑے سے اُتر کر ساز و یراق اور ترکش اور قبا جو پانی سے تر بتر تھی دھوپ مین رکھی اور چیتر زمین مین گاڑکر اس کے سایہ مین تنہا بیٹھا اس درمیان مین چنگیز خان دریا کے کنارے پہونچا اور یہ حال مشاہدہ کرکے اُس نے اپنے بیٹون سے کہا کہ لائق ہے کہ ایسے باپ سے ایسا بیٹا وجود مین آئے ابیات

بہ و آفرین کرد و گفت از پدر	بدنیسان نزاید بہ گیتی پسر
بہ صحرا چہ شیرست فیروز جنگ	بدریا دلیرست ہم چون نہنگ
بہ گیتی کسے مرد زینسان ندید	نہ از نامداران پیشین شنید

چنگیز خان کے سپاہیون نے چاہا کہ دریاے نیلاب سے عبور کرکے سلطان جلال الدین کو دستیاب کرین چنگیز خان نے انھین منع کیا اور سلطان جلال الدین نے جب اُن دو مہلکہ یعنے ایک نائرہ جنگ سپاہ دوسرے نیلاب کے غرقاب سے نجات پائی اور پانچ چھ آدمی اُسکے ملازمین سے پیادہ اس کی ملازمت کے واسطے حاضر ہوئے سلطان بالضرورت دو روز ساحل نیلاب کے جنگل مین پوشیدہ رہا اس عرصہ مین اور پچاس نفر ساتھ اُسکے ملحق ہوے اُسوقت یہ خبر پہونچی کہ فی الحال ایک جماعت سوار و پیادہ سے قریب دو سو نفر سامان عیش و عشرت مہیا کرکے کمال غفلت مین جوانان ماہ سیما کے ساتھ عیش و عشرت مین مشغول ہین سلطان جلال الدین نے اپنے یارون سے کہ پچپن نفر تھے فرمایا کہ ہر ایک شخص ایک لاٹھی جنگل سے کاٹ کر مہیا کرے جب یہ سامان درست ہوا از روے توکل اور ہمت شاہانہ اس جماعت پر حملہ آور ہوا ان مین سے اکثر آدمیون کو جو بدمستی کی ضربت سے ہلاک کیا بقیۃ السیف کو جنگل کی طرف مفرور کرکے اُن کی شر سے نجات پائی سلطان نے چار پائے اور ہتھیار اُن کے اپنے آدمیون پر کہ بعض اُن مین پیادہ اور بعض دراز گوش یعنے خچر پر سوار تھے تقسیم کیے چنانچہ مجموع پانسو اور بیس نفر ہوئے مقارن اس حال کے خبر پہونچی کہ اس حدود مین افواج ہندوستان سے تخمیناً تین ہزار مردم حکام سندکی طرف سے برسم قراولی مقیم رہتے ہین سلطان جلال الدین نے یہ سنا اور بیس سوار لے کر اس جماعت کے سر پر گیا اکثر اُن مین سے بھی قتل کئے اور غنیمت بہت دستیاب کی پھر اس کے کام نے کچھ استقامت پکڑی اور پیچھے سے اور آدمی اُس کے شریک ہوئے یعنے پانسو سوار اور ہم پہونچے اُس وقت اُس کے دفع کے واسطے ایک لشکر عظیم اُس نواح سے متوجہ ہوا اور سلطان جلال الدین علو ہمت سے اُنکی جنگ لڑکون کا کھیل سمجھا یعنے حملہ اول مین انھین نبات النعش کی طرح متفرق اور پریشان کیا اور مال و اسباب اُن کا فراہم لاکر چار ہزار سوار مکمل ہم پہونچائے چنگیز خان نے یہ خبر سنکر چند نفر امراے کبار کو اپنے رخصت حرب دی جب انھون نے آب سند سے عبور کیا سلطان

جلال الدین دہلی کی طرف روانہ ہوا اور مغلون نے اس حدود کو تاخت وتاراج کرکے معاودت کی اور سلطان جلال الدین نے راہ بعیدطی کی دہلی تین یا چار دن کی راہ پر باقی رہی ایک اپنے مقرب کو جو بنام عین الملک مشہور تھا بادشاہ شمس الدین کے پاس بھیجکر یہ پیغام دیا کہ بسبب گردش روزگار ناہنجار اور انقلاب لیل ونہار آپ کے جوارمین پہونچے ہین اور جبکہ مہمان مثل ہمارے اتفاقات سے آپ کی مہمان سرائے مین پہونچے وظیفہ مروت اور بزرگی مقتضی اس امر کا ہی کہ ایسا مقام اُس کے واسطے تعین کیا جاوے کہ چند روز اس مقام مین بآسائش تمام بسر کرے اور اگر ازروے یگانگی اعانت فرمائے اتفاق کی برکت سے دشمنون کے ہاتھ سے نجات پاکر ملک موروثی کی طرف مراجعت کرون سلطان شمس الدین نے جو سلطان کے احوال وتسلط وجلال سے خوب واقف تھا اپنے ملک مین اس کا قیام مناسب نہ جانا اور اُس کے ایلچی کو پوشیدہ زہر دے کر مسموم کیا اور اپنے الچیون کو تحف وہدایے بسیار کے ساتھ سلطان کے پاس بھیجکر یہ پیغام دیا کہ اُس بادشاہ عالیجاہ کے لائق توقف ایسا مقام کہ آب وہوا معتدل رکھتا ہو ممکن نہین ہی سلطان جلال الدین شمس الدین شاہ کا مقصود سمجھا اور عنان عزیمت لاہور کے راستہ سے کہکران کی مملکت کی طرف معطوف فرمائی اور اس مملکت مین پہونچکر کوہ بلالہ اور بنگالہ پر وارد ہوا تاج الدین خلج کو پہاڑ جودی کے سمت روانہ فرمایا تاکہ اُس حدود کو غارت کرکے غنیمت بے نہایت لاوے اور جب دس ہزار سوار اُس کے نشان کے سایہ مین جمع ہوئے سلطان کامگار نے ایک قاصد شیرین بیان چرب زبان بھیجکر سردار کہکران کی دختر مانگی جو سلطان شہاب الدین کے زمانہ مین مسلمان ہوا تھا سردار کہکران یعنے کوکار سنگار نے یہ امر قبول کیا اور اپنی دختر کو اپنے فرزند کے ہمراہ سلطان کی خدمت مین بھیجکر یہ التماس کی کہ شاہ ناصرالدین قباچہ کو جو ہمیشہ اس کمترین کی ولایت کو مزاحمت پہونچاتا ہی مانع آوین سلطان نے اُس کے فرزند کو خطاب خلج خانی دے کر اپنے ایک امرا کے ہمراہ کہ وہ بنام آوزبک باشی مشہور تھا اور پہلوانی مین اپنا مثل نہ رکھتا تھا مع سات ہزار سوار سلطان ناصرالدین قباچہ حاکم اوچہ اور ملتان کے سر پر بھیجا سلطان ناصرالدین قباچہ مع بیس ہزار سوار آب سند کے کنارے جو قریب اوچہ کے ہی وارد ہوا اور اوزبک باشی اُسے غافل کرکے شبخون لے گیا اور اُس کی جمعیت ایسی متفرق کی کہ سلطان ناصرالدین بہزار مشقت کشتی مین بیٹھکر کسی طرف بھاگ گیا اور اوزبک باشی اُس کے لشکرگاہ مین وارد ہوا اور ایلچی سلطان کی خدمت مین بھیجا اور جو خبر لشکر دہلی کے آنے کی مشہور تھی صلاح توقف مین نہ دیکھی اُن پہاڑون سے اوچہ کے سمت آیا اور سلطان ناصرالدین کی بارگاہ مین فرودکش ہوکر آدمی اُس کے پاس بھیجا کہ امیر خان کی دختر اور پسر کو جو آب نیلاب کے کنارے سے بھاگ کر اُس حدود مین آئے ہین ہمارے پاس بھیجے سلطان ناصرالدین نے مقام اطاعت مین ہوکر امیر خان کے پسر ودختر کو مع مال کثیر سلطان کی خدمت مین بھیجا اور خود ملتان کے سمت راہی ہوا سلطان جلال الدین نے اُس کی ولایت مین کسی طور کا تعرض نہ پہونچایا جب ہوا گرم ہوئی اوچہ سے

لوچ کر کے کوہ جودا ور بلالہ اور بنگالہ کی طرف متوجہ ہوا اور راستہ مین ایک قلعہ کو محاصرہ کیا اور اثنائے کارزار مین ایک زخم تیر کا اُس کے ہاتھ مین لگا لیکن مساعی جمیلہ اور چابکدستی سے اُسے مفتوح لیا اور وہان کے کسی آدمی کو زندہ نہ چھوڑا اتنے مین یہ خبر پہونچی کہ شاہزادہ چغتائی خان چنگیز خان کے حکم کے موافق سلطان جلال الدین کی تلاش مین آتا ہی سلطان جلال الدین نے بخیال اُس کے نہ شاہ ناصر الدین قباچہ تہ دل سے ہم سے موافق ہوا ہی ملتان کی طرف جاکر نعل بہا چاہا ستاہ ناصر الدین قباچہ نے جو خبر لشکر مغل کے روانگی کی سنی تھی اس امر سے انکار کر کے مقام انتقام مین قیام کیا سلطان جلال الدین نے لاچار ہو کر ملتان سے مراجعت کی اور جب اوچہ مین پہونچا وہان کے باشندون نے بھی اس کی اطاعت نہ کی آگ اُس شہر مین لگا کے غارت کیا اور دو روز کے بعد عنان عزیمت دیبل کی طرف کہ اب اُسے ٹھٹھہ کہتے ہین معطوف فرمائی اور اثنائے راہ مین جو شہر اور قصبہ کہ ناصر الدین قباچہ سے تعلق رکھتا تھا وہان پہونچکر اُسے قتل و غارت کر کے آگے بڑھتا تھا جب ٹھٹھہ مین پہونچا وہان کے راجہ نے جس کا نام علیشی تھا اور طبقہ سومرکان سے تھا اسباب اور مال اپنا کشتیون مین لاد کر کے خود بھی مع اہل و عیال اور عزیز و اقارب اُسپر سوار ہوا اور کسی جزیرے مین قرار پکڑا اور سلطان نے بلدہ ٹھٹھہ مین استقامت فرمائی اور تجانہ دیبل کا جو ٹھٹھہ کی سرحد مین ہی اسے خراب اور ویران کر کے سبی جامع بنائی اس کے بعد ولایت نہروالہ مین لشکر بھیجکر فتح کیا اور بعدہ جب سنا کہ بھائی اُس کا سلطان غیاث الدین سریر عراق پر تمکن رکھتا ہی تسخیر سند اور گجرات کی عزیمت فسخ کر کے سنہ ۶۲۰ چھ سو بیس ہجری مین کچ اور مکران کے راستہ سے عراق کی طرف توجہ فرمائی چنانچہ تفصیل اُس کی کتب تواریخ عجم سے مستفاد ہوتی ہی اور چغتائی خان جس نے مع لشکر مغل اُس کا تعاقب کیا تھا اطراف ملتان مین آکر اس کو محاصرہ کیا شاہ ناصر الدین قباچہ نے آثار مردی اور مردانگی کے اس طور سے ظاہر کیے کہ بعد چالیس روز کے مردم ملتان محاصرہ کی سختی اور صعوبت سے رہا ہوئے اور چغتائی خان نے کچ اور مکران مین جاکر اس حدود کو تاخت و تاراج کیا اور اُس سال کا سرما حدود کالنجر مین کہ ایک ولایت آب سند کے کنارے ہی بسر کیا اور تیس یا چالیس ہزار ہندوستانی کو جو اسیر کیا تھا اس بہانہ سے کہ موجب تعفن اردو تھی قتل کیا اور باوجود اُس کے جب وبا اُردو مین ظاہر ہوئی اور سلطان جلال الدین کی کچھ خبر نہ پہونچی کہ کہان ہی اور کیا ہوا تب چغتائی خان توران کی طرف متوجہ ہوا اور جب سالار حاجب حاکم کالنجر نے خرابی ولایت کی شکایت شاہ ناصر الدین قباچہ کو لکھی وہ نہایت دلگیر ہوا اور مملکت کی تعمیر اور آبادی مین کوشش کی اور بعد اس کے سنہ ۶۲۲ چھ سو بائیس ہجری مین شمس الدین شاہ بغرض اخراج شاہ ناصر الدین قباچہ کے سند کے سمت روانہ ہوا جب دار الملک اوچہ کے اطراف مین پہونچا سلطان ناصر الدین اُسے مضبوط کر کے خود قلعہ بکر مین متحصن ہوا سلطان شمس الدین نے اوچہ کو محاصرہ کر کے نظام الملک بن ابی سعید جنیدی کو کہ نسخہ جامع الحکایات اُس کے نام پر تصنیف ہوا ہی قلعہ بکر کی تسخیر کے واسطے بھیجا اور شہر اوچہ کو دو ماہ اور بیس دن کے عرصہ مین مفتوح کیا اور سلطان ناصر الدین

نے یہ خبر سنکر اپنے بیٹے علاء الدین بہرام شاہ کو سلطان شمس الدین کے پاس اطلب صلح بھیجا ابھی جواب نہ پہونچا تھا کہ کام قلعہ کے رہنے والون پر دشوار ہوا سلطان ناصر الدین کشتی پر سوار ہو کر یا با کہ جزیرہ مین جو اس اطراف مین تھا چلا جاوے اور درمیان دریا کے وہ کشتی غرق ہوئی لیکن روایت صحیح یہ ہے کہ جب سلطان ناصر الدین اوچہ سے مکر کی طرف گیا سلطان شمس الدین نے فتح اُس شہر کی اپنے وزیر نظام الملک سے رجوع کرکے دار الملک دلی کی طرف مراجعت فرمائی نظام الملک وزیر نے دو ماہ کے عرصہ مین شہر اوچہ کو بجبر و قہر مفتوح کیا اور نہایت شوکت اور صولت سے قلعہ بکر کی سمت متوجہ ہوا شاہ ناصر الدین سمجھا کہ زمانہ ادبار کا آپہونچا اب کوشش اور ثبات قدمی فائدہ نہین بخشتی ہے باتفاق عزیز و اقارب مع چند صندوق جواہر و نقود اسمر کشتی مین سوار ہو کر جزیرہ کی طرف کہ اُس نواح مین تھا روانہ ہوا ناگاہ چار موجہ طوفان نے اُس کشتی کو جس پر شاہ ناصر الدین سوار تھا گرداب بلا مین ڈالکر بحر فنا مین غرق کیا اور باقی کشتیان ساحل مراد سے ہمکنار ہوئین **ابیات**

جہانا نداری تو کار دگر	کنی ہر زمانے شکارے دگر	یکی را کنی غرق در جوے آب
یکی را کشی تشنہ اندر سراب	گہ از دست این رخت انزاری	گہ از تیغ آن فرق این را دری
گہ از ماتم این کنی سوراو	گہ از ظلمت این دہی نور او	بیا ساقیا می بساغر بریز ❊
	کہ شد با دیون نافہ مشک بیز	

سلطان ناصر الدین قباچہ کی مدت سلطنت بلاد سند اور ملتان مین بائیس برس تھی

بیان احوال سمگان کہ زمیندار ممالک سند تھے

واضح ہو کہ زمیندار ان سند دو قسم کے ہین ایک کو سومرگان کہتے ہین اور دوسرے کو سمگان اور یہ لوگ اپنے سردار کو جام بولتے تھے الغرض شاہ محمد تغلق کے آخر عہد مین مسلمانون کی سعی و امداد سے دولت و حکومت خاندان طبقہ سومرگان سے خاندان سمگان مین منتقل ہوئی اور اکثر حکام ان کے جو دولت اسلام سے مشرف تھے بسا اوقات شاہ دہلی کے مطیع اور مالگذار رہتے تھے اور کبھی علم مخالفت بلند کرکے سرکشی اور عصیان پر کمر باندھتے تھے اور گروہ سمگان اپنے تئین جمشید سے منسوب کرتے ہین چنانچہ لفظ جام اپنے سردار اور مقدم کو اور پسر کو اپنا ولیعہد اس سبب سے دیتا ہے اول شخصیں جو اہل اسلام کے زمانہ مین اس گروہ سے حکومت سند پر فائز ہوا جام افزاہ تھا اور عقل اور کیاست وافر رکھتا تھا تین سال حکومت کرکے اس جہان فانی سے کوچ کر گیا اس کے بعد فوت جام جونا نے اپنے بھائی کی وصیت کے موافق کلاہ ریاست زیب سر کرکے بلاد سند کی حکومت کی اور یہ والی عدالت شعار تھا اور صفت حلم اور دانائی سے متصف تھا مدت دولت اُس کی چودہ سال تھی

ذکر جام مانی بن جام جونا کی حکومت کا

جب جام جونا نے ساغر زمانے کے دور سے شربت تلخ اجل کا نوش کیا جام مانی و فور دانائی سے ملک پدر کا دعوی دار ہوا اور لوگون کو ساتھ اپنے متفق کر کے مسند حکومت پر اجلاس فرمایا اور سلطان دہلی کے ساتھ علم مخالفت بلند کر کے وہ ولایت یکقلم اپنے تصرف مین لایا اور باج و خراج دینا بالکل موقوف کیا اس واسطے سلطان فیروز شاہ نے مع لشکر فراوان ۷۶۲ھ سات سو باسٹھ ہجری مین ولایت سند پر چڑھائی کی اور جام جالہے دشوار گذار اور مقامات قلب مین پناہ گزین ہوا اور اس قدر ہمارہ کہ حیوانات لشکر سند کو کفایت کرے اپنے پاس ذخیرہ کیا اور باقی جو پہاڑ اور جنگل مین تھا اسے آگ دے کر جلا دیا سلطان فیروز شاہ بے علفی سے عاجز ہو کر بمشقت فراوان گجرات کی سمت کوچ کر گیا اور موسم برسات بسر کر کے شروع جاڑے مین کہ جب چارہ سبز اور قابل جلانے کے نہ تھا ولایت سند کی طرف مراجعت فرمائی اس مرتبہ جام نے گردش فلکی سے مضطر اور سراسیمہ ہو کر امان چاہی اور مملکت سند اس شاہ عالیجاہ کے تصرف مین آئی پھر اس حدود کا انتظام کر کے دہلی کی طرف عازم ہوا اور جام مانی اور تمام مقدمون کو اپنے ہمراہ لیا بعد چند روز کے جب جام مانی سے خدمت شائستہ اور کارنمایان وقوع مین آئے سلطان فیروز شاہ بارک نے مقام لطف و عنایت مین ہو کر ولایت سند کی سرداری جام مانی کی تفویض فرمائی اور چتر دے کر رخصت کیا پھر اس نے سند مین جا کر دوبارہ علم حکومت اور نشان دولت کا بخاطر جمع بلند کیا اور جب جام کا جام حیات بادہ بقا سے لبریز ہو کر دست قضا سے شکست ہوا خوابگاہ لحد مین استراحت کر کے دار الحکومت اور رون کے سپرد کی جام کی مدت حکومت پندرہ برس تھی

تذکرہ جام تماجی بن جام مانی کی حکومت کا

جام تماجی اپنے باپ کے انتقال کے بعد چار بالش حکومت پر جلوہ گر ہو کر جہانداری کے شغل مین مشغول ہوا اور سترہ برس اور چند ماہ بلا نزاع بسر کر کے اس جہان فانی سے کوچ کیا اور نام عموم جماعت مذکور اور خصوص تماجی سے ایسا ظاہر ہوتا ہے کہ یہ لوگ اصل مین اتاروار تھے پھر مسلمان ہو گئے

جام صلاح الدین

بعد فوت جام تماجی کے جام صلاح الدین امور سلطنت کا متکفل ہوا اور گیارہ برس اوقات بفراغت تمام بسر کر کے پیوند زمین ہوا

جام نظام الدین بن صلاح الدین

جام نظام الدین اپنے باپ کے انتقال کے بعد قائم مقام ہوا اور دو سال اور چند ماہ جام نے حکومت کا نوش کر کے شربت ممات کا چکھا

جام علی شیر بن نظام الدین

بعد وفات پدر اشراف و اعیان قوم کے حسن اتفاق سے اُس ملک یعنے سند کی زمام ریاست اپنی کف اقتدار مین لایا اور اُس کے عدل و داد کی نسیم سے خلائق کے غنچہ امید و آرزو شگفتہ ہوئے اور سیاست کے رعب سے چور اور ڈکیتون سے ولایت کی حراست فرما کر رعایا اور برایا کو مہد امن و امان مین استراحت بخشی لیکن عہد معدلت مہد اُس کا دور شباب کے مانند قلیل البقا تھا یعنے بعد چھ سال اور چند ماہ کے منقضی ہوا اور تمام طبقات خلق اُس کی وفات سے غمگین اور محزون ہوئی

جام کران بن جام تماجی

جب علی شیر چند روز عیش و کامرانی مین بسر کر کے اس کہنہ رباط سے عالم بقا کی طرف خرامان ہوا جام کران اس گمان سے کہ جس شخص کا باپ بادشاہ ہو وراثت مین دولت اُسکے بیٹے کو پہونچتی ہے مساعی جمیلہ کر کے قلاوہ حکومت کا متقلد ہوا اور بھروسا اپنے بزرگون کی ریاست کا کیا لیکن بدون عنایت ایزدی کسی امر کو دوام و بقا میسر نہین ہے بعد ایک روز اور دو پہر کے ساقی اجل نے شربت ناگوار موت اُسکے حلق حیات مین ڈالا غرضکہ اُسکے بعد فوت قوم تمگان نے شورہ کی مجلس منعقد کر کے بادشاہ کے تعین ہونے کے واسطے مشورہ کیا اور بعد گفتگوے در از فتح خان ابن اسکندر کو جو قوم تمگان سے تھا اور اس منصب بزرگ کی لیاقت رکھتا تھا سریر حکومت پر بٹھایا اُس نے پندرہ سال کمال استقلال سے مہمات حکومت کو انجام دیا بحر قضاے الٰہی سے فوت ہوا

جام تغلق بن اسکندر

جام تغلق جو فتح خان کا چھوٹا بھائی تھا اُس کے بعد فوت ملک سلطنت کے مہمات مین مشغول ہوا اور اس منصب بزرگ کو بخوبی انجام دیا جو اس وقت دہلی کی سلطنت مین رواج اور رونق پہلی نہ رہی تھی اس جماعت سے خاطر جمع کر کے سلاطین گجرات سے بنیاد مصادقت اور آشنائی کی جاری رکھتا تھا بلکہ بعد اُس کے جو شخص قوم تمگان سے تخت پر بیٹھا اُس نے حکام گجرات کے ساتھ دوستی اور اتحاد کا طریق مروج رکھا یعنے پیوند وصلت سے اپنی دولت کی حفاظت کی اور اٹھائیس برس اور چند روز کے بعد

جب پیمانہ اُس کی زندگانی کا لبریز ہوا ملک دوسرے کے سپرد کرکے گوشہ لحد کا اختیار کیا

جام مبارک

یہ بادشاہ جام تغلق کا قرابتی اور سراپردہ دار تھا بعد فوت تغلق اُس نے اپنی ذات خاص مین لیاقت امر سلطنت کی دیکھکر مرتکب اُس کا ہوا لیکن فرصت کامرانی کی تین روز سے زیادہ نہ پائی ملک دوسرکو دیا

جام اسکندر بن جام فتح خان بن سکندر

جب اشراف و اعیان سند نے جام مبارک کی بادشاہی سے نجات پائی جام اسکندر کو کہ باوجود بنسبت ارث کے اس امر خطیر کا بھی استحقاق رکھتا تھا مسند حکومت پر جلوہ گر کیا اور اُس نے بھی ڈیڑھ برس مسند سلاطین سلف کو گرم رکھکر سرگریبان عدم مین کھینچا

جام سنجر

یہ شخص خاندان سلاطین سے تھا چند سال ملوک ماضیہ کے عہد مین اُس نے امور ملکی ومالی کو انجام دیکر مہات دینوی مین خوب مہارت پیدا کی تھی جام اسکندر کے بعد انتقال امرا اور راعیان ملک نے اتفاق کرکے اسے بادشاہی مین قبول کیا اور فلک خوش رفتار حکمت شعار نے آٹھ سال اور چند ماہ ریاست دیار سند کے لیے اسے پسند کیا آخر درمیان سے اُٹھا کر مسند حکومت پر بجاے اُسکے دوسرے کو بٹھایا

جام نظام الدین المشہور بہ جام نندا

جام سنجر کے بعد یہ بادشاہ امور سلطنت کا ایسا متکفل ہوا کہ مملکت مین تازہ رونق اور فساد تازہ بھی ظہور مین آئے اور جام سنجر سلطان حسین لنگاہ والی ملتان کا معاصر تھا اور اُس کے عہد سنہ ۸۹۰ آٹھ سو نوے ہجری مین شاہ بیگ ارغون قندھار سے آیا اور قلعہ سولی کو کہ لیک امراے نظام الدین کے تصرف مین تھا اور بہادر خان نام رکھتا تھا محاصرہ کرکے بجبر وقہر فتح کیا اور اسے اپنے بھائی سلطان محمد کے سپرد کرکے قندھار کی طرف معاودت کی اور اُس کی غیبت مین جام نظام الدین نے اپنے ایک امیر مبارک خان کو جس کو خدا نے شجاعت اور مردانگی مین بھی اختصاص بخشا تھا قلعہ سولی کے استرداد کے واسطے نامزد فرمایا چنانچہ فریقین مین چند مرتبہ جنگ واقع ہوئی عاقبت الامر سلطان محمد قتل ہوا اور قلعہ سولی پھر جام نظام الدین المشہور بہ جام نندا کے تصرف مین آیا شاہ بیگ نے یہ سانحہ سنکر میرزا عیسے ترخان کو اپنے بھائی کے انتقام کے واسطے روانہ کیا اور جام نظام الدین بھی لشکر جرار فراہم لایا اور مبارک خان کو سپہ سالار کرکے اُسکے مقابلہ کو بھیجا اور سرحد پر دونون کے درمیان جنگ شدید واقع ہوئی اور جام نظام الدین کے بہت امراے قدیم کارگزار

مقتول ہوئے اور مبارک خان زخمی اور بد حال ہو کر بھاگا اور قلعہ بہکر تک کسی مقام پر دم نہ لیا اور جب عیسی ترخان کی نوید فتح شاہ بیگ ارغون کو پہونچی طمع ملک سند کی کر کے قندھار سے مع لشکر جرار بہکر کی طرف متوجہ ہوا اور اس ملک کو محاصرہ کیا اور قاضی تاذن جو نظام الدین المشہور بہ جام نندا کی طرف سے اس قلعہ کا حاکم تھا اس نے نشان مدافعہ کا بلند کر کے چند روز جنگ وجدل میں بسر کیے لیکن جب کام قبضہ سے نکل گیا اور لشکر سند سے کوئی اس کی اعانت اور فریاد کو نہ پہونچا اور قلعہ بہکر کا اس وقت میں ساتھ ایسے استحکام کے نہ تھا لہذا قاضی تنگ آن کر امان خواہ ہوا اور قلعہ دشمن کے سپرد کیا اور شاہ بیگ فاضل بیگ کو کلتاش کو بہکر کا حاکم کر کے خود قلعۂ سہوان کی طرف گیا اور اسے بھی فتح کر کے خواجہ بیگ کو سونپا اور اس سال میں اسی قدر پر کفایت کر کے قندھار کی طرف مراجعت کی جام نندا نے پھر بہ مصرف زر خطیر لشکر فراہم کر کے ہر چند سعی کی کہ قلعہ سوی کو فتح کر کے پھر تصرف میں لاوے میسر نہ ہوا اس لیے کہ سپاہ سند نے ترکان خونخوار لشکر مرزا عیسی خان کو دیکھا تھا وہ ایسے بہادر تھے کہ کسی طور ان کا مقابلہ اور مقاتلہ اختیار نہ کیا ایک دن کا مذکور ہے کہ ایک ترکمان کے گھوڑے کا تنگ ٹوٹ کر گھوڑے کی پشت سے جدا ہوا اور ترکمان گھوڑے سے اتر کر اسے کھینچنے لگا اس درمیان میں ایک فوج سپاہ سند سے وہاں آ پہونچی اور اسے اس حال میں دیکھکر چالیس سوار دن نے اس پر حملہ کیا ترکمان نے بہ نیت فرار گھوڑے پر سوار ہو کر قدم اپنا رکاب میں جمایا اور وہ سب سوار سندی اس کے خوف سے ایسا بھاگے کہ پیچھے موڑ کر نہ دیکھا جام نندا کہ جس نے باسٹھ برس بادشاہی کی تھی اپنی فوج کی بزدلی مشاہدہ کر کے شدت غضب سے ایسا بیمار ہوا کہ اس کے صدمہ سے جانبر نہ ہوا

جام فیروز بن جام نظام الدین المشہور بہ جام نندا

باپ کا جانشین ہوا رشید دریا خان کو کہ ایک اعیان ملک اور اس سے قرابت بھی رکھتا تھا منصب امیر جملگی پر منصوب کر کے ملک کا صاحب اختیار کیا اور جام صلاح الدین کہ وہ بھی جام فیروز کے اقربا سے تھا اور آپ کو وارث ملک جانتا تھا جنگ وخصومت پر آمادہ ہوا اور جب بعد محاربات بسیار اور کوشش فراوان مقصد اس کا حاصل نہوا گجرات کی سمت بھاگ گیا اور جو بی بی سلطان مظفر بادشاہ گجرات کی جام صلاح کی چچیری بہن ہوتی تھی سلطان مظفر نے لشکر بے شمار اس کے ہمراہ کر کے ٹھٹہ کی طرف رخصت فرمایا اور اس نے سند کی سرحد پر پہونچکر دریا خان کو جو صاحب داعیہ اور ملک کا اختیار رکھتا تھا موافق کر کے وہ ملک بے جنگ وجدل اپنے تصرف میں لیا اور جام فیروز طلوع کوکب سعادت اور نسیم دولت کے چلنے کا امیدوار رہتا تھا چونکہ جام فیروز کے عہد میں دریا خان مملکت کا صاحب اختیار رہتا آخر الامر جام فیروز کو طلب کر کے پھر منصب

سرداری پر مقرر کیا اور جام صلاح الدین اپنا سر کھجا کر دوبارہ گجرات کی طرف راہی ہوا سلطان مظفر نے از سر نو سامان جنگ درست کر کے ۹۲۶ھ نو سو چھبیس ہجری مین اُسے سند کی طرف رخصت کیا اور وہ جام فیروز کو سند سے خارج کر کے خود امور سلطنت کا متکفل ہوا جام فیروز بالضرورت شاہ بیگ ارغون کے پاس التجا لے گیا اُس نے اپنے غلام کوکہ سنبل خان نام رکھتا تھا مع لشکر مستعد جرار جام فیروز کی امداد کو مقرر فرمایا جام فیروز لشکر ہمراہ لے کر سند کی طرف متوجہ ہوا اور سہوان کے نواحی مین جام صلاح الدین کے مقابل آیا اور طرفین صف آرائی کر کے آپس مین نہایت شدت سے لڑے جام صلاح الدین اور بیٹا اُسکا ہیبت خان مارا گیا اور مملکت سند بدستور سابق جام فیروز کے قبضہ مین آئی اور شاہ بیگ جو ہمیشہ سند کی تسخیر کا داعیہ رکھتا تھا اور فرصت وقت کا جویا تھا اُس وقت قندھار سے آن کر ۹۲۷ھ نو سو ستائیس ہجری مین ٹھٹہ پر مع مضافات متصرف ہوا اور خرابی سند فتح ٹھٹہ کی تاریخ ہے اور اُن دنون مین دریا خان کہ جام فیروز کا پھر مدار المہام ہوا تھا شاہ بیگ کی فوج کے ہاتھ سے مارا گیا جام فیروز نے دو تین برس اس ملک مین رہکر بہت کوشش کی جب مقصود اُس کا حاصل نہوا گجرات کی طرف روانہ ہوا اور جو اُنھین دنون مین شاہ مظفر شاہ گجراتی قضاے الٰہی سے فوت ہوا تھا ملک سے مایوس ہو کر سند کی طرف مراجعت کی اور جب دیکھا کہ ارغونیہ ملک سند کے لینے مین مستعد ہین اور مجھے اُسکے مقابلہ کی طاقت نہین ہے ناچار ممالک سند سے برخاستہ خاطر ہوا اور اپنے اہل وعیال کو لے کر گجرات کی طرف راہی ہوا اور امراے سلطان بہادر کے سلک مین منتظم ہوا دولت خاندان ستمگان کو زوال آیا اور مملکت سند شاہ بیگ ارغون کے قبضہ اقتدار مین آئی اور چند روز نشان اُس کی شوکت کا اُس ملک مین بلند رہا منقول ہے کہ ۹۲۸ھ نو سو اٹھائیس ہجری مین شاہزادہ بدیع الزمان میرزا نے سلطان حسین بادشاہ ہرات کے فرزند نے جب شاہ اسمٰعیل صفوی کے پاس سے بازگشت کی اور استر آباد مین مقام میسر نہوا تو سند مین تشریف لایا جام فیروز حاکم اوچہ اور ٹھٹہ استقبال کر کے مراسم تعظیم اور لوازم تکریم بجا لایا اور اپنی ہمت اور سلطنت کے لائق پیشکش نفیسہ بھیجی اور میرزا بدیع الزمان نے ایک سال سے زیادہ سند مین استقامت نہ فرمائی پھر شاہ اسمٰعیل صفوی کی طرف عزیمت کی ٭

بیان شاہ بیگ ارغون کی سلطنت کا

یہ امیر ذوالنون بیگ کا بیٹا ہے جو سلطان حسین میرزا بادشاہ ہرات کا امیر الامرا اور سپہ سالار اور اُس کے فرزند بدیع الزمان میرزا کا اتالیق تھا اور اُس کے باپ دادا چنگیز خان کے عہد سے اُس وقت تک امراے عظام کے سلک مین منسلک رہے اور ۹۸۴ھ نو سو چوراسی ہجری مین ولایت قندھار اور زمین داور اور ساغر اور تولک اور قراہ امیر ذوالنون ارغون کی تفویض ہوئی لیکن چند سال بعضے

شاہزادون کو باری باری باسم حکومت قندھار کی طرف بھیجتا تھا آخر کو امیر ذوالنون نے اس ولایت کی سرداری مین استقلال پاکر نشان بغاوت اور عصیان کا بلند کیا اور ولایت قندھار اپنے فرزند شجاع بیگ المشہور بشاہ بیگ کو تفویض فرمائی اور عبد العلی ترخان کو ساغر اور تولک کی داروغگی مرحمت کی اور غور کی امارت ساتھ امیر فخر الدین اور امیر درویش کے رجوع کی اور خود زمین داور مین استقامت کرکے چند سال زمانہ بسر کیا اور جب بدیع الزمان نے اپنے باپ سے مخالفت کی امیر ذوالنون بیگ ارغون کر سلطان حسین میرزا کی دریاے غضب کی موج زنی سے ہراسان تھا اپنی بیٹی اُس کے ازدواج مین لاکر کشتی موافقت مین سوار ہوکر ساحل نجات سے ہمکنار ہوا اور جب امیر ذوالنون بیگ شیبک خان اوزبک کی جنگ مین کر سلطان حسین میرزا کے بیٹون سے ہوئی تھی مارا گیا صوبہ قندھار کی حکومت بدیع الزمان کے حکم کے موافق شجاع بیگ ولد امیر ذوالنون بیگ کے متعلق ہوئی اور شجاع بیگ یعنے شاہ بیگ ارغون جیسا کہ مذکور ہوا جب بھکر اور بعض ولایات سند کو اپنے حوزۂ تسخیر مین لایا اپنے باپ کے انتقال کے بعد ہمیشہ باقی بلاد سند کی بھی تسخیر کی فکر مین ہوکر وقت فرصت کا منتظر رہتا تھا ناگاہ فردوس مکانی ظہیر الدین محمد بابر شاہ نے کابل سے بہ قصد تسخیر قندھار نہضت فرمائی اور اُس کے فتح کرنے مین مصروف ہوا شاہ بیگ ارغون جیسا کہ فردوس مکانی ظہیر الدین محمد بابر شاہ کے واقعات مین مذکور ہوا ہے اس قدر سعی اور تدبیر جو ممکن تھی بجا لایا لیکن کچھ فائدہ نہ بخشا اور اس وقت جام فیروز اور جام صلاح الدین جو آپس مین بمقام نزاع تھے اس واسطے شاہ بیگ ارغون قلعہ قندھار کی محافظت سے دست کش ہوکر بھکر مین آیا اور وہان فوج کو آراستہ کرکے اُسی سال ٹھٹہ کی سمت روانہ ہوا اور اُس پر متصرف ہوکر اُس ملک کا خطبہ اور سکہ اپنے نام جاری کیا شاہ بیگ فضائل علمی سے بہرہ کامل رکھتا تھا اپنی جودت طبع سے شرح عقائد نسفی اور شرح کافیہ اور شرح مطالع منطق پر حواشی لکھے ہین اور شجاع اور بہادر بھی ایسا تھا کہ جنگ صف مین سب فوج کے آگے رہتا تھا ہرچند لوگ منع کرتے تھے اور کہتے تھے کہ ایسی بہادری سرداردن کے لائق نہین ہوا اُن کی فہائش فائدہ نہ بخشتی تھی اور اُنھین یہ جواب دیتا تھا کہ مین کیا کرون لڑائی کے وقت مین بے اختیار اور مجبور ہو جاتا ہون اور میرے دل مین یہ آتا ہی کہ کوئی شخص مجھسے سبقت کرکے آگے نہ کھڑا ہوا اور سنہ ۹۳۰ نو سو تیس ہجری مین بمرض الموت مبتلا ہوکر عالم باقی کی طرف خرامان ہوا اور اُس کا بیٹا شاہ حسین ولیعہد ہوکر اِس سلطنت کا متکفل ہوا

ذکر شاہ حسین بن شاہ بیگ ارغون کی حکومت کا

حسین شاہ بعد فوت پدر سریر حکومت پر جلوہ گر ہوا اور جس قدر ولایت سند کہ شاہ بیگ

۱۲۵۵ھ دریاے شیبک خان فرستادہ دودمان تیموریہ بہ ایران و ضبط ایران و تسخیر ہرات و مرو و بلخ و ماوراء النہر و انقراض دولت ایشان بدست ازبکیہ مذکور است

ارغون کے ہاتھ نہ آئی تھی اُس پر متصرف ہو کر سب ایک صوبہ کر لیا اور بہکر کے قلعہ کو از سر نو تعمیر کر کے نہایت محکم اور سنگین کیا اور سہوان کے حصار کو بھی تعمیر فرمایا جب فردوس مکانی ظہیر الدین محمد بابر شاہ نے اُسے ملتان کے بھی قبضہ کا حکم دیا اور وہ حکم کے بموجب ۹۳۲ھ نو سو بتیس ہجری مین سامان جنگ اور اسباب سفر درست کر کے اُس طرف روانہ ہوا یہ خبر سلطان محمود حاکم ملتان کو پہونچی اُس نے ایلچی معتبر بھیجکر فسخ عزیمت کی التماس کی لیکن عرض اُس کی قبول نہوئی اور سلطان محمود اسی عرصہ مین مرگ مفاجات سے فوت ہوا اور اُس کا بیٹا سلطان حسین باپ کا نائب مناب ہوا اور ملتانمین نشان حکومت کا بلند کیا شاہ حسین اُسے فرصت نہ دے کر بہ کوچ متواتر ملتان مین آیا اور شہر کو محاصرہ کیا اور بعد ایک سال اور چند ماہ صبح کے وقت آخر ۹۳۳ھ نو سو تینتیس ہجری مین مسخر اور مفتوح کیا اور کچھ سکنائے شہر مقتول اور اکثر اسیر اور دستگیر ہوئے اور شاہ حسین نے سلطان حسین کو مقید کر کے شجاع الملک کو کہ عمدہ ملتان تھا نہایت سیاست سے ہلاک کیا اور اُس شہر کو خواجہ شمس الدین کے سپرد کر کے ٹھٹہ کی طرف مراجعت فرمائی لیکن سلطان کی غیبت مین ملتان کی خلقت لنگر خان سے موافق ہو کر خواجہ شمس الدین کو خواجہ سرا کے مانند نکال دیا اور شاہ حسین نے موقع وقت نہ دیکھکر اُس کے استخلاص مین مستعدی نہ کی اور ۹۴۷ھ نو سو سینتالیس ہجری مین ہمایون بادشاہ شیر شاہ افغان سور کے غلبہ کے سبب کہ ممالک ہند پر مسلط تھا لاہور سے بقصد استمداد و تسخیر ہندوستان ولایت سند کی طرف متوجہ ہوا اور اطراف بکر مین پہونچکر اقامت کی اور مشورہ کے واسطے فرمان طلب شاہ حسین کے نام کہ ٹھٹہ مین تھا ارسال کیا شاہ حسین نے چھ ماہ امروز فردا کر کے آخر کو جواب دو راز صواب دیا چنانچہ تحریر قلم سابق سے واضح ہوا ہوگا آخرش جنت آشیانی ظہیر الدین محمد ہمایون بادشاہ نے شاہ حسین کی تنبیہ اور تادیب کی فکر مین ہو کر حدود بہکر ناصر میرزا کو کہ آنحضرت کا چچا ہوتا تھا سپرد فرما کر خود بدولت و اقبال ٹھٹہ کی طرف متوجہ ہوئے اور شاہ حسین ارغون نے جو مرد حیلہ گر اور مدبر تھا میرزا ناصر کو بوعدۂ دامادی اور نوید بادشاہی موافق کر کے فرمایا تو ٹھٹہ اور بہکر کا خطبہ ناصر میرزا کے نام پڑھایا گیا اور شاہ حسین دریا کے راستہ سے ہمایون بادشاہ کے اطراف اُردو مین پہونچا اور رسد غلہ اور تمام مایحتاج لشکر مسدود کیا ہمایون بادشاہ عاجز ہوا اور بیرم خان کی ہدایت اور فائش سے مقام صلح مین آیا اور با وصف اُس کے کہ دو سال اور چھ ماہ اُس حدود مین بسر کیا تھا بعد صلح جسقدر رابینٹ بارکش اور کشتیان درکار تھین شاہ حسین سے لیکر ۹۴۱ھ نو سو اکتالیس ہجری مین دریا سے عبور کر کے قندھار کی طرف روانہ ہوا اور جب شاہ حسین کا مقصود حاصل ہوا ناصر میرزا سے وعدہ خلافی کر کے اس قدر بدسلوکی اور بیروتی کی کہ وہ ہمایون بادشاہ کی مخالفت سے نہایت شرمندہ ہو کر کابل کیطرف راہی ہوا اور ۹۵۲ھ نو سو باون ہجری مین میرزا کامران ولد بابر شاہ ہمایون بادشاہ کے خوف سے بھاگ کر شاہ حسین ارغون کے پاس سند مین آیا اور شاہ حسین نے مہمانداری کے لوازم مین کوئی

دقیقہ فروگذاشت نہ کیا اور اپنی بیٹی کو شرع محمدی کے موافق کامران میرزا کے عقد مین درلایا اور امرائے ارغون کو اُس کے ہمراہ کرکے نقود فراوان دے کر کابل کی طرف اس حدود کے استخلاص کے ارادہ سے روانہ کیا اور بعد اس کے شاہ حسین ارغون نے بتیس سال اوقات عزیز امور شاہی مین صرف کی سنہ ۹۲۴ نوسو چونسٹھ ہجری مین دل اس جہان فانی سے اُٹھاکر خیمۂ اقامت عالم بقا مین بلند کیا۔

بیان میرزا عیسی ترخان کی حکومت کا

شاہ حسین کے بعد انتقال سلطان محمود نے بھکر مین اور میرزا عیسی ترخان نے ٹھٹھہ مین دائرہ میرداری کا کیا یعنے ہر ایک نے اپنے اپنے مقام مین خطبہ اور سکہ اپنے نام جاری کیا لیکن فریقین کے درمیان مین کبھی جنگ اور کبھی صلح ہوتی تھی اور میرزا عیسی ترخان نے تیرہ سال سلطنت کی اور سنہ ۹۷۵ نوسو پچہتر ہجری مین وفات پائی اور جو مولف کو کیفیت انتقال سلطنت خاندان ارغونیہ سے دودمان ترخانیہ کے سمت معلوم نہ تھی اس واسطے اُس کی شرح مین اقدام نہین کیا اس قدر ظاہر ہوا کہ میرزا عیسی ترخان ترکمان قوم سے شاہ بیگ کا سپہ سالار تھا

ذکر میرزا باقی کی حکومت کا

جب میرزا عیسی ترخان نے ودیعت حیات قابض ارواح کے سپرد کی اُس کے بڑے بیٹے میرزا محمد باقی اور چھوٹے فرزند میرزا جان بابا کے مابین سلطنت کے بارہ مین خرخشہ اور نزاع واقع ہوئی اور میرزا محمد باقی بسبب استعداد قوی کے میرزا جانی پر غالب آیا اور امر خلافت کا منتظم ہوا اور جلال الدین محمد اکبر بادشاہ دہلی کے ساتھ طریق رفق و ملائمت جاری رکھکر ہمیشہ بارسال تحف و ہدایا اخلاص اپنا ظاہر کرتا تھا اور سلطان محمود بھکری کے ساتھ اپنے باپ کے بدستور کبھی صلح اور کبھی جنگ رکھتا تھا اور اُس نے اٹھارہ برس کمال فراغت اور عشرت سے زمانہ شاہی کا بسر کیا اور سنہ ۹۹۳ نوسو ترانوے ہجری مین اجل طبیعی سے فوت ہوا

تذکرہ میرزا جانی کی سلطنت کا

میرزا محمد باقی کے بعد ارتحال میرزا جانی حکومت ٹھٹھہ پر فائز ہوا اور جو محمد اکبر بادشاہ ایک مدت لاہور مین رونق افزا ہوکر متصدی اس امر کا تھا کہ میرزا جانی اظہار اخلاص کے واسطے ملاقات کو آوے لیکن خلاف اُسکے وقوع مین آیا جلال الدین محمد اکبر بادشاہ نے جو ولایت اور قلعہ بھکر قبل اس سے مسخر کیا تھا اس بہانہ کو دست آویز کرکے ولایت ٹھٹھہ اور بلاد کی تسخیر کا داعیہ کیا اور سنہ ۹۹۹ نوسو ننانوے ہجری مین میرزا عبد الرحیم الخاطب بخان خانان ولد بیرم خان کو جو آنحضرت کا سپہ سالار تھا ولایت بھکر اور

ملتان جاگیر دے کر اُس طرف روانہ فرمایا میرزا عبدالرحیم خان خانان پہلے قلعہ سہوان کو محاصرہ کر کے اور قلعون اور شہرون کی تسخیر کے لیے عازم ہوا اور میرزا جانی نے لشکر خاصہ اور اُس طرف کے تمام زمیندارون کو فراہم لا کر مع توپخانہ اور کشتی اور غراب بسیار سہوان کی طرف عزیمت کی اور میرزا عبدالرحیم المعروف بخان خانان ترک محاصرہ کر کے اُس کے مقابلہ کو روانہ ہوا اور جب نصیرپور کے نواح مین پہونچا فریقین کے درمیان فاصلہ سات کوس کا باقی رہا میرزا جانی نے غرابون کو کہ ایک سو سے زیادہ تھین مع دو سو کشتی جو تیراندازون اور گولہ اندازون اور دیگر آلات حرب سے مملو کیا تھا جنگ کے واسطے بھیجا اور میرزا عبدالرحیم نے باوصف اُس کے کہ زیادہ پچیس غراب سے نہ رکھتا تھا اپنے آدمیون کو اُن کے مقابلہ کے واسطے بھیجکر بنیاد جنگ قائم کی اور میرزا عبدالرحیم دریا کے کنارے ایستادہ ہو کر لڑائی کی سیر دیکھتا تھا ایک توپ بزرگ کا گولہ میرزا جانی کی ایک کشتی عمدہ پر تاک کر ایسا مارا کہ وہ کشتی ٹوٹ گئی اور وہ جماعت کثیر جو اُس پر سوار تھی بحر فنا مین غرق ہوئی اور سات کشتیان میرزا جانی کی گرفتار کین اور دو سو آدمی مارے گئے اور ایک شبانہ روز جنگ قایم رہی عاقبت الامر محرم کی چھبیسوین تاریخ سنہ ۱۰۰۰ ایک ہزار ہجری مین سندیون نے شکست کھائی میرزا جانی دریاے سندھ کے کنارے اُس زمین پر کہ اُس کے اطراف و جوانب مین پانی اور دلدل تھی وارد ہوا اور اپنی فوج کے گرد و پیش ایک قلعہ تیار کیا اور خان خانان اُس کے مقابل مین فروکش ہوا اور رہورچے تقسیم کیے چنانچہ دو ماہ کامل ہر روز ایک جماعت بہادرون کی طرفین سے آن کر جنگ مین مشغول ہوتی تھی اور کام آتی تھی اور جب سندیون نے ہر اطراف سے رسد غلہ اور ما یحتاج لشکر بند کی میرزا عبدالرحیم خان خانان کی فوج مین ایسا قحط پڑا کہ ایک نان جان کے بدلے ارزان اور عزیز تھی ابیات

گشت زان تنگی جہانے تنگدل	گرسنہ نالان و سیران سنگ دل
ہر کرا دیدار نان بودے ہوس	قرص خورد در آسمان دیدی دبس

مرزا عبدالرحیم خان خانان ناچار اور لاعلاج ہو کر اس مقام سے کوچ کر کے پرگنہ جوان کی طرف جو ٹھٹہ کے قریب ہی گیا اور ایک جماعت کو سہوان کے محاصرہ کے واسطے بھیجا میرزا جانی اُنھین کمزور سمجھکر اُن کے سر پر گیا خانخانان نے جب یہ حال دیکھا اپنے سپہ سالار دولت خان لودھی کو مع فوج اُس جماعت کی کمک کو بھیجا فریقین کے درمیان جنگ شدید واقع ہوئی میرزا جانی نے شکست پائی اور دریاے عبور کر کے موضع ارلون مین نزول کیا اور اپنے گرد قلعہ بنا کر پناہ لی خانخانان نے چارون طرف سے محاصرہ کیا اور ہر روز لڑائی ہوتی تھی لیکن اس مرتبہ لشکر سند غلہ کی نایابی سے نہایت تنگ اور عاجز ہوا اونٹ اور گھوڑے ذبح کر کے کھانے لگے اور میرزا جانی نے یہ حال مشاہدہ کر کے خانخانان کو یہ پیغام دیا کہ مین ارادہ محمد جلال الدین اکبر بادشاہ کی ملازمت کا رکھتا ہون مجھے تین مہینے کی مہلت دیجیے کہ مین اپنا سامان درست کر کے آنحضرت کی درگاہ مین روانہ ہون میرزا

عبدالرحیم خانخانان نے یہ التماس قبول کی اور میرزا جانی کی بیٹی اپنے بیٹے میرزا ایرج کے عقد ازدواج مین لایا اور بعد انقضاے موسم برسات قلعہ سہوان اور ٹھٹھہ اور بلاد سند پر متصرف ہوا اور سنہ ۱۰۰۱ ایک ہزار ایک ہجری مین میرزا جانی کو ہمراہ لے کر محمد جلال الدین اکبر بادشاہ کی بابوسی سے مشرف کیا اور میرزا جانی نے امرا کے سلک مین انتظام پایا اور میرزا عبدالرحیم مراتب علیہ پر فائز ہوا چنانچہ اُس تاریخ سے مملکت سند بادشاہ دہلی کے ممالک مین داخل ہوئی اور کسی زمیندار وغیرہ کو اُس ملک مین کچھ دخل نہ رہا

ذکر سلطان محمود بہکری کے انجام حال کا

یہ مرد سفاک اور دیوانہ تھا تھوڑی تقصیر پر آدمی کی خونریزی کرتا تھا محمد جلال الدین اکبر بادشاہ نے محب علی خان پسر میر خلیفہ کو زمین بہکر کی تسخیر کو تعین فرمایا اُس نے وہان جاکر قلعہ بہکر کے سوا نصف ملک پر اپنا قبضہ کیا سلطان محمود نے مضطرب ہوکر محمد اکبر بادشاہ کو عرض داشت کی کہ قلعہ بہکر کو محب علی خان کے سوا جس شخص کو حکم ہو تفویض کردن جلال الدین محمد اکبر بادشاہ نے گیسو خان کو بھیجا لیکن قبل پہونچنے گیسو خان کے سلطان محمود باجل طبیعی فوت ہوا اور گیسو خان نے سنہ ۹۸۳ نو سو بیاسی ہجری مین قلعہ بہکر پر قبضہ کیا مدت سلطنت سلطان محمود کی بیس برس تھی



مقالہ نوان سلاطین ملتان کے بیان مین

ناظرین پرتمکین اور واقفان توایخ کی خدمت مین عرض پرداز ہوتا ہون کہ آغاز ظہور اسلام بلدہ ملتان مین محمد قاسم کے زمانہ سے ہوا اور بعد اُس کے سلطان محمود غزنوی کے عہد تک احوال ملتان کا کسی مورخ نے کتب توایخ مین نہین لکھا بلکہ اتفاقاً بھی اُس زمانہ کی حکاتین مشہور و معروف نہین ہین اس قدر ترجمہ تاریخ یمینی وغیرہ مین مرقوم ہی کہ سلطان محمود غزنوی نے ملتان کو ملحدون کے تصرف سے مستخلص کیا اور مدت دراز تک وہ ملک اُس خاندان عظیم الشان کے تصرف مین رہا جب دولت غزنویہ بسبب تنزل کے ضعیف ہوئی بلاد ملتان پھر قراسطہ کے تصرف مین آیا اور بعد اُس کے سلطان معزالدین محمد سام کا اُس پر قبضہ ہوا اور ۵۸۶ھ آٹھ سو ستیالیس ہجری تک سلاطین دہلی کے زیر نگین تھا جب اُن سنوات مین اقلیم ہند مین بسبب آشوب کے طوائف الملوکی بہم پہونچی تو ملتان مین بھی حاکم علیحدہ ہوا یعنے اُس دیار کی عنان حکومت شاہان دہلی کے ہاتھ سے نکل گئی پھر چند حکام نے پیہم حکومت کی

تذکرہ شیخ یوسف ملتانی کی حکومت کا

جب دارالملک دہلی کی سلطنت سلطان محمد بن محمد شاہ بن فرید شاہ بن مبارک شاہ بن خضر خان کو نوبت بہ نوبت پہونچی تو اُس کے ارکان مین خلل واقع ہوا اور ولایت ملتان سپاہ نمک کی تاخت سے کہ قندھار اور غزنین اور کابل سے متعلق رہتی تھی زیر و زبر ہوئی اور دارالحکومت حاکم کے وجود سے خالی ہوگیا ملتان کے رئیس متفق ہوکر حاکم مقرر کرنے کی فکر مین ہوے اور جو بزرگی طبقہ علیہ

غوث الزمانی بہاء الدین ذکریائے ملتانی کی شرح و بیان سے مفیض تر ہی اس لیے اُس ملک کے اہالی اور شرفا نے شیخ یوسف قریشی کو کہ خانقاہ کی تولیت اور حضرت شیخ بہاء الدین ذکریائے ملتانی کے روضہ رضیہ کی مجاوری اور نگہبانی ساتھ اُس کے تعلق رکھتی تھی ۸۴۷ھ آٹھ سو سینتالیس ہجری مین سریر سلطنت ملتان پر متمکن کیا اور منبرون پر خطبہ ملتان اور اوچہ اور اُس کے اطراف اور اکناف کا شیخ یوسف کے نام پڑھا اور اُس نے بھی لوازم بزرگی مین مشغول ہوکر اس حدود کے تمام باشندون کی تسلی اور دلجوئی کی اور لطف و احسان کے دانہ سے زمینداروں کے مرغ دل کو رام کیا اور راے سہرہ جو جماعت افغان لنگاہ کا سردار تھا اور قصبہ سوہی مع مضافات ساتھ اُس کے تعلق رکھتا تھا اُس نے شیخ یوسف سے باین عبارت پیغام کیا کہ جو ہمارا اعتقاد اور اخلاص باپ دادا کے وقت سے آپ کے سلسلہ رضیہ کی نسبت مستحکم ہی لہذا بنظر خیر خواہی عرض گذار ہون کہ جو مملکت دہلی مین فتنہ و فساد برپا ہی اور اس عرصہ مین سلطان بہلول لودھی افغان نے خطبہ دہلی کا اپنے نام پڑھا ہی مناسب یہ ہی کہ قوم لنگاہ کا دل ہاتھ مین لائیے اور ہمین اپنی فوج کا سردار بنائیے تو ہم جان نثاری اور جان سپاری مین دریغ جائز نہ رکھین اور بالفعل اپنے عقیدے اور ارادے کے استحکام کے واسطے اپنی دختر آنحضرت کو دیتا ہون اور ساتھ دامادی کے قبول کرتا ہون شیخ اس امر سے نہایت محظوظ ہوے اور راے سہرہ کی دختر کو برسم سلاطین اپنے عقد مین لائے اور راے سہرہ اپنی بیٹی کے دیکھنے کو قصبہ سوئی سے ملتان مین آیا اور تحف و ہدایاے لائق شیخ کی خدمت مین گذرانا لیکن شیخ احتیاطاً اُسے قبول نفرماتے تھے کہ ایسا نہو راے سہرہ شہر ملتان مین بود و باش اختیار کرے اور وہ بھی دانائی سے شہر کے باہر وارد ہوکر اپنی دختر کے دیکھنے کو تنہا جاتا تھا ایکبار تمام فوج اپنی فراہم کرکے ملتان کی سمت روانہ ہوا اور چاہا کہ مکر و حیلہ سے شیخ کو دستگیر کرکے ملتان کا حاکم بنون جب ملتان کی نواح مین پہونچا شیخ یوسف قریشی کو پیغام بھیجا کہ ابکی مرتبہ تمام فوج لنگاہ کو اپنے ہمراہ لایا ہون تو آپ میری جمعیت کو ملاحظہ کرکے اُن سے خدمات لائقہ لیون شیخ نے حیلہ اور افسون دہر سے غافل ہوکر اُسکی التماس پذیرا فرمائی اور راے سہرہ نماز واجب کرکے مع ایک خدمتگار اپنی دختر کے دیکھنے کو آیا اور خدمتگار سے فرمایا کہ ایک گوشہ مین جاکر ایک بکری کا بچہ ذبح کرکے اُسکا خون گرماگرم ایک پیالہ مین بھر کر میرے پاس لاؤ جب خدمتگار نے امر مذکور مین قیام کیا راے سہرہ نے اس خون کو نوش کیا اور بعد ایک لحظہ کے از روے مکر و فریب مرغ کاذب کی طرح بیوقت فریاد کرکے بولا کہ میرے شکم مین درد ہوتا ہی اور لحظہ بر لحظہ اُسکی گریہ و زاری زیادہ ہوتی جاتی تھی اور آدھی رات کے وقت وکلاے شیخ یوسف کو بقصد وصیت طلب کرکے اُس جماعت کے روبرو استغراغ دموی کیا اور اثناے وصیت مین رو رو کر اپنے عزیز و اقارب کو جو شہر کے باہر تھے وداع کیواسطے بلایا جب شیخ یوسف کے اعیان و ارکان نے راے سہرہ کی حالت ردی دیکھی اُسکے عزیز و اقارب کے آنے مین مضائقہ نہ کیا خلاصہ یہ کہ جب تمام لوگ اُس کے قلعہ مین داخل ہوے بارادہ انتزاع سلطنت سریر بیماری سے اُٹھا کر اپنے ملازمین معتمد کو قلعہ کے ہر دروازہ پر مقرر کیا اور حکم دیا کہ خبردار

شیخ یوسف کے کسی نوکر کو جو قلعہ کی چھاؤنی سے باہر نہیں آنے نہ دیا پھر شیخ یوسف کی خلوت سرا میں داخل ہو کر انھیں دستگیر کیا

ذکر قطب الدین لنگاہ کی سلطنت کا

جب رائے سہرو نے شیخ کو قید کر کے اپنا لقب سلطان قطب الدین لنگاہ رکھا خطبہ اور سکہ اپنے نام جاری کیا اور ملتان کی خلقت نے اس کی حکومت سے راضی ہو کر بیعت کی رائے سہرو نے اس وقت شیخ یوسف کو قلعہ کے دروازہ سے جو شمال کیطرف شیخ الاسلام شیخ بہاء الدین زکریا کے مزار مورد انوار کے قریب واقع ہے برآوردہ کر کے دہلی کی سمت رخصت کیا اور اس دروازہ کو خشت پختہ سے چنوا دیا اور یہ بھی کہتے ہیں کہ وہ دروازہ آج تک کہ سنہ ایک ہزار اٹھارہ ہجری ہے بدستور سابق مسدود ہے پھر نشان حکومت بلند کر کے امور سلطنت میں مشغول ہوا اور جب شیخ یوسف دہلی میں داخل ہوئے بادشاہ بہلول لودھی نہایت اعزاز و احترام سے پیش آیا اور اپنی بیٹی کا شیخ کے صاحبزادے سے جن کا نام شیخ عبداللہ تھا عقد کیا اور شیخ کو ہمیشہ وعدہ ہائے نیک سے قوی پشت اور مسرور خاطر رکھتا تھا اور شاہ قطب الدین لنگاہ بلا و ملتان میں نہایت بیخبری سے حکومت کرتا رہا بعد ایک مدت کے یعنے سنہ ۹۷۰ نو سو چوہتر ہجری میں سلطان قطب الدین اجل طبعی سے فوت ہوا اور مدت اس کی سلطنت کی سولہ برس تھی

ذکر شاہ حسین لنگاہ بن قطب الدین لنگاہ کی شاہی کا

جب قطب الدین لنگاہ نے ودیعت حیات ستمگار ملک حقیقی کے سپرد کی اعیان دولت نے بعد ادائے لوازم تعزیت اس کے بڑے بیٹے کو شاہ حسین لنگاہ خطاب دے کر سریر سلطنت پر بٹھایا اور ملتان اور اس کے اطراف میں خطبہ اس کے نام پڑھا اور وہ نہایت قابل اور مستعد اور الطاف خداوندی کے ورود اور نزول کے شایان تھا اس کے ایام دولت میں علم و فضل کا مرتبہ بلند ہوا اور علما اور فضلا اس کے خوان مائدہ احسان سے پرورش پانے لگے اور آغاز دولت اور ایام شباب میں قلعہ سور کی تسخیر کو متوجہ ہوا اور یہ بھی کہتے ہیں کہ اس زمانہ میں قلعہ سور غازی خان کے تصرف میں تھا اور غازی نے جب یہ خبر سنی تو سامان جنگ درست کر کے قلعہ سے برآمد ہوا اور دس کوس آگے بڑھکر شاہ حسین لنگاہ سے لڑا اور داد مردی اور مردانگی دی جو فتح اور شکست باختیار خدا ہی پائے ثبات اس کا میدان معرکہ سے ہلگیا اور بھاگ کر بلدہ سور تگیا بلکہ بھرہ کی طرف متوجہ ہوا اور جو کہ اہل و عیال اس کے قلعہ سور میں تھے انھوں نے حصار داری کا اسباب درست کر کے قلعہ کو مضبوط کیا اور بہت کمک پہونچنے کے منتظر تھے کہ امرائے غازی خان جن کے بھرہ اور خیوت اور خوشاب تصرف میں تھا کمک بھیجیں گے اس امید پر چند روز کی محنت محاصرہ اٹھائی جب کمک پہونچنے سے مایوس ہوئے جان

کی امان چاہکر قلعہ شاہ حسین لنگاہ کے سپرد کیا اور بہرہ کی سمت روانہ ہوے اور شاہ حسین لنگاہ نے مہمات ملکی کے سرانجام کے واسطے چند روز سرہین توقف کیا پھر جنیوت کی سمت عازم ہوا اور ملک باجھی کہکر وہان کا جو دار وغہ تھا اُس نے چند روز اپنے ناموس کی حفاظت کے لیے محنت مجاہدہ اپنے اوپر گوارا کی آخرکار وہ بھی امان طلب کرکے قلعہ سے دست بردار ہوا اور بہرہ کا راستہ لیا اور شاہ حسین نے سرحد کا بندوبست کرکے ملتان کی طرف مجاودت کی اور چند روز وہان استراحت کرکے کوٹکر کی طرف سوار ہوا اور اس لواح کو قلعہ دہنکوٹ کی حدود تک اپنے تصرف مین لایا اور جو شیخ یوسف اکفر اتعات شاہ بہلول لودھی سے اعانت کے واسطے داود پیدا کرتا تھا جس وقت کہ شاہ حسین لنگاہ قلعہ دہنکوٹ کی طرف گیا بہلول شاہ لودھی نے فرصت غنیمت جان کر اپنے فرزند بابر بک شاہ کو کہ احوال اُس کا وقایع سلاطین دہلی اور شاہان جون پور مین گذارش ہوا ہے ولایت ملتان کی تسخیر کے واسطے رخصت فرمایا اور تاتار خان لودھی کو مع لشکر پنجاب بابر بک شاہ کے ہمراہ نامزد کیا چنانچہ بابر بک شاہ اور تاتار خان لودھی بموجب متواتر ملتان کی طرف روانہ ہوے اتفاقاً ان دنون مین سلطان حسین کا برادر حقیقی جو قلعہ کوٹ کرور کا حاکم تھا اُس نے اپنا لقب شاہ شہاب الدین لنگاہ رکھکر نشان بغاوت کا بلند کیا شاہ حسین لنگاہ نے آتش فساد قلعہ کرور کی تسکین مقدم جان کر بجناح استعجال وہان پہونچکر سلطان شہاب الدین کو زندہ گرفتار کیا اور اُس کے پانون مین بیڑیان ڈال کر ملتان کی طرف متوجہ ہوا اس درمیان مین مخبرون نے یہ خبر پہونچائی کہ بابر بک شاہ اور تاتار خان سواد ملتان کے قریب مصلاے عید مین جو شہر کے پہلو مین ہی فروکش ہوکر قلعہ گیری کے سامان مین مشغول ہین شاہ حسین لنگاہ شبانہ شب دریاے سندھ سے عبور کرکے آخر شب ملتان مین داخل ہوا اسوقت تمام فوج کو جمع کرکے یہ فرمایا کہ تمام سپاہ سے امید شمشیر زنی کی نہین ہوتی ہے کسواسطے کہ اُس مین سے بعضون کو اپنے اہل وعیال کی محبت دامنگیر ہوتی ہے وہ جماعت اگرچہ شمشیر زنی کے کام نہین آتی لیکن وہ لوگ مصالح کے واسطے اور مثل قلعہ داری یا زادی سواد لشکر اور مثل اُسکے دیگر امور مین کام آتے ہین غرضکہ اس مقدمہ کی تمہید کے بعد فرمایا کہ جو شخص بے تکلف جنگ صف کرے وہ صبح کو شہر سے باہر جاوے اور بقیہ لشکر قلعہ داری مین مشغول رہے چنانچہ بارہ ہزار سوار اور پیادہ جرار لڑنے پر آمادہ ہوے اور جب آفتاب جہانتاب اُفق مشرق سے اپنا نیزہ بلند کرکے طالع ہوا تمام فوج طبل جنگ بجاکر شہر سے روانہ ہوئی اور سلطان حسین نے سپاہ دہلی کو اپنی پیشرو کرکے اپنے لشکر کو حکم دیا کہ سوار تمام پیادے ہودین اور اول وہ خود پیادہ ہوا اس کے بعد یہ حکم نافذ کیا کہ تمام سپاہ باتفاق ایکبارگی تین تیر دشمن کی فوج پر ماریں جب اول مرتبہ بارہ ہزار تیر ایکبارگی خانۂ کمان سے چھوٹے فوج دشمن مین اضطراب عظیم ظاہر ہوا اور دوسری مرتبہ جمعیت اُن کی متفرق اور پریشان ہوئی اور تیسری مرتبہ اس طرح بدحواس ہوکر بھاگے اور دشمن کا خوف اُن کے دل پر ایسا چھایا کہ بھاگ کر سور مین پہونچے اور وہان کے قلعہ کی طرف اصلا التفات نہ کی پھر وہان سے بھاگ کر جنیوت مین دم لیا اور اس فتح سے لشکر ملتان

تو جمعیت تمام آسودگی بسیار پہونچی جب باریک شاہ اور تاتار خان قلعہ چنیوت مین پہونچے ملطان حسین کے تھانہ دار کو مبلغ تین سو مرد کے بقول بعہد قلعہ سے برآوردہ کیا اس کے بعد نقض عہد کرکے ایک کو زندہ نہ چھوڑا اور سلطان حسین اس فتح کو فوز عظیم جان کر قلعہ چنیوت کے استخلاص کا ارادہ اپنے دل مین نہ لایا اور اسی عرصہ مین ملک سہراب دودا ہی جو اسمٰعیل خان اور فتح خان کا باپ تھا مع قوم رہیلہ سیج اور مکران کے اطراف سے شاہ حسین کی فوج مین ملحق ہوا اور شاہ حسین لنگاہ نے ملک سہراب بلوچ کا آنا اپنے اوپر مبارک سمجھا قلعہ کہت کرور سے قلعۂ وہنکوت تک تمام ولایت اُسے اور اُس کی قوم کو جاگیر دی چنانچہ یہ خبر سنکر اور بلوچ بھی بلوچستان سے شاہ حسین لنگاہ کی خدمت مین حاضر ہوئے اور روز بروز جمعیت اُس کی زیادہ ہوتی گئی اور شاہ حسین لنگاہ نے اُس ولایت کا بقیہ جو دریاے سندھ کے کنارے آباد ہے بلوچون کی تنخواہ مین مقرر کیا اور رفتہ رفتہ سیت پور سے وہنکوت تک تمام ولایت بلوچون سے متعلق ہوئی اور انھین دنون مین جام بایزید اور جام ابراہیم جو قبیلہ اسہیہ کے سردار تھے جام نندا ولایت سندھ کے حاکم سے آزردہ ہوکر شاہ حسین کی خدمت مین حاضر ہوئے چنانچہ تفصیل اس اجمال کی یہ ہے کہ جو ولایت بہکر اور ٹھٹہ کے مابین واقع ہے اکثر وہ ولایت ساتھ قوم سہیہ کے جو اپنے تئین اولاد جمشید سے جانتے تھے تعلق رکھتی تھی چونکہ قوم سہیہ شجاعت اور شہامت مین ممتاز تھی اور جام نندا کہ قوم سہیہ سے تھا اور وہ بھی اپنے تئین اولاد جمشید سے جانتا تھا اُس قوم سے ہمیشہ بہ اسان رہتا تھا اتفاقاً سرداران سہیہ کے درمیان مین عداوت ظاہر ہوئی جام نظام الدین المشہور بجام نندا نے اس امر کو نعمت عظمیٰ تصور کرکے مخالفون کی جانب داری کی اور جام بایزید اور جام ابراہیم کہ دونون برادر حقیقی تھے انکی کچھ رعایت نہ کی اس وجہ سے جام بایزید اور جام ابراہیم جام نندا سے آزردہ ہوکر شاہ حسین لنگاہ کے شریک ہوے اور اُس نے ولایت سور پر جام بایزید کو اور ولایت اوچہ پر جام ابراہیم کو مقرر کرکے دونون کو بایزید خصت کیا جو جام بایزید فضائل علمی سے بہرہ یاب تھا اس واسطے اہل فضل سے صحبت رکھتا تھا اور اس اطراف مین فاضل کو جس مقام مین سنتا تھا کہ رہتا ہے اُس کے احوال پر اُس قدر تفقد اور مہربانی کرتا تھا کہ وہ بے اختیار اُس کی مجلس مین پہونچکر اس سے فائدہ مند ہوتا تھا اور یہ بھی کہتے ہین کہ جام بایزید اہل فضل کے ساتھ اس قدر محبت رکھتا تھا کہ شیخ جمال الدین قریشی جو شیخ عالم قریشی کے فرزند تھے اور انھون نے خراسان مین قسم قسم کے علوم تحصیل کیے تھے باوجود اس کے کہ حواس ظاہری اُن کے مختل ہوئے تھے بتکلیف تمام انھین شغل وزارت پر مامور کرکے جمیع مہمات ملکی اُن سے رجوع کیے اور خود اہل فضل کی صحبت مین بسر کرتا تھا اور احکام الٰہی کی اس طور سے تعلیم کرتا تھا کہ ایکبار اُس نے شہر سور مین ایک عمارت کی بنیاد ڈالی اتفاق حسنہ سے ایک خزانہ اُس مقام مین نکلا جام بایزید نے دست تصرف اس سے باز رکھا اور وہ تمام خزانہ سلطان حسین کی خدمت مین ارسال کیا سلطان کو اس امر سے اعتقاد عظیم بہم پہونچا جب سلطان بہلول ساتھ رحمت حق کے واصل ہوا

اور سلطان سکندر نے بجاے اُس کے سریر فرمانروائی پر تمکن کیا سلطان حسین لنگاہ نے مکتوب تعزیت وتہنیت مع تحف وہدایا ایلچیون کی صحابت سے بھیجکر بنیاد صلح ڈالی پھر چونکہ نسبت شریعت پرستی کی سلطان سکندر پر غالب آئی حکم صلح دے کر یون مصلحت دیکھی کہ طرفین سے طریقہ اتحاد اور اخلاص جاری رکھکر خیر خواہ ایک دوسرے کے رہین اور سیاہ کسی کی اپنی حد سے تجاوز نہ کرے اور طرفین سے جس شخص کو کمک اور اعانت کی ضرورت واقع ہو سے دوسرا امداد سے اپنے تئین معاف نہ رکھے غرضکہ بعد اُس کے عہدنامہ تحریر ہو کر امرا اور اعیان مملکت کی گواہی سے مزین ہوا پھر سلطان سکندر نے ایلچیون کو خلعت دے کر رخصت کیا اور یہ بھی کہتے ہین کہ شاہ حسین سلطان مظفر شاہ گجراتی کے ساتھ طریقہ مراسلت کا جاری رکھتا تھا اور طرفین سے رسل ورسائل کے دروازہ مفتوح رہتے تھے ایکبار سلطان حسین نے قاضی محمد نام ایک شخص کو کہ زیور فضائل سے آراستہ تھا بصیغہ سفارت سلطان مظفر کی خدمت مین بھیجا اور قاضی سے یہ بات کہی کہ رخصت کے وقت سلطان مظفر سے درخواست کرنا کہ خدمتگارون کو تیرے ہمراہ کرکے منازل سلطانی کی سیر کروائین اور سلطان حسین کی غرض اس مقدمہ سے یہ تھی کہ مین بھی ایک قصر مثل سلاطین گجرات ملتان کے درمیان مین تعمیر کرون جب قاضی محمد احمد آباد مین پہونچا اور تحف وہدایا گذرانے اور رخصت کے وقت درخواست اس امر کی جسکے واسطے مامور ہوا تھا کی سلطان مظفر نے اپنے خدمتگارون کو قاضی محمد کے ہمراہ کرکے حکم دیا کہ تمام منازل شاہی کی تفصیل اسے سیر کرائین جب قاضی گجرات سے ملتان مین آیا بعد ادائے رسالت چاہا کہ شاہان گجرات کی عمارات کی کچھ صفت بیان کرون پھر عرض پیرا ہوا کہ احقر کی زبان اُن منازل وپیدیر کی توصیف مین گنگ ہے لیکن گستاخانہ عرض کرتا ہون کہ اگر محصول یکسالہ تمام مملکت ملتان کا اُن قصور مین سے ایک قصر کے تعمیر مین خرچ ہووے شاید بانجام کو پہونچے سلطان حسین یہ بات سنکر نہایت غمگین اور ملول ہوا عماد الملک تولک کہ منصب وزارت اُسکے تفاضی تھا اسنے قدم جرأت آگے بڑھا کر دعاوی کہ حافظ حقیقی بادشاہ کو قیامت تک حوادث زمانہ سے نگاہ رکھے دشمنون کے حزن وملال کا سبب معلوم نہین ہوتا ارشاد کیا کہ سبب حزن کا یہ ہے کہ قضا وقدر نے لفظ شاہی مجھپر اطلاق کی ہے اور معنے شاہی سے محروم ہون باوجود اس کے کہ مین قیامت کے دن ساتھ بادشاہون کے محشور ہونگا عماد الملک تولک نے یہ جواب دیا کہ ظل سبحانی اپنا دل صفا منزل اس سبب سے مکدر اور ملول نہ رکھین کس واسطے کہ حق سبحانہ تعالی نے ہر ایک مملکت کو ساتھ ایک فضیلت کے مخصوص کیا ہے کہ وہ مملکت دوسرے ممالک مین عزیز اور محترم ہے اور مملکت گجرات اور دکن ومالوہ اور بنگالہ اگرچہ زرخیز ہے اور سامان عیش ونشاط کا اُن ممالک مین بخوبی ترین وجہ میسر ہوتا ہے لیکن مملکت ملتان مرد خیز ہے کس واسطے کہ ملتان کے بزرگ جس مملکت مین تشریف لیگئے معزز ومحترم ہوے اور شکر ہے کہ شیخ الاسلام شیخ بہاء الدین زکریا قدس سرہ کے طبقہ علیہ کے چند بزرگوار ملتان مین موجود ہین کہ جمیع کمالات مین شیخ یوسف قریشی پر کہ سلطان بہلول نے اُن کے فرزند کو دختر دی تھی

اور بہت اُن کی عزت کرتے تھے ترجیح رکھتے ہیں اور اسی طرح سے طبقہ تجاریہ کے چند اشخاص نواح ملتان میں موجود ہیں کہ کمالات ظاہری اور باطنی میں حاجی عبد الوہاب پر شرف رکھتے ہیں اور طبقۂ علما سے مولانا فتح اللہ اور اُن کے شاگرد مولانا عزیز اللہ خاک پاک ملتان سے مخلوق ہوئے ہیں اکثر اہل ہندوستان ان عزیزوں کے ہونے سے فخر کرتے ہیں جب اس قسم کی باتیں عماد الملک نے سمع مبارک میں پہونچائیں رنگ ملال سلطان کے دل سے دفع ہوا اور فرحت حاصل ہوئی اور جب سلطان حسین لنکاہ کبر سنی سے ناتوان ہوا اپنے بڑے بیٹے کو کہ فیروز خان نام رکھتا تھا فیروز شاہ خطاب دے کر خطبہ اُسکے نام پڑھا اور خود طاعت و عبادت میں مشغول ہوا اور عماد الملک کو بدستور قدیم منصب وزارت پر مقرر رکھا

تذکرہ فیروز شاہ بن حسین شاہ لنکاہ کی حکومت کا

چونکہ فیروز شاہ بے تجربہ کار تھا اور قوت غضبی اُس کی تمام قوتوں پر حاکم تھی اس سبب سے اُس کا وجود زیور جود و سخاوت سے عاری تھا اور ہمیشہ ملال دل عماد الملک پر جو فضیلت اور کمالات سے بہرہ رکھتا تھا حسد کرتا تھا ایک روز اس نے اپنے غلام سے یہ بات کہی کہ بلال امور بادشاہی پر تصرف کرکے فساد برپا کیا چاہتا ہے اور اُسکا قصد یہ ہے کہ لوگوں کو اپنا یار اور مصاحب بنا کر شغل سلطنت کو انجام دوں اور لائق دولت یہ ہے کہ مفسدوں کا علاج فساد سے پیشتر کرنا چاہیے اور وہ غلام ناعاقبت اندیش بلال کے قتل پر آمادہ ہوا اور وقت فرصت کا منتظر رہتا تھا اتفاقاً ایک دن بلال سیر دریا کے واسطے کشتی میں سوار ہوا اور سیر کرکے شہر میں آیا چاہتا تھا کہ اس غلام نے کمین گاہ سے ایک تیر ایسا اُس کے سینہ پر مارا کہ مقابل سے نکل گیا اور بلال اُس کے صدمہ سے جانبر نہ ہوا عماد الملک نے عرصۂ قلیل میں فیروز شاہ کو زیور دے کر اپنے فرزند دلبند کا انتقام بوجہ احسن لیا اور جب کبر سنی میں یہ مصیبت شاہ حسین لنکاہ کو پہونچی عنان سریر دست استقلال سے نکل گئی گریہ وزاری اور بیقراری کے سوا اور شغل نہ تھا غرضکہ پھر حفظ مملکت اور انتقام لینے کے واسطے خطبہ اپنے نام پڑھا اور محمود خان بن سلطان فیروز شاہ کو اپنا ولیعہد کیا اور بدستور قدیم مہمات سلطنت عماد الملک کے سپرد کرکے رنجش اور کدورت اصلا اس پر ظاہر نہ کی اور بعد چند روز کے جام بایزید کو خلوت میں طلب کرکے یہ فرمایا کہ تو میری صورت حال اور درد دل سے بخوبی آگاہ ہے کس واسطے مرہم تدبیر سے اس کو اندمال نہیں کرتا لیعنے اس نمک حرام عماد الملک سے میرا انتقام نہیں لیتا جام بایزید نے بخواہش تمام اس امر کو قبول کیا اور رخصت انصراف حاصل کی اور رات کو منادی گر سے فرمایا کہ لشکر میں جاکر تذکرہ کرے کہ سلطان نے سامان واجب طلب کیا ہے علی الصباح تمام فوج ساز و یراق سے درست اور مسلح ہو کر دولت سرائے سلطانی پر حاضر ہووے جب جمع ہوئی جام بایزید مع جمیع سپاہ مسلح ہو کر در دولت

پر حاضر ہوا اور جب یہ خبر سلطان کو پہونچی عماد الملک سے فرمایا کہ تو جاکر جام بایزید کی افواج کا سامان واسباب دیکھ جو کہ رات کو مشورہ ہو چکا تھا اُس کے آتے ہی جام بایزید نے عماد الملک کو گرفتار کر کے قید کیا اور شاہ حسین لنکاہ نے اُسی وقت شغل وزارت جام بایزید کے تفویض کر کے اتالیقی محمود خان بن فیروز خان کی بھی منصب وزارت پر اضافہ فرمائی اور چند روز کے بعد شاہ حسین لنکاہ ہفتہ کے دن صفر کی چھبیسویں تاریخ سنہ ۹۰۸ نو سو آٹھ اور بقولے سنہ ۹۰۴ نو سو چار ہجری مین اس جہان فانی سے عالم باقی کی طرف خرامان ہوا مدت اُسکی سلطنت کی بقولے چونتیس سال اور بقولے تیس سال تھی مؤلف طبقات بہادر شاہی کے قلم سے اس مقام مین دو تین سہو صادر ہوے ہین اول یہ کہ محمود خان کو شاہ حسین شاہ لنکاہ کا فرزند لکھا دوسرے یہ کہ سلطان فیروز کے جلوس کو بعد از محمود خان تحریر کیا تیسرے یہ کہ شاہ فیروز شاہ کو محمود خان کا بھائی قرار دیا اور صحیح یہ ہے کہ سلطان محمود سلطان فیروز شاہ لنکاہ کا بیٹا تھا اُس نے بعد فیروز شاہ بن شاہ حسین لنکاہ کے سریر سلطنت پر اجلاس کیا تھا

ذکر شاہ محمود شاہ لنکاہ کی شاہی کا

جب شاہ حسین لنکاہ فوت ہوا اُس کے دوسرے دن دوشنبہ کے روز ستائیسوین تاریخ صفر کو جام بایزید نے امرا اور ارکان دولت اور اشراف شہر کے باتفاق شاہ حسین لنکاہ کی وصیت کے موافق محمود شاہ کو سریر جانداری پر جلوہ گر کیا چونکہ یہ خورد سال تھا و باش و اجلاف کو ذاہم لاکر اراذل پرست مشہور رہوا اور اکثر اوقات تمسخر اور استہزا مین مصروف رہتا تھا اس سبب سے اشراف اور اکابر اپنے تئین اُس کی صحبت سے دور رکھتے تھے اور بعد اُس کے جب مردم اوباش نے اس کے مزاج مین تصرف پایا پھر اس پر آمادہ ہوے کہ شاہ محمود شاہ کا مزاج جام بایزید سے منحرف کرین اور اپنے حصول مطلب کی تدبیرین کرنے لگے اور جام بایزید یہ تدبیرین اُن کی مکرر سہ کرر سنکر اپنے مکان سے جو آب چناب کے کنارے اور ملتان سے ایک فرسخ کے فاصلہ پر تعمیر کیا تھا وہان استقامت کر کے شہر مین نہین آتا تھا اور مہمات ملکی کو وہان انجام دے کر جلد حوالہ مین اوقات بسر کرتا تھا اور اُسی عرصہ مین ایک روز جام بایزید نے بعضے قصبات کے زمینداروں اور مقدمون کو تحصیل مال اور معاملہ کے واسطے طلب کیا تھا جب بعضون نے تمرد کر کے عدول حکمی کی جام بایزید نے اور مالگزارون کی عبرت کے واسطے اُس جماعت کے سر کے بال ترشوائے اور گدھے پر سوار کر کے تشہیر کیا بد گویون نے جاکر سلطان محمود سے عرض کی کہ جام بایزید نے بعض خدمتگاران خاصہ کی نسبت سیاست اور اہانت شروع کی ہے اس لیئے دیوان عام مین حاضر نہین ہوتا اپنے بیٹے عالم خان کو بھیجتا ہے صلاح دولت یہ ہے کہ عالم خان جب دربار مین آوے اُسے سر دربار ایسی ذلت اور اہانت پہونچانا چاہیے کہ جام بایزید کی شان مین دھبا لگے اور جملہ خلائق کی نظر مین ذلیل اور خوار ہووے عالم خان ایک جوان قابل تھا اور حسن سیرت و صورت مین اپنے ہمچشمون اور عزیزون مین ممتاز تھا اتفاقاً ایک دن سلطان محمود کے سلام کو آیا ایک درباری

نے اُس سے پوچھا کہ فلان فلان مقدمے کیا تقصیر واقع ہوئی تھی کہ جام بایزید نے اُنکے سر کے بال ترشوا کر اہانت پہونچائی انصاف یہ ہے کہ اُس کے عوض مین تیرے بال ترا شے جاوین چونکہ اُس قسم کے کلام عالم خان نے کبھی نہ سنے تھے اُسکے سنتے ہی طیش مین آیا اور بولا اے مردک تجھے دربار شاہی مین مجھسے ایسی بیہودہ گوئی لائق نہ تھی ابھی یہ بات تمام نہوئی تھی کہ دس بارہ آدمی اطراف و جوانب سے آکر عالم خان کو لپٹ گئے اور عالم خان کی دستار اچپال کر زدوکوب شروع کی اور عالم خان نے بہزار دقت خود کو اُنسے برآور دہ کرکے ہاتھ بلند کیا اور اُس بشت مشت ہاتھا پائی مین نوک خنجر کی شاہ کی پیشانی مین لگی اور شور کرتا ہوا زمین پر گرا اور خون بہت اُسکے زخم سے جاری ہوا اور اُس جماعت نے یہ حال دیکھکر عالم خان کو چھوڑ دیا شاہ کی طرف متوجہ ہوے اور عالم خان خوف سے سر برہنہ بھاگا اور جب دروازہ پر پہونچا اُسے مقفل پایا جس طور سے ممکن ہوا تختہ دروازہ کا توڑکر نکل گیا اور ٹپکہ اپنے فوکر سے لے کر سر پر باندھکر جام بایزید کی خدمت مین حاضر ہوا اور تمام سرگذشت تقریر کی اُس نے جواب دیا کہ ای فرزند تجھسے ایسی حرکت واقع ہوئی ہے کہ جس سے تو و دوجہان کی شرمندگی کا باعث ہوا اب اس کے سوا کوئی تدبیر نہین ہے کہ تو بقدم استعجال بلدۂ سورین جا اور تمام فوج کو جلد بھیج کر شاہ محمود شاہ لنگاہ اپنا لشکر فراہم نہ کرنے پاوے اور مین تیرے پاس پہونچ سکون عالم خان اُسی وقت سور کی طرف روانہ ہوا اور جب اس کا لشکر برق و باد کی طرح سور سے پہونچا جام بایزید اُس کے ہمراہ سور کی سمت راہی ہوا اور مخبرون نے یہ خبر شاہ محمود کو پہونچائی اُس نے ایک جماعت امرا کو بطور تعاقب تعین کیا جب افواج طرفین ایک دوسرے کے قریب پہونچی جام بایزید پلٹ کر ایستادہ ہوا اور جانبین سے جوانان کارآمد جدا ہوکر حرب مین مشغول ہوے اور کوشش مردانہ کی عاقبت الامر جام بایزید نے اُس جماعت کو متفرق و پریشان کرکے سور کا راستہ لیا اور سورین پہونچتے ہی خطبہ بادشاہ سکندر لودھی کے نام پڑھا بعد تمام ماجرا عرضداشت مین مندرج کرکے شاہ ممدوح کی خدمت مین ارسال کیا شاہ سکندر نے اسے ملاحظہ کرکے فرمان استمالت و خلعت کا جام بایزید کو بھیجا اور دوسرا فرمان دولت خان لودھی کے نام جو پنجاب کا حاکم تھا لکھا کہ جو جام بایزید ہمارے پاس التجا لایا ہے اور خطبہ شہر سور کا ہمارے نام پڑھا ہے چاہیے کہ اُسکے حال سے خبردار ہوکر اُس کی امداد و اعانت مین کسی طور اپنے تئین معاف نرکھے اور جس وقت اُس کو کمک کی حاجت ہووے خود اُس کی کمک کو جاوے فی الجملہ بعد چند روز کے شاہ محمود شاہ لنگاہ اپنا لشکر فراہم کرکے سور کی طرف متوجہ ہوا اور جام بایزید مع عالم خان اور اپنی فوج کے سور سے برآمد ہوکر کچھ دور اوس کے مقابلہ کو گیا اور ایک خط دولت خان لودھی کو لکھکر اس حقیقت سے آگاہ کیا اور شاہ محمود شاہ اور جام بایزید کے درمیان جنگ قائم یعنے جنگ صف شروع ہوئی تھی کہ اتنے مین دولتخان لودھی مع لشکر پنجاب جام بایزید کی کمک کو آپہونچا اور مردم معتبر شاہ محمود شاہ کی خدمت مین بھیجکر بنیاد صلح کی ڈالی آخر کو امرا کی سعی سے مصالحہ نے اس امر پر قرار پایا کہ دریاے راوی

ہمارے تمھارے درمیان مین حد ہو اور کوئی شخص اپنی حد سے قدم آگے نہ بڑھاوے اور دولت خان لودھی نے شاہ محمود کو ملتان بھیجا اور جام بایزید کو سور کی سمت پہونچا کر خود لاہور مین آیا لیکن باوجود اسکے کہ دولت خان سام و دانا اور دور اندیش درمیان مین آیا اس پر بھی کار صلح نے چندان استقلال اور استقامت نہ پائی اور انھین دنون میر عماد کرویزی اپنے دو فرزند میر شہید اور میر شہدا کو سولی کی طرف سے لیکر ملتان مین آئے نظام الدین احمد بخشی نے اپنی تواریخ مین لکھا ہے کہ اول جس نے ملتان مین مذہب شیعہ کو رواج دیا میر شہد تھا پس اس قدر اکتفا کرکے شرح و بسط مین اُس کے کوشش نہین کی اور یہ بھی تحریر نہین کیا کہ میر عماد کون شخص تھا اور حسب و نسب اُس کا کیا تھا اور اُس کے فرزند میر شہدا نے ایسے زمانے مین مذہب شیعہ کے رواج دینے مین کیونکر قدرت پائی القصہ چونکہ سہاب دوانی سلاطین لنکاہ کے روبرو عزت تمام رکھتا تھا اس سبب سے میر عماد کرویزی اُس مقام مین نہ رہ سکا جام بایزید سے انجالا یا جام بایزید اس سے باعزاز پیش آیا اور کچھ ولایت جو اپنی رجہ خاص کے واسطے مقرر کی تھی میر عماد کرویزی اور اُس کے فرزندونکو دی اور جام بایزید مرد محسن اور کریم الذات تھا اور علما اور صلحا کے احوال پر تفقد اور رعایت کی نظر مبذول رکھتا تھا اور راویون کا یہ بھی قول ہے کہ ایام مخالفت مین علما اور صلحا کے وظیفہ اور یومیہ کشتی مین بارکر کے سور سے ملتان کو بھیجتا تھا اور چونکہ بجاے ملتان کی نسبت احسان کا طریقہ جاری رکھتا تھا وہان کے اکثر بزرگون نے جلا وطن ہوکر سور مین توطن اختیار کیا اور ایک جماعت کو بخواہش تمام بلایا تھا ازانجملہ مولانا عزیز اللہ کو جو شاگرد ملا فتح اللہ کے تھے سور مین طلب کیا جب مولانا عزیز اللہ سور کے قریب پہونچے آنکو باعزاز تمام شہر مین لایا اور نہایت عزت اور تکلف سے انھین اپنے حرم سرا مین لے گیا اور اپنے خدمت گارون کو یہ حکم دیا کہ مولانا کے دست حق پرست پر پانی ڈالو پھر فرمایا کہ یہ پانی زیادتی برکت کے واسطے محل سرا کے چاردن گوشہ مین چھڑکو اور شیخ جمال الدین قریشی وکیل جام بایزید سے ایک حکایت عجیب منقول ہے اگرچہ کچھ مطلب مین دخل نہین رکھتی لیکن حصول عبرت اور خواب غفلت سے بیداری کے واسطے مرقوم قلم مشکین رقم ہوتی ہے منقول ہے کہ جب حضرت مولانا عزیز اللہ سور مین تشریف لائے اور جام بایزید انھین اس اعزاز و احترام سے اپنے محل سرا مین لے گیا کہ ابناے زمانہ کو اس سے زیادہ تر امید نہ تھی پھر مولانا کو حرم سرا مین لے جاکر خواصون کو حکم دیا کہ مولانا کی خدمت مین حاضر ہوون اس کے بعد شیخ جمال الدین قریشی نے ازروے تمسخر اور ظرافت کے ایک شخص کو مولانا کی خدمت مین بھیجکر یہ پیغام دیا کہ جام بایزید بعد دعا و ثنا عرض کرتا ہے کہ میری غرض خواصون کے حضور سے یہ تھی کہ جو مولانا مجرد تشریف لائے ہین جو خواص کہ منظور نظر اور مطبوع طبع ہو اعلام بخشین تو اجازت دی جاوے کہ شرف ہمبستری سے مشرف ہووے مولانا نے اپنے خادم سے فرمایا کہ تو جام بایزید کے پاس جاکر میری طرف سے کہنا کہ معاذ اللہ جو شخص زیور آدمیت اور حلہ انسانیت سے آراستہ ہو وہ اپنے مخلصون

کی خواصون کو نظر بد سے نہ دیکھے گا اور علاوہ اس کے سن وسال فقیر کا اس امر پر تقاضا نہین کرتا غرضکہ جب خادم مولانا عزیز اللہ نے جام بایزید کے پاس آن کر یہ پیغام گذاری کی جام بایزید نے کہا کہ مجھے حاشا اس امر سے آگاہی نہین ہے پھر مولانا نے شرمندہ ہوکر یہ بد دعا کی خداوندا جس شخص سے یہ عمل سرزد ہوا ہے اُس کی گردن توڑدے یہ فرماکر حالت غیظ مین جام بایزید کی بلا رخصت وملن کی طرف تشریف لے گئے اور جام بایزید کو اُس وقت خبر ہوئی کہ آنحضرت سرحد سے آگے بڑھگئے تھے آخر کو جو مولانا نے اپنی زبان سے ارشاد کیا تھا وہ فلور مین آیا کہ جب شیخ جمال الدین سلطان سکندر کی خدمت سے رخصت ہوکر شور مین آیا ایک رات کو اُس کے قدم نے بام سے لغزش کی کہ وہ سر کے بل زمین پر گرا اور گردن اُس کی شکستہ ہوئی بزرگون سے تمسخر اور بد دعا سے یہ ثمرہ ملا القصہ جب ظہیر الدین محمد بابر شاہ ۹۳۲ھ نوسو بتیس ہجری مین ولایت پنجاب پر متصرف ہوکر دہلی کی طرف عازم ہوا میرزا حسین شاہ ارغون حاکم ٹھٹہ کو فرمان بھیجا کہ ملتان اور وہ حدود کہ جو اسے مرحمت ہوے تھے اُس پر متصرف ہووے میرزا حسین شاہ ارغون نے حسب الامر مع افواج بیشمار قلعہ بھکر کے اطراف مین دریا کے راستہ سے عبور کیا اور قہر الٰہی کی تند ہوا چلنے لگی اور سیلاب بے نیازی جاری ہوا شاہ محمود شاہ لنگاہ یہ خبر حیرت اثر سنکر نہایت ہراسان اور مثل بید لرزان ہوا اور سپاہ کو فراہم کرکے شہر ملتان سے برآمد ہوا اور شیخ بہاء الدین قریشی کو جو شیخ الاسلام شیخ بہاء الدین زکریاے ملتانی قدس سرہ کا سجادہ نشین تھا بصفت رسالت میرزا شاہ حسین ارغون کے پاس بھیجا اور مولانا بہلول کو جو حسن عبارت اور ادائے مقاصد رسالت مین عدیم المثال تھا شیخ بہاء الدین قریشی کے ہمراہ کیا اور جب وہ میرزا شاہ حسین کے لشکر مین پہونچے میرزا نے اُنکی عزت اور حرمت بہت کی اور بعد ادائے رسالت میرزا نے جواب دیا کہ مین شاہ محمود شاہ لنگاہ کی تربیت اور شیخ الاسلام شیخ بہاء الدین زکریاے ملتانی کی زیارت کے واسطے آیا ہون مولانا بہلول نے کہا مترصد ہون کہ آپ شاہ محمود کو تربیت مثل ادریس قرنی کیجیے کہ حضرت رسالت پناہ صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم نے اُسے عالم روحانیت مین تربیت کی تھی اور دوسرے یہ کہ شیخ بہاء الدین خود خدمت مین آیا ہے آپ صعوبت سفر کی تکلیف نہ کھینچین لیکن اس کلام نے فائدہ نہ بخشا شیخ بہاء الدین سلطان محمود لنگاہ کے پاس پلٹ آئے اور اسی رات کو شاہ محمود لنگاہ ۹۳۱ھ نوسو اکتیس ہجری مین فوت ہوا اور بعضے آدمیون کا زعم یہ تھا کہ لنگر خان جو غلام اس خاندان کا تھا اُس نے اپنے صاحب کو زہر دے کر ہلاک کیا اور اُس کی سلطنت کی مدت ستائیس برس تھی

ذکر شاہ حسین ثانی بن شاہ محمود شاہ لنگاہ کی شاہی کا

جب شاہ محمود لنگاہ نے انتقال کیا اکثر لوگ قوم لنگاہ کے اور لنگر خان جو لشکر کا سردار اول تھا نشان دشمنی کا بلند کرکے میرزا شاہ حسین ارغون کے شریک ہوئے اور پرورش حسب دلخواہ پاکر سبھون نے

قصبات ملتان کو فتح کیا اور امرائے لنکاہ حیران ہوکر ملتان کی سمت روانہ ہوے اور وہان جاکر شاہ محمود شاہ لنکاہ کے بیٹے کو کہ وہ ابھی طفل صغیر تھا شاہ حسین لنکاہ خطاب دیکر خطبہ اُس کے نام پڑھا اور برائے نام اُسے بادشاہ بنایا اور شیخ شجاع الملک بخاری جو شاہ محمود شاہ لنکاہ کا داماد تھا وزارت کے نام سے مہمات سلطنت کو انجام دینے لگا اور اس مردِ بے تجربہ نے باوجود اسکے کہ آذوقہ ایک ماہ کا بھی ملتان مین نہ رکھتا تھا حکم حصارداری کا دیا میرزا شاہ حسین ارغون نے شاہ محمود شاہ کی وفات کو ستان کی فتح کا وسیلہ سمجھکر فرصت ندی اور جلو ریز آن کر قلعہ کو محاصرہ کیا اور جب چند روز محاصرہ رہا مردم سپاہ جو قلعہ مین بھوک اور فاقہ کشی سے مضطرب تھے شیخ شجاع الملک بخاری کے پاس جو خرابی ملتان کا باعث تھا حاضر ہوے اور عرض کی کہ ابتک گھوڑے ہمارے تازہ ہین اور ہم مین بھی قوت اور سکت باقی ہی بہتر یہ ہی کہ آپ افواج کی تقسیم فرمائین کہ ہم معرکہ مین جاکر شریک ہون شاید تائید ایزدی سے نسیم فتح و نصرت ہم پر چلے اور دوسرے یہ کہ قلعہ داری کمک اور مدد کی امید پر ہوتی ہی اور اُسکی بھی کسی طرف سے امید نہین ہی شیخ شجاع الملک نے دربار مین کچھ جواب نہ دیا لیکن خلوت مین سرداران معتبر کی ایک جماعت کو طلب کرکے فرمایا کہ ابھی شاہ حسین لنکاہ کی سلطنت نے قرار اور مدار نہین پکڑا ہی اگر ہم بقصد جنگ شہر سے برآمد ہونگے ظن غالب بلکہ یقین ہی کہ اکثر آدمی ہمارے بامید رعایت میرزا شاہ حسین کی ملازمت مین حاضر ہونگے اور ایک جماعت قلیل جو اہل غرت اور ناموس ہووہ معرکہ مین پاے ثبات مستحکم کرکے ماری جاوینگی مولانا سعداللہ لاہوری سے جو افاضل وقت سے تھے منقول ہی کہ وہ فرماتے تھے کہ مین ان دنون مین ملتان کے قلعہ مین تھا جب محاصرہ نے چند ماہ کا طول کھینچا میرزا شاہ حسین نے قلعہ کا مداخل اور مخارج چارون سمت سے ایسا مضبوط بند کیا کہ کوئی متنفس قلعہ کے باہر سے اہل قلعہ کو مدد نہ پہونچا سکتا تھا اور کوئی شخص قلعہ سے باہر نہ جا سکتا تھا عاقبت الامر فاقہ کشی سے رفتہ رفتہ یہ نوبت پہونچی کہ اگر احیاناً ایک بلی یا کتا ان کے ہاتھ آتا تھا گوشت اُسکا حلوان فربہ کے مانند کھاتے تھے اور سب سے عجیب تر یہ ہی کہ شیخ شجاع الملک نے جادو نام پاچی کو مین ہزار پیادہاے تصباتی کی سرداری دے کر قلعہ کی حراست اس کے نامزد کی تھی وہ کمبخت جس شخص کے مکان مین گمان غلہ کا رکھتا تھا بلاخدشہ اس بیچارے کے مکان پر دوڑ لیجا کرتا راج کرتا تھا اُس عمل ناہموار اور ظلم ناسزاوار کے سبب خلقت دست بدعا ہوئی اور موافق مضمون نعم الانقلاب ولو علینا شیخ شجاع الملک کی زوال دولت خدا سے چاہتی تھی اور باوصف اس کے جو شخص قلعہ کے اندر سے قدم باہر رکھتا تھا علف تیغ خون آشام ہوتا تھا پھر تو یہ نوبت پہونچی کہ اہل قلعہ مضطرب ہوکر اپنے تئین قلعہ پر سے خندق مین گراتے تھے اور میرزا شاہ حسین اُنکے اضطراب سے واقف ہوا اپنے آدمیون کو اُن کے قتل سے روکا اور جب محاصرہ نے ایک سال اور چند ماہ کا عرصہ کھینچا ایک رات کو صبح کیوقت کہ ۹۳۲ نو سو بتیس ہجری تھے میرزا شاہ حسین کا لشکر قلعہ مین داخل ہوا اور ہاتھ آستین ظلم سے برآوردہ کرکے قتل اور غارت شروع کیا اس کے بعد شاہ حسین کے حکم سے سات برس کے لڑکے سے ستر برس کا بوڑھا

تک قید ہوا اور جس شخص پر گمان زرداری کا رکھتے تھے اُسے قسم قسم کی ایذا اور اہانت پہونچاتے تھے اور مولانا سعد اللہ لاہوری اپنے احوال کو بیان کرتے ہین کہ جب لشکر ارغونیہ نے قلعہ کو فتح کیا ایک جماعت اُس مین کی میرے مکان مین داخل ہوئی پہلے میرے والد ماجد مولانا ابراہیم جامع کو کہ جنھون نے آغاز عمر سے مسند فیضرسانی اور فائدہ رسانی پر بیٹھ سال تمکن کرکے قسم قسم کے علم طلبہ کو درس کروائے تھے اور آخر عمر مین دنیا کا کارخانہ ہیچ و بیچ جان کر پارسا ہوے تھے اُنھین گرفتار کرکے قید خانہ مین لے گئے اور اُن کی ریاست اور عمارت کو ذخیرہ گمان زرداری کرکے بدعت اور اہانت شروع کی اور اسکے بعد مجھے بھی گرفتار کرکے سلطان اور وزیر کا تحفہ کیا اتفاقات حسنہ سے اُس وقت وزیر صحن مین لکڑی کے تخت پر بیٹھا تھا اُسکے حکم سے زنجیر میرے پاؤن مین ڈالکر ایک سرا اُسکا تخت کے پایہ سے مضبوط باندھ دیا اُس وقت میرا یہ حال تھا کہ مین اپنے باپ کو یاد کرکے زار زار روتا تھا اور دو فوارہ گریہ سے اشک مسلسل میری آنکھون سے جاری تھے بعد ایک ساعت کے وزیر نے قلمدان طلب کیا اور قلم درست کرکے کچھ تحریر کیا چاہتا تھا اُس وقت میرے دل مین یہ خیال گذرا کہ یہ وزیر اگر تحدید و ضو کرکے لکھے تو بہتر ہے خدا کی قدرت وہ اُٹھکر بائخانہ مین داخل ہوا اور کوئی شخص اُسوقت وہان موجود نہ تھا مین تخت کے قریب ہونچا اور یہ بیت قصیدہ بردہ کی اُس پرچہ کاغذ پر جو وزیر نے کتابت کیواسطے نکالا تھا تحریر کی بیت فما لعینیک ان قلت اکففا ہتانا و بالقلبک ان قلت استفق یہم ۔ اور مین پھر اپنے مقام پر آگیا اور اشک کے قطرات روان تھے اور بعد ایک ساعت کے وزیر پھر اپنے مقام پر آن کر متمکن ہوا اور اس کاغذ پر کچھ لکھنے کا ارادہ کیا جب دیکھا یہ بیت اُس پر تحریر ہے مکان کے چارون سمت دیکھنے لگا جب میرے سوا کسی کو نہ دیکھا مجھسے متوجہ ہوکر پوچھا کہ یہ بیت تو نے لکھی ہے مین نے کہا ان اس وقت میرا حال پوچھا مین نے اپنی اور باپ کی سرگذشت بیان کی جو مین اُس نے میرے باپ کا نام سنا فوراً اٹھا اور اپنے ہاتھ سے زنجیر میرے پاؤن سے جدا کی اور اپنا پیراہن مجھے پہنایا اور اُسی وقت سوار ہوکر مجھے اپنے ہمراہ میرزا شاہ حسین کے دیوانخانہ مین لیگیا اور مجھے میرزا کے سامنے لے جاکر میرے باپ کا حال معروض کیا میرزا نے فوراً میرے باپ کو طلب کیا جب میرے والد میرزا کے سامنے آئے اتفاقات سے اُس وقت میرزا کی مجلس مین ہدایہ فقہ کا مذکور ہوتا تھا میرزا کے حکم سے اُسی وقت ایک خلعت مجھے اور میرے والد کو مرحمت ہوا اور میرے والد ماجد نے باوجود پریشانی اور تردد خاطر فقہ کا بیان اس مراتب سے تقریر کیا کہ حضار مجلس شیفتہ ہوے اور چارون طرف سے مدح و ثنا کا غلغلہ بلند ہوا میرزا نے پھر اُسی مجلس مین خزینہ دار سے فرمایا کہ جو کچھ مولانا کا اثاث البیت غارت ہوا ہے اُسے جلد ہم پہونچا اور جس قدر ہم نہ پہونچے اُسکی قیمت سرکار سے دلوا دے یہ فرماکر میرے باپ کو اپنی مصاحبت اور ہمراہی کی تکلیف دی اُنھون نے یہ جواب دیا کہ حیات مستعار کا زمانہ آخر ہوا اب وقت سفر آخرت ہے نہ وقت ہمراہی آخر کو جو فرمایا تھا وہی ہوا یعنے دو مہینے کے بعد آنحضرت جوار رحمت حق مین واصل ہوے القصہ قلعہ تلتان کا فتح ہوا اور میرزا شاہ حسین نے شاہ لشکاہ کو گرفتار کرکے ولایت مین بھیجا اور

شیخ شجاع الملک بخاری کو انواع اہانت پہونچائی ہر روز زر خطیر اُس سے لیتے تھے یہانتک کہ اُس نے اسی مقدمہ مین جان دی اور جو ملتان کی ویرانی اس حد کو پہونچی تھی کہ کسی کو گمان نہ تھا کہ یہ پھر آباد ہوگا میرزا نے ملتان کی آبادی سہل جانکر خواجہ شمس الدین کو اُس کی حراست اور انتظام کو چھوڑا اور لنگر خان کو پیش دست کرکے ٹھٹھہ کی طرف مراجعت کی اور لنگر خان نے مردم پراگندہ کو دلاسا کرکے پھر ملتان کو آباد کیا اور لنگر خان نے باتفاق اُن لوگون کے خواجہ شمس الدین کو خواجہ سرا کیطرح شہر سے نکالدیا اور خود از سر نو استقلال ملتان پر قابض اور متصرف ہوا اور جو فردوس مکانی ظہیر الدین محمد بابر شاہ فوت ہوے اور ہمایون بادشاہ سریر سلطنت پر بجاے اُنکے قائم ہوے آنحضرت نے ولایت پنجاب کامران مرزا کو جاگیر دی اور میرزا مذکور نے اپنے ایلچی بھیجکر لنگر خان کو طلب کیا چنانچہ لنگر خان لاہور مین آنکر میرزا کی ملازمت سے شرفیاب ہوا میرزا نے ملتان کے عوض ولایت بایل لنگر خان کو مرحمت فرمائی اور لاہور کے باہر ایک مقام لنگر خان کی سکونت کیواسطے مقرر فرمایا چنانچہ ابتک وہ مقام بدائرہ لنگر خان مشہور رہی اور وہ ایک لاہور کے محال مین شمار ہوتا ہی اور اس وقت سے ملتان پھر شاہان دہلی کے تصرف مین آیا اور میرزا کامران کے بھاگ جانے کے بعد حکومت اُس کی طرف شیر شاہ افغان سورا ور سن بعد ساتھ سلیم شاہ سور اور پھر ساتھ عدلی کے اور پھر جلال الدین محمد اکبر بادشاہ اور اُسکے بعد نور الدین محمد جہانگیر بادشاہ غازی کے منتقل ہوئی جیساکہ اپنے محل مناسب مین ذکر ہر ایک کا مذکور ہوگا



مقالہ دسوان بیان مین اُس جماعت کے جو کشمیر جنت نظیر مین فرمانروا ہوئی

کشمیر ممالک عالم سے ساتھ قسم قسم کے لطائف اور عرائب اوضاع کے مشہور و معروف ہی میر زا حیدر دوغلات کہ اُس کا احوال اُس کے بعد لکھا جاوے گا اُس نے ایک کتاب تصنیف کی ہی جس مین چشمید چکر اس حدود کے نوادر درج کیے ہین مسوداس اوراق کا یعنے ملا محمد قاسم ہندو شاہ کو جو اعتماد اُس کے صحت اقوال پر ہی اس نسخہ شریف مین ثبت کرتا ہی اور کہتا ہی کہ خطہ کشمیر اُس ملک کی سمت کہ مراد جنوب اور مشرق کے مابین سے ہی دکن کی طرف واقع ہی دو طرفہ اُس کے پہاڑ ہین اور اسکی زمین ہموار ہی اور سو کوس کا طول رکھتا ہی کہ مرتب تنتیس فرسخ ہوتا ہی اور عرض اُس کا بعضے مقامون مین بیس کوس اور کتنے مواضع کا دس کوس ہی الغرض تمام اراضی اس کی ساتھ چار قسم کے منقسم ہوتی ہی اول زراعت آبی ہی اور اس زمین مین زعفران بھی خوب ہوتا ہی دوسرے لملی تیسرے باغی چوتھے بہت میدان ہموار جو مذبون کے کنارے واقع ہین اس مین بنفشہ اور نرگس اور سنبل اور سوسن اور نسرین اور نسترن اور زنبق اور دیگر قسم قسم کے پھول پیدا ہوتے ہین اور اُس زمین مین رطوبت کی کثرت سے زراعت خوب نہین ہوتی ہی اس واسطے وہ زمین ویران پڑی ہی اور اُسے ارباب نظر اُس ملک کے بہترین لطائف سے جانتے ہین اور اُس سے محظوظ ہوتے ہین اور کشمیر بخلاف ہندوستان کے بطور ولایت ایران کے چار فصل رکھتا ہی اور اُس کی فصل گرما کی حرارت عین گرما گرمی بیساکھ اور جیٹھ مین ایسا اعتدال رکھتی ہی کہ باد کش بلانے کی حاجت نہین ہوتی اور ہوا وہان کے سرما کی باوجود کثرت برف ایسی معتدل ہی کہ حرارت عزیزی کو صدمہ نہین پہونچا سکتی لیکن کبھی کبھی جب آفتاب عالمتاب ابر وغیرہ سے پوشیدہ ہوتا ہی بشر کی طبیعت کو آتش شراب کی ضرورت پڑتی ہی جیسا کہ کسی شاعر نے فرمایا ہی **بیت** گردون غبار دارد و طبع بشر شوش ست

امروز روز بادۂ وعرگاہ آتش ست ۔ اور اُس کی نسیم عنبر شمیم بہاری سے مضمون ونفخت فیہ من روحی ظاہر اور اُس کے سبزہ سے یخرج الحی من المیت کا ماحصل باہر نہرین جاری اُس کے باغہاے آباد ہین گویا جنات تجری من تحتہا الانہار اور مضمون آیہ کریمہ لم یخلق مثلہا فی البلاد اور مصداق آیۂ بلدۃ طیبۃ ورب غفور دیتی ہین اور گلہاے نشین اُسکے آتش خلیل پر طعنہ مارتے ہین اور پھول کوہی اور صحرائی اُس کے جوباران رحمت الٰہی سے سیراب ہین گلہاے باغی اور بوستانی سے برابری کرکے خودروی کی سرزنش سے انکار اور پرہیز کرتے ہین اور یہ جواب دیتے ہین بیت درین چمن چہ زنی طعنہ ام غود رودئی ۔ چنانکہ پرورشم می دہند میرویم ۔ اور پھول گلستانی اگرچہ ان خودرو جنگلیون کی گفتگو سے پیچتاب ہین ہین لیکن کمال شگفتہ روئی سے اہل دل کو یہ مصرع سناتے ہین مصرع خودرستہ دگر باشد وبربستہ دگر ۔ اور چوٹیان پہاڑ کشمیر کی سرسبزی سے سرفلک الافلاک پر کھینچے ہوئے ہین اور دامن پہاڑون کے پانون نزہت کا دامن لطافت مین ڈالے ہوے ہین اور نہرون اور چشمون کے پانی کی پاکیزگی کیا بیان کرون اور کیا لکھون جو کہ کوہستان بلند اور سخت سے گرتا ہی غلغلہ انداز عالم ہی اور جوانہار جاریہ ہین روان ہی وہ یاد دہان شیرین اور نفس روان سے دیتا ہی بیت آبش چوگلاب ہر طرف گشتہ روان ۔ خاکش زر زمین جنت آوردہ نشان ۔ عمارات عالیشان اُس ملک کی چوب ساکھو اور پورے ساختہ ہی اکثر ان مین پنج محلی ہین کہ ہر محل مین جلوخانے اور حجرے اور منظر اور مخارجات مطبوع اور پسندیدہ سے آراستہ اور پیراستہ ہین اور باہر سے اُن کی صنعت اور بدایع کی نمائش اس درجہ ہی کہ جو شخص اُسے نظر غور سے دیکھے انگشت حیرت دندان تعجب مین پکڑے اور محل کے مداخل مین تعریف کے قابل نہین ہی فرش شہر اور بازارون اور کوچون اور قصبات کا سنگ تراشیدہ سے ہی لیکن بازار اس قطع سے واقع نہین ہوے سواے بزاز صراف کے اور لوگ دوکانون مین نہین بیٹھتے بلکہ بقال اور عطار اور نان بائی اور میوہ فروش جو باعث زیب وزینت بازار ہین اور اہل حرفہ اپنے مکانات کے گوشہ مین کام کرتے ہین لیکن اوقات مین کہ امراے چغتائی کا نشیمن ہوا سنا جاتا ہی کہ قسم قسم کے اُستاد اور کاریگر دوکانون مین بیٹھتے ہین اور موسم سابق نے تغیر پایا اور کشمیر مین تفریح طلب کے پھلون سے شہتوت اور آلو بالو اور کیلا اور انگور اور عناب اور انار اور سیب اور بہی اور شفتالو اور فندق اور اخروٹ اور انجیر بلکہ ہر قسم کے میوے عمدہ اور افراط سے ہوتے ہین اور شہتوت کے علاوہ بہت سے توت عمدہ ہوتے ہین لیکن اُس ملک مین ان کو کوئی نہین کھاتا بلکہ توت کے درخت محض ریشم کے کیڑے کی پرورش اور تحصیل ریشم کے واسطے نگاہ رکھتے ہین اور میوہ جات کی کثرت اس قدر ہی کہ اپنے موسم مین ان کی فروخت نہین ہی بلکہ لوگ مفت لے جاتے ہین اور باغات مین چار دیواری نہین جس کا جی چاہتا ہی باغ مین جاکر میوہ کھاتا ہی ممانعت کا اُس ملک مین دستور نہین ہی اور جب تک وہ مملکت دہلی اور لاہور کے بادشاہون کے تصرف مین نہ آئی تھی آمد و شد اُس

حدود کی جیسا کہ چاہیے عمل درآمد اور معمولی نہ تھی اور رجب ۹۹۵ھ نوسو پچانوے ہجری مین کشمیر جلال الدین محمد اکبر بادشاہ کے قبضہ مین آیا شاعران صاحب طبع نے اسطرف جاکر اُس مملکت کی تعریف مین اشعار غرا موزون کیے ہین چنانچہ یہ اشعار فیضی سے ہین **ابیات**

هزار قافلۂ شوق مے کند شبگیر — که بارعیش کشاید بہ عرصۂ کشمیر — تبارک اللہ ازان عرصۂ کہ دیدان را
ورق نگار خیال ست و نقشبند ضمیر — ہوائے او ممنوع چو فکرت نقاش — زمین او مثلون چو صفحۂ تصویر
بطرزہاے گزین کارخانۂ ابداع — بہ نقشہاے عجب کارنامۂ تقدیر — غبارہ او بتوان خواند چشم را دارو
گیاہ او بتوان گفت روح را اکسیر — تمین موافقت آب او چو باده و گل — بجان مناسبت آب او چو شکر و شیر
بہ پیش فیض نسیمش دم مسیح سموم — بہ نزد آب زلالش زلال خضر غدیر — فصول او متشابہ زاعتدال ہوا
ہم یکے دے وارد بہشت ہمین تیر — دروی ہاے علف زعفران ہمے روید — کہ آب و خاک و را این چنین بود تاثیر
ہر طرف روے از بحر فیض مالامال — ہزار چشمۂ جوشندہ چون دل تحریر — زاعتدال ہوایش شگفت نیست شگفت
کہ سر زند ہمہ عناب از نہال زریہ — بحیرتم کہ چہ آثار قدرت ازلی ست — کہ ہر نظارہ نیارد نظر بصنع قدیر
شراب خوردہ حریفان بجاے آب درو — کہ تشنگان ہوس را ہمین بود تدبیر — خراب آن مہ بینش شوم کہ ہست چو عشق
بعقل در تگ و تاز و بہ صبر در زور و گیر — بقیہ زر محمول آمدت بہ نظر — اگر از و سنگے نظرۂ بہ چشمۂ نیر
کند مشاہدہ نصف النہار جرم مہا — شعاع گوہر او گر فتد بہ پشت ضریر — اگر دماغ لطافت شود گلاب طلب
کنند از تف این بادہ برگ گل تقطیر — نسیم سیب دہد مغز روح را نزہت — نسیم بہ نگذد مغز ذوق در تعطیر

بہ عجز معترفم در ستایش او گل — کہ ہست بر قد معنے لباس عذر قصیر

محلوک

اور مولانا عرفی شیرازی رحمۃ اللہ علیہ نے بھی قصیدہ غرا کشمیر کی تعریف مین کہا ہے چنانچہ یہ دو بیت اُسی کے اشعار مین سے ہین **ابیات**

ہر سوختہ جانے کہ بہ کشمیر در آید — گر مرغ کباب ست کہ بابال بر آید — ہنگام کہ از فیضش چہ بود گو نبر کیتا
جائیکہ خزف در ردد آنجا گہر آید

اور ایک شخص نے خطۂ کشمیر کی تعریف مین ہجو ملیح کی ہے **رباعی**

کسانیکہ آفاق گردیدہ اند — بسے سال دمہ در سفر بودہ اند
بہ تعریف کشمیر و کشمیریان — بہشتی پر از دوزخے دیدہ اند

کشمیر مین عجائبات بہت ہین آزانجملہ اُس نواح مین تجاے تخمیناً ڈیڑھ سو بلکہ اس سے بھی زیادہ ہین اور سب سنگین ہین یعنے سنگ کو تراش کر بے گچ اور جوڑ اس طور سے پتھر کی سلین ہموار رکھی ہین کہ اُس مین درز کاغذ کے برابر نہین ہے گویا اکڈال ہین طول ہر سنگ کا تین گز سے آٹھ گز تک ہے اور عرض ایک گز سے پانچ گز تک غرضکہ عقل ابتداے نظر مین اُس پتھر کے لانے اور کارفرمائی مین انکار اور امتناع کرتی ہے یعنے سراسری دیکھنے مین ایسا معلوم ہوتا ہے کہ وہ دیوارین اکڈال ہین یہ کام انسان کا نہین دیووں نے بنایا ہے اور اکثر کام اس کا ایک انداز پر ہے احاطہ ہر ضلع مربع کا تین سو گز ہے اور یعنے

مقاموں کی دیوار کا ارتفاع تیس گز اور کسی جگہ کم ہی اور احاطہ کے اندر بھی عمارات سنگین تعمیر ہین اور پتھر کے ستونون پر قائم ہین اور عرض محرابون کا تین گز اور چار گز سے کم نہین اور بعضے مقاموں مین منبت اور نگارکاری اور صور بین منقش ہین اور بعضی تصویر بنی ہی اور بعضی روتی ہی جو شخص انھین دیکھتا ہی حیران اور متعجب ہوتا ہی اور درمیان اُس کے ایک کرسی بلند سنگ تراشیدہ سے ہی اور اُس پر ایک گنبد رفیع تعمیر ہی اور اُس عمارات کا استعداد شرح وبیان طول ہی کہ خامۂ دوزبان اسکی تحریر سے عاجز ہی کہ ایسی عمارت تمام عالم مین نہ ہوگی اور علاوہ اس کے کشمیر کی طرف بریک نام ایک ولایت ہی اور اُس مقام مین ایک پشتہ یعنے ٹیکرا ہی اور اُس پشتہ کے متصل ایک نشیب مثل حوض یا تالاب کے ہی اور اُس مین ایک سوراخ ہی وہ تمام سال خشک رہتا ہی جب آفتاب عالمتاب برج ثور مین داخل ہوتا ہی اُس سے پانی ایک دن مین دو مرتبہ جوش کرکے ابلتا ہی یہانتک کہ وہ حوض پانی سے لبریز ہوکر دو تین پنچکیان چلنے لگتی ہین اس کے بعد پھر وہ پانی ساکن ہوتا ہی یعنے سوائے اُس سوراخ کے اور مقام مین پانی نہین رہتا جب فصل ثور منقضی ہوتی ہی پھر وہ حوض اور سوراخ سال بھر خشک رہتا ہی اور اگر اس سوراخ کو گچ یا چونے سے محکم مسدود بھی کرین اُس فصل مین پانی زور کرکے اسے نکالڈالتا ہی اور ماورااُسکے ایک درخت بید کا موضع ناکام مین ہی اور وہ موضع مواضع مشہور کشمیر سے ہی اور وہ درخت اس قدر رفیع اور بلند ہی کہ اکثر تیرانداز تیر پھینکتے ہین مگر اُس پر نہین پہونچتا ہی باوجود اسکے اگر کوئی شخص اُسکے ایک شاخچۂ باریک کو جنبش دیوے وہ درخت باوجود اس عظمت کے تمام ہلتا ہی دوسرے دیوسرہ کہ ایک ولایت معتبرۂ کشمیر سے ہی اُس مقام مین ایک چشمہ ہی بمقدار حوض بیس گز سے بیس گز تک اور اطراف مین اس کے درخت سایہ دار اور مطبوع اور سبزہ نہایت لطافت اور طراوت کے ساتھ ہی اور اُس کا خاصہ یہ ہی کہ اگر ایک کوزہ مین برنج پکا کر اس کا منھ بند کرین اور نام اُس پکانیوالے کا لکھکر اُس چشمہ مین ڈالین وہ کوزہ ڈوب جاتا ہی کبھی پانچسال اور کبھی پانچ ماہ اور کبھی پانچ روز غرقاب رہتا ہی اور کبھی ایک روز کے بعد برآمد ہوتا ہی کچھ وقت اُس کا معین نہین جب برآمد ہوے اگر وہ برنج بخیۂ اپنی حالت اصلی پر رہین تو وہان کے باشندے فال نیک لیتے ہین اور جو متغیر ہو کر نکلین فال بد سمجھتے ہین اور اُس کے سوا شہر کشمیر مین ایک تالاب ہی کہ جس کا نام ڈل اور دور اُس کا سات فرسخ ہی چنانچہ اس کے درمیان مین سلطان زین العابدین نے جو سلاطین کشمیر سے تھا اس نے ایک عمارت تعمیر کی اول اس نے اس مقام کو پتھرون سے پاٹ کر اُس کے اوپر ایک چبوترہ مربع کہ دوسو گز سے دوسو گز تک ہی بارتفاع دس گز سنگ اور چونہ سے احداث کرکے اُس چبوترہ مربع پر عمارت لطیف اور پسندیدہ انجام کو پہونچائی ہی اور درخت نہایت عمدہ اور پاکیزہ لگائے ہین اور حق یہ ہی کہ اس لطافت اور نزاہت کے ساتھ کوئی اور مقام نہ ہوگا اور علاوہ اُسکے شاہ موصوف نے ایک عمارت اور شہر سری مین تعمیر کی ہی کہ اسے کشمیری زبان مین راجدان کہتے ہین اُس مین بارہ قصر ہین اور بعضے آشیانے مین اُس کے پچاس حجرے اور ایوان اور منظر ہین اور وہ عمارت ساتھ اس رفعت اور بلندی کے تمام چوبی ہی اور دوسرے کوشکہاے عالی جو تمام عالم مین ہین جیسے سلطان یعقوب کی ہشت بہشت تبریز مین اور کوشک باغ زاغان اور باغ سفید اور باغ سنہری ہرات مین اور کوشک راے افزا اور

باغ دلکشا اور باغ تولدی سمرقند مین اُن سب سے یہ عالی تر اور پُرغرائب ہی لیکن انصاف یہ ہی کہ وہ قصر جیسے لطافت اور صفائی رکھتے ہین یہ نہین رکھتا اور مختصر جو کچھ ظفرنامہ مین لکھا ہی یہ ہی کہ کشمیر مشاہیر معمورہ عالم سے ہی اور موضع غریب مین واقع ہوا اور وہ ولایت اقلیم چہارم کے وسط مین ہی کس واسطے کہ چہارم کے اول مین وہ اقلیم ہی کہ عرض اُس کا تینتیس ۳۳ درجہ اور چون ۵۴ دقیقہ ہی اور عرض کشمیر کا خط استوا سے پینتیس درجہ ہی اور طول اُس کا جزائر سعد سے ایک سو پچاس درجہ ہوتا ہی اور میدان اس ولایت کا طولانی واقع ہوا ہی اُس کی زمین کوہ جنوبی دہلی کی سمت اور زمین کوہ شمالی بدخشان اور خراسان کی طرف اور اُسکے غرب کی جانب ایک موضع ہی کہ اُس مین افغان کے اقوام سکونت پذیر ہی اور طرف شرقی اسکی منتہی ہوتی ہی ساتھ آراضی تبت کے اور طول اُس میدان کا کہ ہموار واقع ہوا حد شرقی سے حد غربی تک قریب چالیس فرسخ ہی اور عرض اُسکا جنوب کی طرف سے حد شمالی تک بیس فرسخ اور اُس کے درمیان مین دشت ہموار جو درمیان پہاڑون کے واقع ہوا اُس مین ہزار قریہ آباد ہین اور چشمہاے خوشگوار اور سبزہاے لطافت آثار سے مملو ہین اور اس ملک کی آب و ہوا کی جودت کشمیر کے معشوقون کی حسن صورت اور لطف شمائل کی گواہ ہی کہ شاعران فارس کی زبان پر نقل ہوئی جیسا کہ کہا ہی رباعی

شاہ بمہ دلبران کشمیر توئی	خرم دل آن شاہ کہ کشمیر توئی
آن حور کہ روح را بسر دکش گویند	کاندر کف پاے نازکش میر توئی

اور اُس کے کوہ و دشت مین قسم قسم کے درخت میوہ دار ہین اور پھل اُن کے نہایت لذیذ اور خوشگوار ہین لیکن ہوا اُسکی ساتھ سردی کے میل رکھتی ہی اور برف عظیم برستی ہی اسلیے تیجے گرم مثل خرما اور نارنج اور لیمو اور مثل اُسکے اُس نواح اور قصبات مین اُس شہر کے حاصل نہین ہوتے ہین لیکن نزدیک کے مواضع گرم سے وہ میوے نقل کرتے ہین اور سری نگر نام ایک شہر ہی کہ اُس خاک کے حکام وہان سکونت رکھتے ہین اور بطرف بغداد ایک نہر عظیم الشان کہ اُسکو بہٹ کہتے ہین شہر کے درمیان جاری ہی پانی اُسکا دجلہ بغداد سے زیادہ ہی اور عجب یہ ہی کہ ویسا آب قوی فقط ایک چشمہ سے نکلتا ہی اور چشمہ بھی اُسکا اسی ولایت مین ہی اور اُسکو چشمہ ویر کہتے ہین اور وہان کے اہالی نے اُسکے سرے پر ہزار دن کشتیان زنجیر سے باندھین ہین اور وہ پانی بعد اسکے کہ حد کشمیر سے گذرتا ہی اُسکو مواضع آب وندانہ اور آب جلہ کہتے ہین اور ملتان کے اوپر گذرتا ہی اور متصل ہوتا ہی ساتھ چناب کے اور بعد اسکے نہر سیاہ مین پہونچتا ہی اور مجموع ہوکر اوچہ کے قریب ساتھ آب سند کے ملتا ہی پھر سب کو آب سند کہتے ہین اور زمین تتہ کے دامن مین جاکر دریاے عمان مین گرتا ہی اور دقایق حکمت سے معمار صنع والقینا فیہا رواسی وانبتنا فیہا من کل زوج بہیج نے ایک دیوار دیواراہاے جبال سے اس میدان شدید المحال کے گرد ایسی کھینچی ہی کہ اہالی اُس سر زمین کے اسکے سبب دشمنونکے تعرض سے محفوظ اور مصئون ہین اور بیک اندیشہ اُس دیوار کے گذرنے سے قاصر ہی اور شارع عام اُس ولایت کی تین طرف ہی ایک خراسان کی سمت کہ وہ راہ نہایت دشوار گذار ہی مسافر احمال و اثقال پشت دواب پر لاد کر اُس راستہ سے نہین جاسکتا اور وہانکے آدمی جو اس کام کے ذمہ دار ہین وہ اپنے دوش پر اٹھاکر چند روز مین ایسے مقام مین پہونچاتے ہین کہ پھر چوپایہ پر لاد سکین اور ایک راستہ ہندوستان کی سمت ہی

وہ بھی اسی طور پر ہی جیسا کہ بیان ہوا اور راستہ جو تبت کیطرف واقع ہوا اُن دو راہون سے بہت آسان ہی لیکن اس مین یہ مصیبت کا سامنا ہی کہ چند منزل اُس چادر کے سوا جو خاصیت زہری رکھتا ہی اور دواب یعنے چارپایہ اُس کے کھانے سے مرجاتے ہین اور پید انہین ہوتا ہی سوارون کو چارپایون کے خوف تلف سے اس راستہ سے عبور دشوار ہی علاوہ اُسکے میرزا حیدر نے کتاب رشیدی مین لکھا ہی کہ کشمیر کے آدمی تمام حنفی مذہب ہوتے آئے ہین اور فتح شاہ کے زمانہ مین ایک مرد شمس الدین نام تھا اُس نے غرق سے آکر اپنے تئین ساتھ میر محمد نوربخش کے منسوب کرکے مذہب غیر معروف جاری کیا اور نام اُس مذہب کا نوربخش رکھا اور قسم قسم کے کفر اور زندقہ آشکارا کرکے فقہ کی ایک کتاب احوط نام ان لوگون کی جو انسانیت سے خالی اور حمق سے بھرے تھے مطالعہ کروائی کہ عقاید اُسکے ساتھ کسی مذہب اہل سنت جماعت یا شیعہ سے موافق نہین ہین اور جو لوگ کہ یہ مذہب رکھتے ہین اصحاب ثلثہ رضہ اور عایشہ رضہ کی مذمت کو جو شعار رافضیون کا ہی اپنے اوپر لازم کیا ہی اور عقیدہ شیعہ کے خلاف اُن کا عمل ہی یعنے محمد نوربخش کو صاحب الزمان اور مہدی موعود جانتے ہین اور تمام اکابر اور اولیا کے معتقد ہین برخلاف شیعہ کے اور سب کو سنی مذہب جانتے ہین اور جمیع عبادات اور معاملات مین اُن قبیل سے تصرفات کرکے تفرقہ عظیم ڈالا تھا اور اپنے مذہب کا نوربخشی نام رکھا اور مسود اس اوراق نے ایک جماعت کو مشائخین نوربخشی سے بدخشان وغیرہ مین دیکھا ہی بلکہ درس علوم مین بندہ کے ساتھ شریک تھے اور سب شریعت ظاہری مین آراستہ اور سنن نبوی مین پیراستہ ہین وبالتمام ساتھ اہل سنت وجماعت کے موافق اور متفق ہین چنانچہ ایک فرزند امیر سید محمد نوربخش نے نوربخش کا ایک رسالہ مجھے دکھلایا اُس مین اچھی باتین لکھی تھین اور مضمون مندرج تھا کہ سلاطین اور امرا اور جاہل گمان لیجاتے ہین کہ سلطنت صوری ساتھ طہارت اور تقوی کے جمع نہین ہوتی ہی یہ غلط محض ہی کسواسطے کہ اعظم انبیا اور رسل نے باوجود نبوت اس امر مین مساعی جمیلہ پیش پہونچائے جیسے یوسف اور سلیمان اور داؤد اور موسی اور حضرت رسالت پناہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم مقصود یہ ہی کہ یہ برخلاف مذہب نوربخشید کشمیر ہی اور بواقفت بعضے اہل سنت وجماعت اور کتاب فقہ احوط کو کہ اس وقت مین شہر کشمیر مین مشہور تھی بینے علماے ہندوستان کے پاس بھیجی اور اُن بزرگوارون نے اُس کتاب کی پشت پر فتوی لکھا ہی وہ یہ ہی

فتوے علماے ہندوستان کا کتاب احوط نوربخشیہ پر

اللھم ارنا الحق حقا وارنا الباطل باطلا وارنا الاشیا کما ھی بعد مطالعہ اس کتاب اور غور بہت کے اُسکے مسائل سے معلوم ہوا کہ مصنف اس کتاب کا مذہب باطل رکھتا تھا اور سنت مشہورہ سے پرہیز کرکے اہل سنت وجماعت کا مقید نہ تھا اور اسکا یہ دعوی کہ ان اللہ زوی لی ان ارفع الاختلاف من بین ھذہ الامۃ اولا فی الفروع سنن الشریعۃ المحمدیۃ کما کانت فی زمانہ من غیر زیادۃ ونقصان وثانیا فی الاصول من بین الامم وکافۃ اہل العالم بالیقین تو وہ اس دعوے مین کاذب تھا اور مذہب زندقہ اور سفسطہ کی طرف مائل ہوا اس مسند کی کتاب کا محو کرنا اور مٹانا عالم سے اور اُن لوگون کے کہ قادر ہوون واجبات اور فریضات سے ہی اور دفعہ

کرنا اس مذہب کا ضروریات دین سے ہی اور زجر اور ممانعت اس دین کے عمل کرنیوالون اور اس مذہب اور اس کتاب کے معتقدون کا ان پر فرض ہوا اور جو مقر ہووین اور اس مذہب سے نہ پھرین دفع کرنا شرارن لوگون کا مسلمانون سے بسیاست اور قتل واجب ہی اور اگر تائب ہووین اور اس مذہب کو ترک کرین حکم فرماوین کہ متابعت حضرت ابی حنیفہؒ کے مذہب کی کرین جنکی شان مین حضرت رسالت پناہی نے سراج امتی فرمایا ہی قبول فرماوین جب یہ نوشتہ مجھے پہونچا بہت سے مردم کشمیر کو کہ ساتھ مذہب ارتداد کے میل تمام رکھتے تھے مینے انھین طوعاً اور کرہاً مذہب حق مین داخل کیا اور بہتون کو تیغ سیاست سے قتل کیا اور ایک جماعت نے بھاگ کر تصوف کے پردہ مین پناہ لی اور چمڑے کا قسمہ اور گاڑھے کا لنگوٹ باندھکر عارف بنے اپنا نام صوفی رکھا لیکن صوفی صافی نہین بلکہ چند زندیق مع چند ملحد ہین کہ گمراہ کرنے والے آدمیون کے ہین حلال اور حرام سے مطلقاً خبر نہین رکھتے ہین اور تقوی اور طہارت شب بیداری اور کم خوری کو جانتے ہین اور طمع اور حرص کے ایسے پابند ہین کہ جو چیز پاوین کھاوین اور بھوکے رہین اور بدولت کی دولت اگر ہاتھ آوے اسکے لینے مین مضایقہ نہ کرین اور درویش ہین اور ہمیشہ اپنے خواب بیان کرکے بہکاتے اور اظہار کرامات کرتے اور کہتے ہین کہ اس سال یہ ہوگا اور اس سال وہ ہوگا اور خبر ہین غیب آیندہ اور گذشتہ کی ہر دم سناتے ہین اور آپس مین ایک دوسرے کو سجدہ کرتے ہین اور باوصف اس رسوائی کے چلہ بیٹھتے ہین اور اہل علوم کے علم کو نہایت مذموم اور مکروہ رکھتے ہین اور بے شریعت کے راستہ طریقت کا چلتے ہین اور کہتے ہین اہل طریقت کو ساتھ شریعت کے کچھ کام نہین ہی غرض کہ ایسے ملاحدہ اور زندیق اور مقام مین دیکھنے مین نہین آئے عیاذاً باللہ وعاذ اللہ حق سبحانہ تعالی جمیع اہل اسلام کو اس قسم کے آفات اور بلیات سے اپنی پناہ عصمت مین محفوظ اور مصئون رکھے بہ طفیل محمد اور آل امجاد آنحضرت کے آمین ثم آمین اور جب ان لوگونکے کشمیر مین فرقہ کفار آفتاب پرست کا تھا کہ انھین شماسین کہتے تھے اور مذہب اُن کا یہ تھا کہ آفتاب کا نورانی وجود ہمارے صفائی عقیدہ کے واسطے ہی اور ہمارا وجود اسکی نورانیت کے واسطے اگر ہم اپنی صفائی عقیدہ کو مکدر کرین آفتاب کا وجود نہ رہے اور اگر آفتاب اپنا فیض ہمسے اٹھالے ہمارا وجود بھی معدوم اور مفقود ہوجاوے ہم ساتھ اسکے موجود ہین یعنے بے ہمارے اُس کے تعین وجود نہین ہی اور بے اسکے ہمارے تعین وجود نہین جو کہ احوال ہمارا اُسپر ظاہر ہی پس ہمین لائق ہی کہ جبتک وہ رہے یعنے دن کو ہم صلاح وخوبی کے سوا دوسرا کام نہ کرین اور جب شب ہووے اور وہ ہمین نہ دیکھے اور ہمارے حال پر واقف نہووے جو کرین ساتھ اس کے مواخذہ نہ ہوگا اور فرقہ شماسین نے بوجب الالقاب تنزل من السماء شماس الدین لقب رکھا ہی مردم کشمیر نے اس کو غلط کرکے تخفیف دی ہی یعنے شمس الدین سے مخفف کیا ہی ایسا کچھ میرزا حیدر نے تاریخ رشیدی مین لکھا ہی لیکن اس وقت مولف محمد قاسم فرشتہ نے متردوین یعنے اُس ملک کے آنے جانے والون سے کہ علم وفضل مین آراستہ تھے مذہب کشمیر کا احوال استفسار کیا وہ بولے کہ رعایا اس ملک کی تمام حنفی مذہب ہی اور سپاہ اُس ملک کی اکثر شیعہ اور علماء وہان کے مذہب شیعہ بہت کم رکھتے ہین اور بادشاہان تبت کہ پیچ کے کہ کشمیر کا ہمسایہ ہی وہ سپاہ بیان کشمیر کی آمیزش اور صحبت کے سبب ایسا تشیع یعنے شیعہ گری مین غلو رکھتے ہین کہ یہ حکم دیا کہ اگر بیگانہ اُس شہر مین وارد ہووے اور اصحاب کو بُرا بھلا نہ کہے تو

اُسے شہر مین اُترنے نہ دیتے تھے اور طائفہ چکان یہ تقریر اور دعوے کرتے ہین کہ میر شمس الدین عراقی شیعہ مذہب رکھتا تھا ملاحدہ اور سلاطین اس زمانہ کے اُس کے معتقد ہوے اور سب نے خطبہ اثنا عشر اُس کے حکم سے پڑھا اور کتاب احوطہ میر شمس الدین عراقی کی نہین ہے بلکہ ایک ملاحدہ گمراہ کی تصانیف سے ہے واللہ اعلم بالصواب ٭

ذکر سلطان شمس الدین کی سلطنت کا

چونکہ التزام تھا کہ اس کتاب مین وقایع حکام کفرہ مشروحًا بیان نہون کیونکر وہ شمار سے باہر ہین لہذا سلاطین اسلام کا تذکرہ کرتا ہون جو کشمیر مین فرمانروا رہے واضح ہو کہ اسلام اُس حدود مین قریب العہد ہے اُس ملک کے حکام قدیم سب ہنود تھے اور اکثر دین براہمہ رکھتے تھے ۷۱۵ھ سات سو پندرہ ہجری تک عملداری راجہ سیہ دیو کی تھی شاہ میرزا نامے ایک شخص نے لباس قلندری کشمیر مین آن کر راجہ کا نوکر ہوا وہ اپنا نسب یون بیان کرتا تھا کہ شاہ میرزا بن طاہر بن آل بن گرشاسپ بن نیکو در و نسبت نیکو در کی ساتھ ارجن کے کہ ایک پانڈون سے ہے یہ تھین مذکور ہے غرضکہ شاہ میرزا ایک مدت تک راجہ کی خدمت مین حاضر رہا اور اعتبار پیدا کیا جب راجہ سیہ دیو فوت ہوا اُسکا بیٹا راجہ رنجن مسند حکومت پر بیٹھا اور شاہ میرزا کو خلعت وزارت دیکر مدار المہام کیا اور اتالیقی اپنے فرزند کی جس کا نام چندر تھا سپرد کی اور راجہ رنجن کے بعد فوت راجہ اودن جو راجہ کا قرابتی تھا قندھار سے آن کر تخت حکومت پر متمکن ہوا اُسنے بھی شاہ میرزا کو اپنا وکیل مطلق کیا اور شاہ میرزا کے دو بیٹے تھے ایک کا نام جمشید اور دوسرے کا علی شیر تھا راجہ نے اُن کو معتبر کر کے صاحب اختیار کیا اور شاہ میرزا اُنکے سوا اور بھی دو فرزند رکھتا تھا ایک شیر شامک دوسرا ہندال اور یہ سب صاحب داعیہ تھے اور جب غلبہ و استقلال ان کا حد سے گذرا راجہ اودن اُنسے متوہم ہوا اور اپنے مکان کے آنے سے منع کیا اور شاہ میرزا اور اُسکے تمام فرزند کشمیر کے پرگنات پر متصرف ہوئے اور راجہ کے اکثر ملازمون کو موافق کر لیا اور روز بروز وہ غالب اور راجہ مغلوب ہوتا جاتا تھا غرضکہ ۷۴۷ھ سات سو سینتالیس ہجری مین راجہ اودن دیو بھی مر گیا اور اُسکی رانی کوتاہ دیوی اُسکے قائم مقام ہوئی اور اُسنے چاہا کہ مین استقلال سے حکومت کرون اور شاہ میرزا کی دفع کی فکر مین ہوئی اور اُسے یہ پیغام بھیجا کہ تو چندر دیو فرزند راجہ رنجن دیو کا مدت تک اتالیق رہا ہے اُسے تخت پر بٹھا کر مہمات شاہی کو انجام دے شاہ میرزا نے اصل مقصد سمجھکر اس امر کو قبول نہ کیا اور رانی بہت لشکر لیکر اُسکے مقابلہ کو گئی مصرع صید را چون اجل آید سوی صیاد رود ٭ اور بعد جنگ کے گرفتار ہوئی اور بعد اس کے شاہ میرزا کو از روے ناچاری اپنی شوہری مین قبول کیا اور شرف اسلام سے بھی مشرف ہوئی چنانچہ دونون ایک شبانہ روز باہم رہے دوسرے روز شاہ میرزا نے اُسے گرفتار کر کے قید کیا اور زمام شاہی بلند کر کے اُس ملک کا سکہ اور خطبہ اپنے نام جاری کیا اور اپنا لقب شمس الدین

رکھکر مذہب حنفی کو بلاد کشمیر مین رواج دیا اور ظلم و بدعت کی رسمین جو حکام سابق سے باقی رہی تھین سب کو برطرف کیا اور عدل کے شرسے مطمئن ہوکر تمام ولایت کشمیر جو دیجونامے کے قتل و غارت سے ویران اور خراب ہوئی تھی عدل و احسان کی برکت سے آباد کی اور عاملون اور تحصیلدارون کے نام فرمان صادر کیے کہ چھٹے حصہ سے زیادہ محصول رعایا سے نہ لیوین اور کہتے ہین کہ دیجو قندھار کا میر بخشی تھا جبکہ اُسنے مع جمعیت تمام کشمیر پر فوج کشی کی اور تمام اُس ولایت کو تاخت و باخت پیش آکر زیر و زبر کیا اور رام دیو نے اُس کے پنجہ ظلم سے فرار اور نجات نہ دیکھی ناچار رعایا سے زر خطیر چندہ لیکر دیجو کیواسطے پیشکش بھیجا جب اُس سے بھی فائدہ عاید نہوا سیہ دیو رعیت کو اُسکے پنجہ عذاب اور چنگ عقوبت مین ڈالکر آپ کسی طرف نکلگیا اور دیجو نے اُس ولایت مین کوئی دقیقہ ظلم و تعدی کا فروگذاشت نہ کیا پھر آخر کو جب موسم سرما آیا سردی کی کثرت سے اُس مقام مین مقیم نہوا قندھار کی طرف بازگشت کی القصہ جب شاہ شمس الدین کی شجاعت اور نیکنامی کا آوازہ اطراف و اکناف مین مشہور ہوا اور از روے استقلال امور ملکی مین مشغول ہوا ایک جماعت کو طائفہ بون سے کہ مخالفت کی تھی کشتوار سے گرفتار کرکے قتل کیا اور مردم کشمیر سے دو گروہ کو سرافراز کیا ایک طبقہ جک اور دوسرے باکری کو اور یہ قرار پایا کہ امرا اور سپاہی اُس ملک کے اکثر دونون فرقون سے ہوین اور بعد انجام مہات جب لشکر ضعف و پیری اسپر تاخت لایا امور شہریاری اپنے بیٹون جمشید اور علی شیر کے قبضۂ اختیار مین چھوڑا اور شاہ شمس الدین بفراغت تمام اپنے معبود کی عبادت مین مشغول ہوا اور اُسی عرصہ مین فوت ہوا مدت اُس کی شاہی کی تین برس تھی

ذکر شاہ جمشید بن شاہ شمس الدین کی سلطنت کا

واضح ہو کہ شاہ شمس الدین کے بعد انتقال اُس کا بڑا بیٹا جمشید شاہ اعیان دولت کے اتفاق سے سریر سلطنت پر بجاے پدر قائم ہوا اور اُس کا بھائی علی شیر جو اپنے باپ کی قید حیات مین ساتھ اس کے شریک مصلحت تھا اور رعایا و ہوا یا اُسکی سلطنت کی خواہان تھی اُس وقت مین سب اُس کے شریک ہوئی اور مدنی پور مین کہ ایک شہر مشہور و معروف ہے لے جاکر اُسے بادشاہ بنایا جمشید شاہ اُس پر فوج کش ہوا پہلے ساتھ نرمی اور مدارا کے پیش آکر طالب صلح ہوا علی شیر نے مصالحہ سے سر پھیرا اور باستعجال تمام استقبال کرکے اُس کے لشکر پر شبخون لایا اور شکست دی اور سلطان جمشید بعد فرار مدنی پور کو خالی دیکھکر اُس کی خرابی مین مشغول ہوا علی شیر کی سپاہ جو اُس کی محافظت اور حراست کے واسطے تعینات تھی جنگ پر آمادہ ہوئی اور اُن مین کے اکثر کام آئے یہ خبر سنکر علی شیر مدنی پور کی سمت روانہ ہوا اور جب اُس حدود مین پہونچا جمشید شاہ تاب مقاومت نلاکر ولایت کراج کی طرف بھاگ گیا اور سراج نام وزیر جمشید کا جو سری نگر کے تحتگاہ کی محافظت کا ذمہ دار تھا اُس نے علی شیر کو طلب کرکے سری نگر اُس کے سپرد کیا اور جمشید نے بعد اس واقعہ کے جنگ و خصومت

پر کمر نہ باندھی بادشاہی سے دست کش ہوا اسی عرصہ مین ودیعت حیات قابض الارواح کے سپرد کی مدت اُس کی حکومت کی ایک سال اور دو ماہ تھی۔

تذکرہ سلطان علاء الدین کی سلطنت کا

سلطان جمشید جب اس جہان فانی سے عالم باقی کی طرف سفری ہوا اور اُس کا چھوٹا بھائی جس کا نام علی شیر تھا اپنا خطاب سلطان علاء الدین رکھکر تخت سلطنت پر جلوہ گر ہوا تو اپنے چھوٹے بھائی سمسے شیر اشاک کو وکیل مطلق کیا اور اُس کے ابتداے عہد مین تمام چیز کی فراوانی ہوئی اور اواخر مین قحط عظیم پڑا خلق بہت ہلاک ہوئی اور وہ فرقہ کہ مخالفت کرکے کشتوار کی سمت گیا تھا اُسے کسی حیلہ اور بہانہ سے دستیاب کرکے کشمیر مین قید کیا اور نشان غلبہ کا بلند کیا اور بخشی پور کے پاس ایک شہر اپنے نام کا بنا کیا اور اُس کے احکام موجودہ سے ایک حکم یہ ہے کہ بدکار عورت مال شوہر سے ارث نہ پاتی تھی اور اس حکم کے سبب بہت عورتون نے فعل قبیح سے اجتناب کرکے دامن عفت اور پرہیزگاری سے قدم باہر نہ رکھا مدت اسکی سلطنت کی بارہ برس اور آٹھ ماہ اور تیرہ روز تھے

ذکر شاہ شہاب الدین کی سلطنت کا

جب سلطان علاء الدین نے فرش زندگانی لپیٹا اُسکا چھوٹا بھائی سمسے شیر اشاک سریر سلطنت پر متمکن ہوا اور خطاب اپنا سلطان شہاب الدین رکھا یہ شخص صاحب داعیہ اور نہایت شجاع تھا اور اخلاق پسندیدہ اور اوصاف ستودہ سے بھی متصف تھا اور جس روز فتح نامہ کسی مقام سے نہ آتا تھا اُس دن کو ایام عمر مین محسوب نہ کرتا تھا اور کدورت کے آثار اُس کے بشرہ سے ظاہر ہوتے تھے اور جدید مفتوحہ ولایت کو ساتھ مالکان قدیم کے سپرد کرتا تھا الغرض اُس نے لشکر کشی آب شتیدہ کے کنارہ کی جام حاکم اُس ملک کا اُس کے مقابلہ کو آیا اور شکست پائی اور باشندے قندھار اور غزنین کے بھی اُس سے ہمیشہ ڈرتے تھے پھر وہ باسپ نگر کے راستہ سے کہ جواب باش نگر مشہور ہے پشاور مین گیا اور مخالفون کی جماعت کثیر کو قتل کرکے ہندوکش مین داخل ہوا اور جو کہ صعوبت راہ اور محنت سفر بہت کھینچی تھی مراجعت کرکے آب شلج کے ساحل پر استراحت کے واسطے نزول فرمایا اور نگرکوٹ کا راجہ جو بعضے محال متعلقہ دہلی کو غارت کرکے بیٹھا تھا اُس نے شاہ سے ملاقات کی اور غنائم بہت جو ہمراہ لایا تھا شاہ کے حضور گذرانکر حلقہ اطاعت کا اپنے زیب گوش کیا اور حاکم تبت کوچک نے بھی آن کر درخواست کی کہ افواج شاہی مجھے آسیب نہ پہونچاوے الغرض اطراف ولایت کو فتح کرکے اپنے مقر دولت کی طرف سوار ہوا اور وہان نزول اجلال کرکے اپنے چھوٹے بھائی ہندال کو ولیعہد کیا اور حسن خان اور علی خان کو جو شاہ موصوف کے دونون فرزند حقیقی تھے دوسری زوجہ کے کہنے سے جو اُن کی والدہ کے ساتھ نزاع اور دشمنی رکھتی تھی۔ دہلی کی طرف نکال دیا اور بھیمی نگر اور شہاب پور تعمیر کیا اور آخر سلطنت مین سلطان

سلطان شہاب الدین سے غالباً مراد اسکا بھائی ہے جو اسکا خلف ہوا ہے

اپنے فرزند حسن خان کے اخراج سے پشیمان ہوا اور اُسے دہلی سے طلب کیا چنانچہ حسن خان حسب الطلب جموتک پہونچا تھا کہ سلطان شہاب الدین نے مرض الموت مین مبتلا ہوکر قضا کی مدت اُس کی سلطنت کی بیس سال تھی

بیان سلطان قطب الدین کی سلطنت کا

جب سلطان شہاب الدین مراحل زندگانی طے کرکے شہر خموشان مین داخل ہوا اور سکے بھائی ہندال نے تخت سلطنت پر تمکن کیا اور اپنا لقب سلطان قطب الدین رکھا یہ بھی زیور اخلاق پسندیدہ سے آراستہ تھا اور اپنے احکام کے نفاذ و تعمیل مین اہتمام نہایت رکھتا تھا اور آخر سلطنت مین ایک سردار کو قلعہ لوہرکوٹ کی تسخیر کے واسطے جو بعضے امرائے سلطان شہاب الدین کے تصرفات مین تھا بھیجا جبکہ جنگہائے عظیم اور معرکہ ہائے شدید فریقین کے مابین واقع ہوئی وہ سردار مارا گیا پھر سلطان قطب الدین نے خطوط بھیجکر اپنے بھتیجے حسن خان کو دہلی سے طلب کیا لیکن جب حسن خان نے اطاعت کرکے قدم ولایت کشمیر مین رکھا ایک جماعت اہل حسد نے سلطان کو اس ارادہ سے پشیمان کرکے اُس کی گرفتاری پر آمادہ کیا اور رائے دل جو امرائے شہاب الدین سے تھا اُسنے حسن خان کو اس ارادہ سے آگاہی دی حسن خان بھاگ کر لوہرکوٹ کی طرف گیا اور بادشاہ کے مخالف جو کہ اس مقام مین تھے اُسکے آنے سے قوی پشت ہوے سلطان قطب الدین نے رائے دل کو گرفتار کرکے قید کیا اور وہ قید خانہ سے بھاگ کر حسن خان کی خدمت مین حاضر ہوا چونکہ داعیہ فساد کا رکھتا تھا زمینداروں نے حسن خان اور رائے دل کو گرفتار کرکے سلطان کی خدمت مین بھیجا سلطان نے رائے دل کو تیغ سیاست سے قتل کرکے حسن خان کو بقید کیا اور آخر عمر یعنے پیری مین سلطان کو آفریدگار عالم نے دو فرزند کرامت فرماے ایک کا آشکار اور دوسرے کا ہیبت خان نام رکھا اور جب پندرہ سال اور پانچ ماہ اُس کی حکومت سے گذرے آخر ۶۰۶ھ سات سو چھیاسٹھ ہجری مین وفات پائی اور اُسکے بعد بڑا بیٹا اُسکا تخت سلطنت پر تمکن ہوا اور اپنا خطاب سلطان سکندر رکھا منقول ہے کہ شاہ قطب الدین کے عہد مین امیر کبیر میر سید علی ہمدانی قدس سرہ العزیز کشمیر کے اطراف مین رونق افزا ہوے اور سلطان کو مکتوب لکھا شاہ نے بہ تعظیم تمام جواب اُن کے خواکا لکھکر اپنے حضور طلب فرمایا جب حضرت میر نے اپنے شرف قدوم فیض لزوم سے سری نگر کے اطراف کو مشرف کیا شاہ استقبال کو آیا اور باعزاز و اکرام تمام حضرت کو شہر مین لایا اور کشمیر کے جمیع صغیر و کبیر آنجناب عالی مقام سے بارادت صادق پیش آئے اور بروایت میرزا حیدر روغلات کے جو کتاب رشیدی مین درج ہے چالیس روز سے زیادہ اُس شہر مین اقامت نکرکے وطن مالوف کی طرف مراجعت فرمائی اور تمامی سایہ دریافت ہوتا ہے کہ خانقاہ معلے جو آنحضرت نے اُس شہر مین بنا فرمائی تھی آنحضرت کے حضور اُس شہر کے آدمیون نے بنیاد ڈالی ہوگی پھر آنحضرت کی غیبت مین تیار ہوئی ہو اس سبب سے کہ اگر سامنے تیار ہوئی ہو تو ضرور جناب امیر کا مدت تک کشمیر مین رہنے کا اتفاق

ہوا ہوگا کس واسطے کہ چالیس روز مین تعمیر ہونا ایسی خانقاہ معلے اور عالیشان کا استبعاد اور صعوبت سے خالی نہین واللہ اعلم بالصواب

بیان سلطان سکندر بت شکن کے حالات کا

ناظرین پر یہ واضح ہو کہ نام اصلی اُس کا آشکار ہے اور یہ اپنے باپ کے بعد اپنی والدہ کی صلاح سے کہ سورہ نام رکھتی تھی تخت سلطنت پر بیٹھا امرا و ارکان دولت اُس کے مطیع اور فرمانبردار ہوے اور وہ تمام سلاطین کشمیر سے شوکت و عظمت اور کثرت افواج مین ممتاز ہوا اور دبدبہ اور رعب بہت رکھتا تھا اور سلطان سکندر کی مان اوائل حکومت مین دخل مہمات ملکی مین کرکے اکثر امور کو بوجہ احسن انجام دیتی تھی اور جب مادر مشفقہ نے اپنے داماد شاہ محمد نام سے آثار مخالفت کے مشاہدہ کیے اُسے اور اُس کی زوجہ یعنے اپنی بیٹی کو ہلاک کر دیا اور رائے مادری کہ امراے عظام کے سلک مین انتظام رکھتا تھا اور مہمات شاہی کا اُس پر مدار تھا ہیبت خان یعنے شاہ سکندر کے بھائی کو زہر دے کر ہلاک کیا شاہ سکندر اس جرم عظیم کے صدور کے سبب اس سے نہایت رنجیدہ اور دفع کے فکر مین ہوا لیکن جو وہ کمال استقلال رکھتا تھا یکایک اُس کی سیاست اور تنبیہ سے متعذر رہتا اور رائے مادری حقیقت حال سے واقف ہوا تو شاہ سے التماس کی کہ اگر حکم ہو بندہ تبت کوچک کو جو کشمیر کے قریب ہی ہے اور اس معروضہ سے غرض یہ تھی کہ آتش غضب سلطانی سے دور رہے اور شاہ نے اس امید پر کہ شاید اُس طرف جاکر لڑائی مین مارا جاوے تو گوہر مقصود بے سعی ہاتھ آوے اُسے رخصت دی اور رائے مادری تبت کوچک پر فوج لیگیا اور اُس ولایت کو بتدریج تمام مسخر کیا اور بعد چندے اپنے تصرف مین لایا پھر جمعیت تمام بہم پہونچا کر بغاوت پر کمر باندھی اُس وجہ سے خود بنفس نفیس سکندر شاہ لشکر جمع لاکر اس طرف متوجہ ہوا اور سرحد مین جنگ واقع ہوئی رائے مادری بھاگا اور شاہ سکندر کے آدمیون کے ہاتھ مین گرفتار ہوا اور شاہ نے اُسے قید کیا اور بعد ایک مدت کے قید کی مصیبت سے وہ بتنگ آیا اور زہر کھا کر مسموم ہوا اور شاہ سکندر نے فوج کو آراستہ کرکے تبت اور اُس کے اطراف کو جیسا کہ چاہیے محافظت کی اور اُن دنون مین امیر تیمور صاحبقران نے وقت عزیمت تسخیر ہندوستان اپنے ایلچیون کو مع دو فیل شاہ سکندر کے پاس بھیجا تھا اس سبب سے افتخار اور مباہات بہت کرکے عرض داشت امیر تیمور صاحبقران کی خدمت مین باستدعاے ملازمت ارسال رکھی اور اخلاص اور بندگی ظاہر کرکے عرض کی کہ جس مقام مین حکم ہو ملاقات کو حاضر ہون اُس کے بعد ایلچیون کو زر خطیر دیکر باعزاز و احترام رخصت کیا اور وہ جب صاحبقران کی ملازمت مین مشرف ہوئے سلطان سے جو کچھ اخلاق اور رعایتین مشاہدہ کی تھین سمع مبارک مین پہونچائین آنحضرت مقام عنایت مین ہوئے اور اُس کے واسطے خلعت زردوزی اور گھوڑا مع ساز و یراق مرصع بھیجا اور حکم فرمایا کہ جب رایات جلال آیات مابدولت و اقبال دہلی سے پنجاب کی طرف مراجعت فرماوین اُس مقام مین ملازمت

سے مشرف ہووے جب یہ حکم سلطان سکندر کو پہونچا پیشکش بہت فراہم کر کے سامان ملازمت درست کیا جب سنا کہ صاحبقران سوالک کے راستہ سے پنجاب کی سمت عازم ہے پیشکش بہت ہمراہ لے کر صاحبقران کی ملازمت کے واسطے متوجہ ہوا اور اثنائے راہ مین سنا کہ بعضے امرا اور وزرا صاحبقران نے کہا ہے کہ سلطان سکندر کو لائق ہے کہ تین ہزار گھوڑے اور ایک لاکھ اشرفی علائی پیشکش لاوے شاہ سکندر یہ خبر سنکر نہایت پریشان ہوا اور دریا کے راستہ سے معاودت کر کے عرض داشت صاحبقران کی ملازمت مین اس مضمون کی بھیجی کہ جو پیشکش بندگان حضرت کے لائق ہم نہین پہونچی ہے کترین نے اس سبب سے چند روز توقف کیا تو پیشکش لائق ہم پہونچا کر بندگی کے واسطے متوجہ ہووے جب آنحضرت عرضداشت کے مضمون سے مطلع ہوئے سمجھے کہ میرے وزرا مین سے کسی نے اسقدر پیشکش لانے کے واسطے کہا ہے تبسم چشم نمائی کی اور شاہ سکندر کے ایلچیون پر نہایت نوازش فرما کر ارشاد کیا کہ یہ امر وزرائے نامعقول نے کہا ہے اس کا کچھ خیال نہ کرے اور باطمینان تمام ملازمت کے واسطے متوجہ ہووے جب ایلچی شاہ سکندر کے کشمیر مین پہونچے امیر تیمور صاحبقران سے جو کچھ سنا تھا عرض کیا سلطان سکندر یہ نوید سنکر نہایت محظوظ اور خوشحال ہوا اور جلد سامان سفر درست کر کے کشمیر سے برآمد ہوا لیکن جس وقت کہ سکندر شاہ قصبہ بارمولہ مین پہونچا سنا کہ صاحبقران آب سندھ سے عبور کر کے بتعجیل تمام متوجہ سمرقند ہووے اس واسطے فسخ عزیمت کر کے ایلچیون کو مع پیشکش بسیار آنحضرت کی ملازمت مین بھیجا اور خود کشمیر کی سمت مراجعت کی اور سلطان سکندر نہایت سخی اور جواد تھا چنانچہ اس کی سخاوت کا شہرہ سنکر دانشمند عراق اور خراسان اور ماوراالنہر کے اس کی ملازمت کے واسطے حاضر ہوے اور علم و فضل اور اسلام نے مملکت کشمیر مین بدرجۂ نہایت رواج پایا خط کشمیر خراسان و عراق کا نمونہ بلکہ اس سے بھی دونا ہوا اور شاہ تمام جماعت علما سے سید محمد عالم کو جو اپنے زمانہ کے فرد تھے تعظیم بہت کرتا تھا اور آداب دین یعنی علم فقہ سیکھتا تھا اور شاہ نے ایک برہمن سیہ بت نام کو جو مسلمان ہوا تھا اس سے وزیر الوزرا کر کے امور دینوی مین اپنا معتمد علیہ کیا وہ سیہ بت طالع ارجمند کی برکت کے سبب اس مرتبہ پر پہونچکر ہنود کے آزار اور ایذا رسانی مین بہت کوشش کرتا تھا یہان تک کہ سلطان نے اس کے منع کرنے سے حکم فرمایا کہ تمام برہمن اور ہنود کے تمام دانشمند مسلمان ہو جاوین اور جو شخص کہ مسلمان نہ ہووے کشمیر سے نکل جاوے اور قشقہ یعنے ٹیکا پیشانی پر کھینچے اور عورت ستی کو شوہر کے ہمراہ نہ جلاوین اور سونے اور چاندی کے بتون کو دارالضرب یعنے ٹکسال مین گلا کر زر مسکوک بناوین اس سبب سے محنت اور مصیبت بہت اس ولایت کے ہندوؤن کو کہ اکثر برہمن تھے پہونچی اور بہت سے برہمنون نے جن پر مسلمانی اور جلاوطنی اس شہر سے شاق اور دشوار تھی اپنے تئین ہلاک کیا اور بعضے جلاوطن ہو کر دوسری ولایت کی طرف گئے اور بعضے براہمہ سلطان اور اس کے وزیر کے خوف و ہراس سے اظہار مسلمانی بطریق رفضہ تقیہ کر کے کشمیر مین رہے اور سلطان نے تمام بہت بتون اور تجانون کے توڑنے اور مسمار کرنے پر مصروف کی اور ان مین کے اکثر تبکدہ خراب و ویران

کیے ازانجملہ ایک تبکدہ بڑا کہ باغ بحر آمین تھا اور اُسے ساتھ مہادیو کے منسوب کرتے تھے سلطان کے حکم سے کھودنا شروع کیا اور ہر چند اُس کی تہ کھودی اور پانی تک پہونچائی اُسکی انتہا نہ پائی اور مقصد اپنے پیشوا سب بتون کا کہ جگدیو تھا اُسے بھی شکستہ کیا اور عمارت و بت توڑنے کے وقت شعلہاے عظیم آتشین اس مقام سے پیدا ہوتے تھے سلطان اور ارکان دولت دیکھتے تھے اور کفار اُسے اپنے معبودان باطل کی کرامات پر گمان کرکے جو کچھ چاہتے تھے کہتے تھے لیکن جو سلطان بتون کے توڑنے مین بجد تھا اُن شعلون کو طلسم اور شل اُسکے جانتا تھا اُسکے توڑنے سے ہاتھ نہ کھینچا یہانتک کہ اُس سے ایک نشان باقی نہ رہا اور اُسی طرح سے کشمیر مین راجہ للتادت نے ظہور اسلام سے پیشتر ایک دیوہرہ نہایت عظیم الشان اور مستحکم ترس پور مین تیار کیا تھا اور نجومیون سے پوچھا تھا کہ یہ دیوہرہ کب تک قائم رہیگا اور کس طور سے ویران ہوگا نجومیون نے اوضاع فلکی کو مشاہدہ کرکے جواب دیا کہ اس تاریخ سے جب ایک ہزار اور ایک سو سال گذر جینگے سکندر نام ایک بادشاہ اس تبخانہ کو خراب اور ویران کریگا اور یہ دودہ عطارد کا ہے وہ بادشاہ عطارد کی مورت کو اپنے ہاتھ سے فورًا توڑیگا للتادت نے فرمایا کہ یہ مضمون ایک تانبے کے تہر پر کندہ کرکے ایک صندوق سیسی مین رکھکر اس عمارت کی بنیاد مین دفن کرو چنانچہ اس عمارت کے کھودنے مین وہ لوح برآمد ہوئی اور مضمون لکھا ہوا حرف بحرف معلوم ہوا سلطان نے فرمایا کاشکے وہ لوگ یہ نوشتہ اس عمارت کی دیوار پر نصب کرتے تو مین بعد اطلاع یابی اُن منجان کا فرکے حکم کے خلاف اُس عمارت کو مسمار نکرتا پھر سلطان سکندر اور تبخانون کو جنکی عمارت نہایت عمدہ اور رفیع تھی خراب کرکے بت شکن مشہور ہوا اور سلطان کے احکام حسنہ سے یہ دو حکم ہین کہ اُس کے قلمرو مین شراب نہ بکتی تھی اور اُسکی ولایت سے کسی شخص ہندو خواہ مسلمان سے تمغا نہ لیتے تھے اور آخر عمر مین سلطان تپ محرق مین مبتلا ہوا اور اپنے تینون فرزندونکو کہ جنکا نام میر خان اور شاہی خان اور محمد خان تھا اپنے پاس بلاکر اُنکے کان نصیحت کے گوہر روشن سے مزین کرکے اتحاد اور وفاق کے بارہ مین وصیت فرمائی اور اپنے بڑے بیٹے میر خان کو خطاب علی شاہ دیکر سلطنت اُسکے تفویض کی اور سنہ ۸۱۹ آٹھ سو انیس ہجری مین فوت ہوا مدت اُس کی سلطنت کی پائیس سال تھی

ذکر سلطان علی شاہ بن سکندر شاہ بت شکن کی حکومت اور فرمانروائی کا

سلطان علی شاہ اپنے باپ کے انتقال کے بعد کشمیر کے سریر پر جلوہ گر ہوا اور ہر چند خرد سال تھا لیکن جو سلطان سکندر کی مہابت اور صلابت لوگونکے دل مین جاگزین تھی اُسکے حلقۂ اطاعت سے قدم باہر نرکھا اور اُس نے آغاز سلطنت مین جمیع مہمات ملکی سیہ بت سے جو وزیر سکندر شاہ تھا رجوع کیے اور اُس نے چار برس کے عرصہ مین مسند وزارت پر بیٹھکر رعایا پر قسم قسم کے ظلم سکندر شاہ کے زمانہ کے موافق ہندوؤن اور اپنے ہمقوم پر کرامر برہمنون سے ہر جائز رکھے جو شخص مسلمان نہوا اُسے تیغ بیدریغ سے قتل کرکے زمین اُسکے خون سے رنگین کی جیسا کہ عرصہ قلیل مین اُس گروہ سے کشمیر مین ایک نشان نرہا یا تو مسلمان ہوگئے یا ولایت سے نکل گئے ناگاہ سیہ بت تپ دق مین گرفتار ہوکر فوت ہوا سلطان علی شاہ نے

اُس کے بعد اپنے بھائی شاہی خان کو جو صائب تدبیر اور شجاعت مین بے نظیر تھا امور مملکت کا مرجع کیا اور وہ جمیع مہمات شاہی کو انجام دیکر اپنے بھائی کو آسودہ رکھتا تھا اور جب علی شاہ کو جہان کی سیر کا شوق دامنگیر ہوا اور کشمیر سے سفر کرنے کا ارادہ کیا اُس وقت شاہی خان کو اپنا جانشین کرکے اپنے بھائی محمد خان کو اُسکی اطاعت اور فرمانبرداری کی نصیحت فرمائی اور رخصت کے واسطے راجہ جون کے پاس جو علی شاہ کا خسر تھا گیا اور راجہ جون اور راجہ راجوری نے اُسے شاہی خان کے ولیعہد کرنے اور ترک شاہی کے سبب سرزنش کرکے پشیمان کیا اور جو جانتے تھے کہ بیمدد اور اعانت سلطنت مسترد نہوگی راجہ جون اور راجہ راجوری مع لشکر کشیر سلطان علی شاہ کے مدد اور معاون ہوکر کشمیر کیطرف روانہ ہوئے اور اُس خطہ کو شاہی خان کے تصرف سے برآورد کرکے دوبارہ علی شاہ کے قبضہ مین لائے شاہی خان کشمیر سے برآمد ہوکر سیالکوٹ کی سمت گیا اور انھین دنون مین حسرت شیخا کھکر نے سمرقند مین صاحبقران کی قید سے بھاگ کر پنجاب مین تسلط تمام پیدا کیا تھا شاہی خان اس کے پاس التجا اور پناہ لایا اور سلطان علی شاہ نے مع لشکر بیکران کشمیر سے برآمد ہوکر حسرت اور شاہی خان کا تعاقب کیا اور انھون نے اس کی تاخت اور تفرقہ اور شکستگی سے واقف ہوکر اُسی دن پہاڑون کے درمیان مین صفوف جنگ آراستہ کین اور علی شاہ کو شکست دی اور ایک روایت سے معلوم ہوتا ہے کہ علی شاہ زندہ حسرت کے ہاتھ لگا اور ایک روایت یہ ہے کہ وہ شکست کھا کر بھاگا اور شاہی خان نے اُس کا تعاقب کرکے ولایت سے باہر کیا اور خود تخت گاہ سلطنت مین جاکر زمام سلطنت قبضہ مین لایا اور شہر کشمیر کی خلقت کہ خواہان اُس کی تھی محظوظ اور خوش حال ہوئی اور شادیانہ کے نقارے بجانے لگی علی شاہ کی مدت سلطنت چھ سال اور نو ماہ تھی اور یہ واقعہ سنہ ۸۲۶ آٹھ سو چھبیس ہجری مین واقع ہوا تھا

ذکر سلطان زین العابدین کی سلطنت کا

جب شاہی خان کشمیر مین بجاے برادر تخت نشین ہوا اپنا خطاب سلطان زین العابدین رکھکر افواج کثیر حسرت کے ہمراہ کی تو اس کی مدد کے واسطے جاکر ولایت دہلی اور پنجاب کو تسخیر کرے اگرچہ حسرت شاہ ہلی سے برابری نہ کرسکتا تھا لیکن سلطان کے لشکر کی قوت اور اعانت سے تمام پنجاب وغیرہ پر متصرف ہوا اور سلطان نے قصد جہانگیری کا کرکے لشکر تبت پر بھیجا اور اُس ولایت کو بزور شمشیر لیا اور اکثر ولایت کو جو آب کشنہ کے کنارے تھی خراب اور ویران کرکے اُسکے باشندون کو قتل کیا اور اپنے بھائی محمد خان کو صاحب مشورہ کرکے مہات جزوی و کلی ساتھ اُسکے رجوع کین اور خود قضایا تشخیص اور فیصل کرتا تھا اور جمیع فریق کے آدمیون سے صحبت رکھتا تھا اور جو کہ علوم و فنون تحصیل کرچکا تھا ہمیشہ اُسکی مجلس کہ مراد و ربا سے ہوا دانا ؤن ہند و اور مسلمان سے معمور رہتی تھی اور علوم موسیقی مین بھی خوب طاق تھا اور اکثر اوقات اُس کی ہمت ولایلت کی آبادی اور زراعت کی تکثیر اور نہرون کے اجرا مین مصروف رہتی تھی اور حکم عام نافذ کیا تھا کہ تمام ولایات مین جس شخص کا مال چوری جاوے زمیندار اس موضع کے تاوان دیوین چنانچہ اُس

تقریب کے سبب اُسکی تمام قلمرو مین چوری موقوف ہوئی اور وہ بدرسمین جو سیہ بت سے باقی رہی تھین یکقلم دفع کین اور نرخ نویسی اسکے زمانہ مین جاری ہوئی تھی سلاطین سابق کے عہد مین نہ تھی اور دستور العمل یعنے قواعد اور ضوابط مجریہ اپنے تخمینے سے پرکندہ کرکے ہر ایک شہر اور موضع مین آویزان کیے تھے یہان تک کہ رسوم ظلم ولایت کشمیر سے دفع کی اور منقول ہے کہ اُس نے تانبے کے تپرون پر لکھا تھا کہ جو شخص آوے اور ساتھ اس دستور کے کام نہ کرے خدا کی لعنت مین گرفتار رہوا اور سلطان نے طبابت کیواسطے سری بھٹ کو جو طبیب حاذق تھا تربیت کی اور اُس کے التماس کے موافق برہمنون کو کہ سلطان سکندر کے زمانہ مین سیہ بت کے خوف سے نکل گئے تھے ولایات دور دست سے طلب کرکے جاگیر اُنکے واسطے مقرر کی اور ہنود کے معابد مقررین وقت تعین کرکے جزیہ کا مانع ہوا اور گاؤکشی بھی موقوف کی اور برہمنون اور تمام ہندؤن کو طلب کرکے اُنسے عہد لیا کہ دروغ نہ کہین جو کچھ کتب ہندوی مین تحریر ہو اُس سے خلاف نکرین اور ارباب کفر کی تمام عادتین اور رسمین جو شاہ سکندر کے عہد مین برطرف اور معدوم ہوئی تھین مثل قشقہ کھینچنا اور جلانا عورت کا ہمراہ شوہر کے سلطان زین العابدین نے سب کو از سر نو زندہ کیا نذر اور بھینٹ اور جرمانہ وغیرہ جو عامل اور تحصیلدار رعایا سے لیتے تھے موقوف کی اور حکم عام کیا کہ سوداگر جو متاع کہ ولایتون سے لاتے ہین اپنے مکان مین پوشیدہ نہ کرین ساتھ اُس قیمت کے کہ خرید کی ہو نفع قلیل پر بیچے رہین اور بیع اور شرا مین غبن فاحش روا نرکھین اور سلطان نے تمام قیدیون کو کہ سلاطین سابق کے عہد مین مقید ہوے تھے سب کو یکقلم آزاد کیا اور اُس کے ضوابط سے ایک یہ ہے کہ جس ولایت کو فتح کرتا تھا خزانہ اُسکا فوج پر تقسیم فرماتا تھا اور اپنے پایۂ تخت کے دستور کے مطابق خراج اُس ملک کی رعایا پر مقرر کرتا تھا اور سرکشون اور متمردون کو گوشمالی دیتا تھا اور مرتبہ اعلےٰ سے ادنےٰ درجہ پر پہونچاتا تھا فقیرون اور ضعیفون کو نوازش کرکے درجہ اوسط مین نگاہ رکھتا تھا تاکہ نہ تو زیادہ تونگری سے بغاوت کرین اور نہ افلاس سے گدائے مطلق ہون اور پارسائی اس کی اس درجہ تھی کہ عورت بیگانہ کو اپنی مان اور بہن کی جگہ تصور کرتا تھا اور کسی صورت روا نہ رکھتا تھا کہ میری نظر نامحرم کے منہ یا مال غیر پر بنظر خیانت وطمع پڑے اور اس مہربانی کے سبب کہ رعایا پر رکھتا تھا گراں جریب جو ہمیشہ سے تھی اُسے زیادہ کیا اور شاہ کی وجہ خرچ خاصہ اس زر کے حاصل سے تھی جو تانبے کی کان سے پیدا ہوتا تھا اور مزدور اُس مین ہمیشہ کام کرتے تھے یعنے تانبکانکالتے تھے اور جو شاہ سکندر کے عہد مین چاندی اور سونے وغیرہ کے بتون کو توڑکر دار الضرب مین مسکوک کیا تھا وہ سونا کچھ کھوٹا تھا سلطان نے حکم فرمایا کہ مس خالص کو جو اس کان سے حاصل ہوا ہی ٹکسال مین بھیجکر مسکوک کرین اور سلطان جس شخص پر غضبناک ہوتا تھا لازم نہ تھا کہ اُسے سزا پہونچاوے یعنے اُسکے حق مین جو کچھ بدی کہدیتا وہی واقع ہو جاتی اور وہ جس کسی سے ناخوش رہتا تھا اُسے اپنی ولایت کے حدود سے نکال دیتا تھا اور وہ نہ جانتا تھا کہ بادشاہ مجھ پر غضبناک ہے بلکہ راضی جاتا تھا اور اس ضمن مین کام ہوجاتا تھا اور لوگ اس کے عہد مین ساتھ جس ملت کے چاہتے تھے رہتے تھے اور کوئی ازروے تعصب یعنے دین کی حمایت سے دوسرے کا متعرض نہوتا تھا اور برہمن اور ہندو جو سلطان سکندر کے عہد مین مسلمان ہوے تھے اُس کے عہد مین مرتد

ہو گئے تھے اور کوئی عالم اسلام اُن پر ارتداد کے سبب پگڑی دھکڑی کی قدرت نہ رکھتا تھا اور سلطان نے کوہ بابان کے قرب ایک نہر لاکر بنا شہر بنا کیا تھا کہ آبادی اُس کی بیچ کر سی تھی اور علاوہ اس کے اور بھی شہر آباد کیے تھے اور کالپور وغیرہ مین پانی دور سے لاکر نہرین تیار کی تھین اور پل باندھے تھے اور زراعت کی تکثیر کی تاکید فرماتا تھا اور اُن مواضع مین کہ اُس نے اپنی ذات خاص سے آبادی کی تھی علما اور فضلا اور غربا کو آباد کیا تھا تاکہ مسافرون کو طعام دیتے ہین اور جو کچھ محتاج نقد وجنس درکار ہو اُس موضع کی جنس سے صرف کرتے رہین اور مملکت کشمیر مین کوئی زمین بے آب وزراعت باقی نہ رہی مگر وہ مقام کہ جس کی خبر شاہ کو نہ پہونچی بے آب رہا اور سلطان نے ارادہ کیا کہ حوض دریاناگ مین جو شمل دریا کے مشاہدہ ہوتا ہی اور حکام اس ناحیہ نے اُس کا منفذ بند کیا ہی اس کے درمیان ایک عمارت عالی شان بنا کرے پھر اس زمانہ کے دانایون کو بلا کر مشورہ کیا چنانچہ بعد تامل اور تفکر کے سب کی راے نے اسپر اتفاق کیا کہ چند کوٹھیان چوکور چوبی بنا کر اُنھین پتھر سے پر کر کے پانی مین غرق کرین اور جب وہ پتھر پانی سے بلند ہو دے اُس پر عمارت بنا دین جب ایسا کیا وہ کوٹھیان سنگین پانی سے چند گز بلند ہوین سلطان نے اُس مقام مین عمارت عالی یعنی مساجد اور منازل اور باغ تعمیر فرمائے اور اُس کا نام زین لنکار کھا اور فی الواقع وہ عمارت اس خوبی کے ساتھ تیار ہوئی کہ شاید تمام عالم مین کہین اُس کا نظیر ہو اور شاہ نے چند موضع اُس مقام کے مصارف کے واسطے وقف کیے اور سلطان اس دنیاے فانی سے ایسا وارستہ اور آزاد تھا کہ باوجود اس حشمت وشوکت کے ہرگز اسباب سلطنت سے تعلق نہ رکھتا تھا اور خزانون کی فراہمی کا اُسے مطلق خیال وشوق نہ تھا اور سلطان زین العابدین کے عہد مین ملا محمد نام ایک شاعر وانشمند پیدا ہوا کہ ایک لحظہ مین مجلس مین بیٹھکر جس بحر اور قافیہ مین کہ چاہتا تھا نے البدیہہ اشعار پر مضمون صدیہا کہتا تھا اور جس مسئلہ مشکل کو پوچھتے تھے اُسیوقت جواب دیتا تھا اور سلطان اُس کی تعظیم اور جمیع علما کی تعظیم مین تقصیر نہ کرتا تھا اور کہتا تھا کہ یہ بزرگوار ہمارے مرشد اور قبلہ ہین اور بھلون نے ہمین ضلالت سے نکال کر ساتھ ہدایت کے پہونچایا ہی اور اسی طرح سے جوگیون کا بھی احترام کرتا تھا اور کہتا تھا کہ یہ مرتاض اور غریب ہین اور کسی فرقہ کے عیب کو مشاہدہ نہ کرتا تھا اُس کے ہنر کا جویا تھا اور فراست اور عقل کا ایسا تیز تھا کہ ہر قسم کے قضیہ اور مشکل کو جو عاقلون سے حل نہوتے تھے سلطان اُس کا دم بھرین فیصلہ واجبی کرتا تھا چنانچہ ایسے مقدمون سے ایک مقدمہ یہ ہے کہ اُس کے عہد مین ایک عورت اپنی سوت سے عداوت قلبی رکھتی تھی اور اُسے کسی حیلہ سے دفع نہ کر سکتی تھی ایک رات کو اُس بے وقوف نے اپنے چھوٹے بیٹے کو ہلاک کیا اور صبح کو اُس کے خون کی تہمت اُسپر کر کے بادشاہ کے پاس دادخواہ ہوئی سلطان نے اس مقدمہ کو منصفون کے سپرد کیا اور جب وہ اس معاملہ کی تشخیص سے عاجز ہوئے سلطان نے اول اُس عورت کو جو متہم تھی خلوت مین طلب کر کے اُس سے پوچھا کہ اگر فی الواقع تو نے اس لڑکے کو ہلاک کیا ہی مجھسے سچ کہ تو مین تجھے معاف کرون اور جو دروغ کہیگی تیرے قتل کا حکم جاری کرونگا اُسنے جواب دیا کہ آپ جو چاہین فرمائین خدا شاہد ہی مین اس لڑکے کے قتل ہونے سے ہرگز واقفیت نہین رکھتی سلطان نے جواب دیا اگر یہ فعل تجھسے صادر نہین ہوا ہی ایک کام کر کہ تو اس دربار مین مادرزاد برہنہ ہو کر حضار کے حضور

اپنے مکان مین جاتو جانین کہ تو اس خون کی تہمت سے پاک ہی وہ سراپا گریبان فکر مین لے گئی اور بعد تامل کے یہ جواب دیا کہ اگر مجھے ہلاک کیجیے ہزار مرتبہ بہتر اس زندگانی سے ہی کہ یہ امر کمال بے شرمی اور بیحیائی کا مجھ سے مشاہدہ کیا جاوے مجھے تہمت خون کی کیا کم ہی جو اس امر زشت پر قیام کرون یہ جواب سنکر سلطان نے مدعیہ کو جس نے خون کی تہمت لگائی تھی اُسے تنہا طلب کرکے پوچھا کہ سچ کہ اس لڑکے کو کس نے قتل کیا ہے عورت نے کہا کہ اگر یہ میری سوت اس لڑکے کی قاتل نہو مجھے بجائے اُسکے مقتول کیجیے سلطان نے کہا اگر تو اس دعوی مین سچی ہی اہل مجلس کے روبرو برہنہ ہووہ بیحیا فوراً اس امر پر راضی ہوئی اور بیحیائی سے ازار بند کھولکر برہنہ ہونے پر تھی کہ سلطان اس امر سے مانع ہوا اور فرمایا کہ یہ کام اسی بے حیا کا ہے اپنی سوت کے نکالنے کے واسطے اسنے اپنے لخت دل کو قتل کیا اور تہمت اُسپر کمی فرمایا کہ چند تازیانہ مار و جب مار پڑنے لگی وہ اپنے فعل زشت کی مقر ہوئی اور سلطان کو یقین ہوا کہ اس نفل بیچارہ کی یہی قاتل ہی حکم اُسکے قتل کا صادر فرمایا اور سلطان کی جملہ عادات سے ایک عادت یہ تھی کہ چور کے قتل کا حکم نافذ نہ فرماتا تھا بلکہ جس مقام پر چور گرفتار ہوتا تھا حکم تھا کہ زنجیر اُس کے پاؤن مین ڈالکر قید کرو اور اس سے ہر روز مشقت لو یعنے عمارت کی تعمیر کے واسطے پتھر اور مٹی اٹھواؤ اور مراحم قلبی سے آدمیون کو شکار کی ممانعت کی تھی کہ جانور مارے نہ جاوین اور ماہ رمضان مین سلطان گوشت نہ کھاتا تھا غرضکہ جب آوازہ اس کے جود و احسان کا عالم مین منتشر ہوا مغنی اور سازندہ کر علم موسیقی مین اپنے وقت کے نایک تھے اطراف و جوانب سے اس قدر کشمیر مین آئے کہ کشمیر اُنکی کثرت سے رشک فرنگ ہوا اور ملا عودی شاگرد عبدالقادر کا جو صاحب تصانیف مشہور ہی خراسان سے سلطان کے پاس آیا اور عود ایسا بجایا کہ سلطان کو پسند آیا اور محظوظ ہوکر اُسکے حال پر نوازش فرمائی اور انعام سے مالا مال کیا اور ملا جمیل متخلص بہ نام سنے بجائے مطربی جو شعر گوئی اور خوش خوانی مین اپنا ثانی نہ رکھتا تھا مجلس سلطان مین حاضر ہوکر اس خوش الحانی سے غزلین اور معرفتین گاتا تھا کہ سلطان کو حالت وجد مین کبھی رقت تمام حاصل ہوتی تھی اور گاہے نہایت خوش ہوتا تھا اس سبب سے ہر سال ملا جمیل کو اس قدر زر خطیر دیتا تھا کہ اُس کی شرح کا مقدور نہین ہی اور ملا جمیل کے نقش اور آثار سلطان کے ذکر جمیل کے مانند اس زمانہ تک کشمیر مین مشہور ہین اور سلطان کے عہد مین حبیب نام ایک آتشبازی پیدا ہوا کہ چشم زمانہ نے عینک مہر و ماہ سے اس سے بیشتر مشاہدہ نہ کیا تھا اس نے فن آتشبازی مین ایسی ایجاد اور اختراعات کی تھی کہ لوگ حیران رہتے تھے اور کشمیر مین تفنگ اُس نے پیدا کی اور بادشاہ کے سامنے دوائین تیار کین اور دیگر ہنر دکھلائے اور آدمیون کو تعلیم دی اور وہ آتشبازی کے سوا جمیع علوم مین فائق تھا اور سلطان کی مجلس اہل نغمہ و ارباب طرب سے کہ حسن صورت اور قوالی اور خوش آوازی مین یکتائے روزگار تھے اور حکایات و سکنات مین جہان مین اپنا نظیر نہ رکھتے تھے رشک بہشت تھی اور ناچنے والے اور نٹ اُس کے زمانہ مین پیدا ہوئے اور بعضے گویے اُن مین ایسی دستگاہ رکھتے تھے کہ ایک نقش کو بارہ مقام یعنے بارہ پردہ مین ادا کرتے تھے اور سلطان نے اہل طرب کے اکثر سازون کو یعنے عود اور رباب اور طنبور وغیرہ کو طلاے خالص کے تحفون سے مڑھکر جواہر سے مرصع

کیا تھا اور سوم نام ایک کشمیری جو زبان کشمیر مین شعر کہتا تھا اور علوم ہندی مین فرد تھا اُس نے زین حرب نام کتاب حالات سلطان کے بیان مین مشروحًا تصنیف کی اور مسمی بودی بت جو شاہنامہ فردوسی طوسی کا آغاز سے انجام تک یاد رکھتا تھا اُس نے زین نام ایک کتاب علم موسیقی مین شاہ کے نام سے تالیف کر کے بادشاہ کے حضور پڑھی اور اُس کے صلہ مین نوازشہاے خسروانہ سے سرفراز ہوا اور شاہ جمیع لغات فارسی اور ہندی اور تبتی وغیرہ مین نہایت درجہ مہارت رکھتا تھا اور ہر ایک بولی مین کلام کرتا تھا یہان تک کہ اکثر کتب عربی اور فارسی کو ہندی مین ترجمہ کیا تھا اور کتاب راج ترنگنی کہ مراد شاہان کشمیر کی تاریخ سے ہے اُس کے عہد مین تصنیف ہوئی اور محمد اکبر بادشاہ کے زمانہ مین مہابھارت کا ترجمہ جو بدعبارت تھا دوبارہ عبارت فصیح مین ہوا اور تاریخ کشمیر کو بھی فارسی مین ترجمہ کیا اور جو بادشاہ کہ زین العابدین کے ہمعصر تھے اُس کی خوبیون کا شہرہ سن کر اپنا اشتیاق ملاقات اظہار کرتے تھے خصوصًا خاقان سعید ابو سعید شاہ نے خراسان سے گھوڑے تازی شائستہ اور خچر راہوار اور اونٹ قوی ہیکل اُس کے واسطے ہدیہ بھیجے بادشاہ اس امر سے نہایت محظوظ ہوا اور اُس کے مقابلہ مین گونین زعفران کی اور کاغذ کشمیری عمدہ اور مشک اور عطر اور گلاب اور سرکہ اور دوشالے خوب اور بلور کے ظروف اور کشمیر کے اور بھی اشیاے نفیسہ اور نادر خاقان سعید کی خدمت مین ارسال فرمائے اور راجہ تبت سرورنے کہ ایک حوض مشہور ہے اور اُس کا پانی کبھی تغیر اور تبدل نہین قبول کرتا ہے وہان کے دو جانور کہ اج ہنس نام رکھتے تھے اور نہایت خوبصورت اور عمدہ تھے سلطان زین العابدین کے واسطے بھیجے سلطان اُنھین دیکھکر نہایت خوش ہوا اور خاصیت اُن جانورون کی یہ تھی کہ دودھ کو پانی مین مخلوط کر کے جب اُن کے روبرو رکھو وہ اپنی منقار یعنے چونچ سے شیر کے اجزا پانی کے اجزا سے جدا کر کے نوش کرتے تھے آب خالص باقی رہتا تھا شاہ نے یہ امر مشاہدہ کر کے یقین جانا کہ جو کچھ انکی خاصیت سنتے تھے سچ ہے اور شاہ نے آغاز شاہی سے جیسا کہ مذکور ہوا اپنے بھائی محمد خان کو وکیل مطلق اور ولیعہد مستقل کیا تھا جب محمد خان نے وفات پائی اُس کے فرزند حیدر کو جانشین پدر کیا اور مہات ملکی کا اُسے اختیار دیا اور مسعود اور شیرو اپنے دو کوکہ کو کہ دونون برادر حقیقی اور سلطان کے کوکا تھے ان کا بہت اعتبار کرتا تھا اور انھون نے آپس مین خصومت کی اور شیرو نے اپنے بڑے بھائی مسعود کو ہلاک کیا اور شاہ نے اُس کے قصاص مین شیرو کو بھی زندہ نہ چھوڑا اور سلطان کے تین فرزند تھے آدم خان کہ سب سے بڑا تھا لیکن بادشاہ کی نظر مین ہمیشہ ذلیل اور خوار رہتا تھا اور حاجی خان منجھلے بیٹے کو نہایت دوست رکھتا تھا اور بہرام خان چھوٹے فرزند کو جاگیر بہت دی تھی اور ایک شخص ملاوریا نام کو پانچی گری کے ساحل سے نکالکر وریا خان خطاب دے کر سرفراز کیا اور جمیع کاروبار مملکت اس کے سپرد کر کے بخاطر جمع عیش مین مشغول ہوا اور جس روز کہ شیرو کو کالنے اس عالم سے کوچ کیا سلطان نے کروکشمیری اشرفیان کہ چار سو مثقال طلا ہوتا ہے اُس کی روح کی ترویح کے واسطے اطفال کو خیرات کیا اور یہ بھی روایت ہے کہ اس عرصہ مین شاہ زین العابدین کو ایسی بیماری سخت عارض ہوئی کہ زندگی سے مایوس تھا قضارا انھین دنون مین ایک

سنہ ۸۱ جلوس بادشاہی کشمیر

جوگی کشمیر مین وارد ہوا اور جب اُس نے سنا کہ سلطان مرض صعب مین مبتلا ہی امرائے سلطان کے پاس آکر یہ تقریر کی کہ تم لوگ اس کی صحت سے مایوس ہو اور مین ایک علم ایسا جانتا ہون کہ بادشاہ کی بیماری اپنی طرف کھینچ لون اور سلطان شفائے کامل پاوے وہ یہ امر غنیمت بلکہ غریب جان کر اسے سلطان کے پاس لے گئے جوگی نے دیکھکر یہ بات کہی کہ بادشاہ کا مرض نہایت سخت ہی مجھے مع ایک شاگرد یہان چھوڑ کر تم چلے جاؤ تو مین علم کے زور سے بادشاہ کی بیماری اپنی طرف کھینچون اُنھون نے اُسے مع شاگرد بادشاہ کے پاس چھوڑا اور جوگی ساتھ اِس صنعت کے کہ رکھتا تھا اپنی روح سلطان کے قالب مین در لایا اور سلطان کی روح اپنے بدن مین منتقل کی اور شاگرد سے یہ بات کہی کہ میرے قالب کو آسن پر یعنے میرے مقام مین لیجا کر اس کی محافظت مین مصروف رہ کہ کتا یا بلی یا اور کوئی جانور درندہ مجھے صدمہ نہ پہونچاوے تو مین روح سلطان کی صحیح اور تندرست کر کے اپنی حالت اصلی پر آؤن غرضکہ شاگرد اُس جوگی کے بدن کو کہ ضعف اور ناتوانی کی شدت اور غلبہ سے بیحس و حرکت تھا حجرے سے نکال لایا اور روزرا سے کہا کہ میرے اُستاد نے سلطان کی بیماری اپنے اوپر لی اور مین اس کا بدن معالجہ کے واسطے لیے جاتا ہون اور تم سب صاحب اپنے مالک کو دیکھو ارکان دولت جب حجرہ مین آئے سلطان کو صحیح اور تندرست پایا سب حیران ہوے اور اُسکے شکریہ مین چند روز جشن کیا اور صدقے اور نذرین آدمیون کو دین اور بعد اس قضیہ کے سلطان تا مدت مدید زندہ رہا لیکن ارباب دانش نقل روح کے قائل نہین اور کہتے ہین کہ نقل روح ایک بدن سے دوسرے بدن مین ہرگز نہین ہوسکتی اور مؤلف اس کتاب یعنے محمد قاسم فرشتہ کا یہ قول ہی کہ جو جوگی ریاضت کش اور صاحب کشف و کرامات اور مستجاب الدعوات ہوتے ہین جس شخص پر کہ نظر التفات مبذول رکھتے ہین اُس کے مرض کو بطریق نقل مرض اپنی طرف کھینچ لیتے ہین یعنی نقل مرض اپنے بدن پر کرتے ہین نہ نقل روح یا اُن کی دعا کی تاثیر سے وہ مرض یا وہ شی جو اُن کے مطلوب اور محبوب کو عارض ہوتی ہی نقل کرتی ہی اور وہ مریض اُس بلا سے نجات پاتا ہی جیسا کہ رشحات مین جو ملا علی بن ملا حسین کاشفی کی تالیف ہی اور اُس مین مشائخ نقشبندیہ کے حالات تحریر ہین لکھا ہی کہ ایک پیر بزرگوار خاندان حضرت خواجہ محمد حسن پارسا قدس اللہ سرہ العزیز سے بہ نیت سفر جہاز پر سوار ہو کر سبزوار مین پہونچے اور چند روز وہان قیام کیا اور طالبان صادق اور مستعدان واثق اس بلدہ کے آنحضرت کو غنیمت جان کر اُن کی صحبت مین حاضر ہوتے تھے از انجملہ ایک اُس شہر کے بزرگون مین سے کہ سادات عظام سے تھے انھون نے آنحضرت سے نہایت درجہ محبت اور اتحاد بہم پہونچایا اور جب وہ بزرگوار چند روز آنحضرت کی صحبت مین نہ پہونچے اُن کے ایک آشنا سے پوچھا کہ کیا سبب ہی چند روز سے وہ میرے پاس تشریف نہین لاتے اس نے جواب دیا کہ دانتون کے درد کی شدت سے اُن کا منھ ورم کر آیا ہی اور تپ محرق مین گرفتار اور درد کی شدت سے نالان اور بیقرار ہی شیخ نے فرمایا کہ وہ جوان قابل ہی مین اُس کی عیادت کو جاؤن گا جب ہمراہ جوان کے اس کے بالین پر تشریف لے گئے

دیکھا کہ وہ سید درد دندان کے سبب تپ محرق مین بستر علالت پر پڑا ہوا لوٹتا ہی شیخ بعد مزاج پرسی کے ایک لحظہ سکوت کرکے اُس کے مرض کی طرف متوجہ ہوے اور ایک ساعت کے بعد سر اُٹھایا اس عرصہ مین درد اُس سید زادہ کے دانتون کا بالکل دفع ہوا صحت پائی اور ورم اس کے منہ کا شیخ کے چہرۂ مبارک پر منتقل ہوا جب سید نے اُس سے نجات پائی شیخ منزل مقصود کی طرف راہی ہوے اور وہ سید زادہ اپنے مکان کے دروازہ تک مشایعت کرکے اپنی صحت سے خوش وقت ہوا اور شیخ پندرہ روز اُس مرض مین مبتلا رہے آخر کو برطرف ہوا اور یہ سلب مرض کا عمل خانوادۂ نقشبندیہ کا ہی رضوان اللہ علیہم اجمعین اور قیاساً معلوم ہوتا ہی کہ جوگی اور سلطان زین العابدین کا بھی معاملہ ایسا ہی ہوگا واللہ اعلم بحقیقۃ الحال اور اُن دونون شاہزادون نے آپس مین نزاع کی اور آدم خان یعنی سلطان کا بڑا بیٹا اپنے باپ کے حکم کے بموجب کشمیر سے برآمد ہوا اور جمعیت سوار اور پیادے اور گولہ انداز اور تیر اندازون کی بہم پہنچاکر ولایت تبت کو سہلترین وجہ سے فتح کیا اور غنیمت بہت سلطان کے پاس لایا سلطان محظوظ ہوا اور اُس پر نظر نوازش مبذول فرمائی اور حاجی خان کو لوہرکوٹ کیطرف نامزد کیا اور آدم خان کو حاجی خان کی ناموافقت کے سبب اپنے پاس نگاہ رکھا اور بعضے مفسدان واقعہ طلب نے حاجی خان کو اغوا کرکے لوہرکوٹ سے سلطان کے بدون حکم کشمیر کی سمت روانہ کیا سلطان نے پہلے پیغام بھیجکر اُسے نصیحت کی اور کشمیر کے آنے سے مانع ہوا جب اُس نے شاہ کا ارشاد گوش ارادت سے نہ سنا اور اپنے ارادہ سے باز نہ آیا آخر کو سلطان خود مع لشکر عظیم کشمیر سے برآمد ہوا اور بلپل کے میدان مین بعزم جنگ فروکش ہوا اس وقت حاجی خان نے اپنے فعل زشت سے نادم ہوکر چاہا کہ شاہ کی ملازمت مین حاضر ہون لیکن اس کے سپاہیون نے نہ مانا آخر وہ صف جنگ درست کرکے میدان مین آیا اور آتش جنگ مشتعل ہوئی اور سردار نامی طرفین کے کام آئے اور آدم خان نے اس معرکہ مین داد مردی اور مردانگی کی دی اور صبح سے شام تک تنور جنگ گرم رہا آخر کو حاجی خان تاب مقاومت نہ لایا اور افواج اس کی مغلوب ہوئی اور بہیرہ پور کی سمت بھاگی آدم خان نے پیچھا کرکے اکثر مفسدون کو علف تیغ خون آشام کیا اور چاہا کہ جب تک حاجی خان گرفتار نہو کسی مقام مین قیام نہ کرون سلطان نے اُسے تعاقب سے باز رکھا حاجی خان بقیۃ السیف کو ہمراہ لے کر بہیرہ پور سے نہیر مین گیا اور زخمیون کے معالجہ مین مشغول ہوا سلطان بعد فتح کشمیر مین آیا اور مخالفون کے سرون سے ایک مینار بلند بنایا اور حاجی خان کے لشکر کے اسیرون کے لیے حکم قتل نافذ فرمایا اور ولایت کا مزاج کی سپاہ آدم خان کے ہمراہ نامزد فرمائی اور آدم خان اس جماعت کی کہ حاجی خان کے باعث اغوا ہوئی تھی جستجو کرتا تھا اور ان کے اہل عیال پر نہایت ایذا اور صعوبت پہونچاکر زر خطیر وصول کرتا تھا بسبب اس تقریب کے اکثر سپاہی حاجی خان سے جدا ہوکر آدم خان کے شریک ہوئے اور سلطان نے بعد اس واقعہ کے آدم خان کو ولیعہد کیا اور آدم خان نے چھ برس حکومت باستقلال تمام کی اور ملک آباد تھا اس کے بعد ولایت کشمیر مین

ایسا قحط پڑا کہ آدمی بھوک کی شدت مین نان کے عوض مین جان دیتے تھے اور سونے اور چاندی کو چھوڑ کر غلہ اور اذوقہ کی چوری کو غنیمت جانتے تھے فقرا اور غربا بیوہ خام کھانے سے ہر طرف مرتے تھے اور بعضے بھوکے بھوسی پر قناعت کرتے تھے وہ بھی میسر نہوتی تھی اس واقعہ سے سلطان محزون اور غمگین رہتا تھا اور ذخیرہ کا غلہ رعایا پر تقسیم فرماتا تھا جب قحط کی بلا بالکل دفع ہوئی سلطان نے بعضے محال مین چوتھا حصہ اور بعضے مقامون مین ساتوان حصہ خراج کا لکھ دیا اور آدم خان نے ولایت کمراج پر جب قدرت پائی قسم قسم کے ظلم و جور اس حدود مین برپا کیے اور جس شخص کے پاس جو شے دیکھتا تھا چھین لیتا تھا اور بہت لوگ اس کے ہاتھ سے عاجز ہوکر سلطان کے پاس داد خواہ ہوئے اور جو حکم کہ سلطان اس پر نافذ فرماتا تھا وہ ہرگز قبول نہ کرتا تھا بلکہ قطب الدین بیجی مین اقامت کی بنیاد ڈال کر سلطان کے مقابلہ کے واسطے لشکر بیشمار فراہم کیا اور سلطان نے اس سے متوہم ہوکر کسی حیلہ اور بہانہ سے تسلی دیکر پھر اسکو کمراج کی طرف بھیجا اور شر کے دفع ہونے کے واسطے بحسب ضرورت حاجی خان کے نام باستمالت تمام فرمان بھیجکر بسرعت طلب کیا اتفاقاً انھین دنون مین آدم خان کامراج سے برآمد ہوا اور حاجی خان سے لڑکر اسے شکست دے کر سوپور کو غارت کرکے خاک سیاہ کیا اور سلطان نے یہ خبر سنکر افواج قاہرہ آدم خان کے سر پر بھیجی اور طرفین نے ایسی جنگ عظیم کی کہ مافوق اس سے متصور نہین ہی اور بہادران آدم خان مقتول اور مغلوب ہوئے اور اس کے فرار کے وقت پل سوپور کا جو دریاے بہٹ پر واقع تھا ٹوٹ گیا اور تین سو مرد اہل ہنر آدم خان کے غرق ہوے اور سلطان اس وقت شہر سے برآمد ہوکر سوپور کی سمت روانہ ہوا اور رعایا کو دلاسا کرکے آب بہٹ کے اس طرف نزول اجلال فرمایا اور دریاے بہٹ کے اس پار آدم خان فروکش ہوا اور اس وقت حاجی خان سلطان کے حسب الحکم نیچے کے راستہ سے کرنام ایک موضع کا ہزار سولہ کے قریب پہونچا اور سلطان نے اپنے چھوٹے بیٹے کو جس کا نام بہرام خان تھا حاجی خان کے استقبال کو بھیجا اور ان دونون بھائیون نے آپس مین خصوصیت اظہار کی اور آدم خان حاجی خان کے آنے سے رنجیدہ ہوا اور خوف وہراس نے اس پر غلبہ کیا شاہراہ کے راستہ سے بھاگا نیلاب مین جاکر پناہ لی اور سلطان نے حاجی خان کو ہمراہ لے کر شہر کی طرف مراجعت فرمائی اور نظر الطاف اس پر مبذول کرکے ولیعہد کیا اور وہ بھی شب و روز کمر خدمت پر باندھکر اخلاص و ادب مین دقیقہ نامرعی نہ چھوڑتا تھا اور تقصیرات سابق کی تلافی بوجہ احسن کرکے ایسی شاہ کے دل مین جگہ کی کہ سلطان نے اور فرزندون سے زیادہ تر اس پر رعایت فرمائی اور ایک ٹپکا اور ایک شمشیر جو جواہر قیمتی سے مرصع اور مکلل تھے اسے مرحمت کیے اور اس کے آدمیون کے واسطے مناصب اور جاگیرین مقرر فرمائین اور چند روز کے بعد سلطان حاجی خان سے بسبب ہم نوشی مدام اور قبول نہ کرنے نصیحت کے آزردہ ہوا جب سلطان کو اسہال و موی یعنی خون کے دست شروع ہوے اور مزاج اس کا حاجی خان سے متغیر ہوا مہمات شاہی معطل اور ملتوی رہے

اور اعیان حضرت نے سلطان سے پوشیدہ آدم خان کو طلب کیا اور آدم خان نے آن کر شاہ کو دیکھا لیکن آنا اور نہ آنا اُس کا مساوی ہوا سلطان ہرگز اُس پر التفات نہ کرتا تھا لیکن آدم خان بھائیون کے ساتھ عہد و پیمان درمیان مین لایا اور امرا سے بھی صلح اور موافقت کی چنانچہ خیر خواہون نے سلطان سے عرض کیا کہ ملک خراب ہوتا ہی اپنے شاہزادون مین سے جس کو لیئق جانین اُسے سلطنت تفویض فرمائین سلطان نے قبول نہ کیا اور کام تقدیر الٰہی پر چھوڑا اتفاقاً بھائیون کے درمیان رنجش بہم پہنچی بہرام خان نے گفتگو وحشت آمیز اپنے دونون بھائیون مین ڈالی اور اُنھین آپس مین دشمن کیا یہان تک کہ اُنھون نے اپنا عہد توڑ ڈالا اور آدم خان سلطان سے رخصت لے کر بھائیون سے جدا ہوا اور قطب الدین پور مین گیا اور جو اُن دنون مین سلطان پر ضعف پیری اور بیماری غالب ہوئی آب و طعام کی طرف ملتفت نہوتا تھا اس واسطے امرا اور وزرا فساد کے خوف سے شاہزادون کو سلطان کی عیادت کو نہ جانے دیتے تھے اور کبھی کبھی خلائق کی تسلی کے واسطے شاہ کو ایک مقام بلند پر بہزار تکلیف لاکر آدمیون کو دکھلاتے تھے اور نقارہ شادیانے کا بجاتے تھے اور ملک کو اس طور سے نگاہ رکھتے تھے القصہ حاجی خان اور بہرام خان مسلح ہوکر آدم خان کے مدافعہ پر آمادہ ہوے اور ہر روز اُس کے مقابلہ کو جاتے تھے اور سلطان کی بیماری اس خبر سے روز بروز افزون ہوتی تھی اور انھین دنون اُس کے ہوش و حواس مین فرق آیا اور بیہوشی طاری ہوئی جب ایک شبانہ روز سلطان بیہوش رہا آدم خان ایک رات کو تنہا قطب الدین پور سے سلطان کے دیکھنے کو آیا اور لشکر اطراف شہر مین محافظت کے واسطے چھوڑا اور وہ رات سلطان کے دیوانخانہ مین بسر کی اور حسن خان کجی کہ ایک امرائے نامدار سے تھا اُس نے اُسی رات امرا اور وزرا سے حاجی خان کی بیعت کروائی اور دوسرے دن آدم خان کو کسی حیلہ سے کشمیر سے نکال دیا اور حاجی خان کو بسرعت تمام طلب کیا حاجی خان دیوانخانہ مین آیا اور سلطان کے تمام اصطبل خاص کے گھوڑون پر متصرف ہوا اور لشکر بیشمار فراہم کرکے قلعہ کے باہر قیام پکڑا اور سلطان کے دیکھنے کی تمنا کی لیکن دشمنون کے غدر کے اندیشے سے محل مین نہ جا سکا اور آدم خان حاجی خان کی خبر دیوان عام کے داخلہ اور اُس کے غالب ہونے کی سُنکر کشمیر سے برآمد ہوا اور بارہمولہ کے راستے سے قصد ہندوستان کا کیا اس سبب سے اس کے نوکر مایوس اور بیدل ہوکر اُس سے جدا ہوے اور زین لارک کہ حاجی خان کے ایک امرائے معتبر سے تھا اُس نے ایک جماعت اپنے ہمراہ لے کر آدم خان کا پیچھا کیا اور آدم خان بھی اُس کا مقابلہ کرکے خوب لڑا اور زین لارک کے بھائیون اور عزیزون کو قتل کرکے نکل گیا اور اس وقت حسن خان بیٹا حاجی خان کا جو بچہ مین تھا اپنے باپ کی خدمت مین حاضر ہوا اور حاجی خان نے اُس کے آنے سے قوت تمام پائی کام اُس کا بالا ہوا اور جمعیت اور استقلال نہایت درجہ حاصل ہوئی اور سلطان زین العابدین اٹھتر برس کی عمر مین آخر ۸۷۴ آٹھ سو ستتر ہجری مین فوت ہوا مدت اُس کی سلطنت کی باون برس تھی۔

ذکر حاجی خان المخاطب شاہ حیدر کی شاہی کا

حاجی خان نے اپنے باپ کے انتقال کے تین روز بعد خطاب شاہ حیدر پایا سکندر پور مین جو بوسہ کہلاتا ہو اپنے باپ دادا کے آئین کے موافق تخت سلطنت پر جلوہ گر ہوا اور اہل استحقاق کو زر خطیر نثار فرمایا اور اُسکے بھائی بہرام خان اور اُس کے فرزند حسن خان نے اپنے ہاتھ سے تاج سلطنت اُسکے زیب سر کرکے خدمت مین قیام کیا **بیت** چو مرگ افگند انسرے از سرے ✤ نہد آسمان بر سر دیگرے ✤ شاہ حیدر نے ولایت کمراج حسن خان کو جاگیر دے کر امیر الامرا اور اپنا ولیعہد کیا اور ولایت ناکام بہرام خان کو جاگیر دے کر اُسے خوشدل کیا اور اطراف کے راجاؤن کو جو تغزیت اور تہنیت کے واسطے حاضر ہوے تھے خلعت اور گھوڑے دے کر رخصت کیا لیکن اکثر امرا اُس سے ناراض ہوکر جاگیرون پر گئے تھے اور جو بادشاہ ملک کے احوال سے بیخبر اور غافل تھا وزیرون سے قسم قسم کے ظلم و تعدی رعایا پر ہوتے تھے اور شاہ نے لولے نام حجام کو اپنے قرب مین ایسی خصوصیت بخشی تھی کہ جو کچھ وہ کہتا تھا شاہ اُسپر عمل کرکے سر مو تجاوز نہ کرتا تھا اور وہ حجام آدمیون سے رشوت لیتا تھا اور جس شخص سے بدظن ہوتا تھا اُس سے سلطان کا مزاج منحرف کرتا تھا اور حسن خان کچھی کہ جس نے زیادہ تر اس کی بیعت مین کوشش کی تھی لولے حجام کے اغوا سے مارا گیا اور اُس وقت مین آدم خان لشکر کثیر فراہم لاکر بانتزاع ملک ولایت جمو مین پہونچا تھا جب اُسنے حسن خان کچھی کی خبر قتل سنی فسخ عزیمت کی اور ملک دیو راجہ جمو کی برفاقت اُن مغلون کے جنگ کے واسطے کہ اس نواح مین آئے تھے روانہ ہوا قضا را اُس معرکہ مین ایک تیر آدم خان کے دہن مین ایسا لگا کہ اس زخم کے صدمہ سے جانبر نہوا شاہ حیدر اُس کی خبر وفات سُنکر غمگین ہوا اور نعش اُس کی جنگ گاہ سے اُٹھوا کر باپ کے مقبرہ کے نزدیک مدفون کی اور جو اُن دنون مین شاہ بسبب شرب مدام امراض صعب مین مبتلا ہوگیا تھا امرا نے اس کے غیبت مین بہرام خان سے اتفاق کرکے چاہا کہ اُسے تخت پر بٹھادین اور جب یہ خبر فتح خان ولد آدم خان کو جس نے شاہ کے حسب الحکم ہند کی سرحد پر جاکر بہت قلعہ فتح کیے تھے پہونچی وہ مع لشکر جرار بطریق ایلغار کشمیر مین داخل ہوا اور غنائم بے شمار شاہ کی خدمت مین لایا لیکن جو شاہ کی بلا اجازت آیا تھا اہل غرض نے باتین موحش کہکر شاہ کا مزاج اُس سے متغیر اور منحرف کیا اور اُسکی جانفشانی اور کوئی خدمت شاہ کو مقبول اور منظور نہوئی الغرض ایک دن بادشاہ قصر کجگردہ کے کمرہ پر برآمد ہوکر شرب شراب مین مشغول تھا حالت مستی مین پانوٗن نے اُسکے لغزش کی اس قصر رفیع سے زمین پر گرا اور مرگیا

مدت اُسکی سلطنت کی ایک سال اور دو ماہ تھی

ذکر شاہ حسن ولد شاہ حیدر کی سلطنت کا

شاہ حسن اپنے باپ کے ایک شبانہ روز کے بعد احمد اسود کی سعی کے سبب تخت شاہی کشمیر پر متمکن

ہوا اور دوسرے دن اُن لوگون کو جن سے متوہم تھا قید کیا اور سکندر پور سے نئے شہر مین جا کر استقامت کی اور خزانہ باپ اور دادا اور چچا کا آدمیون پر نثار کیا اور احمد اسود کو ملک احمد خطاب دے کر مہمات سلطنت اُس سے رجوع کین اور اس کے بیٹے نوروز کو دروازہ کا حاجب کیا اور بہرام خان اپنے فرزند کو لے کر کشمیر سے برآمد ہو کر ہندوستان کی طرف عازم ہوا اس وجہ سے سپاہ اُس سے جدا ہوئی اُس کا احوال عنقریب مذکور ہوگا اور شاہ حسن نے شاہ زین العابدین کے قواعد اور ضوابط جو شاہ حیدر کے عہد مین یکقلم موقوف اور معدوم ہو گئے تھے از سر نو زندہ کیے اور مدار کار اُنھین آئین پر چھوڑا اور اُس وقت کہ بعضے مفسدون اور فتنہ انگیزون نے بہرام خان کے پاس جا کر اُسے جنگ کی تحریص کی اور بعضے امرا نے بھی اُسے معروضہ بھیجا طلب کیا بہرام خان ولایت کرمار سے پلٹ کر پہاڑون کے راستہ سے ولایت کمراج مین پہونچا سلطان اس وقت بقصد سیر دنیاپور مین گیا تھا یہ خبر سنکر اپنے چچا سے لڑنے کو سوپور کی طرف روانہ ہوا اور بعضے آدمیون نے شاہ کو سمجھایا کہ آپ کو ہند کی طرف جانا مناسب ہے لیکن ملک احمد اسود نے اُسے جنگ کی ترغیب دیکر ہند کی روانگی سے باز رکھا شاہ کو اُس کی راے پسند آئی ملک تاج خان کو مع لشکر گران بہرام خان کے مقابلہ کو بھیجا اور بہرام خان اس امر کا مترصد تھا کہ لشکر سلطانی میرا شریک ہوگا لیکن اُس کے خلاف عمل مین آیا اور موضع نوراپور مین جنگ شدید واقع ہوئی اور اُس حرب وضرب مین ایک تیر بہرام خان کے دہن پر لگا کہ شکست کھا کر مرہٹہ کے سمت بھاگا اور افواج شاہی اُس کے تعاقب مین روانہ ہوئی چنانچہ اُسے اور اُس کے فرزند کو گرفتار کر لائی اور اُس کا تمام ساز وسامان لوٹ لیا اور وہ بحال خراب شاہ کے پاس پہونچے شاہ نے دونون کو قید کیا اور چند روز کے بعد بہرام خان کی آنکھون مین سلائی پھروائی تیسرے روز مرغ روح اُس کا قفس تن سے پھڑک کر عالم باقی کی طرف پرواز کر گیا اور زین بدر جو شاہ زین العابدین کا وزیر تھا اور ملک احمد اسود سے تنازع رکھتا تھا اُس نے بہرام خان کی آنکھون مین سلائی پھیرنے کے لیے بہت کوشش کی تھی شاہ حسن نے اُس کو گرفتار کر کے اُسی سلائی سے کہ جس سے بہرام خان کو اندھا کیا تھا اس کو رنک کو بھی کور کیا اور وہ بھی تین برس کے بعد قید خانہ مین مر گیا **مصرع** کار بدکردہ را سزا انیست ۞ اور ملک احمد اسود کی وزارت زین بدر کے مرنے سے چکی یعنی استقلال حاصل ہوا اور اُس نے ملک باری بہٹ کو مع لشکر آراستہ دہلی کی طرف عجب دیو راجہ جموں کی حمایت کیواسطے راجوری کے راستہ سے روانہ کیا اور راجہ مذکور نے ملک باری بہٹ سے ملاقات کی ملک باری بہٹ نے لشکر انبوہ اسکی مدد کو دیا اور وہ جا کر تاتارخان سے جو از جانب بادشاہ دہلی ولایت پنجاب اور دامن کوہ کا حاکم تھا لڑا اور اُس کی ولایت تاراج کر کے شہر سیالکوٹ کو خراب اور ویران کیا القصہ سلطان حسن کی خاتون کے بطن سے جو سید حسن بن سید ناصر کی دختر تھی دو فرزند توام یعنے جوڑواں پیدا ہوئے سلطان نے ایک کا نام محمد رکھا اور اُسے ملک باری بہٹ کو پرورش کے واسطے سپرد کیا اور دوسرے کا اسم حسین رکھکر ملک نوروز ولد ملک احمد اسود کو دیا اور اُس کی تربیت کی تاکید فرمائی اور اُن دونون مین ملک احمد اور

ملک باری سے ایسی رنجش ہوئی تھی کہ ایک دوسرے کو نہ دیکھ سکتا تھا اور امرا کے درمیان مین بھی دشمنی اور خصومت بہم پہونچی تھی یہان تک کہ بڑے بڑے معرکے واقع ہوئے رفتہ رفتہ یہ نوبت پہونچی کہ ایک رات کو سب جمعیت کرکے شاہ کے دیوانخانہ مین در آئے اور دست اندازی کرکے آگ لگائی اس سبب سے سلطان نے ملک احمد اسود کو مع عزیز و اقارب اور اعوان و انصار گرفتار کرکے قید کیا اور مال اُس کا تاراج کیا اور وہ قید خانہ مین مرگیا شاہ حسن نے سید ناصر کو جو سلطان زین العابدین کا مقرب تھا بلکہ سلطان مجلس مین اُسے اپنے اوپر تقدیم دیتا تھا اُسے کشمیر سے نکال دیا اور چند روز کے بعد پھر مقام عنایت مین ہوکر اسے اُس ولایت سے طلب کیا سید ناصر جب کوہ پیر پنجال کے درہ کے قریب پہونچا بقضائے الٰہی سے فوت ہوا پھر شاہ نے سید حسن ولد سید ناصر کو جو حیات خاتون کا والد تھا دہلی سے طلب کیا اور زمام اختیار اُس کے کف اقتدار مین دی سید حسن نے مزاج شاہ امرائے کشمیر سے منحرف کیا اور ایک جماعت کثیر اعیان ملک سے قتل کی اور ملک باری کو قید کیا اور بقیۃ السیف بھاگ کر اطراف و جوانب مین گئے اور جہانگیر ماکری کہ امرائے کبار سے تھا اس نے بھاگ کر لوہرکوٹ کے قلعہ مین پناہ لی اور بعد اس کے سلطان حسن کو کثرت جماع سے مرض اسہال طاری ہوا اور ضعف اور ناتوانی نے اس پر غلبہ کیا زندگی سے مایوس ہوکر ارکان سلطنت سے وصیت کی کہ میرے فرزند صغیر ہین اس لیے یوسف خان ولد بہرام خان کو جو قید ہی یا فتح خان ولد آدم خان کو جو حبسر و تھ مین ہے سریر سلطنت پر بٹھاؤ اور محمد خان کو ولیعہد کرو سید حسن نے ظاہر مین قبول کیا اور سلطان اُس مرض سے جانبر نہوا مدت اُسکی حکومت کی معلوم نہ تھی اس وجہ سے قلم انداز ہوئی

ذکر محمد شاہ ولد حسن خان کی سرداری کا مرتبہ اول

محمد خان سات برس کا تھا سید حسن کی سعی سے مسند حکومت پر فائز ہوا اور جب اُس روز اُس کے روبرو تمام اسباب طلائی اور نقرئی اور ہتھیار اور لباس اور متاع نفیسہ لائے اُسنے کسی شی کی طرف التفات نہ کی گمان ہاتھ مین لی حاضرین نے یہ عمل مشاہدہ کرکے اُس کی بزرگی اور مردانگی پر دلیل کی اور آپس مین کہنے لگے کہ یہ بادشاہ امور جہانبانی مین نہایت کوشش کریگا اور اُسوقت مین سیدون کا اس قدر عروج اور استقلال ہوا تھا کہ کسی امرا اور وزرائے اہل خطہ کو سلطان کی ملازمت مین جانے نہ دیتے تھے کشمیریون نے اس امر سے تنگ آکر ایک رات کو باتفاق راجہ جمو جوتاتار خان لودھی کے خوف سے کشمیر مین پناہ لایا تھا سید حسن کو مع تیس نفر اعیان سادات سے جو نوشہرہ کے باغ مین تھے غدر سے قتل کیا اور آب بہٹ سے عبور کرکے پل توڑ ڈالا اور اسطرف جمعیت کرکے بیٹھے اور سید محمد ولد سید حسن جو سلطان کا خالو تھا جمعیت کرکے سلطان کی محافظت کیواسطے دیوانخانہ مین آیا اور ایسی شب مین کہ فتنہ عظیم واقع ہوا تھا ہر شخص حیران تھا عبد زینا نے چاہا کہ یوسف خان بن بہرام خان کو جو قید خانہ مین تھا نکال لے جاوے سید علے نامے ایک امرائے سادات نے اس امر سے آگاہی پاکر یوسف خان کو

قتل کیا اور باجی بھٹ کو بھی جو یوسف خان کے قتل ہونے سے تاسف کرتا تھا قتل کیا اور یوسف خان کی والدہ نے کہ جس وقت سے بیوہ ہوئی تھی دیا کا کارخانہ ہیچ سمجھکر تمام دن روزہ رکھتی تھی اور افطار کے وقت جو کی روٹی تین لقمہ سے زیادہ تناول نہ کرتی تھی اپنے فرزند کی نقش بادل پاشی میں تین روز نگاہ رکھی اور اس کے بعد دفن کی اور ایک حجرہ اُس کے مقبرہ کے قریب بناکر مدۃ العمر اُس میں رہی یہاں تک کہ ودیعت حیات قابض ارواح کے سپرد کی القصہ سید علی خان مع سادات دیگر مخالفون کی جنگ میں مشغول ہوا اور جانبین سے تیر و خدنگ کی لڑائی ہونے لگی طرفین سے آدمی بہت قتل ہونے اور چوراوڑ کو شہر کو علانیہ تاراج کرنے لگے پھر سیدون نے ایک خندق شہر کے گرد کھودکر چوردن کی شر سے نجات پائی اور مکان مخالفون کے شہر یا مواضع میں جہاں تھے سب کو خاک برابر کیا اور نہایت عجب اور تکبر سے محافظت اور نگہبانی نہ کرتے تھے اُس درمیان میں جہانگیر باکری کہ لوہرکوٹ میں رہتا تھا مخالفین کے حسب الطلب پہونچا ہرچند سید اُسے صلح کا پیغام بھیجتے تھے وہ قبول نہ کرتا تھا ایک روز داؤد خان ولد جہانگیر باکری اور شمس باکری پل سے عبور کرکے سیدون سے لڑے داؤد خان مع اکثر مخالفین مارا گیا اور سادات خوش ہوے اور نقارے شادیانہ کے بجائے اور سر مخالفون سے مینار ی بنائی دوسرے دن سیدون نے چاہا کہ دھاوا کرکے پل سے عبور کریں مخالف سد راہ ہوے اور پل کے درمیان میں جنگ عظیم واقع ہوئی اور پل ٹوٹ گیا خلائق طرفین سے بہت غرق ہوئی اس کے بعد سیدون نے تاتار خان لودھی حاکم پنجاب کو خط لکھکر کمک کی درخواست کی چنانچہ اُس نے فوج بیشمار اُن کی مدد کے واسطے بھیجی لیکن جب لشکر اُس کا جہیر کی نواح میں پہونچا دھنس نام وہان کا راجہ اُس فوج سے لڑا اور اس نے کئی آدمی بہادر اور نامی قتل کیے مخالف یہ خبر سنکر خوشحال ہوے اور سادات اور کشمیریون کے درمیان دو ماہ تک جنگ قائم رہی آخر کو کشمیریون نے اپنی فوج کے ہمین بزن کرکے آب سے عبور کیا اور چار دن طرف سے پہاڑ کو گھیر لیا اور سیدون نے اُن سے مقابلہ کرکے داد مردی اور مردانگی دی اور جو جمعیت مخالفون کی بہت زیادہ تھی اکثر سیدون کے سردار قتل ہوے اور باقی منہزم ہوکر شہر میں آئے اور کشمیریون نے تعاقب کرکے ہاتھ قتل و غارت میں دراز کیا اور شہر میں آگ لگائی وہ آگ حضرت امیر کبیر میر سید ہمدانی رضی اللہ عنہ کے خانقاہ معلے کے قریب پہونچکر بجھ گئی اور خانقاہ معلے کو کچھ آسیب نہ پہونچا اور اس روز عدد مقتولون کے دس ہزار شمار ہوے تھے اور یہ واقعہ ۸۹۳ آٹھ سو بانوے ہجری میں واقع ہوا تھا اور سید محمد سید حسن نے مسمی کہرائی کے مکان میں جاکر پناہ لی اور مخالف تمام ایکجا ہوکر دیوانخانہ میں بادشاہ کے مجرے اور سلام کو گئے اور شاہ کو موافق کرکے سید علی خان کو مع دیگر سادات کشمیر سے نکال دیا اور پرسرام کو زرخیطر دے کر رخصت کیا اور جو کہ ہر ایک کشمیری دعوے سرداری کا رکھتا تھا تھوڑے عرصہ میں اُن کے درمیان مخالفت اور دشمنی ظاہر ہوئی اور سلطنت کے انتظام میں فتور واقع ہوا اور فتح خان ولد آدم خان بن شاہ زین العابدین جب بعد وفات تاتار خان لودھی کے جالندھر سے

بقصد انتزاع مملکت موروثی راجوری مین آن کر مقیم ہوا اور مردم واقعہ طلب اور جنگ جو امرا اور وزرا سے فوج فوج اُس کے پاس پہونچے وہ اُن مین سے ہر ایک کو انعام دے کر امیدوار کرتا تھا اور وہ متوقع اس امر کا تھا کہ جہانگیر ماکری سب سے پیشتر آن کر مجھسے ملاقات کرے اور جہانگیر ماکری اس خیال سے کہ مخالفون نے پیشتر جاکر فتح خان سے ملاقات کی ہے حاضر نہوا محمد شاہ کو کشمیر سے ہمراہ لے کر میدان کرسوار مین فروکش ہوا اور فتح خان نے بھی ہیرہ پورہ کے راستہ اودن کی نواحی مین پہونچکر دریا پر قبضہ کیا اور شاہ کے مقابل آیا اور طرفین سے صفوف جنگ آراستہ ہوئین اور تنور حرب گرم ہوا پہلے فتح خان نے غلبہ کیا قریب تھا کہ لشکر سلطان کا متفرق اور پریشان ہووے آخر جہانگیر ماکری نے پاے ثبات زمین معرکہ مین محکم کرکے پچاس مردنامی اور جرار فتح خان کے لشکر کے قتل کیے اور فتح خان کا لشکر شکست کھاکر متفرق ہوا اور قریب تھا کہ فتح خان جہانگیر ماکری کے تعاقب سے گرفتار ہووے کہ ایک منافق نے اثناے تعاقب مین یہ خبر دروغ مشہور کی کہ سلطان محمد شاہ کو مخالفون نے گرفتار کرلیا جہانگیر یہ خبر سنکر اُس کے تعاقب سے باز رہا اور سلطان نے مظفر اور منصور ہوکر کشمیر کی طرف معاودت فرمائی اور ملک باری بھٹ کو اُن زمینداروں کے مواضع کی تاراجی کے واسطے جنھون نے فتح خان کو جگہ دی تھی بھیجا اور فتح خان کہ غائب تھا پھر بہرام کلہ کے نواح مین کہ مواضعات کشمیر سے ہے ظاہر آیا اور دوبارہ جمعیت بہم پہونچاکر کشمیر کی تسخیر کو آیا جہانگیر ماکری مع لشکر انبوہ اُس کے مقابلہ کے واسطے برآمد ہوا اور موضع کہوا کے میدان مین کہ پرگنہ ناکام سے ہے داخل ہوا وزیر جو فتح خان کا خدمتگار تھا اُس وقت فرصت پاکر شہر کی طرف گیا اور سیفی اور وانگری کو جو جماعت کثیر اُمرا قید تھے سب کو قید خانہ سے رہا کردیا جہانگیر ماکری ان کی رہائی سے غمگین ہوا اور فتح خان سے صلح کا ارادہ کیا اور راجوری کے راجہ کو کہ فتح خان اُس کی مدد کو آیا تھا پیغام کیا کہ فتح خان کے لشکر مین تفرقہ ڈالے اور راجوری کے راجہ اور جہانگیر ماکری نے متفق ہوکر فتح خان کو شکست دی اور ہیرہ پور تک اُس کا پیچھا کیا اور فتح خان نے ملک جموکو جاکر فتح کیا اور لشکر کثیر اور جمعیت غفیر بہم پہونچاکر دوبارہ بنیت تسخیر کشمیر کے آیا اور جہانگیر ماکری نے سیدون کو جو قبل اس کے بکمال دلجمعی اور دلاسا کرکے طلب کیا پھر سلطان اور فتح خان سے جنگ عظیم ہوئی اور سیفی وانگری نے بھی فتح خان کی طرف سے جنگ مردانہ بلکہ رستمانہ کی اور سلطان کی سمت سے سیدون نے خوب داد مردی اور مردانگی دی اور ایک جماعت کثیر ان مین سے بدرجۂ شہادت فائز ہوئی اور جو کہ ان مین سے باقی رہی سلطان اور جہانگیر ماکری کی محل اعتماد ہوئی اور اُس مرتبہ بھی فتح خان شکست پاکر بھاگ گیا اور پھر ایک لشکر انبوہ فراہم کرکے کشمیر پر چڑھائی کی اور غالب ہوا۔ بیت

گل شادی اگر خواہی ز خار غم مکش دامن	قدم گر طالب گنجی بکام اژدہا در نہ ✤

اور یہ نوبت پہونچی کہ سلطان محمد شاہ کے پاس کوئی نہ رہا اور خزانے اُس کے لٹ گئے اور جہانگیر ماکری زخمی ہوکر کسی طرف بھاگ گیا اور میر سید بن سید حسن فتح خان کا شریک ہوا اور بعد

چند روز کے محمد شاہ کو زمینداروں نے گرفتار کرکے فتح خان کے سپرد کیا اور اُس وقت دس سال اور سات ماہ اُس کی شاہی سے منقضی ہوے تھے اور فتح خان اُسے مع اپنے بھائیوں کے دیوانخانہ مین نگاہ رکھتا تھا اور حکم دیا تھا کہ تمام سامان عیش وعشرت اور اکل وشرب اور جمیع ضروریات اُس کے واسطے مہیا رکھین اور سیفی وانکری اُس کی خدمت مین قیام کرکے کوئی دقیقہ تعظیم وتکریم کا فروگذاشت نہ کرتے تھے

ذکر فتح شاہ بن آدم خان کی حکومت مرتبہ اول کا

فتح خان بن آدم خان سنہ ۸۶۴ آٹھ سو چونسٹھ ہجری مین اپنا فتح شاہ خطاب رکھکر سریر شاہی پر متمکن ہوا اور سیفی وانکری کو اپنے مہات کا مدار المہام کیا اس وقت مین میر شمس یعنی شاہ قاسم انوار بن سید محمد نوربخش کا مرید عراق سے کشمیر مین آیا اور خلائق کا محل اعتماد ہوا اور اُس کے مریدون کے مصارف کے واسطے مواضع وقف ہوے اور خانقاہ اور املاک رہنے کو ملی اور صوفی معابد کفار کی خرابی اور ویرانی مین کوشش کرتے تھے اور کوئی تعین مانع نہو سکتا تھا غرضکہ عرصہ قلیل مین مردم کشمیر خصوصًا طائفہ چک میر شمس کے مرید ہوے اور لباس تصوف مین اُس کا مذہب کہ مذہب شیعہ تھا اختیار کیا اور اکثر لوگ اُس نواح کے اُس مذہب مین داخل ہوے اور بعضے کہ جاہل تھے اور میر شمس کے رمز اور باریکی نہ سمجھتے تھے اُسکے بعد وفات ملحد ہوے اور ماوراء اس کے امرا کے درمیان نزاع اور خصومت بہم پہونچی دیوانخانہ سلطانی مین آن کر بطور خانہ جنگی ایک نے دوسرے کو قتل کیا ملک اجھی اور زینا کہ فتح خان کے اعیان سے تھے محمد خان کو محبس سے برآوردہ کرکے بارہمولہ مین لائے جب اُس مین رشد کے آثار مشاہدہ نہوئے اس حرکت سے نادم ہوکر چاہا کہ پھر محمد شاہ کو گرفتار کرکے فتح خان کے سپرد کرین محمد شاہ یہ خبر سنکر اپنے باپ کی جاگیر کی سمت راہی ہوا اور بعد اسکے فتح شاہ نے ولایت کشمیر کو درمیان اپنے اور ملک اجھی اور سنکر کے برابر تقسیم کی اور ملک اجھی کو وزیر مطلق اور سنکر کو دیوان کل کیا اور ملک اجھی قضایا کے فیصل کرنے مین فراست کی تیزی سے نہایت دستگاہ رکھتا تھا ازانجملہ یہ ہے کہ دو شخص ایک پیچک باریک ریشمی کے واسطے آپس مین نزاع رکھتے تھے ہر ایک کہتا تھا کہ یہ پیچک میری ہے جب قضیہ ملک اجھی کی سماعت مین وائر ہوا تو اُن سے یہ سوال کیا کہ یہ پیچک انگلی پر لپٹی ہے یا تختہ پر مدعا علیہ نے جواب دیا کہ انگلی پر اور مدعی نے عرض کی کہ تختہ پر جب کھولی گئی معلوم ہوا کہ انگلی پر لپٹی تھی القصہ جب ایک مدت فتح خان کی شاہی سے منقضی ہوئی ابراہیم یعنی جہانگیر ماکری کا بیٹا جسے منصب باپ کا تفویض ہوا تھا محمد شاہ کی خدمت مین جاکر ہندوستان سے تحریص کرکے ولایت کشمیر پر چڑھا لایا اور کھوہاسولہ کے اطراف مین اُس سے اور فتح شاہ سے جنگ شدید واقع ہوئی اور فتح شاہ کے لشکر نے شکست پائی اور فتح شاہ ہیرہ پور کے راستہ سے ہندوستان کی طرف گیا اور منقول ہے کہ فتح شاہ نے نو سال بادشاہی کی تھی کہ یہ واقعہ وقوع مین آیا ۔

ذکر محمد شاہ کی دوبارہ حکومت کا کشمیر پر اور بیان اُس وقت کے واقعات کا۔

محمد شاہ جب دوبارہ تخت شاہی کشمیر پر متمکن ہوا ابراہیم ماکری کو وزیر مطلق اور اسکندر خان کو جو شاہ شہاب الدین کی اولاد سے تھا اپنا ولیعہد کیا اور ابراہیم ماکری کے بیٹوں نے ملک اجمی کو کہ اُن کے پاس تھا قید خانہ مین جاکر قتل کیا اور فتح شاہ عرصہ قلیل مین جمعیت کثیر بہم پہونچاکر پھر کشمیر کی طرف متوجہ ہوا اور محمد شاہ تاب اُس کے مقابلہ کی نہ لاکر بے جنگ بھاگا مدت اس کی سلطنت کی اس مرتبہ نو ماہ اور نو روز تھی

ذکر فتح شاہ کی دوبارہ شاہی پانے کا

فتح شاہ دوبارہ کشمیر پر متصرف ہوا اور جہانگیر کو جو فرقہ بدرہ سے تھا وزیر مطلق اور سنکر زینا کو دیوان کل کیا اور سپاہ اور رعیت کے رفاہ کے واسطے عدل و انصاف کو مروج کیا اور محمد شاہ ہزیمت کھاکر شاہ سکندر لودھی کے پاس دہلی مین گیا اور شاہ موصوف نے لشکر بیشمار اُس کی امداد کے واسطے بھیجا اور جہانگیر بدرہ فتح شاہ سے رنجیدہ ہوکر محمد شاہ کی خدمت مین فائز ہوا اور اُسے راجوری کے راستہ سے کشمیر کی سمت لے گیا فتح شاہ نے جہانگیر ماکری کو اپنی فوج کا ہراول کرکے محمد شاہ کی جنگ کو بھیجا اور فتح شاہ کے لشکر نے شکست کھائی اور جہانگیر ماکری مع فرزند اس معرکہ مین مارا گیا اور فتح شاہ کے امراے معتبر سے علی شاہ وغیرہ اُس کی رفاقت چھوڑکر محمد شاہ کی ملازمت مین داخل ہوے فتح شاہ ناچار ہوکر ہندوستان کی طرف بھاگ گیا اور اسی سرزمین پر فوت ہوا اس مرتبہ مدت اُس کی شاہی کی ایک سال اور ایک ماہ تھی

تذکرہ سلطان محمد شاہ کی تیسری مرتبہ حکومت پر متمکن ہونے کا

نقل ہے کہ اس مرتبہ محمد شاہ نے سریر اجلاس کرکے نقارے شادیانہ کے بجائے اور سنکر زینا کو جو فتح شاہ کے امراے معتبر سے تھا قید کیا اور ملک کاجی چک کو کہ فراست اور شجاعت مین موصوف اور معروف تھا منصب وزارت پر منصوب فرمایا ملک کاجی بھی قضایا فیصل کرنے مین فراست عظیم رکھتا تھا ازانجملہ ایک یہ ہے کہ ایک محرر کی ایک زوجہ تھی اور وہ بحسب اتفاق اُس عورت سے چندے دور رہا عورت نے اُس کی غیبت مین بے صبری کرکے دوسرا شوہر کیا بعد اُس کے جب وہ محرر سفر سے آیا اُس سے اور دوسرے شوہر سے مناقشہ بہم پہونچا اور عورت نے شوہر اول کی تکذیب کی اور اُس کی شوہریت سے منکر ہوئی پھر تینون شخص ملک کاجی کے پاس داد خواہ ہوے اور چونکہ اُن مین سے کوئی شخص گواہ اپنے دعوی کے موافق نہ رکھتا تھا اس قضیہ کی تحقیقات اور تشخیص دشوار ہوئی آخر کو

ملک کاجی نے اُس عورت سے یہ بات کہی کہ تو سچ کہتی ہے اور یہ محرر جھوٹا ہے آ تھوڑا پانی میری دوات مین ڈال دے تو مین تیرے واسطے ایسی دست آویز لکھدون کہ بعد اس کے اُس کو تجھ سے کچھ سروکار نرہے عورت اُٹھی اور جس قدر پانی کہ ضرور تھا دوات مین ڈالا ملک نے کہا اور ڈال اُس نے تھوڑا پانی کہ سیاہی کو ضائع نہ کرے ڈالا اور اس عمل مین کمال احتیاط بجالائی اُس وقت ملک کاجی نے حاضرین سے کہا کہ اس کی احتیاط اور ہوشیاری سے یقین ہوتا ہے کہ یہ عورت لکھنے والے کی ہے پھر عورت نے بھی آخر کو اقرار کیا کہ یہ نویسندہ میرا بھائی خاوند ہے قضیہ فیصل اور مناقشہ دور ہوا الغرض جب محمد شاہ نے استقلال تمام بہم پہونچایا فتح شاہ کے اکثر امرا کو مثل سیفی و انکری وغیرہ کو تیغ سیاست سے قتل کیا اور سنکر زینا قضاے الٰہی سے فوت ہوا اور فتح شاہ کی نعش اُس کے نوکر ہندوستان سے کشمیر مین لائے محمد شاہ اس کے استقبال کو گیا اور شاہ زین العابدین کے مقبرہ کے اطراف مین دفن فرمائی اور یہ واقعہ ۹۲۲ھ نوسو بائیس ہجری مین واقع ہوا جب ملک کاجی جگ نے ابراہیم ماکری کو قید کیا اس کا بیٹا ابدال ماکری بعضے مردم بلند کے اتفاق سے سکندر خان بن فتح شاہ کو شاہ بنا کر کشمیر مین لایا اور محمد شاہ اور ملک کاجی جگ نول پور پرگنہ ماہکل مین ۹۳۱ھ نوسو اکتیس ہجری مین مخالفون کی جنگ کے واسطے وارد ہوئے اسکندر تاب مقاومت نہ لایا قلعہ کام مین پناہ لی اور ملک کاجی نے اُسے محاصرہ کیا اور چند روز فریقین کے درمیان مین جنگ قائم رہی اس درمیان مین امراے سلطان لقصد بغاوت سلطان سے جدا ہو کر سکندر شاہ کے پاس حاضر ہوے ملک کاجی نے اپنے بیٹے مسعود نام کو اُن کے مقابلہ کو بھیجا وہ جنگ مردانہ کر کے مارا گیا لیکن فتح مسعود کے ہمراہیون کو ہوئی اور اسکندر خان ناکام قلعہ ناکام چھوڑ کر نکل گیا اور ملک کاجی جگ قلعہ مین داخل ہوا اور تمام ماکری ورق گنجفہ کی طرح ابتر اور پریشان اسکندر خان کے پیچھے روانہ ہوے اور محمد شاہ نے منصور اور مسرور ہو کر اپنی دار الحکومت کی طرف مراجعت کی اور صاحب استقلال ہوا اور اس عرصہ مین شاہ کا مزاج دشمنون کی بدی اور بدگوئی کے سبب ملک کاجی سے منحرف ہوا اور ملک کاجی جگ متوہم اور ہراسان ہو کر راجوری کے سمت راہی ہوا اور اُس طرف کے راجاؤن کو اپنا مطیع اور فرمانبردار کیا اُس وقت مین اسکندر خان جو محمد شاہ سے شکست پا کر گیا تھا اب باتفاق ایک جماعت مغلان فردوس مکانی ظہیر الدین محمد بابر شاہ کے آ کر لوہر کوٹ پر متصرف ہوا اور ملک باری بھائی ملک کاجی جگ کا اس امر سے خبردار ہو کر اس کے مقابلہ کو گیا اور بعد جنگ اُسے دستگیر کر کے محمد شاہ کے پاس بھیجا شاہ اس دولتخواہی کے سبب ملک کاجی جگ سے راضی ہوا اور پھر عہدۂ وزارت اُس کے تفویض فرمایا اور اسکندر خان کی آنکھون مین سلائی پھیری اور خود چشم زخم زمانہ سے مطمئن ہوا ابراہیم خان بیٹا محمد شاہ کا جو اپنے باپ کے ہمراہ ابراہیم شاہ لودھی کے پاس دہلی گیا تھا شاہ ابراہیم لودھی نے اُسے اپنی خدمت مین نگاہ رکھا اور اُس کے باپ محمد شاہ کو مع لشکر بسیار رخصت کیا تھا اُس وقت مین بادشاہ ابراہیم لودھی کے حادثہ کے

سبب کشمیر مین آیا اور ملک کاجی جگ کر بادشاہ سے اسکندر خان کی آنکھون مین سلائی پھیرنے سے رنجیدہ تھا پہلے اُس کے مقربون کو جس بہانہ سے کہ ممکن تھا قید کیا اُس کے بعد شاہ کو مقید کرکے ابراہیم خان کو تخت پر بٹھایا محمد شاہ کی مدت سلطنت اس مرتبہ گیارہ سال اور گیارہ ماہ اور گیارہ روز تھی۔

ذکر ابراہیم شاہ بن محمد شاہ کی شاہی کا

ابراہیم شاہ جب تخت پر بیٹھا ملک کاجی جگ کو بدستور اول وزیر مستقل کیا اور ابدال ماکری یعنے ابراہیم ماکری کا بیٹا کہ ملک کاجی جگ کے دست ظلم سے ہند کی طرف گیا تھا اس وقت فردوس مکانی ظہیرالدین محمد بابر بادشاہ کی ملازمت سے مشرف ہوکر عرض پرداز ہوا کہ بندہ دشمنون کے غلبہ سے اس درگاہ مین پناہ لایا ہی اگر حضرت میرے حال شکستہ بال پر نظر توجہ مبذول فرماکر ایک لشکر سے امداد فرماوین کشمیر کو بندگان اعلیٰ کے واسطے سہلترین وجہ سے تسخیر کرون آنحضرت نے اُس کی صورت اور سیرت مشاہدہ کرکے بزبان تلطف فرمایا کہ تعجب ہی جنگل مین بھی ایسے لایق آدمی بہم پہونچتے ہین یہ فرماکر پہلے اُسے خلعت اور اسپ سے سرفراز کیا من بعد بہت سپاہی اُس کی ہمراہی کے واسطے تعین کیے اور شیخ علی بیگ اور محمود خان کو سردار اُس لشکر کا کیا جب ابدال ماکری نے دیکھا کہ کشمیری مغلون سے تنفر کرتے ہین مصلحۃً نام شاہی کا نازک شاہ بن ابراہیم پر رکھکر کشمیر کی طرف متوجہ ہوا اور اس طرف سے ملک کاجی جگ نے ابراہیم شاہ کو ہمراہ لے کر موضع سلاح پرگنہ بانگل مین لشکرگاہ کیا اور طرفین ایک دوسرے کے مقابل فروکش ہوے ابدال ماکری نے ملک کاجی جگ کو یہ پیغام بھیجا کہ مین فردوس مکانی ظہیرالدین محمد بابر شاہ کی خدمت مین جاکر مدد لایا ہون شوکت اور صلابت اُس بادشاہ کی اس درجہ ہی کہ بادشاہ ابراہیم لودھی کو جو پانچ لاکھ مرد اہل ہنر درکھتا تھا اُسے طرفۃ العین مین خاک برابر کیا خیریت اسی مین ہے کہ تو جلد اپنے تئین اُس بادشاہ فلک بارگاہ کے سلک دولتخواہون مین منتظم کر اور اگر یہ دولت تیرے نصیب نہین ہی اس لشکر ظفر پیکر سے مقابلہ کر کہ وقت مہلت اور غفلت کا نہین ہی ملک کاجی جگ اُس وقت سید ابراہیم خان اور شیر ملک اور ملک تازی کو مین فوج کا سردار کرکے جنگ کے واسطے برآمد ہوا اور طرفین مین معرکہ شدید اور مقاتلہ عظیم واقع ہوا آدمی بہت مارے گئے اور امراے نامدار یعنے سید ابراہیم خان اور ملک تازی اور شیر ملک وغیرہ کہ ہر ایک رتبۂ عظیم رکھتے تھے قتل ہوے اور ملک کاجی مضطرب ہوکر شہر کی طرف بھاگ گیا اور جب وہان بھی مفر کی صورت نظر نہ آئی پہاڑون کے سمت راہی ہوا اور ابراہیم شاہ کا کچھ احوال دریافت نہ ہوا کہ وہ کیا ہوا اور کہان گیا مدت اس کی بادشاہی کی آٹھ مہینے اور پانچ روز تھی ✦

ذکر نازک شاہ بن ابراہیم شاہ بن محمد شاہ کی سلطنت کا

اُس نے اپنے دادا اور باپ کے بعد شہر سری نگر مین جلوس کیا اور مردم کشمیر کو جو مغلون سے متوہم تھے اُنھین دلاسا دے کر مطمئن کیا اور کشمیری اُس کے جلوس سے خوش ہوے اور شہر سے برآمد ہوکر نوشہر مین جو قدیم سے شاہان کشمیر کا پایے تخت تھا استقامت کی ابدال ماکری کو منصب وزارت دے کر وکیل مطلق کیا اور ابدال ماکری ملک کاجی کا پیچھا چہل نگری تک کرکے پلٹ آیا اور جب معلوم ہوا کہ وہ دستیاب نہوگا ولایتون کی تقسیم شروع کی چنانچہ بعد تقرری خالصہ تمام ولایت کے چار حصہ قرار پائے ایک حصہ ابدال ماکری اور ایک حصہ شیخ میر علے کو دیا اور باقی دو حصہ سپاہ کو واگذاشت ہوے اور بابر شاہ کے ملازمون کو تحف و ہدایا بہت دے کر ہند کی طرف رخصت کیا اور پیغام عتاب آمیز ملک کاجی چک کو بھیجکر محمد شاہ کو اپنے پاس طلب کیا اور شیخ میر علی نے وہان جاکر محمد شاہ کو لوہر کوٹ کے قلعہ سے برآوردہ کیا اور دونون باتفاق کشمیر مین آئے اور ملک کاجی چک کے آنے کی ممانعت کی محمد شاہ چوتھی مرتبہ تخت پر متمکن ہوا

جلوہ گر ہونا محمد شاہ کا چوتھی مرتبہ مملکت کشمیر پر

محمد شاہ تخت پر بیٹھکر شکر خدا تعالی بجالایا پھر نازک شاہ کو کہ بیس سال اور بیس روز بادشاہی کی تھی اپنا ولیعہد کیا اور اس سال مین فردوس مکانی ظہیر الدین محمد بابر بادشاہ نے عالم فانی سے انتقال کیا جنت آشیانی نصیر الدین محمد ہمایون بادشاہ نے سریر شاہی پر اجلاس فرمایا اور جب محمد شاہ کا زمانہ بادشاہی گذرا ملک کاجی چک کہ ولایت کوہستان مین گیا تھا جمعیت انبوہ اُس ولایت سے بہم پہونچاکر کھرار کے اطراف مین آیا اور ملک ابدال ماکری نے سبقت کرکے جنگ کی ملک کاجی بھاگ کر بھیر مین گیا اور جو کہ اُن دنون مین کامران میرزا ولایت پنجاب پر غلبہ تمام رکھتا تھا شیخ علی بیگ اور محمد خان مغل جنھون نے کہ بعد فتح کشمیر ابدال ماکری کے رخصت کرنے سے مراجعت کی تھی کامران میرزا کی خدمت مین آکر عرض پیرا ہوے کہ جو ہم تمام ولایت کشمیر سے خبردار ہین اگر آپ تھوڑی توجہ فرمائین وہ ولایت نہایت آسانی سے دستیاب ہوگی کامران میرزا نے محرم بیگ کو لشکر کا سپہ سالار کرکے ہمراہ اُن امرا کے جو کشمیر سے آئے تھے کشمیر کی تسخیر پر نامزد کیا اور جب مغلون کی فوج کشمیر کے قریب پہونچی تمام کشمیری اُن کے خوف سے مال و اسباب اپنا مکانون مین چھوڑکر کوہستان کی سمت بھاگ گئے اور مغل کی افواج نے کشمیر کو تاراج کیا اور آگ لگائی اور بعضے کشمیری جو پہاڑون سے مغل کے مقابلہ کو آئے تھے مارے گئے اور ابدال ماکری کو اول یہ گمان تھا کہ ملک کاجی چک لشکر مغل کے ہمراہ ہی جب اُسے یقین ہوا کہ وہ مغلون مین داخل نہین ہی اتحاد اور یگانگی اظہار کرکے اُسے مع لڑکون اور بھائیون کے طلب کرکے عہد و پیمان درمیان مین لایا یہ امر کشمیریون کی قوت کا سبب ہوا اور جنگ

پر ہمہ تن آمادہ ہوے اور مغلون سے خوب لڑے اور وہ تاب مقاومت نہ لاکر اپنے ملک کی طرف راہی ہوے اور بعد چند عرصہ کے ملک کاجی چک ملک ابدال کاکر اور خدا داد غرور شاہ کرکے وہان کے رہنے سے ناراض ہوکر بہیر کی طرف گیا اور سال ۹۳۹ھ نو سو انتالیس ہجری مین شاہ سعید سلطان کاشغر نے اپنے فرزند شاہزادہ سکندر خان کو میرزا حیدر کاشغری کے ہمراہ مع بارہ ہزار مرد تبت اور لار کے راستہ سے کشمیر پر بھیجا اور کشمیری اُن کی بہادری اور شوکت کا آوازہ سنکر کشمیر خالی کرکے بے جنگ ہر ایک اطراف مین بھاگ گئے اور پہاڑون مین پناہ لی کاشغریون نے ولایت کشمیر مین داخل ہوکر عمارات عالیہ کو جو شاہان سابق سے یادگار تھین مسمار کرکے خاک برابر کین اور شہر مین آگ لگائی اور خزانہ اور دفینہ جو زمین مین مدفون تھے سب کو تلاش کرکے برآورد کیا اور تمام لشکر مال و اسباب سے متمول ہوا اور جس مقام مین کشمیریون کی استقامت کی خبر پاتے تھے انھین قتل اور اُسیر کرتے تھے غرضکہ تین مہینے تک یہ حال رہا اور ملک کاجی چک اور ملک ابدال ماکری اور سرداران نامی نے چکدرہ کی طرف جاکر پناہ لی اور جب وہان صورت سفر نہ دیکھی کھادرا اور بارہ مار مین گئے اور وہان سے بادہ کے راستہ سے پہاڑ سے اُترکر مغلون کے مقابلہ کو روانہ ہوے اور سکندر خان اور میرزا حیدر کاشغری بھی مع لشکر انبوہ اُن کے مقابل آئے اور جنگ عظیم واقع ہوئی کشمیر کے سردارون مین سے ملک علی اور میر حسن اور شیخ میر علی اور میر کمال مارے گئے اور کاشغریون سے بھی مردم خوب قتل ہوے اور کشمیری پسپا ہوکر نخدمعرکہ سے پھیرا چاہتے تھے کہ ملک کاجی چک اور ابدال ماکری نے پاے ثبات میدان کین مین محکم کرکے نئے کشمیریون کو جنگ کی ترغیب اور تحریص کی اور داد مردی اور مردانگی دی طرفین سے آدمی بیشمار مقتول ہوے اور چند قالب بے سر اکھکر حرکت مین آئے وجہ اس کی سابق مین مذکور ہوئی غرضکہ صبح سے شام تک جنگ قائم رہی اور شب کو طرفین اپنے غنیم کی سختی و شوکت خیال کرنے لگے آخر دونون گروہ جنگ سے دستکش ہوکر صلح پر راضی ہوے پھر کاشغریون نے صوف اور سفرلاط اور اشیاے نفیسہ بھیجکر نسبت خویشی کی قرار دی اور محمد شاہ نے بھی ملک ابدال ماکری اور ملک کاجی چک کی معرفت صلح نامہ لکھکر مع نفائس کشمیر کاشغریون کے پاس بھیجا اور یہ قرار پایا کہ محمد شاہ اپنی دختر شاہزادہ سکندر خان کے عقد ازدواج مین لاوے اور کشمیریون کو جو مغلون نے اسیر کیا ہے رہا کرین اور کاشغری اس صلح سے راضی ہوکر کاشغر کی طرف متوجہ ہوے اور پریشانی جو کشمیر مین واقع ہوئی تھی ساتھ امن اور آسودگی کے مبدل ہوئی اور اُس سال مین دو ستارے ذات الاذناب یعنے دم دار طلوع ہوے انھین دنون مین قحط عظیم پیدا ہوا اکثر خلائق بھوک کی شدت سے ہلاک ہوئی اور باقی جو زندہ رہے تھے انھون نے جلا وطنی اختیار کرکے دور دراز سفر کیا اور دیجو کا قصہ جس نے قتل عام کیا تھا آدمیون کے دلون سے فراموش ہوا یعنے اس حادثہ کے مقابل آسان دکھائی دیتا تھا خدا بھوک کی بلا سے جمیع خلائق کو محفوظ رکھے اور اس قحط نے دس ماہ کا طول کھینچا جب فصل میوہ کی پہونچی خلق کو فی الجملہ آسودگی ہوئی اور اس وقت مین ملک کاجی چک اور

ملک ابدال ماکری کے درمیان رنجش آئی ملک کاجی چک شہر سے برآمد ہو کر زین پور مین مقیم ہوا اور ملک ابدال ماکری نے منصب وزارت پر قیام کیا اور حکام اور عمال رعایا پر جو چاہتے تھے کرتے تھے کوئی شخص داد رسی نہ کرتا تھا بعد چند روز کے محمد شاہ تپ محرق مین کہ مرد مرض الموت سے ہے مبتلا ہوا اور جس قدر زر نقد رکھتا تھا محتاجون پر تقسیم کیا لیکن قضاے الٰہی سے جانبر نہوا مدت ۱۳ کی شاہی کی پچاس سال تھی

ذکر سلطان شمس الدین بن محمد شاہ کی فرمانروائی کا

ظاہرا سلطان شمس الدین بعد وفات اپنے باپ کے تخت شاہی پر متمکن ہوا لیکن وزرا کی فہمائش سے تمام ولایت امرا پر تقسیم کی اور اہل کشمیر اُس کے جلوس سے نہایت راضی اور خوشدل ہوئے اور تھوڑے عرصہ مین ملک کاجی چک اور ابدال ماکری سے باہم نزاع ہوئی ملک کاجی چک شاہ کو ملک ابدال ماکری کے مدافعہ کے واسطے کوسوار کی طرف لے گیا اور ملک ابدال بھی جمعیت تمام بہم پہونچا کر شاہ کے مقابل آیا آخر کو صلح ہوئی ملک ابدال ماکری کمراج مین کہ اُس کی جاگیر تھی گیا اور سلطان شمس الدین اور ملک کاجی چک نے سری نگر کی طرف معاودت کی اور پھر چند روز کے بعد ملک ابدال ماکری سر باد شاہ کی اطاعت سے پھیر کر فساد پر آمادہ ہوا اور ولایت کمراج مین فتور اور خلل برپا کیا لیکن اس مرتبہ بھی آتش فساد آسانی سے ساکن ہوئی الغرض اس بادشاہ کا احوال تاریخ کشمیر مین اس سے زیادہ دریافت نہوا لہذا اسی پر اکتفا کی +

مشرف ہونا نازک شاہ کا دوبارہ کشمیر کی شاہی پر

بعد باپ کے اس کا بیٹا نازک شاہ مسند شاہی پر جلوہ گر ہوا لیکن ابھی پانچ چھ ماہ کا عرصہ نہ گذرا تھا کہ میرزا حیدر ترک غلبہ پاکر متصرف ہوا اور میرزا حیدر کی حکومت کا خطبہ اور سکہ بنام نامی جنت آشیانی نصیر الدین محمد ہمایون بادشاہ کے تھا

ذکر میرزا حیدر ترک کے تسلط کا مملکت کشمیر پر

واضح ہو کہ ۹۴۸ نو سو اڑتالیس ہجری مین جب جنت آشیانی نصیر الدین محمد ہمایون بادشاہ شیر شاہ افغان سے شکست پاکر لاہور مین آیا تھا ملک ابدال ماکری اور زنگی چک اور بعضے اعیان مملکت کشمیر نے شاہ ممدوح کو عرضداشت کشمیر لینے کی ترغیب مین لکھکر میرزا حیدر ترک کے ذریعہ سے بھیجی تھی آنحضرت نے میرزا حیدر ترک کو اس طرف رخصت کر کے فرمایا کہ تو پیشتر روانہ ہو مین بھی پیچھے سے آتا ہون جب میرزا حیدر ترک بہیر مین کہ نام ایک مقام کا ہے پہونچا تو وہان ملک ابدال ماکری و زنگی چک آکر شامل ہو گئے اور میرزا حیدر کے ہمراہ تین چار ہزار سوار سے زیادہ نہ تھے لیکن جب راجوری مین پہونچا تو

ملک کاجی چک جو کشمیر کا حاکم تھا مع تین چار ہزار سوار اور پچاس ہزار پیادے کے مقابل مین آیا اور محافظت اور دشمن کی سد راہ کے واسطے ناکون پر جا بجا مورچے تیار کیے میرزا حیدر ترک وہ رستہ چھوڑ کر بیج کی طرف سے روانہ ہوا اور ملک کاجی چک نے از روے غرور اُس راستہ کی محافظت نہ کی میرزا حیدر ترک پہاڑ کو طے کر کے فضاے کشمیر مین داخل ہو کر یکایک شہر سری نگر پر قابض ہو گیا اور ملک ابدال ماکری اور زنگی چک استقلال پاکر مہمات کو انجام دینے لگے اور چند پرگنے میرزا کی جاگیر کے واسطے نامزد فرمائے اتفاقات سے انھین دنون مین ملک ابدال ماکری کا پیمانۂ عمر آب بقا سے لبریز ہوا اسوقت زیست سے مایوس ہو کر اپنے بیٹون کے واسطے میرزا حیدر ترک سے سفارش کر کے ودیعت حیات قابض ارواح کے سپرد کی جب میرزا حیدر ترک کشمیر مین داخل ہوا ملک کاجی چک شیر شاہ افغان سور کے پاس ہندوستان کی طرف گیا پانچ ہزار سوار جن کے حسین شیروانی اور عادل خان سردار تھے مع دو فیل کمک کے واسطے لایا اور میرزا حیدر ترک بھی باتفاق زنگی چک اسکے مدافعہ کے واسطے متوجہ ہوا اور فریقین نے موضع دنہ دیار اور موضع کاوہ مین صفوف حرب آراستہ کین اور تنور حرب گرم ہوا اور نسیم فتح میرزا حیدر ترک کے پرچم پر چلی شیر شاہ افغان سور کے امرا اور ملک کاجی چک نے ہزیمت پائی اور ملک کاجی چک نے بہرام کلہ مین استقامت کی اور ملا محمد یوسف خطیب مسجد جامع سری نگر نے اس لڑائی کا مادۂ تاریخ فتح مکرر کہا اور سنہ ۹۵۰ نو سو پچاس ہجری مین میرزا حیدر ترک نے قلعہ اندرکوٹ مین اقامت کی اور چونکہ وہ زنگی چک کی طرف سے بدگمان ہوا تھا زنگی چک بھاگ کر ملک کاجی چک کے پاس گیا پھر دونون اتفاق کر کے سنہ ۹۵۱ نو سو اکاون ہجری مین میرزا حیدر ترک کے مدافعہ اور اخراج کے واسطے سری نگر کی طرف متوجہ ہوئے اور بہرام چک یعنی زنگی چک کا بیٹا سری نگر مین پہونچا اور میرزا حیدر ترک نے بندگان کوکہ اور خواجہ حاجی کشمیری کو اُس کے دفع کے لیے مقرر کیا اور بہرام چک تاب مقابلہ کی نہ لاکر بھاگا اور جب میرزا کے لشکر نے پیچھا کیا ملک کاجی چک اور زنگی چک نے فرار کو غنیمت جانکر بہرام کلہ مین دم لیا اور میرزا حیدر ترک بندگان کوکہ اور ایک جماعت کو سری نگر کی محافظت کے لیے چھوڑ کر تبت کی تسخیر کو متوجہ ہوا اور قلاع بزرگ سے قلعہ لوسور کو مع چند حصار دیگر فتح کیا اور سنہ ۹۵۳ نو سو ترپن ہجری مین زنگی چک میرزا حیدر ترک کے آدمیون کے ساتھ جنگ کر کے مارا گیا اور اُس کا سر اور اُس کے فرزند غازی خان کا سر کاٹ کر میرزا حیدر ترک کے پاس لائے اور سنہ ۹۵۴ نو سو چون ہجری مین ایلچی کاشغر کی طرف سے پہونچے میرزا حیدر ترک مع جماعت امرا ان کے استقبال کے واسطے لار تین آیا اور خواجہ اوجہ بہرام نے جو بیٹا مسعود چک کا تھا اور سات برس تک ولایت کاشغر مین خوب لڑا تھا اور سب کو مغلوب کر کے غالب ہوا تھا جان میرک کے ساتھ باتین صلح آمیز درمیان مین لاکر عہد و پیمان کیا اور میرزا میرک نے عہد و سوگند کے بعد اُسے اپنے پاس طلب کیا جب اوجہ بہرام اُس کی مجلس مین آیا میرک میرزا نے خنجر موزہ سے کھینچکر اُس کے شکم پر مارا اور وہ زخم کھا کر بھاگا اور جنگل مین داخل ہوا جان میرک میرزا نے اُس کا پیچھا کر کے اُسے گرفتار کیا اور

اُس کا سر تن سے جدا کر کے اِس گمان پر میرزا حیدر کے پاس لا رہین لایا کہ وہ محظوظ اور خوش ہوگا لیکن عبدی زینا اُس کا سر پر خون دیکھکر طیش مین آیا اور دربار سے اُٹھا اور یہ بات کہی کہ عہد و پیمان کے بعد اس کا قتل کسی طرح لائق نہ تھا میرزا حیدر ترک نے جواب دیا مین اِس واقعہ سے آگاہی نہین رکھتا اُس کے بعد میرزا حیدر ترک کستوار کی سمت متوجہ ہوا اور بندگان کوکا اور محمد باکری اور میرزا محمد اور یحییٰ زینا کو ہراول کر کے خود موضع جاپور مین جو کستوار کے نزدیک ہی وارد ہوا اور ہراولون نے تین روز کا راستہ ایک روز مین طی کیا اور موضع دہلوت مین جو دریاے مارما کے ساحل پر واقع ہی پہونچے اور جو لشکر کستوار کا دریا کے اُس پار تھا لڑائی تیر و تفنگ کی طرفین سے شروع ہوئی کوئی شخص دریا سے عبور نہ کر سکتا تھا دوسرے دن میرزا حیدر ترک کے سپاہی وغیرہ وہ راست سے انحراف کر کے چاہتے تھے کہ کستوار مین داخل ہوین جب موضع دھار مین پہونچے آندھی اُٹھی اور گرد و غبار سے جہان تاریک ہوا مردم دھار ہجوم کر کے اُنکے سر پر آئے بندگان کوکا کہ نام ایک سردار کا ہی اور وہ نہایت لائق اور عمدہ تھا مع پانچ مرد اہل نبرد مقتول ہوا اور بقیۃ السیف ہزار محنت اور خرابی کے بعد میرزا حیدر ترک کی خدمت مین حاضر ہوئے اور میرزا حیدر ترک وہان سے برآمد ہو کر ۹۵۵ھ نو سو پچپن ہجری مین تبت کی طرف متوجہ ہوا اور راجوری کو کشمیریون کے قبضہ سے برآوردہ کر کے محمد نظیر اور ناصر علی کو مرحمت فرمایا اور بکلی کہ نام محال کا ہی ملا عبداللہ کو اور تبت خرد پر ملا قاسم کو مقرر کیا اور تبت کلان کو بھی فتح کر کے ملا حسن نام کو اُس کی حکومت پر تعین فرمایا اور ۹۵۶ھ نو سو چھپن ہجری مین کہ میرزا حیدر ترک قلعہ ونیل کی طرف متوجہ ہوا تھا آدم کمک نے آکر میرزا سے ملاقات کی اور کاجی چک کے بھتیجے دولت چک کی عفو تقصیرات کی درخواست کی میرزا نے قبول کی اور میرزا حیدر ترک اور آدم کمک خیمے مین داخل ہوئے اور دولت چک کو وہان طلب کیا اور جس طرح اُس کی مرضی تھی اعزاز و اکرام بجا نہ لائے اس واسطے دولت چک ناراض ہو کر اُٹھ گیا اور ایک ہاتھی جو پیشکش کے واسطے لایا تھا اپنے ہمراہ لے کر روانہ ہوا لوگون نے اُس کے تعاقب کا ارادہ کیا میرزا حیدر ترک نے ممانعت کی اور بعد چند روز کے میرزا حیدر ترک نے کشمیر کی طرف مراجعت کی اور دولت چک مع غازی خان اور حبی چک اور بہرام چک ہیبت خان نیازی کے پاس کہ جو سلیم شاہ افغان سور کی لڑائی مین شکست کھا کر راجوری کی طرف آیا تھا گئے اور سلیم شاہ بھی جب نیازیون کے تعاقب مین بہ موضع مدوار ولایت نوشہرہ تک پہنچا ہیبت خان نیازی نے سید خان نیازی کو کہ اُس کے معتبرون سے تھا سلیم شاہ افغان سور کے پاس بھیجا اور سید خان نیازی مقدمات صلح درمیان مین لا کر ہیبت خان نیازی کی ماں اور فرزند کو سلیم شاہ افغان سور کے پاس لایا سلیم شاہ افغان سور موضع بن نوای سیالکوٹ مین پلٹ آیا اور وہان اقامت کی اور کشمیری ہیبت خان نیازی کو ہارسولہ مین لا کر چاہتے تھے کہ اُسے کشمیر مین لے جا کر میرزا حیدر ترک کو درمیان سے نکالین لیکن ہیبت خان نیازی اُس کی ہیبت سے یہ امر اپنی نسبت قرار نہ دے سکا اس واسطے ایک برہمن کو میرزا حیدر ترک کے پاس بھیجکر صلح کا پیغام دیا اور

میرزا نے جب جواب شافی اُس برہمن کی زبانی کہلا بھیجا حبیبت خان وہان سے موضع بیرمین جو ولایت جموسے علاقہ رکھتا ہی آیا اور تمام کشمیری اُس سے جدا ہوکر سلیم شاہ افغان سور کے پاس گئے اور غازی خان چک میرزا حیدر ترک کے پاس روانہ ہوا اور سنہ ۹۵۷ نو سو ستاون ہجری مین میرزا حیدر ترک اطراف کے مہمات سے فراغت پاکر مطمئن ہوا اور خواجہ شمس مغل کو مع زعفران وافر سلیم شاہ افغان سور کی خدمت مین بھیجا اور سنہ ۹۵۸ نو سو اٹھاون ہجری مین خواجہ شمس مغل نے سلیم شاہ افغان سور کے پاس سے مع اسباب وقماش تمکاغر اور یسین نام افغان ایلچی کے کشمیر کی طرف مراجعت کی میرزا حیدر ترک نے شال اور زعفران بہت سلیم شاہ افغان کے ایلچی کو دے کر رخصت کیا اور میرزا قرا بہادر کو پھرپل کی حکومت پر مامور فرمایا اور کشمیریون سے عبدی زینا اور نازک شاہ اور حسین ماکری اور خواجہ حاجی کو اُس کے ہمراہ کیا اور میرزا قرا بہادر اور کشمیریون نے اندرکوٹ سے برآمد ہوکر بارہ مولہ مین اقامت کی اور فساد کے درپے ہوے اس سبب سے کہ مغل انھین بنظر حقارت دیکھتے تھے اور مغلون نے یہ خبر میرزا حیدر ترک کو پہونچائی میرزا موصوف نے اس امر کو یقین اور باور نکیا بلکہ یہ جواب دیا کہ مغل کی قوم بھی کشمیریون سے کم مفسد اور فتنہ پرداز نہین ہی حسین ماکری نے اپنے بھائی علی ماکری کو میرزا حیدر کے پاس بھیجا کہ وہ جاکر میرزا کو کشمیریون کے غدر سے آگاہ کرے اور میرزا کو اُس پر آمادہ کرے کہ وہ لشکر کو طلب کرے میرزا حیدر ترک نے یہ خبر سنکر جواب دیا کہ کشمیریونکی یہ بھی مجال ہی کہ تم کو اُن سے غدر کا اندیشہ ہو دے اور لشکر کو واپس طلب کرو الغرض ماہ رمضان کی ستائیسوین تاریخ کو اندرکوٹ مین آتش عظیم پیدا ہوئی کہ اکثر مقامات جلکر خاکستر ہوئے میرزا قرا بہادر اور تمام آدمیون نے جن کے مکانات جل گئے تھے پیغام کیا کہ اگر حکم ہو دے ہم آن کر اپنے مکانات کو تعمیر کرین اور سال آیندہ مین پھرپل کی طرف متوجہ ہوین میرزا حیدر ترک ہرگز اس امر پر راضی نہوا لیکن خواہ نخواہ وہ لشکر پھرپل کی سمت متوجہ ہوا اور عبدی زینا اور تمام کشمیری اتفاق کرکے رات کو مغلون سے جدا ہوکر تل پھرپل مین آئے اور حسین ماکری اور علی ماکری کو معتمدون سے جدا کرکے اپنے ہمراہ لیا تو مغلون کے ساتھ وہ مارے نہ جاوین جب صبح ہوئی پھرپل کے آدمیون کے ساتھ جنگ ہوئی مغل پہاڑون مین بند ہوئے اور سید میرزا نے بھاگ کر پھرپل کے قلعہ مین پناہ لی اور اسنی مغل نامی اِس معرکہ مین تخمیناً قتل ہوئے اور محمد نظیر اور میرزا قرا بہادر دست گیر ہوئے اور بقیۃ السیف بچ کے راستے سے بہرام کلہ مین آئے میرزا حیدر ترک یہ خبر سنکر نہایت محزون اور مغموم ہوا اور فرمایا کہ چاندی کی دیگین توڑکر وہ روپیہ جو کشمیر مین رائج ہی مسکوک کرین اور جہانگیر ماکری کو معتبر سمجھکر حسن ماکری کی جاگیر عنایت فرمائی اور اکثر اہل حرفہ کو گھوڑا اور خرچ دے کر سپاہی بنایا اور اُس کے بعد یہ خبر پہونچی کہ ملا عبداللہ کشمیریون کے خروج کی خبر سنکر ملازمت کے واسطے آتا تھا جب بارہ مولہ کے قریب پہونچا کشمیریون نے ہجوم کرکے اُسے قتل کیا اور خواجہ قاسم قبت خرد مین مقتول ہوا اور محمد نظیر راجوری مین گرفتار ہوا اور کشمیری بہرام کلہ سے جمعیت کرکے پیرہ پورمین

آئے میرزا حیدر ناچار ہو کر کشمیریون کے مقابلہ کو اندر کوٹ سے برآمد ہوا اور میرزا کی کل جمعیت ہزار آدمی مغل مثل عبدالرحمن اور شاہزادہ اور خان و میرک میرزا اور مکنہ مغل اور جرعلی باقی اور سات سو آدمی تھے میرزا حیدر ترک کے ہمراہ شہاب الدین پورین اقامت کی اور دولت چک اور غازی خان چک اور دیگر سردار بھی امداد کے واسطے باتفاق عبدی زینا جمعیت کر کے ہیرہ پورین آئے اور وہان سے برآمد ہو کر موضع خانپورین جمع ہوئے اور میرزا حیدر ترک خالد گڈھ کے میدان مین جو سری نگر کے متصل ہی وارد ہوا اور فتح چک کہ باپ اس کا خواجہ بہرام مغلون کے ہاتھ سے قتل ہوا تھا اپنے باپ کے خون کے انتقام کیواسطے مع تین ہزار مرد مبارز اندر کوٹ مین آیا اور میرزا حیدر کی عمارات جو باغ صفا مین تھی آگ لگا کر خاک سیاہ کی جب یہ خبر میرزا حیدر ترک کو پہونچی فرمایا مین یہ عمارات کاشغر سے نہ لایا تھا پھر عنایت الٰہی سے بنجاوینگی اور جرعلی نے شاہ زین العابدین کی املاک کہ سویہ مین تھی میرزا حیدر کی عمارت کے عوض مین جلائی لیکن میرزا حیدر کو یہ امر پسند نہ آیا اور سپاہیون نے عمارات عبدی زینا اور نوروز چک کی کہ سری نگر مین تھی آگ دے کر برباد کی اور میرزا حیدر ترک نے موضع خان پورمین آنکر استقامت فرمائی اور اُس موضع مین ایک درخت بید کا ایسا چھتنار تھا کہ اُس کے سایہ مین دو سو سوار کھڑے ہو سکتے تھے اور سوائے اس کے یہ بھی تجربہ مین ہو چکا کہ جس وقت اُس کی ایک شاخ باریک کو حرکت ہو پہونچے تمام درخت حرکت اور جنبش مین آتا تھا القصہ کشمیری خان پور سے کوچ کر کے موضع ادنی پورین آئے اور فاصلہ دو کوس سے زیادہ نہ رہا میرزا حیدر ترک نے اُن پر عزم شبخون کیا اور میرزا عبدالرحمن نے اپنے چھوٹے بھائی کے لیے کہ صلاح و تقوی مین آراستہ تھا ولیعہدی کی وصیت کر کے آدمیون سے اُس کے نام بیعت لی اور اپنے اعیان و انصار کو ہمراہ لے کر بقصد شبخون سوار ہوا قضارا اُس شب کو ابر سیاہ آسمان پر ظاہر ہوا جب خواجہ حاجی کے خیمہ کے قریب جو بانی فسادا اور میرزا کا وکیل تھا پہونچے تاریکی کے سبب کچھ نظر نہ آتا تھا اور شاہ نظر تورچی میرزا حیدر ترک کہتا ہی کہ اُس وقت جب مین تیر پھینکتا تھا میرزا حیدر ترک کی آواز میرے گوش زد ہوئی کہ برا کیا تو نے اِس سے مجھے معلوم ہوا کہ اُس تاریکی مین تیر ناگہانی میرزا کے لگا اور یہ بھی منقول ہی کہ ایک قصاب نے از راہ قساوت میرزا حیدر کی ران پر تیر مارا اور دوسرے راوی کا یہ قول ہی کہ کمال کوکا نے اُسے زخم شمشیر سے ہلاک کیا لیکن اُس کے جسم پر تیر کے زخم کے سوا کچھ ظاہر نہ تھا خلاصہ یہ کہ جب صبح ہوئی کشمیریون کے لشکر مین مشہور ہوا کہ ایک مغل مقتول پڑا ہی جب خواجہ حاجی اُس کے سر پر پہونچا دیکھا کہ میرزا حیدر ترک ہی اُس کا سر زمین سے اُٹھایا اس وقت میرزا کا عالم نفس شماری تھا آنکھین کھولین اور جان جان آفرین کے سپرد کی مغلون کو جب اپنے سردار کا قتل ہونا متحقق ہوا اندر کوٹ کی طرف بھاگ گئے اور کشمیریون نے میرزا کی لاش دفن کی اور مغلون کے تعاقب مین روانہ ہوے مغلون نے اندر کوٹ مین پناہ لی اور تین روز تک لڑے چوتھے دن محمد روی نے تابنے کے پیسون کے گراب توپ مین دے کر فیر کرنی شروع کی اور وہ گراب جس شخص کے

لگتے تھے جانبر نہوتا تھا آخر میرزا حیدر کی زوجہ نے جس کا نام مسماۃ خانمی تھا اور میرزا کی ہمشیرہ مسماۃ خانجی نے مغلون سے یہ بات کہی کہ جو میرزا حیدر ترگ مرگیا بہتر یہ ہے کہ کشمیریون سے پیغام صلح کرکے اس قصہ کو دفع کر دو مغلون نے یہ امر قبول کیا امیر خان معمار کو صلح کے واسطے کشمیریون کے پاس بھیجا کشمیری صلح پر راضی ہوے اور عہد نامہ اس مضمون کا لکھدیا کہ آیندہ ہم مغلون کے دربار نہونگے

حکومت میرزا حیدر ترک کی دس سال تھی +

تذکرہ نازک شاہ کی حکومت کا تیسرے بار مملکت کشمیر پر

جب دروازے قلعہ کے مفتوح ہوے کشمیریون نے میرزا حیدر کے توشکخانہ مین جاکر دست تصرف دراز کیا اور نفائس نفیسہ لوٹ لے گئے اور میرزا کے اہل وعیال کو سری نگر مین لاکر حسن منو کے مکان مین جگہ دی اور ولایت کشمیر آپس مین تقسیم کی پرگنہ دیوسر دولت چک کو اور پرگنہ دہی غازی خان چک کو اور پرگنہ کمراج یوسف چک اور بہرام چک کو دیا اور ایک لاکھ خروار شالی خواجہ حاجی وکیل میرزا کے واسطے معین ہوا عموماً تمام امراے کشمیر اور خصوصاً عبدی زینا نے تسلط تمام حاصل کیا اور نازک شاہ کو برائے نام بادشاہ بنایا اور حقیقت مین عبدی زینا بادشاہ تھا اور ۹۵۹ نوسو انسٹھ ہجری مین سنکر چک ولد کاجی چک اس سبب سے کہ بے جاگیر تھا اور غازی خان نے کہ اپنے تئین کاجی چک کا فرزند قرار دیتا تھا اور جاگیر بہت رکھتا تھا کشمیر سے برخاستہ خاطر ہوکر چاہا کہ یہان سے نکل جاؤن چنانچہ تفصیل اس اجمال کی یہ ہے کہ سنکر چک بلاشبہہ کاجی چک کا بیٹا تھا اور غازی خان چک اگرچہ کاجی چک کا فرزند مشہور تھا لیکن حقیقت مین اُس کا بیٹا صلبی نہ تھا کس واسطے کہ ملک کاجی چک اپنے بھائی حسن چک کے بعد وفات اُس کی زوجہ کو جو غازی خان کو شکم مین رکھتی تھی اپنے عقد مین لایا تھا اور دو تین ماہ کے عرصہ مین غازی خان چک متولد ہوا اس جہت سے سنکر چک نے چاہا کہ مین کشمیر سے برآمد ہوکر عبدی زینا کے پاس جاؤن اور جب یہ خبر مشہور ہوئی دولت چک اور غازی خان چک نے اسمٰعیل ہانت اور ہرجو کو مع جمعیت سو آدمی کے بھیجکر کہا کہ اگر وہ نہ آوے اُسے زبردستی لاؤ لیکن سنکر چک اُن کے بلانے سے نہ آیا عبدی زینا کے پاس گیا آخر کو عبدی زینا نے اُن سے صلح کی اور پرگنہ سوٹھارا اور کھاورا اور ماورسنکر چک کی جاگیر قرار پائی اور آتش فساد ساکن ہوئی اور اُن دنون مین چار گروہ کشمیر مین اعتبار رکھتے تھے اول عبدی زینا مع اپنے گروہ کے دوسرے حسن ماکری ولد ملک ابدال ماکری مع اپنی جمعیت کے تیسرے کپوریان کہ بہرام چک اور یوسف چک وغیرہم سے مراد ہے چوتھے کانسیان کاجی چک اور دولت چک اور غازیخان چک سے عبارت ہے پھر یحییٰ زینا اپنی دختر حسین خان ولد ملک کاجی چک کے عقد ازدواج مین لایا اور دولت چک کی دختر محمد ماکری ولد ملک ابدال ماکری کے عقد نکاح مین منعقد ہوئی اور یوسف چک ولد زنگی چک کو تواری کی بہن غازی خان چک کے نکاح مین داخل ہوئی اور یہ نسبتین چکان کی قوت اور غلبہ کے باعث ہوئین اور باتفاق ایک دوسرے کے ہر اطراف مین متفرق ہوے یعنی غازی خان چک

ولایت کا مراج کی سمت اور دولت چک سوپور کی طرف اور تمام ماکری بانگل کی جانب روانہ ہوے
اس سبب سے عبدی زینا سری نگر مین محزون ہوکر بیٹھا اور اُن لوگون کے دفع کی تدبیر مین رہتا تھا
اور جب موسم بادنجان کا آیا عبدی زینا نے فرمایا کہ مرغ کا گوشت اور بیگن لاؤ کہ ہم دونون کو ایک مین
پکاوین اور یہ طعام لطیف کشمیریون کی غذا ہے بہرام چک اور سید ابراہیم اور سید یعقوب اُس کی دعوت
مین آئے اور یوسف چک نہ آیا عبدی زینا نے تینون کو گرفتار کرکے مقید کیا اور یوسف چک
یہ خبر سنکر مع تین سو سوار اور سات سو پیادہ کا مراج کے راستہ سے جاکر دولت چک سے ملحق
ہوا عبدی زینا نے جب دیکھا کہ کشمیری چکان مین آئے مغلون سے میرزا قراباہ اور میرزا عبدالرحمن
اور میرزا جان میرک اور میرزا بکلہ مغل اور میر شاہ اور شاہزادہ بیگ میرزا اور محمد نظیر اور رجب علی کو قید
سے برآوردہ کرکے ہر ایک کو گھوڑا اور خلعت اور خرچ عنایت فرمایا اور موضع چک پورین
مقیم ہوا اس درمیان مین سید یعقوب اور سید ابراہیم باتفاق جاردو کے جو اُن کا نگہبان تھا
بھاگ کر کراج مین گئے اور دولت چک کے شریک ہوے اور بہرام چک بھاگ نہ سکا دوسرے
دن غازی خان چک مع تین سو سوار سری نگر مین آیا اور عبدی زینا نے مغلون کو اس کے مقابلہ
کو بھیجا اور اُس نے تمام پلون کو خراب کیا اور مغل معطل رہے اُس وقت دولت چک بھی سری نگر
مین جاکر غازی خان چک سے ملحق ہوا اور باتفاق عیدگاہ مین پڑاؤ کیا اور ہر روز فریقین کے مابین
جنگ ہوتی تھی یہان تک کہ بابا خلیل عیدی زینا کے پاس صلح کے واسطے آیا اور یہ بات کہی کہ آپ
کو مغلون کا اعتبار کرنا اور کشمیریون کو نظر سے گرانا مناسب نہ تھا اور اس طرح کے اور بھی کلام
کیے کہ عبدی زینا اور کشمیریون کے درمیان صلح واقع ہوئی اور مغلون کو مع اہل وعیال رخصت دی
اور خانچی یعنے میرزا حیدر ترک کی بہن بنگلی کے راستہ سے کابل مین گئی اور کشمیریون نے میرزا جر علی بلکہ
اور بھی مغلون کے اہل وعیال قتل کیے اور خانم کاشغر مین پہونچی اور بعد اس واقعہ کے خبر آئی کہ ہیبت خان
اور سعید خان اور شہباز خان افغان جو قوم نیازی سے ہین کشمیر کی تسخیر کے واسطے آتے ہین اور پرگنہ پانہال
مین پہونچکر کوہ نون مین داخل ہوے ہین عیدی زینا اور حسین ماکری اور بہرام چک اور دولت چک اور
یوسف خان متفق ہوکر نیازیون کی جنگ کے واسطے برآمد ہوے اور طرفین مقابل ہوکر خوب لڑے
اور بی بی رابعہ زوجہ ہیبت خان نیازی نے بھی جنگ مردانہ کرکے علی چک پر تلوار کا وار ڈالا آخر کو
ہیبت خان اور سید خان اور شہید خان نیازی اور بی بی رابعہ اُس لڑائی مین مارے گئے اور کشمیریون
نے مظفر اور منصور ہوکر سری نگر مین مراجعت کی اور مقتولون کے سر یعقوب خان کے ہاتھ سلیم شاہ
افغان صور کے پاس بھیجے اور اس کے بعد کشمیریون کے درمیان مین عداوت بہم پہونچی عبدی زینا نے
باتفاق فتح چک اور لوہر ماکری اور یوسف چک اور بہرام چک اور ابراہیم چک خالد گڈھ مین آنکر اقامت
اختیار کی اور دولت چک اور غازی خان چک اور حسین ماکری اور سید ابراہیم اور رومان کے گروہ
نے ایک جا ہوکر عیدگاہ مین منزل کی جب دو ماہ کا عرصہ گذرا یوسف چک اور فتح چک اور ابراہیم چک

سلیم شاہ سے بگڑا تھا

عبدی زینا سے جدا ہوکر دولت چک کے پاس آئے اور جب دولت چک مع جمعیت تمام سوار ہوکر عبدی زینا کے سر پر گیا وہ تاب مقاومت نہ لاکر بے جنگ بھاگ کر مرو مین گیا اور وہان پہونچکر دوسرے گھوڑے پر سوار ہونے لگا اُس نے قضارا ایسی لات اُس کے سینہ پر ماری کہ موضع سماک مین مخفی ہوا اور اُسی مقام مین عالم باقی کی طرف سفری ہوا اور لاش اُس کی سری نگر مین لاکر موضع موسی زینا مین دفن کی اور امرا نے خروج کرکے نازک شاہ کو جو نام کے سوا شاہی سے علاقہ نہ رکھتا تھا شاہی سے معزول کیا اور ارادہ خودسری کا کیا اور بعد میرزا حیدر ترک کے تیسری مرتبہ دس ماہ شغل فرمانروائی مین مشغول رہا

ذکر ابراہیم شاہ کی تیسری مرتبہ حکومت کا

یہ نازک شاہ کا بیٹا ہی جب عبدی زینا مقتول ہوا دولت چک دارالملک مین جاکر مہمات شاہی انجام دینے لگا اور جب دیکھا کہ تخت سلطنت خالی ہی برائے نام کسی کو بادشاہ بنایا چاہیے ابراہیم شاہ کو تخت پر بٹھایا اور اُس وقت خواجہ حاجی وکیل میرزا حیدر ترک جنگل سے برآمد ہوکر سلیم شاہ افغان سور کے پاس گیا اس وقت عبدی زینا (معلوم ہوتا ہی امیر دوسرا تھا یا پیشتر کا تذکرہ ہی کہ وہ زندہ تھا الغرض اُسے) اور شمس زینا اور بہرام چک کو گرفتار کرکے قید خانہ مین مقید کیا اور جب عیدالفطر کا روز ہوا دولت چک نے قابوق کے نیچے آن کر تیراندازی شروع کی اور یوسف چک نے قابوق مین گھوڑا سرپٹ دوڑایا اور پیادے کہ تیر جمع کرتے تھے گھوڑا اُن مین الجھکر چراغ پا ہوا اور یوسف چک اُسپر سے گر پڑا اور اس کی گردن ٹوٹ گئی اور سنہ ۹۶۰ نوسو ساٹھ ہجری مین غازی خان چک اور دولت چک مین نزاع واقع ہوئی اور تمام کشمیر مین اختلاف پیدا ہوا حسین ماکری اور شمس زینا کہ ہندوستان مین تھے سنہ ۹۶۱ نوسو اکسٹھ ہجری مین غازی خان کے شریک ہوے اور یوسف چک اور بہرام چک کے بیٹے دولت چک کے پاس آئے اور اس اختلاف اور نزاع نے دو ماہ کا طول کھینچا آخر کو ایک کا شتکار نے دولت خان کے روبرو آنکر اُسکے کان مین یہ بات کہی کہ مجھے غازیخان نے تمھارے پاس بھیجکر یہ پیغام دیا ہی کہ تو نے تمام اُن آدمیون کو بے تقریب کس واسطے اپنے پاس جمع کیا ہی کہ یہ سب تیرے دشمن ہین اور غازی خان چک سے یہ کہا کہ دولت چک صلح کے درپے ہی تم اُس سے کس واسطے لڑتے ہو بس اسطور سے کلام کرکے اُنکے درمیان صلح کروائی اور شمس زینا پھر ہند کیطرف بھاگ گیا اور اُن دنون مین تبت کلان کے باشندے یہ گنہ کھا دراور بارہ مین کہ حبیب خان چک اور نصرت خان کے بھائی کی جاگیر تھی آن کر بکریان ہانک لے گئے اِس سبب سے دولت چک اور سنکر چک اور ابراہیم چک اور حیدر چک اور یعقوب غازی خان اور بھی اعیان کو مع لشکر انبوہ لار کے راستہ سے تبت کلان مین بھیجا اور حبیب خان چک کہ ہمراہ اُن کے تھا بسبیل استعجال جس راستہ سے کہ بکریان لے گئے تھے تبتیان کے تعاقب مین دوڑا اور بجلی کی طرح قلعہ تبت کلان مین پہونچکر جنگ کی اور اُنکے سردارون کو شمشیر سے قتل کیا اور وہ سب بھاگے حبیب خان چک نے اس مقام مین نزول کرکے اپنے چھوٹے بھائی درویش

چک سے کہا تو مع لشکر سوار ہو کر تبت کلان مین داخل ہو در پیش چک نے تغافل کر کے اُسکے کہنے پر عمل نہ کیا اور حبیب خان چک باوجود اس کے کہ اُس کے زخمون سے خون جاری تھا سوار ہو کر تبت کلان کے قصر ہاے عالی مین داخل ہوا اور اہل تبت کلان تاب مقاومت نہ لاکر بے جنگ بھاگے اور چالیس آدمی اُن مین سے جو قصر کی چھت پر چسپیدہ اور پوشیدہ تھے دستگیر ہوے اور نہایت عجز اور خاکساری سے پیش آئے اور کہا ہمین قتل نہ کرو اور پانسو گھوڑے اور ہزار پارچہ پٹو اور پچاس بیل قسطاش اور دو سو بکریان اور دو سو تولہ سونا دینا قبول کیا لیکن حبیب خان چک نے اُن کی باتون پر التفات نہ کر کے سب کو دار پر کھینچا اور وہان سے سوار ہو کر دوسرے قلعہ مین آیا اور اُس قلعہ کو بھی خراب اور ویران کیا اور تبت کلان کے رئیسون نے تین سو گھوڑے اور پانسو پارچہ پٹو اور تیس راس گاؤ قسطاش جناب حبیب خان چک کے واسطے بھیجے اور گھوڑے خوب کاشغری کہ اہل تبت کلان کے ہاتھ آئے تھے وہ گھوڑے بھی ان سے لیے اور حیدر چک اور پسر غازی خان چک نے مسمے کھانی اپنے بھائی حقیقی کو حبیب خان چک کے پاس بھیجا کہ اہل تبت کلان نے وہ گھوڑے غازی خان چک کے واسطے نگاہ رکھے تھے مناسب ہے کہ اُن گھوڑون کو بھیجے تو ہم غازی خان کی خدمت مین روانہ کرین حبیب خان چک ترکمانی نے درجواب اُس کے قریب دو سو آدمی کے اس نیت سے روانہ کیے کہ منازعت درمیان مین ڈالین لیکن لوگون نے درمیان مین آن کر صلح کروائی آتش فساد ساکن ہوئی بعد اُس کے سری نگر کی طرف آیا اور یہ تمام اشیاء وہان کے آدمیون کو تقسیم کیے اور سنہ ۹۶۲ نو سو باسٹھ ہجری مین زلزلہ عظیم کشمیر مین واقع ہوا اکثر موضع اور شہر خراب اور منہدم ہوے اور موضع نیلو اور آدم پور مع عمارت و اشجار آب بہٹ کے اس طرف سے منتقل ہو کر اس پار ظاہر ہوے اور موضع ماور مین جو پہاڑ کے زیر دامن واقع ہے اُس کے گرنے سے وہان کے تخمیناً چھ سو آدمی ہلاک ہوے

اللھم احفظنا من جمیع البلیات والآفات

ذکر اسمٰعیل شاہ برادر ابراہیم شاہ کا مملکت کشمیر مین

جب پانچ ماہ ابراہیم شاہ کی حکومت کے گزرے اگرچہ اس وقت مین دولت چک درحقیقت فرمانروا تھا زمانہ غازی خان چک کے موافق ہوا دولت چک مغلوب اور منکوب ہوا غازی خان چک نے دم استقلال سے مارا اور اسمٰعیل شاہ کو برائے نام شاہ بنا کر سنہ ۹۶۳ نو سو ترسٹھ ہجری مین تخت پر بٹھایا اور اُس سال حبیب خان چک نے چاہا کہ دولت چک سے یک دل ہو جاؤن یہ عزیمت کر کے مرداودن کے سمت متوجہ ہوا غازیخان چک نے نصرت خان چک سے یہ بات کہی کہ تیرا بھائی حبیب خان چک دولت چک سے ملگیا ہے مناسب یہ ہے کہ وہ نہ آنے پاوے اور ہم دولت چک کو گرفتار کرین کیونکہ اُس کے آنے کے بعد کام مشکل ہو گا ناگاہ دولت چک کشتی مین سوار ہو کر حوض ڈل کی طرف مرغابی کے شکار کو گیا تھا اس درمیان مین غازی خان چک نے تاخت کر کے اُس کے گھوڑون کو گرفتار کیا اور وہ

بھاگ کر پہاڑ پر چڑھ گیا اُسے بھی گرفتار کر کے اُس کی آنکھوں مین سلائی پھیری کہ وہ کور ہوا بعد اُس کے حبیب خان چک آیا غازی خان بھاگ گئے کہ اُس سے ناراض تھا نازک چک کو جو دولت چک کا بھتیجا تھا طلب کر کے اُسے وکالت کی تکلیف دی اور جو کہ غازی خان چک نے اُس کے چچا کی آنکھوں مین سلائی پھیری تھی اس تعصب سے منصب وکالت قبول نہ کیا غازی خان چک نے چاہا کہ نازک چک کو بھی گرفتار کر کے مقید کرے وہ خبردار ہو کر بھاگا اور حبیب خان چک کے پاس جا کر پناہ لی

ذکر حبیب شاہ ابن اسمٰعیل کا

جب دو سال اسمٰعیل شاہ کی حکومت سے گذرے قضاے الٰہی سے فوت ہوا غازی چک نے اُسکے فرزند کو سریر حکومت پر متمکن کیا اور آخر ۹۶۴ھ نو سو چونسٹھ ہجری مین نصرت خان چک اور نازک چک اور سنکر چک برادر غازی خان چک اور یوسف چک اور ہستی خان چک سب نے ایک جگہ جا کر آپس مین عہد کر کے یہ تجویز کی کہ آج غازی خان چک نے دوا استعمال کی ہے اور اُس کا بھائی حسین خان چک قید ہے اُسے زندان سے برآور دہ کر کے غازی خان چک کو ہلاک کرین جب یہ خبر غازی خان چک کو پہونچی یوسف چک اور سنکر چک کو راضی کر کے اپنے پاس طلب کیا اور حبیب خان چک اور نصرت خان چک اور درویش چک نہ گئے اور یہ بات کہی کہ ہم علما اور قاضیون کو درمیان مین لا کر عہد و قول اُس سے لے کر جاوین گے نہین راہ فرار اختیار کرین گے اور نصرت خان چک بے قول گیا زندان مصیبت مین گرفتار ہوا اور حبیب خان چک نے باتفاق نازک خان چک کے پلون کو توڑ کر خروج کیا اور ہستی خان چک بجمعیت تمام آن کر اُس سے ملحق ہوا غازی خان چک نے لشکر کثیر اُن کے مقابلہ کو بھیجا جنگ عظیم واقع ہوئی اور غازی خان چک کا لشکر شکست کھا کر متفرق ہوا بعضے گرفتار ہوے اور حبیب خان چک فتح کر کے کھوہ پامون کی طرف گیا اور غازی خان چک اس شکست کے بعد حبیب خان چک کے مدافعہ کیواسطے خود سوار ہو کر دودھ کی طرف گیا اور تین چار کشتی بہم پہونچا کر مع تین فیل اور تین ہزار مرد جرار دریا سے عبور کیا اور جب خالد گڈھ کے میدان مین پہونچا حبیب خان چک بھی اُس کے مقابلہ کو آٹھ سو آدمی سے آن کر ہم مصاف ہوا اور بعد جنگ شدید تاب مقاومت نہ لا کر آب جمجہ کے پل مین در آیا اور گھوڑا اُس کا اُس پل سے عبور نہ کر سکا اس درمیان مین غازی خان چک کے ایک فیلبان نے اُسے گرفتار کیا غازی خان چک نے اُس کے سر جدا کرنے کا حکم دیا جب فیلبان ہاتھ اُس کے دہن کے قریب لے گیا حبیب خان نے اُس کی انگلیان دانتون سے پکڑ کر خوب کاٹین آخر فیلبان نے سر اُس کا جدا کر دیا اور کلہ نامت مین کہ جہان مکان اُس کا تھا لا کر آویزان کیا اور درویش چک اور نازک چک کو بھی گرفتار کر کے دار پر کھینچا اور چند عرصہ کے بعد بہرام چک ہندوستان سے غازی خان کے پاس سری نگر مین آیا پرگنہ کھوہ پامون جاگیر پائی اور سری نگر سے رخصت ہو کر پرگنہ زین گڈھ کے

سنہ ۹۶۴ ہجری سنہ ۱۵۵۶ عیسوی

قصبہ بدانچہ کی طرف کہ وطن اُس کا تھا گیا پھر شنکر چک اور فتح چک وغیرہ بہرام چک کے پاس جاکر آپس
مین متفق ہوکر پرگنہ سوپہ پور مین آئے اور بنیاد فساد کی قائم کی غازی خان چک نے اپنے بیٹون
اور بھائیون کو اُن کے تدارک کے واسطے روانہ کیا اور وہ تاب جنگ نہ لاکر پہاڑ کی سمت بھاگے
غازی خان چک نے اُسی روز اُنھین اُن کے تعاقب کو بھیجا وہ جاتے ہی اُس جماعت کو گرفتار کرلائے
دوسرے دن یہ خبر پہونچی کہ بہرام چک سرکوب سے کسی طرف راہی ہوا اور شنکر چک اور فتح چک
اُس سے جدا ہوئے غازی خان بسرعت تمام کہو بہامون مین گیا اور چھ روز تک بہرام چک کی بہت
تلاش کی لیکن ہاتھ نہ آیا اور جب احمد جورین برادر حیدر چک ولد غازی خان چک نے اُس کی
گرفتاری کا ذمہ کیا غازی خان چک شہر مین پلٹ آیا احمد جورین نے سرکوب مین کہ مسکن ریشیان
یعنے صوفیون کا تھا جاکر اُنھین گرفتار کیا اور بہرام چک کی جستجو کی وہ بولے کہ ہم نے اُسے کشتی
مین سوار کرکے امیر زینا کے مکان مین جو موضع بارہلی مین واقع ہی پہونچایا ہی اور ریشیان ایک فرقہ
ہی کہ وہ ہمیشہ زراعت کرتے اور باغ لگاتے ہین اور پھل وغلہ خدا کی راہ مین خیرات کرتے ہین اور
خود مجرد رہتے ہین الغرض جب احمد جورین امیر زینا کے پاس گیا اور بہرام چک کو تلاش تمام گرفتار
کرکے سری نگر مین لایا اور دار پر کھینچا احمد جورین اس فتح اور نصرت کے سبب مختص ہوا اُن دنون
مین شاہ ابوالمعالی کوکہ لاہور سے بھاگ کر بعضے کہکر اُنکے قید خانہ مین تھا مع زنجیر یوسف کے شانہ
پر سوار ہوکر برآمد ہوا اور کمال خان گہکر کے ساتھ موافق ہوکر میرزا حیدر کے مانند کشمیر کی تسخیر کا ارادہ
کیا جب راجوری مین پہونچا مغلون کی ایک جماعت بھی اس کے شریک ہوئی اور دولت چک اور اذعا
اور فتح خان چک ودوسرے چک اور لوہر دانکوی بھی شاہ ابوالمعالی کے پاس آئے اور ۹۶۵ھ
نوسو پینسٹھ ہجری مین کشمیر کے سمت متوجہ ہوئے اور جب بارہمولہ مین پہونچے حیدر چک اور
فتح خان چک جو راستہ کی محافظت کرتے تھے بھاگ کر موضع یادوکھی مین آئے اور شاہ ابوالمعالی
نے عدالت کو کام فرماکر سپاہیون کو رعایا کے جور وتعدی سے ممانعت کی اور موضع بارہمولہ مین
جو یادوکھی کے قریب ہی پہونچکر ایک بلندی پر وارد ہوا اور غازی خان چک اپنے بھائی
حسین خان چک کو ہراول کرکے موضع کمنود مین مقیم ہوا اور کشمیریون نے جو شاہ ابوالمعالی کے
ہمراہ تھے اُس کی بلا اجازت حسین خان چک کی فوج پر حملہ آور ہوکر پسپا کیا غازی خان چک اس
کی کمک کو پہونچا اور داد مردی ومردانگی دے کر بہت کشمیریون کو تہ تیغ کرکے لڑائی فتح کی شاہ
ابوالمعالی یہ حال دیکھکر بے جنگ بھاگا اور جب گھوڑا اُس کا راستہ مین تھک گیا ایک مغل جان نثار
شاہ کی خدمت مین حاضر ہوا اور اپنا گھوڑا کہ تازہ زور تھا شاہ کو اُس پر سوار کیا اور اُس کا گھوڑا
ماندہ لے کر اس مقام مین ایستادہ ہوا کشمیری کہ شاہ کے تعاقب مین آتے تھے اُنھین تیر باران
کرکے روکا جب ترکش اُس کے خالی ہوے کشمیریون نے اُس بہادر کو نرغہ کرکے تیغ سیاست
سے قتل کیا اور اس فرصت مین شاہ ابوالمعالی کوسون نکل گیا سبحان اللہ بہادر اور خیرخواہ یہ لوگ

تھے کہ اپنے آقا کی جانبری کے واسطے اپنے تئین فدا کیا جان عزیز کا کچھ پاس نہ کیا القصہ غازی خان یاد دکھی مین پلٹ آیا اور جس مغل کو اُس کے پاس لاتے تھے گردن مارتا تھا لیکن حافظ میرزا حسینی کو جو جنت آشیانی نصیر الدین محمد ہمایون بادشاہ کے خواندہ تھے بہ سبب خوش خوانی کے انھین قتل نہ کیا اور اس فتح کے بعد نصرت خان چک کو زندان سے برآوردہ کرکے جلال الدین محمد اکبر بادشاہ کی ملازمت کے واسطے بھیجا اور نصرت خان چک بیرم خان سے ملکر متوسل ہوا اور سنہ ۹۶۶ نوسو چیاسٹھ ہجری مین غازی خان کے مزاج مین ایک تغیر واقع ہوا دست تعدی دراز کیا خلائق اُس سے نہایت متنفر ہوئی اور مخبرون نے انھین دنون مین اُسے یہ خبر پہونچائی کہ حیدر چک آپ کا فرزند بعضے لوگون کے اتفاق سے کشمیر لیا چاہتا ہے غازی خان نے محمد جنید کو جو اُس کا وکیل تھا اور بہادر رہٹ کو طلب کرکے یہ بات کہی کہ لوگ اس طرح کہتے ہین تم جاکر اُسے نصیحت کرو تو وہ دوبارہ اس خیال فاسد کو اپنے دل مین راہ نہ دیوے پھر محمد جنید نے حیدر چک کو اپنے مکان پر بلاکر بہت چشم نمائی کی اور سخت وسست کہا حیدر چک نے طیش کھاکر خنجر محمد جنید کی کمر سے بزور نکال کر اُس کے شکم پر مارا کہ وہ جانبر نہوا لوگون نے حیدر چک کو گرفتار کیا اور غازی خان کے حکم کے بموجب اُسے قتل کرکے لاش اُس کی زینہ گڈھ کے دروازہ پہاوڑیان کی اور جو لوگ کہ اُس کے شریک اور موافق تھے سب کو تہ تیغ کیا اور سنہ ۹۶۷ نوسو سرسٹھ ہجری مین میرزا قراہبا در نے ہندوستان سے مع لشکر کثیر اور نوزنجر فیل آن کر لار پور مین تین ماہ اقامت کی اور کشمیریون سے نصرت چک اور فتح چک وغیرہ اور گھکران سے بھی ایک جماعت کثیر ہمراہ رکھتا تھا اور امیدوار تھا کہ مردم کشمیر میرے شریک ہونگے اس عرصہ مین نصرت خان چک اور فتح چک اور لوہرو انکری اُس کے پاس سے بھاگ کر غازی خان کی خدمت مین حاضر ہوئے اس سبب سے میرزا قراہبا در کے لشکر مین بہت فتور برپا ہوا اور غازی خان چک کشمیر سے برآمد ہوکر بارہ مولہ کوٹ مین پہونچا اور پیادون کو میرزا قراہبا در کے مقابلہ کو بھیجکر شکست دی اور میرزا بھاگ کر قلعہ وائرہ مین داخل ہوا دوسرے دن میرزا قراہبا در پھر پیادون کی جنگ سے بھاگا اور اسکے ہاتھی پیادون کے ہاتھ آئے اور پانسو مغل مارے گئے اور جب پانچ سال حبیب شاہ کی شاہی سے منقضی ہوئے غازی خان نے اُسے گوشہ مین بٹھاکر خود فرمانروائی کا نشان بلند کیا اور نام بادشاہی کا دوسرے پر روا نہ رکھا خطبہ اور سکہ پر اپنا نام جاری کرکے اپنے تئین غازی شاہ مشہور کیا

تذکرہ غازی شاہ کا

غازی خان چک نے شاہان کشمیر کے آئین کے موافق جلوس کیا اور اپنے تئین غازی شاہ خطاب دیا لیکن مرض جذام کے سبب سے کہ اس سے پیشتر بہم پہونچا تھا اُن دنون مین اُس کی

شدت سے اُس کی آواز متغیر ہوئی اور انگلیان اُس کی گرنے پر تھین اور دانتون مین زخم ظاہر ہوے اور سنہ ۹۶۸ نوسو اڑسٹھ ہجری مین فتح خان چک اور لوہرہ انگری اور بھی کشمیری غازی شاہ سے متوہم اور ہراسان ہوکر پہاڑون مین داخل ہوئے اور غازی شاہ نے اپنے بھائی حسین چک کو مع دو ہزار آدمی اُن کے تعاقب مین بھیجا جب موسم سرما اور برف باری کے ایام آئے مخالف ہلاک ہوئے اور جو باقی رہے کھتوار مین گئے اور وہان سے مضطرب اور متردد ہوکر حسین خان چک کے پاس آن کر پناہ لی حسین خان چک نے ان کے عفو گناہ کے لیے غازی شاہ سے درخواست کی اور شاہ نے اُن کی تقصیر معاف فرماکر جاگیر خوب عنایت فرمائین اور سنہ ۹۷۰ نوسو ستر ہجری مین غازی شاہ نے کشمیر سے برآمد ہوکر لار مین قیام کیا اور اپنے فرزند احمد خان کو فتح خان چک اور ناصر کتانی اور بھی امراے نامدار کے ہمراہ تبت کلان کی تسخیر کو بھیجا اور جب یہ تبت سے پانچ کوس کے فاصلہ پر پہونچے فتح خان چک احمد خان کے رخصت جاکر شہر تبت مین داخل ہوا اہل تبت اُس کا ساز و سامان دیکھکر جنگ پر راضی نہوئے اور پیشکش بہت قبول کی اور وہان سے جلد برخاست کرایا اس کے بعد احمد خان کے دل مین یہ ہوس ہوئی کہ فتح خان چک تبت مین جاکر فائز المرام ہوکر آیا اگر مین بھی ایسا کرون گا اہل کشمیر میری تعریف کرینگے یہ تجویز کرکے تنہا چلنے کا ارادہ کیا فتح خان چک نے عرض کی کہ آپ کا جریدہ جانا مناسب نہین ہے اگر یہی ارادہ ہے جمعیت لے کر جایئے احمد خان نے اس کے کہنے پر التفات نہ کی پانسو آدمی لیکر روانہ ہوا اور فتح خان چک کو لشکر گاہ مین چھوڑا اہل تبت نے جب احمد خان کو جریدہ دیکھا جمعیت کرکے اُس پر تاخت لائے وہ تاب مقابلہ کی نہ لاکر بھاگا اور فتح خان کے پاس آن کر یہ بات کہی کہ آج مین تبتیون سے مقابلہ اور مقاتلہ کو جاتا ہون تم میری فوج کے آگے چلو وہ بلا توقف جریدہ آگے روانہ ہوا اہل تبت اُسے تنہا دیکھکر جنگ مین مشغول ہوئے فتح خان کی رگ شجاعت اور غیرت جنبش مین آئی تنہا جنگ کرکے مارا گیا غازی شاہ یہ خبر سنکر احمد خان سے نہایت ناراض ہوا اور سخت و سست کہا ایام دولت اُس کے چار برس کے بعد آخر ہوئے ۔

ذکر حسین شاہ کی سلطنت کا

یہ غازی شاہ کا بھائی تھا سنہ ۹۷۱ نوسو اکہتر ہجری مین غازی شاہ تبت کلان کی تسخیر کے ارادہ سے کشمیر سے برآمد ہوا اور مولد کھارمین استقامت کی اور غلبہ مرض جذام کے سبب اُس کی آنکھین بیکار رہوئین اور آخر عمر مین شعار بدی کرکے خلق پر دست تعدی دراز کرتا تھا اور بیصدور قصور لوگون سے زر جرمانہ لیتا تھا اس سبب سے آدمی اس سے رنجیدہ ہوکر دوگروہ ہوئے ایک جماعت اُس کے فرزند احمد خان کی شریک ہوئی اور ایک جماعت اُس کے بھائی حسین چک

کی مدد و معاون ہوئی غازی شاہ یہ خبر سنکر مولد کھار سے مراجعت کرکے سری نگر مین آیا اور جو حسین چک پر اُس کی مہر و شفقت زیادہ تھی اُسے اپنا جانشین کرکے سریر سلطنت پر بٹھایا اور غازی شاہ کے تمام وکلا اور وزرا حسین چک کے مکان پر حاضر ہوے اور شرائط خدمتگاری اور لوازم فرمان برداری مین قیام کیا اور پندرہ روز کے بعد غازی شاہ نے تمام تماش اور اسباب اپنا دو حصہ کرکے ایک حصہ اپنے بیٹون کو دیا اور دوسرا حصہ مہاجنون کے سپرد کیا کہ اُس کی قیمت پہونچا دین مہاجن حسین چک کے پاس داد خواہ ہوئے حسین چک نے غازی شاہ کو منع کیا اور غازی شاہ نے رنجیدہ ہوکر چاہا کہ اپنے فرزند کو جانشین کرے حسین چک یہ خبر سنتے ہی احمد خان پسر غازی شاہ اور ابدال خان اور بھی اعیان دولت کو طلب کرکے اپنی اطاعت کے بارہ مین اُن سے عہد و پیمان لیا غازی شاہ ترک سلطنت سے نہایت پشیمان ہوا اپنے خاص آدمیون اور مغلون کو طلب کرکے جمعیت کی اور حسین چک بھی مقابلہ کو آمادہ ہوا اہالی شہر اور قصبات نے درمیان مین آن کر آتش فساد ساکن کی اور غازی شاہ نے شہر سے برآمد ہوکر رین پورین اقامت کی اور تین مہینے کے بعد پھر سری نگر مین آیا اور حسین چک نے استقلال تمام بہم پہونچا کر ولایت کشمیر آدمیون کے درمیان مین تقسیم کی اور سنہ ۹۷۴ نوسو بہتر ہجری مین حسین چک نے اپنے بڑے بھائی شنکر چک کو راجوری اور نوشہرہ جاگیر دے کر رخصت کیا اور اس کے بعد یہ خبر پہونچی کہ شنکر چک نے خروج کیا ہے اس واسطے اس کی جاگیر محمد خان ماکری کے نام مقرر کی اور احمد خان اور فتح خان چک اور خواجہ مسعود اور مانک چک کو مع لشکر جرار اُس کے تدارک کو تعینات فرمایا اُنھون نے جاکر فتح کی اور حسین چک اُن کے استقبال کو گیا اور باعزاز تمام انھین سری نگر مین لایا اور چند روز کے بعد معلوم ہوا کہ احمد خان اور محمد خان ماکری اور نصرت خان چک اُس کے قتل کا ارادہ رکھتے ہین چاہا انھین کسی ڈھب سے گرفتار کرون اُنھون نے یہ خبر سنی تو بجمعیت تمام حسین چک کے پاس آیا کرتے تھے جب حسین چک نے دیکھا کہ یہ لوگ حقیقت حال سے واقف ہو گئے ہین تو ملک لوندنی لوند کو اُن کے پاس بھیجا کہ انھین ایک جا فراہم کرکے عہد و پیمان لیوے کہ کوئی شخص کسی سے عداوت نہ کرے ملک لوندنی لوند اُنکے پاس گیا اور مقدمات صلح مین مشغول ہوا اور سب احمد خان کے مکان پر گئے اور یہ تجویز کی کہ احمد خان جو چند روز سے حسین چک کے پاس نہین گیا تھا اسے حسین چک کے مکان پر لے جاوین احمد خان نے بعد مبالغہ اور اصرار کے قبول کیا اور نصرت خان چک اور ملک لوندنی لوند کے ہمراہ حسین چک کے مکان پر گیا اور قاضی حبیب جو اعیان شہر سے تھا مع محمد ماکری اُس مقام مین حاضر ہوا اور دیوانخانہ مین مجلس منعقد ہوئی اور جب رات ہوئی حسین چک نے کہا کہ ہم آج شب کو تمبورہ نوازی کرین گے جو یہان قاضی متشرع ہے تم کو بُرا لگے پر چلکر محفل سرور مین شریک ہو مین بھی پیچھے سے آتا ہون جب یہ

تنبورہ نوازی

کوٹھے پر گئے آدمیون کو بھیجکر اُنھین قید کیا اور بعد اس کے علی خان اور خان زمان کو کہ اصلی نام اُن کا فتح خان تھا مع فوج کثیر شنکر چک کے مدافعہ کو جو راجوری کے قریب تھا بھیجا اور فتح خان عرف خان زمان نے مع لشکر ظفر پیکر جاکر اُسے شکست دی اور فتحیاب ہوکر واپس ایا اور اُس نے اختیار تمام پیدا کیا اور امرا کو یہ حکم ہوا کہ تم ہر روز اُس کے مکان پر جایا کرو اور ۹۷۳ھ نوسو تہتر ہجری مین امرا نے غیبت خان زمان کی حسین چک سے کی تو اُس نے لوگون کو اُس کے مکان پر جانے کی ممانعت کی اور خان زمان کشمیر سے نکل جانے کی فکر مین تھا کہ حسین ماکری نے آن کر خان زمان سے یہ بات کہی کہ تو کیون شہر سے نکلتا ہی حسین چک شکار کو گیا ہی اور مکان اُس کا خالی ہی اُس کے مکان پر جاکر اُس کے تمام اسباب اور خزانون پر متصرف ہو پھر ایسا وقت ہاتھ نہ آئے گا اُس نے یہ بات پسند کی اور باتفاق فتح خان چک اور لوہر وانکری اور مثل اُن کے حسین چک کے مکان پر جاکر دروازہ مین آگ لگائی اور چاہا کہ احمد خان اور محمد خان ماکری اور نصرت خان کو زندان سے برآوردہ کرون مسعود مانک وانکری جو جیلخانہ کا داروغہ تھا اُس نے پانی دیوانخانہ کے صحن مین اس قدر چھڑکا یا کہ ولدل ہوگئی اور دولت خان نام ایک شخص مردم چک سے ترکش باندھے کھڑا تھا بہادر خان ولد خان زمان نے اُس پر حملہ کرکے تلوار کا وار کیا لیکن ترکش پر پڑا وہ محفوظ رہا پھر دولت خان نے ایک تیر ایسا اس کے گھوڑے کی آنکھ مین مارا کہ گھوڑا چراغ پا ہوا اور بہادر خان اُس کی پشت سے زمین پر گرا مسعود مانک وانکری نے جاتے ہی اُس کا سر خنجر سے کاٹا اور خان زمان جو باہر کھڑا تھا بھاگا اور مسعود مانک نے اُس کا تعاقب کرکے گرفتار کیا اور حسین چک کے روبرو لے گیا اور حسین چک کے حکم کے موافق اُسے زین گڈھ مین لے جاکر ناک کان دست و پا کاٹ کر سولی پر چڑھایا اور حسین چک نے مسعود مانک وانکری کو فرزند ارجمند کہکر ساتھ خطاب مبارزخانی کے سرفراز فرمایا اور پرگنہ بالکل کو اُس کی جاگیر مقرر کی اور ۹۷۴ھ نوسو چوہتر ہجری مین حسین چک نے احمد خان پسر غازی شاہ اور نصرت خان چک اور محمد خان ماکری کی آنکھون مین میل کھچوائی غازی شاہ یہ خبر سنکر نہایت محزون اور ملول ہوا اور اُسی کوفت مین بیمار ہوکر مرگیا اور حسین چک مدرسہ بناکر وہان کے علما اور صلحا کے ساتھ صحبت رکھتا تھا اور پرگنہ زین پور اُن کی جاگیر مقرر کی اور ۹۷۵ھ نوسو پچہتر ہجری مین لوندنی لوندنے یہ خبر حسین چک کے سمع مبارک مین پہونچائی کہ مسعود مانک وانکری المخاطب مبارزخان کہتا ہی جو حسین چک نے مجھے فرزند کہا ہی چاہیے کہ اپنے خزانہ سے مجھے بھی حصہ دیوے یہ سنتے ہی حسین چک نہایت آزردہ ہوا ایک دن مسعود مانک وانکری المخاطب ببابزرخان کے مکان پر گیا اور اصطبل مین گھوڑے افراط سے دیکھکر اُس کا دل اور بھی مبارزخان سے منحرف ہوا اور اُسے محبوس کیا اور تمام مہمات ملکی لوندنی لوندنے متعلق ہوئین اور عرصہ قلیل مین وہ بھی بسبب اس جرم کے کہ اُس نے چالیس ہزار خروار دھان سرکار سے

خیانت کیے تھے قید ہوا اور علی کو کا بجاے اس کے منصوب ہوا اور ۹۷۶ھ نو سو چھتر ہجری مین قاضی حبیب جو حنفی مذہب تھا روز جمعہ کو مسجد جامع سے برآمد ہو کر دریاے کوہ ماران مین قبرون کی زیارت کے لیے گیا تھا یوسف نامے کہ شیعہ مذہب تھا اُس نے تلوار غلاف سے کھینچکر قاضی کے سر پر رسید کی وہ مجروح ہوا پھر دوسرا وار کیا قاضی نے سر دست اپنا ہاتھ سپر کیا انگلیان کٹ گئین اور اختلاف مذہب کے سوا کوئی امر اور تعصب کا درمیان مین نہ تھا مولانا کمال کہ قاضی کا داماد تھا اور سیالکوٹ مین جاکر درس مین مشغول رہتا تھا قاضی کے ہمراہ تھا یوسف قاضی کو زخمی کر کے بھاگا اور حسین چک باوصف اس کے کہ خود شیعہ مذہب تھا یہ خبر سنکر آدمی یوسف کی گرفتاری کو تعین کیے وہ اُسے پکڑ لائے اور حسین چک نے فقہا یعنی دانشمندون کو مثل ملا یوسف اور ملا فیروز اور مانندان کے ایک جاکر کے فرمایا کہ جو کچھ اُس کے بارہ مین شرع کے موافق ہو فتوے جاری کرو عالمون نے جواب دیا کہ ایسے شخص کا قتل کرنا ازروئے شریعت نا روا ہے قاضی زخمی ہوا تھا اس نے جواب دیا کہ مین زندہ ہون اس شخص کا قتل کرنا جائز نہین ہے آخر اسے سنگسار کیا اتفاقاً اُن دنون مین ایک جماعت کہ ساتھ اُس کے مذہب اور اعتقاد مین ایک تھی مثل میرزا مقیم اور میر یعقوب پسر بابا علی برسم سفارت جلال الدین محمد اکبر بادشاہ کی درگاہ سے آئے جب بہیرہ پور مین پہونچے حسین چک ان کے استقبال کو ایک خیمہ عالی ایستادہ کر کے مقیم ہوا جب سنا کہ ایلچی قریب آئے حسین چک برآمد ہوا اور ایلچیون کو لاکر خیمہ مین ایکجا بٹھایا اور بعد اس کے ایلچی حسین چک کے فرزند کے ہمراہ کشتی مین بیٹھکر شہر کی طرف روانہ ہوئے اور حسین چک خشکی کے راستہ سے کشمیر مین گیا اور حسین ماکری کا مکان اُن کے نزول کے واسطے مقرر کیا اور بعد چند روز کے میرزا مقیم کہ وہ بھی ساتھ یوسف کے ہم مذہب تھا اُس نے حسین چک سے یہ بات کہی کہ جو تم نے یوسف کو مفتیون کے کہنے سے قتل کیا ان مفتیون کو میرے پاس بھیجو حسین چک کے مفتیون کو اُن کے پاس بھیجا قاضی زین جو یوسف کا ہم مذہب تھا اُس نے مفتیون سے یہ تقریر کی کہ تم نے فتوے مین غلطی کی ہے مفتیون نے جواب دیا ہم نے فتوی علی الاطلاق اُس کے قتل کے واسطے نہین دیا تھا ہم نے یہ کہا تھا کہ ایسے شخص کا قتل کرنا سیاست کے واسطے روا ہے میرزا مقیم نے مفتیون کو سر دربار بُرا بھلا کہکر فتح خان چک کے سپرد کیا اور انھین بہت ایذا دی اور حسین چک کشتی مین بیٹھکر کمراج کی سمت گیا اور فتح خان چک نے مرزا مقیم کے کہنے سے مفتیون کو مقتول کر کے اُنکے پانون مین رسی باندھی اور لاشین اُنکی کو چہ و بازار مین پھرائین اور حسین چک نے اپنی دختر مع تحف و ہدایا ایلچیون کے ہمراہ جلال الدین محمد اکبر بادشاہ کی خدمت مین بھیجکر اطاعت اظہار کی

ذکر علی شاہ کی سلطنت کا

۹۷۷ھ نو سو ستھتر ہجری مین خبر پہونچی کہ جلال الدین محمد اکبر بادشاہ نے میرزا مقیم کو مفتیون کے خونہا

ناحق کے عوض مین قتل کیا اور حسین چک کی بیٹی واپس بھیجی اور حسین چک کو یہ خبر سنتے ہی اسہال دموی عارض ہوا یعنی خون کے دست آنے لگے جب تین چار ماہ کا عرصہ گذرا اُس وقت مین حسین چک نے محمد خان اور بہت یوسف فرزند علی خان چک سے یہ بات کہی کہ تو علی خان چک کے پاس جو سوپور مین ہی جاکر مقیم ہو جب بہت یوسف علی خان چک کے پاس گیا اور لوگ بھی باری باری بھاگ کر علی خان چک کے پاس حاضر ہوئے اور حسین چک نے جب یہ خبر سنی آدمی بھیجکر علی خان چک کو یہ پیغام دیا کہ ہم سے کیا گناہ واقع ہوا بلکہ تیرے فرزند کو بلاتعرض تیرے پاس بھیجا علی خان چک نے اس کے در جواب کہلا بھیجا کہ میری بھی کچھ تقصیر نہین ہی آدمی خود بخود بھاگ کر میرے پاس چلے آتے ہین ہر چند انھین سمجھاتا ہون فائدہ نہین بخشتا آخر علیخان چک سری نگر کی طرف متوجہ ہو کر سات کوس پر وارد ہوا ملک لوندئی لوندبھاگ کر علی خان چک کی خدمت مین حاضر ہوا اور حسین چک نے شہر سے برآمد ہو کر جلہ حاجم مین جو شہر سے ایک کوس پر ہی مع لشکر نزول کیا اور احمد اور محمد ماکری کہ اُس کے امرا کے سلک مین منتظم تھے اُسی رات کو علی خان چک کے پاس بھاگ آئے اور دولت چک کہ حسین چک کے مقربون سے تھا اُس نے اُس سے یہ بات کہی کہ جو تمام آدمی ہمارے پاس سے بھاگے جاتے ہین بہتر یہ ہے کہ اسباب شاہی جس کے واسطے نزاع ہی علی خان چک کے پاس نکتھارا بھائی ہی غیر نہین ہی بھیجدو حسین چک نے چتر اور قسطاس اور تمام جلوس شاہی یوسف کے ہاتھ علی خان کے پاس بھیجکر یہ پیغام دیا کہ گناہ میرا یہ ہی کہ بیمار ہون نہین مین خود اس اسباب کے ہمراہ آتا پھر علی خان چک حسین چک کے مکان پر عیادت کو آیا پھر دونون بھائی بغلگیر ہو کر گریہ وزاری کرنے لگے پھر حسین چک نے شہر علی خان چک کے سپرد کر کے زین پور مین آن کر اقامت کی اور علی خان چک علی شاہ ملقب ہوا اور امر شاہی ساتھ اس کے رجوع ہوئے اور وکیل حسین چک کا تھا معتمد علیہ وکیل السلطنۃ ہوا اور حسین چک کا پیمانۂ حیات آب بقا سے لبریز ہو کر دست قضا سے ڈھالا اور علی شاہ نے اُس کے جنازہ کے ہمراہ جاکر اُسے حیران بازار کے قریب دفن کیا اور انھین دنون مین شاہ عارف درویش جو اپنے تئین شاہ طہماسپ صفوی بادشاہ ایران کی اولاد سے شمار کرتا تھا اور شیعہ مذہب تھا بلباس فقر اور ارباب تصوف لاہور سے حسین قلی خان ترکمان حاکم پنجاب کے پاس سے برآمد ہو کر کشمیر مین آیا والی کشمیر علی شاہ کہ شیعہ مذہب تھا اس بزرگوار کے آنے سے نہایت محظوظ ہوا اور شرائط تعظیم وتکریم کے بعد اعتقاد اور ارادت کے اظہار کے واسطے اپنی دختر اُس کے عقد ازدواج مین لایا اور اُسکو مہدی آخرالزمان سمجھکر معتقد ہوا اور علی چک اور نوروز چک اور ابراہیم چک یعنی غازی شاہ کے فرزندون نے کہ تمام رافضی تھے اُس سے اس قدر اعتقاد بہم پہونچایا کہ سجدہ کرتے تھے اور آخر کو انھین ہر امور کے لائق جان کر قرار دیا کہ اُسے سریر شاہی پر بٹھادین جب یہ خبر علی شاہ کے کان مین پہونچی اُن سے

نہایت رنجیدہ ہوکر ایذا رسانی کے درپے ہوا اور شاہ عارف کہ کیمیاگری اور تسخیر جن مین مشہور تھا اِس مضمون کو دریافت کرکے یہ مشہور کیا کہ مین یہان نہ رہون گا ایک دن مین بزور علم تسخیر لاہور کی طرف یا اور ولایت کی سمت جاؤن گا اس کے بعد پوشیدہ ہوا تو لوگ اعتقاد کرین کہ غیبت کی ہی لیکن تین روز کے بعد معلوم ہوا کہ دو اشرفی ملاحون کو دے کر کشتی مین سوار ہوکر بارہ مولہ مین پہنچکر پہاڑ پر برآمد ہوا علی شاہ نے آدمی اُس کی گرفتاری کو بھیجے اور وہان سے طلب کرکے حوالات مین سپرد کیا اور جب دوبارہ بھاگا لوگ کوہ مہتر سلیمان سے پھر گرفتار کرلائے اس مرتبہ علی شاہ نے ہزار اشرفی اپنی دختر کے مہر کے عوض اُس سے لے کر طلاق لی اور اس کے خواجہ سرا کو بھی جدا کرلیا اور چند روز قید کرکے تبت کی طرف رخصت کیا اور علی رائے والی تبت جو آل عبا کی محبت کا دم مارتا تھا عارف شاہ درویش کے استقبال کو روانہ ہوا اور اُس کے قدوم میمنت لزوم کو موہبت عظمےٰ تصور کرکے اُس کی تعظیم و تکریم مین کوئی دقیقہ فروگذاشت نہ کیا اور عارف شاہ کو اپنے ملک مین متوطن کرکے بارادت تمام اپنی بیٹی کو جسے نہایت عزیز اور شریف جانتا تھا اُس کے عقد نکاح مین دلایا اور شاہ عارف چند روز وہان رہے بعد اس کے حضرت جلال الدین محمد اکبر بادشاہ کے حسب الطلب ارادہ سفر ہندوستان کرکے دارالخلافت آگرہ مین پہونچتے ہی وارد بقا کی طرف کوچ کیا اور سنہ ۹۷۹ نوسو اناسی ہجری مین علی چک ولد نوروز چک علی شاہ کی خدمت مین حاضر ہوکر عرض پرداز ہوا کہ دوکہہ نے میری جاگیر مین آن کر خلل ڈالا ہی اگر سرکار اسکا تدارک کرکے مانعت نفرماویگی مین اپنے گھوڑون کے شکم پھاڑ ڈالونگا علی شاہ یہ معاسنکر سمجھا کہ متصدی اس کا میرے شکم پھاڑنے سے ہی اس سبب سے آتش غضب اُس کے دماغ مین شعلہ زن ہوئی اُسے قید کرکے ولایت کمراج مین بھیجا اور وہ وہان سے بھاگ کر حسین قلی خان حاکم پنجاب کے پاس گیا اور جب ملاقات کے وقت حسین قلی خان تواضع متعارفہ بجا نہ لایا تو لاہور سے نکلکر پھر ولایت کشمیر مین آیا اور علی شاہ نے اُسے پھر گرفتار کرکے مقید کیا اور بعد چند روز کے پھر قید خانہ سے بھاگا اور نوشہرہ مین داخل ہوا علی شاہ نے لشکر اُس کے سر پر بھیجکر پھر دستگیر کیا اور سنہ ۹۸۲ نوسو بیاسی ہجری مین علی شاہ نے کہتوار پر جس کو کشتوار بھی کہتے ہین لشکر کشی کی اور وہان کے حاکم سے اپنے پوتے یعقوب کے لیے دختر لے کر معاودت فرمائی اور اندرون مین ملاعشقی اور قاضی صدرالدین جلال الدین محمد اکبر بادشاہ کے دربار سے برسم رسالت آئے علی شاہ نے اپنے بھتیجے کی بیٹی شاہزادہ کامگار سلطان سلیم کی خدمت کے واسطے ملاعشقی اور قاضی صدرالدین کی صحابت سے مع تحف اور ہدایا بطور پیشکش ارسال کی اور خطبہ اور سکہ ولایت کشمیر کا محمد اکبر بادشاہ کے نام جاری کیا اور اِس عرصہ مین یوسف فرزند علی شاہ نے محمد بہت کے اغوا سے ابراہیم خان ولد غازی خان کو بے اجازت باپ کے مقتول کیا اور باپ کے خوف سے محمد بہت کے ہمراہ بھاگ کر بارہ مولہ مین گیا اور علی شاہ اس کی اس حرکت خلاف وضع سے نہایت آزردہ

اور اُس کے ندارک کی فکر مین ہوا لوگون نے یوسف کی عفو تقصیر کی درخواست کر کے اُسے طلب کیا اور محمد بہت کو جو اس فساد کا باعث تھا اُسے قید کیا اور ۹۸۳ھ نو سو تراسی ہجری مین علی شاہ جمال نگری کی سیر کے واسطے مع اہل و عیال روانہ ہوا اور حیدر خان نام پسر محمد شاہ اولاد شاہ زین العابدین سے جو گجرات مین رہتا تھا جس وقت کہ جلال الدین محمد اکبر بادشاہ نے گجرات کو لیا اُس کے ہمراہ رکاب ہندوستان کی طرف آیا اور وہان سے نوشہرہ پہونچا اور اُس کا چچیرا بھائی سلیم خان جو وہان رہتا تھا مع جماعت اپنی اس سے ملحق ہوا علی شاہ نے ایک جماعت کثیر اور جم غفیر لوہر چک کے ہمراہ بھیجی اور محمد خان چک نے جو راجوری مین رہتا تھا لوہر چک کی سرداری سے حسد کر کے اُسے قید کیا اور اُس کے لشکر کو لے کر حیدر خان کے پاس نوشہرہ مین آیا اور یہ بات کہی کہ اسلام خان کو کہ مرد مردانہ ہے میرے ہمراہ بھیجو تو جاگیر ولایت کشمیر کو تمھارے واسطے فتح کرون حیدر خان اُس کی بات سے غرہ ہوا اسلام خان کو اُس کے ہمراہ بھیجا جب موضع چکیم مین وارد ہوا صبح کے وقت محمد خان چک نے اسلام خان کو بہ مذر قتل کر کے سید داؤد علی شاہ کے پاس گیا اور مورد الطاف ہوا اور علی نگری اور داؤد گذار وغیرہ جنھون نے حیدر خان کی وہ التجا ہی کا ارادہ کیا تھا محبوس ہوے اور ۹۸۴ھ نو سو چوراسی ہجری مین کشمیر مین قحط عظیم پڑا اکثر آدمی بھوک کی شدت سے ہلاک ہوے اور ۹۸۵ھ نو سو پچاسی ہجری مین علی شاہ نے مسجد پر برآمد ہو کر علما اور صلحا سے صحبت کی اور کتاب مشکوٰۃ شریف اس مجلس مین لاکر اُس حدیث کے موافق جو فضائل توبہ مین وارد ہے توبہ کر کے غسل کیا اور نماز پنجگانہ اور تلاوت قرآن مین مشغول ہوا اور بعد فراغ چوگان بازی کے واسطے سوار ہو کر بمیدان عیدگاہ چوگان بازی مین مصروف ہوا ناگاہ حنہ زین کا اس زور سے اُسکے شکم پر لگا کہ اُس کے صدمہ سے جانبر نہوا

ذکر یوسف شاہ کی سلطنت کا

جب علی شاہ فوت ہوا اُس کا بھائی ابدال خان چک اپنے بھتیجے یوسف خان کے خوف سے اُس کے جنازہ پر حاضر نہوا یوسف نے سید مبارک خان اور بابا خلیل کو ابدال خان چک کے پاس بھیجکر پیغام دیا کہ اگر تمھین میری شاہی منظور ہو اپنے بھائی کے دفن و کفن مین شریک ہو والا تم حکومت کرو مین تمھاری اطاعت اور فرمانبرداری مین حاضر رہونگا جب اُنھون نے یہ پیغام یوسف کا ابدال چک کو پہونچایا اُس نے جواب دیا کہ مین تمھارے کہنے سے اُس کی خدمت مین حاضر ہو کر پکا خدمت کا کمر جان پر باندھتا ہون اگر وہ مجھے کسی طور کی مضرت پہونچا دے گا اُس کا وبال تمھاری گردن پر ہوگا سید مبارک خان جو ابدال خان چک سے عداوت رکھتا تھا بولا کہ مین یوسف کے پاس جاکر اُس سے عہد و پیمان لیتا ہون یہ کہکر اُس کی مجلس سے برخاست کر کے یوسف شاہ کے پاس گیا اور نفسانیت سے یہ بات کہی کہ وہ میرے کہنے سے نہین آتا

تم پہلے اس کی تدبیر کر لو بعد اس کے علی شاہ کو دفن کرنا یوسف شاہ خود سوار ہو کر اُس کے سر پر گیا اور ابدال خان چک اُس سے مقابلہ کر کے مارا گیا اور سید مبارک خان کا فرزند جلال خان بھی اس معرکہ مین قتل ہوا دوسرے دن علی شاہ شیعون کے طریق مین دفن ہوا اور یوسف شاہ نے بجاے اُس کے سر پر حکومت پر جلوس کیا اور بعد دو ماہ کے سید مبارک خان اور علی خان چک نے بقصد فتنہ و فساد دریا سے عبور کیا اور یوسف شاہ باتفاق محمد ماکری روانہ ہوا اور محمد ماکری کہ ہراول اُس کا تھا سبقت کر کے مع ساٹھ مرد اہل نبرد مخالفون کے مقابلہ مین گیا اور قتل ہوا اور یوسف شاہ عطف عنان کر کے ہیرہ پور مین آیا اور سید مبارک خان یہ خبر سنکر لشکر کو آراستہ کر کے بنیت جنگ برآمد ہوا اور یوسف شاہ نے تاب مقاومت نہ لاکر موضع پرتھال کے جنگل مین پناہ لی اور سید مبارک خان اُس کا پیچھا کر کے جنگ مین مصروف ہوا یوسف شاہ بھاگ کر پہاڑون پر جو اس طراف مین واقع تھے در آیا اور سید مبارک خان مظفر اور منصور ہو کر کشمیر مین داخل ہوا اور علی خان چک پسر نور و زرچک کو کسی تقریب سے بلا کر قید کیا اور گوہر چک اور حیدر چک اور رستی چک اُس کے خوف سے ہراسان ہو کر پہلی مرتبہ اُس کے پاس حاضر نہوئے اور آخر کو بابا خلیل اور سید برخوردار اُن کے پاس جا کر عہد و پیمان کی شرط بجا لائے اور جملہ چک سید مبارک خان کی خدمت مین حاضر ہوئے اور نقد رخصت حاصل کر کے اپنے مکانون پر گئے اور رستہ مین یہ تجویز کی کہ ہم یوسف شاہ کو طلب کر کے اپنا شاہ کرین چنانچہ ایک قاصد جلد یوسف شاہ کے پاس بھیجکر یہ پیغام دیا کہ ہم اپنے عمل سے پشیمان ہوئے اب ہم نے تیری شاہی قبول کی سید مبارک خان یہ خبر سنکر مضطرب ہوا اور اُس نے یہ تجویز کی کہ مین بھی اپنے بیٹون اور غلامون کو لیکر یوسف شاہ کے پاس حاضر ہون یہ نیت کر کے علی خان چک ولد نور و زرچک کو جو قید مین تھا ہمراہ لیکر شہر سے برآمد ہوا اور دولت چک کہ اُس کے امرا سے تھا جب اُسکے پاس سے بھاگا اُسنے مضطرب ہو کر علی خان چک کو قید سے رہا کیا اور خود حریدہ بابا خلیل کی خانقاہ مین داخل ہوا حیدر چک نے علی خان چک سے پیغام کیا کہ یہ تمام کوشش اور جستجو تمھاری رہائی کے واسطے تھی اور یوسف چک ولد علی خان چک نے اپنے باپ سے یہ بات کہی کہ حیدر چک غدر کے درپے ہے علی خان نے اُس کے کہنے پر عمل نہ کیا حیدر چک کے پاس جا کر اُس کے ہمراہ ہوا لوہر چک اور رشمل اُس کے سب ایک جا موجود تھے جب علی خان چک کو دیکھا پکڑ کر قید کیا بعد اُسکے سب نے یہ تجویز کی کہ لوہر چک کو شاہ بناوین اس مابین مین یوسف شاہ کالپور کیطرف پہونچا اور یہ خبر سنی کہ کشمیریون نے لوہر چک کی شاہی قبول کی اور وہان سے موضع ڈابل مین آکر اپنے تمام آدمیونکو ہمراہ لیا اور جموں کے راستہ سے سید یوسف خان مشہدی کے پاس جو جلال الدین محمد اکبر بادشاہ کے امرا سے کبار سے تھا استمداد کیواسطے لاہور مین آیا اور باتفاق اُسکے اور راجہ مان سنگھ کے فتح پور سیکری مین آکر جلال الدین محمد اکبر بادشاہ کی ملازمت سے مشرف ہوا اور جلال الدین محمد اکبر بادشاہ نے جو عرصہ سے تسخیر کشمیر کی فکر مین تھا فرصت پاکر یوسف شاہ کی امداد کے بہانہ راجہ مان سنگھ اور سید یوسف خان مشہدی کو کشمیر کی طرف

روانہ کیا اور وہ دونون یوسف خان کے باتفاق ۹۸۷ نوسو ستاسی ہجری مین فتح پور سے کشمیر کی طرف روانہ ہوئے لیکن اُس وقت مین لوہرچک کشمیر کی حکومت پر متمکن ہوگیا تھا یوسف شاہ نے اپنے فرزند یعقوب کو پیشتر بہ تعجیل تمام کشمیر کی سمت روانہ کیا تو وہان جاکر لوگون کو موافق کرکے لوہرچک کی شاہی مین خلل ڈالے اور جب یوسف شاہ اپنی ذات خاص سے سیالکوٹ مین پہونچا سید یوسف خان مشہدی اور راجہ مان سنگھ کی کمک کا مقید ہوکر راجوری کی طرف گیا اور اُس مقام پر متصرف ہوکر منزل ٹھٹہ مین پہونچا اور لوہرچک نے اُس وقت یوسف کشمیری کو یوسف شاہ کے مقابلہ کو بھیجا یوسف کشمیری مع فوج برآمد ہوکر یوسف شاہ کی خدمت مین حاضر ہوا یوسف شاہ قوی پشت ہوکر جہول کے راستہ سے کہ وہ نہایت دشوار گذار ہے بطریق تاخت قلعہ سون پور مین آیا لوہرچک حیدرچک اور شمس چک اور ہستی چک کے باتفاق یوسف شاہ کے مقابل آن کر آب بہٹ کے کنارہ وارد ہوا اور چند روز کے بعد جنگ شدید وقوع مین آئی اور یوسف شاہ فتحیاب ہوا اور بعد فتح کے سری نگر کی طرف متوجہ ہوکر کشمیر مین داخل ہوا اور لوہرچک نے قاضی موسےٰ اور محمد سعادت بہت کے ذریعہ سے آنکر یوسف شاہ سے ملاقات کی پہلی ملاقات تو اچھی گزری آخر کو قید ہوا اور باغیون سے بھی ایک جماعت کثیر مقید ہوئی جب یوسف شاہ مہمات شاہی سے مطمئن ہوا ولایت کشمیر تقسیم کی یعنے شمس چک ولد دولت چک اور یعقوب اپنے فرزند اور یوسف کشمیری کو جاگیر مین خوب دین اور باقی خالصہ کے واسطے مقرر کیا اور بعضے امرا کے کہنے سننے سے لوہرچک کی آنکھون مین میل کھینچی اور ۹۸۸ نوسو اٹھاسی ہجری مین یوسف شاہ نے شمس چک اور علی شیرچک اور محمد سعادت بہت کو ساتھ اس گمان کے کہ یہ لوگ باغی ہین مجلس مین قید کیا اور حبیب خان چک خوف سے موضع کھیتر کی طرف چلا گیا اور یوسف چک ولد علی خان چک جو یوسف شاہ کی قید مین تھا مع چارون بھائیون کے زندان سے برآمد ہوکر حبیب خان چک کے پاس موضع مذکور مین جاکر ملحق ہوئے اور وہان سے تبت کے راجہ کے پاس کہ جس کا نام رنہ علی تھا جاکر اُس سے کمک لی اور یوسف شاہ کے مقابلہ کو حدود کشمیر مین پہونچے اور بسبب اختلاف کے کہ درمیان اُن کے واقع ہوا کچھ نہ بن پڑا ایک دوسرے سے جدا ہوا اور سپاہی یوسف شاہی یوسف ولد علی خان چک اور محمد خان کو پکڑ لائے اور اُن کے کان اور ناک کاٹے اور حبیب خان چک شہر مین پوشیدہ ہوا اور ۹۸۹ نوسو نواسی ہجری مین جلال الدین محمد اکبر بادشاہ نے کابل سے مراجعت فرماکر جلال آباد مین نزول اجلال اور حلول اقبال فرمایا اور میرزا طاہر خویش میرزا سید خان شہیدی مشہدی اور محمد صالح عاقل کو برسم ایلچی گری کشمیر مین بھیجا اور جب یہ بارہ مولہ مین پہونچے یوسف شاہ استقبال کے واسطے روانہ ہوا اور فرمان کو بوسہ دے کر سر پر رکھکر تسلیمات بجالایا اور ایلچیون کو اپنے ساتھ لیکر شہر مین داخل ہوا اور اپنے فرزند حیدر خان اور شیخ یعقوب کشمیری کو باتحف و ہدایائے بسیار محمد اکبر بادشاہ کی ملازمت مین روانہ کیا حیدر خان ایک سال بادشاہ کی خدمت مین حاضر رہا اس کے بعد

باتفاق شیخ یعقوب کشمیری کے نقد رخصت کشمیر حاصل کی اور سنہ ۹۸۹ نوسو نواسی ہجری مین یوسف شاہ لار کی سیر کو راہی ہوا اور شمس چک مع زنجہ قید خانہ سے بھاگ کر کہتوار مین گیا اور وہان حیدر چک سے پیوستہ ہوا یوسف شاہ نے یہ خبر سنتے ہی اُن پر چڑھائی کی وہ متفرق ہوکر بھاگے اور یوسف شاہ نے مظفر اور منصور ہوکر سری نگر کی طرف معاودت کی اور سنہ ۹۹۰ نوسو نوے ہجری مین حیدر چک اور شمس چک کہتوار سے بقصد جنگ کشمیر کی طرف متوجہ ہوے یوسف شاہ اُن کے مقابلہ کے واسطے برآمد ہوا اور اپنے بیٹے یعقوب کو ہراول کیا اور بعد جنگ فتحیاب ہوکر سری نگر مین مراجعت کی اور راے کہتوار کے وسیلے سے شمس چک کی خطا معاف کرکے اُس کے واسطے جاگیر مقرر کی حیدر چک وہان سے برآمد ہوکر راجہ مان سنگھ کے پاس گیا اور سنہ ۹۹۲ نوسو بانوے ہجری مین یعقوب ولد یوسف شاہ اظہار اطاعت اور اخلاص کے واسطے جلال الدین محمد اکبر بادشاہ کی شرف آستان بوسی سے مشرف ہوا اور جب آنحضرت فتح پور سے لاہور مین پہونچے یعقوب نے اپنے باپ یوسف شاہ کو لکھا کہ بادشاہ کا قصد کشمیر مین آنے کا ہے یوسف شاہ نے استقبال کی تیاری کی لیکن انھین دنون مین یہ خبر پہونچی کہ حکیم علی گیلانی برسم رسالت بادشاہ سے رخصت لیکر ٹھٹھہ مین پہونچا ہے یوسف شاہ ٹھٹھہ کی طرف روانہ ہوا اور خلعت شاہی زیب بدن کرکے ارادہ مصمم کیا کہ درگاہ کی طرف متوجہ ہوکر بادشاہ کو دیکھون اس درمیان مین بابا خلیل اور بابا مہدی اور شمس دولی نے متفق ہوکر یوسف شاہ سے یہ بات کہی کہ اگر اکبر بادشاہ کے پاس جاؤگے ہم تجھے قتل کرکے تیرے فرزند یعقوب کو جو اسی عرصہ مین لاہور سے کشمیر مین آیا ہے سریر شاہی پر متمکن کرین گے اُس نے اس خوف سے اپنی عزیمت کو تعویق مین ڈالکر بادشاہ کے ایلچیون کو رخصت کیا لیکن جو محمد اکبر بادشاہ کشمیر کی تسخیر مین بجد تھا اس امر کا بہانہ کرکے شاہرخ میرزا اور شاہ قلی خان اور راجہ بھگوانداس کو کشمیر کی تسخیر پر مقرر فرمایا اور یوسف شاہ نے کشمیر سے برآمد ہوکر بارہ مولہ مین لشکر گاہ کیا اور جب خبر پہونچی کہ عساکر منصورہ بھولباس سرحد کشمیر تک آگئے ہین سد راہ ہوکر اُس کی آمد کا راستہ بند کیا اور اُس کے چند عرصہ کے بعد جب موسم برف ریزی اور سرما کا پہونچا راہ مسدود ہوئی پیغام صلح درمیان مین آیا یوسف شاہ نے اپنے فرزند کو بجاے اپنے نصب کرکے اور عہد و پیمان لیکر راجہ بھگوانداس سے ملاقات کی اور خراج سالانہ معین اور قبول کرکے صلح کی اور امراے جلال الدین محمد اکبر بادشاہ اُسے ہمراہ لیکر بادشاہ کی خدمت مین لے گئے لیکن بادشاہ کو صلح پسند نہ آئی محمد قاسم میر بحر کو مع امراے سنہ ۹۹۵ نوسو پچانوے ہجری مین بہ تہیہ جنگ رخصت فرمایا اور یعقوب شاہ کہ تخت کشمیر پر جلوہ گر تھا راستون کو مسدود کرکے شاہ دہلی کی فوج کے مقابل فروکش ہوا سردار کشمیر کے جو فساد پر آمادہ ہوکر شاہ کشمیر کی اطاعت سے منحرف تھے اُس وقت مین یعقوب شاہ سے رنجیدہ ہوکر محمد قاسم خان کے شریک ہوے اور بعضون نے شہر سری نگر مین نشان مخالفت کا بلند کیا یعقوب شاہ گھر کی آتش فساد کی تسکین واجب و لازم جانکر لشکر گاہ سے پلٹ آیا اور فوج اکبر شاہی

میدان صاف دیکھکر کشمیر مین داخل ہوئی یعقوب شاہ پہاڑون پر بھاگ گیا اور محمد قاسم خان میر بحر شہر سری نگر پر متصرف ہوا اور کشمیر کے پرگنون پر عامل مقرر کیے اور یعقوب شاہ چند عرصہ کے بعد جمعیت بہم پہونچاکر محمد قاسم خان میر بحر سے ہم مصاف ہوا اور باوجود اُس کے کہ مغل بہت مارے گئے اُس پر بھی یعقوب شاہ شکست پاکر منہزم ہوا اور پھر تھوڑے دنون کے بعد جمعیت کرکے سری نگر کی طرف متوجہ ہوا اور محمد قاسم خان میر بحر اس مرتبہ طاقت مقابلہ کی نہ لاکر قلعہ ارک مین قلعہ بند ہوا اور عرضداشت لکھکر شاہ دہلی سے مدد طلب کی بادشاہ نے سید یوسف خان مشہدی کو حاکم کشمیر کرکے محمد قاسم خان میر بحر کو حضور مین طلب کیا اور سید یوسف خان مشہدی جب کشمیر مین پہونچا تو یعقوب شاہ محمد قاسم خان کے محاصرہ سے دستکش ہوکر پہاڑون مین در آیا اور یوسف خان مشہدی نے دو برس اُس کا پیچھا کیا اور جس طور سے ممکن ہوا اُسے ولا ساکر کے بادشاہ کی ملازمت مین بھیجا الغرض یوسف شاہ اور یعقوب شاہ دونون جلال الدین محمد اکبر بادشاہ کے سلک امرا مین منتظم ہوئے اور ولایت بہار جاگیر پائی اس تاریخ سے کشمیر کی بادشاہی شاہان دہلی کے قبضۂ اقتدار مین آئی اور قبل اس سے مدت ہزار سال تک خطۂ کشمیر کسی ہند کے بادشاہ نے مسخر و مفتوح نہ کیا تھا۔



مقالۂ گیارھوان بیان احوال حکام ملیبار مین کہ بصفت اسلام متصف ہوئے اور اس ملک مین اسلام ظاہر ہونے کی عجیب کیفیت کا بیان

واقفان احوال پر واضح ولائح ہو کہ واقعات ملوک ملیبار کسی تواریخ سے میری نظر مین نہین گذرے اسواسطے مؤلف کتاب محمد قاسم فرشتہ کو الف مندرجہ رسالۂ تحفۃ المجاہدین پر اکتفا کرکے گذارش پرداز ہوا کہ ملیبار ایک مملکت ممالک ہندوستان سے دکن کی طرف واقع ہے اور بسبب قرب جوار پیش از واقعۂ شکل رام راج ہمیشہ ملیبار کے والی حکام بیجانگر اور کرناٹک کے مطیع اور فرمان بردار رہکر تحف ونفائس بھیجکر اپنی مملکت کی محافظت کرتے تھے اور ظہور اسلام سے پیشتر اور بعد ظہور اسلام یہود اور نصارے کے گروہ برسم تجارت دریا کے راستہ سے اس ملک مین آمد وشد کرتے تھے اور آخر کو ملیباریون اور اُنکے درمیان مین منافع دینیہ کے سبب الفت بہم پہونچی اور بعضے سوداگران یہود ونصارے نے ولایت ملیبار کے شہرون مین سکونت اختیار کرکے کوٹھیان اور دکانین تیار کین اور یہ آئین طلوع آفتاب جہانتاب ملت محمدی صلے اللہ علیہ والہ وصحبہ وسلم کے زمانہ تک مروج رہا جب تاریخ ہجری دوسو سال سے تجاوز ہوئی ایک جماعت اہل اسلام عرب وعجم کے لباس فقر ودرویشی مین بنا در عرب سے کشتی پر سوار ہوکر حضرت بابا آدم کے قدمگاہ کی زیارت کی عزیمت سے سراندیپ کی طرف کہ جس کو لنکا کہتے ہین متوجہ ہوئی اور بحسب اتفاق وہ کشتی ہوائے مخالف سے ملیبار کی طرف جا پڑی اہل کشتی شہر گذنکلور مین وارد ہوئے اور وہان کا حاکم مسمی سامری تھا اور وہ زیور عقل و

دانش سے آراستہ اور اخلاق ستودہ سے پیراستہ تھا اُنکی صحبت سے مشرف ہوا اور اِدھر اُدھر کا تذکرہ کرکے اُن کے مذہب اور ملت سے سوال کیا اُنھون نے جواب دیا کہ ہم لوگ اہل اسلام اور ہمارے پیغمبر حضرت محمد رسول اللہ علیہ الصلوٰۃ والسلام ہین سامری نے جواب دیا مین نے گروہ یہود اور نصاریٰ اور ہنود سے جو تمھارے دین کے مخالف اور جہان کے سیاح ہین اُن کی زبانی سُنا ہے کہ یہ دین بلاد عرب وعجم وترک مین مروج ہے لیکن مجھے مسلمانون کی صحبت میسر نہوئی اب امیدوار ہون کہ آپ سید الانبیا کے کچھ حالات، صدق آیات اور معجزات باہرات بیان فرمائین ایک اُن فقراہین سے جو علم وصلاح کی صفت سے موصوف تھا اُس نے آغاز کلام کرکے اس قدر حالات اور معجزات آنحضرت کے بیان فرمائے کہ سامری کے دل مین حضرت رسالت پناہ کی محبت جوش زن ہوئی اور جب اُس نے معجزۂ شق القمر کا سُنا بولا اے قوم یہ معجزہ بہت قوی ہے اگر حق اور صدق ہے اور سحر نہ تھا تو جمیع بلاد قریب وبعید کے آدمیون نے یہ معجزہ مشاہدہ کیا ہوگا اور ہمارے ملک کا یہ دستور ہے کہ جس وقت کوئی قضیۂ بزرگ واقع ہوتا ہے اہل قلم اُسے دفترون مین قلمبند کرتے ہین اور ہمارے باپ اور دادا کا دفتر موجود ہے اُسے دیکھکر تمھارے زعم صدق کو محک امتحان پر جانچتا ہون پھر اہل دفتر کو بلاکر فرمایا کہ تم اس زمانہ کا (یعنی یہ معجزہ جس زمانہ مین واقع ہوا تھا) کھولکر شق القمر کا حال دیکھو جب وہ دیکھا گیا اُس مقام مین لکھا تھا کہ فلان تاریخ مین دیکھا گیا کہ چاند دو ٹکڑے ہوکر پھر پیوستہ ہوا یہ سُنتے ہی حقیقت دین محمدی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی سامری پر ظاہر ہوئی اور نور ایمان اُس کے چہرہ پر چمکا اور صدق دل سے کلمۂ طیبۂ شہادت لا الٰہ الا اللہ محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم زبان پر جاری کیا اور باعتقاد تمام مسلمان ہوا جو اپنے قوم کے رئیسون سے ڈرتا تھا اُس کو مخفی رکھا اور مسلمانون کو بھی اُس کے اظہار سے ممانعت کی اور مسلمانون سے بانعام واحسان فراوان پیش آیا اور اُن سے التماس کی کہ آپ حضرت آدم ابوالبشر علیہ السلام کے قدمگاہ کی زیارت کرکے پھر اس طرف رونق افزا ہوجیے گا فقرا باصفا رخصت ہوکر سراندیپ کی طرف روانہ ہوئے اور عرصۂ قلیل مین اُس کی التماس کے موافق بلدۂ کذنکلور مین معاودت کی اور سامری اُن کی تشریف آوری سے نہایت محظوظ اور مسرور ہوا اور لوازم تعظیم وتکریم مین کوئی دقیقہ فروگذاشت نہ کیا اور عازم سفر مکہ ومدینہ ہوا لیکن جو علانیہ حج کا مرتکب نہو سکتا تھا لہذا اس مقدمہ مین یہ تدبیر اندیشہ کی یعنی مسلمانون کو زر ومال فراوان دے کر یہ حکم دیا کہ تم پہلے اپنے جہاز کے استحکام مین کوشش کرو اور بعدہ آب وطعام اور مایحتاج ضروری کثرت سے اُس پر بار کرکے جمیع لوازم سفر دریا خوب ترین وجہ سے اہتمام کرو جب یہ سامان درست ہوچکا اُس وقت ارکان دولت اور سرداران قبیلہ کو اپنے پاس بلاکر یہ بات کہی کہ مجھے عبادت الٰہی کا شوق غالب ہوا ہے چاہتا ہون کہ خلائق کی صحبت سے چند روز خلوت مین بیٹھکر اپنے خالق کی یاد مین بسر کرون اور ان دنون مین تم میری ملاقات سے معذور رہوگے اور ایک دستور العمل اپنے خط خاص سے لکھکر تعین پیرو کرتا ہون

تم جمیع مہمات شاہی کو موافق اُس کے انجام دینا میرے پاس عرض کرنے کے محتاج نہ رہنا القصہ بعد گفتگوئے دراز سبھوں نے عہد و پیمان کرکے یہ اقرار کیا کہ ہم آپ کے فرمان سے تجاوز نکرینگے پھر سامری نے بخط ملیباری ایک دستور العمل لکھکر جمیع ممالک ملیبار کے امراو معتمدین پر تقسیم کیے اور یہ فرمایا کہ اِس دستور العمل پر بطناً بعد بطن کاربند ہونا اور ایک دوسرے کی ولایت کی طمع نہ کرنا اور اگر حکام کے درمیان مین کسی طرح کی خصومت بہم پہونچے انتقام کے واسطے ایک دوسرے کی ولایت پر تاخت نہ کرنا فقط لشکر اور اعوان کی خونریزی ہو اور ولایت مین تصرف بیجا نہ کرنا اور شاہ کے قتل کرنے بلکہ مقتول ہونے سے پرہیز رہنا اور اگر احیاناً کسی معرکہ مین شاہ قتل ہووے اور اُس کا لشکر ہجوم کرے اُس دشمن کو مع جمیع افواج قتل کرڈالو جب تک اُس کی سلطنت کو خراب اور برباد نکرچکو آرام نلو غرضکہ ہنگام تحریر اُس کتاب سے اس تاریخ تک کہ سنہ ۱۰۱۸ ایک ہزار پندرہ ہجری مین ملیباری بادشاہ کے مقتول ہونے سے بہت ڈرتے ہین اور باوجود قدرت کے مملکت تمیم پر تصرف نہین ہوتے ہین یہ قاعدہ مخصوص اُس ملک کا ہی اور منقول ہی کہ جب سامری نے تمام مملکت تقسیم کی ایک امیر کہ غائب تھا حاضر ہوا سامری نے متفکر ہوکر اپنی تلوار اُسے عنایت کی اور یہ فرمایا کہ اِس شمشیر کے زور سے جسقدر ولایت خالج ملیبار تو فتح کرے اُسکا تو مالک ومختار ہی اور تیری اولاد بھی اُسی پر اکتفا کرے اور بعد میرے تیرا اور تیری اولاد کا سامری نام رکھین غرض سامری نے بعد فراغ وصیت لوگون سے یہ بات کہی کہ مین فلان مقام مین عبادت کیواسطے قیام کرتا ہون لازم کہ ایک ہفتہ تک کوئی شخص میرے پاس آمدورفت نکرے اور رات کے وقت مسلمانون کے ہمراہ کہ سرگروہ اُن کا مالک بن حبیب تھا جہاز پر سوار ہوکر مکہ کی طرف روانہ ہوا اور کفار ملیبار ایک ہفتہ کے بعد خانۂ معہود مین آئے جب سامری کو نہ پایا سب متفق اللفظ والمعنی ہوکر بولے کہ سامری نے آسمان پر عروج کیا ہی اور پھر نزول کریگا اس سبب سے کفار ملیبار ایک شب کو جس رات وہ غائب ہوا تھا سامری کے موضع غیبت مین جشن کرتے ہین اور ایک ظرف مین پانی اور ایک جوڑی کھڑاؤن کی دہان رکھتے ہین کہ اگر سامری آسمان سے اُترے اُسکے واسطے پانی اور کھڑاؤن کی جوڑی حاضر رہے اور سامری باتنائے عبور جب بندر قندریہ مین پہونچا ایک شبانہ روز وہان قیام کیا اُسکے بعد طے مسافت کرکے بندر شجر مین پہونچا ناگاہ مرض الموت مین مبتلا ہوکر صاحب فراش ہوا اسصورت مین مالک بن حبیب اور تمام رفقاے جہاز کو حاضر کرکے فرمایا کہ تمام خواہش اور ارادہ ہمارا یہ ہی کہ دین نبوی ملیبار مین رونق اور رواج پیدا کرے شرط رفاقت اور مروت اس امر کی مقتضی ہی کہ بہمت اسلام منظور اور ملحوظ رکھکر سفر دریا کی مشقت اپنے اوپر گوارا کرو تم اور باقی مسلمان برسم تجارت عبور کرکے اُس ملک مین جاؤ اور کسی تدبیر سے اُس حدود مین مکان رہنے کو تیار کرو اُسکے بعد بآہستگی تمام دہان کے باشندے دین محمدی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پر راغب ہوکر بحلقۂ اسلام مین لاوینگے اُنھون نے سامری کو دعاے خیر دیکر یہ بات کہی کہ ہم تیرے بغیر اِس ملک مین نہ جاسکینگے کہ اسلئے کہ کفار ملیبار اور یہود و نصاریٰ ہمارے دین کے دشمن ہین اور نہایت عداوت رکھتے ہین کسیطور ہمارے آنے کے

روادار نہونگے کہ ہم اُس ولایت مین قدم رکھین تو طن اختیار کرنا امر دشوار ہی سامری نے سرگریبان تفکر مین
جھکا یا پھر ایک فرمان اپنے ہاتھ سے امرا اور اقربا کے نام اِس مضمون کا لکھا کہ یہ فرشتہ ہی سامری کیطرف سے کہ
جسنے معبود انس و جان اور خالق زمین و آسمان کے حکم سے تمھاری جدائی اختیار کی ہی لیکن عنقریب تمھین میری
ملاقات خوب ترین وجہ سے روزی ہوگی چاہیے کہ تم ہمیشہ مجھے حاضر جانکر دستور العمل سے تجاوز جائز نرکھو
اور دونون جہان کی بہتری اور خوبی اسی پر منحصر جانو اور اسوقت مین سالک طریق سداد مالک بن حبیب
اور ایک گروہ خدا پرستون سے فلان فلان آدمی کہ سلیم النفس اور نیک اندیش اور نیک اعتقاد ہین اور اُن
سے شرارت اور بدنفسی متصور نہین ہی برسم سیر و تجارت اس حدود مین متوجہ ہوتے ہین اُن کے حالات مین
نے بخوبی دریافت کرکے آنکی سفارش واجب جانکر تحریر کی لازم کہ تم لوگ اُس گروہ حق پژوہ کے قدوم خیرلزوم
کو نعمت عظمیٰ شمار کرکے بہ تعظیم و تکریم پیش آؤ اور شرائط مہمانداری بجالاکر جمیع امور مین اُنسے اعانت اور امداد
طلب کرو کہ سعادت دارین اِسی مین ہی بلکہ اُن لوگون سے اچھے سلوک سے پیش آؤ کہ سبکو اس طرف رہنے کی
ہوس ہو اور مکانات اور باغات اور مساجد وہان تعمیر کرین اور خبردار کوئی مردم بومی یا کوئی مسافر کہ مراد یہود و
نصارے سے ہی اُن کا متعرض نہووے سامری نے یہ فرمان مسلمانون کے سپرد کرکے فرمایا کہ میرے مرنے
اور جہاز کے سوار ہونے کی خبر تمام آدمیون سے پوشیدہ رکھنا اور فرمان حاکم کذ بکلور کے پاس لے جانا
کہ وہ تمھارے حسب دلخواہ سلوک کرے گا پھر سامری نے اپنا ساز و سامان جو کچھ اُس کے پاس تھا
مسلمانون پر تقسیم کیا اور اُسی دن جوار رحمت حق مین واصل ہوکر بندر شجر مین مدفون ہوا لیکن صحیح روایت یہی
کہ سامری نے حضرت رسالت پناہ صلی اللہ وعلیہ وآلہ وسلم کے زمانہ مین اپنے ملک مین چاند کا دو ٹکڑے ہونا
مشاہدہ کیا تھا اور اس امر کی تحقیق کے واسطے آدمی معتمد اطراف والکناف مین بھیجے جب اس کو معلوم ہوا
کہ محمد رسول اللہ نے دعوے نبوت کرکے شق القمر کو جملہ معجزات سے کیا ہی اسواسطے سامری جہاز پر سوار
ہوکر حجاز کی طرف گیا اور آنحضرت نبوی کی ملازمت سے مشرف ہوکر مسلمان ہوا اور خانہ کعبہ کی زیارت سے
بھی خدا نے اُسے مشرف فرمایا اور آنحضرت سے رخصت معاودت وطن حاصل کرکے جب مع ایک جماعت
اہل اسلام شہر ظفار مین پہونچا مرض مہلک مین گرفتار ہوکر فوت ہوا اور اب بھی قبر اُس کی اُس شہر مین ہی
اور لوگ اُس کی زیارت کو جاتے ہین بہرتقدیر ایک جماعت مسلمانون کیساتھ اُس کے ہمراہ تھی جیسے شرف
بن مالک اور اس کا مادری بھائی اور مالک بن دینار اور اُس کا بھتیجا مالک بن حبیب بن دینار اُس کی وصیت
کے بموجب جیسا مذکور ہوا ملیبار کی طرف جاکر نوشتہ سامری کا حاکم کذ بکلور کے پاس پہونچا یا جب
اُس نے خط سامری کا پہچانا ملحوظ ہوا اور پوچھا سامری کہان ہی اور کس واسطے تمھارے ہمراہ یہانتک
گیا وہ بولے کہ سامری نے ہمارے ساتھ سفر نہین کیا ہی اور ہم اس ماجرے سے واقف نہین جسوقت
کہ ہم دریاے شجر کے جہاز پر سوار ہوتے تھے اُسے دیکھا تھا اور جب ہم نے اُس سے ترک وطن کا سبب
پوچھا اُس نے ہمین کچھ جواب نہ دیا اور جب اُس نے جانا کہ ہم سفر ملیبار کا ارادہ رکھتے ہین یہ چند کلمہ ہمین
لکھ دیے کہ تم حاکم کذ بکلور کو پہونچانا ہم بلا توقف اس طرف روانہ ہوئے پھر ہمین خبر نہین کہ وہ کہان

گیا جو ملیبار یون کا عقیدہ تھا کہ سامری زندہ ہی اور آسمان پر عروج کیا ہی سمجھے کہ وہ کسی مہم کے واسطے آسمان سے بندر شجر مین نازل ہوا اور یہ نوشتہ اس جماعت کے ہاتھ ہمارے پاس بھیجکر پھر آسمان پر صعود کر گیا جب یہ فرمان اُن کے ہاتھ آیا تو بلدۂ کدنکلور اور تمام شہر ملیبار مین لوگون نے خوشی کی سمین ظہور مین پہونچائین اور حاکم کدنکلور نے مہمانون کو مکان عالی شان مین اُتارا اور اپنے ملک کے آئین کے موافق مراسم ضیافت اور تواضع تکریم مین کوئی دقیقہ فروگذاشت نہ کیا۔ **بیت**

کرم ورزید و مہمان را نکو داشت ۔ چنین دارند مہمان را کہ او داشت ۔ اور بعد فراغ لوازم ضیافت اُس جماعت کے مقاصد اور مطالب پوچھکر تمام ملیبار کے باشندون اور حکام کو نامے لکھے کہ مالک بن حبیب اور اُس کے رفقا کو اس ملک کی فضا اور ہوا خوش آئی اس لیے اپنے قدوم میمنت لزوم سے اس سرزمین کو عطر بیز اور عنبر آمیز کیا ہی جس شہر اور قصبہ اور موضع مین کہ نزول فرماوین اور رغبت توطن یعنی رہنے کی رکھتے ہون مقام خوب اور مرغوب مساجد اور منازل اور باغات کے واسطے سامری کے فرمان کے موافق انکے تفویض کرو اور اُن کی خدمات شائستہ سے اپنے تئین معاف نہ رکھکر سامری کے لطف عمیم کے منتظر اور متوقع رہو خلاصہ یہ کہ مالک نے مع اپنے ہمراہیون کے پہلے شہر کدنکلور مین مسجد بناکر مکانون اور باغون کی بنا ڈال کر بعضون کو وہان فروکش کیا بعد اس کے مالک اپنے اہل وعیال کو لے کر ولایت ملیبار کی سیر کو گیا اور کولم مین کہ نام ایک شہر یا موضع کا ہی جاکر مسجد اور باغ اور مکان تعمیر کرکے اپنے اہل وعیال کو اُس مقام مین بگاہ رکھا اس کے بعد بیلے پاراوے کی سمت گیا وہان بھی مسجد تعمیر کرکے اور مواضع مین مثل حرفین اور درقین اور کدریہ اور حالیات اور فاکتور اور منکلور اور کانجر کوٹ کی طرف روانہ ہوا اور ہر ایک بلاد مین مسجدین تعمیر کرکے مسلمانون کو اُن مواضع مین آباد کیا اور نماز اور روزہ اور اذان نماز کی وصیت کی اور جو کہ مسلمان ملیبار کے اکثر شافعی مذہب ہین قیاساً ایسا معلوم ہوتا ہی کہ سامری اور مالک بن حبیب اور جو صاحب کہ اُن کے ہمراہ آئے تھے شافعی مذہب تھے واللہ اعلم بالصواب بعد اُس کے رفتہ رفتہ اُس ملک مین مسلمانون کی آمد و شد سے مسلمانون کی نہایت کثرت ہوئی اور بہت بادشاہ ملیبار کے حلقۂ اسلام مین داخل ہوے راجہ بندر کو وہ اور وابل اور جیل وغیرہ نے بطریق حکام ملیبار اُن مسلمانون کو جو عربستان سے آئے تھے سواحل دریا پر رہنے کو جگہ دی اور انھین ساتھ نوابت یعنی خداوند کے مخاطب کیا اس سبب سے یہود اور نصاریٰ کے سینہ مین حسد کی آگ روشن ہوئی مسلمانون کی عداوت پر کمر باندھی لیکن جب ممالک دکن اور گجرات کو دہلی کے بادشاہون نے فتح کرکے زیر نگین کیا اسلام نے دکن کی طرف قوت پکڑی پھر مخالف سکوت اختیار کرکے دشمنی اظہار نہ کرسکتے تھے یہانتک کہ جب سنہ ۹۰۰ نوسو ہجری ہوئی شاہان دکن کی سلطنت مین ضعف اور خلل ظاہر ہوا اُسوقت مین فرنگی شاہ پرتگال کی طرف سے بحر ہند کے سواحل پر قلعون کی تیاری کیواسطے مامور ہوئے اور سنہ ۹۰۴ نوسو چار ہجری مین چار رجہاز نصاریٰ کے پرتگال سے بندر قندریہ کیطرف روانہ ہوے اور کالیکوٹ مین آئے اور اُس ملک کی تمام حقیقت دریافت کرکے اپنے ملک کی سمت مراجعت کی اور دوسرے

سال پرتگال سے چھ جہاز کالیکوٹ مین آئے اور اس مرتبہ فرنگیون نے ملیباریون سے یہ بات کہی کہ مسلمانون کو عرب کے سفر سے روکو کہ ہماری ذات سے تمھین نفع آنسے زیادہ تر ہوگا اور باوجود اُسکے سامری نے یہ امر قبول نکیا نصاریٰ مسلمانون پر داد وستد کے معاملات مین سختی کرتے تھے اور سامری یہ خبر سنکر طیش مین آیا اور نصاریٰ کے قتل کا حکم عام نافذ فرمایا اس صورت مین ملیباریون نے مال واسباب اُنکا خوب لوٹا اور ستر فرنگی نامی اور معتبر قتل کیے اور بقیۃ السیف جو تاجر اور اُنکے ملازم تھے جہاز پر سوار ہوکر کوچے کیطرف راہی ہوے وہان کا حاکم جو سامری سے عداوت اور منازعت رکھتا تھا انھین اپنے شہر مین پناہ دیکر یہ اجازت دی کہ تم بلدۂ کوچے کے قریب اپنے رہنے کیواسطے ایک قلعہ بناؤ فرنگی یہ امر خدا سے چاہتے تھے عرصۂ قلیل مین ایک قلعہ مختصر تیار کیا اور ایک مسجد کہ دریا کے ساحل پر واقع تھی اُسے مسمار کرکے گرجا تیار کیا اور یہ وہ قلعہ ہی کہ فرنگیون نے اول دیار ہند مین بنایا ہی اور انھین دنون مین بندکنور کے اہالی نے فرنگیون سے روش موافقت کی اختیار کی اور فرنگیون نے اس مقام مین ایک قلعہ احداث کیا اور باطمینان تمام مرچ اور سونٹھ کی تجارت مین مشغول ہوے لیکن دوسرون کو اُس تجارت سے ممانعت کرتے تھے اور سامری کو یہ وضع اُنکی نہایت ناپسند آئی اور غضبناک ہوکر فوج کشی کی اور کوچے کے تین بادشاہون کو قتل کرکے اور ولایت کو تاراج کرکے سالماً غانماً پلٹ آیا اسکے بعد شاہان مقتول کے وارثون نے علم شاہی بلند کیا اور جمعیت بہم پہونچاکر ولایت کو بدستور سابق آباد کیا اور فرنگیون کی نہایت سے جہاز روانہ کیے اور کنتور کے حاکم نے بھی یہی روش اختیار کی یعنی جہازونکو متردد کیا سامری کا غصہ یہ اخبار سنکر ایک حصہ سے ہزار حصہ ہوا اور تمام خزانہ سامان جنگ اور معارف سپاہ مین صرف کرکے دوتین مرتبہ کوچے کی سمت گیا اور جو کہ فرنگی ہر مرتبہ اُنکی کمک کرتے تھے کوچے پر متصرف نہوا اور شکست کھاکر مراجعت کی اور ایلچی سلاطین مصر اور جدہ اور دکن اور گجرات کیطرف بھیجکر پیغام دیا کہ فرنگیون نے ہمارے ملک موروثی پر دست تعدی حد سے زیادہ دراز کیا ہی اگرچہ یہ امر ہمین چندان دشوار اور شاق نہین گذرتا لیکن جو کہ وہ لوگ اس ملک کے مسلمانون کو رنج اور الم پہونچاتے ہین ہمین بہت ناگوار خاطر ہی باوصف اُس کے کہ مین دین ہنود مین ہون لیکن مین مسلمانون کی حمایت اپنے ذمہ ہمت پر فرض جانکر خزینہ اور دفینہ اس کام مین صرف کرتا ہون اور اس بارہ مین کسی طرح کی تقصیر روا نہین رکھتا ہون لیکن جو کہ حاکم پرتگال کا خزانہ وافر اور فوج تمکاثر رکھتا ہی ہمیشہ جہاز جنگی مع افواج بیشمار اس طرف بھیجتا ہی اور آدمیون کے مقتول ہونے سے اس کی قوت کم نہین ہوتی ہی اس سبب سے مین شاہان اسلام کی مدد کا محتاج ہوا ہون اگر آنحضرت دین محمدی کے اعدا کی مقہور پیش نہاد ہمت والا نہمت کرکے اپنے ممالک محروسہ سے جہاز مع شجاعان جرار و تہمتنان کارگزار کفار فرنگ کی جہاد کے واسطے اس طرف روانہ فرما دین تحقیق بروز قیامت حضرت سرور کائنات کے روبرو مجاہدون اور غازیون کے سلک مین منتظم ہوکر سربلند ہونگے سلطان مصر قانصور غوری نے یہ درخواست قبول کی اور غزا اور جہاد کے واسطے امیر حسین نام ایک امیر کو مع تیرہ غراب کہ مراد جہاز جنگی سے ہی ملواز افواج جنگی اور سامان کارزار ساحل ہند کی طرف روانہ کیے اور شاہ محمود گجراتی اور شاہ محمود شاہ بہمنی نے بھی بندر دیو اور سورت اور کوہ اور واہل اور جیول سے اہل فرنگ کی غزا کیواسطے

جہاز نہایت مضبوط تیار کروائے اور مصر کے جہاز پہلے بندر دیو مین آئے آخر کو باتفاق سواران گجرات بندر جیول کی سمت کہ جہان فرنگیون نے لام باندھا تھا روانہ ہوئے اور چالیس جہاز سامری کے اور چند عراب والی کودہ اور واہل نے ساتھ اُن کے پیوستہ ہوکر بنیاد جنگ ڈالی اور ایک عراب جو فرنگیون سے بھرا ہوا تھا دستیاب کرکے ساتھ اُن کے لوازم جہاد پیش پہونچایا یعنی اُنھین علف تیغ خون آشام کرکے بندر دیو کی جانب معاودت کی لیکن اہل فرنگ بھی مخالفون کو غافل سمجھکر بجرأت تمام تر آن واحد مین تعاقب کنان اُس مقام مین آپہونچے ملک ایاز حاکم بندر دیو اور امیر حسین نے ناچار آن کی جنگ مین مبادرت کی لیکن اُن سے کچھ کام نہ بن پڑا لڑائی بگڑ گئی مصر کے چند جہاز گرفتار ہوئے اہل فرنگ نے مسلمانون کو شربت شہادت چکھا کر فردوس کی طرف روانہ کیا اور اپنا انتقام لے کر منظفر اور منصور اپنے بنا در کارا ستہ لیا اور اُسی سنوات مین جب سلیم سلطان خواندکار روم سلاطین غوریہ مصر پر غالب آیا سلطنت اُس گروہ کی بے سر ہوئی سامری کہ اس کام کا سرگروہ تھا بیدل ہوا فرنگیون نے تسلط پایا اور سامری کی غیبت مین کہ وہان موجود نہ تھا رمضان کے مہینے ۹۱۵ نو سو پندرہ ہجری مین کالیکوٹ مین آئے اور مسجد جامع جو خانہ خدا تھی اُسے آگ دیکر خاک سیاہ کیا اور دست نہیب و غارت دراز کرکے شہر کو بھی ویران کیا لیکن دوسرے دن ملیباری ہجوم کرکے جماعت نصاریٰ کے سر بتلوارین میان سے لیکر جا پڑے اور اہل فرنگ کے پانسو آدمی معتبر اور نامی قتل کرکے بہتون کو پانی مین غرق کیا اور بقیۃ السیف نے بھاگ کر بندر کولم مین پناہ لی اور وہان کے زمیندارون کو موافق کرکے شہر سے آدہ کوس پر ایک گڑھی تیار کی اور اہل فرنگ نے جمعیت بہم پہونچاکر اُسی سال جیساکہ مذکور ہوا قلعہ بندر کودہ کو یوسف عادل شاہ کے متعلقون کے تصرف سے برآوردہ کیا لیکن یوسف عادل شاہ نے اُسی عرصہ مین پھر بندر کودہ پر بزور شمشیر فرنگیون کے قبضۂ اقتدار سے نکالکر متصرف ہوا اور فرنگیون نے چند روز کے بعد وہان کے حاکم کو زرخطیر دیکر فریفتہ کیا اور پھر اُسپر متصرف ہوئے اور بنا در ہندوستان مین اپنا حاکم بٹھاکر قلعہ کی مرمت اور استحکام مین کوشش کی اور وہ ایسا قلعہ ہے کہ جس کی تعریف مین کسی شاعر نے یہ شعر موزون کیا ہے **شعر** بری از فتنہ ہمچون طبع عاقل ٭ مصون از رخنہ چون گردون والا ٭ القصہ سامری باوجود کفر کے جو مرد غیرت دار تھا اس سانحہ کے مشاہدہ سے نہایت غمگین ہوا اور اسی صدمہ مین بیمار ہوکر ۹۲۱ سنہ ہجری مین اس دار ناپائدار سے کوچ کرگیا اور اُس کا بھائی قائم مقام ہوا اُس نے جنگ سے پہلوتہی کرکے فرنگیون سے صلح کی اور شہر کالیکوٹ کے قریب فرنگیون کو اس شرط اور قول پر قلعہ جدید بنانے کی اجازت دی کہ وہ ہر سال چار جہاز مرچ اور سونٹھ کے بنادر عرب مین بھیجتے رہین فرنگیون نے اول اپنے عہد و پیمان کو وفا کیا اور جب وہ قلعہ تیار ہوا مرچ اور سونٹھ کی تجارت سے مسلمانون کو مانع ہوئے اور اُس ملک کے اہل اسلام پر دست تعدی حد سے زیادہ دراز کیا اور یہود کا گروہ جو کہ مکلور مین تھا وہ بھی سامری کا ضعف سلطنت مشاہدہ کرکے اہالی اسلام کا دشمن جان ہوا اور بہتون کو شربت شہادت چکھایا آخر کو سامری اپنے فعل سے نادم اور

پشیمان ہوا پہلے یہود کے تدارک کو کدنکلور کی طرف افواج لے کر گیا اور یہودیون کے قتل وقمع مین ایسی کوشش کی کہ اُس جماعت سے اس ملک مین ایک نشان باقی نرکھا بعد اُس کے باتفاق جمیع غازیان ملیبار کالیکوٹ کی سمت متوجہ ہوا اور اہل فرنگ کے قلعہ کو محاصرہ کیا اور مساعی جمیلہ اور تردودات رستمانہ سے اہل فرنگ کو مغلوب کرکے قلعہ کو فتح کیا اور یہ امر ملیباریون کی قوت اور شوکت کا باعث ہوا اور جہازون کو بلا اجازت فرنگیون کے سونٹھ اور مرچ وغیرہ سے مملو کرکے بنادر عرب مین روانہ کیا اور اہل فرنگ نے سنہ ۹۳۸ نوسو اڑتیس ہجری مین حالنات کے قرب مین جو کالیکوٹ سے پانچ کوس ہی قلعہ تیار کرکے ملیبار کے جہازون کی روانگی دشوار کی اور اسی طرح سے اہل فرنگ نے انھین سنوات مین برہان نظام شاہ بحری کے عہد مین قلعہ ریکندہ بندر جیول کے قریب احداث کرکے اس مقام مین توطن کیا اور سنہ ۹۴۱ نوسو اکتالیس ہجری مین بندر دیو سے اور دمن اور بندر دیو پر جو شاہان گجرات کے متعلق تھے اُس تفصیل سے کہ پیشتر اپنے مقام مین تحریر ہوا بہادر شاہ گجراتی کے عہد مین قابض اور دخیل ہوئے اور سنہ ۹۴۳ نوسو تینتالیس ہجری مین کدنکلور مین بجبر وقہر قلعہ احداث کرکے کمال استقلال اور غلبہ بہم پہونچایا اور اُسوقت مین سلطان سلیمان بن سلطان سلیم رومی نے داعیہ کیا کہ اہل فرنگ کو بنادر ہند سے برآوردہ کرکے اُس مقام پر خود متصرف ہووے چنانچہ سنہ ۹۴۴ نوسو چوالیس ہجری مین اپنے وزیر سلیمان پاشا کو مع سو عراب جنگی پہلے بندر عدن کی طرف بھیجا تو اول اُس کو کہ سر راہ ہی مفتوح اور مسخر کرے اُس کے بعد بنادر ہند کی طرف روانہ ہووے سلیمان پاشا نے سنہ مذکور مین بندر عدن کو شیخ غازی بن شیخ داؤد سے لیکر اُسے قتل کیا بعدہ بندر دیو کی طرف روانہ ہوا اور وہان پہونچکر بنیاد جنگ قائم کی قریب تھا کہ اُسے بھی فتح کرے لیکن قلت اذوقہ اور خزانہ کے صرف ہوجانے سے یہ امر تعویق مین پڑا اور ناچار ہوکر روم کی طرف مراجعت کی اور سنہ ۹۸۳ نوسو تراسی ہجری مین نصاری بندر ہرمز اور مسکت اور سقوطرہ اور ملوہ اور میلاپور اور ناک پٹن اور منگلور اور سیلان اور بنگالہ سے حد چین تک مسلط ہوئے اور اُن مقامون مین قلعہ تیار کیے اُن قلعون مین سے سلطان علی آچی نے قلعۂ سقوطرہ کو فتح کیا اور حاکم سیلان نے اہل فرنگ کو مغلوب کرکے اپنی مملکت سے ان کا صدمہ دور کیا اور سامری حاکم کالیکوٹ کو کہتے ہین کہ وہ اُس شخص کی نسل سے ہی کہ جس کو سامری کلان نے تلوار بخشی تھی اہل فرنگ کے تسلط سے بتنگ آکر اُس نے ایلچی عادل شاہ اور مرتضےٰ نظام شاہ بحری کے پاس بھیجکر ان کو اہل فرنگ کی جنگ اور اپنے ممالک سے مدافعہ کی تحریص اور ترغیب کی پھر سنہ ۹۷۹ نوسو اناسی ہجری مین سامری نے قلعہ عالیات کو محاصرہ کیا اور مرتضےٰ نظام شاہ بحری اور علی عادل شاہ قلعہ ریکندہ اور بندر گووہ کی تسخیر مین مصروف ہوئے سامری نے بزور بازوے شجاعت قلعہ عالیات کو فتح کیا لیکن مرتضےٰ نظام شاہ اور علی عادل شاہ سے جیسا کہ اپنے مقام مین مذکور ہوا ملازمین بدخواہ کی شامت سے کچھ نہ بن پڑا ناکام ہوکر مراجعت کی اور اہل فرنگ نے مسلمانون کی ایذا رسانی پر کمر باندھی اور بعضے جہاز جلال الدین محمد اکبر بادشاہ کے جو اہل فرنگ کی بلا اجازت مکہ معظمہ کی طرف روانہ ہوئے تھے مراجعت کے وقت بندر جدہ مین غارت

کرکے مسلمانون کی اہانت اور آبروریزی بہت کی اور بندر عالی آباد قرآتین جو علی عادل شاہ سے تعلق رکھتا تھا آگ لگاکر ویران کیا اور بندر واہل مین بطریق تجارت آن کر چاہتے تھے کہ مکر و غدر سے اُس پر بھی متصرف ہوین وہان کے حاکم خواجہ علی المخاطب بملک التجار شیرازی نے واقف ہوکر ڈیڑھ سو آدمی معتبر اہل فرنگ کے قتل کیے اور اس فساد کی آگ کو بجھایا اور اُس تاریخ سے کہ جلال الدین محمد اکبر بادشاہ کے جہاز فرنگیون نے گرفتار کیے بنادر عرب اور عجم کے جہاز پر لوگون کا بھیجنا موقوف کیا کیونکہ شاہ دہلی اہل فرنگ سے اجازت اور قول لینا عار جانتا تھا اور بلا اجازت روانہ کرنے مین جان و مال کی بلاکی اور بربادی متصور تھی لیکن اُس کے امرا مثل مرزا عبدالرحیم المخاطب بخانخانان وغیرہ اہل فرنگ سے قول لیکر جہاز مع سواری بنادر کی طرف بھیجتے تھے اور ۹۱۵ھ نوسو انیس ہجری مین نورالدین محمد جہانگیر بادشاہ بن اکبر شاہ نے اُن فرنگیون کو جو پرتگال کے فرنگیون سے دین کے اعتقاد مین مخالفت رکھتے تھے اور ایک دوسرے کے خون کے پیاسے تھے برخلاف فرنگیون پرتگال کے ولایت سورت مین کہ وہ بھی ممالک سے ہی رہنے کو جگہ دی اور یہ مقام پہلا ہی کہ فرنگیان انگلش نے سواحل ہندوستان مین سکونت اختیار کی تھی اور اُن کے اعتقاد دیگر فرنگیون کے خلاف ہین کہتے ہین کہ عیسےٰ بندہ اور رسول خدا ہی اور حضرت جل شانہٗ ایک ہی اور اہل وعیال رکھنے سے منزہ اور مبرا ہی الغرض اہل انگلش اپنا شاہ علیحدہ قرار دیکر بادشاہ پرتگال کی اطاعت نہین کرتے تھے اور جبتک اس جماعت نے قوت اور قدرت بہم نہین پہونچائی تھی مسلمانون کے ساتھ دوستی اور محبت ظاہر کرتے تھے اور فرنگیان پرتگال کے ساتھ کمال عداوت اور دشمنی رکھتے تھے اور جس وقت کہ اُنپر قابو پاتے تھے فی الفور اُنھین ہلاک کرتے تھے مگر اب بسبب حمایت نورالدین محمد جہانگیر بادشاہ کے کہ درمیان اُن کے قرب وجوار بہم پہونچا ہی خدا جانے فریقین کا انجام کار کیا ہوگا اور تحفۃ المجاہدین مین مرقوم ہی کہ ملیبار کی رعایا اکثر کفار ہی اور وہان کے عشائر کو نیار کہتے ہین اور وہان کا عجیب دستور ہی کہ ایک عورت بے عقد شوہر متعدد کرسکتی ہی اور ہر شب کو ایک کی باری آتی ہی لوہار اور بڑھئی اور رنگریز براہمہ کے سوا اس امر یعنی فعل شنیع مین موافقت کرتے ہین اور گروہ کفار کہکر جو پنجاب کے نواح مین تھا حلقۂ اسلام مین آنے سے پیشتر وہ بھی یہی رسم رکھتے تھے اور ہر ایک عورت انکی چند شوہر رکھتی تھی اور اُن شوہر متعددہ سے جب ایک مکان مین آتا تھا علامت اپنی دروازہ کی ڈیوڑھی پر چھوڑتا تھا اور شوہر اُسے دیکھکر پلٹ جاوین اور جب کہکر ون کے یہان لڑکی پیدا ہوتی تھی اُسی وقت اُسے باہر لاکر باواز بلند پکارتے تھے کہ کوئی اُسے پرورش کریگا اگر کوئی شخص طلب کرتا اُسے دیتے تھے ورنہ اُسی وقت اُسے ہلاک کرتے تھے ورقاعدہ ملیبار کے برہمنون کا یہ ہی کہ جب اُن کے کئی بھائی ہوتے ہین اُنکے بڑے بھائی کے سوا کوئی شادی نہین کرتا ہی تو ورثہ کی کثرت سے آپس مین نزاع اور فساد برپا نہووے اور جب اورون کو شہوت جماع غالب

ہوتی ہی بیاروغیرہ کی عورتون سے حاجت رفع کرتے ہین لیکن عقد کے مقید نہین ہوتے والارث فی طوائف الینارۃ لاخواتھم من الامّ واولادا خواتھم وخالاتھم واقربائھم من جانب الام لالاولاد اور جس وقت باپ اور مان یا بزرگ اُس ملک کے قوم براہمہ کے مرتے ہین ایک برس کامل ماتم رکھکر نوحہ وزاری کرتے

ہین اور جب مان اور مامون اور بڑا بھائی گروہ نیار اور اُن کے متابعان کا مرتا ہی ایک سال ماتم مین بیٹھکر روتے ہین اور عورتون سے نزدیکی نہین کرتے ہین اور ملیباری تین طبقہ ہین اعلیٰ اور ادنےٰ اور اوسط حیثیت اعلےٰ ادنےٰ سے مباشرت یا ملامست یعنی مساس کرے جب تک غسل نکرے کھانا نہ کھاوے اور اگر جیاً غسل سے پیشتر کھانا کھالیوے حاکم اُسے گرفتار کرکے ادنےٰ کے ہاتھ بیچتا ہی اور قید بندگی مین کرتا ہی اور جو کوئی یہ حرکت کرکے کسی موضع مین بھاگ جاوے اور حاکم کو خبر نہووے وہ البتہ بند غلامی سے نجات پاتا ہی اور کسی طرح سے اعلےٰ کا کھانا ادنےٰ نہین پکا سکتا ہی اگر اعلےٰ ادنےٰ کے ہاتھ سے کھاوے اپنے مرتبہ سے دست بردار ہووے اور میر جمال الدین حسین انجو جو چاند بی بی سلطانہ فرمانروائے احمد نگر کو اپنے حبالۂ نکاح مین لایا تھا اپنے فرہنگ مین لکھتا ہی کہ ملیبار بفتح اول و کسر ثانی ویائے مجہول نام ایک ولایت کا ہی جو دریائے عمان کے ساحل پر واقع ہی قریب شہر بیجانگر کے جو ایک عمدہ شہر ہائے دکن سے ہی باوجود اس کے کہتے ہین کہ آدمی ملیبار کے دیوث طبیعت ہین جیسا کہ ایک عورت اُنکی دس شوہر سے کم نہین کرتی بلکہ زیادہ تر

جیسا کہ امیر خسرو دہلوی فرماتے ہین بیت

بہ بے نیازی او کعبہ خستہ دوخوارست		بیاوبین کہ خرابیش چون ملیبارست	

بسم اللہ الرحمن الرحیم

مقالہ بارھوان مشائخ ہندوستان قدس اللہ اسرارہم کے حالاتمین

ناظرین پر تمکین پر واضح ہو کہ مشائخ ہندوستان کے خانوادہ بہت ہین لیکن وہ خانوادے کہ نہایت مشہور اور شمار مین بھی دوسرے مشائخ سے زیادہ تر ہین دو طبقہ ہین ایک خاندان چشتیۂ اجمیر جو خواجہ اے چشت سے ملتا ہی دوسرا خاندان سہروردیہ ملتان جو ساتھ شیخ الشیوخ شیخ شہاب الدین عمر سہروردی کے پہونچتا ہی بندہ آثم محمد قاسم فرشتہ نے کلام کے طول ہونے سے اندیشہ کرکے ان دو خانوادون کے ذکر پر اکتفا کیا اور احوال دوسرون کا شیخ عین الدین بیجاپوری جنیدی کی کتاب الانوار سے ملسکتا ہی اور ان دو فرقہ عظیم الشان سے جو کچھ علم ناقص نے احاطہ کیا ہی اس مقالہ مین لکھتا ہی انشاء اللہ تعالے اگر حیات مستعار وفا کرے گی اور تذکرۃ الاولیاے ہند دستیاب ہوگا تو دوبارہ احوال اور اقوال اُن بزرگون کا مفصل اس مسودہ مین شامل کریگا الغرض مولانا عبد الرحمن جامی نے کتاب نفحات الانس مین فرمایا کہ حدیث شریف مین وارد ہی کہ حق سبحانہ تعالے روز قیامت کو اپنے بندہ شرمندہ سے فرماوے گا کہ تو فلان عارف اور فلان بزرگوار کو جو فلان محلہ مین رہتا تھا پہچانتا ہی وہ جواب دے گا ہان پہچانتا ہون اُس وقت فرمان الٰہی نافذ ہوگا کہ ہم نے تجھے اس کو بخش دیا بیت

شنیدم کہ در روز امید و بیم	بدان را بہ نیکان بہ بخشد کریم

اور میر ہراتی نے فرمایا کہ کوشش کر تو اُس کے دوستون سے ہو اور اگر یہ نہو سکے تو اُسکے دوستون کا ہو اور جو بات اِس گروہ حق پژوہ سے سنے اگرچہ تاثیر نہ کرے سرتاب نہو یعنی بہرحال اُن کی صحبت مین شریک رہ اور اُن کی جدائی اختیار نہ کر رباعی

جانا بلبم از ذکر تو خاموش مباد		یاد تو ز خاطرم فراموش مباد	
ہر جا ز شمایلب حدیثے گذرد +		ذرات وجودمن بجز گوش مباد	

اور مراتب اولیاے دین کے چار ہین ستونے کہتے ہین اور ہر ایک کے واسطے ان مین سے ایک ابتدا اور ایک درمیان اور ایک انتہا ہی اور گروہ اولیا کے ان مرتبون مین مقام رکھتے ہین کسیوقت عالم مین تین سو چھپن تن سے کم نہین ہوتے اور ہمیشہ عاجزون کی کارسازی اور گنہگارون کی شفاعت مین مشغول ہین اور اہل تصوف کے بزرگ اس جماعت سے تین سو تن کو ابطال جانتے ہین اور چالیس نفر کو ابدال کہتے ہین اور سات نفر کو سیاح بولتے ہین اور پانچ نفر کو اوتاد سمجھتے ہین اور تین نفر کو قطب الاوتاد جانتے ہین اور ایک نفر کو قطب الاقطاب تصور کرتے ہین پس جس وقت کہ ایک ان مین سے فوت ہووے مرتبہ مادون اس کے سے ایک کو بجاے اُس کے لاتے ہین مثلاً اگر قطب الاقطاب مرجاوے ایک کو قطب ثلثہ یعنی تینون قطب سے بجاے اُس کے مقام کرین اور اوتاد سے ایک کو بجاے اقطاب ثلثہ اور ایک سیاح کو بجاے اوتاد علی ہذا القیاس مرتبہ عوام مومنان تک پہونچے اور تمام تین سو چھپن تن سے نو تن ارشاد کے لائق ہین اور باقی بھی اگرچہ کسی مرتبہ مین مراتب ولایت سے مقام رکھتے ہین لیکن ارشاد کے سزاوار نہین اور اُن نو تن مین پانچ تن اوتاد ہین اور تین اقطاب اور ایک قطب الاقطاب ہے۔ رباعی

این طائفہ اند اہل تحقیق		باقی ہمہ خویشین پرستند	
فانی ز خود و بدوست باقی +		دین طرفہ کہ نیستند و ہستند	

اور یہ مقالہ مشتمل ہے اوپر دو لمعہ کے۔

لمعہ پہلا شرح حالات و مقالات خاندان چشتیہ مین

ذکر حضرت سلطان المشائخ خواجہ معین الدین محمد حسن سنجری المعروف بہ چشتی قدس سرہٗ کا

آن شہنشاہ جہان معرفت	ابیات	ذات او بیرون ز ادراک وصفت	خسرو ملک فنا بے تخت و تاج
از خود و از غیر خود بے احتیاج		غرق بحر عشق از صدق و صفا	از خودی بیگانہ با حق آشنا
کرد مرغ ہمتش زاوج کمال		بیضۂ افلاک را در زیر بال	اختر برج سپہر لم یزل +
گوہر درج کمال بے بدل		آن معین دین و ملت بے نظیر	فارغ از دنیا بہ ملک دین امیر

سلطان سریر سرمد خواجہ راسخین معین الدین محمد مشائخ ہند کے پیشوا ہین مولد شریف بلدۂ سجستان ہی نشو و نما خراسان مین پائی آنحضرت کے والد ماجد خواجہ غیاث الدین حسن زیور فلاح سے آراستہ اور حلیۂ صلاح سے پیراستہ تھے جب وفات پائی خواجہ معین الدین محمد پندرہ برس کے تھے ایک باغ اور ایک آسیا یعنی پنچکی میراث رکھتے تھے اور اس مقام مین ایک مجذوب تھے مشہور اور انکا اسم مبارک ابراہیم قندوزی

تھا ایک روز اُن مجذوب کا اُس باغ مین گذر ہوا اور خواجہ معین الدین محمد قدس سرہ اس وقت درختون مین آب پاشی کرتے تھے لیکن جون ہی آپ کی نگاہ اُن مجذوب پر پڑی دوڑ کر اُن کے دست حق پرست کو بوسہ دے کر ایک درخت کے سایہ مین بٹھایا اور انگور کا خوشہ آنحضرت کے سامنے رکھکر اُن کے مقابل دو زانو ہوکر مؤدب بیٹھے ابراہیم قندوزی نے برکندہ کنجارہ بغل سے کھینچکر اور اپنے دندان مبارک سے چباکر خواجہ کے دہن مین ڈالا اُس کے کھاتے ہی ایک نور خواجہ کے باطن مین طالع اور لامع ہوا اور حضرت خواجہ کامل مکان اور املاک سے بیزار ہوا سب جائداد منقولہ و غیر منقولہ بیچکر درویشون کو تقسیم کی اور مسافر ہوئے اور ایک مدت سمرقند اور بخارا مین قرآن مجید کے حفظ کرنے اور علوم ظاہری کی تحصیل مین مشغول ہوئے اور وہان سے فارغ التحصیل ہوکر عراق کی طرف متوجہ ہوئے اور جب قصبۂ ہارون مین جو نیشاپور کے نواح مین واقع ہے وارد ہوئے شیخ عثمان ہارونی کہ مشائخ کبار وقت سے تھے انکی خدمت مین جاکر مرید ہوئے اور اڑھائی برس انکی خدمت مین رہکر مجاہدہ اور ریاضت مین اشتغال کیا اور شیخ عثمان ہارونی حاجی شریف زندنی کے مرید تھے اور وہ مرید خواجہ مودود چشتی کے اور وہ مرید خواجہ ناصرالدین چشتی کے اور وہ مرید یوسف چشتی کے اور وہ مرید خواجہ ناصرالدین ابو محمد چشتی کے اور وہ مرید خواجہ ناصرالدین احمد چشتی کے اور وہ مرید خواجہ اسحٰق شامی المعروف بہ چشتی کے اور وہ مرید خواجہ ممشاد دینوری کے اور وہ مرید خواجہ ہبیرہ بصری کے اور وہ مرید خواجہ حذیفہ مرعشی کے اور وہ مرید سلطان ابراہیم ادہم کے اور وہ مرید خواجہ فضیل عیاض کے اور وہ مرید خواجہ حبیب عجمی کے اور وہ مرید خواجہ حسن بصری کے اور وہ مرید امیرالمومنین و امام المتقین علی ابن ابی طالب علیہ الصلوٰۃ و السلام کے اور وہ مرید حضرت خواجۂ کائنات مفخر موجودات صلے اللہ علیہ و آلہ وسلم کے تھے اور چشت ایک موضع ہے مواضع ہرات سے القصہ خواجہ معین الدین محمد شیخ عثمان ہارونی سے خرقہ خلافت کا حاصل کرکے بغداد کی سمت روانہ ہوئے اور اثنائے راہ مین قصبۂ سنجار مین رونق افروز ہوئے ان دنون مین شیخ نجم الدین کبرے قصبۂ جبل کی طرف تشریف لے گئے تھے اور جبل ایک مقام پرفیض اور ہوا اُس کی نہایت معتدل اور فرحت افزا ہے کوہ جودی کے تحت مین واقع ہوا اور حضرت نوح علیہ السلام کی کشتی نے اُس مقام مین قرار پکڑا تھا اور وہان سے بغداد سات منزل یعنی سات دن کا راستہ ہے اور شیخ محی الدین عبدالقادر قدس سرہٗ اُس مقام مین تھے اور خواجہ معین الدین اُن کے بدون مشاہدہ جمال باکمال اور ملاقات قصبۂ سنجار سے بغداد کی طرف روانہ ہوئے اور شیخ اوحدالدین کرمانی جو ابتداے سلوک مین تھے انھین دیکھکر معتقد ہوئے اور خرقہ خلافت کا آنحضرت سے پایا اور شیخ الشیوخ شیخ شہاب الدین عمر سہروردی نے بھی شروع حال مین خواجہ معین الدین چشتی کی صحبت مین پہونچکر اُن سے فیوضات حاصل کیے اور بعد چند عرصہ کے خواجہ معین الدین چشتی بغداد سے ہمدان مین آئے اور شیخ یوسف ہمدانی سے ملاقات کرکے تبریز کی طرف متوجہ ہوئے اور شیخ ابوسعید تبریزی جو شیخ جلال تبریزی کے پیر تھے اُن سے بھی ملاقات اور صحبت رکھتے تھے

کوہ جودی موصل مین ایک پہاڑ ہے

اور شیخ نظام الدین اولیا سے منقول ہو کہ شیخ ابو سعید تبریزی ایسے شیخ تھے کہ جن کے سو مرید کامل مثل شیخ جلال الدین تبریزی کے تھے شیخ فرید الدین شکر گنج خواجہ قطب الدین بختیار سے نقل کرتے ہین کہ خواجہ معین الدین محمد چشتی کو ابتدا حال مین عجب ریاضت اور مجاہدہ تھا کہ روزے رکھکر بعد سات روز کے ایک روٹی جو کی کہ جس کا وزن پانچ مثقال سے زیادہ نہوتا تھا پانی مین تر کرکے افطار فرماتے تھے سبحان اللہ ایسے صائم النہار اور قائم اللیل بزرگوار تھے کسر نفسی اور ریاضت تحسین پر ختم تھی اور شیخ نظام الدین اولیا فرماتے ہین کہ حضرت خواجہ معین الدین محمد چشتی کی پوشش ایک ژندہ تھا اگر وہ کسی مقام سے پارہ ہوتا اپنے دست حق پرست سے بخیہ کرتے تھے اور اگر نعل بند پھٹ جاتا کپڑے پاک کے ٹکڑے جس قسم کے پاتے اُس پر پیوند کرتے تھے اور جب اصفہان مین پہونچے شیخ محمود اصفہانی اُن کی خدمت مین حاضر رہتے تھے اور خواجہ بختیار کاکی اُن روز دن اصفہان مین تھے اور شیخ محمود اصفہانی کے مرید ہوا چاہتے تھے لیکن جب خواجہ معین الدین محمد چشتی کی زیارت سے شرفیاب ہوئے فسخ عزیمت کرکے خواجہ کے مرید ہوئے اور خواجہ نے وہ دو ہر خواجہ قطب الدین کو مرحمت فرمایا اور وہی دو ہر خواجہ قطب الدین نے وفات کے وقت شیخ فرید الدین گنج شکر کو عنایت کیا اور آنحضرت نے وہ شیخ نظام الدین اولیا کو عطا کیا اور آنحضرت نے شیخ نصیر الدین چراغ دہلی کو امداد فرمایا اور جب خواجہ خرقان مین تشریف لائے دو برس وہان استقامت کرکے استر آباد کی طرف تشریف فرما ہوے اور حضرت شیخ ناصر الدین استر آبادی کی صحبت سے مشرف ہوئے اور وہ شیخ عظیم القدر تھے ایک سو ستائیس سال کی عمر رکھتے تھے اور حضرت شیخ ناصر الدین استر آبادی نسبت دو واسطہ سے حضرت سلطان العارفین شیخ طیفور اور شیخ بایزید بسطامی سے رکھتے تھے خواجہ نے ایک مدت اُن کی صحبت مین رہکر فیوض بے شمار حاصل کیے اُس کے بعد ہری کی طرف متوجہ ہوئے اور جو کہ خواجہ معین الدین محمد چشتی کی عادت تھی کہ آنحضرت ایک مقام مین کم قیام فرماتے تھے اور اکثر اوقات سیر مین رہتے تھے اور بارہا خواجہ عبد اللہ انصاری کی درگاہ مین نزول فرماتے تھے اور ایک درویش سے زیادہ آپ کی خدمت مین نہ رہتا تھا اور جو کہ حضرت قائم اللیل تھے عشا کے وضو سے فجر کی نماز ادا کرتے تھے اور جب ہرات مین آپ کے کشف و کمالات کا شہرہ مشہور ہوا خلقت نے ہجوم کیا آپ وہان سے برخاستہ ہوکر سبزوار کی طرف روانہ ہوئے اور وہان کا حاکم جسکا نام یادگار محمد تھا وہ نہایت فاسق اور بدمزاج اور بغض مین غلو رکھتا تھا اور اصحاب کبار سے اُسے اس قدر عداوت تھی کہ اگر کسی کا نام ابابکرؓ اور عمرؓ اور عثمانؓ ہوتا تھا اُسے بہت ایذا پہونچاتا تھا اور اُس کی ہلاکت کے درپے ہوتا تھا اور اس حاکم جابر نے شہر کے اطراف مین ایک باغ بنایا تھا اور اُس کے درمیان مین ایک حوض نہایت صفائی اور لطافت سے موجود تھا خواجہ گذرا ہ سے اس باغ مین جاکر حوض کے کنارے وارد ہوئے اور غسل کرکے دوگانہ نماز بجا لاکر قرآن شریف کی تلاوت مین مشغول ہوئے اتفاقات سے اُسی دن مشہور ہوا کہ یادگار محمد باغ کی سیر کو آتا ہی ایک

درویش جو شیخ کا رفیق تھا اُس نے ہراسان ہوکر شیخ سے عرض کی کہ حاکم جابر آتا ہی آپ کا اس باغ مین بیٹھنا مناسب نہین باہر تشریف لے چلیے شیخ اُس کا اضطراب دیکھکر مسکرائے اور فرمایا اگر تجھے یہی منظور ہی تو یہان سے اُٹھ اور فلان درخت کے سایہ مین بیٹھکر خدا کی قدرت کا کارخانہ دیکھو درویش حسب الحکم کاربند ہوا اُس عرصہ مین فراشون نے آن کر یادگار محمد کا غالیچہ حوض کے کنارے شیخ کے پہلو مین بچھایا اور شیخ کی عظمت اور شوکت سے یہ نہ کہہ سکے کہ یہان سے اُٹھ جایئے کہ ناگاہ یادگار محمد باغ مین داخل ہوا اور شیخ کو اُس مقام پر دیکھکر خدمتگارون سے گھرک کرکہا کہ تم نے اس فقیر کو کس واسطے اس مقام سے نہ نکالا کہ اتنے مین شیخ نے سر مبارک اُٹھاکر اُس کی طرف نظر قہر سے دیکھا یادگار محمد مصروع کی طرح دفعۃً کانپ کر گر پڑا اور بیہوش ہوا اُس کے متعلق یہ حال دیکھکر شیخ کے قدم پر گر پڑے اور التماس دعا کی شیخ نے اُس فقیر کو جو خوف سے درخت کے نیچے بیٹھا تھا اشارہ سے بلاکر یہ فرمایا کہ تھوڑا پانی اس حوض سے لیکر بسم اللہ پڑھکر اُس کے منہ پر چھینٹا مار درویش حکم کے موافق عمل مین لایا اور یادگار محمد فوراً ہوش مین آیا اور شیخ کے پانوٗن پر سر رکھکر نہایت عاجزی اور انکساری سے عرض کی کہ یا شیخ مین نے جمیع منہیات سے توبۃ النصوح کی میری تقصیر معاف فرمایئے شیخ نے اپنا دست شفقت اُسکے سر پر پھیر کر یہ ارشاد کیا کہ خاندان عالی شان رسالت سے دعوی محبت کرنا اور آنحضرت کی پیروی نہ کرنے کا کیا سبب ہی یہ فرماکر شیخ نے ائمہ ہدیٰ کے فضائل اور مناقب اس فصاحت اور بلاغت سے بیان فرمائے کہ یادگار محمد اور اس کے ہمراہی زار زار روکر تمام تائب ہوئے **بیت**

آنچہ زرمی شود از پرتو آن قلب سیاہ	کیمیائیست کہ در صحبت درویشانست

بعد اُس کے یادگار محمد نے تجدید وضو کرکے دوگانہ شکرانہ کا ادا کیا اور دست ارادت آنحضرت کے دست حق پرست مین دے کر بشرف بیعت مشرف ہوا اور اپنا تمام مال نقد و جنس خواجہ کی نذر کے لیے لایا حضرت نے اُسے قبول نہ کیا اور فرمایا کہ تو نے یہ مال لوگون سے بجبر و قہر لیا ہی غربا اور مساکین کو پہونچا تو قیامت کے دن کوئی تیرا دامن نہ پکڑے یادگار محمد نے شیخ کے ارشاد پر عمل کیا یعنی تمام مال فقرا پر تقسیم کرکے غلامون کو بھی آزاد کیا اور اپنی منکوحہ کو طلاق دے کر خواجہ کے ہمراہ قلعہ شادمان تک گیا اور جو کہ وہ جملہ عارفان اور واصلان سے ہوگیا تھا خواجہ نے وہ اطراف اُنھین کی حمایت مین رجوع کرکے اُسے اس مقام مین مقیم کیا اور خود بلخ کی طرف تشریف لے گئے اور شیخ احمد خضرویہ کے مقام عالی فرجام مین چند روز اقامت کی اور اُس عہد مین ایک فاضل تھے المشہور بہ ضیاء الدین حکیم اور وہ جمیع علوم فلسفہ مین خوب مہارت رکھتے تھے اور علم تصوف مین اعتقاد نہ رکھتے تھے اور اپنے شاگردون سے کہتے تھے تصوف ہذیان ہی کرتپ زدے اور دیوانے بکتے ہین اور مولانا ضیاء الدین حکیم بلخ کے اطراف مین ایک موضع واقع تھا اُس مین مدرسہ اور باغ خوب رکھتے تھے اور اس مین بیٹھکر لوگون کو علم حکمت پڑھاتے تھے اور خواجہ معین الدین چشتی کی عادت تھی کہ ہمیشہ ایک یا دو دستہ تیر اور ایک کمان اور ایک چقماق اور ایک نمکدان اپنے ہمراہ رکھتے تھے اس واسطے کہ اگر کسی وقت آبادی سے دیر انے دور دراز

حاشیہ یعنی خلفائے راشدین امیرین امویین و اصحاب کبار ۱۲

مین گذر ہو کسی طیور کا شکار کرکے ایک لقمہ سے روزہ افطار کرین ناگاہ خواجہ اُس مدرسہ مین جہان مولانا ضیاء الدین حکیم درس دیتے تھے رونق افزا ہوئے اور اُس روز حضرت خواجہ معین الدین چشتی رح نے ایک کلنگ کو تیر مارکر درخت سے گرایا اور اپنے خادم کو اس کے کباب کے واسطے اشارہ کیا اور خود عبادت مین مشغول ہوئے اس درمیان مین مولانا ضیاء الدین حکیم کا وہان گذر ہوا دیکھا کہ ایک درویش نماز مین مشغول ہے اور خادم کباب برنیان کرتا ہے حکیم نے اس قدر وہان توقف کیا کہ خواجہ نماز سے فارغ ہوئے اور مولانا سلام کرکے بیٹھے پھر خادم کباب لایا خواجہ نے بسم اللہ پڑھکر ایک ران اس کلنگ سے جدا کرکے مولانا کو عنایت فرمائی اور دوسری ران کا ٹکڑا خود تناول کیا مولانا نے جون ہی وہ کباب کھایا علوم فلسفہ کا زنگ اُن کے سینہ سے زائل ہوا اور بیہوش ہوئے خواجہ نے قدرے اپنا پس خوردہ اُن کے دہن مین ڈالا ہوش مین آئے اور مولانا نے اُسی وقت تمام کتب جو اُن کے کتب خانہ مین تھین دریا مین غرق کین اور مع تلامذہ حضرت خواجہ معین الدین محمد چشتی رح کے مریدون کی سلک مین منتظم ہوئے اور جب حضرت کا شہرہ اس ملک مین ہوا اور دنیا داردن نے ہجوم کیا خواجہ نے مولانا ضیاء الدین حکیم کو خرقہ دے کر اُس مقام مین چھوڑا اور خود باتفاق اُس خادم کے غزنین مین تشریف لائے شمس العارفین عبدالواحد جو شیخ نظام الدین ابوالمؤید کے پیر تھے اُنسے ملاقات کرکے لاہور مین وارد ہوئے وہان سے دہلی مین نزول اجلال فرمایا اور جب خاص و عام کا وہان ازدحام ہوا حضرت اس امر سے متنفر ہوکر اجمیر مین تشریف لے گئے اور محرم کی دسوین تاریخ یعنی بروز عاشورہ سنہ ۵۶۱ پانسو اکسٹھ ہجری مین آنحضرت نے اس خطہ مین نزول فرمایا اور سید السادات سید حسن مشہدی المشہور بخنگ سوار جو صوفی مذہب تھے اور حلیۂ تقویٰ اور صلاح سے آراستہ اور اولیاء اللہ کے سلک مین انتظام رکھتے تھے اور سلطان قطب الدین ایبک نے آنحضرت کو اُس شہر کا داروغہ کیا تھا شیخ کے آنے سے بہت خوش ہوئے اور باعزاز و اکرام تمام پیش آئے اور جو سید صاحب موصوف علم تصوف اور اصطلاحات صوفیہ سے نہایت واقف تھے خواجہ کی صحبت غنیمت جانکر اکثر اوقات مجلس شریف مین حاضر ہوتے تھے اور خواجہ کے انفاس کی برکت سے اجمیر کے بہت کفار شرف ایمان سے مشرف ہوئے اور جو کہ دولت ایمان سے محروم رہے خواجہ کی محبت کو دل مین جگہ دیکر ہمیشہ فتوح بیشمار آنحضرت کو پہونچاتے تھے اور شمس الدین التمش کے عہد مین خواجہ دو مرتبہ اپنے مرید قطب الدین بختیار کاکی کے دیکھنے کے واسطے دہلی مین تشریف لے گئے دوسری مرتبہ جب دہلی سے مراجعت فرمائی خواجہ معین الدین محمد چشتی رح نے نکاح کیا تفصیل اُس کی یہ ہے کہ سید دستہ الدین محمد مشہدی المشہور بہ خنگ سوار جو سید حسین مشہدی داروغہ اجمیر کے چچا تھے اُن کی ایک صاحبزادی جو حسن و جمال اور عفت کمال رکھتی تھی جب وہ دختر بلند اختر حد بلوغ کو پہونچی سید صاحب چاہتے تھے کہ اُسے کسی خاندان بزرگ کے حبالۂ نکاح مین لاؤن اِس کی تلاش مین مقرر تھے ایک شب سید السادات نے حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام کو خواب مین دیکھا کہ اُن سے فرماتے ہین ہی فرزند وجہ الدین حضرت رسالت پناہ صلے اللہ علیہ وسلم کا یہ اشارہ ہے کہ یہ لڑکی خواجہ معین الدین محمد چشتی رح کے حبالۂ نکاح مین لاکر وہ سلطان

درگاہ الٰہی اور محیان خاندان رسالت پناہی سے ہی جب سید وجہ الدین نے خواجہ معین الدین محمد چشتی رح کو اس امر سے آگاہ کیا خواجہ نے جواب دیا کہ میری عمر کا آفتاب لب بام ہی لیکن جو حضرت رسالت اور امام ہمام کا یہ اشارہ ہی مجھے اطاعت کے سوا کچھ چارہ نہین اس کے بعد خواجہ نے اُس گوہر درج عفت کو شریعت مصطفوی کے موافق اپنی سلک ازدواج مین منسلک فرمایا اور آفریدگار عالم نے اُس کے بطن سے دو فرزند کرامت فرمائے اور خواجہ عیال داری کے سات برس بعد ماہ رجب کی چھٹی تاریخ ۶۳۳ھ چھ سو تینتیس ہجری مین قید جسمانی سے نجات پاکر عالم قدس کی طرف خرامان ہوے اور حضرت کا سن شریف ستانوے برس کا تھا اور بعد وفات تمام بادشاہ آپ کے روضہ پر نذرین بھیجکر تبرک کے طلبگار ہوئے خصوص جلال الدین محمد اکبر بادشاہ کہ اور بادشاہون سے زیادہ تر آنحضرت سے اعتقاد رکھتا تھا اور عہد شاہی مین اپنے جیسا کہ مذکور ہوا اکثر سنوات مین پیادہ اجمیر مین جاکر خواجہ معین الدین محمد چشتی رح اور سید حسن مشہدی مشہور بہ سنجنگ سوار کی زیارت سے فیضیاب ہوتا تھا اور حاجی محمد قندھاری کی تاریخ مین مرقوم ہی کہ خواجہ معین الدین محمد چشتی رح کے پیر یعنے شیخ عثمان ہارونی شمس الدین محمد التمش کے عہد مین دہلی مین تشریف لائے اور شمس الدین نے جو آنحضرت کا مرید تھا اُن کی تعظیم و تکریم مین کوئی دقیقہ فروگذاشت نہ کیا اور اس مدت مین خواجہ معین الدین محمد چشتی رح اجمیر مین متوطن تھے اس صورت مین معلوم نہوا کہ ہندوستان مین پھر اُن سے ملاقات ہوئی یا نہوئی اور شیخ عثمان ہارونی سے خوارق عادات بہت مشہور ہین از انجملہ ایک یہ ہی کہ جب خواجہ معین الدین محمد چشتی رح اپنے پیر سے رخصت لے کر بغداد کی سیر کو متوجہ ہوئے شیخ عثمان ہارونی نے اُن کی مفارقت سے بیتاب ہوکر خواجہ کی جستجو مین اپنے مقام سے سفر اختیار کیا اور اُس سفر مین ایک مقام مین وارد ہوئے کہ آتش پرست وہان رہتے تھے اور آتشکدہ بھی رکھتے تھے اور ہر روز سو خروار لکڑیان اُس مین جلاتے تھے اور شیخ عثمان ہارونی نے اُسکے قریب ایک درخت کے سایہ مین نزول کیا اپنے خادم فخر الدین نام سے فرمایا کہ افطار کیواسطے روٹی پکا دے خادم جب مغون کے پاس آگ لینے کو گیا اُنھون نے آگ نہ دی خادم نے پلٹ کر شیخ سے حقیقت حال عرض کی شیخ آتشکدہ کی سمت متوجہ ہوئے اور ایک مغ مختار نام جو نہایت بوڑھا تھا دیکھا کہ وہ ایک لڑکا سات برس کا آغوش مین لیے ہوئے آتشکدہ کے کنارے کھڑا ہی شیخ نے اُس سے فرمایا کہ یہ آگ ایک مشت پانی سے معدوم ہوتی ہی کس واسطے پوجتے ہو خدا کو جو خالق آگ کا ہی اُس کی پرستش کرو مغ نے جواب دیا کہ ہماری ملت مین آگ ایک وجود عظیم ہی اُسے کیونکر نہ پوجین شیخ نے فرمایا اتنی مدت سے کہ تم اس آگ کی صدق دل سے پرستش کرتے ہو بھلا ہاتھ یا پانون اُس مین ڈال سکتے ہو کہ وہ نہ جلا دے مغ نے جواب دیا کہ خاصیت اُس کے جلانے کی ہی بھلا کسے یہ طاقت ہی جو اُس کے قریب جا دے **بیت**

اگر صد سال گبر آتش فروزد	چو یکدم اندرون افتد بسوزد

شیخ نے جب یہ سنا جلد اُس کے فرزند کو اُس کے آغوش سے چھین کر آتشکدہ کی طرف دوڑے اور بعد بسم اللہ یہ آیہ کریمہ قلنا یانار کونی بردا وسلاما علے ابراہیم پڑھکر آگ مین داخل ہوئے یہ خبر منتشر ہونے

سے تین چار ہزار مرغ آتشکدہ پر آن کر شور و فغان کرنے لگے اور شیخ چار ساعت کے بعد مع طفل اُس آتشکدہ سوز ان سے صحیح و سالم برآمد ہوئے چنانچہ اُن کے کپڑون مین بھی دھبا نہ پہونچا بعدہ مغون نے فراہم ہوکر اُس طفل سے پوچھا کہ اس آتشکدہ مین تمھاری کیا حالت تھی اُس نے جواب دیا کہ ہم شیخ کی بدولت گلزار کی سیر دیکھتے تھے آخرش آتش پرستون کے دل مین نور ایمان کا جوش زن ہوا بمجون نے شیخ کے قدم مبارک پر سر رکھا اور صدق دل سے مسلمان ہوئے اور شیخ نے اُن مین سے مختار کا نام عبداللہ اور لڑکے کا نام ابراہیم رکھکر اُن کی تربیت منظور نظر فرمائی اور دونون بزرگوار جملہ اولیا سے ہوئے ٭

ذکر سلطان العارفین خواجہ قطب الدین بختیار کاکی قدس سرہ کا

ابیات

آن نہنگ محیط نور خدائے	غرقۂ لجۂ حضور خدائے	رفتہ در لامکان ز ہستی خویش
کرد اظہار حق پرستی خویش	شدہ از جان بہ لامکان واصل	کرد ہر دم ہزار جان حاصل
بخدا محو در خفی و جلی ٭	قطب دین بختیار شیخ ولی	زندۂ جاودان رفیض علیم
کشتۂ زخم خنجر تسلیم	سینۂ عارفان از و گلشن	دیدۂ عاشقان از و روشن

واضح ہو کہ سلطان العارفین خواجہ قطب الدین فرزند خواجہ کمال الدین احمد اوشی کے ہین تولد آنحضرت کا قصبۂ اوش مین جو پرگنات ماوراء النہر سے ہے واقع ہوا جس وقت آپ کے والد ماجد کا انتقال ہوا آپ ڈیڑھ برس کے تھے اور آپ کی والدہ باجدہ جو حلیہ عفت اور زیور عصمت سے آراستہ تھین آپ کی پرورش و پرداخت مین مصروف رہین اور کتاب خیر المجالس شیخ نصیر الدین اودھی مین لکھا ہے کہ جب آپ پانچ برس کے ہوئے آپ کے ہمسایہ مین ایک مرد نہایت پرہیزگار رہتا تھا آپ کی والدہ نے اُسے بلاکر تھوڑے خرمے یعنی چھوہارے ایک طباق مین رکھکر اپنے نورعین کو اُس کے ہمراہ کیا اور یہ التماس کی کہ اس معصوم کو کسی معلم کے سپرد کر دیجیے جب وہ لے چلا اثنائے راہ مین ایک پیر روشن ضمیر سے دوچار ہوا اُسنے پوچھا کہ یہ لڑکا کس دودمان سے ہے ہمسایہ نے جواب دیا کہ اہل صلاح کے خاندان سے ہے باپ اس کا فوت ہوا اس کی والدہ نے مجھسے فرمایا ہے کہ اسے کسی مکتب مین لیجاکر معلم کے سپرد کرون لہذا مین معلم کی تلاش مین نکلا ہون پیر نے فرمایا کہ تو یہ کام میرے تفویض کر مین اسے ایسے معلم کے پاس لیجاؤن کہ اُس کے انفاس کی برکت سے یہ لڑکا صاحب کمال ہو یہ کلام سنتے ہی ہمسایہ راضی ہوا خلاصہ یہ لڑکا بقصبہ اوش مین ایک معلم جن کا اسم مبارک ابوحفص تھا باتفاق ہمسایہ لیجاکر خواجہ بختیار کو اُن کے سپرد کیا اور اُن سے فرمایا کہ یہ لڑکا جملہ اولیا سے ہوگا اسپر نظر شفقت اور تربیت مبذول فرمایئے گا یہ کہکر پیر رخصت ہوئے ابوحفص نے خواجہ سے پوچھا کہ یہ کون بزرگوار تھے جو اس مکتب مین لائے تھے تو انھین تو پہچانتا ہے آپ نے عرض کی مین نہین جانتا میری والدہ نے اس ہمسایہ کے سپرد کیا تھا کہ مجھے کسی

معلم کے سپرد کرے یہ پیر اثنائے راہ مین ہمارا حضر ہوا اور آپ کی صحبت فیض موہبت سے مشرف کیا شیخ الوحفص نے فرمایا وہ پیر دلپذیر حضرت خضر علیہ السلام تھے پھر خواجہ نے اُن معلم کی خدمت مین حاضر ہوکر قرآن شریف اور آداب شریعت کے یاد کیے اور اخلاق ظاہری اور باطنی کی تہذیب مین مساعی جمیلہ کرکے علم طریقت سے نہایت سعادت حاصل کی اور جیسا کہ خواجہ معین الدین محمد چشتی قدس سرہ کے ذیل حالات مین مذکور ہوا اصفہان مین آنحضرت کی ملازمت مین شرفیاب ہوکر مرید ہوئے اور بعضی کتب کے سیاق کلام سے یہ بھی مستفاد ہوتا ہی کہ بیس برس کے سن مین یہ قصبہ اُوش مین خواجہ کی صحبت سے مستفیض اور مرید ہوئے اور منقول ہی کہ آپ رات دن مین دو سو پچاس رکعت نماز ادا کرتے تھے اور دو تین ہزار بار درود حضرت سرور کائنات کی روح پر فتوح پر ہر شب بھیجتے تھے اور اس ملک کے باشندون کو فیض پہونچاتے تھے اور شیخ نظام الدین اولیا قدس سرہ سے منقول ہی کہ قصبہ اُوش مین ایک بزرگوار خواجہ قطب الدین کے مریدون سے جن کا نام رئیس احمد تھا اور وہ نہایت متقی اور پرہیزگار تھے اُنھون نے ایک شب خواب مین دیکھا کہ محل رفیع اور عالیشان ہی اور خلائق کا اُس کی اطراف مین بکثرت تمام ہجوم ہی اور ایک شخص نورانی چہرہ اور میانہ قد اُس محل مین جاتا ہی اور آتا ہی یعنی لوگون کا پیغام لے جاکر اُس کا جواب لاتا ہی رئیس احمد نے اُس وقت ایک شخص سے پوچھا کہ یہ کون بزرگوار ہی اور یہ بارگاہ کس عالی جاہ کی ہی کہا اِس قصر عالی مین حضرت سرور کائنات خلاصۂ موجودات رونق افزا ہین اور یہ عبداللہ بن مسعودؓ ہین کہ پیغام نام بنام پہونچاتے ہین یہ سنتے ہی رئیس احمد نے عبداللہ بن مسعودؓ سے یہ التماس کی کہ میری طرف سے حضرت رسالت پناہ صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت بابرکت مین عرض کیجیے کہ فلان شخص حضرت کے دیدار فائض الانوار کا مشتاق ہی اُس کے بارہ مین کیا حکم نافذ ہوتا ہی عبداللہ بن مسعودؓ محل مین جاکر یہ جواب لائے کہ حضرت رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم فرماتے ہین کہ ابھی تجھ مین ہمارے دیکھنے کی لیاقت اور قابلیت نہین ہی جا ہمارا اسلام قطب الدین کو پہونچانا اور یہ کہنا کہ کیا سبب ہی وہ تحفہ جو ہر شب ہمارے واسطے بھیجتے تھے تین رات سے نہین پہونچتا ہی رئیس احمد جب خواب سے بیدار ہوا خواجہ بختیار کی خدمت مین جاکر صورت حال ظاہر کی شیخ سمجھے کہ مجھ سے تقصیر ہوئی اور وہ یہ امر تھا کہ اُن دنون مین آپ کی والدہ کو معلوم تھا کہ خواجہ سفر کا ارادہ رکھتا ہی اسوجہ سے وہ بتکلف تمام ایک دختر صالحہ جو جمال باکمال رکھتی تھی آپ کے سلک ازدواج مین لائین اور خواجہ نے بمقتضاے بشریت اس سے ایک محبت بہم پہونچاکر تین شب و روز وفا کیا تھا اُسی وقت اُس عورت کو طلاق دی اور بغداد کی سمت روانہ ہوئے اور وہان کے عارفون سے ملاقات کرکے شیخ شہاب الدین سہروردی اور شیخ اوحدالدین کرمانی کی صحبت مین حاضر ہوکر فیض حاصل کیا اور جب اُس عرصہ مین شیخ جلال الدین تبریزی دوبارہ خراسان سے بغداد مین آئے خواجہ قطب الدین بختیار کاکی کو دیکھکر نہایت اتحاد اور محبت بہم پہونچائی اور شیخ نے خواجہ قطب الدین کو خواجہ معین الدین محمد چشتی رح کی خبر سے آگاہی بخشی کہ آنحضرت خراسان سے ہندوستان

کی طرف تشریف لے گئے ہین اب بلدۂ دہلی مین رونق افزا ہین خواجہ قطب الدین اپنے پیر کی اشتیاق ملازمت سے نہایت بیقرار ہوکر ہندوستان کی طرف روانہ ہوئے اور شیخ کو آن حضرت کی مفارقت گوارا نہوئی ہمراہ ہوئے اور دونون بزرگوار سیر کرتے ہوئے ملتان مین پہونچے شیخ بہاء الدین زکریا کی صحبت مین چند روز بسر کیے اور شیخ فرید الدین گنج شکر کہ ابتداے حال ان کا تھا اس وقت خواجہ قطب الدین بختیار کاکی کی ملازمت سے مشرف ہوئے اور آن حضرت کی محبت کا رشتہ اپنی کمر جان مین باندھکر شرف ارادت اور بیعت سے سرافراز ہوئے اور جواندنون مین ترکان بے ایمان دفعۃً خطا اور ختن کی طرف سے تاخت لائے اور ملتان کے قلعہ کو محاصرہ کیا سلطان ناصر الدین قباچہ حاکم ملتان نے اُن کے مدافعہ پر قیام کیا اور خواجہ قطب الدین بختیار کاکی سے دعا اور ہمت اور استعانت کا طلبگار رہوا اور خواجہ قطب الدین بختیار کاکی نے ایک تیر طلب کرکے ناصر الدین قباچہ کے ہاتھ مین دیا اور فرمایا کہ مغرب کی نماز کے وقت برج حصار پر برآمد ہوکر یہ تیر چلہ کمان مین جوڑکر کفار کیطرف پھینکنا اور خدا کی قدرت کا تماشا دیکھنا جب ناصر الدین قباچہ نے بوقت معین وہ تیر خانہ کمان مین رکھکر برج قلعہ پر سے اُس جماعت کی طرف پھینکا اُس کے گرتے ہی خدا کے حکم سے اُسی شب کو وہ قوم شوم اُس بوم سے ایسی مفقود اور معدوم ہوئی کہ کسی نے اُنکا نشان ندیا کہ کیا ہوئی اسوقت دونون بزرگوار عازم سفر ہوئے شیخ جلال الدین تبریزی غزنین کی طرف گئے اور خواجہ قطب الدین بختیار کاکی دہلی کی سمت متوجہ ہوئے ہر چند ناصر الدین قباچہ نے عجز و زاری کی کہ خواجہ ملتان مین سکونت پذیر ہون قبول نکیا اور یہ جواب دیا کہ یہ مقام عالم غیب سے شیخ بہاء الدین زکریا کے ذمہ کیا گیا ہے اور علاوہ اِس کے مین اپنے شیخ طریقت خواجہ معین الدین محمد چشتی کی بلا اجازت کسی مقام مین آرام اور قیام نہین کرسکتا الغرض خواجہ لاہور کے راستہ سے جب دہلی کے اطراف مین پہونچے پانی کی قراوانی کے سبب کیلوکہری مین وارد ہوئے اور عریضہ خواجہ معین الدین محمد چشتی کی خدمت مین کہ ان دنون اجمیر مین تشریف رکھتے تھے ارسال کیا کہ مین آپ کی زیارت کے واسطے حاضر ہوا ہون اگر ارشاد و فیض رشاد ہو تے اُس جناب کی قدمبوسی سے مشرف ہون خواجہ معین الدین محمد چشتی نے جواب لکھا کہ قرب روحانی کو بعد مکانی مانع نہین ہے آپ بخیر و عافیت وہین رہین انشاء اللہ تعالے چند روز کے بعد بارادت الٰہی اُس طرف متوجہ ہوکر ملاقات کرون گا اور کہتے ہین کہ شمس الدین التمش بادشاہ جب خواجہ قطب الدین بختیار کاکی کے آنے سے خبردار ہوا لوازم شکر الٰہی بجالایا اور چاہا کہ اس جناب کو شہر مین لاکر متوطن کرون آنحضرت نے اُس وقت مین پانی کی نایابی کا عذر کیا اور شہر کا رہنا قبول نکیا اور شیخ الاسلام شیخ جمال الدین محمد بسطامی نے کہ بزرگان دین سے اور دہلی کے شیخ الاسلام تھے خواجہ قطب الدین بختیار کاکی سے اعتقاد کمال بہم پہونچایا اور شیخ محمد عطا معروف بہ حمید الدین ناگوری جنھون نے بغداد مین خواجہ کو دیکھا تھا وہ بزرگوار بھی اُس جناب سے ارادت صادق پیدا کرکے اکثر اوقات خدمت مین حاضر رہتے تھے اور شمس الدین التمش نے التزام کرلیا تھا کہ مین ہفتہ مین دوبار شیخ کی زیارت سے فائض ہوکر

فیوض حاصل کرون اور اسی طرح سے دہلی کے اعلا و ادنے شیخ کی ملازمت کے بارادت تمام خواہان ہوئے اور شہر سے کیلو کہری تک راہ ہر دم آنے جانے والون سے بھری رہتی تھی اس واسطے شمس الدین التمش نے خلق اللہ کی آسائش اور آرام کے واسطے شیخ کو پھر شہر مین آنے کی تکلیف دی اس مرتبہ جب اصرار اور مبالغہ حد سے گذرا شیخ نے قبول کیا اور شہر کے قریب مسجد غزالدین مین استقامت فرمائی اور اُس زمانے مین شیخ بدرالدین اُس جناب کی شرف بیعت اور خرقہ پاک سے مشرف ہوئے اور عمر عزیز آپ کی صحبت مین بسر کرکے کمالات حاصل کیے اور جو کہ اُن دنون مین شیخ جمال الدین محمد لبسطامی جوار رحمت ایزدی مین واصل ہوئے تھے شمس الدین التمش نے خواجہ کو منصب شیخ اسلامی کی تکلیف دی اور جب شیخ نے قبول نفرمایا شیخ نجم الدین صغرے کو اُس منصب سے حسب وصیت بخشی شیخ الاسلام شیخ نجم الدین صغرے نے خلائق کے رجوع ہونے سے کہ خواجہ کی خدمت مین ہر وقت ہجوم رکھتے تھے رشک حسد کا اپنے دل صفا منزل مین پیدا کیا اور آنحضرت سے یک گونہ سوء مزاجی بہم پہونچائی اور اتفاقات حسنہ سے انھین دنون مین خواجہ معین الدین محمد چشتی رح نے خطۂ اجمیر سے دہلی مین آکر خواجہ کی خانقاہ مین نزول فرمایا اور خواجہ نے خوشحال ہوکر دو رکعت نماز شکرانہ کی ادا کی اور چاہا کہ شمس الدین التمش کو خواجہ کی تشریف آوری سے آگاہی بخشے خواجہ مانع ہوئے اور فرمایا مین فقط تمہارے دیکھنے کو آیا ہون اور دو تین روز سے زیادہ نہ رہون گا اور جو کہ آنحضرت کو خاص و عام کا ازدحام خوش نہ آتا تھا اور شہرت سے ہراسان اور گریزان تھے خواجہ قطب الدین بختیار کاکی نے سکوت اختیار کیا اور اپنے پیر کی رضامندی اور خوشوقتی مین کوشش فرمائی لیکن باوجود اس حال کے شہر کی تمام خلقت ہجوم کرکے شیخ کی زیارت کو حاضر ہوئی مگر شیخ الاسلام شیخ نجم الدین صغرے جو خواجہ قطب الدین سے حسد رکھتے تھے ایسے مہمان عزیز کی ملاقات کو نہ آئے خواجہ معین الدین محمد چشتی رح چونکہ خراسان مین شیخ نجم الدین صغرے کے ساتھ نسبت اتحاد اور محبت رکھتے تھے اشتیاق غالب ہوا اُن کے دیکھنے کو خود تشریف لے گئے اور شیخ نجم الدین اُن روزون مزدورون سے کچھ کام عمارت کا لیتے تھے شیخ کا استقبال جیسا کہ چاہیے بجا نہ لائے اور خواجہ بھی بمقتضاے بشریت اُن سے آزردہ ہوئے کہا اے شیخ الاسلام شیخ نجم الدین صغرے تجھے کیا ہوا ہے جو تو نے اپنا مزاج ایسا متغیر کیا ہے ظاہر معلوم ہوتا ہے کہ شیخ الاسلامی کی جاہ نے تجھے غرور کے چاہ مین ڈالا ہے شیخ نجم الدین یہ کلام سنکر متنبہ ہوکر بعذرت پیش آئے اور کہا کہ مین اسی طرح سے آپ کا مخلص ہون جیسے پیشتر سر آپ کے قدم مبارک پر گستاخ اب آپ نے اپنے ایک مرید کو اس شہر مین متوطن کیا ہے تمام خلائق اُس سے رجوع ہوتی ہے اور کوئی شخص ہماری شیخ الاسلامی کو ایک برگ سبز کے عوض نہین خریدتا ہے خواجہ معین الدین محمد چشتی رح جب یہ کلام شکایت انجام سنا متبسم ہوکر فرمایا اے شیخ خاطر جمع رکھ کہ مین قطب الدین کو اپنے ہمراہ اجمیر لیے جاتا ہون یہ کہکر اُن کے مکان سے برآمد ہوئے ہر چند شیخ نجم الدین طعام حاضر کے مصر ہوئے قبول نہ کیا اور کہتے ہین انھین دنون مین شیخ فرید الدین شکر گنج عراق اور خراسان او

ماوراء النہر اور مکہ اور مدینہ سے مراجعت کر کے خواجہ قطب الدین بختیار کاکی کی صحبت مین رہتے تھے
بذریعہ خواجہ قطب الدین خواجہ معین الدین محمد چشتی کی دست بوسی سے شرفیاب ہوئے اور خواجہ نے
فرمایا ہی بابا بختیار تم شاہ باز عظیم القدر کو قید مین لائے ہو کہ سدرۃ المنتہیٰ کے سوا آشیان نہ لگا ویگا اور
فرید وہ شمع ہی جو درویشون کے خانوادہ کو روشن کریگا اور اُنھین دونون مین خواجہ معین الدین محمد چشتی رح
اجمیر کی طرف تشریف لے گئے اور خواجہ قطب الدین بختیار کاکی اپنے پیر کے ہمراہ رکاب روانہ ہوئے
شہر کی خلقت یہ خبر سنکر اضطراب مین متبلا ہوئی اور ہر ایک محلہ سے شور ماتم بپا ہوا اہل دین و دانش
کے ہمقرین ہوئے اور خواجہ کے پیچھے روانہ ہوے جس مقام مین آپ کے قدم مبارک کا نشان پاتے
تھے وہان کی خاک تبرکاً تیمناً اٹھاتے تھے اور خواجہ معین الدین محمد چشتی نے یہ مشاہدہ کر کے فرمایا
بابا قطب الدین بختیار کاکی لوگ تیری مفارقت سے پریشان اور آزردہ خاطر ہین اتنے قلوب کی خرابی
اور خستہ حالی مجھے منظور نہین تم اسی مقام مین بود و باش اختیار کرو کہ اس شہر کو اور تجھے خدا کی حفظ و
حمایت مین چھوڑا اور بعضے راویون سے یہ منقول ہی کہ شمس الدین التمش خواجہ قطب الدین بختیار کاکی کی ولایت
سے جب مطلع ہوا آدمی متواتر خواجہ معین الدین محمد چشتی کی خدمت مین بھیجکر بمنت تمام خواجہ قطب الدین کی
بازگشت کی التماس کی اور شیخ نظام الدین اولیا سے منقول ہی کہ خواجہ قطب الدین بختیار کاکی آخر عمر مین
قرآن شریف حفظ کر کے ہر روز دو بار کلام مجید ختم کرتے تھے اور مال دنیوی سے ایک پیسا نگاہ نہ رکھتے
تھے اور آخر کو تاہل بھی فرمایا یعنے ایک بی بی کو اپنے عقد مین لائے اُس کے بطن مبارک سے دو فرزند
پیدا ہوئے ایک کا نام شیخ احمد اور دوسرے کا شیخ محمد رکھا اور شیخ محمد سات برس کی عمر مین فوت ہوا اور
اُس کی ماں حرم سرا مین نوحہ و زاری اور گریہ و بیقراری کرتی تھی اور خواجہ قطب الدین نے شیخ بدر الدین
سے پوچھا کہ یہ آواز پر سوز آج ہمارے مکان سے کیسی برآمد ہوئی ہے سبب کیا ہے شیخ نے
عرض کی شیخ محمد نے رحلت کی اُس کی والدہ گریہ و زاری کرتی ہی خواجہ قطب الدین نے یہ سانحہ
سنتے ہی کف افسوس ملکر فرمایا اگر مجھے رحلت فرزند سے خبر ہوتی اس کی تندرستی کے واسطے حضرت
شافی مطلق سے استدعا کرتا لیکن جو کہ یہ امر مقدر ہو چکا تھا مجھے معلوم نہوا یہ کہا اور اُس کی والدہ کو
ماتم اور جزع فزع سے ممانعت کی اور خواجہ قطب الدین بختیار کاکی اس سبب سے کہتے ہین کہ جب
جب خواجہ نے دہلی مین سکونت اختیار کی کسی سے کچھ نہ لیتے تھے اور گاہے ماہے کوئی شخص از روے
اخلاص اگر نذر لاتا تھا حضرت اُسے قبول کر کے اُسی وقت فقرا اور مساکین پر تقسیم کرتے تھے مال دنیا سے
کچھ اپنے پاس نہ رکھتے تھے مشہور ہی کہ اُن دنون مین خواجہ کے مکان مین نو آدمی زن اور فرزند اور خادم
سے تھے اور آپ کے ہمسایہ مین ایک بقال مسمی شرف الدین تھا اُسکی زوجہ خواجہ کی بی بی کے
پاس بسبب رابطۂ ہمسائگی کبھی کبھی آتی تھی جس وقت حضرت کے گھر مین قسم اذوقہ سے کوئی چیز موجود
نہوتی تھی اور ایک دو فاقہ کی نوبت پہونچتی تھی خواجہ کی زوجہ بقال کی عورت سے بمقدار نیم تنگہ یا کم زیادہ
قرض لے کر اپنے فرزندون اور متعلقون کی قوت مین صرف کرتی تھین اور خواجہ کو اس معاملہ سے

خبر نہ تھی اور جس وقت غیب سے کچھ پہونچتا تھا بی بی قرض ادا کرتی تھین ایک دن شرف الدین بقال کی زوجہ نے اثنائے کلام مین خواجہ قطب الدین کی بی بی سے یہ بات کہی کہ میرے سبب سے تمھارا بناہ ہوتا ہی اگر مین نہون تم سب فاقہ کشی سے ہلاک ہو جاؤ بی بی کو یہ کلام نہایت ناگوار ہوا اور اپنے دل مین یہ عہد کیا کہ اب مین اس سے ہرگز قرض نہ لونگی ایک دن بی بی نے کسی تقریب سے یہ امر خواجہ کی سمع مبارک مین پہونچایا اور خواجہ یہ سنکر نہایت متاثر ہوئے کچھ دیر مراقبہ مین جاکر بی بی سے ارشاد کیا کہ خبردار آیندہ پھر قرض نہ لینا اور ضرورت کے وقت حجرہ کے طاق سے بسم اللہ کہکر گردے کاک کے یعنی چپاتی جس قدر درکار ہو لے کر اپنے فرزندون اور جسے مطلوب ہو اُن کے صرف مین لایا کرو اُس دن سے خواجہ کی زوجہ ہمیشہ بوقت حاجت اس طاق سے گرما گرم مانڈے برآورد کرکے لوگون کو تقسیم کرتی تھین ظاہرا خواجہ خضر علیہ السلام وہ مائدہ پہونچاتے تھے اب بھی اُسی طرح آن حضرت کے مقبرہ مین روٹیان پکاکر مسافرون اور مجاورون کو دیتے ہین اور ہندی نان تنک کو کاک کہتے ہین اور شیخ نظام الدین اولیا اپنے پیر شیخ فریدالدین شکر گنج سے نقل کرتے ہین کہ خواجہ قطب الدین بختیار نے شروع حال مین قصبہ اوش سے مسافرت اختیار کی اور ایک شہر مین پہونچکر چند روز وہان مقیم ہوئے اور اُس شہر کے باہر ایک مسجد اور ایک مینار تھا اور خواجہ قطب الدین بختیار کو یہ خبر پہونچی تھی کہ جس وقت کوئی شخص گوشہ خالی مین دوگانہ ادا کرے اور آخر شب مین فلان دعا پڑھے حضرت خواجہ خضر علیہ السلام سے البتہ اُسے ملاقات نصیب ہو۔ اِس لیے خواجہ آخر شب کو اُس مسجد مین گئے اور دوگانہ بجالاکر وہ دعا پڑھی جب کسی شخص کو نہ دیکھا مایوس ہوکر مسجد سے برآمد ہوئے جب مسجد کے دروازہ پر پہونچے ایک پیر نورانی چہرہ سے دوچار ہوئے اُس پیر روشن ضمیر نے فرمایا یہان کیا کرتے ہو خواجہ نے حقیقت حال مشروحاً بیان کی پیر نے فرمایا تو دنیا طلب کرتا ہی خواجہ قطب الدین نے فرمایا نہین پیر نے فرمایا کہ کچھ دنیا ضروری ہے کہا نہین کہا پھر تو خواجہ خضر کو کس واسطے طلب کرتا ہی وہ بھی مانند تیرے سرگردان ہی لیکن اس شہر مین ایک مرد ہی وہ حق سبحانہ تعالے سے ایسا مشغول ہی کہ سات مرتبہ خضر اُس کی زیارت کو گئے بار نپایا خلاصہ یہ کہ وہ دونون بزرگوار اس گفتگو مین تھے کہ ایک پیر اور گوشۂ مسجد سے برآمد ہوئے اور پیر اول نے ہاتھ خواجہ قطب الدین کا پکڑکر اُس پیر کی طرف توجہ کی اور کہا یہ مرد نہ دنیا چاہتا ہی اور نہ اس پر کچھ قرض ہی مگر آپ کی صحبت کی آرزو رکھتا ہی خواجہ قطب الدین یہ سنکر نہایت محظوظ ہوئے اور سمجھے کہ پیر اول رجال الغیب مین سے اور پیر ثانی خضر علیہ السلام ہین پھر وہ دونون بزرگوار نظر سے غائب ہوئے اور یہ حضرت نظام الدین اولیا سے منقول ہی کہ سلطان شمس الدین التمش کے دل مین مدت مدید سے یہ آرزو تھی کہ شہر دہلی کے اطراف مین ایک حوض یعنی تالاب بنادون تو خلائق پانی کی عسرت سے نجات پاوے اتفاقاً ایک شب کو شمس الدین التمش خواب مین دیکھتا ہی کہ خواجہ کائنات اور خلاصہ موجودات علیہ وعلی آلہ الصلوات والسلام ایک مقام مین گھوڑے پر سوار ہین اور فرماتے ہین اے شمس الدین اگر تو تالاب بنانے کی نیت

رکھتا ہی تو اس مقام مین جہان مین ایستادہ ہون تالاب تیار کر شمس الدین التمش اس بشارت فیض اشارت سے نہایت خوش ہوا جب خواب سے بیدار ہوا اُس مقام کو کہ حضرت رسالت پناہ نے ارشاد فرمایا تھا خوب ذہن نشین کر کے آدمی خواجہ قطب الدین بختیار کاکی کی خدمت مین بھیجکر یہ پیغام دیا کہ مین نے ایک خواب دیکھا ہی اگر ارشاد ہو تو خدمت مین حاضر ہو کر عرض کرون اور چونکہ یہ امر خواجہ پر مکشوف ہوا تھا جواب دیا مین اُس مقام مین کہ حضرت رسالت پناہ نے تالاب کی تیاری کے بارہ مین ہدایت فرمائی ہی جاتا ہون آپ بہت جلد تشریف لائین جب بادشاہ شمس الدین نے خواجہ کا جواب سنا فوراً گھوڑے پر سوار ہو کر خواجہ کے مکان کی طرف بسبیل استعجال روانہ ہوا اور خادمون نے شمس الدین التمش سے عرض کی کہ شیخ فلان مقام مین تشریف لے گئے ہین شمس الدین بسرعت تمام روانہ ہوا اور خواجہ کو اُس مقام مین مشغول نماز دیکھا اور بعد فراغ نماز شمس الدین التمش خواجہ کی دست بوسی سے مشرف ہوا اور یہ بھی منقول ہی کہ جس مقام مین شمس الدین التمش نے حضرت محمد مصطفےٰ صلے اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم کو سوار دیکھا تھا حضرت کے گھوڑے کے سُم کا نشان ظاہر تھا اور بعد ایک لحظہ کے اُس نشان سے پانی نمود ہوا چنانچہ اُسی مقام مین تالاب تیار کر کے حضرت کے گھوڑے کے نشان سُم پر صفہ اور ایک گنبد تعمیر کیا اور انھین دنون مین اُس حوض سے ایک چشمہ سا رہم پہونچا کہ اب تک وہ چشمہ جاری ہی اور اکثر باغات اُس چشمہ سے سیراب ہوتے ہین اور امیر خسرو دہلوی نے اس حوض اور چشمہ کی تعریف مثنوی قران السعدین مین تحریر فرمائی ہی اور اکثر مشائخ دہلی کے حتی کہ خواجہ قطب الدین بختیار کاکی حوض کے کنارے ذکر حق مین مشغول ہوئے اور کہتے ہین خواجہ قطب الدین بختیار کاکی ایک روز اُس مسجد مین جو لنگر شمس الدین التمش کے پہلو مین تالاب مذکور کے متصل واقع ہی بیٹھے تھے اور شیخ حمید الدین ناگوری اور خواجہ محمود موئینہ دوز اور شیخ بدر الدین غزنوی اور تاج الدین منور اُسی جا حاضر تھے اس اثنا مین حوض کے کنارے ایک شتر سوار کبود پوش چہرہ سپیٹے پیدا ہوا اور اونٹ سے اُتر کر کپڑے اُتار کر حوض مین داخل ہوا اور بعد غسل تالاب سے برآمد ہو کر دو رکعت نماز ادا کی پھر مسجد کی طرف متوجہ ہو کر لوگون کو آواز دی کہ تم کون ہو تاج الدین منور نے جواب دیا کہ ہم درویش ہین اُس نے پھر آواز دی کہ اے تاج الدین منور خواجہ قطب الدین بختیار کاکی کو میرا سلام پہونچا دو کہنا کہ ابو سعید مشقی جو نیازمندی مین مخصوص ہی خواجہ قدس سرہٗ نام ابو سعید مشقی کا سنتے ہی سع درویشان ہمراہی اُن کی ملاقات کو روانہ ہوے جب اُس مقام مین پہونچے کچھ اثر اور نشان نہ دیکھا معلوم ہوا کہ رجال الغیب سے تھا منقول ہی کہ ایک شاعر ناصری تخلص ماوراء النہر سے دہلی مین آن کر خواجہ قطب الدین کے مکان پر وارد ہوا اور آنحضرت کی زیارت سے مشرف ہو کر یہ عرض کی کہ مین نے ایک قصیدہ شمس الدین التمش کی مدح مین کہا ہی امید وار دعا ہون کہ اس کا صلہ خوب پاؤن خواجہ نے سورۂ فاتحہ پڑھکر فرمایا انشاء اللہ تعالیٰ انعام پاوے گا ناصری نے شمس الدین التمش کے دربار مین جاکر وہ قصیدہ پڑھنا شروع کیا کہ جس کا مطلع یہ ہی **بیت**

	اے فتنہ از نہیب تو زنہار خواستہ		تیغ تو مال و فیل ز کفار خواستہ

شمس الدین التمش اُس وقت دوسری طرف متوجہ تھا ناصری نے مضطرب ہوکر خواجہ کو شفیع لاکر بہت چاہی فوراً بادشاہ ناصری کی طرف متوجہ ہوئے اور فرمایا پڑھ بیت

	اے فتنہ از نہیب تو زنہار خواستہ		تیغ تو مال و فیل ز کفار خواستہ

ناصری نے جب دیکھا کہ باوجود مشغولی کے شاہ نے ایکبار مطلع سُنکر یاد رکھا پھر تو خوش ہوکر تمام قصیدہ پڑھا شمس الدین التمش نے فرمایا کہ ایکبار اسے اور پڑھ جب پھر پڑھا پوچھا کہ اس قصیدہ مین کتنے شعر ہین عرض کی ترپن شمس الدین التمش نے حکم کیا کہ ترپن ہزار تنکہ فقرہ ناصری کو دیوین اور ناصری وہ زر خطیر لیکر شیخ کی خدمت مین حاضر ہوا اور عرض کی کہ یہ صلہ حضرت کے انفاس کی برکت سے دستیاب ہوا ہی امیدوار ہون کہ یہ سب روپیہ حاضر ہی اگر سب نہین قبول ہوتا تو اس مین سے نصف فقرا کو تقسیم فرما دین خواجہ نے قبول نہ کیا فرمایا سب مجھے ارزانی ہوا اور منقول ہی کہ ایکدن خواجہ قطب الدین بختیار کاکی خواجہ قطب الدین علی سجستانی کی خانقاہ مین تشریف لے گئے اُس وقت محفل سماع برپا تھی اور قوال یہ بیت گاتا تھا بیت

	کشتگان خنجر تسلیم را		ہر زمان از غیب جانی دیگر است

خواجہ کے مزاج مین ایسا تغیر ظاہر ہوا کہ بیہوش ہوگئے اور قاضی حمید الدین ناگوری اور شیخ بدر الدین غزنوی کہ حاضر تھے خواجہ قطب الدین کو مکان مین لائے اور اُن قوالون کو جو یہ بیت پڑھتے تھے حاضر کرکے اس بیت کی تکرار کا حکم کیا اور خواجہ وجد فرماکر پھر حال مین مستغرق ہوگئے اور تین شبانہ روز یہ حالت رہی اور آنجناب کا تمام اندام اور بند بند نادرست ہوا چنانچہ شب دوشنبہ ربیع الاول کی چودھوین تاریخ سنہ ۶۳۳ چھ سو چونتیس ہجری مین سر مبارک شیخ حمید الدین ناگوری کے زانو پر رکھا اور قدم شیخ بدر الدین غزنوی کی آغوش مین رکھے اتنے مین آپ کی حالت دگرگون ہوئی اُس وقت شیخ حمید الدین ناگوری نے عرض کیا کہ حال مخدوم کا دگرگون ہی خلافت کے بارہ مین کیا ارشاد ہوتا ہی شیخ قطب الدین باوجود اِسکے کہ اولاد اکبر موجود تھی اور اس کے سوا اور مشائخ حاضر تھے فرمایا کہ وہ خرقہ جو مجھے خواجہ معین الدین محمد چشتی سے پہونچا ہی مع مصلائے خاص اور عصا اور نعلین چوبین شیخ فرید الدین گنج شکر کو کہ خلافت سامان اُن کے تعلق رکھتی ہی پہونچاؤ یہ فرمایا اور عالم فنا سے رحلت کی منقول ہی کہ شیخ فرید الدین گنج شکر اُس وقت قصبۂ ہانسی مین متوطن تھے اور جس شب کو خواجہ رحلت کرین گے اُسی دم اُن پر کشف ہوا علی الصباح دہلی کی سمت روانہ ہوئے اور ایک درویش کو کہ شیخ حمید الدین ناگوری نے بعد رحلت خواجہ شیخ فرید الدین گنج شکر کی اطلاع کے واسطے روانہ کیا تھا وہ نصف راہ قصبہ بہہ مین حضرت فرید الدین گنج شکر کی زیارت سے مشرف ہوا اور شیخ حمید الدین ناگوری کا مکتوب حوالہ کیا شیخ فرید الدین گنج شکر اُس کا مضمون پڑھکر مطلع ہوئے وہان سے بسبیل استعجال روانہ ہوئے اور تیسرے دن خواجہ کے مزار پر حاضر ہوکر لوازم زیارت بجالائے اُس وقت شیخ بدر الدین

ناگوری اور شیخ بدرالدین غزنوی نے خرقہ اور مصلا اور عصا اور نعلین چوبین حسب وصیت حضرت کے انھین سپرد کین اور شیخ فریدالدین گنج شکر اسی مصلا کو بچھا کر دو گانہ بجالائے اور خواجہ قطب الدین کے مکان پر جاکر سب کو امر بصبر فرمایا اور ایک ہفتہ وہان رہکر خواجہ کے متعلقون کو سمجھاتے رہے اور حضرت نظام الدین اولیا سے منقول ہی کہ خواجہ قطب الدین بختیار کاکی عید کے روز نماز دو گانہ ادا کرکے ایک مقام مین جہان اُن کی قبر ہی وارد ہوئے اور اُس زمین کو مصفا اور قبر سے خالی دیکھکر ایک لحظہ اُس مقام مین ایستادہ ہوکر متامل ہوئے اور درویش جو حضرت کے ہمراہ تھے اُنھون نے خواجہ سے یہ عرض کی کہ آج روز عید ہی اور ایک خلقت آپ کی ملازمت کی تمنا رکھتی ہی سبب توقف کا کیا ہی خواجہ نے ارشاد کیا کہ مجھے اس زمین سے بوے محبت آتی ہی ایک ساعت تم میرے ساتھ یہان ٹھہرو یہ فرماکر خواجہ نے اس زمین کے مالک کو طلب کیا اور مال حلال سے وہ زمین خرید کرکے اپنے مدفن کے واسطے معین کی اور بعد وفات حسب وصیت لوگون نے آپ کو اُسی قطعہ زمین دفن کیا

ذکر سلطان المشائخ حضرت شیخ فریدالدین مسعود گنج شکر قدس سرہ العزیز کا۔

ابیات

گل گلزار انوار معانی	دُرِ دریاے گنج لامکانی	مئے وحدت زجام عشق خوردہ
قدم در عالم لاہوت بردہ	بملک فقر شاہنشاہ مقصود	فریدالدین ملت شیخ مسعود +

حضرت کے جد امجد مشہور فرخ شاہ ملک کابل کے حاکم تھے اور آپ کے پدر والا گہر شیخ کمال الدین سلیمان سلطان شہاب الدین غوری کی عہد سلطنت مین کابل سے ملتان مین آئے اور بادشاہ نے قصبہ کہوتوال جو ملتان کے قریب ہی آپ کو مرحمت کیا اور کمال الدین سلیمان نے وہان متوطن ہوکر وجیہ الدین خجندی کی بیٹی جو زیور عفت اور حلیہ عصمت سے آراستہ تھی اپنے عقد ازدواج مین لائے اور اُس عفیفہ کے بطن مبارک سے تین فرزند متولد ہوئے بڑے بیٹے کا نام فریدالدین محمود اور منجھلے کا اسم فریدالدین مسعود اور چھوٹے کا حبیب الدین المشہور بہ متوکل تھا اور شیخ فرید مشہور ۵۸۴ھ پانسو چوراسی ہجری مین قصبہ کہوتوال مین پیدا ہوئے تھے کہتے ہین ایک شب کہ شیخ کی والدہ ماجدہ نماز تہجد مین مشغول تھین ایک چور آپ کے مکان مین آیا جب اُس عفیفہ کی نگاہ اُس پر پڑی وہ چور فوراً نابینا ہوا اور چاہا کہ نکل جاوے راہ نہ سوجھی آواز دی کہ مین اس مکان مین چوری کو آیا تھا یہان کون شخص ہی کہ جس نے نور باطن سے اندھا ہوا ہی مین عہد کرتا ہون کہ اگر آنکھین میری روشن ہوجاوین تو عمر بھر چوری نہ کرونگا اور کفر سے اسلام مین داخل ہونگا شیخ کی والدہ نے جب یہ سنا اُس کے بینائی کیواسطے درگاہ مجیب الدعوات مین دُعا کی چنانچہ تیر دعا کا قبولیت کے نشانہ سے مقرون ہوا یعنی وہ چور بینا ہوا اور اپنا راستہ لیا اُس حال سے سوائے اُس رابعہ وقت کے کسی کو خبر نہ تھی چور نے صبح کو شب کا ماجرا اپنے اہل وعیال سے بیان کیا اور ایک ہانڈی دہی کی سر پر لے کر اُن بی بی صاحبہ کی خدمت مین جاکر احوال شب کا بیان کیا

اور عرض کی کہ مین حسب وعدہ حاضر ہوا ہون کہ شرف اسلام سے مشرف ہون یہ کہکر کلمہ شہادت زبان پر جاری کرکے دین اسلام باعتقاد تمام قبول کیا اور نام اس کا عبداللہ ہوا اور مدت عمر خدمت مین مصروف رہا چنانچہ ابتک قبر اُس کی اُسی قصبہ مین ہی اور لوگ اُس کی زیارت سے تبرک پاتے ہین اور شیخ فرید الدین مسعود کے والد اور اُن کے بڑے بھائی اعزالدین کا مزار بھی اُس قصبہ مین موجود ہی اور نقل ہی کہ شیخ اٹھارہ برس کے سن مین قبۃ الاسلام ملتان مین مولانا منہاج الدین ترمذی کی خدمت مین کتاب نافع جو فقہ مین ہی پڑھتے تھے اور کلام اللہ حفظ کرکے رات دن مین ایک بار ختم کرتے تھے اور اُسی مسجد مین رہتے تھے اُن دنون مین ایک بار خواجہ قطب الدین بختیار کاکی نے اُس مسجد مین آن کر دو رکعت نماز پڑھی اور شیخ فرید الدین مسعود گنج شکر کی جو ہین نظر آنحضرت کے چہرۂ نورانی پر پڑی دل سے حضرت کے عاشق ہوئے اور سر آپ کے قدم مبارک پر رکھا خواجہ نے پوچھا کہ تمھاری بغل مین کون کتاب ہی عرض کی کتاب نافع فقہ خواجہ نے زبان مبارک سے فرمایا کہ انشاء اللہ تعالےٰ یہ تمھین نافع ہوگی اور شیخ دست ارادت خواجہ کے دامن مین مستحکم کرکے ملتان مین رہے اکثر اوقات آنجناب کی صحبت مین فیضیاب ہوتے تھے اور جب خواجہ دہلی کی طرف متوجہ ہوئے یہ بھی ہمراہ رکاب روانہ ہوئے خواجہ نے فرمایا بابا فرید اُس ترک تجرید مین بھی چند روز علوم ظاہری کی تحصیل مین مشغول رہ اور بعد اس کے دہلی کی طرف آن کر میری صحبت مین قیام کر بزرگان نے کہا ہی کہ زاہد بے علم مسخ شیطان ہو جاتا ہی۔ بابا فرید دو فرسخ صحبت سے تین منزل ہمراہ گئے بعد اس کے رخصت ہوئے اور اپنے پیر کے حکم کے موافق اندھار مین جاکر پانچ برس علوم تحصیل کیے من بعد شیخ الشیوخ شیخ شہاب الدین عمر سہروردی اور شیخ سیف الدین خضری اور شیخ سعید الدین حموی اور شیخ بہاء الدین زکریا اور شیخ اوحد الدین کرمانی اور شیخ فرید الدین محمد عطار نیشاپوری کی شرف ملازمت مین مشرف ہوکر ہر ایک سے ایک فیض حاصل کیا اور شیخ خضری نے اُن سے فرمایا کہ اے فرزند جب تو اس راہ مین سب سے بیگانہ ہوگا تب خدا سے یگانہ ہوگا بیت

تا خانۂ دل خالی از اغیار نیائی	بام و در این خانۂ پر از یار نیائی

اور شیخ سعید الدین حموی اور شیخ بہاء الدین زکریا ان سے یہ ارشاد کرتے تھے کہ اے فرزند پردہ پوشی درویشی ہی نہ خرقہ پوشی اور خرقہ پوشی اس شخص کو حق ہی جو برا اور مسلمان کا عیب چھپائے اور خواجہ قطب الدین بختیار کاکی نے اُن سے فرمایا کہ اے بھائی جب تک اس راہ مین دل سے نہ چلیگا قدم سیدھا نہ پڑے گا اور بے چشم نہ ہوگا تب تک مقام قرب مین نہ پہونچے گا اور یہ رباعی شیخ فرید الدین مسعود گنج شکر کے نتائج انفاس متبرکہ سے ہے رباعی

گیرم کہ بہ شب نماز بسیار کنی	در روز دوائے شخص بیمار کنی
تا دل نہ کنی ز غصہ و کینہ تہی	صد خرمن گل بر سر یکجا رکنی

کہتے ہین کہ شیخ فرید جب سفر سے مراجعت کرکے خواجہ قطب الدین بختیار کاکی کی زیارت کو دہلی مین آئے خواجہ اُن کے آنے سے نہایت محظوظ اور مسرور ہوئے اور غزنین کے دروازے کے قریب اُن کے

واسطے ایک حجرہ معین فرمایا اور اُن کی تربیت اور تہذیب مین مشغول ہوئے اور بابا فرید قدس سرہ برخلاف دوسرے مریدون مثل بدرالدین غزنوی و شیخ احمد نہروالی کے دو ہفتہ بعد حضرت قطب صاحب کی زیارت کو حاضر ہوتے اور وہ لوگ اکثر اوقات خواجہ کی خدمت مین رہتے تھے اور جب شیخ کا شہرہ حد سے زیادہ ہوا اور خلقت ہجوم لاکر آنحضرت کی اوقات کے مزاحم حال ہوئی آپ خواجہ سے رخصت ہوکر قصبہ ہانسی مین گئے اور اُس مقام مین سکونت کرکے خواجہ کے بعد انتقال دہلی مین آئے اور خواجہ کی خرقہ اور عصا اور مصلا سے اختصاص پاکر خواجہ کی خانقاہ مین استقامت فرمائی لیکن بعد ایک ہفتہ کے جمعہ کے روز بہ نیت نماز خانقاہ سے برآمد ہوتے تھے کہ ایک مجذوب سربرہنگا نام جو ہانسی مین اکثر شیخ کی صحبت مین مشرف ہوتا تھا دہلیز خانہ مین ایستادہ تھا دوڑکر اُس نے حضرت کے پاؤن کا بوسہ لیا اور گریان اور نالان ہوکر عرض کی کہ مین آپ کی مفارقت مین بے طاقت ہوکر ہانسی سے آیا ہون اور اُس ملک کے باشندے آپ کا اشتیاق ملازمت حد سے زیادہ رکھتے ہین شیخ نے جب یہ کلام سُنا اور خلائق کے ہجوم سے بھی شکایت رکھتے تھے فرمایا کہ یہ نعمت مجھے خواجہ سے پہونچی ہی یہان رہا تو کیا وہان رہا تو کیا یہ فرمایا اور خواجہ کے صاحبزادون سے مرخص ہوکر ہانسی کی سمت روانہ ہوئے جب وہان بھی خلق کا ہجوم زیادہ ہوا شیخ جمال الدین ہانسوی کو خرقہ تبرک دیکر اُس مقام مین چھوڑا اور خود بدولت نے یہ ارادہ کرکے کہ مین اب کی مرتبہ ایسی جگہ جاؤن کہ کوئی مجھے نہ پہچانے مسافرت اختیار کی اور جب قصبۂ اجودھن مین کرنی الحال بہ پٹن شیخ فرید مشہور ہی اور دیپالپور کے قریب واقع ہی پہونچے دیکھا کہ وہان کے آدمی بیشتر کج خلق اور بدمزاج ہین اور زاہد اور عالم سے کچھ غرض نہین رکھتے ہین اس واسطے وہان اقامت کرکے مشغول بحق ہوئے اور شیخ نصیرالدین محمود اودھی سے منقول ہی کہ شیخ اُس قصبہ مین ایک بی بی صالحہ کو اپنے عقد نکاح مین لائے اور جب آفریدگار عالم نے فرزند کرامت فرمائے مسجد جامع کے قریب ایک حویلی اپنے اہل و عیال کے رہنے کو تعمیر کی اور خود اکثر اوقات اُس مسجد مین بعبادت خدا البسر لیجاتے تھے لیکن جب آوازہ آپ کی شیخوخت کا اطراف واکناف مین منتشر ہوا گوشہ گیری نے فائدہ نہ بخشا طالبان حق رجوع ہوئے اور شیخ بہ ناچاری و مجبوری خاص و عام سے بلطف تمام پیش آتے تھے اور اُنسے یہ فرماتے تھے جو تم مجھپر توجہ فرماتے ہو تو ایک کام کرو جدا جدا آیا کرو تو نظر علیحدہ علیحدہ حاصل کرو اور کہتے ہین اجودھن کے قاضی نے وفور حسد سے دروازہ خصومت کا کھولا اور سپاہی اور جاگیردار وہان کے قاضی کے اغوا سے شیخ کے فرزندون کو مزاحمت پہونچاتے تھے اور شیخ ہرگز ملتفت نہوتے تھے کہ وہ کیا کرتا ہی اور آپنر کیا گذرتی ہی یہانتک کہ قاضی نے ملتان کے اعیان اور صدور کو لکھا کہ جو شخص اہل علم سے ہو اور وہ مسجد مین قیام کرکے راگ سنے اور رقص کرے اُسکے بارہ مین شرعاً کیا حکم ہی اُنھون نے درجواب لکھا کہ تم پہلے اس شخص کا نام لکھو کہ وہ کون ہی تو ہم فتوی لکھین قاضی نے نام شیخ فریدالدین گنج شکر کا قلمی کیا ملتان کے عالمون نے جب شیخ کا اسم شریف سنا قاضی سے نہایت رنجیدہ ہوئے اور لکھا تو نے ایسے درویش کا نام لکھا ہی کہ مجتہدین کو مجال نہین کہ اُس کے قول پر اعتراض

کرین لیکن قاضی باوجود اِس حال کے اپنی حرکت سے باز نہ آیا جب فرصت پاتا تھا باتفاق جاگیرداروں کے آنجناب کے فرزندوں کو ایذا پہونچاتا تھا اور فرزند جب حضرت سے شاکی ہوتے تھے شیخ اُن سے فرماتے تھے جو ظلم چاہین کرین خود ہی ان سے انتقام لیا جائیگا لکھا ہی کہ چند روز گذرے تھے کہ دشمن متفرق اور پریشان ہوئے اور باقی ماندگان نے شیخ کے فرزندوں کی اطاعت اور محبت اختیار کی اور شیخ نظام الدین اولیا سے منقول ہی کہ شیخ فریدالدین مسعود گنج شکر کی یہ عادت تھی کہ نماز کے بعد قریب دو ساعت سر خاک نیاز پر رکھکر ساتھ حق کے مشغول ہوتے تھے اور جاڑے کے موسم مین مریدون سے پوستین حضرت پر ڈالتے تھے شیخ نظام الدین اولیا فرماتے ہین کہ ایک دن میرے سوا مریدون مین کوئی نہ تھا کہ ایک قلندر رحم پوش حلقہ بگوش آیا اور باواز بلند ہر طرح کے رطب و یابس کہنے شروع کیے شیخ نے حالت سجود مین فرمایا کہ یہان کوئی موجود ہی مین نے عرض کی آپ کا غلام نظام الدین حاضر ہی پھر فرمایا میرے قریب ایک قلندر ایستادہ ہی مین نے عرض کی ہان پھر فرمایا زنجیر کمر پر رکھتا ہی مین نے کہا ہان پھر ارشاد کیا حلقہ سفید کان مین رکھتا ہی مین نے عرض کی پہنے ہی الحاصل جب مین اُس پر نظر کرتا تھا اُس کا رنگ تبدیل اور متغیر ہوتا تھا شیخ نے پھر حالت سجدہ مین فرمایا کہ اے نظام الدین وہ ایک چھری برہنہ کمر مین رکھتا ہی اُس سے کہو کہ فضیحت نہو یہان سے دفع ہو قلندر یہ سنتے ہی بھاگ گیا اور کہتے ہین اجودھن کے قاضی نے زرخیرہ اُس قلندر کو دے کر شیخ کی شہادت پر راضی کیا تھا کہ عین سجدہ مین آنجناب کو شہید کرے اور شیخ نظام الدین رح سے منقول ہی کہ ایک روز شیخ فرید سجادہ پر بیٹھے تھے اور اسی طور سے ایک قلندر نے آن کر باواز درشت کہا کیا تونے خود آرائی کی ہی اور خلق کو اپنی پرستش کو چھوڑا ہی شیخ نے جواب دیا مین نے نہین کی خدائے تبارک و تعالےٰ نے کی ہی کس واسطے کہ کوئی شخص سوائے خدائے تعالےٰ کے اپنے تئین الیعانہین بنا سکتا قلندر شیخ کے حسن خلق پر ثنا خوان ہوکر معتقد ہوا اور شیخ نصیرالدین محمود اودھی اپنے پیر شیخ نظام الدین اولیا سے نقل کرتے ہین کہ ایک درویش گدڑی پہنے ہوئے شیخ کے پاس آیا شیخ نے اُسے کچھ دے کر رخصت کیا اس نے ایستادہ ہوکر کنگھی جو شیخ نے کنگھی دان سے برآوردہ کرکے مصلے پر رکھی تھی طلب کی اور شیخ نے اُس کنگھی کو جو مدت سے استعمال مین لائے تھے اُسے حقیر جان کر اُس کو جواب دیا اور درویش بے شرم نے باواز بلند کہا ای شیخ اگر تو یہ کنگھی مجھے دے تو تجھے برکت تمام حاصل ہو شیخ نے فرمایا جا اس سے زیادہ میرا مزاج حال نہو تجھے اور تیری برکت کو مین نے آب رواں مین ڈالا قصہ کوتاہ فقیر عازم سفر ہوا جب اُس چشمہ پر جو قصبہ اجودھن کے باہر جاری ہی پہونچا اور کپڑے اتار کر غسل کے واسطے دریا مین در آیا ایسا بحر فنا مین ڈوب کر غوطہ لگایا کہ پھر کسی نے اس کا نشان نپایا کہ کیا ہوا اور راویون نے روایت کی ہی کہ قصبہ اجودھن کے حاکم نے قاضی کے وسوسہ سے شیخ کے فرزندون پر سختی حد سے زیادہ تر کی ایک دن شیخ کے بڑے صاحبزادے نے آزردہ ہوکر باپ سے عرض کی کہ آپ کی بزرگی سے ہمین یہ فائدہ پہونچا ہی کہ حاکم کی طرف سے رات دن غم و الم مین رہتے ہین شیخ یہ کلام سنکر آزردہ ہوئے

اور عصا جو ہاتھ مین رکھتے تھے اُٹھاکر زمین پر مارا اُسی دم حاکم درد شکم مین گرفتار ہوا اور کہا مجھے شیخ کے مکان پر لے چلو ابھی حضرت کے مکان پر نہ پہونچا تھا کہ طائر روح اس کا اثنائے راہ مین قفس تن سے پھڑک کر نکل گیا اور نقل ہی کہ اجودھن مین ایک عامل محرر تھا وہان کا حاکم اُس پر جور و تعدی کرتا تھا وہ شیخ کے پاس پناہ لایا اور التماس دعا کی شیخ نے پہلے اپنا خادم حاکم کے پاس بھیجکر پیغام کیا کہ اِس درویش کی منت کے سبب ہاتھ اس عامل درویش کے ظلم سے کوتاہ کر و حاکم نے شیخ کے فرمانے پر کچھ التفات نہ کی بلکہ جور و جفا زیادہ تر کرنے لگا محرر نے پھر شیخ کی خدمت مین حاضر ہوکر حقیقت حال بیان کی شیخ نے ارشاد کیا کہ مین نے تیری سفارش حاکم سے کی تھی لیکن اُس نے قبول نہ کی اِس صورت مین معلوم ہوتا ہی کہ شاید کسی مظلوم نے قبل اِس کے تیرے پاس بھی داد خواہی کی تھی اور تو نے نہ سنی محرر اُٹھا اور عرض کی کہ مین صدق دل سے توبہ کرتا ہون کہ من بعد کسی کو نہ ستاؤن گا اگرچہ دشمن بھی ہو منقول ہی کہ اُسی وقت حاکم نے اُسے طلب کرکے خلعت اور گھوڑا مرحمت فرمایا اور اُس کی تقصیر معاف کی اور خود شیخ کی خدمت مین حاضر ہوا اور اُس بے ادبی سے استغفار کی اور مصنف فرماتے ہین کہ مین نے کتاب سیر المشائخ مین دیکھا ہی کہ ایک جوان وجیہ شہر دہلی سے شیخ کی زیارت کے واسطے قصبۂ اجودھن کی طرف متوجہ ہوا اثنائے راہ مین ایک مطربہ یعنے ارباب نشاط سے دیکھکر عاشق ہوئی اور وصل کی تدبیرین کرنی لگی اور جب اُس جوان نے اُسکی طرف کچھ التفات نہ کی ہمراہی اختیار کرکے ہر لحظہ اور ہر ساعت سرگرم ناز و کرشمہ ہوتی تھی خلاصہ یہ کہ ایک روز کسی تقریب سے دونون ایک جہل پر سوار ہوئے مطربہ نے اس قدر غمزہ اور عشوہ جوان سے کیے کہ جوان کو بھی کچھ خواہش اُسکی طرف ہوئی اور چاہا کہ ہاتھ دراز کرے اُس حال مین ایک مرد آیا اور طپانچہ اُس کے منہ پر مارا اور یہ بات کہی کہ شیخ کی خدمت مین بقصد توبہ وانابت جاتا ہی اور دل فسق و فجور مین باندھتا ہی یہ کہکر غائب ہوا اور جوان متنبہ ہوکر مطربہ کے وصل سے باز رہا اور جب شیخ کی خدمت مین پہونچا شیخ نے فرمایا اے جوان تو نے مطربہ کی طرف میل کیا تھا حق سبحانہ تعالےٰ نے اپنے فضل و کرم سے نگاہ رکھا جوان نے یہ کلام سنکر شیخ کے قدم پر سر رکھا اور باعتقاد تمام مرید ہوا اور نقل ہی کہ شیخ فریدالدین مسعود گنج شکر کے ایک مرید تھے انکین خلقت محمد شہ غوری کہتی تھی اور وہ مرد صادق اور پرہیزگار تھے ایک وقت وہ نہایت متحیر شیخ کی خدمت مین حاضر ہوئے شیخ نے پوچھا کہ اے محمد شہ تجھے کیا پیش آیا ہی جو تو اسقدر پریشان خاطر ہی اُس نے عرض کی کہ میرا بھائی شدت مرض سے قریب ہلاکت ہی معلوم نہین ہوتا کہ مین اُسے جاکر زندہ دیکھون شیخ نے فرمایا مین تمام عمر درگاہ الٰہی مین اسی طرح مخزون رہتا ہون جیسا تو اِس وقت محزون و مغموم ہی لیکن کسی سے اظہار نہین کرتا اپنے گھر جا انشاء اللہ تعالےٰ تیرے بھائی نے شفاے کامل پائی ہی محمد شہ غوری جب مکان مین آیا اپنے بھائی کو دیکھا کہ صحیح و سالم بیٹھا ہوا کھانا کھاتا ہی اور کسی طرح کی زحمت اور علالت نہین رکھتا اور شیخ نصیرالدین محمود اودھی اپنے پیر سے بے نظیر سے نقل کرتے ہین کہ ایک وقت شیخ فریدالدین مسعود گنج شکر کو ایک مرض سخت لاحق ہوا یہان تک کہ آپ نے چند روز آپ و طعام کی طرف مطلق رغبت

نہ کی آپ کے بھائی برادرون اور دوستون نے اطبائے حاذق کو طلب کرکے نبض وقارورہ دکھایا انھون نے جواب دیا کہ یہ مرض ہماری تشخیص مین نہین آتا کہ شیخ کس زحمت مین متبلا ہین یہ کہکر وہ رخصت ہوئے دوسرے دن مرض نے اور زیادہ شدت کی شیخ نظام الدین اولیا فرماتے ہین کہ اس وقت شیخ نے مجھے اور اپنے فرزند شیخ بدرالدین سلیمان کو طلب فرمایا اور مشغولی حق کے واسطے اشارہ کیا اور جب رات ہوئی ہم حکم کے موافق ساتھ حق کے مشغول ہوئے اُس رات کو شیخ بدرالدین سلیمان نے خواب مین دیکھا کہ ایک پیر مرد فرماتے ہین کہ تیرے باپ پر سحر کیا ہی شیخ بدرالدین سلیمان نے پوچھا کس نے سحر کیا ہی پیر نے فرمایا شہاب الدین ساحر کے فرزند نے چونکہ شہاب الدین نامے ساحر ایک شخص قبیلۂ اجودھن مین نہایت مشہور تھا شیخ بدرالدین سلیمان نے اُٹھے پھر یہ سوال کیا کہ یہ سحر کیونکر دفع ہوگا پیر نے کہا کہ ایک شخص شہاب الدین ساحر کی قبر پر بیٹھکر یہ کلمات پڑھے اور وہ کلمات کہ پیر نے خواب مین تلقین کیے تھے شیخ بدرالدین سلیمان کو یاد رہے یہ ہین ایہا المقبور المبتلا علم ان ابنک قد سحر فلانا فعلیہ ان یکیف باسہ والا یتحق بہ مالحق بنا اسکا ترجمہ یہ ہی کہ ای قبر مین گئے ہوئے مصیبت مین مبتلا جان کہ تیرے بیٹے نے فلان شخص پر سحر کیا ہی پس اُس سے کہدے کہ باز رکھے اپنے شر کو ورنہ اُسے پہونچیگا جو کچھ ساتھ ہمارے پہونچتا ہی اور فجر کو شیخ بدرالدین سلیمان نے اپنے مریدون کے بالتفاق باپ کی خدمت مین جاکر رات کا واقعہ جو خواب مین نظر آیا تھا عرض کیا شیخ نے میری طرف متوجہ ہوکر فرمایا کہ اس کلمات کو یاد کرکے شہاب الدین ساحر کی قبر تلاش کرو اور پیر کی حسب فرمائش عمل مین لاؤ مین شہاب الدین ساحر کی قبر تلاش کرکے وہان گیا اور اس کی قبر پر بیٹھکر کلمات مذکورہ پڑھے اور جو اس کی قبر نخیت تھی اور ایک مقام پر اُس کے کچھ مٹی افتادہ تھی مین نے ملہم غیبی کے اشارہ سے اُسے کھودا ناگاہ اس مین سے ایک پتلا آٹے کا برآمد ہوا اور اُس پتلے کے جسم مین جابجا سوئیان چبھوئین تھین اور گھوڑے کی دُم کے بال اس صورت پر محکم باندھے تھے مین اسی طریق سے اُس پتلے کو شیخ کے روبرو لایا اور اُس جناب کے حکم سے وہ سوئیان نکالنے اور بال کھولنے مین مشغول ہوا جون جون سوئیان اُس پتلے کے جسم سے برآمد ہوتی تھین اور بال کھلتے تھے شیخ کو ایک راحت اور صحت معلوم ہوتی تھی جب سوئیان برآمد ہوچکین اُس وقت اُس پتلے کو شیخ کے اشارہ کے بموجب توڑکر آب روان مین پھینک دیا اور اس کے بعد یہ خبر اجودھن کے حاکم کو پہونچی شہاب الدین ساحر کے فرزند کو گرفتار کرکے شیخ کی خدمت مین روانہ کیا اور یہ پیغام دیا کہ یہ شخص واجب القتل ہی اگر حکم ہو آپ کے قصاص مین اُس کی گردن ماردون شیخ نے سفارش کی اور فرمایا کہ جو حکیم علی الاطلاق نے مجھے صحت کرامت فرمائی مین نے اُس کے شکریہ مین اس کا گناہ معاف کیا اور تم بھی اُس کی خطا بخشو نقل ہی شیخ نظام الدین اولیا سے کہ ایک روز مین شیخ کی خدمت مین بیٹھا تھا کہ پانچ درویش ولایت ترکستان سے سیر کنان اجودھن مین پہونچے وہ سب فقیر کج خلق اور منہ پھٹ تھے شیخ کے پاس آن کر یون گویا ہوئے کہ ہم تمام جہان مین پھرے کوئی درویش ایسا کہ جس کی ہمین تلاش ہی نہین ملا مدعی خودغرض دنیا دار بہت ہین شیخ نے فرمایا کہ تم ایک ساعت توقف کرو مین تمھین ایک درویش دکھاؤن انھون نے قبول کیا اور اٹھ کھڑے ہوئے

شیخ نے فرمایا اگر جاتے ہو تو خبردار فلان راستہ سے نہ جانا انھون نے شیخ کے فرمانے پر التفات نہ کی اور جان بوجھکر اُسی راہ ممنوع کی سمت روانہ ہوئے یہ امر دیکھکر شیخ نے آبدیدہ ہوکر انا للہ وانا الیہ راجعون پڑھا بعد چند روز کے خبر پہونچی کہ پانچون آدمیون کو باد سموم یعنے لون نے مارا چار فوراً مر گئے اور ایک شخص اُن مین سے ایک کنوئین پر پہونچا اور اس قدر پانی پیا کہ وہ بھی ہلاک ہوا اور کتاب خیر المجالس مین نظام الدین اولیا سے منقول ہی کہ ایک طالب العلم مسمی نصیر الدین شیخ کی خدمت مین حاضر ہوئے اور وہ رعونت سے خالی نہ تھے ایک دن ایک جوگی جماعت خانہ مین پہونچا نصیر الدین نے اُس سے پوچھا کہ سر کے بال کس چیز سے دراز ہوتے ہین اور جو مشایخ اُس زمانہ کے سر کے بال نہایت مکروہ جانتے تھے ہمیشہ منڈواتے تھے اور موے دراز کے بارہ مین حدیث تحت کل شعرۃ جنابۃ نقل کرتے تھے اس وجہ سے شیخ نظام الدین کو نصیر الدین کی وہ بات گران گذری اور انھین دنون مین خواجہ وجیہ الدین خواجہ معین الدین سنجری قدس سرہ کے نواسہ شیخ کے پاس اجودھن مین آئے اور بیعت کے طالب ہوئے اور اپنے سر کے بال ترشوانے کی التماس کی شیخ فرید نے فرمایا کہ مین آپ کے خانوادہ عظیم الشان کے مائدہ فیض سے ایک ریزہ روٹی کا بھیک مانگ لایا ہون منافی ادب ہی کہ مین آپ کو دست بیعت دے کر مرید کرون خواجہ وجیہ الدین نے عرض کیا کہ آپ کا مثل اس زمانی مین کہان ہی کہ اس کی خدمت مین جاکر سعادت دارین حاصل کرون اور مین اس بارہ مین بجد ہون آپ کا دامن نہ چھوڑون گا شیخ نے جب انھین نہایت مصر دیکھا اُس منبع اخلاص کو خرقہ خاص دیکر سرفراز فرمایا اور سر کے بال ترشوائے اور اُسی عرصہ مین نصیر الدین متعلم بھی کہ درازی بال کے مقید تھے انھون نے بیعت کرکے سر کے بال دور کیے اور بجو بضاعت اور متاع تجارت کے واسطے رکھتے تھے درویشون کے صرف مین لائے اور شیخ کی توجہ سے فقر اختیار کیا اور کتاب خیر المجالس ملفوظ شیخ نصیر الدین محمود اودھی مین مسطور ہی کہ ایک دن شیخ اپنے حجرہ مین بلکہ حق مشغول تھے ایک قلندر نے آن کر شیخ کی گلیم پر اجلاس کیا اور مولانا بدر الدین اسحق نے تھوڑا طعام حاضر کیا قلندر نے کھانا تناول کرکے کہا کہ مین شیخ کے دیکھنے کی تمنا رکھتا ہون جواب دیا کہ اُس وقت شیخ ذکر حق مین مشغول ہین کوئی اُس وقت شیخ کی خدمت مین جا نہین سکتا قلندر نے اُس وقت اپنی جھولی مین سے گیارہ سبز کہ وہ تو م ساتھ اُس کے منسوب ہی نکال کر کجکول مین ڈال کر اُس کے گھوٹنے مین مشغول ہوا چنانچہ اس مین سے کسی قدر شیخ کے کمل پر جس پر وہ بیٹھا تھا گری مولانا بدر الدین نے اُس سے یہ بات کہی کہ اے درویش بے ادبی حد سے زیادہ نچا ہے یہان سے اُٹھکر علیحدہ بیٹھو یہ سنتے ہی قلندر طیش مین آن کر کجکول اُٹھا کر مولانا بدر الدین اسحق کو مارا چاہتا تھا کہ شیخ نور باطن سے دریافت کرکے حجرہ سے برآمد ہوئے اور قلندر کا ہاتھ پکڑ کر منت تمام کہا کہ آپ یہ گناہ میرے کہنے سے بخشین قلندر نے جواب دیا کہ اول فقیر ہاتھ نہین اُٹھاتے اور جب اُٹھاتے ہین جب تک کسی کے ماتھے نہین جاتی نہین آتارتے ہین شیخ نے کہا اس دیوار پر اُتار دے اس فقیر

۱۲ منہ

نے کجکول دیوار پر کہ نہایت محکم تھی مارا وہ دیوار فوراً گر پڑی اس وقت قلندر سرنگون ہوکر عرض نیاز کرکے رخصت ہوا اور شیخ فرید نے خواجہ بدرالدین اسحٰق سے متوجہ ہوکر فرمایا کہ لباس عام مین خاص بھی ہوتے ہین اور وہ گھاس کہ اُس نے گھوڑی تھی شاید وہ نہو کہ قلندر استعمال کرتے ہین اور شاید اُس نے امتحان کے واسطے نکالکر گھوڑی ہو اور نقل ہی کہ یہ مولانا بدرالدین اسحٰق بخارا کے رہنے والے تھے اور علم معقول ومنقول سے خوب واقف تھے کہ آپ کا مثل نہ تھا دہلی مین مدرسہ غزنی مین درس دیتے تھے اور درویشون سے اعتقاد نہ رکھتے تھے اور اُن سے اور اُن کے ہمعصرون سے کئی مسائل مشکل حل نہ ہوتے تھے بخارا کی طرف متوجہ ہوئے اور جب اجودھن مین پہونچے اُن کے ہمراہی شیخ فرید کی زیارت کے واسطے عازم ہوئے اور مولانا سے عرض کی کہ آپ بھی ہمارے ساتھ شیخ کی زیارت کو تشریف لیچلین نہایت احسان ہوگا انھین جواب دیا کہ تم جاؤ ہم نے ایسے شیخ بہت دیکھے ہین ایسی لیاقت نہین رکھتے کہ کوئی شخص اُن کی صحبت مین اپنی اوقات ضائع کرے لیکن رفقا مصر ہوکر انھین بھی ہمراہ لے گئے اور شیخ فریدالدین مسعود گنج شکر نے اُس مجلس مین اُن کی تمام مشکلات حل فرمائین اور مولانا بدرالدین اسحٰق نے وہ حالت مشاہدہ کرکے عزیمت بخارا ترک کی اور شیخ کے ایسے معتقد ہوئے کہ ہر روز ایک پشتارہ لکڑیون کا اپنے سر پر رکھکر شیخ کے مطبخ مین صحرا سے لاتے تھے اور دن بدن ایک فیض حاصل کرتے تھے آخرالامر شیخ اپنی بیٹی مولانا کے حبالۂ نکاح مین لائے اور اپنی دامادی سے انھین مشرف کیا اور یہ بھی شیخ نصیرالدین سے منقول ہی کہ قصبۂ اجودھن سے چار کوس کے فاصلہ پر ترک قتالی حاکم تھا اور اُسکے پاس ایک شاہین تھا کہ وہ ہرن کے بچے اور کلنگ کا شکار کرتا تھا اور حاکم اُسے نہایت دوست رکھتا تھا اور میر شکار کے سپرد کرکے یہ تاکید کی تھی کہ خبردار تو میری غیبت مین کسی جانور پر نہ چھوڑنا مبادا پرواز کرے اور پھر دستیاب نہو دے قضارا وہ میر شکار اپنے ایک احباب کو لے کر ایک موضع کی طرف سوار جاتا تھا اس اثنا مین کئی کلنگ دکھائی دیے اور اُس کے دوستون نے شاہین چھوڑنے کی تکلیف دی اور یہ بات کہی کہ ہم دس بارہ سوار ہین اور گھوڑے چالاک اور راہوار رکھتے ہین اسے کسی طرف جانے نہ دینگے اور جب مبالغہ حد سے گذرا میر شکار نے ناچار ہوکر اُسے اُڑایا ناگاہ کلنگ ایک طرف پرواز کر گئی اور باز ایک سمت پرواز کرکے ایسا بلند ہوا کہ نظر سے غائب ہوا ہر چند تلاش کی عنقا کی طرح اُس کا کہین نشان نہ ملا میر شکار ترک کے قہر وسیاست کے خوف سے گریان اور چاک گریبان ہوکر ہزار منت اجودھن مین پہونچا اور اس طرح سے کہ جیسے کسی کا جوان بیٹا مرجاتا ہی جزع فزع کرتا ہوا شیخ کی خدمت مین حاضر ہوا اور ماجرا عرض کیا اور یہ بھی کہا کہ اگر باز مجکو دستیاب نہوگا تو ترک مجھے زندہ نہ چھوڑے گا اور میرے زن وفرزند کو قید کریگا شیخ کو اُسکے حال پر رحم آیا اور اُسکے واسطے کھانا موجود کرکے فرمایا کہ اسے تناول کر خدا کریم ہی شاید کہ باز تیرا دستیاب ہووے یہ کلام ابھی تمام نہوا تھا کہ شاہین آن کر ایک درخت پر بیٹھا اور میر شکار اُسے دستیاب کرکے نہایت خوش ہوا اور شیخ کا ممنون احسان ہوکر گھوڑا اپنی سواری کا پیش

کیا شیخ نے مسکرا کر فرمایا گھوڑا تجھے پُر ضرور ہی تو اُسپر سوار ہوکر شاہین اپنے صاحب کو پہونچا اور جو کچھ تجھے میسر ہو خدا کی راہ مین فقیر ونکو دے خلاصہ یہ کہ میر شکار نے شاہین اپنے صاحب کو دیکر جو کچھ مال دینوی سے رکھتا تھا فقر اکو دے کر نوکری ترک کی اور شیخ کا مرید ہوا اور شاہین کا مالک بھی باز کے گم ہونے کا قصہ شکر شیخ کی ملازمت مین حاضر ہوا اور شیخ نصیر الدین محمود اودھی نے نقل کی ہی کہ قصبہ اجودھن کے اطراف مین ایک موضع تھا اور اُس موضع مین ایک روغن فروش مسلمان رہتا تھا جب دیپالپور کے داروغہ نے کسی سبب سے اُس موضع پر چڑھائی کرکے تاراج کیا اور لوگون کے زن و فرزند اسیر ہوئے روغن فروش کی عورت کہ بہت جمیلہ تھی اسیر ہوئی اس سبب سے روغن فروش گریان با سینۂ بریان ہر طرف اُسکی تلاش مین دوڑا جب کہین اُسکا سراغ نہ ملا پریشان اور بدحواس شیخ کی خدمت مین آن کر عرض حال کی شیخ نے ایک لحظہ تامل کرکے فرمایا کہ تو تین دن یہان رہ دیکھ حق سبحانہ تعالےٰ پردۂ غیب سے کیا ظہور مین لاتا ہی پھر روغن فروش کے روبرو کھانا حاضر کرکے شکم سیر کھلایا دوسرے دن ایک محرر کو کسی مقام سے قید کرکے اجودھن مین لائے وہ محافظون کو موافق کرکے شیخ کی خدمت مین حاضر ہوا اور اپنی سرگذشت بیان کی اور التماس دعا کی شیخ نے ارشاد کیا کہ اگر حق تعالےٰ تجھے رہا کرے اور حاکم تجھپر نظر شفقت اور عنایت کی مبذول فرماوے کیا شکرانہ بجالاویگا اُسنے عرض کی کہ مین جو کچھ نقد و جنس رکھتا ہون پیشکش کرون گا شیخ نے فرمایا یہ سب مال مین نے تجھے معاف کیا ایک عہد کر وہ یہ ہی کہ داروغہ تجھے بعد خلعت کے ایک کنیز دے گا تو اس کنیز کو اس روغن فروش کے حوالہ کرنا محرر نے شیخ کا فرمان بصدق دل قبول کیا اور روغن فروش سے یہ بات کہی کہ تو میرے ہمراہ چل روغن فروش نے رو کر یہ کہا یا شیخ ابھی مجھے یہ مقدرت حاصل ہی کہ دس لونڈیان خرید کرون لیکن مین اپنی زوجہ پر شیفتہ بلکہ عاشق زار ہون شیخ نے تبسم کرکے فرمایا بھلا تو اس محرر کے ہمراہ جا دیکھ خدا کیا کرتا ہی ناچار وہ گیا اور مکان کے دروازہ پر غمگین بیٹھا محرر کو جب داروغہ کے سامنے لے گئے بغیر فہمید محاسبہ اُسنے خلعت اور گھوڑا دے کر رخصت کیا اور پیچھے سے ایک کنیز حسین مہ جبین بھی بھیجی محرر نے وہ لونڈی جس طرح سے برقع پوش آئی تھی روغن فروش کے پاس بھیجی اور یہ پیغام دیا کہ یہ حق تیرا ہی اس عورت کی جو ہین نظر خاوند پر پڑی برقع دور کرکے دوڑی اور دونون شادان و فرحان شیخ کی خدمت مین حاضر ہوئے اور سر ان کے قدم مبارک پر رکھکر مرید ہوئے اور حضرت شیخ فرید الدین کہ ملقب بہ گنج شکر ہین اس لقب کے بارہ مین بہت روایتین گوش زد ہوئی ہین لیکن تاریخ حاجی محمد قندھاری مین یون مسطور ہی کہ جن دنون مین شیخ دہلی مین خواجہ قطب الدین بختیار کاکی کی ملازمت مین رہتے تھے اور غزنین دروازے کے قریب مسکن رکھتے تھے ایک روز برسات کے موسم مین راستون مین نہایت کیچڑ تھی پیر کے دیکھنے کا اشتیاق غالب ہوا پانؤن مین نعلین چوبین پہنکر شیخ کی خانقاہ کی سمت متوجہ ہوے اور جو کہ سات دن گذرے تھے کہ شیخ فرید نے روزہ کے سبب سے کچھ تناول نہ فرمایا تھا ضعف نہایت غالب تھا اثنائے راہ مین آپ کے پانؤن نے لغزش کی کیچڑ مین گر پڑے یہان تک کہ قدمے

مٹی آپ کے دہن مبارک مین داخل ہوئی حکم خدا سے وہ شکر ہوگئی اور جب شیخ اپنے پیر کی خدمت مین پہونچے انھون نے فرمایا اے فرید تھوڑی مٹی تیرے دہن مین پہونچکر شکر ہوئی کیا تعجب ہی جو قادر ذوالجلال نے تیرے تمام جسم کو گنج شکر کیا ہو اور وہ اپنے فضل وکرم سے ہمیشہ تجھے شیرین رکھے گا شیخ نے شکر الٰہی دہن مین ڈال کر جب بازگشت کی جس مقام مین پہونچتے تھے سنتے تھے کہ لوگ آپس مین کہتے ہین شیخ فریدالدین مسعود گنج شکر آتے ہین اور دوسری روایت مین یہ ہی کہ ایک دن اثنائے راہ مین بنجارے نمک دہلی مین لاتے تھے شیخ فرید سے دوچار ہوکر تھوڑی شکر خدمت مین لائے اور یہ التماس کی کہ ہمارے حق مین دعا کیجیے تو ہماری پونجی مین برکت ہو اور بقیمت زیادہ خوب بکے شیخ نے اس گمان سے کہ یہ تمام شکر لادے ہین توجہ کرکے فاتحہ خیر پڑھا اور بنجارے دس روز کے بعد دہلی مین پہونچے جب سر گونون کا کھولکر دیکھا تمام شکر تھی اس سبب سے شیخ خاص و عام مین شیخ فریدالدین مسعود گنج شکر ملقب ہوئے اور اس کتاب کے مؤلف محمد قاسم فرشتہ نے اپنے زمانہ کے بعضے مشائخ سے یون سنا ہی کہ شیخ کو عہد لڑکپن مین جس طرح کہ عادت لڑکون کی ہوتی ہی شیرینی کی طرف بہت رغبت تھی اور آپ کی والدہ نے ارادہ کیا کہ یہ صبح کی نماز کی عادت کرین اپنی نورعین سے یہ فرمایا کہ اے فرزند جو شخص صبح کی نماز جلد ادا کرتا ہی حق تعالےٰ اُسے شکر عنایت فرماتا ہی اور آپ یہ کام کرتی تھین کہ شکر ایک پوڑیا مین لپیٹ کر آپ کے سرہانے رکھ دیتی تھین اور شیخ بعد فراغ دوگانہ صبح شکر اپنے سرہانے سے اُٹھاکر نوش کرتے تھے یہان تک کہ حضرت کا سن بارہ برس کا ہوا آپ کی والدہ کے دل مین یہ خیال گذرا کہ اب فرزند فضل خدا سے ہوشیار ہوا ہی شکر رکھنے کی حاجت نہین اُسکا رکھنا موقوف کیا لیکن قسام حقیقی نے اُسکا وظیفہ برطرف نہ فرمایا اسی طرح سے پہونچتا تھا اور آپ کی والدہ کو اس امر سے اطلاع نہ تھی جب دیکھا کہ فرزند شکر موقوف ہونے کی شکایت تبھی کرتا ہی ایک دن پوچھا کہ اے فرزند تجھے شکر ملتی ہی شیخ نے کہا ہان برابر ملتی ہی وہ عفیفہ سمجھین کہ شاید کوئی پرستار شکر شیخ کے سرہانے رکھ دیتی ہی جب دریافت کیا معلوم ہوا کہ یہ کام مخلوق کا نہین شیخ کی وفور اعتقاد کی برکت سے یہ پوڑیا شکر کی غیب سے پہونچتی ہی اس واسطے حضرت کا لقب گنج شکر ہوا اور شیخ نظام الدین اولیا ناقل ہین کہ شیخ فرید گنج شکر ہمیشہ روزہ رکھتے تھے یہان تک کہ اگر عارضہ بھی ہوتا یا سفر کرتے روزہ افطار نہ فرماتے تھے اور اکثر اوقات آپ روزہ شیرینی سے افطار کرتے تھے یعنی یہ معمول تھا کہ دانہ منقے کے ایک ظرف مین ڈالکر پانی مین بھگوتے تھے اور اسکا شربت نکالکر افطار کے وقت بہ مقدار تین درم نوش فرماتے تھے اور دو تین دانہ منقے کے دہن مبارک مین ڈالتے تھے اور باقی حاضران مجلس پر تقسیم کرتے تھے اور دو تان گھی مین چپڑی ہوئین کہ وہ سیر کے وزن سے کم ہوتی تھین بعد افطار شیخ کے روبرو لاتے تھے اور شیخ اُس مین سے ایک ثلث حصہ یا کچھ کم و بیش تناول فرماتے تھے اور باقی حضار مجلس پر تقسیم فرماتے تھے اور بعد اس کے باستغراق نماز عشا مین مشغول ہوتے تھے اور جب ابتدائے حال مین قصبہ اجودھن مین آن کر ساکن

ہوئے نذرین کم پہونچتی تھین ان دنون مین شیخ اور اُن حضرت کے اہل وعیال میوہ بیلو اور ویلہ وغیرہ سے کہ اُس ولایت کے جنگل مین پیدا ہوتا ہی اوقات بسر کرتے تھے چنانچہ اتفاق حسنہ سے اُسی عرصہ مین بادشاہ ناصر الدین شہر یار دہلی کہ اودھ اور ملتان کیطرف متوجہ ہوا تھا گذر اُس کا اجودھن مین ہوا اور شیخ کی زیارت سے مشرف ہوکر شیخ کی حقیقت حال سے واقف ہوا اور اپنے لشکر گاہ مین پہونچکر اُس نے فرمان جاری موضع کلان کی معافی کا اور کچھ زر نقد الغخان داروغہ دواب کی صحابت سے شیخ کے پاس بھیجا شیخ نے فرمان دہات واپس کیا اور فرمایا کہ فقرا کو دہات سے کیا کام ہی اور زر نقد قبول کرکے جماعتخانہ کے درویشون کو تقسیم کیا نقل ہی کہ اجودھن مین شیخ مرض سخت مین مبتلا ہوئے کہ امید زیست نہ تھی اور شیخ نظام الدین اولیا اور شیخ جمال الدین اسحٰق ہانسوی اور مولانا بدر الدین اور درویش علی بہار کو شیخ نے اشارہ کیا کہ فلان گورستان مین جاکر دعاے خیر مین مشغول رہین چنانچہ یہ بزرگوار حکم کے موافق اُس مقام مین جاکر دعا مین مصروف ہوئے اور فجر کو شیخ کی خدمت مین حاضر ہوئے شیخ نظام الدین اولیا فرماتے ہین کہ مین نے شیخ کو آن کر اُس حال سے دیکھا کہ آپ ایک کمل سیاہ شانہ پر ڈال کر تکیہ کیے ہوئے اور عصا جو خواجہ قطب الدین بختیار کاکی سے انھین پہونچا تھا آغوش مین رکھے ہوئے لحظہ بہ لحظہ دست حق پرست اُس پر کھینچکر اپنے روے مبارک پر ملتے ہین جب نگاہ حضرت کی ہم پر پڑی فرمایا کہ یارون کی دعا نے کچھ اثر نہ دکھایا یہ سنتے ہی ہم سب سرنگون ہوکر سکوت مین آئے لیکن درویش علی جو سب سے آگے کھڑا تھا اُس نے یہ عرض کی دعا ناقصون کی کاملون کے حق مین اثر نہین کرتی ہی شیخ نظام الدین اولیا فرماتے ہین کہ اُس وقت شیخ نے مجھے بلاکر عصاے مذکور مرحمت کیا اور یہ فرمایا کہ مین خدا سے چاہتا تھا کہ تو جو خدا سے چاہے گا پاوے گا مین سرنگون ہوکر پلٹ آیا اور میرے ہمراہی بھی میرے ساتھ پلٹ آئے اور مبارکباد کہنے لگے اس کے بعد سب اعزا اپنے اپنے مقام پر گئے اور میرے دل مین یہ خطور رہا کہ شیخ نے میری دعا کی اجابت کے واسطے حق سبحانہ تعالے سے درخواست فرمائی ہی اور یقین ہی کہ شیخ کی دعا مستجاب ہووے بہتر یہ ہی کہ آج پھر شب کو شیخ کی صحت کے واسطے قیام کرون غرضکہ جب دعا مین مشغول ہوا آخر شب کو مجھے ایک بشاشت حاصل ہوئی اور معلوم ہوا کہ میری دعا درگاہ الٰہی مین مستجاب ہوئی صبح کو جب شیخ کی خدمت مین گیا دیکھا کہ آپ مصلے پر ہین وبقبلہ بفراغ خاطر رونق افزا ہین اور درد والم بالکل زائل ہوا اور جب حضرت کی نظر مجھ پر پڑی فرمایا اے درویش نظام الدین جب میری دعا تیرے حق مین قبول ہوئی تیری دعا بھی میرے حق مین مستجاب ہوئی یہ فرماکر وہ مصلا جس پر تشریف رکھتے تھے مجھے مرحمت فرمایا اور کتاب فوائد الفواد مین مرقوم ہی کہ جب شیخ فرید ہانسی سے آن کر قصبہ اجودھن مین ساکن ہوئے اپنے چھوٹے بھائی شیخ نجیب الدین المشہور بمتوکل کو اپنی والدہ کے لانے کے واسطے قصبہ کھوتوال کی سمت بھیجا شیخ نجیب الدین جب اُس قصبہ مین پہونچے اپنی والدہ کو گھوڑے پر سوار کرکے قصبہ اجودھن کی طرف روانہ ہوئے لیکن اُس راستہ مین جنگل بہت تھا اور پانی کمیاب جب آدھی راہ طی ہوئی ایک روز والدہ کو ایک درخت کے

سایہ مین بٹھا کر خود گھوڑے پر سوار ہو کر پانی کی تلاش مین گئے اور پانی تلاش کر کے جب اُس درخت کے نیچے آئے اپنی والدہ کو نہ دیکھا مضطرب اور حیران ہو کر ہر سمت دوڑے کہین اُن کا نشان نہ پایا ناچار بادل غمگین اور خاطر حزین قصبۂ اجودھن کی طرف متوجہ ہوئے اور حضرت شیخ فرید گنج شکر سے یہ قصہ بیان کیا شیخ نے کچھ تصدق فقرا کو پہونچا کر صلحا کو کھانا کھلایا اور بعد ایک مدت کے شیخ منجیب الدین المشہور بہ توکل کا پھر اُس جنگل مین گذر ہوا جب اُس درخت پر نگاہ پڑی آپ کے دل مین یہ خیال گذرا کہ اس نواح کے گرد پھر کر دیکھیے شاید والدہ کی ہڈیون کا نشان ملے جب آگے بڑھے ایک جا پر کچھ ہڈیان آدمی کی افتادہ دیکھین صفائی باطن سے سمجھے کہ یہ استخوان والدہ کی ہین پھر تمام ہڈیان جمع کر کے ایک خریطہ مین بھرین اور شیخ کی خدمت مین پہونچکر حقیقت حال عرض کی شیخ نے فرمایا خریطہ لاؤ اور اُس کا مُنھ کھولکر سب ہڈیان مصلے پر گراؤ شیخ منجیب الدین جلد خریطہ اُٹھا لائے لیکن جب منھ اس کا کھولا ایک استخوان نہ دیکھی شیخ نظام الدین اولیا نے لکھا ہی کہ ایک دن مین شیخ فرید گنج شکر کی خدمت مین حاضر تھا ایک بال محاسن مبارک سے جدا ہوا مین نے فی الفور اُسے اُٹھا کر عرض کی کہ اگر حکم ہو دے مین اُس کا تعویذ بناؤن فرمایا خوب ہی پھر مین نے وہ بال کاغذ مین لپیٹ کر بحفاظت تمام اپنی دستار مین رکھا اور جب مین اجودھن سے دہلی مین آیا جو بیمار کہ میرے پاس آتا تھا وہ تعویذ اس شرط سے اُسے دیتا تھا کہ بعد حصول صحت یہ تعویذ واپس دیوے غرضکہ وہ تعویذ جس شخص کو مین نے دیا اُس نے بفضل خدا سے صحت پائی یہان تک کہ تمام شہر مین اُس کی شہرت ہوئی اور مین نے وہ تعویذ ایک طاق مین رکھدیا ایک روز ایک میرے دوست جن کا نام تاج الدین مینائی تھا آئے اور مجھسے اظہار کیا کہ میرا فرزند بیمار ہی مین نے حجرہ مین جا کر اُس تعویذ کو اُس طاق مین اور بھی طاقون مین ہر چند ڈھونڈھا نہ پایا وہ دوست محزون اور مغموم گیا اور اُس کا فرزند جانبر نہوا اور جب دو دن کے بعد اور بیمار آیا مین نے حجرہ مین جا کر جو دیکھا وہ تعویذ اُسی طاق مین موجود تھا اُس کو دیا اُس نے شفا پائی چونکہ بیٹا تاج الدین مینائی کا مرنے والا تھا اُس وقت پیدا نہوا اور منقول ہی کہ شمس الدین نام ایک شاعر باشندہ سنام قصبۂ اجودھن مین آیا اور وہ نسخہ کہ شیخ حمید الدین ناگوری نے علم سلوک مین لکھا تھا اُس کے پڑھنے مین مشغول ہوا اور چند روز کے بعد اُس نے قصیدہ مطول شیخ کی مدح مین کہا اور اجازت لے کر تمام اشعار اُس کے آغاز سے انجام تک ایستادہ ہو کر پڑھے شیخ نے فرمایا بیٹھ اور پھر پڑھ اُس نے بیٹھکر دوبارہ پڑھا اور شیخ ہر ایک بیت کی مدح کرتے تھے بعد فراغ اُس سے پوچھا کہ تیرا مطلب کیا ہی شمس الدین نے عرض کی کہ میری والدہ نہایت پیر ہی اور ناداری اور عسرت کے سبب اُس کی پرورش سے عاجز ہون امیدوار ہون کہ شیخ کی توجہ سے میری عسرت ساتھ فراغت کے مبدل ہو دے شیخ نے فرمایا جا شکرانہ لا جو کہ شیخ کا شکرانہ طلب کرنا دلیل حصول مقصود تھا شمس الدین خوش خوش اُٹھکر اور تلاش کر کے پچاس جیتل نقد لایا شیخ نے درویشون پر تقسیم کر کے فاتحہ خیر پڑھا اور اُسی برکت سے شمس الدین اُنھین دونون مین شمس الدین التمش کے بیٹے کا وزیر ہوا اور دستگاہ عظیم بہم پہونچائی منقول ہی کہ ایک فاضل مولانا حمید

نام طغرل کی ملازمت مین رہتے تھے جو بادشاہ غیاث الدین بلبن کی طرف سے بنگالہ کا حاکم تھا ایک روز دست بستہ ادب سے ایستادہ تھے ناگاہ ایک صورت لطیف اور نورانی انھین دکھائی دی اُس نے کہا کہ اے حمید تو اہل علم ہے اس جاہل کے روبرو کیون کھڑا ہے پھر دوسرے دن بھی مولانا اُسی نہج سے طغرل کے روبرو ایستادہ تھے کہ وہ صورت پھر ظاہر ہوئی اور وہی کلام کیا مولانا سمجھے کہ یہ کشش شیخ فریدالدین مسعود گنج شکر کی ہے بیتاب ہوکر اجودھن کا راستہ لیا اور جب شیخ کی خدمت مین مشرف ہوئے شیخ نے فرمایا کہ اے حمید تو نے دیکھا کہ مین کس صورت سے تجھے یہان لایا مولانا نے جب یہ کلام سنا اُسی وقت علائق دنیوی ترک کرکے تجرید اختیار کی اور سعادت ارادت سے مشرف ہوئے اور ایک مدت وعظ اور ارشاد مین مشغول رہے آخرش مکہ معظمہ کی طرف رخصت ہوئے اور یہ بھی منقول ہے کہ اوچہ اور ملتان کی طرف ایک بادشاہ پاک اعتقاد تھا اُس نے ایکبار ملا عارف کو جو اُس کی خدمت مین رہتے تھے اور ارادہ دہلی کے آنے کا رکھتے تھے مبلغ دوسو تنکہ سفید اُن کے سپرد کیے اور یہ بات کہی کہ تم قصبہ اجودھن مین جاکر یہ روپیہ شیخ فرید کی خدمت مین پہونچاؤ اور میرے واسطے التماس دعا کرو جب مولانا قصبہ اجودھن پہونچے اُنکے دل مین یہ خیال گذرا کہ خط وکتابت درمیان مین نہین ہے جو مبلغ کی تعداد کا یقین ہو بہتر یہ ہے کہ سو روپیہ شیخ کی نذر کیجیے اور باقی اپنے پاس رکھ چھوڑیے آخرش وہی کیا شیخ نے مسکراکر فرمایا اے مولانا عارف تو نے حق برادری کا ساتھ اس درویش کے ادا کیا یعنے نقود شکرانہ نصفا نصفی کرلیا مولانا عارف یہ کلام سنکر نہایت شرمندہ اور محجوب ہوئے اور یہ عرض کی کہ نہمت ملایان مفلوک کی اہل سلوک کے برابر نہین ہے اور وہ سو روپیہ بھی حاضر کیے شیخ نے فرمایا روپیہ تجھے مبارک ہو تو کسی بھائی کو نقصان نہ پہونچے غرضکہ جب مولانا نے یہ حال مشاہدہ کیا شرف ارادت سے مشرف ہوئے اور نقد وجنس سے جو کچھ رکھتے تھے درویشون کو دے کر عبادت اور ریاضت مین مشغول ہوئے اور تھوڑے عرصہ مین خرقہ خلافت کا پایا اور حسب الاشارہ سیستان کی سمت روانہ ہوئے اور خلائق کی ہدایت وارشاد مین مشغول ہوئے اور منقول ہے کہ شیخ ایک وقت دوپہر کو اپنی خانقاہ سے برآمد ہوئے اور شیخ نظام الدین اولیا اور مولانا بدرالدین اسحٰق اور مولانا جمال الدین ہانسوی حاضر تھے اور سلطان المشائخ ایک دیوار کے سایہ مین کھڑے ہوئے تھے اس وقت ایک ملا یوسف جو آپ کے قدیم مریدون مین تھے آئے اور یہ کلمہ گستاخانہ زبان پر لائے کہ چند مدت سے مین خدمت اور ملازمت کرتا ہون ابھی تک اُسی مرتبہ پر ہون اور جو لوگ میرے بعد آئے وہ حضرت کی فیض بخشی سے خرقہ خلافت پہنکر مراتب علیہ پر فائض ہوئے شیخ نے مسکراکر فرمایا اے درویش ہر شخص بقدر قابلیت اور اپنی حالت کے ایک نعمت پاتا ہے اس مین ہماری کچھ تقصیر نہین ہے یہ کلام تمام نہوا تھا کہ ایک لڑکا چار برس کا آیا اور شیخ کے قریب ایستادہ ہوا اور شیخ کے برابر ایک انبار خشت پختہ کا تھا جو عمارت کے واسطے لائے تھے شیخ نے اُس لڑکے سے فرمایا کہ اُس تودہ مین سے ایک اینٹ پختہ لاکر مین اُس پر بیٹھون لڑکا دوڑ کر ایک اینٹ مسلم سر پر اٹھا لایا شیخ اُس پر بیٹھے پھر

فرمایا جا ایک اینٹ مولانا نظام الدین کے واسطے لاوہ جا کر ایک اینٹ درست اُن کے واسطے اُٹھا لایا اسی طور سے وہ لڑکا شیخ کے حکم کے موافق ایک اینٹ مسلم مولانا جمال الدین ہانسوی اور مولانا بدرالدین اسحٰق کے واسطے بھی اُٹھا لایا جب ملا یوسف کی باری آئی وہ لڑکا اُس انبار سے مشقت تمام ایک خشت نصف بلکہ اس سے بھی کمتر تلاش کر کے لایا اور ملا یوسف کے سامنے رکھ دیا یہ ماجرا دیکھکر تمام بزرگوار متحیر ہوئے شیخ نے فرمایا اے یوسف مین کیا کرون نصیب تیرا اور دن کے برابر نہین ہے قسمت ازلی پر خرسند اور راضی ہونا چاہیے کس واسطے کہ مصرع تقدیر کے لکھے کو امکان نہین ہے دھونا ہ اور شیخ نظام الدین اولیا سے منقول ہو کہ شیخ فریدالدین مسعود گنج شکر کو مرض الموت واقع ہوا آخر ش ساتھ اُس زحمت کے رحمت حق مین واصل ہوے اور اس مرض مین مجھے خرقۂ خاص سے سرفراز فرما کر ماہ شوال ۶۶۹ھ چھ سو اُنہتر ہجری مین دہلی کی طرف روانہ کیا اور رخصت کے وقت اشک گرشک دیدۂ حق بین مین بھر لائے اور فرمایا جا تجھے حافظ حقیقی کے سپرد کیا اور مجھے بھی اس جدائی سے ایک درد والم ایسا لاحق ہوا جیسا پہلے کبھی جدا ہونے مین نہوا تھا شیخ نظام الدین اولیا فرماتے ہین کہ جب مین دہلی مین پہونچا مین نے سنا کہ شیخ کے مرض نے شدت کی ایک رات بعد ادا ے نماز عشا بیہوش ہوئے اور کچھ دیر کے بعد ہوش مین آن کر مولانا بدرالدین اسحٰق سے پوچھا کہ مین نے عشا کی نماز پڑہی کہا ہان اُس جناب نے نماز عشا پھر احتیاطاً ادا کی اور پھر بیہوش ہوئے جب ہوش مین آئے فرمایا ایکبار اور از راہ احتیاط کے نماز عشا ادا کرون کیا معلوم پھر میسر ہو یا نہین چنانچہ اُس شب کو آپ نے تین مرتبہ نماز عشا ادا کی اور فرمایا کہ مولانا نظام الدین دہلی مین ہی مین بھی خواجہ قطب الدین کی رحلت کے وقت ہانسی مین تھا اور مولانا بدرالدین اسحٰق کے کان مین آہستہ فرمایا کہ میرے انتقال کے بعد وہ جامہ کہ خواجہ قطب الدین بختیار کاکی سے مجھے پہونچا ہو اُسے مولانا نظام الدین کے پاس پہونچانا اور بھر پانی طلب کر کے وضو کیا اور دوگانہ ادا کر کے سر سجدہ مین رکھا اور عین سجدہ مین رحلت فرمائی غرضکہ یہ واقعہ پنجشنبہ کی رات ماہ محرم کی پانچوین تاریخ ۶۷۰ھ سات سو ساٹھ ہجری مین واقع ہوا اور سن شریف اُس جناب کا پچانوے برس کا نشان دیتے ہین اور منقول ہو کہ مولانا بدرالدین اسحٰق نے وصیت کے موافق وہ جامہ شیخ نظام الدین اولیا کے پاس پہونچایا اور کاسہ اور عصا شیخ کا اُن کے فرزندون کے پاس رہا اور اکثر اوقات یہ بھی سنا جاتا ہو کہ شیخ نظام الدین نے اولیا شیخ کی خبر فوت سُنکر قصبہ اجودھن مین گئے اور شیخ کے مزار کی زیارت کر کے جامہ مذکور مولانا بدرالدین اسحٰق سے لے کر دہلی کی سمت مراجعت فرمائی اور کتاب تذکرۃ الاتقیا مین لکھا ہو کہ تین شخص نظام نام شیخ کی خدمت مین تھے ایک شیخ نظام فرزند شیخ کے دوسرے شیخ نظام بھانجے یعنی ہمشیرۂ شیخ کے لڑکے تیسرے شیخ نظام الدین اولیا اور چونکہ پسر شیخ کے مقام ابدال کا رکھتے تھے اس واسطے سجادہ انھین نہ دیا اور جب آپ کی ہمشیرہ نے بہت سعی کی کہ سجادہ نشینی میرے فرزند کو عنایت ہو دے شیخ نے فرمان لکھا اور بھانجے کو دے کر یہ فرمایا کہ ہانسی مین مولانا جمال الدین ہانسوی کے پاس جا کر اسے صحیح کر کے لاؤ اور مولانا

جمال الدین ہانسوی نے اُس فرمان کو صحیح نہ کیا اور اُس نے پلٹ کر شکایت کی آخر کو شیخ نے اپنی ہمشیر کے حسب التماس فرمان دوسرا لکھ بھیجا اور اُس مرتبہ مولانا جمال الدین ہانسوی نے ناراض ہو کر اُسے چاک کیا شیخ نے فرمایا کہ مین جمال الدین ہانسوی کا پارہ کیا ہوا فرمان نہین سی سکتا اور بعد اس کے ایک مدت کے بعد شیخ نے فرمان سجادہ نشینی ولایت دہلی کا شیخ نظام الدین اولیا کو دیکر مولانا جمال الدین ہانسوی کے پاس بھیجا اور وہ اُسے دیکھ کر نہایت خوش ہوئے اور یہ بیت اُس فرمان مین درج کی **بیت**

ہزاران درود و ہزاران سپاس	کہ گوہر سپردہ بہ گوہر شناس

اور کبتہ کو صحیح کرکے دہلی مین روانہ کیا

ذکر سلطان الاولیا شیخ نظام الدین قدس سرہ العزیز کا

ابیات

شہنشاہ اورنگ عرفان حق	دلش صدر دیوان ایوان حق	ملک بردہ وریوزہ از شان او
فلک کاسہ سبز درخوان اُو	قدم راندہ زان گونہ در راہ فقر	کہ شد شاہ اورنگ درگاہ فقر
بباطن زتکوین اطوار محو ٭	بہ ظاہر زتمکین نگہدار سہو	دلش ساکن ملک ذات صفات
زہے پاک دین وزہے نیک ذات	نظام الحق آن شیخ عالی مقام	کزو کار ارباب دین شد تمام

شیخ نظام الدین اولیا جامع جمیع علوم ظاہری اور باطنی تھے اور ہمیشہ آنحضرت کا دل انوار منزل کتب معتبرہ تصوف کی طرف مثل فصوص الحکم اور مواقع النجوم اور اُن کی شرحون کے مطالعہ مین مائل تھا اور ابو حنیفہ کی فقہ مین اور تفسیر اور حدیث اور اصول وکلام مین استحضار اور مہارت تمام رکھتے تھے آپ کے والد بزرگوار احمد بن دانیال غزنین سے ہندوستان کی طرف آن کر شہر بداؤن مین متوطن ہوئے اور شیخ نظام الدین اولیا اُس شہر مین ماہ صفر ۶۳۳ھ چھ سو چونتیس ہجری مین پیدا ہوئے جب پانچ برس کے ہوئے اُن کے والد نے قضا کی اور اُن کی والدہ پرورش مین مصروف ہوئین اور جب حضرت سن تمیز اور رشد کو پہونچے تحصیل علوم ظاہری اور باطنی مین مشغول ہوئے اور جب بداؤن مین کوئی مدرس نہ رہا وہ جناب پچیس برس کے سن مین اپنی والدہ کو لے کر دہلی مین آئے اور ہلال طشت دار کی مسجد کے نیچے ایک حجرہ مین سکونت اختیار کی اور اُسوقت دہلی مین ایک فاضل نحو اور علماے وقت سے سرآمد تھے اُن کا اسم مبارک خواجہ شمس الدین خوارزمی تھا بادشاہ غیاث الدین بلبن نے انھین آخر مین بخطاب شمس الملک مخاطب کرکے منصب وزارت تفویض فرمایا جیسا کہ تاج الدین سنگ ریزہ نے اُنکی مدح مین کہا ہے **بیت**

شمسا کنون بکام دل دوستان شدی	فرمانرہ ممالک ہندوستان شدی

اور قبل وزارت درس مین مشغول رہتے تھے پھر شیخ اُن کے شاگردون کی سلک مین منسلک ہوئے اور وہ ایک حجرہ رہتے تھے کہ وہ خاص مطالعہ کے واسطے تھا اور تین شاگرد جو صاحب استعداد تھے

وہ اُس حجرہ مین سبق پڑھتے تھے اور باقی شاگرد اُس کے باہر درس کرتے تھے اور ان تین شخصون مین ایک ملا قطب الدین ناقلہ اور دوسرے ملا برہان الدین عبد الباقی اور تیسرے شیخ نظام الدین اولیا تھے اور جب شیخ نے آپ کی مولویت اور تیزی فہم پر آگاہی پائی تو شاگردون سے آپ کی تعظیم مین زیادہ تر اہتمام کرتے تھے اور مولانا شمس الدین کو یہ عادت تھی کہ اگر کوئی شاگرد غیر حاضر ہوتا اور جس وقت وہ آتا مولانا ازراہ دل لگی اُس سے فرماتے تھے کہ کیا تھا جو تو حاضر نہوا تاکہ پھر وہ کرون جو تو حاضر ہوا کرے اور اگر کبھی شیخ کی تعطیل ہوتی تھی پھر مولانا انھین جب دیکھتے تھے یہ بیت پڑھتے تھے **بیت**

باری کم از انکہ گاہ گاہے	آئی و بما کنی نگاہے

اور شیخ نظام الدین اولیا کا جو بسبب اتفاق شیخ نجیب الدین متوکل برادر شیخ فرید الدین مسعود گنج شکر کا ہمسایہ واقع ہوا تھا اور وہ بہت علماے دہلی پر علم مین فوقیت رکھتے تھے لہذا شیخ نظام الدین اولیا اکثر اوقات اُنکی صحبت مین بیٹھتے تھے قضا را جوان دنون مین والدہ شیخ نظام الدین اولیا کی فوت ہوگئی تھین اور شیخ تنہا رہ گئے تھے شیخ نجیب الدین متوکل سے زیادہ تر ہمصحبت رہتے تھے اور غم تنہائی رفع کرتے تھے یہان تک کہ روز بروز محبت فیما بین مین بڑھتی گئی اور آپس مین نہایت اتحاد ہوا اور بعد اُس کے شیخ نظام الدین اولیا چند سال خواجہ شمس الدین سے درس لے کر مراتب عالیہ پر فائز ہوئے اور معاش کے واسطے عہدۂ قضا کی فکر مین ہوئے ایک دن اثناے کلام مین شیخ نجیب الدین متوکل سے کہا کہ آپ میرے واسطے فاتحۂ خیر پڑھین کہ مین کسی مقام کا قاضی ہون اور خلق خدا کو انصاف سے راضی رکھون یہ سنکر شیخ نجیب الدین ساکت ہوئے اور کچھ جوابنہ دیا شیخ نظام الدین اولیا سمجھے کہ شیخ نجیب الدین نے نہین سنا پھر بآواز بلند کہا التماس فاتحہ کی کہتا ہون کہ مین کسی مقام کا قاضی ہوجاؤن اس مرتبہ شیخ نجیب الدین متوکل نے فرمایا کہ خدا نہ کرے تو قاضی ہو لیکن وہ ہو جو مین جانتا ہون اور اُنھین دنون مین شیخ نظام الدین ایک رات مسجد جامع دہلی مین تھے صبح کے وقت سنا کہ موذن نے منارہ پر یہ پڑھا اَلَمْ یَاْنِ لِلَّذِیْنَ اٰمَنُوْٓا اَنْ تَخْشَعَ قُلُوْبُهُمْ لِذِكْرِ اللّٰهِ یہ سنتے ہی حال حضرت کا متغیر ہوا اور نور الٰہی نے آپ کو گھیر لیا اور اس سبب سے کہ اُس وقت مین جو آوازہ شیخ فرید الدین مسعود گنج شکر کی مشیخت اور کرامات کا عالمگیر ہوا تھا اور شیخ نجیب الدین متوکل کی بھی مجلس مین غائبانہ شیخ کی مشیخت اور کرامات کے اوصاف سنکر شیخ نظام الدین اولیا اُن کی زیارت کے نہایت مشتاق تھے صبح کو بغیر سواری اور زاد راہ کے قصبۂ اجودھن کی سمت روانہ ہوئے اور روز پنجشنبہ کو ظہر کی نماز کے وقت آنحضرت کی ملازمت سے فائز ہوئے اور راوی کا یہ بھی قول ہے کہ جب شیخ نظام الدین اولیا شیخ فرید الدین مسعود گنج شکر کی ملازمت سے مشرف ہوئے ہر چند چاہا کہ اپنے اشتیاق اور اخلاص کا حال بیان کرون حضرت کی ایسی دہشت غالب ہوئی کہ کچھ عرض نہ کر سکے شیخ فرید الدین مسعود نے یہ حالت مشاہدہ کرکے فرمایا بالکل وجیل دہشتہ مرحبا خوش آیا اور صفا لایا تو انشاء اللہ تعالے نعمت دینی اور دنیوی سے برخوردار ہوگا شیخ نظام الدین اولیا نے خرقہ درویشی کا

حضرت شیخ سے پایا اور مریدان خاص کی سلک مین منتظم ہوئے اور اس عرصہ مین شیخ فریدالدین مسعود گنج شکر کو عسرت کمال تھی اکثر آن حضرت کے متعلقین اور فرزندون کو ہر ہفتہ مین ایک یا دو فاقہ گذرتے تھے اور اُن بزرگوار کی صحبت سے کوئی شخص آزردہ اور دلگیر نہ تھا الغرض مولانا بدرالدین اسحٰق بخاری کہ جامع معقول ومنقول تھے لکڑیان جنگل سے باورچیخانہ کے واسطے لاتے تھے اور مولانا شیخ جمال الدین ہانسوی صحرا سے ویلہ کہ مراد کریل کے درخت کے پھل سے ہے اور اکثر آدمی اُس پھل کو سرکہ اور نمک مین ڈالکر اچار بناتے ہین حاضر کرتے تھے اور مولانا حسام الدین کابلی آب کشی اور باورچیخانہ کی دیگیمین دھوتے تھے اور شیخ نظام الدین اولیا از روے صدق وصفا کھانا پکاتے تھے اور باحتیاط تمام کھانا پکاکر ظروف گلی اور کچکول چوبین مین نکال کر افطار کے وقت شیخ کی مجلس مین لیجاتے تھے لیکن کبھی نمک ہوتا تھا اور کبھی نہوتا تھا اور دو دو تین تین روز نمک میسر نہوتا تھا اور شیخ نظام الدین اولیا جب اُس خدمت پر مامور ہوئے اس تعال سے جو اس مسجد کے قریب رہتا تھا کبھی غیب سے جو کچھ پہونچتا تھا کھانے کا مصالحہ خرید کرتے تھے اور کبھی ایک درم نمک قرض لے کر کاسہاے ویلہ مین کہ جوش ہوتے تھے ڈالتے تھے اور ہر روز شیخ کے روبرو درویشون کے سامنے حاضر کرتے تھے اور مولانا شیخ جمال الدین ہانسوی اور مولانا بدرالدین اسحٰق اور شیخ نظام الدین اولیا شیخ کے حکم کے موافق ایک کاسہ مین تناول کرتے تھے اور شیخ کے قریب بیٹھتے تھے ایک دن جب تمام حضار مجلس اپنے اپنے مقام مین بیٹھ گئے شیخ فریدالدین مسعود گنج شکر دست مبارک کاسہ کی طرف لے گئے اور لقمہ اُٹھاکر فرمایا کہ یہ لقمہ میرے ہاتھ مین گران معلوم ہوتا ہے اس لقمہ کو منہ مین رکھنے کا حکم نہین ہے اس کھانے مین شبہہ ہے یہ کہکر لقمہ کاسہ مین ڈالدیا شیخ نظام الدین اولیا فرماتے ہین کہ یہ کلام سنتے ہی میرا بدن کانپنے لگا فوراً مین نے ایستادہ ہوکر نہایت ادب سے یہ عرض کی کہ یا حضرت لکڑیان اور کریل کے پھل اور پانی باورچیخانہ کا شیخ جمال الدین اور مولانا حسام الدین اور مولانا بدرالدین لاتے ہین سبب شبہہ کا معلوم نہین ہوتا ہے حضرت پر واضح ہوا ہوگا شیخ نے فرمایا کہ نمک جو اس کاسہ مین پڑا ہے وہ کہان سے آیا ہے شیخ نظام الدین یہ سنکر متبنہ ہوئے اور سر زمین پر رکھکر صورت حال عرض کی شیخ نے ارشاد کیا فقرا اگر فاقہ سے مرجاوین بہتر ہے لیکن لذت نفس کے واسطے قرض نہ لیوین کس واسطے کہ قرض اور توکل کے مابین بعد مشرقین ہے اگر ادا نہووے وبال اس کا قیامت تک گردن پر رہے پھر فرمایا یہ کاسے درویشون کے آگے سے اُٹھاکر محتاجون پر تقسیم کرین اور شیخ نظام الدین اولیا فرماتے ہین کہ مجھ مین ایک عادت تھی جیسا کہ طلبا کا دستور ہے کہ اگر کوئی شے نہایت پر ضرور ہوتی ہے تو قرض لیتے ہین مین بھی قرض لیتا تھا لیکن اُس دن سے مین نے استغفار کرکے یہ نیت کی کہ ہرچند احتیاج اشد ہووے آیندہ ہرگز قرض نہ لونگا اور شیخ فریدالدین مسعود گنج شکر نے وہ کمبل کہ جس پر اجلاس فرماتے تھے مجھے بخشا اور یہ دعا کی کہ تو کبھی ساتھ قرض کے محتاج نہوگا اور جب شیخ نظام الدین اولیا ایک مدت کے بعد خدمتگزاری سے مرتبہ کمال کو پہونچے پیر نے انھین اوردون کی تکمیل کی اجازت دے کر دہلی کی سمت رخصت کیا اور انھون نے رخصت کے وقت اپنے پیر کی یہ نصیحت یاد رکھی کہ

آن حضرت نے فرمایا ہی کہ دشمنون کو جس طور سے چاہنا راضی اور خوش رکھنا اور جس شخص سے قرض لینا اُس کے ادا کرنے مین نہایت سعی کرنا شیخ نظام الدین اولیا جب مسافر ہوئے مع ایک درویش کے ایک مقام مین پہونچے کہ نی الجملہ وہان ایک جنگل تھا اور راہزن اس مقام مین مسافرون کو لوٹتے تھے ناگاہ اُس مقام مین پانی برسنے لگا شیخ ایک لحظہ درخت چھتنار کے سایہ مین ایستادہ ہوئے ناگاہ پانچ چھ ہندو مع شمشیر و تیر و کمان نمودار ہوکر شیخ کی طرف متوجہ ہوئے شیخ کے دل مین یہ خیال گذرا کہ کمل اور جامہ جو شیخ نے مجھے عطا فرمایا ہی اگر خدا نخواستہ اس پر نظر بد لگی مین آبادی مین ہرگز نجا ؤنگا اور کسی کو اپنا منھ نہ دکھاؤن گا اسی اندیشہ مین تھے کہ راہزنون نے ایکبارگی حضرت کی طرف سے منھ موڑا اور دوسری جانب روانہ ہوئے اور شیخ مع الخیر والعافیت دہلی مین داخل ہوئے دوسرے دن شیخ نجیب الدین متوکل سے ملاقات کرکے ماجرا اس سفر کا اور شیخ فریدالدین گنج شکر کی حصول سعادت ملازمت کا تذکرہ مشرح بیان کیا اس کی بعد ایک شخص کے مکان پر کہ اُس سے ایک کتاب عاریت لے کر گم کی تھی تشریف لے گئے اور اُس سے یہ کہا کہ ای مخدوم اس روز کہ مین تم سے کتاب عاریت لے گیا تھا وہ میرے پاس سے گم ہوئی ہی نیت صادق رکھتا ہون کہ کاغذ بہم پہونچاکر وہ نسخہ نقل کرکے آپ کے پاس حاضر کرون گا اس شخص نے جب یہ کلام سُنا ایک لحظہ شیخ نظام الدین اولیا کو نظر غور سے دیکھکر فرمایا کہ جس مقام سے آپ تشریف لائے ہین اُس کا ثمرہ خدا کی خوشنودی کے سوا نہین ہی مین نے وہ کتاب آپ کو بخشی شیخ وہان سے پھر ایک بزاز کے پاس گئے اور فرمایا کہ مین نے تجھسے کپڑا خرید کیا تھا اب اُس کی قیمت لایا ہون بزاز نے دس روپیہ لیے اور باقی حضرت کو معاف کیے اور کہتے ہین کہ اُس وقت شیخ نظام الدین اولیا کو دہلی مین ایسا مقام خلیہ کا میسر نہ تھا کہ اُس مین بیٹھکر ذکر حق مین مشغول ہوون اور اس شہر مین شیخ کو کثرت خلق اور ابنوہ پسند نہ آتا تھا کہ ساکن ہوون جو اُن دنون مین قرآن شریف حفظ کرتے تھے اکثر اوقات شہر سے باہر جاکر صحرا مین بسر لے جاتے تھے ایک روز قتلقہان کے تالاب کے کنارے ایک درویش پاک کیش کو کہ آثار صلاح و تقوے اُن کے ناصیۂ حال سے ہویدا تھے شیخ نظام الدین اولیا نے دیکھا اُن سے پوچھا کہ ای مخدوم تم اس شہر مین رہتے ہو اُنھون نے کہا ہان پھر پوچھا کہ آپ اُس شہر مین خواہش طبع سے رہتے ہین اُنھون نے جواب دیا نہین کوئی درویش ایسے شہر آباد مین کہ جس مین اس قدر کثرت اور انبوہ آدمیون کا ہی اپنی طبیعت کی خواہش سے نرہے گا مگر بضرورت پھر یہ حکایت نقل کی کہ مین نے ایک وقت حظیرہ کمال درویش کے دروازہ کے باہر ایک خرقہ پوش کو دیکھا اور اس نے مجھ سے یہ بات کہی کہ اگر تو سلامتی ایمان کی اور استقامت عبادت مین چاہتا ہی اس شہر مین نہ رہ کہ یہ شہر فسق و فجور کا ہوا ہی اور پھر یہ بھی کہا کہ ای مولانا نظام الدین اولیا مین بھی چاہتا ہون کہ اس شہر مین نہ رہون اور کسی طرف راہی ہون لیکن کیا کرون کہ عرصہ بیس سال کا گذرا ہی کہ مین اس شہر مین سکونت پذیر ہون اور بسبب اُس کنوین کے کہ مین نے تیار کیا ہی مجال

سفر نہین رکھتا کہ قید پانی کی شدید تر لوہے کی قید سے واقع ہوئی اور شیخ نظام الدین اولیا نے جب اُن درویش سے یہ بات سنی عزم جزم کیا کہ اس شہر مین نہ رہون گا اور اُس مقام سے برآمد ہو کر رانی بوستانی کے تالاب کے نزدیک کہ جسے باغ خسروتہہ کہتے ہین داخل ہوئے اور تجدید وضو کر کے دوگانہ ادا کیا اور درگاہ الٰہی مین مناجات کی اے خدا مین اس شہر سے برآمد ہوا ہون لیکن اپنے اختیار سے کسی مقام مین نہین جا سکتا جس مقام مین خیریت اور سلامتی دین کی ہو وہان رکھ ناگاہ ایک طرف سے آواز آئی کہ جگہ تیری غیاث پور ہے اور وہ غیاث پور ایک موضع تھا گمنام اور مجہول کہ اُسے کوئی نہین جانتا تھا اور وہان کا حاکم علم زرد رکھتا تھا اور اُس ملک مین ایک قسم کی روئی زرد ہوتی ہے کہ اُس سے لباس تیار کرتے ہین اور حاکم کو شیخ فرید گنج شکر سے نہایت الفت تھی لیکن شیخ نظام الدین اس کے مرنے کے بعد دہلی مین وارد ہوئے لہذا اس کو نہ دیکھا تھا اور منقول ہے کہ ایک وقت شیخ نے اجودھن سے مولانا شعیب کے ہاتھ ایک مصلا نمد سیاہ اور ایک کلاہ شیخ نظام الدین اولیا کے واسطے دہلی بھیجی اور مولانا شعیب جب آپ کی خدمت مین حاضر ہوئے اور امانت پہونچائی شیخ نظام الدین دوگانہ شکر کا ادا کر کے محظوظ ہوئے اور اُسی وقت ایک رئیس نے گجرات سے دو لاکھ اور پچاس ہزار اشرفی بھیجی تھین شیخ نے وہ تمام زر نقد مولانا شعیب کو عطا فرمایا اور معذرت کر کے یہ رباعی لکھکر شیخ فرید شکر گنج کی خدمت مین ارسال کی - رباعی

زانرو می کہ بندۂ تو دانند مرا	بر مردمک دیدہ نشانند مرا
لطف عامت عنایتی فرمودہ است	ورنہ چہ کسیم خلق چہ دانند مرا

کہتے ہین کہ جب دوسری مرتبہ شیخ نظام الدین اولیا قصبہ اجودھن مین شیخ کی زیارت سے مشرف ہوئے شیخ نے فرمایا مولانا نظام الدین وہ رباعی جو تم نے عریضہ مین لکھی تھی مین نے اُسے یاد کر لیا انشاء اللہ تعالےٰ جہان تم رہو گے صاحب نظر تمھین اپنے مردم دیدہ مین جگہ دین گے اور نقل ہے کہ شیخ نظام الدین اولیا نے ابتدا رحال مین غیاث پور مین سکونت اختیار فرمائی دو شخص آپ کی ملازمت مین حاضر رہتے تھے ایک شیخ برہان الدین محمد غریب جو دولت آباد دکن مین مدفون ہین اور دوسرے شیخ کمال الدین یعقوب جن کا مزار پٹن گجرات مین واقع ہے یہ دونون بزرگوار اور خلفاء سے پیشتر خرقہ خلافت پا کر تحصیل کمال اور ریاضت نفس مین مشغول رہتے تھے اور اُس عرصہ مین وجہ معاش اُنپر نہایت تنگ تھی بعض وقت ایسا اتفاق ہوتا کہ چار روز تک کچھ بہم نہ پہونچتا کہ سلطان الاولیا اور دیگر درویش اس سے افطار فرماتے ایک عورت صالحہ کہ شیخ سے توسل رکھتی تھی اور ہمسایہ مین رہتی تھی اور سوت کا تکر گیہون خریدتی تھی اور نان بے نمک پکا کر اُس سے افطار کرتی تھی چنانچہ اُن ایام فاقہ مین اس نیک بخت نے ڈیڑھ سیر آٹا کہ اُسکی قوت سے فاضل تھا شیخ کیواسطے بھیجا شیخ نے کمال الدین یعقوب سے فرمایا کہ اُس آٹے کو دیگ مین ڈالکر پکاؤ شاید کہ کسی آنے والے کا حصہ ہوئے اور شیخ کمال الدین یعقوب اُس کے پکانے مین مشغول تھے کہ ناگاہ ایک درویش گودڑی پوش کسی مقام سے وارد ہوئے اور شیخ نظام الدین اولیا سے متوجہ ہو کر بآواز بلند فرمایا کہ اے شیخ جو کچھ حاضر

رکھتا ہو ہم سے دریغ نہ کر شیخ نے جواب دیا کہ آپ از راہ شفقت ایک لحظہ استراحت فرماویں کہ دیگ جوش مین ہی درویش نے فرمایا تو خود اُٹھ اور وہ دیگ چولھے پر سے بیجنسہ اُٹھا لا شیخ یہ سنتے ہی بہ تعجیل تمام اُٹھے اور دست حق پرست پر آستین چڑھا کر دونون ہاتھ سے دیگ کے گلے کا کنارا پکڑ کے اُن کے روبرو لائے اور آواز جوش کی آدمیون کے کان مین پہونچتی تھی درویش نے وہ دیگ اُٹھا کر زمین پر دے ماری کہ وہ ٹکڑے ٹکڑے ہوگئی پھر یہ فرمایا کہ شیخ فرید الدین مسعود گنج شکر نے نعمت باطن شیخ نظام الدین اولیا کو ارزانی رکھی ہی مین نے اُن کی ظاہری محتاجی کی دیگ کو توڑ ڈالا یہ کہا اور وہ درویش آدمیون کی نظر سے غائب ہوا اُس کے بعد ایسا ہوا کہ ہزارون لاکھون آدمی اُن کی خدمت مین پہونچکر مرید ہوے اور خرقہ خلافت کا پاکر درجۂ عالی اور مقام متعالی مین داخل ہوے اور بعد اس کے شیخ برہان الدین محمد غریب اور شیخ کمال الدین یعقوب اور شیخ نصیر الدین محمود اودھی شرف ارادت اور خرقہ خلافت سے سرفراز ہوئے اور اہل شریعت شیخ کو بسبب وفور عقل اور علم و فضل کے گنج معانی کہتے تھے اور شیخ اخی سراج کہ شیخ نور کے دادا تھے اور بنگالہ مین مدفون ہین وہ بھی شیخ کے مریدون سے ہین اور خیر المجالس مین مرقوم ہی کہ ایک دن مولانا حسام الدین نصرت خانی اور مولانا جمال الدین نصرت خانی اور مولانا شرف الدین کاشانی شیخ کے روبرو بیٹھے تھے شیخ نے انکی طرف متوجہ ہوکر فرمایا کہ اگر کوئی شخص دن کو صائم اور رات کو قائم رہے یہ کام نہایت سہل ہی کہ بیوہ عورتین بھی اس کام مین اقدام کرسکتی ہین لیکن مشغولی بحق کہ مردان طلبگار درگاہ پروردگار مین بسبب اس کے راہ پاتے ہین اور تقرب پیدا کرتے ہین اور مشاہدہ کی دولت سے فیضیاب ہوتے ہین وہ ان عبادات کے علاوہ ہی حضار مجلس نے جب یہ کلام سنا امیدوار ہوے کہ شیخ اُسے بیان فرماین کہ وہ کون عبادت ہی شیخ نے اُنھین مضطرب اور مصر دیکھکر فرمایا انشاء اللہ تعالے اور وقت اس کا مذکور ہوگا خلاصہ یہ کہ مریدون اور عزیزون نے چھ مہینے انتظار کھینچا ایک دن سب شیخ کی مجلس مین حاضر تھے محمد کاشف جو بادشاہ علاء الدین خلجی کے دیوان عام کا داروغہ تھا وارد ہوا اور سر زمین پر رکھکر مودب بیٹھا شیخ نے پوچھا کہ کہان تھا اُس نے عرض کی دیوان عام مین آج ظل سبحانی نے پچاس ہزار روپیہ بندگان خدا کے واسطے انعام فرمائے ہین شیخ نے اُس وقت مولانا حسام الدین نصرت خانی اور دوسرے یارون سے متوجہ ہوکر فرمایا انعام بادشاہ کا بہتر ہی یا وفا کرنا اُس عہد کا کہ ہو تمھارے ساتھ کیا گیا یہ سنکر سب شرائط تعظیم بجالائے اور عرض کی کہ وفا کرنا عہد کا ہشت بہشت سے بہتر ہی پچاس ہزار روپیہ نقرہ کیا مال ہی پھر اپنے پاس سلطان الاولیا نے تینون بزرگوارون کو بلایا اور لوگون کو رخصت کرکے یہ فرمایا کہ مقصود کے پہونچنے کا راستہ مشغولی حق ہی باستغراق تمام خلوت مین اور بے ضرورت باہر نہ آئے اور ہمیشہ باوضو رہے اور صائم الدہر رہے باخلاص تمام اور اگر یہ میسر نہووے تقلیل غذا پر قناعت کرے اور ہمیشہ واسطے ذکر حق کے سکوت مین رہے مگر بضرورت اہل دنیا سے کلام مختصر کرے اور علے الدوام ذکر بارابطہ واستغراق عمل مین لائے اور

منقول ہی کہ تینون مشائخ شیخ نظام الدین اولیا کے انفاس کی برکت سے ساتھ اس صفات کے کامل ہوکر جملہ واصلین سے ہوے اور نقل ہی مولانا شہاب الدین امام سے کہ ایک دن شیخ نظام الدین اولیا خواجہ قطب الدین بختیار کاکی کے مزار کی زیارت کو دہلی کہنہ مین تشریف لے گئے اور ہم اور مولانا برہان الدین محمد غریب اُس جناب کی رکاب مین تھے اور شیخ حضرت خواجہ کی زیارت کرکے اور مشائخون کی زیارت کے واسطے تالاب شمسی کے کنارے رونق افزا ہوئے اور اُس مقام مین خواجہ حسن شاعر ولد علائی سنجری کہ سن اُس کا پچاس برس سے زیادہ تھا ابتداے حال مین شیخ سے رابطۂ اتحاد اور مصاحبت کلی رکھتا تھا ساتھ ایک جماعت یارون کے مے نوشی مین مشغول تھا جب شیخ کو دیکھا آپ کے زو برو آن کر یہ دو بیت پڑھین **ابیات**

سالہا باشد کہ ما ہم صحبتیم	گر ز صحبتہا اثر بودی کجاست
زہدتان فسق از دل ناکم نہ کرد	فسق ماہان بہتر از زہد شماست

شیخ نے جب یہ بات سنی فرمایا صحبتون کو تاثیرین ہین انشاء اللہ تعالے تجھے نصیب ہوگی فی الفور حضرت کی دعا مستجاب ہوئی خواجہ حسن سر برہنہ کرکے آپ کے قدم مبارک پر گر پڑے اور جمیع مناہی سے تائب ہوکر خود مع رفقا جو اُس کے ہم مشرب تھے مرید ہوئے اور خواجہ حسن نے کتاب فوائد الفواد مشتمل بر احوال شیخ نظام الدین اولیا اور حکایات جو کہ زمان مبارک بر آنحضرت کے جاری ہوئین تصنیف فرمائی خلعت قبول اور تحسین سے سرفراز ہوئے اور امیر خسرو دہلوی نے اُس نسخہ پر رشک کرکے کہا کہ کاش خلعت قبول اور تحسین اس نسخہ کی تصنیف کا میری نسبت منسوب ہوتا اور میری تمام تصانیف خواجہ حسن کے نام ہوتین بہتر تھا اور کہتے ہین خواجہ حسن نے بعد توبہ کے ایک غزل کہی جسمین یہ بیت بھی مندرج ہی **بیت**

اے حسن توبہ انکہی کردے	کہ ترا قوت گناہ نماند

اور جس وقت کہ محمد تغلق شاہ دہلی کو خراب کرکے آدمیون کو دولت آباد دکن کی طرف لے جاتا تھا خواجہ حسن بھی بزرگان دکن کی زیارت اور صحبت کی نیت سے ہمراہ گئے اور اس ملک مین جاکر عالم باقی کی سمت سفری ہوئے اور بالاگھاٹ دولت آباد مین مدفون ہین اور نقل ہی شیخ نصیر الدین محمود اودھی سے کہ جب شیخ نظام الدین اولیا کو راگ کی سماعت کی رغبت ہوتی تھی امیر خسرو اور امیر حسن قوال کہ علم موسیقی مین عدیم المثال تھے حاضر ہوتے تھے اور مبشر جو شیخ کا غلام زر خرید تھا اور خوش آوازی مین صوت داؤدی رکھتا تھا وہ بھی حاضر ہوتا تھا پہلے امیر خسرو غزلین اور بیتین ایسی متصوفانہ پڑھتے تھے کہ شیخ سر مبارک کو جنبش دیتے تھے اور اسی کو امیر حسن قوال اور مبشر غلام ایسا سمجھ لیتے تھے کہ شیخ وجد مین آتے تھے اور دو سو قوال کہ راگ مین مرغ کو ہوا سے زمین پر لاتے تھے شیخ کے علوفہ خوار تھے اور سب کا سردار امیر حسن قوال تھا جب اپنے کام مین مشغول ہوتا تھا طرفہ مجلس منعقد ہوتی تھی اور وہ بیت کہ جس سے شیخ فرید گنج شکر کو وجد اور حال آتا تھا

لکھکر سلطان الاولیا کے ملاحظہ مین گذرانتا تھا اور سلطان الاولیا بھی اُس بیت سے محظوظ ہوتے تھے ایک روز سلطان الاولیا کو حکیم ثنائی کی ان دو بیت پر کہ حدیقہ مین مندرج ہین وجد حاصل ہوا

ابیات

بیش مسنما جمال جان افروز آن جمال تو چیست ہستی تو	در نمودی بر و سپند بہ سوز وان سپند تو چیست مستی تو

قرا بیگ ترک جو بادشاہ علاء الدین خلجی کا خاص ترخواص تھا باوجود صلاح اور پرہیزگاری کے لطافت وظرافت مین بھی امتیاز رکھتا تھا اور شیخ کے سلک مریدون مین بھی منتظم تھا ان ابیات کو قلمبند کرکے بادشاہ کے روبرو لے گیا بادشاہ ہر بار پڑھتا تھا اور آنکھون پر ملتا تھا اور تحسین کرتا تھا اُس وقت قرا بیگ ترک عرض پیرا ہوا کہ باوجود اس کے کہ ظل سبحانی شیخ سے ایسا اعتقاد رکھتے ہین تعجب ہی کہ کبھی آنحضرت سے ملاقات نہین کرتے بادشاہ نے فرمایا کہ ای قرا بیگ ترک ہم بادشاہ ہین سراپا دنیا مین آلودہ اور اس آلودگی سے شرماتا ہون کہ ایسے پاک کی زیارت کرون تجھے لازم ہی کہ خضر خان اور شادی خان کو جو میرے جگر گوشہ ہین شیخ کی خدمت مین لے جاکر مرید کرا اور دو لاکھ روپیہ جماعت خانہ کے درویشون کو شکرانہ پہونچا قرا بیگ ترک نے حکم کے موافق عمل کیا اور یہ عبارت عالی کہ مقبرہ مین اُن بزرگوار کے واقع ہی خضر خان کی ساختہ اور پرداختہ ہی اور کہتے ہین کہ ایک روز بادشاہ علاء الدین خلجی نے ایک مندیل زر وجواہر سے مملو کرکے پیشکش کے روبرو بھیجی ایک قلندر شیخ کے برابر بیٹھا تھا دور سے اُس کی نگاہ اُسپر پڑی اور شیخ کی خدمت مین حاضر ہوکر بولا ایہا الشیخ ہدایا مشترک شیخ نے از روے ظرافت فرمایا اما تنہا خوشترک قلندر نے مایوس ہوکر بازگشت کی عزیمت کی شیخ نے اپنے پاس بلاکر فرمایا کہ تنہا خوشترک سے ہمارا مقصود یہ تھا کہ تجھے تنہا مبارک ہووے یہ کہکر وہ تمام نقد وجواہر اُس کو بخشا اُس قلندر نے چاہا کہ اس سب کو اُٹھاؤن اُس کی قوت نے وفا نہ کی شیخ کے خادم نے اُس کی مدد کی اور نقل ہی کہ جب بادشاہ قطب الدین مبارک شاہ دہلی کے تخت سلطنت پر متمکن ہوا خضر خان کو جو شیخ کا مرید تھا اُس نے قتل کیا اور شیخ سے بھی درپی عداوت ہوا اور ان دونون مین شیخ کے باورچیخانہ مقرری کا خرچ سوائے غلہ کے دو ہزار روپیہ کا تھا اور انعام واکرام اور علوفہ متعلقان اور خرچ مسافران اور مجاوران اُس سے جدا تھا اس صورت مین بادشاہ نے قاضی محمد غزنوی سے کہ محرم خاص تھا پوچھا کہ اس قدر خرچ شیخ کا کہان سے آتا ہی قاضی کہ وہ بھی اس قدر اعتقاد آنحضرت سے نہ رکھتا تھا بولا اکثر امراے سلطانی شیخ کی اعانت زر شکرانہ اور نذرانہ سے کرتے ہین بادشاہ کو یہ امر پسند نہ آیا حکم کیا کہ جو شخص شیخ کے مکان پر جاویگا یا اُن کی مدد خرچ کو روپیہ یا اشرفی بھیجے گا وہ نہایت معتوب اور مقہور ہوگا اور اس بارہ مین حد سے زیادہ مبالغہ کیا پھر لوگون نے غضب شاہی کے خوف سے ہاتھ کھینچا اور اقبال غلام شیخ کا کہ تحویل اُس کے

پاس رہتی تھی متحیر ہوا اس لیے کہ پیشتر اُس سے نذر و نیاز کا روپیہ بیشمار آتا تھا چنانچہ ایک وقت ایک تاجر کہ اُسے رہزنوں نے لوٹا تھا شیخ کی خدمت مین حاضر ہوا اور سفارش نامہ صدرالدین عارف پسر شیخ بہاءالدین زکریا کا اُس کے پاس موجود تھا ملاحظہ مین گذرانکر عرض حال کیا شیخ نے خادم سے فرمایا کہ علی الصباح سے چاشت تک جو فتوح یعنے نذر نذرانہ آوے اس غریب کے سپرد کرو متقوا ہے کہ بارہ ہزار روپیہ پیر دن چڑھے تک اُس تاجر کو وصول ہوئے القصہ شیخ بادشاہ کے حکم سے واقف ہوئے اقبال غلام سے فرمایا کہ آج سے خرچ مقرری مضاعف کر اور جس وقت تجھے روپیہ کی حاجت ہووے بسم اللہ پڑھکر ہاتھ اپنا اُس حجرے کے طاق مین ڈال کر نکال لینا چنانچہ اقبال حسب الحکم عمل مین لاتا تھا جب یہ خبر رفتہ رفتہ بادشاہ کو پہونچی نہایت شرمندہ اور نادم ہوا لیکن پھر بھی از راہ جہالت اور خجالت شیخ کو یہ پیغام بھیجا کہ شیخ رکن الدین ابوالفتح ملتان سے میری ملاقات کو آتے تھے اگر آپ بھی کبھی کبھی قدم رنجہ فرماوین مراحم ذاتی سے بعید نہوگا شیخ نے جواب دیا کہ مین مرد گوشہ نشین ہون کہین نہین جاتا اور علاوہ اس کے رسم اور عادت ہر سلسلہ کی ہر طور پر ہوتی ہے ہمارے بزرگون کا قاعدہ نہ تھا کہ کچہری دربار مین جاوین اور بادشاہ کے مصاحب ہوین اس امر مین فقیر کو معاف رکھین اور اس مسکین کو اپنے حال پر چھوڑین بادشاہ نے کہ بادۂ نخوت سے مخمور و مغرور تھا اس عذر کو قبول نہ کیا اور اُس کے درجواب لکھا کہ آپ کو ہفتہ مین دو بار میری ملاقات کو آنا پڑیگا شیخ نے ناچار ہوکر خواجہ حسن شاعر کو شیخ ضیاءالدین رومی کے پاس کہ پیر بادشاہ قطب الدین مبارکشاہ اور مُرید شیخ شہاب الدین سہروردی کے تھے بھیجا کہ بادشاہ کو سمجھا دین کہ فقیرون کا آزردہ کرنا کسی مذہب اور ملت مین درست نہین ہی اور خیریت دارین کی اس قوم کی کم آزاری مین ہی اور اور اس کے ہر خانوادہ کی ایک روش مخصوص ہی خواجہ حسن شیخ ضیاءالدین رومی کے مکان سے پلٹ کر خبر لایا کہ اُن کا دردِ شکم کی شدت سے حال ردی ہی کہ بیٹھکر نماز نہین پڑھ سکتے ہین شیخ ساکت ہوئے اور انھین دنون مین شیخ ضیاءالدین رحمت حق مین واصل ہوئے بادشاہ اور تمام اعیان و ارکان سوم کے دن وہان حاضر ہوئے اور رسم ہندوستان کے موافق اول قرآن شریف کے سیپارہ تقسیم کرکے پڑھے اس کے بعد پنج آیت پڑھکر پھول اُٹھائے اور سلطان الاولیا بھی بقصد زیارت وہان تشریف لے گئے بادشاہ کو سلام کیا اور بادشاہ نے جواب نہ دیا اور مطلق التفات نہ کی اور ایک روایت مین یہ بھی وارد ہی کہ جب شیخ اس مجلس مین رونق افزا ہوئے جس شخص نے حضرت کو دیکھا تعظیم کے واسطے دوڑا اور حضرت سے عرض کی کہ بادشاہ بھی اس مجلس مین تشریف رکھتے ہین اگر آپ سلام کرین ہم بادشاہ کو اعلام کرین شیخ نے فرمایا سلام کی حاجت نہین ہی کیونکہ وہ قرآن پڑھنے مین مشغول ہی اُسے مشوش نہ کرنا چاہیے اور جب حضار مجلس ہجوم لاکر شیخ کے قدم پر گرے بادشاہ گوشۂ چشم سے دیکھتا تھا دل مین آزردہ ہوا بعد اس کے بادشاہ نے ایک محضر تیار کرکے یہ حکم دیا کہ اگر ہر ہفتہ مین شیخ ایکبار میری ملاقات سے متعذر رہو تو ہر سلخ یعنے ہر چاند رات کو البتہ آن کر

مجھے دیکھے نہین تو ویسی فکر کی جاوے سید قطب الدین غزنوی اور شیخ وحید الدین قندزی اور مولانا برہان الدین مروی اور دیگر اکابر نے بادشاہ کے حکم کے موافق ماہ شوال کی اٹھائیسوین تاریخ کو خیاث پور مین جاکر شیخ کو دیکھا اور بادشاہ نے جو کچھ حکم دیا تھا شیخ کے گوش گذار کیا اور یہ بات کہی کہ بادشاہ جوان عاقبت نااندیش ہی اور حضرت فضل خدا سے پیر دانش کیش ہین اگر ہر مہینے مین ایک مرتبہ ضرور تا دیوان عام سلطانی مین تشریف لیجاوین امور درویشی مین فرق نہوگا شیخ نے تامل کرکے فرمایا انشاء اللہ دیکھتا ہون کہ اس کا انجام کیا ظہور مین آتا ہی وہ سمجھے کہ حضرت سلطان الاولیا بادشاہ کے پاس جانے پر راضی ہوئے بادشاہ سے جاکر عرض کی ہم نے شیخ کو راضی کیا وہ ہر چاندرات کو آپ کی ملاقات کو آوین گے اور چاندرات کو خواجہ وحید الدین قندزی اور اعزالدین علی شاہ جو بڑے بھائی امیر خسرو کے تھے اُنھون نے شیخ کی خدمت مین آن کر عرض کی کہ بادشاہ آپ کے قدم رنجہ کی بشارت سے نہایت محظوظ ہوا شیخ نے جواب دیا کہ مین ہرگز بزرگون کے خلاف نہ کرونگا کہ بادشاہ کی ملاقات کو جاؤن یہ سنکر دونون بزرگوار غمگین ہوے اور یہ التماس کی کہ چاندرات قریب ہی اور بادشاہ پرخاش پر آمادہ ہی حضرت کو مناسب ہی کہ حضرت شیخ فریدالدین مسعود گنج شکر کی طرف توجہ فرماوین تو یہ معاملہ دشوار آسانی سے گذرے شیخ نے کہا مجھے شرم آتی ہی کہ اس امر حقیر کے واسطے شیخ کی طرف متوجہ ہون اور دین کے کام بہت ہین شیخ کی طرف اُن کے واسطے توجہ کرنی چاہیے اور علاوہ اُسکے تم یقین جانو کہ بادشاہ مجھپر ظفریاب نہوگا کس لیے کہ شب کو مین نے خواب دیکھا ہی کہ صف پر قبلہ رو بیٹھا ہون اور ایک بیل شاخدار نے مجھپر قصد کیا جب نزدیک پہونچا مین نے اُسکے دونون سینگ پکڑکے ایسا اُسے زمین پر دیمارا کہ وہ فوراً ہلاک ہوا خواجہ وحید الدین قندزی اور اعزالدین علی شاہ نے جب یہ واقعہ سُنا سمجھے کہ اُس جناب کو کچھ آسیب نہ پہونچے گا بلکہ بادشاہ کو ضرر جانی پہونچیگا القصہ چاندرات کو خواجہ اقبال نے بعد نماز ظہر شیخ سے عرض کی کہ آج روز سلخ ہی حکم ہو کہ کونسا راہوار حضرت کی سواری کو مہیا کرون شیخ نے کچھ جواب نہ دیا اور اقبال دم بخود ہوا جب پہرون باقی رہا پھر عرض کی کہ سواری کا وقت بھی ہی اگر حکم ہو پالکی اور کہارون کو حاضر کرون اس مرتبہ بھی شیخ نے کچھ جواب نہ دیا خواجہ اقبال کو پھر عرض کی مجال نہ رہی خاموش ہوا اور حکم خدا سے اُسی شب کو بعد ایک پہر اور چند ساعت کے خسرو خان جو نمک پروردہ اور شاہ کا محرم راز تھا بلکہ شاہ نے اُسے خاک مذلت سے اُٹھاکر مرتبہ عالی پر فائز کیا تھا جیسا کہ مقام مناسب مین مذکور ہوا اُسنے اپنے ہاتھ سے بادشاہ کو قتل کیا اور منقول ہی کہ شیخ شرف الدین شیخ فریدالدین مسعود گنج شکر کے پوتے شیخ بدرالدین سمرقندی کے عرس مین حاضر تھے ایک شخص نے اُن سے یہ کلام کیا کہ شیخ نظام الدین اولیا عجب باطن فارغ البال رکھتے ہین کہ اہل وعیال کی طرف سے اُن کو کچھ فکر وغم نہین کیونکہ اس قدر فراغت دنیوی انھین حاصل ہی کہ ایک عالم اُن کے خوان مائدہ فیض اور احسان سے بہرہ یاب ہی کسی طور کا اُنھین رنج نہین پہونچتا ہی بے فکری سے گذرتی ہی بعد اسکے جب شیخ شرف الدین وہان سے شیخ کے مکان پر آنے چاہا کہ وہ تذکرہ عرض کرون شیخ نے نور باطن سے دریافت کرکے فرمایا بابا شرف الدین

جو درد کہ دم بدم مجھے پہونچتا ہی مجھے یقین ہی کہ دوسرے کو نہوگا وہ یہ ہی کہ جس وقت کوئی شخص میرے پاس آن کر اپنا درد دل اظہار کرتا ہی اُس وقت مجھے اس قدر غم والم لاحق حال ہوتا ہے کہ زبان اُس کی شرح سے عاجز ہی عجب سنگین دل ہی وہ کہ جسے غم برادر دینی کا اثر نہ کرے اور بھی بحکم المخلصون من اللہ علی خطر عظیم جاننا چاہیئے مصرع

نزد دیکان را بیش بود حیرانی

نقل ہی کہ دہلی مین ایک بزاز تھا شمس الدین نام نہایت متمول اور وہ شیخ سے اعتقاد نہ رکھتا تھا بلکہ حضرت کی غیبت مین بے ادبانہ کلام کرتا تھا ایک روز اُس نے موضع افغان پور کے قریب ایک مقام سبزہ زار اور فرحت افزا دیکھا اپنے ہمراہیون کو لے کر وہان بیٹھا اور مے نوشی پر آمادہ ہوا اس اثنا مین وہ چشم ظاہری سے کیا دیکھتا ہی کہ شیخ نظام الدین اولیا اُس کے مقابل ایستادہ ہین اور اشارہ سے ممانعت کرتے ہین فوراً اُس نے شراب پانی مین پھینکدی اور وضو کرکے شیخ کی خانقاہ کی طرف روانہ ہوا جونہین شیخ کی نگاہ اُس پر پڑی فرمایا کہ جس شخص کو سعادت مساعدت کرتی ہو ایسے گناہون سے باز آتا ہی شمس الدین یہ کلام سنکر متنبہ اور متحیر ہوا اور اُسی وقت صدق دل اور اخلاص تمام سے حضرت کے مریدون مین منتظم ہوا اور دوسرے دن تمام مال ومنال اپنا شیخ کے جماعت خانہ کے درویشون پر تقسیم کیا اور علائق دنیا سے سبکبار اور مجرد ہوکر عصہ قلیل مین جملہ اولیاء اللہ سے ہوا اور خیر المجالس مین کہ شیخ نصیر الدین اودھی کی تصنیف ہی وہ روایت کرتے ہین کہ مین ایک وقت شیخ سے رخصت لیکر اودھ کیطرف جاتا تھا شمس الدین بزاز کو مین نے قصبہ بیتالی مین دیکھا تو ایک گدڑی پارہ پارہ اُس کے زیب بدن ہوا اور ایک جریب ہاتھ مین اور ظروف گلی کہ جس کا گلا رسی سے بندھا تھا ہاتھ مین لٹکائے ہین اور خطۂ بہار کی سمت عازم ہین شاید بہار مین اُن کی بوڑھی ماں تھین جب مین نے انھین اس حال زبوں سے دیکھا پوچھا کہ آپ کا کیا حال ہی جواب دیا کہ الحمد للہ شیخ نظام الدین اولیا کی برکت سے دروازے سعادت کے مفتوح ہین اور دل ہوا وہوس سے خالی ہوا جین سے گذرتی ہی مین نے جوابدیا کہ میرے پاس ایک چھاگل چرمی ہی اُسے قبول فرمائین تو نہایت احسان ہی فرمایا کہ مین اس جناب کی عنایت سے اکثر نماز کے واسطے مسجد مین اُترتا ہون کوئی شخص اس لکڑی اور ظروف گلی پر نظر نہین کرتا ہی شاید اس چھاگل چرمی کی کوئی طمع کرے یہ فرما کر میرے ہاتھ کو بوسہ دیا اور رخصت ہوئے اور یہ بھی نصیر الدین اودھی فرماتے ہین کہ مین جب قاضی محی الدین کاشانی کے پاس علوم ظاہری پڑھتا تھا ناگاہ ایسا بیمار ہوا کہ لوگون نے میری زیست سے قطع نظر کی قضارا شیخ نظام الدین اولیا میری عیادت کے واسطے تشریف لائے اوس وقت مین نہایت بے ہوش تھا جب آنحضرت نے دست مبارک میرے منہ پر پھیرا مین فوراً ہوش مین آیا اور صحت پائی اور اُن کے قدم پر گر پڑا اور اس دن سے میرا اعتقاد اور اخلاص آنحضرت کی نسبت زیادہ تر ہوا اور یہ بھی شیخ موصوف روایت کرتے ہین کہ ایک

مرید نے حضرت نظام الدین اولیا کی دعوت کی اور قوالون کو بلایا اور بقدر مقدرت طعام بھی مہیا کیا اور جب راگ شروع ہوا کئی ہزار آدمی جمع ہوئے اور کھانا اسقدر نہ تھا کہ پچاس یا ساٹھ آدمی کو کفایت کرے خداوند دعوت قلت طعام اور کثرت انام مشاہدہ کرکے مضطرب ہوا شیخ نور باطن سے سمجھ گئے اور اپنے خادم کو جس کا نام مبشر تھا اشارہ کیا کہ آدمیون کے ہاتھ دھلا اور دس دس آدمی یکجا بٹھا اور بسم اللہ کہکر ایک روٹی کے چار ٹکڑے کرکے مع سالن لوگون کے سامنے رکھ جب مبشر نے ایسا کیا کہتے ہین تمام خلق حسب رغبت کھانا کھاکر سیر ہوئی اور بہت کھانا بچ رہا اور نقل ہی کہ شیخ نظام الدین اولیا بارہ برس کے سن مین مولانا علاء الدین اصولی سے کہ مناقب اُن کے کتاب فوائد الفواد مین مسطور ہین کتاب مدوری پڑھتے تھے اور وہ شیخ جلال الدین تبریزی سے خرقہ رکھتے تھے لیکن اواخر حال مین شیخ نظام الدین اولیا کی نظر ایک روز راستہ مین مولانا علاء الدین اصولی پر پڑی کہ کسی طرف جاتے تھے فوراً طلب کرکے اپنا خلعت خاص اُنھین پہنایا اور اُن کے حق مین دعاے خیر کی اور مولانا اُسی دم شیخ نظام الدین اولیا کے مرید ہوے اور تھوڑے عرصہ مین واصلان حق سے ہوے اور اُنھین دنون مین شیخ شرف الدین احمد سبزواری اور بڑے بھائی اُنکے شیخ جلال الدین بقصد ارادت دہلی کیطرف آتے تھے اور شیخ کی خدمت مین حاضر ہوکر مرید ہوا چاہتے تھے شیخ نے فرمایا کہ خانوادہ فردوسیون کا تمھارے حوالہ ہی آخر دونون بھائی آپ کے اشارہ کے بموجب وہان جاکر شیخ نجم الدین فردوسی کے مرید ہوئے اور شیخ شرف الدین احمد سبزواری خرقہ خلافت پاکر ولایت بہار مین گئے اور وہان استقامت کرکے کتاب مکاتیب در معدن المعانی تالیف فرمائی اور نقل ہی شیخ نصیر الدین سے کہ قصبہ سرساوہ مین ایک دانشمند تھے اُن کے مکان مین آگ لگی فرمان املاک کا جلگیا اُنھون نے دہلی مین آن کر ایک مدت مدید کچہری مین دوا دوش کرکے دوسرا فرمان فرمان سابق کے موافق حاصل کیا اور اُسے بغل مین رکھکر بہ بشاشت تمام اپنی فرودگاہ کی طرف روانہ ہوئے راستہ مین ایک دوست سے دوچار ہوکر ایسی باتون مین مشغول ہوے کہ فرمان اُن کی بغل سے گر پڑا مطلق اُس کا خیال نہ رہا جب مکان پر آئے اور فرمان نہ دیکھا جہان اُن کی نظر مین تیرہ و تاریک ہوا اُسی قلق اور اضطراب مین سلطان الاولیا کی خدمت مین حاضر ہوکر عرض حال کیا شیخ سے اُن کا اندوہ ملال دیکھا نہ گیا فرمایا مولانا نذر کرکہ فرمان تیرا جب مل جاوے شیخ فرید الدین مسعود گنج شکر کی روح پر فتوح کے واسطے حلوا نذر کرکے حاضر کریگا مولانا نے نذر بدل و جان قبول کی اور بعد ایک لحظہ کے شیخ نے فرمایا مولانا اگر تو ابھی حلوا خرید کرکے حاضر کرے تو خوب ہی مولانا فوراً اُٹھکر حلوائی کی دوکان پر گئے اور کئی درم کا اُس سے حلوا طلب کیا حلوائی نے حلوا تولکر ایک کاغذ نکالا تو اُسے چاک کرکے حلوا اس مین لپیٹے مولانا نے اسے پہچانا کہ یہ فرمان میرا ہی حلوائی سے گھرک کر فرمایا کہ اسے چاک نہ کر یہ میری املاک کا فرمان ہی پھر اُسے مع حلوا لے کر شیخ کی خدمت مین حاضر ہوے اور سر زمین پر رکھکر مرید ہوے اور وہان ارادے اس کرامت سے متبرک ہوکر اعتقاد کی تازگی اور بشاشت حاصل کی اور نفحات مین لکھا ہی کہ جب اُس شخص نے شیخ کی خدمت مین حاضر ہوکر

کاغذ کے گم ہونے کا اظہار کیا اور التماس دعا کر کے اضطرار ظاہر کیا شیخ نے اُسے ایک درم دیا کہ اس کا حلوا خرید کر کے شیخ فرید الدین گنج شکر کی روح پر فتوح پر فاتحہ پڑھکر درویشون کو تقسیم کر جب اُس شخص نے درم حلوائی کو دیا اور اُس سے حلوا کاغذ مین لپیٹکر لیا جب غور سے دیکھا وہی کاغذ تھا جو گم ہو گیا تھا اور اس سے زیادہ تعجب انگیز یہ ہو کہ ایک شخص نے سو دینار کسی کے پاس امانت رکھے اور اس سے امانت نامہ لکھوا لیا تھا اور جب وقت اُسکے مطالبہ کا آپہونچا سند نہ پائی شیخ کی خدمت مین حاضر ہو کر التماس دعا کی شیخ نے فرمایا مین پیر ہون اور شیرینی کو دوست رکھتا ہون ایک رطل حلوا میرے واسطے مول لے آ تو وہ کاغذ ون اس مرد نے حلوا خرید کیا اور کاغذ مین لپیٹ کر شیخ کے پاس لایا شیخ نے ارشاد کیا کاغذ کو کھول جب اُس نے کھولا وہی امانت نامہ تھا پھر فرمایا سند لے اور حلوا لیجا آپ کھا اور اپنے لڑکون کو دے وہ دونون چیزین لیکر حضرت سے رخصت ہوا اور نقل ہو کہ اخی سراج پروانہ شیخ نور کے دادا جو بنگالہ مین مدفون ہین محض ناخواندہ تھے جب دہلی مین آنکر شیخ کے مرید ہوئے شیخ نے ملا فخر الدین ارادی سے کہا یہ جوان بہت قابل ہو کاش تھوڑا علم ظاہری رکھتا تو خوب ہوتا مولانا فخر الدین ارادی نے یہ سنکر سر زمین پر رکھا اور عرض کی اگر حضرت کی توجہ ہو بندہ اس جوان کو چند روز مین مسائل لابدی تعلیم کرے شیخ نے فرمایا مبارک ہو مولانا انھین اپنے مکان پر لیجا کر تعلیم مین مشغول ہوئے چنانچہ شیخ کی برکت انفاس کے سبب عرصۂ قلیل مین دانشمند ہوئے اور خرقۂ خلافت سے مشرف ہو کر بنگالہ مین تشریف لے گئے سید وحید الدین کرمانی مبارک سے کہ شیخ نظام الدین اولیا کے مریدون سے ہین اور سید خرد مشہور اور کتاب سیر الاولیا اُن کی تصانیف سے ہی منقول ہے کہ خسرو خان بعد قتل بادشاہ قطب الدین مبارک شاہ جب تخت پر بیٹھا دو لاکھ یا تین لاکھ روپیہ ہر ایک مشائخ کے واسطے بھیجے سوائے ان تین مشائخ کے یعنے سید علاء الدین جنبوری اور شیخ وحید الدین خلیفہ شیخ فرید الدین مسعود گنج شکر اور شیخ عثمان سیاح کہ خلیفہ شیخ رکن الدین ابو فتح ہین سب نے قبول کیا لیکن اکثر بزرگوارون نے وہ روپیہ امانت نگاہ رکھا ایک حبہ اُس مین سے صرف نہ کیا اور شیخ نظام الدین اولیا پانچ لاکھ روپیہ خسرو خان کے صرف فقرا مین لائے اور چار ماہ کے بعد جب غازی ملک یعنی سلطان غیاث الدین تغلق خسرو خان کو تہ تیغ کر کے بادشاہ دہلی کا ہوا اور استقلال بہم پہونچا کر درپے اس کے ہوا کہ خسرو خان نے جو روپیہ مشائخون کو دیا تھا باز یافت کرے اکثر مشائخ نے بلا تامل ادا کیا اور شیخ نظام الدین اولیا نے وہ روپیہ صرف کیا تھا کچھ جواب نہ دیا بادشاہ غیاث الدین تغلق شاہ نے شیخ سے سوئے مزاجی بہم پہونچائی اور ایک جماعت کہ شیخ سے عداوت اور حسد رکھتی تھی اور راگ کی منکر تھی اُس نے فرصت پاکر بادشاہ سے معروض کیا کہ یہ شیخ مع جمیع مریدان راگ کے سوا کوئی کام نہین رکھتا ہی اور سرود اور مزامیر جو مذہب حنفی مین حرام ہی سُنتا ہی بادشاہ کو واجب ہو کہ علما کو طلب کر کے ایک محضر بنا دے اور اسے اُس فعل نامشروع سے ممانعت کرے بادشاہ غیاث الدین نے قلعہ تغلق آباد مین کہ اُس کا تعمیر کیا ہوا تھا شیخ اور جمیع علما کو اُس قلعہ مین طلب کیا چنانچہ ترین دانش مند کہ ہر ایک اپنے تئین سمرآمد روزگار جانتے تھے اور یہ تمام عالم راگ اور سرود کے مسئلہ مین

شیخ نظام الدین اولیا سے خصومت اور نزاع رکھتے تھے بحث کیواسطے حاضر ہوئے۔ مولانا فخر الدین رازی کو شیخ کے مریدون سے تھے اور دم اجتہاد سے مارتے تھے اُنھون نے بادشاہ سے یہ بات کہی کہ دو آدمیون کو جو سب سے عالم زیادہ ہون انتخاب کیجیے تو وہ ہم سے بحث کرین الغرض بادشاہ نے قاضی رکن الدین الوالی کو کہ شہر کا حاکم اور شیخ کی عداوت مین فخر و مباہات کرتا تھا بحث کیواسطے اشارہ کیا اور قاضی نے شیخ کی طرف متوجہ ہوکر کہا اے درویش تم سرود اور راگ کے بارہ مین کیا دلیل رکھتے ہو شیخ حدیث نبوی السماع مباح لاہلہ کو اپنی بریت کی دلیل لائے قاضی نے جواب دیا تم مرد مقلد ہو تمھین حدیث سے کیا کام ہو کوئی روایت ابو حنیفہ سے لاؤ تو ہم اُسے قبول کرین شیخ نے کہا سبحان اللہ مین حدیث صحیح مصطفوی نقل کرتا ہون اور تم مجھ سے روایت ابو حنیفہ طلب کرتے ہو شاید حکومت کی رعونت تمھارے دماغ مین ہو کہ تم خدا کے دوستون سے بے ادبی کرتے ہو انشاء اللہ تعالے جلد اس عہدہ سے معزول ہوگے اور بادشاہ نے جب حدیث پیغمبر صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم سنی متفکر ہوکر کچھ نہ کہا اور یہ گفتگو مین تھے اور وہ سب کے سوال وجواب سنتا تھا کہ اتنے مین مولانا علم الدین پوتے شیخ بہاء الدین زکریا کے ملتان سے آئے اور گروہ سے دیوان عام مین تشریف لیگئے بادشاہ نے مع حضار مجلس اُن کے استقبال کیواسطے قیام کیا اور مولانا علم الدین نے پہلے شیخ نظام الدین اولیا سے متوجہ ہوکر ملاقات کی اور باعزاز و احترام پیش آئے اس کے بعد بادشاہ سے پوچھا کہ آپ نے شیخ کو کس واسطے تکلیف دی ہو کہ وہ جناب یہان تشریف لائے ہین بادشاہ نے کہا کہ حلت اور حرمت راگ کے بارہ مین علما کا محضر ہوا تھا الحمد للہ کہ آپ بھی تشریف لائے مولانا علم الدین نے کہ علامہ زمان تھے کہا مین نے سفر یمن اور مدینہ اور مصر اور شام کیا ہو تمام شہر و نمین مشائخ باوجود علماے متبحر اور پرہیزگار کے راگ سنتے ہین اور کوئی شخص اُنھین مانع نہین ہوتا ہو ولایہ بلاشک وشبہہ مباح ہو اور حضرت شیخ نظام الدین اولیا اور اصحاب اُنکے تمام اہل حال ہین اور اُنکا ظاہر و باطن کمال اخلاق اور زہد اور تقوی سے آراستہ و پیراستہ ہو اور حضرت رسالت پناہ صلی اللہ علیہ وسلم نے راگ سُنا ہو اور وجد فرمایا ہو جب مولانا نے یہ کہا بادشاہ اُٹھا اور شیخ نظام الدین اولیا کو باعزاز و اکرام تمام رخصت کیا اور بادشاہ از بسکہ شرمندہ ہوا اُسی دن قاضی رکن الدین ابوالحی کو عہدۂ حکومت سے معزول کیا اور منقول ہو کہ جب شیخ نظام الدین اولیا کا سن مبارک پچانوے ۹۵ سال کو پہونچا وہ جناب سات مہینے مرض حبس بول وغائط مین مبتلا رہے ایک روز اقبال کو طلب کرکے فرمایا کہ اسباب اور زر نقد سے جو کچھ میری ملک مین ہو حاضر کرو تو آدمیون پر تقسیم کرون اُس نے جواب دیا کہ زر نقد سے تو کچھ ایک جبہ میری تحویل مین نہین ہو ہر روز کی آمدنی اُسی دن صرف ہوتی ہو لیکن کئی ہزار من غلہ انبار خانہ مین موجود ہو ہر روز لنگر مین خرچ ہوتا ہو شیخ نے فرمایا کہ اُسے کس واسطے نگاہ رکھا ہو جلد اُسے برآوردہ کرا و رمستحقون کو پہونچا یہ فرماکر تبقچہ جامہ کا طلب کرکے ایک دستار اور ایک پیراہن اور ایک مصلاے خاص مولانا برہان الدین غریب کو عطا کیا اور انھین دکن کی طرف رخصت فرمایا اور ایک پگڑی اور ایک کرتا اور ایک جانماز شیخ یعقوب کو دیکر گجرات کی سمت روانہ کیا اور اسی طور سے مولانا جمال الدین خوارزمی مولانا شمس الدین یحیی کو ایک ایک دستار اور

پیراہن اور مصلا عنایت فرمایا اور تبرکہ مین کوئی شے قسم جامہ سے باقی نہ رکھی اور اُن دونون مین جو شیخ نصیر الدین اودھی حاضر نہ تھے انھین کچھ عنایت نہوا اس سبب سے تمام حضار حیران رہے لیکن بعد چند روز کے بروز چہارشنبہ ربیع الثانی کی اٹھارھوین تاریخ ۷۲۵ھ سات سو پچیس ہجری مین بعد نماز ظہر سلطان الاولیا نے نصیر الدین اودھی کو طلب کرکے خرقہ اور عصا اور مصلا اور تسبیح اور کاسہ چوبین یعنی کچکول وغیرہ جو کچھ شیخ فرید الدین مسعود گنج شکر سے اُس جناب کو پہونچا تھا انھین سب عنایت فرمایا اور حکم ہوا کہ تم دہلی مین رہ کر آدمیون کی تفا اور جفا اُٹھاؤ پھر بعد نماز عصر کہ ابھی آفتاب غروب نہوا تھا سلطان الاولیا جوار رحمت حق مین واصل ہوے اور غیاث پور مین کہ اب وہ محلات نئے دہلی سے ہی مدفون ہوے اور وہ جناب ہمیشہ مجرد رہے عمر پارسائی مین بسر کی اور مشہور ہی کہ بادشاہ غیاث الدین تغلق شاہ اگرچہ بحسب ظاہر شیخ سے کچھ نہ کہتا تھا اور شیخ کے احوال کا معارض اور متعرض نہ ہوتا تھا لیکن اس قدر اپنے دل مین رنجش رکھتا تھا کہ اُس نے جس وقت بنگالہ سے مراجعت کی عزیت کی شیخ کو پیغام بھیجا کہ آپ غیاث پور سے نکل جائین مین دہلی مین آن کر اس موضع مین آپ کو مقیم نہ پاؤن شیخ نے حالت بیماری مین یہ جواب دیا کہ ابھی دہلی دور ہی پھر آخر کو یہ ہوا کہ وہ دہلی مین نہ پہونچا تھا کہ تغلق آباد کا محل اُس پر گرا اُس مین دب کر ہلاک ہوا اور شیخ نے اُس سے چند روز پیشتر رحلت کی تھی اور یہ مثل کہ ابھی دہلی دور ہی ہندمین مشہور ہی نقل ہی کہ ایک روز شیخ فرید الدین مسعود گنج شکر کے مکان مین فاقہ تھا شیخ نظام الدین اولیا سے فرمایا کہ کچھ لاؤ سلطان الاولیا نے اپنی دستار مبارک رہن کرکے قدری لوبیا خریدی اور جوش کرکے حاضر کی شیخ فرید الدین مسعود گنج شکر نے باتفاق یاران تناول فرمائی اس کے بعد آنحضرت کے پیر نے یہ دعا دی کہ کیا خوب اُسے پکایا تھا اور نمک موافق اُس مین ڈالا تھا حق سبحانہ تعالے اپنے فضل وکرم سے ایسا کرے کہ تیرے باورچی خانہ مین ہر روز ستر من نمک خرچ ہووے اور اُسی وقت شیخ نے دیکھا کہ شیخ نظام الدین اولیا کی ازار جابجا سے چاک ہی حضرت شیخ فرید گنج شکر نے اپنی ازار مکان سے طلب کی اور آپ کو عطا کی اور فرمایا اسے پہن شیخ نظام الدین اولیا نہایت محظوظ ہوے اور شیخ کے حضور وہ ازار اپنی ازار پر پہننے لگے ناگاہ ازار بند دست مبارک سے چھوٹ گیا ازار گر پڑی شیخ نے فرمایا کہ ازار بند خوب کس کر باندھ شیخ نظام الدین اولیا نے عرض کی کیونکر باندھون فرمایا ایسی باندھ کہ سوائے حوران بہشتی کے نہ کھلے شیخ نظام الدین اولیا تعظیم بجالائے اور قبول کیا چنانچہ توفیق ایزدی سے آخر عمر تک عورتون سے مباشرت نہ کی اور جیسا کہ شیخ فرید الدین مسعود گنج شکر نے فرمایا تھا ہر روز ستر من نمک آپ کے باورچی خانہ مین صرف ہوتا تھا اور نقل ہی کہ ایک صوفی کو شیخ نظام الدین اولیا کی مجلس مین حال آیا اور وہ ایک آہ کھینچکر جل گیا سلطان الاولیا جب حال سے فارغ ہوے پوچھا کہ یہ خاکستر کیسی ہے لوگون نے عرض کی کہ فلان صوفی ایک آہ کرکے جل گیا یہ اُسی کی راکھ ہی پھر شیخ نے پانی پر کچھ پڑھکر اُس پر چھڑکا وہ صوفی فوراً زندہ ہوا اور تذکرۃ الاولیا مین مذکور ہی کہ شیخ نے اُس سے فرمایا تجھے

روا نہین ہی کہ تو راگ کے وقت حاضر ہو کس واسطے کہ تو ابھی خام ہی اس سبب سے تو ایک آہ سے جل جاتا ہی اور صوفیون کے سر پر بہت ماجرے گذرتے ہین کہ اُس کے متحمل ہوتے ہین دم نہین مارتے

ذکر شیخ نصیر الدین اودھی المشہور بچراغ دہلی قدس سرہ کا

شیخ نصیر الدین اودھی شیخ نظام الدین اولیا کے قائم مقام اور سجادہ نشین ہوے اور جامع جمیع علوم ظاہری اور باطنی ہو کر اخلاق حسنہ کے ساتھ اتصاف رکھتے تھے اور اُن کے فضل و دانش کی کثرت اور وفور سے سلطان الاولیا کے اصحاب اُنھین گنج سعانی کہتے تھے شیخ نظام الدین اولیا کے بعد از وفات وہ جناب دہلی مین سجادہ نشین ہوئے اور خلائق کی ہدایت و ارشاد مین مشغول تھے جیسا کہ مخدوم جہانیان سید جلال کی داستان مین لکھا ہی کہ جب مکہ معظمہ مین شیخ عبد اللہ یافعی کی زبان پر جاری ہوا کہ مشائخ دہلی کے تمام جواز رحمت حق مین واصل ہوئے اب شیخ نصیر الدین اودھی کہ چراغ دہلی ہی باقی رہا اس واسطے اس جناب کا چراغ دہلی لقب ہوا اور مخدوم جہانیان کہ سے مراجعت کر کے دہلی مین آئے اور شیخ نصیر الدین اودھی المشہور بچراغ دہلی کی صحبت مین بتبرک خرقہ سے مخصوص ہوے اس سبب سے کہتے ہین کہ ملتان کے مشائخ خانوادہ چشتیہ سے بھی بہرہ رکھتے ہین اور سید محمد گیسو دراز جو شہر حسن آباد گلبرگہ مین مدفون ہین اور شیخ اخی سراج پروانہ کہ مقبرہ اُن کا بنگالہ مین ہی اور شیخ حسام الدین جو نہروالہ گجرات مین آسودہ ہین آنحضرت کے مریدون سے ہوتے ہین اور منقول ہی کہ شیخ نصیر الدین اودھی نے خلق کے ازدحام سے بہ تنگ آن کر امیر خسرو سے کہا کہ آپ شیخ نظام الدین سے میرے واسطے رخصت لین تو مین کسی پہاڑ یا بیابان مین جا کر اس ہجوم سے نجات پا کر ذکر حق مین مشغول ہون شیخ نے فرمایا اُن سے جا کر کہو کہ تمھین خلق مین رہنا اور اُن کے قضا و جفا سہنا پڑیگا اور نقل ہی کہ بادشاہ محمد تغلق شاہ خونریزی اور سیاست کے سبب خونی مشہور ہوا تھا اُس نے درویشون سے سوء مزاجی بہم پہونچا کر حکم کیا کہ درویش خدمتگارون کی طرح میری خدمت کرین یعنے کوئی مجھے پان کھلاوے اور کوئی میرے دستار باندھے الغرض بہت مشائخون کو ایک ایک خدمت پر مقرر کیا اور شیخ نصیر الدین اودھی چراغ دہلی کو بھی تکلیف پوشاک پہنانے کی دی شیخ نے قبول نہ کی بادشاہ نے طیش مین آن کر شیخ کو تفاوے کر قید کیا اور شیخ کو اپنے پیر شیخ نظام الدین اولیا کا کلام یاد آیا ناچار اُنھون نے خدمت قبول کر کے قید سے نجات پائی قضارا انھین دنون مین بادشاہ کو قضا یا عجیب پیش آئے اور اُسی عرصہ مین فوت ہوا بندگان خدا نے رہائی پائی اور تذکرۃ الاتقیا مین مرقوم ہی کہ شیخ نماز عصر کے بعد حجرہ مین داخل ہو کر حق کی طاعت و عبادت مین مشغول ہوتے تھے اور کسی سے بات نہ کرتے تھے اور خادمون کو یہ حکم دیا تھا کہ اس وقت جو شخص میری ملاقات کو آوے اُسے ایک تنگہ دے کر رخصت کرو اور اگر ایک تنگہ نہ لیوے دو تنگہ سے پچاس تنگہ تک دے کر اُسے واپس کرو اور اگر اس مقدار سے بھی راضی نہ ہووے اُسے میرے پاس بھیجو چنانچہ ایک روز کا

مذکور ہی کہ ایک قلندر شیخ کے دیکھنے کو آیا ہر چند خادمون نے چاہا کہ وہ کچھ لے کر رخصت ہووے اُن کا سمجھانا مفید نہ ہوا چار اُسے اذن دخول حجرہ دیا قلندر شیطان صفت نے حجرہ مین جاکر بہ سختی و درشتی شیخ سے کچھ طلب کیا شیخ نے جو طاعت مین مشغول تھے دو تین مرتبہ اشارہ کیا کہ بیٹھ جا مین تجھے دون گا قبول نہ کیا اور اس موذی نے چند زخم چھری کے شیخ کے جسد مبارک پر مارے کہ خون سوراخ آستانہ سے روان ہوکر برآمد ہوا خادم مضطرب ہوکر اندر گئے اور چاہا کہ اُسے سزا کو پہونچا دین شیخ نے ممانعت کی اور ایک گھوڑا اور پچاس اشرفی اُسے مرحمت فرمائین اور ارشاد کیا کہ تو گھوڑے پر سوار ہوکر اس شہر سے نکل جا تو کوئی تجھے مزاحمت نہ پہونچا وے قلندر اُسے لے کر حسب الارشاد کار بند ہوا اور چند ساعت کے بعد جب وقت ارتحال پہونچا آپ نے وصیت کی کہ سید محمد گیسو دراز مجھے غسل دیوین اور اس خرقہ مین جو شیخ نظام الدین اولیا سے پہونچا ہی لپیٹ کر مع عصا اور مصلا مجھے قبر مین رکھین الغرض وہ جناب اٹھارھوین تاریخ ماہ رمضان المبارک شب جمعہ ۷۵۷ھ سات سو ستاون ہجری مین ساٹھ رحمت ایزدی کے واصل ہوئے اور سید محمد گیسو دراز نے حسب وصیت عمل کرکے غسل و کفن دے کر مدفون کیا اور مدت آپ کی عمر کی بیاسی برس راوی نشان دیتے ہین اور نقل ہی کہ سید محمد گیسو دراز نے جب دیکھا کہ پیر بے نظیر شیخ نصیر الدین اودھی المشہور بچراغ دہلی سے خرقہ اور عصا اور مصلا نہ پہونچا گریان باسینۂ بریان شہر دہلی سے برآمد ہوکر دکن کی طرف گئے اُس وقت مین شاہ فیروز شاہ بہمنی دکن مین فرمان روا تھا وہ سید کے آنے سے نہایت خوش ہوا اور انھین باعزاز تمام احمد آباد بیدر مین پہونچایا اور اُس تفصیل سے کہ جو احوال مین اُس کے لکھا گیا سید کا مرید اور معتقد ہوا اور اُن کی تعظیم و تکریم مین زیادہ تر کوشش کرکے ایک گنبد کہ سید اُس مین مدفون ہین تیار کیا اور راجاہای دکن کو اُن بزرگوار کی نسبت حد سے زیادہ اعتقاد اور اخلاص تھا سلطان فیروز شاہ نے فرمایا کہ جو صبے شاہان بہمنیہ نے اُن سید کو وقف کیے ہین شاہان عادل شاہیہ و نظام شاہیہ اور قطب شاہیہ اُن کے فرزندون پر حسب دستور بحال رکھین اور اولاد اُن کی دو فرقہ ہوئی بعض نے مذہب امامیہ لیا اور بعضے مذہب حنفی رکھتے ہین کہتے ہین کہ جب سید گجرات کے راستہ سے دکن مین روانہ ہوئے شیخ نصیر الدین اودھی المشہور بہ چراغ دہلی کے بہت مریدون نے اُن کی ہمراہی اختیار کی لیکن جب اُنکے ہمراہ نہروالہ مین پہونچے اور خواجہ رکن الدین کان شکر سے ملاقات کی خواجہ نے پوچھا کہ اپنے تئین کہان پہونچایا فرمایا مین نے کام شبلی اور جنید کا کیا لیکن کچھ کشائش اپنے کام مین نپائی خواجہ نے کہا اس سبب سے کہ اُن بزرگوارون نے کیسۂ زر پھینکا تھا اور تو نے جمع کیا سید بتنہ ہوے اور کیسۂ زر جو شیخ کمر مین رکھتے تھے اُسے اپنے پاس سے دور کیا ایک مریدان شیخ نصیر الدین اودھی چراغ دہلی سے شیخ اخی سراج پروانہ ہین اور وہ اگرچہ شیخ نظام الدین اولیا کی نسبت ارادت صادق رکھتے تھے اور اُس جناب سے تربیت پاکر بنگالہ کی طرف رخصت ہوئے تھے لیکن شیخ نظام الدین اولیا کی بعد وفات پھر دہلی مین آئے اور دست ارادت شیخ نصیر الدین چراغ دہلی کے ہاتھ مین دیکر درجۂ کمال کو

پہونچے اور خرقہ بنگالہ کی خلافت کا پایا اور مشہور ہی کہ جب شیخ نصیر الدین اودھی نے انھین بنگالہ کی خلعت عطا فرمائی انھون نے عرض کیا کہ اُس مملکت مین شیخ علاء الدین قتل تشریف رکھتے ہین اور اُس طرف کی تمام خلقت اُن سے رجوع ہی میرا رہنا اُس ملک مین کیا اثر بخشے گا شیخ نے فرمایا کہ تم اوپر وے قتل جینی تم پاؤ اور وہ زیر شیخ اخی سراج پروانہ اپنے کام کی برتری کی بشارت سنکر بنگالہ کی طرف راہی ہوے مگر جس وقت کہ شیخ علاء الدین قتل کی ملاقات کو گئے وہ شیخ کے اُس ملک مین آنے سے آزردہ خاطر ہوے خبر اُن کی تشریف آوری کی سنکر چارپائی پر چار زانو ہوکر بیٹھے اور جب شیخ تشریف لائے انھین سلام کیا تو انھون نے تواضع نکی اُسی طریق سے بیٹھے رہے اور شیخ اخی سراج پروانہ چارپائی سے اُتر کر نیچے بیٹھے اور بہ بشاشت تمام کلام حقانی اور معارف سے شروع کیے خدا جانے کہ شیخ علاء الدین قتل کو کیا مشاہدہ ہوا جو یکایک چارپائی سے اُتر کر نیچے بیٹھے اور شیخ اخی سراج پروانہ کو بمبالغہ تمام چارپائی پر بٹھا کر اُن کے مرید ہوے اور شیخ نصیر الدین اودھی چراغ دہلی کے مریدان صاحب حال بہت ہین چونکہ احوال اُن کا بہ تفصیل مؤلف کی نظر سے نہین گذرا لہذا اُن کے ذکر مین نہین مشغول ہوا سلطان المشائخ شیخ نظام الدین اولیا کے خلفا کے واقعات آغاز کیے

ذکر شاہ منتخب الدین المعروف بزرزری بخش قدس سرہ کا

منقول ہی کہ شاہ منتخب الدین اور شیخ برہان الدین شیخ نظام الدین اولیا کی خدمت مین حاضر ہوکر مرید ہوے اور جو علوم متداولہ اور اخلاق حسنہ مین کمال رکھتے تھے ان بزرگوار کے منظور نظر ہوکر مراتب عالیہ پر فائز ہوے پہلے شیخ نظام الدین اولیا نے خلافت نامہ اور مصلا اور عصا اور خلعت شاہ منتخب الدین کو عنایت فرمایا اور ارشاد خلائق کے واسطے دکن مین تعین کیا اور بروایت مشہور اپنے سات سو مرید کہ بعضے پالکی سوار تھے اُن کے ہمراہ کیے شاہ منتخب الدین ان بزرگوارون کے خرچ کے بارہ مین متفکر ہوے اور سلطان المشائخ سے عرض کیا کہ ریاست مقتضی غمخواری متعلقان اور دوستان ہی اور مجھ مین یہ قوت اور استطاعت نہین شیخ نظام الدین اولیا نے مراقبہ مین جاکر فرمایا خرچ اُن آدمیون کا ہر شب نماز تہجد کے وقت تمہارے پاس پہنچے گا شاہ منتخب الدین زمین خدمت کو لب ادب سے بوسہ دے کر راہی ہوے اور دولت آباد مین پہونچکر متوطن ہوے اور آخر عمر تک ہر شب کو نماز تہجد کے وقت غیب سے ایک ڈبہ زرین آتا تھا اور شاہ علی الصباح اُسے فروخت کرکے درویشون کے صرف مین لاتے تھے اور بعضے کتب مین لکھا ہی کہ شاہ زر درج سے برآورد کرکے بوسہ دیتے تھے اور نماز تہجد کی ادا کرتے تھے اور صبح کو وہ زر رفقا کے صرف مین لاتے تھے اس سبب سے مشہور بزرزری بخش ہوے اور نقل ہی کہ جب شاہ منتخب الدین دولت آباد مین فوت ہوے اُسی دن شیخ نظام الدین اولیا نے از روے کشف دریافت کرکے

شیخ برہان الدین سے پوچھا کہ تمھارے بھائی شاہ منتخب الدین کی کیا عمر تھی وہ سمجھے کہ میرا بھائی رحمت حق مین واصل ہوا اپنے مکان مین جاکر ماتم مین بیٹھے دوسرے دن سلطان المشائخ کی زیارت کے واسطے حاضر ہوے اور شیخ نظام الدین اولیا نے اپنی وفات سے پیشتر شیخ برہان الدین کو خرقہ خلافت وکن کا مرحمت کرکے رخصت فرمایا تھا

ذکر شیخ برہان الدین رحمتہ اللہ علیہ کا

کہتے ہین جب سلطان المشائخ نے اُنھین وکن کی تقدرخصت عنایت فرمائی زمین خدمت کو بوسہ دیکر عرض کی کہ مین اِس مجلس کے بزرگوارون کو کہان پاؤن گا شیخ نے مراقبہ مین جاکر فرمایا مین نے اہل مجلس کہ چار سو آدمی ہین تھین عطا کیے پھر عرض کی کہ مین طاقت جدائی کی نہین رکھتا شیخ نے مراقبہ مین جاکر یہ ارشاد کیا کہ جس مقام مین تم رہوگے میرے اور تمھارے حجاب نہوگا چاہیئے کہ تم سفر اختیار کرو اور فتوح کے باب مین لاروا اور لاکدر ہنا شیخ برہان الدین حسب الحکم مع چار سو درویش دولت آباد مین جاکر ساکن ہوے اور اس ملک کے باشندون کو اعتقاد عظیم بہم پہونچا زر فتوح بیشمار آنے لگا اور تذکرۃ الاتقیا مین تحریر ہی کہ ابتداے حال مین باورچیخانہ نظام الدین اولیا کا اُن کے حوالہ تھا ایک روز شیخ برہان الدین باورچی خانہ مین گیج پر بیٹھے تھے سردی نے اُنپر غلبہ کیا ایک پارچہ کہ دوش پر ڈالے تھے اُسے زمین سرد پر ڈال کر بیٹھے بعدہ ایک شخص نے اُن مین سے سلطان المشائخ کو خبر پہونچائی کہ شیخ باورچی خانہ مین نہالچہ پر بیٹھے ہین فرمایا بے ادبی کی ہی ابھی ہوس اُس کے سر مین باقی ہی وہ میرے سامنے آنے پاوے یہ خبر جب شیخ برہان الدین نے سُنی پیر کی مفارقت سے نہایت بیتاب ہوے ہرچند یارون سے التماس سفارش کی فائدہ نہ بخشا آخرش امیر خسرو کے پاس التجا لے گئے اور وہ سلطان المشائخ کی خدمت مین قرب اور عزت تمام رکھتے تھے اُنھون نے رحم دلی سے اُن کی درخواست قبول کرائی اور دستار اپنے سر سے اُتار کر اُن کی گردن مین ڈال کر اُسی نہج سے سلطان الاولیا کی خدمت لے گئے اُس وقت وہ جناب کلاہ سر مبارک پر کج رکھے ہوے وضو کرتے تھے بدیہہ یہ بیت پڑھی ۔ بیت

ہر قوم راست راہے دینے وقبلہ گاہے	من قبلہ راست کردم بر سمت کج کلاہے

آنحضرت نہایت خوش وقت ہوے اور اُٹھکر دونون سے بغلگیر ہوے اور منقول ہی کہ ایک روز سلطان المشائخ کے روبرو شیخ بایزید بسطامی کی تعریف کرتے تھے آنحضرت نے فرمایا ہم بھی بایزید بسطامی رکھتے ہین یارون نے پوچھا کہان ہی فرمایا جماعت خانہ مین بیٹھا ہی خواجہ اقبال بسرعت تمام جماعت خانہ مین گئے دیکھا کہ شیخ برہان الدین وہان بیٹھے ہین یارون نے جاناکہ یہ بات ان کے حق مین فرمائی ہی نقل ہی کہ سلطان المشائخ فرماتے تھے کہ جس وقت کوئی شخص میرے پاس بیعت کے واسطے آتا ہی مین پہلے لوح محفوظ کو دیکھتا ہون اگر وہ اہل سعادت ہی فبہا الفرا اُن کے ہاتھ

مین ہاتھ دیتا ہون اور جو اُس کے برعکس ہی توقف کرتا ہون اول اُس کی سعادت کے واسطے حق تعالےٰ سے دست بدعا ہوتا ہون بعد اُس کے اُسے مرید کرتا ہون الغرض شیخ برہان الدین جب دولت آباد مین برحمت حق واصل ہوے خاوند نے اس مقام مین اُنھین دفن کیا اور شیخ زین الدین اُن کے قائم مقام اور جانشین ہوے

ذکر شیخ زین الدین رحمۃ اللہ علیہ کا

بعضے راویون کا یہ قول ہی کہ شیخ زین الدین اودھی المشہور چراغ دہلی کے بھائی ہین اور وہ جناب بہت صاحب حال اور اہل کمال تھے جس وقت نصیر خان فاروقی والی خاندیس نے قلعہ اسیر کو آصا امیر سے لیا شیخ زین الدین سے استدعاے قدوم کی اور جو کہ وہ ارادت صادق رکھتا تھا التماس اُس کی قبول ہوئی وہ جناب اس مقام مین کہ جہان قصبۂ زین آباد ہی تشریف لائے اور نصیر خان فاروقی دریا کے اُس طرف اُس موضع مین کہ بالفعل جہان شہر برہان پور ہی وارد تھا شیخ کی خدمت مین حاضر ہوکر عرض کی کہ وہ جناب قلعہ اسیر کو اپنے نور حضور سے منور فرمائین حضرت نے یہ امر قبول نہ کیا فرمایا کہ مجھے پیر کی اجازت نہین ہی کہ آب تپتی سے عبور کرون الغرض نصیر خان چند روز جب تک کہ شیخ وہان رونق افزا رہے ہر روز صبح کی نماز شیخ کے پیچھے ادا کرکے درویشون کی خدمت مین تقصیر نہ کرتا تھا جس وقت شیخ نے عزم مراجعت کیا نصیر خان نے اُنھین تکلیف قبول قصبات اور دیہات کی آپ نے جواب دیا کہ فقیرون کو جاگیر سے کیا نسبت ہی جب نصیر خان حد سے زیادہ مصر ہوا کہ میری سرفرازی کے واسطے کچھ قبول فرمائین شیخ نے کہا یہ امر قبول کرتا ہون کہ جس مقام مین تم وارد ہوے ہو وہان پر ایک شہر میرے پیر شیخ برہان الدین کے نام آباد کرو اور اس مقام مین کہ فقیر فروکش ہوا ہی ایک قصبہ اس فقیر کے نام بناکر وخلاصہ یہ کہ نصیر خان فاروقی نے شیخ کے حضور دونون موضع کی بنا ڈالی خشت زمین پر رکھی اور شیخ کی زبان مبارک کی تاثیر سے شہر برہان پور عرصۂ قلیل مین اس قدر آباد ہوا کہ مصر کے ساتھ دعوی ہمسری کا کرنے لگا اور زین آباد بھی قصبات مین محسوب ہوا ۔

ذکر شیخ نظام الدین ابوالموید کا

اُنھون نے غزنین مین شیخ عبدالواحد سے خرقہ خلافت کا پایا اس کے بعد دہلی مین آن کر خواجہ قطب الدین بختیار کاکی کے مرید ہوے اور آن حضرت کی خدمت مین مرتبۂ کمال کو پہونچکر واصلان حق سے ہوے اور والدہ ماجدہ اُن کی بی بی سامیران کہ ہمشیرہ سید نورالدین غزنوی کی تھین وہ خواجہ قطب الدین کو بھائی کہتی تھین اور خواجہ بھی اُنھین مثل اپنی ہمشیرہ کے سمجھتے تھے اور شیخ نظام الدین اولیا فرماتے ہین کہ مین ابتداے حال مین روز جمعہ کو شہر دہلی کی مسجد جامع مین حاضر تھا ناگاہ شیخ نظام الدین

ابو المو ید تشریف لائے اور اس طرح سے دو گانہ تحیت مین مشغول ہوے کہ مجھے اُن کی حالت استغراق سے ذوق تمام حاصل ہوا بعد ادا ے نماز ایک فقیر قاسم نام منبر پر چڑھے اور ایک آیت کلام اللہ کی پڑھی بعد اس کے شیخ نظام الدین ابو المو ید نے کلام آغاز کر کے فرمایا کہ مین نے یہ بیت اپنے یار کے خط خاص سے لکھی دیکھی **بیت**

در عشق تو کی از تو حذر خواہم کرد	جان در غم تو زیر و زبر خواہم کرد

یہ بیت اس سوز و گداز سے پڑھی کہ سامعین اُسے سنکر نعرہ زن ہوے اور مجھے بھی اپنے تن بدن کا ہوش نہ رہا اور نقل ہی کہ بادشاہ غیاث الدین بلبن کے عہد مین امساک باران ہوا لوگون نے شیخ نظام الدین ابو المو ید کو دعاے باران کی تکلیف کی ناچار ہو کر دعاے باران پڑھی اور آسمان کی طرف مُنھ کر کے فرمایا کہ مجھے تسم ہی تیری عظمت اور بزرگواری کی اگر تو آج کے دن پانی نہ برساوے گا مین کسی آبادی مین نہ رہون گا غرض کہ حضرت ابھی منبر سے نہ اُترے تھے کہ باران رحمت نازل ہوا اور راوی کا یہ بھی قول ہی کہ سید قطب الدین ترمذی ایک بزرگان وقت سے تھے اُنھون نے شیخ سے کہا کہ مین جانتا ہون آپ کو حق تعالے کے ساتھ اخلاص اور نیاز تمام ہی لیکن یہ بات آپ نے کیون فرمائی کہ اگر پانی نہ برسے گا مین کسی آبادی مین نہ رہون گا شیخ نے جواب دیا مین یقین جانتا تھا کہ حق سبحانہ تعالے باران رحمت نازل کرے گا مین نے اس واسطے یہ فضولی کی تھی اور بعضون کا یہ قول ہی کہ شیخ نظام الدین ابو المو ید نے جواب دیا کہ مجھ سے اور سید نور الدین مبارک غزنوی سے شمس الدین التمش کی مجلس مین کچھ نزاع ہوئی تھی اور لوگون نے اُنھین مجھ سے رنجیدہ کیا تھا اور اُس وقت مین مجھے یارون نے دعاے باران کی تکلیف دی مین نے اُن کے روضہ مین جاکر فاتحہ پڑھا اور یہ کہا کہ مجھسے درگذر کیجیے ناگاہ روضۂ مبارک سے آواز آئی کہ مین نے تجھسے صلح کی جا دعا کر کہ البتہ حق تعالے باران رحمت نازل فرماوے گا بسبب اس اعتماد کے یہ کلمہ زبان پر لایا تھا اور کہتے ہین کہ اُس دن منبر پر آمد ہو کر شیخ نے ہاتھ آستین مین کر کے اور ایک کپڑا بر آوردہ کر کے آسمان کی طرف دیکھا اور اُس کپڑے کو جنبش دے کر دعا پڑھی اس صورت مین ملا وجیہ الدین یحیٰی کہ وہ خواجہ کے مرید تھے لوگون نے اُن سے پوچھا کہ وہ پارچہ کیسا تھا فرمایا کپڑا خواجہ قطب الدین بختیار کاکی کا داسن تھا خواجہ نے میری والدہ بی بی سامیران کو عنایت فرمایا تھا وہ ہی اجابت دعا مین دخیل ہوا

ذکر امیر خسرو دہلوی کا

نام اصلی ان کا ابو الحسن ہی اور آن حضرت کے والد امیر سیف الدین محمود امراے ہزارہ بلخ سے تھے اور قریش کے اطراف مین رہتے تھے اور چنگیز خان کے فتنہ شروع ہونے کے قریب وہان سے ہندوستان مین آن کر امرا کی سلک مین منتظم ہوے اور امیر خسرو قصبۂ مومن آباد مین کہ اس زمانہ

مین اُس قصبہ کو پٹیالی کہتے ہین پیدا ہوے اور آٹھ برس کے سن مین جیسا کہ مذکور ہوا باپ اور بھائی کی خدمت مین کہ اعزالدین علی شاہ اور حسام الدین نام تھا رہے اور بعد شاہ غیاث الدین بلبن کے شیخ نظام الدین اولیا کی خدمت مین مشرف ہوکر مرید ہوے جب نو برس کا زمانہ گذرا امیر سیف الدین محمود کہ جن کی عمر پچاسی برس کی تھی ایک معرکہ مین کفار کے ہاتھ سے شہید ہوے اور اعزالدین علی شاہ قائم مقام اُن کے ہوے اور امیر خسرو نے اپنے والد کے مرثیہ مین یہ بیت موزون کی **بیت**

سیف از سرم گذشت دل من دو نیم شد	دریاے خون روان شد و در یتیم شد

اور بعد شہادت امیر سیف الدین محمود کے امیر خسرو کے نانا جن کا خطاب عماد الملک اور اعیان عصر سے تھے اور ایک سو تیرہ برس کی عمر رکھتے تھے صفت اُن کی دیباچۂ غرت الکمال مین تحریر ہی اُن کی پرورش و پرداخت مین مشغول ہوے اور اس قدر توجہ اور التفات اُن کی نسبت مبذول فرمائی کہ فضلاے عصر سے ہوے ایک دن شیخ نظام الدین اولیا مع اپنے اصحاب بازار کی طرف جاتے تھے اور امیر خسرو کا آغاز شباب تھا وہ بھی ہمراہ تھے خواجہ حسن شاعر کہ حسن و جمال بے مثال اور فضل و دانش مین کمال رکھتے تھے ایک دوکان مین بیٹھکر روٹی بیچتے تھے جو ہین امیر خسرو کی نگاہ اُن سے دوچار ہوئی اُن کی شکل زیبا اور حرکات موزون دیکھکر مرغ دل اُن کا گرفتار ہوا اور اُن کے قریب جاکر پوچھا روٹی کیونکر بیچتا ہی حسن نے جواب دیا کہ مین ایک پلہ مین روٹی رکھکر خریدار سے کہتا ہون کہ زر دوسرے پلہ مین رکھ جب زر اُس کا روٹی کے وزن سے بہت گران ہوتا ہی لے کہ مشتری کو ایک راستہ بتاتا ہون امیر خسرو نے جواب دیا اگر مشتری مفلس ہو اُس کی کیا تدبیر ہی کہا اُس سے زر کے عوض درد و نیاز بھی لیتا ہون امیر خسرو خواجہ حسن کے حسن کلام سے حیران رہے اور حقیقت حال شیخ سے عرض کی اور خواجہ حسن کو بھی ورد طلب دامنگیر ہوا اُنھین دنون مین دکان ترک کی اگرچہ خواجہ حسن اُس عرصہ مین شیخ کے مرید نہوئے تھے لیکن اول سے زیادہ تر علوم و کمالات ظاہری کی تحصیل مین مشغول ہوکر شیخ کی خانقاہ کی طرف آمد و شد کرتے تھے اور اُن کے اور امیر خسرو کے درمیان الفت تمام بہم پہونچی اور دونون نے شاہزادہ محمد سلطان خان شہید بن بادشاہ غیاث الدین بلبن کی کہ ملتان کا حاکم تھا نوکری اختیار کی امیر خسرو شاہزادہ کے مصحف دار اور خواجہ حسن دوات دار ہوے جب محمد سلطان خان شہید دہلی مین آتا تھا دونون عزیز شاہزادہ کی خدمت سے فارغ ہوکر اکثر اوقات شیخ کی ملازمت مین بسر لے جاتے تھے پھر رفتہ رفتہ اُن کی عاشقی اور معشوقی کا اس قدر شہرہ ہوا کہ غرض گویون نے شاہزادہ سے عرض کی کہ تمام خلق امیر خسرو اور خواجہ حسن کو اہل ملامت سے جانتی ہی یہ قرب خدمت کے قابل نہین ہین امیر خسرو نے اُنھین دنون مین یہ غزل کہ جس کا مطلع یہ ہی موزون کی ؎

زین دل خود کام کارسن برسوائی کشید	خسرو افغان دل بردن ہمین بار آورد

بعد اس کے محمد سلطان خان شہید نے از روے مصلحت خواجہ حسن کو امیر خسرو کی مصاحبت اور اختلاط

سے ممانعت فرمائی لیکن جو رشتہ محبت کا اُن کے درمیان مین مضبوط تھا ممانعت نے کچھ فائدہ نہ بخشا اور اہل غرض نے پھر یہ امر محمد سلطان خان شہید سے عرض کیا اور اس مرتبہ شاہزادہ نے غیظ مین آن کر چند تازیانہ خواجہ حسن کو مارے اور وہ وہان سے برآمد ہوکر پھر امیر خسرو کے مکان پر گئے اور محمد خان شہید کو اُسی وقت یہ خبر پہونچی متعجب ہوکر ایک حضار مجلس سے کہ حقیقت حال سے مطلع تھا یہ فرمایا کہ اُنکی محبت مجازی زیور حقیقت سے آراستہ ہوئی ہے اور ان کا جمال حال پردہ عفت اور صلاح سے پیراستہ ہوا ہے محمد سلطان خان شہید نے آدمی بھیجکر امیر خسرو کو طلب کرکے پوچھا کہ محبت تمھاری آمیزش ہوا سے پاک ہے یا نہین اُنھون نے جواب دیا کہ دوئی ہمارے درمیان سے کوچ کرگئی محمد سلطان خان شہید نے گواہ طلب کیے امیر خسرو نے ہاتھ آستین سے برآوردہ کرکے کہا مصرع

گواہ عاشق صادق در آستین باشد

محمد سلطان خان شہید نے جب دیکھا کہ نشان تازیانہ کا جس مقام پر خواجہ حسن کے پہونچا تھا امیر خسرو کے ہاتھ پر ظاہر ہے سکوت اختیار کیا اور امیر خسرو نے فوراً یہ رباعی پڑھی - رباعی

عشق آمد و شد چہ خوانم اندر رگ و پوست	تا کرد مرا ہی و پر کرد دو دوست
اجزاے وجودم ہمگی دوست گرفت	نامیست مرا ازمن و باقی ہمہ اوست

اور اُس وقت مین نسیم عالم تحقیق کی اُن کے باغ امید پر چلی عالم اور ما فیہا اُن کی نظر ہمت مین ایک خس دکھلائی دیے شاہزادہ کی ملازمت سے مستعفی ہوے لیکن محمد سلطان خان شہید نے انھین بحال رکھا اور بعد اس کے جب محمد سلطان خان شہر ملتان مین بدرجہ شہادت فائز ہوے امیر خسرو دہلی مین آن کر امیر علی جامہ دار کے ملازم ہوے اور تعریف اُس کی امیر خسرو کے دیوان مین بہت ہے اور بعدہ بادشاہ جلال الدین خلجی کے مقرب ہوے اور مثل اپنے باپ اور بھائی کے مدارج علیہ پر پہونچ کر امراے کبار مین مخصوص ہوے اور بادشاہ قطب الدین مبارک شاہ کے عہد تک جو بادشاہ تخت پر اجلاس کرتا امیر خسرو کو معزز کرکے امراے کے جرگہ مین رکھتے تھے اور بادشاہ غیاث الدین تغلق شاہ کہ تغلق نامہ بنام نامی اُس کے ہے امیر خسرو کو اور امراے کبار سے زیادہ ترعزت دے کر سفر بنگالہ مین اپنے ہمراہ رکھتا تھا لیکن مراجعت کیوقت بادشاہ نے کسی کام کے واسطے امیر خسرو کو لکھنوتی مین چھوڑا اُس اثنا مین امیر خسرو نے جب سنا کہ شیخ نظام الدین اولیا رحمت حق مین واصل ہوے اس سبب سے بیتاب ہوکر تبعجیل تمام آن حضرت کے مزار پر حاضر ہوے اور نقد وجنس سے جو کچھ رکھتے تھے روح پرفتوح کی ترویح کے واسطے فقرا اور مساکین پر تقسیم کیا اور بادشاہ کی خدمت سے دست کش ہوکر مجرد ہوے اور کپڑے سیاہ پہن کر آنحضرت کی قبر پر ساکن ہوے اور مفارقت سے ایسے محزون اور مغموم ہوے کہ سلطان المشائخ کی بعد وفات کچھ ماہ کا عرصہ گذرا تھا جمعرات کو انتیسوین تاریخ ماہ ذی قعدہ سنہ ۷۲۵ سات سو پچیس ہجری مین بجوار رحمت ایزدی واصل ہوے اور اُسی خطیرہ مین اپنے مرشد کے پائین دفن ہوے اور منقول ہے

کہ شیخ نظام الدین اولیا نے بارہا فرمایا تھا کہ امیر خسرو بعد میرے زندہ نرہے گا جب رحلت کرے میرے پہلو مین دفن کرنا کہ وہ میرا صاحب اسرار ہی اور مین بھی بغیر اُس کے بہشت مین قدم نہ رکھون گا اور اگر دو شخص کا ایک قبر مین دفن کرنا جائز ہوتا تو مین وصیت کرتا کہ اُسے میری قبر مین دفن کرین تو دونون ایک جا رہتے الغرض جب امیر خسرو فوت ہوے چاہا کہ وصیت کے موافق شیخ کے پہلو مین مدفون کرین ایک خواجہ سرا کہ منصب وزارت رکھتا تھا اور شیخ کا مرید تھا مانع ہوا کہ شیخ کے بعضے مریدون کا شیخ اور امیر خسرو کے مزار مین شبہہ واقع ہوگا اس واسطے انھین شیخ کے بائین پاردن کے چبوترہ پر مدفون کیا چنانچہ یہ قطعہ میرے اُستاد کا مادۂ تاریخ اُن کا ہی

قطعہ تاریخ

میر خسرو خسرو ملک سخن	آن محیط فضل و دریاے کمال	نثر او دلکش ترا ز مار معین
نظم او صافی ترا ز مار زلال	بلبل بستان سراے داد و دین	طوطی شکر مقال بے زوال
از پی تاریخ سال فوت او	چون نہادم سر بزانوے خیال	شد عدیم المثل یک تاریخ او
	دیگرے شد طوطی شکر مقال	

تذکرۃ الاولیا مین مسطور ہی کہ امیر خسرو اُستاد ان ماضیہ کی نسبت طعنہ زن ہوتے تھے خاص اُس وقت مین کہ خمسۂ نظامی کا جواب کہتے تھے اور سلطان المشایخ نظامی گنجوی کے باطن سے خوف کھا کر منع کرتے تھے اور امیر خسرو در جواب کہتے تھے کہ مین آپ کی پناہ مین ہون کچھ آسیب مجھے نہ پہونچے گا قضارا جب یہ بیت کہی بیت

کوکبۂ خسرویم شد بلند	غلغلہ در گور نظامی فگند

ناگاہ تیغ برہنہ امیر خسرو کی طرف نمودار ہوئی امیر خسرو نے نام شیخ اور شیخ فرید الدین مسعود گنج شکر کا لیا اُس وقت ایک ہاتھ پیدا ہوا اور آستین کا سر تیغ کے پیلیہ مین دیا وہ تلوار دہان سے گذر کر کے ایک بیر کے درخت پر کہ اُس مقام مین تھا پہونچی امیر خسرو شیخ کی خدمت مین حاضر ہوے اور یہ حال اپنے پیر و مرشد سے اظہار کیا چاہتے تھے کہ شیخ نے سر آستین کا انھین دکھلایا پھر امیر خسرو نے زمین خدمت کو لب ادب سے بوسہ دے کر دعا کی اور شیخ نے

اُن کے حق مین یہ دو بیت فرمائین ابیات

خسرو کہ بہ نظم و نثر مثلش کم خاست		ملکیت ملک سخن از خسرو ماست	
ابن خسرو ماست ناصر خسرو نیست		زیرا کہ خدا ناصر این خسرو ماست	

شیخ آذری نے جواہر الانوار مین لکھا ہی کہ شیخ مصلح الدین سعدی شیرازی عین پیرانہ سالی مین شیراز سے امیر خسرو کی ملاقات کو ہندوستان مین آئے شعر مین حق استادی اُن پر ظاہر کرتے تھے امیر خسرو بھی نہایت اعتقاد آن حضرت سے رکھتے تھے اُس بیت سے اُن کا اعتقاد ظاہر ہی بیت

خسرو سخنست اندر سا غر معنی بریخت	شیراز نخواہد سعدی کہ در شیراز بود +

اور دوسرے مقام مین فرمایا مصرع

جلد سخم در بیان شیراز و شیرازی

اور یہ بھی منقول ہے کہ شیخ نظام الدین اولیا نے بارہا فرمایا تھا کہ خدا نے مجھے اس ترک کے سوز سینہ کے سبب بخشے اور امیر خسرو نے اُن کی مدح مین بہت کچھ کہا ہے اور یہ دو بیت انھین مین سے ہین ابیات

جدا از خانقاہ او بہ تقدیم
ملک کردہ بہ سقفش آشیانہ

حلیم کعبہ را ماند بہ تعظیم
چو اندر سقفہا کنجشک خانہ

اور بعضے کتب مین فقیر کی نظر سے گذرا ہے کہ ریاضت امیر خسرو کی باوجود شغل امارت کے اس درجہ اعلی کو پہونچی تھی کہ چالیس سال صوم الدہری مین بسر کیے اور حضرت خواجہ خضر کی ملاقات سے مشرف ہو کر لعاب دہن کی التماس کی چنانچہ حضرت خواجہ خضر نے ارشاد کیا کہ یہ دولت شیخ مصلح الدین سعدی شیرازی کے نصیب ہو چکی امیر خسرو نے شیخ نظام الدین اولیا کی ملازمت مین حاضر ہو کر وہ حقیقت عرض کی شیخ نے اپنا آب دہن اُن کے دہن مین ڈالا چنانچہ اُس کی تاثیرات اور برکات سے امیر خسرو نے بانوے کتاب سلک نظم مین منتظم کین اور مشہور ہے کہ امیر خسرو نے اپنی بعضی تصانیف مین لکھا ہے کہ میرے اشعار پانچ لاکھ سے کمتر اور چار لاکھ سے زیادہ تر ہین اور یہ بھی فرمایا کہ ایک روز میرے دل مین یہ خیال گذرا کہ میرا تخلص اہل دول سے ایک نسبت رکھتا ہے اگر فقرا کی نسبت منسوب ہوتا تو کیا خوب ہوتا عرصۂ قیامت مین مجھے سایہ اُس نام کے بلانے سلطان المشائخ نے یہ امر دریافت کر کے فرمایا کہ وقت سعید مین تیرا تخلص رکھا جاوے گا پھر بعد چند روز کے فرمایا مجھے یون ظاہر ہوا کہ تجھے صحرائے محشر مین محمد کا سہ لیس کہہ کر بلاوین گے اور امیر خسرو کی مدت عمر پورا سی برس کی تھی

ذکر شیخ سلیم قدس سرہ کا

آنحضرت شیخ فرید الدین مسعود گنج شکر کی اولاد سے ہین باپ اُن کے سپاہی تھے قصبہ سیکری مین جو شہر آگرہ سے بارہ کوس ہے رہتے تھے اور شیخ سلیم کی اُسی قصبہ مین ولادت ہوئی جب سن رشد اور تمیز کو پہونچے مسائل لابدی سے بہرہ حاصل کر کے تصفیۂ باطن مین کوشش کی اور دو مرتبہ سیکری سے ولایت مین جا کر ممالک عرب اور عجم اور روم اور یمن کی سیر کی ایک مرتبہ سولہ برس اُس حدود مین رہے دوسری مرتبہ سات برس اور ایک مدت بصرہ مین بسر لے جا کر تیئیس حج کر کے ہندوستان مین مراجعت کی اور اُس پہاڑ پر جو سیکری کے پہلو مین واقع ہے سکونت اختیار کی اور عبادت اور ریاضت مین مشغول ہوے اکثر ایام صوم مین بسر لے جاتے تھے اور شیر شاہ اور سلیم شاہ افغان سور اور خواص خان کہ اُن کے امرا سے کبار سے تھے آنحضرت سے ارادت صادق رکھتے تھے اور جلال الدین محمد اکبر بادشاہ نے بھی آنحضرت سے محبت اور اخلاص بہم پہونچا کر اُس پہاڑ مین ایک شہر موسوم بہ فتح پور بنا فرمایا اور بارہ برس تک اُسے تختگاہ کر کے شیخ کے

مکان کے قریب ایک مسجد اور خانقاہ نہایت تکلف کی تعمیر کی اور محمد اکبر بادشاہ شیخ کی مجلس مین اکثر حاضر ہوکر شیخ کی تعظیم اور تکریم مین کوشش کرتے تھے اور جب آن حضرت سنہ ۹۷۰ نوسو ستر ہجری مین برحمت حق واصل ہوے آن حضرت کے بڑے صاحبزادہ شیخ بدر الدین سجادہ نشین ہوے اور بعد چند روز کے مکہ مین جاکر وفات پائی ان کا دوسرا بیٹا کہ قطب الدین نام رکھتا تھا وہ اس سبب سے کہ اُن کی والدہ نے نور الدین محمد جہانگیر بادشاہ کو دودھ پلایا تھا اُس بادشاہ صوری اور معنوی کے عہد مین مرتبہ بزرگی اور امارت پر پہونچا حکومت بنگالہ کی پائی اور بعد چند عرصہ کے وہ ایک اہل غدر کے ہاتھ سے مقتول ہوا شیخ بدر الدین کا فرزند کہ علاء الدین نام رکھتا تھا بخطاب اسلام خان اور حکومت بنگالہ پر سرفراز ہوا اور شیخ سلیم چشتی کی نسبت شیخ فرید الدین مسعود گنج شکر سے یون ہے شیخ سلیم بن بہاء الدین بن شیخ سلطان بن شیخ آدم بن شیخ موسی بن شیخ مودود بن شیخ بدر الدین بن شیخ فرید الدین مسعود ابو ذہنی المشہور بگنج شکر قدس اللہ اسرارہم ورفع درجاتہم فی القدس ان اوراق کے ناظرین پر تمکین پوشیدہ نہ رہے کہ سلسلہ چشت مین سوائے جماعت مذکورہ کے اور بھی اولیاء اللہ بہت ہین کہ احوال اُن کا فقیر کی نظر سے نہین گذرا مثل مولانا شیخ جمال ہانسوی اور مولانا بدر الدین اسحٰق اور شیخ بدر الدین سلیمان اور شیخ علاء الدین اور مولانا فخر الدین اور شیخ شہاب الدین امام اور دوسرے بہت مشائخ کہ نام اُن کے فقیر کے گوش زد نہین ہوے اس صورت مین اگر توفیق رہبری کرے گی اور وہ کتاب کہ مشتمل اُن کے حالات پر ہے نظر سے گذرے گی خلاصہ اس کا اضافہ کتاب ہذا ہوگا والاجس شخص کو فرصت ہووے تحریر کرکے ملحق کرے کہ فقیر ممنون تلطف ہوگا

لمعہ دوسرا خاندان سہروردیہ ملتان کے بیان مین
ذکر حضرت شیخ بہاء الدین زکریا قدس سرہ کا

ابیات

آن محرم راز لامکانی	موصوف صفات جاودانی	افلاک بزیر پاے کردہ
در عالم عشق جاے کردہ	جاروفتہ از فناے توحید	پاکوفتہ در مقام تمہید
باملن بہویت وحقیقت	ظاہر بشریعت وطریقت	آن پاک گزیدۂ مشائخ
وان مردم دیدۂ مشائخ	سلطان سریر ملک تمکین	یعنی کہ بہاے ملت ودین

زبدۃ الاتقیا خلاصۃ الاولیا شیخ بہاء الدین زکریا قدس اللہ سرہ العزیز مشائخ کبار سے ہین ہندوستان اُن کے غبار آستان سے سربرفعت کا آسمان پر رکھتا ہے اور جد بزرگوار آنحضرت کے کمال الدین علی شاہ قریشی ملکہ معظمہ سے خوارزم کی طرف آئے اور وہان سے قبۃ الاسلام ملتان مین تشریف لاکر ساکن ہوے اور جو کہ جد آپ کے صلاح اور تقوی مین کمال رکھتے تھے باشندے وہان کے اُنکے

آنے سے نہایت محظوظ ہوے اور مریدون کے مانند باعزاز واکرام پیش آئے اور کمال الدین علی شاہ نے وہان استقامت فرمائی اور قلعہ کوٹ کرورمین جس کو سلطان محمود نے فتح کیا تھا مولانا حسام الدین ترمذی رہتے تھے جو چنگیز خان کے فتنہ مین ترمذ سے جلاے وطن ہوکر یہان قلعہ کوٹ کرورمین آئے تھے کمال الدین علی شاہ اُن کی دختر پاکیزہ گوہر کو اپنے فرزند شیخ وجیہ الدین کے عقد ازدواج مین لائے اور شیخ بہاء الدین زکریا اُس دختر بلند اختر کے بطن مبارک سے قلعہ کوٹ کرورمین ۵۷۸ھ پانسو اٹھتر ہجری مین پیدا ہوے اور شیخ عین الدین بیجاپوری نے تذکرۃ الاولیا مین لکھا ہے کہ شیخ بہاء الدین زکریا اولاد مہیار بن اسود بن مطلب بن اسد بن عبد العزی بن قصی سے ہین اور مہیار اسلام مین آئے تھے اور اُن کے بھائی مسمیان زمعہ اور عمرو اور عقیل بحالت کفر جنگ بدر مین قتل ہوے تھے اور سودہ جو پیغمبر صلی اللہ علیہ آلہ وسلم کے ازواج مین تھین بیٹی زمعہ کی ہین الغرض جب شیخ بہاء الدین زکریا بارہ برس کے ہوے شیخ وجیہ الدین اس دار ناپائدار سے کوچ کرکے رحمت حق مین واصل ہوئے اور شیخ بہاء الدین زکریا نے سفر خراسان کا اختیار کیا اور وہان عارفون کی صحبت مین پہونچکر فیضیاب ہوے اور بخارا مین جاکر علوم ظاہری کی تحصیل مین مشغول ہوے اور مرتبہ اجتہاد کو پہونچے اور شہرت عظیم پائی پندرہ سال کی عمر مین خلائق کی تدریس اور افادۂ علوم مین مصروف ہوے چنانچہ ہر روز ستر مرد علما اور فضلا اُن سے استفادہ کرتے تھے بعد اُس کے مکۂ معظمہ مین جاکر حج مناسک بجالائے اور ایک راوی کہتا ہے کہ آن حضرت مدینۂ رسول اللہ مین پانچ برس مجاور رہے اُس کے بعد شیخ کمال الدین محمد یمنی کے پاس کہ مُحدثین کبار سے تھے تین برس مدینۂ منورہ مین تدریس حدیث فرماتے رہے تھے کتب حدیث کو ختم کرکے اور اجازت حاصل کرکے بیت المقدس کی طرف تشریف لے گئے اور انبیا علیہم السلام کی زیارت سے مشرف ہوکر بغداد مین آئے اور وہان کے مشائخ کی زیارت کرکے شیخ الشیوخ شہاب الدین عمر سہروردی کی صحبت کے فیض سے مشرف ہوے اور بروایت شیخ نظام الدین اولیا سترہ روز مین خرقہ خلافت کا حاصل کیا کہتے ہین کہ جب شیخ بہاء الدین زکریا بقصد حصول فقر عنایت اور خرقہ خلافت شیخ الشیوخ کی مجلس مین حاضر ہوے ایک رات کو شیخ کی خانقاہ مین یہ واقعہ دیکھا کہ ایک مکان ہے منور سرور کائنات صلوات اللہ علیہ اُس مین تشریف رکھتے ہین اور شیخ الشیوخ شیخ شہاب الدین عمر بطریق محجاب آپ کے روبرو ایستادہ ہین اور اس مکان مین ایک طناب بندھی ہوئی ہے اور خرقہ بند اُس طناب پر آویزان ہین بعد اُس کے خلاصۂ موجودات نے شیخ الشیوخ کے ذریعہ سے شیخ بہاء الدین کو اپنے روبرو بلایا اور شیخ الشیوخ نے اُن کا ہاتھ پکڑکے مسند نشین بارگاہ نبوت کے قدمبوس سے مشرف کیا اور آنحضرت نے شیخ الشیوخ کو اشارہ کیا کہ فلان خرقہ شیخ بہاء الدین زکریا کو پہنا شیخ الشیوخ نے حضرت کے فرمان کے بموجب عمل کرکے دوبارہ شیخ کو پاے بوس اقدس سے سربلندی بخشی اور وہ جناب بسبب اس خواب کے شیخ الشیوخ کے

خرقہ کے امیدوار ہوکر خوش حال ہوے قضارا علی الصباح اُن بزرگوار نے شیخ بہاءالدین زکریا کو
مکان کے اندر طلب کیا اور اُس مکان کو ساتھ اُس وضع کے جو خواب مین دیکھا تھا مشاہدہ کیا اور
شیخ الشیوخ شہاب الدین عمر نے اُٹھکر اپنے ہاتھ سے وہ خرقہ کہ حضرت رسالت پناہ نے اشارہ
سے فرمایا تھا طناب سے اُٹھا کر اُنھین پہنایا اور یہ فرمایا کہ اے شیخ بہاءالدین زکریا یہ خرقے حضرت
نبوت پناہی کے ہین اور مین درمیان مین متوسط ہون بے اجازت آنحضرت کے کسی کو نہین دیسکتا
ہون شیخ نظام الدین اولیا فرماتے ہین کہ جب چند روز مین شیخ بہاءالدین زکریا کو یہ نعمت عظمےٰ نصیب
ہوئی وہ درویش جو مدت مدید سے شیخ الشیوخ کی ملازمت مین حاضر تھے متعجب ہوے کہ ہمین باوجود
خدمت چند سالہ کے یہ دولت نصیب نہوئی اور ہندی فقیر نے بمجرد پہونچنے کے یہ سعادت حاصل کی بعد
اس کے شیخ الشیوخ نے عالم کشف مین یہ امر دریافت کرکے درویشون سے فرمایا کہ تم لوگ
لکڑی تر کے مانند ہو اور زکریا بمنزلہ ہیزم خشک ہے اور آگ خشک لکڑی کو جلد تر پکڑتی ہے بعد اس
کے شیخ الشیوخ نے شیخ بہاءالدین زکریا کو وداع کیا اور رخصت کے وقت فرمایا کہ ملتان مین جاکر
سکونت کرو کہ اُس ملک کے باشندون کی ہدایت تم سے رجوع ہوئی ہے کہتے ہین اُس وقت
مین شیخ جلال الدین تبریزی کہ خدمت مین شیخ الشیوخ کے حاضر تھے عرض پیرا ہوے کہ مجھے
شیخ بہاءالدین زکریا سے کمال محبت ہم پہونچی ہے اگر ارشاد ہو اُن کی صحبت مین رہ کر ہند کی
سیر کرون شیخ الشیوخ نے رخصت فرمایا لیکن شیخ جلال الدین تبریزی خوارزم تک ہمراہ گئے
اور وہان اجازت لے کر اُس حدود مین توقف کیا اور شیخ بہاءالدین زکریا ملتان مین جاکر
متاہل ہوے اور شیخ صدرالدین عارف اور دیگر فرزند بھی آفریدگار عالم نے اُنھین کرامت
فرمائے اور شیخ بہاءالدین زکریا کے مرید بہت ہین از انجملہ ایک سید جلال بخاری ہین احوال اُن
کا مرقوم ہوگا اور دوسرے آن حضرت کے مریدون سے شیخ فخرالدین اور شیخ ابراہیم عراقی ہین اور شیخ
ابراہیم عراقی اٹھارہ برس کے سن مین اپنے مدرسہ مین جو نہایت پرتکلف تھا بیٹھکر درس دیتے تھے
اور طلبہ کو فیض پہونچاتے تھے ان دنون مین ایک جماعت قلندرون سے مدرسہ مین آن کر
اُن کی ملاقات سے شرف یاب ہوئی اور جو کہ اُس جماعت مین ایک مرد صاحب جمال تھا شیخ کی
نگاہ جو ہین اُس پر پڑی دل ہاتھ سے جاتا رہا درس و بحث کو ترک کرکے اُن کی مہمانی مین مشغول
ہوے اور جب تین چار روز کے بعد قلندر اُس حال سے واقف ہوے خراسان کا راستہ لیا
شیخ ابراہیم عراقی بیتاب ہوکر دو تین روز کے بعد اُنکی تلاش مین روانہ ہوے اور اُن کے پاس
پہونچکر ارادہ رفاقت کا کیا قلندرون نے عرض کی آپ مرد بزرگ ہین قلندران ابرو تراش کے ساتھ
کیونکر صحبت برآرہوگے شیخ ناچار ہوکر چار ابرو ترشوا کر اُن کا لباس پہنکر رفیق ہوے اور اُس جماعت
کے ہمراہ سیر کرتے ہوے ملتان مین پہونچے اور شیخ بہاءالدین زکریا کی خانقاہ مین گئے جب
نظر شیخ کی اس جماعت پر پڑی عراقی کو آپ نے پہچانا اور متعجب ہوے کہ یہ معاملہ کیا ہے بعد اُس کے

ہمت مصروف فرمائی کہ انھین لباس قلندری ترک کرا کے اُس لڑکے کی قید عشق سے نجات بخشین
قضارا شیخ کو خبر پہونچی کہ قلندران مسافر ملتان سے نکل گئے اور شیخ نے تامل کیا اس درمیان ایک
آندھی نہایت عظیم کہ کسی نے نہ دیکھی تھی اٹھی اور گرد و غبار کی کثرت سے دن سے لباس رات
کا پہنا فضاے عالم تیرہ و تاریک ہوا قلندرون کی جماعت جس راہ مین کہ جب اتفاقی تاریکی کی شدت
سے سراسیمہ اور بدحواس ہوئی اور خبر ایک دوسرے کی نہ رکھکر متفرق اور پریشان ہوکر ہر ایک طرف
جا پڑی اور شیخ ابراہیم عراقی بے قصد و ارادہ ایسے راستہ مین پڑے کہ وہ بے اختیار شیخ
بہاء الدین زکریا کے مکان پر پہونچے اور شیخ نے حسب اطن سے دریافت کرکے خادم کو بھیجکر
انھین خانقاہ مین طلب کیا اور ابراہیم عراقی کو اپنے آغوش مبارک مین کھینچا جب شیخ کا سینہ اُن کے
سینہ پر پہونچا اُسی وقت قلندر بچہ کی محبت ابراہیم عراقی کے دل سے دور ہوئی اور شیخ نے
انھین اپنے لباس خاص سے مشرف فرمایا اور اُن کے رہنے کے واسطے ایک حجرہ مقرر کرکے
تربیت مین مشغول ہوے اس کے بعد شیخ نے اپنی دختر کریمہ عفت اور پرہیزگاری مین اپنے وقت
کی رابعہ تھی اُن کے عقد نکاح مین دی اور ابراہیم عراقی اور پیر محمد شہریار جو بھانجے شیخ الشیوخ
شیخ شہاب الدین سہروردی کے تھے وہ ہمیشہ سادہ عذارون کو بہ نظر پاک دیکھتے تھے ایک
روز اہل اغراض نے شیخ الشیوخ سے عرض کی کہ ابراہیم عراقی ایک مغلبند کے لڑکے کے روبرو بیٹھکر
نظارہ کرتا ہی شیخ الشیوخ نے بلاکر ملامت کی اور فرمایا اے ابراہیم عراقی دوئی دیکھتا ہی کہ اس کام
مین مشغول ہی اُٹھ اور پرہیز کر اور ابراہیم عراقی نے کہا ای شیخ غیر کہان ہی جو تو کہتا ہی اور دیکھتا ہی
شیخ شہاب الدین اس گستاخی سے رنجیدہ ہوے اور ابراہیم عراقی یہ امر سمجھکر ایک مدت زار زار
روتے رہے یہان تک کہ شیخ الشیوخ اُن سے راضی ہوئے اور انھین شیخ بہاء الدین زکریا
کے پاس ملتان مین روانہ کیا چنانچہ ابراہیم عراقی ملتان مین پہونچے اور ایک روایت سے معلوم ہوتا ہی
کہ پچیس برس اُن کی خدمت مین بسر لے گئے اور سلوک یعنی ریاضت اور عبادت مین مشغول
ہوے اور فتوح حد سے زیادہ حاصل کی اور اُن دنون مین اشعار پرسوز کہتے تھے اور شیخ بہاء الدین
زکریا کو اُس کلام سے وجد اور حال پیدا ہوتا تھا اور شیخ کا ایک شب گذرا ابراہیم عراقی کے
حجرہ کی طرف ہوا زمزمہ اس غزل کا سُنا

غزل

نخستین بادہ کاندر جام کردند	زچشم مست ساقی وام کردند	برا صید مرغ جان عاشق
ززلف ماہرویان دام کردند	بعالم ہر کجا بانگ و ملامت	بہم بربند و عشقش نام کردند
زہر نقل مستان از لب و چشم	مہیا شکر و بادام کردند	چو خود کردند راز خویشتن فاش
	عراقی را چرا بدنام کردند	

شیخ کو اس غزل کے سننے سے وجد و حال عجیب ظاہر آیا اور منقول ہی کہ ابراہیم عراقی اُن دنون
مین شیخ بہاء الدین زکریا کی خدمت مین بسر لے جاتے تھے زوجہ اُن کی کہ دختر شیخ کی تھی فوت ہوئی

اور شیخ نے چاہا کہ دوسری دختر جو اُس سے چھوٹی تھی ابراہیم عراقی کے حبالۂ نکاح مین لاوین اپنے بڑے فرزند شیخ صدرالدین عارف سے اس بارہ مین مشورہ کیا اُنھون نے جواب دیا مین نے ایک روز ابراہیم عراقی کو ساباط خانقاہ پر دیکھا تھا کہ کھڑا ہوا اور پیراہن کو اُٹھا کر کسب ہوا کرتا ہو ایسا شخص لائق پیوند کے نہین ہو اور ابراہیم عراقی بعد از وفات شیخ بہ نیت حج بیت اللہ لمتان سے برآمد ہوے اور حرمین شریفین کی زیارت کے بعد روم کی سمت روانہ ہوے اور شہر قونیہ مین شیخ صدرالدین عارف کو دیکھکر کتاب فصوص اُن سے پڑھی اور نسخہ لمعات لکھا اور روم مین حسن قوال پر کہ جمال دلپذیر او حسن صورت بے نظیر رکھتا تھا عاشق ہو کر غزلین کہین چنانچہ یہ

مطلع غزل کا اُن مین سے ہی بیت

ساز طرب عشق چہ دانی کہ چہ سازست	کز زخمہ او نہ فلک اندر تک و تازست

پھر وہان سے مصر مین گئے اور ایک مومی کے لڑکے کے حسن دلربا پر شیفتہ ہوے اور بعد اُس کے ولایت شام مین جاکر شہر دمشق مین ایک امیرزادے پر عاشق ہوے اور وہان فرزندان کا کبیرالدین جو شیخ بہاءالدین زکریا کی دختر سے تھا ملتان سے آن کر باپ کی ملازمت سے مشرف ہوا خلاصہ یہ کہ ابراہیم عراقی ذیقعد کی آٹھوین تاریخ ۶۸۸ھ سات سو اٹھاسی ہجری مین فوت ہوے قبر ان کی اور اُن کے فرزند کبیرالدین کی دمشق مین شیخ محی الدین عربی کے مزار کے پیچھے ہے اور شیخ بہاءالدین زکریا کے مریدان صادق الاخلاص مین سے ایک مرید امیر حسین نام قوم سادات سے ہین اول مرتبہ اپنے والد سید نجم الدین کے ہمراہ برسم تجارت ملتان مین ہو کر مرید ہوے اور مقدمات علمی کو ساتھ کمال کے پہونچا کر فارغ التحصیل ہوے لیکن اپنے والد ماجد کے بعد عالم تجرید مین قدم رکھا اور مال دنیوی سے جو کچھ رکھتے تھے فقرا کو دے کر ملتان مین آئے اور شیخ کے مریدون کی سلک مین منتظم ہوے اور تین برس اُن کی خدمت مین رہ کر بہت کمال حاصل کیے اور اُن کی اکثر تصانیف مثل نزہت الارواح اور زاد المسافرین اور کنزالرموز وغیرہ شیخ کی شرف اصلاح سے مشرف ہوئی ہین اور شیخ بہاءالدین زکریا اور اُن کے فرزند شیخ صدرالدین عارف کی مدح کتاب کنزالرموز مین کہی ہی ابیات

شیخ ہفت اقلیم قطب اولیا	واصل حضرت ندیم کبریا	مفخر ملت بہاء شرع و دین	
جان پاکش منبع صدق و یقین	از وجود او بہ نزد دوستان	جنت الماواشدہ ہندوستان	
منکر و از نیک و از بد تا فتم	این سعادت از قبولش یافتم	زخمت ہستی چون بردن بردانیان	
کرد پرواز ہما بر آشیان	آن بلند آوازۂ عالم پناہ	سرور عصر افتخار صدر گاہ	

صدر دین و دولت آن مقبول حق	نہ فلک برخوان جودش یک طبق	

اور میر حسین چھٹی شوال سات سو اٹھارہ ہجری مین ہرات مین فوت ہوے اور شیخ بہاءالدین زکریا کے مریدون سے شیخ حسن افغان ہین کہ احوال اُن کا عنقریب مذکور ہوگا نقل ہی کہ قطب الدین ایبک

ذکر شیخ صدرالدین عارف اکثر کی شرح فصوص مشہور ہی وہ قونوی کے جانشین ہین ظاہر ہی حضرت خواجہ شیخ صدرالدین عارف قونوی ہین یا یہی حضرت ہین وہان سے پہونچ گئے ہون واللہ تعالے اعلم ۱۲

نے شمس الدین التمش کو آزاد کیا اور چتر سرخ اور سیاہ اور خرگاہ خاص سلطان معزالدین محمد سام غوری کی اُسے بخش کر ولیعہد کیا اور حکومت شہر اوجہ اور ملتان کی ناصرالدین قباچہ کو دے کر شمس الدین التمش کی اطاعت کے واسطے وصیت فرمائی قضا را ناصرالدین قباچہ نے بعد وفات قطب الدین ایبک بغاوت کر کے شمس الدین التمش کی کہ دہلی کا بادشاہ تھا اطاعت نہ کی اور ماوراالنہر کے شرع محمدی کے رواج مین بھی ساعی نہ ہوا اُس کے متعلقون نے فسق و فجور شروع کیا شیخ بہاءالدین زکریا اور قاضی شرف الدین اصفہانی عامل ملتان نے شمس الدین التمش کے پاس مکاتیب مشتمل بر اظہار مخالفت ناصرالدین قباچہ اور عدم رواج شریعت تحریر کر کے ارسال کیے اتفاقات سے وہ مکتوب ناصرالدین قباچہ کے آدمیون کو دستیاب ہوے اور ناصرالدین قباچہ اُن خطوط کو پڑھکر خط سپید پوست کے مانند پیچاب کر کے طیش مین آیا اور آدمی شیخ بہاءالدین زکریا اور قاضی کی طلب مین بھیجے جب دونون بزرگوار حاضر ہوے شیخ کو اُس نے اپنے پہلو مین بٹھایا اور قاضی کو بھی اپنے برابر بٹھا کر اُن کا خط اُن کے حوالہ کیا قاضی اُسے دیکھکر شرمندہ اور سرنگون ہوے ناصرالدین قباچہ نے قاضی کو اُسی وقت تیغ ظلم سے قتل کیا اس کے بعد دوسرا خط شیخ کو دیا شیخ نے فرمایا کہ البتہ یہ خط میرا ہی لیکن مین نے اُسے فرمان حق کے موافق لکھا ہی تو کیا کر سکتا ہے ناصرالدین قباچہ یہ کلام سنکر کانپنے لگا اور شیخ کو باعزاز و اکرام تمام رخصت کیا اور نقل ہی کہ عبداللہ نام ایک قوال روم سے ملتان مین آیا اور شیخ کی ملازمت کر کے عرض پیرا ہوا کہ شیخ الشیوخ شیخ شہاب الدین سہروردی نے میری آواز سُنی ہی آپ بھی اگر سماعت فرماتین تو بندہ نوازی سے بعید نہوگا شیخ نے فرمایا جو آنحضرت نے سنا ہی ہم بھی سُنینگے گا اور پھر رات گئے حضرت حجرہ مین تشریف لائے اور مجلس سماع کی منعقد ہوئی عبداللہ قوال نے یہ بیت بتکرار ادا کی بیت

مستان کہ شراب ناب خوردند	از پہلوے خود کباب خوردند

شیخ وجد مین آن کر ایستادہ ہوے اور چراغ آستین سے بجھایا عبداللہ قوال سے منقول ہی کہ جب شیخ اثناے سماع مین میرے قریب آئے آنحضرت کے دامن کے سوا اور کچھ مجھے نظر نہ آیا اور دوسرے دن عبداللہ قوال خلعت گرانمایہ اور بیس روپیہ نقد پاکر اجودھن کی طرف روانہ ہوا اور وہان پہونچکر شیخ فریدالدین گنج شکر سے قدمبوس ہوکر دہلی کی سمت روانہ ہوا اور پھر عرصۂ قلیل مین قصبہ اجودھن مین مراجعت کر کے ملتان کی رخصت طلب کی اور یہ عرض کی کہ راستہ مخوف ہی امیدوار دعا کا ہون شیخ نے ارشاد کیا یہان سے فلان تالاب تک میرا علاقہ ہی بعد اس کے شیخ بہاءالدین زکریا سے تعلق رکھتا ہی عبداللہ قوال زمین خدمت کو بوسہ دے کر روانہ ہوا جب اُس تالاب کے قریب پہونچا ایک جماعت راہزنون کی بیع شمشیر ہاے برہنہ نمودار ہوئی عبداللہ قوال کو حضرت شیخ فریدالدین مسعود گنج شکر کا کلام یاد آیا باواز بلند پکارا یا شیخ بہاءالدین زکریا میری مدد فرمایئے یہ کہتے ہی راہزن غائب ہوے جس روز عبداللہ قوال ملتان مین پہونچ کر شیخ کی قدمبوسی سے شرفیاب ہوا جامہ

سُرخ سقرلاتی پہنے ہوے تھا شیخ نے فرمایا کہ سُرخ لباس شیطان کا ہے کیون پہنا ہو عبداللہ قوال کو یہ قول ناگوار خاطر ہوا کلام بے ادبانہ زبان پر لایا کہ لوگون کے پاس خزانے نامحصور موجود ہین اُسپر نظر نہین کرتے پر آنے کمل کو جسکی قیمت نیم تنکہ سے بھی کم ہے عیب فرماتے ہین شیخ نے فرمایا کہ اے عبداللہ ہوش مین آ اور وہ اضطراب کہ چورون کے سبب سے تالاب پر رکھتا تھا یاد کر عبداللہ قوال یہ کلام صدق انجام سنکر استغفراللہ کہتا ہوا شیخ کے قدم مبارک پر گرا اور شیخ نظام الدین اولیا مولانا صدرالدین عارف سے نقل کرتے ہین کہ مین ایک وقت مولانا نجم الدین سنائی کے پاس گیا مجھ سے پوچھا کہ آج کل کیا شغل رہتا ہے مین نے عرض کیا تفسیر کشاف اور ایجاز اور عمدہ کا مطالعہ کرتا ہون مولانا نجم الدین نے فرمایا کشاف اور ایجاز کو جلا اور عمدہ کا شاغل رہ اور جب مولانا صدرالدین عارف مولانا نجم الدین کی خدمت سے رخصت ہوے شیخ بہاءالدین زکریا کی حضوری مین حاضر ہوکر تمام ماجرا بے کم وکاست عرض کرکے کہا کہ مولانا نجم الدین نے یون فرمایا ہے شیخ نے کہا ہان یون ہی ہے اور بظاہر سبب اُس کا جیسا کہ شیخ صدرالدین عارف سے داستان مین مرقوم ہوا یہ تھا کہ کشاف اور ایجاز کے پڑھنے کا سبب اس کے سوا اور معلوم نہین ہوتا ہے کہ شیخ بہاءالدین زکریا نے واقعہ مین دیکھا ہوگا کہ مصنف کشاف کا اہل دوزخ سے ہے اور ایجاز کے بارہ مین بھی اسی قبیل سے کچھ ہوگا الغرض جو سبب اس کا معلوم نہ تھا مولانا صدرالدین کو یہ بات شاق گذری اور رات کو ان تینون کتاب کے مطالعہ مین مشغول ہوے اور جب خواب نے غلبہ کیا عمدہ کو دونون کتاب پر رکھکر سو رہے اور شعلہ چراغ سے کشاف و ایجاز دونون جلکر خاکستر ہوئین اور عمدہ اُس کی آفت سے محفوظ اور سلامت رہی مولانا حسام الدین حاجی سے کہ شیخ نظام الدین اولیا کے مریدون سے تھے منقول ہے کہ خواجہ کمال الدین مسعود شیروانی جو شیخ بہاءالدین زکریا کے مخلصون سے تھے اور وہ نہایت متمول تھے اکثر جواہر کی سوداگری کرتے تھے ایک وقت جزیرہ جرون سے بندر عدن کی عزیمت مین جہاز پر سوار ہوے ناگاہ باد مخالف پیدا ہوئی جہاز کا مستول ٹوٹا قریب تھا کہ جہاز غرق ہوجاے خواجہ کمال الدین مسعود شیروانی نے بعجز تمام حضرت شیخ بہاءالدین زکریا سے توجہ کی اور وہ کے طلبگار ہوے اُسی وقت شیخ نے جہاز مین حاضر ہوکر اہل جہاز کو نجات کی بشارت دی اور غائب ہوے اور حکم خدا سے باد مخالف ساکن ہوئی جہاز بندر عدن مین سلامت پہونچا اور تمام سوداگرون نے از روے صدق اور اخلاص کے ثلث مال اپنا خواجہ کمال الدین مسعود شیروانی کے سپرد کیا کہ شیخ کی خدمت مین پہونچاوے خواجہ نے وہ مال لے کر نصف جواہر اچھا بھی شیخ کے واسطے علیحدہ کرکے خواجہ فخرالدین گیلانی کے ہاتھ کہ مرد معتبر اور صادق تھا ملتان کی طرف بھیجا خواجہ فخرالدین گیلانی جب آپ کی ملازمت مین حاضر ہوا اُس جناب کو اُسی صورت اور لباس سے کہ جہاز پر مشاہدہ کیا تھا دیکھکر زیادہ تر معتقد ہوا اور مال اور جواہر کو قریب ستر لاکھ روپے کے تھا پیشکش کیا حضرت نے وہ مال تین روز کے عرصہ مین فقرا اور مساکین پر قسمت کیا اور

خواجہ فخر الدین گیلانی نے یہ حال مشاہدہ کرکے حد سے زیادہ اعتقاد و ہم پہونچایا اور تمام مال اپنا شیخ کی نذر کرکے حضرت کے سلک مریدون مین منتظم ہوے اور بعد عرصۂ قلیل واصلان حق سے ہوکر خرقۂ خلافت کا پایا اور پچیس برس شیخ کی خدمت مین بسر کئے آخر رخصت لے کر مکہ معظمہ کی طرف متوجہ ہوے اور بندر جدہ مبارک مین پہونچکر رحمت حق مین واصل ہوے اور اسی مقام مین مدفون ہوے اور آج تک اکثر لوگ وہان نذر لے جاتے ہین اور اُن کی روح پر فتوح سے استعانت چاہتے ہین شیخ نصیر الدین اودھی المشہور بہ چراغ دہلی سے منقول ہی کہ ایک وقت شیخ بہاء الدین زکریا شیخ الشیوخ شیخ شہاب الدین عمر سہروردی کی خدمت سے رخصت ہوے اور ایک روز اثناے راہ مین ایک مسجد مین نزول کیا اُس مقام مین ایک جماعت قلندران جوالق پوش کہ لباس سید جلالی مجسم دکھاہی فروکش ہوے اور جب رات کے وقت شیخ عبادت سے فارغ ہوے بعد مراقبہ شیخ کی نظر ایک قلندر پر پڑی کہ نور اُس کا سپہر اعلیٰ کی طرف ساطع تھا شیخ تعجب کرکے آہستہ اُس کے پاس تشریف لے گئے اور فرمایا کہ اے مرد خدا اس قوم کے درمیان کیا کرتا ہی اُس نے جواب دیا اے زکریا ہر قوم مین ایک خاص ہوتا ہی کہ حق سبحانہ تعالے اس قوم کو اُسے بخشتا ہی اور وہ سید عالی نسب اور عالم اور فاضل اور مجذوب تھے اسم مبارک اُن کا عبد القدوس اور موصل کے فرزند تھے اور دہاط مین سید جمال الدین مجرد کی قبر پر لباس قلندرانہ پہنا تھا شیخ نے انھین لباس قلندری سے برآوردہ کرکے تمام عالم جذبہ سے عالم سلوک کی طرف پہونچایا اور معتبرہ اُن کا قصبہ ناہن مین جو بیذ اور اصفہان کے مابین ہی واقع ہوا اور سید جلال مجرد سادہ تھے اور ایک مدت مصر مین مقیم رہے جو مشکل لوگون کو معاملہ مین پیش آتی تھی سید جمال بغیر کتاب دیکھے جواب دیتے تھے چنانچہ مصری خلقت انھین کتاب خانہ روان کہتے تھے اور کہتے ہین آخر شش انھین جذبہ اور ایسی حالت پیدا ہوئی کہ ریش و بروت ترشواکر دہاط مین جو مصر سے سات یا آٹھ منزل ہی اور حضرت یوسف علیہ السلام کے عہد سے اس وقت تک ویران تھا جاکر بیہوش ہوے اور بعد چند روز کے کچھ ہوش مین آن کر بیہوت کے مانند بیٹھے اور روزہ نماز نہ کرتے تھے اور علماے مصر وہان جاکر انھین ملحد اور رافضی کہنے لگے اور رانگا گرم کرکے جب اُن کے حلق مین ڈالا کچھ صدمہ انھین نہ پہونچا اُن کی ایذا رسانی سے دست کش ہوکر معتقد ہوے لیکن قول صحیح یہ ہی کہ سید جمال مجرد صفت حسن و جمال سے بھی موصوف تھے چنانچہ مصری انھین یوسف ثانی کہتے تھے اور جس طور سے زلیخا حضرت یوسف پر عاشق ہوئی تھی اُسی طرح سے ایک عورت امراے مصر سے سید جمال مجرد پر مفتون ہوئی اور آن حضرت اُس سے بہ تنگ آکر مصر سے دمیاط کی طرف بھاگ گئے اور وہ عورت فرط تعشق سے بیتاب ہوکر اُن کے پیچھے روانہ ہوئی جب نزدیک سید جمال مجرد کو پہونچی مضطرب ہوے اور دست دعا درگاہ قاضی الحاجات مین بلند کرکے اپنے زوال حسن کی استدعا کی اور وہ دعا شرف اجابت سے مقرون ہوئی، مے ریش و بروت اور

لہ جوالق جمع جوالقی بمعنی فروان مہندی گودڑی

ابرو کے تمام گر گئے اور عورت نے جب اُنھین اس ہیئت سے دیکھا رو گردان ہو کر مصر مین واپس گئی اور سید اس بلاے ناگہانی سے نجات پاکر اس مقام مین ساکن ہوے چنانچہ مقبرہ اُن کا وہین ہی اور جماعت قلندرون کی وہان رہتی ہی اور ہنگامہ برپا رکھتی ہی اور نقل ہی کہ ایک رات شیخ بہاء الدین زکریا اپنے خلفا کے درمیان مین بیٹھے تھے اُن سے یہ خطاب کیا کہ تم مین ایسا کوئی شخص ہی کہ دو رکعت نماز ادا کرے اور ایک رکعت مین تمام قرآن مجید پڑھے سب خاموش ہوے شیخ نے دوگانہ مین قیام کیا اول رکعت مین ختم کلام اللہ کیا اور دوسری رکعت مین چار پارہ پڑھکر بعد سلام کے سلام کہا اور بار ہا فرماتے تھے کہ جو کچھ تمام اہل حال کو میسر نہوا توفیق ایزدی سے مجھے میسر ہوا مگر ایک چیز نصیب نہوئی وہ یہ ہی کہ ایک بزرگ آغاز صبح سے طلوع آفتاب تک ختم قرآن کرتے تھے اور مین ہر چند کوشش کرتا ہون یہ دولت میسر نہین ہوتی ہی تین چار پارہ رہجاتے ہین اور منقول ہی کہ شیخ بہاء الدین زکریا جس مرید کو قبول کرتے تھے فرماتے تھے کہ ہر دری و سرسری نچاہیے ہونا ایک دروازہ پر محکم بیٹھنا چاہیے تو گوہر مقصود دستیاب ہو ایک روز کا مذکور ہی کہ ایک مسافر آپ کی خدمت مین حاضر ہوا حضرت نے اُس کے حال پر توجہ نہ فرمائی اور ماحضر[1] اس کے واسطے نہ طلب کیا سبا فر نے کہا حدیث مین وارد ہی من زار حیا و لم یرزق شیئا فقد زار میتا شیخ نے کہا خلق کی دو قسم ہین عوام اور خواص مجھے ساتھ عوام کے کچھ کام نہین ہی اور اُن کی زیارت اعتبار نہین رکھتی اور خواص بقدر حال مجھ سے فیض پاتے ہین نقل ہی کہ شیخ کے مریدون مین سے شیخ بدر سجستانی تھے اور لاہور مین رہتے تھے ایک روز کہ یوم عید تھا عیدگاہ مین نماز پڑھنے جاتے تھے اُنھون نے آسمان کی طرف مُنھ کرکے عرض کی بارخدایا ہر غلام اپنے مالک سے عیدی مانگتا ہی اور مین بھی تجھ سے مانگتا ہون تو خزانہ غیب سے مجھے عنایت کر جب یہ دعا تمام ہوئی ایک حریر کا قطعہ بخط سبز آسمان سے نازل ہوا اور اُس مین تحریر تھا کہ ہم نے آتش دوزخ تجھپر حرام کی اور اُس کی حرارت کی مشقت سے آزاد کیا عیدگاہ کے تمام حاضرین نے شیخ کے دست مبارک کو بوسہ دیا اور ایک شخص نے اُن مین سے یہ عرض کی ای شیخ تو نے عیدی اپنی پائی اب مناسب ہی کہ تو مجھے بھی عیدی سے سرفراز فرمائے شیخ بدر سجستانی نے جب یہ کلام سنا فوراً وہ حریر کا ٹکڑا بغل سے برآوردہ کرکے اُسے بخشا اور فرمایا کہ یہ عیدی تجھے مبارک ہو اور قیامت کے دن مین جانون اور آتش دوزخ اور شیخ نظام الدین اولیا سے نقل ہی کہ شیخ بہاء الدین زکریا نے اواخر مین بخلاف اوائل کے روزہ دائمی اور بھوکی ریاضت بروف کی چنانچہ اُن کے باورچی خانہ مین قسم قسم کا طعام لذیذ پکتا تھا آپ ہر مسافر اور مہمان کے ساتھ بمقتضاے کلوا من الطیبات واعملوا صالحا طعام ہاے لذیذ تناول کرتے تھے اور جس شخص کو دیکھتے تھے کہ خدا کی نعمت برغبت تمام کھاتا ہی خوش حال ہوتے تھے الغرض ایک دن دسترخوان اُن کے روبرو بچھا تھا جب اس درمیان مین درویشون کے ساتھ

[1] حاضر

ہمکاسہ ہوے ایک درویش کو دیکھا کہ وہ روٹی شوربا مین ریزہ ریزہ کرکے کھاتا ہی شیخ نے فرمایا بہترین طعام یہ مرد کھاتا ہی اور حضرت رسالت پناہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا کہ فضیلت طعام ثریہ اور طعامون پر مثل میری فضیلت کے ہی اور انبیا پر اور نقل ہی کہ ایک مرید شیخ کا ایک موضع دہات ولایت لاہور مین رہتا تھا اور اُس قریہ کے قریب ساحل دریا تھا غلہ بوکر اوقات بسر کرتا تھا ایک وقت وہان کے تحصیلدار نے اُس کی زراعت کی جریب سے پیائش کی اور یہ بات کہی کہ کچھ اپنی کرامات دکھائیے یا زرگان امسال اور سنوات گذشتہ کا بیباق کیجیے مرید نے ہر چند عذر کیا کہ اسے معاف کر فائدہ نہ بخشا درویش ایک لحظہ سر مراقبہ مین لے گئے کچھ دیر کے بعد اُٹھاکر فرمایا کہ کیا چاہتا ہی شحنہ نے کہا مجھے یہ منظور ہی کہ آپ اس پانی پہ قدم رکھکر اُس پار عبور کرین یا زر اتنے سال کا بیباق فرمائین آخر کو درویش نے شیخ بہاء الدین زکریا سے ہمت چاہی اور بسم اللہ کہکر قدم پانی پر رکھا اور جس طور سے انسان زمین پر چلتا ہی دریا سے عبور کیا اور اُس پار پہونچکر تجدید وضو کرکے دوگانہ شکر کا بجالائے اور پھر اپنی سواری کے واسطے کشتی طلب کی لوگون نے عرض کیا جس طور سے آپ تشریف لے گئے تھے اُسی نہج سے چلے آیئے فرمایا ڈرتا ہون کہ نفس خوش ہوکر عجب و نخوت نہ پیدا کرے پھر لوگ کشتی لے گئے شیخ نے سوار ہوکر مراجعت کی اور نقل ہی شیخ نظام الدین اولیا سے کہ ایک دن شیخ بہاء الدین زکریا عین مشغولی مین بآواز بلند نعرہ زن ہوے کہ ابھی شیخ سعید الدین حموی نے دار دنیا سے رحلت فرمائی اور حقیقت مین ویسا ہی ہوا تھا اور منقول ہی کہ جب مولانا قطب الدین کاشانی ماوراء النہر سے ملتان مین تشریف لائے شاہ ناصر الدین تماچہ والی ملتان نے ایک محلسرا یا مدرسہ اُن کے واسطے تعمیر کیا اور مولانا کہ علامۂ زمان تھے نماز فجر کی اُس مدرسہ مین ادا کرکے درس مین مشغول ہوتے تھے اور شیخ بہاء الدین زکریا کہ اُن کا ابتداے حال تھا ہر روز صبح کی نماز کے وقت وہان حاضر ہوتے تھے اور فجر کی نماز مولانا کے پیچھے پڑھتے تھے ایک دن مولانا نے اُنسے پوچھا کہ تم کیونکر یہ تمام راستہ طے کرکے ساتھ میرے اقتدا کرتے ہو شیخ نے کہا مین اس حدیث پر عمل کرتا ہون من صلی خلف عالم تقیا فکانما صلی خلف نبی مرسل مولانا ساکت ہوے دوسرے دن جب شیخ صبح کے وقت اپنی عادت کے موافق حاضر ہوے مولانا ایک رکعت نماز ادا کرچکے تھے کہ شیخ دوسری رکعت مین شریک ہوے جب مولانا تشہد مین بیٹھے شیخ نے سلام پھیرنے سے پہلے ایستادہ ہوکر اپنی دوسری رکعت شروع کرکے نماز تمام کی مولانا نے کہا کہ تم کیون امام کے سلام سے پیشتر برخاست ہوئے شاید امام کو سہو واقع ہوا ہو چاہیے کہ وہ سجدہ سہو کا بجالاوے لیکن جو مقتدی سلام سے پیشتر اُٹھے وہ سجدہ سہو کا نہین کرسکتا ہی شیخ نے کہا کہ اگر کسی کو نور باطن کے سبب معلوم ہووے کہ امام کو کچھ سہو واقع نہین ہوا ہی اُس کا اُٹھنا روا ہوگا مولانا نے کہا جو نور کہ احکام شریعت کے موافق نہین ہی وہ ظلمت ہی شیخ نے جب یہ بات سنی پھر نماز کو حاضر نہوے

سلہ مشہور ہی کہ امام ابو حنیفہ رحمۃ اللہ علیہ کی فضیلت کا معترف ہونا مرنے کے بعد ان کی قبر پر سے سیہ بلا کے بیان کی فضیلت کے سبب ہوا

اور منقول ہی کہ اُن دنون مین ایک عزیز نے مولانا قطب الدین سے کہا کہ آپ کیون درویشون کی نسبت اعتقاد نہین لاتے ہین فرمایا اس سبب سے کہ مین نے ایک درویش ایسا دیکھا کہ اُس کا مثل نہین پایا کاشغر مین میرے قلم تراش کا دبالہ ٹوٹ گیا مین نے بازار مین لے جاکر لوہارون کو دکھلایا کہ اس قلم تراش کو بدستور سابق تیار کر دو کہ عیب جوڑ کا نرہے سب نے جواب دیا کہ ہرگز ایسا نہین ہو سکتا حالت اصلی سے کچھ کم ہو جاوے گا ایک لوہار اُن مین سے بولا کہ فلان محلہ مین ایک کاریگر نہایت پرہیزگار اور متقی ہی شاید وہ اسے درست کر دے جب مین اُس کی دوکان پر پہونچا ایک پیر مرد کو دیکھا کہ بیٹھا ہوا ہی پھر مین نے قلم تراش کا قصہ اُس سے بیان کیا اُس نے قلم تراش میرے ہاتھ سے لے کر فرمایا کہ ایک لحظہ آنکھ بند کر مین نے اُس کے کہنے پر عمل کیا اور کنکھیون سے دیکھا کہ قلمتراش اپنے ہونٹھ کے قریب لے گیا اور اُس پر دعا پڑھکر میرے حوالہ کی جب مین نے اُسے نظر غور سے دیکھا تو سابق سے بھی اُسے بہتر اور محکم تر پایا اُس وقت مین نے وفور اعتقاد سے اُس کے قدم پر سر رکھا اور قدری زر پیشکش کیا آنحضرت نے قبول نہ کیا جب مین نے بہت خوشامد اور الحاح کی فرمایا تیرا قلمتراش درست ہوا اس سے زیادہ مجھے تکلیف نہ دے مولانا نے جب یہ حکایت تمام کی اُس عزیز نے کہا اے مخدوم وہ پیر قلمتراش درست کرنے والا شیخ بہاءالدین زکریا کے مریدون سے ہی شیخ کی یمن تربیت اور فیض برکت سے ساتھ اس مرتبہ کے پہونچا ہی مولانا قطب الدین متعجب ہوئے اور اس گفتگو سے جو نماز کے بارہ مین شیخ سے کی تھی پشیمان ہوے اور کچھ دنون کے بعد دہلی مین آن حضرت کی خدمت مین جاکر اپنی اوقات بسر کی اور شیخ نظام الدین ابولیا سے منقول ہی کہ ایک دن حضرت شیخ اپنے حجرہ مین مشغول بعبادت تھے ناگاہ ایک شخص نورانی پیدا ہوا نامہ سربمہر اُس کے ہاتھ مین تھا وہ نامہ شیخ صدرالدین عارف کو دے کر کہا کہ تم یہ خط جلد اپنے والد ماجد کی خدمت مین پہونچاؤ شیخ صدرالدین عارف سربنامہ دیکھکر متحیر ہوے اور حجرہ مین جاکر وہ نامہ اپنے والد بزرگوار کو دے کر برآمد ہوے اور اُس شخص کو جو نامہ لایا تھا نہ دیکھا اور شیخ نامہ پڑھ کر جوار رحمت حق مین واصل ہوے اور حجرہ کے چاروں گوشون سے یہ آواز برآمد ہوئی کہ دوست اپنے دوست کے جوار رحمت مین واصل ہوا اور جب یہ سانحہ ہوش ربا صدرالدین عارف کے سمع مبارک مین پہونچا فوراً حجرہ مین جاکر اپنے والد کو دیکھا کہ مطمورۂ خاک سے مطمورۂ پاک کی طرف سفری ہوے ہین اور یہ واقعہ ستر ھوین تاریخ صفر سنہ ۶۶۶ چھ سو چھیاسٹھ ہجری مین واقع ہوا اور شیخ نظام الدین ابولیا سے منقول ہی کہ شیخ سعیدالدین حموی اور شیخ سیف الدین خضری اور شیخ بہاءالدین زکریا اور شیخ فریدالدین مسعود گنج شکر ہمعصر تھے اول شیخ سعیدالدین حموی نے اس دار ناپائدار سے ارتحال کیا اور اُس کے تین سال بعد شیخ سیف الدین خضری روضۂ رضوان کی طرف خرامان ہوے اور اُس کے تین سال کے بعد شیخ بہاءالدین زکریا نے وفات پائی جب تین برس

سلہ ۔ نہ نصیری اسی لئے فارسی مین بھی ہی اور مشہور ہی کہ شنیدہ کے بود مانند دیدہ

کا اور عرصہ گذرا شیخ فرید الدین مسعود گنج شکر نے عالم فانی سے عالم باقی کی سمت انتقال فرمایا

ذکر شیخ صدر الدین عارف قدس سرہ العزیز کا

ابیات

آن گہر معدن حق الیقین	تازہ ز آب کرمش باغ دین		دادہ ز پاکی بہ ملائک صلا
خرقہ وحدت بنجلا و ملا	لجۂ مواج دل پاک او		عقل فرومانده در ادراک او

صدر نشین گشت بعرش برین | گشته خطابش ز خدا صدر دین

انھین عارف اس واسطے کہتے ہین کہ ہر بار ختم کلام اللہ کرنے سے سمند فکر کو زیادہ تر گرم جولان فرماتے تھے اور جس وقت تلاوت مین مشغول ہوتے تھے انھین فوج فوج معانی کا سامنا ہوتا تھا اور وہ جناب ہمت عالی رکھتے تھے کہ مال دنیوی سے کچھ اپنے پاس نہ رکھتے تھے اور جب آپ کے والد شیخ بہاء الدین زکریا کے آفتاب حیات نے مغرب ممات کی طرف رجعت کی آنحضرت کے شیخ صدر الدین عارف کے سوا چھ فرزند اور دوسری بی بی سے تھے جب شریعت غرا کے موافق متروکات تقسیم ہوے اسباب و اجناس کے علاوہ ستر لاکھ روپیہ نقد شیخ صدر الدین عارف کو میراث پہونچا انھون نے وہ تمام نقد و جنس اول روز فقرا پر تقسیم کرکے ایک درم اور دینار باقی نہ رکھا بعد اس کے ایک شخص نے آنحضرت سے یہ عرض کی کہ آپ کے والد بزرگوار اس قدر نقد و جنس خزانہ مین نگاہ رکھتے تھے اور بآہستگی تمام اُسے فقرا پر صرف کرتے تھے آپ کو انھین کی روش پر عمل کرنا چاہیے جواب دیا کہ میرے والد ماجد جو دنیا پر غالب مطلق ہو گئے تھے اسباب دنیوی کے جمع آنے سے خوف نہ رکھتے تھے اور بتدریج تمام فقرا پر صرف کرتے تھے اور مین بھی اگرچہ اکثر اوقات غالب ہون لیکن کبھی کبھی اپنی طبیعت کو مساوی پاتا ہون لہذا اُس کے جمع کرنے سے اندیشہ کرتا ہون کہ مبادا مال دنیوی مجھے فریب دیوے اس لیے اُسے اپنے پاس سے دور کرتا ہون اور شیخ صدر الدین عارف بہت مرید صاحب جمال رکھتے تھے مثل شیخ جمال خندان اور شیخ احمد معشوق اور مولانا علاء الدین نجندی اور فرزند ارجمند حضرت کے شیخ رکن الدین ابو الفتح تھے اور یہ جو لوگون کی زبانی نقل ہے کہ شیخ بہاء الدین زکریا نے رحلت کے وقت شیخ صدر الدین عارف سے وصیت فرمائی کہ شہر اوچہ مین ایک درویش نہایت کامل اور فاضل ہین انھون نے اب تک کسی درویش سے پیوند نہین کیا اور ہمارے خانوادہ سے انھین ایک نصیب وافر ہے اور اگرچہ وہ میرے پاس نہ آئے بعد میرے تمھارے پاس آوین گے اور اب تک انھین جذبہ نے مغلوب کیا ہے جس وقت وہ تمھارے پاس آوین پہلے دن اُن سے ملاقات اور مصافحہ نہ کرنا اور تین دن انھین خلوت مین بٹھانا اور قرآن شریف کی تلاوت مین مشغول کرنا اور جب وہ جذبہ کے غلبہ سے ہوش مین آوین تو اپنے روبرو انھین بلانا اور جو کچھ ہم سے تمھین پہونچا ہے شیخ الشیوخ شہاب الدین

عمر سہروردی کے خرقہ کے سوا نصف انھین دینا ظاہر یہ تقل بنائی ہوئی یعنی خلاف واقع ہو کیونکہ یہ بات میزان درویشی کے پلہ مین نہین سماتی ہو اور فقیر نے کسی کتاب مین صریح نہین دیکھا کہ وہ مجذوب کون تھے اور انجام اس کا کیا ہوا اور کتاب فوائد الفواد مین مرقوم ہو کہ شیخ صدر الدین عارف نے ابتداے حال مین اپنے والد ماجد کی خدمت مین عرض کی کہ اگر ارشاد ہو مین علم نحو کے استحکام کے واسطے کتاب مفصل جو صاحب کشاف کی تصنیف ہو پڑھون شیخ نے فرمایا کہ صبر کر کہ آج شب کو حال مصنف کا دریافت کرون اسی شب خواب مین دیکھا کہ صاحب کشاف کو فرشتہ زنجیر اور طوق مین مسلسل اور مطوق کر کے دوزخ کی طرف لیے جاتے ہین اپنے نورعین کو اس واقعہ سے آگاہی دی شیخ صدر الدین عارف نے جب یہ بات سنی اس کتاب کے پڑھنے کا ارادہ فسخ کیا ظاہر معلوم ہوتا ہو کہ صاحب کشاف جو مذہب معتزلہ رکھتا تھا اس سبب سے عذاب مین مبتلا تھا اور مولانا امام الدین مبارک ملتانی استاد شیخ ابابکر دلق پوش سے منقول ہو کہ ایک روز شیخ صدر الدین عارف دریا کے کنارے جو ملتان سے بفاصلہ ایک فرسخ واقع ہو وضو کرتے تھے اور اُن کا بیٹا شیخ رکن الدین ابوالفتح کہ سات برس کی عمر رکھتا تھا ہمراہ تھا ناگاہ ایک طرف سے ایک غول ہرن کا پیدا ہوا اور ایک بچہ ہرنی کا اس کے درمیان مین تھا شیخ رکن الدین طفولیت کے سبب آہو بچہ کی طرف راغب ہو کر اُس کے خیال مین مشغول رہے اور جب غول نظر سے غائب ہوا اور شیخ صدر الدین عارف نے وضو سے فارغ ہو کر دوگانہ ادا کیا اپنے فرزند کو بلایا کہ قرآن شریف کا ربع پارہ سبق دے کر یاد کرائین اور وہ سعادت مند مصحف مجید کھول کر سبق پڑھنے مین مشغول ہوا اور عادت اُس صاحبزادہ کی یہ تھی کہ تین مرتبہ پڑھکر چوتھائی پارہ حفظ کر لیتا تھا اور اُس روز دس مرتبہ پڑھایا و نہ ہوا شیخ صدر الدین نے صورت حال پوچھی بعضے حاضرین نے جواب دیا کہ ایک غول ہرن کا اُس طرف سے گذرا اور اُس کے درمیان مین ایک ہرن کا بچہ تھا ایسا معلوم ہوتا ہو کہ مخدوم زادہ کو اُسکی طرف میل ہوا شیخ نے ایک لحظہ تامل کیا کہ آیا وہ غول ہرن کا کس طرف گیا ہو شیخ رکن الدین نے فی الفور عرض کی کہ بابا فلان طرف گیا شیخ نے ایک لحظہ اُس طرف توجہ کی ناگاہ لوگون نے دیکھا کہ ایک ہرنی اپنا بچہ ساتھ لیے ہوے چلی آتی ہو جب قریب پہونچی شیخ رکن الدین نے دوڑکر ہرن کے بچہ کو گود مین لیا اور سر اور آنکھین چوم کر پستان مادر اُس کے دہن مین چھوڑے تو دودھ پیے اور بعد اُس کے اُس مخدوم زادہ نے دوپہر مین کلام اللہ کا ایک پارہ حفظ کیا اور اس ہرنی کو مع بچہ اپنی خانقاہ مین چھوڑ دیا چنانچہ وہ مدت مدید تک وہان رہی اور نقل ہو کہ بادشاہ غیاث الدین بلبن نے اپنے بڑے بیٹے محمد سلطان خان کو کہ آخر نجان شہید مشہور ہوا چیتر اور دوربانش دے کر ملتان کی طرف بھیجا اور وہ شیخ کی ملاقات کر کے ممالک کے انتظام مین مشغول ہوا اور اُس کی منکوحہ جو بادشاہ رکن الدین ابراہیم بن شمس الدین التمش کی دختر تھی اور زیور عفت و عصمت سے آراستہ تھی محمد سلطان خان شہید کی شراب کی کثرت سے ہمیشہ محزون اور مغموم رہتی تھی ناگاہ محمد سلطان خان

نے بسبب اتفاق اُس عفیفہ سے رنجش بہم پہونچا کر تین طلاق دے کر مطلقہ کیا اور بعد تین روز کے اُس کی مفارقت سے کیونکہ بہت خوبصورت تھی بیتاب ہوکر شہر کے عالموں کو طلب کیا اور اُنسے مسئلہ پوچھا بعضوں نے عرض کی کہ جب تک اُس عورت مطلقہ کو دوسرے کی رفاقت واقع نہوے رجوع درست نہین ہی محمد سلطان خان شہید کہ شاہزادہ تنک مزاج تھا نہایت آشفتہ ہوکر مسند سے اُٹھا اور خلوت مین جاکر قاضی امیرالدین خوارزمی سے جو شاہزادہ کے محرم اور ہمدم تھے یہ بات کہی کہ اگر خلاف شریعت اس عورت کو اپنی خدمت مین لاتا ہون تو دوزخ کے عذاب اور باپ کے عتاب کا خوف ہی اور جو اُسے علیحدہ رکھتا ہون تاب دوری اپنے مین نہین پاتا دونون طرح مشکل ہی قاضی امیرالدین نے کہا اگر امان ہووے تو عرض کرون خان شہید نے امان دی قاضی نے فرمایا کہ آپ ایک کام کیجیے اس مقام مین شیخ صدرالدین عارف پاک ذات اور فرشتہ صفات ہین اس عورت کو خلق سے پوشیدہ اُنکے نکاح مین لاوین پھر آنحضرت سے طلاق لے کر جدا کرین تو مباح ہووے محمد سلطان خان شہید نے حسب ضرورت اجازت دی قاضی صاحب نے خلق سے پوشیدہ اس مستورہ کو شیخ صدرالدین عارف کے عقد ازدواج مین لاکر اُن کے سپرد کیا اور دوسرے دن اُس عفیفہ کے طلاق دینے کی تکلیف دی وہ عفیفہ یہ خبر سنکر شیخ کے قدم پر گر پڑی اور عرض کی کہ اگر آپ مجھے پھر اُس ظالم فاسق کے سپرد فرمائین گے مین قیامت کے دن آپ کی دامنگیر ہون گی شیخ تم کو اُس کی عجز و زاری پر رحم آیا طلاق دینے سے انکار کیا قاضی یہ خبر سنکر ایسے بدحواس اور مضطرب ہوے قریب تھا کہ اُن کا مرغ روح قالب سے پھڑک کر نکل جاوے غرضکہ ظہر کے وقت ہزار دقت اپنے تئین محمد سلطان خان شہید کی ملازمت مین پہونچایا خان شہید اُن کے تحیر اور تغیر سے اصل مطلب سمجھ گیا اور طیش مین آکر تلوار غلاف سے نکالی چاہا کہ قاضی کو بارہتی سے سبکبار کرے پھر ہوش مین آکر یہ بات کہی کہ تیری خونریزی بیفائدہ ہی اگر مین کل شیخ صدرالدین کے خون سے اُس کے بساط خانہ کو رنگین نہ کرون تو اُس عورت سے جو اُس کے گھر مین ہی کمتر ہون پھر حکم دیا کہ تمام شہر مین منادی کردو کہ کل علی الصباح تمام سپاہ دربار مین حاضر ہوے اور اُس دن شاہزادہ نے وفور رنج سے کھانا نہ کھایا ملتان مین آثار قیامت کے ظاہر آئے اور شیخ اپنے ارادہ پر ثابت اور راسخ تھے کسی بخ کا تغیر اُن کے حال مین نہ آیا ناگاہ بعد عصر کے یہ خبر شاہزادہ نے سُنی کہ بیس ہزار مغل جرار اوادخونخوار ملتان کی نواح مین بعزم زرم داخل ہوے محمد سلطان خان شہید نے کہ اپنے تئین رستم دستان تصور کرتا تھا حکم دیا کہ تمام فوج صبح کو مسلح اور مکمل ہوکر آوے تو پہلے مغلون کی جماعت کو درہم برہم کرون اُس کے بعد شیخ کے خون سے بساط زمین رنگین کرکے اپنے دل کا کینہ نکالون خلاصہ یہ کہ دوسرے دن محمد سلطان خان شہید چاشت کے وقت مع فوج شہر سے برآمد ہوا اور لشکر غنیم سے دوپہر لڑا اور علیاے مردانہ سے دشمن کے صفوف کو متفرق اور پریشان کیا اور ظہر کے وقت ادائے نماز کے واسطے ایک تالاب پر وارد ہوکر نماز مین قیام فرمایا

اور اُس وقت پانسو سوار اُس کے ہمراہ تھے اور باقی سپاہ قیم کے تعاقب اور غنیمت میں مصروف تھی اس درمیان میں ایک مغلون کا لشکر کہ دو ہزار سوار سے ایک باغ میں ایستادہ تھا اور اُسے حملہ کی فرصت نہ ملی تھی مغل کی خبر شکست سنکر بقصد فرار روانہ ہوا جب گذر اُس کا اُس تالاب پر ہوا محمد سلطان خان شہید کو بجماعت قلیل دیکھکر شیر گرسنہ کی طرح تاخت لایا اور خان شہید کو مع تمامی سوار قتل کرکے نکل گیا بیت

گنج قارون کہ فرد میرود از قعر ہنوز	خواندہ باشی کہ ہم از غیرت درویشانست

پھر تو وہ مسکینہ بمراعات تمام شیخ کے مکان میں رہی اور آنحضرت کی برکت صحبت سے واصلان حق سے ہوئی اور شیخ رکن الدین فردوسی سے کہ جو شیخ نجم الدین کے پیر ہیں اور وہ پیر شیخ شرف الدین یحیی منیری کے ہیں منقول ہے کہ میں نے اُن دنوں میں خراسان سے ہندوستان کی عزیمت کی اور جب ملتان میں پہونچا شیخ صدرالدین کی ملاقات کو ایام بیض میں گیا اور میں روزہ رکھتا تھا۔ شیخ نے کھانا طلب کیا لوگ بہت اُس کے مائدہ پر جو بادشاہوں کے دسترخوان کے مانند تھا حاضر ہوئے اور میں شیخ کے قریب اور درویشوں سے زیادہ تھا میں نے دیکھا کہ آن حضرت کے روبرو ایک طباق مرغ سے بھرا ہوا اور ایک حلوائے صابونی سے لبریز رکھا تھا شیخ نے میری طرف متوجہ ہوکر فرمایا درویش بسم اللہ میں اگرچہ صائم تھا لیکن بحکم من اکل مع المغفور فہو المغفور اپنے تئیں اُس سعادت سے محروم نہ کرسکا اور بسم اللہ کہکر اکل طعام میں مشغول ہوا دیکھا کہ شیخ برغبت تمام طعام تناول فرماتے ہیں اور ہر ایک کو اُن نعمتوں کے کھانے کے واسطے اشارہ کرتے ہیں میرے دل میں یہ خیال گذرا کہ اگرچہ تو نے صوم لیبیض کے افطار میں مراعات میزبان کی کی پر ضرور ہے کہ قلیل غذا پر کفایت کرے غرضکہ جب یہ امر میرے دل میں گذرا شیخ نے میری طرف متوجہ ہوکر فرمایا کہ جس شخص سے ممکن ہو کہ وہ حرارت باطن سے طعام کو روشن اور نورانی کرسکتا ہے اُسے قلت غذا کا مقید ہونا لازم نہیں بیت

چونکہ لقمہ مے شود بر تو گہر	آن مزن ہر چند بتوانی بخور

اور جب شیخ صدرالدین عارف مرض الموت میں مبتلا ہوئے شیخ الشیوخ شیخ شہاب الدین عمر سہروردی کا خرقہ اور دیگر چیزیں جو شیخ بہاءالدین زکریا سے اُنھیں پہونچی تھیں اپنے فرزند ارجمند شیخ رکن الدین ابوالفتح کو دے کر خلیفہ اور جانشین کیا اور ۶۷۳ سات سو چھتر ہجری میں قید جسمانی سے وارستہ ہوکر عالم روحانی کی طرف سفری ہوئے +

ذکر شیخ رکن الدین ابوالفتح قدس سرہ العزیز کا

ابیات

جہان معرفت سلطان معنی	وجودش آیتے در شان معنی	دلش از طلعت اسرار مسرور	

ہمیشہ حالش از انوار معمور	بباطن در حقیقت رفتہ بیاک	بظاہر در شریعت چست و چالاک

آنحضرت نہایت عظیم القدر اور عزیز الوجود تھے اور علوم معقول و منقول سے بہرہ وافی رکھتے تھے اپنے جد بزرگوار کے نظر یافتہ تھے اور اُس جناب کی والدہ ماجدہ مسماۃ راستی کرعنت مین اپنے وقت کی رابعہ بصری تھین اور ہر روز ایکبار کلام اللہ ختم کرتی تھین اور اپنے خسر سے ارادت صادق رکھتی تھین ایک دن اُن کی ملازمت مین حاضر ہوئین اور اُس وقت مین شیخ رکن الدین ابوالفتح سات مہینے کے اُن کے شکم مبارک مین تھے شیخ بہاء الدین زکریا نے اُس روز خلاف عادت اُن کی تعظیم کی اور فرمایا اے بی بی یہ تعظیم اُس شخص کی ہے کہ تو جس کی حامل ہے اور یہ نور عین ہمارے خاندان اور دودمان کا چراغ ہوگا ایک روز کا مذکور ہے کہ شیخ بہاء الدین زکریا پلنگ پر رونق افزا تھے اور آپ نے دستار مبارک پلنگ کے پایہ پر رکھدی تھی اور شیخ صدر الدین چارپائی کے قریب فرش پر مؤدب بیٹھے تھے اور شیخ ابوالفتح کا سن اُن دنون مین چار برس کا تھا چارپائی کے گرد پھرتے تھے ایکبارگی حضرت کی دستار مبارک اُٹھاکر زیب سر کی شیخ صدر الدین نے مضطرب ہوکر باواز بلند فرمایا کہ اے رکن الدین بے ادبی نکر اور حضرت کی دستار مبارک اُتار کے رکھ دے شیخ بہاء الدین زکریا نے فرمایا اے صدر الدین عارف تم اسے منع نہ کرو کہ بسبب استحقاق کے زیب سر کی ہے اور مین نے یہ دستار اُسے بخشی منقول ہے کہ حضرت نے وہ دستار اُسی طور سے مقعد صندوق مین امانت رکھی بروز جلوس سجادہ اُس کو سر پر رکھتے تھے اور خرقہ شیخ الشیوخ شیخ شہاب الدین عمر سہروردی کا پہنتے تھے اور روش آنحضرت کی سلطان ابوسعید ابوالخیر کی روش کے موافق تھی ان کی مجلس مین جس شخص کے دل مین جو کچھ آتا وہ آنحضرت پر مکشوف ہوتا تھا اور مخدوم جہانیان سید جلال بخاری اور شیخ عثمان سیاح کے مانند کہ دہلی مین مدفون ہین مرید رکھتے تھے اور شیخ نصیر الدین اودھی المشہور بچراغ دہلی سے منقول ہے کہ جس وقت شیخ رکن الدین ابوالفتح دہلی مین تشریف لاتے تھے خلق کو آنحضرت کے عطاے ظاہری اور باطنی سے ہر روز روز عید اور ہر شب شب قدر ہوتی تھی اور بادشاہ علاء الدین خلجی کے عہد مین دو بار دہلی مین تشریف لائے تھے اور بادشاہ قطب الدین مبارکشاہ کے عصر مین تین بار اور بادشاہ علاء الدین خلجی باوجود غرور حشمت آنحضرت کے استقبال کے واسطے سوار ہوتا تھا اور باعزاز تمام شہر مین لاتا تھا اور دس لاکھ روپیہ پہلے دن اور پانچ لاکھ روپیہ روز وداع بطریق شکرانہ ارسال کرتا تھا اور شیخ رکن الدین کے پاس اُس دن جس قدر نذر شکرانہ آتا تھا خلائق پر تقسیم کرتے تھے ایک درم یا دینار باقی نہ رکھتے تھے اور بارہا فرماتے تھے کہ مین ملتان سے بعشق محبت شیخ نظام الدین اودیا دہلی مین آتا ہون اور نقل ہے کہ ایک وقت دونون بزرگ مسجد گیلوکھری مین جمعہ کی نماز ادا کرکے باہم ملاقی ہوئے شیخ رکن الدین ابوالفتح شیخ نظام الدین اولیا کی خانقاہ کیلوکھری مین تشریف لے گئے اور درویشان صاحب حال وہان حاضر تھے مولانا علم الدین جو پرے

بھائی شیخ رکن الدین ابوالفتح کے دل مین یہ خیال گذرا کہ جو قران السعدین واقع ہوا بہتر ہو کہ اس وقت ان بزرگون کے درمیان نکتہ علمی مذکور ہووے فی الفور دونون بزرگوار دفعتہً زبان پر لائے کہ ای مولانا علم الدین جو کچھ تمھارے دل مین گذرا ہے اُسے زبان پر لاؤ مولانا نے کہا آیا کیا حکمت تھی کہ حضرت رسالت پناہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے مکہ سے مدینہ کی طرف ہجرت کی شیخ رکن الدین ابوالفتح نے کہا میرا دل گواہی دیتا ہے کہ بعضے کمالات حضرت کے اس ہجرت پر موقوف تھے اسواسطے وہان تشریف لے گئے تو وہ کمالات حاصل ہوے بعد اس کے شیخ نظام الدین اولیا نے یہ جواب دیا کہ میرے دل مین یہ آتا ہے کہ بعضے ناقصان مدینہ کو مکہ معظمہ کے سفر کی قدرت نہ تھی تا خدمت بابرکت مین مشرف ہوکر کسب فیوض کرین حق سبحانہ تعالےٰ نے آن حضرت کو مدینہ منورہ کی طرف بھیجا تو اہل نقصان آپ کے یمن خدمت سے درجۂ کمال کو پہونچین سبحان اللہ ان دونون بزرگوارنے در یہ وہ تواضع ایک دوسرے کی فرمائی اور بادشاہ قطب الدین مبارک شاہ کے عہد مین شیخ رکن الدین ابوالفتح تین مرتبہ دہلی مین تشریف لائے اکثر اوقات شیخ نظام الدین اولیا کے ساتھ صحبت رکھتے تھے اور جب بادشاہ کے دیکھنے کا ارادہ ہوتا تھا اُس روز تخت روان پر سوار ہوتے تھے اور مقام مناسب مین تخت کو ٹھہراتے تھے اور اہل حاجت اپنے عرائض تحریر کرکے تخت پر ڈالتے تھے اور قطب الدین مبارک شاہ کے دیوانخانہ کے تین دروازہ تھے دو دروازہ سے وہ جناب تخت روان پر سوار ہوکر جاتے تھے اور تیسرے دروازہ مین بادشاہ استقبال کے واسطے آتا تھا جب شیخ تخت سے اُترتے تھے بادشاہ آن حضرت کا ہاتھ پکڑکے دیوان خاص مین لے جاتا تھا اور حضرت کے روبرو مؤدب بیٹھتا تھا اور قدم رنجہ فرمانے کا عذر کرتا تھا اُس وقت خادم شیخ کے اشارہ کے موافق خلائق کی عرضیان بادشاہ کے ملاحظہ مین پیش کرتا تھا اور بادشاہ خود پڑھکر ہر عریضہ کے ناصیہ پر مدعی کے حسب مدعا بخط خاص جواب لکھتا تھا اور ارکان دولت دستخط خاص کے موافق عمل کرتے تھے اور جب مقدمات خلائق کا تصفیہ ہو جاتا تھا شیخ اپنے مکان پر تشریف لے جاتے تھے اور امیر خسرو سے منقول ہے کہ شیخ فریدالدین مسعود گنج شکر کے عرس کے دن حضرت رکن الدین ابوالفتح اور شیخ نظام الدین اولیا دونون بزرگوار موجود تھے جب قوالون نے راگ شروع کیا شیخ نظام الدین اولیا حالت وجد و حال مین آن کر اُٹھا چاہتے تھے کہ شیخ رکن الدین ابوالفتح نے اُن کا دامن پکڑ لیا بعد ایک لحظہ کے شیخ دوبارہ وجد مین آکر ایستادہ ہوے اس مرتبہ شیخ رکن الدین ابوالفتح مانع نہ ہوے اور خود مشغول اور درویشون کے ہاتھ باندھکر کھڑے ہوے اور جب سماع موقوف ہوا ہر شخص اپنے مکان کی طرف راہی ہوا مولانا علم الدین نے شیخ رکن الدین ابوالفتح سے پوچھا کہ حالت اولی اور حالت ثانی کا کیا سبب تھا جواب دیا کہ مین نے اول مرتبہ شیخ نظام الدین اولیا کو عالم الملکوت مین دیکھا تھا میرا بھی دسترس اُس مقام تک تھا لہذا

دامنگیر ہوا دوسری بار انھین عالم جبروت مین دیکھا جب مجھے معلوم ہوا کہ وہان میرا ہاتھ روک نہ سکیگا اس واسطے دست بردار ہوا اور نقل ہے کہ شیخ رکن الدین ابوالفتح نظام الدین اولیا کی خبر فوت سنکر ملتان سے دہلی کی طرف متوجہ ہوے اور وہان پہونچکر لوازم زیارت بجالائے اور بھی انھین دنون مین بادشاہ غیاث الدین تغلق شاہ بنگالہ سے نواح دہلی مین پہونچا اُس کے فرزند نے سلطان محمد تغلق شاہ کا استقبال کیا اور شیخ بھی اُس کی پیشوائی کو روانہ ہوے اور بادشاہ ضیافت کھانے کے واسطے اُس قصر مین کہ اُس کے فرزند نے افغان پور کے قریب تعمیر کیا تھا وارد ہوا جو شیخ رکن الدین ابوالفتح بھی اُس قصر مین رونق افزا تھے اُس جناب نے بادشاہ سے کہ وہ طعام تناول کرنے مین مصروف تھا کہا کہ جس قدر جلد ممکن ہو اس قصر سے برآمد ہو جیئے بادشاہ نے جواب دیا کہ اکل و شرب سے فارغ ہوکر برآمد ہون گا شیخ نے دوبارہ بادشاہ سے کہا وہی جواب سنا شیخ رکن الدین ابوالفتح اپنے ہاتھ دھوکر قصر سے نکل گئے اور لوگ بھی یہ حال دیکھکر شیخ کے پیچھے ہو گئے لیکن بادشاہ مع ایک جماعت مخصوصان بیٹھا رہا ابھی شیخ دوسری دہلیز مین نہ پہونچے تھے کہ اُس قصر کی چھت گر پڑی اور بادشاہ ہلاک ہوا اور یہ واقعہ دیکھکر لوگ زیادہ تر شیخ کے معتقد ہوے اور شیخ عثمان سیاح کا گلستان ارادت از سر نو تازہ ہوا اور مولانا اسمٰعیل ذاکر سے نقل ہے کہ شیخ رکن الدین ابوالفتح نے اپنی وفات سے تین مہینے پیشتر اکثر بزرگی خلق سے کنارہ کر کے گوشہ نشینی قبول کی تھی اور کبھی حجرہ سے سوائے نماز فرض کے برآمد نہ ہوتے تھے الغرض بتاریخ سوھوین رجب یوم پنجشنبہ بعد نماز عصر مولانا ظہیر الدین محمد کو کہ خادم خاص تھے حجرہ مین طلب کیا اور اپنی تجہیز و تکفین کے بارہ مین وصیت کی جو کہ اُس جناب کے کوئی فرزند نہ تھا مصلی اور خرقہ اپنے ایک بھائی کو عطا کیا اور نماز مغرب کے وقت امام کو اندر بلا کر نماز فرض ادا کی اور سر سجدہ مین رکھکر ودیعت حیات رب کائنات کے سپرد کی اور جو کہ مؤلف کتاب ہذا محمد قاسم فرشتہ کو یہ حقیقت کسی کتاب سے دریافت نہ ہوئی کہ شیخ رکن الدین ابوالفتح کے انتقال کے بعد کون لوگ بطنًا بعد بطن سجادۂ خلافت پر بیٹھتے آئے لہذا اُس سے ساکت ہوکر اُن کے مریدان مشہور کے ذکر مین مشغول ہوا۔

ذکر سید جلال بخاری قدس سرہ العزیز کا

آنجناب سید صحیح النسب ہین اور نسب آنحضرت کا ساتھ امام الہادی کے یون پہونچتا ہے سید جلال بن سید علی بن جعفر بن محمد بن احمد بن محمود بن عبداللہ بن علی اصغر بن جعفر بن امام علی الہادی اور منقول ہے کہ سید جلال بخارا سے ملتان مین آن کر شیخ فرید الدین مسعود گنج شکر کی خانقاہ مین وارد ہوے اور اُن دنون مین گرما کی نہایت گرمی تھی اور ہوا سے تموز یعنی لون چلتی تھی ایک روز سید جلال بخاری خانقاہ کے صحن مین بیٹھے تھے فرمایا آہ ایسی فصل مین بخارا کی برف مطلوب ہے شیخ بہاء الدین

۱۲ شیخ رکن الدین ابوالفتح کی اولاد کی تفصیل اخبار الاخیار مین ہے

ذکر یا نے کہ اپنے حجرہ مین تھے صفاے باطن سے یہ امر دریافت کرکے اپنے خادم سے فرمایا کہ تم جاکر جماعت خانہ کی صف مین فرش اُٹھا کر تمام صحن مین جھاڑو سے صاف کرو خادم نے حکم کے موافق عمل کیا اور لوگ اس امر سے کہ خلاف عادت تھا متعجب ہوے اور وقت دوپہر کا تھا کہ ناگاہ ایک ٹکڑا ابر کا خانقاہ کے گرد نواح مین ظاہر آیا اور خانقاہ کے صحن مین اولے تخم مرغ برابر گرنے لگے یہان تک کہ تمام صحن اولون سے بھر گیا اور ابر برطرف ہوا اور ایک اولا خانقاہ کے سوا دوسرے مقام مین نہ گرا غرض کہ سید جلال بہت اولے تناول فرماکر اپنی آرزو کو پہونچے اور ملتان کی خلائق ایک ایک اولا تبرکاً اور تیمناً اُٹھالے گئی اور جب شیخ نماز ظہر کے واسطے حجرے برآمد ہوے سید جلال بخاری کو دیکھکر مسکرائے اور فرمایا اے سید جلال بخاری اس حال مین اولے ملتان کے بہتر ہین یا برف بخارا کی سید جلال بخاری نے عرض کی کہ ایک اولا ملتان کا بخارا کے سو پرکالے سے بہتر ہی اور اُسی عرصہ مین وہ جناب خرقہ خلافت کا پاکر بلدۂ اوچہ مین مامور ہوے اور آنحضرت کا مقبرہ اُس شہر مین واقع ہی

ذکر شیخ حسن افغان رحمۃ اللہ علیہ کا

آن جناب بھی شیخ بہاءالدین زکریا کے مریدون مین سے ہین جن کا یہ مرتبہ ہو کہ شیخ نے اپنی زبان مبارک سے ارشاد کیا کہ جب قیامت مین پیش کرسی ندا آوے گی کہ زکریا ہماری درگاہ مین کیا لایا عرض کرون گا حسن افغان کو لایا ہون اور کتاب فوائدالفواد مین شیخ نظام الدین اولیا سے مرقوم ہی کہ شیخ حسن مرد اُمّی تھے کچھ پڑھے لکھے نہ تھے بلکہ بعضے حروف بھی زبان سے ادا نہ کرسکتے تھے لیکن لوح محفوظ اُن کے آئینہ دل پر عکس افگن تھی اس دلیل سے کہ لوگ بارہا تین سطر ایک کاغذ پر تحریر کرکے اُن کے روبرو لے جاتے تھے ایک سطر احادیث رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے اور ایک سطر اقاویل مشائخ سے اور ایک سطر آیات کلام مجید سے اور شیخ سے عرض کرتے تھے کہ فرمایئے ان سطرون مین احادیث رسول اللہ اور آیات قرآن شریف اور اقوال مشائخ کون ہو وہ جناب اول انگشت مبارک قرآن مجید کی سطر پر رکھتے تھے اور فرماتے تھے کہ یہ کلام حق تعالیٰ کا ہی کہ نور اُس کا عرش اعظم تک مشاہدہ کرتا ہون اور یہ حدیث رسول اللہ ہی کہ طلعت اس کی سپہر ہفتمین تک دیکھتا ہون پھر مشائخ کے سطر کی طرف متوجہ ہوکر فرماتے تھے کہ یہ اقوال بزرگون کے ہین کہ نور اس کا فلک تک معاینہ کرتا ہون اور یہ بھی شیخ نظام الدین اولیا سے منقول ہی کہ ایک وقت دلی مین ایک مسجد بنا کرتے تھے اور قبلہ کے تعین مین کہ داہنی طرف میل کرتا ہی یا بائین سمت علما کو اختلاف ہوا اتفاقاً شیخ حسن افغان اس مقام مین وارد ہوے اور قبلہ رو ایستادہ ہوکر کعبۃ اللہ کی طرف اشارہ کیا اور فرمایا بیت اللہ کی زیارت کر رہے ہین علما جو حاضر تھے کعبۃ اللہ کی زیارت سے مشرف ہوے اور شیخ کی تعظیم کرچکے اور ایک روز شیخ

حسن افغان کا گذر ایک کوچہ مین ہوا اور بہنگام مغرب ایک مسجد مین پہونچے دیکھا کہ ایک امام نماز جماعت کی ادا کرتا ہی آپ نے اُس امام کے پیچھے اقتدا کی جب امام سلام پھیر کر نماز سے فارغ ہوا آپ امام کا ہاتھ پکڑ کے ایک گوشہ مین لے گئے اور کہا ای صاحب ہم اس نماز کی جماعت مین شریک ہوے اور تمھاری اقتدا کی تم عین نماز مین دہلی سے بھاگ گئے اور وہان سے پرے خرید کر کے ملتان لے گئے اور ملتان سے غزنین کی سمت اُن پردون کو گران قیمت بیچنے کے واسطے روانہ ہوے اور ہم تمھارے پیچھے بے سروپا حیران و پریشان پھرتے رہے بتایئے اس نماز کو کیا کہین اور اس کا کیا نام رکھین اور فی الواقع ایسا ہی ہوا تھا کہ جو شیخ نے فرمایا

ذکر شیخ احمد رحمۃ اللہ علیہ کا

وہ جناب شیخ صدر الدین عارف کے مریدون سے ہین ابتداے زمانہ مین قندھار مین سکونت رکھتے تھے اور مرد دائم الخمر تھے بے خمر زیست نہ کر سکتے تھے ایک مرتبہ اپنے باپ محمد قندھاری سے رخصت لے کر برسم تجارت ملتان کی طرف روانہ ہوے اور مے نوشی اور معشوق پرستی اُن کا کام تھا اتفاق حسنہ سے وہ ایک روز دکان مین بیٹھے تھے کہ شیخ صدر الدین عارف کہ شیخ بہاء الدین زکریا کی زیارت کے واسطے جاتے تھے نظر اُن کی شیخ احمد پر پڑی ایک خادم کو بھیجا کہ انھین جس طور سے ممکن ہو میرے پاس لا یہ کہکر وہ جناب اپنے والد کے مقبرہ مین داخل ہوے اور شیخ کی زیارت سے مستفیض ہوے بعد اس کے خادم شیخ احمد کو شیخ صدر الدین عارف کی خدمت مین لایا اور شیخ انھین اپنے ہمراہ اپنے مکان پر لے گئے اور اپنے پہلو مین بٹھایا اور جو فصل گرما تھی شربت طلب کر کے قدرے آپ نے نوش فرمایا اور باقی شیخ احمد کو دیا وہ شربت انھون نے پیا اُسکے پیتے ہی ابواب مغفرت کشادہ ہوے اور وہ فوراً تائب ہو کر شرف ارادت سے مشرف ہوے اور جو کچھ نقد و جنس اپنے پاس رکھتے تھے اس خانقاہ کے درویشون پر تقسیم کیا اور علائق دنیا سے دستکش ہو کر تجرید اختیار کی اور سات برس گوشہ انزوا مین بیٹھکر بیادِ حق مشغول ہوے اور ہر وقت شیخ سے ایک فیض حاصل کرتے تھے یہان تک کہ مدارج علیا پر فائز ہو کر اہل ولایت سے ہوے اور فوائد الفواد مین شیخ نظام الدین اولیا سے منقول ہی کہ شیخ احمد رحمۃ اللہ علیہ اواخر عمر مین بیادِ حق ایسے مشغول ہوے کہ چشم ظاہری نہ کھولتے تھے ایک وقت مین سرما مین کہ ہوا نہایت سرد تھی صبح کو غسل کے واسطے پانی مین داخل ہوے اور ایک عرصہ تک اُس مین درنگ کر کے زبان مناجات مین کھولی کہ الٰہی تو بادشاہ ہی اور بندون کی اطاعت سے بے نیاز ہی اپنے لطف عمیم سے بندگان بے بضاعت کو سرفراز فرماتا ہی اور قسم ہی تیری محبت کی جب تک کہ مین اپنا قرب اور مرتبہ نہ جانونگا اس پانی سے نہ نکلونگا آخر ندا آئی کہ ہماری درگاہ مین تیرا مرتبہ وہ ہی کہ ہم تیرے وسیلہ شفاعت سے خلائق کثیر کو آتش دوزخ سے رہا کر کے بہشت جاودانہ مین داخل کرینگے شیخ احمد نے عرض

کی کہ بارالٰہا تیری نعمت بیحد اور رحمت لاتعد ہی مین اس امر پر اکتفا نہ کرون گا اُس کے بعد فرمان صادر ہوا کہ ہم نے تجھے اپنا معشوق بنایا تو اپنے تمام طالبون کو میرا عاشق کر شیخ احمد یہ بشارت فیض عنایت سنتے ہی پانی سے برآمد ہوے اور اپنے مکان کا راستہ لیا الغرض راہ مین جس جگہ پہونچتے تھے خلقت کہتی تھی کہ شیخ احمد معشوق آتا ہی منقول ہی کہ پھر تو جذبہ اُن کا اس نہایت کو پہونچا کہ نماز سے بھی باز رہے اور جب علما و فضلا سمجھاتے تھے کہ اپنے تئین مستی اور بے شعوری سے باز رکھیے اور نماز بجا نہ ادا کیجیے فرمایا قدرت نماز پر رکھتا ہون لیکن فاتحۃ الکتاب نہین پڑھ سکتا علما نے جواب دیا کہ نماز بے سورۂ فاتحہ درست نہین ہی شیخ نے کہا فاتحہ پڑھون گا لیکن ایاک نعبد وایاک نستعین نہ کہونگا بولے یہ بھی جائز نہین ہی تمام سورہ فاتحہ کی قرأت واجب ہی شیخ نے عالمون کی تکلیف کے سبب نماز مین قیام کیا جب ایک نعبد وایاک نستعین پر پہونچے اُس جناب کے ہر بن مو سے ایک قطرہ خون کا ٹپکا کہ تمام خرقہ خون آلودہ ہوا ناچار علما کی طرف متوجہ ہوکر فرمایا کہ بزرگوار دمین زن حائضہ کے مانند ہون مجھ پر نماز درست نہین ہی مجھ سے دست بردار ہو

ذکر مولانا شیخ حسام الدین نور اللہ مرقدہ کا

آنحضرت بھی شیخ صدرالدین عارف کے مریدون مین انتظام رکھتے تھے ایک روز کا مذکور ہی کہ شیخ صدرالدین عارف شیخ بہاءالدین زکریا کی قبر کی زیارت کے واسطے تشریف لے گئے تھے اور مولانا شیخ حسام الدین ہمراہ تھے مولانا حسام الدین کے دل مین یہ خیال گذرا کہ کیا خوب ہوتا جو شیخ بہاءالدین زکریا کے مزار کے پاس مجھے ایک قبر کے مقدار زمین ملتی تو اُن بزرگوار کے جوار کی برکت سے مین عذاب دوزخ سے نجات پاتا فی الفور شیخ صدرالدین عارف نے اُن کی طرف متوجہ ہوکر فرمایا مولانا حسام الدین تمھارے مزار کے واسطے اُس زمین سے مجھے دریغ نہین ہی لیکن حضرت رسالت پناہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے تمھارے مزار کے واسطے زمین طیب وطاہر شہر بدایون مین تعین فرمائی ہی تمھاری قبر وہان ہوگی منقول ہی کہ مولانا نے بلدہ بدایون مین ایک شب کو خواب مین حضرت رسالت پناہی صلعم کو دیکھا کہ آنحضرت فلان مقام مین وضو کرتے ہین صبح کو وہان جاکر دیکھا کہ زمین تر ہی فرمایا مجھے اس مقام مین دفن کرنا خلاصہ یہ کہ اُسی مقام مین مدفون ہوے۔

ذکر مولانا علاءالدین رحمۃ اللہ علیہ کا

آنجناب بھی شیخ صدرالدین عارف کے مریدون مین سے ہین نہایت محقق اور فاضل تھے چار برس تک خدمت مین اُن محرم راز کے بسر لے گئے اور شیخ صدرالدین عارف انھین ہمیشہ محبوب اللہ کہتے تھے اور وہ جناب رات دن مین دو بار کلام اللہ ختم کرتے تھے اور شیخ جمال

خجندی بھی شیخ بہاء الدین زکریا کے مریدون سے ہین لیکن شیخ صدر الدین عارف کے تربیت یافتہ ہین علوم ظاہری اور باطنی سے بہرہ وافی رکھتے تھے اور خارق عادت اُس جناب سے بہت سرزد ہوتے تھے اور قبران کی اوچہ مین ہی

ذکر شیخ وحید الدین عثمان المشہور بسیاح کا

شیخ نصیر الدین اودھی مشہور بہ چراغ دہلی سے نقل ہی کہ شیخ وحید الدین عثمان سیاح کو مین نے دیکھا ہی ایک روز کیلوکہری مین دریا کے کنارے شیخ رکن الدین عارف کے مرید ہوے اور اُنھون نے ایسی ترک و تجرید کی کہ ایک تہمد کے سوا جو ستر عورت کو ضرور ہی اور کچھ اپنے پاس نہ رکھتے تھے اور اُسی حال سے شیخ کے ہمراہ ملتان مین جاکر کتاب عوارف مصنفہ شیخ الشیوخ شہاب الدین عمر سہروردی اُن سے پڑھی اور قرآن مجید حفظ کیا اور مشہور ہی کہ جب وہ جناب شیخ کی اجازت سے عازم سفر ہوے اور قدم سیاحی مین چھوڑا چھاگل اور عصا بھی نہ لیا وہی لنگی یعنی تہمد ہمراہ تھی اور سیاحی مجرد کرتے تھے ذات باری کے سوا کوئی رفیق شفیق نہ رکھتے تھے یہان تک کہ مکہ معظمہ مین پہونچکر حج ادا کیا اور وہان سے مدینہ مین جاکر ایک سال مقیم ہوے اور پھر موسم حج مین بیت اللہ مین جاکر طواف مین مشغول ہوے اور جو کہ ہوا گرم تھی حضرت خضر علیہ السلام نے حاضر ہوکر اپنی آستین کا سایہ اُس جناب پر کیا اور خود بھی طواف مین مصروف ہوے اور شیخ نے اگرچہ آنحضرت کو پہچانا لیکن کچھ نہ کہا بعد اس کے ملتان مین آن کر شیخ رکن الدین سے ملاقات کی شیخ نے فرمایا کہ خوب ہوا تم جلد چلے آئے نہین تو خلق کے لیے فتنہ ہو جاتے پھر لباس خاص اپنا انھین پہنایا اور دستار مبارک اُتار کر اُن کے سر پر رکھی اور بعد چند روز کے حکم کیا کہ تم دہلی مین جاکر بود و باش اختیار کرو اور اکثر اوقات شیخ نظام الدین اولیا کی صحبت مین بسر لیجانا آنحضرت جہان تمھارے واسطے منزل مقرر کرین اُسی مقام مین قیام کرنا اور میری دعا شیخ کو پہونچانا اور شیخ وحید الدین عثمان سیاح جب دہلی مین وارد ہوے شیخ نظام الدین اولیا سے ملکر پہلے شیخ رکن الدین کا سلام پہونچایا شیخ نے اُنکو علیکم السلام کہا پھر اُن دونون بزرگوارون کے درمیان محبت تمام بہم پہونچی شیخ وحید الدین عثمان بھی شیخ نظام الدین اولیا کی ملازمت مین رہتے تھے اور سماع اور وجد مین نہایت میل رکھتے تھے اور بادشاہ غیاث الدین نے ترک سماع کا محضر تیار کرنے سے پہلے یہ حکم کیا تھا کہ جو مطرب یا قوال کسی صوفی کے روبرو راگ گاوے گا اور صوفی دم مارے گا تو اُس کی زبان گدی کی طرف سے کھینچی جاوے گی اس سبب سے کسی قوال اور صوفی کو یہ قدرت نہ تھی کہ محفل راگ اور سماع کے گرد جاتا الغرض اُن دنون مین ایک روز شیخ وحید الدین عثمان سیاح اپنی جماعت خانہ مین بیٹھے تھے میر حسن قوال ولد میر حیات جو قوالون کا سردار اور شیخ نظام الدین اولیا کے وظیفہ خارون کے سلک مین منتظم تھا سماع دو تین قوال اُس طرف سے گذرا شیخ وحید الدین عثمان سیاح

کو دیکھکر اُن کی خدمت مین حاضر ہوا شیخ وحیدالدین عثمان سیاح نے کہ اُسکی حسن صورت پر فریفتہ تھے فرمایا کہ اے میر حسن آہستہ آہستہ کچھ گن گنا اُس نے جواب دیا کہ یا شیخ بادشاہ اس بارہ مین نہایت قدغن رکھتا ہی یہان تک کہ کوئی شخص قرآن بھی خوش آوازی سے نہین پڑھ سکتا ہی شیخ نے فرمایا یہان کوئی نہین ہی دروازہ بند کرکے آہستگی سنون گا حسن قوال نے جب شیخ کو حد سے زیادہ مصر دیکھا ناچار ہوکر یہ بیت پردۂ عشاق مین شروع کی بیت

زاہد ز دین بر آمد و صوفی ز اعتقاد	تر سا محمدی شد و عاشق ہمان کہ ہست

شیخ یہ سنتے ہی ایسے وجد مین آئے کہ بیخودی مین حجرہ کا دروازہ کھول دیا یہ خبر سنکر دوسو قوال تخمیناً حاضر ہوے اور اُس محلہ کے صوفیون نے اژدحام کیا محفل طولانی ہوئی اور یہ خبر شہر مین منتشر ہونے سے انبوہ کثیر اور جم غفیر اہل وجد و حال اور تماشائیون کا شیخ وحیدالدین عثمان سیاح کے محلہ مین جمع ہوا اور شیخ ساتھ اس جمعیت کے کہ قریب تین ہزار آدمی کے تھے تغلق آباد کی سمت روانہ ہوے اور دہلی سے وہان تک ڈھائی کوس فاصلہ تھا وضیع و شریف متحیر ہوکر سمجھے کہ اب شیخ اور قوالون کا بادشاہ کی تیغ سیاست سے بچنا محال ہی راوی کہتا ہی کہ جب شیخ ساتھ اُس وضع کے تغلق آباد کے قریب پہونچے بادشاہ غیاث الدین تغلق نے ملک شادی کو کہ جو اُس کے جملہ مخصوصان سے تھا بھیجا کہ جاکر دریافت کرے کہ یہ ہجوم اور شور کیسا ہی ملک شادی حسب الحکم گھوڑا سرپٹ پھینک کر اُن کے قریب پہونچا دیکھا کہ شیخ وحیدالدین عثمان سیاح اور صوفی اور قوال وجد کرتے ہوے اور گاتے ہوئے آتے ہین اُس نے فوراً پلٹ کر بادشاہ سے حقیقت حال عرض کی بادشاہ نے فرمایا کہ مین اِس شخص کی ایسی تنبیہ اور تادیب کرون گا کہ اورون کی عبرت کا باعث ہو اس کے بعد بادشاہ نے تذکرہ خسرو خان قاتل قطب الدین مبارک شاہ کا طلب کیا کہ اُس مین دیکھون کہ اس شیخ نے خسرو خان سے کس قدر روپیہ لیا ہی بعدہ حکم کرون گا کہ وہ روپیہ شیخ سے اسی وقت بشدت واپس تمام پھیرلیون ارکین دولت جو بادشاہ کی خدمت مین حاضر تھے اُنھون نے عرض کی کہ اس شیخ نے خسرو خان سے زر فتوح ایک حبہ قبول نہین کیا ہی مقلب القلوب نے بادشاہ کے دل کو ایسا رام کیا کہ یہ بات سنتے ہی ملک شادی سے فرمایا کہ تو جلد جاکر شیخ کو میرا سلام پہونچا اور قصر خاص مین باعزاز تمام لا اور سامان ضیافت مہیا کرکے قوالون کو انعام شاہی سے مالا مال کر ملک شادی نے شیخ کو مع جماعت تین روز مہمان رکھا اور اپنی طرف سے بہت زر شکرانہ پیش کیا شیخ نے قبول نہ کیا پھر تغلق آباد سے ساتھ اُس اژدحام اور خوغا کے غیاث پور کی طرف روانہ ہوے اور شیخ نظام الدین اولیا کی ملازمت مین چند روز بسر کیے

ذکر مخدوم جہانیان سید جلال الدین حسین بخاری کا

ابیات

آن گوہر معدن سیادت	سلطان سرادق سعادت	آن حامی دین سلالۂ پاک
فرزند نبی خاص لولاک	بانی شریعت وطریقت	استاد مشائخ حقیقت
اندر پی مصطفےٰ در اسلام	از فقر نہادہ بر زمین گام	سیاح جہان براہ دینی
برداشتہ توشۂ یقینی	ہم یافتہ شش حج اکبر	ہم زائر روضۂ پیمبر

آمد ز خدا بفتح بابش — مخدوم جہانیان خطابش

چونکہ تقدیم وتاخیر مشایخ مین تقدم زمانہ کا لحاظ رکھا گیا ہی لہذا مخدوم جہانیان کا احوال موخر لکھا گیا واضح ہو کہ آپ کے جدامجد حضرت سید جلال بخاری نے جب اپنے پیر شیخ بہاءالدین زکریا سے خرقہ خلافت پایا اور پیر کی رخصت سے اوچہ مین آئے اور شریعت نبوی کے موافق نکاح کیا تو آفریدگار عالم نے اُنھین تین فرزند کرامت فرمائے سید احمد کبیر سید بہاءالدین اور سید محمد سید احمد کبیر جو اپنے والد کے سجادہ نشین بھے اُن کے صلب سے دو فرزند سعادت مند موجود ہوے ایک مخدوم جہانیان سید جلال الدین حسین بخاری دوسرے صدرالدین راجو قتال اور سید احمد کبیر نے سید جلال الدین حسین بخاری کو سات برس کے سن مین شیخ جمال الدین خجندی کی خدمت مین کہ شیخ بہاءالدین زکریا کے مریدون سے تھے لے جاکر آنحضرت کی دست بوسی سے مشرف کیا پھر شیخ جمال الدین خجندی نے ایک طباق مین خرما لاکر اہل مجلس پر تقسیم کیے سید جلال الدین حسین بخاری نے خرما مع خستہ تناول کیا شیخ جمال خجندی نے خرما مع خستہ کھانے کا سبب پوچھا عرض کی کہ جو خرما آپ کے دست حق پرست سے دستیاب ہوے اُس کا تخم دور کرنا سوء ادبی ہی شیخ نے فرمایا کہ تو وہ چراغ ہی کہ اپنے خاندان کو قیامت تک روشن رکھے گا سید جلال الدین حسین بخاری عالم متبحر تھے اور علوم عقلی ونقلی مین آپ نے نہایت مشقت کھینچی تھی اور مقید اس امر کے نہ تھے کہ ایک شخص کے مرید ہوکر دوسرے سے رجوع نہ کرین اور فرماتے تھے کہ تمام فضلا اور مشائخ کی زیارت سے مستفیض ہونا چاہیے اور اُس جناب نے اپنے والد سید احمد سے خرقہ خلافت کا پایا اور دوسرا خرقہ حضرت شیخ رکن الدین ابوالفتح سے پایا۔ روایت ہے کہ برسون اُن کی خدمت کرکے مکہ اور مدینہ اور مصر اور شام اور بیت المقدس اور روم وعراقین اور خراسان اور بلخ اور بخارا کی سمت سفر فرمایا اور بہت حج کیے از انجملہ چھ حج اکبر اُنھین نصیب ہوے اور مدینہ رسول اللہ مین سلطان العلماء استاد المحدثین عفیف الدین بن سعدالدین علی الیافعی الیمنی سے ملاقات کرکے دو برس اُس جناب کی ملازمت مین حاضر رہے اور نسخۂ عوارف وغیرہ اُنھین پیشکش کیا اور منقول ہی کہ عفیف الدین نے

خرقہ شیخ رشید الدین محمد ابوالقاسم صوفی سے پہنا اور اُنھون نے شیخ الشیوخ شیخ شہاب الدین عمر سہروردی سے پایا اور اسی طریق اثنائے سفر مین شیخ حمید الدین بن محمود الحسینی سبزقندی کی ملازمت مین فائز ہوکر آنحضرت سے بھی خرقہ اور فیض حاصل کیا اور سید حمید الدین نے شیخ محمد بن ابراہیم نساجی سے اُنھون نے شیخ نظام الدین ابوالعطا بخاری سے اور منقول ہی کہ سید جلال الدین حسین بخاری نے اثنائے سیر وسلوک مین تین سو اور کئی اہل کمال کی شرف زیارت سے مشرف ہوکر فیض کلی حاصل کیا اور جس وقت سید بیت اللہ مین تھے اُن کے اور شیخ عبداللہ شافعی کے درمیان صحبت اور محبت واقع ہوئی ایک روز سید ممدوح طواف کرتے تھے دیکھا کہ غلاف کعبہ کا معلق ہی اور دیوار ظاہری قائم نہین ہی سید نے متحیر ہوکر شیخ عبداللہ شافعی سے اس کا سبب پوچھا شیخ نے فرمایا ان کعبتہ راحت الی زیارۃ قطب الہند نصیر الدین محمود یعنی کعبہ قطب ہند شیخ نصیر الدین محمود کی زیارت کو گیا ہی اور جو کہ آنحضرت مقام متحیرین رکھتے ہین اور مستی سے آنہین سکتے کعبہ وہاں رہ گیا اور شیخ نے یہ بھی ارشاد کیا کہ اس وقت دہلی مین اگرچہ وہ درویش جو سابق مین تھے نہین رہے لیکن اُن کی تاثیر اور برکت قطب الدین نصیر الدین محمود مین موجود ہی اور بالفعل وہ دہلی کے چراغ ہین اور وہ جناب بلقب چراغ دہلی اسی وجہ سے مشہور ہوے کہ جب سید جلال الدین حسین بخاری نے یہ کلام سنا آپ کی ملاقات کے مشتاق ہوے اور جب آن حضرت نے اپنے وطن اوچہ کی طرف عود کیا ۷۷۲ھ سات سو بہتر ہجری مین وہان سے دہلی مین آکر شیخ نصیر الدین محمود سے ملاقات کی اور شیخ سے کہا کہ الحمد للہ کہ جو طن آپ اس فقیر کی نسبت لے گئے تھے وقوع مین آیا اور یہ بھی کہا کہ رحمت خدا کی شیخ عبداللہ شافعی پر نازل ہو کہ مجھے ساتھ اس دولت کے رہنمون کیا اور سید جلال الدین حسین بخاری کے کمالات اور حالات کتاب قطبی مین کہ ایک درویش نے تصنیف کی ہی بشرح وبسط مرقوم ہین لہذا طول سے اندیشہ کرکے اُس مین سے بطریق اختصار لکھتا ہی واضح ہو کہ آنجناب کے مخدوم جہانیان کے خطاب ہونے کی یہ وجہ ہی کہ آنحضرت شب عید کو شیخ بہاء الدین زکریا کے مزار پر قرآن شریف کی تلاوت مین مشغول تھے بعد ختم فرقان شیخ کی روح پر فتوح سے عیدی طلب کی اُس وقت یہ ندا آئی تیری یہ عیدی ہی کہ خدائے تعالے نے تجھے مخدوم جہانیان خطاب فرمایا بعد اُس کے شیخ صدر الدین عارف کے مقبرہ مین جاکر عیدی طلب کی وہان سے بھی آواز آئی کہ عیدی وہی ہی جو حضرت بابا نے مرحمت فرمائی ہی اسکے بعد اپنے پیر ومرشد شیخ رکن الدین ابوالفتح کے روضۂ اقدس پر آن کر عیدی طلب کیا چاہتے تھے آواز آئی عیدی وہی ہی کہ جو حضرت جد وپدر نے تجویز فرمائی جب وہان سے برآمد ہوے جس مقام مین پہونچتے تھے لوگ کہتے تھے کہ مخدوم جہانیان تشریف لاتے ہین ایک روز کا مذکور ہی کہ شیخ رکن الدین ابوالفتح بلندی سے چاہتے تھے کہ نیچے اُتریں جو کہ زینہ نہایت پست تھا سید جلال الدین حسین بخاری اپنے پیر کی آسائش کے واسطے زینہ پر لیٹ گئے اور اپنا

سینہ جو اسرار حق کا گنجینہ تھا زینہ بنا کر عرض کی کہ حضرت اس خاکسار کے سینہ پر قدم رکھکر آرام فرمائیں شیخ نے یہ حالت مشاہدہ کرکے انگشت شہادت دانت مین دابی اور فرمایا ای سید باب نبوت تو بالکلیہ مسدود ہی کہ کوئی وہان نہین پہونچ سکتا البتہ مرتبہ ولایت مین تو مرتبہ کمال پر پہونچیگا اور اُن کے پیر نے سید ممدوح کو اُٹھا کر اُن کے دست مبارک کو بوسہ دیا اور سینہ مبارک اُن کے سینہ سے مس کیا اور ایک روز سید جلال الدین حسین نماز چاشت مین مشغول تھے اور آنحضرت کا فرزند چار برس کا مصلا کے گرد پھرتا تھا حضرت نے سلام پھیر کر سید شمس الدین کی طرف کہ وہ وہان بیٹھے تھے متوجہ ہوکر فرمایا کہ اس معصوم کی زیست دشوار رہی اس لیے کہ عین نماز مین اِس کی طرف مین نے میل کیا تھا خلاصہ یہ کہ ظہر کے وقت وہ لڑکا تپ شدید مین مبتلا ہوکر اُسی شب کو فوت ہوا اور قصبات اوچہ مین ایک شخص ملا وجیہ الدین محمد رہتے تھے ایک روز ایک کام کے واسطے ایک عزیز کے مکان پر کہ جن کا نام مولانا نصیر الدین ابو المعالی تھا گئے اور وہان قیلولہ کیا اور رؤیا مین دیکھا کہ ایک مقام مین خلائق کا ہجوم ہی اور ایک شخص وعظ کہتا ہی اور فرماتا ہی کہ جو شخص کار دنیا کو کار دین پر مقدم رکھتا ہی دونون کام اُسکے خاک مین ملتے ہین جب بیدار ہوے لوگون سے پوچھا کہ اس اطراف مین کوئی شخص وعظ فرماتا ہی بولے ہان سید جلال الدین حسین بخاری اوچہ مین وعظ کہتے ہین مولانا وجیہ الدین نے آنحضرت کو نہ دیکھا تھا دوسرے دن احرام زیارت باندھکر اوچہ مین گئے جب وہ صورت کہ خواب مین دیکھی تھی معائنہ کی باعتقاد وافر اُن کے قدم پر گر پڑے سید نے فرمایا ای بابا دنیا کا کام عقبی پر مقدم نچاہیے ملا وجیہ الدین محمد نے جب یہ کلام صدق انجام سنا زیادہ تر معتقد ہوکر مرید ہوئے ایک روز شیخ کبیر الدین اسمٰعیل نے سید سے اُس وقت کہ وہ اپنے والد کی مجلس مین بیٹھے تھے پوچھا کہ تم کو اپنی ولادت سے کچھ یاد ہی فرمایا کہ چھٹے روز مجھے ایک عورت نے نہلا کر کپڑا پہنایا تھا مجھے یاد ہی اور مین اُس عورت کو پہچانتا ہون اور نقل ہی مولانا شہاب الدین برہان سے کہ سید ماہ رمضان مین برفاقت معتقدان اہل صلاح مسجد اوچہ مین معتکف تھے چند درویش کہ بصفت لایفقہون بسیم موصوف تھے کبھی کبھی اس جناب کے پاس آبیٹھتے تھے ایک روز سومرہ نام والی اوچہ سید کی زیارت کو آیا اور اُس نے درویشون کا ہجوم دیکھکر بلا اجازت شیخ سید کے بعض لوگون کو مسجد سے نکال دیا سید نے فرمایا ای سومرہ کیا تو دیوانہ ہوا ہی جو فقیرون سے اولجھتا ہی یہ فرماتے ہی سومرہ دیوانہ ہوگیا اور حالت جنون مین اپنے کپڑے پھاڑ ڈالے جب یہ خبر شہر اوچہ مین مشہور ہوئی کہ حاکم دیوانہ ہوا بزرگان شہر اتفاق کرکے زنجیر اور ہتھکڑی سے اُسے جکڑ لائے اور سید کے قدم پر ڈال دیا اور اُس کی والدہ نے سید کی خدمت مین حاضر ہوکر بعجز و زاری تمام عرض کی کہ ای مخدوم جہانیان آپ کی شفقت تمام ساکنان عالم پر برابر اور یکسان ہی لہذا اس جوان کا گناہ اس پیرزال عاجز کے سبب بخشیے سید نے فاتحہ پڑھکر فرمایا کہ اسے غسل دے کر لباس پہناؤ بعد کو شیخ جمال الدین خجندی کی قبر پر لیجاؤ آنحضرت کی قبر کی زیارت سے مشرف کرا کے میرے پاس لاؤ انھون نے

جب ایسا کیا والی اوچہ اپنی حالت اصلی پر آیا مسجد مین جاکر سید کی قدم بوسی سے شرفیاب ہوا اور درویشون سے معذرت کرکے مرید ہوا اور تائید الہی سے مقبولون کے سلک مین منتظم ہوا اور ملا شمس الدین سے کہ جو ہمہ آخر مین سید کے ہمراہ تھے منقول ہی کہ جب اوچہ سے دریا کے کنارے پہونچے مع ایک جماعت درویشان جہاز پر سوار ہوے بعد چند روز کے درویشون کو ماہی تازہ کی آرزو ہوئی سید نور بالمن سے دریافت کرکے مسکرائے اور کہا خدائے تعالے تمام چیز پر قادر ہی تمھاری آرزو پوری کرے گا اُسی وقت ایک مچھلی جو مقدار مین دو من کی تھی دریا سے جست کرکے درویشون کے پاس گری فورًا بریان کرکے اُسے اپنے صرف مین لائے اور کہتے ہین کہ جس روز جہاز ساحل مقصود کو پہونچا اسی روز سید جلال الدین حسین بخاری جدہ مین ام الخلائق ماما حوا کی زیارت کے واسطے گئے اور شرف زیارت سے مشرف ہوے قضارا اُس روز چند شخص ایک جنازہ ماما حوا کی قبر کے نزدیک دفن کرنے کو لائے تھے سید نے لوگون سے پوچھا کہ یہ کس کا جنازہ ہی بولے کہ یہ تابوت شیخ بدر الدین یمنی کا ہی جو تیس برس سے حرمین الشریفین مین مجاور تھے کل مکہ معظمہ سے جدہ مین آن کر قرآن کی تلاوت مین مشغول ہوے کہ ناگاہ پیمانہ حیات آب بقا سے لبریز ہوا روضہ رضوان کی طرف سفری ہوے یہ سنتے ہی سید مراقبہ مین گئے اور بعد ایک لحظہ کے سر اُٹھاکر فرمایا کہ ان بزرگوار کو دفن نہ کرو شاید کہ سکتہ ہوا ہو پھر تابوت کو اُس مسجد مین جو دریا کے کنارے واقع تھی لے جاکر دروازہ بند کیا اور تابوت کو کھولا اور شیخ بدر الدین کو برآوردہ کرکے مسجد کے بوریہ پر لٹایا اور دو رکعت نماز ادا کرکے قرآن شریف کی تلاوت مین مشغول ہوے بعد اس کے حی الذی لا یموت کے فرمان سے شیخ بدر الدین یمنی حرکت مین آئے اور اُٹھ بیٹھے اور سید جلال الدین حسین بخاری کے دست بوس ہوے اُن سے احوال پوچھا سید نے اپنا جامۂ خاص اُنھین پہناکر فرمایا کہ دروازہ مسجد کا کھولکر نماز عصر کی اذان دین بعد ازان شیخ بدر الدین یمنی نے امامت اور درویشون نے اقتدا کی دوسرے دن سید شیخ بدر الدین یمنی کے ہمراہ کعبۃ اللہ روانہ ہوے اور سعادت طواف سے مشرف ہوکر شیخ کے ہمراہ مدینہ منورہ کی سمت گئے اور از سر نو سرور کائنات مفخر موجودات کی زیارت سے سرفراز ہوے اور السلام علیک یا جدہ عرض کرکے وعلیک السلام یا ولدی سنا اور اُس کے بعد حسب سفر مکہ سے معاودت کرکے اوچہ مین پہونچے ستر برس کے سن مین بمرض الموت مبتلا ہوے روز بروز ضعیف ہوتے جاتے تھے یہان تک کہ عید قربان کے روز بعد ادائے دوگانۂ عید اس جہان فانی سے عالم جاودانی کی طرف انتقال کیا اور اُسی شہر مین مدفون ہوے کتب معتبرہ مین مسطور ہی کہ مخدوم جہانیان سید جلال الدین حسین بخاری کسی کو اپنے مریدون مین نہ لیتے تھے اور فرماتے تھے کہ یہ کام کسی انبیا نے نہین کیا ہان جس وقت کوئی شخص بارادت صادق آپ کی خدمت مین حاضر ہوتا تھا سید اشاد کرتے تھے کہ مین اُنہین سے نہین ہون کہ کسی کو مرید کرون لیکن عقد اخوت کرتا ہون اور حدیث نبوی کے

سید جلال الدین بخاری کا مرید ہونا

موافق برادری مین لیتا ہون کس واسطے کہ حدیث مین وارد ہی ان اللہ حیی کریم یستحی ان یعذب الرجل بین یدی اخوتہ اور یہ بھی کہتے تھے کہ یہ لوگ جو ساتھ جامہ ہاے مشائخ کے تبرک لیتے ہین چونکہ اس کی اصل موجود ہی مین بھی ساتھ اس کے عمل کرتا ہون کس واسطے کہ ایک وقت حضرت رسالت پناہی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم مع اصحاب ایک گھر مین تشریف لائے وہ مکان آدمیون سے مملو ہوا اس درمیان مین جریر بن عبداللہ بجلی آئے اور جگہ نہ پاکر باہر بیٹھے حضرت نے واقف ہوکر اپنا جامہ خاص اٹھایا اور تہ کرکے اُن کے روبرو پھینکا اور فرمایا تم اسے زمین پر بچھا کر بیٹھو جریر نے وہ جامہ لے کر سر اور آنکھون پر ملا اور تیمنًا و تبرکًا اپنے پاس مدت العمر نگاہ رکھا

ذکر سید صدالدین راجوے علیہ الرحمہ کا

یہ سیّد مخدوم جہانیان سید جلال الدین حسین بخاری کے چھوٹے بھائی ہین علوم ظاہری اور باطنی مین شہرت تمام رکھتے تھے اور جلالت کی صفت مین موصوف تھے جو کچھ زبان مبارک پر جاری ہوتا تھا وہ بعینہ وقوع مین آتا تھا چنانکہ ایک روز اُن کے صاحبزادہ نے ایک متعلق بیگناہ کی ریش ترشوائی اور اُس مسکین نے سید کی خدمت مین حاضر ہوکر صورت حال ظاہر کی سید نے اپنی زبان مبارک سے ارشاد کیا کہ تو غم نہ کھا وہ بھی اپنے ہاتھ سے اپنی داڑھی تراش کر سزا کو پہونچے گا اتفاقًا اُس روز مخدوم زادہ نے ایک حجام کو بلاکر کہا کہ جلد میری مونچھ و داڑھی ٹھیک کرکے کاٹ دے حجام ڈرا اور آئینہ اور استرہ اُن کے روبرو رکھکر آپ ہاتھ دھونے کے بہانہ غائب ہوا جب دیر ہوئی تو مخدوم زادہ نے چاہا کہ خود ہی جلد اس کام سے فراغت کرلون چنانچہ آئینہ سامنے رکھکر ایسا استرہ چلایا کہ داڑھی منڈگئی مجبور ہوکر دوسری طرف کے بال بھی مونڈے اور جیسا کہ حضرت مخدوم کی زبان پر جاری ہوا تھا بجنسہ ظہور مین آیا اور یہ بھی مشہور ہی کہ آنحضرت جس شخص پر نظر تیز ڈالتے تھے فورًا بیہوش ہوکر جان دیتا تھا چنانچہ ایک روز کا ذکر ہی کہ ایک کافر قوم چٹان سے مخدوم جہانیان سید جلال الدین حسین بخاری کی خدمت مین آن کر مسلمان ہوا اور سید نے اُس کا نام عبداللہ رکھکر تربیت فرمائی چنانچہ تھوڑے دن مین اُس کی شہرت عظیم چٹان مین واقع ہوئی خلاصہ یہ کہ ایک روز عبداللہ حسب الاستدعا سید صدرالدین راجوے قتال کے روبرو حاضر تھا اور کسی امر کے سبب سید نے نگاہ قہر اُس پر ڈالی اور وہ گر پڑا اور باواز بلند کہتا تھا کہ مجھے مین جلا ہاے مین جلا ہر چند اُس پر شیکین پانی سے لبریز گراتے تھے فائدہ نہ بخشتا تھا یہان تک کہ اُسی سوز مین مرگیا اور یہ بھی منقول ہی کہ جب مخدوم جہانیان سید جلال الدین حسین بخاری مرض الموت مین مبتلا ہوے ایک کافر نو ہون نام کہ بادشاہ فیروز باربک کی طرف سے اوچہ کا حاکم تھا سید کی عیادت کو آیا اور کہا حق سبحانہ تعالے نے آپ کی ذات بابرکات کو ختم الاولیا کیا ہی جیسے حضرت رسالت مآب صلے اللہ

علیہ وآلہ وسلم ختم الانبیا تھے خدا تعالیٰ صحت کامل اور شفاے کامل کرامت فرمائے سید جلال الدین حسین نے یہ کلام سنکر اپنے بھائی صدر الدین راجوے قتال سے فرمایا کہ جو اس شخص نے حضرت رسالت پناہ کی نبوت کا اقرار کیا تو حکم شریعت کے موافق مسلمان ہوا اب تم اور حضار مجلس اُس کے گواہ ہو اور اسے مسلمان کرو نواہون تکلیف اسلام کے خوف سے بھاگ گیا اور بادشاہ فیروز باریک کی خدمت مین حاضر ہوکر صورت حال اظہار کی اور شاہ نے باوجود اُس کے کہ اُس کو دوست رکھتا تھا فرمایا کہ جب تو نے ایسا کہا تو بیشک مسلمان ہوا چونکہ اُن دنون مین سید جوار رحمت حق مین واصل ہوگئے سید صدر الدین راجوے قتال بعد ادائے لوازم زیارت مع گواہان نواہون کے معاملہ کے فیصل کے واسطے دہلی کی طرف متوجہ ہوے جب اطراف شہر مین پہونچے بادشاہ نے استقبال کا قصد کیا اور عالمون سے پوچھا کہ تم نواہون کے بارہ مین کیا کہتے ہو شیخ محمد نے جو قاضی عبد المقتدر تھانیسری کے فرزند اور جودت طبع مین مشہور تھے عرض کی کہ ظل سبحانی سید کے استقبال کے واسطے تشریف لے چلیے وہین مجلس اول مین سید سے یہ سوال کرین کہ حضرت سید کیا اُس کافر کے قصہ کے واسطے تشریف لائے ہین جب کہین کہ ہان کافر کے معاملہ کے واسطے آیا ہون تب اُس کے کفر کا اقرار ہوگا اور ہم اُن سے ہمکلام ہوکر بحث کرینگے الغرض بادشاہ نے اُن کی فہائش اور قرار داد کے موافق مجلس اول مین پوچھا کہ آن حضرت اُس کافر کی مہم کے واسطے آئے ہین سید نے کہا اُس مسلم کے قصہ کے واسطے آیا ہون اس درمیان مین شیخ محمد نے آپ کے روبرو آن کر کہا اے سید اس کلمہ کے سبب سے کہ جو اُس نے کہا شرعاً اُس پر اسلام لازم نہین آتا ہے سید نے فرمایا اے مخدوم زادہ تمہارے کلام سے خوشبوے دیانت کی نہین آتی ہے اپنے کفن کی فکر کرو یہ کہکر اُنھین نظر تیز سے دیکھا کہ فوراً اُن کے شکم مین درد شدید پیدا ہوا گھر مین گئے اور قاضی عبد المقتدر تھانیسری کہ اس مجلس مین حاضر تھے سید کی تعظیم بجا لاکر عرض پرداز ہوے کہ مین بھی ایک لڑکا رکھتا ہون میری عاجزی پر رحم کرکے اُسے مجھے بخشیے سید نے فرمایا وہ مرگیا ہوگا لیکن وہ فرزند کہ جو شکم مادر مین ہے اہل تقوی سے ہوگا اور شیخ محمد نے اُس درد سے فرصت نہ پائی فوت ہوے اور قاضی عبد المقتدر تھانیسری کو خدا نے اور فرزند عطا فرمایا شیخ نے اُن کا نام ابو الفتح رکھا چنانچہ وہ درویش اور دانشمند زمانہ ہوے اور اب تک اُن کا مقبرہ جون پور مین موجود ہے اور فیروز شاہ باریک نے صحبت سید اور شیخ کی مشاہدہ کرکے نواہون کو سید راجوے قتال کے سپرد کیا اور کہا بموجب شرع کے جو کچھ لازم آوے اُس کی نسبت ویسا عمل مین لاوین سید نے نواہون سے فرمایا کہ تو مسلمان ہوا ہے شعار اسلام ظاہر کر اور جب اُس نے یہ فرمان قبول نہ کیا اُسے قتل کرکے اوچہ کی طرف مراجعت فرمائی اور مدت مدید اپنے برادر والا گہر کے قائم مقام ہوکر ارشاد عباد مین مشغول رہے اور من بعد بمقتضاے اذا جاء اجلہم لا یستاخرون ساعۃ ولا یستقدمون شربت موت چکھکر بجوار رحمت ایزدی واصل ہوے

حاشیہ
شاید قتال اسپر ہو
کہ قتل ہوا ہو
اور راجہ شاہ ہوا کہ
انقلاب فرض ہوا
اور یہ صحیح ہے
ظاہر ہے کہ فیروز بن شاہ
بنگالہ کی آمد اور قتل
نہون ہوا ۱۲

اور مقبرہ اُن کا اس مقام مین موجود ہی

ذکر کبیر الدین اسمٰعیل علیہ الرحمہ کا

آنجناب مخدوم جہانیان سید جلال الدین حسین بخاری کے مریدون مین سے ہین آنحضرت کے بعد وفات اُس جناب نے نسخہ عوارف سید صدر الدین راجوے قتال سے پڑھکر کمالات حاصل کیے اوجن دنون مین کہ نسخہ عوارف پڑھتے تھے ایک مجذوب یحیٰی نام جو کشف وکرامات مین مشہور تھے کبھی کبھی اُس مجلس مین حاضر ہوتے تھے اور کہتے ہین کہ شیخ کبیر الدین اسمٰعیل کی عادت یہ تھی کہ آدھی رات کو اپنے پیر مخدوم جہانیان سید جلال الدین حسین بخاری کی زیارت کو جاتے تھے اور انگشت شہادت کے اشارہ سے دروازہ کھول کر مقبرہ مین داخل ہوتے تھے اور تہجد کی نماز پڑھکر کلام اللہ ختم کرکے برآمد ہوتے تھے اور پھر انگشت شہادت سے گنبد کا دروازہ مقفل کرتے تھے قضارا ایک شب کو یحیٰی مجذوب مخدوم جہانیان سید جلال الدین حسین بخاری کی قبر پر حاضر تھے اُنھون نے شیخ کبیر الدین اسمٰعیل کو دیکھکر پہچانا اور اُن کا ماجرا سید صدر الدین راجوے قتال کے سمع مبارک مین پہونچایا اور شیخ کبیر الدین اسمٰعیل نے بور بالمن سے دریافت کیا اور اُس روز مزید خجالت سے اپنے اُستاد سید صدر الدین راجوے قتال کے پاس سبق پڑھنے نہ گئے سید خود اُن کے مکان پر تشریف لائے اور اُنھین اپنے ہمراہ دولتسرا مین لائے اور اُن کی تعظیم مین کوشش فرمائی اور نقل ہی کہ کبیر الدین اسمٰعیل کے دو فرزند تھے ایک کا نام عبد الشکور اور دوسرے کا اسم عبد الغفور تھا اور صورت وسیرت مین دونون بے نظیر تھے اور باوجود خرد سالی شب وروز باپ کی خدمت مین بکسب علوم مشغول رہتے تھے اور بطریق درویشان دانا ساتھ آہستگی اور سخن سنجیدگی کے اوقات بسر کرتے تھے جب شیخ کی رحلت کا وقت قریب پہونچا دونون بیٹون کو اپنے روبرو بلاکر ارشاد کیا کہ جو مشکل تمھین پیش آوے میری قبر پر آن کر اظہار کرنا اللہ تعالےٰ کی توفیق سے اُس کا جواب سنوگے اور وہی ہوتا تھا کہ جو آنحضرت نے فرمایا تھا

خاتمہ بذکر کیفیت ہندوستان جنت نشان

تاریخ بابری مین مرقوم ہی کہ مملکت ہند مرکب اقلیم اول اور دوم اور سوم سے ہی اور اس کی کوئی سمت ساتھ اقلیم چہارم کے اتصال نہین رکھتی اور یہ مملکت مشتمل خواص اور رسوم عجیب و غریب ہی اس کے بلاد اور شہر کسی اور ممالک سے مشابہت نہین رکھتے اور ہند اور اہل ہند کو بعضے رسوم مین اور عمارات بدی سے فی الجملہ کچھ مناسبت ہی اور کشمیر اس مملکت کے شمال مین واقع ہوا ہی اور دریاے عظیم کوہستان کشمیر اور اس حدود سے برآمد ہوکر ہر ایک ہند کے بلاد

اور قریات مین جاری ہوے ہین چھ دریا غرب کی جانب سے روان ہوکر نواح ملتان مین ایک جا ہوکر آب سندھ سے پیوستہ ہوے اور ٹھٹہ کے قریب دریاے عمان یعنی سمندر مین گرتے ہین نام اُن کے یہ ہین ستلج اور بیاہ اور راوی اور بہت اور چناب اور سندھ اور دریاے بہت کو ایام قدیم مین جیلم کہتے تھے جیساکہ اس زمانہ مین دریاے سندھ کو نیلاب بھی بولتے ہین اور اِن چھ دریا کے ماوراء اور بھی بہت سے دریا ہین کہ اُن کا چشمہ کوہستان ہی مثل جون اور گنگ یزرگ اور رہٹ اور کوئی اور گنڈک اور سرو وغیرہ کہ مشرق کی طرف روان ہوے ہین اور ولایت بنگالہ سے گذر کر سب گنگا مین پیوستہ ہوکر دریاے محیط مین گرتے ہین اور علاوہ ان دریاؤن کے اور بھی دریا کہ چشمہ اُن کا سواے کوہستان مذکور کے ہی ہندوستان مین بہت ہین مثل چنبل اور بناس اور سون اور رسوی چنانچہ یہ بھی گنگا مین متصل ہوکر سمندر مین گرتے ہین اور دکن مین بھی نہرین بہت ہین مثل گنگ اور تر بدا اور تبتی اور پونہ اور گنگ کوچک اور کشنہ اور بہیورہ اور تمندرہ لیکن تین دریا سابق کے مغرب کی طرف روان ہین اور باقی مشرق کی طرف اور بسبب ہموارى زمین کے اکثر دریاؤن مین سے نہرین برآوردہ کرسکتے ہین کہ باغات اور زراعت کو بخوبی تمام سینچین اور باوجود اس کے بعض مقامون مین یہ بھی ممکن ہی کہ نہرین کھودکر پانی زراعت اور باغون مین پہونچادین جو کہ اکثر ہند کی خلائق سیر و نسیم سے کچھ حظ اور ذوق نہین رکھتی بلکہ بسبب اتفاق اگر سفر مین خیمہ کسی ارباب اقتدار کا دریا کے کنارے نصب ہوتا ہی سراپردے دریا کی طرف ڈالتے ہین کہ پانی نظر نہ آوے اور ہند کی اکثر عمارات زندان سے بہت مشابہت رکھتی ہی اور شہرون اور قصبون مین اُس کی مطلق صفائی نہین لیکن شہر حیدرآباد گولکنڈہ کہ محمد قلی قطب شاہ کا ساختہ اور پرداختہ ہی وہ البتہ لطافت اور صفائی مین اور ملکون سے دعوی ہمسری بلکہ برتری کا کرتا ہی جس واسطے کہ اُس کے ہر کوچہ و بازار مین ہمیشہ پانی کی نہرین جاری رہتی ہین اور دوکانین مع صحن دو طرفہ پختہ اور سنگین نہایت صفائی سے تعمیر ہین اور درخت سایہ دار موجود ہین اور ہند مین بہت جنگل سخت اور بیشہ پُر درخت ہین کہ راجاؤن اور رعیت کی سرکشی کے باعث ہوتے ہین اور ولایت ہند آدمیون کی کثرت اور رویشی کی افزونی کے سبب کسی ملک سے مشابہت نہین رکھتی اور ویرانی اور آبادی اس کی نہایت آسان ہی جس واسطے کہ وہان کی رعایا کے چھپر کے مکان اور مٹی کے ظروف پر گذران ہی اور اس سے قطع تعلق کرکے ایک ساعت مین مواشی دوسرے مقام مین لے جاسکتے ہین اور فی الفور مثل اول کے مکان و ظروف بہم پہونچاکر اپنے کاروبار مین مشغول ہوسکتے ہین اور اُس ملک کی زراعت خریف کہ سرطان اور اسد اور سنبلہ اور میزان کے تعلق ہی آب باران کے سبب بہم پہونچتی ہی اور مزروعات ربیع کہ عقرب اور قوس اور جدی اور دلو سے تعلق رکھتی ہی بغیر اس کے کہ باران

اور ندی اور کنوین کا پانی ایک قطرہ میسر ہووے شبنم اور سرما کے سبب بخوبی تمام پیدا ہوتی ہی
اور موجب حیرت ہی اور ہند کی ہوا بسبب قربت دریاے محیط اور کثرت بارش کے نہایت مرطوب
ہی اور ہند مین تین فصلین مخصوص ہین اور ہر ایک فصل کے چار ماہ مقرر ہین انھین گرمی اور برسات
اور جاڑا کہتے ہین اور بنا ان کی ماہ کی گردش قمر پر ہی بمقابلہ سے مقابلہ تک لیکن تینون فصلون
کی بنا چاند اور سورج کی گردش پر رکھی ہی کیفیت اس کی یہ ہی کہ مثلاً ماہ قمری کا استقبال
روز دوشنبہ ہووے اور پندرھوین یا بیسوین کو تحویل سرطان ہووے اُس ماہ کا نام ساون اور
دوسرے ماہ قمری کا اسم بھادون رکھا ہی سال شمسی سے دس روز اور کسر سے فرق ہوتا ہے
تیسرے برس لوند کا ایک مہینا اعتبار کرتے ہین اور اُس مہینے کو ایکبار برسات پر اضافہ کرکے
اُس فصل کے پانچ ماہ قمری کرتے ہین اور ایکبار جاڑے مین داخل کرکے اُس کے بھی پانچ ماہ
کرتے ہین اور ایکبار گرمی مین داخل کرکے اُس کے بھی پانچ ماہ کرتے ہین پس ہر ایک فصول ثلاثہ
بزبان ہندی اس طور پر ہی ساڑھ ساون وبھادون وکنوار یہ چار ماہ برسات کے ہین سرطان
اور اسد اور سنبلہ اور میزان کے موافق لیکن چھبیس روز اور کسر سے برج میزان سے اعتبار
کرتے ہین اور یہ کسر ماہ ہاے شمسی اور قمری کی تفاوت کے سبب سے ہی اور دوسرے کا تکب
اور اگھن اور پوس اور ماگھ یہ چار ماہ جاڑے کے ہین ایام اواخر میزان سے ایام اوائل دلو تک
پس کچھ میزان سے جاڑے مین داخل ہوتا ہی اور کچھ دلو سے خارج اور پھاگن اور چیت اور بیساکھ
اور جیٹھ یہ چار مہینے گرمی کے ہین انتہاے گرمی سنبلہ بیسوین جوزا تک اور بارش کا زور شور
اول دو ماہ خوب رہتا ہی کہ جسے ساون اور بھادون کہتے ہین اور جاڑے کی شدت اور
قوت دو ماہ اواخر مین رہتی ہی کہ جس کا نام پوس اور ماگھ ہی اور قوت شدت گرمی کی دو مہینے آخر
جیٹھ اور اساڑھ مین ہی بسبب اس ملاحظہ کے سال شمسی چھ قسم پر منقسم ہوتا ہی اور ہر ایک کو ساتھ
ایک اسم کے موسوم کیا ہی یعنی ساون اور بھادون کو برکھا رت کہتے ہین اور کنوار اور کاتک کو سرت
کہتے ہین اور اگھن اور پوس کو ہیمنت رت اور ماگھ اور پھاگن کو سیسر رت اور چیت اور
بیساکھ کو بسنت رت اور جیٹھ اور اساڑھ کو گرکھم رت کہتے ہین دوسرے اعتبار مخصوصہ ہند سے
یہ ہی کہ ہر ایک رات اور دن کو بارہ ساعت پر تقسیم کرتے ہین اور جس طرح ولایت کے باشندے
شبانہ روز کو ساتھ بارہ ساعت کے منقسم کرکے انھین ساعات اور موجہ کہتے ہین انھون نے
بھی آٹھ قسم کرکے ہر ایک قسم کا پہر نام رکھا ہی خلاصہ یہ کہ پہر کو فارسی مین پاس کہتے ہین اور
رات اور دن کے بارہ ساعت کو ساتھ تیس گھڑی کے قسمت کیا ہی چنانچہ ایک
پہر باعتبار درازی اور کوتاہی شب و روز کے ساڑھے سات گھڑی کا ہوتا ہی آیندہ کتب
تواریخ کے ناظرین پر تکمین کے ذخائر انجم نظائر پر پوشیدہ نہ رہے کہ خلاصہ مملکت ہند کو شاہان
اسلام اوام اللہ ایامہم اپنے تحت و تصرف مین لاکر ہمت والا نہمت کفر و ظلام کے آثار کے

انہدام پر تعین رکھتے ہین لیکن مملکت ہند کے اطراف وکنار پر ہند کے راجا عظیم الشان متصرف ہوکر بذریعہ باج وخراج کے اپنی دولت ومملکت کی حفاظت کرتے ہین ازانجملہ پانچ راجہ قوی شمال کی طرف واقع ہوے ہین اور پانچ جنوب کی سمت اور ہرایک ان راجاؤن سے کتنے راجہ اپنے محکوم رکھتے ہین اور ایک بڑا راجہ دکن کی طرف ہی اور ولایت بہت اس کے زیرنگین ہی اور اس طرف کے راجہ اُس کے حکم کے محکوم ہین ایک اُن پانچ راجاؤن مین راجہ کوچ کا ہی دوسرا راجہ جیوکا تیسرا راجہ نگرکوٹ کا چوتھا راجہ کماؤن کا پانچوان راجہ بہارکا اور راجہ کوچ کا عہد فتنکل سے بطنًا بعد بطن مالک اپنی سرزمین کا ہی لیکن اِس مدت مین چار بار اِن کے درمیان مین تغیر اور تبدل واقع ہوا اور یہ گروہ جواب مسند حکومت پر تمکن رکھتا ہی قوم براہمہ کوچی سے ہی اور مردمان ہند کے نزدیک چندان اعتبار نہین رکھتے خلاصہ یہ کہ ایک طرف ولایت اُن کے ساتھ ملک تبت کے اتصال رکھتی ہے اور دوسری سمت چین تک پہونچی ہی اور تیسری طرف بنگالہ سے متصل ہوئی ہی اور جیوکا راجہ عہد سابق مین اعتبار تمام رکھتا تھا کس واسطے کہ ستر قلعہ اِس کے تصرف مین تھے اور یہ طائفہ بلیاس سے ہی اور بلیاس قوم نوائر کے ساتھ برادری رکھتے ہین اور اول جو شخص اہل بہاریان کو ہستان سے آیا راجہ رک ہی اور کید راج بھانجہ مہراج راجہ قنوج نے کہ گشتاسپ کا ہمسر تھا قلعہ جیو بنا کر کے اُس کو اُن پہاڑون مین نگاہ رکھا اور قلعہ اُس کے سپرد کیا اور اُس نے اپنی قوم کے چار سو مرد سے کہ اکثر مردانہ تھے اُن پہاڑون کو بضرب شمشیر لیا اور اپنی اولاد کے واسطے ایک ریاست بہم پہونچائی اور وہ راجہ کہ اب مسند رائی پر متمکن ہی اُسٹھوان راجہ ہی لیکن قوت اپنے باپ اور دادا کی نہین رکھتا ہی اور راجگان نگرکوٹ اسی قوم سے ہین اور ایک ہزار تین سو برس سے اس ملک کی باگ ریاست اپنے کف اقتدار مین رکھتے ہین اور اس جماعت سے جو قوم کہ آگے تھی اُنھین نے بھی ہزار سال کے قریب راج کیا اُس کے بعد اُس قوم کو حکومت پہونچی اور اصل ونسب ان کا معلوم نہین ہی اور راجہ نگرکوٹ کا دو وجہ سے ہنود کے نزدیک معتبر ہی اول یہ کہ کانگڑہ سا قلعہ محکم اور سنگین رکھتا ہی دوسرے بتخانہ درگا کا کہ ہنود سا تھ اُس کے اعتقاد بہت رکھتے ہین اُس کے تصرف مین ہی اور ہر سال زر خطیر اس بتخانہ سے حاصل ہوتا ہی اس لیے کہ ہنود اطراف وجوانب سے فوج فوج اُس کی پرستش کو آتے ہین اور زر وافر اُس پر نثار کرتے ہین اور راجہ کماؤن کے قبضہ مین ملک بہت ہین اور طلا کہ بسبب دھونے کے حاصل ہوتا ہی اس مقام سے ہاتھ آتا ہی اور تانبے کی کان بھی اُس جگہ ہی اور قسم قسم کے حیوانات اُس کی ولایت مین خوب ہوتے ہین اور قلعہ سنگین رکھتا ہی اور تبت سے متصل کے حدود تک کہ داخل ہند ہی اس کی ولایت سربرآوردہ ہی اور اسی ہزار پیادہ اور سوار اُس کے ملازم ہین اور وہ شاہان دہلی کے روبرو

اعتبار رکھتا ہی اور راو راس کے خزانہ وافر اس کے تصرف مین ہی اور رسم اس کے خاندان کی یہ ہی کہ جو شخص اپنے باپ دادا کے خزانون کی طرف دست تصرف دراز کرے بے رشد اور نالائق اور کد الطبع ہووے اس سبب سے حالت تحریر تک بعہد درایان سابق چھپن غزانے ہر ایک کی مہر سے جمع ہوے ہین اور دریاے گنگ اور جمن دونون اس ولایت سے برآمد ہوے ہین اور راجہ بہارکا بھی صاحب اعتبار رہی اور زمین بہت اپنے تصرف مین رکھتا ہی اور بھی پانچ راجہ اپنے ممالک کے حوالی وحواشی کے بہت سے چھوٹے راجون کو مخادم رکھتے ہین اور یہ پانچ راجہ کہ جن کا احوال تحریر ہوا کوہستان سوالک کے راجہ ہاے عمدہ ہین کہ ہندوستان مین شمال کی طرف واقع ہوے ہین اور ابتدا ان کی سوادبجور سے ولایت بنگالہ تک گذری ہی اور انتہا اس کی ہندوستان کے جنوب کے سمت کہ اکثر ریگستان ہی اور سرحد کچ اور مکران سے کوہستان جھاڑکنڈ تک ملحق ہوئی اور راجہ کچ اور راجہ امرکوٹ اور راجہ بیکانیر اور راجہ کنکا اور راجہ جام راجہاے معتبر سے ہین الغرض راجہ کچ کہ ولایت اس کی ملک سندھ کے قریب ہی حاکم گجرات کی فی الجملہ اطاعت کرتے ہین اور پانی اس ملک مین کم ہی اور وہان کے اکثر کنوون کی گہرائی دوسو گز ہی چنانچہ اونٹ معیت سے پانی کھینچتے ہین اور وہان کے آدمیون کی خورش شیر شتر ہی اور راجہ امرکوٹ راجہ ملک سندھ کا ہے کہ جلال الدین محمد اکبر بادشاہ اس مقام مین پیدا ہوا اور وہ ملک بھی کچ کی طرح کم زراعت اور کم آب ہی اور راجہ بیکانیر کا تمام راجاؤن سے دختر لیتا ہی اور اپنی بیٹی کسی راجہ کو نہین دیتا ہی اور اسے پھپریتہ کہتے ہین اور کنکا کا راجہ عظیم الشان ہی اور ولایت اس کی سندھ اور گجرات کے مابین ہی لیکن اس مین نہایت بیابان سخت اور پر درخت اور کم آب ہی اور حاصل اس ملک کا گھوڑے اور اونٹ سے ہی کس واسطے کہ مثل سرزمین کچ اور سندھ کے اس ملک مین بسبب کم آبی کے زراعت خوب نہین ہوتی اور راجہ جام کہ ولایت اس کی ساتھ گجرات کے متصل ہی حاکم گجرات اگر قوی ہی تو پیشکش دیتا ہی ورنہ نہین دیتا اور پانی اس ملک مین بھی کم ہی اور وہان کے آدمی اکل وشرب اور لباس مین عسرت کھینچتے ہین اور مدار ان کی زیست کا شیر شتر اور گلے اور بھینس پر ہی اور گھوڑے تازی وہان پیدا ہوتے ہین اور حاصل اس ملک کا اکثر گھوڑے سے ہی اور ان پانچون راجون کے ولایات مین سواے باجرا اور جوار کے دوسرا غلہ میسر نہین ہوتا ہی اور حاصل راجہاے مذکور کا اکثر اونٹ اور گھوڑے سے ہی اور ایک بڑا راجہ ہندوستان کا دکن کی جانب راجہ کرناٹک ہی اور ایک وہان کے راجاؤن سے کہ جس کا نام بجے چند تھا نوسو سال پہلے مسند رائی پر متمکن تھا اس نے بیجانگر آباد کیا اور اسے اپنے نام کے ساتھ مشہور کیا اور اس کے بیٹون نے اس کو مبارک جان کر اس کی آبادی مین کوشش بہت ظہور مین پہونچائی تھی یہان تک کہ آبادی اس کی ست کوسی پہونچی اور اول جو شخص کہ فساد

ہندوستان مین ظاہر لایا اور بدعت اور سرکشی راجہ قنوج کے ساتھ کی راجہائے کرناٹک کا دادا ہو چنانچہ سابق مین ذکر اس کا مذکور ہوا اور مہاراج کہ ہمعصر اُس کا تھا اُس نے خروج کرکے شیوراے حاکم دکن کو نکال دیا لیکن اولاد اُس کی بطنًا بعد بطن راج پر قائم رہی یہان تک کہ رام راج نامے سنہ نوسو ستر ہجری مین حکام دکن سے لڑکر مارا گیا اور بعد اُس کے اُس کے فرزندون نے قوت بہم پہونچائی لیکن اس ملک مین طوائف الملوکی ظاہر آئی اور باقی احوال وہان کے راجاؤن کا مولف نے طبقۂ دکن مین مذکور کیا ہو اس واسطے یہان قلم انداز کیا وہان دیکھنے سے ظاہر ہو سکتا ہے

خاتمۃ الطبع از جانب کارپردازان مطبع

الحمد للہ والمنہ کہ صحیفۂ یادگار زمانہ و نسخۂ نادر یگانہ یعنی ترجمۂ تاریخ فرشتہ اردو جلد دوم جسمین حالات شاہان دکن و بعض مشائخ ہند کے بڑی شرح و بسط سے مذکور ہین اور ترجمہ سابق مین کسی وجہ سے بعض بادشاہون کا کلی یا جزوی حال ساقط ہوا تھا اور جابجا اغلاط تھے اس مرتبہ اصل تاریخ فرشتہ سے مکمل مقابلہ و تکمیل تمام کے بعد بارچہارم مطبع نامی منشی نولکشور واقع لکھنؤ مین بعلو ہمت جناب رائے بہادر منشی پراگ نرائن صاحب دام اقبالہ مالک مطبع موصوف بماہ ستمبر سنہ ۱۹۱۴ع مطابق ماہ شوال سنہ ۱۳۳۲ھ طبع ہوکر پسند عام ہوا۔

اعلان

حق ترجمہ اس کتاب نایاب کا بحق نولکشور پریس محفوظ و محدود ہے۔

نام کتاب	قیمت
مصائب غدر۔ سرگذشت ولیم رودارڈس مجسٹریٹ بدایون مترجمۂ مولوی نذیر احمد کاغذ سفید	۸ر
سوانح عمری لارڈ لارنس مرحوم سابق ویسرائے گورنر جنرل ہند مع پولیٹکل کارروائیان سکھون کی لڑائی ایام غدر مین پنجاب کی حفاظت مرتبۂ مسٹر مارسور تھ صاحب بہادر اور حسب ایماے جناب اے جی لارنس صاحب بہادر کمشنر الہ آباد مطبع نے اُسکا ترجمہ شائع کیا کاغذ سفید دو قسم۔	
(قسم اول) مجلد چرمی۔	۷ر
(قسم دوم) بلا جلد۔	۵ر
اعمال نامۂ روس۔ یعنی اُردو ترجمہ تاریخ روسیہ مصنفۂ ڈاکٹر میکنزی والس پریوٹ سکریٹری حضور لارڈ ڈفرن صاحب بہادر جسمین روس کی سوشل حالات تاریخی پولیٹکل تغیرات اور تبدلات روسیونکا علم وفضل وانکا طرز تمدن ونظم ونسق ملکی رعایا اور گورنمنٹ کے باہمی تعلقات تبتک کریمیا آزادی غلامان خانہ زاد جنگ روم و روس پیٹر اعظم وملکہ کیتھرائن کے امور رفاہ وغیرہ مفصل درج ہین باجازت مصنف ممدوح وپذیرائی عالیجناب سر الفرڈ لائیل صاحب بہادر لفٹنٹ گورنر سابق یہ بےنظیر ترجمہ طبع ہوا حسب تفصیل ذیل۔	
(۱) مجلد۔	۴ر
(۲) غیر مجلد۔	۳ر
ترجمۂ تاریخ مصر ملقب بہ تحفۂ مصریہ۔ پوری تاریخ مصر تا زمانۂ بغاوت عربی پاشا	

نام کتاب	قیمت
از سر ڈی میکنزی والس صاحب بہادر مصنف تاریخ روسیہ مترجمۂ سید ابوالحسن صاحب منجانب مطبع اودھ اخبار کاغذ سفید مجلد۔	۱۰ر
ایضاً۔ غیر مجلد حسب مراتب بالا۔	۸ر
تواریخ سلاطین اودھ وقیصر التواریخ دو جلد مین کامل مع تصاویر شاہان و اراکین سلطنت اودھ مؤلفہ مولوی سید کمال الدین حیدر۔ کاغذ خانی۔	۸ر
کچھ حال۔ جناب سر ہنری کارٹکر صاحب بہادر سی بی کا جو سابق مین کمشنر بنارس ڈویژن گورنر جنرل تھے مصنفۂ راجہ شیو پرشاد صاحب سی۔ ایس۔ آئی۔ فیلو یونیورسٹی کلکتہ۔ و الہ آباد۔ کاغذ سفید۔	
ترجمۂ منتخب التواریخ۔ مترجمۂ مولوی احتشام الدین صاحب۔	۱ر
تاریخ جدولیہ۔ حضرت آدم علیہ السلام سے تا ایندم جملہ انبیاء ائمہ وصحابہ وتمام سلاطین منتخب از تواریخ بطور جدول مولفہ منشی خادم حسین اکبرآبادی۔	۱۰ر
تاریخ راج پرستی۔ کارناہاے رانا اے اودیپور راجپوتانہ جس کو بحکم ایس بروس صاحب بہادر پنڈت جادو رام نے ترجمہ کیا۔ کاغذ سفید و خانی۔	۲ر
جیون چرتر۔ منشی نولکشور صاحب سی۔ آئی۔ ای مترجمۂ منشی لال جی۔	۱ر
سوانح کبیر داس۔ مترجمۂ منشی لال جی۔	۲ر
سوانح عمری۔ مہاراجہ جگیت راے وکالی پرشاد کایستھ مترجمۂ منشی لال جی۔	۱ر

نام کتاب	قیمت
فسانۂ برطانیہ یعنی ہردو ہسٹری آف انگلینڈ جسمیں علاوہ مضامین تاریخی از اول تا حال انگلش سوشل پولیٹیکل لائف مع دیگر حالات متعلقہ انگلینڈ و لندن وغیرہ افسانہ کے پیرایہ میں درج کی گئی ہے مصنفہ منشی گنگا پرشاد صاحب طبش سابق ہیڈ ماسٹر سنٹرل کالج رتلام	۱۰ر ۲
جغرافیہ ماروائے۔ مع مختصر تاریخی حالات مترجمہ منشی دیبی پرشاد صاحب۔	۵ر ۲
اکبر نامہ اردو ناگری۔ مترجمہ منشی دیبی پرشاد صاحب مورخ راجپوتانہ و مصنف راج جودھپور جسمیں اکبر شاہ کی ۵۱ سالہ سلطنت کا پورا حال درج ہے جو کہ اکبر نامہ و اقبال نامہ جہانگیری و منتخب التواریخ و طبقات اکبری و آئین اکبری وغیرہ سے اخذ کیا گیا ہے۔	۵ر ۲
شاہجہان نامہ۔ اردو و ناگری بالتصویر۔ مترجمہ منشی دیبی پرشاد صاحب در سہ جلد۔	۳ر ۲
تاریخ تزک ہند۔ یعنی ہندوستان کے بعد سے ایک مختصر تاریخ مصنفہ منشی دیبی پرشاد صاحب	۲ر ۲
سوانح عمری۔ اردو و ناگری راجہ بیربل عرف مصاحب و مشیر راجہ بیربل مولفہ منشی دیبی پرشاد صاحب۔	۲ر ۲
میزان عدالت۔ راجاؤں اور بادشاہوں کے تواریخی انصاف مترجمہ منشی دیبی پرشاد صاحب	۵ر ۲
تذکرۃ الکاملین۔ تاریخ مشاہیر حکماء و علماء مع تصاویر از ماسٹر رامچندر سابق پروفیسر	۸ر ۲
نفائس التواریخ۔ یعنی تذکرہ حکمائے قدیم یونان و فارس و عرب و مصر وغیرہ جسکو منشی دیبی پرشاد صاحب مورخ راجپوتانہ نے کتاب	

نام کتاب	قیمت
ناسخ التواریخ ایران سے منتخب کرکے اردو میں ترجمہ کیا۔	۶ر ۲
کتب تواریخ شاہان و اعیان فارسی	
تاریخ فرشتہ۔ معروف تاریخ مستند و معتبر تا زمانۂ سلطان اکبر۔	۱۰ر ۲
طبقات اکبری۔ از نظام الدین۔	۸ر ۲
مفتاح التواریخ۔ مولفہ مسٹر ٹامسن ولیم ابتدائے اسلام سے فتح پنجاب تک۔	بلا وضاعت عہ ۸ر ۲
ترجمۂ تاریخ طبری۔ بدو عالم سے خلفائے عباسی تک۔	۱۵ر ۲
شاہنامۂ فردوسی۔ کامل در دو جلد چو مصرعہ بالتصویر۔ عمدہ کتاب ہے۔	۱۰ر ۲
شاہنامۂ قاسم گنابادی تاریخ ہندوستان سیر المتاخرین۔ در سہ حصہ یکجائی مصنفہ غلام حسن خان صاحب۔	۳ر ۳
ترجمۂ فارسی تاریخ روس۔ از ہسٹری انگریزی مصنفہ ڈاکٹر میکنزی والس بہادر مترجمہ مولانا ابو الحسن سابق تحصیلدار اودھ پنشن یافتہ جسمیں نقیس و مجسب حالات سلطنت روس بیان ہوے و یہ ساری سلیس و دلاویز ترجمہ ہو دیکھنے سے تعلق رکھتا ہے۔ کاغذ سفید حسب تفصیل ذیل۔	۱۰ر ۲
(۱) مجلد۔	۸ر ۲
(۲) غیر مجلد۔	۱۵ر ۲
خصائل السعادت۔ مولفہ منشی سعادت خان تحقیق نسب افغان۔	۶ر